UNIVERSAL
LIBRARY

OU_232702

UNIVERSAL
LIBRARY

الحمد لله که در سنه ۱۲۶۳ هجری از تصنیفات

مولانا محمد خرم علی صاحب بلهوری سلمه الله تعالی

باهتمام عاصی عبد الملک ولد مولوی

محمد صادق غفر الله له جلبه طبع پوشید

# فهرست بعضی از فوائد و مطالب این کتاب که اهل دین را شوق در یافت آن اکثر باشد


| | | | |
|---|---|---|---|
| تحقیق مفهوم بدعت | ۲۱ | ثواب دعای اذان | ۷۲ |
| فضیلت سهل طلبی قرض و معاملہ و ذکر بعض آن | ۳۹ | احادیث فضائل تسبیح و تحمید و تهلیل | ۷۳ |
| فضیلت جفت دادن و بشارت | | ثواب عبادت لیلۃ القدر | ۷۶ |
| صدیق اکبر رضی اللہ تعالی عنہ | ۴۰ | بیان اقسام شہادت | ۷۷ |
| بشارت تعمیر مسجد | ایضاً | تاکید عفو کردن حقوق العباد | ۸۱ |
| بیان سزای کسی کہ خود را بہ نیکی بخشد | ۴۱ | سخن خدای تعالی قسم دیگری روا نیست | ۸۳ |
| فضیلت خیرات اگرچہ کم باشد | ۴۳ | تحقیق متشابہ و بیان جواب شبہات | ایضاً |
| فضیلت حضور مساجد و نماز گزاری آنہا | ایضاً | در مذمت تعریف و مداحی و بیان طریقہ مدح | ۸۶ |
| دعائے بیداری از شب و فضیلت نماز تہجد | ۴۴ | بیان حقوق ہمسایہ و تاکید کف لسان | ۸۸ |
| فضیلت نماز جمعہ با آداب | ایضاً | امتناع نرد و شیر و چوسر و تختہ نرد و غیرہ | ۹۰ |
| فضیلت ثواب وضو | ایضاً | وعید ہشرکان | ۹۲ |
| فضیلت حضرت عثمان رضی اللہ عنہ | ۴۶ | امتناع منہای ممنوعہ | ۹۳ |
| بیان عذاب قسم در دروغ | ۴۸ | دعای مسافرت وقت درد و منزل | ۹۴ |
| بیان ثواب ادیان و عذاب گمراہ کنندگان | ۵۲ | مصیبت مومن علامت رحمت الہی است | ۹۶ |
| عذاب سوال بی حاجت | ۵۵ | فضیلت یاری و امداد مسلم | ۹۷ |
| بشارت طلبہ علوم دینیہ | ۵۸ | بیان افعالیکہ سبب دخول بہشت اند و فضیلت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ | ۹۸ |
| ثواب ترویج امری کہ شرعا محمود است | | بیان جنگ احد | ۱۰۳ |
| و عذاب ترویج غیر شرعی | ۵۹ | بشارت بہشت برای عثمان رضی اللہ عنہ | ۱۰۲ |
| ثواب درود خوانی | ۶۷ | بیان جنگ بدر | ۱۰۳ |
| ثواب نماز سنتہای پنجگانہ | ایضاً | بشارت مجاہدین | ۱۰۶ |
| عذاب مصورین | ۶۸ | حرمت تصویر سازی و امتناع داشتن او در مکان | ۱۱۵ |
| ثواب پرورش دختران | ۶۹ | مدینہ مرجع و بشارت باین کہ ہنگام غلبہ کفر | |
| ثواب حجت رو الی مسلم | ۷۱ | ہجرت بسوی مدینہ باید کرد | ۱۲۸ |

تحفۂ تقوی ۱۲۰
تحذیر از آفات دنیا ۱۲۲
خبر ضعف اسلام و بشارت مستعدان دین ۱۲۳
فضیلت صدق و مذمت کذب ۱۳۱
عمل خیر سبب گشایش رزق است
فضیلت صدیق اکبر ۱۳۵
عدم مواخذه و سادس بدون قول و فعل ۱۳۶
دلیل فرضیت سلوک برادری ۱۳۹
فضیلت صدیق اکبر رض ۱۴۰
معجزه اخبار فتوح اسلام ۱۴۱
بیان فرضیت احسان ۱۴۴
بیان رحمت الهی بر مومن و رسوای کافر و منافقین ۱۵۳
نفقه اهل و عیال داخل صدقات است بشرط نیت ادای فرض ۱۵۸
فضیلت حاکمان عادل ۱۵۹
بیع بسجلت و قسط یعنی کوتاه ۱۶۲
بیان شاکرین و کافرین نعمت ۱۷۰
قرض دادن بضمانت خدا و جواز اجل در قرض ۱۷۲
معجزه انطباق خبر آینده ۱۹۳
در تعریف علم و تامل ۱۹۴
بیان وسعت رحمت الهی ۲۰۴
فضیلت ذکر الهی و برکت صحبت اهل آن ۲۱۵
ذکر خوارج ۲۱۷
بیان توکل و عفو حضرت صلی الله علیه وسلم ۱۳۰

دلیل ختم نبوت ۲۳۷
دعای حضرت در حق منافق مقبول نگشت ۲۴۱
معجزه سلام نمودن سنگ ۲۷۳
فضیلت اصحاب بدر ۲۶۸
تبدل ایدی سبب تبدل حکم ۲۶۸
تاکید نگاهداشتن مال برای اولاد و زیاده از سوم حصه خیرات نکردن و معجزه خبر آینده دادن و همچنان واقع شدن
دعا برای اصحاب مهاجرین نمودن ۲۷۲
بیان تفضیل امت محمدی از حدیث و انجیل ۲۸۵
هلاکت امت سابقه در جانب داری کیفیت تیمم و جواب ۲۹۵
قصه فدک و عدم میراث پیغمبران ۳۲۸
بیان نصاب سرقه که دران قطع ید شود ۳۲۹
جواز سرود در شادی ۳۳۰
معجزه خبر آینده بظهور آتش مدینه ۳۳۱
معجزه خبر آینده ۳۳۴
خبر فتح قسطنطنیه قرب قیامت و ظهور حضرت امام مهدی رضی الله عنه و نزول حضرت عیسی علیه السلام قتل دجال ۳۳۵
بیان نظم و نسق دین محمدی و تخلیط کتب یهود و نصارا ۳۴۰
بیان حرمت حریر و ظروف سیمی و طلائی ۳۴۱
معجزه برکت طعام ۳۴۵
معجزه زیادتی آب ۳۵۲
ترغیب سخاوت و منع بخل
بیان میراث پیغمبران و در ضمنش قصه فدک ۳۵۱

وجوه محبت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم و علامات محبت نبوی ۳۵۲
بیان حلم آنحضرت با وجود قدرت و انتقام ۳۶۵
عدم جواز سفر زن الا با محرم ایضاً
دلیل حرمت سوگ ایضاً
فضیلت توطن مدینہ در رنج کشی آنجا ۳۷۸
در بیان حقیقت مذاہب اربعہ فقہا و اہل سنت ۳۷۹
فضیلت ذاکرین ۳۸۲
بیان اسماء خلفاء شرع ۳۸۵
بیان رحمت الٰہی بر مسلم نیکوکار ۳۹۹
مسائل سگ و شکاری ۴۰۳
آداب طعام خوردن ۴۱۲
مسائل عقد امامت امیر المسلمین ۴۱۹
حقیقت اجتہاد و وجہ حصر مذاہب اربعہ ۴۲۶
بیان حال مومن و کافر بعد خروج روح از بدن ۴۲۲
مسائل دعوت و ولیمہ وغیرہ ۴۳۲
ذکر خواب پریشان ۴۳۳
امتناع کفگو در آیات متشابہات ۴۳۴
فضیلت درود حضرت بر جمیع عالم ۴۴۰
معجزہ خبر فتوح ایران و روم و وقوع حوادث آئندہ ۴۴۸
سہ کار است کہ بعد موت ہم نفع آن باقیست ۴۶۰
علاج ناشکری و غرور ۴۶۸
معجزہ فتح روم و ایران ۴۶۵
مسئلہ استخارہ و دعای آن ۴۶۶
استحباب قرآن در خوش الحانی خواندن ۴۷۹

فضیلت عشرہ ذی حجہ ۴۸۰
قصہ ابتدائی نزول وحی ۴۸۱
بیان کمال شجاعت آنحضرت و تیز قدم شدن اسپ بطی القدم ۴۸۷
سنت بودن تراویح در روشنہ شیعہ ۴۸۸
مدح شرم مزاجی و مذمت بد خلقی ۴۹۰
رد شبہہ نصاریٰ کہ پیغمبر شما بسیار زنان داشت ۴۹۲
وجہ فضیلت اعجاز قرآن مبین بر معجزات انبیاء سابقین ۴۹۴
در عذاب تارکان زکوۃ ۴۹۷
در عذاب ترک زکوۃ و بیان حماقت بخیلان و نصایح مسلمانان ۴۹۹
فضائل وضو ۵۰۳
بیان تقدیر وصل شبہ مبائنت عمل با تقدیر ۵۰۶
ذکر بعد از وضو ۵۰۸
نماز پنجگانہ کفارہ گناہان ۵۱۰
بیماری و تکالیف کفارہ گناہان ہست ایضاً
ثواب درخت نشاندن ۵۱۱
شناخت ناخلفان بدعت کوش و مجاہدت نمودن با ایشان ۵۱۴
زکوۃ موجب نقصان مال نیست و حلم سبب ذلت نے ۵۱۸
معجزہ زیادتی شیر ایضاً
اقتدای حضرت پس صدیق اکبر ۵۳۶
امکان تہذیب اخلاق کہ اول تکلیف و ریاضت ہست و آخر ملکہ ش و عادت ۵۴۲
بیان جواز سرود مشروط ۵۵۰

فضیلت صدیق اکبر رض ۵۴۷
تمثیل آفتاب بشیشہ ساعت یعنی گھڑی ۵۴۹
فضیلت ایمان وجہاد ۵۵۳
فضیلت اصحاب بدر کہ خلفاء اربعہ ۵۶۳
سرکردہ ایشانند
معجزہ خبر آیندہ بوقوع فتح ایران ودفع قطاع الطریقی درعرب ۵۷۹
فضیلت حضرت مرتضی علی رض در دشمنی شیعہ ۵۸۲
فضلت سوال درسہ صورت ۵۸۸
قصہ افک عائشہ صدیقہ رض ۵۹۷
اگر شوہر زنان در حق زنان بسبب لعنت گوئی
زیادتی شوہران ۶۰۲
تاکید طلب حلال ۶۰۸
خلق آنحضرت ہمچو خط خوشنویس دارد ۶۰۳
بیان سحر بر آنحضرت و عدم انتقام کہ فتن از سحر
وجود قدرت ۶۲۵
وفات آنحضرت از زہر دادہ ۶۳۱
تکرار قرآن وہمیشہ در نمودنش
شناعت غفلت کہ بسبب آن است ۶۴۹
فضیلت عمر فاروق رض ۶۵۲
بیان کسانی کہ بعد حضرت مرتد شدند
در دشمنی شیعہ ۶۵۳
فضیلت عمر فاروق رضی اللہ عنہ ۶۵۵
فضیلت صدیق وفاروق واشارہ
الوفات ایشان ۶۵۶
بشارت بہشت فاروق اعظم را ۶۵۹
فضیلت معاویہ ۶۶۳
فضیلت شیخین ۶۸۰
در مذمت آرایش کہ بعجب وغرور وتبختر کشد ۶۸۲
امتناع اتخاذ قبور مساجد ونہی از اتخاذ شرکیہ بر قبور ۶۸۳
امتناع دشنام والدین ونذبح غیر خدا وحیلت اہل ۶۸۶
در معصیت اطاعت کس نباید کرد ۶۹۵
فضیلت ایمان فارسیان وبیان باریک بینی
ودوربینی شان ۷۰۲
آمروزان طعام وقت بیع وشراء وعدم وزن
وقت نفاق ۷۰۶
گواہ برمدعی وقسم برمدعی علیہ وفائدہ
طلب گواہان ۷۰۷
فضیلت مسواک پیخکانہ ۷۱۱
فضیلت صبر ۷۱۹
قصہ جنگ مونہ وامارت خالد باجماع و
دلیل حقیقت خلافت صدیق اکبر کہ باجماع
حاصل شدہ ۷۲۱
بیان اصول علاج فی طب الخ فصد وحجامت در
کدام روزہا درست است ودر کدام ممنوع ۷۲۲
بیان روزۂ نہم ودہم محرم ۷۲۷
خیریت قرون ثلثہ وظہور بدیانتی بعد
آنہا وبیان حقیقت بدعت ۷۳۰
فضیلت روز جمعہ بجہت خصوصیت از نوع انسان ۷۳۶
کاہلی در نماز عشاء وفجر از علامات نفاق است ۷۳۹
فضیلت دوام عبادت ۷۴۰
فضیلت اعتدال در عبادت ۷۴۱
گناہ پوشیدہ را نباید ظاہر ساخت ۷۵۳
اعلام مردم بہم در صدقات وداخل شدن در بیان افتتاح صدقات ۷۵۵

هرسکر حرام است وتحقیق قول در شراب ۷۹۰
واکنیه تاڑی وغیره در حکم شراب اند ۷۹۸
امتحان نمودن علما یهود و صدق نبوت آنحضرت را ۸۱۳
حدیث شفاعت وتحقیق این که شفاعت
حضرت بر شش قسم است ۸۱۴
فضیلت ذکر کلمات اربعه ۸۱۶
بیان مصائب کشتی مومنین امم سابقه وخبر فتوح
اسلام و وقوع آن که از عمده معجزات است ۸۱۷
بیان صبر آنحضرت بر ایذای کفار و تحمل آنها
بلا کی شان با وجود اجازت الهی ۸۱۹
دلیل فرضیت جمعه ۸۲۲
دلیل حقیقت خلافت صدیق اکبر رضی الله عنه ۸۵۱
حدیث جبرئیل و دوران حقیقت اسلام و ایمان که
عبارت از تصوف و درویشی است مذکور است ۸۲۹
در بیان خلوص نیت و مذمت ریاکاری ۸۳۴
بیان خیار مجلس و ربح و توقف برکت
بیع بر راستی ۸۴۰
قصه لعان هلال بن امیه ۸۴۱
کراهت جرس و گهونگرو ۸۴۴
جواز فریب در جنگ ۸۴۵
بیان حقیقت ربا یعنی سود و رباج ۸۵۳
بیان رویای صالحه و خواب پریشان
و اینکه خواب سه قسم است ۸۵۵
فضیلت حاجت روائی محتاجان ۸۵۶
بیان منافع شونیز یعنی کلونجی ۸۶۰
اعتبار صبر بر ابتدای مصیبت است ۸۶۳
بیان کفارات ماضی ۸۶۴
بیان ضیافت ۸۶۵
وشمائل طهارت و تحمید و تسبیح و نماز و
روزه و صدقه و صبر و قرآن ۸۶۲
جزای حج مبرور بهشت است ۸۶۹
شمار گناهان که هفده اند ۸۷۲
مذمت قوت ایمانی و تحریص بر امور خیر و تحذیر از
سستی و کاهلی ۸۷۳
فضیلت کسی که ماهر قرآن است و ثواب کسی که
زبانش نمی پیچد ۸۷۸
بشارت محبت خدا و رسول ۸۸۲
و ترکیب رکعات است و سه هم آمده ۸۸۷
حقیقت غیبت ۸۹۷
امت محمدی نصف اهل بهشت خواهد بود ۸۹۹
دلیل امتناع محفل تعزیه داری ۹۰۲
حدیث غسیله که در فقه مشهور است ۹۰۳
محو سیئات از صدات ثمر
حدیث ذو الیدین در بیان سهو آنحضرت در نماز ۹۰۹
بیان صد بار سبحان الله گفتن ۹۱۲
تسبیح فاطمه که برای دفع ماندگی مجرب است ۹۱۳
بهشت جا ضعفا و دوزخ مقام متکبران مدخل ۹۱۵
عمل سه کانه که مخ خطایا و رفع درجات نماید ۹۱۷
فضیلت فاطمه ز هرا ۳ ۹۲۱
بیان حرمت سجده قبور ۹۲۶
متورم شدن پاهای حضرت از کثرت قیام شب ۹۳۰
شکایت کردن مشرکین بحضور آنحضرت و اشفقت بر حیوانات ۹۳۱
فضیلت ذاکرین ۹۴۰
بهترین صدقه وقت صحت و امیدزندگیست که در حالت مرض ۹۴۳

در وجوب نهی عن المنکر و آنکه متقیان با عاصیان ۹۴۷
در صورت عدم امتناع در عذاب شریک اند
مومنان با هم مثل اعضای بدن اند شریک ۹۵۰
رنج و راحت
حقوق راههها ۹۵۳
دلیل سیادت آنحضرت صلی الله علیه وسلم ۹۵۹
جواب اعتراض نصاری بر جهاد و اثبات
نبوت آنحضرت صلی الله علیه وسلم از زبور ۹۶۰
نوافل مشروطه بنشاط اند در حالت ملال نباید
بیان شفقت حضرت بر امت خود که دعای یقینی ۹۶۶
الاجابت را برای شفاعت شان ذخیره ساخت
در مشوره عیب اهل معامله بیان کردن جایز است ۹۶۸
در مذاقت و مذکری دعا کردن با کفار جایز است ۹۷۷
علی بن ابی طالب سید العابدین بحر اهل سنت رضی الله عنهم ۹۷۸
حرمت لباس باریک برای زنان ۹۸۵
علامت یمان دسته چیز است و بیان ۹۹۶
محبت خدا و رسول
بقای رسوم اربعه جاهلیت در این امت ۱۰۰۲
علامت نفاق و تقسیم منافقین
جواز قتل پنج جانور موذی ۱۰۰۳
بیان هفت کس که در قیامت زیر سایه عرش باشند ۱۰۰۶
در ترغیب سلام علیک کردن و آنکه سلام ایضا
سنت مستحب است
کسر صلیب و قتل خوک و وضع جزیه و کثرت ۱۰۱۲
مال در وقت نزول عیسوی خواهد بود ۱۰۱۵
فضیلت فاروق اعظم یعنی کریختن
شیطان از سایه عمر شیعه ۱۰۱۶

معجزه اخبار فتوح ملکها و توقعش ۱۰۲۰
معجزه اخبار ریح آینده ۱۰۲۱
امتناع سماع سخنان نوکر مخالف اجماع امت باشد ۱۰۲۳
گریه حضرت در باب اخذ فدا از اسیران بدر و اجتهاد و عمل بعد آنحضرت را ۱۰۲۵
کیفیت غسل حیض ۱۰۲۸
بیان درجه شهادت ایضا
مذمت نفاق و دورویی ۱۰۲۹
حدیث تمیم داری در بیان قصه دجال که بچشم
خود او را دید ایضا
در جواز اشک ریزی و خوف قلب ۱۰۳۶
معجزه فتح عرب و فارس در دوم ۱۰۴۱
و فور حکومت نصاری عنقریب قیامت ۱۰۴۲
قصه حضرت اویس قرنی رح ۱۰۴۳
بیان مراتب امامت ۱۰۴۶
تمثیل مال و اولاد و عمل و این که خیر عمل
در گور غمخوار ی نیست ۱۰۴۸
مبادله فرشتگان اخبار نویس ۱۰۵۰
حدیث شفاعت کبری و مقام محمود ۱۰۵۱
فضیلت نماز چاشت ۱۰۶۳
ترغیب خیرات و ترهیب از ضرر ۱۰۶۸
بیان وسعت رحمت الهی ایضا
از هزار کس یک کس بهشتی و باقی دوزخی
و نصف اهل بهشت امت محمدی خواهد بود ۱۰۶۹
خلیفه دوازده حاکم که بعد آن حضرت خواهند بود
ندا اهل جنت بنقار نعم ۱۰۷۰
رفع امانت داری و ظهور بد دیانتی ۱۰۷۲
فضیلت آخر شب که وقت اجابت دعاست ۱۰۷۶

خبر فتن بنی امیه ۱۰۷۷
در نکاح زن دینداری را بر گزیدن ایضاً
در نسبت جمال مقدم باید داشت ۱۰۸۳
تعداد فرشتگان کشنده دوزخ ۱۰۸۷
گواهی امت محمدی بر دخول جنت ۱۰۸۸
عجلت در دعا مانع قبولیت دعاست ۱۰۸۹
بیان الزام نصاری بسبب خفته ۱۰۹۴
معجزه اخبار شهادت زید و جعفر ایضاً
در عبد الله و انطباق آن ۱۰۹۵
در بیان قبول توبه اگرچه چند بار
توبه شکسته باشد ۱۰۹۶
دلیل تفضیل امت محمدی بر امت
موسوی و عیسوی از حدیث دخیل ۱۱۰۲
مذمت حرص و تعریف عفاف
کسانی که در اطاعت امیر باشند ۱۱۰۵
السلام علیک کردن طریقه
آدم علیه السلام است ۱۱۱۰
علامت دائقه ایمانی ۱۱۱۲
دلیل امتناع ساحق امام قاسم
و مهدی غوث الاعظم ۱۱۲۳
ثواب خیرات ضائع نمیشود
اگرچه بنا دانستگی بی موقع صرف شود ۱۱۲۴
بیان ابتدای آفرینش عالم ۱۱۲۸
قصه قبولیت توبه کسی که خون
صد کس ناحق کرده بود ۱۱۲۹
[illegible] و ساحر و کراهت
[illegible] ۱۱۴۴

دلیل عدم جواز علم رمل وغیره ۱۱۴۸
مدی پیمانه شام بقدر ۲ رطل ۱۱۵۳
خواب انبیا حق باشد اما کاهی
در یقین مرام اشتباهی افتد ۱۱۷۵
حدیث ام زرع در حکایات زنان ۱۱۷۸
کراهت طبعی حضرت در اکل سوسمار
یعنی کوه ۱۱۸۴
جواز زیارت قبور بعد التماعش ایضاً
نوازش فرمائی حضرت در حق
امت خویش که لبذر صحبت سعید ۱۱۸۶
در فضیلت جهاد ۱۱۹۰
حدیث رویت الهی و ذکر دوزخ
و بهشت و صراط و قصه
شخصی که بعد از همه در بهشت خواهد رفت ۱۱۹۱
جزای کذاب زانی و سود
خوردن تارک قرآن ۱۲۰۳
سماع فرمودن حضرت اشعار ۱۲۹۶
جواز رویت مخلوقه و کراهت
زیادتی مهر در صورت تعذر ۱۲۰۷
قصه طلب قرطاس ورد
شبهه شیعه ۱۲۱۲
ذکر کفاران کبیره ۱۲۳۰
معجزه اخبار آینده و تکثیرات ۱۲۲۳
معجزه ادای قرض جابر و کم شدن خرما ایضاً
بیان حرمت نوحه گری ۱۲۲۵
کراهت لباکه در حضور دل
خلل ندارد ۱۲۲۷

معجزه زیادتی آب ۱۲۲۸
وجوب تعدیل ارکان نماز ۱۲۲۹
تعلیم طریق معامله با زبان ۱۲۳۳
کار برآری لبسفارش موجب
ثواب است ۱۲۳۶
معجزه شق القمر و دفع شبهات
کافران ایضاً
معجزه اخبار حوادث آینده
و تطابق آن ۱۲۴۱
جواز رقیه یعنی منتر کردن
شرک نباشد ۱۲۴۳
ثواب نفع رسانی مسلمین ۱۲۴۴
بیان ثواب قرات قرآن و فضیلت
سوره بقر و سوره آل عمران ۱۲۵۳
قاعده شکرگذاری و دفع حسد ۱۲۵۷
کسی را ابو القاسم گفتن روا نیست ۱۲۷۶
فضیلت اهل ذکر ایضاً
دعا شفای مرض ۱۲۸۰
سبب تاکید طرف پوشی ۱۲۸۱
میانه روی اختیار کردن ۱۲۸۴
دعا جامع مطالب دارین ۱۲۸۵
تعلیم دعا با کلمات توحید
و تمجید ایضاً
ترغیب زهد و قناعت ۱۲۹۰
باید که متصل امام در صف
اهل علم باشند ۱۲۹۳
امامت صدیق در حیات آنحضرت ص ۱۲۹۴

| | |
|---|---|
| ماهیت صدیق اکبر در حیات آنحضرت | ۱۲۹۴ |
| فضیلت حضرت مرتضی علیہ السلام | ۱۲۹۷ |
| در قیامت میان جانوران هم انصاف خواهد شد چه جای آدمیان | ۱۳۰۱ |
| قدم بقدم شدن این امت مر یهود و نصاری را | ۱۳۰۱ |
| شیوع اموال محرمه | ۱۳۰۳ |
| شیوع خانه جنگی و خونریزی بلاسبب | ایضاً |
| تاکید نماز جمعه و وعید شدید بر تارک آن | ۱۳۱۰ |
| حرمت اکل درندگان | ۱۳۱۰ |
| محبت خدا و رسول عمده وسیله نجات است | ۱۳۱۲ |
| سود در کمی و زیادتی اتحاد جنس است و چون جنس دیگر شد سود نماند | ۱۳۱۴ |
| ذکر محبت آنحضرت با عائشه صدیقه رضی الله عنها | ۱۳۱۵ |
| بیان اختلاف مجتهدین درین که ترک صلوة کفر است | ۱۳۱۸ |
| بیان وسوسه و این که وسوسه را باید دانستن از تقاضای ایمان است | ۱۳۲۱ |
| دعا در غیبت مقبول است | ۱۳۲۶ |
| ثواب نان و نفقه اهل و عیال از خرج جهاد و عتق و صدقه افضل است | ۱۳۳۶ |
| مدح خاکساری و گمنامی | ۱۳۲۸ |
| فضائل سید الاستغفار | ۱۳۲۹ |
| فضائل صلوة چاشت که آن را صلوة الاوابین گویند | ۱۳۳۴ |
| فضیلت جماعت به نسبت و پنج درجه یا بست و هفت درجه | ایضاً |
| در فساد زمانه باصلاح نفس خویش مشغول باید شد و از قول عوام که گفت باید دوزید علم غیب مخصوص بخدا است و رد شبهات | ۱۳۵۴ |
| نامه حضرت بنوی هرقل پادشاه روم | ۱۳۶۲ |
| خدارا بچشم سر در دنیا توان دید بسبب تشعشعان نور دانیه | ۱۳۶۴ |
| تمام شد | ۱۳۷۳ |

# فهرست دوازده ابواب و فصول مشارق الانوار برای استخراج احادیث مطوله


باب اول در احادیث مصدره بمن ۱۴

من موصوله ۱۴ | من استفهامیه ۹۸

باب دوم در احادیث مصدره بان ۱۰۱

فصل ان ۱۰۱ | فصل انی ۲۳۷ | فصل انا ۲۵۲

فصل انه ۲۵۶ | فصل انهم ۲۶۵ | فصل انها ۲۶۶

فصل انک ۲۷۱ | فصل انکم ۲۷۷ | فصل انکن ۲۸۴

فصل انما ۲۸۵

باب سوم در احادیث لا ۳۰۱

باب چهارم ۳۹۵

فصل اذا ۳۹۵ | فصل اذ ۴۷۷

باب پنجم ۴۷۸

فصل ما نافیه ۴۰۸ | نوع اخر آنها میه ۵۲۴ | نوع آخر ۵۳۸

نوع آخر ۵۳۹ | نوع آخر ۵۴۳ | فصل یا ۵۴۴

نوع آخر ۵۹۳ | نوع آخر یا ایها ۶۰۲ | نوع آخر نیابت ندا وی موضع ۶۱۶

باب ششم ۶۳۶

فصل لیس ۶۳۶ | فصل لم ولیس ۶۵۰

فصل بین وبینما ۶۵۰ | فصل لعن ۶۸۳

فصل لو ۶۸۹ | فصل لولا ۷۱۰

فصل لئن وان ۷۱۵ | فصل خیر ۷۲۹

فصل افعل التفضیل ۷۳۶ | فصل کل ۷۵۱

فصل قد ۷۹۹ | فصل القسم ۸۰۵

باب هفتم ۸۲۵

فصل موصوف ۸۲۵ | فصل انما ۸۶۹ | فصل انکم ۸۹۱

فصل ای ۸۹۶ | فصل الا بمعنی غیر مستثنی ۸۹۴۰ | فصل الا ۹۱۲

فصل الم ۹۳۶ | فصل فلا ۹۳۰ | فصل الیس و اولیس واد کلما ۹۳۳

فصل انا ۹۳۷ | فصل شب ۹۴۵ | فصل ایاکم واباک ۹۵۳

فصل انا ۹۳۷ | فصل اسم فعل ۹۴۵ | فصل لام جاره ۹۶۷

فصل ان ۹۷۱ | فصل لما ۹۷۲ | فصل ان ۹۷۲

باب هشتم

فصل عدد | فصل قسم بلفظ والذی ۱۰۰۸

فصل قسم بلفظ واللہ ۱۰۱۸ | فصل سین استقبال ۱۰۲۰

فصل فعل مضارع معروف ۱۰۲۳ | فصل فعل مضارع مجهول ۱۰۷۸

باب نهم ۱۰۹۱

فصل فعل ماضی معروف ۱۰۹۱ | فصل فعل ماضی مجهول ۱۱۵۶

فصل حقیقی نفس متکلم ۱۱۶۸ | فصل هل ۱۱۸۷ | فصل فعل امر ۱۲۱۱

باب دهم ۱۲۹۷

فصل لام تاکید ۱۲۹۷ | فصل انواع شتی ۱۳۰۶

باب یازدهم ۱۳۱۹

باب دوازدهم در ادعیه نبویه صلی الله علیه وسلم ۱۴۱۰

لله الحمد و المنه که از تصنیفات

مولوی محمد خرم علی بلهوری

بتاریخ نوزدهم به رمضان شریف

در مطبع جزیرهٔ بمبئی مطبوع گردید

۲۰۲۵

بسم الله الرحمن الرحیم

الحمد لله رب العالمین والصلوٰة والسلام علی محمد سید المرسلین
وعلی آله وصحبه اجمعین حمد اور نعت کے بعد دریافت کیا جاتا ہے کہ علم حدیث
شرف العلوم ہی اسواسطے کہ اشرف الناس کا کلام ہی مثل مشہور ہی کہ کلام الملوک ملوک الکلام
اور سب علوم دینی اُسکے محتاج ہین علم تفسیر بدون حدیث کے معتبر نہین اور علم عقائد اور علم
فقہ اور علم سلوک اور علم تاریخ بدون اُسکے کچھہ سند نہین لیکن باوجود اسکے ہندوستان مین
اس علم شریف کا چرچا نہین عوام کا تو کیا ذکر ہے اکثر علما کو خبر نہین اسواسطے نہایت مناسب
معلوم ہوا کہ کسی حدیث کی کتاب کا ترجمہ عوام فہم اُردو زبان مین کیجئے سو سب کتابون سے
مشارق الانوار حسن صغانی کی نہایت پسند آئی اسواسطے کہ مختصر کتاب ہے اور اسکی احادیث کی
صحت پر اتفاق ہی کوئی اُسکی ایسی حدیث نہین جو غیر معتبر ہو بخلاف مشکوٰة کے کہ اسمین
ہر جنس روایت ہے صحیح بھی اور ضعیف بھی بارے الحمد للہ کہ بارہ ۱۲۴۹ سو انچاس ہجری مین حسب دلخواہ
ترجمہ تمام ہوا اور تحفة الاخیار ترجمہ مشارق الانوار اسکا نام مقرر کیا گیا حق تعالیٰ اپنے

کرم سے

کرم سی اس کتاب کو بمقبول کرے اور اہل اسلام کو فائدہ عام بخشے اور بھول چوک معاف
فرمائے ابین **مقدمہ** اسمین چند اصطلاحات حدیث کا اور فضیلت امام بخاری اور مسلم اور
کتاب مشارق الانوار اور اسکے مصنف کا حال بیان کرنا ضرور ہوا تاکہ ناواقفون کو
بصیرت حاصل ہو حیرانی نہ رہے **فصل** اصطلاحات حدیث مین **حدیث** اسکو کہتے ہین
جو پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نی زبان مبارک سی فرمایا یا خود کیا یا جو حضرت کے
سامنے ہوا اور حضرت نے اسکو درست رکھا سو جو زبان سے فرمایا اسکو حدیث **قولی** کہتے ہین
اور جو کیا اسکو حدیث **فعلی** کہتے ہین اور جو حضرت کے سامنے ہوا اسکو حدیث **تقریری**
کہتے ہین اول اسلام مین مدت تک علم حدیث مین کسی نی کتاب نہین تصنیف کی
زبانی سب یاد رکھتے تھے پھر اول ابن جریج اور امام مالک اور ربیع نی تصنیف شروع
کی پھر تو تصنیف کا بہت چرچا ہوا اعماد حدیث نی جو متن حدیث کو شمار کیا تو لاکھہ
حدیثین پائین **فائدہ** حدیث دو قسم ہے **متواتر** اور **آحاد** متواتر وہ ہے
جسکو ہر زمانے مین اتنا بکثرت لوگون نی روایت کی ہو کہ عقل انکے جھوٹھہ بولنے کو
محال جانے **آحاد** وہ ہے جسکی روایت مین اتنی کثرت نہو **آحاد** کی تین قسمین ہین **مشہور**
اور **عزیز** اور **غریب** **مشہور** وہ ہے جسکو ہر زمانہ مین تین یا زیادہ راویون نی
روایت کی ہو **عزیز** وہ ہے جسکو ہر زمانے مین دو دو راویون نے روایت کی ہو اور

**غریب** وہ ہے جسکی روایت کسی زمانے مین ایک ہی راوی سے ہو سو متواتر سے ہر ایک کو یقین کامل حاصل ہوتا ہی خواص کو بھی عوام کو بھی اور احاد روایت سے علم ظنی حاصل ہوتا ہی اور بعضی صورت مین کثرت قرائن سی اہل علم کو یقین بھی حاصل ہوتا ہے۔ سو احاد مین بعضی روایت تو مقبول ہی اور اُسپر عمل واجب ہے اگر راوی کی دیانت اور راستی معلوم ہو اور بعضی روایت مردود ہے اگر راوی کی دیانت اور راستی نہ ثابت ہو **فائدہ مقبول احاد کی دو قسم صحیح اور حسن**

صحیح اسکو کہتے ہین جسکو دیندار پرہیزگار خوب یاد رکھنے والے لوگون نے ہر زمانے مین برابر روایت کیا ہو نہ اُسمین کوئی چھپا عیب ہو نہ اور معتبر لوگون کے مخالف ہو سو صحیح حدیثکی سات قسمین ہین اول عمدہ قسم تو وہ ہی جو صحیح بخاری اور صحیح مسلم دونون مین ہو اسکو حدیث متفق علیہ کہتے ہین اسکے بعد دوسری قسم وہ ہے جو صرف بخاری مین ہو تیسری وہ ہی جو فقط مسلم مین ہو چوتھی وہ جو بخاری اور مسلم کی شرط اور اُنکے طور پر ہو پانچوین وہ جو صرف بخاری کے طور پر ہو چھٹی وہ جو فقط مسلم کے طور پر ہو ساتوین وہ جو بخاری اور مسلم کے سوا اور اہل حدیث نے اسکو صحیح جانا ہو **حسن** اُس حدیث کو کہتے ہین جو صحیح حدیث کے طرح ہو لیکن اُسکے راویون کا حفظ اور یاد صحیح کے راویون کے برابر نہین ہر چند مقبول اور حجت اور واجب العمل دونون ہین لیکن صحیح حسن سے نہایت مقدم اور افضل ہی حسن صحیح سے رتبے مین کم ہے

فائدہ

**فائدہ** مردود قسم احاد کی جو لایق حجت کی نہین سو ضعیف ہی **ضعیف** حدیث
اسکو کہتی ہین جو صحیح اور حسن کے مخالف ہو خواہ اُس کا کوئی راوی درمیان سی ساقط ہوا مطعون
ہو سو اگر ابتداء اسند سے راوی ساقط ہوا اُسکو **معلق** کہتی ہین اور اگر انتہا سی ساقط ہو یعنی صحابی
مذکور نہو تو اُسکو **مرسل** کہتی ہین اور اگر دو راوی برابر ساقط ہوگئی تو اُسکو **معضل** کہتی ہین
اور نہین تو **منقطع** اور طعنہ راوی کا یہہ کہ وہ جھوٹا ہو تو اُسکی حدیث کو **موضوع**
کہتی ہین یا اُسپر جھوٹہ کی تہمت لگی ہو تو اُسکو **متروک** کہتی ہین یا راوی غلطی بہت کرتا ہو
یا غافل ہو یا کثیر الوہم ہو یا اُسکی روایت معتمد لوگون کی مخالف ہو یا فاسق یا بدعتی ہو تو اُسکی حدیث کو
**منکر** کہتی ہین **فائدہ** علم حدیث مین بہت کتابین ہین لیکن چھہ کتابین نہایت مشہور ہین
جنکو صحاح ستہ کہتی ہین اول **صحیح بخاری** دوسری **صحیح مسلم** تیسری **ابوداؤد**
چوتھی **ترمذی** پانچوین **نسائی** چھٹی **ابن ماجہ** سوای بخاری اور مسلم کی باقی چار کتابون
مین ہر قسم کی حدیث ہی صحیح بہی اور حسن بہی اور ضعیف بہی چنانچہ اُنکی مصنفون نے بیان
کر دیا ہی صحیح حسن ضعیف کا دریافت کرنا ہر کسی کا کام نہین صدہا محدثین کو عقل اور شعور
ایسا دیا ہی کہ وہی اُنکو خوب پہچان جاتی ہین جیسی صراف کھوٹا یا کھرا روپیا اشرفی پرکھہ لیتی ہین
بدون اُنکی تبلای ہر شخص نہین جان سکتا ہر چند اصطلاحات حدیث کی تفصیل ہو چکی لیکن عوام کی
فہم مین نہین آسکتے سوا اسکے اسی قدر اجمال پر کفایت کی کہ اتنا ہی سمجھہ کر دریافت کرنیکا کافی ہی

**فصل** صحیح بخاری اور صحیح مسلم کی ذکر مین اُن دونون کتابون کو صحیحین کہتے ہین علم حدیث کی
سب کتابون سی صحیحین منتخب ہین اُنکی صحت پر اتفاق ہی اُمت کا خصوصا صحیح بخاری کہ بعد قرآن کی
اصح الکتب ہی اِن دونون کتابون مین سوای صحیح حدیث کی حسن حدیث بہی نہین ضعیف کا
تو کیا ذکر ہی امام بخاری اور مسلم ایسی اُستاد کامل ہوئی علم حدیث مین کہ یہہ رتبہ کسی کو حاصل
نہین فی الحقیقت یے دونوں بزرگ آسمان تحقیق کے آفتاب اور ماہتاب ہین اور حق تعالی نی
اُنکی فضائل اور کمالات کو اور اُنکی کتابون کو ایسی شہرت دی کہ کچہہ بیان کی حاجت نہین لیکن
کچہہ مجمل اُنکا حال برکت کی واسطی مذکور ہوتا ہی تا ناواقفون کو آگاہی حاصل ہو **فائدہ**
نام اور نسب بخاری کا **ابو عبد اللہ محمد بن اسمعیل بن ابراہیم بن المغیرہ** ہی اکیسو چوراسو
ہجری مین پیدا ہوئی طفلی مین اندھی ہوگئی تہی اُنکی مائی حضرت ابراہیم علیہ السلام کو خواب مین دیکہا
کہ فرماتی ہین کہ خوش ہو کہ حق تعالی نی تیری دعا اور زاری سی تیری بیٹی کی آنکہون مین روشنی عنایت
کی صبح کو دیکہا تو بینا پایا دس برس کی عمر سی حدیث یاد کرنا شروع کیا جب سولہ برس کی ہوئی تو
عبد اللہ بن مبارک اور وکیع کی تصنیفات یاد کر چکی پہر حج کی واسطی گئی اور عرب مین علم تحصیل
کرنی لگی جب اٹہارہ برس کی ہوئی فضائل اصحاب اور تابعین مین تصنیف شروع کی آخر اُس سب
مجموعہ کی مدینی مین حضرت کی قبر مبارک کی پاس تاریخ بخاری بنائی حامد بن اسمعیل محدث سی روایت
ہی کہ مین اور بخاری اُستادون سی ساتہی علم حدیث تحصیل کرتی تہی ایک روز مین نی بخاری سی

کہا کہ تمہاری پاس دوات قلم نہین تم احادیث کو نہین لکھتی یاد رہنا بہت مشکل ہی تمکو ایسی تحصیل
سی کیا فائدہ ہوگا سولہ روز کی بعد بخاری نی کہا کہ تم نی مجھکو بہت تنگ کیا لاؤ اپنی تحریر کو میرے
یادداشت سی مقابلہ کرو اور مین اس مدت تک پندرہ ہزار حدیث لکھہ چکا تہا اتنی سب حدیثون کو
بخاری نی مجھکو زبانی سنا دیا اور ایسا خوب یاد تہا کہ مین نی اپنی حدیثون کو اُنسے صحیح کر لیا
پہر بخاری نی کہا کہ تم جانتی ہو کہ میری یہہ محنت اور سرگردانی محض بیفائدہ ہی اُسی روز مین
جان چکا تہا کہ یہہ شخص شدنی ہی اِسکے برابر کوئی نہوسکی گا اور صحیح بخاری تصنیف کرنی کا
یہہ سبب ہی کہ ایک روز اسحٰق بن راہویہ کی مجلس مین ذکر ہوا کہ اگر کوئی صرف صحیح حدیثون کو
علیحدہ جمع کری تو خوب فائدہ ہو کہ بی وغدغہ لوک اُسپر عمل کرین بخاری کی دل مین یہہ بات
اثر کر گئی چہہ لاکہہ حدیثین اُنکی پاس تہین اُنکا انتخاب شروع کیا جس حدیث کی صحت کمال مرتبی
مین ثابت ہی اُسکو لکھتی اور باقی کو ترک کرتی اور معمول یہہ کیا تہا کہ ہر حدیث کی تحریر کی
واسطی غسل کرتی اور دو رکعت نماز پڑھتی اور دعا اور استخارہ کرتی کہ الٰہی مجھسی خطا نہو
آخرش کو اِسی طرح سولہ برس کی محنت سی مدینی مین حضرت کی مسجد کی اندر منبر اور حضرت کی قبر
مبارک کی درمیان صحیح بخاری تمام ہوئی صرف صحیح حدیثون کو ایک کتاب مین جمع کرنا اول
بخاری سی شروع ہوا سب حدیثین صحیح بخاری کی سات ہزار دو سو پچہتر ہین اور اگر مکرر کو حذف
کیجئی تو چار ہزار ہین اُنکی خوش نیتی کی سبب سے یہہ کتاب ایسی مقبول ہوئی کہ اُنکی حیات مین

ستر ہزار آدمی نی بلا واسطہ اُن سی یہہ کتاب سند کی آمام بخاری سی روایت ہی کہ فرماتی تہی
کہ مجھکو یہہ امید ہی کہ قیامت مین مجھسی غیبت کا سوال ہو کا اِس واسطی کہ مین نی کبھی کسی کی
غیبت نہین کی اِسی کلام سی اُنکی تقوی اور پرہیزکاری کو خیال کیا چاہئی جب بخاری بخارا مین آئی
تو وہان کی حاکم نی کہا کہ تم اپنی تصنیفات میری مکان مین لاکر میرے بیٹی کو پڑہا دو بخاری نی کہا کہ
یہہ حدیث کا علم ہی اِسکو مین ذلیل نہین کرتا اگر تجھکو غرض ہو اپنی بیٹے کو میری مکان مین بہیجا کر
جیسی اور لوگ سیکہتے ہین وہ ہی سیکہا کری حاکم نی کہا تو جب میرا بیٹا آوی تو اور کوئی طالب علم
تمہاری پاس نہ آکری ہماری چوبدار دروازی پر کہڑی رہین گی کسی کو نہ آنی دین گی ہم نہین
چاہتی کہ عوام خلقت ہماری بیٹی کی برابر بیٹہی بخاری نی یہہ بات نمانی اور کہا کہ حدیث کا علم پیغمبر کی
میراث ہی اِسمین تمام امت محمدی شریک ہی اِسمین کسی کی خصوصیت نہین ہو سکتی حاکم نہایت
ناخوش ہوا اور بغض (خفگی) دنیادار عالمون نی بخاری پر طعن تشنیع شروع کری حاکم کو فساد پر مستعد کیا
آخرش کو امام بخاری بخارا سی تنگ ہو کر نکلی اول نیشاپور مین گئی وہان کی حاکم سی بہی ناموافقت
ہوئی پہر وہان سی سمرقند گئے اور دعا کی کہ الٰہی زمین باوجود کشادگی کی مجھپر تنگ ہو گئی اب
مجھکو زندگی سی نجات دی پہر دو سو چھپن (۲۵۶) ہجری مین وہین وفات پائی رحمۃ اللہ علیہ **تاریخ**
بہر احوال بخاری ضبط کردم از ثقات صدق تاریخ تولد نور (۱۹۴) تاریخ وفات عبد الواحد طوسی (۲۵۶)
اسی زمانی مین بڑی ولی کامل تہی اُنہون نی خواب مین دیکہا کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم معہ چند اصحاب کے

راہین منتظر کھڑی ہین عرض کی یارسول اللہ آپ کے انتظار مین ہین فرمایا کہ محمد بن اسمعیل کا ہین
منتظر ہون پھر تحقیق ہوا تو اُسی وقت بخاری کا انتقال ہوا تھا اور بہت بزرگون نے خواب مین دیکھا
کہ حضرتؐ نے صحیح بخاری کو اپنی طرف نسبت کیا چنانچہ محمد بن احمد مروزی نے بیت اللہ کی پاس خواب مین
دیکھا کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا کہ ای ابو زید تو کب تک شافعی کی کتاب کا درس
کہا کری کا ہماری کتاب کو تو کیون نہین پڑھتا مین نے کہا یارسول اللہ آپ کی کون کتاب ہی فرمایا
کہ جامع محمد بن اسمعیل یعنی صحیح بخاری اور اسیطرح امام الحرمین کا بھی خواب مشہور ہی شدت اور
خوف اور سختی مرض اور قحط وغیرہ مصائب مین صحیح بخاری کا ختم تریاق مجرب ہی چنانچہ حرمین
شریفین مین اب تک معمول ہی کہ جب روم کی بادشاہ پر سخت جنگ درپیش ہوتی ہی وہان کی
علما بخاری شروع کرتی ہین حق تعالی فتح نصیب کرتا ہی **فائدہ** امام ابو الحسین مسلم بن الحجاج
بن مسلم قشیری نیشاپوری دوسو چار ہجری مین پیدا ہوئی اور دوسو اکسٹھ ہجری مین انتقال ہوا
تمام اہل حدیث انکی بزرگی اور کمال کی قائل ہین اور بڑی عمدہ محدثین انکی شاگرد ہین جیسی ابو حاتم
رازی اور ترمذی علم حدیث مین بہت کتابین انسی تصنیف ہین خصوصا صحیح مسلم مین عجائب
روزگار نگ علم حدیث کی دقائق ہین کہ اہل حدیث انکو جانتی ہین تین لاکھ حدیث سی اس کتاب کو منتخب
کیا ہی اور اسمین کمال ہوشیاری اور احتیاط کی ہی سب احادیث اُس کتاب کے بارہ ہزار ہین امام
مسلم نے کبھی کسی کی غیبت نہین کی اور نہ کسی کو مارا اور نہ کسی کو گالی دی ابو حاتم رازی نے مسلم کو

صحیح مسلم جلد اول حدیث

خواب مین دیکھا اُنکا حال پوچھا کہ خدا نی تمہاری ساتھ کیا سلوک کیا مسلم نی کہا کہ حق تعالیٰ نی
بہشت کو میری واسطے مباح کر دیا ہی جہان چاہتا ہون وہان رہتا ہون آبو علی ایک بزرگ تہی
جب وہ مرگئی تو کسینے اُنکو خواب مین دیکھا تو پوچھا کہ خدا نی تمہاری کس سبب سے نجات کی اُنہون نی
کہا کہ ان جزون کی برکت سے اور وہ جز صحیح مسلم کی تہی **فائدہ** کتاب مشارق الانوار اور اُسکے
مصنف کی ذکر مین اِس کتاب کے مصنف کا نام **رضی الدین** حسن ابن حسن صغانی ہی جنہان
ماوراء النہر کی ولایت مین ایک شہر کا نام ہی وہان پیدا ہوئی بغداد اور مکی مین علم تحصیل کیا
اپنی وقت یعنی سات سو ہجری مین تمام علوم دینی خصوصًا علم حدیث اور لغتہن اُستاد فی نظیر تہی
تصنیفات اُنکی بہت ہین از انجملہ کتاب مصباح الدجی من صحاح احادیث المصطفی اور کتاب الشمس المنیر
من الصحاح المأثورہ اور کتاب مشارق الانوار النبویہ من صحاح الاخبار المصطفویہ اور کتاب عقلۃ
العجلان اور کتاب وفیات صحابہ اور کتاب زبدۃ المناسک اور کتاب فرائض اور کتاب درجات العلم
والعلما اور کتاب التکملہ لغت مین کہ جو صحاح جوہری مین غلطی تہی اُنکی اصلاح کی اور جو لغات کہ اُسمین
نہ تہی اُنکو داخل کیا اور کتاب مجمع البحرین لغت مین کہ نہایت کلان کتاب ہی کہ تمام لغت عرب کو
شامل ہی اُنکی سوائی اور تصنیفات بہی ہین کہ مصنف کے کمال علم پر دلیل ہی **فائدہ** مشارق الانوار
مین مصنف نی عجیب اور غریب نکات اور لطائف کی رعایت کی ہی اول یہہ کہ صحیحین کے احادیث
سی صرف قولی حدیثون پر کفایت کی ہی حدیث فعلی اور حدیث تقریری کو مطلق نہین لایا اور دونو

کتابون

کتابون مین طرفہ خوض اور تلاش کی ہی کہ انکی اصل حدیث کو لایا اور متابعات اور روایت بالمعنی کو
ترک کیا اور یہہ نہین کہ سب بعضی حدیث کو لایا اور بعضی کو چھوڑا اس دریافت اور تمیز کو کمال فہم اور بڑا
علم چاہئی ہر عالم کا یہہ کام نہین اسی سبب سے مصنف نی دیباچہ کتاب مین کہا ہی کہ یہہ کتاب صحت اور
متانت مین میری اور حد کے درمیان محبت ہی وہی خوب جانتا ہی کہ کس قدر محنت مین نی اسمین اٹھائی
ہی اور اس کتاب کی خوبی اور بزرگی ہر شخص نہین دریافت کرسکتا اسکو علما جانتی ہین اور علما سی ہی
وہی عالم جانتی ہین جنکو علم حدیث مین بڑا ملکہ اور کمال مہارت ہی دوسرے یہہ کہ مصنف نی
اس کتاب کو بارہ باب کیا ہی لیکن بابون اور فصلون مین بطور اور کتابون کی اتحاد مضمون کی
رعایت نہین کی کہ مثلاً صلوۃ کی احادیث یکجا ہون اور صوم اور حج کی یکجا بلکہ الفاظ اور حروف پر
مرتب کیا ہی مثلاً جن حدیثون کی سرے پر من ہی اول باب مین لایا اور ان کی حدیثون کو دوسرے
باب مین اور جن پر لا ہی انکو تیسری باب مین اور باوجود اسکی پہر حروف تہجی کی رعایت کی ہی
جیسی لغت کی کتابون مین ہوتی ہی خلاصہ یہہ کہ اسمین ترتیب معنوی نہین ترتیب لفظی
ہی عجب محنت اور استادی کی ہی کہ احادیث کو رنگا رنگ ترتیب سی مرتب کیا ہی جو اسکو
غور سی دیکھی وہ اس کا لطف پاوی ہر چند معنوی ترتیب مین یہہ بڑا فائدہ ہی کہ جس
مضمون کی حدیثون کو چاہا انکی باب اور فصل سی دیکہہ لیا لیکن لفظی ترتیب مین بہی عجب لطف
ہی کہ جس حدیث کا سرا معلوم ہوا بی تکلف اسکو نکال لیا علاوہ اسکے قرآن کی طرح

رنگ برنگ کی مضمون ہر وقت دریافت ہونا کمال نشاط انگیز ہوتا ہی گویا کہ یہہ کتاب گلدستہ
ہی جسکی ہر تحریر تو یکرنگ ہو اور خوشبو ہر قسم کی تیسری یہہ کہ مصنف بعضی حدیث کو
ٹکڑی کرکی اپنی ترتیب کی موافق چند مقام پر لایا ہی اور یہہ کام عالم عارف کو درست ہی بشرطیکہ
کہ معانی مین خلل نہ پڑی چنانچہ مصنف نی ایسا ہی کیا چوتھی یہہ کہ بقول شارح کا ذروی
سب احادیث مشارق الانوار مین دو ہزار دو سو چہالیس ہین **فائدہ** معلوم کیا چاہئی
کہ اس کتاب کے ترجمہ مین چند امور کی رعایت کی ہی اول یہہ کہ مصنف نی اختصار کی واسطی احادیث کی
اسناد یعنی راویون کی نام کو حذف کیا فقط صحابی کا نام جو اس حدیث کا اول راوی ہی مذکور
کیا اس طرح کہ ہر حدیث مین اول کتاب کا اشارہ کیا پہر صحابی کا نام لیا پہر حدیث کو بیان کیا اور
اختصار کی واسطی ہر حدیث پر قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نہین کہا لیکن مترجمنی ہر
حدیث کی ترجمہ مین کہہ دیا ہی کہ حضرت نی یون فرمایا اور کتاب کا نام ہر حدیث مین ذکر کیا ہی تاکہ
عوام کو شبہہ نہ پڑی دوسری یہہ کہ حدیث کا ترجمہ تحت لفظ نہین کیا اسواسطے کہ عرب کا
محاورہ ہند کی محاورہ سی اکثر مطابق نہین بلکہ محاورہ مقدم رکہا ہی مرادی مطلب جا بجا
لکہا اور باوجود اسکی حتی المقدور تحت لفظ ترجمہ کی بہی رعایت کی ہی تیسری یہہ کہ اصلی غرض
اس سی یہہ ہی کہ اہل اسلام کو فائدہ عام ہو یہان تک کہ حرف شناس اور عوام بہی محروم
نرہین اس واسطی نہایت مشکل مطالب نہین لکہی چوتھی یہہ کہ اس کتاب کی خطبہ کا ترجمہ نہین

کیا کہ عوام کو اُسسے کچھہ فائدہ نہ تہا خطبے کا خلاصہ مطلب یہہ ہے کہ مصنف نے کہا کہ جب زمانہ بگڑا
اور اہل علم گئے مرا اور کم علم نافہم جنکو صحیح اور ضعیف کی تمیز نہین عالم اور پیشوا مشہور ہوئے تو مین نے
اس کتاب مشارق الانوار مین اپنی تصنیف دو کتاب مصباح الدجی اور شمس منیرہ کی
صحیح احادیث جمع کی اور کتاب النجم اقلیشی اور کتاب الشہاب قضاعی سی جو صحیح روایت تھی وہ بھی اسمین
ملائی تاکہ صحیح احادیث مختصر کتابہن مجا بجا ہوہن صحیح بخاری کی علامت خ اور صحیح مسلم کی
م اور جو دونون متفق ہو اسکی علامت ق مقرر کی یعنی مصنف نے اس کتاب مین صرف صحیحین کی
احادیث لکھی مگر جابجا اقلیشی اور قضاعی کا کوئی لفظ بھی لایا ہے چنانچہ وان اطلاع بھی کردی ہے
اور وہ لفظ بھی صحاح ستہ سے خالی نہین پانچون یہہ کہ مصنف نے کمال اختصار سی ہر جگہہ
قصہ حدیث کا نہین بیان کیا کہ حضرت نے یہہ حدیث کس وقت اور کس تقریب سے فرمائی تو اسکا مطلب
بخوبی نہین معلوم ہوتا اس واسطی حدیث کے ترجمہ کے بعد فائدہ مین اسکا پورا قصہ لکھہ دیا اور جہان
مطلب مجمل اور مشکل تھا اسکو مفصل کردیا اور چارون اماموں کے مذہب جابجا مناسب مقامون مین بے تعصب
لکھے شیعہ اور اہل بدعت کے مشبہات جابجا مجملا دفع کئے غرض کہ بحمداللہ یہہ کتاب اہل اسلام کے واسطے
عجیب تحفہ ہے اکثر مطالب دینی کو شامل ہے جسکی دریافت سے جاہل عالم بنے اور عالم تازہ لطف
اٹھاوے حضرت مولانا عبدالقادر دہلوی نے ہندی تفسیر اور یہہ کتاب طالب خدا کے واسطے کافی ہین
وینداہ کے حق مین دونو کتابین گویا دو آنکھین ہین جنسے دونو جہان کا انتظام پڑیا دو پر ہین جنسے عرش تک اڑ

# الباب الاول

پہلے باب مین وہ حدیثین ہین جنکے سر پر من ہے

خ

۱ خ ابوھریرۃ من امن باللہ ورسولہ واقام الصلوٰۃ وصام رمضان کان حقا علی اللہ ان یدخلہ الجنۃ ھاجر فی سبیل اللہ او جلس فی ارضہ التی ولد فیھا صحیح بخاری مین ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جس نے سچے دل سے خدا کو اور اسکے پیغمبر کو مانا اور نماز کو ٹھیک ادا کیا اور رمضان کے روزے رکھے کرم اور فضل کی راہ سے ضرور ہو گیا خدا پر اسکا بہشت مین لیجانا خواہ اپنا وطن اس نے خدا کی راہ مین جہاد کے واسطے چھوڑا ہو یا اسی زمین مین ٹھہرا رہا جسمین پیدا ہوا **اف** اس حدیث کی پوری روایت بخاری مین یون ہی کہ اصحاب نے عرض کیا کہ اگر حکم ہو تو ہم لوگون کو خوشخبری سنا دیون کہ بہشت جہاد اور ہجرت پر موقوف نہین حضرت نے فرمایا کہ بہشتین سو سو تک بڑے درجے ہین کہ خدا نے غازیون کے واسطے مقرر کئے ہین ہر ایک درجے مین اتنا فرق ہے جتنا آسمان اور زمین مین موجب تم خدا سے مانگو تو فردوس مانگا کرو کہ فردوس سب بہشتون کے درمیان مین ہی اور سب سے اونچی اور اسکے اوپر خدا کا عرش ہے اور اسی سے بہشت کی سب نہرین نکلی ہین یعنے ہر چند جہاد پر بہشت موقوف نہین اصل نجات کے واسطے ایمان اور نماز روزہ کفایت کرتا ہی لیکن تم ہمت کو پست نہ کرو کہ صرف نجات پر قناعت کرو بلکہ ہمت بلند رکھو جہاد کرو تاکہ فردوس پاؤ جسکے آگے سب بہشتین پست ہین

اس حدیث مین

اس حدیثین فرشتون اور خدا کی کتابون کا اور تقدیر اور قیامت کا ایمان لانا بیان نہین فرمایا
اس واسطے کہ جب آدمی رسول کا ایمان لایا تو انکو بھی ضرور ایمان لاویگا کہ تمام قرآن اور حدیثین انکا بیان
موجود ہے اور نماز روزہ ساتھہ زکوۃ اور حج کا ذکر نہین فرمایا اسواسطے کہ زکوۃ اور حج صرف مالدار پر فرض ہے
محتاج پر نہین اور نماز روزہ سب پر فرض ہے مالدار ہو یا محتاج خلاصہ یہ ہے کہ یہان حکم عام بیان
فرمانا منظور ہو اجو سب مسلمانون کو شامل ہو مصنف نے یا نکی حدیث مقدم کی اسواسطے
کہ ایمان سب عبادت اونیکی جڑ ہے بدون ایمان کے کوئی عبادت اونکی درست نہین ۲ م
زَيْدُ بْنُ خَالِدٍ الْجُهَنِيُّ مَنْ أَوَى ضَالَّةً فَهُوَ ضَالٌّ مَا لَمْ يُعَرِّفْهَا صحیح مسلم مین
زید بن خالد سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جنسے بھٹکے جانور کو رکھہ لیا وہ خود دین کی راہ سے
بھٹکا ہے جب تک اسکو نہ پہچنوا دے پھر بھٹکے جانور کو بدون مشہور کیے اپنی گھر مین باندہ رکھنا درست
نہین اکثر مشارق کی کتابون مین اس حدیث پر ق کی علامت ہے یعنی بخاری اور مسلم دونو مین یہہ حدیث بالاتفاق ہے حالانکہ یہہ صاف خطا ہی اسواسطے کہ صاحب جامع الاصول
اور شارح کاذرونی نے لکھا ہے کہ یہہ حدیث صرف مسلم مین ہے بخاری مین نہین اور اسی عاجز نے
بھی صحیح بخاری مین دیکھا زید بن خالد سی اسمین اس مضمون کی حدیث نہین پائی معلوم ہوا کہ کاتب کی
غلطی ہے ق ۳ ابْنُ عَبَّاسٍ مَنِ ابْتَاعَ طَعَامًا فَلَا يَبِعْهُ حَتَّى يَسْتَوْفِيَهُ
صحیح بخاری اور مسلم مین عبداللہ بن عباس سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جو کھانے کا غلہ

مول لیوی تو سکو نہ بیچے جبتک اسکو تول کر قبضے مین نہ لاوی ف چارون امامون کا یہی مذہب ہے
کہ غلہ بیچنا مول لینے والیکو بدون اپنا قبضہ کئے درست نہین اور امام شافعی کے نزدیک کوئی
چیز غلہ ہو یا زمین اور باغ بدون قبضہ بیچنا درست نہین اور امام اعظم کے مذہب مین زمین اور باغ اور
گھر مین قبضہ ہونا شرط نہین باقی سب منقولات مین قبضہ شرط ہی منقول وہ مال ہی جو ایک جگہ
سے دوسری جگہ جاسکے اور غیر منقول جیسی زمین اور باغ ف اِبْنُ عُمَرَ مَنِ ابْتَاعَ نَخْلًا بَعْدَ
اَنْ تُؤَبَّرَ فَثَمَرُهَا لِلَّذِیْ بَاعَهَا اِلَّا اَنْ یَشْتَرِطَهَا الْمُبْتَاعُ وَمَنِ ابْتَاعَ عَبْدًا
فَمَالُهُ لِلَّذِیْ بَاعَهُ اِلَّا اَنْ یَشْتَرِطَ الْمُبْتَاعُ صحیح بخاری اور صحیح مسلم مین عبداللہ
بن عمر رضی سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جو مول لیوی کھجور کی درخت کو گابہا پیوند کرنے کے
بعد تو اُسکے پھل کا مالک وہی ہے جسنے بیچا مگر یہہ کہ مول لینے والا پھل کی بھی شرط کر لیوی اور جو
غلام کو مول لیوی تو اسکے مال کا وہی مالک ہے جسنے اسکو بیچا مگر یہہ کہ مول لینے والے اُس مال کی بھی شرط
کر لی ہو ف کھجور کا درخت نر اور مادہ ہوتا ہے مادہ کی بالی چیر کے نر کی بالی اس مین پیوند
کرتے ہین تو بہت پھلتا ہے امام شافعی اور مالک اور احمد کا یہی مذہب ہے کہ بعد پیوند کی
پھل کا مالک درخت کا بیچنے والا ہے اور اگر شرط کر لی ہو تو مول لینے والا مالک ہے اور امام
اعظم کے مذہب مین جب درخت کا پھل نمود ہو گیا تو درخت کے بکنے سے پھل نہین بک جاتا خواہ پیوند
ہوا ہو یا نہوا ہو یہہ حدیث بخاری اور مسلم دونون مین ہے اکثر نسخون مین اس حدیث پر میم

ق

یعنی صرف مسلم کی علامت ہے سو غلط ہے ف عَائِشَةَ مَنِ ابْتُلِيَ مِنْ هٰذِهِ الْبَنَاتِ بِشَيْءٍ
فَأَحْسَنَ إِلَيْهِنَّ كُنَّ لَهُ سِتْرًا مِنَ النَّارِ بخاری اور مسلم میں حضرت عائشہؓ سے روایت
کہ حضرتؐ نے فرمایا کہ جو جاجا دے بیٹیوں سی کسی چیز میں پھر انکے ساتھ بھلائی کری تو بیٹیاں
قیامت میں اسکے آڑ ہی آجاوینگی اسکو دوزخ سی بچاوینگی ف حضرت عائشہ سی روایت ہے
کہ ایک عورت دو بیٹیاں لئی میری پاس سوال کرنی آئی اسوقت کچھ موجود نہ تہا میں نی ایک کھجور
اسنے آپنے کہائی دو ٹکڑے کرکے اپنی دونوں بیٹیوں کو دی اور چلی گئی یہ حال میں نی حضرت
عرض کیا تب حضرت نی یہہ حدیث فرمائی یعنی بیٹیاں خدا کی آزمایش ہیں جسنے انسی بھلائی کی
وہ دوزخ سی بچا بھلائی یہہ کہ انکی بخوبی پرورش کری انکو دینداری سکھلادی انکا براہ میں
نیکبخت آدمی سی نکاح کردے ف اَبُوْ هُرَيْرَةَ مَنْ بَطَّاَ بِهٖ عَمَلُهٗ لَمْ يُسْرِعْ بِهٖ نَسَبُهٗ
مسلم میں ابوہریرہؓ سی روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ جسکے ساتھ اسکے عمل نی دیر لگائی اسکے
ساتھ اسکا نسب شتابی کچھ کر سکیگا ف یعنی بدون نیک عمل کے ذات کچھ کام نہ دیگی
ع بندگی باید پیمبرزادگی منظور نیست اَنَسٌ مَنْ اَثْنَيْتُمْ عَلَيْهِ خَيْرًا وَجَبَتْ لَهُ
الْجَنَّةُ وَمَنْ اَثْنَيْتُمْ عَلَيْهِ شَرًّا وَجَبَتْ لَهُ النَّارُ اَنْتُمْ شُهَدَاءُ اللّٰهِ فِي الْاَرْضِ
اَنْتُمْ شُهَدَاءُ اللّٰهِ فِي الْاَرْضِ اَنْتُمْ شُهَدَاءُ اللّٰهِ فِي الْاَرْضِ صحیح مسلم میں انس سی
روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ جسکی تعریف بھلا کہا اسکو بہشت واجب ہوئی اور جسکو تم نے برا کہا

دوزخ اسکو واجب ہوئی تم خدا کے گواہ ہو زمین مین تم خدا کے گواہ ہو مین تم خدا کی
گواہ ہو دونون مین ف مصابیح مین روایت ہے کہ ایک جنازہ نکلا اصحاب اسکی تعریف کی دوسرا
جنازہ نکلا اصحاب اسکو بد کہا تب حضرت نی یہہ حدیث فرمائی اور اسی مضمون کی حدیث صحیح
بخاری مین بھی ہے کچھہ ایک دو لفظ کا فرق ہے معلوم ہوا کہ اصحاب بلکہ ہر وقت کی دیندار خدا کے
گواہ ہین انکی تعریف کی اور برائی کہنی کو بڑا دخل ہے اور دنیادار اور فاسق کی تعریف اور برائی کہنے کا کچھہ اعتبار
نہین اس حدیث سے ظاہر ہوا کہ اصحاب اور مجتہدون کا اجماع اور اتفاق حجت ہے اور کامل سند ہے اور
بزار کی کتاب مین عامر رضی سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب کوئی بندہ مرگیا اور خدا اسکی بدی
جانتا ہے اور لوگ تعریف کرین تو خدا اپنے فرشتون سے فرماتا ہے کہ مین نے اپنے بندون کی گواہی
قبول کی اور اسکے کیا دیدہ و دانستہ معاف کئے اس حدیث سے معلوم ہوا کہ وہ مثل مشہور
ٹھیک ہے کہ زبان خلق نقارۂ خدا ق لَیْسَ مَنْ اَحَبَّ اَنْ یَسْاَلَ عَنْ شَیْءٍ فَلْیَسْاَلْ
فَلَا تَسْاَلُوْنِیْ عَنْ شَیْءٍ اِلَّا اَخْبَرْتُکُمْ مَا دُمْتُ فِیْ مَقَامِیْ هٰذَا صحیح بخاری اور
مسلم مین انس سے روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ جو کچھہ کوئی پوچھا چاہے سو پوچھی سو مجھسی جو کچھہ
پوچھوگے بتلا دونگا جب تک مین اپنے اس مقام مین ہون یعنی منبر پر ف بخاری و مسلم مین روایت
یون ہے کہ ایک روز حضرت نی بعد نماز ظہر کی منبر پر خطبہ پڑہا اور قیامت کو یاد کیا اور فرمایا
کہ قیامت سے پہلے بڑی بڑی مصیبتین ہونے والی ہین اصحاب بے اختیار خوف قیامت سے رونے لگے

ق

پہر حضرت نی یہہ حدیث فرمائی یعنی جسکو پوچہنا ہو سو پوچھے عبداللہ بن حذافہ نی پوچہا کہ میرا باپ کون ہے فرمایا حذافہ ہے اور حضرت اسوقت بڑی غصے مین تہی عمر فاروق رض گہٹنون کی بہل کہڑی ہوکر کہا کہ ہم بدل راضی ہین خدا کی خدائی سی اور اسلام کی دین سی اور حضرت کی پیغمبری سی یہہ سنکر حضرت کا غصہ جاتا رہا بعضی علمانی کہا ہے کہ منافقون نی کہا تہا کہ پیغمبر ہماری سوال کے جواب مین عاجز آسوا حضرت غصی سی بار بار فرماتی تہی انکی طرف اشارہ کرکی کہ پوچھے جسکا جی چاہے عبداللہ بن حذافہ اس مطلب کو نہ سمجھے عمر فاروق تہ کی بات بوجہہ گئی کہ یہہ کلام حضرت کا اصحاب سے نہین منافقون سی ہے تب وہ بات عرض کی جس سے حضرت کا غصہ گیا اس حدیث سی بڑی بزرگی اور نہایت تیز فہمی عمر فاروق کی ثابت ہوئی معلوم ہوا کہ بدون حاجت بیفائدہ سوال عالم کرنا نہایت مکروہ ہے ح هَلْ ابْنُ سَعْدٍ مَنْ اَحَبَّ اَنْ يَنْظُرَ اِلٰى رَجُلٍ مِنْ اَهْلِ النَّارِ فَلْيَنْظُرْ اِلٰى هٰذَا يَعْنِى رَجُلًا كَانَ يُقَاتِلُ الْمُشْرِكِيْنَ وَقُتِلَ فِى الْاٰخِرِ نَفْسُهٗ صحیح بخاری مین سہل بن سعد سی روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ جو دوزخی مرد کو دیکہنا چاہے تو اسکو دیکہی یعنی ایک شخص تہا کافرون سی لڑتا تہا آخر اسنے اپنی جان کو آپ مارا ف جنگ خیبر مین ایک شخص کافرون سی خوب لڑا حضرت نی اسکو دوزخی کہا اصحاب نی عرض کی کہ اگر یہ جان نثار دوزخی ہے تو بہشتی کون ہوگا ایک شخص اس کا حال دریافت کرنی کو اسکے پیچہے لگا جب زخمون نی اسکو بہت چور کیا تو علحدہ ہوکر اسنے اپنا پیٹ مارا اور حرام موت مرگیا تب سب کو صاف معلوم ہوا کہ حضرت نی سچ فرمایا تہا اس حدیث سے

خ

معلوم ہوا کہ اول کی عبادت اور بندگی کا کچھ اعتبار نہیں جب تک خاتمہ بخیر نہو روایت ہے
کہ یہ شخص جو حرام موت مرا قربان اُسکا نام تھا منافق تھا طمع دنیا سی لڑتا تھا کہ لوٹ مین حصہ
پاوی اسواسطے اُسکا خاتمہ بخیر نہوا م ابو موسیٰ و عائشہ من احب لقاء اللہ احب اللہ
لقاءہ و من کرہ لقاء اللہ کرہ اللہ لقاءہ مسلم مین ابو موسیٰ رضی سی اور حضرت عائشہ سی
روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ جو خدا کا ملنا یعنی موت چاہتا ہے خدا اُسکے ملنی کو چاہتا ہے اور جو
برا جانے خدا کا ملنا خدا اُسکے ملنی کو برا جانتا ہے ف حضرت عائشہ رضی کسی اور بی بی نے یہہ حدیث
سنکر کہا کہ موت تو سب کو بری معلوم ہوتی ہے حضرت نی فرمایا یہہ اسکا مطلب نہین بلکہ جب
ایماندار مرتا ہے تو اُسوقت فرشتے اُسکو خدا کی رضامندی اور کرم کی خوشی سنا دیتے ہین تو وہ
موت کو بدل چاہتا ہے اور خدا کا نہایت مشتاق ہوتا ہے تو خدا بھی اُسکا ملنا چاہتا ہے اور کافر کو
مرتے وقت عذاب الٰہی نظر آتا ہے تو وہ موت کو اور خدا کے ملنے کو برا جانتا ہے تو خدا بھی اُسکا ملنا برا
جانتا ہے یعنی زندگی مین جو موت بری اور مکروہ معلوم ہوتی ہے اُسکا کچھ مضایقہ نہین مرتے وقت کا
اعتبار ہے سو اُسوقت ایمان دار مشتاق ہوتا ہے اور کافر گھبراتا ہے اور یہہ حدیث صحیح بخاری مین بھی ہے

خ (۱۱) علامت صرف صحیح مسلم کی خطا ہے خ (۱۱) ابو ہریرۃ من احتبس فرسا فی سبیل اللہ
ایمانا باللہ و تصدیقا بوعدہ فان شبعہ و ریہ و روثہ و بولہ
فی میزانہ یوم القیمۃ بخاری مین ابو ہریرہ رضی سی روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ جو خدا کی

م

راہ مین یعنی

یعنے جہاد کی نیت سے کہوڑا روک رکھے خدا کو مان کر اور اسکا وعدہ سچا جان کر تو البتہ اُسکے
چارے اور پانی پینے کے اور اسکے لید اور پیشاب کے برابر ثواب اسکی ترازو مین ہوگا قیامت کے دن
ف یعنے جب خدا ہی کے واسطے خالص جہاد کی نیت سے گہوڑا پالنے اور شخصیت منظور نہو تو یہہ ثواب پاوے
۱۳ م مَعْمَرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نَافِعٍ مِنْ احْتَكَرَ فَهُوَ خَاطِئٌ مسلم مین معمر عبداللہ بن نافع سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ جو قحط مین غلہ بند کر رکھے اور زیادہ گرانی کی راہ دیکھے وہ گنہگار ہے ف
ابن ماجہ مین عمر فاروق سے روایت ہے کہ جو گرانی مین غلہ بند کریگا خدا اُسکو کوڑھی اور محتاج کردالیگا
اور عبداللہ بن عمر سے روایت ہے کہ جسنے چالیس دن قحط مین غلہ بند کیا وہ خدا سے جدا ہوا
اور خدا اُس سے جدا ہوا قحط مین اناج بند رکھنا اور زیادہ گرانی کا انتظار کرنا چاروں مذہب مین
نہایت حرام ہے اسواسطے کہ خلائق کی بدخواہی ہے اور جسنے غلہ اپنے گہر کے خرچ کے واسطے
بند کیا ہو اور سوداگری کی نیت نہو تو درست ہے اناج کی سوداگری کرنا منع نہین جیسا کہ عوام مین
مشہور ہے بلکہ قحط اور گرانی مین غلہ بند کر رکھنا اور زیادہ گرانی کی راہ دیکھنا منع ہے سوائے
اناج کے اور کسی چیز کا بند کرنا منع نہین ق عَائِشَةَ مَنْ أَحْدَثَ فِي أَمْرِنَا هَذَا
مَا لَيْسَ فِيهِ فَهُوَ رَدٌّ صحیح بخاری اور مسلم مین حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ جو شخص نئی بات نکالے ہمارے اس کام یعنی ہمارے دین اور شریعت مین جو اُسمین نہین
سو وہ نئی بات یا اُسکا نکالنے والا مردود ہے ف یعنے جو دین مین وہ نئی چیز

۱۳ ق تحقیق بدعت

نکالے جسکی شرع مین کچھ اصل نہین نہ کہلی نہ چھپی سو وہ نہایت گمراہی ہے اور اُسی کا نام بدعت ہے دین مین چار چیزین اصل ہین ایک تو قرآن دوسرے حدیث تیسرے اجماع اور اتفاق امت چوتھی قیاس شرعی جسکی بحث اصول فقہ مین ہے سو جوبات ان چار اصلون مین نہین وہی بدعت ہے جتنی بدعتین لوگون نی خلاف شرع نکالین ہین اس حدیث سے رد ہوگئین تفصیل کی کچھ حاجت نہین مثلاً قبر پر گچ کرنا گنبد بنانا قبرون پر روشنی کرنا تعزیہ بنانا بزرگون کا میلہ کرنا اولیا کی منت ماننا جھنڈے نشان کھڑے کرنا یہ سب اسر دین کے خلاف ہین قرآن اور حدیث اور اجماع اور قیاس شرعی مین انکی کچھ اصل نہین بلکہ بعضی کام صریح احادیث مین منع ہین اسیطرح اور بدعتونکو خیال کرلے اگر کوئی کہے کہ قیاس کرنا جب درست ہوا تو ہمارے قیاس مین یہہ چیزین درست معلوم ہوتی ہین تو اُسکا جواب یہہ ہے کہ یہہ بیخبر ہے حلوا خوردن را روی باید قیاس کی بہت شرطین ہین سوای مجتہد کے کسی کا قیاس حجت نہین غرض کہ اس حدیث مین عجب قاعدہ کلیہ حضرت نے فرمایا کہ سب بدعتونکی بیخ کنی ہوگئی اگر دانا آدمی اسکو خوب سمجھ لیوے سب بدعتونکی برائی خود بوجھہ جاوے زیادہ دلیلونکی کچھ حاجت نہین اسواسطے کہ علماء حدیث نے کہا ہے کہ اس حدیث پر مدار اسلام ہے ہزارون بدعتین صرف اسی حدیث سی رد ہوتی ہین شعر

سنی ہوکر تو بدعتی مت بن کیونکہ بدعت دین کی برہم زن
چھوڑ بدعت محمدی بن جا شاد ہون تجھسے تا رسول خدا ق

ابن مسعود من احدث فی الاسلام فلا

ق ۱۴

یواخذ..

یؤاخذ بما عمل فی الجاهلیة ومن اساء فی الاسلام اخذ بالاول و
الآخر بخاری اور مسلم مین عبداللہ بن مسعود رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جو اچھی طرح اسلام مین
آیا تو جو کفر مین کیا اسپر پکڑا نجا ویگا اور جسنے اسلام مین برائی کی تو اگلے پچھلے دونون گناہون
اسکے پکڑ ہوگی ف جو اچھی طرح اسلام لایا یعنے ظاہر اور باطن سے مسلمان ہوا مرتے دم تک اسپر
قائم رہا تو اسپر کفر کے گناہون کا مواخذہ نہین اور جو ظاہر مین اسلام لایا اور باطن سے
نہین یا مسلمان ہوکر مرتد ہوگیا اسکے اگلے پچھلے سب گناہون پر مواخذہ ہے ق ابو
ہریرہ من اخذ اموال الناس یرید اداءها ادی الله عنه ومن اخذ ها
یرید اتلافها اتلفه الله بخاری مین ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جو لوگون کے
مال لیوے بطور قرض یا عاریت ادا کرنیکے ارادے پر تو خدا اس سے ادا کروا دیگا یعنے ادا کرنیکا
سامان کردیگا دنیا مین یا آخرت مین اور جو ان مالون کو برباد کرنیکے ارادے پر لیوے تو خدا اسکو
برباد کرڈالیگا ف یعنے جس مسلمان کو کچھ ضرورت ہو اور وہ بہ نیت ادا قرض لیوے
اور اسکے ادا کرنے مین کوشش کرے تو خدا اسکا مددگار ہے اور جو مال مردم خوری کی نیت سے
لیگا تو خود برباد ہوگا خواہ دنیا مین خواہ آخرت مین مسلمان اور کافر کا قرض برابر ہے
کافر کا مال بھی دبانا درست نہین اسواسطے کہ اس حدیث مین مسلمانکی کچھ خصوصیت نہین ابن
ماجہ مین عبداللہ بن جعفر رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ خدا قرضدار کے ساتھ ہے

ق ۱۵

یہان تک کہ قرض ادا کرے بشرطیکہ نیت بری نہ کرے اسی واسطے محمد اسہ بن جعفر بے حاجت
بھی قرض لیتے تھے تاکہ خدا ہمارے ساتھ رہے اور اسی طرح حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ قرض لیتی تہین کسی نے
کہا کہ آپ کو قرض کی کچھہ حاجت نہین تو کہنے لگین کہ حضرت نے فرمایا کہ جسکی نیت قرض ادا کرنیکی ہوتی ہے
خدا کیطرف سے اُسپر ایک حافظ اور مدد کار رہتا ہے اور اکثر بزرگ قرض سے احتیاط کرتے تھے
اس واسطے کہ مال کی محبت آدمی کے دل مین بہت ہے شاید نیت بدل جاوے تو اب تو کہان پہر عذاب

ق ۱۶ لگے بڑے ق سَعِیْدُ بْنُ زَیْدٍ مَنْ اَخَذَ شِبْرًا مِنَ الْاَرْضِ ظُلْمًا طُوِّقَهٗ اِلٰی سَبْعِ
اَرَضِیْنَ بخاری اور مسلم مین سعید بن زید سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا جو چھین لیگا بالشت بہر
زمین ظلم سے تو اسکی گردن مین اُسی زمین کا طوق ڈالا جاویگا زمین کے ساتون طبق تک ف طبرانی احمدی
یعلی سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جو بالشت بہر زمین کسی کی ظلم سے چھین لیگا خدا اُسی پر یہ
حکم کریگا کہ اُس زمین کو سات طبق تک کھودے پہر اسکے گلے مین قیامت کے دن اُسکا طوق ڈالا جاویگا
یہان تک کہ حساب سے فراغت ہو تو اس حدیث سے معلوم ہوا کہ زمین کھود کر اُسکے گلے مین
مثل طوق پہر یگی تاکہ وہ ظالم سب لوگون کے روبرو فضیحت ہووے اور دوسرے طوق
ہونیکی یہہ صورت ہے کہ ظالم زمین مین دھسایا جاویگا تو زمین مثل طوق ہو جاویگی چنانچہ
اگلی حدیث مین صاف اسکا بیان ہے معلوم ہوا کہ زمین کا غصب کرنا نہایت
سخت گناہ ہے خ ابْنُ عُمَرَ مَنْ اَخَذَ مِنَ الْاَرْضِ شِبْرًا بِغَیْرِ حَقِّهٖ ۱۷ خ

خسفہ

خُسِفَ بِهٖ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ اِلٰی سَبْعِ اَرَضِیْنَ بخاری مین عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے
ق ۱۸ کہ حضرت نے فرمایا کہ جو بالشت بھر زمین ناحق لیگا وہ زمین مین ساتوین طبق تک دھسایا جائیگا ق
اَبُوْھُرَیْرَۃَ مَنْ اَدْرَکَ رَکْعَۃً مِّنَ الصَّلٰوۃِ فَقَدْ اَدْرَکَ الصَّلٰوۃَ بخاری اور مسلم مین ابو
ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جسنے نماز کی ایک رکعت پائی تو اُسنے البتہ نماز پائی
ف اس حدیث کے دو مطلب ہین ایک یہہ کہ جسنے ایک رکعت جماعت مین پائی تو اُسنے جماعت کی
نماز کا ثواب پایا اور دوسرے یہہ کہ جسنے ایک رکعت کی قدر نماز کا وقت پایا تو اُسکی باقی نماز
ادا ہے قضا نہین جیسے کہ صبح کی نماز مین ایک رکعت کی بعد آفتاب طلوع ہوا یا عصر کی وقت ایک
رکعت کے بعد آفتاب غروب ہوا تو نماز ہوگئی اور یہی مذہب ہے امام شافعی کا لیکن امام اعظم کی مذہب مین
ق ۱۹ اس صورت مین عصر کی نماز تو ہوگئی لیکن فجر کی نماز آفتاب نکلنے سے باطل ہوئی ق اَبُوْھُرَیْرَۃَ
مَنْ اَدْرَکَ مَالَہٗ بِعَیْنِہٖ عِنْدَ رَجُلٍ اَفْلَسَ اَوْ اِنْسَانٍ قَدْ اَفْلَسَ فَھُوَ اَحَقُّ بِہٖ
مِنْ غَیْرِہٖ بخاری اور مسلم مین ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جو پاوے اپنا ہوا
مال کسی مفلس مرد پاس یا آدمی مفلس کے پاس تو اُس مال کا وہی زیادہ تر لایق ہے اور قرضدار سے
بہ نسبت ف یعنی جسنے اپنا مال کسیکے ہاتھہ بیچا اور مول لینے والا مفلس اور قرضدار
ہوگیا قیمت نہین دی سکتا تو وہ اپنی مال کو اگر ہو بہو پاوی تو لے لیوے اور بیع کو باطل کردیوے
اور قرضداروں کا اسمین حق نہین اور یہی مذہب ہے امام شافعی کا اور امام اعظم کی نزدیک اس مال کا

بیچنے والا سب فرضداروں کے برابر ہے اُس مال کو بیچ کر سب فرضدار برابر بانٹ لیوین ق ۲۰
سَعْدُ ابْنُ اَبِیْ وَقَّاصٍ مَنِ ادَّعٰی اِلٰی غَیْرِ اَبِیْہِ وَھُوَ یَعْلَمُ اَنَّہٗ غَیْرُ اَبِیْہِ فَالْجَنَّۃُ عَلَیْہِ
حَرَامٌ بخاری اور مسلم مین سعد ابن ابی وقاص رضی سے روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ جو اپنی باپ کو
چھوڑ کسی اور سی نا تا رشتہ لگاوی اور وہ جانتا ہی ہو کہ وہ اِسکا باپ نہین ہے تو اسپر
بہشت حرام ہے ف یعنی جو جان بوجھ کر اپنا باپ چھوڑ دوسرے کو باپ بتلاوی تو وہ شخص
بہشت سے بی نصیب ہے اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جو بعضی شیخ یا مغل آپ کو سید بتلاتی ہین بہت
ق ۲۱ برا کرتی ہین کہ بہشت چھوڑ دوزخ کی تیاری کرتے ہین ق ۲۱ اَبُوْ ھُرَیْرَۃَ مَنْ اَرَادَ اَھْلَ الْمَدِیْنَۃِ
بِسُوْءٍ اَذَابَہُ اللّٰہُ کَمَا یَذُوْبُ الْمِلْحُ فِی الْمَاءِ بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے
روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ جو مدینی کی رہنے والون سی برائی کا قصد کریگا خدا اُسکو
گلا ڈالیگا جیسے نمک پانی مین گلتا ہے ف یزید پلید نے بعد قتل امام حسین کے مدینی پر لشکر
بھیجا تھا ہزارون لوک قتل کئی اور بہت ظلم ہوئی سو خدا نی بموجب مضمون اس حدیث کے ایسا
ق ۲۲ اُسکو جلد مٹا ڈالا کہ کچھ اسکا نام و نشان باقی نرہا ق ۲۲ عَدِیُّ بْنُ حَاتِمٍ مَنِ اسْتَطَاعَ
مِنْکُمْ اَنْ یَسْتَتِرَ مِنَ النَّارِ وَلَوْ بِشِقِّ تَمْرَۃٍ فَلْیَفْعَلْ بخاری اور مسلم مین عدی رضی اللہ عنہ
حاتم طائی کے بیٹے سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تم لوگون مین سی جس سے ہو سکے دوزخ سی
چھپنا یعنی بچ رہنا کھجور کی پھانک ہی دیکر سہی تو اسکو کیا چاہئی ف یعنی خیرات

کرنا دوزخ کی آگ سی بچانا ہے تھوڑی بہت کا خیال نچا ہئی یہاں تک کہ کھجور کی پہانک برابر
بھی دینا دوزخ سے روکیگا خدا نیت خالص کو دیکھتا ہے چنانچہ دوسری حدیث مین آیا ہے کہ ایک عورت
بدکار نی پیاسی کتی کو پانی پلایا اسی سبب سے بخشی گئی م ۲۳ مَرْ جَابِرٍ مَنِ اسْتَطَاعَ مِنْكُمْ اَنْ
م یَنْفَعَ اَخَاهُ فَلْيَفْعَلْ مسلم مین جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تم لوگون مین
جسسے ہوسکے اپنی بہائی مسلمان کو فائدہ پہنچانا تو کیا چاہئے ف جابر رضی اللہ عنہ سے
روایت ہے کہ حضرت نی منتر کرنا منع فرمایا میرے بہائی کو بچھو کا منتر آتا تہا اُس نے کہا کہ یارسول اللہ
آپنے منتر منع کیا مجھکو بچھو کا منتر آتا ہے حضرت نی فرمایا کہ اُس منتر کو میری آگے تو پڑہ
اُس نے پڑہا حضرت نی اُسکو اجازت دی اور یہہ حدیث فرمائی اور فرمایا کہ جس منتر مین شرک
اور کفر کا مطلب نہو تو وہ منتر درست ہے شرک یہہ کہ خدا کے سوا کسی اور کو حاضر ناظر جانے
اور اُسسے مدد مانگے جسطرح اکثر منتر دیکھنے مین ہوتا ہے چنانچہ لونا چمارن اور کلوا بیرکی دہائی کہ ایسے
منتر صاف کفر مین انکا کرنا ہرگز ہرگز درست نہین اس حدیث سے معلوم ہوا کہ دعا علاج کرنا اور
جہاڑ پہونک کرنا بشرطیکہ خلاف شرع نہو تو درست ہے م ۲۴ عَدِيِّ بْنِ عُمَيْرَةَ مَنِ اسْتَعْمَلْنَاهُ
م مِنْكُمْ عَلَى عَمَلٍ فَكَتَمَنَا مِخْيَطًا فَمَا فَوْقَهُ كَانَ غُلُولًا يَاْتِي بِهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ
مسلم مین عدی بن عمیرہ سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جسکو ہم عامل کرین اور کچھہ کام لین
پھر وہ چھپا رکھی ہمسے ایک سوئی یا اُس سے زیادہ کوئی اور چیز تو یہہ بھی چوری مین داخل ہے

قیامت کی دن اسکو لے آویگا یعنی قیامت مین اسکی چوری ظاہر ہوگی اسکو فضیحت کرینگی

ف اس حدیث سے معلوم ہوا کہ تحصیل دار یا کسی کارخانہ کے داروغہ کو مالک کے بہ دن مرضی سوئی برابر چیز بھی اپنے خرچ مین لانا درست نہین کہ صاف چوری ہے جسکو قیامت مین خدا اور رسول کو منہ دکھلانا ہو وہ بیگانی چیز سے بچتا رہے اسکو آسان نہ سمجھے خ ۲۵

ابن عباس من استمع الی حدیث قوم وھم له کارھون او یفرون منه صب فی اذنیه الانک یوم القیمة بخاری مین عبد اللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جو کان لگاوی کسی قوم کی بات سنے کی واسطے اور اسکا سننا انکو برا لگتا ہو یا وہ اُسے بہاگتی پھرتے ہون اُسکے دونون کانون مین پگھلا شیشہ پلایا جاوی کا قیامت کے دن ف یہہ عذاب اس واسطے ہوا کہ اُسنے کان سے لوگون کو رنج دیا

ق ۲۶ ابن عباس من اسلم فی تمر فلیسلم فی کیل معلوم ووزن معلوم الی اجل معلوم بخاری مین عبد اللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جو بیع سلم کری کھجور مین یعنی قیمت اگی سی دیدے کچھ اور مال ایک مدت کی بعد لیوی تو چاہئی کہ پیمانہ ٹھہرا لے اور تول ٹھہرائی ہو ایک مدت معین تک ف جب حضرت مکی سی مدینی مین تشریف لائی تو دیکھا کہ وہان کی لوک بیع سلم کرتے تھے تول اور مدت مین جھگڑا ہوتا تھا تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی ہر چند حدیث مین کھجور کا ذکر ہے اس واسطے کہ مدینی مین بہی بہت

پیدا ہوتی ہے لیکن بیع سلم کرنا اکثر چیزہین درست ہے بشرطیکہ تول اور ماپ اور مدت مقرر ہو گئی
ہو اسطرح کہ تیس سیر گیہون یا چالیس سیر ایک مہینے کی بعد یا دو مہینے کی بعد فقہ مین اسکی
سب شرطین مذکور ہین امام اعظم کی نزدیک کمتر مدت مہینہ بھر ہے اور جو بعضی جگہہ معمول ہے
کہ قیمت اگی سی دی کر کہتی ہین کہ جو فصل مین زیادہ بہاو ہوگا وہی ہم لیوین گے اس حدیث سے
معلوم ہوا کہ درست نہین اسواسطے کہ اسمین تول مقرر کرلینا ضرور ہے زیادہ بہاو کچھہ معین
چیز نہین کبھی مثلاً تیس سیر بہاو ہوا کبھی چالیس ہندوستان مین بیع سلم کو بعضی ملک
مین بدنی اور کھوٹی کہتی ہین اہل کتاب مشاری ہین اس حدیث کی روایت حضرت عایشہ سے
لکھی ہے سو خطا ہے اس واسطے کہ بخاری اور مسلم مین اس حدیث کی عبداللہ ابن عباس سے
روایت ہے حضرت عایشہ سی نہین خ ۲۷ اَبُوْهُرَيْرَةَ مَنْ اَشَارَ اِلٰى اَخِيْهِ بِحَدِيْدَةٍ
فَاِنَّ الْمَلَائِكَةَ تَلْعَنُهٗ وَاِنْ كَانَ اَخَاهُ لِاَبِيْهِ وَاُمِّهٖ بخاری مین ابوہریرہ رض
سے روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ جو اپنے بہائی مسلمان کی طرف لوہے سے اشارہ کری
یعنی تلوار یا برچھی سی تو مقرر فرشتے اسکو لعنت کرتی ہین اگرچہ اسکا سگا بہائی ہو ف
اشارہ کرنا یعنی ہتیہار سی دھمکانا مسلمان کو درست نہین کہ شاید زیادہ غصہ سی نوبت
قتل کی پہنچی اور سگے بہائی کی ساتھہ ہرچند ظاہر مین احتمال قتل کا نہین تو بھی اسکی
طرف ہتیہار سی اشارہ کرنا حلال نہین اور جب کہ صرف ہتیہار کی اشارہ کرنے سے

خ ۲۷

مر

فرشتے اسپر لعنت کرتی ہین تو خیال کیا چاہیے کہ ناحق خون کا کتنا بڑا عذاب ہوگا مر
اَبُوْھُرَیْرَۃَ مَنِ اشْتَرٰی طَعَامًا فَلَا یَبِعْہُ حَتّٰی یَکْتَالَہٗ مسلم مین ابوہریرہ
سے روایت ہے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا کہ جو اناج مول لیوی تو اسکو نہ بیچے
جب تک اُسکو نہ تولے اور قبضہ نکری ف مروان اپنی حکومت مین سپاہیون کو
تنخواہ مین چٹھیان لکھہ دیتا کہ اتنا اناج فلانے پر گنے فلانے گانون سی لے لو سپاہی
لوک بدون اناج لئی لوگون کی ہاتھہ وہ چٹھیان بیچ ڈالتے تب ابوہریرہ نی مروان سے
کہا کہ تو نے بیاج حلال کردیا کہ بدون قبضہ ہوئی لوک اناج کی چٹھیان بیچ ڈالتی ہین مین نی
حضرت سی یہہ حدیث سنی کہ بدون قبضہ ہوئی اناج بیچنا درست نہین پھر مروان نی منع
کردیا ق وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ مَنِ اشْتَرٰی مُحَفَّلَۃً فَرَدَّھَا فَلْیَرُدَّ مَعَھَا صَاعًا ق
بخاری اور مسلم مین عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ جسنے گائے
یا بکری مول لی جسکا دودہ اُسکے مالک نی کئی دن نہین دوہا تاکہ بہت دودہ اُسمین معلوم ہووے
پھر مول لینی والا اُسکو پھیرا چاہے تو اُسکے ساتھہ ایک صاع غلہ یا کھجور بھی دیوے
یعنے دودہ کے بدلے ف صاع لکھنو کی حساب سے ایک چھٹانک تین سیر ہوتا ہے
امام شافعی و احمد و مالک کا یہی مذہب ہی کہ جب فریب ثابت ہو تو پھیر دیوی اور
ایک صاع دودہ کی بدلی ادا کرے امام اعظم کی نزدیک تھنون مین دودہ بند کرکے

بیچنا ایسا عیب نہین جس سی کای بکری کا پہیر دنیا پہنچے بلکہ بقدر تفاوت دودہ کی
قیمت کو کم کر ڈالنا چاہئی حنفی کہتی ہین کہ یہہ حدیث اور احادیث اور کلیات شرع کی مخالف
ہے تو تاویل کی لایق ہے واللہ اعلم **ص** اَبُوْھُرَیْرَۃَ مَنْ اَطَاعَنِیْ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰہَ
وَمَنْ عَصَانِیْ فَقَدْ عَصَی اللّٰہَ وَمَنْ اَطَاعَ اَمِیْرِیْ فَقَدْ اَطَاعَنِیْ وَمَنْ عَصَی
اَمِیْرِیْ فَقَدْ عَصَانِیْ مسلم مین ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سی روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا
کہ جس نے میری اطاعت کی تو مقرر اُسنے خدا کی اطاعت کی اور جسنی میرا خلاف کیا اور کہنا نہ مانا
اُس نی بی شک خدا کا کہنا نہ مانا اور جسنے میرے حاکم کا کہنا مانا اُس نی بی شبہ میرا کہنا مانا
اور جس نے میری حاکم کا کہنا نہ مانا اُسنے مقرر میرا کہنا نہ مانا **ف** اس حدیث سی معلوم
ہوا کہ اطاعت خدا کی بدون حضرت کی اطاعت کی ممکن نہین اسواسطے کہ خدا کی مرضی اور نامرضی
ہمکو حضرت سی معلوم ہوئی بعضی لوگ جو کہتی ہین کہ خدا ہی جانے کہ خدا کس بات مین راضی
ہے سو یہہ لوگ یا تو احمق اور جاہل ہین یا پیغمبر کے منکر ہین اسواسطے کہ تمام قرآن اور حدیث سی
یہہ بات خوب ثابت ہے کہ خدا کی رضامندی اور خدا کی اطاعت بدون اطاعت شریعت محمدی کے
ممکن نہین سو جو شخص خدا کی محبت اور خدا کی تابعداری کا دعوی کرے اور شریعت محمدی پر
نہ چلے وہ شیطان ہے بصورت انسان آور چون کہ دین کا غلبہ بدون اجماع اور حاکم
ممکن نہین اس واسطے حاکم عادل کی اطاعت واجب ہوئی لیکن حضرت کی اطاعت ہر قول و

فعل مین واجب ہے اور حاکم کی اطاعت خلاف شرع کام مین واجب نہین اسواسطے کہ حضرت صلی اللہ
علیہ وسلم خطاسی معصوم ہین اور حاکم معصوم نہین م ۳۱ ابوہریرہ مَنِ اطَّلَعَ فِی
بَیْتِ قَوْمٍ بِغَیْرِ اِذْنِہِمْ فَقَدْ حَلَّ لَہُمْ اَنْ یَفْقَؤُا عَیْنَہٗ مسلم مین ابوہریرہ
رضی اللہ عنہ سی روایت ہی کہ حضرت نی فرمایا کہ جو شخص کسی قوم کی گہر مین جہانکے بدون
انکی اجازت کی تو البتہ انکو حلال ہے اُسکی انکہہ پھوڑ ڈالین ف اِس حدیث سے معلوم
ہوا کہ بدون اجازت کسی کے گہر مین جہانکنا حرام ہے اور گہر والے کو اسکا منع کرنا
اور اینٹ پتھر مارنا درست ہے اگر اُسکی انکہہ پھوٹ جاوے تو امام شافعی کی نزدیک خون بہا
نہین لیکن امام اعظم کی نزدیک خون بہا ہے اُنکے نزدیک حدیث کا یہہ مطلب کہ جہانکنے والا
اس لایق ہے کہ اگر نہ مانے تو اُسکی انکہہ پھوڑ ڈالے اور یہہ نہین کہ اگر انکہہ پھوڑی
تو خون بہانہ دیوی ف ۳۲ ابوہریرہ مَنْ اَعْتَقَ رَقَبَۃً مُؤْمِنَۃً اَعْتَقَ اللّٰہُ بِکُلِّ
اِرْبٍ مِنْہَا اِرْبًا مِنْہُ مِنَ النَّارِ بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سی روایت
ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ جو لونڈی غلام مسلمان کی گردن آزاد کریگا تو حق تعالی بدلے ہر جوڑ
جوڑ غلام کی جوڑ جوڑ آزاد کرنے والے کا دوزخ سے آزاد کریگا ف لونڈی غلام کا
آزاد کرنا عمدہ عبادت ہے اور اتنا ثواب ہے کہ آزاد کرنیوالا دوزخ سے آزاد ہوتا ہے اس
حدیث سی معلوم ہوتا ہے کہ غلام اندہا یا لنگڑا لولا نچاہیئے صحیح سالم ہوتا کہ جوڑ

جوڑا زاد کرنے والی کا آزاد ہو دی ق ۳۲ ابو ھریرۃ من اعتق شقیصا من مملوکہ
فعلیہ خلاصہ فی مالہ فان لم یکن لہ مال قوم المملوک قیمۃ عدل
ثم استسعی غیر مشقوق علیہ بخاری اور مسلم میں ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سی روایت ہے
کہ حضرت نی فرمایا کہ جو اپنا حصہ ساجھی کے غلام سی آزاد کرے تو اسپر ضرور ہے اپنی مال سے سکو بالکل
خلاص کروا دینا یعنی اور شریکون کے حصی اپنے مال سی ادا کری اور اگر آزاد کرنیوالا مالدار نہو تو
اس غلام کی واجبی قیمت ٹہرائی جاوی پہر بقدر حصی اور شریکون کی غلام سی نوکری اور مزدوری
کروائی مگر اسپر جیرمانڈالی ف یعنی اگر ایک غلام کی کئی مالک ہون انمین سی ایک شخص اپنا حصہ
آزاد کری اگر وہ مالدار ہے تو غلام اسیوقت بالکل آزاد ہوگیا اور شریکون کی حصی اپنے
مال سی ادا کرے اور یہی مذہب امام شافعی اور احمد اور ابی یوسف اور محمد کا ہے اور امام
اعظم کی نزدیک اور شریک مختارہین چاہین اپنے حصی کی موافق اس غلام سی محنت کروالین
اور چاہین آزاد کرنیوالی سی قیمت کا دعوی کرین اور چاہین اپنے حصی کو آزاد کردین اور اگر آزاد
کرنے والا محتاج اور مفلس ہو تو شافعی اور احمد کا یہہ مذہب ہے کہ اسکے بقدر حصہ آزاد ہوا
باقی حصون کی قدر غلام سے اور شریکون کو نہین پہنچتا کہ اس سے محنت کروالین یا آزاد
کرنیوالے سے قیمت کا دعوی کرین لیکن یہہ مذہب ظاہر اس حدیث کی خلاف ہے اور امام اعظم
اور ابی یوسف اور محمد کا یہہ مذہب ہے کہ اور شریک بقدر اپنی حصون کی غلام سی محنت مزدوری

ق

کرواکی اپنی قیمت بھر لیوین چنانچہ یہہ حدیث انکی مذہب کی صاف دلیل ہے اور یہہ جو

ق ۳۴ فرمایا کہ غلام پر جبر کریں یعنی شتابی کریں اور اپنی حق سی زیادہ نہ مانگیں ق ۳۴ ابن عمر

مَنْ اَعْتَقَ عَبْدًا بَيْنَهُ وَبَيْنَ اٰخَرَ قُوِّمَ عَلَيْهِ فِيْ مَالِهٖ قِيْمَةَ عَدْلٍ

لَا وَكْسَ وَلَا شَطَطَ ثُمَّ عَتَقَ عَلَيْهِ اِنْكَانَ مُوْسِرًا بخاری اور مسلم مین روایت

ہے عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سی کہ حضرت نی فرمایا کہ جو شخص کے غلام کو آزاد کری تو

اسکے مال سی دوسرے شریک کی حصیکے موافق منصفی سی قیمت ٹہرای جاوی نہ گھٹاکر نہ بڑہاکر بشرطیکہ

وہ مالدار ہو پہر وہ غلام اسی کی طرف سی آزاد ہو گا یعنی غلام آزاد کے مرنے کے بعد اسکے

ق ۳۵ مال کا آزاد کرنے والا مالک ہے ق ۳۵ جَابِرٍ مَنْ اَعْمَرَ رَجُلًا عُمْرٰى لَهٗ وَلِعَقِبِهٖ

فَقَدْ قَطَعَ قَوْلُهٗ حَقَّهٗ فِيْهَا وَهِيَ لِمَنْ اَعْمَرَ وَلِعَقِبِهٖ بخاری اور مسلم مین جابر

رضی اللہ عنہ سی روایت ہے کہ جنی کسی کو گہر دی ڈالا عمر بھر کو تو وہ شخص اور اسکے وارث

اس گہر کی مالک ہو گئی سو دینی والی کی اس بات نی اسکی حق کو کاٹ دیا اور وہ گہر اسی کا

ہو گیا جسکو دیا اور اسکے وارثون کا ف یعنی جسنے عمر بھر کو کسی کو گہر دیا تو وہ گہر اسی کا

ہو گیا اسکے مرنے کی بعد اسکی وارث پاوین گے دینے والا نہین پا سکتا ع ۱۲ اَبُوْعَبْسٍ

عَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ جَبْرٍ مَنْ اَغْبَرَّتْ قَدَمَاهُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَى النَّارِ

بخاری مین روایت ہے عبدالرحمن بن جبر سی کہ حضرت نی فرمایا کہ راہ خدا مین جسکے پیر گرد مین بہرے

خدا فی اسپر دوزخ حرام ہی ف راہ خدا مین یعنی جہاد حج مین یا سب عبادتون مین لیکن
فی سبیل اللہ جہاد مین زیادہ تر مستعمل ہے مر ۳۴ ابو ہریرۃ من اغتسل ثم اتی الجمعۃ مر
فصلی ما قدر لہ ثم انصت حتی یفرغ من خطبتہ ثم یصلی معہ غفر لہ ما
بینہ وبین الجمعۃ الاخری وفضل ثلاثۃ ایام مسلم مین روایت ہے ابو
ہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہ حضرت نی فرمایا کہ جو نہایا پہر نماز جمعہ کے واسطی مسجد مین آیا پہر اس نی
پڑھین جتنی اسکی قسمت مین تہین پہر چپکا بیٹہہ رہا یہان تک کہ امام خطبہ پڑھ چکا پہر امام کی ساتہہ
نماز فرض پڑھی اسکی مغفرت ہوئی اسوقت سی دوسرے جمعہ تک اور تین دن اور بہی ف
یعنی جنسے یہہ سب کام کئی اوسکے دس روز کی گناہ معاف ہوئی اس واسطی کہ ایک نیکی کا دس گنا
ثواب ہے جمعہ کا غسل سنت ہے اور خطبی کی وقت چپ رہنا فرض ہے ق ۳۵ ابو ہریرۃ من ق
اغتسل یوم الجمعۃ غسل الجنابۃ ثم راح فکانما قرب بدنۃ ومن
راح فی الساعۃ الثانیۃ فکانما قرب بقرۃ ومن راح فی الساعۃ الثالثۃ
فکانما قرب کبشا اقرن ومن راح فی الساعۃ الرابعۃ فکانما قرب دجاجۃ
ومن راح فی الساعۃ الخامسۃ فکانما قرب بیضۃ فاذا خرج الامام حضرت
الملائکۃ یستمعون الذکر بخاری اور مسلم مین روایت ہے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سی کہ حضرت
فرمایا کہ جو نہایا جمعہ کی دن جیسی ناپاکی کی واسطی نہاتے ہین یعنی خوب نہایا اور ہر جگہہ پانی پہنچایا

پہر دوپہر ڈھلی اول وقت مسجد مین آیا تو جیسے اُسنے اونٹ قربانی کیا اور جو دوسری گھڑی آیا تو
اُسنے جیسی گای بیل قربانی کیا اور جو تیسری گھڑی آیا تو اُسنے جیسی سینگ والا مینڈھا قربانی
کیا اور جو چوتھی گھڑی آیا تو اُسنے جیسی مرغی قربانی کیے اور جو پانچوین گھڑی آیا تو اُسنے جیسے
ایک انڈا خدا کی راہ مین دیا پھر جب امام خطبہ پڑھنی کی واسطی نکلا تو فرشتے خطبی اور نماز کی
سننے کو دروازہ چھوڑ مسجد مین آجاتی ہین ف فرشتے جمعہ کی دن مسجدون کے دروازون پر
لکھتے جاتی ہین کہ کون آگے آیا اور کون پیچھی اور خطبی کی وقت مسجد مین آجاتی ہین مسلمانون کو
لازم ہے کہ جمعہ کو جلد مسجد مین حاضر ہوا کرین جلد جاوین گے اتنا بہت ثواب پاوین گے ع
سَلْمَانُ مَنِ اغْتَسَلَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَتَطَهَّرَ بِمَا اسْتَطَاعَ مِنْ طُهْرٍ ثُمَّ ادَّهَنَ
أَوْ مَسَّ مِنْ طِيبِ ثُمَّ رَاحَ فَلَمْ يُفَرِّقْ بَيْنَ اثْنَيْنِ فَصَلَّى مَا كُتِبَ لَهُ ثُمَّ إِذَا خَرَجَ
الْإِمَامُ أَنْصَتَ غُفِرَ لَهُ مَا بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْجُمُعَةِ الْأُخْرَى بخاری مین سلمان رض سے
روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ جو نہایا جمعہ کے دن اور پاک صاف ہوا جتنی صفائی اُسسے
ہوسکے یعنی حجامت بنوائی اور سفید کپڑی پہنے پہر تیل لگایا یا خوشبو پہر دوپہر ڈھلے مسجد
مین گیا سو دو ملے بیٹھون کو اُسنے نہ چیرا پہر نماز پڑھی جتنی اُس کی قسمت مین تھی یعنی تحیۃ المسجد
اور سنتین پہر جب امام منبر پر آیا تو وہ چپکا خطبہ سنتا رہا تو اُس شخص کی مغفرت ہوگئی اُس
وقت سے پچھلے جمعہ تک ف بعضی لوگون کی عادت ہے کہ جمعہ کے دن دیر کرآتی ہین اور

صفین چیرتی لوگون کو تکلیف دیتی اول صف مین جاتی ہین اس حدیث سی معلوم ہوا کہ صف
چیرنا درست نہین یا پہلی سی اول صف مین بیٹھہ رہے یا پہر جہان جگہہ پاوی وہین بیٹھہ جاوے
مر وائل ابن حجر من اقتطع ارضا ظالما لقی اللہ وھو غضبان مسلم مین روایت ہے
وائل بن حجر رضی اللہ عنہ سی کہ حضرت نی فرمایا کہ جو چھین لیگا کسی کے زمین ظالم بن کر ملیگا اللہ سے
قیامت مین اور خدا اسپر نہایت غضبناک ہوگا مر ابو امامۃ ایاس بن ثعلبۃ الحارثی رضی اللہ عنہ
من اقتطع حق امرئ مسلم بیمینہ فقد اوجب اللہ لہ النار وحرم علیہ الجنۃ
فقال لہ رجل وان کان شیئا یسیرا یا رسول اللہ قال وان کان قضیبا
من اراک مسلم مین روایت ہی ایاس بن ثعلبہ رضی اللہ عنہ سی کہ حضرت نی فرمایا کہ جو چھین لیگا
حق کسی مسلمان کا جھوٹی قسم کہاکر سو اللہ نی بی شک اسکے لئی دوزخ ٹہراکہی اور بہشت اسپر
حرام کی تو ایک آدمی نی کہا یا رسول اللہ بہلا وہ تہوڑی چیز ہو تو بہی حضرت نی فرمایا کہ ہان اگرچہ
پیلو کی ٹہنی ہو ق سفیان بن ابی زہیر من اقتنی کلبا لا یغنی عنہ زرعا ولا
ضرعا نقص من عملہ کل یوم قیراط بخاری اور مسلم مین روایت ہے سفیان ابن ابی زہیر
رضی اللہ عنہ سی کہ حضرت نی فرمایا کہ جو کتا رکہی نہ اسکا کہیت بچاوی نہ بہیڑ بکری رکہاوے
گہٹتی جاوین گی ہر روز اسکے نیک کام پانچ پانچ جو کے برابر ف یعنے کتا پالنا تین کام کے لئے
رخصت ہے ایک تو کہیت رکہانی کو دوسرے بہیڑ بکری بچانی کو تیسرے شکار کی واسطے چنانچہ

یہہ مطلب اور حدیث مین آیا ہے ان تین کامون کی سوای کچا پالنا نہین درست کہ نیک عمل
مٹتے جاتے ہین ق جابرؓ من اکل البصل والثوم والکراث فلا یقربن
مسجدنا فان الملائکۃ تتاذی مما یتاذی منہ بنو آدم بخاری اور مسلم مین
جابر رضی اللہ عنہ سی روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ جو پیاز اور لسن اور گندنا کہا وی سو ہماری
مسجد کی نزدیک ہرگز نہ آوی اس واسطی کہ فرشتون کو اس چیز سی یعنی بدبو سی تکلیف ہوتی ہے
جس سے آدمیون کو تکلیف ہوتی ہے ق جابرؓ من اکل ثوما او بصلا فلیعتزلنا
او لیعتزل مسجدنا ولیقعد فی بیتہ بخاری اور مسلم مین روایت ہے جابر رضی اللہ
عنہ سے کہ حضرت نی فرمایا کہ جو لسن یا پیاز کہاوی وہ ہم سی الگ رہے یا ہماری مسجد سے
الگ رہے اور اپنے گہر مین بیٹھہ رہے ف پیاز لسن گاچا کہانا مکروہ ہے اور اسکو کہاکر
مسجد مین جانا اور بہی برا آنام نووی نی شرح صحیح مسلم مین لکہا ہے کہ مولی بہی پیاز لسن کے
برابر ہے کہ اسکی ڈکار مین بہی بدبو آتی ہے اگر پیاز لسن کو پکاوی یا سرکہ مین ڈال کر
بو دور کرے تو کہانا درست ہے م سعد بن ابی وقاص من اکل سبع تمرات
تمایاتین لا یضرہ سم حتی یمسی مسلم مین روایت ہے سعد بن
ابی وقاص سی کہ جو شخص کہجور صبح کو کہاوی ان درختون کی جو دونون طرف مدینی کی پتھریلی
زمین مین ہین تو شام تک اسکو کوئی زہر ضرر نکری ف یہہ حضرت کی دعا برکت ہے

ق

ق ۴۶ انس و ابو ہریرۃ من اکل من ھذہ الشجرۃ فلا یقربن مسجدنا ق ۴۷

بخاری اور مسلم مین روایت ہے انس اور ابو ہریرہ رضی اللہ عنہما سی کہ حضرت نی فرمایا کہ جو اس درخت یعنی لسن سی کہاوی وہ ہماری مسجد مین نہ آوی ق ۴۸ ابو ہریرۃ من امسک کلبا فانہ ینقص کل یوم من عملہ قیراط الا کلب حرث او ماشیۃ بخاری

اور مسلم مین روایت ہے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سی جو رکھیگا کتی کو اوسکے نیک کام پانچ پانچ جو کے برابر روز گھٹتے جاوینگے لیکن کھیت اور گای بکری کے رکھوالے کے لئی کتا رکھنا درست ہے

چنانچہ اس کا بیان پہلی حدیث مین ہو چکا ق ۴۹ ابو ہریرۃ من انظر معسرا او وضع لہ اظلہ اللہ تحت ظل عرشہ یوم لا ظل الا ظلہ مسلم مین روایت ہے ابو ہریرہ رضہ سے

کہ حضرت نی فرمایا کہ جو محتاج قرضدار کو رعایت کرے یعنی تنگ کرے کہے جب میسر ہو تو دینا یا قرض مین سے کچھ چھوڑ دے تو اسکو خدا اپنے عرش کے سایہ کے نیچے رکھی گا جس دن کہین سایہ نہی گا سوای اوسکے سایہ کے یعنے قیامت کی دن ق ۵۰ ابو ہریرۃ من انفق زوجین فی سبیل اللہ دعاہ خزنۃ الجنۃ کل خزنۃ باب تقول ای قد ھلم فقال ابو بکر رضی اللہ عنہ یا رسول اللہ ذاک الذی لا نوی علیہ قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انی لارجو ان تکون منھم بخاری اور مسلم مین روایت ہے

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سی کہ حضرت نی فرمایا کہ جو شخص جوڑا دیگا خدا کی راہ مین بلا دینگے اوسکو

ق ۴۸ فضیلت مسجد و حکم بعض مسائل متعلق بآن

ق ۴۹ حکم قرض و بعض مسائل متعلق بآن

ق ۵۰

بہشت کی چوکیدار سب چوکیدار بہشت کے دروازون کی کہینگے او ہیان کہ فلانی ادھر آئے تو ابوبکر
صدیق رضی نے عرض کیا کہ یارسول اللہ اس شخص کو تو کسی طرح توٹا نہین فرمایا رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم نے کہ البتہ مجھکو امید ہے کہ تو انہین لوگون مین ہے جن کو سب بہشت کی فرشتی خوشی سی بلاوینگے

ف جوڑا خرچ کرنے یعنی دو اشرفی دے یا دو روپئے یا دو پیسے یا دو کوڑی یا دو کپڑی یا دو ٹیان

اسی طرح ہر چیز کا جوڑا اس حدیث سے بڑی فضیلت ابی بکر صدیق کی اور بہشتی ہونا انکا ثابت ہوا

خ ابن عباس من بدل دینہ فاقتلوہ بخاری مین روایت ہے عبداللہ بن عباس
رضی اللہ عنہ سی کہ حضرت نے فرمایا کہ جو مسلمان اپنا دین بدل ڈالی یعنی مرتد ہوجاوے تو اسکو
مار ڈالو ف امام شافعی کی نزدیک مرتد مرد ہو یا عورت بموجب اس حدیث کے واجب القتل ہے
اور امام اعظم کی نزدیک مرتد عورت کو قتل کرنا نہین درست اسواسطی کہ اور حدیث مین عورت کا
قتل منع ہے ق عثمان من بنی للہ مسجدا یبتغی بہ وجہ اللہ بنی اللہ
لہ مثلہ فی الجنۃ بخاری اور مسلم مین روایت ہے عثمان رضی اللہ عنہ سی کہ حضرت نے فرمایا
کہ جو اللہ کی واسطی مسجد بنادی اور اسے صرف اللہ کی رضامندی چاہے نام غرض نہو تو اللہ اسکے
لئی ویسا کہر بہشت مین بنادی گا م ابوہریرۃ من تاب قبل طلوع الشمس من
مغربہا تاب اللہ علیہ مسلم مین روایت ہے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سی کہ حضرت نے فرمایا
کہ جو توبہ کری پچھم سی سورج نکلنے کی پہلی تو خدا اسکی توبہ قبول کرتا ہے ف قیامت سے پہلے

سورج

سورج مغرب کی طرف سی نکلیگا تو قیامت کا ہونا سب پر کہل جائیگا پہر توبہ کا دروازہ بند ہوگا

م ابن عباس سی من تعلم بعلم یرید بہ وجہ اللہ لم یکلف ان یعقد علیہ بابن شعبتین

ولن یفعل مسلم ہین روایت ہی عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سی کہ حضرت نی فرمایا

کہ جو شخص کہ اپنی طرف سی بنا کر خواب بیان کریگا اسپر حکم ہوگا کہ دو جو کو گرہ دیکر جوڑے

اور یہہ کبھی نہو سکے گا **ف** یعنی نہ دو جو ہین گرہ پڑ سکے گی نہ اس سی عذاب موقوف ہوگا

**ق** ابو ہریرہ سی من تردی من جبل فقتل نفسہ فہو فی نار جہنم

یتردی فیہا خالدا مخلدا فیہا ابدا ومن تحسی سما فقتل نفسہ فسمہ

فی ید یتحساہ فی نار جہنم خالدا مخلدا فیہا ابدا او من قتل نفسہ

بحدید فحدیدتہ فی ید یتوجاہا فی بطنہ فی نار جہنم خالدا

مخلدا فیہا ابدا بخاری اور مسلم ہین ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سی روایت ہی حضرت نی

فرمایا کہ جس نی اپ کو پہاڑ پر سی گرا کر مار ڈالا تو وہ دوزخ کی اگ مین اونچی مکانون سی

گرا کر یگا پڑا رہے گا اسمین سدا اور جو زہر پیکر اپنی جان مار یگا تو اسکے ہاتہہ مین زہر

رہے گا دوزخ کی اگ مین ہمیشہ اسکو پیا کرے گا مدام اور جو اپنی جان کو لوہی کی ہتہیار سی

مار یگا تو وہ ہتہیار اسکے ہاتہہ مین ہوگا دوزخ کی اگ مین سدا اپنے پیٹ مین اسکو بہوکا کریگا

ہمیشہ **ف** یعنی جس چیز سی اپنی جان مارے گا دوزخ مین اسپر اسی چیز کا عذاب

ہوا کرے گا اگر جان مارنی کو وہ شخص حلال جانتا تھا تو سچ مچ ہمیشہ دوزخ مین رہیگا
اور اگر حلال نہین جانتا تھا تو وہ ہمیشہ دوزخ مین نہ رہیگا لیکن مدت کو بھی سدا لمبی لیتے ہین

ق بُرَیْدَۃَ بْنِ الْحُصَیْبِ مَنْ تَرَکَ صَلٰوۃَ الْعَصْرِ فَقَدْ حَبِطَ عَمَلُہٗ بخاری اور ق

مسلم مین بریدہ رضی اللہ عنہ سی روایت ہے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جسنے عصر کی
نماز چھوڑی اسکا کیا اکارت ہوا ف قرآن اور حدیث مین نماز عصر کی نہایت تاکید
ہے اسواسطے کہ یہہ وقت غفلت کا ہے لوگ اسوقت بازار مین مشغول ہوتی ہین سیر کو
نکلتے ہین نماز اکثر قضا ہو جاتی ہے تو مسلمان کو لازم ہی کہ نماز عصر کا زیادہ تر خیال رکھے

ایسا نہو کہ عمل اکارت ہوا سواسطے کہ ہر روز فرشتے عصر کے وقت نامۂ اعمال آسمان پر لیجاتی ہین ق ق ۵۶

سَعْدِ بْنِ اَبِیْ وَقَّاصٍ مَنْ تَصَبَّحَ بِسَبْعِ تَمَرَاتٍ عَجْوَۃٍ لَمْ یَضُرَّہٗ ذٰلِکَ الْیَوْمَ
سَمٌّ وَّلَا سِحْرٌ بخاری اور مسلم مین سعد بن ابی وقاص رضی سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جو
صبح کو سات کھجور عجوہ کھاوے تو اسدن اسکو کوئی زہر اور جادو ضرر نکرے گا ف

عجوہ ایک عمدہ قسم کھجور کی ہے مدنے مین خ ۵۷ ق ۵۷

اَبُوْھُرَیْرَۃَ مَنْ تَصَدَّقَ بِعَدْلِ
تَمْرَۃٍ مِّنْ کَسْبٍ طَیِّبٍ وَلَا یَقْبَلُ اللّٰہُ اِلَّا الطَّیِّبَ فَاِنَّ اللّٰہَ یَتَقَبَّلُھَا بِیَمِیْنِہٖ
ثُمَّ یُرَبِّیْھَا لِصَاحِبِھَا کَمَا یُرَبِّیْ اَحَدُکُمْ فَلُوَّہٗ حَتّٰی تَکُوْنَ مِثْلَ الْجَبَلِ
بخاری مین روایت ہے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سی کہ حضرت نے فرمایا کہ جو صدقہ دیگا کھجور کی برابر

حلال روزی سی اور اللہ قبول ہی نہین کرتا سوا ی حلال کے سو اُسکو خدا قبول فرماتا
ہے رحمت کی داہنے ہاتھ سے پھر اُسکو پالا کرتا ہے دینی والے کے واسطے جیسے تم اپنے
بچھڑے کو پالتے ہو یہان تک کہ اس تھوڑی چیز کو بڑھاتا ہے کہ وہ پہاڑ کی برابر ہو جاتی
ہے ف یعنی اگر حلال مال تھوڑا ہی راہ خدا مین دے تو اُسکا ثواب بے حساب ہے اس
حدیث سی کئی فائدے معلوم ہوئے اول یہہ کہ حرام مال سی اگر لاکھون روپے خرچ کرے خدا
اُسکو ہرگز نہین قبول کرتا دوسرے یہہ کہ حلال مال سی ایک کوڑی دینا لاکھ روپے کے
برابر ہے بلکہ اُس سے بھی زیادہ تیسرے یہہ کہ مسلمان للہ خرچنے مین حلال مال کا دھیان رکھی
تھوڑے بہت کا خیال نکری ثم ابو ھریرۃ من تطھر فی بیتہ ثم مضی فی
بیت من بیوت اللہ لیقضی فریضۃ من فرائض اللہ کانت خطوتاہ
احدیھما تحط خطیئۃ والاخری ترفع درجۃ مسلم مین روایت ہی ابو
ہریرہ رضی اللہ عنہ سی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا کہ جو غسل یا وضو کرکے اپنے
گھر مین پاک ہوا پھر کسی مسجد مین گیا نماز فرض پڑھنے کو تو دو دو ڈگ کا یہہ حال ہو گا
کہ ایک ڈگ سی گناہ مٹے گا دوسرے ڈگ سے درجہ بلند ہو گا خ عبادۃ بن الصامت
من تعار من اللیل فقال لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ لہ الملک
ولہ الحمد وھو علی کل شئ قدیر الحمد للہ وسبحان اللہ واللہ اکبر

وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ثُمَّ قَالَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِیْ فَدَعَا اُسْتُجِیْبَ لَهٗ فَاِنْ
تَوَضَّاَ وَصَلّٰی قُبِلَتْ صَلٰوتُهٗ بخاری مین روایت ہے عبادہ بن صامت رض سی کہ حضرت نے
فرمایا کہ جو رات کو سوتے سی جاگا اور اسنے لا الہ الا اللہ سی اللھم اغفرلی تک پڑھا اور کوئی دعا کی تو
قبول ہوگی اور اگر وضو کرکی نماز تہجد بھی پڑھی تو نماز بھی اسوقت کی نہایت قبول ہوگی
لا الہ الا اللہ سے آخر تک کے یہہ معنی ہین کہ سوائی اللہ کے کوئی لایق بندگی کے نہین وہ اکیلا ہے اسکا کوئی
شریک نہین اسیکا سب ملک ہے اور اسی کو سب تعریف ہین اور وہ سب چیز کرسکتا ہے سب خوبیان
اللہ کو پاک ہے سب عیبون سی اور سب سے بڑا بدون اسکے مدد نہ گناہ سے بچاؤ ہے نہ بندگی کی
طاقت اسکے بعد یون کہی اے میرے اللہ مجھکو بخش دے ۶ مر ابوھریرۃ من توضا فاحسن
الوضوء ثم اتی الجمعۃ فاستمع وانصت غفرلہ ما بینہ وبین الجمعۃ
وزیادۃ ثلاثۃ ایام ومن مس الحصی فقد لغا مسلم مین روایت ہے ابوہریرہ
رضی اللہ عنہ سی جس نے اچھی طرح سے وضو کیا یعنی وضو کے فرض سنت مستحب سب بجالایا
پھر مسجد مین آیا پھر خطبہ سنا کیا اور چپکا بیٹھا رہا تو اسکے گناہ بخشے گئے اسوقت سی پچھلے
جمعہ تک اور تین روز اور بھی زیادہ اور جو خطبی کی وقت کنکریان ٹالا کیا تو اسنے بیہودہ کام
کیا ۶ مر ابوھریرۃ من توضا فاحسن الوضوء خرجت خطایاہ من جسدہ
حتی تخرج من تحت اظفارہ مسلم مین ابوہریرہ سی روایت ہے کہ حضرت نی

فرمایا

فرمایا کہ جسنے بہت اچھی طرح وضو کیا تو اسکی تمام بدن سی گناہ نکل جاتے ہین یہان
تک کہ ناخونونکی نیچی سی نکل جاتی ہین خ ۶۲ ابوھریرۃ من توضا فلیستنثر ومن
استجمر فلیوتر ۶۲ بخاری مین روایت ہے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سی کہ حضرت نی فرمایا
کہ جو وضو کری تو چاہئے کہ پانی ڈال کر ناک کو صاف کری اور جو ڈھیلے لے تو چاہئے
کہ طاق لے یعنی تین لے یا پانچ یا سات ق ۶۳ عثمان من توضا نحو وضوئی
ھذا ثم قام فرکع رکعتین لا یحدث فیھما نفسہ غفر لہ ما
تقدم من ذنبہ قالہ حین توضا ثلاثا ۶۳ بخاری اور مسلم مین روایت ہے حضرت عثمان
رضی اللہ عنہ سی کہ حضرت نی فرمایا کہ جو میری طرح وضو کری جیسی مین نی یہہ وضو کیا ہے پھر کھڑے
ہوکر دو رکعت حضور دل سے نماز پڑھی دل مین وہی تینہای خیال نکری تو اسکے اگلی گناہ معاف
ہوجاوین گی یہہ حدیث اس وقت حضرت نی فرمائی جب تین تین بار وضو کیا ف حضرت نی ایک دن
ایک ایک بار وضو کیا اور فرمایا کہ اسکے بدون حق تعالی نماز نہین قبول کرتا پھر دو دو بار وضو کیا
اور فرمایا کہ اس وضو سی دونا ثواب ملتا ہے پھر تین تین بار وضو کیا اور فرمایا کہ یہہ میرے وضو کا طریقہ
ہے اور اگلی پیغمبرون کا خ ۶۴ سھل ابن سعد من توکل لی ما بین رجلیہ ق
ما بین لحییہ توکلت لہ بالجنۃ ۶۴ بخاری مین روایت ہے سہل بن سعد رضی اللہ
عنہا سی کہ حضرت نی فرمایا کہ جو مجھسی ضامن ہوا سکا جو اسکے دو نیچون مین ہے یعنی حرامکاری

لکری اور جو ضامن ہوا سکا جو دونوں جبڑوں مین ہے یعنی زبان سی جھوٹھ نہ بولے غیبت نہ کری
حرام مال نہ کہا وی تو مین اسکے واسطی بہشت کا ضامن ہوتا ہون ف اکثر گناہ انہین
دونون مقام سی ہوتی ہین جنسے انکو روکا بہشت کو پایا ق ابن عمر من جاء منکم الجمعۃ
فلیغتسل بخاری اور مسلم مین روایت ہے عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سی کہ حضرت نے فرمایا کہ جو
جمعہ پاوے وہ نہا وے خ عثمان من جھز جیش العسرۃ فلہ الجنۃ بخاری مین
روایت ہے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سی کہ حضرت نی فرمایا کہ جو تنگی کے لشکر کا سامان درست
کردیگا تو اسکے لئی بہشت ہے ف تبوک ایک مقام تہا شام کی ملک مین مدینی سی سولہ دن کی
راہ حضرت نی وہان کی لڑائی کا ارادہ کیا ستر ہزار لشکر جمع ہوا سامان کچھہ نتہا تنگی اور
تکلیف بہت تہی تب حضرت نی اس لشکر کے سامان کرنے والے کو بہشت کا وعدہ کیا تو حضرت
عثمان نی آدھے لشکر کا سامان کردیا چار سو اونٹ دو ہزار اشرفیان راہ خدا مین حاضر
کین حضرت بہت راضی ہوئی اشرفیون کو آپنے دامن مین اچالتی تہی اور فرماتی تہی کہ عثمان کو اب
کوئی کام ضرر نکرسکے گا ق زید بن خالد الجہنی من جھز غازیا فی سبیل
اللہ فقد غزا ومن خلف غازیا فی اہلہ بخیر فقد غزا بخاری اور مسلم مین
زید بن خالد سی روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا جو راہ خدا مین لڑنے والے کا سامان درست کردے
تو بی شک وہ بہی غازی ہوا اور جو غازی کے پیچہی اسکے گہر کی اچہی طرح خبر لیا کیا تو وہ بہی معزز

فضیلت حضرت عثمان رضی اللہ عنہ

غازی

غازی ہوا یعنی غازی کی ثواب پاویگا ۶۸ خ اَبُوْھُرَیْرَۃَ مَنْ حَجَّ لِلّٰہِ فَلَمْ یَرْفُثْ وَلَمْ یَفْسُقْ
رَجَعَ کَیَوْمِ وَلَدَتْہُ اُمُّہٗ بخاری مین ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سی روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ جسنے
اللہ کی واسطے حج کیا پہر نہ عورت سی صحبت کی نہ صحبت کی بات اور نہ گناہ کیا نہ راہ مین کسی سے جہگڑا
تو گناہون سی پاک ہوکر اپنے گہر ایسا پہر آتا ہے کہ جس دن ماں کی پیٹ سی پیدا ہوا تہا ف
حاجی کو لازم ہے کہ حج کی راہ مین گناہون سی بچی سا تہیون کی ساتہ نہ لڑی تب گناہون سی
پاک ہو ۶۹ م سَمُرَۃُ ابْنُ جُنْدَبٍ وَالْمُغِیْرَۃُ بْنُ شُعْبَۃَ مَنْ حَدَّثَ عَنِّیْ بِحَدِیْثٍ م ۶۹
وَھُوَیَرٰی اَنَّہٗ کَذِبٌ فَھُوَ اَحَدُ الْکَاذِبِیْنَ سلم مین روایت ہے سمرہ بن جندب اور
مغیرہ بن شعبہ سی کہ حضرت نی فرمایا کہ جو میری طرف سی حدیث کی روایت کری اور وہ جانتا ہو کہ
وہ جہوٹی حدیث ہے تو وہ دو جہوٹہون مین سی ایک جہوٹا ہے ف دو جہوٹی یعنی سلیمہ کذاب
اور مختار یا اسود عنسی جنہون نی پیغمبری کا جہوٹا دعوی کیا تہا یہہ مطلب کہ ایک جہوٹا
وہ جس نا پاک نی حضرت پر جہوٹہ باندہا دوسرا جہوٹا یہہ کہ اُس جہوٹی حدیث کو نہ
روایت کرتا ہے جان بوجہکے اکثر لوگ جو علم حدیث سی ناواقف ہین واہی تباہی حدیثین
نقل کیا کرتے ہین جنکی کچہہ اصل نہین مسلمان کو لازم ہے کہ حدیث مین بہت احتیاط
کیا کرے ہر ایک کتاب کی حدیث کو سچا نجانے جو حدیث کی معتبر کتابون مین ہو اُسکو
مانے جیسے کہ یہہ کتاب مشارق الانوار ہے کہ سب علماء اہل سنت اسکو بہت صحیح جانتے ہین

م عثمان من حفر بئر رومة فله الجنة مسلم مین روایت ہے حضرت عثمان سی
کہ حضرت نی فرمایا کہ جو رومہ کا کنوان کھدا کر درست کردے اسکے لئی بہشت ہے ف
رومہ ایک کنوان تہا مدینی مین حضرت جب مدینی مین آئی تو وہان میٹھا پانی سوائے اس کنوئے
تہا اور وہ کنوان بگڑ گیا تہا تو حضرت نی اسکے درست کرادینے والے کو بہشت کا وعدہ
کیا حضرت عثمان نی اسکو بنوا دیا م ابو الدرداء من حفظ عشر آیات من
اول سورة الکهف عصم من الدجال مسلم مین ابو درداسی روایت ہے کہ حضرت نے ق ۷۲
فرمایا کہ جو یاد کرلے دس آیتین سورۂ کہف کے سر کی سو وہ دجال کے فتنی سی بچا ق
ثابت ابن الضحاك من حلف بملة غير الاسلام كاذبا فهو كما قال بخاری و مسلم
مین روایت ہے ثابت بن ضحاک سی کہ حضرت نی فرمایا کہ جو اسلام کے سوای کسی اور دین کی جھوٹی
قسم کہادی تو وہ ویسا ہی ہوگیا جیسا اسنے کہا ف یعنی جو جھوٹی قسم اسطرح
کہادی کہ مین نی اگر ایسا کیا ہو یا کرون تو وہ شخص نصرانی ہے یا یہودی یا ہندو تو جیسی
اسنے قسم کہائی ویسا ہی ہوگیا ق ۷۳ ابن مسعود من حلف على مال امرء مسلم
بغير حقه لقي الله و هو عليه غضبان ثم قرأ علينا رسول الله صلى
الله عليه و اله وسلم مصداقه من كتاب الله ان الذين يشترون
بعهد الله و ايمانهم ثمنا قليلا اولئك لا خلاق لهم في الاخرة و لا يكلمهم

بیان عذاب و ثواب قسم

اللہ ولا ینظر الیہم ولا یزکیہم ولہم عذاب الیم بخاری اور مسلم میں روایت ہے
عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہما سی کہ حضرت نے فرمایا کہ جو مسلمان کا مال ناحق قسم کہا کر لیویگا
خدا سی ملیگا اور وہ اسپر نہایت غضبناک ہوگا پھر رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی اس بات کا
ٹھکانا قرآن سی پڑھکر بتلایا یعنی جو لوگ اللہ کو درمیان دیکر اور جھوٹی قسمیں کہا کر تھوڑا سا
مال دنیا لیتے ہیں اُن لوگوں کو آخرت میں کچھ حصہ نہیں اور خدا اُنسے بات نکریگا اور رحمت سی اُنکی
طرف نہ دیکھیگا اور اُنکو گناہوں سی پاک نکریگا اور اُنکو دکھ کی مار ہے ق ابوہریرہ ق
من حلف علی یمین فرای غیرہا خیرا منہا فلیکفر عن یمینہ ثم لیفعل
الذی ہو خیر بخاری اور مسلم میں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
کہ جو قسم کہا بیٹھا کسی بات پر پھر اسکو اُس بات کے سوای اور کوئی بات بہتر معلوم ہوئی تو
چاہیئے کہ اپنی قسم کا کفارہ دے پھر کرے اسکو جو بہتر ہے ف حضرت کی بی بی ام سلمہ نے
قسم کہائی کہ میں اپنے غلام کو آزاد نکرونگی پھر اس قسم کہانی سی پچتائیں حضرت سی کہا کہ یا
رسول اللہ کچھ اس قسم کی بھی تدبیر ہوسکتی ہے تب حضرت نے فرمایا کہ جو قسم کہا کر پچتاوے
وہ پہلے کفارہ دے پھر اُس بات کو کرے اور یہی مذہب ہے امام شافعی کا اور امام اعظم کی نزدیک
کفارہ دینا قسم توڑنے کے بعد چاہیئے ق ابوہریرہ ق من حلف فقال فی حلفہ
باللات والعزی فلیقل لا الہ الا اللہ بخاری اور مسلم میں ابوہریرہ رضی اللہ

عنہ سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جو بھول کر لات اور عزیٰ کی قسم کہا وے تو چاہئی کہ اسکے
بعد لا الٰہ الا اللہ کہہ لے ف لات اور عزیٰ عرب مین دو بت تھے کافر انکی قسمین کہاتے تھے جب
لوگ مسلمان ہوئی تو بموجب عادت کے بعضی لوگ بھول کر انکی قسم کہا جاتے تو حضرت نے
اُسکا علاج یہہ بتلایا کہ کلمہ پڑھ لیا کرین تو کفر کا شبہہ دور ہو جاوی ق ۷۶ ابن عمر و ابو ہریرہ
مَنْ حَمَلَ عَلَيْنَا السِّلَاحَ فَلَيْسَ مِنَّا بخاری اور مسلم مین عبداللہ بن عمر اور ابو ہریرہ سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا جو ہماری اوپر ہتھیار اٹھاوی وہ ہم سی نہین ف یعنی جو مسلمانون
سے لڑی وہ کامل مسلمان نہین م ۷۷ جابر مَنْ خَافَ أَنْ لَا يَقُومَ مِنْ آخِرِ اللَّيْلِ فَلْيُوتِرْ
أَوَّلَهُ وَمَنْ طَمِعَ أَنْ يَقُومَ آخِرَهُ فَلْيُوتِرْ آخِرَ اللَّيْلِ فَإِنَّ صَلَاةَ آخِرِ اللَّيْلِ
مَشْهُودَةٌ وَذَلِكَ أَفْضَلُ مسلم مین جابر رضی اللہ عنہ سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
کہ جو ڈری کہ مین پچھلی رات کو نہ اُٹھہ سکون گا تو اُسکو چاہئی کہ اول رات عشا کی ساتھہ وتر
پڑھ لے اور جسکو پچھلی رات اُٹھنے کا گمان ہو تو وتر کو پچھلی رات پڑھے اس واسطی کہ پچھلی
رات کی نماز مین فرشتی حاضر ہوتے ہین اور پچھلی رات کی نماز بہت بہتر ہے م ۷۸ ابو ہریرہ
مَنْ خَرَجَ مِنَ الطَّاعَةِ وَفَارَقَ الْجَمَاعَةَ فَمَاتَ مَاتَ مِيتَةً جَاهِلِيَّةً
وَمَنْ قَاتَلَ تَحْتَ رَايَةٍ عِمِّيَّةٍ يَغْضَبُ لِعَصَبَةٍ أَوْ يَدْعُو إِلَى عَصَبَةٍ
أَوْ يَنْصُرُ عَصَبَةً فَقُتِلَ فَقِتْلَتُهُ جَاهِلِيَّةٌ وَمَنْ خَرَجَ عَلَى أُمَّتِي يَضْرِبُ

بَرِّهَا وَفَاجِرِهَا وَلَا يَتَعَاشَ مِنْ مُؤْمِنِهَا وَلَا يَفِي لِذِي عَهْدٍ عَهْدَهُ فَلَيْسَ مِنِّي

وَلَيْسَ مِنْهُ مسلم میں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سی روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ جو امام کی

نافرمانبرداری سی نکل گیا اور جسنی مسلمانون کی جماعت کو چھوڑا پھر وہ مرگیا تو کفر کی موت

مرا اور جو لڑائی دہند جھنڈے کی تلی غصی ہوا تو برادری کی واسطی نہ خدا کے لئی لوگون کو بلایا

بلایا تو برادری کی واسطی مدد کی تو برادری کی راہ سے نہ خدا کی واسطے پھر وہ اس حالت مین مارا گیا تو

اسکا قتل بطور کفر ہوا اور جو میری امت کے ستانے پر کمر بندہ کر کلا مارنے لگا نیک اور بد کو نہ

ایماندار کو چھوڑا وہ قول والون سی لینی مطیع الاسلام لوگون سی قول پورا کیا نہ تو وہ میرا ہے

نہ مین اسکا ق أَبُوهُرَيْرَةَ مَنْ دَخَلَ دَارَ أَبِي سُفْيَانَ فَهُوَ آمِنٌ وَمَنْ أَلْقَى السِّلَاحَ فَهُوَ آمِنٌ وَمَنْ أَغْلَقَ بَابَهُ فَهُوَ آمِنٌ قَالَهُ يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ بخاری اور

مسلم مین ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سی روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا جدن کہ فتح ہوا کہ جو ابو

سفیان کی گہر مین گھس رہا وہ پناہ مین ہے اور جسنے ہتھیار پھینک دئے وہ پناہ مین ہے اور جسنے

اپنا دروازہ بند کرلیا وہ پناہ مین ہے ف جب حضرت دس ہزار کا لشکر لیکر مکہ فتح کرنے کو

چڑھ گئی تو ایک روز فتح ہونی سی پہلی حضرت عباس کے وسیلے سے ابوسفیان راہ مین مسلمان ہوئے

حضرت عباس نی عرض کیا یا رسول اللہ ابوسفیان اپنی نام آوری کو بہت چاہتا ہے کچھ ایسا کیجئی

کہ مکی مین اسکا نام ہو جاوے حضرت نی مکی مین یہہ فرمایا کہ جو ابوسفیان کی گہر مین ہے وہ پناہ مین

آیا م ابوہریرۃ من دعی الی الھدی کان لہ من الاجر مثل اجور من
تبعہ لا ینقص ذلک من اجورھم شیئا و من دعی الی ضلالۃ کان
علیہ من الاثم مثل اثام من تبعہ لا ینقص ذلک من اثامھم شیئا
مسلم میں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سی روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ جو خلق کو نیک کام کی طرف
بلاویگا تو اسکو ثواب ملیگا برابر اُنکے ثواب کی جو نیک کام میں اُسکے تابع ہونگے اور بتانیوالے کا
ثواب کرنیوالونکے ثواب کو نہ گھٹاویگا یعنی دونو کو پورا ثواب ملیگا یہہ نہوگا کہ کچھہ بتانے والے کو
ملے کچھہ کرنے والون کو اور جو گمراہی کی طرف لوگون کو بلاوی تو اُسپر اُتنا گناہ ہوگا جتنا
اُسکے کہنا ماننے والون پر ہوگا گمراہ کرنے والے کا گناہ کرنیوالون کے گناہ کو نہین گھٹاویگا
یعنی دونون کو برابر پورا گناہ ہوگا م ابو مسعود عقبۃ بن عمرو الانصاری
من دل علی خیر فلہ مثل اجر فاعلہ مسلم میں ابو مسعود انصاری سی روایت ہے
کہ حضرت نی فرمایا کہ جو نیک بات کسی کو بتلاوے گا تو اسکو کرنے والے کے برابر ثواب
ملیگا ف مثلاً ایک شخص نی کسی کو نماز سکھائی تو جب تک وہ نماز پڑھے جاویگا
جتنا ثواب پڑھنے والے کو ہوگا اتنا بتانے والے کو ہوگا یا کسی محتاج کو کوئی سفارش
کرکی کچھہ کہین سی دلادی تو جتنا ثواب دینی والے کو ہوگا اُتنا سفارش کرنیوالے کو
اسیطرح سب نیک کام ق ابن عباس من رای من امیرہ شیئا یکرھہ

فلیصبر

فَلْيَصْبِرْ عَلَيْهِ فَإِنَّهُ مَنْ فَارَقَ الْجَمَاعَةَ فَمَاتَ مِيتَةً جَاهِلِيَّةً بخاری اور
مسلم مین عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سی روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ جو اپنی سردار سے کوئی بری
بات دیکھے تو اُسپر صبر کری سو بی شک یہہ بات ہے کہ جو جماعت کو چھوڑیگا اور مریگا تو اُسکی موت
بطور کفر ہے ف یعنی جس سردار کی ساتھہ امامت کی بیعت کی ہو تو اُسکے ظلم اور بری باتون پر
صبر کرنا چاہیے اسلام کی ترقی ایسے پر موقوف ہے اِسمین پھوٹ ڈالن کافرون کا کام ہے مسلمانون کو
ہرگز درست نہین ق ابن عباس مَنْ رَأَى مِنْ أَمِيرِهِ شَيْئًا فَلْيَصْبِرْ فَإِنَّهُ لَيْسَ أَحَدٌ مِنَ النَّاسِ يَخْرُجُ مِنَ السُّلْطَانِ شِبْرًا فَيَمُوتُ عَلَيْهِ إِلَّا مَاتَ مِيتَةً جَاهِلِيَّةً
كَانَ يَقُولُ لِأَصْحَابِهِ بخاری اور مسلم مین عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سی روایت
ہے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم اپنی اصحاب سے فرماتی تھے کہ تم لوگون مین جسنے خواب دیکھا ہو بیان
کری مین اُسکی تعبیر کہون ثم أَبُو سَعِيدٍ مَنْ رَأَى مِنْكُمْ مُنْكَرًا فَلْيُغَيِّرْهُ بِيَدِهِ فَإِنْ لَمْ يَسْتَطِعْ فَبِلِسَانِهِ فَإِنْ لَمْ يَسْتَطِعْ فَبِقَلْبِهِ وَذَلِكَ أَضْعَفُ الْإِيمَانِ
مسلم مین ابوسعید رضی اللہ عنہ سی روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ جو تم لوگون مین سی بری بات
خلاف شرع کو دیکھی تو چاہی کہ اُسکو اپنی ہاتھہ سی بگاڑ دے اور جو ہاتھہ سی بگاڑ سکی طاقت
رکھتا ہو تو زبان سی اُسکی بُرائی لوگون کی روبرو بیان کری اور جو زبان سی بھی نہہ سکے تو اُسکو
دل مین بُرا جانے اور دل مین بُرا جاننا بہت ہی کمزور ایمان ہے یعنی خلاف شرع کام کو اگر دل مین بھی
نہ جانے تو اُسمین کچھہ بھی ایمان نہین ف ایک بار مروان نی اپنی حکومت مین خطبہ عید کی

نماز سے پہلے پڑھا تو ایک شخص نی اُس سے کہا کہ تو بدعت کرتا ہے خطبے کو نماز سی پہلی پڑھتا ہے
اُسنے کہا کہ اب جو ہوا سو ہوا آگے نکرونگا تو ابو سعید صحابی نی کہا کہ اِسنے اُس حدیث پر عمل کیا جو
مین نی حضرت سی سنی یعنی جو خلاف شرع بات کو دیکھی تو اُسکو منع کردے اِس حدیث سے صاف معلوم
ہوا کہ سب مسلمانون پر بقدر قدرت فرض ہے کہ خلاف شرع باتون سے لوگون کو منع کرین خواہ ہاتھ سے
خواہ زبان سی خواہ دل سی بعضی علمانی کہا ہے کہ ہاتھ سی روکنا حاکمون کا کام ہے زبان سے
عالمون کا دل سی عوام خلقت کا خ ۸۵ اَبُوْ سَعِیْدٍ وَاَبُوْ قَتَادَۃَ الْحَارِثُ بْنُ رِبْعِیٍّ مَنْ
رَاٰنِیْ فَقَدْ رَاَی الْحَقَّ بخاری مین ابو سعید اور قتادہ رضی اللہ عنہما سی روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ جسنے مجھکو خواب مین دیکھا اُسنے سچ مچ دیکھا ف یعنی اُسکو واہی تباہی خواب
نہ سمجھی اس واسطے کہ شیطان میری صورت بن نہین سکتا ق ۸۶ اَبُوْ ھُرَیْرَۃَ مَنْ رَاٰنِیْ فِی
الْمَنَامِ فَسَیَرَانِیْ فِی الْیَقْظَۃِ اَوْ لَکَاَنَّمَا رَاٰنِیْ فِی الْیَقْظَۃِ لَا یَتَمَثَّلُ الشَّیْطَانُ بِیْ
بخاری اور مسلم مین ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا جسنے مجھکو خواب مین
دیکھا تو وہ مجھکو جاگتی دیکھیگا یا اُسنے مجھکو جیسے جاگتی دیکھا شیطان میری صورت
نہین پکڑ سکتا ف اس حدیث کی راوی کو یہین شک ہے کہ حضرت نی یہہ فرمایا کہ مجھکو جاگتی مین دیکھیگا
یا یہہ فرمایا کہ جیسے اسنے جاگتی دیکھا جاگتی مین دیکھیگا اُسکے دو معنی ایک یہہ کہ قیامت مین دیکھیگا دوسرے
یہہ کہ یہہ بات حضرت کی زندگی تک تھی اب نہین ق ۸۷ اَبُوْ ھُرَیْرَۃَ مَنْ رَاٰنِیْ فِی الْمَنَامِ

فَقَدْ رَاٰنِیْ فَاِنَّ الشَّیْطَانَ لَا یَتَمَثَّلُ بِیْ خ لَا یَتَمَثَّلُ فِیْ صُوْرَتِیْ ح
بخاری اور مسلم مین ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سی روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ جسنی مجھکو خواب مین دیکھا
بی شک اس نی دیکھا اسواسطے کہ شیطان مجھسا نہین بن سکتا اور صرف بخاری مین یون ہے
کہ شیطان میری صورت نہین پکڑ سکتا ف حضرت کو خواب مین دیکھنا اسی طرح اور پیمبرو
سچ ہے اسمین کچھہ شبہ نہین م سَهْلُ بْنُ حُنَيْفٍ مَنْ سَأَلَ اللّٰهَ الشَّهَادَةَ م
بِصِدْقٍ بَلَّغَهُ اللّٰهُ مَنَازِلَ الشُّهَدَاءِ وَاِنْ مَاتَ عَلٰى فِرَاشِهٖ مسلم مین
روایت ہے سہل بن حنیف سی کہ حضرت نی فرمایا کہ جو اللہ سی شہادت مانگیگا سچی دل سی
تو اللہ تعالی اُسکو شہیدون کی مرتبون پر پہنچا دیگا اگرچہ وہ اپنے بستر پر موا ہو ف اس
حدیث سی معلوم ہوا کہ ہر کام مین سچی نیت کو دخل ہے م اَبُوْ هُرَيْرَةَ مَنْ سَأَلَ النَّاسَ م
اَمْوَالَهُمْ تَكَثُّرًا فَاِنَّمَا هِيَ جَمْرٌ فَلْيَسْتَقِلَّ مِنْهُ اَوْ لِيَسْتَكْثِرْ مسلم مین ابو ہریرہ
رضی اللہ عنہ سی روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ جو لوگون سے مال مانگی جمع کرنیکے لئی اور مالدار
ہونے کے واسطے تو وہ مال اسکے حق مین چنگاریان ہین دوزخ کی چاہے چنگاریان کم
کرے چاہے بہت ف فاقے مین سوال کرنا درست ہے جمع کرنیکے واسطے نہین م
صَفِيَّةُ بِنْتُ اَبِيْ عُبَيْدٍ مَنْ سَأَلَ عَرَّافًا فَلَمْ تُقْبَلْ لَهُ صَلٰوةُ اَرْبَعِيْنَ
لَيْلَةً مسلم مین روایت ہے صفیہ ابی عبید کی بیٹی سی کہ حضرت نی فرمایا کہ جو نجومی یا فال

۲۰۲۵۹

دیکھنے والے سے کچھ نیک و بد پوچھی تو اسکی نماز چالیس رات تک قبول نہوگی **ف** غیب کی بات خدا کی سوا کوئی نہیں جانتا جسنے نجومی یا رمال یا شگونی یا فال والے سے

۹۱ کچھ پوچھا اسکے ایمان میں خلل ہے **م** اَبُوْھُرَیْرَۃَ مَنْ سَبَّحَ اللّٰہَ فِیْ دُبُرِ کُلِّ صَلٰوۃٍ ثَلٰثًا وَّثَلٰثِیْنَ وَحَمِدَ اللّٰہَ ثَلٰثًا وَّثَلٰثِیْنَ وَکَبَّرَ اللّٰہَ ثَلٰثًا وَّثَلٰثِیْنَ فَتِلْکَ تِسْعَۃٌ وَّتِسْعُوْنَ قَالَ تَمَامَ الْمِائَۃِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ غُفِرَتْ لَہٗ خَطَایَاہُ وَاِنْ کَانَتْ مِثْلَ زَبَدِ الْبَحْرِ مسلم میں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جو نماز کی بعد تینتیس ۳۳ بار سبحان اللہ کہی اور تینتیس ۳۳ بار الحمد للہ کہی اور تینتیس ۳۳ بار اللہ اکبر کہی تو پے ننانوے ۹۹ بار ہوئے اور یہہ کہہ کے پورے سو کری کہ لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ لہ الملک ولہ الحمد وہو علی کل شئی قدیر تو اسکے گناہ بخشے جاویگے

۹۲ اگرچہ سمندر کی پھین برابر ہوں **م** اَنَسٌ مَنْ سَرَّہٗ اَنْ یُّبْسَطَ لَہٗ فِیْ رِزْقِہٖ وَیُنْسَأَ فِیْ اَثَرِہٖ فَلْیَصِلْ رَحِمَہٗ مسلم میں انس سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا جسکو خوش لگے یہہ بات کہ اسکی روزی کشادہ ہو اور زندگی اسکی بڑھائی جاوے تو اپنے قرابتی لوگوں کی خبر کیری کرے **ف** طول عمر کا یہہ مطلب کہ وہ نیک نام مدت تک رہے یا اسکی نیک اولاد ہو کہ اسکے واسطے دعاء مغفرت کرے اسکی روح کو ثواب پہنچاوے ۔

برادر پروری فرض ہے اسکے دو طریقے ہین یعنی اگر محتاج ہین تو اُنکی کہانے کپڑے کی
خبر لیوے اور اگر محتاج نہین تو اور طرح سلوک کرتا رہے تحفے دیا کرے محبت سے ملے م
دم ۹۳ أَبُو قَتَادَةَ الْحَارِثُ بْنُ رِبْعِيٍّ مَنْ سَرَّهُ أَنْ يُنَجِّيَهُ اللهُ مِنْ كُرَبِ يَوْمِ
الْقِيَامَةِ فَلْيُنَفِّسْ عَنْ مُعْسِرٍ أَوْ يَضَعْ عَنْهُ مسلم مین ابو قتادہ رضی اللہ عنہ سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا جسکو بھلا معلوم ہو کہ خدا اسکو قیامت کی سختیون سی نجات
دے تو چاہئے کہ محتاج قرضدار کو فرصت دی قرض ملکنے مین جلد کرے یا قرض معاف کردے
سب یا تہوڑا ق أَبُو هُرَيْرَةَ مَنْ سَرَّهُ أَنْ يَنْظُرَ إِلَى رَجُلٍ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ ق
فَلْيَنْظُرْ إِلَى هٰذَا فَقَالَ لِرَجُلٍ قَالَ دُلَّنِي عَلَى عَمَلٍ إِذَا عَمِلْتُهُ دَخَلْتُ
الْجَنَّةَ قَالَ تَعْبُدُ اللهَ لَا تُشْرِكُ بِهِ شَيْئًا وَتُقِيمُ الصَّلٰوةَ الْمَكْتُوبَةَ
وَتُؤَدِّي الزَّكٰوةَ الْمَفْرُوضَةَ وَتَصُومُ رَمَضَانَ فَقَالَ وَالَّذِي نَفْسِي
بِيَدِهِ لَا أَزِيدُ عَلٰى هٰذَا شَيْئًا أَبَدًا وَلَا أَنْقُصُ مِنْهُ بخاری اور مسلم مین
ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا جو خوشی سی چاہے بہشتی مرد کو دیکھنا
تو اسکو دیکھی یہہ بات حضرت نے اُس مرد کی حق مین فرمائی جسنے کہا تہا یا رسول اللہ مجھکو وہ
کام بتلائیے جسکے کرنے سے مین بہشت مین جاؤن حضرت نے فرمایا کہ تو اللہ کی بندگی کر کسی
اسکا شریک مت ٹھہرا اور نماز فرض پڑہا کر اور فرض زکوۃ دیا کر اور رمضان کے روزے

رکھا کر پھر اس مرد نے کہا اس پاک ذات کی قسم جسکی قابو مین میری جان ہے کہ اپنی طرف سی
فرض جان کر نہ اسپر کچھہ بڑہاؤن گا نہ گھٹاؤن گا **ف** اس حدیث مین حج کا ذکر نہین
فرمایا یا تو اس شخص پر حج فرض نہو گا یا یہہ سبب کہ حج عمر بھر مین ایک بار فرض ہوتا ہے
نماز روزہ اور زکوۃ ہمیشہ فرض ہے **ح** ۹۵ ابوذر و ابوھریرۃ من سلک طریقا
یلتمس فیہ علما سھل اللہ لہ بہ طریقا الی الجنۃ بخاری مین ابوذر اور
ابوہریرہ رضی اللہ عنہما سی روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا جو راہ چلا علم دین کی سیکھنے کو
خدا اسکی برکت سی اسپر بہشت کی راہ آسان کریگا **ف** یہہ بہشت کی بشارت ہے
طالب علم اور دیندار عالمون کی حق مین علم دین تفسیر حدیث فقہ ہے اور جو علم کہ تفسیر اور
حدیث مین کام آوی جیسے علم صرف نحو فصاحت بلاغت وہ بھی علم دین مین داخل ہے

**م** جو نیت خالص ہو **م** مسلمۃ بن الاکوع من سل علینا السیف فلیس منا
مسلم مین مسلمہ بن اکوع سی روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ جو باغی ہو کر ہم پر تلوار کھینچے یعنے
**م** مسلمانون پر تو وہ ہماری طریقی پر نہین **م** ابوھریرۃ من سمع رجلا ینشد
ضالۃ فی المسجد فلیقل لا ادھا اللہ الیک فان المساجد لم تبن
لھذا مسلم مین ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سی روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا جو سنے کسی کو
گم ہوئی چیز مسجد مین تلاش کرتا ہے تو اسسے یون کہے کہ خدا کرے تیری چیز تجھکو نہ ملے مسجدین

اسواسطی نہین بنین کہ گم گئی چیز کو اسمین تلاش کیجئے ف یعنی مسجدین عبادت کے واسطے
ہین دنیا کے کامون کی لئی نہین مَرْجَرِیْرٍ مَنْ سَنَّ فِی الْاِسْلَامِ سُنَّۃً حَسَنَۃً
فَلَہٗ اَجْرُہٗ وَاَجْرُ مَنْ عَمِلَ بِھَا مِنْ بَعْدِہٖ مِنْ غَیْرِ اَنْ یَّنْقُصَ مِنْ اُجُوْرِھِمْ شَیْءٌ
وَمَنْ سَنَّ فِی الْاِسْلَامِ سُنَّۃً سَیِّئَۃً کَانَ عَلَیْہِ وِزْرُھَا وَوِزْرُ مَنْ عَمِلَ
بِھَا مِنْ بَعْدِہٖ مِنْ غَیْرِ اَنْ یَّنْقُصَ مِنْ اَوْزَارِھِمْ شَیْءٌ مسلم مین جریر رضی اللہ عنہ سے
روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ جو راہ نکالے اسلام مین اچھی طریقے کی تو اسکو اسکا ثواب
ملے گا اور جو اسکے بعد اس طریقی کو کئی جاوین گی انکا ثواب بھی اسکو ملیگا بدون اسکے
کہ انکا ثواب کچھہ گھٹے یعنی دونون کو علحدہ علحدہ پورا ثواب ملیگا اور جو اسلام مین راہ
نکالیگا بُرے طریقی کی تو اسکو اسکا گناہ ہوگا اور جو اسکے بعد اس بری راہ پر چلین گے
انکا بھی گناہ اسی کی گردن پر ہوگا بدون اسکے کہ کچھہ انکے گناہون سے گھٹے یعنی دونو
علحدہ علحدہ پورا عذاب ہوگا ف حضرت مسجد مین بیٹھے تھے کچھہ محتاج لوگ آئے حضرت نے
کچھہ انکے دینی کو فرمایا تو پہلے حضرت عمر اٹھی یا ایک انصاری صحابی اُٹھے اور مٹھی بھر درم انکے
واسطے لائے جب لوگون نی انکو لاتے دیکھا تو کوئی کپڑا لایا کوئی کھجور کوئی اناج غرض
محتاجون کا اچھی طرح کام ہو گیا تب حضرت نی فرمایا کہ جو نیک راہ نکالے اسکو دوہرا ثواب
ہے اپنے کرنیکا اور رواج دینی کا خلاصہ مطلب اس حدیث کا یہہ کہ جس چیز کی شرع مین

خوبی ثابت ہے اُسکو جو کوئی رواج دیگا تو اسکو نہایت ثواب ہے جیسے خیرات کرنے کی خوبی
حضرت کی فرمانی سی معلوم ہوئی اور حضرت عمر سی اُس وقت اُس کی راہ نکلی اور یہہ مطلب
اُسکا نہین کہ جسکی شرع مین کچھہ اصل ثابت نہو اُسکو لوگ اپنی دل مین اچھا سمجھہ کر رواج
دین اور اس حدیث کو اپنی نکالی بدعت پر دلیل پکڑین **مُ** عَائِشَةَ مَنْ شَاءَ فَلْيَصُمْهُ
وَمَنْ شَاءَ فَلْيُفْطِرْ یعنی یَوْمَ عَاشُورَاءَ مسلم مین عایشہ صدیقہ رضی اللہ
عنہا سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ عاشور یکی دن یعنی محرم کی دسوین تاریخ کو جو چاہے روزہ
رکھے اور جو چاہے نہ رکھے **ف** اول عاشور یکا روزہ فرض تہا جب رمضان کے روزے فرض ہوئے
تو عاشور یکا نفل مستحب ہے حدیث مین آیا ہے کہ اسکے روزے سی ایک سال کی گناہ معاف
ہوتے ہین **خ** ابْنُ عُمَرَ مَنْ شَرِبَ الْخَمْرَ فِي الدُّنْيَا ثُمَّ لَمْ يَتُبْ مِنْهَا حُرِمَهَا
فِي الْآخِرَةِ بخاری مین عبداللہ بن عمرؓ سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جو دنیا مین شراب
پیگا اور بدون توبہ کئی مرجاویگا وہ آخرت مین بہشت کی شراب سی بی نصیب رہیگا
**مُ** اَبُو سَعِيدٍ مَنْ شَرِبَ النَّبِيذَ مِنْكُمْ فَلْيَشْرَبْهُ زَبِيبًا فَرْدًا اَوْ تَمْرًا فَرْدًا
اَوْ بُسْرًا فَرْدًا مسلم مین ابوسعید سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جو تم لوگون مین کوئی شیرہ
پیئے تو چاہئی اکیلی چیز کا پیئے خواہ صرف منقی کا خواہ صرف پکی کھجور کا خواہ فقط گدر
کھجور کا **ف** عرب کا دستور تہا کہ کھجور کو چور کر کے بھگو رکھتے اُسکا شیرہ پیتے

اُسی کا

اسی کا نام نبیذ ہے سو حضرت نے دو دو چیز کی ملانی سی منع کیا اسواسطے کہ جلد ملنے سے نشہ جلد ہو جاتا ہے بعضی علما کے نزدیک مکروہ ہے اور امام اعظم کے نزدیک حلال اور اگر نشہ کرے تو حرام م ام سلمۃ
مَنْ شَرِبَ فِي إِنَاءٍ مِنْ ذَهَبٍ أَوْ فِضَّةٍ فَإِنَّمَا يُجَرْجِرُ فِي بَطْنِهِ نَارًا مِنْ جَهَنَّمَ
مسلم میں حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جس نے سونے چاندی کے برتن میں پیا اسنے اپنے پیٹ میں غٹ غٹ کر کے دوزخ کی آگ بھر لی ف چاندی سونے کا زیور عورت کو درست ہے مرد کو نہیں اگرچہ لڑکا ہو پر چاندی سونے کی برتن میں کھانا پینا عورت مرد دونوں پر حرام ہے
ق ابو ھریرۃ مَنْ شَهِدَ الْجَنَازَةَ حَتَّى يُصَلَّى عَلَيْهَا فَلَهُ قِيرَاطٌ وَمَنْ شَهِدَ
حَتَّى تُدْفَنَ فَلَهُ قِيرَاطَانِ قِيلَ وَمَا الْقِيرَاطَانِ قَالَ مِثْلُ الْجَبَلَيْنِ
العظیمین بخاری اور مسلم میں ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جو جنازہ پر آیا یہاں تک کہ نماز اسپر پڑھی تو اسکو قیراط بھر ثواب ہے اور جو جائیگا یہاں تک کہ دفن ہو چکا تو اسکو دو قیراط بھر ثواب ہے لوگوں نے پوچھا یا حضرت دو قیراط کتنی بڑے فرمایا کہ دو بڑے پہاڑ کے برابر م عبادۃ بن الصامت مَنْ شَهِدَ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا
رَسُولُ اللهِ حَرَّمَ اللهُ عَلَيْهِ النَّارَ مسلم میں عبادہ بن صامت سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جو کوئی دے شہادت کی کہ سوای خدا کے کوئی بندگی کی لائق نہیں اور محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم پیغمبر ہے اللہ کا تو اللہ نے اسپر دوزخ حرام کی ق عبادۃ بن الصامت مَنْ شَهِدَ

اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ
وَاَنَّ عِيْسٰى عَبْدُ اللّٰهِ وَرَسُوْلُهٗ وَكَلِمَتُهٗ اَلْقٰهَا اِلٰى مَرْيَمَ وَرُوْحٌ مِّنْهُ
وَالْجَنَّةُ حَقٌّ وَالنَّارُ حَقٌّ اَدْخَلَهُ اللّٰهُ الْجَنَّةَ عَلٰى مَا كَانَ مِنَ الْعَمَلِ بخاری و مسلم

مین عبادہ بن صامت رضی سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جو گواہی دے بسبات کی کہ سوای اللہ کے کوئی
لایق بندگی کے نہین اکیلا کوئی اسکا شریک نہین اور گواہی دے کہ محمد اسکا بندہ ہے اور اسکا پیغمبر اور گواہی دے کہ
عیسی اللہ کا بندہ ہے اور اسکا پیغمبر اور اللہ کی بات سی بنا ہے جو مریم کی طرف ڈالی تہی یعنی صرف حکم خدا سے
بنا اسکا کوئی باپ نہین اور عیسی اللہ کی بنائی روح ہے اور گواہی دے کہ بہشت اور دوزخ سچ مچ ہی
خدا اسکو بہشت مین لیجا یگا کیسے ہی اسکے کام ہون **ف** یعنی جس مسلمان کے عقیدے قرآن
اور حدیث کی موافق درست ہووے وہ مقرر بہشتی ہے نیک کام اسکے ہون یا بد خواہ حق تعالی
اپنی کرم سی یا حضرت کی شفاعت سی اسکے سب گناہ معاف کردے خواہ بقدر گناہ دوزخ مین پڑ کے
بہشت مین جاوی مسلمان سدا دوزخ مین نرہے گا آخر اسکو نجات کلمے کی برکت سے

**مَنْ** صَامَ رَمَضَانَ ثُمَّ اَتْبَعَهٗ سِتًّا مِّنْ شَوَّالٍ كَانَ كَصِيَامِ
**الدهر** مسلم مین ابوہریرہ اور ابوایوب رضی سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جسنے رمضان کے روزے
رکہی پہر عید کے بعد چہ روزے شوال کے رکہی جسکو شش عید کہتی ہین تو اسنے گویا برس روز کے
روزے رکہے **ف** سبب اس کا یہہ کہ برس کے تین سو ساٹہہ روز ہوتی ہین اور شرع مین ایک

نیکی کا ثواب دس گنا ہے تو چھتیس دن کا دس گنا تین سو ساٹھ ہوتی ہین ق ۱۰۷۰ ابو سعید
مَنْ صَامَ يَوْمًا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ بَعَّدَ اللّٰهُ وَجْهَهُ عَنِ النَّارِ سَبْعِينَ خَرِيفًا
بخاری اور مسلم مین ابو سعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ جو اللہ کی راہ یعنی
جہاد اور حج مین ایک روزہ رکھیگا خدا اسکو دوزخ سے ستر برس کی راہ دور ڈالیگا
ق ۱۰۷۱ ابو موسیٰ مَنْ صَلَّى بَرْدَيْنِ دَخَلَ الْجَنَّةَ بخاری اور مسلم مین ابو موسی سے
روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ جو دونون ٹھنڈی وقت یعنے فجر اور عصر کی نماز پڑھی گا وہ بہشت مین
جائیگا ف فجر کو نیند غالب ہوتی ہے عصر کو خرید فروخت اور دنیا کے بہت کام آگے
آتے ہین تو اس واسطے ان نمازون کا زیادہ تر ثواب ہے اس حدیث سے یہہ نہین نکلتا کہ انکے
سوای اور نماز کی حاجت نہین اس واسطے کہ جب آدمی نے ایسے سخت وقت کی نماز پڑھی
تو اسان وقتون کی خواہ مخواہی پڑھے گا م عثمان مَنْ صَلَّى الْعِشَاءَ فِي
جَمَاعَةٍ فَكَأَنَّمَا قَامَ نِصْفَ اللَّيْلِ وَمَنْ صَلَّى الصُّبْحَ فِي جَمَاعَةٍ فَكَأَنَّمَا
صَلَّى اللَّيْلَ كُلَّهُ مسلم مین حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سی روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا
کہ جسنے عشا کی نماز جماعت سی پڑھی تو اسنے جیسی آدھی رات تہجد کی نماز پڑھی اور جسنے
صبح کی نماز جماعت مین پڑھی تو اسنے جیسے تمام رات تہجد کی نماز پڑھی ف روایت
ہے کہ حضرت ایکبار شب بیداری اور نماز تہجد کی خوبیان فرماتی تھے اسمین بعضی لوگون نی کہا

کہ یا رسول اللہ ہم محنتی لوگ ہین دن بھر محنت مزدوری کرتی ہین ہم سے نہین ہوسکتا کہ ہم
شب بیداری کرین تو حضرت نی اُنکے حق مین یہہ حدیث فرمائی **م** جُنْدُبُ بْنُ عَبْدِ
اللّٰهِ مَنْ صَلّٰى صَلٰوةَ الصُّبْحِ فَهُوَ فِيْ ذِمَّةِ اللّٰهِ فَلَا يَطْلُبَنَّكُمُ اللّٰهُ مِنْ ذِمَّتِهٖ
بِشَيْءٍ فَاِنَّهٗ مَنْ يَطْلُبْهُ مِنْ ذِمَّتِهٖ بِشَيْءٍ يُدْرِكْهُ ثُمَّ يَكُبُّهٗ عَلٰى وَجْهِهٖ فِيْ
نَارِ جَهَنَّمَ مسلم مین جندب بن عبداللہ رضی سے روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ جسنے صبح کی
نماز پڑھی وہ خدا کے امان مین آگیا سو کہین ایسا نہو کہ خدا تمکو دھونڈھے کسی بات مین
اپنی امان کی سبب سے یعنی صبح کی نمازی کو کسی طرح نہ چھیڑو وہ خدا کی امان مین ہے سو بی شک
خدا جسکو اپنی پناہ دینے کی سبب سے دھونڈھتا ہے پکڑ لیتا ہے یعنی اُسکا گنہگار کسی طرح
بچ نہین سکتا پھر اُسکو اوندھا منہہ کی بھل دوزخ مین ڈال دیتا ہے **ف** یعنی صبح نیند
اور غفلت کا وقت ہی تو اُس وقت اُٹھکر نماز پڑھنا دلیل ہے اُسکے سچی ایمان کی اسواسطے
خدا نی اُسکو اپنی پناہ مین لیا اور اُسکے ناحق رنج دینے والے کو دوزخ کا وعدہ کیا **م**
اَبُوْهُرَيْرَةَ مَنْ صَلّٰى صَلٰوةً لَمْ يَقْرَأْ فِيْهَا بِاُمِّ الْقُرْاٰنِ فَهِيَ خِدَاجٌ هِيَ خِدَاجٌ
هِيَ خِدَاجٌ مسلم مین ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سی روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ جو کوئی وہ
نماز پڑھے جسمین الحمد کی سورت نہ پڑھے سو وہ نماز ناقص ہے وہ ناقص ہے وہ ناقص ہے
**ف** جب ابوہریرہ نی یہہ حدیث روایت کی تو کسی نے کہا کہ اگر ہم امام کی پیچھی ہون تو الحمد

کسطرح پڑھین تو کہا اپنی دل مین پڑہ لیا کرو مین نی حضرت سی سنا ہے فرماتی تہے کہ حق تعالی
فرماتا ہے کہ مین نی نماز کو اپنے اور اپنی بندگی کے بیچ آدہا آدہا بانٹا ہے سو جب بندہ
کہتا ہے کہ الحمد للہ رب العالمین تو اللہ فرماتا ہے کہ میرے بندی نی میری خوبیان بیان کین
اور جب کہتا ہے کہ الرحمن الرحیم تو اللہ فرماتا ہے کہ میری بندے نی تعریف کی اور جب کہتا ہے
مالک یوم الدین تو اللہ فرماتا ہے کہ میرے بندے نی میری بڑائی کی اور جب کہتا ہے کہ ایاک نعبد
وایاک نستعین تو اللہ فرماتا ہے کہ یہہ میرے واسطے ہے اور بندے کے واسطے بہی اور میرا بندہ جو
مانگے سو پاوی پہر جب کہتا ہے اہدنا الصراط المستقیم صراط الذین انعمت علیہم غیر
المغضوب علیہم ولا الضالین آمین تو اللہ فرماتا ہے کہ یہہ بات صرف بندے ہی کے واسطے
اور میرا بندہ جو مانگے سو پاوی ف امام شافعی کہتے ہین کہ الحمد پڑہنا نماز مین فرض ہے اسی
حدیث کی دلیل سی امام اعظم کی طرف سی یہہ جواب ہے کہ اگر الحمد پڑہنا فرض ہوتا تو الحمد کی چہوڑنے
سے نماز بالکل باطل ہو جاتی ناقص کہلاتی اسکے ترک سے ناقص ہونا یہہ دلیل ہے
واجب ہونی کی ١١٢ نح اَنَسٌ مَنْ صَلّٰی صَلٰوتَنَا وَاسْتَقْبَلَ قِبْلَتَنَا وَاَکَلَ
ذَبِیْحَتَنَا فَذٰلِکَ الْمُسْلِمُ الَّذِیْ لَہٗ ذِمَّۃُ اللّٰہِ وَذِمَّۃُ رَسُوْلِہٖ فَلَا تُخْفِرُوا
اللّٰہَ فِیْ ذِمَّتِہٖ بخاری مین انس سی روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ جو ہماری طرح
نماز پڑہے اور نماز کی وقت ہماری قبلے کی طرف منہہ کری اور ہمارا حلال کیا جانور

نح ١١٢

کہا وی وہ ایسا مسلمان ہے کہ جسکے واسطے اللہ اور اسکے رسول کی پناہ ہے سو اللہ کا قول
وقرار نہ توڑو اسکی دی امان مین یعنی اسکو کچھ تکلیف نہ دو خدا کا قول نہ توڑو اسکے
پناہ دئے ہوئی کو نہ چھیڑو ف یہود اور نصاریٰ کی نماز مین رکوع نہین قبلہ انکا اور
ہے اور مجوس مسلمان کا حلال کیا جانور نہین کہاتے تو جنے ہمارے قبلے کی طرف رکوع والی
نماز پڑھی اور مسلمان کا ذبیحہ کہایا تو اسنے وہ باطل دین چھوڑے تو وہ مسلمان ہوا
اب اسکو رنج دینا درست نہین ١١٣ ھر اَبُوْ هُرَيْرَةَ مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ وَاحِدَةً صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ ١١٣
عَشْرًا مسلم مین ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سی روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ جو مجھپر ایک بار درود
پڑھے گا خدا اسپر دس بار رحمت کریگا ف درود پڑھنے کا ثواب بیحساب ہے اور حدیث
مین حضرت نے فرمایا ہے کہ قیامت کی مصیبتون مین جب لوگ گرفتار ہونگے تو مین اول انکو
بخشاؤن گا جو مجھپر بہت درود پڑھا کئی خ ١١٤ اَبُوْ هُرَيْرَةَ مَنْ صَلّٰى فِيْ ثَوْبٍ ١١٤ خ
فَلْيُخَالِفْ بَيْنَ طَرَفَيْهِ بخاری مین ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سی روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ جو ایک کپڑے مین نماز پڑھے تو اسکو چاہیے کہ دونون گھونٹ جدا جدا
کرے یعنے اگر لنبا کپڑا ہے تو ایک گھونٹ سے ستر چھپاوے دوسرے گھونٹ کو مونڈھون پر ڈالے
اور اگر چھوٹا کپڑا ہو تو اس سے ستر ہی چھپاوے اور نماز پڑھ لے خ ١١٥ اُمِرْتُ اَنْ اَسْجُدَ عَلٰى سَبْعَةٍ ١١٥ خ
فِيْ رِوَايَةٍ ثِنْتَيْ عَشْرَةَ سَجْدَةً تَطَوُّعًا بُنِيَ لَهُ بَيْتٌ فِي الْجَنَّةِ بخاری مین

حضرت

حضرت ام حبیبہؓ سی روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ جو سنت نماز پڑہے ہر دن بارہ رکعت اسکے
لئی بہشتین گہر بنایا جائیگا ف مراد ان رکعتون سی رات دن کی معمولی سنین ہین دو
فجر کی چہہ ظہر کی دو مغرب کی دو عشا کی خ ۱۱۶ عمران ابن حصین من صلی قائما
فهو افضل ومن صلی قاعدا فله نصف اجر القائم ومن صلی نائما فله نصف
اجر القاعد بخاری مین عمران ابن حصین سے روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ جو کہڑے
نماز پڑہی وہ بہتر ہے اور جسنے بیٹہے پڑہی اسکو کہڑیکا آدہا ثواب ہے اور جسنے لیٹے نماز
پڑہی اسکو بیٹہے کا آدہا ثواب ہے ف یہہ حدیث اس بیمار کی حق مین ہے جو بیٹہے نماز فرض
پڑہتا ہے لیکن اگر چاہے تو تکلیف اٹہاکر کہڑے ہی پڑہ لے اور لیٹے فرض پڑہتا ہے لیکن تکلیف
سے بیٹہکر ہی پڑہ سکتا ہے تو ایسے بیمار کو آدہا ثواب ہے اور جس بیماری کسیطرح اٹہا بیٹہا
نجاوی اسکا ثواب پورا ہے بیٹہے پڑہے یا کہڑے اور بعضون کی نزدیک اس حدیث سے نفل نماز مراد ہے
خ ۱۱۷ ابن عباس من صور صورة فان الله معذبه حتى ينفخ فيها الروح
وليس بنافخ فيها ابدا بخاری مین عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سی روایت ہے کہ
حضرت نی فرمایا جسنے کسی جاندار کی تصویر بنائی تو اللہ اسپر عذاب کرتا رہیگا یہان تک
کہ وہ اسمین جان ڈالے اور جان ڈالنا اسسے کبہی نہو سکیگا یعنی تو عذاب بہی موقوف
نہوگا ف اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جاندار کی تصویر بنانا بہت بڑا گناہ ہے اسواسطے

ح ۱۱۶

خ ۱۱۷ بیان تصویر

یہہ کام خدا کا ہے تو تصویر بنانے والا کویا در پردہ خدائی کا دعوی کرتا ہے دوسرا سبب
یہہ کہ تصویر سازی جڑ ہے بت پرستی کی لیکن درخت اور پہاڑ اور بیل بوٹا بنانا درست ہے

۱۱۸ م ابن عمر من ضرب غلاما له حدا لم یاته او لطمه فان کفارته ان
یعتقه مسلم مین عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سی روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ جو اپنی غلام
بے کئے حد مارے خواہ حرام کاری کی خواہ شراب پینی کی یا اسکو طمانچہ مارے تو اسکا کفارہ
یعنی استار یہہ ہے کہ اسکو آزاد کردے ف غلام کو بی تقصیر مارنی سی آزاد کرنا مستحب ہے

۱۱۹ م امام اعظم اور امام شافعی کی نزدیک فرض نہین م انس ومعاذ بن جبل من طلب
الشهادة صادقا اعطیها ولو لم تصبه مسلم مین انس اور معاذ بن جبل رض
سی روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ جو مانگے خدا سی شہادت کو سچے دل سی تو اسکو شہادت کا
ثواب دیا جاویگا اگرچہ اُس نے شہادت نہ پائی ف معلوم ہوا کہ نیت خالص کو دین مین

۱۲۰ ق بڑا دخل ہے ق سعید بن زید من ظلم قید شبر من الارض طوقه
الله من سبع ارضین بخاری اور مسلم مین سعید بن زید رضی اللہ عنہما سی روایت ہے کہ
حضرت نی فرمایا کہ جو ظلم سی بالشت بھر زمین چھین لے گا تو خدا اسکے گلی مین سات طبق

۱۲۱ م زمین کا طوق ڈالے گا م ثوبان من عاد مریضا لم یزل فی خرفة الجنة
مسلم مین ثوبان رضی اللہ عنہ سی روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ جو بیمار کو پوچھی گا وہ ہمیشہ

بہشت کے

بہشت کی بالجی سی میوے جنی کا ف بیمار کا پوچھنا مسلمان کا حق ہے حضرت کی سنت ہے
لازم ہے کہ بیمار کی پاس تھوڑا بیٹھی زیادہ اسکو نہ بکاوی اور دعای خیر کرکی چلا آوی خ
انس من عال جاریتین حتی تبلغا جاء یوم القیمۃ انا وھو ھکذا وضم ۱۲۲
اصابعہ بخاری مین انس رضی اللہ عنہ سی روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ جو دو لڑکیون کو اپنی ہون
یا بیگانی پالیگا یہان تک کہ وہ جوانی کو پہنچین تو قیامت مین وہ شخص آوی گا میرے ساتھ اسطرح
اور حضرت نی اپنی انگلیان ملائین ف یعنی جیسی انگلیان آپسین خوب ملی ہین کچھ فرق نہین ویسی ہی
لڑکیون کا پالنی والا ہی قیامت مین میرے ساتھ ملا رہے گا زہے قسمت جسنے لڑکیون کو پالا
اور حضرت سی ملا م ابوھریرۃ من عرض علیہ ریحان فلا یردہ فانہ خفیف ۱۲۳ م ۱۱۳
المحمل طیب الریح مسلم مین ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سی روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ جسکو
خوشبودار گھاس یا پھول دیا جاوی سو اسکو نہ پھیر کیونکہ اس واسطی کہ ہلکا احسان ہے
اور خوشبودار چیز ہے ف یعنی خوشبودار پھول کچھ بڑا احسان نہین کہ اسکا عوض دینا کچھ
مشکل ہو یا عوض نہ دینی سی کوئی گلہ شکوہ کری تو ایسی چیز کیون روکری م عقبۃ بن عامر ۱۲۴ م ۱۱۴
من علم الرمی ثم ترکہ فلیس منا مسلم مین عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سی روایت ہے
کہ حضرت نی فرمایا کہ تیر لگانا سیکھے پھر اسکو چھوڑ دے وہ ہماری راہ پر نہین ف یعنی تیر
لگانا جہاد کا سبب ہے تو اسکا چھوڑنا گویا جہاد کا چھوڑنا ہے خ عائشۃ من عمر ۱۲۵ خ

اَرْضًا لَيْسَتْ لِاَحَدٍ فَهُوَ اَحَقُّ بخاری مین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ جو آباد کری زمین کو جسکا کوئی مالک نہین تو وہی مالکی کے لایق ہے
یعنی پہر اُس زمین کا کوئی دعوی نہین کرسکتا ہے م عَائِشَةَ مَنْ عَمِلَ عَمَلًا لَيْسَ عَلَيْهِ
اَمْرُنَا فَهُوَ رَدٌّ مسلم مین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا ہی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جو کوئی
وہ کام کری کہ جسپر ہمارا حکم نہین تو وہ کام مردود ہے ف اس حدیث سی بدعت جڑ پڑی
اکہڑ گئی یعنی جس دین کی کام مین حضرت کا حکم نہو خواہ کہلا خواہ چہپا تو وہ کام مردود ہے
مسلمان محمدی کو اُس سی بچنا چاہئی ق ابُوهُرَيْرَةَ مَنْ غَدَا اِلَى الْمَسْجِدِ اَوْ رَاحَ
اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُ فِي الْجَنَّةِ نُزُلًا كُلَّمَا غَدَا اَوْ رَاحَ بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ رضی
اللہ عنہ سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جو صبح شام نماز کو مسجد مین آیا کریگا تو خدا اسکے
واسطی مہمانی تیار کریگا جتنی بار صبح شام م اِبْنُ عُمَرَ وَاَبُوهُرَيْرَةَ مَنْ غَشَّنَا فَلَيْسَ
مِنَّا مسلم مین عبداللہ بن عمر اور ابوہریرہ رضی اللہ عنہما سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جو ہم
یعنے مسلمانون سی دغابازی کریگا وہ مسلمانون مین نہین ف ایک بار حضرت بازار مین گئے
ایک گیہون کی ڈہیر مین ہاتہہ ڈالا تو اندر گیلا پایا سبب اُس کا پوچہا اُسنے کہا کہ یا حضرت
پانی سی بہیگ گیا ہے حضرت نے فرمایا کہ بہیگے گیہون اوپر کیون نہ رکہے کہ سب لوگ دیکہتے
پہر حضرت نے یہہ حدیث فرمائی کہ جو دغابازی کرے وہ مسلمان نہین م اِبْنُ عُمَرَ مَنْ

فَاتَتْهُ صَلٰوةُ الْعَصْرِ فَكَاَنَّمَا وُتِرَ اَهْلَهٗ وَمَالَهٗ مسلم مین عبداللہ بن عمر رضی اللہ
عنہ سی روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ جسکی عصر کی نماز جاتی رہی تو جیسی اسکے جورو لڑکے
اور مال چین گیا م اَبُوْهُرَيْرَةَ مَنْ فَرَّجَ عَنْ اَخِيْهِ كُرْبَةً مِنْ كُرَبِ الدُّنْيَا
فَرَّجَ اللّٰهُ عَنْهُ مِنْ كُرَبِ يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مسلم مین ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے
کہ حضرت نی فرمایا کہ جو اپنے بھائی مسلمان کی مشکل آسان کردے دنیا کی مشکلون سی تو اللہ تعالے
اسکی مشکل آسان کردیگا قیامت کی مشکلون سی ق اَبُوْمُوْسَى الْاَشْعَرِيُّ مَنْ قَاتَلَ
لِتَكُوْنَ كَلِمَةُ اللّٰهِ هِيَ الْعُلْيَا فَهُوَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بخاری اور مسلم مین ابوموسی
اشعری رضی اللہ عنہ سی روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ جو اسواسطے لڑی کہ خدا کا بول بالا ہو وہ
راہ خدا کا غازی ہے ف ایک آدمی نی حضرت سی پوچھا کہ لوگ مال کی واسطی لڑتی ہین
نام کی واسطی لڑتی ہین عزت کی واسطی لڑتی ہین سو امین سے خدا کی راہ کا لڑنی والا کون ہے حضرت نی
فرمایا کہ جسکی یہہ نیت ہو کہ اللہ کا دین غالب ہو وہ اللہ کی راہ مین ہے خ اَبُوْهُرَيْرَةَ
مَنْ قَالَ اَنَا خَيْرٌ مِّنْ يُوْنُسَ بْنِ مَتّٰى فَقَدْ كَذَبَ بخاری مین روایت ہے ابوہریرہ رضی
اللہ عنہ سی کہ حضرت نی فرمایا کہ جو کہی مین بہتر ہون یونس پیغمبر سی وہ جھوٹا ہے ف اس
حدیث کی دو مطلب ایک یہہ کہ جو شخص اپنے تئین حضرت یونس سی بہتر جانے یعنی یون سمجھے
کہ حضرت یونس کی قوم کی تکلیف دینی پر نہ صبر کرسکے اور بے حکم خدا کے وہان سی چلے گئے

ق ۱۳۱ تفق علیہ بخاری و مسلم

خ ۱۳۲

اور مچھلی کی پیٹ مین قید ہوئی تو مین اُنسی صبر مین بہتر ہون تو وہ شخص جو تہا ہے اسواسطے
کہ پیغمبر سی کوئی بہتر نہین ہوسکتا دوسرا یہہ مطلب کہ حضرت کو حضرت یونس سی بہتر کہے
حالانکہ ہماری حضرت سب پیغمبرون سی افضل ہین سو اسکو حضرت نے ازراہ انکسار منع کیا یا حضرت
اس بات سے ڈرے کہ مبادا نادان لوگ مجھکو افضل کہتے کہتے کہین یونس کو بُرا نہ کہنے لگین
تو کافر ہوجاوین جیسی یہودیون نے حضرت موسی کی بڑائیان کرتے کرتے حضرت عیسی کو بُرا
کہا اور کافر ہوگئی ۱۳۳ م سعد ابن ابی وقاص من قال حین یسمع المؤذن وانا ۲
اشهد ان لا اله الا الله وحده لا شریک له وان محمدا عبده ورسوله
رضیت بالله ربا وبمحمد رسولا وبالاسلام دینا غفر له ذنبه مسلم مین سعد
ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جو موذن سی اذان سنکر یون کہے
کہ مین بہی گواہی دیتا ہون کہ سوای خدا کی کوئی لائق بندگی کے نہین وہ اکیلا ہے کوئی اسکا
شریک نہین اور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بندہ ہے اور اسکا رسول ہین راضی ہون اللہ کی
مالکی اور محمد کی پیغمبری سی اور مسلمانی کے دین سی تو اسکے گناہ بخشے جاوینگے خ ۱۳۴ جابر
من قال حین یسمع النداء اللهم رب هذه الدعوة التامة والصلوة
القائمة آت محمدا الوسیلة والفضیلة وابعثه مقاما محمودا ن
الذی وعدته حلت له شفاعتی یوم القیمة بخاری مین جابر رضی اللہ عنہ سے

خ
نوری
زورق

روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جو شخص جب اذان سنے تو یہہ دعا یعنی اللہم سی وعدہ تک پڑھے تو
اُسکو قیامت مین میری شفاعت پہنچیگی یعنی حضرت اُسکو بخشا دینگے اس دعا کی یہہ معنی کہ اے
خدا اس پوری پکار اور سدا رہنے والی نماز کی صاحب ہے محمد کو وسیلہ اور بڑائی پہنچا اُسکو
سزاوار ہے مکان پر جسکا تو نے وعدہ کیا ہے پوری پکار یعنی ثواب کی تاثیر مین پوری ہے سدا رہنے والی
نماز یعنی قیامت تک اُسکا حکم موقوف نہو کا وسیلہ بہشت مین بہت ایک عمدہ مکان ہے کہ وہ خاص
حضرت کی واسطے ہے مقام محمود یعنی سفارش کا رتبہ جب قیامت کی میدانون مین لوگ گھبرائے
ہونگے اور سب پیغمبر جواب دینگے کسی کی سفارش نکرسکین کے اسوقت ہماری حضرت دیر تک خدا کے
سامنے سجدہ مین جاینگے پھر لوگون کو بخشا لینگے اسکا نام مقام محمود ہے ق ۳۴ اَبُوْهُرَيْرَةَ رَضِيَ
قَالَ حِيْنَ يُصْبِحُ وَحِيْنَ يُمْسِيْ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ مِائَةَ مَرَّةٍ لَمْ يَأْتِ اَحَدٌ يَوْمَ
اَلْقِيٰمَةِ بِاَفْضَلَ مِمَّا جَاءَ بِهٖ اِلَّا اَحَدٌ قَالَ مِثْلَ مَا قَالَ اَوْ زَادَ عَلَيْهِ بخاری
اور مسلم مین ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جو صبح شام سبحان
اللہ وبحمدہ سو بار پڑھا کرے گا تو قیامت کی دن اُس سے بہتر کوئی عبادت نلاوے گا مگر وہی
شخص جو پڑھا کیا ہو اُسکی طرح یا اُسپر کچھ بڑہ کے یعنی اُسکے پڑھنے والے کے برابر وہی شخص
ہے جو سبحان اللہ وبحمدہ کو سو بار یا زیادہ پڑھتا ہو کا اُسکے سوای اور کوئی اُسکے برابر نہین
سبحان اللہ کیا رتبہ ہے سبحان اللہ وبحمدہ کے پڑھنے کا ق ۳۵ اَبُوْاَيُّوْبَ

ق ۳۴

ق ۳۵

الانصاری من قال لا الٰہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ لہ الملک ولہ
الحمد وھو علی کل شیء قدیر عشر مرار کان کمن اعتق اربعۃ انفس من
ولد اسمٰعیل بخاری اور مسلم میں ابو ایوب سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جو لا الٰہ الا اللہ سے
قدیر تک دس بار پڑھے گا ثواب اسکے برابر ہوگا جیسے چار غلام حضرت اسمٰعیل کی اولاد سے
آزاد کئے معنی اسکے یہ کہ نہیں کوئی سوای خدا کے لائق بندگی کے وہ اکیلا ہے کوئی اسکا شریک نہیں
اسیکو بادشاہی ہے اور اسی کو سب خوبیاں اور وہ ہر چیز کر سکتا ہے ف غلام کوئی ہو انکے
آزاد کرنے میں ثواب ہے لیکن حضرت اسمٰعیل کی اولاد ذات میں سب سے افضل ہے تو انکے آزاد
کرنے میں زیادہ تر ثواب ہے اس حدیث سے کلمہ توحید کی فضیلت اور حضرت اسمٰعیل کی اولاد
یعنی عرب کی شرافت ثابت ہوئی ق ابو ہریرۃ من قال لا الٰہ الا اللہ وحدہ ق
لا شریک لہ لہ الملک ولہ الحمد وھو علی کل شیء قدیر فی یوم
مائۃ مرۃ کانت لہ عدل عشر رقاب وکتب لہ مائۃ حسنۃ ومحیت
عنہ مائۃ سیئۃ وکانت لہ حرزا من الشیطان یومہ ذلک حتی یمسی
ولم یات احد بافضل مما جاء بہ الا رجل عمل اکثر منہ ومن قال سبحان
اللہ وبحمدہ فی یوم مائۃ مرۃ حطت خطایاہ وان کانت مثل زبد البحر
بخاری اور مسلم میں ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جو کلمہ توحید کو ایکدن

یا بہ پڑھے تو اُسکو دس غلام آزاد کرنے کے برابر ثواب ملیگا اور سو نیکیان اسکے لئے لکھی
دین کی اور سو برائیان اُسکی مٹائی جاوین کی اور اُسدن شام تک اُسکو شیطان سے
ہ رہے گی اور اُس سے بہتر کوئی نہین مگر جسنے کہ اُسسے زیادہ پڑھا اور جو سبحان اللہ وبحمدہ کو ایکسو بین
بار پڑھا کرے گا اُسکے گناہ چھیل ڈالے جاوین گی اگرچہ سمندر کی جھاگ برابر ہون یعنی اگرچہ
ت ہون معاف ہونگی مسند طارق بن اشیم من قال لا الہ الا اللہ وکفر بما
بد من دون اللہ حرم مالہ ودمہ وحسابہ علی اللہ مسلم مین طارق
اشیم سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جسنے زبان سے لا الہ الا اللہ کہا اور جو چیز کہ سوائے
اسکے پوجی جاتی ہو درخت ہو یا پتھر یا قبر اُسسے انکار کرے تو اُسکا مال اور خون حرام ہے
اور اُسکا حساب اللہ پر ہے ف یعنی جو مسلمان ہوا اسکا جان اور مال بچ گیا اور اگر
سنے مکر کیا ہو کا اپنے بچنی کی واسطی تو خدا اسکو سمجھ لے کا یعنی دل کا حال دریافت کرنا
مارا کام نہین ہمکو ظاہر کا حکم ہے لا الہ الا اللہ بڑا پتا ہے اسلام کا حضرت کے وقت جو لا
الا اللہ کہتا وہ محمد رسول اللہ بھی کہتا تھا قیامت اور ضروریات دین کو مانتا تھا اور یہان اس
دیث کا مطلب نہین کہ جو صرف لا الہ الا اللہ کہی وہ مسلمان ہے خواہ حضرت کو اور قیامت کو مانے
نہ مانے اسواسطے کہ ایمان اُس کا نام ہے کہ دین کی سب ضروریات کو مانے اگر ایک بات کا
بھی منکر ہو تو کافر ہے خ ابو ہریرۃ من قام رمضان ایمانا واحتسابا

غُفِرَلَهٗ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِہٖ بخاری مین ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے
جو ایمان سے اور ثواب کی واسطے رمضان کی راتون مین نماز پڑہے کا خواہ تراویح خواہ اور نماز
تو اسکے اگلی گناہ بخشے جاوین گے خ اَبُوْھُرَیْرَۃَ مَنْ قَامَ لَیْلَۃَ الْقَدْرِ اِیْمَانًا
وَّاحْتِسَابًا غُفِرَلَهٗ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِہٖ وَمَنْ صَامَ رَمَضَانَ اِیْمَانًا وَّاحْتِسَابًا
غُفِرَلَهٗ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِہٖ وَرِوَایَۃُ الْاَقْلِیْشِیْ مَنْ یَّقُمْ لَیْلَۃَ الْقَدْرِ
بخاری مین ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت سے کہ حضرت نی فرمایا کہ جو ایمان سی اور ثواب کے
واسطے شب قدر مین جاگیگا اور نماز پڑہیگا تو اسکے اگلے گناہ معاف ہوجاوین گے اور جو ایمان
سے اور ثواب کی واسطے رمضان کی روزی رکھی گا تو اسکے اگلی گناہ بخشے جاوین گے
اور اقلیشی نی جسکی کتاب النجم تصنیف ہے اس حدیث مین من قام لیلۃ القدر کی جگہ من یقم لیلۃ
القدر کو روایت کیا ہے لیکن مطلب دونون کا ایک ہے صرف لفظ کا فرق ہے م
اَبُوْھُرَیْرَۃَ مَنْ قُتِلَ دُوْنَ مَالِہٖ فَھُوَ شَھِیْدٌ مسلم مین ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے
روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ جو اپنی مال کی بچانے کے واسطے مارا جاوی تو وہ شہید ہے
ف یہ حدیث بخاری اور مسلم مین عبداللہ بن عمر کی روایت سے ہی صرف مسلم کی علامت
سنہ ہے اور ابوہریرہ کی طرف اسکی روایت کی نسبت خطا ہے کاتب کی مصابیح مین ابو
ہریرہ رضی اللہ عنہ سی روایت ہے کہ حضرت سے ایک شخص نے پوچھا کہ یا رسول اللہ اگر کوئی میرا مال

چھنے تو مین کیا کروں حضرت نی فرمایا کہ اپنی مال کو ندی پھر اُس نی کہا اگر وہ ہتھیار کرے
اور لڑے حضرت نی فرمایا کہ تو بھی اُس سے لڑ پھر اُسنے کہا بھلا اگر وہ مجھی مار ڈالے حضرت نے
فرمایا کہ تو شہید ہوگا پھر اُسنے کہا اگر مین اسکو مار ڈالون حضرت نی فرمایا کہ وہ ظالم تہا نہ
دوزخی ہوا اُسوقت حضرت نی یہہ حدیث فرمائی کہ جو اپنے مال بچانی کی سبب سی مارا جاے
وہ شہید ہے عَنْ اَبُوْ هُرَيْرَةَ مَنْ قُتِلَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَهُوَ شَهِيْدٌ وَمَنْ
مَاتَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَهُوَ شَهِيْدٌ وَمَنْ مَاتَ فِي الطَّاعُوْنِ فَهُوَ شَهِيْدٌ
وَمَنْ مَاتَ فِي الْبَطْنِ فَهُوَ شَهِيْدٌ وَمَنْ غَرِقَ فَهُوَ شَهِيْدٌ مسلم مین ابوہریرہ سی
روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ جو خدا کی راہ مین یعنے جہاد مین مارا گیا تو وہ شہید ہے اور جو خدا کی
راہ یعنی جہاد یا حج مین اپنی موت مرگیا وہ شہید ہے اور جو وبا مین مرگیا وہ شہید ہے اور جو پیٹ کی
بیماری سی مرگیا جیسی اسہال کی بیماری سی تو وہ شہید ہے اور جو ڈوب گیا وہ شہید ہے
مصابیح مین ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سی روایت ہے کہ حضرت نی پوچھا کہ تم شہید کسکو جانتی ہو
اصحاب نی عرض کی کہ جو خدا کی راہ مین منہہ نہ موڑی اور مارا جاوے حضرت نی فرمایا تو تو
میری اُمت کے شہید بہت تھوڑی ہونگی پھر حضرت نی یہہ حدیث فرمائی اور دوسری حدیث مین
فرمایا ہے کہ جو آگ مین جلے اور جسپر دیوار گر پڑے اور جو عورت کہ لڑکا پیدا ہونی سی مرجاوے
اور جو ذات الجنب یعنی پانجر کے درد سے مرے اور جسکو سل کی بیماری ہو تو وہ بھی شہید ہے

ہرچند اعلیٰ رتبی کا وہی شہید ہے جو خدا کی راہ مین مارا جاوے لیکن ان لوگون کو بھی شہید ونکی
طرح کچھ ثواب آخرت ملیگا اور مرتبہ بلند ہوگا لیکن اتنا عمل نہ دینا اور نماز نہ پڑھنا مثل شہید کے
درست نہین ق ۱۴۳ اَبُوْقَتَادَةَ مَنْ قَتَلَ قَتِيْلًا لَهٗ عَلَيْهِ بَيِّنَةٌ فَلَهٗ سَلَبُهٗ بخاری ق
اور مسلم مین ابو قتادہ رضی اللہ عنہ سی روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ جو مسلمان جہاد مین کسی
کافر کو ماری اور اُسکے مارنیکی گواہ بھی ہون تو اُسکے اسباب اور ہتھیار کا مالک مارنیوالا ہے
ف امام اعظم کی مذہب مین قاتل اسباب کو اُسوقت پاوی کا کہ جب امام نی اسبات کا
حکم دیا ہو اور امام شافعی کی نزدیک امام کا حکم کچھ شرط نہین خ ۱۴۴ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ خ
عَمْرٍو مَنْ قَتَلَ مُعَاهَدًا لَمْ يَرِحْ رَائِحَةَ الْجَنَّةِ وَاِنَّ رِيْحَهَا تُوْجَدُ
مِنْ مَسِيْرَةِ اَرْبَعِيْنَ عَامًا بخاری مین عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے روایت ہے
کہ حضرت نی فرمایا کہ جو قول قرار والی کو مارڈالے گا وہ بہشت کی بو نہ سونگھی گا اور بہشت کی
خوشبو چالیس برس کی راہ سی معلوم ہوتی ہے ف معاہد اور ذمی اس کافر کو کہتی ہین
جو مطیع الاسلام ہوا اور امام نی اسکو پناہ دی ہو اُسکا قتل کرنا نہایت گناہ ہے قول کا
توڑنا کسی طرح درست نہین م ۱۴۵ اَبُوْهُرَيْرَةَ مَنْ قَتَلَ وَزَغَةً فِيْ اَوَّلِ ضَرْبَةٍ م
فَلَهٗ كَذَا وَكَذَا حَسَنَةً وَمَنْ قَتَلَ فِي الضَّرْبَةِ الثَّانِيَةِ فَلَهٗ كَذَا وَكَذَا حَسَنَةً
لِدُوْنِ الْاُوْلٰى وَاِنْ قَتَلَهَا فِي الضَّرْبَةِ الثَّالِثَةِ فَلَهٗ كَذَا وَكَذَا حَسَنَةً

لدون

لِلدُّوْنِ الثَّانِیَۃِ مسلم میں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جو مارڈالے گا
گرگٹ کو پہلی بار تو اسکو اتنا اتنا ثواب ہے اور جو اسکو دوسری بار میں مارے گا تو اسکو اتنا اتنا ثواب
ہے مگر پہلی بار سے کم اور جو تیسری بار میں مارے گا تو اسکو اتنا اتنا ثواب ہے لیکن دوسری بار سے
کم ف یعنی اول بار گرگٹ مارنے کا بڑا ثواب ہے دوسری بار کم تیسری بار سے بھی کم گرگٹ
زہردار جانور اور موذی ہے تو جسنے موذی کو مارا تو اسنے ایک خلقت کو آرام دیا ثواب پایا
چاہیے اور بخاری میں روایت ہے کہ جب حضرت ابراہیمؑ کو آگ میں ڈالا تھا تو سب جانور آگ بجھاتے
تھے لیکن گرگٹ آگ کو پھونک پھونک بھڑکاتا تھا اسواسطے اس بدذات کے مارنے میں ثواب ہے

ق ابوھریرۃ من قذف مملوکہ وھو بریء مما قال جلد یوم القیمۃ الا
ان یکون کما قال بخاری اور مسلم میں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
کہ جو اپنی غلام کو حرام کاری کا بدون کسی عیب لگاویگا تو قیامت کی دن اسکو کوڑے لگینگے اور
اگر اسنے حرام کاری کی ہوگی نہ لگینگے ف جو کسی کو حرام کا عیب لگادی اور چار گواہ نہ لاسکی
تو حاکم اسکو اسی کوڑی ماری اور جو مالک اپنی غلام کو عیب لگاویگا تو دنیا میں نہ مارا جاویگا
لیکن قیامت میں کوڑی کھاویگا ق ابومسعود عقبۃ بن عمرو الانصاری
من قرأ الآیتین من آخر سورۃ البقر فی لیلۃ کفتاہ بخاری اور مسلم میں
عقبہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جو رات کو سورۂ بقر کی تمامی کی

دو کیتین پڑھے کا یعنی امن الرسول سی آخر تک تو وہ کفایت کرتی ہین ف یعنی سوتی وقت
قرآن پڑہنا سنت ہے اور برکت کا سبب ہے تو جسنے امن الرسول پڑھا تو کافی ہے یا بجای تہجد کفایت
کرتی ہے ق (۱۴۸) الربیع بنت معوذ بن عفراء من کان اصبح صائما فلیتم
صومہ ومن کان اصبح مفطرا فلیتم بقیۃ یومہ بخاری اور مسلم مین ربیع رض سی
روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ جسنی صبح سی روزہ رکہا ہو وہ اپنا روزہ پورا رکہی اور جسنے
صبح سی روزہ نورا ہو تو باقی دن کو تمام کری یعنی کچہہ نکہا وی ف قریش مکے مین عاشوریکا
روزہ رکہتی تہے حضرت بہی رکہتی تہی جب مدینی مین حضرت آئے تو عاشوری کی روزیکا حکم
کیا لوگون کو اور یہہ حدیث فرمائی پہر جب رمضان کی روزی فرض ہوئی تو عاشوریکا روزہ
فرض نرہا بعضی رکہتی تہی سنت جانکے اور بعضے نرکہتے تہی ق (۱۴۹) ابو سعید من کان
اعتکف فلیرجع الی معتکفہ فانی رایت ہذہ اللیلۃ ورایتنی اسجد
فی ماء وطین بخاری اور مسلم مین ابو سعید رضی اللہ عنہ سی روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا
کہ جو اعتکاف بیٹھا ہو وہ پہر آوی اپنے اعتکاف کی مقام پر سو مین نی مقرر شب قدر کو
خواب مین دیکہا ہے اور مجہکو دکہا دیا ہے کہ مین سجدہ کرتا ہون پانی اور مٹی مین یعنی شب قدر
وہ رات ہے جسمین پانی برسیگا اور مین کیچڑ مین سجدہ کرونگا ف صحیح بخاری مین
اسکا پورا قصہ ابو سعید سی یون روایت ہے کہ ہم ایکسال رمضان مین شب قدر کی واسطے

دسوین تاریخ سے اُنیسوین تک حضرت کے ساتھ مسجد مین اعتکاف بیٹھتے تو حضرت نے بیسوین کی
صبح کو فرمایا کہ شب قدر مجکو معلوم ہوئی تھی سو مین بھول گیا اب تم اُسے وہے مین تلاش کرو طاق راتون
مین اور مین نے خواب مین شب قدر کو دیکھا ہی کہ پانی اور مٹی مین سجدہ کرتا ہون سو جسنے اعتکاف
توڑا ہو وہ پھر مسجد مین آکر اعتکاف کرے ابوسعید کہتے ہین کہ اُسوقت آسمان پر کہین بدلی کا
ٹکڑا بھی نہ تھا پھر بدلی ہوئی اور یہان تک پانی برسا کہ حضرت کی مسجد چھت ٹپکی پھر حضرت نے
اُسی کیچڑ مین نماز پڑھی اس حدیث سی معلوم ہوا کہ شب قدر اکیسوین رات کو ہوتی تھی خ ۱۵۰ خ

ابُوھُرَیرَۃَ مَنْ کَانَتْ عِنْدَہٗ مَظْلَمَۃٌ لِاَخِیْہِ مِنْ عِرْضِہٖ اَوْ شَیْءٍ فَلْیَتَحَلَّلْہُ
مِنْہُ اَلْیَوْمَ مِنْ قَبْلِ اَنْ لَّا یَکُوْنَ دِیْنَارٌ وَّلَا دِرْھَمٌ اِنْ کَانَ لَہٗ عَمَلٌ صَالِحٌ اُخِذَ
مِنْہُ بِقَدْرِ مَظْلَمَتِہٖ وَاِنْ لَّمْ تَکُنْ لَہٗ حَسَنَاتٌ اُخِذَ مِنْ سَیِّئَاتِ صَاحِبِہٖ
فَحُمِلَ عَلَیْہِ بخاری مین ابوہریرہ رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ جسپر کچھ مظلمہ
ہو اپنے بھائی مسلمان کا خواہ اُسکی آبرو کا ہو یا کسی اور چیز کا یعنے جان مال کا تو چاہیے
کہ آج اُسسے بخشا لیوے اُس دن سے پہلے کہ جسدن نہ اشرفی پاس ہوگی نہ روپیہ اگر ظالم کے
کچھ نیک کام ہونگے تو اُسسے لیکر بقدر ظلم کے مظلوم کو دلائے جاینگے اور اگر ظالم کے کچھ بھی نیک عمل نہونگے
تو مظلوم کے گناہ لیکر ظالم پر لاد دیے جاوینگے یعنے پھر ان گناہون کو لادے سزا کیواسطے دوزخ مین جاویگا
گناہ دو قسم ہین خدا کے گناہ اور بندون کے گناہ سو خدا کے گناہ توبہ کرنے سی یا اُسکے فضل سی

معاف ہو سکتے ہین اور بندون کے گناہ بے اُنکے بخشے نہین معاف ہوتے تو
جسکو قیامت کا ڈر ہو اُسکو لازم ہے کہ جنکے قصور کئے ہون اُنسے معاف کروالے
خواہ منت عاجزی کرکے خواہ روپیہ پیسا دیکے اگر گھر باغ کسی کا چھین لیا ہو یا
کسی کی چوری کی ہو رشوت لی ہو دغابازی سے کسی کا مال دبایا ہو تو اُسکو
پھیر دے اور اگر کسی کو مارا کوٹا ہو بے عزت کیا ہو تو اُسکو جسطرح ہو سکے راضی کرے
زندگی کو غنیمت جانے ابھی اُسکا علاج ممکن ہی قیامت مین کچھ تدبیر نہو سکیگی کہ وہان نہ مال
پاس ہوگا نہ اسباب ق ابوھریرۃ من کانت لہ ارض فلیزرعھا او ق ۱۵۱
لیمنحھا اخاہ فان ابی فلیمسک ارضہ بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ جسکی زمین ہو تو چاہیے اُسمین کھیتی کرے یا چاہیے اپنے بھائی مسلمان کو عاریت
دے کہ وہ کھیتی کرے سو اگر وہ عاریت نہ لے تو اپنی زمین کو رہنے دے ف بخاری مین روایت ہے ف
کہ مدینے کے لوگ زمین کو بٹائی پر دیتے تھے آدھا تہائی چوتھائی پر لیتے تھے پھر باوقت
جھگڑا ہوتا تھا تو حضرت نے اس بٹائی سے منع کیا اور فرمایا کہ زمین کا مالک یا آپ کھیتی کرے یا مانگے دے
یا زمین کو بے کھیتی رکھے یعنی بٹائی پر نہ دے اور یہی مذہب ہے امام اعظم کا اور امام شافعی اور
ابی یوسف اور محمد کے نزدیک بٹائی پر زمین دینا درست ہے خ ابن عمر من کان حالفا خ ۱۵۲
فلیحلف باللہ او لیصمت بخاری مین عبداللہ بن عمر سے روایت ہے کہ حضرت نے

فرمایا

فرمایا کہ جو قسم کھایا چاہے تو اللہ کی قسم کھاوے یا چپ رہے ف اس حدیث سے معلوم
ہوا کہ سوائے خدا کے کسی کی قسم نہیں درست نہ قرآن کی نہ اپنے باپ دادا کی چنانچہ اور حدیث
میں صاف منع کیا ہے م اَنَسٍ مَنْ کَانَ ذَبَحَ قَبْلَ الصَّلٰوۃِ فَلْیُعِدْ بخاری اور
مسلم میں انس سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جو قربانی ذبح کر چکا ہو نماز سے پہلے تو چاہئے
کہ پھر ذبح کرے ف اس حدیث سے معلوم ہوا کہ شہر میں نماز عید سے پہلے قربانی کرنا درست نہیں
اور چھوٹی بستیوں میں جہاں عید کی نماز نہ ہوتی ہو وہاں درست ہے اور یہی مذہب ہے امام اعظم کا

م سَبْرَۃَ بْنِ مَعْبَدِ الْجُھَنِیِّ مَنْ کَانَ عِنْدَہٗ شَیْءٌ مِنْ ھٰذِہِ النِّسَاءِ الَّاتِیْ تَمَتَّعَ
فَلْیُخَلِّ سَبِیْلَھَا مسلم میں سبرہ بن معبد سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جسکے پاس کوئی عورت
ہو ان عورتوں سے کہ جنسے متعہ کیا ہو تو اسکو چھوڑ دے یعنے متعہ کرنا اب حرام ہوا ف
متعہ اسکو کہتے ہیں کہ کسی عورت سے کہے کہ میں صحبت کے واسطے تجھسے متعہ کرتا ہوں بدلے پانچ یا دس
روپئے کے دو روز یا سال بھر کے سو اہل سنت اور جماعت کے چاروں مذہب میں متعہ
حرام ہے اور ہدایہ کے مصنف نے جو امام مالک کی طرف نسبت کیا ہے سو اسکو غلطی ہوئی ہے
اس واسطے کہ امام مالک کے موطا میں اور انکی فقہ کی کتابوں میں متعہ کو صاف حرام لکھا ہے
اور علماء محدثین کی یہ تحقیق ہے کہ متعہ دو بار حلال ہوا اور دو بار حرام ہوا پہلے چند روز
مباح رہا تھا پھر جب خیبر فتح ہوا تو حرام ہو گیا چنانچہ حضرت علی سے موطا اور بخاری

اور مسلم اور ترمذی مین اُسکی روایت ہے دوسری بار جنگ اوطاس مین تین دن متعہ
مُباح ہوا پھر فتح مکہ مین قیامت تک کو حضرت نے حرام کیا چنانچہ صحیح مسلم مین سلمہ بن اکوع سے
اِس حدیث کی روایت موجود ہے اور سب حضرت کے اصحاب کا متعہ کی حرمت پر اجماع اور اتفاق
ہے صرف عبداللہ بن عباس اول اسکو درست کہتے تھے آخر کو جب اُنکو حدیثین پہنچین تو وہ
بھی حرمت کے قائل ہوئے چنانچہ ترمذی مین ثابت ہے اور جب حدیث اور فقہ کی کتابون سے متعہ کی حرمت
ثابت ہوچکی تو اب شیعہ کو اہل سنت کا الزام دینا محض بیجا ہے اُنکی بوجہ مین خلل ہے ق

ق عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اَبِیْ بَکْرٍ مَنْ کَانَ عِنْدَهٗ طَعَامُ اثْنَیْنِ فَلْیَذْهَبْ بِثَالِثٍ وَ
مَنْ کَانَ عِنْدَهٗ طَعَامُ اَرْبَعَةٍ فَلْیَذْهَبْ بِخَامِسٍ بِسَادِسٍ اَوْ کَمَا قَالَ بخاری
اور مسلم مین عبدالرحمن بن ابی بکر صدیق سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جسکے پاس دو
آدمی کا کھانا ہو وہ تیسرے آدمی کو کھانا کھلانے کے واسطے لیجاوے اور جسکے پاس چار
آدمی کا کھانا ہو وہ پانچ چھہ کو لیجاوے راوی شک ہے کہ پانچ چھہ فرمایا کہ اِسکے بدلے کچھہ
ف اور جب حضرت کافرون کے خوف سے مکہ چھوڑ مدینے مین آئے تو حضرت کے ساتھہ
اور اصحاب بھی آئے مال اسباب طیبین چھوٹ رہا اصحاب صفا کو زیادہ تر کہانی کی تکلیف
ہونے لگی تب حضرت نے مدینے مین رہنے والون سے یہہ فرمایا کہ جسکے پاس دو کا کھانا ہو وہ تیسرے آدمی کو ہمارے
ح پاس سے لیجاوے اور کھانا کھلاوے ح ابْنُ عُمَرَ مَنْ کَانَ فِیْ حَاجَةِ اَخِیْهِ کَانَ اللّٰهُ فِیْ حَاجَتِهٖ بخاری مین عبداللہ

بن عمر رضی اللہ عنہما سی روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ جو اپنی بہائی مسلمان کا کام کاج کیا کریگا
تو خدا اُس کا کام بنایا کریگا ف یعنی آدمی ہر دم خدا کا محتاج ہے تو چاہے کہ خدا ما مطلب پورا
کری اُسکو لازم ہے کہ اپنی مسلمان بہائی کا مقدور بھر کام بناوے اور اسکے واسطے سعی سفارش
کیا کرے ق جابرؓ من کان لہ شریک فی ربعۃ او نخل فلیس لہ ان یبیع ق ۱۵۶
حتی یؤذن شریکہ فان رضی اخذ وان کرہ ترک بخاری اور مسلم مین روایت
ہے جابر رضی اللہ عنہ سے کہ حضرت نی فرمایا کہ جسکا کوئی شریک ہو خواہ گھر مین یا باغ مین
تو اُسکو بدون اطلاع شریک کے شراکت کی چیز کا بیچنا نہین درست پھر بعد اطلاع کی اگر شریک چاہے
تو مول لے کا اور اگر نچاہے گا تو نلیگا خ ابو سعید من کان معہ فضل ظہر خ ۱۵۷
فلیعد بہ علی من لا ظہر لہ ومن کان لہ فضل من زاد فلیعد بہ
علی من لا زاد لہ بخاری مین ابو سعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ جسکے پاس
سواری سے زیادہ اونٹ ہو تو جسکے پاس اونٹ نہین ہے اُسکو سواری کے واسطے دا اور جسکے پاس
کھانا پینا زیادہ ہو تو جسکے پاس کچھ کھانا پینا نہین ہے اُسکو دے ف حضرت نی
سفر مین یہہ فرمایا تہا م اسماء بنت ابی بکر من کان معہ ھدی فلیقم علی م ۱۸۱
احرامہ ومن لم یکن معہ ھدی فلیحلل مسلم مین اسماء رضی اللہ عنہا سی روایت ہے
کہ حضرت نی فرمایا کہ جسکے ساتہ قربانی ہو وہ اپنے احرام پر قائم رہے اور جسکے پاس

قربانی نہو وہ احرام کو کھول ڈالی ف حضرت ایکبار سب لوگون کو لے کر حج کو گئے جب مکی
مین پہنچے تب یہہ حکم کیا کہ جسکے ساتھہ قربانی ہو وہ احرام باندھی رہے حج کرکے اُترے
اور جسکے پاس قربانی نہو وہ عمرہ کرکے احرام کھول ڈالے اور حج کے موسم مین دوسرا
احرام باندہ کے حج کرے لیکن حضرت کی ساتھہ قربانی تہی تو حضرت عمرہ کرکے احرام باندہے
رہے بعد حج کے احرام اُتارا ق ابوھریرۃ من کان منکم مادحا اخاہ لامحالۃ
فلیقل احسب فلانا واللہ حسیبہ ولا ازکی علی اللہ احدا احسبہ
کذا وکذا ان کان یعلم ذلک بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے
روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ جو کوئی اپنے بھائی مسلمان کی ضرور تعریف کیا چاہے تو یون کہی
کہ مین فلانی کو گمان کرتا ہون اور خدا ہی اسکو خوب جانتا ہے مین خدا کی سامنے کسی کو بی عیب
نہین کہہ سکتا مجھکو یہہ گمان ہے کہ فلانا شخص ایسا ہے اور ایسا اگر اُسکی بات کو سچ مچ جانتا ہو تو
کہے ف حضرت کی روبرو ایک شخص نی دوسرے شخص کی تعریف کی حضرت نی فرمایا کہ
تو نی اپنے یار کی گردن کاٹی یعنی وہ اپنی تعریف سُن کر پھول جائیگا اور آپ کو بہتر سمجھی گا تو
خدا اُس سے ناخوش ہو گا پھر حضرت نی یہہ حدیث فرمائی اور تعریف کرنے کا طریقہ سکھایا
یعنے اول تو تعریف کرنا کسی طرح بہتر نہین پھر اگر تعریف کرنا ضرور جانے یعنے اُسمین کچھہ فائدہ
دین کا سمجھے تو جو باتین اُسمین سچی سچی ہون اُنکو اِس طرح سے کہے کہ میرے گمان مین فلانا شخص دیندار

ق ۱۵۶

وبعد حمد الہی وبیان
کراہت تعریف

سچا سخی ہے خوب آدمی ہے دوستی ہیں پورا ہے آگے اللہ جانے کہ وہ کیسا ہے اور دوسری حدیث ہیں ہے
یوں فرمایا ہے کہ جب مرد فاسق کی کوئی تعریف کرتا ہے تو خدا غضب ہیں آتا ہے تو معلوم ہوا کہ کافر کی
تعریف کرنا زیادہ تر گناہ ہے اس زمانے ہیں اکثر لوگوں کی عادت ہے بیفائدہ تعریفیں کرنے کے
خصوصاً امیروں کی مصاحب خوشامدی کیا کیا خرافات بکا کرتے ہیں جو کام امیر کرے یا کوئی
بات زبان سے نکالے خواہ اچھی خواہ بری تو خوشامدی کہتے ہیں ای سبحان اللہ کیا کہنا ہے
یہ ارسطو کو بھی نہ سوجھی تھی ان جھوٹی تعریفوں سے اپنی عاقبت تباہ کرتے ہیں اور امیر کی

۱۶۰ م — خوبگاڑتی ہیں م اَبُوْھُرَیْرَۃَ مَنْ کَانَ مِنْکُمْ مُصَلِّیًا بَعْدَ الْجُمُعَۃِ فَلْیُصَلِّ
بَعْدَھَا اَرْبَعًا مسلم ہیں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جو تم لوگوں سے
بعد جمعہ کی نماز پڑھا چاہے تو چار رکعتیں سنت پڑھے اور یہی مذہب امام اعظم کا اور بعد

۱۶۱ م — جمعہ کے چھ رکعتوں کی بھی روایت آئی ہے م اَبُوْھُرَیْرَۃَ مَنْ کَانَ یُؤْمِنُ بِاللّٰہِ
وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ فَاِذَا شَھِدَ اَمْرًا فَلْیَتَکَلَّمْ بِخَیْرٍ اَوْ لِیَسْکُتْ مسلم ہیں ابوہریرہ
رضی اللہ عنہ ہی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جو ایمان لایا ہو اللہ کا اور پچھلے دن کا یعنی قیامت کا
اور جب کسی کام ہیں حاضر ہو یعنی کوئی مشورہ پوچھے یا قصہ فیصل کرائے تو اسکو چاہئے کہ نیک بات کہے

۱۶۲ م — یا چپ رہے م فَضَالَۃُ ابْنُ عُبَیْدٍ مَنْ کَانَ یُؤْمِنُ بِاللّٰہِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ فَلَا
یَاْخُذَنَّ اِلَّا مِثْلًا بِمِثْلٍ مسلم ہیں فضالہ ابن عبید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے

فرمایا کہ جو ایمان لایا ہو اللہ کا اور قیامت کا سو چاندی یا سونے کو مول لے کر برابر برابر وزن میں
یعنی اگر چاندی کی بدلے چاندی مول لے تو وزن میں دونوں برابر چاہئیں اور اسی طرح سونے میں
دونوں برابر ہوں اگر وزن میں کوئی بھی زیادہ ہوگا تو وہ سود ہے ف مصابیح میں۔
فضالہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ خیبر کی فتح میں سونے کی جڑاؤ نسلی بارہ اشرفی کو مول لی پھر جب
اسکے جواہرات کو اکھاڑا تو اس کا سونا وزن میں بارہ اشرفی سے زیادہ نکلا میں نے یہہ حال
حضرت سے کہا حضرت نے یہہ حدیث فرمائی ۱۶۳ خ اَبُوْهُرَيْرَةَ مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَ
الْيَوْمِ الْاٰخِرِ فَلْيَصِلْ رَحِمَهٗ بخاری میں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
کہ جو ایمان لایا ہو اللہ کا اور قیامت ہونے کا وہ اپنی برادری کی سے تہ سلوک کرے

۱۶۴ ق اَبُوْهُرَيْرَةَ مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ فَلْيُكْرِمْ ضَيْفَهٗ وَ
مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ فَلْيُكْرِمْ جَارَهٗ وَمَنْ كَانَ
يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ فَلْيَقُلْ خَيْرًا اَوْ لِيَصْمُتْ بخاری اور مسلم میں

بیان حقوق مہمان و ہمسایہ

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جو ایمان لایا ہو اللہ کا اور قیامت کے
دن کا تو اسکو چاہئے کہ اپنے مہمان کی آو بھگت کری یعنی خندہ پیشانی سے اسکو ملے مکان
اتارے عمدہ کہانا ہو سکے تو کھلاوے اسکا حال اچھی طرح سے پوچھی مہمانداری کا تین دن تک
حق ہے آگے اگر کریگا تو ثواب پاوی گا اور جو ایمان لایا ہو اسکا قیامت کا تو اپنے ہمسا

یعنے

یعنے پڑوسی کی خاطرداری کیا کرے یعنی اسکا کام کاج کردے اسکو ناحق آزردہ نہ کرے
اگر وہ اپنی دیوار پر کڑیاں یا چھپر رکھا چاہے تو منع نہ کرے غرض مقدور بھر اسکو رنج نہ دے
آرام پہنچاوے اور جو ایمان لایا ہو اللہ کا اور قیامت کا تو نیک بات بولا کرے یا چپکا
رہے یعنی بے فائدہ باتون مین اپنی اوقات ضایع نہ کرے اس حدیث سے معلوم ہوا کہ
واہی تباہی قصے کہانیان جنمین نہ دین کا فائدہ ہو نہ دنیا کا انکا کہنا اور سننا دونون
منع ہین ق ابوھریرۃ من لا یرحم لا یرحم بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ سے روایت ہے ق ۱۶۵
کہ حضرت نے فرمایا کہ جو کسی پر رحم نہ کریگا تو اسپر خدا رحم نہ کریگا ف ایک بار حضرت نے
امام حسن کو پیار سی چوما تو ایک آدمی نے حضرت سے کہا کہ میرے دس بیٹے ہین مین کسی کو
اس طرح پیار نہین کرتا تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی اور ایک حدیث مین یون فرمایا ہے
کہ جو لڑکون پر رحم نہ کرے اور بڈھون کا ادب نکرے وہ ہماری گروہ مین نہین ق ق ۱۶۶
عمر من لبس الحریر فی الدنیا لم یلبسہ فی الاخرۃ بخاری اور مسلم مین عمر
فاروق رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جو دنیا مین ریشمی کپڑا پہنے گا وہ آخرت مین
نہ پہنے گا ف ریشمی کپڑا جسکا تانا اور بانا دونون ریشم ہون جیسے اطلس اور کمخاب
اور تافتہ سو عورتون کو درست ہے اور مردون پر حرام لیکن بقدر سنجاف کے درست ہے اور جسکا
تانا ریشم کا ہو اور بانا سوت کا تو وہ مردون کو بھی حرام نہین جیسے مشروع اور عکس

۱۶۷ م اسکا حرام ہی م بُرَیْدَۃُ بْنُ الْحُصَیْبِ مَنْ لَعِبَ بِالنَّرْدِ شِیْرَ فَھُوَ کَمَنْ غَمَسَ یَدَہٗ فِیْ لَحْمِ الْخِنْزِیْرِ وَدَمِہٖ مسلم مین ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جو نرد شیر کھیلا سو ایسا ہے جیسے اُنہ ڈبویا سور کے گوشت اور خون مین ف نرد شیر ایک کھیل ہے چوسر کی طرح سو حرام ہی خواہ کچھ بد یا نہ بد یہی طرح سب کھیل منع ہین کہ اُنمین ناحق مال ضایع ہوتا ہے یا اوقات م جَابِرٌ مَنْ لَقِیَ اللّٰہَ لَا یُشْرِکُ بِہٖ شَیْئًا دَخَلَ الْجَنَّۃَ وَمَنْ لَقِیَہٗ یُشْرِکُ بِہٖ دَخَلَ النَّارَ مسلم مین جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جو اللہ سے ملا یعنے مرتے دم تک خدا کے ساتھہ کسی چیز کو شریک نہ جانتا تھا وہ بہشتین جاویگا اور جو مرتے دم تک کسی چیز کو خدا کا شریک جانا کیا تو وہ دوزخ مین پڑیگا یعنی جو خدا ہی کو ایک جانیگا وہ بہشتی ہے اور جو خدا کے سوای کسی اور کو بھی نفع ضرر کا مالک سمجھا کیا وہ مشرک دوزخی ہے حضرت سے ایک شخص نے پوچھا کہ بہشت اور دوزخ مین جانیکے کیا کیا سبب ہین تب حضرت نے یہ حدیث فرمائی

۱۶۸ م م جَابِرٌ مَنْ لَمْ یَجِدْ نَعْلَیْنِ فَلْیَلْبَسْ خُفَّیْنِ وَمَنْ لَمْ یَجِدْ اِزَارًا فَلْیَلْبَسْ سَرَاوِیْلَ مسلم مین جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جسکو دو جوتے میسر نہون تو دو موزے پہنے اور جسکو تہ بند میسر نہو پاجامہ پہنے

ف یہہ حاجیون کو فرمایا کہ جو احرام باندھے تو موزہ اور پاجامہ نہ پہنے اور جسکو نہ میسر ہو تو ناچاری مین درست ہے لیکن موزے کو اوپر سے اتنا کاٹ ڈالے کہ پشت پا

۱۶۹ ح کھل جاوی ح ابوھریرۃ من لم یدع قول الزور والعمل بہ فلیس للہ حاجۃ
فی ان یدع طعامہ وشرابہ بخاری مین ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جو
روزہ مین بہتان کرنا اور جھوٹی واہی تباہی باتین نچھوڑے اور اسکے کام سی باز نہ آوی
تو اللہ کو اسکے کھانے پینے چھوڑنیکی کچھ پروا نہین ف یعنے روزہ رکھنے سی یہ غرض ہے
کہ آدمی کا ظاہر و باطن پاک ہو اور جب واہی تباہی قول فعل کرتا رہا تو کھانے پینے کے
۱۷۰ خ چھوڑ دینے سے وہ غرض حاصل نہوئی اگرچہ فرض کردن سی ادا ہو لیکن بے لطف ح
ابوذر من مات من امتی لا یشرک باللہ شیئا دخل الجنۃ وان زنی و
ان سرق بخاری مین ابوذر سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جو میری امت سی اس طرح پر
مریگا کہ خدا کے ساتھ کسی کو ساجھی نجانتا ہو تو وہ بہشتین داخل ہوگا اگرچہ حرام کاری
اور چوری کی ہو ف یعنے مسلمان اگرچہ گنہگار ہو لیکن ایمانکی برکت سے ہمیشہ دوزخ مین نہ
رہیگا یا بعد سزا کے بہشتین جاویگا یا بے سزا خدا کے فضل سی بہشت پاویگا ف بہر
۱۷۱ ق صورت نجات ہے خاتمہ بخیر چاہئے عن من مات وعلیہ صیام صام عنہ
ولیہ بخاری اور مسلم مین حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا جو شخص کہ مر جاوی
اور اسپر روزے ہون قضا نکر سکا ہو تو اسکی طرف سے اسکا وارث روزے رکھے ف امام
شافعی کا یہی مذہب ہے اور امام اعظم کے مذہب مین ہر روزہ کے بدلے صدقہ فطر کے برابر مردیگی

۱۷۲ م طرف سی ادا کرے چنانچہ امام اعظم کی اور حدیث دلیل ہے م ابو ھریرۃ من مات
ولم یغز ولم یحدث نفسہ بغزو مات علی شعبۃ من نفاق مسلم مین
ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جو مرگیا اس طرح پر کہ نہ کبھی اس نی جہاد کیا اور نہ کبھی
راہ خدا مین لڑنے کی دل مین نیت کی تو وہ منافقون کے تیرہ پر مرا ف یعنے جو سچا مسلمان
ہوگا وہ دین محمدی کا غلبہ چاہے گا تو کافرون سی اسکے واسطے لڑیگا اور اگر سامان
نہو کا تو دل مین البتہ اسکا قصد رکھیگا اور جو دل مین بھی جہاد کا کبھی خیال نہ کریگا سمجھ
ہوا کہ منافقونکی طرح اسکا ایمان زبانی ہے ایمان کامل نہین ۱۷۳ ق ابن مسعود من مات
وھو یدعو من دون اللہ ندا دخل النار بخاری اور مسلم مین عبداللہ بن مسعود سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جو مرگیا اسی حالت پر کہ وہ پکارتا تھا اللہ کے سوای کسی اور کو
اسکا شریک جانکر تو وہ دوزخ مین گیا ف یعنے جو خدا کے سوای کسی اور کو بھی اس عالم کا
مالک جانے اور اسکو نفع یا ضرر کا مختار سمجھے وہ مشرک مقرر دوزخی ہے ۱۷۴ م عثمان
من مات وھو یعلم انہ لا الہ الا اللہ دخل الجنۃ مسلم مین حضرت
عثمان سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جو مرگیا اس حالت پر کہ وہ جانتا تھا کہ بیشک
یہہ بات ہے کہ خدا کے سوای کوئی نہین جہان کا مالک لایق بندگی اور پوجنے کے وہ بہشت مین
گیا ف اس حدیث سے صاف معلوم ہوا کہ اس زمانے مین جو اکثر عوام خلقت منہ سے

مشرک ہین پورے مسلمان نہین اس واسطے کہ حضرت نے اس حدیث مین صاف فرمادیا کہ جو دل سے خدا کے کسی کو مالک پوجنے کے لائق نہ سمجھے وہ بہشتی مسلمان ہی اور یہہ نہین کہ زبان سے تو کلمہ کہین اور مسلمانی کا دم مارین پھر شرک بھی کرین تو لازم ہی مسلمانکو کہ جیسا زبان سے کہے ویسا عقیدہ دل مین رکھے ویسا ہی کیا کرے تب محمدی مسلمان ہو ۱۷۶ م اَبُوْ هُرَيْرَةَ مَنْ مَنَحَ مِنْحَةً غَدَتْ بِصَدَقَةٍ وَرَاحَتْ بِصَدَقَةٍ صَبُوْحَهَا وَغَبُوْقَهَا مسلم مین ابوہریرہ سے کہ حضرت نے فرمایا کہ جو دودھارو اونٹ یا گای یا بکری کسی کو دودہ پینے کو عاریت دیگا تو ہر روز اسکے صبح وشام دودہ سے دو صدقے کا ثواب دینے والے کو ہوا کریگا ۱۷۷ م عُمَرُ مَنْ نَامَ عَنْ حِزْبِهٖ مِنَ اللَّيْلِ اَوْ عَنْ شَيْءٍ مِنْهُ فَقَرَاَهُ مَا بَيْنَ صَلٰوةِ الْفَجْرِ وَصَلٰوةِ الظُّهْرِ كُتِبَتْ لَهٗ كَاَنَّمَا قَرَاَهُ مِنَ اللَّيْلِ مسلم مین عمر فاروق رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جو اپنے رات کے وظیفے سے سو گیا یعنے سب وظیفہ نیند کے سبب سے قضا ہو یا تھوڑا پھر اسنے صبح سے ظہر تک کسی وقت پڑہ لیا تو اسکا ثواب ویسا لکہا جاتے گا جیسا رات کا یعنے اسوقت مین کرنے سے اسکا ثواب نہ گھٹیگا پورا ملیگا اس حدیث سے معلوم ہوا کہ قضا ۱۷۸ خ پڑہنے کو یہی وقت بہتر ہے خ عَائِشَةُ مَنْ نَذَرَ اَنْ يُّطِيْعَ اللّٰهَ فَلْيُطِعْهُ وَمَنْ نَذَرَ اَنْ يَّعْصِيَ اللّٰهَ فَلَا يَعْصِهٖ بخاری مین حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جسنے نذر مانی ہو خدا کی اطاعت کی وہ اسکو ادا کرے اور جسنے

اطاعت مقتضای

نذر مانی ہو خدا کے گناہ کی سو اسکو نکرے ف یعنے نذر اگر موافق شرع کے ہو جیسے
صدقہ نماز روزہ حج تو اسکا ادا کرنا واجب ہے اور اگر خلاف شرع کے نذر اور منت مانی
ہو جیسے ماتا پتا سے نہ بولنا دعوت قبول نہ کرنا قبروں پر جھنڈے نشان چڑھانا دان
چراغان کرنا پیر شہید کی چوٹی سر پر رکھنا محرم میں لڑکوں کو فقیر بنانا تعزئے کے سامنے
رات بھر ایک پانوں سی کھڑے رہنا ڈھول بجا کر رت جگا کرنا اسی طرح اور خرافات کرنا سب
خلاف شرع ہیں اول تو ان کا مونکی منت نہ مانے اور اگر انکی منت مانے تو ہرگز ہرگز ادا نکرے

۱۷۹ ه خَوْلَةَ بِنْتُ حَكِيمٍ مَنْ نَزَلَ مَنْزِلًا ثُمَّ قَالَ اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ
شَرِّ مَا خَلَقَ لَمْ يَضُرَّهُ شَيْءٌ حَتّٰى يَرْتَحِلَ مِنْ مَنْزِلِهٖ ذٰلِكَ مسلم ۔ خولہ سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ جو اترے کسی منزل پر یہہ دعا پڑھے اعوذ سی خلق تک تو اس منزل میں کوچ کے
وقت تک کوئی چیز ضرر نہ پہنچا سکیگی اس دعا کے یہہ معنے کہ میں پناہ مانگتا ہوں بوسیلہ خدا کے کلام کے
جسکی پوری تاثیر ہے ہر بدی سے جو اس نے بنائی ف ایک منزل میں ایک شخص نے کہا کہ یا حضرت

۱۸۰ ق مجھکو بچھونے کاٹا تب حضرت نے یہہ فرمایا ق اَبُوْهُرَيْرَةَ مَنْ نَسِيَ وَهُوَ صَائِمٌ
فَاَكَلَ اَوْ شَرِبَ فَلْيُتِمَّ صَوْمَهٗ فَاِنَّمَا اَطْعَمَهُ اللّٰهُ وَسَقَاهُ بخاری و مسلم میں
ابو ہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا جو روزہ دار بھولے سے کچھ کھا گیا یا پی گیا
تو وہ اپنا روزہ کرلے یعنے روزہ نہیں گیا خدا نے اسکو کھلایا پلایا ف یعنی خدا نی اسکی دعوت کی

بھی سر ہا اور پیٹ بھی پھر اسبحان اللہ کیا کریم ہی ہے جو کے کو نہیں پکڑتا ق عائشہ ۱۸۱ ق
مَنْ نُوقِشَ الْحِسَابَ عُذِّبَ بخاری اور مسلم میں حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ جسکے حساب میں جھگڑا پڑا اسپر عذاب ہوا ف حضرت نے ایکبار فرمایا کہ خدا نے
جس بندے سے حساب کیا وہ عذاب میں گرفتار ہوا تو حضرت عائشہ نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ خدا
قرآن میں فرماتا ہی کہ جن نیکو لوگوں کے نامۂ اعمال داہنے ہاتھ میں ہونگے اُنسے بھی آسان حساب
ہوگا اور آپ فرماتی ہیں کہ جسکا حساب ہوا وہ عذاب میں پڑا تب حضرت نے فرمایا کہ
نیکوں کو اُنکے نامۂ اعمال فقط دکھلائے جاوینگے اُنسے کچھ پوچھا نجاویگا مگر جسکے حساب میں
جھگڑا پڑا یعنی فلانا کام کیوں کیا تھا اور فلانا کام کیوں نہ کیا تو وہ مقرر عذاب میں پڑا
یعنے بندیکا بال بال گنہگار ہی کیا طاقت ہی کہ جواب دہی کرسکے گا آہی بخش حضرت مصطفے
صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے ہمکو حساب میں نہ پکڑیو محض اپنے کرم سی پار لگائیو ا میں خ عُمِّرَ مَنْ ۱۸۲ خ
نِیحَ عَلَیْہِ یُعَذَّبُ بِمَا نِیحَ عَلَیْہِ بخاری میں عمر فاروق رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ جس مردے پر نوحہ ہوا تو اُسپر عذاب ہوتا ہی نوحہ کی سبب سے ف کفار عرب کی
عادت تھی کہ مرتے وقت وصیت کرتے تھے کہ ہمکو خوب رونا اور ہماری خوبیان کرنا تو اسواسطے
حضرت نے فرمایا کہ نوحہ سی عذاب ہوتا ہی یعنے جس نوحہ کی میت وصیت کر جاوے اور دوسرا مطلب
یہہ کہ جسکے خاندان میں نوحہ کرکے رونیکی عادت ہو اور وہ منع نکرے تو اسکے مرنیکے بعد جو

اُسپر نوحہ ہوگا تو اُسپر اُس کا عذاب ہوگا اس سبب کہ وہ منع کرنے پر قادر تھا کیون نہ منع کر گیا
اور اگر اُسکے منع کرنیکے بعد لوگ نمانین گے تو اُسکا کچھہ قصور نہین اسواسطے کہ خدا عادل ہی
ایک کا گناہ دوسریکی گردن پر نہین ۱۲ ۱۸۳ م عَنْ جَرِیْرٍ مَنْ یُحْرَمِ الرِّفْقَ یُحْرَمِ الْخَیْرَ مسلمین
جریر رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جو نرمی سے بے نصیب ہوا وہ سب خوبیون سی بی نصیب ہوا
ف یعنی مسلمان کو لازم ہی کہ نرمی اختیار کری اور اگر نرمی نہین تو کچھہ بھی نہین جو ہر بات
مین سختی کرے وہ آدمی نہین کہا ۱۸۴ م اَبُوْھُرَیْرَۃَ مَنْ یَدْخُلِ الْجَنَّۃَ یَنْعَمْ لَا یَبْؤُسُ وَ
وَلَا تَبْلٰی ثِیَابُہٗ وَلَا یَفْنٰی شَبَابُہٗ مسلم مین ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جو
بہشتین جاویگا چین کریگا بے غم رہے گا نہ کبھی اُسکے کپڑے گلین گے نہ جوانی اُسکی مٹے گی یعنے سدا
جوان ہی رہے گا بڈھا کبھی نہوگا ۱۸۵ ع اَبُوْھُرَیْرَۃَ مَنْ یُّرِدِ اللّٰہُ بِہٖ خَیْرًا یُصِبْ
مِنْہُ بخاری مین ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جسکے ساتھہ خدا خیر اور بہتر سے
کیا چاہتا ہی تو اُسپر کچھہ مصیبت ڈالتا ہی ف مسلمان کو لازم ہی کہ مصیبت سے
گھبرا دی مصیبت کو خدا کا غضب نہ سمجھے اُسکو خدا کا کرم جانے کہ مصیبت مین گناہ گھٹتے
ہین درجے بلند ہوتے ہین ہر دم خدا یاد آتا ہی آرام مین اکثر آدمی خدا کو بھول جاتا ہی
اگر مصیبت اور بلا آدمی کے حق مین بہتر نہوتی تو خدا اپنے پیغمبرون پر اور نیک بندون پر نہ
ڈالتا مصیبت مسلمان کے حق مین اکسیر ہے سونی چاندی کو جو کھرا کیا چاہتے ہین تو اُسکو آگ سی گلاتے

لیکن

لیکن اُسپر مصیبت سے خدا کی پناہ جس سی آدمی کا فر ہو جاوے خدا کو بھولے اور اُسکا گلہ کرے

ق ۱۸۶ ق اَبُوْھُرَیْرَۃَ مَنْ یُّرِدِ اللّٰہُ بِہٖ خَیْرًا یُّفَقِّھْہُ فِی الدِّیْنِ بخاری اور مسلم مین
ابو ہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جسکے ساتھہ خدا نیکی کیا چاہتا ہے تو اُسکو
دین مین بوجھہ دیتا ہے شریعت کا بھید اُسپر کھولتا ہے م ۱۸۷ م اَبُوْھُرَیْرَۃَ مَنْ یَسَّرَ
عَلٰی مُعْسِرٍ یَسَّرَ اللّٰہُ عَلَیْہِ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ وَمَنْ سَتَرَ مُسْلِمًا سَتَرَہُ اللّٰہُ
فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ وَاللّٰہُ فِیْ عَوْنِ الْعَبْدِ مَا کَانَ الْعَبْدُ فِیْ عَوْنِ اَخِیْہِ
وَفِیْ رِوَایَۃِ الْقُضَاعِیِّ وَمَنْ سَتَرَ عَلٰی اَخِیْہِ مسلم مین ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ
کہ جو محتاج پر خدا پر آسانی کریگا تو خدا اُسپر دین اور دنیا مین آسانی کریگا اور جو مسلمان کو
کپڑے پہناویگا یا اُسکے عیب چھپاویگا خدا اُسکے عیب دین و دنیا مین چھپاویگا اور خدا
بندے کی مدد پر ہے جب تک بندہ اپنے بھائی مسلمان کی مدد پر اور قضاعی کی روایت مین بجائے
سَتَرَ مُسْلِمًا کے سَتَرَ عَلٰی اَخِیْہِ آیا ہے لیکن دونو عبارت کا مطلب ایک ہی لفظ کا فرق ہے

م ۱۸۸ م جَابِرٌ مَنْ یَّصْعَدِ الثَّنِیَّۃَ ثَنِیَّۃَ الْمِرَارِ فَاِنَّہٗ یُحَطُّ عَنْہُ مَا حُطَّ
عَنْ بَنِیْ اِسْرَآئِیْلَ مسلم مین جابر رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جو شخص ٹیلے پر چڑھہ جاوے
جسکا نام ثنیۃ المرار ہے اُسکے گناہ گھٹائے جاوینگے جیسے گناہ بنی اسرائیل کے گھٹائے گئے
ف حضرت نے ایکبار مدینے سے مکہ کو چلے راہ مین ایک ٹیلا آگے آیا جسکا ثنیۃ المرار نام تھا اُنکے کافر

مسلمانون کے واسطے چھپے بیٹھے تھے تب حضرت نے فرمایا کہ جو اس ٹیلے پر کافرون کے
دھکا نیکے واسطے چڑھ جائیگا اسکے گناہ معاف ہونگے پھر سب اصحاب اسپر چڑھ گئے
بنی اسرائیل حضرت یعقوب کی اولاد جو حضرت موسیٰ کے ساتھ تھے انکو حکم ہوا تھا کہ کافرون کے
شہر کے دروازہ مین داخل ہو تو تمہارے گناہ معاف ہونگے اسی قصیکو حضرت نے یہان یاد فرمایا

## مِنَ الْاِسْتِفْهَامِيَّة

یہان سے وہ حدیثین شروع ہوتین جنکے سر پر من استفہامیہ ہے یعنے پوچھنے کی لفظ

۱۸۹ م عَنْ اَبُوْهُرَيْرَةَ مَنْ اَصْبَحَ مِنْكُمُ الْيَوْمَ صَائِمًا قَالَ اَبُوْبَكْرٍ اَنَا قَالَ فَمَنْ
تَبِعَ مِنْكُمُ الْيَوْمَ جَنَازَةً قَالَ اَبُوْبَكْرٍ اَنَا قَالَ فَمَنْ اَطْعَمَ مِنْكُمُ الْيَوْمَ مِسْكِيْنًا
قَالَ اَبُوْبَكْرٍ اَنَا قَالَ فَمَنْ عَادَ مِنْكُمُ الْيَوْمَ مَرِيْضًا قَالَ اَبُوْبَكْرٍ اَنَا قَالَ رَسُوْلُ
اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مَا اجْتَمَعْنَ فِيْ اِمْرَاَةٍ اِلَّا دَخَلَ الْجَنَّةَ

مسلم مین ابوہریرہ رض سے روایت ہی کہ حضرت نے اصحاب سے فرمایا کہ تم لوگون مین کون آج ر
ہی ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے کہا کہ مین ہون یارسول اللہ پھر حضرت نے فرمایا کہ تم لوگون مین کون آ
جنازے کے ساتھ چلا ہے ابوبکر صدیق نے کہا کہ مین پھر حضرت نے فرمایا کہ کسنے آج محتاج کو کھلایا ہے
ابوبکر صدیق نے کہا کہ مین نے پھر حضرت نے فرمایا کہ کسنے آج بیمار کو پوچھا ہی ابوبکر صدیق نے

بیان فضائل ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ
فضیلت صدیق رضی اللہ عنہ

کہا

ق

ہلاکر ہیں فی پھر سنہیہ مذا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فی کہ حسینؓ نے چاروں کام ایک دن ہیں جمع ہوئے
وہ بہشتیں گیا ف اس حدیث سے ابوبکر صدیقؓ کا کمال اور بہشتی ہونا انکا ثابت ہوا ق
جَابِرٍ مَنْ رَجُلٌ يَتَقَدَّمُنَا فَيَمْدُرُ الْحَوْضَ فَيَشْرَبُ وَيَسْقِينَا فَقَالَ حِينَ
وَنَانِفْ مَاءٍ مِنْ مِيَاهِ الْعَرَبِ بخاری اور مسلم ہیں جابرؓ سے روایت ہے کہ حضرتؐ نے فرمایا کہ
کوئی مرد ہے جو ہم سے آگے بڑھ جاوے سو گرد اگرد ڈھیلے چن کر حوض بنادی پھر آپ پانی پیئے اور
ہمکو پلا وے یہہ حضرتؐ نے فرمایا تھا جب عرب کے ایک پانی پاس
پہنچے تھے ف حضرتؐ ایکبار لڑائی کرکے پھرے تھے ایک منزل پر پانی کم تھا اُبل کر بہہ
جاتا تھا، حضرتؐ نے فرمایا کہ کوئی آگے جاوے اور مینڈ باندہ کر حوض بنادی تو پانی اُسمیں
جمع ہو چنانچہ ایک آدمی نی ویسا ہی کیا پھر حضرتؐ نے اُسمیں وضو کیا اُسکی برکت سے پانی بہت
ہو گیا سارے لشکر کا کام نکلا م سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ مَنْ قَتَلَ لَرَجُلٌ يَعْنِي عَيْنًا مِنَ
الْمُشْرِكِينَ قَالُوا ابْنُ الْأَكْوَعِ قَالَ لَهُ سَلَبُهُ أَجْمَعُ مسلم ہیں سلمہ بن اکوع سی روایت ہے
کہ حضرتؐ نے پوچھا کہ کس نے مارڈالا یعنے کافروں کے جاسوس کو لوگوں نی کہا سلمہ نے
مارا ہے حضرتؐ نے کہا کہ اُسکا تمام اسباب سلمہ کا ہی ف سلمہ سی روایت ہی کہ ہوازن
ایک کافروں کی قوم تھی حضرتؐ سے دغا کی تھی اور لڑے تھے ایک روز اُنکا جاسوس
خبر لینے کو حضرتؐ کے لشکر میں آیا لوگوں کے ساتھہ کھانا کھاکر سب حال دریافت کر

ل

اپنے اونٹ پر سوار ہو کے بھاگا ہین نے اسکو دوڑ کر پکڑا اور تلوار سے اسکو مار کر ان سب کو
معہ اسباب لے آیا تب حضرت نے اسکا اسباب مجھکو دیا اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اگر کافر مسلمانون کے
ملک مین بے امان آوے تو اسکا قتل کرنا درست ہے ق جابر من کعب بن الاشرف فانہ
قد آذی اللہ و رسولہ بخاری اور مسلم مین جابر رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ کون
ہے جو کعب بن اشرف کو مار ڈالے بیشک اس نے بہت رنج دیا ہے اللہ اور اسکے رسول کو
ف کعب بن اشرف یہودیون کا سردار تھا اور شاعر تھا حضرت اور حضرت کے اصحاب کی ہجو کرتا
تھا کافرون کو حضرت کے ساتھ لڑانیکی واسطے چوپ دلاتا تھا اسواسطے حضرت نے اسکے
قتل کا حکم دیا تھا محمد بن مسلمہ اور چند صحابہ اسکے قلعہ مین جو مدینے کے پاس تھا گئے
اور اسکو دم دیکر باہر لائے پھر محمد بن مسلمہ نے اسکا سر کاٹ کر حضرت کے پاس لا ڈالا حضرت
بہت خوش ہوئے اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جو اللہ اور رسول کو برا کہے اسکا قتل
کرنا واجب ہے م انس من یاخذ منی ھذا فمن یاخذ بحقہ یعنی سیفا فاخذہ
ابو دجانۃ قالہ یوم احد مسلم مین انس رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ کون مجھسے یہ
تلوار لیگا سو اسکو وہ لیوے جو اسکا حق ادا کرے یعنی خوب لڑے پھر اس تلوار کو ابو دجانہ نے لیا یہ حضرت نے
جنگ احد مین فرمایا تھا ف جب احد مین لڑائی سخت پڑی تو حضرت نے ایک تلوار ہاتھ مین لی اور
فرمایا کہ یہ تلوار کون لیگا سب لوگون نے ہاتھ پھیلائے پھر حضرت نے فرمایا کہ اسکو وہ لیوے جو خوب گھس کر لڑے

ب آلو عانہ نی حضرت سے لیکر دو نو صفون کے اندر پیترے بدلے اور لڑنے لگا حضرت نے
رمایا کہ اس چال کو خدا جہاد کے سوا اور کہین نہین رکھتا پھر ابو دجانہ نے خوب تلوار کی یہان تک
لڑائی آخر ہوئی ف اَنَسٌ مَنْ یَرُدُّھُمْ عَنَّا وَلَہُ الْجَنَّۃُ ق سَبْعَ مَرَّاتٍ یَوْمَ
جلد مسلم مین انس رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا وہ کون ہی جو کافرون کو ہمارے اوپر سے
ٹا دی یہہ حضرت نے سات بار فرمایا جنگ اُحد مین ف احد ایک پہاڑ ہے مدینے سے تین کوس
یہان حضرت سی لڑائی ہوئی مشرکین مکہ تین ہزار تھے حضرت کا لشکر ایک ہزار تھا حضرت نے
پچاس تیراندازون کا عبداللہ بن جبیر کو سردار کیا اور پہاڑ کی گھاٹی پر انکو مقرر کیا اور فرمایا کہ کچھ ہو
یہان سی نہ ہٹیو پھر لڑائی ہونے لگی تو حضرت کی فتح ہوئی لوگ کافرون کا اسباب لوٹنے لگے تیراندازون نے
ہی ارادہ لوٹنے کا کیا عبداللہ بن جبیر نے منع کیا کہ ہمکو یہان سے ہلنے کا حکم نہین ہوا لوگون نے نمانا لوٹنے پڑے
کا خالی ہو گیا خالد بن ولید اسوقت تک مسلمان نہوئی تھی اُسنے اسکے سی لشکر سمیت پیچھے سے گھس پڑے
لڑائی بگڑ گئی حضرت پر کافرون کا ہجوم ہوا پیشانی اور رخسار مبارک زخمی ہوا لگا دانتون پر
پتھر لگکر گر گئے اسوقت حضرت نے فرمایا کہ جو ہمارے اوپر سی کافرون کو ہٹا دی وہ بہشت پاوی یہ
صحابی نکلے اور کافرون سے لڑکر شہید ہوئے پھر کافرون کا ہجوم ہوا پھر حضرت نے فرمایا کہ جو انکو ہٹا دی وہ بہشت
پاوی دوسرے صحابی نکلے اور لڑکر شہید ہوئے اسی طرح سات بار حضرت نے فرمایا تو سات صحابی شہید ہوئے
اور لڑائی آخر ہو گئی زہی قسمت انکی جو حضرت پر فدا ہوئے ف عُثْمَانُ مَنْ یَشْتَرِی بِئْرَ

۱۹۴ ف
۱۹۵ ق

دُومَۃَ فَیَکُوْنُ لَوْحٌ فِیْھَا کَدِلَاءِ الْمُسْلِمِیْنَ بخاری میں عثمان رضی سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ
روم کے کنوئیں کو مول لیوی پھر اسکا ڈول اس کوئیں میں ایسا ہو جیسی اور مسلمانوں کے ڈول یعنی وہ اس کنوئیں کو
خدا کی راہ میں وقف کر دے اپنی ملکیت میں نہ رکھے ف حضرت جب کے مدینے میں آئے تو وہاں سوائے ایک
کنوئیں کے میٹھا پانی نہ تھا سو وہ کنواں بگڑ گیا تھا حضرت نے فرمایا کہ جو اس کنوئیں کو صاف کرا دے اسکے
بہشت ملیگی حضرت عثمان نی اپنا مال لگا کر اسکو صاف کرایا پھر جب تیار ہوا تو کافروں نی
مسلمانوں کو پانی بھرنے سے روکا تب حضرت نے اسکے مول لینی کو فرمایا تو حضرت عثمان نی آٹھ ہزار اور
ایک روایت میں پچیس ہزار کو مول لیا اور خدا کی راہ میں اسکو وقف کر دیا ق اَنَسٌ مَنْ یَنْظُرُ
لَنَا مَا صَنَعَ اَبُوْ جَھْلٍ ق یَوْمَ بَدْرٍ فَانْطَلَقَ اِلَیْہِ ابْنُ مَسْعُوْدٍ بخاری اور مسلم میں
انس رضی سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ کون ہے جو دیکھے آدمی ابوجہل کو کہ اسنے کیا کیا یعنی جیتا
ہے یا مر گیا یہ فرمایا جس دن جنگ بدر ہوئی تھی پھر خبر لینے کو عبداللہ بن مسعود گئے ف بدر
ایک کوئے کا نام تھا مدینے سے تین منزل دوسرے سال ہجری کے اول اول اسلام کی لڑائی وہاں
ہوئی مشرکین مکہ ساڑے نو سو تھے اور حضرت کے ساتھ تین سو تیرہ آدمی تھے جب کافروں کی
شکست ہوئی تب حضرت نی فرمایا کوئی ابوجہل کی خبر لاوی تو عبداللہ بن مسعود اسواسطے گئے
دیکھا کہ زخمی پڑا ہے مرنیکے قریب ہے پھر عبداللہ نی اسکی داڑھی پکڑ کے ہلائی اسنی پوچھا کہ
تمکی فتح ہوئی انہوں نی جواب دیا کہ اللہ اور رسول کی پھر اسکا سر کاٹ کے حضرت کے سامنے لا ڈالا

حضرت نے

بیان حضرت عثمان کے

ق ۱۹۶

حضرت سے شکر الٰہی بجا لائے اور فرمایا کہ یہہ اس امت کا فرعون تھا

# اَلْبَابُ الثَّانِی فِی اَنَّ

دوسرے باب مین وہ حدیثین ہین جنکے سر پر اَنَّ آیا ہے

خ ابن عباس سے اَنَّ اَبَاکُمَا کَانَ یُعَوِّذُ بِھَا اِسْمٰعِیْلَ وَاِسْحٰقَ اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّۃِ ۱۹۷ خ
مِنْ کُلِّ شَیْطَانٍ وَھَامَّۃٍ وَمِنْ کُلِّ عَیْنٍ لَامَّۃٍ کَانَ یَقُوْلُ الْحَسَنُ وَالْحُسَیْنُ رَضِیَ اللّٰہُ
عَنْھُمَا حِیْنَ کَانَ یُعَوِّذُھُمَا بخاری بن عبد اللہ بن عباس سے روایت ہے کہ حضرت جب
امام حسن اور امام حسین رضہ کے واسطے پناہ مانگتے تھے تو فرماتے تھے کہ تمھارے باپ یعنی حضرت
ابراہیم حضرت اسمعیل اور حضرت اسحاق کے واسطے مانگا کرتے تھے کہ پناہ مانگتا ہون مین بوسیلہ اللہ کے
کلام حسکی پوری تاثیر ہے ہر ایک شیطان اور ہر ایک کاٹنے والے کیڑے سے اور ہر ایک بری
نظر سے م ابن عمر اَنَّ اَبَرَّ الْبِرِّ اَنْ یَصِلَ الرَّجُلُ اَھْلَ وُدِّ اَبِیْہِ بَعْدَ اَنْ تَوَلَّی ۱۹۸ م
الادب مسلم بن عبد اللہ بن عمر رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرر بہتر نیکوکاری اور نہایت
سعادتمندی یہہ ہے کہ آدمی اپنے باپ کے آشنا و دوستون کے ساتھ سلوک کرے باپ کے
مر جانے کے بعد یا اسکے غیبت مین م انس اَنَّ اِبْرَاھِیْمَ ابْنِیْ وَاِنَّہٗ مَاتَ ۱۹۹ م
فِی الثَّدْیِ وَاِنَّ لَہٗ لَظِئْرَیْنِ تُکْمِلَانِ رَضَاعَہٗ فِی الْجَنَّۃِ

مسلم انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ بے شک ابراہیم میرا بیٹا ہے
شیر خوارگی مین مر گیا اور اسکے واسطے دو دائیان ہین بہشت مین دودہ پلانیکی مدت کو
پورا کرتی ہین ف حضرت ابراہیم آٹھوین سال ہجری کے حضرت کے حرم سے
جنکا ماریہ قبطیہ نام تھا پیدا ہوئے اور اٹھارہ مہینے کے ہوکر مر گئے شاید کوئی شبہ
کرتا کہ پیغمبر کا بیٹا حرم سے کیسا تو اسواسطے حضرت نے فرمایا کہ وہ مقرر میرا بیٹا ہے اور
خدا کے نزدیک اسکا ایسا رتبہ ہے کہ بہشت مین اسکو دائیان دودہ پلاتی ہین خ

ابوھریرۃ ان ابراھیم یری اباہ یوم القیمۃ علیہ الغبرۃ و
القترۃ بخاری مین ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ قیامت مین
حضرت ابراہیم خلیل اللہ اپنے باپ کو دیکھین گے کہ اسپر خاک دھول پڑی ہے
سیاہی اسکو لپٹی ہے ف بخاری مین اس کا پورا قصہ یون ہے کہ جب قیامت مین حضرت ابراہیم
اپنے باپ کو جسکا آزر نام مشہور ہے عذاب مین گرفتار دیکھین گے تو کہین گے کیون مین نے کہا تھا
کہ بت پرستی نہ کر مگر میرا کہنا مان تو نے نہ مانا آزر کہیگا جو ہوا سو ہوا اب مین تمھارا کہنا
مانون گا تب حضرت ابراہیم جناب الٰہی مین عرض کرینگے کہ اے میرے رب تو نے مجھسے
وعدہ کیا ہے کہ مین تجھکو قیامت مین فضیحت نکرونگا اور اسسے زیادہ کون رسوائی ہے کہ میرے
باپ کا یہہ حال ہے خدا فرماویگا کہ مین بہشت کو کافرون پر حرام کر چکا یعنے یہہ ممکن نہین کہ

خ

یہہ دور

یہہ دوزخ سی نکلے اور بہشتین جاوے پہر حضرت ابراہیم کو حکم ہو کا کہ اپنی پانون کی تلی دیکہو تو دیکہین
کہ آزر خاک آلودہ جانور ہو گیا پہر فرشتے اسکے پانون کو پکڑ گسیٹ کر دوزخ مین ڈال دیوینگے
یعنی تبدیل صورت سی عار دور ہوئی کہ کوئی اسکو نہ پہچانے کا اس حدیث سے صاف معلوم ہوا
کہ بغیر ایمان کے تا مارشتہ کچہہ کام نہ آویگا سبحان اللہ جسکا ابراہیم خلیل اللہ سا بیٹا ہو وہ دوزخ
پڑے ق عَایشہ اَنَّ اَبغَضَ الرِّجَالِ اِلَی اللّٰہِ الاَلَدُّ الخَصِمُ بخاری اور مسلم مین ق
حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ خدا کی نزدیک سب لوگون سے م
زیادہ دشمن لڑاکا جہگڑالو ہے م جَابِرٌ اَنَّ اِبلِیسَ یَضَعُ عَرشَہٗ عَلَی المَاءِ ثُمَّ یَبعَثُ
سَرَایَاہُ فَاَدنَاھُم مِنہُ مَنزِلَۃً اَعظَمُھُم فِتنَۃً یَجِیءُ اَحَدُھُم فَیَقُولُ
فَعَلتُ کَذَا وَکَذَا فَیَقُولُ مَا صَنَعتَ شَیئًا ثُمَّ یَجِیءُ اَحَدُھُم فَیَقُولُ
مَا تَرَکتُہٗ حَتّٰی فَرَّقتُ بَینَہٗ وَبَینَ اِمرَاَتِہٖ فَیُدنِیہِ مِنہُ فَیَقُولُ نِعمَ
اَنتَ مسلم مین جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرر شیطان اپنا تخت پانی
پر رکہتا ہے پہر اپنے لشکرون کو عالم مین فساد کرنے کو بہیجتا ہے سو اُس سے مرتبے مین
زیادہ تر قریب وہ ہوتا ہے جو بڑا فساد ڈالے کوئی شیطان اُنمین سے آکر کہتا ہے کہ مین نے فلانا
فلانا کام کیا یعنے فلانی سے چوری کروائی فلانے کو شراب پلوائی تو شیطان کہتا ہے کہ تو نے
کچہہ بہی نہین کیا پہر کوئی آکے کہتا ہے کہ مین نے فلانے کو پنجوڑا یہان تک جدائی کرادی

مسلم میں انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ بے شک ابراہیم میرا بیٹا ہے
شیر خوارگی میں مر گیا اور اسکے واسطے دو دائیاں ہیں بہشت میں دودہ پلانیکی مدت کو
پورا کرتی ہیں ف حضرت ابراہیم آٹھوین سال ہجری کے حضرت کے حرم سے
جنکا ماریہ قبطیہ نام تھا پیدا ہوئے اور اٹھارہ مہینے کے ہوکر مر گئے شاید کوئی شبہ
کرتا کہ پیغمبر کا بیٹا حرم سے کیسا تو اسواسطے حضرت نے فرمایا کہ وہ مقرر میرا بیٹا ہے اور
خدا کے نزدیک اسکا ایسا رتبہ ہے کہ بہشت میں اسکو دائیاں دودہ پلاتی ہیں خ
اَبُوْ هُرَيْرَةَ اِنَّ اِبْرَاهِيْمَ يَرَى اَبَاهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَلَيْهِ الْغَبَرَةُ وَ
اَلْقَتَرَةُ بخاری میں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ قیامت میں
حضرت ابراہیم خلیل اللہ اپنے باپ کو دیکھینگے کہ اسپر خاک دھول پڑی ہے
سیاہی اسکو لپٹی ہے ف بخاری میں اس کا پورا قصہ یوں ہے کہ جب قیامت میں حضرت ابراہیم
اپنے باپ کو جسکا آزر نام مشہور ہے عذاب میں گرفتار دیکھینگے تو کہینگے کیوں میں نے نہ کہا تھا
کہ بت پرستی نہ کر میرا کہنا مان تو نے نہ مانا آزر کہیگا جو ہوا سو ہوا اب میں تمہارا کہنا
مانونگا تب حضرت ابراہیم جناب الٰہی میں عرض کرینگے کہ اے میرے رب تو نے مجھسے
وعدہ کیا ہے کہ میں تجھکو قیامت میں فضیحت نکرونگا اور اسسے زیادہ کون رسوائی ہے کہ میرے
باپ کا یہہ حال ہے خدا فرماویگا کہ میں بہشت کو کافروں پر حرام کرچکا یعنے یہہ ممکن نہیں کہ

خ
یہہ دور

یہہ دوزخ سی نکلے اور بہشتیون جاوے پہر حضرت ابراہیم کو حکم ہو کہ اپنی پانون کی تلی دیکھو تو دیکھین
کہ آزر خاک آلودہ جانور ہو گیا پہر فرشتے اسکے پانون کو پکڑ گھسیٹ کر دوزخ مین ڈال دیوینگے
یعنی تبدیل صورت سی عار دور ہوئی کہ کوئی اسکو نہ پہچانے کا اس حدیث سے صاف معلوم ہوا
کہ بغیر ایمان کے نا مرشد کچھہ کام نہ آوے کا سبحان اللہ جسکا ابراہیم خلیل اللہ سا بیٹا ہو وہ دوزخ
پڑے ق عَایشہ اَنَّ اَبغَضَ الرِّجَالِ اِلَی اللّٰہِ الاَلَدُّ الخَصِمُ بخاری اور مسلم مین ق
حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ خدا کی نزدیک سب لوگون سے
زیادہ دشمن لڑاکا جہگڑالو ہے م حَدَّثَنَا اَنَّ اِبلِیسَ یَضَعُ عَرشَہٗ عَلَی المَاءِ ثُمَّ یَبعَثُ م ۲
سَرَایَاہُ فَاَدنَاھُم مِنہُ مَنزِلَۃً اَعظَمُھُم فِتنَۃً یَجِیءُ اَحَدُھُم فَیَقُولُ
فَعَلتُ کَذَا وَکَذَا فَیَقُولُ مَا صَنَعتَ شَیئًا ثُمَّ یَجِیءُ اَحَدُھُم فَیَقُولُ
مَا تَرَکتُہٗ حَتّٰی فَرَّقتُ بَینَہٗ وَبَینَ اِمرَاَتِہٖ فَیُدنِیہِ مِنہُ فَیَقُولُ نِعمَ
اَنتَ مسلم مین جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرر شیطان اپنا تخت پانی
پر رکہتا ہے پہر اپنے لشکرون کو عالم مین فساد کرنے کو بہیجتا ہے سو اُس سے رتبے مین
زیادہ نزدیک وہ ہوتا ہے جو بڑا فساد ڈالے کوئی شیطان اُنمین سے آکر کہتا ہے کہ مین نے فلانا
فلانا کام کیا یعنے فلانی سے چوری کروائی فلانے کو شراب پلوائی تو شیطان کہتا ہے کہ تو نے
کچھہ بہی نہین کیا پہر کوئی آکے کہتا ہے کہ مین نے فلانے کو تہوڑا ایہان تک کہ جدائی کرادی

اسین اور اسکی جورو مین تو اسکو اپنے پاس کر لیتا ہے اور کہتا ہے کہ ہان تو نے بڑا کام کیا ہے تو میرا بہت
پیارا ہے ف جورو خاوند کی جدائی مین بڑے بڑے فساد ہین ایک تو اولاد ہونا
موقوف ہوا دوسرے اگر اولاد ہوئی تو حرام سے ہوئی تو بے برکتی پہلی اسواسطے شیطان کو یہہ کام
بہت پسند ہے مسلمانون کو اسمین احتیاط لازم ہے ایسا نہو کہ غصے مین طلاق یا اسکے مانند کوئی
اور بات منہہ سے نکل جاے اور پہر اولاد حرام سے پیدا ہو ف ابو موسی الاشعری انا ابواب
الجنۃ تحت ظلال السیوف بخاری اور مسلم مین ابو موسی اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرر بہشت کے دروازے تلوارون کی چھانون تلے ہین ف یہہ راہ خدا مین
لڑنے والون کو اور شہیدون کو بشارت ہے کہ غلبہ دین کے واسطے راہ خدا مین اپنی جان قربان
کرتے ہین کیون نہ بہشت پاوین مرا ان ابی و ابالک فی النار قالہ لرجل
سالہ این ابی مسلم مین انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ میرا اور تیرا باپ
دوزخ مین ہے ایک آدمی نے پوچھا کہ میرا باپ کہان ہے تب حضرت نے یہہ فرمایا ف اس آدمی سے
پہلے فرمایا تہا کہ تیرا باپ دوزخ مین ہے جب وہ غمگین ہوکر چلا تو حضرت نے اسکو بلایا پہر یہہ
فرمایا کہ میرا باب اور تیرا دونون دوزخ مین ہین تاکہ اسکے دل کو تسلی ہو یعنی تاکہ وہ یون
سمجھے جب پیغمبر کے باپ کا یہہ حال ہوا تو مین کیا چیز ہون سبحان اللہ کیا اخلاق ہے حضرت مین
اس حدیث سے معلوم ہوا کہ کافرون کو مغفرت نہین بعضی احادیث مین آیا ہے کہ حضرت کی

ف ۲ بشارت مجاہدین

ف ۲

خاطر سے

خاطر سے حضرت کی والدین کو حق تعالی نے قبر مین زندہ کیا سو وہ ایمان لائے لیکن محدثین کی نزدیک
وہ احادیث معتمد نہین واللہ اعلم **م** ابن عمر ان احب اسمائکم الی اللہ عبد اللہ
وعبد الرحمن مسلم مین عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ
تمہارے ناموں مین بہت پیارا نام اللہ کی نزدیک عبد اللہ اور عبد الرحمن ہے **ف** یعنے نام
مقبول اسواسطے ہوئے کہ انمین اپنی بندگی اور خدا کے خدائی کا اقرار ہے اور عبد النبی بندہ علی
مدار بخش نام رکھنا ہرگز درست نہین خدا کی بندگی چھوڑ کی بندون کا بندہ ہونا ایماندار کو لائق
نہین **م** ابو ذر ان احب الکلام الی اللہ سبحان اللہ وبحمدہ مسلم مین ابو ذر
رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرر بہت پیارا کلام بندہ کا خدا کے نزدیک سبحان
اللہ وبحمدہ ہے یعنی پاکی ہے خدا کو خوبیون کی ساتھ **ف** کمال ہر چیز کا دو بات پر موقوف ہے
ایک تو سب عیبون سی پاک ہونا دوسرے سب خوبیون کی ساتھ ہونا تو جب آدمی نی سبحان
اللہ کہا تو اسکو سب عیبون سی پاک جانا یعنی کبھی اسکو موت اور زوال نہین کہا نہین پیا نہین
سوتا نہین تھکتا نہین کسی سی ڈرتا نہین کسی کا محتاج نہین کوئی اسکا مددگار نہین اور جب الحمد للہ
کہا تو اسکو سب خوبیون سی سراہا یعنی وہ ہمیشہ زندہ ہے سب چیز جانتا ہے ہر چیز کر سکتا ہے
جہان کا تہا منی والا ہے جو چاہا سو کیا جو چاہے سو کرے تو جب سبحان اللہ وبحمدہ کہا تو وہ خدا
سمجھا اسواسطے خدا کی نزدیک یہہ کلام بہت پیارا ہے اور اسکے واسطے پڑھنے کا بڑا ثواب ہے

چنانچہ پہلی باب مین گذرا کہ جو اسکو سو بار صبح شام پڑھے گا قیامت مین کوئی اُسسے افضل نہو گا

ق ۲۰۶ ق ابو ہریرۃ ان احدکم اذا قام یصلی جاء الشیطان فلبس علیہ حتی لا یدری کم صلی فان وجد احدکم ذلک فلیسجد سجدتین وھو جالس بخاری اور مسلم مین ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ بی شک جب ہم مین سے کوئی نماز پڑھنے کو کھڑا ہوتا ہے تو شیطان اُسکے پاس آتا ہے پھر اُسپر دھوکہا ڈال دیتا ہے یہان تک کہ اسکو نہین یاد رہتا کہ کتی رکعتین پڑھین تو جسکو ایسا دھوکا پڑے وہ بیٹھے بیٹھے سہو کے دو سجدے کرے ق ابن مسعود ان احدکم یجمع خلقہ فی بطن امہ

۲۰۷ اربعین یوما ثم یکون علقۃ مثل ذلک ثم یکون مضغۃ مثل ذلک ثم یرسل اللہ الیہ الملک فینفخ فیہ الروح ویؤمر باربع کلمات یکتب رزقہ واجلہ وعملہ وشقی او سعید فوالذی لا الہ غیرہ ان احدکم لیعمل بعمل اھل الجنۃ حتی ما یکون بینہ وبینہا الا ذراع فیسبق علیہ الکتاب فیعمل بعمل اھل النار فیدخلہا وان احدکم لیعمل بعمل اھل النار حتی ما یکون بینہ وبینہا الا ذراع فیسبق علیہ الکتاب فیعمل بعمل اھل الجنۃ فیدخلہا بخاری اور مسلم مین عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرر ہر ایک آدمی کا نطفہ اسکی ماکی پیٹ مین چالیس دن جمع

رہتا ہے چالیس دن لوہو کی پھٹکی ہو جاتا ہے پھر چالیس دن کوشت کی بوٹی بن جاتا ہے پھر خدا
اسکی طرف فرشتے کو بھیجتا ہے وہ اسمین روح پھونکتا ہے اور چار باتون کا اسکو حکم ہوتا ہے کہ اسکی روزی
لکھلے یعنی محتاج ہوگا یا مالدار اور اسکی عمر لکھتا ہے کہ کتنا جئے گا اور اسکے عمل لکھتا ہے کہ کیا کیا کریگا
اور یہہ لکھتا ہے کہ نیکبخت بہشتی ہوگا یا بدبخت دوزخی ہوگا سو مین قسم کھاتا ہون اسکی جسکے سوائے
کوئی معبود نہین کہ بیشک تم لوگون مین سے کوئی بہشتیون کے کام کیا کرتا ہے یہان تک کہ اسمین اور
بہشت مین ہاتھ بھر کا فرق رہ جاتا ہے یعنے بہت قریب ہو جاتا ہے پھر تقدیر کا لکھا اسپر
غالب ہو جاتا ہے سو وہ دوزخیون کے کام کرنے لگتا ہے پھر دوزخ مین جاتا ہے اور مقرر کوئی
آدمی عمر بھر دوزخیون کے کام کیا کرتا ہے یہان تک کہ دوزخ مین اور اسمین سوا ایک ہاتھ بھر کے
کچھہ فرق نہین رہتا ہے پھر تقدیر کا لکھا اسپر غالب ہو جاتا ہے سو وہ بہشتیون کے کام کرنے لگتا ہے
پھر بہشت مین جاتا ہے **فا** اس حدیث مین انسان کی ابتدا اور انتہا اور تقدیر کا بیان ہے
عوام لوگ اس کا مطلب خصوصا تقدیر کا بھید نہین سمجھ سکتے اسکے بوجھنے کو بہت علم اور
صاف ذہن چاہیے لیکن اتنا دریافت کیا چاہیے کہ جب خاتمے پر مدار ٹھہرا تو کوئی اپنی
عبادت اور بندگی پر گھمنڈ نہ کرے اسواسطے کہ خاتمہ کا حال کیا معلوم ہے کہ کیا ہوگا اور
کسی گنہگار کو یقینی دوزخی نہ جانا چاہیے شاید کہ مرتے وقت اسکا خاتمہ بخیر ہو بعضے نادان
کہتے ہین کہ جب خاتمے پر بات رہی تو جوانی مین عیش کر لیا چاہیے ضعیفی مین توبہ کر لینگے

سو یہ شیطان نی انکو دھوکہا دیا ہی اسواسطی کہ ضعیفی تک جینے کا کہان سے یقین ہوا شاید
جوانی مین موت آجاوی بلکہ ہردم موت سر پر کھڑی ہے عاقل آدمی اگر غور کرے تو اسکو کسی
وقت خدا سے غافل ہونا لازم نہین اسواسطی کہ عصر شاید ہین نفس نفس واپسین بود
الٰہی اپنے کرم سی ہمکو نفس اور شیطان کے جال سی نکال اور ہمارا خاتمہ بخیر کر آمین خ ابن عباس ۲۰۸
ان احق ما اخذتم علیہ اجرا کتاب اللہ بخاری مین عبد اللہ بن عباس سے روایت ہے
کہ حضرت نی فرمایا جن کامون پر تم مزدوری لیتے ہو تو قرآن کی مزدوری لینا اُنسے زیادہ تر
لائق ہے ف حضرت کے اصحاب ایک کانون مین گئے کسی نی اُنکی ضیافت نکی اُنکے زمیندار کو سانپ نے
کاٹا جھاڑ پھونک بہتیری کی آرام نہوا تو وہ لوک اصحابکے پاس آئے کہ تم مین کسی کو منتر آتا ہو تو اسکو جھاڑے ابو
سعید خدری صحابی نی کہا کہ ہان ہمکو منتر آتا ہی پر کچھ لیے ہم نہ پڑینگے تم نی ہماری ضیافت نکی تین بکریان دینگے
وعدہ ٹھہرا ابو سعید نے سورہ الحمد پڑھی وہ فورا اچھا ہوگیا تیس بکریان لے آئے پہلے اصحاب نے اُنکے کھانے مین تامل کیا
اور قرآن پر محنت لینا درست نجانا حضرت کے روبرو یہہ قصہ کہا حضرت نے فرمایا کہ تم نی اچھا کیا قرآن پر
مزدوری لینا زیادہ تر درست ہے اُن بکریون مین ہمارا بھی حصہ لگاؤ پھر حضرت نے فرمایا کہ تمکو بعد معلوم
ہوگیا کہ الحمد سانپ کا منتر ہی اس حدیث سے معلوم ہوا کہ قرآن پڑھانے کی بھی محنت لینا درست ہے اور
ہی مذہب ہے امام مالک اور شافعی اور پچھلے حنفی مذہبیون کا ۲۰۹ م عمران بن حصین ان اخا لکم قد
فقوموا فصلوا علیہ مسلم مین عمران بن حصین اور جابر رض سے روایت ہے کہ حضرت نے

اصحاب سے فرمایا

اصحاب سے فرمایا کہ تمہارا بھائی مرگیا اٹھو اسکے جنازہ کی نماز پڑھو ف ملک حبش کا بادشاہ
نجاشی نصرانی المذہب اور انجیل کا عالم تھا مسلمانون سی حضرت کا حال دریافت کرکے
قرآن سنکر حضرت کا بے دیکھے ایمان لایا مسلمانون کے ساتھ بہت سلوک کیا کرتا تھا
جسدن وہ حبش مین مرگیا اسی دن حضرت نی مدینے مین خبر دی اور یہہ حدیث فرمائی پھر
عید گاہ مین صف باندہ کے اسکی نماز پڑھی یہہ معجزہ ہے حضرت کا کہ دور کی خبر دی اور مطابق
پڑی اس حدیث سے معلوم ہوا کہ غائب پر نماز پڑھنا درست ہے اور یہی مذہب ہے امام شافعی کا
حنفی مذہب کہتے ہین کہ یہہ بات حضرت کو خاص تھی شاید زمین طی ہوگئی ہو اور دور
نزدیک ہوگیا ہو اورون کو غائب پر نماز پڑھنا درست نہین ۲۱۰ م ابوہریرہ قال ان
اخنع اسم عند اللہ رجل یسمی ملک الاملاک مسلم مین ابوہریرہ رضی اللہ
عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ بہت بڑا کم بخت نام خدا کے نزدیک اس مرد کا نام ہے
جسنے شاہنشاہ اور مہاراج نام رکھا سب بادشاہون کا بادشاہ خدا ہے
بندے بیچارے محتاج کو کیا مناسبت ہے کہ شاہنشاہ کہلاوے ۲۱۱ ق انکم ان اخوانکم
قد قتلوا وانہم قالوا اللہم بلغ عنا نبینا انا قد لقیناک فرضیت عنا
ورضینا عنک بخاری اور مسلم مین انس رضی اللہ عنہ سے ہے کہ حضرت نے فرمایا اصحاب سے کہ تمہارے
بھائی مارے گئے شہید ہوئے اُن لوگون نی وہان خدا سے عرض کی کہ خداوندا ہمارے طرف سے

ہمارے پیغمبر کو یہ پیغام پہنچا دی کہ ہم تجھسے ملے سو تو ہم سی راضی ہوا اور ہم تجھسے راضی ہوئے
ف کافرون کا ایک گروہ حضرت کے پاس آیا اور جھوٹھا اسلام لایا اور کہا کہ ہمارے
ساتھ کچھ اصحاب کو بھیجئے کہ ہمکو قرآن سکھلا دین حضرت نے ستر قاری قران کے جو رات
بھر نماز پڑھا کرتے اور دن کو لکڑیان لاکر بیچتے آپ کھاتے اور محتاجون کو کھلاتے تھے اُنکے
ساتھ کئے اُن کافرون نے راہ مین دغا سی انکو شہید کیا شہید دن نے بعد شہادت کے
خدا سے عرض کیا کہ ہماری خبر حضرت کو پہنچا دے تو جبرئیل نے یہہ قصہ حضرت سے کہا تب حضرت نے
یہہ حدیث اصحاب سے فرمائی اور چالیس روز اُن کافرون پر بد دعا کی ف جابر رض اَنَّ اَخْوَفَ مَا
اَخَافُ عَلٰی اُمَّتِیْ عَمَلُ قَوْمِ لُوْطٍ بخاری اور مسلم مین جابر رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ
البتہ بڑا خوف جسکا مجھکو اپنی اُمت پر ڈر لگا ہے قوم لوط کے کام کا یعنے لونڈے بازی کا
امت مین بڑا ڈر ہے ف ابو داؤد مین عبد اللہ بن عباس رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
کہ جب تم اغلام کرتے دیکھو تو دونون کو مار ڈالو ه ابو سعید اِنَّ اَدْنٰی اَهْلِ
النَّارِ عَذَابًا یَنْتَعِلُ بِنَعْلَیْنِ مِنْ نَارٍ یَغْلِیْ دِمَاغُهٗ مِنْ حَرَارَةِ نَعْلَیْهِ
مسلم مین ابو سعید رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا عذاب کی راہ سے کمتر مین سب دوزخیون سے
وہ شخص ہوگا کہ وہ آگ کی جوتیان پہنے ہوگا جس سے بھیجا اوبلے گا ہانڈی کی طرح جو تیونکے
گرمی کے سبب ف الٰہی تیری پناہ دوزخ کا کمتر اور ہلکا عذاب یہہ سخت عذاب کو ہمسی پر قیاس

کہا جائے

۲۱۴ م کیا چاہئے م ابوہریرہ ازاد فی مقعد احدکم من الجنۃ ان یقول لہ
تمن فیتمنی ویتمنی فیقول لہ ھل تمنیت فیقول نعم فیقول لہ فان لک
ما تمنیت ومثلہ معہ مسلم مین ابوہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرر
تم لوگون مین کم سی کم بہشتی کا یہہ مرتبہ ہوگا کہ اسسے خدا کہیگا کہ لے مانگ جو تیری آرزو ہو سو
بندہ مانگے گا پھر دوسرے بار مانگیگا پھر خدا فرماویگا کہ کیا مانگ چکا بندہ کہیگا کہ ہان مانگ چکا
جتنا مجھکو مانگنا تھا خدا پھر اسسے فرماویگا کہ لے ہم نے تجھکو دیا جتنا تو نے مانگا بلکہ اسکے تہ اتنا
اور بھی ف ادنی بہشتی کا یہہ رتبہ ہی کہ جتنا مانگے گا اسکا دونا پاویگا تو بڑے رتبے والون کو
۲۱۵ م خدا ہی جانے کہ کیا کیا بلکہ م ابن مسعود ان ارواح المؤمنین طیر تعلق فی
شجر الجنۃ ھکذا ذکرہ اقلیشی واختصرہ والرافعی ان ارواحھم
فی جوف طیر خضر لھا قنادیل معلقۃ بالعرش تسرح من الجنۃ
حیث شاءت ثم تاوی الی تلک القنادیل فاطلع الیھم ربھم اطلاعۃ
فقال ھل تشتھون شیئا قالوا ای شیء نشتھی ونحن نسرح من الجنۃ
حیث شئنا ففعل ذلک بھم ثلث مرات فلما راوا انھم لن یترکوا من
ان یسالوا قالوا یا رب نرید ان ترد ارواحنا فی اجسادنا حتی نقتل فی
سبیلک مرۃ اخری فلما رای ان لیس لھم حاجۃ ترکوا اسلم مین عبداللہ

بن مسعود سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ شہیدونکی روحین سبز چڑیان ہین بہشت کے
درختون کے میوے کھاتے ہین اقلیشی نی اتنی ہی روایت کی ہے کم کرکے اور پوری روایت یہہ ہے
کہ مقرر شہیدونکی روحین سبز چڑیون کے پیٹ مین ہین اُنکے واسطے عرش کے نیچے قندیلین
لٹکتی ہین کھاتی پھرتی ہین بہشت مین جہان اُنکا جی چاہتا ہے اور رات کو اُنہین قندیلون مین آکر
ٹہرتی ہین سو اُنکے رب نے اُنکو دیکہا اور فرمایا کہ بھلا کوئی چیز تمہارا جی بھی چاہتا ہے شہیدونے
کہا کس چیز کو ہمارا جی چاہے ہم تو اس چین مین ہین کہ بہشتین کھاتے پھرتے ہین جہان چاہتے ہین پھر
خدا نی تین بار اسی طرح سی پوچھا جب شہیدون نی دیکہا کہ بدون کچھہ مانگے نہین چھٹتے تو کہا
ای رب ہم چاہتے ہین کہ ہماری روحین ہمارے بدنون مین پھر ڈالی جاوین تو ایکبار اور بھی تیری راہ
مین مارے جاوین اور ٹکڑے ٹکڑے ہون پھر جب خدا نی دیکہا کہ انکو اب کسی چیز کی ہوس اور
آرزو باقی نہین رہی پھر اُنسے پوچھنا چھوڑا **ف** عبداللہ بن مسعود سے یہہ روایت ہے کہ
مین نی حضرت سے پوچھا کہ حضرت قرآن مین حق تعالی نے فرمایا ہی کہ شہیدون کو مردہ
نہ سمجھو وہ زندہ ہین روزی پاتے ہین خوشیان کر رہے ہین خدا کے فضل سے سو اس آیت کا
کیا مطلب ہے اور شہیدون کا مفصل حال کیون کر ہے تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی
اس حدیث سے کئی باتین معلوم ہوئین ایک تو یہہ کہ روح کو فنا نہین بدن کے مرنے سی روح نہین مرتی
دوسرے یہہ کہ شہید مرتے ہوئے بہشتین داخل ہوتے ہین اور زندون کی طرح کھاتے پیتے

اور

اوروں کو یہہ رتبہ حاصل نہین کہ وہ قیامت مین بعد حساب کتاب کے بہشتین جاوین گے
تیسرا یہہ کہ بہشت بالفعل موجود ہے اور یہی مذہب ہے اہل سنت کا چوتھے یہہ کہ بعد پیغمبروں کے شہید
نہایت بڑے رتبے ہین م ثوبان ان اسمی محمد ان الذی سمانی بہ اہلی ۲۱۶ م
مسلم مین ثوبان رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ البتہ میرا نام محمد ہے جو میرے لوگون نے میرا نام رکھا ہے
ف ثوبان رض سے روایت ہے کہ مین حضرت کے پاس کھڑا تھا ایک یہودیون کا عالم آیا اسنے
کہا السلام علیک یا محمد مین نے اسکو دھکیل دیا کہ بے ادبی سے نام کیون لیتا ہے یا رسول اللہ
کیون نہین کہتا ہے تب حضرت نے یہہ فرمایا کہ میرے لوگون نے میرا یہی نام رکھا ہے یعنے کہا ہوا جو اسنے
میرا نام لیا سبحان اللہ کیا اخلاق تھے حضرت مین ق ابن مسعود ان اشد الناس
عذابا یوم القیمۃ عند اللہ المصورون بخاری اور مسلم مین عبداللہ بن مسعود رض سے روایت
ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ بیشک سب لوگون سے نہایت سخت عذاب خدا کے نزدیک قیامت مین
تصویر بنانیوالون کو ہوگا ق عائشۃ ان اصحاب ہذہ الصور یعذبون یوم ۲۱۷ ق حرمت تصویر و تصویر و اقسام
القیمۃ ویقال لہم احیوا ما خلقتم بخاری اور مسلم مین حضرت عائشہ سے روایت ہے ۲۱۸ ق
کہ حضرت نے فرمایا کہ مقربان تصویرون کے بنانیوالون پر عذاب دکھانیکے دن اور انکو حکم ہوگا کہ
جلاؤ جسکو تم نے بنایا ف حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ مین نے ایک
چادر مول لی جس مین تصویرین تھین اسکو بطور پردہ دروازے پر لٹکایا تھا

حضرت نے جو اسکو دیکھا تو باہر کہڑے رہے گھر مین نہ آئے تو مجھکو معلوم ہوا کہ حضرت کو کوئی چیز
بُری معلوم ہوئی ہے تب مین نے کہا یا رسول اللہ مین توبہ کرتی ہون جس چیز سے کہ آپکو ملال ہے
تب حضرت نے فرمایا کہ یہہ چادر کیسی ہے مین نے کہا کہ مول لی ہے آپکے بیٹھنے کے واسطے
تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جس مکان مین تصویرین ہون
اُس مین جانا مکروہ ہی مسلمانون پر واجب ہے کہ اپنے مکانون مین تصویرین نرکھین اور نفیس
مباح چیزین کیا کم ہین جو تصویرون سے مکان کو بتخانہ بنائے اور اسپر خدا کی لعنت برسائے ق ۲۱۹

سَعْدُ بْنُ اَبِیْ وَقَّاصٍ اِنَّ اَعْظَمَ الْمُسْلِمِیْنَ جُرْمًا مَنْ سَاَلَ عَنْ شَیْءٍ لَمْ یُحَرَّمْ عَلَی
النَّاسِ فَحُرِّمَ مِنْ اَجْلِ مَسْئَلَتِہٖ بخاری اور مسلم مین سعد بن ابی وقاص سی روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ بیشک سب مسلمانون مین بڑا گنہگار مسلمان وہ ہے کہ جسنے وہ بات پوچھی کہ حرام نہ تھی
پھر اسکے پوچھنے سے حرام ہوگئی ف مسئلہ پوچھنا دو قسم ہے ایک تو وہ ہی کہ اسکی حاجت
پڑی اور وہ بات معلوم نہین تو دریافت کرنے کے واسطے پوچھے یہہ تو درست ہے بلکہ اسکا حکم ہے کہ دریافت
کرے دوسرے یہہ کہ ناحق بے حاجت پوچھنا اور تنگ کرنا یہہ منع ہی سو اسیکو حضرت نے منع کیا
کہ ناحق بے حاجت اتنی پوچھا کرو شاید حلال چیز تمہارے بیفائدہ سوال کرنے سی حرام ہوجاوے
اور تم گنہگار ہو م عِمْرَانُ بْنُ حُصَیْنٍ اِنَّ اَقَلَّ سَاکِنِیْ الْجَنَّۃِ النِّسَاءُ ۲۲۰ م مسلم مین
عمران بن حصین رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ البتہ بہشت کے رہنے والونمین عورتین

بہت کم

بہت کم ہین ف یعنی بہشت مین مرد بہت ہین دنیا کی عورتین نہایت کم ہین اسواسطے کہ عورتون
مین دینداری اور عقلمندی کم ہوتی ہے اور خاوند کا کہنا کم مانتی ہین خ اَنَسٌ اِنَّ اُنَاسًا
خَلَقْنَا بِالْمَدِیْنَةِ مَا سَلَكَ النَّاسُ شِعْبًا وَلَا وَادِیًا اِلَّا وَهُمْ مَعَنَا حَبَسَهُمُ الْعُذْرُ
بخاری مین انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرر کچھ لوگ ہم سی چھوٹ کر مدینہ مین
رہ گئے تھی پہاڑون کی اونچی نیچی راہ چلتی مین جو ہمکو ثواب ہوا اُسمین وہ بھی ہمارے ساتھ
شریک ہوئی ناچاری نے انکو روکا تھا ف حضرت نے جنگ تبوک کا ارادہ کیا تو چند مسلمانون کے
پاس سواری اور سفر کا سامان نہ تھا وہ حضرت کے ساتھ نہ جاسکے ناچار ہوکر مدینہ مین رہ گئے
جب حضرت وہان سے پھری تب راہ مین یہہ حدیث فرمائی یعنی اس سفر کی تکلیف مین جتنا ہمارے ساتھ ہیو
ثواب ہوا انکو بھی ہوا اسواسطے کہ وہ دل سے ساتھ تھے اگرچہ ناچاری سے ظاہر مین چھوٹ رہے
اس حدیث سے معلوم ہوا کہ سچی نیت کو دین مین بڑا دخل ہے ق اَبُوْمُوْسٰی اِنَّ الْاَشْعَرِیِّیْنَ
اِذَا اَرْمَلُوْا فِی الْغَزْوِ اَوْ قَلَّ طَعَامُ عِیَالِهِمْ بِالْمَدِیْنَةِ جَمَعُوْا مَا كَانَ عِنْدَهُمْ
فِیْ ثَوْبٍ وَاحِدٍ ثُمَّ اقْتَسَمُوْا بَیْنَهُمْ فِیْ اِنَاءٍ وَاحِدٍ بِالسَّوِیَّةِ فَهُمْ مِنِّیْ
وَاَنَا مِنْهُمْ بخاری اور مسلم مین ابوموسی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرر اشعری
لوگ جب لڑائی مین محتاج ہوجاتے ہین یا مدینہ مین اُنکے جورو لڑکون کا کہانا کم ہوجاتا ہے تو ایک
کپڑی مین جو اُنکے پاس ہوتا ہے بچا کرتے ہین پھر ایک برتن سے اُسکو برابر بانٹتے ہین

سو وہ میرے طور پر ہین ہین اُنسے راضی ہون **ف** اشعری ایک یمن کی قوم ہے جنمین ابوموسی
اشعری اس حدیث کے راوی ہین اُنکی یہہ حضرت نے عادت بیان کرکے پسند کی تاکہ اور لوگ بھی
اسی طرح اتفاق کریں **خ** ۳۰۴ اَبُوْذَرٍ اِنَّ الْاَکْثَرِیْنَ ھُمُ الْاَقَلُّوْنَ اِلَّا مَنْ قَالَ بِالْمَالِ ھٰکَذَا وَھٰکَذَا وَھٰکَذَا بخاری مین ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
کہ جو بہت مالدار ہین وہی قیامت مین ثواب سے مفلس ہین پر جنسے مال کو خرچ کیا اسطرح اور
اسطرح اور اسطرح یعنی داہنے اور بائین اور آگی سب طرف خوب دیا **ف** یعنی جس مالدار نے مفلس
راہ خدا مین خوب دیا وہ البتہ ثواب پاویگا اور جنسے بخیلی کی اور مال کو دبا رکھا وہ قیامت مین
ہوگا نہ تو مال ہی پاس ہوگا نہ ثواب **خ** ۳۲۴ اَبُوْھُرَیْرَۃَ اِنَّ الْاِیْمَانَ لَیَاْرِزُ اِلَی الْمَدِیْنَۃِ کَمَا تَاْرِزُ الْحَیَّۃُ اِلٰی جُحْرِھَا بخاری مین ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ
مقرر ایمان سمٹے گا مدینہ کی طرف جیسی سانپ سمٹتا ہے اپنے بل کی طرف **ف** مدینہ ایمان کا
گھر ہے ہر وقت مین ایماندارون کو وہان جانے کی حاجت رہی جب تک حضرت جیتے رہے تو مسلمان
ہر طرف سے دین سیکھنے کو جاتی تھی پھر خلیفون کی وقت مین اسی طرح لوگ جایا کئے اور وہان بڑے
بڑے عالم ہوا کئے ہر زمانے کے لوگ علم سیکھنے کو جایا کئے پھر حضرت کی قبر مبارک کی زیارت کو
ہمیشہ لوگ جاتے ہین غرض مسلمانون کو مدینے جانی کی ہمیشہ حاجت ہے اور قیامت کے قریب کفر کا ہر طرف
غلبہ ہوگا آخر سب ملکون کی ایماندار لوگ سب طرف سی سمٹکر مدینے مین امام مہدی کے پاس جمع ہونگے

تو وہاں سے ایمان نکلا ہوا وہیں سمٹ کر جاوے گا ق ۲۱۵ جابر و عایشہ ان البیت الذی
فیہ الصور لا تدخلہ الملائکۃ بخاری اور مسلم میں جابر اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہما
سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرر جس گھر میں تصویریں ہوتی ہیں وہاں فرشتے رحمت کے نہیں جاتے
ف جب رحمت کے فرشتے نہ آئے تو مقراس گھر میں بے برکتی پہلیگی ق ۲۱۶ ابن عمر و عایشہ
ان التلبینۃ تجم فواد المریض و تذھب ببعض الحزن بخاری اور مسلم میں عبداللہ
بن عمر اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جو کا حریرہ موزیمار کے
دل کو راحت پہنچاتا ہے اور کچھ غم بھی کھوتا ہے ف تلبینہ بے چھنے جو کی آٹے کے
حریرے کا نام ہے دل اور دماغ کو قوت دیتا ہے اور معدے کو مواد سی صاف کرتا ہے تو ناتوان بیمار کو
راحت بھی ہوگی اور غم بھی دور ہو کا سعد السعادت میں روایت ہے کہ حضرت عائشہ کا معمول
تھا کہ اہل ماتم کو جو کا حریرہ کھلاتی تھیں تاکہ تھنڈک پڑے اور غم دور ہو ق ۲۱۷ النعمان
ابن بشیر ان الحلال بین و ان الحرام بین و بینھما مشتبھات لا یعلمھن
کثیر من الناس فمن اتقی الشبھات استبرأ لدینہ و عرضہ و من وقع فی
الشبھات وقع فی الحرام کالراعی یرعی حول الحمی یوشک ان یرتع فیہ الا
و ان لکل ملک حمی الا و ان حمی اللہ محارمہ الا و ان فی الجسد مضغۃ
اذا صلحت صلح الجسد کلہ و اذا فسدت فسد الجسد کلہ الا و ھی القلب

بخاری اور مسلم مین نعمان بن بشیرؓ سے روایت ہے کہ حضرتؐ نے فرمایا کہ متقی حلال کہلاتا ہے اور حرام
بھی کہلاتا ہے لیکن حلال اور حرام کی درمیان دو طرفا ملتی ہوئین چیزین ہین انکو بہت لوگ نہین
جانتے سو جو شبہون سے بچا وہ اپنے دین اور آبرو کو سلامت لے گیا اور جو شبہون مین پڑا وہ حرام مین
بھی پڑا جیسے وہ چرانے والا کہ رمنی یعنی روکی ہوئی زمین کی آس پاس چراتا ہے قریب ہے کہ کسی
رمنے کو بھی چر جائے جانو کہ البتہ ہر بادشاہ کا ایک رمنہ ہوتا ہے جان لو کہ خدا کا رمنہ اسکی حرام
کی ہوئین چیزین ہین جان رکھو کہ بی شک بدن مین ایک گوشت کا ٹکڑا ہے جب وہ سنورا تو سب
بدن سنورا اور جب وہ بگڑا تو سارا بدن بگڑا یاد رکھو کہ وہ ٹکڑا دل ہے ف یہہ حدیث
بڑے کام کی ہے اسمین شریعت اور طریقت سب موجود ہے اسکو خوب یاد رکھنا چاہئے کہ دنیا کی
سب چیزین تین طرح پر ہین حلال اور حرام اور شبہ دار جو چیزین حلال ہین وہ قرآن اور حدیث
مین صاف کہلی ہین سب مسلمانون مین مشہور ہین جیسی گیہون سوداگری مزدوری گائے بکری
اونٹ دودھ شہد میوے اور جو حرام ہین وہ بھی مشہور ہین جیسے ناحق قتل شراب سور جوا حرام کاری
چوری دغابازی جھوٹ اسیطرح اور چیزین انکو سب حرام جانتے ہین جاہل تک بھی اور جو شبہ دار
چیز ہے یعنی کچھ حلال سی بھی میل رکھتی ہے اور حرام سے بھی جیسی کوئی چیز کوئی اپنی گھر مین پاوی
لیکن تجھکو یہہ معلوم نہین کہ وہ چیز تیری ہے یا کسی اور کی اسکو بہت لوگ نہین جانتے جسو اسکا حضرتؐ
قاعدہ بتلایا کہ جس چیز مین شبہ پڑے کہ یہہ حلال ہے یا حرام ہے یا عالمون کا اسمین اختلاف ہو

تحقیق تقوی

کوئی

کوئی حلال تبلاتا ہو اور کوئی حرام تو اسکو چھوڑ دے ہرگز نکرے اسی بین بین کا بچاؤ ہے اس واسطے کہ
شاید وہ حرام ہو اور نہین تو جب شبہ والی چیزون مین آدمی پڑا تو ہوتے ہوتے حرام چیزون مین بھی
گرفتار ہو جاتا ہے تقوی اور پرہیزگاری اسی کا نام ہے کہ آدمی شبہون سے بچے پھر حضرت نے فرمایا
کہ تقوی فقط ظاہری کی صفائی کا نام نہین ہے تقوی کا مقام دل ہے یعنی جب دل مین ایمان جا اور اسکی
نارضامندی کا خوف جی مین سمایا تو آنکھ کان ہاتھ پاؤن سب خود بخود مستور جاتے ہین اسواسطے
کہ دل بادشاہ ہے تمام بدن کا پھر اگر دل ہی بگڑا یعنی حرص اور فسق و فجور اسمین جا تو سارا بدن بگڑا آنکھ
رنڈیان گھورتی ہے کان غیبت اور ہاجو نکی آواز پر غش ہین زبان لغمہ حرام چٹ کر رہی ہے نہ موت کا
کچھ غم ہے نہ قیامت کا کچھ ڈر الٰہی اپنا خوف ہمارے دلون مین ڈال اور ان بلایون سے ہمکو نکال آمین ۳۱۸ م

عباس ان الحمد للہ نحمدہ ونستعینہ من یھدہ اللہ فلا مضل لہ ومن یضللہ
فلا ھادی لہ واشھد ان لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ وان محمدا عبدہ و
رسولہ اما بعد فجاء ضماد الازدی فقال یا محمد انی ارقی من ھذہ الریح
وان اللہ یشفی علی یدی من شاء فھل لک مسلم مین عبداللہ بن عباس سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ مقرر سب خوبیان اللہ کے واسطے ہین ہم اسکو سراہتے ہین اور اسی سے ہر کام مین مدد مانگتے
ہین جسکو اللہ راہ پر لگایا اسکو کوئی نہین بہکا سکتا اور جسکو اللہ نے بہکایا اسکو کوئی راہ پر نہین
لا سکتا اور ہم گواہی دیتے ہین کہ کوئی لائق پوجنے کے نہین اللہ کے سوا وہ اکیلا مالک ہے کوئی اسکا

ساجی نہین اور بیشک محمد اسی کا بندہ ہے اور اسی کا پیغام پہنچانیوالا بعد اسکے یہہ خطبہ حضرت نے
اُسوقت فرمایا تھا جب حضرت کے پاس ضماد نام منتر والا آیا تھا سو اُسنے کہا تھا کہ مجھکو آسیب
اور دیوانگی جھاڑنے کا منتر آتا ہے اور میرے ہاتھ سے خدا جسکو چاہتا ہے آرام دیتا ہی سو مجھکو بھی
اگر خواہش ہو تو مین بھی جھاڑون ف ضماد ازدی مین کا ایک شخص تھا جھاڑ پھونک مین اسکو
دخل تھا جب وہ مکے مین آیا تو مکے کے کافرون نے اُسسے کہا کہ معاذ اللہ محمد دیوانہ ہوگیا ہے کچھہ
آسیب کا اُسپر ضلل ہے تو اسکو اپنی منتر سے جھاڑ دہ حضرت کے پاس آیا اور حضرت سے جھاڑ پھونک
پوچھا تب حضرت نے ان بعد کے خطبہ پڑھا بعد حمد اور نعت کے کچھہ اور فرمایا چاہتے تھے اُسنے
حضرت کو روکا اور کہا کہ اس کلام کو پھر پڑھیے حضرت نے اسکو دوبارہ پڑھا اُس نے کہا پھر پڑھیے
حضرت نے اسکو تین بار پڑھا پھر ضماد نے کہا کہ مین نجومیون کے اور جادوگرون کے اور شاعرون کے
بہت کلام سن چکا ہون پر ایسا عمدہ کلام تو مین نے کبھی نہین سنا واللہ اس کلام کی فصاحت کی
سمندر کیطرح تہاہ نہین ملتی یا حضرت اپنا ہاتھہ بڑھائیے مین بیعت اور توبہ کرتا ہون پھر ضماد
مسلمان ہوا سبحان اللہ آسیب جھاڑنے آئے تھے آپ ہی جھاڑے گئے م ابو سعید ۲۱۹ م
اِنَّ الدُّنْیَا حُلْوَۃٌ خَضِرَۃٌ وَاِنَّ اللّٰہَ مُسْتَخْلِفُکُمْ فِیْھَا فَنَاظِرٌ کَیْفَ تَعْمَلُوْنَ مسلم من
ابو سعید رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ البتہ دنیا میٹھی ہریری ہے اور خدا مقرر ایک
گروہ کے بعد دوسرے گروہ کو لاتا ہے پھر تاکتا ہے کہ کیسا کیسا کام کرتے ہو ف

تخریج زیارت دنیکی

یغنی جیسے

یعنے جیسے شیر مینی دل کو اور سبزی آنکھ کو بھلی معلوم ہوتی ہے ویسی ہی دنیا کی لذت اور اسباب پر
آدمی لوٹ پوٹ ہوا اور خدا ایک گروہ دنیا سی اٹھا کر دوسرے گروہ کو وہان جمانے جانیکے واسطے
پھر جو دنیا کے عیش و آرام مین پھنسا اُس نی دہوکہ کہایا وہ خدا کو بھولا اور جو دنیا کی بیوفائی
سوچا کہ اکلے لوگون کے پاس یہہ کب رہی جو ہمارے پاس رہے گی پھر سکو لوگون کا کہلونا جان کے
اور بھانمتی کا سوانگ سمجھکر اُسکے جال مین نہ پھنسا اور اپنے مالک کو نہ بھولا وہی دور اندیش
ہوشیار ہے اور اُسی کا نام دیندار ہے حضرتنے ایکبار عصر کے بعد خطبہ پڑھا اور قیامت تک جو
ہونا تھا سو فرمایا جسکو یاد رہا سو یاد رکھا اور جو بھولا سو بھولا بعد اُسکے یہہ حدیث فرمائی تاکہ مسلمان
سوچین اور دنیا کے پھندے سے نکلین **حدیث** اَبُوْ هُرَيْرَةَ اِنَّ الدِّيْنَ بَدَأَ غَرِيْبًا وَ
سَيَعُوْدُ الدِّيْنُ كَمَا بَدَأَ فَطُوْبٰى لِلْغُرَبَاءِ مسلم مین ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے
کہ حضرتنے فرمایا کہ مقرر اسلام پہلے ظاہر ہوا اس طرح پھر آخر کو ویسا ہی
ہو جاویگا جیسا پہلے تھا سو خوشی ہو جیو سا فرون کو **ف** مطلب یہہ کہ اول
اول اسلام بہت کم تھا کوئی اُسکا یار و مددگار نہ تھا جیسے مسافر کو سفر مین کوئی
نہین پوچھتا پھر ہوتے ہوتے اسلام سارے عالم مین پھیلا حضرتنے فرمایا کہ آخر کو
قیامت کے قریب اسلام پھر کم ہو جاویگا جیسے پہلے تھا تو اسوقت کے مسلمان مسافرونکی
طرح بے یار و مددگار ہو جاوینگے جیسا اسوقت مین کہ جو دینداری پر کمر باندھتا ہے

۲۲ حدیث ضعیف سے دین و دنیا کے متعلقات مین استدلال

کوئی اسکی نہین سنتا ہے کافر تو ایک طرف کلمہ گو اسکو ہنستے ہین سو حضرت نے فرمایا کہ جو ایسے

ق ۲۲۱ سخت وقت مین اسلام پر مضبوط رہا اسکو خوشی ہو جیو بہشت کی ق عَائِشَةُ

اَنَّ الرَّجُلَ اِذَا عَزَمَ حَدَّثَ فَكَذَبَ وَوَعَدَ فَاَخْلَفَ بخاری اور مسلم مین

حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب آدمی قرضدار ہوا بات کہتا ہے

تو جھوٹ بولتا ہے اور قرضداروں سے وعدہ کرتا ہے تو پورا نہین کرتا ف حضرت نماز مین

قرض سے بہت پناہ مانگتے تھے کسی نے کہا کہ یا حضرت آپ قرض سے کیون بہت

ھ ۲۲۲ پناہ مانگا کرتے ہین تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی ھ اِبْنُ مَسْعُوْدٍ اِنَّ الرَّجُلَ

لَيَصْدُقُ حَتّٰى يُكْتَبَ صِدِّيْقًا وَيَكْذِبُ حَتّٰى يُكْتَبَ كَذَّابًا مسلم مین

عبداللہ بن مسعود رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ آدمی سچ بولا کرتا ہے یہان

تک کہ خدا کی نزدیک بڑا سچا لکھا جاتا ہے اور آدمی جھوٹھ بولا کرتا ہے یہان تک

کہ بڑا جھوٹہا لکھا جاتا ہے یعنے جب آدمی کو سچ یا جھوٹھ بولنی کی عادت پڑی پھر آخر کو اسمین کامل

ہو جاتا ہے ھ اَبُوْ هُرَيْرَةَ اِنَّ الرَّجُلَ لَيَعْمَلُ الزَّمَنَ الطَّوِيْلَ بِعَمَلِ اَهْلِ ۲۲۳ ھ

الْجَنَّةِ ثُمَّ يَخْتِمُ لَهُ عَمَلُهُ بِعَمَلِ اَهْلِ النَّارِ وَاِنَّ الرَّجُلَ لَيَعْمَلُ الزَّمَنَ الطَّوِيْلَ

بِعَمَلِ اَهْلِ النَّارِ ثُمَّ يَخْتِمُ لَهُ عَمَلُهُ بِعَمَلِ اَهْلِ الْجَنَّةِ مسلم مین ابوہریرہ سے روایت ہے

کہ حضرت نے فرمایا کہ البتہ آدمی ایک مدت دراز تک بہشتیون کے کام کیا کرتا ہے پھر اسکا خاتمہ

دوزخیون

دوزخیون کے کام پر ہوتا ہے اور بعضا آدمی مدت دراز تک دوزخیون کے کا کیا کرتا ہے
پھر اُسکا خاتمہ بہشتیون کے کام پر ہوتا ہے ف یعنے خاتمہ کا اعتبار ہے اول کا موقوف پر کچھ
اعتماد نہین تو علم و عبادت پر گھمنڈ نچاہیے ق ۲۳۷ ق اَبُوھُرَیْرَۃَ اِنَّ الرَّحِمَ شُجْنَۃٌ مِنَ الرَّحْمٰنِ
فَقَالَ اللّٰہُ مَنْ وَصَلَکِ وَصَلْتُہٗ وَمَنْ قَطَعَکِ قَطَعْتُہٗ بخاری اور مسلم مین
ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ رحم کا لفظ رحمن کی لفظ سی نکلا ہے پھر خدا نی اُسے کہا کہ
جسنے تجھسے میل رکھا اُسی مین نے رکھا اور جسنے تجھکو توڑا تو اُسکو مین نی توڑا اف رحم کے معنے
برادر پروری ہین سو فرمایا کہ یہہ لفظ رحمن سی نکلا ہے یعنی جو حرف رحم مین ہین وہ رحمن مین ہین
پھر فرمایا کہ جو برادر پروری کرے گا اُسپر مین کرم کرونگا اور جو برادر پروری نکریگا خدا اُسپر کرم
نکریگا خ ۲۳۸ خ عَائِشَۃُ اِنَّ الرَّضَاعَۃَ تُحَرِّمُ مَا تُحَرِّمُ الْوِلَادَۃُ بخاری مین حضرت عائشہ سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ دودھ پینا نکاح کو حرام کرتا ہے جیسا پیدایش کا رشتہ حرام کرتا ہے
ف یعنی جہان نسب کی سبب نکاح نہین درست وہان دودھ پینے کی جہت سے بھی نکاح
نہین درست جیسے ماں اور بہن سی نکاح حرام ہے ویسے دایہ اور دایہ کی بیٹی سی بھی نکاح منع ہے
اسی طرح اور بھی قیاس کرلیا چاہیے دودھ پلائی کا بڑا حق ہے دایہ اور اُسکے لوگون سے
سلوک کرنا سنت ہے م ۲۳۹ م اُمِّ سَلَمَۃَ اِنَّ الرُّوْحَ اِذَا قُبِضَ تَبِعَہُ الْبَصَرُ مسلم مین حضرت
ام سلمہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب روح قبض ہوتی ہے تو آنکھہ بھی اُسکی پیچھے لگی چلی

جاتی ہے ف حضرت ام سلمہ سے روایت ہے کہ ابو سلمہ مر گئے تو حضرت تشریف لائے دیکھا
تو آنکھ کھلی رہ گئی ہے جیسے مردوں کی ہوتی ہے پھر حضرت نے اپنے آہنہ سی آنکھ بند کر دی اور
یہہ حدیث فرمائی اس حدیث سے معلوم ہوا کہ مردکی آنکھ بند کر دینا چاہیے ق ابو بکرۃ
اِنَّ الزَّمَانَ قَدِ اسْتَدَارَ کَهَیْئَتِهٖ یَوْمَ خَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَلسَّنَةُ
اِثْنَا عَشَرَ شَهْرًا مِنْهَا اَرْبَعَةٌ حُرُمٌ ثَلٰثَةٌ مُتَوَالِیَاتٌ ذُوالْقَعْدَةِ وَذُوالْحِجَّةِ
وَالْمُحَرَّمُ وَرَجَبُ مُضَرَ الَّذِیْ بَیْنَ جُمَادٰی وَشَعْبَانَ بخاری اور مسلم میں ابو بکرہ سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ زمانہ گھوم کر اپنی اصلی حالت پر دیا ہو گیا جیسا اُس دن تھا
کہ جب خدا نی زمین آسمان بنائے تھے برس بارہ مہینے کا ہے انمیں سے چار مہینے حرام ہیں یعنی انمیں
لڑنا بھڑنا درست نہیں تین مہینے تو برابر لگے ہوئے ہیں سو ذی قعدہ اور ذی حجہ اور محرم ہیں
اور چوتھا مضر کا رجب جو جمادی الاخر اور شعبان کے بیچ میں ہے ف ان چار مہینوں کی حرمت
مدت سی چلی آتی تھی سو کے کافروں کا دستور تھا کہ جب انکو لڑنا یا لوٹنا منظور ہوتا تو
ان مہینوں کو بدل ڈالتے جیسے محرم میں لڑتے تو صفر کا محرم نام رکھتے اسی طرح ان کمبختوں نے
مہینوں کو گھال میل کر ڈالا تھا مہینوں کا اصل حساب ٹھیک نہیں رہا تھا جس سال حضرت نے آخر عمر میں
حجۃ الوداع کیا تو ذی حجہ کا مہینہ دونو حساب سے برابر پڑا اصل کے حساب سے بھی اور کافروں کے
حساب سے بھی تب حضرت نے حج کے موسم میں عرفے کے دن ہزاروں آدمی کے روبرو یہہ حدیث

ق ۲۴

فرمائی

فرمائی یعنے اب زمانہ گردش کھاکر اصل حساب پر ٹھیک ہوگیا ہے اب کوئی اس حساب کو نہ بگاڑے عرب مین مضر ایک قوم کا نام تھا وہ رجب بہت مانتے تھے اسواسطے رجب کو انکی طرف نسبت کیا

۴۴۱ م حُذَيْفَةَ ابْنُ اَسِيدِ الْغِفَارِيُّ اَنَّ السَّاعَةَ لَا تَكُونُ حَتّٰى تَكُونَ عَشْرُ اٰيَاتٍ خَسْفٌ بِالْمَشْرِقِ وَخَسْفٌ بِالْمَغْرِبِ وَخَسْفٌ بِجَزِيرَةِ الْعَرَبِ وَالدُّخَانُ وَالدَّجَّالُ وَدَابَّةُ الْاَرْضِ وَيَاجُوجُ وَمَاجُوجُ وَطُلُوعُ الشَّمْسِ مِنْ مَغْرِبِهَا وَنَارٌ تَخْرُجُ مِنْ قَعْرِ الْعَدَنِ تَرْحَلُ النَّاسَ لَمْ يَذْكُرْ فِي هٰذَا الْحَدِيثِ الْعَاشِرَةَ وَهِيَ فِي غَيْرِهِ نُزُولُ عِيسَى بْنِ مَرْيَمَ مسلم مین حذیفہ بن اسید سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ قیامت نہین ہونیکی جب تک دس نشانیان پہلے نہو لین ایک تو پورب مین زمین کا دھس جانا دوسرے پچھم مین زمین کا دھسنا تیسرے عرب کے ٹاپو مین زمین کا دھسنا چوتھے دہوان کہ عالم مین پھیلے گا پانچوین دجال کا نکلنا چھٹے زمین کا جانور نکلنا ساتوین یاجوج ماجوج کا نکلنا آٹھوین سورج کا پچھم کی طرف سے نکلنا نوین آگ جو شہر عدن کے کنارے سے نکلیگی اور لوگون کو ہانکتی ہوئی شام کے ملک مین لیجاویگی مسلم نے اس حدیث مین دسوین نشانی روایت نہین کی لیکن اس حدیث مین دسوین نشانی حضرت عیسیٰ کا آسمان سے اترنا ہی ف حضرت کے اصحاب قیامت کا کچھ ذکر کرتے تھے اتنے مین حضرت تشریف لائے پھر حضرت نے یہہ حدیث فرمائی علی مرتضیٰ رضہ سے روایت ہے کہ قیامت سے پہلے دھوان عالم مین پھیلے گا مسلمانونکو زکام ہو جاویگا اور

کافرون کا سر بہلس جا ویکا کے مین ایک جانور زمین سی نکلیگا ساٹھ گز کا لنبا سر اسکا جیسے بیل کا
اور آنکھہ جیسی سور کی اور کان جیسے ہاتھی کے اور سینگ جیسی پہاڑی بکری کے سینہ جیسے شیر کا اور
گردن جیسی بلی کے اور دم جیسے مینڈھی کی اور رنگ جیسی چیتے کا ہاتھہ پاؤن جیسے اونٹ کے
اسکے پاس حضرت موسیٰ کا عصا اور حضرت سلیمان کی انگوٹھی ہوگی مسلمان اور کافر کو سونگھہ کر
تبلا دیگا اور کہیگا اسلام کا دین سچا ہے اور سب دین جھوٹے ہین ق اَلْمُغِیْرَۃُ بْنُ شُعْبَۃَ ق ۲۴۲
اِنَّ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ اٰیَتَانِ مِنْ اٰیَاتِ اللّٰہِ لَا یَنْکَسِفَانِ لِمَوْتِ اَحَدٍ وَّلَا لِحَیٰوتِہٖ
فَاِذَا رَاَیْتُمُوْھَا فَادْعُوا اللّٰہَ وَصَلُّوْا حَتّٰی تَنْجَلِیَ بخاری اور مسلم مین مغیرہ بن شعبہ سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ سورج اور چاند دو نشانیان ہین خدا کے نشانیون سی کسی کے مرنے
جینے سے اینہن گہن نہین پڑتا پھر جب تم گہن کو دیکہا کرو تو اللہ سی دعا کیا کرو اور نماز پڑہا کرو
جب تک کہ وہ روشن ہو جاوے ف جندن ابراہیم حضرت کے بیٹے کا انتقال ہوا اُسی دن ف ۲۴۳
گہن پڑا لوگون نی کہا کہ گہن ابراہیم کی موت سے پڑا تب حضرت نی فرمایا کہ یہ خدا کی قدرت
ہے تمہارا گمان غلط ہے کسی کے مرنے جینے پر گہن موقوف نہین اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جو
لوگون مین مشہور ہے کہ جب گہن پڑا تو کوئی سردار مرا ہے سو غلط بات ہے گہن کی
نماز دو رکعت سنت ہے بڑی سورتین اسمین پڑہے جب تک روشنی نہو ذکر اور دعا مین
مشغول رہے اور صدقہ دینا بھی سنت ہے ر جَابِرٌ اِنَّ الشَّھْرَ یَکُوْنُ تِسْعًا ر ۲۴۴

وعشرین مسلم مین جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مہینہ انتیس دن کا بھی ہوتا ہے
ف ایک بار حضرت نے قسم کھائی کہ مہینہ بیبیون کی پاس نجاوین پہر انتیس دنکے بعد
انکے پاس تشریف لیگئے لوگون نے عرض کیا یارسول اللہ آپنے مہینے بہر کی قسم کھائی تہی
حضرت نے فرمایا کہ کبھا ہوا مہینہ انتیس دن کا بھی ہوتا ہے م جابرؓ اِنَّ الشَّیْطَانَ اِذَا ۲۴۱ م
سَمِعَ النِّدَاءَ بِالصَّلٰوۃِ ذَھَبَ حَتّٰی یَکُوْنَ مَکَانَ الرَّوْحَاءِ مسلم مین جابر رضہ سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرر شیطان جب اذان سنتا ہے تو وہان سے بہاگ جاتا ہے جتنی دور
روحا ہے ف روحا ایک مکان ہے مدینہ سے چھتیس کوس م اَنَسٌ اِنَّ الشَّیْطَانَ ۲۴۲ م
قَدْ یَئِسَ اَنْ یَّعْبُدَہُ الْمُصَلُّوْنَ فِیْ جَزِیْرَۃِ الْعَرَبِ وَلٰکِنْ فِی التَّحْرِیْشِ بَیْنَھُمْ
مسلم مین جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرر شیطان کی آس ٹوٹ گئی اس سے
کہ اب نمازی لوگ عرب کے ٹاپو مین اسکو پوجین لیکن انمین فتنہ فساد ڈالنی کا قابو ہے
ف یعنی عرب مین اسلام قایم رہے گا بت پرستی وہان نہوگی شیطان پرستی سے مراد
بت پرستی ہے سو سچ ہے کہ عرب مین اب تک خدا کے فضل سے بت پرستی کوئی نہین جانتا البتہ فتنہ
وفساد بہت ہوتا ہے اس سے آدمی کافر نہین ہو جاتا اس حدیث سے عرب کی بڑائی ثابت ہوئی ۲۴۳ ح
ح اَنَسٌ اِنَّ الشَّیْطَانَ یَجْرِیْ مِنِ ابْنِ اٰدَمَ مَجْرَی الدَّمِ بخاری اور مسلم مین انس رضی اللہ عنہ سے
کہ حضرت نے فرمایا کہ البتہ شیطان آدمی کی بدن مین پہرتا ہے خون کی طرح ف یعنی شیطانکا

۲۴۴ م ادمی پر غلبہ پاوے دل میں خیال ڈالتی ہیں م حذیفہؓ اِنَّ الشَّیْطَانَ یَسْتَحِلُّ الطَّعَامَ اَنْ لَّا یُذْکَرَ اسْمُ اللّٰہِ عَلَیْہِ وَاِنَّہٗ جَاءَ بِھٰذِہِ الْجَارِیَۃِ یَسْتَحِلُّ بِھَا فَاَخَذْتُ بِیَدِھَا فَجَاءَ بِھٰذَا الْاَعْرَابِیِّ یَسْتَحِلُّ بِہٖ فَاَخَذْتُ بِیَدِہٖ وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہٖ اِنَّ یَدَہٗ فِیْ یَدِیْ مَعَ یَدِھَا مسلم میں حذیفہؓ سے روایت ہے کہ حضرتؐ نے فرمایا کہ مقرر شیطان حلال جانتا ہے اس کھانے کو جس پر خدا کا نام نہ لیا جاوے اور شیطان اس لڑکی کو لیکر آیا تھا کہ اسکے سبب سے کھانا حلال کرلے سو میں نے اس کا ہاتھ پکڑ لیا پھر اس دیہاتی گنوار کو لے آیا کہ اسکے سبب سے کھانے کو حلال کرلے سو اسکا بھی ہاتھ میں نے پکڑ لیا قسم اسکی جسکے ہاتھ میں میری جان ہے کہ شیطان کا ہاتھ میرے ہاتھ میں ہے اس لڑکی کے ہاتھ کے ساتھ ف حذیفہؓ سے روایت ہے کہ ہمارا دستور تھا کہ جب کھانا آتا تو ہم ہاتھ نہ ڈالتے جب تک حضرت کھانا سوا یکبار کھانا آیا ایک لڑکی دوڑتی آئی جیسے اسکو کوئی کھینچے لاتا ہے سو اس نے چاہا کہ کھانے میں بدون بسم اللہ کہے ہاتھ ڈالے حضرتؐ نے اسکا ہاتھ پکڑ لیا پھر ایک گنوار اسی طرح دوڑتا آیا اسکا بھی ہاتھ حضرتؐ نے پکڑ لیا پھر یہ حدیث فرمائی یعنی شیطان نے چاہا تھا کہ اگر یہ لڑکی اور گنوار بے خدا کا نام لئے کھانے لگے تو میں بھی کھاؤں اس حدیث سے ثابت ہوا کہ کھانے کے اول بسم اللہ کہنا ضرور ہے نہیں تو شیطان ساتھ کھاتا ہے

۲۴۵ ق ابن مسعودؓ اِنَّ الصِّدْقَ یَھْدِیْ اِلَی الْبِرِّ وَاِنَّ الْبِرَّ یَھْدِیْ اِلَی الْجَنَّۃِ

وَاِنَّ الرَّجُلَ لَيَصْدُقُ حَتّٰى يُكْتَبَ صِدِّيْقًا وَاِنَّ الْكِذْبَ لَيَهْدِىْ اِلَى
الْفُجُوْرِ وَاِنَّ الْفُجُوْرَ يَهْدِىْ اِلَى النَّارِ وَاِنَّ الرَّجُلَ لَيَكْذِبُ حَتّٰى يُكْتَبَ
عِنْدَ اللّٰهِ كَذَّابًا بخاری اور مسلم عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
کہ بیشک سچ بولنا نیکی کو پہنچاتا ہے اور نیکی بہشت میں پہنچاتی ہے اور البتہ مرد سچ بولا کرتا ہے
یہان تک کہ خدا کی نزدیک بڑا سچا لکھا جاتا ہے اور جھوٹھ بولنا نافرمانی کو پہنچاتا ہے اور نافرمانی
دوزخ مین پہنچاتی ہے اور مرد جھوٹھ بولا کرتا ہے یہان تک کہ خدا کی نزدیک بڑا جھوتہا
لکھا جاتا ہے **ف** اس حدیث سے معلوم ہوا کہ سچ بولنی کا انجام بہشت ہے اور جھوٹھ بولنی کا انجام
دوزخ ہے مسلمان کو اسکا خیال ضرور چاہئے جھوٹھ بولنی کو سچ بچانے **ع** اَبُوْهُرَيْرَةَ
اِنَّ الْعَبْدَ لَيَتَكَلَّمُ بِالْكَلِمَةِ مِنْ رِضْوَانِ اللّٰهِ لَا يُلْقِىْ لَهَا بَالًا يَرْفَعُ اللّٰهُ
بِهَا دَرَجَاتٍ وَاِنَّ الْعَبْدَ لَيَتَكَلَّمُ بِالْكَلِمَةِ مِنْ سَخَطِ اللّٰهِ لَا يُلْقِىْ لَهَا بَالًا
يَهْوِىْ بِهَا فِىْ جَهَنَّمَ بخاری مین ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ بیشک
بندہ خدا کی رضامندی کی کوئی بات بول جاتا ہے اور دل مین اسکو کوئی بڑی چیز نہین
سمجھتا حالانکہ اسی بات کے سبب سے خدا اسکے درجے بلند کرتا ہے اور مقرر بندہ خدا کی ناخوشی کی
کوئی بات بول جاتا ہے اور دل مین اسکو کچھ بڑی بات نہین سمجھتا حالانکہ اسی بات کے سبب سے دوزخ مین
گر پڑتا ہے **ف** اس حدیث سے معلوم ہوا کہ آدمی بدون سوچی ہر ایک بات کو نہ بکا کرے

**ع** ۲۴۶

م ابو سعید و ابو ہریرۃ ان العبد لیتکلم بالکلمۃ یزل بھا فی النار ابعد ما بین المشرق والمغرب مسلم مین ابو سعید اور ابو ہریرہ رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ بی شک بندہ کوئی ایسی بولتا ہے کہ جس کے سبب سے دوزخ مین گرجاتا ہے

ق ۱۴۸ انتی دور سے بھی زیادہ جتنا مشرق اور مغرب مین فرق ہے ق ابو ہریرۃ وابن عباس ان العین حق بخاری اور مسلم مین ابو ہریرہ اور عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے

روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ نظر کی تاثیر سچ مچ ہے ف یعنی بعضی نظر لگ جاتی ہے

ق ۲۴۶ خدا کی اسمین تاثیر رکھی ہے ق ابی بن کعب ان الغلام الذی قتلہ الخضر طبع کافرا ولو عاش لارھق ابویہ طغیانا وکفرا بخاری اور مسلم مین ابی بن

کعب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ بیشک جس لڑکے کو خواجہ خضر نے مار ڈالا تھا

وہ بدباطنی کا فر تھا اور اگر جیتا رہتا تو اپنے باپ کو بلا مین ڈالتا کفر اور نافرمانی سے

ف حضرت موسی اور خضر کا قصہ قرآن مین مذکور ہے اسکی طرف حضرت نے اشارہ کیا

ق ۲۴۷ یعنی خضر نے جو لڑکے کو بحکم خدا مارا تھا بدون حکمت نہ تھا ق ابن عمر ان الفتنۃ ھھنا من حیث یطلع قرن الشیطان قال الصغانی مؤلف ھذا الکتاب ھذا

حدیث سمعتہ من النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی المنام قالہ وھو یشیر الی المشرق بخاری اور مسلم مین عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ فتنہ

فساد اُدھر سے ہے جہاں سے شیطان کا سینگ یعنی آفتاب نکلتا ہے کہا حسن صغانی اس کتاب کی
جمع کرنیوالے نے کہ میں نے خواب میں یہہ حدیث حضرت کی زبانی سنی اور حضرت اشارہ کرتی تھی
پورب کی طرف **ف** اور حدیث میں آیا ہے کہ جب آفتاب نکلتا ہے تو شیطان اپنے دو
سینگ اسمیں لگا دیتا ہے تاکہ کافروں کا سجدہ اُسی کی طرف ہو سو حضرت نے پورب کی طرف اشارہ
کیا یعنی جو ملک مدینہ سے پورب کی طرف ہیں وہاں بڑے بڑے فساد ہونگے یاجوج ماجوج دجال
اُسی طرف سے نکلیں گے خارجی اور رافضی بھی پورب کی طرف سے نکلیں گے یعنی عراق کی ملک سے

**مر** اَنَسٌ اِنَّ الْکَافِرَ اِذَا عَمِلَ حَسَنَةً اُطْعِمَ بِهَا طُعْمَةً مِنَ الدُّنْیَا وَاَمَّا الْمُؤْمِنُ
فَاِنَّ اللّٰهَ یَدَّخِرُ لَهٗ حَسَنَاتِهٖ فِی الْاٰخِرَةِ وَیُعْقِبُهٗ رِزْقًا فِی الدُّنْیَا عَلٰی
طَاعَتِهٖ مسلم میں انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ کافر جب کوئی نیک کام کرتا ہے
تو اُسکے سبب سے دنیا میں کچھہ اُسکی روزی کی کشایش ہو جاتی ہے اور ایماندار کی نیکیوں کو خدا
اُسکی آخرت کی واسطے جمع کر رکھتا ہے اور اُسکے بعد دنیا میں بھی روزی دیتا ہے اُسکی بندگی پر
**ف** یعنی خدا کسی کی نیکی برباد نہیں کرتا وہ عادل ہے لیکن کافر کو تو آخرت میں کچھہ ثواب نہیں
تو اسواسطے اُسکا بدلا دنیا میں کر دیتا ہے اور ایماندار کا بدلا دونوں جہان میں **خ** اِبْنُ عُمَرَ
وَاَبُوْ هُرَیْرَةَ اَنَّ الْکَرِیْمَ بْنَ الْکَرِیْمِ بْنِ الْکَرِیْمِ بْنِ الْکَرِیْمِ یُوْسُفُ بْنُ
یَعْقُوْبَ بْنِ اِسْحٰقَ بْنِ اِبْرَاهِیْمَ بخاری میں عبداللہ بن عمر اور ابوہریرہ رضی اللہ عنہما سے روایت ہے

کہ حضرت نی فرمایا کہ جو خود کریم ہو اسکا باپ بہی کریم دادا بہی کریم ہو پڑدادا بہی کریم ہو
سو حضرت یوسف ہین حضرت یعقوب کی بیٹی حضرت اسحاق کے پوتے حضرت ابراہیم کی پڑپوتے
ف یعنی سوای حضرت یوسف علیہ السلام بیہ خاندانی بزرگی کہ جسکی چار پشت پیغمبر ہوتی آئی ہو
کسیکو حاصل نہین م واثلہ بن الاسقع ان اللہ اصطفی کنانۃ من ولد اسمٰعیل ۲۵۲ م
واصطفی قریشا من کنانۃ واصطفی من قریش بنی ہاشم واصطفانی من بنی
ہاشم مسلم ہین واثلہ سی روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ بیشک خدا نے کنانہ کو حضرت اسمعیل کی اور
اولاد سی شرافت مین چن لیا اور گروہ قریش کو کنانہ کی اولاد سے چن لیا اور ہاشم کی اولاد کو
قریش سی چن لیا اور مجہکو ہاشم کی اولاد سے چن لیا ف کنانہ حضرت کی جو دہوین پشت مین ہین
انسے عرب کی بہت گروہ پیدا ہوئے اور قریش لقب ہے نضر بن کنانہ کا حضرت کی جو دہوین پشتین
ہین اور ہاشم حضرت کے پڑدادا ہین سو حضرت نے فرمایا کہ کنانہ کی اولاد حضرت اسمعیل کی اور اولاد سے
شرافت مین افضل ہے پہر انمین سے قریش افضل ہین اور قریش سے بنی ہاشم افضل ہین اور بنی ہاشم
حضرت افضل ہین تو گویا حضرت سارے عرب کی عطر ہین اس حدیث سے معلوم ہوا کہ سادات حسنی اور
حسینی شرافت مین سارے عالم سے افضل ہین اسواسطے کہ حضرت کی اولاد سوای حضرت فاطمہ کے
اور کسی سی باقی نہین رہی حضرت کا پشت نامہ یون ہے کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بن عبداللہ بن
عبدالمطلب بن ہاشم بن عبد مناف بن قصی بن کلاب بن مرہ بن کعب بن لوی بن غالب بن فہر بن

مالک بن نضر بن کنانہ بن خذیمہ بن مدرکہ بن الیاس بن مضر بن نزار بن معد بن عدنان اہل حدیث
اور اہل تاریخ کا عدنان تک اتفاق ہے آگے اختلاف ہے ق اَنَسٌ اَنَّ اللّٰہَ اَمَرَنِیْ
اَنْ اَقْرَأَ عَلَیْکَ لَمْ یَکُنِ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا قَالَ لِاُبَیِّ بْنِ کَعْبٍ فَقَالَ اُبَیٌّ وَسَمَّانِیْ قَالَ
نَعَمْ فَبَکٰی بخاری اور مسلم میں انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا ابی بن کعب سے
کہ خدا نے مجھکو حکم کیا ہے کہ میں تیرے آگے لم یکن الذین کفروا کی سورت پڑھوں ابی بن کعب نے کہا
کیا رسول اللہ کیا خدا نے میرا نام لیا ہے حضرت نے فرمایا کہ ہاں پھر اُبی بن کعب خوشی کے مارے
رونے لگے ف ابی بن کعب انصاری صحابی ہیں قرآن کی بڑے قاری سو حضرت نے
انکی استادی سند کردی تاکہ اور مسلمان انکو استاد جان کر انسے قرآن سیکھیں اس حدیث سے
انکی بڑی بزرگی ثابت ہوئی خ اَبُو الدَّرْدَاءِ اِنَّ اللّٰہَ بَعَثَنِیْ اِلَیْکُمْ فَقُلْتُمْ
کَذَبْتَ وَقَالَ اَبُوْ بَکْرٍ صَدَقَ وَوَاسَانِیْ بِنَفْسِہٖ وَمَالِہٖ فَھَلْ اَنْتُمْ تَارِکُوْ
لِیْ صَاحِبِیْ بخاری میں ابو الدرداء سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ البتہ مجھکو خدا نے تمہاری
طرف پیغمبر کرکے بھیجا سو اول تمنے کہا کہ تو جھوٹا ہے اور ابوبکر نے کہا کہ سچا ہے اور
اسنے میرے ساتھ اپنی جان اور مال سے سلوک کیا سو کیا تم لوگ میرے ہی کو میری خاطر چھوڑو گے
یعنی کسی طرح کا اسکو رنج نہ پہنچاؤ ف بخاری میں ابو درداء سے روایت ہے کہ ایک بار ابوبکر صدیق
اور عمر فاروق میں کچھ کھٹکو سی رنج آگیا صدیق اکبر حضرت کے پاس حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ یا

ق ۲۵۴

خ

فضیلت صدیق اکبر

رسول اللہ میرے اور عمر کی درمیان کچھ گفتگو ہوگئی میں اُنپر غصہ ہوا پھر میں شرمندہ ہوا عمر سے میں نے
اپنا قصور معاف کرایا سو اُنہوں نے معاف نکیا سو میں آپ کی خدمت میں حاضر ہوا ہوں
حضرت نے فرمایا کہ خدا معاف کریگا اور تجھکو بخشے گا پھر عمر بھی اس گفتگو سی پچھتائے معاف
کرانے کو صدیق اکبر کے گھر گئی وہاں سنا کہ وے حضرت پاس گئی ہیں جب عمر حضرت پاس
آئے تو حضرت کے چہرے پر غصہ نمود ہوا صدیق اکبر ڈرے تو گھٹنوں کی بھل عاجزی سے کھڑے ہوکر
حضرت سے عرض کی کہ یارسول اللہ عمر کا کچھ قصور نہیں زیادتی میری طرف سی ہوئی تھی تب حضرت نے
یہ حدیث فرمائی پھر اس دن سی صدیق اکبر کا حضرت کے اصحاب بہت خیال رکھنی لگے کسی نے
انکو رنج نہیں دیا اس حدیث سے بڑی فضیلت صدیق اکبر کی ثابت ہوئی اور حضرت کے فرمانے سے
معلوم ہوا کہ مردوں میں پہلے وہی ایمان لائے اور اپنی جان مال سے حضرت پر فدا رہے سو
جسنے صدیق اکبر سے عداوت رکھی اُسنے مقرر حضرت کو رنج دیا ق اَنَّ اللّٰهَ تَجَاوَزَ لِاُمَّتِیْ عَمَّا حَدَّثَتْ بِهٖ اَنْفُسَهَا مَا لَمْ تَتَكَلَّمْ بِهٖ اَوْ تَعْمَلْ بِهٖ
بخاری اور مسلم میں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ البتہ جو جو خطرے
اور خیال دل میں آتے ہیں سو خدا نی اُسکے گناہ میری امت سی معاف کردئے جب تک اسکو نہ
بولے یا اُسپر عمل نکرے ف یعنی جس برے کام کا خطرہ دل میں آوی سو معاف ہے
اور اگر اسکو منہ سی نکالا یا دیا کام کیا تو گناہ ثابت ہوا م اَبُوالدَّرْدَاءِ اِنَّ اللّٰهَ

جزء القرآن ثلثة اجزاء فجعل قل هو الله احد جزءا من اجزاء القرآن
سلم مین ابو درداء رضی اللہ عنہ سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرر خدا نے قرآن کو تین ٹکڑے
کیا ہے سو قل ہو اللہ احد کو قرآن کی حصون سی ایک حصہ ٹہرایا ف تمام قرآن کا مطلب تین
قسم ہے ایک قسم مین وحدانیت اور اسکے صفات ہین دوسری قسم مین قصے ہین تیسری قسم مین
حلال اور حرام کی حکم ہین اس حساب سے قل ہو اللہ احد تہائی قرآن کی ٹہری کہ اسمین توحید اور صفات
الہی کا بیان ہے ق ابو هريرة ان الله حبس عن مكة الفيل وسلط عليها ٢٥٨ ق
رسوله والمؤمنين وانها لم تحل لاحد كان قبلي وانها احلت لي
ساعة من نهار وانها لا تحل لاحد بعدي فلا ينفر صيدها
ولا يختلى شوكها ولا تحل ساقطتها الا لمنشد ومن قتل له قتيل
فهو بخير النظرين اما ان يفدى واما ان يقيد فقال العباس الا الاذخر
يا رسول الله فانا نجعله في قبورنا وبيوتنا فقال الا الاذخر فقال
ابو شاه رجل من اهل اليمن فقال اكتبوا لابي شاه متفق علیہ اور مسلم مین ابو ہریرہ رضی
اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ بی شبہ خدا نی مکہ سے ہاتہی والون کو روکا تہا اور اپنے
رسول اور مسلمانون کو اسپر غالب کیا اور مقرر مجھسے پہلے کسی کو مکہ مین لڑنا حلال نہین ہوا
صرف میری واسطے ایک ساعت حلال ہوا اور بی شک میری بعد قیامت تک کسی پر مکہ حلال

نہو گا سو شکاری جانور نہ مانگا جاوے اور اسکا درخت نہ کاٹا جاوی اور اسکی گری پڑی چیز کسی
لینا درست نہین مگر اسکو جو دہونڈہ کی مالک کو پہنچا دیوے اور جسکا کوئی آدمی مارا جاوے
وہ دو باتون مین سی ایک بات جو بہتر جانی سو اختیار کرلی یا تو خون بہا قاتل سی لیوی یا خون کے
بدلے خون لیوے پہر حضرت کے چچا عباس رضی اللہ عنہ نی کہا کہ یا رسول اللہ مگر اذخر کی کہانس
کاٹنی کی اجازت دیجئی اسواسطے کہ ہم کمی والے لوگ اس گہاس کو قبرون مین اور اپنی چھتون پر ڈالتے
ہین سو حضرت نے فرمایا کہ مگر اذخر کاٹنا درست ہے سو ایک مرد ابوشاہ نام یمن کا رہنے والا کہڑا
ہوا پہر اسنے کہا کہ یہہ سب حکم مجہکو لکہوا دیجئے یا رسول اللہ حضرت نے فرمایا لکہہ دو ابوشاہ کی
واسطے اس حدیث سے معلوم ہوا کہ حدیثون کا کتاب مین لکہنا درست ہے بلکہ سنت ہے ۲۵۹ م ابو
سعید ان اللہ حرم الخمر فمن ادرکتہ ہذہ الآیۃ وعندہ منہا شیٔ
فلا یشربہا ولا یبع مسلم مین ابوسعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ بی شک
خدا نی شراب کو حرام کیا سو جسکو یہہ شراب کی حرمت کی آیت پہنچ گئی ہو اور اسکی شراب باقی ہو
سو اسکو نہ پیئے اور نہ بیچے ف جب شراب کی حرمت مین آیت اتری تب حضرت نے یہہ
۲۶۰ م حدیث فرمائی م عائشۃ ان اللہ خلق الجنۃ وخلق النار فخلق لہذہ اہلا
ولہذہ اہلا مسلم مین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرر
خدا نی بہشت پیدا کی اور دوزخ پیدا کی پہر اسکے واسطے ہی لوگ بنائے اور اسکے واسطے ہی لوگ بنائے

ف اس حدیث سی معلوم ہوا کہ بہشت اور دوزخ پیدا ہو چکی ہین اور یہی مذہب ہے اہل
سنت کا ق ابو ہریرۃ ان اللہ خلق الخلق حتی اذا فرغ منہم قامت
الرحم فقالت ھذا مقام العائذ من القطیعۃ قال نعم اما ترضین ان اصل
من وصلک واقطع من قطعک قالت بلی ثم قال رسول اللہ صلی
اللہ علیہ وسلم اقرؤا ان شئتم ان تولیتم ان تفسدوا فی الارض
وتقطعوا ارحامکم اولئک الذین لعنہم اللہ فاصمہم واعمی ابصارہم
بخاری اور مسلم مین ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ البتہ خدا نی خلق کو بنایا
پھر جب انکے بنانے سے فراغت پائی تو رحمینوکی قرابت یعنی اپنایت نے خدا کی روبرو کھڑی ہو کر
زبان حال سے کہا کہ یہ مقام اسکا ہے جو قطع برادری سے فریاد چاہے خدا نے فرمایا کہ ہان کیا تو اس
بات سے راضی نہین کہ مین اسسے ملون جو تجھسے ملے اور اس سے کاٹون جو تجھسے کاٹے قرابت نے کہا کہ اب
راضی ہون پھر حضرت نے فرمایا کہ چاہو تو میری بات کی سند قرآن سے پڑھ لو خدا منافقون سے
فرماتا ہے کہ اگر تم حاکم ہو تو زمین مین فساد کرو اور برادری کا حق نہ مانو یہ لوگ وہ ہین کہ
جنپر خدا نی لعنت کی ہی پھر انکو بہرہ کر دیا حق بات کے سننے سے اور اندھا کیا ہے ف اس حدیث سے ثابت ہوا
کہ رشتہ دارون سے سلوک کرنا فرض ہے جب ہی ہے کہ خدا نی دنیا بنائی م عائشۃ ان اللہ خلق للجنۃ اھلا
خلقہم لہا وہم فی اصلاب اٰبائہم وخلق للنار اھلا خلقہم لہا وہم فی اصلاب اٰبائہم

ق ۲۶۱ سید فرخ حسین

م ۲۶۲

مسلم مین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ البتہ خدا نی بہشت کی واسطے
لوگ بنائے اُسوقت سے اُنکو بہشتی ٹہرایا جب کہ وہ اپنی باپون کی پشت مین تہے اور دوزخ کے واسطے
لوگ بنائے اسوقت سے اُنکو دوزخی ٹہرایا جب کہ وہ اپنے باپون کی پشت مین تہے **ف** یعنی روز ازل
مین بہشتی اور دوزخی خدا کی نزدیک مقرر ہوچکے تقدیر پر مسلمان ایمان لاوے اُسکے بہید کو
دنیا مین تلاش نکرے آخرت مین اُسکی وجہ معلوم ہوگی دنیا شب تاریک ہے اندہیرے مین کچہہ
نظر نہین آتا **ف** ابو سعید ان اللہ خیر عبدا بین الدنیا وبین ما عندہ
فاختار ذلک العبد ما عند اللہ بخاری اور مسلم مین ابو سعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرر خدا نی مختار کیا اپنے بندیکو دنیا اور آخرت مین سو اس بندے نے آخرت کو
اختیار کیا **ف** ابو سعید رضی اللہ عنہ سے پوری روایت بخاری یا صرف مسلم مین یون ہے
کہ ایکبار حضرت نی خطبہ پڑہا اور یہہ حدیث فرمائی تو ابوبکر صدیق رونے لگے ہمکو تعجب
آیا اُنکے رونے سے کہ یہہ رونیکا کون مقام تہا جب جلد حضرت کا انتقال ہوا تب ہم اسکا
مطلب سمجہے یعنی حضرت نے اپنی موت کی خبر دی تہی اصحاب مین سوای حضرت صدیق کے کوئی اس
بہید کو نہ سمجہا ہم سب سے زیادہ وہ عالم تہے جب صدیق روئے تب حضرت نے فرمایا کہ ای ابوبکر مت رو
سب سے زیادہ رفاقت اور مال کی راہ سے تیرا مجہپر احسان ہے اگر خدا کی سوای جانی دوستی مین کسی
اور سے کرتا تو تجہی سے کرتا لیکن ہمارے تیری اسلام کی برادری اور محبت ہے **م** عائشہ

## ۲۶۳ ق فضیلت صدیق کبر

۲۶۴ م

إِنَّ اللّٰهَ رَفِيقٌ يُحِبُّ الرِّفْقَ وَيُعْطِي عَلَى الرِّفْقِ مَا لَا يُعْطِي عَلَى الْعُنْفِ وَمَا لَا يُعْطِي عَلَى مَا سِوَاهُ مسلم مین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ خدا نرمی کا پیدا کرنیوالا ہے اور نرمی کو بہت پسند رکھتا ہے اور جو نرمی پر عطا کرتا ہے وہ سختی پر نہیں دیتا بلکہ جو نرمی پر کسی عطا ہے سو اسکے سوا کسی پر نہیں **م** ثَوْبَانَ إِنَّ اللّٰهَ زَوَى لِيَ الْأَرْضَ فَرَأَيْتُ مَشَارِقَهَا وَمَغَارِبَهَا وَسَيَبْلُغُ مُلْكُ أُمَّتِي مَا زُوِيَ لِي مِنْهَا مسلم مین ثوبان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ بیشک خدا نے میرے واسطے زمین کو لپیٹ دیا یعنی سب زمین کو سمیٹ کر میری سامنے کر دیا سو مین نے زمین کا پورب پچھم یعنی جہان آفتاب نکلتا ہے اور ڈوبتا ہے دیکھ لیا تو جہان تک مین نے دیکھا ہے وہان تک میری اُمت کی بادشاہت پہنچیگی **ف** مدینہ مین جنگ خندق جب ہوئی تو ایک روز نہایت سخت لڑائی ہوئی عصر کی نماز قضا ہو گئی حضرت کو بڑا رنج ہوا تب خدا نے وہان تک زمین کو جہان تک پہنچنا مقدر تھا دکھلا دی تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یہہ حضرت کا معجزہ عظیم ہے کہ فتوح اسلام کی آیندہ خبر دی سو اسی طرح بلا تفاوت واقع ہوئی **م** جَابِرُ بْنُ سَمُرَةَ إِنَّ اللّٰهَ سَمَّى الْمَدِينَةَ طَابَةَ مسلم مین جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ خدا نے مدینہ کا نام طابہ رکھا یعنی پاک ہے اسمین ناپاکی نہین **ف** ایک گنوار مسلمان ہوا پھر جب بیمار پڑا تو مرتد ہو کر مدینہ سے نکل گیا تب حضرت نے فرمایا کہ مدینہ پاک ہے ناپاک کو رہنے نہین دیتا **ف** اَنَسٌ

اِنَّ اللّٰہَ عَنْ تَعْذِیْبِ ھٰذَا نَفْسَہٗ لَغَنِیٌّ بخاری اور مسلم مین انس رضی اللہ عنہ سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ بی شبہ خدا اسکی تکلیف دینے سے بے پرواہے ف حضرت نے
ایکبار دیکھا کہ ایک بڈھا اپنی دو بیٹیون کے کندھون پر ہاتھ رکھے گھسٹتا چلا جاتا ہے حضرت نے
پوچھا کہ یہہ اس طرح کیون رنج اُٹھاتا ہے معلوم ہوا کہ اُسنے پیادہ حج کرنے کی نذر مانی تھی تب حضرت نے
یہہ حدیث فرمائی یعنی اُسنے جو اپنی ذات کو تکلیف مین ڈالا خدا کو اُسکی حاجت نہین یعنی جو پیادہ نہ
چل سکے اگر یہہ نذر مانی ہو تو سوار ہو لیوے خ اَبُوْ قَتَادَۃَ الْحَارِثُ بْنُ رِبْعِیٍّ اَنَّ اللّٰہَ خ
۲۲۸
قَضٰی اَرْوَاحَکُمْ حِیْنَ شَاءَ وَرَدَّھَا عَلَیْکُمْ حِیْنَ شَاءَ یَا بِلَالُ قُمْ فَاَذِّنِ
النَّاسَ بِالصَّلٰوۃِ بخاری مین ابو قتادہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ موقع
خدا نے بندے کی جانون کو جب چاہا اور چھوڑ دیا جب چاہا ای بلال اُٹھ اور لوگون کو خبر
کر دے نماز کی یعنی اذان کہہ ف ایکبار حضرت نے رات کو سفر کیا جب تھوڑی رات رہی تو اصحاب نے
عرض کی کہ اگر حضرت ٹہرین تو لوگ تھوڑا سو لیوین حضرت نے فرمایا کہ کہین نماز قضا نہو جاوے تب
بلال نے کہا کہ یا رسول اللہ مین جاگتا رہون گا نماز کے وقت جگا دون گا پہر لوگ سو گئے
بلال پہلے جاگے جب نیند کا غلبہ بہت ہوا تو کجاوے کو ٹیک دیکر بیٹہہ گئے پہر سب کی نماز
قضا ہو گئی جب دھوپ نکلی تو حضرت پہلے جاگے پہر فرمایا کہ اے بلال کدھر گیا جو تو نے
کہا تہا بلال نے عرض کی کہ یا رسول اللہ ایسی نیند مجھکو کبھی نہین آئی مین ناچار ہون پہر

حضرت

حضرت نے فرمایا کہ یہان سے اٹھو یہہ شیطان کا مقام ہے کہ سب غافل ہوگئی پھر آگے بڑہ کی قضا کی
نماز جماعت سے پڑھی اس رات کو لیلۃ التعریس کہتے ہین ۲۶۹ م عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ وَاِنَّ اللّٰهَ قَدْ بَرَّاَهَا
مِنْ ذٰلِكَ یعنی اسماء بنت عمیس امرأۃ ابی بکر رضی اللہ عنہ مسلم مین عبد اللہ
بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ بی بی تہمت سے اللہ نے اسکو پاک کیا ہے اس سے یہہ حدیث
اسماء کی حق مین فرمائی جو ابوبکر رضی اللہ عنہ کی بی بی تہین ف ایکبار صدیق اکبر اپنی گہر مین گئے
دیکہا کہ چند بنی ہاشم سے بی بی کے پاس بیٹھے ہین صدیق کو برا معلوم ہوا یہہ حال حضرت سے کہا تب
حضرت نے فرمایا کہ اسما کو خدا نے بدکاری سے پاک کیا ہے یہہ حدیث اسوقت کی ہے جب عورتون کو نہ
پردے کا حکم ہوا تہا اسما پہلے جعفر طیار کے نکاح مین تہین جب وہ شہید ہوئی تو صدیق کی نکاح
مین آئین پہر انکے بعد علی مرتضی کی نکاح مین آئین ۲۷۰ ق زَيْدُ بْنُ اَرْقَمَ اَنَّ اللّٰهَ قَدْ صَدَّقَكَ
فِيمَا قُلْتَ سُوْرَةُ الْمُنَافِقِيْنَ وَقَدْ كَانَ اَخْبَرَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ بِقَوْلِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اُبَيٍّ لَا تُنْفِقُوْا عَلٰى مَنْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ حَتّٰى يَنْفَضُّوْا
وَقَوْلِهٖ لَئِنْ رَّجَعْنَا اِلَى الْمَدِيْنَةِ لَيُخْرِجَنَّ الْاَعَزُّ مِنْهَا الْاَذَلَّ بخاری و مسلم مین زید
بن ارقم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مورخدا نے تجھکو سچا کیا یہہ حضرت نے زید بن ارقم
سے فرمایا جب سورہ منافقین اتری اور زید بن ارقم نے حضرت کو خبر دی تہی کہ عبد اللہ بن ابی منافق
ہے لوگون سے کہتا تہا کہ حضرت کے ساتہیون کو خرچ نہ دو تاکہ یہوٹ پہٹک جاوین اور کہتا تہا

کہ ہم جب مدینہ کو پلٹ جاوین گے تو عزت والا ذلیل کو نکال دیگا عزت والا اپنے کو کہا اور ذلیل حضرت کو ف زید بن ارقم سے روایت ہے کہ بنی مصطلق ایک کافرون کی قوم تھی حضرت ان سے لڑنے کو گئی وہان پانی پر مکے اور تمیمے کے لوگون سے جھگڑا ہوا عبد اللہ بن ابی منافق تھا مدینہ کا سردار وہ مکی والون پر بہت غصہ ہوا اور کہنے لگا کہ ہماری تمہاری وہی مثل ہے کہ کتی کو پال تو مجھکو کاٹ کہا وی اور اپنی لوگون سے کہا کہ محمد کی ساتھیون کو کہانا پانی نہ دو تاکہ وہ یہان سے جاوین اور کہا کہ اگر ہم مدینے کو پہر جاوینگے تو حضرت کو نکال دیونگے زید بن ارقم کہتے ہین کہ مین نے یہہ خبر حضرت کو سنائی عمر فاروق نے کہا کہ یا حضرت اگر حکم ہو تو مین اس منافق کی گردن اڑا دون حضرت نے فرمایا کہ مین نہین چاہتا کہ لوگ کہین کہ محمد اپنی ساتھیون کو مارڈالتے ہین عبد اللہ بن ابی اور اسکے یارون نے حضرت کے سامنے قسم کہائی کہ ہم نے یہہ نہین کہا حضرت نے انکو سچا جانا مجھکو جھوٹھا جانا اسبات کا مجھکو نہایت رنج ہوا پہر جب ہم مدینے مین پہنچے تو خدا نے سورۂ منافقین اتاری اور وہ سب حال اسمین مفصل بیان کیا پہر حضرت نے مجھکو بلایا اور یہہ حدیث فرمائی

م ۲۷۱

بیان فرضیت احسان

شداد بن اوس ان اللہ کتب الاحسان علی کل شیء فاذا قتلتم فاحسنوا القتلۃ واذا ذبحتم فاحسنوا الذبح ولیحد احدکم شفرتہ ولیرح ذبیحتہ

مسلم مین شداد بن اوس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرر خدا نے احسان کرنا فرض کیا ہے ہر چیز پر سو تم جو قتل کرو تو اچھی طرح قتل کیا کرو یعنی اگر خون کے بدلے خون کرو تو جلدی

فراغت

فراغت کرو ترسا ترسا کرہت مارو اور جب کسی جانور کو ذبح کیا چاہو تو اچھی طرح ذبح کرو اور
چاہئے کہ اپنی چھری کو تیز کر لیا کرو اور چاہئے کہ راحت پہنچے و حلال کرنے کی جانور کو ف
یعنی خدا نے ہر چیز کی تنہا احسان کرنا فرض کیا ہے یہاں تک کہ قتل اور ذبح میں بھی احسان
چاہئے کہ جلد فراغت کر ڈالے اور چھری کو پہلے تیز کر لیوے تاکہ زیادہ تکلیف نہو ۲۷۲ ق
ق ابو ہریرہ ان اللہ کتب علی ابن ادم حظہ من الزنا ادرک ذلک لا محالۃ
فزنی العینین النظر وزنی اللسان النطق والنفس تمنی وتشتہی والفرج
یصدق ذلک او یکذبہ بخاری اور مسلم میں ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ البتہ خدا نے آدمی کے واسطے حرامکاری کا حصہ مقرر کیا ہے ضرور اسکو پاوے گا
سو آنکھ کی حرامکاری بگانی عورت کو دیکھنا اور زبان کی حرامکاری اس سے شہوت سے بات کرنا
اور جی حرامکاری کی آرزو کرتا ہے اور چاہا کرتا ہے اور شرمگاہ اسکو کبھی سچا کر دیتی ہے
اگر اسنے یہی حرام کاری کی یا کبھی اسکو جھوٹا کرتی ہے جو اسنے حرامکاری کی ف
شہوت سے دیکھنے اور بات کرنے کو اسواسطے زنا فرمایا کہ یہ زنا کا وسیلہ اور سبب ہیں
م عائشہ ان اللہ لا یحب الفحش والتفحش مسلم میں عائشہ رضی اللہ عنہا سے ۲۷۳ م
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ بیشک خدا کو بہن بہانا کالی بکنا اور گالی کا جواب زیادہ کر کے
دینا ف حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت کے پاس یہودی آئے سو حضرت سے السام علیک

بدلے زبان واب کے السام علیک کہا یعنی تجھپر مری پڑے حضرت عائشہ نی اُنسے غصّہ ہوکر اُنسے
کہا کہ السام علیکم واللعنۃ یعنی تمپر خدا کی مار اور لعنت پڑے تب حضرت نے یہہ
حدیث فرمائی یعنی تم نے کالی کے بدلے کیون کالی دی اور بڑہ کے لعنت کیون کی خدا کو
یہہ پسند نہین آتا ق عَبْدَ اللّٰہِ ابْنَ عَمْرٍو اَنَّہٗ قَالَ اِنَّ اللّٰہَ لَا یَقْبِضُ الْعِلْمَ اِنْتِزَاعًا ۲۷۸ ق
یَنْتَزِعُہٗ مِنَ النَّاسِ وَلٰکِنْ یَقْبِضُ الْعِلْمَ بِقَبْضِ الْعُلَمَاءِ حَتّٰی اِذَا لَمْ یَتْرُکْ
عَالِمًا اتَّخَذَ النَّاسُ رُءُوْسًا جُہَّالًا فَسُئِلُوْا فَاَفْتَوْا بِغَیْرِ عِلْمٍ فَضَلُّوْا وَاَضَلُّوْا
بخاری اور مسلم مین عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ خدا علم کو
اس طرح نہ اٹہالے گا کہ لوگون سے علم نکال لے کہینچ کر لیکن علم اُٹہاویگا عالمون کو اٹہا کر
یہان تک کہ جب کسی عالم دیندار کو نہ چھوڑے گا تو لوگ جاہلون کو عالم اور پیر مرشد ٹہراوینگے
پہر وہی پوچہے جاوینگے یعنی اُنہین جاہلون سے لوگ مسئلے پوچہینگے سو وہ فتوی دینگے
مسئلہ بتاوینگے بی علمی اور نادانی سے سو آپ وہ گمراہ ہوئے اورون کو گمراہ کیا م ۲۷۹ م
اَبُوْ مُوْسَی الْاَشْعَرِیُّ اِنَّ اللّٰہَ لَا یَنَامُ وَلَا یَنْبَغِیْ لَہٗ اَنْ یَّنَامَ یَخْفِضُ الْقِسْطَ
وَیَرْفَعُہٗ وَیُرْفَعُ اِلَیْہِ عَمَلُ اللَّیْلِ قَبْلَ عَمَلِ النَّہَارِ وَعَمَلُ النَّہَارِ قَبْلَ عَمَلِ اللَّیْلِ
حِجَابُہُ النُّوْرُ لَوْ کَشَفَہُ لَاَحْرَقَتْ سُبُحَاتُ وَجْہِہٖ مَا انْتَہٰی اِلَیْہِ بَصَرُہٗ مِنْ
خَلْقِہٖ مسلم مین ابو موسی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ بے شبہ خدا

نہین سوتا ہے اور اسکی شان کی مناسب بھی نہین سونا جھکاتا ہے ترازو کو اور اٹھاتا ہے
یعنے بندون کے عمل تولتا ہے بعضی قبول کرتا ہے بعضی رد کرتا ہے یا روزی کم زیادہ
کرتا ہے اُٹھہ جاتے ہین اسکی طرف رات کی کام دنکی کامون سے پہلے اور دن کے کام رات کے
کامون سی پہلی خدا کا پردہ نور ہے اگر اُس پردے کو اٹھادے تو اسکی ذات پاک کی روشنیان
جلادیوین ساری خلق کو جہان تک خدا کی نظر کام کرے یعنی تمام عالم کو ف اس حدیث مین
خدا کے علم اور اسکی عظمت اور جلال کا بیان ہے م ۲۷۶ اَبُوْھُرَیْرَۃَ اِنَّ اللّٰہَ لَا یَنْظُرُ اِلٰی
صُوَرِکُمْ وَاَمْوَالِکُمْ وَلٰکِنْ یَنْظُرُ اِلٰی قُلُوْبِکُمْ وَاَعْمَالِکُمْ م مین ابوہریرہ رضی
اللہ عنہ سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرر خدا تمہاری صورتون اور تمہارے مالون کو نہین
دیکھتا ہے لیکن تمہارے دلون کو اور کامون کو دیکھتا ہے ف یعنی بدون صفائی دل اور خالص
نیت کے ظاہر کی صفائی کا کچھ اعتبار نہین اس حدیث مین تقوی اور درویشی کے مضمون بھرے ہین
آدمی غور کری تو بوجھ لے م ۲۷۷ اَبُوْھُرَیْرَۃَ اِنَّ اللّٰہَ لَا یَنْظُرُ اِلٰی مَنْ یَجُرُّ اِزَارَہٗ بَطَرًا
م مین ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرر خدا رحمت کی نظر سے
نہین دیکھتا اسکی طرف جو ازار کو غرور سے لٹکائے کہینچتا جاتا ہے ف یعنی جسنے
غرور سے پائجامہ یا ازار یعنی تہ بند ٹخنی سے نیچے لٹکایا وہ خدا کی رحمت سے دور ہوا پائجامہ
نیچا کرنا خواہ غرور سے ہو خواہ بی غرور حرام ہے چنانچہ دوسری حدیث مین صاف آیا ہے خ ۲۷۸

اَبُوْهُرَیْرَۃَ اِنَّ اللّٰہَ لَمَّا قَضَی الْخَلْقَ کَتَبَ عِنْدَہٗ فَوْقَ عَرْشِہٖ اِنَّ رَحْمَتِیْ
سَبَقَتْ غَضَبِیْ بخاری مین ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرر
جب خدا نی خلق کو پیدا کیا عرش پر اپنے پاس لکھہ رکھا کہ مقرر میری رحمت آگے بڑہ گئی میرے
غصہ پر ف یعنی غصے سے خدا کی رحمت زیادہ ہے اسی سبب سے کافرون اور گنہگارون کو جلد
نہین پکڑتا اور عذاب مین شتابی نہین کرتا گناہ دیکھتا ہے اور پردہ ڈالتا ہے روزی بند
نہین کرتا ق عَائِشَۃَ اِنَّ اللّٰہَ لَمْ یَاْمُرْنَا اَنْ نَنْقُبَ الْحِجَارَۃَ وَالطِّیْنَ بخاری ق
اور مسلم مین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ البتہ خدا نی ہمکو اسکا
حکم نہین کیا کہ ہم پتھر اور مٹی کو کپڑا لپیٹین ف حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت ایکبار
لڑائی کو تشریف لے گئے اور مین نی دروازی کو کپڑے سے منڈہا جب حضرت تشریف لائے
تو اسکو حضرت نے پہاڑ ڈالا پھر یہہ حدیث فرمائی اس حدیث سے صاف معلوم ہوا کہ قبرون پر م
چادر ڈالنا اور اسکے گرد فرش کرنا شریعت محمدی مین بہتر نہین م عَائِشَۃَ اِنَّ
اللّٰہَ لَمْ یَبْعَثْنِیْ مُعَنِّتًا وَلٰکِنْ بَعَثَنِیْ مُعَلِّمًا مُیَسِّرًا مسلم مین حضرت عائشہ رضی اللہ
عنہا سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ خدا نی مجھکو نہین بھیجا ہے سختی کرنے والا لیکن
مجھکو بھیجا ہے سکھانیوالا آسانی کرنے والا ف ایکبار حضرت کے ازواج طاہرات نے
نان نفقہ فراغت کی ساتھہ مانگا تب آیت اتری ازواج کو حکم ہوا کہ یا دنیا قبول کرین یا آخرت

اور اللہ اور اُسکے رسول کو تو پہلے حضرت نے عائشہ صدیقہ سی یہ پیغام کہا اور فرمایا کہ جواب مین
جلدی نکرو اپنے ماباپ سے صلاح لے لو عائشہ صدیقہ نی عرض کی یارسول اللہ آپکے مقدمی مین ماباپ کے
پوچھنی کی کیا حاجت ہے مین نے دنیا کو چھوڑا اور اللہ اور رسول اور آخرت کو قبول کیا لیکن عرض یہہ ہے
کہ اور ازواج سے اسکی خبر نکیجو تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنی میرا کام تو یہی ہے کہ مین آسانی سے
سکھلاؤن اور سختی نکرون جو بی بی مجھسے پوچھی گی کہ عائشہ نی قبول کیا مین بلا دون کا
تاکہ وہ بھی قبول کری ف ابن مسعود ان اللہ لم یھلک قوما او یعذب قوما ۲۸۱ م
فجعل لھم نسلا وان القردۃ والخنازیر کانت قبل ذلک سلم مین عبداللہ
بن مسعود رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ خدا نی جس قوم کو مٹایا یا عذاب کیا پھر
اُنکی نسل کو باقی نہین رکھا اور البتہ بندر اور سور اسسے آگے بھی تھے ف ایک شخص نی پوچھا کہ اگلی
امت کو خدا نے بندر اور سور کرڈالا تھا یہہ بندر اور سور کیا اُنہین کی اولاد ہین تب حضرت نے یہہ حدیث
فرمائی خ ابوھریرۃ والنعمان بن مقرن ان اللہ لیؤید ھذا الدین بالرجل خ ۲۸۲
الفاجر بخاری مین ابوہریرہ اور نعمان بن مقرن رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ موید
خدا اس دین کی مدد کنہکار آدمی سے کرتا ہے ف جنگ کی لڑائی مین ایک شخص کافرون سے
خوب لڑا یہہ جب اُسکے زخمون مین بہت درد ہوا تو اپنا پیٹ تلوار سے مرگیا تب حضرت نے یہہ حدیث
فرمائی اور جو بادشاہ کہ نام اور طمع دنیا کے واسطے ملک فتح کرتی ہین یا فقیر اور عالم جو اپنی نمود کی

م وسطخلق کو وعظ اور نصیحت کرتی ہین اُنکے حق مین بھی اسی حدیث کو سمجھنا چاہیے انس ان اللہ لیرضی
عن العبد ان یاکل الاکلۃ فیحمدہ علیہا او یشرب الشربۃ فیحمدہ علیہا مسلم مین
انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرر خدا بہت راضی ہوتا ہے اس بندی سے
ق ۲۶۳ کہ جب کچھ کھانا کھاوے تو الحمد کہی اور جب کچھ پیئے تو الحمد کہے ابو عمران اللہ لیضحک من
رجلین ویروی یضحک اللہ الی رجلین یقتل احدہما صاحبہ ثم یدخلان
الجنۃ بخاری اور مسلم مین ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرر خدا راضی ہوتا ہے
دو مردون سے کہ اُنمین سے ایک اپنی ساتھی کو مار ڈالے پھر وہ دونون بہشت مین جاوین اور ایک
روایت مین بجای لیضحک من رجلین کے یضحک اللہ الی رجلین آیا ہے مطلب دونون عبارت کا
ایک ہے ف اصحاب نے پوچھا یا حضرت یہہ کیونکر ہوگا کہ قاتل اور مقتول دونون بہشتی ہون حضرت
فرمایا کہ کافر توبہ کرکے مسلمان ہووے پھر خدا کی راہ مین مارا جاوے تو وہ دونون بہشتی ہونگے
ق ۲۶۴ ابو موسی ان اللہ لیملی للظالم فاذا اخذہ لم یفلتہ ثم قرأ وکذلک
اخذ ربک اذا اخذ القری وہی ظالمۃ ان اخذہ الیم شدید بخاری اور مسلم
مین ابو موسی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرر خدا ظالم کو فرصت اور ڈھیل دیا کرتا ہے
پھر جب اسکو پکڑتا ہے تو نہین چھوڑتا پھر حضرت نے اس حدیث کی سند قرآن کی آیت پڑھی یعنی
خدا فرماتا ہے کہ اسی طرح پر ہے رب کی پکڑ ہے جب ظالم بستیون کے لوگون کو پکڑا بے شک

اسکی

اسکی پکڑ سخت دردناک ہے ف یعنی ظالم کو خدا فرصت دیتا ہے تاکہ اور بھی طبیعت ہو
یا کہ سمجھے اور توبہ کرے اور جب اُسنے پکڑا پھر نہیں چھوڑتا آخرت کا عذاب تو ہوتا ہے پر
دنیا مین بھی خاک سیاہ ہو جاتا ہے ق جابرؓ اِنَّ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ حَرَّمَ بَیْعَ ق
الْخَمْرِ وَالْمَیْتَۃِ وَالْخِنْزِیْرِ وَالْاَصْنَامِ قَالَہٗ عَامَ الْفَتْحِ وَھُوَ بِمَکَّۃَ بخاری اور مسلم مین
جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرر خدا اور اُسکے رسول نے حرام کیا شراب
اور مردار اور سور اور بتون کا بیچنا یہہ حدیث کہی مین فرمائی جس سال مکہ فتح ہوا یعنی آٹھوین سال
ہجری کے ق اَبُوْھُرَیْرَۃَ اِنَّ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ یُصَدِّقَانِکُمْ وَیَعْذِرَانِکُمْ ق ۲۰۶
قَالَہٗ لِلْاَنْصَارِ بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا انصاری صحابہ سے
کہ مقرر خدا اور اُسکا رسول تمکو سچا جانتے ہین اور تمہارا عذر قبول کرتے ہین ف جب مکہ فتح
ہوا تو حضرت نے فرمایا کہ جو ابوسفیان کی گھر گیا اُسکو پناہ ہے تو بعضی انصاریون نے کہا کہ حضرت کو
اپنی وطنی برادرون کی محبت غالب ہوئی خدا نے حضرت کو اِسکا سے آگاہ کیا تب حضرت نے
انصاریون کو بلایا اور فرمایا کہ تم کہتی ہو کہ مجھکو برادرون کی محبت غالب ہوئی ہے مین خدا کا
بندہ ہون اور اُسکا رسول اپنا وطن چھوڑکر مین تمہاری بستی مین کیا میری زندگی تمہاری زندگی کے
ساتھہ ہے میری موت تمہاری موت کے ساتھہ ہے انصاریون نے عرض کی یارسول اللہ قسم ہے
خدا کی کہ ہماری تو بات طعنہ کی راہ سے نہ تھی فقط ہمکو یہی خوف ہوا کہ کہین حضرت ہماری بستی

مدینہ چھوڑکر مکہ مین نہ رہ جاوین سو اب ہماری خاطر جمع ہوئی تب حضرتنے یہہ حدیث فرمائی

۲۸۷ م یعنی تم سچ کہتی ہو تمہاری بات نہین ہے م ابو موسیٰ اِنَّ اللّٰہَ یَبْسُطُ یَدَہٗ بِاللَّیْلِ لِیَتُوْبَ مُسِیْئُ النَّھَارِ وَیَبْسُطُ یَدَہٗ بِالنَّھَارِ لِیَتُوْبَ مُسِیْئُ اللَّیْلِ حَتّٰی تَطْلُعَ الشَّمْسُ مِنْ مَغْرِبِھَا مسلم مین ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرتنے فرمایا کہ البتہ خدا اپنی رحمت کا ہاتھہ رات کو پھیلاتا ہے تاکہ دن کا بدکار توبہ کری اور دن کو اپنی رحمت کا ہاتھہ پھیلاتا ہے تاکہ رات کا بدکار توبہ کری یہان تک کہ سورج پچھم سے نکلے ف یعنی جب تک سورج مغرب کی طرف سے نہین نکلتا دروازہ توبہ کا کھلا رہتا ہے رات دن جس وقت چاہے توبہ کرے

۲۸۸ م ابو ہریرہ اِنَّ اللّٰہَ یَبْعَثُ رِیْحًا مِنَ الْیَمَنِ اَلْیَنَ مِنَ الْحَرِیْرِ فَلَا تَدَعُ اَحَدًا فِیْ قَلْبِہٖ مِثْقَالَ حَبَّۃٍ وَیُرْوٰی ذَرَّۃٍ مِنَ الْاِیْمَانِ اِلَّا قَبَضَتْہُ مسلم مین ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرتنے فرمایا کہ البتہ خدا چلاوےگا ہوا کو یمن کے ملک سے ریشم سے بھی زیادہ نرم سو جسکے دل مین دانہ برابر بھی ایمان ہوگا اور ایک روایت مین ذرہ برابر بھی ایمان ہوگا اسکو بھی چھوڑیگی بے مارے یعنی سب ایماندار مر جاوینگے ف یہہ قیامت کی قریب ہوگا چنانچہ اور حدیث

۲۸۹ ق مین آیا ہے کہ قیامت بدکار کافرون پر قائم ہوگی اسوقت ایماندار کوئی نہوگا ق عَائِشَۃَ اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ الرِّفْقَ فِی الْاَمْرِ کُلِّہٖ بخاری اور مسلم مین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضرتنے فرمایا کہ خدا کو نرمی پسند آتی ہے ہر کام مین ف اس حدیث کا قصہ اگلی حدیثمین

ہوچکا یعنی یہودیون کا تحفہ کہنا اور حضرت عائشہ کا جواب دینا پھر حضرت کا منع کرنا اور یہہ

م ۱۹۱ حدیث فرمانا م سَعْدُ ابْنُ اَبِیْ وَقَّاصٍ اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ الْعَبْدَ التَّقِیَّ الْغَنِیَّ الْخَفِیَّ

مسلم مین سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ خدا دوست رکھتا ہے

پرہیزکار مالدار چھپی گمنام بندی کو ف یعنے مالدار کی ساتھ پرہیزکاری اور گمنامی اور

گوشہ گیری مشکل چیز ہے اسواسطے خدا کو پسند ہے جب اسلام مین فتنہ فساد پھیلا تو سعد بن ابی

وقاص صحابی نی شہر چھوڑا اپنے اونٹ بکریان لیکر جنگل مین جا بسے اُنکے بیٹے نی کہا کہ تم

جنگلی کیون ہوئے تب اُنہون نی یہہ حدیث پڑھی اس حدیث سے معلوم ہوا کہ فساد کی وقت گوشہ گیری

بہتر ہے ق اَبُوْ ھُرَیْرَۃَ اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ الْعُطَاسَ وَیَکْرَہُ التَّثَاؤُبَ فَاِذَا عَطَسَ ق ۱۶۲

فَحَمِدَ اللّٰہَ فَحَقٌّ عَلٰی کُلِّ مُسْلِمٍ سَمِعَہٗ اَنْ یُّشَمِّتَہٗ بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے

روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ البتہ خدا چھینک کو پسند رکھتا ہے اور جمہائی کو بُرا جانتا ہے

سو جو چھینکے پھر الحمد للہ کہی تو جو مسلمان اُسکو سنے اُسپر واجب ہے کہ اُسکے حق مین دعا کرے یعنے

یرحمک اللہ کہی ف چھینکنے سے بدن ہلکا ہوتا ہے تو آدمی بندگی کرسکتا ہے اسواسطے خدا کو

پسند ہے اور جمہائی گرانی سے آتی ہے اور غفلت و سستی لاتی ہے اسواسطے خدا کو بُری معلوم ہوتی ہے

ق اِبْنُ عُمَرَ اِنَّ اللّٰہَ یُدْنِی الْمُؤْمِنَ فَیَضَعُ عَلَیْہِ کَنَفَہٗ وَیَسْتُرُہٗ وَیَقُوْلُ

اَتَعْرِفُ ذَنْبَ کَذَا اَتَعْرِفُ ذَنْبَ کَذَا فَیَقُوْلُ نَعَمْ اَیْ رَبِّ حَتّٰی قَرَّرَہٗ

ق ۱۹۲

بِذُنُوبِهٖ وَدَانَى فِى نَفْسِهٖ اَنَّهٗ هَالِكٌ قَالَ سَتَرْتُهَا عَلَيْكَ فِى الدُّنْيَا
وَاَنَا اَغْفِرُهَا لَكَ الْيَوْمَ فَيُعْطٰى كِتَابَ حَسَنَاتِهٖ وَاَمَّا الْكَافِرُوْنَ وَالْمُنَافِقُوْنَ
فَيَقُوْلُ الْاَشْهَادُ هٰؤُلَاءِ الَّذِيْنَ كَذَبُوْا عَلٰى رَبِّهِمْ اَلَا لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى
الظّٰلِمِيْنَ بخاری اور مسلم میں عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے کہ حضرتؐ نے فرمایا کہ خدا ایماندار
نزدیک کرلے گا یعنی قیامت میں پھر اسکو اپنی رحمت کی سترسے چھپالیگا اور فرماویگا کہ تو اپنا
فلانا گناہ پہچانتا ہے فلانی تقصیر یاد ہے سو مسلمان کہیگا کہ ای میرے رب ہاں یاد ہے یہانتک
کہ اُسسے اُسکے گناہ قبول کراویگا اور وہ اپنی جی میں جانے گا کہ اب میں برباد ہوا خدا فرمائیگا کہ تیرے
گناہ میں نے دُنیا میں چھپائے ہم آج ہی انکو بخشتے ہیں پھر نیکیوں کا نامہ اعمال اسکو دیا جاویگا اور
کافر اور جو فقط زبانی مسلمان تھے سو اُنکے گواہ یعنی پیغمبر اور فرشتے یا اُنکے ہاتھ پانوں انکو
کہینگے کہ یہ لوگ ہیں جو خدا پر جھوٹھ باندھتے تھے جان لو کہ خدا کی لعنت ہے ظالموں پر
یعنی جو حد سے بڑھ گئے بندگی کے بدلی نافرمانی کی ۲۹۴ م آبُوْ هُرَيْرَةَ اِنَّ اللّٰهَ يَرْضٰى
لَكُمْ ثَلٰثًا وَيَكْرَهُ لَكُمْ ثَلٰثًا يَرْضٰى لَكُمْ اَنْ تَعْبُدُوْهُ
وَلَا تُشْرِكُوْا بِهٖ شَيْئًا وَاَنْ تَعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعًا وَلَا تَفَرَّقُوْا وَاَنْ
تُنَاصِحُوْا مَنْ وَلَّاهُ اللّٰهُ اَمْرَكُمْ وَيَكْرَهُ لَكُمْ قِيْلَ وَقَالَ وَكَثْرَةَ السُّؤَالِ وَ
اِضَاعَةَ الْمَالِ مسلم میں ابوہریرہ رضی اللہ سے روایت ہے کہ حضرتؐ نے فرمایا کہ موذر خدا تمہارے

واسطے تین کام پسند رکھتا ہے اور مکروہ جانتا ہے تمہارے واسطے اور ایک روایت مین
یون ہے کہ غصے ہوتا ہے تین چیز سے سو تین چیز تمہاری واسطے پسند کی ہین اُنمین سے اول
یہہ ہے کہ تم اُسکی بندگی کرو اور کسیکو اُسکا ساجھی نہ سمجھو اور دوسرے یہہ ہے کہ خدا کی رسی کو
مضبوط پکڑو یعنی قرآن اور حدیث ہی پر چلو اور پھوٹ نہ ڈالو یعنی قرآن اور حدیث کے خلاف کوئی
اور راہ نہ نکالو اور تیسری چیز یہہ کہ خیرخواہی کرو اُسکی جسکو خدا نے تمہر حاکم کیا یعنی اسلام کے
حاکم کی اطاعت کرو اور جو تین چیزین خدا نے تمہاری واسطے مکروہ رکھین ہین سو اُنمین سے اول قیل و
قال ہے یعنی بیفایدہ باتین کرنا اور دوسرے بی احتیاج بہت سوال کرنا یا ناحق پوچھنا تیسرے
بی موقع مال کو ضایع کرنا جیسے بہت عمارت بے حاجت بنانا ناچ رنگ آتشبازی مین مال کا
برباد کرنا ۲۹۵ م عمر اِنَّ اللّٰہَ یَرْفَعُ بِھٰذَا الْکِتَابِ اَقْوَامًا وَیَضَعُ بِہٖ اٰخَرِیْنَ
مسلم مین عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرر خدا درجہ بلند کرتا ہے
اس قرآن سے بعضی لوگون کا اور بعضون کو اُسی سے گرا دیتا ہے ف یعنے جن لوگون نے
قرآن کو پڑھا اور اُسپر عمل کیا اُنکا مرتبہ بلند ہوا اور جن لوگون نے اُسپر عمل نکیا وہ بی قدر ہوئے
۲۹۶ م ھِشَامُ بْنُ حَکِیْمِ بْنِ حِزَامٍ اِنَّ اللّٰہَ یُعَذِّبُ الَّذِیْنَ یُعَذِّبُوْنَ النَّاسَ
فِی الدُّنْیَا مسلم مین ہشام بن حکیم رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرر خدا عذاب کریگا
۲۹۷ ق اُنپر جو لوگون پر عذاب ناحق کرتے ہین دنیا مین ق اَبُوْ سَعِیْدٍ اِنَّ اللّٰہَ یَقُوْلُ لِاَھْلِ

الجنة يا اهل الجنة فيقولون لبيك ربنا وسعديك والخير في يديك
فيقول هل رضيتم فيقولون وما لنا لا نرضى يا رب وقد اعطيتنا
ما لم تعط احدا من خلقك فيقول الا اعطيكم افضل من ذلك
فيقولون يا رب واي شيء افضل من ذلك فيقول احل عليكم رضواني
فلا اسخط عليكم بعده ابدا بخاری اور مسلم مین ابو سعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ البتہ خدا فرماویگا بہشتی لوگون سی کہ اے بہشتیو سو وہ کہینگے اے
رب ہم حاضر ہین خدمت مین اور سب بہلائی تیرے قابو مین ہے پہر خدا فرماویگا کہ کیا تم راضی
ہوئے سو وہ کہین گے کیون نہ ہم راضی ہون اے رب اور تو نے ہمکو اتنا کچھہ دیا ہے کہ کسی کو
نہین دیا پہر خدا فرماویگا کہ بہلا ہم تمکو اس سے بہی عمدہ کوئی چیز دیون سو وہ کہین گے اسسے
بہشت سی زیادہ کون چیز عمدہ ہے پہر خدا فرماویگا اب مین نے اتاری تمپر اپنی رضامندی
سو اسکے بعد اب مین تمپر کبہی غصہ نکرونگا ف معلوم ہوا کہ بہشت کی سب نعمتون سی عمدہ خدا کی
رضامندی ہے جو سب نعمتون کے بعد ملیگی ۲۹۸ م ابن عباس ان الذی حرم
شربها حرم بيعها يعني الخمر مسلم مین عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ جو شخص جسنے اسکا پینا حرام کیا اسنے اسکا بیچنا بہی حرام کیا یعنی شراب کا
ف ایک شخص حضرت کے واسطے مشک مین شراب لایا حضرت نے فرمایا کہ کیا تجہکو معلوم نہین

کہ شراب حرام ہے اُس نے کہا کہ مین اسواسطے لایا ہوں کہ آپ اسکو بیچ لیوین تب حضرت نے
یہہ حدیث فرمائی ق اُمِّ سَلَمَةَ اِنَّ الَّذِی یَشْرَبُ فِی اِنَاءِ الْفِضَّةِ فَاِنَّمَا یُجَرْجِرُ ق ۲۹۹
فِی بَطْنِہٖ نَارَ جَهَنَّمَ بخاری اور مسلم مین ام سلمہ رضی اسہ عنہا سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرر
جو پیتا ہے چاندی کی برتن مین وہ اپنی پیٹ مین جہنم کی آگ غٹ غٹ کرکے ڈالتا ہے م ۳۰۰
اَبُو الدَّرْدَاءِ اِنَّ اللَّعَّانِیْنَ لَا یَکُوْنُوْنَ شُهَدَاءَ وَلَا شُفَعَاءَ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ مسلم مین
ابو درداء رضی اسہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرر بہت لعنت کرنیوالے قیامت کی دن نہ گواہ ہونگے مین
ہونگے نہ سفارش کرنیوالون مین ف مسلمان پر لعنت کرنا نام لیکر کسی طرح درست نہین سو جن لوگون کی
عادت پڑگئی لعنت کرنے کی انکی گواہی اور سفارش قیامت مین معتبر نہوگی اسواسطے جب آدمی کی خو لعنت
کرنے کی ہوئی تو وہ فاسق ہوا اور فاسق کی گواہی درست نہین اور سفارش کرنے کو رحمت درکار ہے
سو اُنمین رحمت کہان لعنت کی عادت پڑی ق اَنَسٌ اِنَّ الْمُؤْمِنَ اِذَا کَانَ فِی ق ۳۰۱
الصَّلٰوةِ فَاِنَّمَا یُنَاجِیْ رَبَّهٗ فَلَا یَبْزُقَنَّ بَیْنَ یَدَیْهِ وَلَا عَنْ یَمِیْنِهٖ وَلٰکِنْ عَنْ
یَسَارِهٖ تَحْتَ قَدَمِهٖ بخاری اور مسلم مین انس رضی اسہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ البتہ
مسلمان جب نماز مین ہوتا ہے تو اپنے رب سے بات چیت کرتا ہے سو نہ تھوکے اپنی آگے اور
نہ اپنے داہنی لیکن اپنے بائین طرف یا نون کی نیچی تھوکے ف اول تو نماز مین تھوکنا مناسب نہین
اور اگر تھوک آجاوی تو آگے نتھوکے اسواسطے کہ قبلہ ہے اور داہنے فرشتہ ہی تو بائین قدم کے نیچے

تہو کے اگر جنگل مین ہو اور اگر مسجد مین ہو یا بائین طرف اور نمازی کہڑا ہو تو اپنی کپڑی مین تہوک لے

۳۰۲ ق ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مومن نجس نہین ہوتا ف ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ مجھکو ایکبار نہانے کی حاجت ہوئی راہ مین حضرت سے مین اُس راہ سے سمٹ کر نہاکے حضرت پاس حاضر ہوا حضرت نے پوچہا کہ تو کہان تہا مین نے عرض کی مجھکو غسل کی حاجت تہی بے غسل خدمت مین حاضر ہونا مجھکو بُرا معلوم ہوا آپ حضرت نے فرمایا کہ سبحان اللہ ایماندار ناپاک نہین ہوتا یعنی نماز پڑہنا اور مسجد مین جانا البتہ

۳۰۳ م بے غسل درست نہین لیکن ملاقات درست ہے م جابر ان المرأۃ تقبل فی صورۃ شیطان مسلم مین جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مرد عورت شیطان کی صورت مین سامنے آتی ہے ف پوری حدیث یون ہے کہ عورت شیطان کی صورت مین ساتہی آتی ہے اور شیطان کی صورت مین پہرتی ہے تو جو کوئی عورت کو دیکہے وہ اپنی جورو سے صحبت کرلے تاکہ دل سے اُسکا خطرہ دور ہو عورت کو شیطان کی صورت اسواسطے فرمایا کہ جیسی شیطان آدمی کو بہکاتا ہے ویسے عورت بہی

۳۰۴ عورت نفقہ اہل و عیال و زکوٰۃ صدقات کا ثبت کرنا فضیلت کا ذکر فضیلت

ق ابو مسعود عقبۃ بن عمرو الانصاری ان المسلم اذا انفق علی اہلہ نفقۃ وہو یحتسبہا کانت لہ صدقۃ بخاری اور مسلم مین ابو مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ البتہ مسلمان جب اپنی جورو لڑکون کے کہانے پینے کا کچہہ مال خرچ کرتا ہے ثواب کی نیت سے تو وہ مال صدقے کے

برابر ہے ثواب ہین ف یعنی اپنے گہر کی خرچ مین اگر یون نیت کری کہ خدا نی مجھپر یہہ فرض کیا ہے
انہی کے حکم سے مین خرچ کرتا ہون تو اُسمین بھی خیرات برابر ثواب ملی گا اور اگر بی نیت خرچ کیا تو نہ
ثواب نہ عذاب م عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو اِنَّ الْمُقْسِطِيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ عَلٰى مَنَابِرَ مِنْ نُوْرٍ
عَنْ يَمِيْنِ الرَّحْمٰنِ وَكِلْتَا يَدَيْهِ يَمِيْنٌ اَلَّذِيْنَ يَعْدِلُوْنَ فِيْ حُكْمِهِمْ وَاَهْلِيْهِمْ وَمَا
وَلُوْا اسلم مین عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرر انصاف کرنے والے
خدا کی نزدیک نور کی منبرون پر ہونگے رحمن کی داہنی طرف اور خدا کے دونون ہاتہہ داہنی ہین
یعنی خدا کی کرم مین نقصان نہین منصف وہ لوگ ہین جو انصاف کرتے ہین اپنے حکم مین اور
اپنے قریب لوگون مین اور جسپر حاکم ہوئی ہین ف یعنی منصف وہ ہین جو اپنے برادرون کی
رورعایت نہین کرتے اپنی یکسانی مین برابر انصاف کرتی ہین خ عَائِشَةَ اَنَّ الْمَلٰٓئِكَةَ
تَنْزِلُ فِي الْعَنَانِ وَهُوَ السَّحَابُ فَتَذْكُرُ الْاَمْرَ قُضِيَ فِي السَّمَآءِ فَتَسْتَرِقُ
الشَّيَاطِيْنُ السَّمْعَ وَتَسْمَعُهُ فَتُوْحِيْهِ اِلَى الْكُهَّانِ فَيَكْذِبُوْنَ مَعَهَا مِائَةَ
كِذْبَةٍ مِنْ عِنْدِ اَنْفُسِهِمْ بخاری مین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ البتہ فرشتے اترتے ہین بدلی مین سو اُسمین بات چیت کرتی ہین اس کام کی جسکا آسمان مین
خدا کی طرف سے حکم ہوا ہے سو شیطان وہان جاکر چپکے سُن آتے ہین پہر اُسکو کاہنون یعنی جو
غیب کی بات بتلاتی ہین اُنکے دل مین ڈال دیتے ہین سو اپنے دل سے تو جھوٹی باتین جوڑ کے اُسکے

م
فضیلت حاکمان عادل

خ

کاہنون

ساتھہ کہتے ہین ف عرب مین ایک قوم تہی جن اور شیطانون سی راہ رکہتے تہی کچہہ اُنسے
حال دریافت کرکے لوگون سی کہتی تہنے لوگ اُن سے بہت اعتقاد رکہتی تہے سو لوگون نے
حضرت سے اُنکا حال پوچہا حضرت نے فرمایا کہ اُنکی کچہہ حقیقت نہین پہر لوگون نی عرض کی کہ انکی کبہی
بات سچ بہی ہوتی ہے تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی خ جَابِرٌ اِنَّ الْمَوْتَ فَزِعْتُمْ فَاِذَا
رَاَیْتُمُ الْجَنَازَۃَ فَقُوْمُوْا بخاری مین جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ البتہ
موت ڈرنے کی چیز ہے سو جب تم جنازہ دیکہو تو اُٹہہ کہڑے ہو ف اول جنازہ دیکہہ کے
اُٹہنا سنت تہا پہر منسوخ ہوا اب جنازہ دیکہہ کر اُٹہنا سنت نہین م اَنَسٌ اِنَّ الْمَیِّتَ
اِذَا وُضِعَ فِیْ قَبْرِہٖ اِنَّہٗ لَیَسْمَعُ قَرْعَ نِعَالِہِمْ اِذَا انْصَرَفُوْا مسلم مین انس رضی اللہ
عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرر جب مردہ قبر مین رکہا جاتا ہے تو جوتون کی چپ سنتا ہے
جب لوگ اُسکو دفن کرکے پہرتی ہین خ اِبْنُ عُمَرَ اِنَّ الْمَیِّتَ لَیُعَذَّبُ بِبُکَاءِ الْحَیِّ
بخاری مین عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ البتہ مردے پر عذاب ہوتا ہے
زندے کے رونی سے ف یہہ اس صورت مین ہے کہ مردہ اپنے رونی پیٹنے کی وصیت کرگیا
ہو چنانچہ اُسکا بیان گذرا خ اِبْنُ عَبَّاسٍ اِنَّ النَّارَ لَا یُعَذِّبُ بِہَا اِلَّا اللّٰہُ
بخاری مین عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرر عذاب نہین
کرتا آگ سے مگر خدا یعنی آگ سے جاندار کو جلانا ہرگز نہین درست یہہ خدا کو خاص ہے ف

حضرت نے ایکبار لشکر بھیجا اور فرمایا کہ اگر فلانا شخص ملے تو اسکو جلا دیجو پھر جب وہ روانہ ہونے
تو انکو بلایا اور جلانے سے منع کیا پھر یہہ حدیث فرمائی اور اُسکے قتل کا حکم کیا م اَنَسٌ ۳۱۱
اِنَّ النَّاسَ قَدْ صَلَّوْا وَنَامُوْا وَلَنْ تَزَالُوْا فِیْ صَلٰوةٍ مَا انْتَظَرْتُمُ الصَّلٰوةَ
مسلم مین انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرر لوگ نماز پڑھ چکے اور سو گئے
اور ہمیشہ تم نماز ہی مین ہو جب تک تم نماز کی منتظر رہو گے ف ایکبار حضرت نے عشا کی نماز
دیر کر کی پڑھی تہائی یا آدہی رات گذری تب اصحاب سے یہہ حدیث فرمائی ق مُجَاشِعٌ ۳۱۲
ابْنُ مَسْعُوْدٍ اِنَّ الْهِجْرَةَ قَدْ مَضَتْ لِاَهْلِهَا وَلٰكِنْ عَلَى الْاِسْلَامِ وَالْجِهَادِ
وَالْخَيْرِ بخاری اور مسلم مین مجاشع بن مسعود رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرر
وطن چھوڑنا ختم ہو چکا مہاجرین پر لیکن بیعت کر اسلام کی اور جہاد کی اور نیک کامون کی
ف مجاشع سے روایت ہے کہ جب مکہ فتح ہوا تو مین نے چاہا کہ مین ہجرت کی بیعت کرون
تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنی اب اسلام غالب ہوا اس طرح کی ہجرت اب فرض نہین
رہی خ اَبُوْ هُرَيْرَةَ اِنَّ الْيَهُوْدَ وَالنَّصَارٰى لَا يَصْبُغُوْنَ فَخَالِفُوْهُمْ ۳۱۳
بخاری مین ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ البتہ یہودی اور نصاری
خضاب نہین کرتی ہین تم اُنکا خلاف کرو ف یعنی تم خضاب کیا کرو مہندی کا خضاب
قولی سنت ہے اور وسمہ بھی درست ہے لیکن اور خضاب جو سیاہ بال کر دیوین سو درست نہین

ق ۳۱۴ اما ق ابن عمر ان امامکم حوضا کما بین جربا و اذرح بخاری اور مسلم مین
عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقدر تمہارے آگے یعنی قیامت مین ایک
حوض ہے یعنی حوض کوثر اتنا بڑا جتنا فرق ہے درمیان جربا اور اذرح کے ف جربا اور اذرح دو
گانون ہین شام مین تین رات دن کی راہ اُن کی درمیان مین ہے مطلب یہہ کہ وہ حوض بہت لمبا
چوڑا ہے ق ۳۱۵ انس ان امثل ما تداوتیم بہ الحجامۃ و القسط البحری
بخاری اور مسلم مین انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جن چیزون سے تم دوا کرتے
ہو انمین بہتر دو اپچھنے لگانا اور دریائی کوٹ ہے ف کوٹ ہندوستان مین پیدا ہوتا ہے
اسوسطے اسکو عود ہندی بھی کہتی ہین ہندوستان سے جہاز پر عرب مین جاتا تھا اسلیے حضرت نے
اسکو دریائی فرمایا اسکا مزاج گرم خشک ہے معدہ اور دل دماغ کو فائدہ کرتا ہے اور سردی کے
بیماریون کو دور کرتا ہے اور پچھنون سے خون فاسد نکل جاتا ہے اسوسطے حضرت نے انکی تعریف کی
اور حدیث مین آیا ہے کہ جسکے درد سر ہوتا تھا اسکو حضرت پچھنے فرماتے تھے اور تیرہوین
تاریخ اور اکیسوین تاریخ اور منگل اور بدھ اور ہفتے مین خون نکالنا حدیث مین منع ہے اس
حدیث سے معلوم ہوا کہ علاج کرنا درست ہے توکل کی خلاف نہین ق ۳۱۶ ابو ہریرۃ ان
امراۃ بغیا رات کلبا فی یوم حار یطیف ببیر قد ادلع لسانہ من
العطش فنزعت لہ بموقہا فغفر لہا و قال البخاری فنزعت خفہا

فاروقفتہ

فَاَوْثَقَتْهُ بِخِمَارِهَا فَنَزَعَتْ لَهُ مِنَ الْمَاءِ فَغُفِرَ لَهَا بِذٰلِكَ بخاری اور مسلم مین
ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرر ایک حرامکار عورت نے گرمی کے دنمین
ایک کتی کو دیکھا کنوین کے آس پاس گھومتا ہے اپنی زبان نکالے ہے پیاس کے مارے سو
اسنے اپنا موزہ اسکے واسطے اُتارا یعنی پانی پلانے کو پھر اسکے گناہ معاف ہوگئی اور بخاری
نے یون روایت کی ہے کہ اس عورت نے اپنا موزہ اُتارا پھر اسکو اپنی اوڑھنی سے باندھا
پھر پانی نکال کے اسکو پلایا سو اسکے گناہ معاف ہوگئے اِس کام کی سبب ف اس حدیث سے
معلوم ہوا کہ سختی کی حالت مین جاندار کی ساتھ احسان کرنا خدا کی نزدیک بڑی عمدہ چیز ہے

عصر ق ۳۱۷ دل بہت آور کہ حج اکبر است ق فَاطِمَةُ بِنْتُ قَيْسٍ اَنَّ اُمَّ شَرِيْكٍ يَاْتِيْهَا
الْمُهَاجِرُوْنَ الْاَوَّلُوْنَ فَانْطَلِقِيْ اِلَى ابْنِ اُمِّ مَكْتُوْمٍ الْاَعْمٰى فَاِنَّكِ اِذَا
وَضَعْتِ خِمَارَكِ لَمْ يَرَكِ فَقَالَ لَهَا حِيْنَ اَرَادَتْ اَنْ تَعْتَدَّ وَقَدْ طَلَّقَهَا
زَوْجُهَا اَبُوْ عَمْرِو بْنُ حَفْصٍ اَلْبَتَّةَ بخاری اور مسلم مین فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ام شریک پاس پہلے مہاجرین آتی جاتی ہین سو تو جا عبداللہ
بن ام مکتوم اندھے کی گھر مین سو تو اپنی اوڑھنی اُتار رکھیگی وہ تجھکو نہ دیکھیگا یہ حضرت نے فاطمہ
بنت قیس سے فرمایا جب اُسنے عدت بیٹھنے کا ارادہ کیا اور اسکے خاوند ابوعمرو بن حفص نے
اسکو تین بار طلاق دی تہی ف فاطمہ بنت قیس کو اُنکے خاوند نی طلاق دی حضرت نے

فاطمہ سے اول کہا کہ تو ام شریک کی کہر مین عدت بیٹھہ پہر حضرت نے فرمایا کہ اُسکے گہر مین لوگ
آتے جاتے ہین وہان نہین عبداللہ اندہا ہے اُسکے گہر مین جا یعنی اسکو کچہہ سوجہتا نہین تو
ارام سے وہان رہیگی ق ابوسعید اِنَّ اُمَّةً مِنْ بَنِیْ اِسْرَآءِیْلَ مُسِخَتْ ق ۳۱۹
فَلَا اَدْرِیْ اَیُّ الدَّوَآبِّ مُسِخَتْ بخاری اور مسلم مین ابوسعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرر حضرت یعقوب کی اولاد سے ایک گروہ کی خدا نے صورت بدل ڈالی ہے
سو مین نہین جانتا کہ وہ کون جانور کی صورت پر ہو گئی ف بخاری اور مسلم مین پوری روایت
یون ہے کہ ایک گنوار حضرت کے پاس آیا اُسنے کہا کہ یا حضرت مین اُس جنگل مین رہتا ہون
کہ وہان کے لوگون کی خوراک سوسمار ہے سوسمار وہ جانور ہے جسکو ہندی مین گوہ کہتی ہین حضرت نے
اسکا کچہہ جواب نہ دیا پہر اُسنے پوچہا پہر حضرت چپ رہے تیسری بار مین حضرت نے فرمایا کہ بنی
اسرائیل کی ایک گروہ پر خدا نے لعنت کی اور اُنکی صورت بدل ڈالی مجہکو نہین معلوم کہ
وہ گوہ کی صورت بن گئے یا کوئی اور جانور ہو گئے سو مین تو اسکو نہین کہاتا اور منع بہی نہین
کرتا امام اعظم کی نزدیک سوسمار کہانا درست نہین اسی دلیل سے امام شافعی کے مذہب مین
درست ہے ق عَائِشَةُ اِنَّ اُولٰئِكَ اِذَا كَانَ فِيْهِمُ الرَّجُلُ الصَّالِحُ فَمَاتَ ق ۳۱۹
بَنَوْا عَلٰى قَبْرِهٖ مَسْجِدًا وَصَوَّرُوْا فِيْهِ تِلْكَ الصُّوَرَ اُولٰئِكَ شِرَارُ الْخَلْقِ عِنْدَ
اللّٰهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَعْنِیْ كَنِيْسَةً بِالْحَبَشَةِ كَانَ يُقَالُ لَهَا مَارِيَةُ

بخاری اور مسلم مین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ البتہ وہ لوگ
جب اُنمین کوئی نیکبخت آدمی مرتا تھا تو اسکی قبر پر مسجد بناتے تھے اور اوس مسجد مین یہ تصویرین
بناتے تھے وہ خدا کی نزدیک قیامت مین بدترین خلق ہین یہہ ملک حبش کی نصاری کو فرمایا اُن لوگون نے
وہان ماریہ نام عبادت خانہ بنایا تھا ف حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ جب حضرت کو مرض الموت
ہوا تو ایک بی بی نے جس کے عبادت خانہ کی تعریف کی یعنی اگر مکم ہو تو حضرت کی قبر پر ویسا ہی
بنا دے تب حضرت نے تکیہ سے سر اُٹھا کر یہہ حدیث فرمائی یعنی وہ بُرا کرتے ہین تم میری قبر کو
سجدہ کا نہ ٹھہرانا م عبداللہ بن عمر وانا ۲۰ م وکل الایات خروجا طلوع الشمس
من مغربها وخروج الدابة على الناس ضحى وايتهما ما كانت قبل صاحبتها
فالاخرى على اثرها قريبا مسلم مین عبداللہ بن عمر رضی سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ البتہ
ظاہر ہونی کی راہ سے قیامت کی نشانیون سے پہلے آفتاب کا نکلنا ہے مغرب کی طرف سے اور دن چڑھے
لوگون کے روبرو زمین کے جانور کا نکلنا اور ان دو سے جو پہلے ہوگی تو دوسری بھی اُسکے پیچھے جلد ظاہر ہوگی
ف دس نشانیان قیامت کی پہلے بیان ہو چکین م ابوهريرة ان اول زمرة ۳۱ م
تدخل الجنة على صورة القمر ليلة البدر والتي تليها على اضوء كوكب
دري في السماء لكل امرئ منهم زوجتان اثنتان يرى مخ سوقهما من
وراء اللحم وما في الجنة اعزب مسلم مین ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا

کرالبتہ پہلا گروہ جو بہشتیون جاویگا چودھویں رات کے چاند کی صورت ہوگا اور جو گروہ اُسکے بعد
جاویگا آسمان کی بڑی روشن ستارے کے برابر ہوگا اُنمین سے ہر مرد کے واسطے دو دو حوریں ہین جنکی
پنڈلیون کا گودا گوشت کے پرے نظر آتا ہے اور بہشت مین کوئی بے جورو نہین ف یعنی اُنکی
پنڈلیان مثل نور کی صاف ہین کہ اندر تک صاف دکھلائی دیتا ہے پھر جب پنڈلیون کا یہہ حال ہے تو
اُنکے باقی بدن کا حُسن اسی پر قیاس کیا چاہیے ق ۳۲۲ ق اَبُوْسَعِیْدٍ اِنَّ اَھْلَ الْجَنَّۃِ
لَیَتَرَاءَوْنَ اَھْلَ الْغُرَفِ مِنْ فَوْقِھِمْ کَمَا تَرَاءَوْنَ الْکَوْکَبَ الدُّرِّیَّ الْغَابِرَ فِی الْاُفُقِ
مِنَ الْمَشْرِقِ اَوِ الْمَغْرِبِ لِتَفَاضُلِ مَا بَیْنَھُمْ قَالُوْا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ تِلْکَ مَنَازِلُ
الْاَنْبِیَاءِ لَا یَبْلُغُھَا غَیْرُھُمْ قَالَ بَلٰی وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہٖ رِجَالٌ اٰمَنُوْا بِاللّٰہِ
وَصَدَّقُوا الْمُرْسَلِیْنَ بخاری اور مسلم مین ابوسعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ مقربہشتی لوگ دیکھتے ہین اونچی محل والون کو اپنے اوپر جیسے تم دیکھتے ہو روشن
ستارے کو آسمان کے کنارے پر دور خواہ پورب کی طرف خواہ پچھم کی طرف اتنا فرق اُنمین زیادتی مرتبے کے
سبب سے ہے اصحاب نے عرض کی یا رسول اللہ ایسی عمدہ مکان پیغمبرون ہی کے ہونگے اُنکی سوا دوسرے
نہ پہنچ سکینگے فرمایا کہ کیون نہین قسم اُسکی جسکے قبضے مین میری جان ہے کہ اُن مکانون مین
وہ مرد پہنچینگے جو ایمان لائے ہین اللہ پر اور سچا جانا ہے پیغمبرون کو ق ۳۲۳ ق اَلنُّعْمَانُ ابْنُ بَشِیْرٍ
اِنَّ اَھْوَنَ اَھْلِ النَّارِ عَذَابًا مَنْ لَہٗ نَعْلَانِ وَشِرَاکَانِ مِنْ نَارٍ یَغْلِیْ مِنْھُمَا

دماغہ

عَذَابًا
دِمَاغُهُ كَمَا يَغْلِي الْمِرْجَلُ مَا يُرَى اَنَّ اَحَدًا اَشَدُّ مِنْهُ عَذَابًا وَاِنَّهُ لَاَهْوَنُهُمْ

بخاری اور مسلم مین نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرر دوزخیون مین
بہت ہلکا عذاب والا وہ ہے جسکے پیرون مین آگ کی دو جوتیان ہین جنسے اسکا دماغ
اُبلتا ہے جیسے دیگچی اُبلتی ہے اور وہ جانتا ہے کہ مجھسے زیادہ کسی پر عذاب نہین اور حالانکہ اوروں سے
اسپر بہت ہلکا عذاب ہے م ابو سعید اِنَّ بِالْمَدِينَةِ جِنًّا قَدْ اَسْلَمُوا فَاِذَا رَاَيْتُمْ ۵۴
مِنْهُمْ شَيْئًا فَاٰذِنُوهُ ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ فَاِنْ بَدَا لَكُمْ بَعْدَ ذٰلِكَ فَاقْتُلُوهُ فَاِنَّمَا
هُوَ شَيْطَانٌ مسلم مین ابو سعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرر مدینہ مین جن
ہین کہ مسلمان ہوئے ہین پھر جب تم دیکھو اُنسے کوئی چیز یعنی وہ سانپ اگر بن جاوین تو اُنکو
تین دن اطلاع کر دو پھر بھی اگر ظاہر ہوں اُسکے بعد تو اُسکو مار ڈالو کہ وہ شیطان ہے
یعنی وہ کافر جن ہے ف مدینے مین ایک صحابی کی نئی شادی ہوئی تھی وہ اپنے گھر گئے دیکھا کہ بی بی
دروازے پر کھڑی ہے سبب پوچھا اُسنے کہا کہ گھر مین سانپ نکلا ہے اُس صحابی نے اُسکو
مار ڈالا پھر صحابی بھی گر پڑے اور مر گئے جب حضرت سے یہ قصہ سنا تو یہہ حدیث فرمائی اور
ایک حدیث مین یون آیا ہے کہ جب سانپ کو اپنی گھر مین دیکھو تو تین دن یون کہو کہ ہم تو سیلما
قول قرار نوح اور سلیمان بن داود کے تم سے مانگتے ہین کہ ہمکو رنج نہ دو پھر اُسکے بعد بھی
اگر سانپ نکلے تو مار ڈالو ق عَائِشَةَ اِنَّ بِلَالًا يُؤَذِّنُ بِلَيْلٍ فَكُلُوا وَاشْرَبُوا ۵۵ ق

حَتّٰی یُؤَذِّنَ ابْنُ مَکْتُوْمٍ بخاری اور مسلم مین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ
حضرت نے فرمایا کہ بلال رات کو اذان دیتا ہے سو تم کھایا پیا کرو جب تک عبداللہ ابن مکتوم
اذان نہ دیوے ف بلال کچھ رات رہے اذان دیتے تھے تاکہ لوگ تہجد کی نماز کو اٹھہ کر
پڑہین اور جو جاگا کئی ہون وہ سو رہین اور عبداللہ صبح کو اذان کہتے تھے وہ اندھیرے جب تک
لوگ نہ کہتے کہ فجر ہوئی وہ اذان نہ کہتے تھے سو حضرت نے فرمایا کہ روزہ دار سحری کھایا کرین بلال کی
اذان کا خیال نکرین ق ابْنُ مَسْعُوْدٍ اِنَّ بَیْنَ یَدَیِ السَّاعَۃِ اَیَّامًا یَنْزِلُ فِیْھَا ۳۲۶ ق
الْجَھْلُ وَیُرْفَعُ فِیْھَا الْعِلْمُ وَیَکْثُرُ فِیْھَا الْھَرْجُ وَالْھَرْجُ الْقَتْلُ بخاری اور مسلم مین
عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرر قیامت سے پہلے ایسے دن ہونگے
کہ انمین جہالت اتریگی یعنی پہیلے گی اور علم اٹہیگا اور قتل بہت ہوگا ق یعنے دنیا کی حرص ایسی غالب ہوگی
کہ لوگون کو علم دین سیکہنے کی پرواہ نرہیگی رات دن سوای طلب دنیا کے اور کچھ مطلب انکا
نہوگا بلکہ قیامت یہہ ہے کہ اگر علم بہی پڑہینگے تو بہی دنیا ہی کے واسطے تو درحقیقت وہ علم
نہین ہے وہ جہالت ہے اسواسطے کہ علم وہی ہے جس سے دنیا سرد ہو اور آخرت یاد پڑے م جَابِرُ ۳۲۷ م
بْنُ سَمُرَۃَ اِنَّ بَیْنَ یَدَیِ السَّاعَۃِ کَذَّابِیْنَ فَاحْذَرُوْھُمْ مسلم مین جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرر قیامت سے پہلے جہوٹے لوگ ہونگے انسے بچیو ف مراد اس
حدیث سے مسیلمہ کذاب اور اسود اور سجاح اور طلیحہ اور مختار ہین جنہون نے جہوٹے پیغمبری کے

دعوے کیئے پر خدا نے انکو برباد کیا یا وہ لوگ ہین جنہون نے وضعی حدیثین بنائین اور حضرت کی
طرف نسبت کین اور علماء حدیث نے انکو چن چن کر نکال ڈالا ق ابو ہریرۃ ان ثلثۃ ق
فی بنی اسرائیل ابرص واقرع واعمی فاراد اللہ ان یبتلیہم فبعث الیہم
ملکا فاتی الابرص فقال ای شیء احب الیک قال لون حسن وجلد حسن
ویذہب عنی الذی قد قذرنی الناس قال فمسحہ فذہب عنہ فاعطی
واعطی لونا حسنا وجلدا حسنا قال فای المال احب الیک قال الابل
او قال البقر شک اسحق ابن عبد اللہ احد رواۃ ہذا الحدیث الا ان
الابرص او الاقرع قال احدہما الابل وقال الاخر البقر فاعطی ناقۃ
عشراء فقال بارک اللہ لک فیہا فاتی الاقرع فقال ای شیء احب الیک
قال شعر حسن ویذہب عنی ہذا الذی قد قذرنی الناس فمسحہ
فذہب عنہ واعطی شعرا حسنا قال فای المال احب الیک قال البقر فاعطی
بقرۃ حاملا قال بارک اللہ لک فیہا قال فاتی الاعمی فقال ای شیء احب
الیک قال ان یرد اللہ الی بصری فابصر بہ الناس قال فمسحہ فرد اللہ
الیہ بصرہ قال فای المال احب الیک قال الغنم فاعطی شاۃ والدا
فانتج ہذان وولد ہذا فکان لہذا واد من الابل ولہذا واد من البقر

ق ۳۲

وَلِهٰذَا وَادٍ مِنَ الْغَنَمِ قَالَ ثُمَّ اِنَّهُ اَتَى الْاَبْرَصَ فِي صُوْرَتِهٖ وَهَيْئَتِهٖ
فَقَالَ رَجُلٌ مِسْكِيْنٌ قَدِ انْقَطَعَتْ بِيَ الْحِبَالُ فِي سَفَرِيْ فَلَا بَلَاغَ لِيَ الْيَوْمَ
اِلَّا بِاللّٰهِ ثُمَّ بِكَ اَسْئَلُكَ بِالَّذِيْ اَعْطَاكَ اللَّوْنَ الْحَسَنَ وَالْجِلْدَ الْحَسَنَ
وَالْمَالَ بَعِيْرًا اَتَبَلَّغُ عَلَيْهِ فِيْ سَفَرِيْ فَقَالَ الْحُقُوْقُ كَثِيْرَةٌ فَقَالَ اَنَّهٗ كَاَنِّيْ
اَعْرِفُكَ اَلَمْ تَكُنْ اَبْرَصَ يَقْذَرُكَ النَّاسُ فَقِيْرًا فَاَعْطَاكَ اللّٰهُ فَقَالَ اِنَّمَا
وَرِثْتُ هٰذَا الْمَالَ كَابِرًا عَنْ كَابِرٍ فَقَالَ اِنْ كُنْتَ كَاذِبًا فَصَيَّرَكَ اللّٰهُ اِلٰى مَا
كُنْتَ قَالَ وَاَتَى الْاَقْرَعَ فِيْ صُوْرَتِهٖ وَهَيْئَتِهٖ فَقَالَ لَهٗ مِثْلَ مَا قَالَ لِهٰذَا
وَرَدَّ عَلَيْهِ مِثْلَ مَا رَدَّ عَلٰى هٰذَا فَقَالَ اِنْ كُنْتَ كَاذِبًا فَصَيَّرَكَ اللّٰهُ اِلٰى مَا
كُنْتَ قَالَ وَاَتَى الْاَعْمٰى فِيْ صُوْرَتِهٖ وَهَيْئَتِهٖ فَقَالَ رَجُلٌ مِسْكِيْنٌ وَ
ابْنُ السَّبِيْلِ انْقَطَعَتْ بِيَ الْحِبَالُ فِيْ سَفَرِيْ فَلَا بَلَاغَ لِيَ الْيَوْمَ اِلَّا بِاللّٰهِ ثُمَّ
بِكَ اَسْئَلُكَ بِالَّذِيْ رَدَّ عَلَيْكَ بَصَرَكَ شَاةً اَتَبَلَّغُ بِهَا فِيْ سَفَرِيْ فَقَالَ
قَدْ كُنْتُ اَعْمٰى فَرَدَّ اللّٰهُ اِلَيَّ بَصَرِيْ فَخُذْ مَا شِئْتَ وَدَعْ مَا شِئْتَ فَوَاللّٰهِ لَا
اَجْهَدُكَ الْيَوْمَ شَيْئًا اَتَّخِذُهٗ لِلّٰهِ وَيُرْوٰى لَا اَحْمَدُكَ الْيَوْمَ بِشَيْءٍ اَخَذْتَهٗ
لِلّٰهِ فَقَالَ اَمْسِكْ مَالَكَ فَاِنَّمَا ابْتُلِيْتُمْ قَدْ رَضِيَ عَنْكَ وَسَخِطَ عَلٰى صَاحِبَيْكَ

بخاری اور مسلم میں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ حضرت یعقوب کی

اولاد مین تین آدمی تہی ایک کوڑھی سفید داغ والا دوسرا گنجہ تیسرا اندہا سو خدا نے چاہا کہ
انکو آزماوی نو اُنکے پاس فرشتہ بہیجا سو وہ سفید داغ والے پاس آیا پہر اُسنے کہا کہ تجھکو کون
چیز بہت پیاری ہے اُسنے کہا کہ اچہا رنگ اور اچہی کہال اور مجھسے یہہ بیماری دور ہو جاوے جسکے
سبب لوگ مجھسی گہنیاتے ہین حضرت نے فرمایا کہ فرشتے نے اُسپر ہاتہہ ملا سو اُسکے گہن دور ہوئے
اور اسکو اچہا رنگ اور اچہی کہال دی گئی فرشتے نی کہا کون مال تجھکو بہت پسند ہے اُسنے کہا
اونٹ یا کای اسحق بن عبداللہ اس حدیث کے ایک راوی کو شک پڑ گیا کہ اُسنے اونٹ مانگا یا گای
لیکن سفید داغ والے یا گنجے نے اینمین ایک نے اونٹ کہا دوسرے نے گای سو اسکو دس مہینے کی
گابہن اونٹنی دی پہر کہا خدا تیرے واسطے اسمین برکت دے حضرت نے فرمایا پہر فرشتہ گنجہ پاس آیا سو
کہا کون چیز تجھکو بہت پسند ہے اُسنے کہا کہ اچہی بال اور یہہ بیماری جاتی رہے جسکے سبب
لوگ مجھسے گہنیاتے ہین پہر اُسنے اُسپر ہاتہہ ملا سو اُسکی بیماری دور ہو گئی اور اسکو اچہے بال
ملے فرشتے نے کہا کون مال تجھکو بہت پیارا ہے اُسنے کہا کہ گای سو اسکو گابہن گابہن ملی فرشتے نے
کہا کہ خدا تیرے مال مین برکت دے حضرت نے فرمایا کہ پہر فرشتہ اندہے پاس آیا سو کہا کہ تجھکو کون چیز
بہت پسند ہے اُسنے کہا کہ اللہ میری آنکہہ مین روشنی دے تو مین اُسکے سبب لوگون کو دیکہون
حضرت نے فرمایا پہر فرشتے نی اُسپر ہاتہہ ملا سو اسکو خدا نی روشنی دی فرشتے نے کہا کہ کون سا
مال تجھکو بہت پسند ہے اُسنے کہا بہیڑ بکری سو اسکو گابہن بکری ملی سو اونٹنی اور گای بہی بیاہی اور

بکری بھی جہی بہر ہوتے ہوتے سفید داغ والے کے جنگل بہر اوٹ ہوگئی اور گنجہ کے جنگل بہر گائے
بیل ہوگئی اور اندھے کے جنگل بہر بکریان ہوگئین حضرت نے فرمایا بعد مدت کے فرشتہ سفید داغ والے
پاس اپنی اگلی صورت اور شکل مین آیا سو اُسنے کہا کہ مین محتاج آدمی ہون سفر مین میرے سب سبب
کٹ گئی سو آج منزل پر پہنچا تجھکو نہیں بدون خدا کے مدد پہر بدون تیری کرم کئی مین تجھسے
مانگتا ہون اُسکے نام پر جسنے تجھکو ستھرا رنگ اور ستھری کہال دی اور مال اونٹ دئے
ایک سواری مانگتا ہون جو میرے سفر مین کام آوے اُسنے کہا کہ لوگون کے حق مجھپر بہت ہین
یعنی قرض دار ہون یا کہر بار کے خرچ سے مال زیادہ نہین جو تجھکو دون پہر فرشتے نے کہا کہ البتہ
مین تجھکو کچھ پہچانتا سا ہون بہلا کیا تو محتاج کوڑھی نہ تہا کہ تجھسے لوگ گھبراتے تہے پہر خدا نے
اپنے فضل سے یہہ مال دیا پہر اُسنے جواب دیا کہ مین نے یہہ مال پایا ہے اپنے باپ دادا سے جو
پشتہا پشت کی نامی سردار تہے فرشتے نے کہا کہ اگر تو جہوٹا ہو تو خدا تجھکو ویسا ہی کر ڈالے
جیسا تو تہا حضرت نے فرمایا پہر فرشتہ گنجے کے پاس آیا اُسی اپنی صورت اور شکل مین پہر اُس سے کہا
جیسا سفید داغ والے سے کہا اُسنے بہی جواب دیا جیسا اُسنے جواب دیا تہا فرشتے نے کہا کہ اگر تو
جہوٹا ہو تو خدا تجھکو ویسا ہی کر ڈالے جیسا تو تہا حضرت نے فرمایا اور فرشتہ اندہے پاس گیا
اپنی اُسی صورت اور شکل مین پہر فرشتے نے کہا کہ مین محتاج آدمی اور مسافر ہون میرے سفر مین سب
وسیلے اور تدبیرین کٹ گئین سو مجھکو آج پہنچنا بغیر مدد الٰہی اور اُسکے بعد بدون تیرے کرم کے مشکل ہے

سو مین تجھسے اس خدا کی نام پر جسنے تجھکو آنکھہ دی ایک بکری مانگتا ہون کہ میرے سفر مین وہ کام
آوے اُس نی کہا کہ مقرر مین نہ رہا تہا سو خدا نی مجھکو آنکھہ دی سو لیجا اِن بکریون مین سے جتنا تیرا جی چاہے
اور چھوڑ جا جتنا تیرا جی چاہے سو قسم خدا کی آج جو چیز تو راہ خدا مین لیویگا مین تجھکو شکل مین
نڈالون گا یعنی تیرا ہتہہ نہ پکڑون گا اور دوسری روایت مین یون ہے کہ سہ لینی مین اگر کچھہ تو چھوڑیگا
تو مین تیری تعریف نکرونگا یعنی مین نہ لینے سے کچھہ خوش نہونگا اور تیری بی پروائی کی تعریف بہی نکرونگا
سو فقیر نی کہا لی اپنا مال رکھہ تم تینو آدمی تو صرف آزمائے گئے تہے سو تجھسے تو البتہ خدا
راضی ہوا اور تیرے دونون ساتھیون سے ناخوش ہوا **اف** اِس حدیث مین بندے شکر گذار اور ناشکر
شناس کا بیان ہے بلکہ اگر غور کیجئی تو یہہ حدیث سارے عالم کے حال مین ہے یعنے ہم سب لوگ اول
کچھہ حقیقت نہ تہے جان مال صحت علم حکومت محض اُسکے کرم سے سبکو ملی سو جو ہوشیار ہے وہ اپنی
حقیقت اور خدا کا کرم لوجہہ کر شکر گذار رہے اور جو احمق ہے وہ اپنی حقیقت اور خدا کی کرم کو بہول کر
اپنے سلیقہ اور تدبیر اور خاندانی ریاست پر مغرور رہے تو خدا سے دور ہے **قولہ** وَعَنْ مَيْمُونَةَ اَنَّ جِبْرَئِيلَ ۳۲۹ م
كَانَ وَعَدَنِي اَنْ يَلْقَانِي اللَّيْلَةَ فَلَمْ يَلْقَنِي اَمَا وَاللّٰهِ مَا اَخْلَفَنِي سلم مین حضرت
میمونہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرر جبرئیل نے مجھسے ملاقات کا آج کی رات وعدہ
کیا تہا سو مجھسے ملاقات نہین کی یہہ جانو کہ قسم خدا کی کہ اُسنے مجھسے کبہی وعدہ خلاف نہین کیا **اف**
حضرت میمونہ سے روایت ہے کہ حضرت ایک روز غمگین اور ملول اُٹہے مین نے عرض کی یا رسول اللہ آج حضرت کو

کیوان رنج ہے تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی سو وہ دن اُسی طرح گذرا پہر حضرت کے جی مین آیا
کہ چاہ پانی کے نیچے کُتّی کا پلّا ہے پہر حضرت نے اسکو نکلوا دیا یہہ اپنے ذہہ سے وہان پانی پہر کا
جو رات ہوئی جبرئیل علیہ السلام سے ملاقات ہوئی حضرت نے اُنکے نہ آنے کا سبب پوچھا جبرئیل نے کہا
کہ ہمکو حکم نہین اُس گھر مین جانے کا جہان تصویر اور کُتّا ہو وے پہر حضرت نے صبح کو کُتّون کے مارڈالنے کا
حکم کیا م اُمّ سلمہ اَنَّ حَمْزَةَ اَخِیْ مِنَ الرَّضَاعَةِ عَنہ سلم مین حضرت ام سلمہ سے روایت ہے کہ حضرت نے م
فرمایا کہ مغوز حمزہ میرا دودہ شریک بہائی ہے ف امیر حمزہ، حضرت کے چچا تھے لوگون نے حضرت سے
کہا کہ آپ حمزہ کی بیٹی سے نکاح کیجئے تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی ف یعنی دودہ کے رشتے سے
وہ میری بھتیجی ہوئی تو نکاح درست نہین م حُذَیْفَةُ بْنُ الْیَمَانِ اِنَّ حَوْضِیْ کَبُعْدِ م ۳۱
مِنْ اَیْلَةَ مِنْ عَدَنَ وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہٖ اِنِّیْ لَاَذُوْدُ عَنْہُ الرِّجَالَ کَمَا یَذُوْدُ
الرَّجُلُ الْاِبِلَ الْغَرِیْبَةَ عَنْ حَوْضِہٖ سلم مین حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ البتہ میرا حوض کوثر کا فرون سے بہت دور ہو گا جیسے شہر ایلہ شہر عدن سے دور ہے قسم ہے
اُسکی جسکے قابو مین میری جان ہے کہ مین مقرر کا فرلوگون کو اس حوض سے ایسے ہانکون گا جیسے مرد اپنے حوض سے
بیگانے اونٹ کو ہانکتا ہے ف ایلہ شام مین ایک شہر کا نام ہے اور عدن یمن مین ایک
شہر کا نام ہے یعنے جیسے ایلہ عدن سے بہت دور ہے ویسے کافر میرے حوض سے دور رہین گے
اسکا پانی اُنکے نصیب مین نہین یا یہہ مطلب کہ میرا حوض اتنا لمبا چوڑا ہے جیسے ایلہ سے

عدن

عدن تک یعنی باوجود اس وسعت کے کافر اُسمے بی نصیب ہین **ھ** عَائِشَةَ اِنَّ حَيْضَتَكِ
لَيْسَتْ فِيْ يَدِكِ قَالَهَا سلم مین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
کہ اللہ نے حیض تیرے ہاتھ مین نہین لگا ہے یہہ حضرت عائشہ سے فرمایا **ف** ایکبار حضرت نے حضرت
عائشہ سے فرمایا کہ مجھکو چٹائی کی جانماز لادے مسجد سے حضرت عائشہ نے کہا کہ مجھکو حیض کی حالت ہے یعنے
اس حالت مین مسجد کی اندر نہو کر جاوون تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنے قدم مسجد سے باہر رکھہ اہاتھہ
بڑہا کر جانماز اُٹھالے **خ** اَلْمِسْوَرُ بْنُ مَخْرَمَةَ وَمَرْوَانُ بْنُ الْحَكَمِ اِنَّ خَالِدَ بْنَ الْوَلِيْدِ
بِالْغَمِيْمِ فِيْ خَيْلٍ لِقُرَيْشٍ طَلِيْعَةً فَخُذُوْا ذَاتَ الْيَمِيْنِ قَالَهُ زَمَنَ الْحُدَيْبِيَةِ بخاری مین
مسور اور مروان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا جس سال صلح حدیبیہ ہوئی کہ خالد بن
ولید قریش کے سوارون کو لیکر غمیم مین آکر روکے پڑا ہے سو تم کترا چلو داہنی طرف کی راہ لو **ف**
غمیم اور حدیبیہ دو مقام ہین مکے کے پاس حضرت نے فتح مکے سے پہلے عمرہ کا ارادہ کیا اور چاہا کہ
بے اطلاع قریش کے مکی مین آ چانک داخل ہوین راہ مین حضرت کو خالد کا حال معلوم ہوا تب
یہہ حدیث فرمائی پہر اُس سال کافرون نے حضرت کو مکے جانے سے روکا صلح کرکے حضرت پلٹ آئے
صلح کا قصہ آگے معلوم ہوگا خالد بن ولید اسوقت تک ایمان نہ لائے تہے ہرچند مروان ناصبی مذہب
یعنے مخالف اہل بیت تہا لیکن بخاری مین اُسکی روایت ضمناً آئی ہے یعنی مسور کی تہا چنانچہ
اس حدیث مین علاوہ اسکے یہہ قصہ حدیبیہ کی روایت سے کچھہ مقام تہمت نہین **خ** اَبُوْ هُرَيْرَةَ

اِنَّ دَاوٗدَ النَّبِیَّ صَلَوٰتُ اللّٰہِ وَسَلَامُہٗ عَلَیْہِ کَانَ لَا یَاْکُلُ اِلَّا مِنْ عَمَلِ یَدِہٖ

بخاری مین ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ داود پیغمبر علیہ الصلوٰۃ والسلام نہین کہاتے تھے مگر اپنے ہاتھ کے کام سے **ف** روایت ہے کہ حضرت داود علیہ السلام کا معمول تہا کہ رات کو گشت کرتے تھے اور اپنا حال لوگون سے پوچھتے پھرتے تھے اگر کوئی نامناسب بات معلوم ہوتی اسکو بدل ڈالتے ایک رات ایک بڈھی عورت سے پوچھا کہ داود کیسا آدمی ہے اُسنے کہا کہ ملک کے محصول سے کہاتا ہے آدمی تو خوب ہے اگر اپنی ہاتھ کی محنت سے کہایا کرے پھر اسوقت سے حضرت داود علیہ السلام نے محنت شروع کی خدا نے لوہے کے واسطے لوہے کو نرم کردیا تہا اپنے ہاتھ سے اسکی زرہ بناتے اور بیچ کر کہاتے

۳۳۰ م

**م** جَابِرٌ اِنَّ دِمَاءَکُمْ وَاَمْوَالَکُمْ حَرَامٌ عَلَیْکُمْ کَحُرْمَۃِ یَوْمِکُمْ ھٰذَا فِیْ شَھْرِکُمْ ھٰذَا فِیْ بَلَدِکُمْ ھٰذَا اَلَا کُلُّ شَیْءٍ مِنْ اَمْرِ الْجَاھِلِیَّۃِ تَحْتَ قَدَمَیَّ مَوْضُوْعٌ وَدِمَاءُ الْجَاھِلِیَّۃِ مَوْضُوْعَۃٌ وَاِنَّ اَوَّلَ دَمٍ اَضَعُ مِنْ دِمَائِنَا دَمُ بْنُ رَبِیْعَۃَ بْنِ الْحَارِثِ کَانَ مُسْتَرْضِعًا فِیْ بَنِیْ سَعْدٍ فَقَتَلَتْہُ ھُذَیْلٌ وَرِبَا الْجَاھِلِیَّۃِ مَوْضُوْعٌ وَاَوَّلُ رِبًا اَضَعُ مِنْ رِبَائِنَا رِبَا الْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ فَاِنَّہٗ مَوْضُوْعٌ کُلُّہٗ فَاتَّقُوا اللّٰہَ فِی النِّسَاءِ فَاِنَّکُمْ اَخَذْتُمُوْھُنَّ بِاَمَانِ اللّٰہِ وَاسْتَحْلَلْتُمْ فُرُوْجَھُنَّ بِکَلِمَۃِ اللّٰہِ وَلَکُمْ عَلَیْھِنَّ اَنْ لَا یُوْطِئْنَ فُرُشَکُمْ اَحَدًا تَکْرَھُوْنَہٗ فَاِنْ فَعَلْنَ ذٰلِکَ فَاضْرِبُوْھُنَّ ضَرْبًا

عہ غیر ہا

غَيْرَ مُبَرِّحٍ وَلَهُنَّ عَلَيْكُمْ رِزْقُهُنَّ وَكِسْوَتُهُنَّ بِالْمَعْرُوفِ وَقَدْ تَرَكْتُ فِيكُمْ مَا
لَنْ تَضِلُّوا بَعْدَهُ إِنِ اعْتَصَمْتُمْ بِهِ كِتَابَ اللّٰهِ وَأَنْتُمْ تُسْأَلُونَ عَنِّي فَمَا أَنْتُمْ
قَائِلُونَ قَالُوا نَشْهَدُ أَنَّكَ قَدْ بَلَّغْتَ وَأَدَّيْتَ وَنَصَحْتَ فَقَالَ بِإِصْبَعِهِ
السَّبَّابَةِ يَرْفَعُهَا إِلَى السَّمَاءِ وَيَنْكُبُهَا إِلَى النَّاسِ اللّٰهُمَّ اشْهَدْ اللّٰهُمَّ اشْهَدْ
اللّٰهُمَّ اشْهَدْ مسلم مین جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا حج مین عرفے کے دن
کہ مقرر تمہارے خون اور تمہارے مال تم پر حرام ہین جیسی اس دن کو تمہارے حرمت ہے اس تمہارے
مہینے مین اس تمہاری بستی مین یعنی جیسے کہ مین اور ذی الحجہ کی مہینے مین عرفہ کا دن حرام ہے اسمین
زیادتی کسی طرح درست نہین اسی طرح اپنے جانون اور مالون کو حرام جانو کسی کو دوسرے مسلمان کی
ناحق جان مارنا اور مال کا چھین لینا درست نہین جان رکھو کہ حالت کفر کی ہر چیز میرے دونون قدمون کے
نیچے دب گئی یعنی کفر کی باطل رسمین جیسی نوحہ کرنا نجومی کو پوچھنا نسب مین طعنہ کرنا موقوف ہوگئین
اور جو کفر کی حالت مین خون ہوئے دبا ڈالے گئے یعنی اب اسکا دعوی کرنا درست نہین اور البتہ اپنی
برادری کے خونون سے پہلا خون جسکو مین دبا ڈالتا ہون ربیعہ بن حارث کے بیٹے کا خون ہے جو دودھ
پیتا تھا یعنی بنی سعد کی قوم مین اور اسکو مار ڈالا تھا ہذیل کی قوم نے اور وقت کفر کا بیاج ڈبا گیا
اور اپنے خاندان کی بیاجون سے جو اول بیاج کو مین دباتا ہون سو چچا عباس بن عبد المطلب کا
بیاج ہے سو وہ سب دبا ڈالا گیا یعنی بیاج کا اب لینا دینا حرام ہوگیا صرف اصل قرض لینا دینا

چاہیئے سو ڈرو اللہ سے عورتون کے مقدمہ مین یعنی انکو ناحق رنج نہ دو اسواسطے کہ تم نے انکو اپنی قابو مین
کیا ہے خدا کے امان سے اور انکی شرمگاہ کو تم نے حلال کیا ہے خدا کی حکم سے اور تمہارا حق انپر یہہ ہے
کہ جسکو تم نہ چاہو اسکو تمہاری گہر مین نہ آنے دیوین سو اگر وہ ایسا کرین سو انکو ایسی مارو مارو
جسسے ہلاک نہو جاوین اور عورتون کا تمپر دستور کی موافق کہانا کپڑا دینے کا حق ہے اور مقرر مین
تم لوگون مین وہ چیز چہوڑے جاتا ہون کہ اُسکے بعد تم کبہی گمراہ نہوگے اگر اُسکو خوب پکڑے
رہوگے اور اُسپر عمل کروگے وہ چیز خدا کی کتاب ہے یعنے قرآن شریف اور تم لوگ قیامت مین
مجھسے پوچھے جاوگی سو تم کیا کہتے ہو لوگون نے کہا کہ ہم گواہی دیتے ہین کہ اپنے خدا کا پیغام
ہمکو پہنچایا اور بخوبی ادا کیا اور نصیحت کی سو حضرت نے کلمہ کی انگلی آسمان کی طرف اٹہاکر اور لوگونکی
طرف جہکاکر فرمایا کہ خداوندا گواہ رہیو خداوندا گواہ رہیو خداوندا گواہ رہیو **ف** ہجرت کے
دسوین سال حضرت نے حج کیا عرب کے ہزارون آدمی جمع تہے اُسوقت حضرت نے یہہ خطبہ پڑہا ناحق
خون اور پرائے مال لینے سے روکا اور کفر کی رسمون سے منع کیا اور پچہلے خون کے دعوے اور لگے
بیاج باطل کئے بلکہ اپنی خاندان سے پہلے انکو موقوف کیا پہر عورو خاوند کی حق بتلائے پہر
اشارہ اپنی موت کا کیا اور فرمایا کہ اگر قرآن پر چلوگے تو گمراہ نہوگے پہر لوگون سے اپنی پیغام
رسانی کا اقرار لیا اور خدا کو اُسپر گواہ کیا اس خطبہ کے بعد حضرت دو مہینے اور بیس دن
صحیح اور سالم رہے پہر آخر صفر مین بیمار ہوئے بارہوین ربیع الاول کے انتقال کیا اللہم صل و

سلم

خ ۳۶ وسلم علیہ خ خولۃ بنت تامر ان رجالا یتخوضون فی مال اللہ بغیر حق
فلھم النار یوم القیمۃ بخاری مین خولہ بنت تامر رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
کہ مقرر جو لوگ کہ گھسے پڑتے ہین خدا کی مال مین ناحق یعنی لوٹے کہا ہین انکے لئی قیامت مین
آگ ہے ف یعنی بیت المال سے سوای مستحقون کے اور کسی کو لینا درست نہین خ ابوھریرۃ
خ ۳۷ ان رجلا رأی کلبا یأکل الثری من العطش فاخذ الرجل خفہ فجعل یغرف
لہ بہ حتی ارواہ فشکر اللہ لہ فادخلہ الجنۃ بخاری مین ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ البتہ ایک مرد نے کتی کو دیکھا کہ پیاس کے مارے کیچڑ کہاتا تھا
سو اُس مرد نے اپنا موزہ لیکر اُسمین پانی بھر کر اُسکو پلایا یہان تک کہ اُسکو چھکایا سو خدا نے
اُسکی محنت ٹھکانے لگائی پھر اُسکو بہشت مین داخل کیا ھ ابوھریرۃ ان رجلا زار اخا لہ
۳۳۸ ھ فی قریۃ اخری فارصد اللہ علی مدرجہ ملکا فلما اتی علیہ قال این
ترید قال ارید اخا لی فی ھذہ القریۃ قال ھل لک علیہ من نعمۃ تربھا
قال لا غیر انی احببتہ فی اللہ قال فانی رسول اللہ الیک بان اللہ قد
احبک کما احببتہ فیہ مسلم مین ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
کہ البتہ ایک مرد تھا اُسنے اپنے بھائی مُسلمان کی جو دوسرے بستی مین رہتا تھا ملاقات کا ارادہ
کیا سو خدا نے اُسکی راہ مین ایک فرشتہ بٹھلا رکھا جب اُسکے پاس آیا تو فرشتے نے پوچھا کہ تو

کدہر جایا چاہتا ہے اُسنے کہا اس بستی مین اپنے بہائی کو ملا چاہتا ہون فرشتے نے کہا کچھ تیرا اُسپر
احسان ہے جسکو بڑہایا چاہتا ہے اُسنے کہا نہین صرف مین اُسسے خدا کے واسطے محبت رکہتا ہون
فرشتے نے کہا مین خدا کا بہیجا ہوا ہون تیرے پاس یہ پیغام لیکر آیا ہون کہ خدا نے تجہکو دوست رکہا جیسا
تو اُسکو خدا کی واسطے دوست رکہتا ہے ف اس حدیث سے معلوم ہوا کہ بے دنیا کے لگاؤ
کسی دیندار سے لہ محبت رکہنا بڑی عمدہ بات ہے خ ابو ہریرۃ ان رجلا من اہل الجنۃ ۳۴۴ خ
استاذن ربہ فی الزرع فقال لہ اولست فیما اشتہیت قال بلی ولکنی
احب ان ازرع فاسرع وبذر فبادر الطرف نباتہ واستواءہ واستحصادہ
وتکویرہ امثال الجبال فیقول اللہ دونک یا ابن ادم فانہ لا یشبعک
شیئ بخاری مین ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ایک بہشتی مرد نے اپنے
رب سے کہیتی کرنے کی اجازت مانگی سو خدا نے فرمایا کہ کیا تجہکو حاصل نہین جو تیرا جی چاہتا ہے
اُسنے کہا کہ کیون نہین سب کچھ موجود ہے لیکن کہیتی ہی کرنا بہت بہاتا ہے پہر اُسنے جلدی کی
اور بیج بویا سو اُسکے جمنے اور زور پکڑنے اور کٹنے اور پہاڑون برابر ڈہیر لگ جانے
پلک مارنے سی یہی شتابی کی یعنی ہنوز پلک نہ جہپکی تہی کہ یہہ سب کام ہو گئی پہر خدا فرماوگا
اُسکو اے آدم کی بیٹے تیرے پیٹ کو کوئی چیز نہ بہر سکے گی ف اس حدیث سے معلوم ہوا
کہ بہشتی جو چاہے کاسو پاوے گا خ ابو ہریرۃ ان رجلا من بنی اسرائیل ۳۴۵ خ

سأل بعض بني اسرائيل ان يسلفه الف دينار فقال ائتني بالشهداء
اشهدهم فقال كفى بالله شهيدا قال فائتني بالكفيل قال كفى بالله كفيلا
قال صدقت فدفعها اليه الى اجل مسمى فخرج في البحر فقضى حاجته ثم
التمس مركبا يركب يقدم عليه للاجل الذي اجله فلم يجد مركبا فاخذ
خشبة فنقرها فادخل فيها الف دينار وصحيفة منه الى صاحبه ثم زجج
موضعها ثم اتى بها الى البحر فقال اللهم انك تعلم اني تسلفت من فلان الف
دينار فسألني كفيلا فقلت كفى بالله كفيلا فرضي بك وسألني شهيدا
فقلت كفى بالله شهيدا فرضي بك واني جهدت ان اجد مركبا ابعث اليه
الذي له فلم اقدر وانى استودعتكها فرمى بها في البحر حتى ولجت فيه
ثم انصرف وهو في ذلك يلتمس مركبا يخرج الى بلده فخرج الرجل الذي كان
اسلفه ينظر لعل مركبا قد جاء بماله فاذا بالخشبة التي فيها المال
فاخذها لاهله حطبا فلما نشرها وجد المال والصحيفة ثم قدم الذي
كان اسلفه فاتى بالالف دينار وقال والله ما زلت جاهدا في طلب
مركب لاتيك بمالك فما وجدت مركبا قبل الذي اتيت فيه قال هل
كنت بعثت الي بشيء قال اخبرك اني لم اجد مركبا قبل الذي جئت فيه

قال فان اللہ قد ادی عنک المال الذی بعثت والخشبۃ فانصرف بالف

دینار راشدا بخاری مین ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ قوم بنی اسرائیل

مین ایک شخص نے دوسرے بنی اسرائیل سے ہزار اشرفیان قرض مانگین سو اُسنے کہا گواہون کو لا

کہ انکو قرض کا گواہ کرون تو اُسنے کہا کہ خدا کا گواہ ہونا کفایت کرتا ہے قرض دینے والے نے

کہا تو کوئی ضامن ہے کو لا اُسنے کہا خدا کا ضامن ہونا کفایت کرتا ہے اُسنے کہا تو نے سچ کہا

پھر اُسکو ہزار اشرفیان کچھ مدت ٹہرا کر دین سو وہ سوداگری کی واسطے سمندر کی سفر مین گیا سوا اپنے

کام سے فراغت کر چکا پھر اُسنے جہاز کی تلاش کی تا سوار ہو کر مقرر مدت کے اندر قرض دینے والے کے

پاس آوے سو اُسنے کوئی جہاز نپایا تو ایک لکڑی کو لیکر کریدا پھر اُسمین ہزار اشرفیون کو پھرا

اور ایک اپنا خط قرض دینے والے کے نام کا اُسمین ڈالا پھر اُسکی مہری کو خوب بند کیا اور سمندر پر

لے آیا پھر کہا کہ خداوندا تو جانتا ہے کہ مین نے فلانے سے ہزار اشرفیان قرض لین تہین سو اُسنے

مجھسے ضامن مانگا نہا مین نے کہا تہا کہ خدا کا ضامن ہونا کفایت کرتا ہے وہ تیری ضامنی سے

راضی ہو گیا تہا پھر اُسنے کوا مانگا مین نے کہا کہ خدا کی گواہی کفایت کرتی ہے سو وہ تیری

گواہی سے راضی ہو گیا تہا اور مین نے بہت دوڑ دہوپ کی کہ کوئی جہاز پاؤن تا اُسکا قرض

پہیچون سو مین نے نہ پایا اب تجھکو مین اس لکڑی کو امانت سپرد کرتا ہون پھر اُسکو سمندر مین

اُسنے ڈال دیا یہان تک کہ وہ ڈوب گئی پھر وہان سے پلٹ آیا اور لوٹنے کی وقت بہی

قرض دون وقت نقصان جب وجوب ضمان قرض

جہاز

جہاز کی تلاش مین رہا تہا تاکہ اُسکے شہر کو جاوے سو دیکہنے نکلا وہ مرد جسنے قرض دیا تہا کہ شاید
کوئی جہاز اُسکا قرض مال لایا ہو سو اُسنے یکایک اُس لکڑی کو دیکہا جسمین مال تہا سو اسکو اپنے
گہر والون کے جلانے کے واسطے لیا پہر جب اُسکو چیرا مال اور خط کو پایا پہر بعد مدت کے جسپر قرض تہا
وہ آیا اور ہزار اشرفیان لایا اور کہا قسم خدا کی مین ہمیشہ جہاز کی تلاش مین دوڑا رہا پایا
کہ مین تیرے پاس تیرا مال لاون سو اُسوقت کی آنے سے پہلے مین نی کوئی جہاز نیا یا قرض دینے والے نے
کہا کہ کیا تو نے میری پاس کچہہ بہیجا تہا اُسنے کہا مین تجہکو خبر دیتا ہون کہ مین نے اپنے آنے سے پہلے
کوئی جہاز نیا یا قرض دینے والے نے کہا خیر حال معلوم ہوا اسلیئے کہ خدا نی تیری طرف سے جو مال کہ تو نے
لکڑی کے ساتہہ بہیجا تہا سو پہنچا دیا سو اب تو اپنی ہزار اشرفیان لیکر خیریت سے پہر جا ف اس
حدیث مین راست معاملگی اور امانت داری کی خوبی کا بیان ہے معلوم ہوا کہ جسنے سچا بہروسا خدا پر
کیا اُسکو ٹوٹا نہین پڑتا اس حدیث سے ثابت ہوا کہ قرض مین وعدہ مقرر کرنا درست ہے لیکن امام
اعظم اور شافعی کا یہہ مذہب ہے کہ قرض کی مدت لازم نہین مالک اگر چاہے تو مدت سے پہلے قرض
مانگ لیوے اور امام مالک کے نزدیک مدت کے قبل تقاضا درست نہین ق عَائِشَةَ
اِنَّ رُوحَ الْقُدُسِ لَا يَزَالُ يُؤَيِّدُكَ مَا نَافَحْتَ عَنِ اللّٰهِ وَرَسُولِهٖ قَالَهُ لِحَسَّانِ
بْنِ ثَابِتٍ بخاری اور مسلم مین حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرب جبرئیل
تیری ہمیشہ مدد کیا کرتا ہے جیسے کہ تو نی خدا اور اُسکے رسول کی طرف سے جواب دہی کی ہے یہہ حضرت نے حسان

ف ۳۴۱

بن ثابت سے فرمایا ف کافرون نے حضرت کی ایکبار ہجو کی تھی حضرت نے حسان صحابی جو بڑے شاعر
تھے فرمایا کہ تم انکو جواب دو حسان نے چند بیتوں میں انکی خوب ہجو کی تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی
ف ۳۴۴ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ شعر کہنا درست ہے بشرطیکہ اسکا مضمون شرع کی مخالف نہو ق ابوذر ان
شدۃ الحر من فیح جہنم فاذا اشتد الحر فابردوا عن الصلوٰۃ بخاری اور مسلم میں
ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ گرمی کی سختی دوزخ کی جوش اور اُبال سے ہے سو جب خوب
گرمی ہوا کرے تو ٹھنڈے وقت نماز پڑھا کرو ف یعنی اس عالم کی گرمی دوزخ کی گرمی کا نمونہ ہے
اور جوش غضب کا وقت ہے تو ٹھنڈے وقت نماز پڑھنا چاہئے اس حدیث سے معلوم ہوا کہ گرمی کے
موسم میں ظہر کی نماز اول وقت مستحب نہیں ٹھنڈے وقت پڑھے یہی مذہب ہے امام اعظم کا
ق ۳۴۵ ق ان اشر الناس عند اللہ یوم القیمۃ عبدا اذھب اٰخرتہ بدنیا
غیرہ بخاری اور مسلم میں حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ سب آدمیوں سے بدتر قیامت میں
خدا کے نزدیک وہ بندہ ہے کہ غیر شخص کی دنیا کے واسطے اپنی آخرت کو برباد کرے ف جیسے ہوٹھی
ف ۳۴۶ گواہی دیکر کسی کو مال دلا دیوے تو اسکو دنیا ملی اسکی آخرت ناحق برباد ہوئی ق عائشہ ان شر
الناس عند اللہ منزلۃ یوم القیمۃ من ترکہ الناس اتقاء فحشہ ویروی
من ترکہ بخاری اور مسلم میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرر
سب آدمیوں سے بدتر خدا کے نزدیک مرتبے میں قیامت کے دن وہ آدمی ہے جسکا لوگ ملنا چھوڑ دیں

اسکی زبان درازی اور گالی کے ڈر سے اور ایک روایتہین من فرقہ کی جگہ من ترکہ آیا ہے مطلب
دونون کا ایک ہے ۳۴۵ م عَنْ عَمَّارٍ اِنَّ طُوْلَ صَلٰوۃِ الرَّجُلِ وَقِصَرَ خُطْبَتِہٖ مَئِنَّۃٌ مِّنْ فِقْہِہٖ
فَاَطِیْلُوا الصَّلٰوۃَ وَاقْصُرُوا الْخُطْبَۃَ مسلم مین عمار رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ البتہ نماز کو بڑہانا مرد کا اور خطبے کو گھٹانا پتا ہے اسکی دانائی اور عقلمندی کا سو تم
نماز کو بڑہایا کرو اور خطبی کو مختصر اور کم کرکے پڑہا کرو ف خطبہ مسلمانون کی نصیحت کے واسطے
ہے کہ عبادت پر مستعد رہین اور نماز خود عبادت ہے تو جتنے بقدر ضرورت تہوڑا خطبہ پڑہا اور
نماز کو بڑہایا تو وہ عقلمند ہے کہ اصل مطلب کو سمجھ گیا اور جنے خطبی کو بہت لمبا چوڑا پڑہا اور نماز کو
گھٹایا جیسا اس زمانی مین اکثر ناواقف امام کرتی ہین وہ نادان ہے کہ لوگون کو تو خطبی مین اطاعت
شرع اور عبادت کی نصیحت کرتا ہے اور آپ عمل نہین کرتا کہ نماز سی عمدہ عبادت مین جلدی مچاتا ہے
اس حدیث سے صاف معلوم ہوا کہ خطبہ لمبا چوڑا پڑہنا اور نماز مین جلدی کرنا نہایت مکروہ ہے
اور صاف ممانعت ہے ق ابْنُ عُمَرَ اِنَّ عَاشُوْرَاءَ یَوْمٌ مِّنْ اَیَّامِ اللّٰہِ فَمَنْ شَاءَ صَامَہٗ ق
بخاری اور مسلم مین عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ محرم کی دسوین
تاریخ خدا کے دنون سے ایک وہ ہی دن ہے سو جو چاہے اسکا روزہ رکہے ف یعنی اس
دن کا روزہ فرض نہین سنت ہے ۳۴۶ م عُثْمَانُ وَعَائِشَۃُ اِنَّ عُثْمَانَ رَجُلٌ حَیِیٌّ وَ
اِنِّیْ خَشِیْتُ اَنْ اَذِنْتُ لَہٗ عَلٰی تِلْکَ الْحَالِ اَنْ لَّا یَبْلُغَ اِلَیَّ فِیْ حَاجَتِہٖ ؕ

مسلم مین حضرت عثمان اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ عثمان نہایت
مرد شرم والا ہے اور مین اس حالت مین ڈرا کہ اسکو بلاؤن شاید وہ اپنے مطلب کو مجھ تک نہ پہنچا سکے
ف حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت ایک روز گھر مین دونون پنڈلیان کھولے لیٹی تھے
اتنے مین صدیق اکبر دروازے پر آئے حضرت نے انکو بلایا اور ویسے لیٹے رہے پھر عمر فاروق آئے
انکو بھی اسی حال مین بلایا پھر حضرت عثمان آئے تو حضرت نے اٹھ کر اپنے کپڑے پہن کے انکو بلایا وہ جب
سب باہر گئی تو مین نے پوچھا یا حضرت صدیق اکبر آئے آپ ویسے ہی لیٹے رہے عمر فاروق آئے
تو بھی ویسے ہی لیٹے رہے عثمان کے آتے ہی اپنے کپڑے پہنے اسکا کیا سبب ہے تب حضرت نے یہہ
حدیث فرمائی یعنی عثمان جیا کے سبب اتنا بدن نہین کھولتا ہے مبادا میرا کھلا بدن دیکھ کر اپنا مطلب
۳۴۸ جیا سے نہ کہہ سکے ھ اَبُو الدَّرْدَاءِ اِنَّ عَدُوَّ اللّٰهِ اِبْلِيْسَ جَاءَ بِشُهَابٍ مِّنْ نَّارٍ لِيَجْعَلَهُ
فِيْ وَجْهِيْ فَقُلْتُ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْكَ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ قُلْتُ اَلْعَنُكَ بِلَعْنَةِ اللّٰهِ
التَّامَّةِ فَلَمْ يَتَاَخَّرْ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ اَرَدْتُ اَخْذَهُ وَاللّٰهِ لَوْلَا دَعْوَةُ اَخِيْنَا سُلَيْمَانَ
لَاَصْبَحَ مُوْثَقًا يَلْعَبُ بِهِ وِلْدَانُ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ مسلم مین ابو درداء سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ البتہ خدا کا دشمن شیطان ایک شعلہ آگ کا لایا تھا کہ میرے منہ مین لگا دے سو مین نے
تین بار کہا کہ مین خدا کی پناہ مانگتا ہون تجھسے پھر مین نے تین بار کہا کہ مین خدا کی پناہ مانگتا ہون
تجھسے پھر مین نے تین بار کہا کہ مین خدا کی پوری لعنت تجھپر بھیجتا ہون پھر بھی نہ ہٹا پھر مین نے

اسکا

اسکا پکڑنا چاہا قسم خدا کی اگر ہمارے سلیمان بھائی دعا نکر گئے ہوتے تو وہ صبح کو بندھا پڑا ہوتا
کہ بچے کے لڑکے اُسے کھیلتے ف حضرت سلیمان کی دعا کا مطلب اکلی حدیث میں آتا ہے :

ق ابوھریرۃ ان عفریتا من الجن تفلت علی البارحۃ لیقطع علی صلوتی ق ۳۴۹
فامکننی اللہ منہ فاخذتہ فاردت ان اربطہ علی سارےۃ من سواری المسجد
حتی تنظروا الیہ کلکم فذکرت دعوۃ اخی سلیمان رب اغفرلی وھب لی ملکا
لا ینبغی لاحد من بعدی فردتہ خاسئا بخاری اور مسلم میں ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جنوں میں سے ایک راکس رات کو میرے آگے گھس پڑا میری نماز توڑنے کو
سو خدا نے اسکو میرے قابو میں کر دیا پھر میں نے اسکو پکڑ لیا سو میں نے چاہا کہ مسجد کے کھنبوں سے کسی کھنبے میں
باندھ دوں تاکہ تم سب لوگ اسکو دیکھو پھر مجھکو یاد پڑ گئی اپنے سلیمان بھائی کی دعا وہ یہ دعا
تھی کہ ای میرے رب میری مغفرت کر اور مجھکو ایسی بادشاہی کر میرے بعد پھر کسی کو ویسی نہ ملے حضرت نے
فرمایا پھر میں نے اسکو دھکیل دیا دُور کر کے ف جن اور دیو حضرت سلیمان کے قابو میں تھے اور انہوں نے
خدا سے دعا مانگی تھی کہ ایسی بادشاہی میرے بعد کسی کو نہ ملے اسواسطے حضرت نے اُس شیطان کو چھوڑ دیا
اس حدیث سے صاف معلوم ہوا کہ کوئی شخص اگرچہ ولی کامل ہو شیطان کے غلبے سے بچ نہیں سکتا
اسواسطے کہ اُس مردود کی اتنی جرأت ہے کہ حضرت کے ساتھ بے ادبی کو تیار ہوا تھا اسے بچا دے تو اُسے
بچے آدمی بیچاریکی کیا طاقت ہے خ عائشۃ ان عینی تنامان ولا ینام قلبی خ ۱۳۵۰

بخاری مین حضرت عائشہ رضہ روایت ہے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میری دونون آنکھین
سوتی ہین اور میرا دل نہین سوتا ف حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت نے ایک رات وضو کیا
اور نماز تہجد پڑھکے سوگئے جب بلال نے صبح کی اذان کہی تو حضرت نے نماز پڑھی اور وضو نہ کیا تب
مین نے عرض کی یارسول اللہ آپ سوگئے تھے وضو کیون نہ کیا تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنے
مین سوتے مین اپنے بدن کے حال سے غافل نہین ہوتا سب کا سونا وضو توڑتا ہے مگر حضرت اسمین خاص

ق ۳۵۱ ہین ق اَلْمِسْوَرُ بْنُ مَخْرَمَةَ اِنَّ فَاطِمَةَ مِنِّیْ وَاِنِّیْ اَخَافُ اَنْ تُفْتَنَ فِیْ دِیْنِهَا
وَاِنِّیْ لَسْتُ اُحَرِّمُ حَلَالًا وَلَا اُحِلُّ حَرَامًا وَلٰكِنْ وَاللّٰهِ لَا تَجْتَمِعُ بِنْتُ رَسُوْلِ اللّٰهِ
وَبِنْتُ عَدُوِّ اللّٰهِ مَكَانًا وَاحِدًا اَبَدًا بخاری اور مسلم مین مسور بن مخرمہ رضی اللہ عنہ سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ فاطمہ میری ہے اور البتہ مجکو خوف آتا ہے کہ کہین اُسکے دین مین
فتنہ نہ ڈالا جاوے اور مقرر مین ایسا نہین ہون کہ حلال چیز کو حرام کردون اور حرام کو حلال بتلاؤن
لیکن خدا کے قسم کہ خدا کی پیغمبر کی بیٹی اور خدا کے دشمن کی بیٹی ایک مکان مین کبھی جمع نہونگے
ف ابوجہل کی بیٹی مسلمان ہوئی تھی حضرت علی مرتضی نے اُسکے ساتھ نکاح کا ارادہ کیا تھا
تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنے ہرچند دوسرا نکاح حلال ہے لیکن خوف تھا کہ حضرت فاطمہ
سوکے رنج سے کہین حضرت علی کی اطاعت مین توقف کرین تو دین مین خلل پڑے اسواسطے

م ۳۵۲ کہ خاوند کی اطاعت جورو پر فرض ہے اسواسطے حضرت نے منع کیا م عُمَرُ بْنُ الْعَاصِ

إِنَّ فَصْلَ مَا بَيْنَ صِيَامِنَا وَصِيَامِ أَهْلِ الْكِتَابِ أَكْلَةُ السَّحَرِ مسلم میں عمرو بن
عاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ البتہ ہمارے روزہ میں اور کتاب والوں کے روزہ میں
سحری کے لقمہ کا فرق ہے ف کتاب والے یعنے یہود اور نصاریٰ کے نزدیک روزہ میں سحر کا کھانا درست
نہیں اور اسلام میں درست ہے بلکہ سنت ہے م عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو إِنَّ فُقَرَاءَ الْمُهَاجِرِينَ
يَسْبِقُونَ الْأَغْنِيَاءَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ إِلَى الْجَنَّةِ بِأَرْبَعِينَ خَرِيفًا مسلم میں عبد اللہ بن
عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرر محتاج وطن چھوڑنے والے مالدار وطن چھوڑنے والوں
سے قیامت کے دن چالیس برس بہشت میں آگے جاویں گے ف حضرت کے اصحاب دو قسم تھے
ایک مہاجرین دوسرے انصار مہاجرین وہ ہیں جو مکہ فتح ہونے سے پہلے اپنے وطن چھوڑ کے
اللہ کے واسطے مدینہ میں حضرت کی خدمت میں حاضر ہوئے اور انصار وہ ہیں جو مدینے کے
رہنے والے تھے سو مہاجرین انصار سے افضل ہیں اور مہاجرین میں محتاج افضل ہیں مالدار سے
اسواسطے کہ محتاجوں نے پردیس میں محتاجی کی سبب خدا کے واسطے بڑی بڑی تکلیفیں اٹھائیں اسواسطے
وے چالیس برس بہشت میں مالداروں سے آگے جاویں گے دوسری حدیث میں آیا ہے کہ پانسو
برس آگے بہشت میں جاویں گے اسکا مطلب یہہ کہ مہاجرین کے سوای اور مالدار مسلمانوں سے
پانسو برس آگے جاویں گے تو دونوں حدیثوں میں کچھ خلاف نہ ف سَهْلُ بْنُ سَعْدٍ ف ۳۵۴
إِنَّ فِي الْجَنَّةِ بَابًا يُقَالُ لَهُ الرَّيَّانُ يَدْخُلُ مِنْهُ الصَّائِمُونَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

لَا يَدْخُلُ مِنْهُ اَحَدٌ غَيْرُهُمْ يُقَالُ اَيْنَ الصَّائِمُوْنَ فَيَقُوْمُوْنَ لَا يَدْخُلُ مِنْهُ
غَيْرُهُمْ فَاِذَا دَخَلُوْا اُغْلِقَ فَلَمْ يَدْخُلْ مِنْهُ اَحَدٌ بخاری اور مسلم میں سہل بن سعد رضی
اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرر بہشت میں ایک دروازہ ہے جسکو ریان کہتے
ہیں یعنی چہکا دینے والا پیاس بجھانیوالا اُسمیں روزہ دار جاوینگے کے قیامت کے روز کوئی اُسمے
نجاویگا اُنکے سوای کہا جاویگا کہاں ہیں روزہ دار سو وے اُٹھ کھڑے ہونگے نجاویگا کوئی
اُس سے اُنکے سوای جب وہ جا چکینگے تو وہ دروازہ بند کیا جاویگا سو کوئی اُسمے نجاویگا

ق ق ابو سعید اِنَّ فِی الْجَنَّةِ شَجَرَةً يَسِيْرُ الرَّاكِبُ الْجَوَادَ الْمُضَمَّرَ السَّرِيْعَ مِائَةَ
عَامٍ مَا يَقْطَعُهَا بخاری اور مسلم میں ابو سعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ
مقرر بہشت میں ایک درخت ہے کہ اچھے گھوڑے بالو تیز قدم کا سوار سو برس چلے اسکو تمام نہ کرسکے

ف ف مقدسی نے کہا کہ یہہ درخت سدرۃ المنتہی ہے جسکے بیر مٹکے برابر اور پتے ہاتھی کے
کان برابر ہیں اور بعضی اسکو طوبیٰ کہتے ہیں ۳۵۶ م اَنَسٌ اِنَّ فِی الْجَنَّةِ لَسُوْقًا يَأْتُوْنَهَا
كُلَّ جُمُعَةٍ فَتَهُبُّ رِيْحُ الشَّمَالِ فَتَحْثُوْ فِیْ وُجُوْهِهِمْ وَثِيَابِهِمْ فَيَزْدَادُوْنَ
حُسْنًا وَجَمَالًا فَيَرْجِعُوْنَ اِلٰى اَهْلِيْهِمْ وَقَدِ ازْدَادُوْا حُسْنًا وَجَمَالًا فَيَقُوْلُ
لَهُمْ اَهْلُوْهُمْ وَاللّٰهِ لَقَدِ ازْدَدْتُمْ بَعْدَنَا حُسْنًا وَجَمَالًا فَيَقُوْلُوْنَ وَاَنْتُمْ
وَاللّٰهِ لَقَدِ ازْدَدْتُمْ بَعْدَنَا حُسْنًا وَجَمَالًا مسلم میں انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے

کہ حضرتؐ نے فرمایا کہ مقرر بہشت مین ایک بازار ہے جسمین بہشتی لوگ ہر جمعہ کے دن جمع ہونگے
پہر اُتر کی ہوا چلے گی سو وہ اُن کا گرد اور غبار جو مشک اور زعفران ہے اُنکے چہرون اور
کپڑون پر پڑے گا سو اُنکا حُسن اور جمال زیادہ ہو جاگا پہر پلٹ آوینگے اپنے گہر والونکی
طرف اور گہر والون کا بہی حُسن اور جمال بڑہ گیا ہوگا سو اُنکی گہر والے کہینگے خدا کی قسم
تمہارا حُسن اور جمال ہماری بعد تو بہت بڑہ گیا ہے پہر وہ جواب دیوینگے کہ خدا کی قسم
تمہارا بہی حسن اور جمال ہمارے بعد زیادہ ہوگیا ف اس حدیث سے معلوم ہوا کہ بہشتیونکا
حسن ہمیشہ بڑہ کرے گا خ ابو ہریرہؓ اِنَّ فِی الْجَنَّةِ مِائَةَ دَرَجَةٍ اَعَدَّهَا ۳۹۷ خ
اللّٰهُ لِلْمُجَاهِدِيْنَ فِیْ سَبِيْلِهٖ كُلُّ دَرَجَتَيْنِ مَا بَيْنَهُمَا كَمَا بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ
فَاِذَا سَاَلْتُمُ اللّٰهَ فَاسْئَلُوْهُ الْفِرْدَوْسَ فَاِنَّهٗ اَوْسَطُ الْجَنَّةِ وَاَعْلَى الْجَنَّةِ وَ
فَوْقَهٗ عَرْشُ الرَّحْمٰنِ وَمِنْهُ تَفَجَّرُ اَنْهَارُ الْجَنَّةِ بخاری میں ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے
کہ حضرتؐ نے فرمایا کہ مقرر بہشت میں سو درجے ہین کہ خدا نے اپنی راہ مین لڑنے والون کے واسطے
تیار کر رکہی ہین دو دو درجون مین اتنا فرق ہے جتنا آسمان اور زمین ہین سو تم جب خدا سے
مانگا کرو تو فردوس مانگا کرو اسواسطے کہ فردوس عمدہ بہشت درمیانی اور اونچی بہشت ہے اور
اُسکے اوپر خدا کا عرش ہے اور اُسسے بہشت کی نہرین پہوٹ نکلین ہین ف فردوس انگور کو
کہتے ہین جسمین رنگ برنگ کے پہول اور طرح طرح کے میوے ہون بہشت کی نہرین چار ہین ایک

پانی کی دوسری دوہ کی تیسری شہد کی چوتھی عمدہ شراب کی یہہ حدیث اول باب کے اول
حدیث کا ٹکڑا ہے ف اِنَّ مِنْ مَسْعُوْدٍ اِنَّ فِی الصَّلٰوۃِ لَشُغْلًا بخاری و مسلم مین ۳۵ ق
عبد اللہ بن مسعود رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرر نماز مین تو ایک فہن ہے یعنی نماز
مین سوای نماز کے کسیطرف توجہ نچاہیئے ف عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ ہم
پہلے حضرت کو نماز مین سلام کیا کرتے تہے حضرت جواب دیا کرتے تہے جب ہم مدت کے بعد حبش کے
سفر سے آئے حضرت نماز مین تہے ہم نے سلام کیا حضرت نے جواب نہ دیا بعد نماز کے یہہ حدیث
فرمائی یعنی وہ حکم اب موقوف ہو گیا اس حدیث سے معلوم ہوا کہ بات کرنا سلام کرنا جواب
دینا بی سبب کہانسنا اُدہر اُدہر دیکہنا نماز مین درست نہین م عَمَّارٌ اَوْ حُذَیْفَۃُ ۳۵ م
شَکَّ شُعْبَۃُ اِنَّ فِیْ اُمَّتِیْ اِثْنَا عَشَرَ مُنَافِقًا لَا یَدْخُلُوْنَ الْجَنَّۃَ وَلَا یَجِدُوْنَ
رِیْحَهَا حَتّٰی یَلِجَ الْجَمَلُ فِیْ سَمِّ الْخِیَاطِ ثَمَانِیَۃٌ مِنْهُمْ تَکْفِیْکَهُمُ الدُّبَیْلَۃُ سِرَاجٌ
مِنَ النَّارِ یَظْهَرُ فِیْ اَکْتَافِهِمْ حَتّٰی یَنْجُمَ مِنْ صُدُوْرِهِمْ مسلم من عمار رضی اللہ عنہ سے
یا حذیفہ سے روایت ہے شک ہے اسمین شعبہ کو جو راوی ہے اس حدیث کا کہ حضرت نے
فرمایا کہ مقرر میری امت مین بارہ منافق ہین یعنی دل کے کافر زبان کے مسلمان وہ بہشتمین نجاوینگے
اور اسکی بو بہی نہ سونگہینگے یا وینگے جب تک اونٹ سوئی کے ناکے مین گہسے یعنی انکو کبہی
بہشت نصیب نہوگی انمین سے آٹہ کو بڑا پہوڑا تمام کر ڈالے گا یعنی ایک آگ کا چراغ

اُنکے مونڈہون مین پیدا ہونگا اُنکی چھاتیان توڑکے نکل آویگی یعنی اُنمین ایسی سوزش ہوگی
جیسے چراغ رکھہ دیا چنانچہ ایسا ہی ہوا **م** اَسْمَاءُ بِنْتُ اَبِیْ بَکْرٍ اِنَّ فِیْ ثَقِیْفٍ مُبِیْرًا
وَکَذَّابًا مسلم مین اسماء بنت ابی بکر سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ بیشک ثقیف کی
قوم مین ایک ظالم خونریز ہوگا اور ایک بہت جھوٹھا **ف** ثقیف ایک قوم ہے جو
مکے کے پاس طائف مین رہتے تھے اُس قوم سے حجاج بن یوسف خونریز پیدا ہوا جسکا
ظلم عالم مین مشہور ہے روایت ہے کہ اُسنے سوا لاکھہ آدمی ناحق مارے اور جھوٹھا مختار ثقفی تھا
جسنے بعد شہادت امام حسین رضی اللہ عنہ کے کوفہ مین محمد بن حنفیہ کی طرف سے اول جھوٹھا
دعوی کیا امام کے خون کا اور اِس بہانے سے سردار بنا بعد اِسکے پیغمبری کا دعوی کیا آخر کو
خدا نے اِسکو فضیحت اور برباد کیا سو یہہ حدیث حضرت کا معجزہ ہے جیسا فرمایا تھا
ویسے ہی اِس قوم سے دو آدمی پیدا ہوئے **ق** اَنَسٌ اِنَّ فِیْ حَوْضِیْ مِنَ الْاَبَارِیْقِ
لِعَدَدِ نُجُوْمِ السَّمَاءِ بخاری اور مسلم مین انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
کہ بیشک میرے حوض مین اتنے لوٹے دار آبخورے ہین جتنے آسمان مین تارے **ف** یہہ
حوض کوثر کی وسعت کا بیان ہے کہ حضرت کو قیامت مین ملے گا **م** عَائِشَةُ اِنَّ فِیْ
عَجْوَةِ الْعَالِیَةِ شِفَاءً اَوْ اِنَّهَا تِرْیَاقٌ اَوَّلَ الْبُکْرَةِ مسلم مین حضرت عائشہ رضہ سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقام مدینہ اور اُسکے آس پاس کے عجوے مین شفا ہے

یا یون فرمایا کہ وہ عجوہ صبح کے اول وقت تریاک ہی یعنی زہر کی تاثیر کو دور کرتا ہے ف
مدینی عجوہ ایک عمدہ قسم کے کھجور کی بڑی ہوتی ہے سیاہی مائل اسکی یہہ تاثیر ہے حضرت کی

ف ۳۶۳ دعا سے ق اَبُوْسَعِیْدٍ اِنَّ فِیْکَ لَخَصْلَتَیْنِ یُحِبُّھُمَا اللّٰہُ الْحِلْمُ وَالْاَنَاۃُ
قَالَ لِاَشَجِّ عَبْدِ الْقَیْسِ بخاری و مسلم میں ابوسعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے
در تعریف حلم و تامل فرمایا کہ مقرر تجھمیں دو خوبیاں ہیں جنکو خدا دوست رکھتا ہے ایک تو غصہ کا بچاو دوسرے
تامل یہہ حضرت نے اُس آدمی سے کہا جسکا قوم عبد القیس میں اشج لقب تھا ف عبد القیس ایک
قوم کا نام ہے وہ قوم حضرت کی خدمت میں حاضر ہوئی اُسکے سب آدمی اپنی سواریاں چھوڑ
جلدی سے حضرت کی ملاقات کو آئے لیکن اشج نے جلد بازی نکی اپنے اونٹ کو پہلے باندھا
پھر کپڑے پہن کے حضرت پاس فاطر جمع سے حاضر ہوا تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی اور اُسکی
تعریف کی ذرہ خلاف مرضی بات میں غصہ سے لال ہو جانا اور ہر کام میں بغیر غور کے
شتابی اور جلد بازی کرنا جانور وں کی خو ہے اسواسطے اخذ کو غصہ کا بچاو اور کرو اوپسند ہے

ق ۳۶۴ ق اَنَسٌ اِنَّ قُرَیْشًا حَدِیْثُ عَھْدٍ بِجَاھِلِیَّۃٍ وَمُصِیْبَۃٍ وَاِنِّیْ اَرَدْتُ
اَنْ اُجْبِرَھُمْ وَاَتَأَلَّفَھُمْ اَمَا تَرْضَوْنَ اَنْ یَّرْجِعَ النَّاسُ بِالدُّنْیَا وَتَرْجِعُوْا
بِرَسُوْلِ اللّٰہِ اِلٰی بُیُوْتِکُمْ لَوْ سَلَکَ النَّاسُ وَادِیًا وَسَلَکَ الْاَنْصَارُ شِعْبًا
لَسَلَکْتُ شِعْبَ الْاَنْصَارِ بخاری و مسلم میں انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے

انصار کو فرمایا

انصاریون سے فرمایا کہ البتہ قریش کی قوم کو نئی مصیبت پڑی ہے تازہ کفر کو چھوڑا ہے سو مین نے
چاہا کہ انکو انعام دون اور اُنسے لگاوٹ کرون تم کیا اسبات سے راضی نہین کہ لوگ دُنیا کا
مال لیکر پھرین اور تم اپنی گھر فوکی طرف خدا کے رسول کو لیکر پھرو اگر اور لوگ ایک راہ چلین اور
انصاری اصحاب اور راہ چلین تو مین انصاریون ہی کی راہ چلون ف مصابیح مین انس
رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب فتح مکہ کے بعد جنگ حُنین فتح ہوئی تو مال اسباب بہت ہاتھ
آیا حضرت نے قریش یعنی مکے کے رہنے والونکو سو سو اونٹ دئے تب بعضی نوجوان انصاریون نے
کہا کہ خدا حضرت کو بخشے قریش کو آپ دیتے ہین ہم کو چھوڑتے ہین حالانکہ انکے خون
ہماری تلوارون سے ٹپک رہے ہین یعنی ہماری تلوارون کے زور سے وہ مسلمان ہوئے ہین جب یہہ
خبر حضرت کو معلوم ہوئی تب صرف انصاریون کو حضرت نے ایک خیمے مین جمع کیا اور یہہ حال
پوچھا تو انصاریون کے رئیسون اور عقلمندون نے عرض کیا کہ یا حضرت ہمارے دانا لوگون نے
یہہ ہرگز نہین کہا لیکن ہمارے نوجوانون نے البتہ کہا ہے تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنی
قریش نو مسلم ہین انکو تازہ مصیبت پڑی ہے بھائی بند اُنکے لڑائیون مین مارے گئے ہین
اسلام کی خوبی اُنکے دل مین ابھی نہین جمی لگاوٹ کی واسطے دنیا کا مال دینا اُنکو مناسب تھا
اور تم ایماندار لوگ ہو تمکو دینا لینا مناسب نہین قریش نے دُنیا پائی تم نے مجھکو پایا رہے
قسمت اُسکی جسکے حصہ مین حضرت آوین اس حدیث سے انصاریون کی بڑی فضیلت ثابت ہوئی

م ۳۶ م عَبْدَاللّٰہِ بْنِ عَمْرٍو اِنَّ قُلُوْبَ بَنِیْ اٰدَمَ کُلَّھَا بَیْنَ اِصْبَعَیْنِ مِنْ اَصَابِعِ
الرَّحْمٰنِ کَقَلْبٍ وَاحِدٍ یُصَرِّفُہٗ حَیْثُ یَشَاءُ مسلم مین عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرآدمیونکے سب دل خدای مہربان کے ایسے قابو مین ہین جیسے ایک
دل اسکو پھیرتا ہے جدہر چاہتا ہے ف انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت یہہ دعا
بہت مانگتے تہے کہ اے دلونکے پھیرنے والے میرے دل کو اپنے دین پر جمائے رکھہ سو مین نے کہا کہ یا حضرت
ہم آپ پر ایمان لائے ہین اسلام دین کو ہم سچ جانتے ہین کچھہ ہمارے چلنے کا بھی آپ کو ڈر ہے
جو آپ یہہ دعا مانگا کرتے ہین تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنی مسلمان کو نڈر ہونا نچاہیے
خدا سے ڈرا کرے اور ایمان ثابت رہنے کی دعا مانگا کرے کہ مسلمان کو کافر ہونا

ق ۳۶ اور کافر کو مسلمان ہونا کچھہ دور نہین ق اَلْمُغِیْرَۃُ بْنُ شُعْبَۃَ اِنَّ کَذِبًا عَلَیَّ لَیْسَ
کَکَذِبٍ عَلٰی اَحَدٍ مَنْ کَذَبَ عَلَیَّ مُتَعَمِّدًا فَلْیَتَبَوَّاْ مَقْعَدَہٗ مِنَ النَّارِ بخاری
اور مسلم مین مغیرہ بن شعبہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ بیشک میرے اوپر جہوٹ باندھنا اور
جہوٹ باندھنے کے برابر نہین جو مجھہ پر جہوٹ باندھے کا جان بوجھکر سو اپنی ٹیہک ٹہرا لیوے
دوزخ مین ف یہہ حدیث متواتر ہے یعنی اتنے لوگون نے روایت کی کہ اسکے سچ ہونیکا
یقین کامل حاصل ہوا بخاری سے بھی زیادہ حضرت کے اصحابونے اسکو روایت کیا ہے
ہرچند ہر ایک پر جہوٹ باندھنا حرام ہے لیکن حضرت پر جہوٹ باندھنا نہایت حرام ہے

اور سخت

اور سخت گناہ کبیرہ کہ انجام اسکا دوزخ ہے اسواسطے علماء حدیث نے حدیثوں کے پرکھنے میں بڑی محنتیں
اور جانفشانیاں کیں موضوع حدیثوں کو جانچکر علیحدہ کردیا الاصحیح اور ضعیف کی جدا کیا جیسے صراف کھرے
اور کھوٹے کو پہچان جاتا ہے ایسے علماء حدیث پہچان گئے تو مسلمان پر فرض ہے کہ جب کسی سے حدیث سنے یا کسی
کتاب میں دیکھے اُس حدیث کو جانچ لے جب تک اُسکو حدیث کی مشہور کتابوں میں نہ دیکھے
یا علماء حدیث سے اُسکی صحت نہ سنے ف عَائِشَةُ اِنَّ لِصَاحِبِ الْحَقِّ مَقَالًا بخاری ۳۶۲ ف
اور مسلم میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ حق والے کو کہنا پہنچتا ہے
ف حضرت پر کسی کا قرض تھا اُسنے کڑا تقاضا کیا اصحاب نے اُسکے مارنے کا ارادہ کیا تب
حضرت نے یہ حدیث فرمائی یعنی قرض دینے والا حق دار ہے کہنا چاہیے اُسکی بات کا برا ماننا چاہیے خ ۳۶۸ خ
اِبْنُ عُمَرَ اِنَّ لَكَ اَجْرَ رَجُلٍ مِمَّنْ شَهِدَ بَدْرًا وَسَهْمَهُ قَالَهُ لِعُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ
بخاری میں عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت نے عثمان بن عفان سے فرمایا کہ مقرر تجکو ایک
مرد کے برابر ثواب اور حصہ ہے غنیمت کی مال کا اُن لوگوں سے جو جنگ بدر میں تھے ف
حضرت جب جنگ بدر کو چلے تو حضرت عثمان کی بی بی حضرت کی بیٹی بیمار تھیں تب حضرت نے حضرت
عثمان سے فرمایا کہ تم ہمارے ساتھ نچلو انکی بیمار داری کرو جو لوگ لڑائی کو جاتے ہیں اُنمیں سے
ایک مرد کے برابر تمکو ثواب آخرت میں اور حصہ مال کا دنیا میں ملے گا ف اَنَسٌ اِنَّ لِكُلِّ اُمَّةٍ ۳۶۹ ف
اَمِيْنًا وَاِنَّ اَمِيْنَنَا اَيَّتُهَا الْاُمَّةُ اَبُوْ عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ بخاری و مسلم میں انس رضی اللہ عنہ سے روایت

آنحضرتؐ نے فرمایا کہ ہر ایک امت کا ایک معتمد امانت دار ہے اور ہمارا معتمد امانت دار ابی امت
میری ابوعبیدہ ہے جراح کا بیٹا ف ابوعبیدہ بہشتی حضرتؐ کے دس یاروں میں ہیں انکو اس اُمت کا
امانت دار فرمایا ہرچند سب اصحاب امانت دار تھے لیکن جسمیں جو صفت زیادہ ہوتی تھی حضرت
اُسی صفت سے اُسکی تعریف کرتے تھے جیسے صدیق کو رحم دل اور فاروق کو خدا کی راہ میں کڑا اور
حضرت عثمان کو حیا مند اور حضرت علی مرتضی کو قاضی اور زبیر کو دلی جان نثار فرمایا ق جابرؓ ق ۳۷۰
اِنَّ لِکُلِّ نَبِیٍّ حَوَارِیًّا وَحَوَارِیِّیَ الزُّبَیْرُ بخاری اور مسلم میں جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے
کہ حضرتؐ نے فرمایا کہ مقرر ہر پیغمبر کا کوئی خالص مددگار ہوتا ہے اور میرا خالص مددگار اور خدا لے
جان نثار زبیر ہے ف مصابیح میں روایت ہے کہ جب مدینے میں جنگ خندق ہوئی اور کافروں کی
گروہ ہجوم پہنچ گئے تب حضرتؐ نے فرمایا کہ کفار کے لشکر کی کوئی خبر لاوے زبیر نے کہا یا حضرت
میں جاتا ہوں تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی اور اُنکی فضیلت بیان کی زبیر حضرتؐ کے پھوپھی زاد
بھائی بڑے بہادر سپاہی حضرت پر فدا رہتے تھے چنانچہ اس حدیث سے ثابت ہوا ق اَنَسؓ ق ۳۷۱
اِنَّ لِکُلِّ نَبِیٍّ دَعْوَۃً وَاِنِّیْ اخْتَبَأْتُ دَعْوَتِیْ شَفَاعَۃً لِاُمَّتِیْ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ
بخاری اور مسلم میں انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرتؐ نے فرمایا مقرر ہر پیغمبر کی ایک خاص دعا ہے
اور میں نے اپنی دعا چھپا رکھی ہے اپنی امت بخشانیکے واسطے قیامت کے دن ف اس
حدیث میں بشارت ہے امت کی بخشش کی جو ایمان سے مرا اور معلوم ہوا کہ حضرت کو اپنی امت پر

بڑا رحم تہا کہ اپنی خاص دعا امت کی واسطے رکہی اپنی ذات کے واسطے کبہی فرمان اس نبی رحیم اور
کریم پر م ۳۷۲ اُبَیِّ بْنِ کَعْبٍ اَنَّ لَکَ مَا احْتَسَبْتَ فَاَرَادَ اَنْ یَّمْشِیَ اِلَی الْمَسْجِدِ النَّبِیِّ
صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ وَلَا یَرْکَبُ وَیَرْجُوْ فِیْ اَثَرِہِ الْاَجْرَ مسلم میں ابی بن کعب
رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تجھکو ملے گا جسکا تو ثواب چاہتا ہے یہہ حضرت نے اُس
مرد سے فرمایا جو پیدل حضرت کی مسجد میں آتا تہا اور سوار نہوتا تہا اور اپنے قدم میں ثواب کی امید
رکہتا تہا ف ایک شخص تہا اُسکا گہر بہت دور تہا حضرت کی مسجد سے اور وہ ہمیشہ ہر وقت
مسجد میں آتا تہا کسی نے اُس سے کہا کہ اندہیرے اور گرمی میں سوار ہوکر آیا کر اُسنے کہا میں پیادہ
آنے میں ثواب کی امید رکہتا ہوں تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنی تجھکو اس نیت اور محنت کا
ثواب ملیگا م ۳۷۳ جَابِرًا اَنَّ لَکُمْ بِکُلِّ خُطْوَۃٍ دَرَجَۃً فَاَلَمَّ لِرَھْطِ جَابِرٍ وَقَدْ اَرَادُوْا
اَنْ یَّبِیْعُوْا بُیُوْتَھُمْ فَیَقْرُبُوْا مِنَ الْمَسْجِدِ مسلم میں جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ مقرر تمہارے واسطے ہر ڈگ پر درجہ ہے یہہ حضرت نے جابر کی قوم سے فرمایا اور ان لوگوں نے
اپنے گہروں کے بیچ ڈالنے کا ارادہ کیا تہا اور چاہتا تہا کہ حضرت کی مسجد کے قریب آرہیں ف
یعنے جتنا تم دور رہوگے اور مسجد میں آیا کروگے اُتنا ثواب زیادہ پاؤگے کہ ہر قدم پر درجہ بلند
ہوگا خ ۴۰۵ اَبُوْھُرَیْرَۃَ اِنَّ لِلّٰہِ تِسْعَۃً وَتِسْعِیْنَ اِسْمًا مِائَۃٌ اِلَّا وَاحِدًا مَنْ اَحْصَاھَا
دَخَلَ الْجَنَّۃَ بخاری میں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ معرفت کے اسمائے الٰہی تو تمام ان

ایک کم سو جو انکو یاد کر لیوے یا اعتقاد سے شمار کر رکھے یا اُسکے معنے بوجھے اور اُسپر عمل
کرے وہ بہشتین جاویگا ف حق تعالی کے نام بی شمار ہین اسواسطے کہ صفات آلہی کی حد نہین
چنانچہ سوای اِن ننانوے نام کے قرآن اور حدیث مین بہت اسماء آلہی ثابت ہین جیسے وتر
فاطر محیط علام ملیک قدیم رفیع ذی المعارج مولی نصیر رب ناصر ذی الطول شدید العقاب
قابل التوبۃ غافر الذنب حنان منان وغیر ذلک تو مطلب اس حدیث کا یہہ نہین کہ اسماء
حُسنیٰ اِنہین ننانوے نام مین منحصر ہین بلکہ یہہ مطلب ہے کہ اسقدر نامونکی یہہ تاثیر ہے کہ اُنکے
یاد کر لینے سے بہشت حاصل ہوتی ہے تو وہ نام بموجب روایت حصن حصین کے یہہ ہین مع
الترجمہ هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ یعنے وہ اللہ پاک ایسا ہے کہ اُسکے سوای کوئی معبود
برحق نہین اَلرَّحْمٰنُ بڑا ہی مہربان جسکی رحمت دنیا اور آخرت مین چلگئی اَلرَّحِیْمُ نہایت رحم والا
جسکی رحمت آخرت مین صرف ایمانداروں پر مخصوص ہے اَلْمَلِكُ سبکا بادشاہ اَلْقُدُّوْسُ
ہر عیب اور نقصان سے پاک اَلسَّلَامُ خود سلامت عالم کا سلامت رکھنے والا
اَلْمُؤْمِنُ اپنے دین حق کا باور کرنے والا یا مومنین کو ہول قیامت سے امن مین رکھنے والا
اَلْمُهَیْمِنُ شاہد امانت دار محافظ اَلْعَزِیْزُ غالب باعزت اَلْجَبَّارُ زبردست ٹوٹے پھوٹے کا
جوڑنے والا اَلْمُتَكَبِّرُ عظیم الشان گھمنڈ والا اَلْخَالِقُ عدم سے پیدا کرنے والا اَلْبَارِئُ
بے نمونہ دیکھے عالم کا بنانے والا اَلْمُصَوِّرُ صورت گر ہر مخلوق کے مناسب شکل اور

صورت

صورت کا عطا کرنے والا اَلْغَفَّارُ اپنے بندونکے عیب اور گناہ کا ڈھکنے والا ۱۵
اَلْقَهَّارُ سب پر غالب اَلْوَهَّابُ بی عوض کثرت سے دینی والا اَلرَّزَّاقُ روزی بخشر ۱۸
اَلْفَتَّاحُ رزق اور رحمت کے دروازے کھولنی والا اَلْعَلِیْمُ ہر چیز کا دانا اَلْقَابِضُ ۱۹ ۲۱
بند کرنے والا ارواح اور روزی کا اَلْبَاسِطُ کشادہ کرنیوالا رزق کا اور جاری کرنیوالا ۲۲
ارواح کا ابدان مین اَلْخَافِضُ پست کرنیوالا مغرورون کا اَلرَّافِعُ بلند کرنیوالا مومنین ۲۳ ۲۴
منکرین کا اَلْمُعِزُّ عزت دینے والا اَلْمُذِلُّ ذلیل کرنے والا اَلسَّمِیْعُ ہر آواز کو سنتا ۲۵ ۲۶ ۲۷
اَلْبَصِیْرُ ہر چیز کو دیکھتا اَلْحَکَمُ فیصلہ کرنے والا اَلْعَدْلُ منصف حاکم اَللَّطِیْفُ ۲۸ ۲۹ ۳۰ ۳۱
مہربان باریک دان اَلْخَبِیْرُ اکلی پچھلی ہر چیز سے خبردار اَلْحَلِیْمُ بردبار بڑی سمائی والا ۳۲ ۳۳
کہ اہل کفر اور فسق کو جلد نہین پکڑتا اَلْعَظِیْمُ بزرگ جسکی بڑائی وہم و خیال سے باہر اَلْغَفُوْرُ ۳۴ ۳۵
بردہ پوش اَلشَّکُوْرُ شکر گذارون کا قدردان اَلْعَلِیُّ سب سے اونچا اَلْکَبِیْرُ سب سے بڑا ۳۶ ۳۷ ۳۸
اَلْحَفِیْظُ اپنی مخلوقات کا نگہدار اور محافظ اَلْمُقِیْتُ محافظ با قدرت خلایق کا قوت دینی والا ۳۹ ۴۰
اَلْحَسِیْبُ تمام عالم کو کافی اسکے سوای دوسرے کی حاجت نہین اَلْجَلِیْلُ بڑی شان والا ۴۱ ۴۲
اَلْکَرِیْمُ صاحب کرم جسکی عطا کی انتہا نہین اَلرَّقِیْبُ ہر شی کا نگہبان اَلْمُجِیْبُ حاجت روا ۴۳ ۴۴ ۴۵
دعا کا قبول کرنے والا اَلْوَاسِعُ کشادہ رحمت عطا اَلْحَکِیْمُ حاکم با حکمت ۴۶ ۴۷
استوار کار اَلْوَدُوْدُ اپنیکو نیکا محبوب اہل معرفت کا محب اَلْمَجِیْدُ بزرگ ذات اپنیکو کامل ۴۸ ۴۹

اَلْبَاعِثُ قیامت مین قبرون سے مُردون کا اُٹھانے والا اَلشَّهِيْدُ ہر چیز اُسکے سامنے
حاضر اَلْحَقُّ سچ مچ جسکی ذات اور صفات مین کچھ بھی دھوکہ نہین اَلْوَكِيْلُ سارے عالم کا کارساز
روزی کا ضامن اَلْقَوِيُّ زبردست اَلْمَتِيْنُ استوار کار جسکو تھکاوٹ اور ماندگی نہین
اَلْوَلِيُّ مدد کار عالم کا کارساز اَلْحَمِيْدُ ہر کام کا سراہا ہوا عالم کا محیط اَلْمُحْصِيْ
ہر چیز کا گھیرنے والا اور بھی اُسکے علم سے باہر نہین اَلْمُبْدِئُ بیمثال کے عالم کا ایجاد کرنیوالا
اَلْمُعِيْدُ دنیا مین زندون کا مارنے والا آخرت مین مردون کو زندگی بخشنے والا اَلْمُحْيِيْ
جلانے والا اَلْمُمِيْتُ مارنیوالا اَلْحَيُّ بذات خود زندہ اَلْقَيُّوْمُ بذات خود قائم جہانکا
تھامنے والا اَلْوَاجِدُ غنی جسکو کچھ احتیاج نہین اَلْمَاجِدُ بزرگی والا اَلْوَاحِدُ
اکیلا جسکا کوئی دوسرا نہین اَلصَّمَدُ سردار دائمی جو نہ کھاوے نہ پیوے سب اُسکے محتاج
وہ سب سے بے نیاز اَلْقَادِرُ صاحب قدرت اَلْمُقْتَدِرُ بڑے اقتدار والا اَلْمُقَدِّمُ
تقدیم بخشنے والا اَلْمُؤَخِّرُ پیچھے ڈالنے والا اَلْاَوَّلُ پہلا کوئی اُسکے قبل نہین
اَلْاٰخِرُ پچھلا جسکے بعد کچھ نہین اَلظَّاهِرُ قدرت کی راہ سے کہلا جسمین کچھ شک نہین
اَلْبَاطِنُ خلق کی نظر اور وہم سے چھپا اَلْوَالِيْ مالک صاحب حکومت اَلْمُتَعَالِيْ بلند شان
جسکا وصف نہو سکے اَلْبَرُّ اپنے بندون پر مہربان نیکو کار اَلتَّوَّابُ توبہ قبول
کرنے والا اَلْمُنْتَقِمُ بدکارون کا سزا دینے والا اَلْعَفُوُّ گناہون کا مٹانے والا

کہکا

گنہگاروں کا بخشنے والا اَلرَّءُوْفُ نہایت مہربانی والا مَالِكُ الْمُلْكِ سب جہان کا
مالک جو چاہے سو کرے ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ جلال والا صاحب تعظیم و تکریم
اَلْمُقْسِطُ عادل باانصاف اَلْجَامِعُ قیامت میں خلایق کا جمع کرنے والا اَلْغَنِيُّ سب سے
بے نیاز اَلْمُغْنِيُ جسکو چاہے بی پرواہ بناوے اَلْمَانِعُ روکنے والا اَلضَّارَّ
ضرر پہنچانے والا اَلنَّافِعُ نفع رسان اَلنُّوْرُ بذات خود ظاہر اور غیر کا ظاہر کرنے والا
جسکے نور سے ایمان کا ظہور ہے اَلْهَادِيُ نیک راہ بتانے والا مطلب پر پہنچانے والا
اَلْبَدِيْعُ خود بی نظیر اور نئی اُپج کا لینی والا بے نمونہ اختراع کرنے والا اَلْبَاقِيُ موجود
دایمی ہمیشہ قائم اَلْوَارِثُ فنا عالم کے بعد قائم رہنے والا اَلرَّشِيْدُ راہ نما
اَلصَّبُوْرُ بڑا اسہار والا جو بدکاروں کو جلد نہیں پکڑتا ف اَسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ
اِنَّ لِلّٰهِ مَا اَخَذَ وَلَهُ مَا اَعْطٰى وَكُلُّ شَيْءٍ عِنْدَهُ بِاَجَلٍ مُسَمًّى بخاری
اور مسلم میں اسامہ بن زید رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرر خدا ہی کا تھا جو اسنے لیا اور
اُسی کا ہے جو اسنے دیا اور ہر چیز کی اسکے نزدیک مدت مقرر ہے ف اسامہ سے
روایت ہے کہ ہم حضرت کے پاس تھے حضرت کی کسی بیٹی نے حضرت سے کہلا بھیجا کہ میرا لڑکا مرتا ہے
آپ تشریف لاوے تب حضرت نے یہ کہلا بھیجا یعنی لڑکا خدا کی امانت تھا خدا نے لیا
تو صبر کیا چاہیے بگانی چیز پر کچھ دعوی نہیں اور اس لڑکے پر کیا موقوف ہے ہر چیز کی

ق ۲۴

م ۳۷۵ ایک مدت سے آخر اسکو فنا ہے م سلمان اِنَّ لِلّٰہِ مِائَۃَ رَحْمَۃٍ فَمِنْھَا رَحْمَۃٌ
یَتَرَاحَمُ بِھَا الْخَلْقُ بَیْنَھُمْ وَتِسْعٌ وَتِسْعُوْنَ لِیَوْمِ الْقِیٰمَۃِ مسلم مین سلمان
رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ خدا کی سو رحمتین ہین اُنمین سے ایک رحمت کے سبب سے تمام
خلق آپسمین الفت اور محبت کرتی ہے اور ننانوے رحمتین خدا کی قیامت کے دنکے واسطے ہین
ف یعنی خدا نے اپنی رحمت کے سو حصے کیے ایک حصہ تمام خلق کو دیا اسی کا یہہ اثر ہے کہ جانور
اپنے بچون کو پالتے ہین آپ بھوکے رہتے ہین اُنکو کھلاتے ہین اُسی کا اثر ہے کہ ماں باپ
اپنی اولاد کو پالتے ہین اور اُنکی مصیبتین اُٹھاتے ہین اور ننانوے حصے خدا کی رحمت
قیامت مین ظاہر ہوگی حضرت کی شفاعت اور گنہگارونکی بخشش اور بہشت کی بیحساب
نعمتین اُنمین رحمتون کا اثر ہے اس حدیث سے ثابت ہوا کہ خدا کی رحمت کی کچھ حد نہین

ق ۳۷۶ ق اَبُوْھُرَیْرَۃَ اِنَّ لِلّٰہِ مَلَائِکَۃً یَطُوْفُوْنَ فِی الطُّرُقِ یَلْتَمِسُوْنَ اَھْلَ
الذِّکْرِ فَاِذَا وَجَدُوْا قَوْمًا یَذْکُرُوْنَ اللّٰہَ تَنَادَوْا ھَلُمُّوْا اِلٰی حَاجَتِکُمْ
قَالَ فَیَحُفُّوْنَھُمْ بِاَجْنِحَتِھِمْ اِلَی السَّمَآءِ الدُّنْیَا فَاِذَا تَفَرَّقُوْا عَرَجُوْا
اِلَی السَّمَآءِ قَالَ فَیَسْاَلُھُمْ رَبُّھُمْ وَھُوَ اَعْلَمُ بِھِمْ مِنْھُمْ مِنْ اَیْنَ جِئْتُمْ فَیَقُوْلُوْنَ
جِئْنَا مِنْ عِنْدِ عِبَادٍ لَکَ فِی الْاَرْضِ قَالَ فَیَسْاَلُھُمْ رَبُّھُمْ وَھُوَ اَعْلَمُ بِھِمْ
مِنْھُمْ مَا یَقُوْلُ عِبَادِیْ قَالُوْا یُسَبِّحُوْنَکَ وَیُکَبِّرُوْنَکَ وَیَحْمَدُوْنَکَ

بیان وسعت رحمت الٰہی

فضیلت ذکر الٰہی و برکت صحبت اہل ذکر

وَيُهَلِّلُونَكَ وَيُمَجِّدُونَكَ قَالَ فَيَقُولُ هَلْ رَأَوْنِي قَالَ فَيَقُولُونَ
لَا وَاللّٰهِ مَا رَأَوْكَ قَالَ فَيَقُولُ كَيْفَ لَوْ رَأَوْنِي قَالَ فَيَقُولُونَ لَوْ رَأَوْكَ
كَانُوا أَشَدَّ لَكَ عِبَادَةً وَأَشَدَّ لَكَ تَمْجِيدًا وَأَكْثَرَ لَكَ تَسْبِيحًا قَالَ
فَيَقُولُ فَمَا يَسْأَلُونِي قَالُوا يَسْأَلُونَكَ الْجَنَّةَ قَالَ فَيَقُولُ وَهَلْ رَأَوْهَا
قَالَ يَقُولُونَ لَا وَاللّٰهِ يَا رَبِّ مَا رَأَوْهَا قَالَ فَيَقُولُ فَكَيْفَ لَوْ رَأَوْهَا قَالَ
يَقُولُونَ لَوْ أَنَّهُمْ رَأَوْهَا كَانُوا أَشَدَّ عَلَيْهَا حِرْصًا وَأَشَدَّ لَهَا طَلَبًا
وَأَعْظَمَ فِيهَا رَغْبَةً قَالَ فَمِمَّا يَتَعَوَّذُونَ قَالَ يَقُولُونَ مِنَ النَّارِ قَالَ يَقُولُ
وَهَلْ رَأَوْهَا قَالَ يَقُولُونَ لَا وَاللّٰهِ يَا رَبِّ مَا رَأَوْهَا قَالَ يَقُولُ
فَكَيْفَ لَوْ رَأَوْهَا قَالَ يَقُولُونَ لَوْ أَنَّهُمْ رَأَوْهَا كَانُوا أَشَدَّ مِنْهَا
فِرَارًا وَأَشَدَّ لَهَا مَخَافَةً قَالُوا وَيَسْتَغْفِرُونَكَ قَالَ فَيَقُولُ فَأُشْهِدُكُمْ
أَنِّي قَدْ غَفَرْتُ لَهُمْ قَالَ يَقُولُ مَلَكٌ مِنَ الْمَلَائِكَةِ رَبِّ فِيهِمْ فُلَانٌ
لَيْسَ مِنْهُمْ إِنَّمَا جَاءَ لِحَاجَةٍ قَالَ هُمُ الْقَوْمُ لَا يَشْقَى جَلِيسُهُمْ بخاری

اور مسلم میں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرر خدا کے فرشتے ہیں
کہ گھومتے پھرتے ہیں راہوں میں ڈھونڈھتے ہیں خدا کے یاد کرنے والوں کو پھر جب
پاتے ہیں اُس گروہ کو جو خدا کو یاد کرتے ہیں تو آپس میں پکارتے ہیں جلدی آؤ اپنے

مطلب کو حضرت نے فرمایا سو انکو چھپا لیتی ہین اپنے پروں سے پہلے آسمان تک جب لوگ ذکر
کرکے جدا ہوجاتے ہین تو فرشتے آسمان پر چڑھ جاتے ہین حضرت نے فرمایا پھر اُنسے انکا رب
پوچھتا ہے حالانکہ وہ انکا حال اُنسے زیادہ جانتا ہے کہ تم کدھر سے آئے تو وہ کہتی ہین
ہم تیرے بندونکے پاس سے آئے ہین جو زمین پر ہین حضرت نے فرمایا کہ پھر انکا رب اُنسے پوچھتا ہے
حالانکہ وہ انکا حال اُنسے زیادہ جانتا ہے کہ کیا کہتے ہین میرے بندے فرشتے کہتے ہین کہ سبحان
اللہ کہتی ہین یعنی ہر عیب اور نقصان سے تجھکو پاک بتلاتے ہین اور اللہ اکبر کہتی ہین یعنے
تجھکو سب سے بڑا جانتے ہین اور الحمد للہ کہتی ہین یعنی تیری خوبیان بیان کرتی ہین اور لا الہ الا اللہ
کہتے ہین یعنی تیرے سوا کسی کو لایق بندگی کے نہین جانتے اور لاحول ولا قوۃ الا باللہ
کہتے ہین یعنی بدون تیری مدد کے اپنا کسی بات مین اختیار نہین جانتے تیری بڑائی بیان کرتے ہین
حضرت نے فرمایا کہ پھر خدا فرماتا ہے کہ کیا انہون نے مجھکو دیکھا ہے حضرت نے فرمایا پھر فرشتے
کہتے ہین خدا کی قسم نہین دیکھا ہے حضرت نے فرمایا پھر خدا فرماتا ہے کیا انکا حال
ہوتا جو مجھکو دیکھین حضرت نے فرمایا سو وہ کہتی ہین اگر وہ تجھکو دیکھین تو بہت تیری بندگی
کرین اور نہایت تیری بڑائی بیان کرین اور بہت تیری پاکی بولین حضرت نے کہا پھر حق تعالی
فرماتا ہے سو وہ کیا مجھسے مانگتے ہین فرشتے کہتے ہین کہ وہ بہشت مانگتے ہین حضرت نے
فرمایا خدا فرماتا ہے کہ کیا انہون نے بہشت کو دیکھا ہے حضرت نے فرمایا فرشتے کہتے ہین

قسم

قسم خدا کی اے رب نہین اسکو دیکھا ہے حضرت نے فرمایا پھر حق تعالی فرماتا ہے سو
انکا حال کیا ہو جو اسکو دیکھین حضرت نے فرمایا فرشتے کہتے ہین کہ اگر وہ اسکو دیکھ پاوین تو اسکے
بڑے لالچی بن جاوین اور بہت مانگین اور نہایت اسکی خواہش کرین خدا فرماتا ہے پھر کس سے
پناہ مانگتے ہین حضرت نے فرمایا فرشتے کہتے ہین کہ دوزخ سے پناہ مانگتے ہین حضرت نے فرمایا
حق تعالی فرماتا ہے کہ کیا اُنہون نے دوزخ کو دیکھا ہے حضرت نے فرمایا فرشتے کہتے ہین
خدا کی قسم اے رب نہین اُنہون نے اسکو دیکھا حضرت نے فرمایا خدا فرماتا ہے سو انکا کیا حال ہو
جو اسکو دیکھین حضرت نے فرمایا فرشتے کہتے ہین اگر وہ دوزخ کو دیکھین تو بہت اُسسے بھاگین
اور بہت اُس سے ڈرین فرشتون نے کہا کہ تجھسے وہ گناہون کی بخشش چاہتے ہین حضرت نے
فرمایا پھر حق تعالی فرماتا ہے سو تمکو مین گواہ کرتا ہون کہ مین نے انکو بخشا حضرت نے فرمایا کہ
اُن فرشتون مین سے ایک فرشتہ کہتا ہے کہ ای رب اُنمین تو فلانا آدمی بھی نہا وہ اس گروہ مین
نہین صرف اپنے کسی کام کو آیا تھا حق تعالی نے فرمایا کہ وہ ایسے لوگ ہین کہ اُنکے
ساتھ کا بیٹھنے والا بدبخت نہین ہوتا یعنی اُنکے پاس بیٹھنے کی برکت سے وہ بھی بخشا گیا
اگرچہ وہ ذاکر نہ تھا **ف** اس حدیث سے ذکر الٰہی کی نہایت بڑائی ثابت ہوئی اور اولیا کی اور
جو رات دن خدا کی ذکر مین رہتے ہین اُنکی نہایت بزرگی معلوم ہوئی اور ثابت ہوا کہ
نیکونکی صحبت آخرت مین کام آویگی **ف** اَبُوْمُوْسٰی اِنَّ لِلْمُؤْمِنِ فِی الْجَنَّةِ

لَخَيْمَةً مِنْ لُؤْلُؤَةٍ وَاحِدَةٍ مُجَوَّفَةٍ طُوْلُهَا فِي السَّمَاءِ وَيُرْوَى عَرْضُهَا
سِتُّوْنَ مِيْلًا لِلْمُؤْمِنِ فِيْهَا اَهْلُوْنَ يَطُوْفُ عَلَيْهِمُ الْمُؤْمِنُ فَلَا يَرَى بَعْضُهُمْ
بَعْضًا بخاری اور مسلم مین ابو موسی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرا ایماندار کے
واسطے بہشتین ایک خیمہ ہے ایک پولے موتی کا لنبا اُسکا آسمان مین اور روایت ہے
کہ چوڑا اُسکا ساٹھ کوس کا ایماندار کی اُسمین بی بیان ہونگی کہ اُنمین گھوما کریگا سو ایک

م ۳۷۸ دوسرے کو نہ دیکھیگا یعنی کشادگی کے سبب **مَا اَنَسَ اِنَّ لَنَا طَلْبَةً فَمَنْ كَانَ**
**ظَهْرُهٗ حَاضِرًا فَلْيَرْكَبْ مَعَنَا قَالَهٗ عِنْدَ خُرُوْجِهٖ اِلٰى بَدْرٍ** مسلم مین انس رض سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ البتہ ہمارا ایک مطلب ہے یعنی ہم کسی تاک مین جاتے ہین سو جسکے
پاس سواری موجود ہو وہ ہمارے ساتھ سوار ہو چلے یہ حضرت نے جب جنگ بدر کو چلے تھے

ق ۳۷۹ تب فرمایا **قُرَيْشٍ** کا قافلہ جب شام کی سوداگری سے پھرا تو حضرت نے وہان جاسوس
لگا رکھے تھے جب جاسوس نے حضرت کو اُنکے آنے کی خبر دی تب حضرت نے اصحاب سے یہہ
حدیث فرمائی لیکن صاحب مطلب کہا تا کہ خبر مشہور نہو جاوے **ق اِبْنُ عَبَّاسٍ اِنَّ لَهٗ وَسْمًا**
**قَالَهٗ حِيْنَ شَرِبَ لَبَنًا ثُمَّ دَعَا بِمَاءٍ فَتَمَضْمَضَ** بخاری اور مسلم مین عبداللہ بن عباس رض سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ البتہ اسمین چکنائی ہے یہہ حضرت نے فرمایا جب دودھ کو پیا تھا
پھر پانی منگا کر کلی کی **ف** اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جب چکنی چیز کھاوے تو کلی کرنا سنت ہے

ق ۳۸۰ ق رافع بن خدیج ان لھذہ البھائم اوابد کاوابد الوحش بخاری اور
مسلم میں رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ البتہ ان چوپایوں میں
بھی بہرکنے والے ہوتی ہیں جیسے جنگلی بہرکنے والے ہوتی ہیں ف روایت ہے کہ کسی کا اونٹ
بھاگ گیا تھا پکڑائی نہ دیتا تھا کسی نے اسکو تیر سے مارا پھر اسکا مسئلہ حضرت سے پوچھا حضرت نے
یہ حدیث فرمائی یعنی جب پالو جانور وحشی ہو جاوے اور ہاتھ نہ لگے کہ اسکو ذبح کیجئے تو ایسا ہے
کہکر جہاں زخم لگاوے تو وہ حلال ہو جاتا ہے جیسا کہ جنگلی جانور میں یہی حکم ہے اور اسی طرح جو جانور کنوئے
میں اوندھا گر پڑے تو جہاں قابو پڑے حلال ہے م انس ان ماء الرجل غلیظ ابیض ۳۸۱ م
وماء المراۃ رقیق اصفر فمن ایھما علا او سبق یکون منہ الشبہ مسلم میں
انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرر منی مرد کی گاڑھی سفید ہے اور عورت کی منی
پتلی زرد ہے سو ان دونوں میں سے جو غالب پڑ گئی یا جو پہلے نکلی تو اسی سبب سے مشابہت ہوتی ہے
ف یہودیوں نے حضرت سے پوچھا کہ اسکا کیا سبب ہے کہ لڑکا کبھی ماں کی صورت پر ہوتا ہے
کبھی باپ کی تب حضرت نے یہ حدیث فرمائی یعنی جسکی منی غالب پڑی یا جسکے پہلے نکلی اسی کی صورت پر
لڑکا ہوتا ہے ق ۳۸۲ ق ابو موسیٰ مثلی ومثل ما بعثنی اللہ بہ من الھدیٰ
والعلم کمثل غیث اصاب ارضا فکانت منھا طائفۃ طیبۃ قبلت
الماء وانبتت الکلا والعشب الکثیر وکانت منھا اجادب امکت الماء

فَنَفَعَ اللّٰهُ بِهَا النَّاسَ فَشَرِبُوا مِنْهَا وَسَقَوْا وَزَرَعُوْا وَاَصَابَ طَائِفَةً
مِنْهَا اُخْرٰى اِنَّمَا هِيَ قِيْعَانٌ لَا تُمْسِكُ مَاءً وَلَا تُنْبِتُ كَلَاً فَذٰلِكَ مَثَلُ
مَنْ فَقُهَ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ وَنَفَعَهُ اللّٰهُ بِمَا بَعَثَنِيْ بِهٖ فَعَلِمَ وَعَلَّمَ وَمَثَلُ مَنْ لَمْ
يَرْفَعْ بِذٰلِكَ رَاْسًا وَلَمْ يَقْبَلْ هُدَى اللّٰهِ الَّذِيْ اُرْسِلْتُ بِهٖ بخاری اور
مسلم میں ابوموسی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مثل کہاوت اُسکی جس کو واسطے
خدا نے مجھکو اُٹھایا ہے رہنمائی اور علم سکھانی کو جیسے کہاوت مینہہ کی جو پہنچا زمین پر
سو اُسمیں جو تھوڑی بہتر زمین تھی وہ پانی کو سوک گئی اور چارا اور بہت سا سبزہ جمایا اور اس زمین سے
جو کڑی سخت تھی اُسنے پانی کو سمیٹ رکھا یعنی جیسے تالاب اور جھیل سو خدا نے اُس سے آدمیونکو
نفع پہنچایا پھر آدمیوں نے اُسسے پانی پیا اور جانوروں کو پلایا اور کھیتیوں کو سینچا اور کچھ
دوسرے ٹکڑے زمین کو پانی پہنچا سو وہ تو چٹیل میدان ہے کہ نہ پانی کو روکے نہ چارا جماوے
سو یہہ کہاوت ہے اُسکی جو خدا کی دین کو بوجھا اور خدا نے اسکو میری پیغمبری سے نفع دیا سو اُسنے
علم سیکھا اور غیر کو سکھایا اور کہاوت ہے اُسکی جسنے ادھر کو سر نہ اُٹھایا یعنے علم دین پر
کچھ دھیان نکیا اور خدا کی ہدایت کو نہ لیا جسکے واسطے میں بھیجا گیا ف یعنی پیغمبر کی
ہدایت کا اور مینہہ کا ایک حال ہے اسواسطے کہ زمین تین طرح پر ہے آدمی بھی تین قسم کے
ہین ایک قسم زمین کہ جو عمدہ ہے اُسمیں پانی برسنے سے چارا سبزہ خوب جمتا ہے اسی طرح

جو دانا لوگ ہین وہ قرآن حدیث کو خوب سمجھتے ہین اور نیک کام کرتے ہین دوسری قسم زمین کی
وہ جسمین سبزہ نہین جمتا لیکن پانی بہر رہتا ہے تو ہرچند اسکو خود نفع نہین لیکن اورون کو فائدہ ہے
اسی طرح بعضی آدمی وہ ہین کہ علم دین انکو یاد ہے لیکن تیز فہم نہین جو اُسمین سے مطلب نکالین تو اُنسے
اورون کو فائدہ ہے خود کو اتنا نہین تیسری قسم زمین کی چٹیل میدان ہے کہ اُسمین نہ پانی ٹہرے
نہ سبزہ جمے اسی طرح وہ لوگ ہین جنھون نے دین کی طرف کچھ دھیان نکیا نہ خود کو نفع نہ غیر کو تو معلوم
ہوا کہ ہدایت پہنچانے اور مینہہ اپنی تاثیر مین خوب پورے ہین اگر کسی آدمی اور زمین کو فائدہ نہو تو اسکی
استعداد اور لیاقت کا قصور ہے شعر باران کہ در لطافت طبعش خلاف نیست در
باغ لالہ روید و در شورہ بوم خس ق ابو ہریرۃ ان مثلی ومثل الانبیاء من ۳۸۴
قبلی کمثل رجل بنی بنیانا فاحسنہ واجملہ الا موضع لبنۃ من زاویۃ
من زوایاہ فجعل الناس یطوفون بہ ویعجبون لہ ویقولون ھلا
وضعت ھذہ اللبنۃ فانا اللبنۃ وانا خاتم النبیین بخاری اور مسلم مین ابو ہریرہ
رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا میری مثل اور مجھسے اگلے پیغمبرونکی مثل جیسے اُس مرد کی
مثل جسنے ایک مکان بنایا سو اسکو بہت ستھرا اور اچھا بنایا مگر اُسکے کونون مین سے کسی کونے مین
ایک اینٹ کی برابر تمام رکھا سو آدمی اُسمین دیکھنے کو گھومنے لگے اور تعجب کرنے لگے اور کہنے لگے
کہ یہہ اینٹ کہون نہین جمائی گئی سو وہ اینٹ مین ہون اور مین ہون پیغمبرونکا تمام اور پورا

کرنے والا ف یعنی نبوت کا گھر میرے بغیر ناتمام تھا میرے ہونے سے سب کمالات
ختم ہو چکے اسمین اشارہ ہے کہ حضرت کے بعد کوئی پیغمبر نہو گا اور حضرت عیسی علیہ السلام
جو قیامت کے قریب آوینگے تو اپنا دین نہ جاری کرینگے حضرت کے دین کی تابع ہونگے تو جیسے
حضرت کے اور خلیفہ ہو گئی ہین ویسے ہی وہ بھی ہوئے ق اَبُوْمُوْسٰی اِنَّ مَثَلِیْ ق (۴۴)
وَمَثَلُ مَا بَعَثَنِیَ اللّٰہُ بِہٖ کَمَثَلِ رَجُلٍ اَتٰی قَوْمًا فَقَالَ یَا قَوْمِ اِنِّیْ رَاَیْتُ
الْجَیْشَ بِعَیْنَیَّ وَاِنِّیْ اَنَا النَّذِیْرُ الْعُرْیَانُ فَالنَّجَاءَ فَاَطَاعَہٗ طَائِفَۃٌ مِنْ
قَوْمِہٖ فَاَدْلَجُوْا فَانْطَلَقُوْا عَلٰی مَھْلِھِمْ وَکَذَّبَتْ طَائِفَۃٌ مِنْھُمْ
فَاَصْبَحُوْا مَکَانَھُمْ فَصَبَّحَھُمُ الْجَیْشُ فَاَھْلَکَھُمْ وَاجْتَاحَھُمْ فَذٰلِکَ
مَثَلُ مَنْ اَطَاعَنِیْ فَاتَّبَعَ مَا جِئْتُ بِہٖ وَمَثَلُ مَنْ عَصَانِیْ وَکَذَّبَ بِمَا جِئْتُ بِہٖ
مِنَ الْحَقِّ بخاری اور مسلم مین ابو موسی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ میری مثل
اور میری پیغمبری اور دین کی مثل جیسے اُس مرد کی مثل ہے جو ایک قوم کی پاس آیا پھر اسنے
کہا اے قوم مین بیشک لوٹنے والے لشکر کو اپنی دونون آنکھون سے دیکھ آیا ہون
اور مین ننگا ڈرانے والا ہون سو جلدی بچا کو سو اُسکی قوم سے کچھ لوگون نے اُسکا
کہنا مانا سو وہ شام ہوتے ہی بھاگے سو آرام سے چلے گئے اور کچھ لوگون نے جھوٹا جانا
وہ فجر تک اپنے مکانون مین ٹھہرے رہے سو صبح ہوتے اُن پر لشکر ٹوٹ پڑا تو

انکو ہلاک کیا اور انکو جڑ سے اکھاڑا اسی طرح اسکی جنسے میرا کہا مانا اور میرے دین کی پیروی
اور مثل اسکی جنسے میرا کہا نہ مانا اور ہٹلایا پچھے دین کو ف عرب مین دستور تہا کہ جسنے
دشمن کے لشکر کو دیکہا کہ غارت کرنے کو آتا ہے تو وہ ننگا ہو کے اپنے کپڑے لکڑی پر اٹہا کر
چلاتا تہا اور اپنی قوم سے کہتا تہا کہ جلد بہاگو ننگے ہونے سے غرض یہہ تہی کہ اسکو لوگ بڑی آفت
سمجہین اور اسکو سچا جان کر جلد بہاگین ق حُذَیْفَۃُ اِنَّ مَعَہٗ مَاءً وَنَارًا فَنَارُہٗ ق ۸۵
مَاءٌ وَمَاؤُہٗ نَارٌ بخاری و مسلم مین حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ البتہ
دجال کی ساتہہ پانی اور آگ ہوگی سو اسکی آگ تو پانی ہے اور پانی آگ ہے ف قیامت کی قریب
ایک کافر یہودی نکلیگا اور خدائی کا دعوی کریگا اسکا نام دجال ہے اسکے ساتہہ آگ اور
پانی ہوگا ڈٹہہ بندی سے آگ پانی معلوم ہوگا اور پانی آگ معلوم ہوگی آگ کا نام دوزخ رکہیگا
اور پانی کا نام بہشت رکہیگا جو اسکا تابع ہوگا اسکو بہشت مین ڈالیگا اور منکر کو دوزخ مین
سو حضرت نے فرمایا کہ اسوقت کے مسلمان اسکی آگ سے نہ ڈرین اسواسطے کہ اسکی آگ حقیقت مین پانی ہے
اور اسکا پانی آگ ہے ق اَبُوْ شُرَیْحٍ الْخُزَاعِیُّ اَنَّ مَکَّۃَ حَرَّمَہَا اللّٰہُ وَلَمْ یُحَرِّمْہَا ق ۸۶
النَّاسُ فَلَا یَحِلُّ لِاِمْرِءٍ یُؤْمِنُ بِاللّٰہِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ اَنْ یَسْفِکَ بِہَا دَمًا وَ
لَا یَعْضِدَ بِہَا شَجَرَۃً فَاِنْ اَحَدٌ تَرَخَّصَ لِقِتَالِ رَسُوْلِ اللّٰہِ فَقُوْلُوْا اِنَّ اللّٰہَ
قَدْ اَذِنَ لِرَسُوْلِہٖ وَلَمْ یَاْذَنْ لَکُمْ وَاِنَّمَا اَذِنَ لِیْ فِیْہَا سَاعَۃً مِّنْ نَّہَارٍ

ثُمَّ عَادَتْ حُرْمَتُهَا الْيَوْمَ كَحُرْمَتِهَا بِالْأَمْسِ وَلْيُبَلِّغِ الشَّاهِدُ الْغَائِبَ

بخاری اور مسلم میں ابوشریح رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مکہ خدا نے حرام کیا ہے آدمیوں نے اسکو نہیں حرام کیا سو جو مرد کہ خدا کا اور قیامت کا ایمان رکھتا ہو وہ اسمیں خون کو نہ بہاوے یعنے کسی کو نہ مارے اور کسکے کا درخت نہ کاٹے اور اگر کوئی مکہ میں خون کرنا درست جانے پیغمبر خدا کی قتل کرنیکی دلیل سے سو اُسسے کہہ دو کہ البتہ خدا نے اپنے رسول کو حکم دیا تھا اور تمکو حکم نہیں دیا اور مجھکو بھی دنکی ایک ہی ساعت میں اجازت ہوئی پھر اُسکی حرمت پلٹ آئی آج جیسے کل تھی اور چاہیے کہ جو لوگ اسوقت حاضر ہیں وہ غائب لوگوں کو یہ حکم پہنچا دیویں

ق ۳۸۲ فَإِنَّ مِنْ أَشْرَاطِ السَّاعَةِ أَنْ يُرْفَعَ الْعِلْمُ وَيَظْهَرَ الْجَهْلُ وَيَفْشُوَ الزِّنَى وَتُشْرَبَ الْخَمْرُ وَيَذْهَبَ الرِّجَالُ وَتَبْقَى النِّسَاءُ حَتَّى يَكُونَ لِخَمْسِينَ امْرَأَةً قَيِّمٌ وَاحِدٌ بخاری اور مسلم میں انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ قیامت کی نشانیوں سے یہ ہے کہ علم اُٹھا لیا جاویگا یعنی عُلما مر جاوینگے اور جہالت ظاہر ہوگی اور حرامکاری پھیل جاویگی اور شراب پی جاویگی اور مرد تھوڑے رہینگے اور عورتیں باقی رہینگی یہانتک کہ پچاس عورتوں کا ایک خبر لینی والا مرد رہ جاوے گا

خ ۳۸۳ وَاثِلَةَ بْنَ الْأَسْقَعِ أَنَّ مِنْ أَعْظَمِ الْفِرَى أَنْ يَدَّعِيَ الرَّجُلُ إِلَى غَيْرِ أَبِيهِ أَوْ يُرِيَ عَيْنَيْهِ مَا لَمْ تَرَيَا أَوْ يَقُولَ عَلَى رَسُولِ اللهِ مَا لَمْ يَقُلْ بخاری میں واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے

کہ حضرت نے

کہ حضرت نے فرمایا کہ البتہ سب بہتانوں مین سے بڑا بہتان یہہ ہے کہ مرد اپنے باپ کو چھوڑ کے اور سے
نا نا رشتہ لگاوی اور اپنی آنکھون کو وہ دکھلاوے جو آنکھون نے نہین دیکھا یعنی جھوٹھا خواب
بناکر کہے یا خدا کی پیغمبر پر کہے وہ بات جو پیغمبر نے نہین کہی یعنی حضرت کی طرف سے جھوٹھی حدیث
بناکر کہے خ عَلِیٌّ اِنَّ مِنَ الْبَیَانِ لَسِحْرًا بخاری مین حضرت علی سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ مقرر بعضا بیان تو جادو ہوتا ہے یعنی جیسے جادو سے آدمی لوٹ پوٹ ہو جاتا ہے ویسے
بعضے آدمی کی تقریر ہوتی ہے ف مصابیح مین روایت ہے کہ مشرق سے دو آدمی آئے
اُنھون نے حضرت کے رو برو خطبہ پڑہا لوگون کو اُنکی خوش تقریری سی بڑا تعجب ہوا تب حضرت نے یہہ حدیث
فرمائی علماء حدیث نے کہا ہے کہ اگر باطل بات مین خوش تقریری کرے تو حرام ہے اور حق
بات مین پسند ہے خ اِنَّ مِنَ الشَّجَرَةِ شَجَرَةً لَا یَسْقُطُ وَرَقُهَا وَاِنَّهَا
مَثَلُ الْمُسْلِمِ بخاری مین عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ البتہ درختون
ایک ایسا درخت ہے جسکے پتے نہین جھڑتے اور البتہ وہ درخت مسلمان کی مثل ہے ف
عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ ایکبار حضرت نے پوچھا کہ وہ کون درخت ہے کہ جسکے
پتے نہین جھڑتے اصحاب کا دھیان جنگلی درختون مین گیا میرے دل مین آیا کہ وہ کھجور کا درخت ہے
لیکن شرم سی کہہ سکا پھر حضرت نے فرمایا کہ وہ کھجور کا درخت ہے اور مراد اُسسے مسلمان ہے
کہ اُسکا نقصان کسیطرح نہین ہوتا راحت مین شکر کرتا ہے اور رنج مین صبر کرتا ہے

م

تو اسکو دونون طرح ثواب ہوتا ہے مرجابرانّ من اللیل ساعۃ لا یوافقھا
عبد مسلم یسال اللہ خیرا الا اعطاہ ایاہ ویروی خیرا من امر الدنیا
والاخرۃ الا اعطاہ ایاہ وذلک کل لیلۃ مسلم مین جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ البتہ رات مین ایک ساعت وہ ہے کہ مسلمان بندہ خدا سے بہتری مانگے
اور اس ساعت کی موافق پڑجاوے تو خدا اسکو ضرور دیوی اور ایک روایت مین یون آیا ہے
کہ جو دین دنیا کی بہتری مانگے تو خدا اسکو ضرور دیوی اور یہہ ساعت ہر رات ہے ف یعنے وہ
ساعت جسمین دعا ضرور قبول ہوتی ہے وہ ہر رات مین ہوتی ہے بعضون نے کہا ہے
کہ وہ ساعت پچھلی رات کو صبح کی قریب ہوتی ہے بعضون نے کہا ہے جب تہائی رات
رہتی ہے تب ہوتی ہے حضرت نے اسواسطے صاف فرمایا تاکہ لوگ اسکے شوق مین رات بھر

ق عبادت کرین ق ابوسعید انّ من امنّ الناس علی فی صحبتہ ومالہ ابابکر
ولو کنت متخذا خلیلا غیر ربی لاتخذت ابابکر خلیلا ولکن اخوۃ
الاسلام ومودتہ لا یبقین فی المسجد باب الا سد الا باب ابی بکر بخاری ومسلم مین
ابوسعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقدر سب آدمیون مین سے مجھپر بڑا احسان کرنیوالا
ساتھ دینے مین اور اپنے مال کی خرچ کرنے مین ابوبکر ہے اور اگر مین اپنے رب کے سوای
کسی اور کو جانی دوست ٹہراتا تو ابوبکر ہی کو جانی دوست کرتا لیکن اسلام کی برادری

اور محبت

اور محبت ہماری اسکے درمیان ہے مسجد کی طرف سے سب کے دروازے بند کردیے جاویں مگر ابوبکر کا دروازہ
کہلا رہے **ف** مسجد کی صحن سے لگے لگے اصحاب کے دروازے تھے سو حضرت نے وفات کی قریب
سب دروازے بند کروا دئے صرف حضرت ابی بکر کا دروازہ کہلا رکھا اس حدیث سے ابی بکر صدیق کی
سب اصحاب پر فضیلت ثابت ہوئی اور اسمیں صاف اشارہ کیا انکی خلافت کا **م** عَائِذُ ۳۹۳
بْنُ عَمْرٍو اِنَّ مِنْ شَرِّ الرِّعَاءِ الْحُطَمَةَ مسلم میں عائذ بن عمرو سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ بہت
بُرا چرانے والا وہ ہے جو بھیڑ بکری کے مار مار کے تہ پانوں توڑے **ف** مراد اس حدیث سے حاکم
ظالم ہے جو رعیت پر رحم نہ کرے **م** اَبُوْ سَعِيْدٍ اِنَّ مِنْ شَرِّ النَّاسِ عِنْدَ اللّٰهِ مَنْزِلَةً يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۳۹۴
وَيُرْوٰى مِنْ اَعْظَمِ الْاَمَانَةِ عِنْدَ اللّٰهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ الرَّجُلُ يُفْضِىْ اِلٰى امْرَاَتِهٖ وَتُفْضِىْ
اِلَيْهِ ثُمَّ يَنْشُرُ سِرَّهَا مسلم میں ابوسعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ البتہ
سب آدمیوں سے بہت بُرا آدمی خدا کی نزدیک مرتبہ میں قیامت کی دن اور ایک روایت میں یوں ہے
کہ امانت کا بڑا خیانت کرنے والا خدا کی نزدیک قیامت کی دن وہ مرد ہے کہ جو اپنی جورو سے
صحبت داری کرے اور جورو اس سے صحبت داری کرے پھر اسکے بھید کو مشہور کرے
**ف** یعنی لوگوں سے بیان کرے کہ ہم نے اتنے بار جماع کیا یا اتنی دیر کیا کہ یہ کمال بیحیائی
ہے اور نہایت گناہ **ق** اَبُوْ سَعِيْدٍ اِنَّ مِنْ ضِئْضِئِ هٰذَا قَوْمًا يَقْرَءُوْنَ الْقُرْاٰنَ ۳۹۵ ق
لَا يُجَاوِزُ حَنَاجِرَهُمْ يَقْتُلُوْنَ اَهْلَ الْاِسْلَامِ وَيَدَعُوْنَ اَهْلَ الْاَوْثَانِ يَمْرُقُوْنَ

مِنَ الْاِسْلَامِ كَمَا يَمْرُقُ السَّهْمُ مِنَ الرَّمِيَّةِ لَئِنْ اَدْرَكْتُهُمْ لَاَقْتُلَنَّهُمْ قَتْلَ عَادٍ
قَالَهُ لِذِي الْخُوَيْصِرَةِ حِيْنَ قَالَ اتَّقِ اللّٰهَ يَا مُحَمَّدُ حِيْنَ قَسَمَ ذُهَيْبَةً فِيْ قُرَيْظَةَ
كَانَ بَعَثَ بِهَا عَلِيٌّ مِنَ الْيَمَنِ بَيْنَ الْاَقْرَعِ وَعُيَيْنَةَ وَعَلْقَمَةَ وَزَيْدِ الْخَيْلِ

بخاری اور مسلم میں ابوسعید سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرر اسکی اصل اور نسل سے ایک قوم پیدا ہوگی
کہ قرآن کو پڑھینگے لیکن گلوں سے نیچے نہ اُتریگا یعنی دل میں قرآن کی تاثیر نہوگی زبان سے پڑھینگے
اسپر عمل نہ کرینگے مسلمانوں کو قتل کرینگے بت پرستوں کو چھوڑینگے وہ لوگ نکل جاوینگے
اسلام سے جیسے تیر نکل جاتا ہے نشانے سے اگر میں نے انکو پایا تو مقرا کو قتل کرونگا قوم عاد کا سا
قتل یہہ حدیث اُسکے حق میں فرمائی کہ جسکا نام ذوالخویصرہ تھا جب اُسنے کہا تھا خدا سے ڈر اے
محمد جب حضرت کچھ سونا مٹی ملا ہوا جسکو حضرت علی نے یمن سے بھیجا تھا بانٹتے تھے چار آدمیوں کے
درمیان ایک اقرع دوسرا عیینہ تیسرا علقمہ چوتھا زید خیل ف یہہ چاروں عرب میں سردار تھے
تازہ اسلام لائے تھے اسواسطے وہ کچھ سونا حضرت نے اُنہیں کو دیا ولدار کے واسطے بنی
تمیم کی قوم میں ایک شخص منافق تھا ذوالخویصرہ اسکا نام اُسنے کہا اے پیغمبر خدا سے ڈر عدل کر
برابر بانٹ ہمکو یہی دست حضرت نے فرمایا کہ اے کمبخت اگر میں عدل نکرونگا تو پھر دنیا میں کون عادل
پیدا ہوگا عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے کہا کہ یا حضرت اگر حکم ہو تو میں گردن اسکی کاٹ ڈالوں
یہہ منافق ہے حضرت نے فرمایا کہ مت مار لوگ بدنام کرینگے کہ پیغمبر اپنے ساتھیوں کو

مارتا ہے جب وہ وان سے اٹھ گیا تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنی اسکی نسل سے
بہت لوگ پیدا ہونگے ابو سعید اس حدیث کی راوی ہے بخاری مین روایت ہے کہ وہ
قوم خارجی پیدا ہوئی جنہون نے حضرت علی کی امامت نہ مانی اور حضرت علی نے انکو قتل کیا اور مین بھی
اس لڑائی مین موجود تہا جو حضرت نے نشانی فرمائی تہی وہ انہین موجود تہے اس حدیث سے معلوم ہوا کہ
ایسے ہی لوگ ہوتے ہین کہ قرآن پڑہتے ہین ظاہر کی عبادت کرتے ہین اور دل مین انکے ایمان
نہین یعنے دل مین شرک اور بدعت بہرا ہے تو انکی عبادت کا کچہہ اعتبار نہین دانا مسلمان کو چاہیئے
کہ انکی ظاہری عبادت پر دہوکا نہ کہاوے خ اَنَسٌ اِنَّ مِنْ عِبَادِ اللّٰہِ مَنْ لَوْ اَقْسَمَ عَلَی
اللّٰہِ لَاَبَرَّہٗ بخاری مین انس سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرر بعضے اللہ کی بندے ایسے ہین
کہ اگر قسم کہا بیٹہین خدا کی یہہ سے پر تو خدا انکی قسم کو سچا کر دیوے یعنے جس چیز پر قسم کہاوین
کہ فلانی بات ایسی ہوگی تو ویسی ہی خدا کر دیتا ہے ف بخاری مین انس سے روایت ہے
کہ ہماری پھوپہی نے ایک عورت کا دانت توڑ ڈالا اُس سے معاف کروایا اُسنے معاف نکیا
پہر خون بہا دینے کا اقرار کیا اسکو بہی نمانا پہر اُسنے حضرت سے فریاد کی حضرت نے اُسکے بدلے
دانت توڑنے کا حکم کیا تب انس بن نضر ہمارے چچا تہے حضرت سے کہا قسم اس خدا کی جسنے
تجکو سچا کیا ہے کہ میری بہن کا دانت نتوڑا جاویگا حضرت نے فرمایا اے انس خدا کا حکم تو بدلا
لینا ہے آخر اُس عورت کی قوم خون بہا لینے پر راضی ہوئی تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی

یعنی اسنے خدا کی بہروسی پر قسم کہائی ہیں خدا نی اسکی قسم سچی کی خ ابو مسعود
عقبۃ ابن عمرو الانصاری ان مما ادرک الناس من کلام النبوۃ الاولی
اذا لم تستحی فاصنع ما شئت بخاری مین ابو مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ اگلے پیغمبری کے کلام سے جو لوگون نی پائین ہین اُنمین سے ایک بات یہہ ہے
کہ جب تجھکو شرم نرہے نہ خدا سی نہ خلق سے تو جو تیری دل مین آوی سو کر ف یعنی حیا اور شرم
سب پیغمبرون کی دین مین پسند ہے اسکا حکم کبھی موقوف نہین ہوا طبیعت آدمی کی بدکامون کو
چاہتی ہے شرم کی سبب بدکامون سے رکتا ہے آدمی مین اگر شرم نہین تو جانور ہے ف ابی
بن کعب ان موسی قام خطیبا فی بنی اسرائیل فسئل ای الناس اعلم فقال انا
فعتب اللہ علیہ اذ لم یرد العلم الیہ فاوحی اللہ الیہ ان لی عبدا بمجمع البحرین
ھو اعلم منک فقال موسی یا رب وکیف لی بہ قال تاخذ معک حوتا
فتجعلہ فی مکتل فحیثما فقدت الحوت ھو ثم فاخذ حوتا فجعلہ فی
مکتل ثم انطلق وانطلق معہ بفتاہ یوشع بن نون حتی اذا اتیا الصخرۃ
وضعا رؤسھما فناما واضطرب الحوت فی المکتل فخرج منہ فسقط فی
البحر واتخذ سبیلہ فی البحر سربا وامسک اللہ عن الحوت جریۃ الماء فصار
علیہ مثل الطاق فلما استیقظ نسی صاحبہ ان یخبرہ بالحوت فانطلقا

يقتيتر يومهما وليلتهما حتى اذا كان من الغد قال موسى لفتاه اتنا غداءنا لقد لقينا
من سفرنا هذا نصبا قال ولم يجد موسى النصب حتى جاوز المكان الذى امره
الله به قال له فتاه ارأيت اذ اوينا الى الصخرة فانى نسيت الحوت وما انسانيه
الا الشيطان ان اذكره واتخذ سبيله فى البحر عجبا قال فكان للحوت
سربا ولموسى ولفتاه عجبا فقال موسى ذلك ما كنا نبغى فارتدا
على اثارهما قصصا قال فرجعا يقصان اثارهما حتى انتهيا الى الصخرة
فاذا رجل مسجى ثوبا فسلم عليه موسى فقال الخضر وانى بارضك السلام
قال انا موسى قال موسى بنى اسرائيل قال نعم اتيتك لتعلمنى مما علمت
رشدا قال انك لن تستطيع معى صبرا يا موسى انى على علم من علم الله
علمنيه لا تعلمه وانت على علم من علم الله علمك الله لا اعلمه فقال
موسى ستجدنى ان شاء الله صابرا ولا اعصى لك امرا فقال له الخضر
فان اتبعتنى فلا تسئلنى عن شئ حتى احدث لك منه ذكرا فانطلقا
يمشيان على ساحل البحر فمرت سفينة فكلموهم ان يحملوهم فعرفوا الخضر
فحملوا بغير نول فلما ركبا فى السفينة ولم يفجأ الا والخضر قد قلع لوحا
من الواح السفينة بالقدوم فقال له موسى قوم حملونا بغير نول

عمدت الى سفينتهم فخرقتها لتغرق اهلها لقد جئت شيئا امرا قال الم اقل
انك لن تستطيع معي صبرا قال لا تؤاخذني بما نسيت ولا ترهقني
من امري عسرا قال وقال رسول الله صلى الله عليه وسلم فكانت الاولى
من موسى نسيانا قال وجاء عصفور فوقع على حرف السفينة فنقر في
البحر نقرة فقال له الخضر ما علمي وعلمك من علم الله الا مثل ما نقص
هذا العصفور من هذا البحر ثم خرجا من السفينة بينما هما يمشيان على
الساحل اذ ابصر الخضر غلاما يلعب مع الغلمان فاخذ الخضر برأسه بيده
فاقتلعه بيده فقتله فقال له موسى اقتلت نفسا زكية بغير نفس لقد
جئت شيئا نكرا قال الم اقل لك انك لن تستطيع معي صبرا قال وهذه
اشد من الاولى قال ان سألتك عن شيء بعدها فلا تصاحبني قد بلغت
من لدني عذرا فانطلقا حتى اذا اتيا اهل قرية استطعما اهلها فابوا
ان يضيفوهما فوجدا فيها جدارا يريد ان ينقض قال مائل فقال الخضر
بيده فاقامه فقال موسى قوم اتيناهم فلم يطعمونا ولم يضيفونا لو شئت
لاتخذت عليه اجرا قال هذا فراق بيني وبينك سأنبئك بتأويل
ما لم تسطع عليه صبرا فقال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم وددنا

اِنَّ مُوْسٰی اٰکَانَ صَبُوْرًا حَتّٰی یَقُصَّ عَلَیْنَا مِنْ خَبَرِھِمَا بخاری اور مسلم مین ابی بن کعب
رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نبی فرمایا کہ البتہ موسی علیہ السلام بنی اسرائیل کی
قوم مین کھڑے خطبہ پڑھتے تھے سو کسی نے پوچھا کہ آدمیون مین کون بڑا عالم ہے موسی
علیہ السلام نی کہا کہ مین ہون سو خدا نی اُنپر غصہ کیا اس واسطے کہ خدا کی طرف علم کو نہ پہیرا یعنی
یون نکہا کہ واللہ اعلم پہر خدا نی موسی علیہ السلام کو حکم بہیجا کہ مقرر میرا ایک بندہ ہے دو
دریاؤن کے سنگم پاس وہ تجھسے زیادہ عالم ہے سو موسی علیہ السلام نی کہا ای رب میرا
اور اسکا کیون کر ملاپ ہو خدا نی فرمایا کہ تو اپنے ساتھ ایک بھنی مچھلی کو لے پہر اُسکو
ایک زنبیل یعنی ٹوکری مین رکھہ سو جہان وہ مچھلی تجھسے چھوٹ رہے تو وہ اُسی مکان مین
ہوگا موسی علیہ السلام نے ایک مچھلی لی پہر اسکو زنبیل مین رکھا پہر روانہ ہوئے اور ساتھہ
خادم یعنی یوشع بن نون کو بہی لے چلے یہان تک کہ سنگم کے پتہر پاس آئے اور دونون
صاحب وہان سر ٹیک کر سو گئے اور مچھلی آب حیات کی تاثیر سے زنبیل مین پھڑکی اور
اُس سے نکل آئی پہر گر پڑی دریا مین اور اُسنے دریا مین اپنی راہ لی سرنگ بنا کر اور خدا نی
جہان سے مچھلی گئی تہی پانی کا بہاؤ بند کر رکھا سو وہ طاق سا ہو گیا پہر جب موسی علیہ السلام
جاگے تو اُنکے ساتھی یعنی حضرت یوشع مچھلی کا قصہ کہنا اُنسے بہول گئے اور حضرت یوشع
جب مچھلی نکل گئی تہی جاگتے تھے پہر دونون چلے جتنا کہ رات اور دن باقی رہا تہا جب

دوسرا دن ہوا موسیٰ علیہ السلام نے اپنی خادم سے کہا دن چڑھے کا ہمکو کہانا دو البتہ
ہمنے اس سفر مین تکلیف پائی حضرت نے فرمایا کہ موسیٰ جب تک اس مکان سے جسکو خدا نی
فرمایا تہا نہ بڑہے نہ تبکے تہی کہا اُسکے خادم نی یہہ تو بتلائے کہ جب ہم آئے تہے پتہر
پاس سو مین بہول گیا مجھلی کا آپ سے قصہ کہنا اور نہین بہولایا مجھکو مجھلی کی یاد سے مگر شیطان نے
اور راہ لی مجھلی نے مجھکو تعجب ہے یعنی یہہ مجھلی کا زندہ ہو کر چلا جانا عجب کی بات ہے
حضرت نی فرمایا کہ مجھلی کو تو راہ ہوئی اور موسیٰ اور اُسکے خادم کو تعجب سو موسی علیہ السلام نے
کہا کہ یہی تو ہم چاہتے تہے پہر اُلٹے قدمون پلٹے حضرت نی فرمایا سو دونون پہر قدم پر قدم
ڈالتے یہان تک کہ پتہر پاس پہنچے تو اچانک وہان دیکہا کہ ایک مرد کپڑے سے سر لپیٹے
پہر سلام کیا اُسکو موسی علیہ السلام نے سو خضر علیہ السلام نے کہا کہ تیرے ملک مین سلام کہان
یعنی اس ملک مین سلام کی رسم نہین تو نی سلام کہو کر کیا موسی نی کہا کہ مین موسی ہون خضر نے
کہا کہ تو کیا قوم بنی اسرائیل کا موسی ہے موسیٰ نے کہا کہ ہان مین تیرے پاس آیا ہون تو
مجھکو تو سکہلاوے جو خدا نی تجھکو علم سکہایا ہے خضر نے کہا کہ میرے ساتہہ تو مقرر نہ ٹہہر سکے گا
اے موسی خدا کی بیشمار علم سے مجھکو ایک علم ہے خدا نی مجھکو سکہایا ہے کہ تو اُس علم کو نہین
جانتا اور تجھکو خدا کی علم سے ایک علم ہے خدا نی تجھکو سکہایا ہے کہ مین اسکو نہین جانتا پہر
موسے نی کہا کہ اگر خدا نی چاہا تو مجھکو ثابت پاوے گا مین تیرے حکم کے خلاف نکرونگا پہر

پہر خضر نے اُنسے کہا اگر میری پیروی کرتا ہے تو مجھسے کوئی بات مت پوچھیو جب تک مین
اسکا ذکر کرون پہر دونون روانہ ہوئے کنارے کنارے دریا کے جاتی تہے سو اُدھر سے
ایک ناؤن گذری تو ناؤ والون سے تینون آدمی کے چڑہ لینے کی بات چیت کی سو وہ پہچان گئے
خضر کو تو وہ بدون کرایہ لئے چڑہا لئی گئے پہر جب موسی اور خضر ناو پر سوار ہوئی تو کچہہ دیر نہ لگی
تہی کہ خضر نے بسولے سے ناو کا ایک تختہ نکال ڈالا تو موسیٰ نی اُنسے کہا ان لوگون نی ہمکو بے
کرایہ لئے چڑہا لیا تو نی اُنکے ناو کو قصد کرکے پہاڑ ڈالا تاکہ لوگون کو تو ڈبو دیوے
البتہ عجیب بات تجھسے ہوئی خضر نے کہا میں نے تجھسے کہا تہا کہ مقرر تجھکو میرے ساتہہ رہنا نجاؤگا
موسیٰ نی کہا مجھکو میری بہول چوک پر نہ پکڑ اور مجھپر مشکل نہ ڈال یعنی بہولے سے کہا معاف کیجیو
تنگ نہ پکڑیو راوی نی کہا کہ خضر نے فرمایا کہ پہلے بار کا پوچہنا موسی سے بہولے سے ہوا خضر نے
فرمایا کہ ایک چڑا آیا سو ناؤ کے کنارے پر بیٹہا پہر اُسنے چونچ ڈبائی دریا مین ایک بار سو
خضر نی موسی سے کہا نہین تیرا علم اور تیرا علم خدا کی علم سے مکر اسکے برابر جتنا اس چڑے نے دریا سے پانی گہٹایا
یعنی خدا کا علم مثل سمندر ہے اور ہمارا تمہارا علم قطرے کے برابر جتنا چڑے نے اپنی چونچ مین
اُٹہایا پہر دونون ناؤ سے نکلے سو جس حال مین کہ وہ دریا کے کنارے پر چلے جاتے تہے کہ یکایک
خضر نے ایک لڑکے کو دیکہا کہ کہیل رہا ہے لڑکون کے سنگ سو خضر نے اُسکے
سر کو اپنے ہاتہہ سے پکڑ لیا پہر اُسکا سر اپنے ہاتہہ سے اُکہاڑ ڈالا سو اسکو مار ڈالا

تو موسی نی کہا کیا تونے مارڈالا معصوم جان کو بدون بدلے جان کے یعنی اُس نے کسیکا
خون کیا تہا جسکے بدلے تو اُسکو مارتا البتہ بُرا کام تجھسے ہوا خضر نے کہا بہلا مین نے تجھسے
نہ کہدیا تہا کہ تو میرے ساتہ نہ ٹہہرسکے گا حضرت نے فرمایا کہ دوسرا سوال پہلے سے بہت کڑا ہے
موسی نی کہا کہ اگر اسکے بعد مین کوئی بات تجھسے پوچہون اسکے بعد تو مجھکو اپنے ساتہ نرکہیو تونے میرا
عذر بہت مانا پہر دونون چلے یہان تک کہ ایک بستی والون پاس پہنچے ان لوگون سے
کہانا مانگا ان لوگون نی انکی مہمانی نکی سو دونون نی ایک دیوار کو پایا کہ گرا چاہتی تہی راو نی نے
کہا کہ وہ جہک رہی تہی سو خضر نے اپنے ہاتہ سے اُسکی طرف اشارہ کیا سو اُسکو سیدہا کہڑا
کردیا تو موسی نی کہا کہ یہہ قوم ہین کہ ہم اُنکے پاس آئے سو ہمکو نہ کہانا کہلایا نہ ہماری ضیافت
کی اگر تو چاہتا تو دیوار سیدہی کردینے کی مزدوری لیتا خضر نے کہا اسی وقت میرے تیرے
درمیان جدائی ہے سو اب مین بتلاؤن پہر اُن تینون باتون کا جسپر تو صبر نہ کرسکا پہر
پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہمارے جی نے چاہا کہ اگر موسی علیہ السلام صبر کرتے
اور ہر بات کی وجہ نہ پوچہتے تو بہت قصہ انکا ہمکو معلوم ہوتا اور خدا کی کاموں کی حکمتین
بہت لوگون کو معلوم ہوتین **ف** پورا قصہ قرآن شریف مین یون ہے کہ حضرت خضر نے
حضرت موسی سے کہا کہ تمہارا حال تو یہہ ہے کہ وہ تمام محتاج لوگون کی ہتی کہ دریا مین محنت کرکے
اُسکے کرایہ سے اوقات بسر کرتے تہے سو مین نے چاہا کہ اُسمین عیب لگادون اسواسطے کہ

وہان ایک ظالم بادشاہ تہا کہ درست ناؤ کو زبردستی چہین لیتا تہا تو اُسکو ناقص جان کر
نہ لیوے اور لڑکے کے مارنے کا سبب یہہ ہے کہ وہ لڑکا پیدائشی کافر تہا اور اُسکے ماں باپ
ایماندار تہے سو ہم ڈرے کہ کہین اُن بچاروں کو اپنے کفر اور بدذاتی سے بلا مین نہ ڈالے سو ہم نے
چاہا کہ خدا اُسکے بدلے اُسسے اچہا نیک بیٹا اُنکو دیوے اور دیوار کا قصہ یہہ ہے کہ وہ دیوار
دو یتیم لڑکون کی تہی اور اُسکے نیچے بہت مال تہا اور اُنکا باپ نیک آدمی تہا سو خدا نے
چاہا کہ وہ اپنی جوانی کو جا پہنچین تو اُس مال کو نکال کے خرچ کرین اگر ابہی دیوار گر پڑتی تو اور
لوگ اُس مال کو لیجاتے اور یہہ کام مینے اپنی طرف سے نہین کیا یعنی بحکم خدا کیا مجھکو اسمین کچھ
دخل نہ تہا ف خواجہ خضر کا نام ایلیا بن ملکان ہے اور خضر انکا لقب ہے کہ خشک زمین
اُنکے قدم کی برکت سے سبز ہو جاتی تہی فریدون بادشاہ کی وقت مین ہے اور سکندر کی ساتہ ہی
رہے ہین بعضی کہتی ہین بنی اسرائیل کی قوم مین تہے بعضی کہتی ہین کہ شاہزادے تہے دنیا چہوڑ کر
فقیری اختیار کی انکی پیغمبری مین اختلاف ہے ولی کامل ہونی مین کچھ شبہہ نہین اور حضرت
یوشع بن نون بن افرائیم بن یوسف بن یعقوب علیہم السلام حضرت موسیٰ کے عمدہ شاگرد تہے
ہمیشہ اُنکے ساتہ رہے اُنکے مرنی کے بعد خلیفہ ہوئے اور پیغمبر بہی تہے ف حضرت موسیٰ
اور حضرت خضر کی قصہ مین بہت فائدی ہین اول یہہ ہے کہ علم کے واسطے سفر کرنا مستحب ہے
دوسرے یہہ کہ طلب علم مین صبر کرنا اور سختیان سہنا اور مکروہات اٹہانا شرط ہے

بدون اُسکے علم نہین آتا جلد بازی سے آدمی علم سے محروم رہتا ہے تیسرے یہہ کہ عالم کو
کتنا ہی بڑا عالم کہون نہو گھمنڈ نچاہیئے کہ جہان مین ایک سے ایک زیادہ موجود ہے چوتھے
یہہ کہ اُستاد شاگرد کی تین خطائین تک معاف کرے بعد اسکے اختیار رکھتا ہے چاہے
اسکو ساتھہ رکھے چاہے جدا کرے پانچوین بڑی عمدہ بات یہہ ہے کہ یقین کرے کہ خدا کا
کوئی کام حکمت سے خالی نہین اگرچہ اُسکی حکمت ہماری بوجھہ مین نہ آوے جیسے ناؤ کو توڑنا اور
لڑکے کا مارڈالنا اور گرتی دیوار کو اُٹھا دینا سراسر حکمت تھا تو مسلمان کو لازم ہے
کہ خدا کے کام پر راضی رہے خواہ اُسکے موافق مرضی کے ہو خواہ نہو اسواسطے کہ اسکا کوئی
کام بی حکمت نہین ق اِبْنُ عُمَرَ اَنَّ نَاسًا مِنْكُمْ قَدْ اُرُوا لَيْلَةَ الْقَدْرِ ق ۳
فِي السَّبْعِ الْاَوَلِ وَاُرِيَ نَاسٌ مِنْكُمْ اَنَّهَا فِي السَّبْعِ الْغَوَابِرِ فَالْتَمِسُوهَا فِي
الْعَشْرِ الْغَوَابِرِ بخاری اور مسلم مین عبداللہ بن عمر رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تم مین سے
بعضے آدمیون کو گمان ہے کہ شب قدر پچھلی دسہے کی پہلی سات راتون مین ہے اور
بعضون کو گمان ہے کہ پچھلی سات راتون مین ہے سو تم اُسکو پچھلی دسون راتون مین تلاش
کرو ف یعنی وہ کام کرو جسمین شبہہ نہ ہے اگر دس رات تلاش کروگے تو اُسمین سات
راتین بھی موجود ہین خواہ پہلی خواہ پچھلی ق عَدِيُّ بْنُ حَاتِمٍ اِنَّ وِسَادَكَ لَعَرِيضٌ ق ۴
اِنَّمَا هُوَ سَوَادُ اللَّيْلِ وَبَيَاضُ النَّهَارِ قَالَهُ بخاری اور مسلم مین عدی بن حاتم سے

روایت ہے

روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تیرا تکیہ بہت چوڑا ہے یعنی تو احمق ہے خدا کا مطلب سیاہ سفید ڈوری سے رات کی سیاہی اور دن کی سفیدی ہے یہہ حضرت نی عدی سے فرمایا ف بخاری مین عدی بن حاتم سے روایت ہے کہ جب قرآن کی یہہ آیت اُتری کہ رمضان مین کہا یا پیا کرو جبتک کہ سفید ڈور اسیاہ ڈور سے نمودار ہو تو مین نی اونٹ باندھنی کی رسی ایک سیاہ دوسری سفید اپنے تکیے کی نیچے رکھی پہر آخر رات مین مین نے اسکو دیکھا مجھکو کچھ صاف نظر نہ آئی صبح کو مین نے حضرت سی عرض کیا تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنی تو نادان ہے خدا کا یہہ مطلب نہین تو سمجھا ہے سفید سیاہ ڈوری سے مراد رات کی سیاہی اور دن کی سفیدی ہے یعنے جب تک رات کی سیاہی ہے صبح کی سفیدی نمودار نہووے اسوقت تک سحر کھانا درست ہے ق اِبْنُ مَسْعُوْدٍ اِنَّ هَاتَيْنِ الصَّلٰوتَيْنِ حُوِّلَتَا عَنْ وَقْتِهِمَا فِيْ هٰذَا الْمَكَانِ يَعْنِيْ صَلٰوةَ الْمَغْرِبِ وَصَلٰوةَ الْفَجْرِ بِمُزْدَلِفَةَ بخاری اور مسلم مین عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ یہہ دو نمازین یعنی مغرب اور فجر کی ٹالی گئین اپنے وقت سے اس مکان مین یعنی مزدلفہ مین ف مزدلفہ نام ہے ایک مکان کا مکہ سے چھہ کوس سو حضرت نے حج کے موسم مین وہان مغرب کی نماز عشا کی ساتھہ پڑھی اور فجر کی نماز نہایت اندہیری مین اول وقت فجر ہوتی ہے پڑھی بعد اسکے یہہ حدیث فرمائی سو مغرب کا وقت تو بالکل جاتا رہا تہا اور صبح کا وقت ہر روز کے معمول سے خلاف ہوا اگرچہ صبح کی نماز اپنے وقت پر ہوئی لیکن معمول کے خلاف ہوئی

ق

کہ ہر روز اتنی جلدی نہوتی تہی تو اسواسطے فرمایا کہ مغرب اور فجر کی نماز اپنے وقت سے ٹل گئی
سنت یہی ہے کہ حج مین ایسے وقت پڑھے تاکہ اور کام حج کے کرسکے ق ابومسعود ۴۰۳
عقبۃ بن عمرو الانصاری ان ھذا اتبعنا فان شئت ان تاذن لہ وان شئت
رجع قال بل اذن لہ یا رسول اللہ قالہ لابی شعیب الانصاری لما دعاہ
خامس خمسۃ فاتبعہ رجل بخاری اور مسلم مین ابومسعود انصاری سے روایت ہے کہ ابوشعیب
انصاری نے جب پانچ آدمیونکی دعوت کی چار صحابی پانچوین حضرت تو ایک آدمی حضرت کے ساتہہ
اور بہی چلا گیا تب حضرت نے ابوشعیب انصاری سے فرمایا کہ یہہ شخص ہمارے ساتہہ لگا چلا آیا ہے تو
اگر چاہے تو اسکو بہی کہانا کہانی کی اجازت دے اور اگر تو چاہے تو یہہ پلٹ جاوے ابوشعیب نے کہا
بلکہ مین اسکو بہی اجازت کہانے کی دیتا ہون ف اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جتنے آدمیونکی
دعوت ہو اتنے ہی جاوین زیادہ نجاوین اگر کوئی ساتہہ چلا جاوے تو دعوت کرنے والے سے اسکی
اطلاع کرے چاہے وہ آنے دی چاہے آنے دے ق جابر ان ھذا اشترط علی سیفی ۴۰۴
وانا نائم فاستیقظت وھو فی یدہ صلتا فقال من یمنعک منی فقلت
اللہ ثلثا بخاری اور مسلم مین جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اس آدمی نے
مجہپر میری تلوار کہینچی سو مین جاگ پڑا اور اسکے ہاتہہ مین ننگی تلوار تہی تو وہ کہنے لگا کہ تجہکو اب
کون بچاویگا میرے ہاتہہ سے مین نے تین بار کہا اللہ بچاویگا ف عرب مین بجد ایک ملک ہے

حضرت

حضرت وہان جہاد کو گئی تہے جب اُدھر سے پھرے تو ایک جنگل مین جسکے علحدہ علحدہ درخت تہے
اُترے حضرت ایک درخت کے نیچے تلوار اُسمین لٹکا کر سو گئی حضرت کے اصحاب اور درختونکے نیچے
جاکر سو رہے اِتنے مین ایک کافر آیا حضرت کی تلوار کھینچ کر حضرت سے کہنے لگا کہ اب تجھکو کون بچا دیگا
حضرت نے فرمایا کہ خدا مجھکو بچا دیگا سو خوف کی مارے اُسکے ہاتھ سے تلوار گر پڑی حضرت نے اُٹھا لی
اور اُس سے کہا کہ بھلا تجھکو اب کون بچا دیگا اُسنے عاجزی اور منت کی حضرت نے معاف کر دیا
پھر اصحاب کو بلا کر یہہ حدیث فرمائی خ مُعَاوِيَةُ ابْنُ اَبِي سُفْيَانَ اِنَّ هٰذَا الْاَمْرَ فِي خ ۴۰۴
قُرَيْشٍ لَا يُعَادِيهِمْ اَحَدٌ اِلَّا كَبَّهُ اللّٰهُ عَلٰى وَجْهِهِ مَا اَقَامُوا الدِّيْنَ بخاری مین
معاویہ بن سفیان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ یہہ چیز یعنی خلافت اور سرداری
قریش کے قوم مین رہی گی جب تک یہہ لوگ دین کو قائم رکھینگے جو اُنسے دشمنی کریگا
خدا اُسکو منہہ کے بہل ڈھکیل دیگا ف یعنی سرداری قریش کا حق ہے دوسری قوم کو دین کی
سرداری درست نہین سو حضرت کا فرمانا سچ ہوا کہ جب تک قریش دین پر مضبوط رہے کوئی
اُنپر غالب نہوا ہجری چھ سو برس تک سلطنت خلفاء عباسیہ کی قائم رہی جب وہ دین مین
سست ہوئے تو ہلاکو خان کے ہاتھ سے برباد گئے ق عُمَرُ اِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ اُنْزِلَ عَلٰى سَبْعَةِ ق ۴۰۵
اَحْرُفٍ فَاقْرَءُوا مَا تَيَسَّرَ مِنْهُ بخاری اور مسلم مین عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے ف
فرمایا کہ قرآن اُتارا گیا عرب کی سات بولیون مین سو اُسمین سے پڑھو جو تمکو سہج معلوم ہووے

عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے ہشام بن حکیم کو سورۂ فرقان دوسری طرح پڑھتے سنا
اور مجھکو اور طرح یاد تھا سو میں اسکو حضرت کے پاس لایا کہ مجھکو آپنے جسطرح سورۂ فرقان سکھایا ہے
اسکے خلاف ہشام پڑھتا ہے حضرت نے کہا اے ہشام پڑھ اسنے پڑھا جسطرح اسکو معلوم تھا میں
حضرت نے فرمایا اسی طرح قرآن اترا ہے پھر مجھسے فرمایا کہ تو پڑھ مجھکو جسطرح معلوم تھا میں نے پڑھا
حضرت نے فرمایا کہ اسی طرح قرآن اترا ہے بعد اسکے یہہ حدیث فرمائی عرب کی سات بولیاں
عمدہ جن میں قرآن اترا ہے وہ یہہ ہیں پہلے قریش کی بولی دوسرے ہذیل کی بولی تیسرے ہوازن کی
بولی چوتھی یمن کی پانچویں طی کی چھٹی ثقیف کی ساتویں بنی تمیم کی بولی اس حدیث کے مطلب میں
اختلاف ہے بعضی کہتی ہیں کہ سات قراتیں مراد ہیں بعضی کچھ اور کہتی ہیں لیکن ٹھیک بات
یہی ہے کہ سات بولیاں مراد ہیں ف عَائِشَةُ اِنْ هٰذَا شَیْءٌ کَتَبَهُ اللّٰهُ عَلٰی بَنَاتِ
اٰدَمَ فَاقْضِیْ مَا یَقْضِی الْحَاجُّ غَیْرَ اَنْ لَا تَطُوْفِیْ بِالْبَیْتِ حَتّٰی تَغْتَسِلِیْ قَالَتْ حِیْنَ حَاضَتْ
بِسَرِفَ عَامَ حَجَّةِ الْوَدَاعِ بخاری اور مسلم میں حضرت عائشہ رضی سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ خیر رہنا
وہ چیز ہے کہ خدا نے آدم کی بیٹیوں پر ٹھہرا دیا ہے یعنی اسمیں کچھ اختیار نہیں پیدائشی بات ہے سو تو
ادا کر جو حاجی ادا کرتے ہیں مگر اتنا ہے کہ بغیر غسل کے خانہ کعبہ کا طواف نکیجیو یعنی اسکے گرد نہ پھیریو
یہہ بات حضرت نے حضرت عائشہ سے فرمائی جب انکو حیض آیا سرف کی منزل میں حجۃ الوداع کے سال
ف حضرت عائشہ ہی سے روایت ہے کہ ہم حضرت کے ساتھ حج کو چلے جو سرف کی منزل میں پہنچے

ف

تو مجھکو حیض ہوا تو میں رونے لگی کہ میری محنت برباد ہوئی کہ اس حالت میں حج کیون کر ہوگا
حضرت نے مجھسے پوچھا کہ کیون روتی ہو میں نے یہہ حال کہا تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی
یعنے حیض کی حالت میں حج کی سب کام درست ہیں سوا طواف کے سو اسکو بعد غسل کے کر لینا ق
ابو موسیٰ ان ھذا قد رد البشری فاقبلا انتما فقال لابی موسیٰ وبلال فجئن
قال الاعرابی اکثرت علی من نثیر بخاری اور مسلم میں ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ البتہ اس شخص نے بشارت کو نہ لیا تم دونون بشارت کو قبول کرو یہہ بات
حضرت نے ابو موسیٰ اور بلال رضی اللہ عنہما سے فرمائی جب ایک گنوارنی حضرت سے کہا کہ یہی مجھسے بہت
کہتے ہو کہ بشارت لے ف ابو موسیٰ سے روایت ہے کہ ایک گنوارنی حضرت سے کہا کہ جو دینے کا وعدہ
کیا تھا سو پورا کرو حضرت نے فرمایا کہ تو بہشت کی بشارت لے اسنے کہا کہ بشارت بہت دیا کرتے ہو
کچھ مال دو تب حضرت نے یہہ حدیث ابو موسیٰ اور بلال سے فرمائی دونون نے کہا کہ یا حضرت
اسنے بشارت قبول کی پھر حضرت نے ایک پانی کا پیالہ منگوایا اور اسمیں منہ اور ہاتھ دھویا کلی اسمیں ڈالی
پھر ان دونون سے فرمایا پی جاؤ سو وہ پی گئے حضرت ام سلمہ نے پردے کے اندر سے کہا کہ اسمیں سے
کچھ برکت اپنی مانگ کو بھی دو جو باقی رہا تھا سو انکو دیا ھ زید بن ثابت ان ھذہ الامۃ ۴۸۱
تبتلی فی قبورھا فلولا ان لا تدافنوا لدعوت اللہ ان یسمعکم من عذاب القبر
الذی اسمع منہ ثم لد کما مر بقبور المشرکین مسلم میں زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے

کہ حضرت جب مشرکون کی قبرون پر گذرے تو فرمایا کہ یہہ کروہ اپنی قبرون کے اندر عذاب مین گرفتار ہین
اگر مجھکو اسکا خوف نہو نا کہ تم عذاب قبر دیکھہ کر مردون کا دفن کرنا کہین چھوڑ دو تو مین خدا سے
کہ دعا کر تمکو عذاب قبر کا سنوا دیتا جیسا مین سنتا ہون ف حضرت مدینے کی ایک باغ مین
خچر پر سوار چلے جاتے تھے قبرون کی پاس عذاب قبر دیکھہ کر خچر ٹھہر گیا حضرت نے فرمایا یہہ کسکی قبرین ہین
ایک آدمی نی کہا کہ یہہ کافرون کی قبرین ہین تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی م ابو
بصرۃ الغفاری ان ھذہ الصلوٰۃ عرضت علی من کان قبلکم فضیعوھا فمن
حافظ علیھا کان اجرہ لہ مرتین ولا صلوٰۃ بعدھا حتی یطلع الشاھد
یعنی صلوٰۃ العصر مسلم مین ابو بصرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرر یہہ عصر کی
نماز اُنپر بھی فرض ہو چکی ہے جو لوگ تم سے پہلے ہو چکے ہین سو اُنہون نی ضایع کیا یعنی دنیا کے
کاروبار مین رہکے اُسکو نہ پڑھا سو جو اُسکی محافظت کریگا اور اُسکو تا کے رہنے کا اسکو اور نماز سے
اسکا دوہرا ثواب ملیگا اور اس عصر کی نماز کی بعد کوئی نماز نہین جب تک کہ تارا نہ نکلے م
معویۃ ابن الحکم السلمی ان ھذہ الصلوٰۃ لا یصلح فیھا شیٔ من کلام الناس
انما ھی التسبیح والتکبیر وقراءۃ القرآن مسلم مین معویہ بن حکم سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ مقرر یہہ نماز ہے اسمین مناسب نہین کچھہ آدمیون کی سی بات کرنا نماز تو صرف تسبیح
اور تکبیر اور قرآن پڑھنے ہی کا نام ہے ف مصابیح مین معویہ بن حکم سے روایت ہے

کہ ہم حضرت کی ساتھہ نماز پڑھتے تھے اتنے مین ایک آدمی نے چھینکا مین نے کہا یرحمک اللہ لوگون نے
مجھے گھور کا مین نے کہا کہ تم کو کیا ہوا ہے جو مجھکو دیکھتے ہو تو وہ لوگ اپنی رانین کوٹنے لگے
تب مین سمجھا کہ مجھکو چمکاتے ہین تو مین چپ رہا پھر جب حضرت نماز پڑھ چکے تو حضرت کے قربان
مین نے ایسا نرمی سے بتانے والا نہین دیکھا قسم خدا کی نہ مجھکو مارا نہ کالی دی نہ جھڑکا نرمی سی
یہہ حدیث فرمائی اس حدیث سے معلوم ہوا کہ چھینک کا جواب دینا بات کرنا نماز مین درست نہین

۴۱۱ **مر** ابو ہریرہ ان ھذہ القبور مملوۃ ظلمۃ علی اھلھا وان اللہ ینورھا
لھم بصلوتی علیھم مسلم مین ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقبرے
یہ قبرین اندھیری سے بھری ہین مردون کی حق مین اور البتہ خدا انکو روشن کر دیتا ہے میری
دعا سے انپر **ف** ایک آدمی رات کو مر گیا اصحاب نے اسکی حضرت کو خبر کی صبح کو جب آپ نے
اسکی قبر کو دیکھا تو پوچھا یہہ کسکی قبر ہے لوگون نے حال کہا کہ فلانی آدمی کی ہے حضرت نے
فرمایا ہم کو کیون نہ خبر کی بعد اسکے یہہ حدیث فرمائی اس حدیث سے معلوم ہوا کہ مرد کی نماز کے

۴۱۲ **ق** واسطے لوگون کو بلانا مستحب ہے ق انس ان ھذہ المساجد لا تصلح لشیء
من ھذا البول والقذر انما ھی لذکر اللہ والصلوۃ وقراءۃ القرآن
بخاری اور مسلم مین انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ البتہ یہ مسجدین
اس لایق نہین کہ اسمین کچھہ پیشاب اور ناپاکی ہو مسجدین تو صرف یاد خدا اور نماز اور قرآن

پڑھنے کی واسطے ہین ف ایک گنوار مسجد مین آیا نماز کی بعد مسجد کے کونی مین پیشاب کرنے لگا اصحاب اسکو لگا رحضرت نے اصحاب کو منع کیا یعنی نادانی سی اسنے کیا پھر فرمایا کہ تم آسانی کی واسطے پیدا ہوئی ہو سختی کے واسطے نہین پھر پانی سے اس مکان کو دہلا ڈالا پھر اس گنوار کو بلا کر یہ حدیث فرمائی سبحان اللہ حضرت کی ذات کیا رحمت تھی اس حدیث سے معلوم ہوا کہ مسجد کو پاک صاف رکھنا چاہئے اور مسجد مین سوای عبادت کے اور کچھ مناسب نہین اور معلوم ہوا کہ جو مسئلہ نہ جانتا ہو اسپر غصہ نچاہئے ف اَبُوْمُوْسٰی اِنَّ هٰذِهِ النَّارَ اِنَّمَا هِیَ عَدُوٌّ لَّكُمْ فَاِذَا نِمْتُمْ فَاطْفِئُوْهَا عَنْكُمْ بخاری و مسلم مین ابو موسی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرر یہہ آگ تو تمہاری دشمن ہے یعنی جلا دیتی ہے تو جب تم سو رہنے کا ارادہ کیا کرو تو اپنے پاس سے اسکو بجھا دیا کرو ف ایک بار مدینہ مین ایک گھر معہ گھر والون جل گیا تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی اس حدیث سے معلوم ہوا کہ سوتی وقت آگ ہو یا چراغ بجھا دینا سنت ہے لیکن اگر چراغ قندیل مین ہو اور آگ نکلنی کا اس سے خوف نہو تو بجھانا کچھ ضرور نہین م عَبْدُاللّٰهِ بْنُ عُمَرَ وَاِنْ هٰذَا مِنْ لِبَاسِ الْكُفَّارِ فَلَا تَلْبَسْهَا قَالَ لِیْ حِیْنَ رَاٰی عَلَیَّ ثَوْبَیْنِ مُعَصْفَرَیْنِ وَفِیْ رِوَایَةٍ اَنَّهٗ قَالَ اُمُّكَ اَمَرَتْكَ بِهٰذَا قُلْتُ اَغْسِلُهُمَا قَالَ بَلْ اَحْرِقْهُمَا مسلم

مین عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ البتہ یہہ لباس

ق ۴۱۳

م ۴۱۴

کافروں کا

کافرون کا ہے سو تو انکو نہیں یہہ حضرت نے عبداللہ بن عمر سے فرمایا جب اپنے دو کپڑے کسم کے رنگے دیکھے اور ایک روایت میں یوں آیا ہے کہ حضرت نے عبداللہ سے کہا کہ کیا تیری ماں نے تجھکو کسم کا رنگا کپڑا پہنا بتلایا ہے عبداللہ کہتے ہیں کہ میں نے کہا کہ میں انکو دھو ڈالوں حضرت نے فرمایا بلکہ انکو جلا دے ف جلانے کا حکم مصلحت کی راہ سے تھا تا اسکی برائی خوب دل میں ثابت ہو جاوے جلا دینا کچھ ضرور نہیں چنانچہ دوسری روایت میں آیا ہے کہ تو نے اسکو کیوں جلا دیا اپنی عورت کو دیتا اس حدیث سے معلوم ہوا کہ کسم کا رنگا کپڑا مرد کو حرام ہے عورت کو درست

## فصل

اس فصل میں وہ حدیثیں ہیں جنکے سر پر انی کی لفظ ہے

م ۴۱۵ اَبُوْھُرَیْرَۃَ اِنِّیْ اٰخِرُ الْاَنْبِیَاءِ وَاِنَّ مَسْجِدِیْ اٰخِرُ الْمَسَاجِدِ مسلم میں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ البتہ میں سب پیغمبروں سے پچھلا پیغمبر ہوں اور مقرر میری مسجد سب پیغمبروں کی مسجد سے پچھلی ہے ف یعنی میں سب پیغمبروں کے بعد آیا ہوں میرے بعد کسی اور پیغمبر کا دین نہ جاری ہوگا تو میرا دین اور میری مسجد کی تعظیم قیامت تک بنی رہے گی

م ۴۱۶ جُنْدُبُ بْنُ عَبْدِ اللّٰہِ اِنِّیْ اَبْرَأُ اِلَی اللّٰہِ اَنْ یَّکُوْنَ لِیْ مِنْکُمْ خَلِیْلٌ فَاِنَّ اللّٰہَ قَدِ اتَّخَذَنِیْ خَلِیْلًا کَمَا اتَّخَذَ اِبْرَاھِیْمَ خَلِیْلًا مسلم میں جندب بن عبداللہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ میں انکار کرتا ہوں خدا کی روبرو کہ تم لوگوں میں سے

کوئی میرا جانی پیارا نہین سو اسطے کہ خدا نے مجھکو اپنا دوست بنالیا ہے جیسا ابراہیم علیہ السلام کو
دوست بنایا تھا ف خلیل اُس دوست کو کہتی ہین جسکی محبت بالکل دل کی اندر جم گئی ہو سو اس
طرح کی محبت پیغمبر کے دل مین سوای خدا کے کسیکی نہ تھی لیکن امت پر شفقت اور رحمت سو
بی حد و بی حساب تھی بعضی روایت مین آیا ہے کہ جب حضرت کے وفات کی پانچ دن باقی
رہے تو کسی نے کہا یا رسول اللہ مین آپ کو بہت چاہتا ہون آپ ہی مجھکو چلاتے ہین
تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی م سَعْدُ بْنُ اَبِیْ وَقَّاصٍ اِنِّیْ اُحَرِّمُ مَا بَیْنَ ۴۱۲ م
لَابَتَیِ الْمَدِیْنَۃِ اَنْ تُقْطَعَ عِضَاھُمَا اَوْ یُقْتَلَ صَیْدُھَا سعد بن ابی
وقاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مین مدینے کے دونون طرف پتھریلی زمین کے
اندر کانٹے والے درخت کا کاٹنا اور اُسمین شکار کا مارنا حرام کئی دیتا ہون یعنی جیسے
مکے مین درخت کا کاٹنا اور شکار کرنا درست نہین ویسے ہی مدینے مین بھی درست نہین
بعضی عالمون کا یہی مذہب ہے امام اعظم کی نزدیک مُراد اس حدیث سے مدینی کی تعظیم ہے
وہان کا درخت کاٹنا اور شکار کرنا مکہ کی طرح حرام نہین اُنکی مذہب کی اور دلیلین ہین
ق اَنَسٌ لَہٗ اَخٌ رَحِمَھَا قُتِلَ اَخُوْھَا مَعِیَ یَعْنِیْ اُمَّ سُلَیْمٍ اُمَّ اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ ۴۱۳ ق
بخاری اور مسلم مین انس سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مین مقرر ام سلیم پر رحم کرتا ہون
اُسکا بھائی میرے ساتھ مارا گیا ہے ام سلیم انس بن مالک کی ماں کا نام تھا ف

حضرت مدینہ مین سوای اُم سلیم کی کسی اور عورت کے گھر نہ جاتے تھے کسی نے اسکا سبب پوچھا تب
حضرت نے یہہ حدیث فرمائی اُم سلیم کی بہن کا نام حرام بن ملحان تھا ق ابو سعید انی ق ۴۱
اعتکفت العشرۃ الاول التمس ھذہ اللیلۃ ثم اعتکفت العشر الاوسط
ثم اُتیت فقیل لی انھا فی العشر الاواخر فمن احب منکم ان یعتکف
فلیعتکف بخاری اور مسلم مین ابو سعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
کہ البتہ مین رمضان کی پہلی دس راتون مین اعتکاف بیٹھا تلاش کرتا اُس رات کو یعنی
شب قدر کو پھر پیچھے دس راتین اعتکاف بیٹھا پھر حکم ہوا مجکو کہ شب قدر پچھلی دس
راتون مین ہے سو تم لوگون مین جو اعتکاف بیٹھنا چاہے وہ اعتکاف بیٹھے ف شب قدر کا
بیان پہلی باب مین ہو چکا ق عائشۃ انی ذاکر لک امرا فلا علیک ان ق ۴۲
تستعجلی حتی تستامری ابویک قالہ لھا بخاری اور مسلم مین حضرت عائشہ سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مین تجھسے ایک بات کہتا ہون سو تجھکو اُسکے جواب مین جلدی
مناسب نہین بدون اپنے ماباکے صلاح لئے یہہ حدیث حضرت عائشہ سے فرمائی ف
حضرت کی بی بیون نے کہا نا کپڑا معمول سے ایک بار زیادہ مانگا حضرت کو رنج ہوا تب
اِس مضمون کی آیت اُتری کہ بی بیان یا دنیا اختیار کرین یا دین کو تب حضرت نے پہلی یہہ بات
حضرت عائشہ سے کہی حضرت عائشہ نے کہا کہ یا رسول اللہ اسمین ماباپ کی صلاح کی کیا حاجت ہے

مین نے دنیا کو چھوڑا اللہ رسول کو اختیار کیا حضرت اس بات سے نہایت خوش ہوئے پھر اور بی بیون نے
بھی اسی طرح کہا م عَائِشَةَ اِنِّي عَلَى الْحَوْضِ اَنْظُرُ مَنْ يَرِدُ عَلَيَّ مِنْكُمْ وَاللّٰهِ لَيُقْطَعَنَّ ۴۲
دُوْنِي رِجَالٌ فَلَاَقُوْلَنَّ اَيْ رَبِّ مِنِّي وَمِنْ اُمَّتِي فَيَقُوْلُ اِنَّكَ لَا تَدْرِي
مَا اَحْدَثُوْا بَعْدَكَ مَا زَالُوْا يَرْجِعُوْنَ عَلٰى اَعْقَابِهِمْ مسلم مین حضرت عائشہ سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مین اپنے حوض کوثر پر دیکھون گا یا دیکھتا ہون انکو جو تم لوگون سے
میرے پاس آوینگے قسم خدا کی کچھ لوگ میری پاس آنے سے روکے جاوینگے سو مین کہونگا ای
رب یہہ لوگ میرے ہین میری اُمت سے ہین سو خدا فرماویگا تو نہین جانتا ہے کہ اُنہون نے تیرے
بعد کیا چیز نئی نکالی ہے سدا پھرتے رہے ایڑیون کے بھل یعنی دین سے پھر گئی ف اس حدیث سے
وہ لوگ مُراد ہین جو چند گروہ عرب کے حضرت کی وفات کے بعد مرتد ہو گئے تھے جنکو ابی بکر صدیق نے
قتل کیا یا وہ لوگ مُراد ہین جنہون نے دین مین نئی باتین نکالین اور بدعتین عالم مین پھیلائین
ق عُقْبَةَ بْنَ عَامِرٍ اِنِّي فَرَطُكُمْ وَاَنَا شَهِيْدٌ عَلَيْكُمْ وَاِنِّي وَاللّٰهِ ق
لَاَنْظُرُ اِلٰى حَوْضِي الْاٰنَ وَاِنِّي اُعْطِيْتُ مَفَاتِيْحَ خَزَائِنِ الْاَرْضِ اَوْ
مَفَاتِيْحَ الْاَرْضِ وَاِنِّي وَاللّٰهِ مَا اَخَافُ عَلَيْكُمْ اَنْ تُشْرِكُوْا بَعْدِي
وَلٰكِنْ اَخَافُ عَلَيْكُمْ اَنْ تَنَافَسُوْا فِيْهَا بخاری اور مسلم مین عقبہ بن عامر سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ البتہ مین تمہارے واسطے پہلے اور پیشوا ہون یعنی مجھکو

سفارش کا قریب ہے تمہارے مغفرت کا سامان درست کرنی جاتا ہون اور تمہارا گواہ ہون
قیامت مین اور مین خدا کی قسم البتہ اپنے حوض کوثر کو اب دیکھ رہا ہون اور مجھکو زمین کے خزانون کی
کنجیان دی گئین اور ایک روایت یون ہے کہ زمین کی کنجیان یعنی میری امت کا سب
ملکون مین عمل ہوگا اور مین والله تمپر اسکے نہین ڈرتا کہ تم مشرک ہو جاؤگے میری بعد لیکن
اسسے ڈرتا ہون کہ دنیا کی لالچ مین کہین نہ پڑو اور آپسمین حسد کرنے لگو وفات کے
قریب حضرت نے یہہ حدیث منبر پر فرمائی ق اِبْنُ عُمَرَ اَنِّیْ قَدْ خُیِّرْتُ فَاخْتَرْتُ
وَلَوْاَعْلَمُ اَنِّیْ اِنْ زِدْتُ عَلَی السَّبْعِیْنَ یُغْفَرُ لَهٗ زِدْتُ عَلَیْهَا بخاری
اور مسلم مین عبدالله بن عمر رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مجکو منافقونکی مغفرت مانگنے کا
اختیار دیا گیا تہا سو مین نی اختیار کیا مغفرت مانگنا اور اگر مجھکو معلوم ہوتا کہ اگر مین
ستر بارسی زیادہ مغفرت مانگون تو اسکی مغفرت ہوتو مین ستر بارسی زیادہ مانگتا ف
عبدالله بن ابی مدینہ مین ایک منافق تہا حضرت کو بہت رنج دیتا تہا جب وہ مرگیا اسکے
بیٹے نی حضرت کا کرتا اسکے کفن کے واسطے مانگا حضرت نے دیا پہر اسنے جنازہ کی نماز
واسطے کہا حضرت نماز کی واسطے اٹہے تب عمر فاروق نی حضرت کا دامن پکڑا کہ
آپ نماز کا ارادہ کرتی ہین حالانکہ خدا قرآن مین فرماتا ہے اِسْتَغْفِرْلَهُمْ اَوْلَا تَسْتَغْفِرْ
لَهُمْ اِنْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ سَبْعِیْنَ مَرَّةً لَنْ یَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ یعنی منافقون کی تو

بخشش مانگ یا نمانگ اگر تو ستر بار بخشش مانگے گا خدا انکو کبھی نہ بخشیگا تب حضرت نے
یہہ حدیث فرمائی یعنی خدا نے مجھکو اس آیت مین مغفرت مانگنے اور نہ مانگنے مین اختیار دیا ہے
صاف منع نہین کیا آیت مین خدا نے یہی فرمایا ہے کہ ستر بار مغفرت مانگنے سے مغفرت نہوگی
مین ستر بار سے زیادہ مانگون گا اگر انکی مغفرت جانون پھر حضرت نے اُس منافق پر نماز پڑھی
تو یہہ آیت اُتری ولا تصل علی احد منھم مات ابدا یعنی نماز مت پڑھ کبھی اُسپر
جو کافر مرا معلوم ہوا کہ کافر کی حق مین پیغمبر کی دعا بھی کچھہ فائدہ نہین کرتی م ابو ذر انی ۴۲
قد وجھت الی ارض ذات نخل لا اراھا الا یثرب فھل انت مبلغ
عنی قومک عسی اللہ ان ینفعھم بک ویاجرک فیھم فقالہ اعند انصرفہ
الی اھلہ مسلم مین ابو ذر سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ابستہ میرے خواب مین کھجورون والی
زمین نمودار ہوئی ہے یعنی اسی زمین مین ہم جاکر رہینگے سوای مدینہ کے کوئی اور زمین میرے گمان مین
نہین آتی سو تو کہا میری طرف سے اپنی قوم کو پیغام پہنچا دیگا کہ وہ ایمان لاوین شاید خدا انکو تیرے
سبب سے فائدہ پہنچاوی اور تجھکو انکے مین ثواب دیوے یہہ حدیث حضرت نے ابو ذر سے فرمائی جب وہ
اپنے گھر کو چلے تھے ف ابو ذر کی قوم کا نام غفار ہے اُنکا ملک مکہ مدینہ کے درمیان ہے
جب ابو ذر نے حضرت کی پیغمبری کی خبر سنی تب حضرت پاس مکی مین آئے اور ایمان لائے
جب گھر جانے کا ارادہ کیا تب یہہ حدیث فرمائی معلوم ہوا کہ ہر شخص کو ضرور ہے کہ اپنی برادری کو

ندا کا حکم سنا دیوی خ ابو ہریرہ انی کنت امرتکم ان تحرقوا فلانا وفلانا ۴۲۵
وان النار لا یعذب بہا الا اللہ فان وجدتموہما فاقتلوہما
قال الصغانی مؤلف ہذا الکتاب احد الرجلین ہبار ابن الاسود
بن عبد المطلب والاخر نافع بن قیس بخاری مین ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ البتہ مین نے تمکو حکم کیا تہا کہ فلانے فلانے آدمی کو تم جلا دیجیو اور مقرر
آگ سے جلانا اور عذاب کرنا سوای خدا کے کسی کو نچاہیے سو تم اگر ان دونون کو پاؤ قتل کرنا
کہا صغانی اس کتاب کے بنانے والے نے کہ ان دونون آدمیون سے ایک تو ہبار بن اسود بن عبد المطلب
تہا اور دوسرا عبد القیس تہا ف اس حدیث سے معلوم ہوا کہ آگ سے جلانا یا داغنا آدمی
یا جانور کو بڑا گناہ ہے لیکن بیماری مین داغنا جب کوئی اور علاج نہو سکے تو ناچاری ہے
درست ہے م جابر انی لا اشہد الا علی حق ۴۲۶
مسلم مین جابر رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ مین گواہ نہین ہوتا مگر حق پر اف ایک شخص نے کہا کہ یا حضرت آپ گواہ رہیے
کہ مین نے اپنے اس بیٹے کو غلام دیا حضرت نے فرمایا تیرا اسکے سوای کوئی اور بھی بیٹا ہے اسنے
کہا کہ ہان ہے حضرت نے فرمایا تو نے اسکو بہی کوئی غلام دیا ہے اسنے کہا نہین حضرت نے فرمایا
جا مین ناحق پر گواہ نہین ہوتا اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اولاد کو جو کچہ دے تو برابر دے
ق عمر بن ابی سلمۃ وعائشۃ انی لا تقاکم للہ واخشاکم لہ و ۴۲۶

یروی واعلمکم بحدودہ بخاری اور مسلم مین عمر بن ابی سلمہ اور حضرت عائشہ سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرر مین تم سے زیادہ پرہیزگار ہون خدا کا اور بڑا ڈرنے والا اس سے
اور ایک روایت یون ہے اور خدا کی حکمون کو تم سے زیادہ جانتا ہون حضرت عائشہ سے
روایت ہے کہ ایک شخص نے حضرت سے پوچھا کہ مجھکو غسل کی حاجت ہوتی ہے اور نماز کا وقت
آجاتا ہے اور اسی طرح روزہ کا حال ہے حضرت نے فرمایا کہ مجھکو بھی اکثر ایسا ہوتا ہے
اسنے کہا کہ مین اور آپ برابر نہین یارسول اللہ خدا نے آپکے اگلے پچھلے گناہ سب معاف
کر دئے تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنی ہرچند خدا نے میری بخشش کی ہے لیکن مین
تم سب سے زیادہ خدا سے ڈرتا ہون عبادت مین مجھسے زیادتی کا ارادہ کرو شعر بورع و
تقی کوش صدق و صفا ولیکن میفزای بر مصطفے اور اعلمکم بحدودہ کی روایت مسلم مین
نہین امام مالک کی موطا مین ہے ق انس انی لادخل فی الصلوٰۃ وانا ارید
اطالتہا فاسمع بکاء الصبی فاتجوز فی صلوتی مما اعلم من شدۃ
وجد امہ من بکائہ بخاری اور مسلم مین انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ البتہ مین نماز مین داخل ہوتا ہون اور چاہتا ہون کہ لمبی نماز پڑہون پھر سنتا ہون
لڑکے کا رونا تو اپنی نماز مین تخفیف کر دیتا ہون اس سبب سے کہ مین جانتا ہون اسکی
ماں کی شدت رنج اور قلق کو اسکے رونے کے سبب سے ف حضرت کے وقت مین عورتین

ق ۴۳۵

بہی تمازکر

بھی جماعت کی نماز میں حاضر ہوتی ہیں اور عورت کو محبت اولاد کی بہت ہوتی ہے انکا رونا
اپنے نہایت شاق ہے تو اسواسطے حضرت نماز کو ہلکا کر دیتے تھے کہ مبادا عورتیں طول
نماز سے اپنے لڑکوں کا رونا سنکر بیقرار ہوکی کہیں نماز نہ توڑ دیویں یا جماعت کا
آنا چھوڑ دیں اس حدیث سے معلوم ہوا کہ امام پر قوم کی رعایت کرنا واجب ہے بڈھے اور لڑکے
اور بیمار انکا ضرور خیال رکھی اتنی لمبی نماز نہ پڑھے کہ انکو تکلیف ہو م ابن مسعود رضی
لَاَعْرِفُ اَسْمَاءَهُمْ وَاَسْمَاءَ اٰبَائِهِمْ وَاَلْوَانَ خُيُوْلِهِمْ هُمْ خَيْرُ فَوَارِسَ عَلٰى
ظَهْرِ الْاَرْضِ يَوْمَئِذٍ اَوْ مِنْ خَيْرِ فَوَارِسَ عَلٰى ظَهْرِ الْاَرْضِ يَوْمَئِذٍ يَعْنِيْ
عَشَرَةَ فَوَارِسَ يُبْعَثُوْنَ طَلِيْعَةً بَعْدَ فَتْحِ قُسْطُنْطِيْنِيَّةَ حِيْنَ يُقَالُ اِنَّ
الدَّجَّالَ قَدْ خَلَفَهُمْ فِيْ ذَرَارِيِّهِمْ سلم من عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہما سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ مقربین میں پہچانتا ہوں انکے نام اور انکے باپوں کے نام اور انکے گھوڑوں کی
رنگ کو جانتا ہوں وہ زمین پر بہتر سوار ہونگے اسدن یا زمین پر اسدن وہ بہترین سواروں سے
ہیں مراد ان سواروں سے وہ سوار ہیں جو طلایہ کے واسطے بھیجے جاوینگے قسطنطنیہ کے فتح کی بعد
جب انکو خبر ہوگی کہ دجال انکے پیچھے لڑکے بالوں پر آپڑا ف مصابیح وغیرہ میں
روایت ہے کہ ایکبار کوفہ میں سرخ آندھی آئی کسی نے عبداللہ بن مسعود سے کہا کہ قیامت آئی
عبداللہ بن مسعود نے کہا کہ قیامت اسوقت آویگی کہ جب لوگوں میں بہت مال بٹے گا اور انکو

کچھ خوشی نہوگی اُسکا قصہ یہہ ہے کہ کافرون کا لشکر یعنی فرنگیون کا شام کی ملک مین
جمع ہوگا اور مسلمانون کا لشکر وہان جمع ہوگا یعنی قیامت کے قریب پہر شام تک لڑائی
ہوگی کوئی غالب نہوگا اسی طرح تین دن لڑائی ہوگی لوگ بہت مارے جاوینگے چوتھے
دن مسلمان بہت تھوڑی ہونگے موت پر کمر باندہ کر خوب لڑینگے خدا انکو فتح نصیب کریگا
مال بہت ہاتہ لگے گا ایک جدی برادرون سے سو آدمیون مین ایک باقی رہے گا مال ملنے کی
کچھ خوشی نہوگی قسطنطنیہ بڑا شہر ہے روم کی تخت گاہ جب وہ فتح ہوچکے گا تو دجال کے
آنے کی خبر پہنچی گی تو دس سوار اسکے خبر لانے کی واسطے مقرر ہونگے انکی حضرت نے اس حدیث مین
تعریف فرمائی اور فرمایا کہ مین انکو خوب پہچانتا ہون ق اَبُوْ مُوْسٰی اِنِّیْ لَاَعْرِفُ ق
اَصْوَاتَ رُفْقَةِ الْاَشْعَرِیِّیْنَ بِالْقُرْاٰنِ حِیْنَ یَدْخُلُوْنَ بِاللَّیْلِ وَاَعْرِفُ
مَنَازِلَهُمْ مِنْ اَصْوَاتِهِمْ بِالْقُرْاٰنِ بِاللَّیْلِ وَاِنْ کُنْتُ لَمْ اَرَ مَنَازِلَهُمْ حِیْنَ
نَزَلُوْا بِالنَّهَارِ وَمِنْهُمْ حَکِیْمٌ اِذَا لَقِیَ الْخَیْلَ اَوْ قَالَ الْعَدُوَّ قَالَ اِنَّ اَصْحَابِیْ
یَاْمُرُوْنَکُمْ اَنْ تَنْظُرُوْهُمْ بخاری اور مسلم مین ابو موسی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ مین البتہ آواز پہچان جاتا ہون اشعریون کو کہ قرآن پڑھنے کی جب وہ رات کو مدینے مین
داخل ہوتی ہین اور مین انکے مکان پہچانتا ہون رات کو انکے قرآنی آواز سے اگرچہ دنکو
مین نے اترتے وقت انکے مکان نہین دیکھے اور اسی قوم سے ایک شخص حکیم ہے

ق

کہ جب کا

کہ جب کافرون کی سوارون سے یا دشمنون سے ملتا ہے تو اُنسے کہتا ہے کہ ہمارے لوگ تم سے
کہتے ہین کہ ذری ہمکو فرصت دو یا تہوڑا انتظار کرو یعنی ہم بہی تیار ہین لڑنے کو آتے ہین
ف اشعری یمن کی ایک قوم ہے جسکے ابو موسی اشعری اس حدیث کی راوی ہین
وہ قوم خوش آواز تہی قرآن خوب پڑہتے تہے اس حدیث سے معلوم ہوا کہ رات کو تہجد مین
قرآن پکار کے پڑہنا درست ہے بشرطیکہ ریا نہو اور کسی کو تکلیف بہی نہو قول حکیم کے دو
مطلب ایک تو یہہ کہ ہماری قوم بہادر ہے لڑنے کو تیار تم جلدی نکرو دوسرا مطلب
یہہ کہ حکمت سے آپ کو بچا لیتا ہے یعنی ہماری قوم پیچہے آتی ہے تم سے لڑیگی تم تہوڑا
انتظار کرو غرض یہہ کہ وہ قوم سے ڈر کی نہ ماریں م جابر بن سمرۃ انی لاعرف
حجرا بمکۃ کان یسلم علی قبل ان ابعث انی لاعرفہ الان مسلم ہین
جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مین مکہ کی اُس پتہر کو پہچانتا ہون جو پیغمبر
ہونی سے پہلے مجکو سلام کرتا تہا اور بیشک اب بہی مین اُسکو پہچانتا ہون ف
علی مرتضی سے روایت ہے کہ حضرت کے ساتہہ مکہ کی مین کسی طرف گیا سو جو پتہر اور درخت
راہ مین ملتا تہا وہ حضرت کو السلام علیک یا رسول اللہ کہتا تہا ق سعد بن ابی
وقاص انی لاعطی الرجل وغیرہ احب الی منہ خشیۃ ان یکب
فی النار علی وجہہ بخاری اور مسلم مین سعد بن ابی وقاص سے روایت ہے

م ۴۳ معجزہ سنگریزون کا

ق ۴۴

کہ حضرت نے فرمایا کہ البتہ مین بعضی آدمی کو دیتا ہون اور میرے نزدیک اُسکے سوائے
اور شخص بہت پیارا ہوتا ہے اس ڈر سے دیتا ہون کہ کہین وہ دوزخ مین اوندھا نہ
ڈالا جاوے ف یعنی اگر اسکو مین نہ دون تو وہ کافر ہو جاوے تو دوزخی ہو مراد
ف ۴۳۴ اُس سے وہ لوگ ہین جو نومسلم تھے اور ایمان اُنکے دلون مین خوب نہین رچا تھا ق
سُلَیْمَانُ بْنُ صُرَدٍ اِنِّیْ لَاَعْلَمُ کَلِمَۃً لَوْ قَالَھَا لَذَھَبَ عَنْہُ مَا یَجِدُ لَوْ
قَالَ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ لَذَھَبَ عَنْہُ مَا یَجِدُ بخاری
اور مسلم مین سلیمان بن صرد سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ البتہ مین وہ بات جانتا ہون
کہ اگر اُسکو وہ کہے تو اُسکا غصہ جاتا رہے اگر کہے کہ اعوذ باللہ من الشیطان
الرجیم یعنی اللہ کی پناہ مانگتا ہون شیطان مردود سے تو اُسکا غصہ جاتا رہے
ف دو شخص آپسمین لڑتے تھے اُنمین سے ایک کا چہرہ غصہ کی سبب سے سرخ
ہو اور رگین گردنکی پھول گئین تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی معلوم ہوا کہ ناحق
ق ۴۳۴ غصہ شیطان سے ہے پناہ مانگنے سے دفع ہوتا ہے ق اِبْنُ مَسْعُوْدٍ
اِنِّیْ لَاَعْلَمُ اٰخِرَ اَھْلِ النَّارِ خُرُوْجًا مِنْھَا وَاٰخِرَ اَھْلِ الْجَنَّۃِ دُخُوْلًا رَجُلٌ
یَخْرُجُ مِنَ النَّارِ حَبْوًا فَیَقُوْلُ اللّٰہُ لَہٗ اِذْھَبْ فَادْخُلِ الْجَنَّۃَ
فَیَاْتِیْھَا فَیُخَیَّلُ اِلَیْہِ اَنَّھَا مَلْاٰی فَیَرْجِعُ فَیَقُوْلُ یَا رَبِّ وَجَدْتُھَا

مَلَائِی فَیَقُوْلُ اللّٰہُ لَہٗ اِذْہَبْ فَادْخُلِ الْجَنَّۃَ فَیَاْتِیْہَا فَیُخَیَّلُ اِلَیْہِ اَنَّہَا
مَلَائِی فَیَرْجِعُ فَیَقُوْلُ یَا رَبِّ وَجَدْتُّہَا مَلَائِی فَیَقُوْلُ اللّٰہُ لَہٗ اِذْہَبْ فَادْخُلِ
الْجَنَّۃَ فَاِنَّ لَکَ مِثْلَ الدُّنْیَا وَعَشَرَۃَ اَمْثَالِہَا اَوْاِنَّ لَکَ مِثْلَ عَشَرَۃِ اَمْثَالِ
الدُّنْیَا فَیَقُوْلُ اَتَسْخَرُ بِیْ اَوْ تَضْحَکُ بِیْ وَاَنْتَ الْمَلِکُ قَالَ اِبْنُ مَسْعُوْدٍ فَلَقَدْ
رَاَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ ضَحِکَ حَتّٰی بَدَتْ نَوَاجِذُہٗ
فَکَانَ یُقَالُ ذَاکَ اَدْنٰی اَہْلِ الْجَنَّۃِ مَنْزِلَۃً بخاری اور مسلم مین عبداللہ بن مسعود رض سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ البتہ مین جانتا ہون کہ دوزخ والون سے جو سب سے پیچھے دوزخ سے
نکلے گا اور بہشتیون مین جو سب کے بعد بہشتین جاویگا ایسا مرد ہوگا جو دوزخ سے نکلے گا گھٹنون کے
بل گھسٹتا یعنی جیسے چوٹا لڑکا چلتا ہے سو خدا اُس سے کہیگا جا بہشتین داخل ہو تو وہ
بہشت مین آویگا اُسکے خیال مین ایسا آویگا کہ بہشت بالکل بھری ہے یعنی کہین اُسمین جگہہ نہین
سو پھر آویگا پھر کہی گا یارب مین نے تو اُسکو بھرا پایا تو خدا فرماویگا اُس سے کہ جا بہشتین داخل ہو
پھر وہ بہشتین آوی گا تو اُسکے خیال مین وہ بھری معلوم ہوگی تو پھر آویگا پھر کہیگا ای
رب میری مین نے اسکو بھرا پایا سو خدا اُسسے فرماویگا جا بہشتین سو البتہ تیرے لئے تو دنیا برابر جگہہ ہے
اور دس گنی دنیا کی یا یون فرمایا کہ مقرر تیری لئی دنیا کی دس گنی جگہہ موجود ہے سو وہ کہیگا ای
رب کیا تو مجھسے کہتی کرتا ہے یا تو مجھسے ہنستا ہے پادشاہ ہوکر کہا عبداللہ بن مسعود اِس

حدیث کے راوی نے کہا البتہ مین نے دیکھا حضرت کو یہہ حدیث فرماکر ہنسنے لگے یہان تک کہ اندر کے
دانت حضرت کے کہل گئے سو حضرت کی زمانی مین یہہ حال تہا کہ لوگ کہتے تہے کہ یہہ شخص
رتبی مین ادنی بہشتی ہے یعنی جب ادنی بہشتی کا یہہ رتبہ ہے کہ اس جہان کا دس گنا اسکا
مکان ہو گا تو عمدہ مرتبے والون کے مکان خدا جانے کہ کتنی بڑے اور کیسے ہونگے ف اس
حدیث سے معلوم ہوا کہ مسلمان اگرچہ گنا ہونکے سبب دوزخ مین پڑیگا لیکن آخر کو اسکو نجات
ہوگی اور بہشت ملیگی اور معلوم ہوا کہ بہشت کی وسعت بی حد و بی حساب ہے آدمی کے
خیال مین نہین آسکتی ق عَائِشَۃُ اِنِّی لَاَعْلَمُ اِذَا کُنْتِ عَنِّی رَاضِیَۃً وَاِذَا ق
کُنْتِ عَلَیَّ غَضْبٰی قَالَتْ فَقُلْتُ وَمِنْ اَیْنَ تَعْرِفُ ذٰلِکَ فَقَالَ اَمَّا اِذَا
کُنْتِ عَنِّی رَاضِیَۃً فَاِنَّکِ تَقُوْلِیْنَ لَا وَرَبِّ مُحَمَّدٍ وَاِذَا کُنْتِ غَضْبٰی قُلْتِ
لَا وَرَبِّ اِبْرَاھِیْمَ قُلْتُ اَجَلْ وَاللّٰہِ مَا اَھْجُرُ اِلَّا اِسْمَکَ بخاری اور مسلم مین حضرت
عایشہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے مجھسے فرمایا کہ مین البتہ جانتا ہون جب تو مجھسے راضی ہوتی ہے
اور جب تو مجھسے ناخوش ہوتی ہے کہا حضرت عائشہ نے کہ مین نے کہا کہ بہلا کس طرح آپ اسکو
پہچانتے ہین تو حضرت نے فرمایا کہ جب تو مجھسے راضی ہوتی ہے تو بات چیت مین یون قسم کہاتی ہے
کہ مین قسم کہاتی ہون محمد کی رب کی اور جب تو ناخوش ہوتی ہے تو کہتی ہے کہ قسم کہاتی ہون
ابراہیم کے رب کی مین نے کہا کہ ہان سچ ہے مین ناخوشی مین آپ کا نام لینا زبان سے چھوڑ دیتی ہون

یعنے

یعنے دل سے نہین چھوڑتی ف مراد دنیاوی ناخوشی ہے گھربار کی معاملات مین معاذ اللہ
دینی ناخوشی نہین جو ایمان مین خلل ڈالے سوتون کی سبب سے کبھی رنج آتا تہا سوتون کی غیرت
یعنی جہل اور جلن عورتون مین پیدا ایسی بات ہے شرع مین اسپر پکڑ نہین سوای اُسکے میان
بی بی کے راز نیاز مین کسیکو کیا دخل ہے خصوصا وہ بی بی جو میان کی بہت پیاری ہو

۴۳۶ ص عَائِشَةُ إِنِّي لَأَفْعَلُ ذٰلِكِ أَنَا وَهٰذِهِ ثُمَّ نَغْتَسِلُ مسلم مین حضرت عائشہ
رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ البتہ مین اور یہہ یعنی عائشہ ایسا کرتا ہون پہر ہم
نہاتے ہین ف کسی نے حضرت سے مسئلہ پوچہا کہ اگر عورت اور مرد صحبت کرین اور انزال
نہو تو غسل واجب ہے یا نہین تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنی غسل واجب ہے صحبت سے انزال
ہو یا نہو اس حدیث سے معلوم ہوا کہ مسئلہ کے بیان مین مرد کو شرم نہین کرنی چاہیے

۴۳۷ ق حقیقت کار از عذا شرم دار شرم مدار ق أَبُو هُرَيْرَةَ إِنِّي لَأَنْقَلِبُ إِلَى أَهْلِي
فَأَجِدُ التَّمْرَةَ سَاقِطَةً عَلَى فِرَاشِي أَوْ فِي بَيْتِي فَأَرْفَعُهَا لِآكُلَهَا ثُمَّ أَخْشَى
أَنْ تَكُونَ صَدَقَةً فَأُلْقِيهَا بخاری و مسلم مین ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ البتہ مین اپنی گہر والون پاس پلٹ جاتا ہون تو کہجور کو اپنے بچھونے
یا اپنے گہر مین پڑی پاتا ہون سو اسکو اٹہا لینا ہون کہ کہا ون پہر ڈرتا ہون کہ کہین زکوۃ
نہو تو اسکو پھینک دیتا ہون ف زکوۃ کا مال حضرت پر بلکہ سب بنی ہاشم پر حرام تہا جیسا

یقینی ثابت نہ تہا کہ وہ کہجور کوٹہ کی ہے لیکن قیامت سے حضرت اسکو نہ کہاتی تنے معلوم
ہوا کہ تقوی اور پرہیزگاری شبہ والی چیز چہوڑ دینے کا نام ہے خ ابوہریرہ انی
لاول من یرفع راسہ بعد النفخۃ فاذا موسی متعلق بالعرش بخاری مین
ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مین مقرر پہلے سر اٹہاونگا دوسرے بار
صور پہونکنے کی بعد پہر یکایک دیکہون گا کہ موسی عرش کو لپٹے ہین ف قیامت مین
صور دو بار پہونکا جاویگا پہلی بار مین سب لوگ مرجاوینگے دوسرے بار مین سب زندہ ہونگے
تو پہلے حضرت ہوش مین آوینگے اور حضرت موسی کو عرش مین لپٹا پاوینگے بخاری مین
پورا قصہ یون ہے کہ ایک یہودی اور مسلمان مین لڑائی ہوئی مسلمان نے کہا محمد صلی اللہ علیہ وسلم
سب عالم سے بہتر یہودی نے کہا کہ موسی علیہ السلام سب سے بہتر مسلمان نے یہودی کو طمانچہ مارا حضرت
پاس اسکی فریاد آئی حضرت نے فرمایا کہ مجہکو موسی سے افضل نکہو بعد اسکے یہہ حدیث فرمائی
یعنی ہرچند مین سب پیغمبرون سے افضل ہون لیکن ہر بات مین نہین چنانچہ مین قیامت مین پہلی
اٹہون گا اور موسی کو ہوشیار پاونگا نہین معلوم کہ موسی بی ہوش ہوکر مجہسے پہلے ہوشیار
ہوگئے یا انکے طور کی بیہوشی یہان مجرا ہوگئی خ حفصۃ انی لبدت راسی
وقلدت ہدیی فلا احل حتی انحر بخاری اور مسلم مین حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا سے
کہ حضرت نے فرمایا کہ مین نی اپنے سر کے بالون کو گوند سے جمایا ہے اور اپنی قربانی کے اونٹ کے

گردن مین پٹہ ڈالا ہے سو مین احرام کو نہ توڑونگا جب تک کہ قربانی نہ کرونگا ف
حجۃ الوداع مین لوگون نے عرض کیا کہ آپنے اورون سے فرمایا کہ عمرہ کرکے احرام توڑین حضرت نے
احرام کیون نہین توڑا تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنی قربانی میری ساتھ ہے اور قربانی والا
محرم بدون قربانی کئے کیون کر حلال ہو اور قربانی کرنا دسوین محرم کی دسوین تاریخ سے پہلے جائز نہین
اسواسطے مین احرام کو نہین توڑ سکتا احرام مین سر کے بالون کو گوند سے اسواسطے حضرت نے چپکایا
کہ بال کرد غبار سی خراب نہون ق ابن عمر انی لست کھیئتکم انی اظل اطعم واسقی ق
بخاری اور مسلم مین عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقربین تمہارے
طرح نہین ہون مجھکو دن مین کھانا پینا ملتا ہے یعنی جسطرح آدمی کو کھانے پینے سے طاقت
ہوتی ہے مجھکو بدون اسکے خدا طاقت دیتا ہے یا سچ مچ خدا حضرت کو کھانا کھلاتا
ہو ف حضرت نے اصحاب کو طی کی روزے سے منع کیا یعنی دو روزہ یا زیادہ برابر روزہ رکھنا
اور رات کو بھی کھانا کسی کو درست نہین اصحاب نے پوچھا کہ آپ جو طی کا روزہ رکھتی ہین
اسکا کیا سبب ہے تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنی مجھکو اپنی طرح نہ سمجھو مجھکو درست ہے تمکو درست
نہین ق ابو سعید انی لم اومر ان انقب عن قلوب الناس ولا اشق ق
بطونھم بخاری اور مسلم مین ابو سعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ البتہ مجھکو
اسکا حکم نہین ہوا ہے کہ مین لوگون کی دلون مین سوراخ کرون اور نہ اسکا حکم ہے کہ

اُنکے پیٹون کو چیرون یعنی مجھکو ظاہر کا حکم ہے دل اور پیٹ کی بات دریافت کرنا میرا کام
نہین **ف** اسکا قصہ ہو چکا ہے کہ حضرت کچھ مال بانٹتے تھے ذوالخویصرہ خارجی نے
کہا کہ انصاف سے بانٹو تو خالدنی کہا یا حضرت حکم ہو تو مین اسکی گردن کاٹون حضرت نے
فرمایا کہ شاید کہ یہہ نمازی ہے خالدنی کہا کہ بہت لوگ نماز پڑھتے ہین اور اُنکے دل مین
کچھہ ہے اور زبان مین کچھہ اور ہے تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنی دل کا حساب
خدا کرلے گا ہم کو ظاہر کا حکم ہے معلوم ہوا کہ نمازی پرہیزگار ہے اور لوگونکے دلون کا
حال دریافت کرنا کچھہ ضرور نہین **م** ۴۴۲ اَبُوْهُرَيْرَةَ اِنِّيْ لَمْ اُبْعَثْ لَعَّانًا وَاِنَّمَا بُعِثْتُ
رَحْمَةً مسلم مین ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ البتہ مجھکو خدا نے اس
واسطے نہین بھیجا کہ مین لوگون کو لعنت اور بددعا کیا کرون مین تو صرف رحمت کے واسطے
بھیجا گیا ہون **ف** جب کافرون نے بہت تکلیفین دین تب اصحاب نے عرض کیا کہ یا حضرت
اُنکے واسطے بددعا کیجئے کہ یہہ غارت ہون تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی حضرت کی ذات
تمام جہان کی واسطے رحمت کے ہے مسلمانون کے تو دین و دنیا دونو حضرت کے سبب سے درست ہوئے اور کافرون کو ہر چند
آخرت مین عذاب ہے لیکن دنیا مین ایسا عذاب نہین کہ تمام مٹ جاوین اگلی اُمتون پر جو عذاب
ہوا تھا تو سب پر ہوا تھا **ق** ۴۴۳ اَنَسٌ اِنِّيْ لَمْ اَبْعَثْهَا اِلَيْكَ لِتَلْبَسَهَا وَاِنَّمَا بَعَثْتُ
بِهَا اِلَيْكَ لِتَنْتَفِعَ بِثَمَنِهَا بخاری اور مسلم مین انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے

فرمایا کہ البتہ مین نے ریشمی کپڑا تیری پاس اسواسطے نہین بہیجا کہ تو اسکو پہنے مین نے تو صرف اسواسطے
بہیجا تہا کہ تو اسکو بیچ کر اسکی قیمت سے فائدہ پاوے ف حضرت نے ریشمی کرتہ عمر فاروق رضی اللہ
عنہ کو بہیجا عمر فاروق نے عرض کیا کہ یا حضرت آپ تو ریشمی کپڑے کو حرام فرماتے ہین مجہکو کیون
بہیجا تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی معلوم ہوا کہ ریشمی کپڑا پہننا حرام ہے بیچنا درست ہے لیکن
شراب اور سور کا کہانا پینا بیچنا دونون حرام ہے ق ابو حمید ن الساعدی انی مسرع
فمن شاء منکم فلیسرع معی ومن شاء فلیمکث قال عند منصرفہ من تبوک
بخاری اور مسلم مین ابو حمید ساعدی سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جنگ تبوک سے پلٹتے کہ مقرر
مین جلد جانیوالا ہون یعنی مدینے کو سو جو تم لوگون مین چاہے سو میرے ساتہہ جلد چلے اور جو چاہے سو ٹہہر جاوے
یعنی پیچہے سے آوے خ زید بن ثابت انی واللہ ما امن یہود علی کتابی
قال لہ لما امرہ ان یتعلم کتاب الیہود بخاری مین زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ البتہ مجہکو واللہ اپنے خط لکہانی پڑہانی مین یہودیون پر اعتماد
نہین یہہ حضرت نے زید بن ثابت سے فرمایا جب اُنسے حکم کیا کہ یہودیون سے خط لکہنا پڑہنا سیکہہ لین
ف مدینے کی گرد قوم یہودی بہت رہتے تہے حضرت سے اور اُنسے خط کتابت اکثر رہتی
تہی حضرت یہودیونکو بلا لکہنی پڑاتے تہے سو حضرت کو خوف آیا کہ کہین یہہ لوگ عداوت کے
سبب سے خط لکہنے پڑہنے مین تفاوت کرین تب زید بن انصاری سے فرمایا کہ تم انکا خط لکہنا

پڑھنا سیکھ لو اُنہون نی پندرہ روز مین سب سیکھ لیا پھر وہی لکھا پڑھا کرتے تھے
اِس حدیث سے معلوم ہوا کہ عربی کے سوائی اور بولیون کا لکھنا پڑھنا درست ہے بشرطیکہ
اُس مین کچھ دین کا فائدہ ہو

## فصل ق

اس فصل مین وہ حدیثین ہین جنکے سر پر اناہے

۴۴۶ م عَنِ الشَّرِيْدِ بْنِ سُوَيْدٍ الثَّقَفِيِّ اَنَّا قَدْ بَايَعْنَاكَ فَارْجِعْ قَالَ لِرَجُلٍ مَجْذُوْمٍ
مِنْ وَفْدِ ثَقِيْفٍ مسلم مین شرید بن سوید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ہم نی تیری
بیعت مانی یعنی تیرا مسلمان ہونا قبول کیا تو اپنے گھر کو پلٹ جا یہہ حضرت نے ثقیف کی قوم کے
کوڑھی کو فرمایا ف ثقیف کی قوم مسلمان ہونی کو حضرت پاس آئی اُنمین ایک کوڑھی تہا
حضرت نے اُسکو اپنی پاس نہ بُلایا بلکہ کہلا بہیجا کہ تو اپنی گھر جا تیرا اسلام قبول ہے حضرت نے
اسواسطے اُسکو نہ بُلایا کہ کہین اُسکو لوگ حقیر نہ جانین تو اُسکو رنج ہو اور یہہ جو بعضی لوگ سمجھتی
ہین کہ یہہ بیماری لگ جاتی ہے اسواسطے حضرت نے نہ بُلایا سو غلط بات ہے اسواسطے کہ اور حدیث
ثابت ہوا ہے کہ حضرت نے کوڑھی کو اپنے ساتھ کہلایا ہے اور اگر کسی کو نفرت آوی اور وہ
اُسکی صحبت سے پرہیز کرے تو درست ہے اُسکا حکم بھی اور حدیث مین ثابت ہے ق اَلْمِسْوَرُ
بْنُ مَخْرَمَةَ وَمَرْوَانُ بْنُ الْحَكَمِ اِنَّا لَا نَدْرِيْ مَنْ اَذِنَ مِنْكُمْ فِيْ ذٰلِكَ

مِمَّنْ لَمْ يَأْذَنْ فَارْجِعُوا حَتّٰى يَرْفَعَ اِلَيْنَا عُرَفَاؤُكُمْ اَمْرَكُمْ بخاری اور مسلم مین
مسورہ بن مخرمہ اور مروان بن حکم سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ہم نہین جانتے کہ تم لوگون مین
کس نے اجازت دی ہے اور کسنے نہین دی سو تم پلٹ جاؤ تاکہ تمہاری چودہری تمہارا حال
ہم سے ظاہر کرین بعد فتح مکے کے جنگ حنین مین قوم ہوازن کے جو لڑکے بکڑ آئے
اور انکا مال قابو مین آیا حضرت نے قیدی اور مال انکا اصحاب مین تقسیم کر دیا بعد اسکے
اس قوم نے اسلام قبول کیا اور حضرت سے کہا کہ ہمارا مال اور قیدی ہمکو پہیر دیجئے حضرت نے
فرمایا کہ ایک بات اختیار کرو خواہ قیدی خواہ مال دونون چیزین نہکو نہ ملین گی اس قوم نے قیدیونکو
مانگا تب حضرت نے اصحاب کو جمع کر کے فرمایا کہ تمہارے بھائیون نے اسلام قبول کیا ہے
مجھکو یہہ بہتر معلوم ہوتا ہے کہ انکے قیدیون کو تم پہیر دو جو خوشی سے دیتا ہو تو دیوے
اور جو اپنا حصہ نہ دینا چاہتا ہو تو اسکو ہم اور کہین سے جو قیدی پاوین گے تو اسکا بدلا دینگے
اصحاب نے کہا کہ ہم سب راضی ہین ہمارے حصے آپ خوشی سی انکو دیجئے تب حضرت نے یہہ حدیث
فرمائی یعنی ہمکو ہر یک شخص کی خوشی مفصل نہین معلوم جب تک تمہارے واقف اور چودہری
اپنے سب لوگون کا حال اظہار نکرینگے اس حدیث سے معلوم ہوا کہ بعد تقسیم غنیمت کے اگر
لوگ مسلمان ہون تو انکے قیدی اور مال پہیرنا واجب نہین حضرت نے انکو جانکی راہ سے
دیا ۵ عَائِشَةَ اِنَّا لَا نَسْتَعِيْنُ وَيُرْوٰى لَكِنْ نَسْتَعِيْنُ بِمُشْرِكٍ مسلم مین ۵

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ہم مدد نہین چاہتے اور دوسری
روایت یون ہے کہ ہم کبھی مشرک بت پرست سے مدد نہ مانگین گے ف حضرت جب جنگ
بدر کو چلے تو ایک پہلوان آیا اور کہنے لگا کہ مین تمہاری مدد کو آیا ہون حضرت نے پوچھا کہ تو
مسلمان ہوا ہے اُس نے کہا کہ نہین تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی معلوم ہوا کہ امام کافر سے
مدد نہ چاہے شاید کہ دعا کرین ق اَلْمِسْوَرُ بْنُ مَخْرَمَةَ وَمَرْوَانُ بْنُ الْحَكَمِ اِنَّا لَمْ
نَجِئْ لِقِتَالِ اَحَدٍ وَلٰكِنَّا جِئْنَا مُعْتَمِرِيْنَ وَاِنَّ قُرَيْشًا قَدْ نَهَكَتْهُمُ الْحَرْبُ
وَاَضَرَّتْ بِهِمْ فَاِنْ شَاءُوْا مَادَدْنٰهُمْ مُدَّةً وَيُخَلُّوْا بَيْنِيْ وَبَيْنَ
النَّاسِ فَاِنْ اَظْهَرْ فَاِنْ شَاءُوْا اَنْ يَدْخُلُوْا فِيْمَا دَخَلَ فِيْهِ النَّاسُ
فَعَلُوْا وَاِلَّا فَقَدْ جَمُّوْا وَاِنْهُمْ اَبَوْا فَوَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَاُقَاتِلَنَّهُمْ
عَلٰى اَمْرِيْ هٰذَا حَتّٰى تَنْفَرِدَ سَالِفَتِيْ اَوْ لَيُنْفِذَنَّ اللّٰهُ اَمْرَهٗ بخاری اور
مسلم مین مسور بن مخرمہ اور مروان بن الحکم سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ البتہ ہم کسی سے
لڑنے کو نہین آئے ولیکن ہم تو عمرہ کرنے کو آئے ہین اور مقرر قریش کو لڑائی نے سست
کر ڈالا اور انکو ضرر پہنچایا ہے سو اگر وہ صلح چاہین تو مین انکے لئے کچھ مدت مقرر
کردون اور ہم کو وہ کعبہ جانے سے نہ روکین پہر صلح کی مدت مین اور کافرون پر اگر مین غالب
ہو جاون تو اگر قریش داخل ہوا چاہین جیسین لوگ داخل ہوئے ہین یعنی مسلمان ہوا چاہین

ق ۴۴

تو مسلمان

تو مسلمان ہون اور اگر مسلمان ہونی کا ارادہ نہو تو صلح کی مدت مین اُنہون نی آرام ہی پائے
اور اگر قریش یہہ بھی نہ مانین گے تو قسم ہے اُس ذات پاک کی جسکے قابو مین میری جان ہے
کہ البتہ لڑا کرونگا اُسسے اپنے اس کام پر یعنی دین پر یہان تک کہ میری گردن جدا ہو یا خدا
اپنے دین کو غلبہ دیوے ف چھٹے سال ہجری کے حضرت مدینہ سے مکے کو چلے عمرہ کرنے کو
جب ملک کے پاس اُس منزل کو پہنچے جسکا حدیبیہ نام ہے کفار مکہ نی بدیل بن ورقہ کو بھیجا پیغام یہہ
کہ ہم تمکو مکہ مین نجانے دینگے تم سے لڑینگے تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی پھر
دس برس کی صلح ہوئی حضرت بدون عمرہ کئے پھر آئے دوسرے سال عمرہ کے قضا کو تشریف لی گئے

ق اَلصَّعْبُ ابْنُ جُثَّامَةَ اَنَّهٗ اَهْدٰى لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلعم حِمَارَ وَحْشٍ وَهُوَ بِالْاَبْوَاءِ
اَوْ بِوَدَّانَ فَرَدَّهٗ عَلَيْهِ فَلَمَّا رَاٰى مَا فِيْ وَجْهِهٖ قَالَ اِنَّا لَمْ نَرُدَّهٗ عَلَيْكَ اِلَّا اَنَّا حُرُمٌ
رواہ البخاری ومسلم ق

اور مسلم مین صعب بن جثامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے مجھسے فرمایا کہ ہم نے
گورخر تجھکو نہین پھیر دیا مگر اسواسطے کہ ہم احرام باندھے ہوئی ہین ف حضرت حج یا عمرہ کو
احرام باندھے جاتے تھے صعب بن جثامہ نی گورخر کا شکار کیا اور اُسکو زندہ حضرت
پاس لائے حضرت نے اُسکو نہ قبول کیا اور یہہ حدیث فرمائی معلوم ہوا کہ احرام والے کو
شکار کرنا اور زندہ شکار لینا درست نہین ہان شکار کا گوشت کھانا احرام والے کو
درست ہے بشرطیکہ شکار کو غیر شکار سے تبلایا نہو

## فصل

اس فصل مین وہ حدیثین ہین جنکے سر پر انہ ہے

م ابو ہریرۃ انہ اذا مات احدکم انقطع عملہ وانہ لا یزید المومن عمرہ الا خیرا مسلم مین ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ حال یون ہے کہ جب کوئی تم مین مرگیا عمل اسکا کٹ گیا اور البتہ ایماندار کی زندگی نیکی ہی بڑہاتی ہے

ف مصابیح مین روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تکلیفون سے تنگ ہوکر موت نہ مانگا کرو اسواسطے کہ جب آدمی مرگیا تو عمل اسکے قطع ہوگئے کوئی نیک کام نہین کرسکتا اور ایماندار کی زندگی تو نیکی ہی بڑھتی ہے یعنی اگر ایمان دار کی عمر تکلیف مین گذری تو صبر کا بڑا ثواب پاویگا اور اگر خوشی مین گذری تو شکر کا ثواب پاویگا تو ایماندار کی زندگی مین ہر طرح سے بہتری ہے

م عایشۃ انہ خلق کل انسان من بنی ادم علی ستین وثلثمائۃ مفصل فمن کبر اللہ وحمد اللہ وہلل اللہ وسبح اللہ واستغفر اللہ وعزل حجرا عن طریق الناس او شوکۃ او عظما عن طریق الناس او امر بمعروف او نہی عن منکر عدد تلک الستین والثلاث مائۃ السلامی فانہ یمسی ویروی یمشی یومئذ وقد زحزح نفسہ عن النار مسلم مین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ بات تو یہ ہے کہ آدم کی اولاد سے ہر آدمی مین سو ساٹھ جوڑ پر بنایا گیا ہے سو جو شخص اللہ اکبر کہے اور الحمد للہ

کہے

کہے اور لا الہ الا اللہ کہنا اور سبحان اللہ کہنی اور استغفر اللہ کہنے اور لوگون کی راہ سے
اینٹ پتھر پھینکنے ی یا کانٹے کو یا ہڈی کو لوگونکی راہ سی علیحدہ کردی یعنی تاکہ خلقت کو
آرام پہنچے یا نیک بات سکھلادی یا برے کام سی روکے ان تین سو ساٹھ جوڑ والی ہڈیون کی گنتی
برابر تو وہ آدمی اس دن شام کریگا اس حال پر کہ اس نی اپنی جان دوزخ سے
اور ایک روایت مین بجای شام کریگا کے چلیگا آیا ہے دونون روایت کا مطلب
ایک ہے ف یعنی آدمی مین تین سو ساٹھ جوڑ ہین جسنے اتنی بار خدا کا نام لیا اور ذکر کیا
تو اسنی شکرگذاری کی خالق کا حق ادا کیا تو دوزخ سے دور پڑ اخواہ ہر ایک ذکر کو تین
سو ساٹھ بار کہا خواہ سب ملا کر تین سو ساٹھ بار پڑہا ۵۵۳ ۵ عَنْ فَجَعْ بْنِ شُرَيْحٍ اَنَّهٗ سَتَكُوْنُ
هَنَاتٌ وَهَنَاتٌ فَمَنْ اَرَادَ اَنْ يُفَرِّقَ اَمْرَ هٰذِهِ الْاُمَّةِ وَهِيَ جَمِيْعٌ فَاضْرِبُوْهُ
بِالسَّيْفِ كَائِنًا مَا كَانَ مسلم مین عرفجہ بن شریح رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ بات یون ہے کہ عنقریب نامناسب کام ہونگے یعنی فتنہ اور فساد ہونگے
سو جو چاہے کہ اس امت کی امانت اور ریاست جمی جماعت مین پھوٹ ڈالے تو مارو اسکو تلوار سے
کوئی کیون نہو ف یعنی جب مسلمانون نے ایک اپنا امام اور سردار بنایا پھر جو کوئی اسسے
باغی ہو تو اسکا قتل کرنا حلال ہے جماعت مین پھوٹ ڈالنا بڑا گناہ ہے اگر مسلمانون مین
پھوٹ نہ پڑتی تو کافر کبھی غالب نہوتے ق عَائِشَةَ اِنَّهٗ قَدْ اَذِنَ لَكُنَّ ق

أَنْ تَخْرُجْنَ لِحَاجَتِكُنَّ بخاری اور مسلم مین حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا اپنی بی بیون کو
کہ البتہ تمکو حکم ہوا ہے کہ جا ضرور کی واسطے نکلا کرو **ف** حضرت کی بی بیان جا ضرور کو
رات کی وقت باہر جاتی تہین جب پردہ کرنے کا حکم ہوا تو شبہہ ہوا کہ شاید جا ضرور کے
واسطے بہی نکلنا درست نہین تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی **خ** عَلِيٌّ أَنَّهُ قَدْ شَهِدَ
بَدْرًا وَمَا يُدْرِيكَ لَعَلَّ اللهَ أَنْ يَكُونَ قَدِ اطَّلَعَ عَلَى أَهْلِ بَدْرٍ
فَقَالَ اعْمَلُوا مَا شِئْتُمْ فَقَدْ غَفَرْتُ لَكُمْ يَعْنِي حَاطِبَ بْنَ أَبِي بَلْتَعَةَ بخاری
مین علی مرتضی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرر حاطب بدر کی لڑائی مین
موجود تہا شاید کہ خدا بدر والونکی بہان کو خوب جان چکا ہے سو کہا خدا نے اس سے کہ کرو جو
تمہارا جی چاہے مین تمکو بخش چکا یہہ حدیث حضرت نے حاطب بن ابی بلتعہ کے حق مین
فرمائی **ف** بخاری مین پورا قصہ یون ہے کہ ایکبار حضرت نے ارادہ کیا کہ مکہ مین اچانک جا
پہنچین اور کافرون کو غافل پاکر ماریں حاطب نے یہہ حال مکے والون کو خط مین لکہہ بہیجا
حضرت کو یہہ حال وحی سے معلوم ہوا علی مرتضی اور زبیر کو بہیجا وہ دونون راہ سے
خط کو چہین لائے حضرت نے حاطب سے پوچہا اس خط کی لکہنے کا کیا سبب ہے حاطب نے کہا کہ یا
رسول اللہ قسم خدا کی مین مسلمان ہون کافر نہین میرے لڑکے بالے مکے مین ہین میرا
وہان کوئی بہائی بند نہین جو انکی خبر گیری کرے مینے اس خط سے چاہا کہ ان

خ صحیح فضیلت اصحاب بدر

کافرون

کا فرون سے راہ و رسم پیدا کرون تاکہ وہ میرے لڑکے بالون کو نہ ستاوین عمر فاروق نے کہا یا رسول اللہ
یہہ منافق ہے اسکو مار ڈالنے تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی اس حدیث سے معلوم ہوا کہ
بدری صحابیون کے جو تین سو تیرہ سے بڑے درجے ہین اگر انسے کوئی گناہ ہی ہوا تو بالکل معاف ہے حضرت کے
چار ون خلیفہ بھی بدری ہین جنہے اپر طعنہ کیا اسنے اپنی ایمان مین خلل ڈالا خ ابو ہریرۃ
انہ کان فیما مضی قبلکم من الامم محدثون وانہ ان کان فی امتی
ھذا فانہ عمر ابن الخطاب بخاری مین ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ البتہ تم سے اگلے جو لوگ ہو چکے ہین انمین ٹھیک اٹکل والے ہوتے تھے اور مقرر میری
اس امت مین اگر کوئی ویسا ہوا تو عمر بن الخطاب ہے ف محدث اسکو کہتے ہین جسکو خدا کی طرف سے
الہام ہو اور اسکی اٹکل بہت ٹھیک ہو بعد پیغمبر کے کوئی ولی کا رتبہ محدث کے برابر نہین اور
جب حضرت سب پیغمبرون سے افضل ہوئے تو حضرت کی امت سب امتون سے بیشک افضل ہے
تو جس صورت مین اگلی امتون مین محدث ہوئے ہین تو حضرت کی امت مین بھی ضرور ہوئے
اس حدیث سے عمر فاروق کا بڑا کمال ثابت ہوا ق عبد اللہ بن مغفل انہ
لا یصاد بہ الصید ولا ینکی بہ العدو ولکنہ یکسر السن ویفقأ العین
یعنی الخذف بخاری اور مسلم مین عبد اللہ بن مغفل سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
کہ مقرر ٹھیکری مارنے سے نہ شکار حاصل ہوتا ہے نہ دشمن زخمون سے چور ہوتا ہے پر ناحق

ٹہیکری دانت توڑتی ہے اور آنکھہ پھوڑتی ہے **ف** بعضی لوگون کی عادت ہوتی ہے۔
کہ ٹہیکری اور کنکری انگوٹہے اور انگلی سے پھینکتے ہین سو حضرت نے اسکو منع کیا کہ بیفائدہ
ہے بلکہ اسسے آنکھہ اور دانت کو ضرر ہے **ق** عَائِشَةَ اَنَّهٗ لَمْ يَقْبِضْ نَبِيٌّ قَطُّ ۴۵۸ ق
حَتّٰى يُرٰى مَقْعَدُهٗ مِنَ الْجَنَّةِ ثُمَّ يُخَيَّرُ بخاری اور مسلم مین حضرت عائشہ سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا بات یون ہے کہ کوئی نبی نہین مرتا جب تک کہ اپنا مکان بہشت مین نہین
دیکھہ لیتا پہر مرنے جینے مین اسکو اختیار دیا جاتا ہے **ف** حضرت عائشہ سے روایت ہے
کہ حضرت یہہ حدیث حالت صحت مین فرماتی تہے جب حضرت بیمار ہوئے اور انتقال قریب ہوا
تو حضرت کو غش آیا اور حضرت کا سر میرے ران پر تہا پہر جب ہوش مین آئے تو فرمایا کہ الٰہی
مین عمدہ فرشتون کی رفاقت چاہتا ہون تو مجھکو یہہ حدیث یاد آئی اور معلوم ہوا کہ
حضرت نے موت اختیار کی پہر حضرت کا انتقال ہوا حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ موت کے
قریب آخر کلام حضرت کا یہی تہا کہ اَللّٰهُمَّ الرَّفِيْقَ الْاَعْلٰى یعنی الٰہی مین عمدہ فرشتون کی
رفاقت چاہتا ہون **ق** عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو اَنَّهٗ لَمْ يَكُنْ نَبِيٌّ قَبْلِيْ اِلَّا كَانَ ۴۵۹ ق
حَقًّا عَلَيْهِ اَنْ يَدُلَّ اُمَّتَهٗ عَلٰى خَيْرِ مَا يَعْلَمُهٗ لَهُمْ وَيُنْذِرَهُمْ شَرَّ مَا يَعْلَمُهٗ
لَهُمْ وَاِنَّ اُمَّتَكُمْ هٰذِهٖ جُعِلَ عَافِيَتُهَا فِيْ اَوَّلِهَا وَسَيُصِيْبُ اٰخِرَهَا بَلَاءٌ
وَاُمُوْرٌ تُنْكِرُوْنَهَا وَتَجِيْءُ فِتْنَةٌ فَيُرَقِّقُ بَعْضُهَا بَعْضًا وَتَجِيْءُ الْفِتْنَةُ

فيقول

فَيَقُولُ الْمُؤْمِنُ هٰذَا مُهْلِكِيْ ثُمَّ يَنْكَشِفُ وَتَنْجَلِي الْفِتْنَةُ فَيَقُولُ الْمُؤْمِنُ
هٰذِهٖ هٰذِهٖ فَمَنْ اَحَبَّ اَنْ يُزَحْزَحَ عَنِ النَّارِ وَيُدْخَلَ الْجَنَّةَ فَلْتَاْتِهِ
مَنِيَّتُهٗ وَهُوَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَلْيَاْتِ اِلَى النَّاسِ الَّذِيْ
يُحِبُّ اَنْ يُؤْتٰى اِلَيْهِ وَمَنْ بَايَعَ اِمَامًا فَاَعْطَاهُ صَفْقَةَ يَدِهٖ وَثَمَرَةَ
قَلْبِهٖ فَلْيُطِعْهُ اِنِ اسْتَطَاعَ فَاِنْ جَاءَ اٰخَرُ يُنَازِعُهُ فَاضْرِبُوا عُنُقَ الْاٰخَرِ

بخاری اور مسلم میں عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ بات تو یہہ ہے
کہ کوئی نبی مجھسے پہلے نہوا مگر اسپر ضرور تہا کہ بتلا دیوے اپنی امت کو جو اُسکے واسطے
بہتر جانے اور ڈرا دیوے اُنکو اُس سے جو اُنکے حق میں برا جانے اور مقرر اِس تمہاری اُمت کی شروع میں
عافیت خدا کی نزدیک ٹہہر چکی اور پچھلی امت کو بلا لگے گی اور وہ کام ہونگے جن کو تم بُرا
جانوگے اور ایک فساد آویگا تو پتلا حال کردیگی بعضا بعضے کا یعنی پچھلے فساد کے
روبرو پہلا فساد ہلکا معلوم ہوگا اور دوسرا فتنہ فساد دیکھا تو کہیگا ایماندار کہ اسمیں
میری بربادی ہے بہر وہ مشکل کہل جاویگی اُسکے بعد تیسرا فساد ہوگا تو ایماندار کہیگا یہی
میری موت ہے جو چاہے کہ آپ کو دور ڈالے دوزخ سے اور بہشت میں جاوے تو چاہیے
کہ اُسکی موت اُس حالت میں آوے کہ وہ خدا کا اور قیامت کا ایمان رکہتا ہو یعنی ایماندار مرے
اور چاہیے کہ لوگوں کے ساتہہ ایسا سلوک کرے جو اپنے واسطے چاہتا ہے یعنی جو

چیز اپنے واسطے چاہتا ہے ویسا ہی لوگون کے واسطے چاہے اور جسنے کسی امام سے بیعت کی
ہو سو اسکے قول و قرار پر ہاتھ مارا ہو اور اُسکے ساتھ دلی خالص عہد کیا ہو تو چاہیئے کہ اُسکی
تابعداری کرے اگر اسکو طاقت ہو پھر اگر دوسرا شخص آوے اور پہلے امام کی
سرداری مین جھگڑا ڈالے تو دوسرے کی گردن مار دو **ف** حضرت کو اپنی امت پر بہت کرم
تہا اسواسطے جو امت مین فتنہ اور فساد ہونے والے تہے اُنکی خبر دی پھر اسکے علاج بتلائے
اور پہلے سردار کی اطاعت کی تاکید کی اور باغیون کا قتل فرمایا **خ** اَبُوْ هُرَيْرَةَ اِنَّهٗ
لَنْ يَبْسُطَ اَحَدٌ ثَوْبَهٗ حَتّٰى اَقْضِيَ مَقَالَتِيْ ثُمَّ يَجْمَعُ اِلَيْهِ ثَوْبَهٗ اِلَّا وَعٰى مَا
اَقُوْلُ بخاری مین ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ البتہ جو پھیلائے رہے گا
اپنا کپڑا جب تک کہ مین اپنی بات تمام کرچکون پھر اپنے کپڑی کو اپنی طرف سمیٹ لیوے تو
یاد رکھیگا جو مین کہتا ہون یعنی میری حدیث کبھی نہ بھولے گا **ف** ابو ہریرہ کو حضرت کی
ہزارون حدیثین یاد تہین لوگون کو اُنکی یاد پر تعجب ہوا تب اُنہون نے لوگون سے اُسکا
سبب بتلایا کہ خدا خوب جانتا ہے کہ مین مرد محتاج تہا حضرت کی خدمت کیا کرتا تہا ہر دم حضرت
پاس موجود رہتا تہا سوائے اپنے پیٹ کے اور مجھکو کچھ فکر نہ تہا اور مہاجرین اصحاب بازار مین
خرید و فروخت مین مشغول رہتے تہے اور انصاری اصحاب اپنی کھیتی مین مصروف تہے سو حضرت نے
ایک روز فرمایا کہ جو اپنا کپڑا پھیلاوے جبتک کہ مین کلام کرچکون تو میری سنے حدیث کو کبھی

نہ بھولیگا

نہ ہوسکے چنانچہ مین نے اپنا کپڑا پھیلایا پھر جب حضرت کلام کر چکے تو مین نے اُس کپڑے کو اپنے
بدن مین لگالیا پھر اُس روز سی مین کوئی حدیث حضرت کی نہین بھولا ق ۴۶۱ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے
لَیَاْتِی الرَّجُلُ الْعَظِیْمُ الْتَمِیْنُ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ لَا یَزِنُ عِنْدَ اللّٰہِ جَنَاحَ بَعُوْضَۃٍ اِقْرَءُوْا
فَلَا نُقِیْمُ لَھُمْ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ وَزْنًا بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ حال یون ہے کہ البتہ بڑا موٹا مرد قیامت مین آوے گا
خدا کے نزدیک اُسکے مچھر کی پر برابر قدر نہو گی اسکی سند قرآن سی پڑہ لو کہ خدا فرماتا ہے
کہ نہ اُٹھاوینگے ہم اُنکے واسطے ترازو ف یعنی اُنکے کچھ نیک کام نہین جنکو ترازو سے
تولیں معلوم ہوا کہ دنیا کی بڑائی اور موٹاپا بدون ایمان اور نیک عمل کے خدا کے نزدیک
کچھ چیز نہین ق ۴۶۲ عَائِشَۃَ اَنَّہٗ لَیُبْکٰی عَلَیْھَا وَاِنَّھَا لَتُعَذَّبُ فِیْ قَبْرِھَا یعنے
یَھُوْدِیَّۃٌ بخاری اور مسلم مین حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ حال ہے
لوگ اُس یہودی عورت پر روتے ہین اور اسکی قبر مین اُسپر عذاب ہو رہا ہے ف
ایک یہودی عورت مرگئی تھی لوگ اُسکی روتے تھے حضرت اُدھر سے نکلے تب یہہ حدیث
فرمائی م ۴۶۳ وَائِلِ بْنِ حُجْرٍ اِنَّہٗ لَیْسَ بِدَوَاءٍ وَلٰکِنَّہٗ دَاءٌ یعنی الخمر مسلم مین
وائل بن حجر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرر شراب تو دوا نہین ہے
ولیکن وہ تو خود روگ ہے ف مصابیح مین روایت ہے کہ ایک شخص نے حضرت سے شراب

حال پوچھا حضرت نے اُسکو منع کیا پھر اُسنے کہا کہ مین توشراب کو دوا کے واسطے بناتا ہون
تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنی شراب دوا نہین ہے بلکہ یہہ خود روگ ہے کہ آدمی کی
عقل کھوکر جانور بنا ڈالتی ہے اِس حدیث سے معلوم ہوا کہ شراب کو بطور علاج پینا بھی درست

م ۴۶۴ نہین م اُمِّ سَلَمَةَ اِنَّهٗ لَيْسَ بِكِ عَلٰى اَهْلِكِ هَوَانٌ اِنْ شِئْتِ سَبَّعْتُ
لَكِ وَاِنْ سَبَّعْتُ لَكِ سَبَّعْتُ لِنِسَائِيْ فِيْ مسلم مین حضرت ام سلمہ رضہ سے روایت ہے
کہ حضرت نے مجھسے فرمایا کہ البتہ تیری خاوند پر کچھہ تیری خواری اور بیقدری نہین اگر تو
چاہے تو سات دن تیرے پاس رہون اور اگر تیرے پاس سات دن رہونگا تو سات
سات دن اور اپنی بی بیون پاس بھی رہون گا ف حضرت نے ام سلمہ سے نکاح کیا اور ایک
رات اُنکے پاس رہے صبح کو ام سلمہ نے کہا کہ مین پہلے خاوند کے گھر مین بہت عزت والی
تھی وہ خاوند نکاح کے بعد میرے پاس سات دن برابر رہا تھا تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی
یعنی تو میرے نزدیک بھی کچھہ بیقدر نہین ہے لیکن خدا کا حکم یون ہے کہ اگر مین تیرے پاس سات دن
رہون تو اور بی بیون پاس بھی رہون گا یعنی جسکی کئی بی بیان ہون وہ سب کی باری برابر

م ۴۶۵ کیے نہین تو گنہگار ہو گا م اَلْاَغَرِّ الْمُزَنِيِّ اَنَّهٗ لَيُغَانُ عَلٰى قَلْبِيْ اِنِّيْ لَاَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ
فِيْ كُلِّ يَوْمٍ مِائَةَ مَرَّةٍ مسلم مین اغر مزنی سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ البتہ
ایک بار ایک پردہ میرے دل پر ہو جاتا ہے اور مین خدا سے ہر روز سو بار مغفرت مانگتا ہون

ف بعضی عالمون نے یون کہا ہے کہ ہر دم خدا کی حضور ہی حضرت کی شان تھی لیکن
امت کے سمجھانے بجھانے سے اس حالت مین کچھہ فرق ہو جاتا تھا اسواسطے حضرت سو بار استغفار
کرتے تھے اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جب حضرت کو استغفار کرنے کی حاجت تھی تو اورون کو
اگرچہ ولی کامل ہون زیادہ تر ضرور ہے استغفار کرنا اور اپنی غفلت پر رونا خ
ح ۴۶۶ اُمِّ سَلَمَةَ اَنَّهٗ یُسْتَعْمَلُ عَلَیْکُمْ اُمَرَاءُ فَتَعْرِفُوْنَ وَتُنْکِرُوْنَ فَمَنْ کَرِهَ فَقَدْ
بَرِئَ وَمَنْ اَنْکَرَ فَقَدْ سَلِمَ وَلٰکِنْ مَنْ رَضِیَ وَتَابَعَ بخاری مین ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ تمہارے اوپر حاکم مقرر کئے جاوینگے پھر تم انکو بعضی کام مین بھلا جانوگے اور بعضی
یعنی بعضی کام موافق شرع کے کرینگے اور بعضی مخالف شرع سو جو دل سے برا جانے گا اُسکے برے کام کو تو
وہ گناہ سے بچا اور جسنے اُنکی برائیان کہلکر بیان کین وہ سلامت رہا لیکن گنہگار وہ ہے جو اُنکے
خلاف شرع کامون پر راضی ہوا اور اُنکا تابعدار رہا ف پورا قصہ یون ہے کہ لوگون نے
کہا کہ یا حضرت ہم اُن ظالم حاکمون کو مار ڈالین یا کہ نمازین حضرت نے فرمایا کہ نماز ما جبتک
کہ وہ نماز پڑھا کرین یعنی خلاف شرع کام مین حاکم کی اطاعت حرام ہے اور جبتک کہ اس سے صریح
کفر نہو تو اس سے لڑنا بھی درست نہین یہہ حدیث معجزہ ہے کہ جیسا فرمایا ویسے ہی اکثر
ظالم بادشاہ ہوئے جیسا یزید اور مروان کی اکثر اولاد

اس فصل مین وہ حدیثین ہین **فصل** جنکے سر پر ابہم ہے

م ۴۶۷ وعمر انهم خيروني بين ان يسألوني بالفحش او يبخلوني ولست بباخل فقاله
حين قسم قسما فقال عمر يا رسول الله لغير هؤلاء كان احق به منهم
سلم مین عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ البتہ ان نومسلمون نے مجھکو
اختیار دیا اسمین کہ مجھسے نہایت بُری طرح سوال کرین یا مجھکو بخیل مشہور کرین اگر نیا دین
اور مین تو بخیل نہین یہہ حدیث اُسوقت فرمائی جب حضرت نے کچھ مال تقسیم کیا تھا تو عمر
فاروق نے کہا یارسول اللہ اس مال کے سزاوار انکے سوا اور لوگ محتاج ایہاندار نہین ظاہر مطلب حضرت کے
جواب کا یہہ ہے کہ اگر نومسلم لوگ نہ پاتے تو مجھکو بخیل مشہور کرتے اسواسطے مین نے انکو دیا اور محتاجون کو
نہ دیا اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اوڈھ جاہل کو دینا اپنی آبرو بچانیکے واسطے درست ہے

## فصل

اس فصل مین وہ حدیثین ہین جنکے سر پر انہا ہے

ق ۴۶۸ ق عائشة انها ابنة ابي بكر قاله عند انتصار عائشة من زينب
بنت جحش بخاری اور مسلم مین حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرر عائشہ
ابی بکر کی بیٹی ہے یہہ حدیث حضرت نے فرمائی عائشہ کے حمایت کے وقت حضرت زینب کی کفنکو سے

ف بخاری مین روایت ہے کہ اصحاب حضرت عائشہ کی باری کے دن حضرت پاس تحفہ بھیجا
کرتے تھے حضرت کی خوشی کے واسطے حضرت کی بی بیون نے حضرت ام سلمہ سے کہا کہ تم رسول اللہ سے
کہو کہ اصحاب سے کہہ دیوین کہ حضرت جس بی بی کے پاس ہون وہین لوگ تحفہ بھیجا کرین عائشہ کی

کون

کون خصوصیت ہے ام سلمہ نے حضرت سے یہہ کہا حضرت نے فرمایا کہ مجھکو عائشہ کے مقدمے مین رنج نہ دے
سوای عائشہ کے کسی بی بی پاس مجھکو وحی نہین آتی ام سلمہ نے کہا کہ یا رسول اللہ مین نے آپکے رنج سی توبہ کی
پہر حضرت کی بی بیون نے حضرت فاطمہ کو حضرت کے پاس اسی واسطے بہیجا حضرت نے فرمایا کہ ای بیٹی تو کیا چاہتی
جسکو مین چاہتا ہون حضرت فاطمہ نے کہا کہ البتہ مین اسکو ضرور چاہونگی جسکو آپ چاہتے ہین
حضرت نے فرمایا تو عائشہ سے محبت رکہہ پہر حضرت فاطمہ پہر چلی گئین پہر بی بیون نے حضرت زینب کو
جو حضرت کی پہوپہی کی بیٹی اور بی بی ہی ہین حضرت پاس بہیجا سو حضرت زینب نے حضرت کے سامنے
بہت سخت باتین کین اور کہا کہ یا رسول اللہ آپ کی بی بیان عائشہ کے مقدمے مین عدل اور انصاف
چاہتی ہین اور حضرت عائشہ نے ابتک کچہہ جواب نہین دیا حضرت کی طرف دیکہتی جاتی تہین
کہ شاید حضرت کچہہ جواب دین جب حضرت عائشہ نے دیکہا کہ حضرت چپ ہین تو حضرت زینب کو
جواب دینا شروع کیا اور حضرت زینب کو جواب مین بند کیا تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی
یعنی عائشہ ابی بکر کی بیٹی ہے ایسی ویسی نہین جو دبکے جواب دی سکے یعنی جیسا اسکا
باپ دانا اور خوش تقریر ہے ویسی ہی وہ بہی دانا اور خوش تقریر ہے اس حدیث سے معلوم
ہوا کہ سب بی بیون سے حضرت عائشہ کو حضرت بہت چاہتے تہے تو جسنے حضرت عائشہ کو
برا کہا اور اُن سے عداوت رکہی اُسنے بیشک حضرت کو رنج دیا ق ابن مسعود
اِنَّهَا سَتَكُوْنُ بَعْدِیْ اَثَرَةٌ وَاُمُوْرٌ تُنْكِرُوْنَهَا قَالُوْا یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَمَا

تأمرنا قال تؤدون الحق الذی علیکم وتسألون اللہ الذی لکم بخاری
اور مسلم میں عبداللہ بن مسعود رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا انصاری صحابیوں سے کہ میری بعد
تم پر غیروں کو تقدیم ہوگی اور وہ کام ہونگے جو تمکو بری معلوم ہونگے اصحاب نے کہا کہ یا
رسول اللہ پھر ہمکو آپ کیا حکم کرتے ہیں حضرت نے فرمایا کہ تم پر حاکم کی اطاعت کا حق ہے
اسکو ادا کیجیو اور اپنا حق خدا سے مانگیو ف یعنی اگر حاکم تم پر ظلم کرے اور تمہارا
حق بیت المال سے نہ دے تو ایسا کرنا کہ اسکی اطاعت چھوڑ دو صبر کا ثواب تم کو خدا دیگا
علما کہتے ہیں کہ ایسی زیادتی سلطنت مروانیہ میں ہوئی ق زید بن ثابت انہا
طیبۃ وانہا تنفی الخبث کما تنفی النار خبث الفضۃ بخاری اور مسلم میں
زید بن ثابت رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ بیشک مدینہ پاک مقام ہے اور البتہ مدینہ
میل اور کپٹ والے کو اس طرح نکال دیتا ہے جیسے آگ چاندی کا میل نکال دیتی ہے ف
ایک شخص مدینے میں حضرت پاس آیا اور مسلمان ہوا پھر بیمار پڑا حضرت سے کہنے لگا کہ میری
بیعت توڑ دو حضرت نے نہ مانا پھر اسنے کہا پھر نہ مانا آخر کو وہ مدینے سے چلا گیا تب حضرت نے
یہ حدیث فرمائی ق امرت بقریۃ وسمہا تنسبۃ انہا قد بلغت محلہا
قالہ حین بعث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بشاۃ الیہما
من الصدقۃ فمضت الی عائشۃ منہا بشیء فجاء رسول اللہ صلی

ق ۴۶۸

ق ۴۶۹

اللّٰہ علیہ وسلم الی عائشۃ فقال ھل عندکم من شیئ قالت لا الا
ان نسیبۃ بعثت الینا من الشاۃ التی بعثت بھا الیھا بخاری اور
مسلم میں ام علیہ رضی اللہ عنہا سے بمکانیکہ نسیبہ نام کی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقررہ بکری اپنے مقام کو پہنچ
چکی ف حضرت نے ایکبار زکوۃ کی بکری نسیبہ کو بھیجی نسیبہ نے اس بکری کا تھوڑا گوشت
حضرت عائشہ کو بھیجا پھر حضرت گھر میں حضرت عائشہ پاس آئے اور فرمایا کہ کچھ تمہارے
پاس کھانے کی چیز ہے حضرت عائشہ نے کہا کہ کچھ نہیں ہے مگر نسیبہ نے اس بکری کا گوشت
بھیجا ہے جو آپنے اسکو بھیجی تھی تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنی زکوۃ کا مال ہر چند
حضرت پر حرام تھا لیکن جب محتاج کو پہنچ گیا اور اسنے پھر کچھ انمیں سے حضرت کے گھر بھیجا
تو اسکا کھانا درست ہو گیا معلوم ہوا کہ جب ملکیت بدلی تو حکم ہی بدل گیا خ عائشۃ
انھا کانت وکانت وکان لی منھا ولد یعنی خدیجۃ بخاری میں
حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقررہ خدیجہ ایسی تھی اور ایسی تھی
یعنی انمیں بہت خوبیاں تھیں اور میری اولاد انہی سے ہوئی ف حضرت عائشہ سے روایت ہے
کہ مجھکو حضرت کی کسی بی بی پر رشک نہیں آیا اسواسطے کہ حضرت مجھی کو سب سے زیادہ
چاہتے تھے لیکن حضرت خدیجہ پر البتہ مجھکو رشک آتا تھا اسواسطے کہ حضرت انکو
یاد بہت کیا کرتے تھے حالانکہ میں نے انکو دیکھا نہ تھا ایک روز میں نے حضرت سے

کہا کہ آپ خدیجہ کو یاد بہت کرتے ہین شاید اُنکے برابر دنیا مین کوئی عورت نہین ہے
تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی حضرت خدیجہ بہت مالدار تہین جبا نکاح حضرت سے
ہوا تو اپنا سب مال حضرت پر اٹہایا اور عورتون مین سب سے پہلے وہی ایمان لائین
حضرت اُنسے بہت راضی رہے حضرت کی سب اولاد اُنہین سی پیدا ہوئی یعنی حضرت
قاسم حضرت طیب حضرت طاہر تینون بیٹے لڑکپن مین مرگئے چار بیٹیان زندہ رہین
یعنی حضرت رقیہ حضرت زینب حضرت ام کلثوم حضرت فاطمہ سوای حضرت فاطمہ کے کسی کی
اولاد باقی نہین رہی لیکن صرف حضرت ابراہیم ماریہ قبطیہ سے جو حضرت کی حرم تہین پیدا ہوئے
وہ بہی لڑکپن مین مرگئے خلاصہ مطلب حضرت کی حدیث کا یہہ ہے کہ مجھکو دو سبب سے
خدیجہ کی محبت ہے ایک تو یہہ کہ اُنمین خوبیان بہت تہین دوسرے یہہ کہ میری نسل قیامت تک
اُنہی سے باقی رہے گی **م** عَلِیٌّ اِنَّهَا لَا تَحِلُّ لِیْ اِنَّهَا اِبْنَةُ اَخِیْ مِنَ الرَّضَاعَةِ **۴۴**
یعنی بنت حمزہ مسلم مین علی مرتضی سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرر امیر حمزہ کی
بیٹی مجھکو حلال نہین وہ تو میری دودہ شریک بہائی کی بیٹی ہے **ف** حضرت امیر حمزہ
حضرت کے چچا ہے لیکن حمزہ اور حضرت نے ایک عورت کا دودہ پیا تہا تو بہائی ہو گئے اور
اُنکی بیٹی بہتیجی حضرت کی ہوئی علی مرتضی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ مین نے حضرت سے کہا کہ
آپ قریش کی عورتون سے اکثر نکاح کرتے ہین ہمارے خاندان سے کیون نہین کرتے

حضرت نے

حضرت نے فرمایا کہ تمہاری خاندان مین کوئی ہے مین نے کہا کہ ہان حمزہ کی بیٹی ہوئی ہے تب حضرت نے

۴۷۲ م یہہ حدیث فرمائی م اَبُوذَرٍ اِنَّهَا مُبَارَكَةٌ اِنَّهَا طَعَامُ طُعْمٍ یعنی زمزم مسلم

مین ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرر زمزم کا پانی برکت والا کہتا

ہے آسودگی کا ف یعنی جیسے کہانا کہانے سے آسودگی حاصل ہوتی ہے ویسی زمزم کے

پانی سے اگر آسودگی کی نیت سے پیوی ابتدا اسلام مین جو ابوذر غفاری حضرت کی پیغمبری

خبر سنی تو مکہ مین آئے کافرون کے غلبہ سے حضرت کا حال پوچھہ نہ سکتے تھے جب بعد مدت حضرت سے

ملاقات ہوئی تو حضرت نے پوچھا کتنے دنون سے تم آئے ہو کہا تیس دن ہوئے حضرت نے پوچھا کیا کہاتے تھے

کہا سوای زمزم کی پانی کے اور کچھہ کہانا نتھا تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی

اس فصل مین دو حدیثین **فصل** مین جنپر ایک ہے

۴۷۳ ق جلد ۴ ق اَبُوذَرٍ اِنَّكَ امْرُؤٌ فِيكَ جَاهِلِيَّةٌ هُمْ اِخْوَانُكُمْ وَخَوَلُكُمْ جَعَلَهُمُ

اللّٰهُ تَحْتَ اَيْدِيكُمْ فَمَنْ كَانَ اَخُوهُ تَحْتَ يَدَيْهِ فَلْيُطْعِمْهُ مِمَّا يَاْكُلُ

وَلْيُلْبِسْهُ مِمَّا يَلْبَسُ وَلَا تُكَلِّفُوهُمْ مَا يَغْلِبُهُمْ فَاِنْ كَلَّفْتُمُوهُمْ فَاَعِينُوهُمْ

عَلَيْهِ قَالَهُ حِينَ عَيَّرَ غُلَامَهُ بِاُمِّهِ بخاری اور مسلم مین ابوذر رضی اللہ عنہ سے

روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرر تو ایسا مرد ہے کہ تجھہ مین جہالت کی خو ہے تمہارے غلام تمہارے

بھائی ہین یعنی آدم کی اولاد ہین اور تمہارے خدمتگار ہین جنکو تمہارے ہاتھہ کے نیچے ڈالا ہے

یعنی انکا مالک کیا ہے سو جسکا بھائی جسکے ملک مین ہو سو اُسکو کہلاوے جو آپ کہاتا ہو
اور اُسکو پہناوے جو آپ پہنتا ہو اور اُنپر ایسا بوجھ نہ ڈالو جو انکو دبا ڈالے
سو اُنپر اگر کسی کام کا بوجھ ڈالو تو خود بھی انکی مدد کرو یہہ حدیث حضرت نے ابوذر سے
فرمائی جب ابوذر نے اپنے غلام کو مارکی گالی دی ف ابوذر غفاری جیسا آپ لباس
پہنتے تھے ویسا اُنکا غلام بھی پہنتے تھا کسینے اُنسے سبب پوچھا تب یہہ حدیث بیان
کی لونڈی غلام کو کھانا کپڑا دستور کی موافق بقدر مقدور دینا واجب ہے اپنے برابر
کھانا کپڑا دینا مستحب ہے فرض نہین اور گالی دینا درست نہین اگر کام بگاڑے جھڑکنا
درست ہے اور بھاری کام کو کہے اگر کہے تو آپ بھی اُس کام مین شریک ہو جاوے

ق سَعْدُ ابْنُ اَبِیْ وَقَّاصٍ اِنَّكَ اَنْ تَذَرَ وَرَثَتَكَ اَغْنِيَاءَ خَيْرٌ مِّنْ
اَنْ تَذَرَهُمْ عَالَةً يَتَكَفَّفُوْنَ النَّاسَ وَاِنَّكَ لَنْ تُنْفِقَ نَفَقَةً تَبْتَغِيْ
بِهَا وَجْهَ اللّٰهِ اِلَّا اُجِرْتَ بِهَا حَتّٰى مَا تَجْعَلُ فِيْ اِمْرَاَتِكَ قَالَ فَقُلْتُ
يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَخَلَّفُ بَعْدَ اَصْحَابِيْ قَالَ اِنَّكَ لَنْ تُخَلَّفَ فَتَعْمَلَ
عَمَلًا تَبْتَغِيْ بِهِ وَجْهَ اللّٰهِ اِلَّا ازْدَدْتَ دَرَجَةً وَّرِفْعَةً وَلَعَلَّكَ اَنْ
تُخَلَّفَ حَتّٰى يَنْتَفِعَ بِكَ اَقْوَامٌ وَيُضَرَّ بِكَ اٰخَرُوْنَ اَللّٰهُمَّ اَمْضِ
لِاَصْحَابِيْ هِجْرَتَهُمْ وَلَا تَرُدَّهُمْ عَلٰى اَعْقَابِهِمْ لٰكِنِ الْبَائِسُ سَعْدُ ابْنُ خَوْلَةَ

قالہ لما عادہ بخاری اور مسلم مین سعد بن ابی وقاص سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
کہ اگر تو اپنے وارثون کو مالدار چھوڑے بہتر ہے اُس سے کہ انکو محتاج چھوڑے کہ مانگین
لوگون سے ہتھیلی پھیلا کر اور جو کچھ کہ تو خرچ کریگا خدا کی رضامندی کے واسطے اُسکا ضرور
ثواب پاویگا یہان تک کہ جو اپنی جورو کے منہ مین ڈالے گا یعنی اُسکا بھی ثواب ملے گا کہا سعد نے
پھر مین نے کہا یا رسول اللہ کیا مین چھوڑ دیا جاونگا بعد اسکے تمہیون کے چلے جانیکے حضرت نے فرمایا کہ
اگر تو بیمار رہیگا سب مکے مین چھوڑا جاویگا اور کوئی کام خدا کی رضامندی کا کرتا رہیگا تو مقرر
تیرا مرتبہ اور درجہ بلند ہوگا اور شاید کہ تو چھوڑا جاویگا یعنی تیری زندگی بہت ہوگی یہانتک
کہ نفع پاوینگے تجھسے بہت گروہ اور ضرر تجھسے پاوینگے اور لوگ یعنی تیری جہاد سے مسلمانونکو
قوت ہوگی اور کافرون کو ضرر اللہ جاری اور قائم رکھہ میرے صحابی کی ہجرت کو اور نہ پھیر انکو
ایڑیون کے بل لیکن نہایت محتاج سعد بن خولہ ہے یعنی باوجود ہجرت کے پھر کہی مین آکر مرگیا یہہ حضرت نے
سعد بن ابی وقاص سے فرمایا جب انکی بیمار پرسی کو تشریف لیگئی ف صحیح بخاری مین
سعد بن ابی وقاص سے روایت ہے کہ مین حجۃ الوداع مین بیمار ہوا حضرت میری دیکھنے کو آئے
مین نے کہا کہ مین بہت بیمار ہون زندگی کی توقع نہین اور مین مالدار ہون اور ایک میری بیٹی ہے
اسکے سوای کوئی میرا وارث نہین حکم ہو تو ایک حصہ بیٹی کو دون دو حصہ خیرات کرون
حضرت نے فرمایا کہ نہین پھر مین نے کہا کہ آدھا مال خیرات کرون حضرت نے فرمایا کہ نہین پھر مین نے کہا

کہ تہائی مال خیرات کروں حضرت نے فرمایا کہ تہائی خیرات کے واسطے بہت ہے پھر حضرت نے یہہ حدیث
فرمائی معلوم ہوا کہ وارثوں کا حق مقدم ہے غیروں پر اور تہائی سے زیادہ وصیت درست نہیں
اور جو رولڑکوں کو کہانے کپڑے دینے میں بھی ثواب ہے اگر خدا کا حکم جان کر دیوے اور سعد کو
مکہ میں رہنے کا اسواسطے رنج تہا کہ مہاجرین نے مکہ کا رہنا خدا کے واسطے چھوڑا تہا تو اُسیں پھر رہنا
مکروہ جانتے تہے سو حضرت نے فرمایا کہ اگر غدر سے رہنا ہو تو عبادت کے ثواب میں نقصان نہیں
پھر اُنکی زندگی کا اشارہ فرمایا چنانچہ سعد اتنا جئے کہ عمر فاروق کی خلافت میں ملک عراق کو
فتح کیا پھر باقی مہاجرین کے واسطے دعا کی کہ ایمان اور ہجرت پر ثابت رہیں بعد اُسکے سعد بن
خولہ پر جو حجۃ الوداع میں مر گئے تہے افسوس کیا ق ابْنُ عَبَّاسٍ اِنَّكَ سَتَاْتِیْ قَوْمًا ق ۴۷۵
اَهْلَ كِتَابٍ فَاِذَا جِئْتَهُمْ فَادْعُهُمْ اِلٰى اَنْ يَّشْهَدُوْا اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ
اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ فَاِنْ هُمْ اَطَاعُوْا لَكَ بِذٰلِكَ فَاَخْبِرْهُمْ اَنَّ اللّٰهَ فَرَضَ
عَلَيْهِمْ خَمْسَ صَلَوَاتٍ فِیْ كُلِّ يَوْمٍ وَّلَيْلَةٍ فَاِنْ هُمْ اَطَاعُوْا لَكَ بِذٰلِكَ
فَاَخْبِرْهُمْ اَنَّ اللّٰهَ فَرَضَ عَلَيْهِمْ صَدَقَةً تُؤْخَذُ مِنْ اَغْنِيَآئِهِمْ فَتُرَدُّ عَلٰى
فُقَرَآئِهِمْ فَاِنْ هُمْ اَطَاعُوْا لَكَ بِذٰلِكَ فَاِيَّاكَ كَرَآئِمَ اَمْوَالِهِمْ وَاتَّقِ دَعْوَةَ
الْمَظْلُوْمِ فَاِنَّهٗ لَيْسَ بَيْنَهَا وَبَيْنَ اللّٰهِ حِجَابٌ بخاری اور مسلم میں عبداللہ بن
عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت نے جب معاذ بن جبل کو یمن کا حاکم کرکے بھیجا تو فرمایا

کہ البتہ

کہ البتہ تو عنقریب اُس قوم پاس آویگا جو کتاب والے ہین یعنی یہود اور نصاری تو جب تو اُنکے پاس
جانا تو اُنکو بُلا اِسطرف کہ گواہی دیویں اِسکی کہ کوئی خدا کے سوای پوجنے کی لایق نہین اور مقر محمد
خدا کا رسول ہے سو اگر وے اِسبات مین تیرا کہنا مانین تو اُنکو خبردار کر اِس سے کہ خدا نے اُنپر ہر ایک
دن رات مین پانچ نمازین فرض کین ہین سو اگر وے اِسمین تیرا کہنا مانین تو اُنکو خبردار کر اُس سے
کہ خدا نے اُنپر زکوۃ فرض کی ہے کہ اُنکے مالدارون سے لیجاوے سو اُنکے محتاجون پر پہر کر دی
جاوے سو اگر وے اُسکو بھی مانین تو الگ رہنا اُنکے عمدہ مال سے یعنی زکوۃ مین جانور چُن چُن کے
عمدہ قسم نہ لینا اور ڈر اکیجیو مظلوم کی بد دعا سے سو بات یون ہے کہ مظلوم کی دعا مین اور خدا مین کچھ
آڑ نہین یعنی مظلوم کی دعا جلد قبول ہوتی ہے کسی پر ظلم کر نا **شعر** بترس از آہ مظلومان
کہ در وقت دعا کردن اجابت از درحق بہر استقبال می آید **م** سَلَمَةُ بْنُ الْاَکْوَعِ
اِنَّکَ کَالَّذِیْ قَالَ الْاَوَّلُ اَللّٰھُمَّ اَبْغِنِیْ حَبِیْبًا ھُوَ اَحَبُّ اِلَیَّ مِنْ نَفْسِیْ قَالَ لَہٗ
سلم مین سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے مجھسے فرمایا کہ مقرر تو ویسا ہے جیسے
اگلے زمانہ مین کوئی مثل کہہ گیا ہے کہ ای خدا مجھکو ایسا دوست دے جو میرے نزدیک میری جان سے
پیارا ہو یہہ حضرت نے سلمہ بن اکوع سے فرمایا **ف** حضرت نے کسی لڑائی مین سلمہ بن اکوع کو
ڈھال دی سلمہ نے کسی اور دشمن کو دی حضرت نے پوچھا کہ تیری ڈھال کہان ہے سلمہ نے
کہا کہ مین نے اپنے دوست کو دی تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنی اپنی جان پر دوست کو

ف م

مقدم رکھنا عمدہ بات ہے ۱۲ عَمْرُو بْنُ عَبَسَةَ اَنَّكَ لَا تَسْتَطِيعُ ذٰلِكَ يَوْمَكَ ۴۶۷
هٰذَا اَلَا تَرٰى حَالِيْ وَحَالَ النَّاسِ وَلٰكِنِ ارْجِعْ اِلٰى اَهْلِكَ فَاِذَا سَمِعْتَ بِيْ
قَدْ ظَهَرْتُ فَاْتِنِيْ فَاَتَاهُ حِيْنَ قَالَ اِنِّيْ مُتَّبِعُكَ مسلم مین عمرو بن عبسہ سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ بیشک میرا ساتھ دینا تجھسے نہو سکیگا اسوقت مین کیا تو نہین میرے حال
اور لوگون کے حال کو دیکھتا ہے یعنی ابھی کفر غالب ہے اور اسلام مغلوب لیکن پھر جانے لوگون مین
پھر جب تو میرا حال سنیو کہ مین کافرون پر غالب ہوا تو میرے پاس آئیو یہہ حضرت نے عمر
بن عبسہ سے فرمایا جب اُس نے کہا کہ مین تیرا ساتھ دونگا تا بعد اری کرونگا ف پورا قصہ بخاری
اور مسلم مین عمرو بن عبسہ سے یون روایت ہے کہ مین کفر کے وقت مین ہی کافرون کو گمراہ اور
بت پرستی کو برا جانتا تہا پھر مین نے سنا کہ ایک شخص مکے مین غیب کی خبرین دیتا ہے
اسی اشتیاق سی مین مکے گیا دیکھا کہ حضرت کافرونکے غلبے سی اپنے مکان سے نہین نکل سکتے ہین
حضرت کے پاس گیا پھر مین نے پوچھا کہ تم کون ہو حضرت نے فرمایا کہ مین پیغمبر ہون مین نے پوچھا کہ پیغمبر
کسکو کہتے ہین حضرت نے فرمایا کہ خدا نے اپنے بندون کو میری زبانی پیغام بھیجا ہے مین نے پوچھا کہ
وہ پیغام کیا ہے حضرت نے فرمایا کہ اپنے برادرون سے سلوک کرنا اور بتون کو توڑنا اور صرف
خدا کو مالک جاننا اور کسیکو اسکا شریک نجاننا پھر مین نے کہا کہ حضرت کا ساتھ کس نے
کسنے دیا ہے حضرت نے فرمایا کہ ایک جوان اور ایک غلام نی یعنی صدیق اکبر اور بلال پھر مین نے

کہا کہ میں ہی حضرت کا فسانہ دیتا ہوں تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی پھر میں رخصت
ہو کر اپنے گھر گیا جب حضرت مدینے میں آئے تب میں خدمت میں حاضر ہوا خ ابن عمر
انک لست تصنع ذلک خیلاء فقال لا ابی بکر رضی اللہ عنہ یعنی استرخاء
الازار بخاری میں عبداللہ بن عمر رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا تو اسکو غرور کی راہ سے
نہیں کرتا یہہ حضرت نے ابی بکر صدیق رضہ سے فرمایا یعنی تیری ازار کا زمین پر لٹک جانا غرور سے نہیں
ف حضرت نے ایکبار فرمایا کہ جسکی ازار یعنی تہ بند یا پائجامہ ٹخنے سے نیچے لٹکے سو دوزخ میں ہے صدیق
اکبر رضہ نے عرض کی یا رسول اللہ میری ازار ایکطرف بی اختیار لٹک جاتی ہے کیا کروں تب حضرت نے یہہ
حدیث فرمائی معلوم ہوا کہ ازار و پائجامہ کو ٹخنے کی نیچے لٹکانا اگر غرور یا آرائش کی
راہ سے ہے تو سخت حرام ہے اور نہیں تو مکروہ ہے لیکن اگر بدون قصد اختیاری سے لٹک جاوے تو معاف ہے

## فصل

اس فصل میں وہ حدیثیں ہیں جنکے سرے پر لم ہے

ق ام سلمہ انکم تختصمون الی ولعل بعضکم ان یکون الحن
بحجتہ من بعض فاقضی لہ بنحو ما اسمع منہ فمن قطعت لہ من حق اخیہ
شیئا فلا یاخذہ فانما اقطع لہ قطعۃ من النار بخاری اور مسلم میں ام سلمہ
رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ البتہ تم جھگڑا فیصل کروانے آتے ہو میرے
پاس اور شاید کہ تم لوگوں میں بعضا آدمی ہو شیار اور خوش تقریر ہوتا ہے اپنی دلیل کی

ملکیت کے بیان مین بہ نسبت دوسرے آدمی کے سو فیصد کر دیتا ہون مین جیسا کہ اُسسے
سنتا ہون سو جس شخص کو مین اُسکے مسلمان بھائی کے حق سے کچھ کاٹ کے دلا دون تو
وہ شخص نہ لیوے پر اُسکے حق کو سو اسکے کچھ نہین کہ اسکو مین دوزخ کا ٹکڑا دیتا ہون
ف یعنے قاضی اور حاکم ظاہر پر حکم کرتا ہے سو اگر کوئی خوش تقریری سے دھوکا دیکر
حاکم سے حکم لیوے اور پرایا حق چھینے تو وہ مال اُسکے حق مین خدا کی نزدیک حرام ہے
اور اُسکا انجام دوزخ ہے اگرچہ ظاہر مین درست ہے ۸۰ م ابو قتادہ انکم تسیرون
عشیتکم ولیلتکم وتاتون الماء ان شاء اللہ غدا قالہ قبل لیلۃ
التعریس بیوم۔ مسلم مین ابو قتادہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تم چلوگے دو
پہر دن رہے تک اور رات بھر اور کل پانی پر جاوگے جو خدا نے چاہا یہہ حضرت نے
ایک دن پہلے اس رات سے فرمایا تہا جب پچھلی رات کو سو گئی تہے ف یہہ حدیث
حضرت نے جنگ تبوک مین فرمائی دن گرمی کے تہے پانی کم ملتا تہا اور اُس رات کو
چلتے چلتے آخر شب سو گئے تہے نماز فجر فوت ہو گئی پہر قضا جماعت سے پڑھی ۸۱ م معاذ بن
جبل انکم ستاتون غدا ان شاء اللہ عین تبوک وانکم لن تاتوہا حتی یضحی
النہار فمن جاءہا منکم فلا یمس من مائہا شیئا حتی آتی۔ مسلم مین معاذ
بن جبل رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اگر خدا نے چاہا تم کل تبوک کے چشمہ پر پہنچوگے

معجزہ شق القمر زیادہ روشن

اور تم اس چشمہ پر نہین پہنچنے کے جب تک کہ دن نچڑھے کا سو تم لوگون مین جو اُسپر
جاوے تو اُسکے پانی کو کچھہ بھی ہاتھہ نہ لگاوے جب تک مین نہ آؤن ف معاذ بن جبل سے
روایت ہے کہ ہم حضرت کے ساتھہ جنگ تبوک کو چلے ایک رات حضرت نے یہہ حدیث فرمائی
جیسا کہ حضرت نے فرمایا تھا اُسی وقت ہم اُس چشمہ پر پہنچے دو آدمیون نے لشکر سے نکل کر اُس
پانی مین ہاتھہ لگایا حضرت نے پوچھا کہ کسنے ہاتھہ لگایا معلوم ہوا دو آدمی تھے حضرت
اُنپر ناخوش ہوئے پانی چشمہ مین نہایت کم تھا پھر اُنھون سے لوگون نے پانی جمع کیا اتنا
بمشکل جمع ہوا کہ حضرت نے ہاتھہ اور مُنہہ دھوکر اُس پانی کو چشمہ مین ڈالا پھر تو چشمہ نے
خوب جوش مارا سب آدمی اور جانور پھک گئے یہہ حضرت کا معجزہ ہوا اُس لشکر مین تیس ہزار
آدمی تھے اور ایک روایت مین ستر ہزار تھے خ اَبُوْهُرَيْرَةَ اِنَّكُمْ سَتَحْرِصُوْنَ
عَلَى الْاِمَارَةِ وَاِنَّهَا سَتَكُوْنُ نَدَامَةً يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَنِعْمَ الْمُرْضِعَةُ وَ
بِئْسَتِ الْفَاطِمَةُ بخاری مین ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تم لوگ
آگے حرص کروگے حکومت پر اور حالانکہ حکومت کا قیامت مین پچھتاوا ہوگا یعنی کہ لوگ
ہم حاکم ہوئے تھے جو آج حساب اور عذاب مین گرفتار ہوئے سو دودھ پلانے والی تو اچھی ہے
اور دودھ چھڑانے والی بُری ف یعنی حکومت کی ابتدا خوب ہوتی ہے کہ آدمی
عیش و آرام مین رہتا ہے جیسا عورت جب تک دودھ پلائی جاتی ہے لڑکا خوش رہتا ہے

خ

اور انجام حکومت کا بُرا ہے اُسکے زوال سے آدمی رنج اور افسوس مین گرفتار ہوتا
ہے جیسے عورت دودہ چھڑانیوالی لڑکے کو بُری معلوم ہوتی ہے ق جَرِیْرًا اِنَّکُمْ
سَتَرَوْنَ رَبَّکُمْ کَمَا تَرَوْنَ ھٰذَا لَا تُضَامُّوْنَ فِیْ رُؤْیَتِہٖ فَاِنِ اسْتَطَعْتُمْ
اَنْ لَا تُغْلَبُوْا عَلٰی صَلٰوۃٍ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ غُرُوْبِھَا فَافْعَلُوْا
ثُمَّ قَرَأَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّکَ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ الْغُرُوْبِ بخاری اور
مسلم مین جریر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ بیشک تم قیامت مین دیکھوگے
اپنے رب کو جیسا اُسکو دیکھتے ہو یعنی چاند کو ہجوم نکرسگوگے اُسکے دیکھنے مین یعنی
ہجوم سے اُسکے دیدار مین کچھ حجاب اور آڑ نہوگی جیسے چاند کے دیکھنے مین ہجوم خلل نہین
ڈالتا سو اگر تم سے ہوسکے کہ غافل نہو نماز سے سورج نکلنے سے پہلے اور سورج ڈوبنے سے
پہلے تو کیا کرو پھر حضرت نے قرآن سے اُسکی دلیل پڑھی کہ پاکی بول تعریف کے ساتھ اپنے
رب کی سورج نکلنے سے پہلے اور ڈوبنے سے پہلے ف مصابیح مین جریر بن عبداللہ سے روایت ہے
کہ ہم حضرت کے پاس بیٹھے تھے حضرت نے چودھوین رات کی چاند کو دیکھا پھر یہہ حدیث فرمائی اُس
حدیث سے معلوم ہوا کہ خدا کا دیدار قیامت مین ایمانداروں کے نصیب ہوگا اور یہی
مذہب اہل سنت کا شیعہ اور معتزلہ دیدار کے منکر ہین یہہ دولت اُنکے نصیب ہی مین
نہین انکار ہی کیا چاہین معلوم ہوا کہ نماز فجر اور عصر کو دیدار خدا کے حاصل ہونے مین دخل ہے

م ۴۸۴ معجز خبر آینده و تکاثر آن

م ابوذر انکم ستفتحون ارضا یذکر فیها القیراط ویروی ستفتحون مصر وهی ارض کثیر فیها القیراط فاستوصوا باهلها خیرا فان لهم ذمة ورحما مسلم میں ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ البتہ تم آگے فتح کروگے اس زمین کو جسمین قیراط کا چرچا ہے اور ایک روایت مین یون ہے کہ البتہ فتح کروگے ملک مصر کو اور وہ زمین ہے جسمین قیراط کا نام مشہور ہے سو میری وصیت مانو اہل کے لوگون کے ساتھ نیکی سو البتہ انکی ہے امان ہے اور اُن سے برادری ہے ف قیراط نصف دانگ سونے کی ہوتی ہے وزن مین پانچ جو کے برابر ملک مصر مین انکی بہت چال تھی مصر کے بادشاہ نے ماریہ قبطیہ کو حضرت کے واسطے بھیجا تھا اُن سے حضرت ابراہیم پیدا ہوئے اسواسطے مصر والون کو

خ ۴۸۵ امان اور پناہ ہوئی اور حضرت ہاجر حضرت اسمعیل کی مادر کی تھین اور حضرت اسمعیل عرب کی جد ہین تو مصر والون سے عرب کو ننہالی رشتہ ہوا اس واسطے اُنکے ساتھ نیکی اور احسان کرنے کو حضرت نے فرمایا خ انس انکم ستلقون بعدی اثرة فاصبروا حتی تلقونی علی الحوض بخاری مین انس سے روایت ہے کہ حضرت نے انصار سے فرمایا کہ البتہ میرے بعد تم پاؤگے اپنے سوای اورون کو مقدم یعنی تمہاری سوای اور لوگون کو حکومت ملی گی تو تم صبر کرتے رہیو تاوقتیکہ تم حوض کوثر پر مجھسے ملو یعنی قیامت تک ف حضرت نے ایکبار انصاریون کو بلایا ملک بحرین مین جاگیر دینی کو انصار نے کہا کہ مہاجرین کو بھی اتنی جاگیر دیجئے کہ وہ

کے مسلمان ہین تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنی اگر نہین لیتے ہو تو میرے بعد ہی حکومت کا اور ریاست کا حوصلہ نکرنا

م ابو سعید انکم قد دنوتم من عدوکم والفطر اقوی لکم فکانت رخصۃ فمنا من صام ومنا من افطر ثم نزلنا منزلا آخر فقال انکم مصبحوا عدوکم والفطر اقوی لکم فافطروا فکانت عزمۃ فافطرنا ثم لقد رأیتنا نصوم مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بعد ذلک فی السفر رسم ابو سعید رضی سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ البتہ تم اپنی دشمن سے قریب ہوئے ہو روزہ توڑنا تمکو بہت مضبوط کردیگا یہہ حضرت نے جب فرمایا کہ مکہ قریب ہوئی کہا ابو سعید نے ہم نے دوسری منزل پر حضرت نے فرمایا کہ البتہ تم صبح کو لڑوگی اپنی دشمن سے اور روزہ توڑنا تمکو نہایت مضبوط کردیگا سو توڑو روزہ کو

توڑنا ہمنے مباح تہا حضرت کے حکم سی فرض ہو گیا تو ہم نی روزہ توڑا پہر اس سفر کے بعد

مقرر ہم نی اپنے تئین دیکہا کہ ہم سفر مین روزہ رکہتی تہے حضرت کے ساتہہ ف جس سال کہ

فتح ہوا حضرت مدینی سی رمضان مین روزہ رکہے جہاد کو چلے جب مکے کے قریب پہنچے

تب یہہ حدیث فرمائی خلاصہ مطلب یہہ کہ سفر مین روزہ رکہنا اور توڑنا دونون درست ہے

لیکن بشرط طاقت رکہنا افضل ہے مگر جہاد مین توڑنا افضل ہے کہ وہان طاقت کا

ق ۲۸۱ کام ہے مگر اس سال جن لوگون نی روزہ نہ توڑا حضرت نے انکو کہنکار فرمایا ق حذیفہ

انکم لاتدرون لعلکم ان تبتلوا بخاری اور مسلم مین حذیفہ رضی اللہ عنہ سے

روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ البتہ تم نہین جانتے ہو شاید کہ تم بلا مین ڈالے جاؤ ف

حذیفہ سے

حذیفہ سے روایت ہے کہ ہم حضرت کے ساتھ تھے حضرت نے فرمایا کہ گنو تو کتنی مسلمان کلمہ گو ہین
ہمنے کہا کہ یا رسول اللہ کیا ہماری واسطے کہہ آپ کو خوف ہی ہم لوگ تو چھ سو سے سات سو تک
ہین تب حضرت نی یہہ حدیث فرمائی سو جیسا حضرت نے فرمایا تھا ہم بلا ہین پڑے کا ذرد
غلبے سے نماز نہ پڑھ سکتے تھی مگر چھپ کر اور ابتدا اسلام مین بہت اصحاب حبش وغیرہ کے
طرف کو چھوڑ کر نکل گئے تھے ق اَنْتُمْ اَنَّكُمْ اَنْتُمْ مِثْلِیْ اَمَا وَاللّٰهِ لَوْ تَمَادَی ق
اِلَی الشَّهْرِ لَوَصَلْتُ وِصَالًا یَدَعُ الْمُتَعَمِّقُوْنَ تَعَمُّقَهُمْ بخاری اور مسلم مین
انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ بی شک کہ تم لوگ میرے برابر نہین جان لو
قسم خدا کی اگر رمضان کا مہینا مجھکو زیادہ ہو جاتا تو برابر اتنے طی کے روزے
رکھتا جاتا کہ چھوڑ دیتے شدت سے محنت کرنے والے اپنی شدت کو ف ایکبار حضرت نے
آخر رمضان مین طی کے روزے رکھے بعضی اصحاب بھی حضرت کے ساتھ طی کے روزے
رکھنے لگے تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنی چاند جلد ہو گیا اگر مہینا زیادہ بڑھتا تو
مین اتنا ہے کرتا جاتا کہ لوگ عاجز ہو کر طے کرنا چھوڑ دیتے یہہ بات حضرت نے غصے سے
فرمائی طے کا روزہ حضرت کو درست تھا اور لوگون نہین م اِنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ اَنَّكُمْ مُلَاقُوا م
اللّٰهِ مُشَاةً حُفَاةً عُرَاةً وَغُرْلًا مسلم مین عبداللہ بن عباس رض سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرر تم قیامت مین ہم خدا کو ملوگے پیدل چلتے ننگے پیر ننگے بدن

بی فتنہ ہوئے ف یعنی دنیا کے سامان مین شب و روز مشغول رہتے ہو سواری اور
پوشاک پر مرتے ہو قیامت مین تم کو کچھ بھی سر ہیکا کپڑا تک بدن پر نہو گا جیسے ننگے
مادرزاد پیدا ہوئے تھے ویسے ہی قبر وں سے اٹھو گے

اس فصل مین دو حدیثین ہین **فصل** جسپر انکی لفظ ہے

ق عائشہ انکن لانتن صواحب یوسف مروا ابا بکر فلیصل بالناس ق فی مرضہ الذی توفی فیہ بخاری و مسلم مین عائشہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرر تم یوسف کے ساتھ والی عورتو کی طرح ہو یعنی کہون خلاف نمائی کرتی ہو کہو ابی بکر سے کہ لوگون کو خود امام ہو کر نماز پڑہا دے یہہ حضرت نے اس بیماری مین فرمایا جس مین انتقال ہوا ف بخاری و مسلم مین حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت نے مرض الموت مین فرمایا کہ کہو ابی بکر سے لوگون کو نماز پڑہا دے مین نی کہا کہ ابو بکر نرم دل مرد ہے اگر حضرت کے مقام پر نماز پڑہانے کو کہڑا ہو کار دنے لگے گا قرآنکی آواز لوگ نہ سنین گے عمر فاروق کو فرمائے کہ نماز پڑہا دے حضرت نے فرمایا کہ ابو بکر سے کہے کہ نماز لوگون کو پڑہا دے پہر مین نے حفصہ سے کہا کہ تم حضرت سے کہو حفصہ نی حضرت سے یہی کہا تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی چنانچہ حضرت کی حیات مین پانچ دن صدیق اکبر نے امامت سے نماز پڑہائی یہہ اشارہ ہوا صدیق اکبر کی خلافت کا کہ جو عہدہ حضرت کا خاص تہا یعنی نماز کی امامت کا سو اپنی

بیان امامت صدیق اکبر بران حضرت

زندگی مین صدیق اکبر کو دیا جیسے بادشاہ اپنی زندگی مین کسی کو تخت اور چتر
شاہی دیوے تو یہہ علامت ہے کہ بادشاہ نے اُسی کو ولی عہد کیا

اس فصل مین وہ حدیثین مین جنکے سرپر انہا ہے

بیان تفضیل
رمنہ محمدی ق
ز عیسیٰ

## فصل

ق ابن عمر انما اجلکم فی اجل من خلا من الامم کما بین صلوٰۃ العصر
الی مغرب الشمس وانما مثلکم ومثل الیھود والنصاری کرجل
استعمل عمالا فقال من یعمل لی الی نصف النھار علی قیراط قیراط
فعملت الیھود الی نصف النھار علی قیراط قیراط ثم قال من یعمل لی
من نصف النھار الی صلوٰۃ العصر علی قیراط قیراط فعملت النصاری
من نصف النھار الی صلوٰۃ العصر علی قیراط قیراط ثم قال من یعمل
لی من صلوٰۃ العصر الی مغرب الشمس علی قیراطین قیراطین الا فانتم
الذین تعملون من صلوٰۃ العصر الی مغرب الشمس علی قیراطین الا لکم
الاجر مرتین فغضبت الیھود والنصاری فقالوا نحن اکثر
عملا واقل عطاء قال الله تعالیٰ وھل ظلمتکم قالوا لا قال فانہ
فضلی اعطیہ من شئت بخاری و مسلم مین عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا سوای اسکے کوئی مثل نہین ہوسکتی کہ عمر اور مدت تمہاری ای مسلمانو

اگلی امتونکی عمر اور مدت کی مقابلی مین ایسے ہے جیسے عصر کی نماز سی شام تک یعنی اگلی
امتونکی زندگی زیادہ تہی جیسے صبح سے عصر تک اور مسلمانون کی عمر کم جیسے عصر سے شام
تک اور نہین ہے مثل تمہاری ای مسلمانون اور مثل یہود اور نصاری کی مگر جیسے مثل اُس
مرد کی جسنے کام کروایا کارندون سے سو اُسنے کہا کہ جو میرا کام کرے صبح سے دوپہر تک
اسی کو ایک ایک قیراط ملیگا سو کام کیا یہودنے دوپہر تک ایک ایک قیراط پہر پہر کہا
اُس مرد نے کہ جو میرا کام کرے دوپہر سے عصر کی نماز تک اُسکو ایک ایک قیراط مزدوری
ملیگی تو نصاری نے دوپہر سے عصر تک ایک ایک قیراط پر مزدوری کی پہر اُس مرد نے کہا کہ جو میرا کام
کرے عصر کی نماز سے شام تک اُسکو دو دو قیراط مزدوری ملیگی جانو ای مسلمانو سو
وہ لوک تم ہو جنہون نے عصر سے شام تک کام کیا دو دو قیراط پر جان رکھو کہ تمہاری مزدوری
دونی ہے سو غصے ہون گے یہود اور نصاری قیامت مین پہر کہینگے کہ ہم کام مین تو زیادہ
ہین اور مزدوری مین کم یعنی یہہ عجب ہے کہ کام بہت محنت کم خدا فرماویگا کیا مین نے تمپر
کچھ ظلم کیا یعنی جو مزدوری ٹہہر گئی تہی اُسسے کچھ کم دیا کہینگے کہ جو ٹہرا تہا اُسسے کم نہین
ملا خدا فرماویگا یہہ تو یعنی دونی مزدوری دینا میرا فضل ہے جسکو چاہون دون ف
یعنی یہود اور نصاری کی ہرچند عمرین زیادہ تہین اور عبادت بہت لیکن امت محمدی کو
باوجود کم عمری اور قلت عبادت کے اُنسے ثواب دونا ہے یہہ خدا کا فضل ہے اپنے

حبیب کی ضعیف امت پر اور اسی حدیث کے مطابق مضمون انجیل میں بھی موجود ہے
چنانچہ متی کی انجیل باب ۲۰ آیت میں عیسی علیہ السلام نے فرمایا کہ ایک مالک نے صبح کے
وقت سی ایک دینار پر مزدور مقرر کئے اور اپنے باغ میں بھیجے پھر چند ساعت کے
بعد یعنی چار پہری اور پہر اور دو پہر کی بعد اور مزدور اتنی مزدوری پر باغ میں بھیجے
شام کو ہر ایک مزدور کو ایک ایک دینار دیا پہلوں نے شکوہ کیا کہ ہم دن بھر کے
محنتی اور یہہ تھوڑی دیر کے محنتی برابر ہو گئے مالک نے جواب دیا کہ کیا میں نے تمپر ظلم کیا
جو تمہاری مزدوری مقرر ہوئی تھی سو تمنے پائی مجھکو اپنے مال میں اختیار ہے جسکو چاہوں
علی ہذا القیاس پہلے پچھلے ہو جاوینگے اور متقدم موخر بلائے گئے تو بہت لوک ہیں
لیکن مقبول اور برگزیدہ کم ہیں فقط اس انجیل کی تقریر سی صاف ثابت ہوا کہ امت
محمدی امت موسوی اور عیسوی سے برگزیدہ کی اور ثواب میں افضل ہے اسواسطے کہ سب سے
پچھلی امت ہی یہہ خدا کا کرم ہے یہود اور نصاری کے شور اور غل سے کہا ہوتا ہے
الہی ہزار ہزار شکر تیرے احسان کا کہ اپنے حبیب کی امت میں ہم کو کیا ق سہل
بن سعد انما الاعمال بالخواتیم بخاری اور مسلم میں سہل بن سعد سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ نہیں اعتبار کاموں کا مگر خاتمے پر ف ایک شخص جہاد میں
کافروں سے خوب لڑا حضرت نے فرمایا کہ یہہ شخص دوزخی ہے لوگوں کو تعجب ہوا

آخر کو اس شخص نے اپنے تئین آپ ہلاک کیا تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنی ابتدا کا
کچھہ اعتبار نہین جب تک انجام بخیر نہو م ابو ہریرہ انما الامام جنۃ یقاتل
من ورائہ ویتقی بہ فان امر بتقوی اللہ وعدل کان لہ بذلک اجر
وان یامر بغیرہ کان علیہ منہ مسلم مین ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ نہین ہے سردار مگر جیسے ڈھال کہ اسکے آڑ مین لڑے اور اپنے تئین
بچائے اسکے سبب سے یعنی لڑائی سردار کی ہمت اور تدبیر سے بنتی ہے اسکی محافظت
اور اطاعت لشکر کو ضرور ہے سو اگر سردار خدا کی پرہیزگاری کا حکم کری اور انصاف کری تو اسکے
سبب سے اسکو ثواب ملے گا اور اگر اسکے سوا حکم کرے یعنی خلاف شرع تو اسکے
سبب اسپر عذاب ہو کا ق البراء بن عازب انہا الخالۃ ام بخاری اور مسلم مین
براء بن عازب سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ خالہ تو ماہے یعنی ماکے برابر ہے ف
علی مرتضی اور جعفر طیار اور زید مین گفتگو ہوئی حضرت حمزہ کی بیٹی کے پرورش مین
کہ اسکے ماباپ مر گئے تھے ہر ایک شخص چاہتا تھا کہ اسکو ہم پالین حضرت نے پوچھا
کہ اسکی خالہ کسکے نکاح مین ہے معلوم ہوا کہ جعفر کے نکاح مین ہے حضرت نے
جعفر کو دلائی پھر یہہ حدیث فرمائی علمائی اسی حدیث سے نکالا ہے کہ اگر چھوٹے
لڑکے کی ماں مر جاوے تو اسکے ماکے رشتہ دار عورتین اسکو پالین جیسے خالا اور نانی

م ۴۹۵

ق

ق ۴۹۵ ق اُسَامَۃَ بْنَ زَیْدٍ اِنَّمَا الرِّبَوٰا فِی النَّسِیْئَۃِ بخاری اور مسلم مین اسامہ بن زید
رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت نے کہ بیاج تو صرف وعدہ مین ہے ف بیاج نام ہے
ایک جنس و زنی مین زیادہ لینی کا خواہ دست بدست ہو خواہ وعدے سے اور اگر
دو جنسین ہون تو وعدہ بیاج ہے زیادتی سود نہین اور اس حدیث سے ظاہرا معلوم
ہوا کہ دست بدست مین زیادہ لینا بیاج نہین سو مطلب حدیث کا یہہ ہے کہ جب دو
جنس ہون جیسے چاندی کو سونے سے بیچے تو دست بدست زیادہ لینا بیاج نہین اور وعدہ بیاج ہے
اور بعض علما اس حدیث کو منسوخ کہتے ہین واللہ اعلم خ عَائِشَۃُ اِنَّمَا الرَّضَاعَۃُ ۴۹۶ خ
مِنَ الْمَجَاعَۃِ بخاری مین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ
شیر خوارگی تو صرف بھوکہ سے ہے ف یعنی جس شیر خوارگی سے نکاح حرام ہوتا ہے
تو اسکا اعتبار طفلی تک ہے کہ چھوٹی لڑکے کی بھوکہ ہی دودہ نہین جاتی اور اگر جوان
آدمی کسی عورت کا دودہ پیئے تو اسکا کچھ اعتبار نہین وہ نکاح کو نہین روکتا م ۴۹۷ م
اَبُوْ سَعِیْدٍ اِنَّمَا الْمَاءُ مِنَ الْمَاءِ ھٰذَا حَدِیْثٌ مَنْسُوْخٌ مسلم مین ابو سعید رضی اللہ
عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ پانی تو صرف پانی نکلنے سے ہے یہہ حدیث منسوخ ہے
ف یعنی جب منی نکلے تو پانی سے غسل واجب ہوتا ہے اس حدیث کا حکم منسوخ
ہے چنانچہ دوسری حدیث مین آیا ہے کہ صرف دخول سے غسل واجب ہوتا ہے

ق

منی نکلے یا نکلے ق جابرؓ اِنَّمَا الْمَدِیْنَۃُ کَالْکِیْرِ تَنْفِیْ خَبَثَھَا وَتَنْصَعُ طِیْبَھَا بخاری اور مسلم مین جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرتؐ نے فرمایا کہ مدینہ تو جیسے بھٹی ہے لہار کی جھانٹتا ہے میل کچیل کو اور نکھارتا ہے سنہر کو ف ایک کنوار مدینے مین آیا مسلمان ہوا جب اُسکو تپ چڑھی تو مرتد ہو کر نکل گیا تب حضرتؐ نے یہہ حدیث فرمائی یعنی منافق اور بے ایمان مدینہ مین رہ نہین سکتا ایماندار اُسمین

م

ٹہرتا ہے م رَافِعِ بْنِ خَدِیْجٍ اِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ اِذَا اَمَرْتُکُمْ بِشَیْءٍ مِنْ دِیْنِکُمْ فَخُذُوْا بِہٖ وَاِذَا اَمَرْتُکُمْ بِشَیْءٍ مِنْ رَأْیِیْ فَاِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ مسلم مین رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرتؐ نے فرمایا کہ مین بھی آخر آدمی ہون جب مین تم کو تمہاری دین کی بات کچھ بتلاؤن تو اُسکو پکڑ لیا کرو یعنی اُسپر عمل کیا کرو اور جب مین تم کو کچھ اپنی عقل سے دنیا کی صلاح بتلاؤن تو مین بھی آخر آدمی ہی ہون ف جب حضرتؐ مدینے مین آئے تو وہان کے لوگون کا دستور تہا کہ نر کھجور کا مادہ کھجور مین پیوند لگا کرتے تہے حضرتؐ نے اُسکو بیفائدہ جان کر منع کیا اس سال کھجور نہ پیدا ہوئی تب حضرتؐ نے یہہ حدیث فرمائی یعنی میری اطاعت تمہیں دین کی کامون مین واجب ہے دنیا کے کام مین واجب نہین اسواسطے کہ مین بھی آدمی ہون دنیا کے کام مین اگر میری اٹکل مین کچھ چوک پڑے تو کیا عجب ہے دین وہ ہے جسمین عذاب ثواب کا ذکر ہو اور آخرت کے نفع نقصان کا جسمین

ق ۵ بیان ہو ق اِبْنُ مَسْعُوْدٍ اِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ اَنْسٰی کَمَا تَنْسَوْنَ فَاِذَا نَسِیْتُ
فَذَکِّرُوْنِیْ بخاری اور مسلم مین عبداللہ بن مسعود رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مین بھی
آدمی ہی ہون بھول جاتا ہون جیسا تم بھول جاتے ہو تو جب مین بھی بھولا کرون تو مجھکو یاد
دلایا کرو ق مصابیح مین عبداللہ بن مسعود رض سے پوری روایت یون ہے کہ حضرت نے
ایکبار ظہر کی پانچ رکعتین پڑہین اصحاب نے عرض کیا کہ یارسول اللہ کیا نماز خدا کے حکم سے
بڑہائی گئی حضرت نے فرمایا کہ یہہ کیا کہتے ہو اصحاب نے کہا کہ حضرت نے بجای چار رکعت کے پانچ
رکعت پڑہین تو حضرت نے بعد سلام کے سہو کے دو سجدے کئے پہر یہہ حدیث فرمائی معلوم ہوا
کہ نسیان مقتضای بشریت ہے پیغمبرون کو بھی ہوتا ہے لیکن پیغمبر کا نسیان حکمت سے خالی
نہین چنانچہ سہو کا مسئلہ ہی معلوم ہوگیا ق اُمِّ سَلَمَةَ اِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ وَاِنَّهٗ
یَاْتِیْنِی الْخَصْمُ فَلَعَلَّ بَعْضَهُمْ اَنْ یَّکُوْنَ اَبْلَغَ مِنْ بَعْضٍ فَاَحْسِبُ اَنَّهٗ
صَادِقٌ فَاَقْضِیْ لَهٗ فَمَنْ قَضَیْتُ لَهٗ بِحَقِّ مُسْلِمٍ فَاِنَّمَا هِیَ قِطْعَةٌ مِّنَ
النَّارِ فَلْیَاْخُذْهَا اَوْ یَذَرْهَا بخاری اور مسلم مین ام سلمہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ مین بھی آدمی ہی ہون اور البتہ آتا ہے میرے پاس مدعی اور مدعی علیہ سو شاید
بعضا شخص بعضے سی زیادہ گویا اور خوش تقریر ہوتا ہے تو مین جانتا ہون کہ وہ سچا ہے
تو فیصلہ کردیتا ہون اُسکے موافق سو جو کسی سے حق مسلمان کا مجھ دلادون

تو وہ تو اُسکے حق مین دوزخ کا ٹکڑا ہے چاہے اسکو اٹھا لیوے یا چاہے چھوڑ دیوے

ق عَائِشَةُ اِنَّمَا اَهْلَكَ الَّذِيْنَ قَبْلَكُمْ اَنَّهُمْ كَانُوْا اِذَا سَرَقَ فِيْهِمُ الشَّرِيْفُ تَرَكُوْهُ وَاِذَا سَرَقَ فِيْهِمُ الضَّعِيْفُ اَقَامُوْا عَلَيْهِ الْحَدَّ وَايْمُ اللّٰهِ لَوْ اَنَّ فَاطِمَةَ بِنْتَ مُحَمَّدٍ سَرَقَتْ لَقَطَعْتُ يَدَهَا بخاری اور مسلم مین حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اسنے تو کہیا ڈالا اگلو جو تم سے پہلے تھے کہ جب اُنمین کوئی شریف اور رئیس چوری کرتا تو اُسکو چھوڑ دیتے بے سزا دئے اور جب اُنمین کوئی بیچارا غریب چوری کرتا تو اُسپر چوری کی سزا کرتے اور قسم ہے خدا کی کہ اگر فاطمہ محمد کی بیٹی چراوے تو مقرر اُسکا ہاتھ کاٹون ف فاطمہ قیس کی بیٹی قریش مین شریف زادی تھی اُسنے چوری کی لوگون نے اُسکی سفارش کی حضرت نے فرمایا کہ خدا کی سزا مقرر کی ہوئی مین سفارش کرتے ہو کسی کی سفارش حضرت نے نمانی بعد اسکے یہہ حدیث فرمائی پہر اُسکے ہاتھ کو کٹوا دالا معلوم ہوا کہ حکم شرع مین کسیکی رعایت نچاہیئے اگلی امتیں اسی کے سبب ہلاک ہوئین پچھلے زمانہ مین اسلام کی بھی سلطنت شرع مین سستی کرنے سے سست ہو گئی اور یہہ جو بعضی ناواقف کہتے ہین کہ ہرچند سینہ زنی اور نوحہ گری حرام ہے لیکن سبط مصطفے اور جگر گوشہ فاطمہ زہرا یعنی حسین رضی اللہ عنہ کے غم مین درست ہے سو اس حدیث سے معلوم ہوا کہ غلط بات ہے اسواسطے

ف مکتب نقی وجاب داری

کہ حکم

کہ حکم شرع سب کے واسطے برابر ہے جو چیز حرام ہے سب کے واسطے برابر ہے شریف اور
رذیل کا اُسمین کچھ فرق نہین خ اِنَّ عُمُرَاَتِّمَا بَقَائُکُمْ فِیْمَا سَلَفَ قَبْلَکُمْ مِنَ الْاُمَمِ ۵۰۵
کَمَا بَیْنَ صَلٰوۃِ الْعَصْرِ اِلٰی غُرُوْبِ الشَّمْسِ بخاری مین عبد اللہ بن عمر سی روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ تمہاری زندگی کی مدت جو تم سے آگے گذر چکین ہین اتنی ہے جتنی مدت عصر کی
نماز سے شام تک یعنی اگلی امتون کی عمر بہت ہوتی تہی اور تمہاری کم یعنی اس تھوڑی زندگی
مین جس قدر عبادت ہو سکے سو کر لو دنیا کی ہوس مین زیادہ نہ پھسو خ جُبَیْرُ بْنُ ۵۰۶
مُطْعِمٍ اِنَّمَا بَنُوا الْمُطَّلِبِ وَبَنُوْ هَاشِمٍ شَیْءٌ وَاحِدٌ بخاری مین جبیر بن مطعم سی
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مطلب کی اولاد اور ہاشم کی تو ایک ہی چیز ہے ف
عبد مناف کے چار بیٹے ایک ہاشم دوسرے مطلب تیسرے عبد شمس چوتھے نوفل سو جبیر بن
مطعم نوفل سی اور حضرت عثمان عبد شمس سے ہین سو حضرت نے جبیر کا پانچوان حصہ ہاشم اور مطلب کی
اولاد کو دیا عبد شمس اور نوفل کی اولاد کو نہ دیا تب جبیر بن مطعم اور عثمان نے حضرت سے
عرض کی کہ یا رسول اللہ بنی ہاشم کی شرافت اور بزرگی کے تو ہم قائل ہین لیکن اسکا
کیا سبب ہے کہ مطلب کی اولاد کو حضرت نے دیا اور عبد شمس اور نوفل کی اولاد کو نہین اگر برادری کی
جہت سے دیا ہے تو ہم اور وہ حضرت کے ساتھ برابر ہین تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی
یعنے ہاشم اور مطلب کی اولاد کبھی جدا نہین رہی کفر اور اسلام مین رنج اور غم مین ہمیشہ

شریک رہی یہہ سبب ہے انکی خصوصیت کا اسی سبب سے امام شافعی بھی مطلب کو آل
ق ہین داخل جانتے ہین ق سَهْلُ بْنُ سَعْدٍ اِنَّمَا جُعِلَ الْاِذْنُ مِنْ قِبَلِ الْبَصَرِ
بخاری اور مسلم مین سہل بن سعد رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ آنیکی اجازت مانگنا
تو صرف نظر ہی کے سبب سے ٹہرائی گئی ہے ف مصابیح مین روایت ہے کہ ایک شخص حضرت کے
گہر جہانکنے لگا حضرت نے فرمایا کہ اگر مین تجھکو جہانکتے دیکہتا تو تیری آنکہہ پہوڑ دالتا یہہ
یہہ حدیث فرمائی یعنے شرع مین جو حکم ہے گہر مین داخل ہونے کی اجازت مانگنے کا
تو صرف اتنے واسطے ہے کہ آدمی کی نظر نامحرم پر نہ پڑے اور جب تو نے جہانکا تو اذن
ق مانگنے کا کیا فائدہ ہوا معلوم ہوا کہ بگانے گہر مین جہانکنا سخت حرام ہے ق
اَبُوْهُرَيْرَةَ اِنَّمَا جُعِلَ الْاِمَامُ لِيُؤْتَمَّ بِهٖ فَلَا تَخْتَلِفُوْا عَلَيْهِ بخاری اور مسلم مین
ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ امام تو اسیواسطے مقرر ہوا ہے کہ اسکی
پیروی کیجئے سو امام کی خلاف نکرو یعنی جو امام کرے سو مقتدی بہی کرین ف اسمین
اختلاف ہے کہ اگر امام بیٹہے عذر سے نماز پڑہاوے تو مقتدی کہا کرین امام احمد کی نزدیک
بموجب اس حدیث کے تو مقتدی بہی امام کی ساتہہ بیٹہکر نماز پڑہین اور امام مالک کے
نزدیک بیٹہکر نماز مین امامت کرنا درست نہین اور امام اعظم اور شافعی کے نزدیک
اگر امام عذر سے بیٹہا ہو تو مقتدی کہڑے ہوکر نماز پڑہین چنانچہ حضرت نے آخر عمر مین بیٹہکر

امامت کی اور اصحاب نے پیچھے کھڑے ہو کر اقتدا کی تو حضرت کے پہلے فعل سے یہہ حدیث
قولی منسوخ ہوئی ق ابن عباس انما حرم من المیتۃ اکلہا بخاری اور مسلم میں ق
عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مردے کا صرف کھانا ہی
حرام ہے ف حضرت نے ایک مردہ بکری دیکھی کہ پہینک دی ہے فرمایا کہ اسکی کھال
کیوں نہ کھیچ لی اور مصالح سے کیوں نہ پاک کر لی کہ تمہارے کام آتی لوگوں نے کہا کہ یہہ
تو مردہ ہے تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنی مردے کا کھانا البتہ حرام ہے کھال لینا تو
منع نہیں اس حدیث سے معلوم ہوا کہ مردے کی ہڈی اور بال اور روئیں اور پر اوپٹھا لینا درست ہے
ابو ہریرۃ انما سمی الخضر لانہ جلس علی فروۃ بیضاء فاہتزت تحتہ خضراء بخاری میں ابو ہریرہ ح
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ خضر کا نام اسیواسطے خضر مشہور ہوا کہ صاف چٹی زمین پر بیٹھنے سے نیچے
یعنی ہری بھری ف خضر کا نام ایسا ہے خضر کہتے سرسبز کو جیسے انکی برکت سے زمین سرسبز ہو گئی تو وہ خضر
مشہور ہو گئے یعنی ہر بھرتی عمار بن یاسر انما کان یکفیک ان تقول بیدیک ہکذا ثم ضرب ق
بیدیہ الارض ضربۃ واحدۃ ثم مسح الشمال علی الیمین وظاہر کفیہ
ووجہہ ویروی ثم ضرب بیدیہ الی الارض تنفض بیدیہ فمسح
وجہہ وکفیہ قالہ بخاری اور مسلم میں عمار بن یاسر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ تجھکو تو بس یہی کفایت کرتا تھا کہ تو ہاتھ مارتا اپنے دونوں

ہاتھون سی اس طرح پہر حضرت نے اپنے دونون ہاتھ زمین پر ایکبار مارے پہر ملا یہان تک کہ
داہنے ہاتھ پر اور ظاہر دونون اپنی ہتھیلیون پر اور اپنے منہہ پر اور دوسری روایت
یون ہے کہ پہر اپنے دونون ہاتھ زمین پر مارے پہر اپنے ہاتھ جھاڑے پہر اس سے
ملا اپنے منہہ اور دونو ہتھیلیون کو یہہ حضرت نے عمار سے فرمایا ف روایت ہے
عمار رض سے کہ حضرت نے مجھکو کسی کام کو بہیجا تو مجھکو نہانے کی حاجت ہوئی اور مین نے
پانی نہ پایا تو مین زمین پر لوٹا جیسے جانور لوٹتا ہے یعنے یہہ سمجھے کہ جیسے غسل مین پانی
سب جگہہ پہنچانا ضرور ہے ویسے ہی مٹی بہی ضرور ہوگی عمار کہتے ہین کہ یہہ قصہ مین نے
حضرت سے عرض کیا تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی اس حدیث سے معلوم ہوا کہ تیمم وضو اور غسل
دونون کا بدل ہے جب پانی نہو یا بیماری ہو امام احمد کے مذہب مین تیمم ایک ضربہ ہے اور یہی
حدیث انکی مضبوط دلیل ہے امام اعظم اور امام شافعی اور امام مالک کے مذہب مین دو ضربے
ہین انکی دلیل اور حدیثین ہین چنانچہ طبرانی اور دارقطنی اور حاکم نے جابر رضی اللہ عنہ سے
روایت کی کہ حضرت نے فرمایا کہ تیمم دو ضربے ہین ایک ضربہ منہہ کو اور دوسرا ضربہ
ہاتھون کو کہنیون تک اور سنن ابی داود مین عمار سے اسی طرح کی روایت ہے حاکم نے کہا
کہ یہہ حدیث صحیح ہے لیکن بخاری اور مسلم مین نہین باقی اسکی تفصیل صراط مستقیم السعاتی
شرح مین مذکور ہے م ابن عباس انما مثل ہذا مثل الذی یصلی ۵۱۲ م

وَهُوَ مَكْتُوفٌ يَعْنِي الَّذِي يُصَلِّي وَرَأْسُهُ مَعْقُوصٌ مسلم مین عبداللہ بن
عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اسکی تو مثل یعنے جو اپنے سر کے بالون کا جوڑا
باندہ کر نماز پڑھے جیسے مثل اُس آدمی کے جو مشکین بندھا نماز پڑھے ف بالون کو
جوڑا باندہ کر نماز پڑھنا مرد کو مکروہ ہے بلکہ کھلا رہنے دیوے تاکہ بال بھی سجدہ کرین

م ۱۳ م ابوھریرۃ انما مثلی ومثل امتی کمثل رجل استوقد نارا فجعلت
الدواب والفراش یقعن فیہ وانا اخذ بحجزکم وانتم تفلتون منہ مسلم مین
ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ میری مثل تو اور میری امت کی مثل جیسے
مثل اُس مرد کی جسنے آگ جلائی پھر اسمین کیڑے اور پتنگے گرنے لگے اور مین پکڑے ہوئے
ہون تمہارے کمرون کو اور تم بے تامل اندھا دھند اسمین گرے پڑتے ہو ف یعنی لوگ حرص
اور گناہون مین بے تامل گرتے ہین جیسے آگ مین کیڑے پتنگے خوشی سے کرتے ہین اور جلتے ہین
اور حضرت کمال شفقت سے اُن نادانون کو بہت روکتے ہین جیسے کوئی کسی کی کمر پکڑ کے

خ ۱۴ خ روکے پر افسوس کہ نادان حرص نہین روکتے خ ابوھریرۃ انما ھذا من اخوان
الکھان فما لحمل ابن مالک بن النابغۃ بخاری مین ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے
جمل بن مالک بن نابغہ کو فرمایا کہ یہہ تو کاہنون کے بھائیون سے ہے ف ایک عورت نے
دوسری عورت کو پتھر مارا اسکے پیٹ کا بچہ گر پڑا حضرت نے اُسکے عوض مین ایک غلام

دلایا تو محمد بن مالک نی تُک جوڑ کے یون کہا کیف اغرم من لا شرب و اکل و لا نطق
و لا استہل و مثل ذلک بطل یعنی کیون عوض دیجے اسکا جسنے نہ پیا نہ کہایا نہ بولا نہ چلایا
ایسے کا بدلا تو عبث دلایا پر حضرت نے اسکے حق مین یہہ حدیث فرمائی کاہن عرب مین
وہ لوگ تھے جو ہوئی ذا لین باتین جنون سے سیکھہ کر بتلاتے تھے ایک سچی بات مین سو جھوٹ تہہ ملا کر
بھج یعنی تُک جوڑ کے نادانون کو بہکاتے تھے سو حضرت نے فرمایا کہ یہہ شخص بھی واہی تباہی
بات کو تُک بندی سے کاہنون کی طرح سے کہتا ہے یہہ بھی اُنمین داخل ہے اسیطرح ہندوستان مین
بھی واہی تباہی خلاف شرع باتون مین نادانون کے بہکانے کے واسطے بعضے بیدین تُک
بندی کرتی ہین جیسا کسی مردود نے یون کہا ہے معاذ اللہ کہ خدا کے چار بیٹے بھنگ بوزہ
نماز روزہ کسینے بھنگ بوزہ کیا کسینے نماز روزہ اسی طرح اور بہتیری خرافاتین
جاہلون مین مشہور ہین یہہ لوگ بھی کاہنون مین داخل ہین اور خدا اور رسول کے دشمن

ف عبد اللہ بن عمر و انما ہلک من کان قبلکم باختلافہم فی الکتب

مسلم مین عبد اللہ بن عمر سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جو لوگ تم سے آگے تھے صرف
کتاب الٰہی مین اختلاف کرنے سے برباد ہوئے ف عبد اللہ بن عمر رضہ سے روایت ہے کہ دو مرد مسجد مین ایک
قرآنکی آیت مین اختلاف کرتے تھے حضرت اُنکی کھلبلی سنکر غصہ ہوئے پھر یہہ حدیث فرمائی
مطلب یہہ کہ جب آیت کی قرأت دو طرح ثابت ہوئی تو اُسمین اختلاف کرنے نہ چاہئین

کہ ایک

ق ۱۶

کہ ایک کو تو مانے اور دوسری قرأت کی انکار کرے بلکہ دونون کو مانے **ق** زَيْنَبُ
بِنْتُ جَحْشٍ اِنَّمَا هِيَ اَرْبَعَةُ اَشْهُرٍ وَعَشْرًا وَقَدْ كَانَتْ اِحْدٰكُنَّ فِي الْجَاهِلِيَّةِ
تَرْمِي بِالْبَعْرَةِ عَلَى رَاْسِ الْحَوْلِ بخاری اور مسلم مین زینب بنت جحش رض سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ بیوہ عورت پر خاوند مرنیکے بعد تو چار مہینے اور دس ہی دنکی عدت ہے
اور کفر کے وقت تم عورتون مین ہر ایک مینگنی پھینکتی تھی برس دن کے بعد **ف** مصابیح مین
روایت ہے کہ حضرت سے ایک عورت نے کہا کہ میری بیٹی کا خاوند مرگیا ہے سو وہ عدت بیٹھی ہے
اور اسکی آنکھ درد کرتی ہے مین اُسمین سرمہ لگاؤن حضرت نے منع کیا پھر یہہ حدیث فرمائی
کفر کے زمانے مین دستور تھا کہ جب خاوند مرتا عورت تنگ مکان مین عدت بیٹھتی اور بُرے
کپڑے پہنتی سرمہ اور خوشبو نہ لگاتی جب ایک برس گذر جاتا تو ایک بکری یا چڑیا کو
شرمگاہ سے لگکر چھوڑتی اور مینگنیان سر سے پشت پر پھینکتی تب عدت سے باہر ہوتی شرع
مین یہہ مصیبت موقوف ہوئی چار مہینے دس دنکی عدت ٹھہری کہ اتنے دن خاوند کے
گھر مین رہے اور کچھہ منکار نکرے سو حضرت نے فرمایا کہ اسلام مین برس دنکی مصیبت
گئی اسانی ہوئی سو یہہ بھی تمسے نہین ہوسکتا م **حَفْصَةُ اِنَّمَا يَخْرُجُ مِنْ غَضَبَةٍ**
**يَغْضَبُهَا يَعْنِي الدَّجَّالَ** مسلم مین حضرت حفصہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ دجال تو
نکلے گا قہر سے کہ غصہ کیا کریگا **ف** حضرت کے وقت مین مدینے مین ایک شخص تھا ابن صیاد نام

عجائب باتین اُسسے ظاہر ہوتی تہین بعضی لوگون کو شبہ تہا کہ وہ دجّال ہے ایک روز
عبد اللہ بن عمر کو ملا عبد اللہ نے اُسکو غصہ دلایا غصہ سے اتنا اُسکا بدن پہولا کہ راہ بند ہوگئی
حضرت حفصہ نے اپنے بہائی عبد اللہ بن عمر کو تب یہہ حدیث سنائی یعنی دجال مظہر قہر الہی
ہے تو نے ابن صیاد کو کیون غصہ دلایا شاید کہ یہی دجال ہو تحقیق یہہ ہے کہ اِسکے سوا
دجال اور شخص ہے چنانچہ اُسکا مفصل حال اور حدیث مین مذکور ہے اور تمیم صحابی نے
اسکو بچشم دیکہا اور اُسکا قصہ حضرت سے کہا خ اُمّ سلمہ اِنَّمَا یَکْفِیْکِ اَنْ تَحْثِیْ
عَلٰی رَاْسِکِ ثَلٰثَ حَثَیَاتٍ ثُمَّ یُفِیْضِیْنَ عَلَیْکِ الْمَآءَ فَتَطْهُرِیْنَ تجارہین
حضرت ام سلمہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تجھکو یہی کفایت کرتا ہے کہ تو تین چلو اپنے
سر پر ڈالے پہر تمام بدن پر پانی بہاوے تو پاک ہو جاوے ف مصابیح مین روایت ہے
کہ حضرت ام سلمہ نے حضرت سے پوچہا کہ یا حضرت مین اپنے سر کی چوٹی بہت مضبوط باندہتی ہون
کیا مین غسل کی حالت مین چوٹی کہول ڈالا کرون تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنی جب
بالونکی جڑون مین پانی پہنچا تو چوٹی کہولنا ضرور نہین اور یہی مذہب ہے سب اماموں کا لیکن
م مرد کو غسل مین جوڑا کہولنا ضرور ہے م عُمَرُ اِنَّمَا یَلْبَسُ الْحَرِیْرَ مَنْ لَا خَلَاقَ لَهٗ مسلم مین
عمر فاروق رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ریشمی کپڑا تو
تو وہ پہنتا ہے جو آخرت مین بی نصیب ہے

# اَلْبَابُ الثَّالِثُ

تیسرے باب مین وہ حدیثین ہین جنکے سر پر لا آیا ہے

ق ۵۱ ق آ اَبُوْ مُوْسٰی لَا اَحَدَ اَصْبَرُ عَلٰی اَذًی سَمِعَهٗ مِنَ اللّٰهِ اَنَّهٗ یُشْرَكُ بِهٖ وَیُجْعَلُ لَهُ الْوَلَدُ ثُمَّ هُوَ یُعَافِیْهِمْ وَیَرْزُقُهُمْ بخاری اور مسلم مین ابو موسیٰ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ایذا اسکے خدا سی زیادہ کوئی صبر کرنیوالا اور غصہ کا روکنی والا نہین حال تو یہہ ہے کہ لوگ اسکے ساتھ شرک کرتی ہین اور اولاد اسکی ٹھہراتی ہین تسپر بھی ان کافرون کو آرام مین رکھتا ہے اور روزی دیتا ہے ق اِبْنُ مَسْعُوْدٍ لَا اَحَدَ اَغْیَرُ مِنَ اللّٰهِ وَلِذٰلِكَ حَرَّمَ الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ وَلَا اَحَدَ اَحَبُّ اِلَیْهِ الْمَدْحُ مِنَ اللّٰهِ وَلِذٰلِكَ مَدَحَ نَفْسَهٗ وَفِیْ رِوَایَةٍ اَسْمَاءَ بِنْتِ اَبِیْ بَكْرٍ لَا شَیْءَ اَغْیَرُ مِنَ اللّٰهِ بخاری اور مسلم مین عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ خدا سی زیادہ کوئی شخص غیرت والا نہین اور اسیواسطے اسنے بیحیائی کے کام خواہ کھلے خواہ چھپے جیسے شراب اور حرام کاری سب حرام کئے اور خدا سے زیادہ کوئی نہین جسکو اپنی تعریف بہت پسند آتی ہو اور اسیواسطے اسنے اپنی ذات کی تعریف کی ہے اور اسماء بنت ابی بکر کی روایت مین یون ہے کوئی چیز خدا سے زیادہ غیرت دار نہین خ اِبْنُ عَبَّاسٍ لَا بَاْسَ عَلَیْكَ ظَهُوْرًا اِنْ شَاءَ اللّٰهُ فَاَلَهٗ لِاَنَّ اَبِیْ دَخَلَ عَلَیْهِ یَعُوْدُهٗ بخاری مین عبداللہ بن عباس سے ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تجھپر کچھ

ن

خ

حرج نہین یہہ تب گناہون سے پاک کرنے والی ہے اگر خدا نی چاہا یہہ حضرت نے ایک کنوارے
فرمایا جسکی بیمار پرسی کو گئی تہے **ف** یعنی بیماری سے مسلمان کے گناہ دور ہوتے ہین کچھہ
حرج کی بات نہین سنت ہے کہ جب بیمار کو دیکھنے جاوے یون کہی کہ **لَا بَأْسَ عَلَيْكَ طَهُوْرٌ**
**اِنْ شَاءَ اللّٰهُ** خواہ اُسکا مطلب پارسی یا ہندی زبان مین کہی **م** **جَابِرٌ لَا تَاْكُلُوْا**
**بِالشِّمَالِ فَاِنَّ الشَّيْطَانَ يَاْكُلُ بِالشِّمَالِ** مسلم مین جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ بائین ہاتھہ سے کھایا کرو کہ شیطان بائین ہاتھہ سے کہاتا ہے **ف**
سنت ہے کہ شریف کام داہنے ہاتھہ سی کرنے جیسے وضو کرنا کہانا کپڑے پہننا اور کنگھہ
کام بائین ہاتھہ سی جیسی استنجا کرنا ناک جھاڑنا **م** **اَبُوْهُرَيْرَةَ لَا تُبَادِرُوا**
**الْاِمَامَ اِذَا كَبَّرَ فَكَبِّرُوْا وَاِذَا قَالَ وَلَا الضَّالِّيْنَ فَقُوْلُوْا اٰمِيْنَ فَاِذَا**
**رَكَعَ فَارْكَعُوْا وَاِذَا قَالَ سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ فَقُوْلُوْا اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا لَكَ**
**الْحَمْدُ** مسلم مین ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ امام سے آگے جلدی
نکیا کرو جب امام اللہ اکبر کہے تو تم بہی اللہ اکبر کہا کرو اور جب ولا الضالین کہے تب تم
امین کہو اور جب وہ رکوع کرے تو تم بہی رکوع کرو اور جب وہ سمع اللہ لمن حمدہ کہے
تو تم کہا کرو اللھم ربنا لک الحمد **ف** حاصل یہہ کہ امام کی اطاعت واجب ہے جب امام
تکبیر اور رکوع اور سجدہ پہلے کرلیوے تب تم کیا کرو امام پر سبقت نہین درست **ق**

ابن مسعود

ابن مسعود لا تباشر المرأة فتنعتها لزوجها كانه ينظر اليها بخاری
اور مسلم مین عبداللہ بن مسعود رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ نہ لگاوے بدن ایک عورت
دوسری عورت سے پھر بیان کرے اسکی شکل اور صورت کو اپنے خاوند سے اس طرح کہ گویا اسکو
دیکھتا ہے **ف** جب عورت دوسری عورت کے کہنے سے اپنے خاوند سے کہیگی تو اسکو اسکا
شوق پیدا ہوگا پھر خدا جانے کیا کیا فساد ہون اسواسطے حضرت نے اسکو منع فرمایا غور کیا
چاہئے کہ شریعت مین کیا کیا دور اندیشی ہے چنانچہ اسیواسطے اجنبی عورت کے ساتھ سفر اور تنہائی
شرع مین منع ہے **م** ابو هريرة لا تبتاعوا الثمر حتى يبدو صلاحه
ولا تبتاعوا الثمر بالتمر مسلم مین ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
نہ بیچو نہ مول لو کھجور کو جب تک اسکی صلاحیت ظاہر نہو یعنی جب تک گدر نہو اور نہ مول لو
نہ بیچو پھل کو دوسرے پھل سے زیادہ کم کرکے یا ایک میوہ درخت پر لگا ہو اور دوسرا
ٹوٹا ہو **ف** امام شافعی کے نزدیک جب تک پھل گدر نہو بیچنا نہین درست بموجب
اس حدیث کے اور اٹکل سے پھل کو پھل سے بیچنا اسواسطے منع کیا کہ شاید ایک کم ہو اور دوسرا
زیادہ تو بیاج ہوگیا **م** ابو هريرة لا تبدؤا اليهود والنصارى بالسلام
فاذا لقيتم احدهم في طريق فاضطروهم الى اضيقه مسلم مین ابوہریرہ
رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ یہود اور نصاری کو تم پہلے سلام نہ کیا کرو

اور جب تم اُنہین سے ملا کرو کسی راہ مین تو انکو بہت تنگ راہ کی طرف دبایا کرو ف
یہود اور نصاری کو آپ سلام کرنا تو حرام ہے اور اگر وہ سلام کرین تو جواب مین کہے وعلیکم
یعنے تمہارو ہے جسکے تم لایق ہو اور تنگ راہ مین دبانا اسواسطے فرمایا کہ جب اُن لوگون نے
راہ حق کو چھوڑا تو وہ اسکے لایق ہوئے ق اَبُوْبَشِیْرِ الْاَنْصَارِیْ لَا تَبْقَیَنَّ فِیْ رَقَبَتِہٖ
بَعِیْرٍ قِلَادَۃٌ مِّنْ وَّتَرٍ اَوْ قِلَادَۃٌ اِلَّا قُطِعَتْ بخاری اور مسلم مین ابوبشیر سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا نہ باقی رہے اونٹ کی گردن مین تانت کا گنڈا یا کوئی گنڈا اگر کاٹ
ڈالا جاوے ف گنڈا کاٹنا اسواسطے فرمایا کہ اُسمین کہنٹا باندھتے تھے اور کہنٹا رکھنا
حرام ہے یا اسواسطے کہ دوڑانی مین یا چڑھانی مین کہین اٹک بخاوی یا وہ لوگ نظر نہ لگنے کے
واسطے باندھتے تھے جیسے ہندوستان مین عوام لوگ نیلا گنڈا جانور کے اسی خیال سے باندھتے ہین
م ابن عمر لَا تَبِیْعُوا الثَّمَرَ حَتّٰی یَبْدُوَ صَلَاحُہٗ مسلم مین عبداللہ بن عمر رضہ سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ نہ بیچو کھجور کو جب تک اسکی خوبی ظاہر ہو یعنی گدر ہو اور
م زرد سرخ ہو اور چڑھنے بچے م عثمان لَا تَبِیْعُوا الذَّہَبَ بِالذَّہَبِ اِلَّا مِثْلًا بِمِثْلٍ وَ
لَا الْوَرِقَ بِالْوَرِقِ اِلَّا مِثْلًا بِمِثْلٍ مسلم مین حضرت عثمان سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ نہ
بیچو سونے کی دینار کو دو سونے کی دیناروں سے اور چاندی کے درم کو چاندی کے دو
ف (۴۱) درمون سے ف یعنی چاندی سونے مین زیادہ لینا اور دینا بیاج ہے ق اَبُوْسَعِیْدٍ

لَا تَبِيعُوا الذَّهَبَ بِالذَّهَبِ إِلَّا مِثْلًا بِمِثْلٍ وَلَا تُشِفُّوا بَعْضَهَا عَلَى بَعْضٍ وَلَا
تَبِيعُوا الْوَرِقَ بِالْوَرِقِ إِلَّا مِثْلًا بِمِثْلٍ وَلَا تُشِفُّوا بَعْضَهَا عَلَى بَعْضٍ وَلَا
تَبِيعُوا مِنْهَا غَائِبًا بِنَاجِزٍ بخاری اور مسلم مین ابوسعید سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ نہ بیچو سونے کو
سونے کے ساتھہ مگر برابر برابر سے اور زیادہ نکرو بعض کو بعض پر اور نہ بیچو چاندی کو چاندی سے مگر برابر برابر سے اور نہ زیادہ کرو بعض کو بعض پر اور نہ بیچو غائب چاندی سونی کو موجود سے ف
حاصل یہہ کہ تول ماپ کی چیزین جب کہ ایک ہی جنس ہو تو اُسکا برابر بیچنا دست بدست درست ہے
اور زیادہ دینا لینا اور مدت ٹھہرانا رباہے ہے اور جب دو جنس ہون جیسے سونے کو چاندی سے
بیچے تو زیادتی کمی درست ہے بشرطیکہ دست بدست ہو یعنی وعدہ نہو اور اگر سونے کو سونے سے
یا چاندی سے بیچے اس طرح پر کہ ایک تو اسوقت موجود ہو اور دوسرا غائب یعنی اُسکے دینے کا
وعدہ ہو تو یہہ بھی رباہے ہے نہین درست چاندی سونے مین کھوٹا کھرا برابر ہے لیکن اگر بہت میل
ہو تو اسکو حساب کرلیوے م ابْنُ عَبَّاسٍ لَا تَتَّخِذُوا شَيْئًا فِيهِ الرُّوحُ غَرَضًا ۵۲۲ م
مسلم مین عبداللہ بن عباس سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ نہ بناؤ روح دار کو چیز کو نشانہ
ف عبداللہ بن عباس نے چند جوانون کو دیکھا کہ مُرغے کو ایک جگہہ رکھا ہے تیر سے اُسکو
نشانہ مارتے ہین تب یہہ حدیث پڑھی اور کہا کہ حضرت نے اِس پر لعنت کی ہے معلوم ہوا
کہ یہہ جو بعضی لوگ زندہ جانور کو چوزنگ بناتے ہین نہایت حرام ہے اور کمال بیدرد

ق ۵۲۳ اور سخت دل ہین کہ ناحق عذاب کرتی ہین اور شکار پر نشانہ لگانا البتہ درست ہے ق
ابن عمر لا تترکوا النار فی بیوتکم حین تنامون بخاری اور مسلم مین عبداللہ بن
عمر سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ نہ رکھا کرو آگ کو اپنی کہرون مین جب سو یا کرو ف
اسواسطے منع کیا کہ اکثر آگ لگ اٹھتی ہے بلکہ مدینے مین ایک بار یونہین آدمی اور گہر جل گئے تھے
خ ۵۲۴ ابوہریرۃ لا تتمنوا لقاء العدو فاذا لقیتموھم فاصبروا بخاری مین
ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جنگ مین دشمن سی ملنی کی آرزو نکیا کرو
اور جب دشمن سی مل جاو تو جم جایا کرو یہا کا نکرو ف یعنی نوجوان اصحاب کہتے تھے کہ اگر ہم کافرو سے
ملین تو خوب انکو مارین تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنی دعوا کرنا بہتر نہین اگر شاید یہا گے
خ ۵۲۵ تو گنہگار ہوگے خ ابوہریرۃ لا تجعلوا بیوتکم مقابر ان الشیطان ینفر
من البیت الذی تقرء فیہ سورۃ البقرۃ بخاری مین ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اپنے کہرون کو قبرین نہ بنایا کرو مقرر شیطان اس گہر سی بہاگتا ہے
جسمین سورہ بقر پڑہی جاوے ف یعنی کہرونمین مردونکی طرح بی عمل نہ پڑے رہا کرو بلکہ کہرمین
م ۵۲۶ قرآن پڑہا کرو تاکہ شیطان بہاگے م ابومرثد الغنوی لا تجلسوا علی القبور
ولا تصلوا الیہا مسلم مین ابومرثد سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ قبرون پر نہ بیٹہا کرو
اور انکی طرف نماز نہ پڑہا کرو ف یعنی قبرون کو ایسا ذلیل بہی نکرو کہ اسپر بیٹہو

اور جا ضرور پیشاب کرو اور اتنی تعظیم بھی نکرو کہ انکو قبلہ بنا کر نماز پڑھو نماز پڑھنے سے دعا
مانگو معلوم ہوا کہ قبروں میں نماز درست نہیں خ ابوہریرہؓ لاتحاسدوا و خ ۲۰
لابوروی لاحسد الا فی اثنین رجل اتاہ اللہ القرآن فھو یتلوہ اناء اللیل
واناء النھار فھو یقول لو اوتیت مثل ما اوتی ھذا لفعلت کما یفعل
ورجل اتاہ اللہ مالا فھو ینفقہ فی حقہ فیقول لو اوتیت مثل ما
اوتی ھذا لفعلت کما یفعل بخاری میں ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ حضرتؐ نے فرمایا کہ
آپسمیں حسد اور ڈاہ نکیا کرو اور ایک روایت یوں ہے کہ حسد کرنا لایق نہیں مگر دو آدمی
میں ایک تو وہ مرد جسکو خدا نے قرآن دیا ہے سو وہ اسکو رات اور دن کی ساعتوں میں
پڑھا کرتا ہے تو وہ کہی کہ اگر مجھکو بھی قرآن آتا یا توفیق ہوتی جیسے اسکو ہے تو میں بھی
کرتا جیسا یہہ کرتا ہے دوسرا وہ مرد جسکو خدا نے مال دیا ہے سو وہ اسکو بجا خرچ کیا کرتا ہے
تو یوں کہے کہ اگر میری پاس مال ہوتا جیسا اسکے پاس ہے تو میں بھی کیا کرتا جیسا یہہ کرتا ہے
ف حسد یہہ ہے کہ دوسرے کا بھلا دیکھہ نسکے اور جاکہ جاتا رہے یہہ نہایت حرام ہے
اور اکثر خلق اسی رنج اور بلا میں گرفتار ہے گویا حسد کرنے والا خدا سے غصہ ہوتا ہے
کہ کیوں اسکو دیا مجھکو نہ دیا لیکن کسی دیندار کو دیکھہ کر آرزو کرنا کہ خدا مجھکو بھی ایسا کرے تو
درست ہے یہہ حسد نہیں اسکو غبطہ کہتے ہیں ق ابوہریرہؓ لاتحاسدوا ق ۲۰

وَلَا تَنَاجَشُوا وَلَا تَبَاغَضُوا وَلَا تَدَابَرُوا وَكُونُوا عِبَادَ اللّٰهِ اِخْوَانًا

بخاری اور مسلم میں ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ آپسمیں حسد نکرو اور دم دیکر قیمت
نہ بڑھاؤ یعنی لاگ پاپن نکرو اور آپسمیں بغض اور عداوت نرکھو اور ایک دوسرے کی جڑ
نکاٹو آپسمیں پیٹ دیکر نہ بیٹھو اور بھائی بن جاؤ لے خدا کے بندو ف یعنے جیسے سگے
بھائیوں میں محبت ہوتی ہے ویسی سب مسلمانوں سے کرو اور کینہ کی بری عادت سے

مہ چھوڑو مہ اُمُّ الْفَضْلِ لَا تُحَرِّمُ الْمُلَاجَةُ وَلَا الْمُلَاجَتَانِ مسلم میں ام الفضل سے
روایت ہے کہ حضرت نے کہا کہ دو دہ ایکبار یا دو بار چوسنا نکاح کو حرام نہیں کرتا ف امام شافعی کے
مذہب میں پانچ بار دو دہ چوسنے سے نکاح منع ہے ایک دو بار سے نہیں بموجب اس حدیث کے
اور امام اعظم کے نزدیک ایکبار دو بار سے بھی نکاح منع ہے بواسطے کہ قرآن میں مطلق ہے ایک

مہ بار دو بار کی قید نہیں واللہ اعلم مہ عَائِشَةُ لَا تُحَرِّمُ الْمَصَّةُ وَلَا الْمَصَّتَانِ
مسلم میں حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ایکبار دو بار دو دہ کا چوسنا

مہ نکاح حرام نہیں کرتا مہ اَبُو جُرَیٍّ الْمَجْمِیُّ لَا تَحْقِرَنَّ مِنَ الْمَعْرُوْفِ شَیْئًا وَلَا تَعِدَنَّ
اَخَاكَ مَوْعِدًا فَتُخْلِفَهُ مسلم میں ابوجری سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ نیک کام
اور احسان کو کوئی نیکی ہو کمتر اور تہورا نہ سمجھ یعنی خالی ثواب سے نہیں اور اپنے بھائی مسلمان سے

مہ ۳۵ ایسا وعدہ نکر کہ اُسکے خلاف کرے مہ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ ابْنُ سَمُرَةَ لَا تَحْلِفُوْا

بالطواغی ولا بآبائکم مسلم میں عبدالرحمن بن سمرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
کہ قسم کھایا کرو بتوں کی اور نہ اپنے باپوں کی سوائی خدا کے کسی کی قسم نہیں درست
م عبدالمطلب بن ربیعۃ لا تحل الصدقۃ لآل محمد انما ھی اوساخ م
الناس مسلم میں عبدالمطلب بن ربیعہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ حلال نہیں زکوۃ کا
مال لینا نبی ہاشم کو زکوۃ کا مال تو آدمیوں کا میل ہے ف بعضی نبی ہاشم نے حضرت سے
کہا کہ ہم کو بھی تحصیل زکوۃ کا حاکم کر کے بھیجئے تاکہ ہم کو بھی منفعت ہو جیسے اوروں کو ہوتی
ہے تب حضرت نے یہ حدیث فرمائی یعنی تم میری برادری ہو تمہارے لایق نہیں کہ لوگوں کا
میل کچیل اور صدقہ لو یہ انکی تسکین کے واسطے فرمایا دوسرا سبب یہ بھی معلوم ہوتا ہے
کہ اگر حضرت زکوۃ اپنی آل اور اولاد کی واسطے حلال کرتی تو لوگ فرتہمت لگاتے کہ پیغمبر نے
زکوۃ اپنے منفعت کی واسطے مقرر کی ہے م ابوھریرۃ لا تختصوا لیلۃ الجمعۃ م
بقیام من بین اللیالی ولا تختصوا یوم الجمعۃ بصیام من بین الایام الا
ان یکون فی صوم یصوم احدکم مسلم میں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ سب راتوں میں سے جمعہ کی رات کو شب بیداری اور نماز کی واسطے خاص نکرو اور سب
دنوں میں سے جمعہ کی دن کو روزہ رکھنے کی واسطے خاص نکرو مگر اسطرح مضائقہ نہیں کہ اور
روز سے جو تم رکھتے ہو اسمیں جمعہ بھی آپڑے ف جمعہ میں غسل کرنا اور اول وقت جامع مسجد میں

جانا اور نماز جمعہ کی پڑھنا ضرور ہے اس واسطے کہ شب بیداری اور روزے سے منع کیا کہ روز کی
مستثنی کہیں اُن کاموں میں خلل نہ پڑے اور دوسرا سبب یہ ہے کہ عبادت کے واسطے
سب دن برابر ہیں اور بدون حکم شرع کے کسی وقت کو فضیلت نہیں کسی کو درست نہیں
کہ اپنی طرف سے کسی دن میں خصوصیت لگاوے **خ** ابن مسعود لا تختلفوا فان
من کان قبلکم اختلفوا فهلکوا بخاری میں عبداللہ بن مسعود رضہ سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ اختلاف نہ کیا کرو اسواسطے کہ جو لوگ تم سے آگے ہوئے انہوں نے اختلاف کیا پھر
برباد ہو گئے **ف** عبداللہ بن مسعود رضہ سے مسلم میں روایت ہے کہ ایک شخص نے قرآن پڑھا
اور مجھکو اور طرح سے معلوم ہوا میں اُسکو حضرت پاس پکڑ لایا حضرت نے فرمایا کہ تم دونوں
خوب پڑھتے ہو پھر یہ حدیث فرمائی یعنی قرآن کی قرأت جس طرح ثابت ہو اُسکا انکار نکرو

**ق** ابوهریرة لا تخیروا بین الانبیاء بخاری اور مسلم میں ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ پیغمبروں میں ایک کو دوسرے پر بہتر نکہو **ف** یعنی اصل پیغمبری میں سب
پیغمبر برابر ہیں یہ نجانو کہ کوئی کمتر ہے کوئی بہتر اسواسطے کہ سب پیغمبروں کا ایمان لانا فرض ہے
باقی جسقدر جسکی تفضیل دلیل سے ثابت ہے اسکے بیان اور اعتقاد میں مضائقہ نہیں **ق**

**ق** ابوسعید لا تخیروا بین الانبیاء فان الناس یصعقون یوم القیمة
فاکون اول من یفیق فاذا انا بموسی اخذ بقائمة من قوائم العرش فلا

آدمی افاق قبلی اکون جزی بصعقۃ الطور بخاری اور مسلم مین ابو سعید رض سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ سب پیغمبرون مین مجکو بہتر نکہو سو البتہ سب لوگ صور کی
آواز سے قیامت مین بی ہوش ہونگے جاونگے تو اول مین ہوش مین آونگا تو مین موسی کو اس طرح پر
دیکھونگا کہ عرش کا پایہ پکڑے ہین سو مین نہین جانتا کہ موسی مجھسے پہلے ہوش مین آئے
یا کوہ طور کی بیہوشی انکی مجرا ہوگئی ف اس حدیث کا قصہ آگے ہو چکا کہ ایک مسلمان
حضرت کو سب پیغمبرون سے افضل کہتا تھا اور یہودی حضرت موسی علیہ السلام کو افضل کہتا تھا
تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنی اصل نبوت مین سب پیغمبر برابر ہین اگر حضرت کو فضیلت ہے
تو اور راہ سے ہے خلاصہ یہہ کہ اس طرح سے فضیلت نہ بیان کرو کہ اور پیغمبرونکی حقارت نکلے

خ ابو طلحۃ لا تدخل الملائکۃ بیتا فیہ کلب ولا صورۃ تمام قبل
ق بخاری مین ابو طلحہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ رحمت کے فرشتے نہین جاتے اس گھر مین
جسمین کتا ہو اور جاندار کی تصویر ہو ق عن عمر لا تدخلوا مساکن الذین ظلموا
انفسہم ان یصیبکم ما اصابہم الا ان تکونوا باکین بخاری
اور مسلم مین عبد اللہ بن عمر رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ نجاؤ انکے مکانون مین
جن لوگون نے اپنی جان پر ظلم کیا کہین تم پر عذاب نہ پڑے جیسا ان پر پڑا مگر روتے ہان
تو جاؤ تو مضائقہ نہین ف بخاری اور مسلم مین ابو طلحہ سے روایت ہے کہ ہم کیا

حضرت کے ساتھ قوم ثمود کے ملک مین جسکا نام حجر ہے گذرے تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی
اور وہان سے جلد نکل گئے اور وہانکے پانی پینے سے منع کیا اور جسنے اُس پانی سے
آٹا گوندھا تھا اُسکو پھکوا دیا معلوم ہوا کہ جس قوم پر عذاب ہوا وہان قیامت تک
خدا کی مار اور بے برکتی رہتی ہے قوم ثمود مین حضرت صالح پیغمبر تھے جب اُن لوگون نے
پیغمبر کو نہ مانا تو اُنپر عذاب آیا سب مر گئے انکا مکان شام اور حجاز کی درمیان ہے **م** اُمّ سلمہ
لَا تَدْعُوا لِاَنْفُسِكُمْ اِلَّا بِخَيْرٍ فَاِنَّ الْمَلٰٓئِكَةَ يُؤَمِّنُوْنَ عَلٰى مَا
تَقُوْلُوْنَ مسلم مین حضرت سلمہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ نہ دعا کیا کرو اپنی جان کے
واسطے سوا بھلی دعا کے اسواسطے کہ فرشتے آمین کہتی ہین تمہارے کہنے پر **ف** حضرت
ام سلمہ سے روایت ہے کہ میرا پہلا خاوند یعنی ابوسلمہ مر گیا لوگ اُسکے غم مین اپنے واسطے
بد دعا کرنے لگے تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنی اسوقت فرشتے موجود ہین بد دعا
مکرو نہین تو اُنکے آمین کہنے سے وہی کام ہوگا **م** جابر لَا تَذْبَحُوْا اِلَّا
مُسِنَّةً اِلَّا اَنْ تَعْسُرَ عَلَيْكُمْ فَتَذْبَحُوْا جَذَعَةً مِنَ الضَّاْنِ مسلم مین
جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ نہ حلال کرو قربانی مین مگر ایک سال کی
بکری مگر یہہ کہ تمپر مشکل ہو یعنی اگر غلطے تو سات مہینے کا دنبا حلال کرو **ف**
بکری اور بھیڑ ایک برس سے کم درست نہین لیکن سات مہینے کا دنبہ قربانی کرنا درست ہے

**م** ابوھریرۃ

م

ق

ق

م ابو ہریرۃ لا تذہب اللیالی والایام حتی یملک رجل یقال لہ جہجاہ

مسلم مین ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ رات اور دن نہ آخر ہونگے جب تک

بادشاہ نہو کا وہ مرد جسکا نام جہجاہ ہوگا ف یعنی بدون جہجاہ کی سلطنت کے قیامت نہو گی

قیامت سے پہلے اُس نام کا بادشاہ ضرور ہوگا مگر معلوم نہین کہ کب ہوگا اور کہان ہوگا ق ابو بکرۃ

وجریر وابن عمر لا ترجعوا بعدی کفارا یضرب بعضکم رقاب بعض

بخاری ومسلم مین ابو بکرۃ اور جریر اور عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہم سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ میرے

بعد پلٹ کر کافر نہو جانیو کہ تم لوگون سے بعضی بعضون کے گردنین مارین ف حضرت نے آخر

عمر مین حجۃ الوداع مین یہہ حدیث فرمائی یعنے تمسین ایک دوسرے کو قتل کرنا کافرونکی عادت ہے

تم ایسا کرنا ق انس لا تزال جہنم تقول ہل من مزید حتی یضع

فیہا رب العزۃ قدمہ فتقول قط قط وعزتک ویزوی بعضہا الی

بعض بخاری ومسلم مین انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ہمیشہ دوزخ کہتی ہے

کچھ اور بھی ہے یا زیادہ یہان تک کہ عزت والا پروردگار اپنا قدم قدرت رکھیگا تو دوزخ کہیگی کہ

بس بس تیری عزت کی قسم پھر سمٹ جاویگی ف یعنی باوجودیکہ لاکھون کافر اُسمین

پڑینگے اُسکی بھوک نہٹے گی اور ہمیشہ زیادہ طلبی کیا کریگی جب خدا قدم قدرت اُسمین رکھیگا تب

اسکا پیٹ بھریگا اور جوش مٹے گا خدا جانے کہ وہ قدم کیا ہے اور کیسا ہے یہان قدم عقل دوڑانا

مناسب نہین جیسا روایت مین آیا ہے ویسا ہی مانا چاہئے اور کہا جائے واللہ اعلم

م مرجابر لا تزال طائفۃ من امتی یقاتلون علی الحق ظاہرین الی یوم القیمۃ فینزل عیسی ابن مریم فیقول امیرہم تعال صل بنا فیقول لا ان بعضکم علی بعض امراء تکرمۃ اللہ ہذہ الامۃ مسلم مین جابر سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ہمیشہ میری امت مین سے ایک گروہ لڑتا رہے گا دین حق پر غالب ہوکر قیامت تک پھر اترے گا عیسی مریم کا بیٹا تو کہیگا مسلمانون کا سردار یعنی امام مہدی کہ آئے امام بنکر ہمکو نماز پڑہا تو عیسی کہینگے نہین تمہین اپسمین ایک دوسرے کے سردار ہو یہ خدا نی بزرگی دی ہے اس امت کو ف اس حدیث سے معلوم ہوا کہ قیامت تک اسلام غالب رہے گا اگر ہندوستان مین ہمارے شامت سے اسلام مغلوب ہے تو کیا ہوا اور ولایتون مین جیسی روم اور توران اور مغرب الحمد للہ کہ اسلام غالب ہے اور جہاد جاری ہے

ق ان اس لا تزرموہ دعوہ یعنی لا عرابی الذی بال فی المسجد بخاری و مسلم مین انس سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ نہ ٹوکو اسکے پیشاب کرنے کو چھوڑو اسکو تاکہ پیشاب کرلیوے اوس سے وہ گنوار ہے جسنے مسجد مین پیشاب کیا ف ایک گنوار مسجد مین پیشاب کرنے لگا اصحاب نے اسکو للکارا تب حضرت نے یہ حدیث فرمائی یعنے اب تو اسنے نادانی سے پیشاب کیا اب کرلینے دو پھر حضرت نے اسکو سمجھایا کہ مسجد عبادت کا مقام ہے یہان نجاست

نچا ہے پہر اس مکان کو دہلوا ڈالا م زَیْنَبَ بِنْتَ اَبِیْ سَلَمَۃَ رَبِیْبَۃَ رَسُوْلِ اللّٰہِ
صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ لَا تُزَکُّوْا اَنْفُسَکُمْ اَللّٰہُ اَعْلَمُ بِاَھْلِ الْبِرِّ مِنْکُمْ م
مسلم مین زینب ابو سلمہ کی بیٹی حضرت کی پالی ہوئی سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اپنے مین
تم آپ پاک نہ ٹہراؤ اللہ ہی خوب جانتا ہے کہ کون پاک ہے تم مین ف مصاحبہ مین
زینب سے روایت ہے کہ میرا نام پہلے برّہ تہا اُسکے معنی ہین پاک پہر حضرت نے میرا نام بدل کر
زینب رکہا اور یہہ حدیث فرمائی اسی طرح حضرت نے بہت نام بدلے جنمین اپنی پاکی یا شرک تہا
جیسے عبد الشمس م اِبْنُ عُمَرَ لَا تُسَافِرُوْا بِالْقُرْاٰنِ فَاِنِّیْ لَا اٰمَنُ اَنْ یَّنَالَہُ
اَلْعَدُوُّ م مسلم مین عبد اللہ بن عمر سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ سفر نکیا کرو قرآن کو لیکر
مین مذہب ہین کہ کہین دشمن اُسکو پا جاوے ف یعنی اگر لشکر کم ہو تو کافروں کے ملک مین
قرآن نہ لیجاوے کہ کافر اُسے بے ادبی کرینگے اور اگر لشکر اسلام زیادہ ہو تو قرآن لیجانا مضائقہ
نہین ق عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ سَمُرَۃَ لَا تَسْاَلِ الْاِمَارَۃَ فَاِنَّکَ اِنْ اُعْطِیْتَہَا
عَنْ غَیْرِ مَسْاَلَۃٍ اُعِنْتَ عَلَیْہَا وَاِنْ اُعْطِیْتَہَا عَنْ مَسْاَلَۃٍ وُکِلْتَ عَلَیْہَا ق
بخاری اور مسلم مین عبد الرحمن بن سمرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تو مت مانگ
حکومت اور سرداری کو اگر حکومت تجھکو بدون مانگے ملی تو تیری غیب سے اُسپر مدد ہوگی
اور اگر حکومت تجھکو مانگنے سے ملی تو تجھی پر سونپی جاویگی یعنی خدا کی طرف سے

خ تیری مدد نہوگی خ اَبُوْھُرَیْرَۃَ لَا تَسْئَلُ الْمَرْاَۃُ طَلَاقَ اُخْتِھَا لِتَسْتَفْرِغَ مَا فِیْ صَحْفَتِھَا وَلْتَنْکِحْ فَاِنَّمَا لَھَا مَا قُدِّرَ لَھَا بخاری مین ابوہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا نہ مانگے عورت اپنی مسلمان بہن کی طلاق کو تاکہ اُنڈیل لیوے جو اُسکے تقار اور پیالے مین ہے یعنی جو اسکو خاوند سے ملتا تہا سو آپ لیوے اور چاہیے کہ بدون شرط طلاق اُسکے خاوند سی نکاح کر لیوے سو اسکو تو وہی ملیگا جو اسکی قسمت مین ہے ف یعنی جو عورت کہ جورو والے مرد سے نکاح کیا چاہے تو وہ پہلے جورو کا طلاق نچاہے کہ اُسکا مال سب مجھکو ملے بلکہ اپنی قسمت پر راضی رہے ق عَائِشَۃَ لَا تَسْئَلُ الْمَرْاَۃُ اُخْتَھَا لِتَکْفَاَ اِنَائَھَا اِمْرَاَۃٌ مِنْھُنَّ اِلَّا اَخْبَرَتْھَا یعنی باختیار عائشہ ایاہ بخاری اور مسلم مین حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اُنمین سے جو عورت پوچھی گی اُسکو بتلا دونگا یعنی یہہ بات کہ عائشہ نے مجھکو اختیار کیا ف جب قرآنمین آیت تخییر اُتری یعنی حکم ہوا کہ پیغمبر کی بی بیان یا اللہ اور رسول کو اختیار کرین اور فقر فاقہ پر صبر کرین یا دنیا اختیار کرین اور جدا ہون تو پہلے عائشہ نے اللہ اور رسول کو اختیار کیا اور دنیا کو چھوڑا اور عرض کی کہ یا حضرت میرا اللہ اور رسول کا اختیار کرنا اپنی اور بی بیون سے نفرمائے گا یعنی وہ میری خ مرضی کرینگی تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی اِس حدیث کا قصہ آگے بہی گذرا خ عَائِشَۃَ لَا تَسُبُّوا الْاَمْوَاتَ فَاِنَّھُمْ قَدْ اَفْضَوْا اِلٰی مَا قَدَّمُوْا بخاری مین

ق

عائشہ حضرت

حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مُردونکو گالی مت دو اور بُرا مت کہو سو وہ تو پہنچ گئے اپنی کئے کو ف یعنی مُردون نی جو نیک یا بد کام کئے تھے سو قبر مین ثواب یا عذاب اُنکو پہنچ گیا اب اُنکو بد کہنا بی فائدہ ہے بلکہ ماحق اُنکی زندہ اولاد کو رنج دینا ہے

م ۶۱ م ابو ہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ نہ بد کہو میرے اصحاب کو نہ بد کہو میرے اصحاب کو سو قسم ہے اُس ذات پاک کی جسکے قابو مین میری جان ہے اگر تم اُحد پہاڑ کے برابر سونا راہ خدا مین خرچ کرو تو اُنکے تین پاو کے برابر بھی ثواب نہ ملے اور نہ اُسکے آدھے کی برابر

ف یعنی اصحاب نے اُسوقت مال خرچ کیا کہ جسوقت اسلام نہایت ضعیف تھا اور بحال تنگی تھی اُنہین کے مال خرچ کرنے اور جہاد کرنے اور جانفشانی سے ہفت اقلیم مین اسلام پھیلا اسی سبب سے تمام قرآن مین مہاجرین و انصار کی تعریف بھری ہے تو معلوم ہوا کہ اُنکی عبادت برابر کسی کی عبادت تا قیامت نہین ہو سکتی پھر ایسے دین کے مددگارون کو بد کہنا کیون کر درست ہو گا خدا سمجھے اُن بی ادبون سے جو حضرت کے اصحاب کو بد کہتے ہین دیدہ و دانستہ اُنکے

م ۶۲ م کمالات کو مٹاتے ہین م معبد بن جندب لا تسبین غلامک یسارا ولا ربا حا ولا نجیحا ولا افلح فانک تقول ثم ھو فلا یکون

فیقول لا انما ھن اربع فلا تزیدن علی مسلم مین سمرہ بن جندب سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ اپنے غلام کا نام مت رکھیو یسار یعنی آسانی والا اور نہ رباح رکھیو
یعنے نفع والا اور نہ نجیح رکھیو یعنی مطلب والا اور نہ افلح رکھیو یعنی نجات والا سو تو
یون کہیگا کہ یہان فلانا غلام ہے پھر وہان وہ نہوا تو جواب دینی والا کہے گا کہ یہان نہین ہے
یے نام تو چار ہین سو اسسے زیادہ مجھپر نہ باندھا یعنی اپنی طرف سے نہ بڑہانا **ف** دستور
یوہین ہے لوگون کا کہ غلاموں کے اکثر نام بہتر رکھتے ہین مبارک کے واسطے جیسے نفع اور آسان
اور مطلب اور نجات اور اسی طرح مبارک اور وفادار اور حالانکہ کبھی اسکا مطلب الٹا نکلتا ہے
تو اسکو بد فالی جان کر عملین ہوتے ہین جیسا پوچھا کہ نجات یا مبارک سے کیسے جواب مین
کہا کہ نہین یعنی نجات اور نفع نہین تو مطلب الٹا ہوا اسواسطے حضرت نے منع کیا یعنی ایسے
نام رکھنا کیا ضرور جسمین رنج ہوا اور بعضی کہتے ہین کہ یہہ حکم ابتداء اسلام مین تھا جب اعتقاد
ٹہیک ہوا اور لوگ تقدیر کو سمجھے تو ایسے نام رکھنا درست ہو گیا **ق** عمر لا تشترہ
ولا تعد فی صدقتک وان اعطاک ھو بدرھم فان العائد فی
صدقتہ کالعائد فی قیئہ قالہ لہ حین حمل علی فرس فی سبیل
اللہ فاضاعہ الذی کان عندہ فاراد ان یشترہ بخاری اور مسلم
مین حضرت عمر فاروق رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مت مول لے اسکو اور نہ پھیرلے

اپنے صدقے کو اگرچہ تجکو وہ ایک درم کو دیوے سو مقرر اپنے صدقے کا پہیر لینے والا ویسا ہے
جیسا اپنی قی کو کوئی پیٹ مین ڈال لیوے یہہ حضرت نے عمر فاروق سی کہا جب انہون نے ایک
کہوڑا چڑھنے کو راہ خدا مین کسی کو دیا تہا پہر اُسنے اسکو ضایع کیا دُبلا کر ڈالا پہر عمر فاروق نے
اسکو مول لینے چاہا ف اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جو چیز خدا کی راہ مین دیوے اُسکو پہر
مول بہی نہ لیوی ق ابو ہریرہ لا تشد الرحال الا الی ثلثۃ مساجد ق ۵۶۴
المسجد الحرام و مسجد الرسول و المسجد الاقصی بخاری اور مسلم مین ابو
ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ کجاوے نہ باندہے جاوین یعنی سفر کرنا سوائے
تین مسجدون کے نہین درست ایک تو ادب والی مسجد یعنی کعبہ دوسرے مدینے مین حضرت کی
مسجد تیسرے ملک شام مین مسجد اقصی یعنی بیت المقدس کی مسجد داود اور سلیمان کی بنائی
ف اکثر احتیاط والے عالم موجب اس حدیث کے اولیا اور بزرگون کی قبرون پر جانا اگر
تین منزل ہو یا زیادہ درست نہین جانتے اور بعضے کہتے ہین کہ اس حدیث مین فقط
مسجدون کا ذکر ہے یعنے عبادت کے واسطے سب مسجدین برابر ہین سوای ان تین مسجدون کے
اور کسی شہر کی مسجد مین سفر کرکے جانا درست نہین ہے سوای اور مسجدون کے اور مکانات کو
متبرک جان کر جانا اس حدیث مین منع نہین واللہ اعلم اور حدیث مین یا ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ میری مسجد مین ایکبار نماز پڑہنا اور مسجدون سے ہزار بار افضل ہے اور کعبہ مین نماز

میری مسجد سے سو بار افضل ہے تو معلوم ہوا کہ کعبہ کی نماز اور مسجد وں سے لاکھ بار افضل ہے

۵۶۵ م ما ابو برزۃ لا تصاحبنا ناقۃ علیھا لعنۃ مسلم میں ابو برزہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ہمارے ساتھ وہ اونٹنی نہ رہے جس پر لعنت ہے ف حضرت سفر میں تھے ایک عورت نے اپنی اونٹنی پر لعنت کی تب حضرت نے یہ حدیث فرمائی یہ جملہ کی کے واسطے فرمایا تا کہ لعنت کہنے کی عادت چھوٹے معلوم ہوا کہ جانور پر بھی لعنت کرنا نہیں درست

۵۶۶ م ابو ھریرۃ لا تصحب الملائکۃ رفقۃ فیھا کلب ولا جرس مسلم میں ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ساتھ نہیں دیتے رحمت کے فرشتے اُن لوگوں کا جن میں کتا اور گھنٹا ہوتا ہے

خ ابو ھریرۃ لا تصدقوا اھل الکتاب ولا تکذبوھم وقولوا امنا باللہ وما انزل الینا الآیۃ بخاری میں ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ کتاب والوں یعنی یہود اور نصاریٰ کو نہ سچا جانو انکو نہ جھٹلاؤ اور کہو کہ ہم تو مانا خدا کو اور اُسکو مانا جو ہم پر اُترا یعنے قرآن اور جو اگلے پیغمبروں پر اُترا ف حضرت کے وقت میں یہود توریت کو عبرانی زبان میں پڑھتے تھے اور مسلمانوں کے واسطے عربی میں اُسکا ترجمہ کرتے تھے تب حضرت نے یہ حدیث فرمائی یعنی انکو سچا نجانو شاید کہ مضمون بدل ڈالا ہو اور جھوٹا بھی نجانو شاید کہ سچی بات ہو اور مجمل یوں کہو کہ ہم قرآن اور توریت اور انجیل کو مانتے ہیں مگر

ہمکو تمہارا اعتقاد نہین خدا جانی کہ تم نے کیا رکھا ہے اور کیا بگاڑا خ ابو ہریرۃ
لا تصروا الابل والغنم فمن ابتاعها فانه بخير النظرين بعد ان
يحلبها ان شاء امسك وان شاء ردها وصاعا من تمر نجاریین ابو ہریرہ سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ نہ بندر کھا کرو کئی دن کا دودہ اونٹ اور بکری اور بھیڑ کے
تھنون مین سو جو انکو مول لیوے وہ بعد دوہنے کی دو کام مین مختار ہے خواہ رکھے خواہ انکو پھیر دیوے
تین سیر کھجور بدلا دیکر ف دستور ہے دغا بازون کا کئی دن کا دودہ کا ی بکری کا بند
رکھتے ہین تا مول لینی والا دھوکے سے مول لیوے سو فرمایا کہ بعد مول لینی کے اسکو اختیار ہے خواہ
رکھے خواہ پھیر دے بدلا دیکر اور یہی مذہب ہے امام شافعی کا امام اعظم کے مذہب مین
بدلا دینا نہین اسواسطے کہ جانور کا دانا اور چارا دودہ کا عوض ہو گیا پنانچہ باب اول
مین یہہ مضمون مذکور ہو چکا م ابو ہریرۃ لا تصم المراۃ وبعلها شاهد
الا باذنه ولا تاذن في بيته وهو شاهد الا باذنه وما انفقت
من كسبه من غير امره فان نصف اجره له رسلم مین ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ نفل روزہ عورت نہ رکھے خاوند کے ہوتے بدون اسکے حکم کے اور خاوند کے ہوتے
بدون اسکے حکم کے کسیکو کسی کام کے واسطے گھر مین نہ آنے دیوے اور عورت جو خاوند کی
کمائی سے بدون اسکے حکم خدا کی راہ مین دیوے گی تو اسکا آدھا ثواب خاوند کو ہو گا ف

اس حدیث مین خاوند کے حق عورت پر فرمائے فرض روزے مین خاوند کی اجازت کی حاجت
نہین نفل روزہ بغیر اُسکی مرضی درست نہین کہ مرد کو کسی سبب سے تکلیف نہو اور خاوند کی
کمائی سے راہ خدا مین دینا جب درست ہے کہ اُسکی اجازت ہو صریحا یا اسکو رنج نہو جب
سنے اور اگر ناخوش ہو یا منع کیا ہو تو عورت کو کسی طرح دینا درست نہین خ عُمَرُ لَا خ
تُطْرُونِی کَمَا اَطْرَتِ عِیسَی ابْنُ مَرْیَمَ وَقُولُوا عَبْدُ اللّٰہِ وَرَسُولُہٗ بخاری مین
عمر فاروق سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ نہایت بی حد میری تعریف نہ کیا کرو جیسے
بی حد عیسی مریم کے بیٹے کی تعریف ہوئی اور مجھکو یون کہا کرو کہ اللہ کا بندہ ہون اور اسکا
رسول ف یعنی جیسا نصارا نے عیسی علیہ السلام کی بی حد تعریف بہت بڑھا کر کی بعضون نے
اُنکو خدا کا بیٹا کہا اور بعضون نی خدا ستونمای مسلمانو ویسی تعریف نکیجیو کافر
ہو جاؤ گے میری تعریف تو اتنی کفایت کرتی ہے کہ خدا کا بندہ اور خدا کا پیغام لانیوالا
ہون یعنی جب پیغمبر کہا تو سوای حد کے جتنے کمالات کہ آدمی کو ممکن ہین سب آگئے پیغمبر
سب عالم سے بہتر خدا کا امانت دار سب کناہون سے معصوم ہوتا ہے یعنی سوای پیغمبر کے
اب کون سی تعریف باقی رہی ہے جو مجھکو کہو گے اس حدیث سے معلوم ہوا کہ یہہ جو جاہلون مین
مشہور ہے کہ نبی ہر کام کے مختار ہین چاہین سو کرڈالین سو یہہ شرک ہے اسمین تو پیغمبر کو خدائی
ثابت کی اور جس بات سے حضرت نے منع کیا تہا وہی بات بی ادب جاہلون نی کہی ف ق

عَائِشَةُ لَا تَعْجَلْ فَإِنَّ أَبَا بَكْرٍ أَعْلَمُ قُرَيْشٍ بِأَنْسَابِهَا وَإِنَّ لَهُ فِيهِمْ
نَسَبًا حَتَّى يُلَخِّصَ لَكِ نَسَبِي وَقَالَ لِحَسَّانِ بْنِ ثَابِتٍ بخاری اور مسلم مین
حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جلدی نکر سوا البتہ ابوبکر قریش کا نسب
سب سے زیادہ تر جانتا ہے اور البتہ میرا اُنمین رشتہ ہے تو ہجو نکر جب تک ابوبکر میرا نسب
اُنکے نسب سے تجھکو الگ نکر دیوے یہہ حضرت نے حسان بن ثابت سے فرمایا ف روایت ہے
کہ کفار قریش نے حضرت کی اور حضرت کے اصحاب کی ہجو کی تھی حضرت نے حسان سے کہ بڑی شاعر
تھے یہہ حدیث فرمائی یعنی قریش میرے رشتہ دار ہین اس طرح اُنکی ہجو نکرنا کہ میرے باپ
دادے بھی اُسمین آجاوین ابی بکر اُسکو تحقیق کرلے وہ قریش کی نسب کا بڑا عالم ہے

خ ابْنُ عَبَّاسٍ لَا تُعَذِّبُوا بِعَذَابِ اللّٰهِ بخاری مین عبداللہ بن عباس سے خ
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ عذاب نکرو خدا کے خاص عذاب سے یعنی آگ سے کسیکو
پنجلاوُف علی مرتضی رضی اللہ عنہ نے زندیق یعنے بے دین لوگون کو جلواڈالا جب
عبداللہ بن عباس نے سنا تو یہہ حدیث پڑھی اور کہا کہ اگر مین اسوقت ہوتا تو نہ جلاتا
بلکہ انکو قتل کرتا اسواسطے کہ حضرت نے فرمایا کہ جو اسلام کو چھوڑکر اور دین بدلے اُسکو مار
ڈالو م عَوْفُ بْنُ مَالِكٍ لَا نَطْعَنُهُ يَا خَالِدُ لَا نَطْعَنُهُ يَا خَالِدُ هَلْ أَنْتُمْ تَارِكُونَ م
لِي أُمَرَائِي إِنَّمَا مَثَلُكُمْ وَمَثَلُهُمْ كَمَثَلِ رَجُلٍ اسْتَرْعَى إِبِلًا وَغَنَمًا

فرعاها ثم تحين سقيها فاوردها حوضا فشرعت فيه
فشربت صفوه وتركت كدره فصفو لكم وكدره عليهم
لما اخبره عوف بن مالك بقتل رجل من حمير في غزوة مؤتة
رجلا من العدو ومنع خالد بن الوليد اياه سلبه لما استكثره
بعد قوله بخالد ادفعه فلما مر خالد بعوف فاغضبه وسمعه
رسول الله صلى الله عليه وسلم قال الحديث مسلم من عوف بن مالك سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ دے اسکو ای خالد نہ دے اسکو ای خالد بہلا تم چھوڑنیوالے
ہو میرے بنائے حاکمون کو تمہاری مثل اور ان حاکمون کی مثل تو ایسی ہے جیسے مثل اس
مرد کی جسنے اونٹ اور بکریان چرانے کو لین سو انکو چرایا کیا پھر انکی پیاس کا وقت تاکتا
رہا کیا انکو حوض پر سو انہین وہ گھنین پھر انہون نی صاف صاف پانی پیا اور تلچھٹ کو
چھوڑا سو صاف صاف تو تمکو ہے اور تلچھٹ اُنپر یعنی غنیمت کا مال تو لشکر کو ہے
اور سب لشکر کی فکر اور قصور ہو تو بدنامی اور مواخذہ حاکمون پر یہہ حضرت نے اُس وقت
فرمایا جب عوف بن مالک نے حضرت کو خبر کی قوم حمیر سے ایک شخص کی مارنے کی کافر کو
جنگ موتہ مین اور خبر کی خالد بن ولید نے اسباب دینے کی اسکو جب خالد نی اس سباب کو
بہت مال جانا تہا بعد فرمانے حضرت کے خالد سے کہ دے اسباب قاتل کو پھر جب خالد عوف

پاس سے نکلے تو عوف نی خالد کو غصہ دلایا آنحضرت نے سکوت فرمایا تو یہ حدیث فرمائی ف
اس حدیث کا مفصل قصہ یون ہے کہ ہجری آٹھون سال زید کو تین ہزار لشکر اسلام کا سردار
کرکے ملک شام مین بھیجا اور حضرت نے فرمایا کہ اگر زید شہید ہو تو جعفر طیار سردار رہے
اور اگر جعفر بھی شہید ہو تو عبداللہ بن رواحہ سردار رہے چنانچہ موتہ کی مکان مین نصارے سے
لڑائی ہوئی لشکر نصاری لاکھ تھا تینون سردار شہید ہوئے پھر خالد بن ولید مسلمانون کی
صلاح سے سردار بنے آٹھ تلوار ان اسدن اُنکے ہاتھ مین ٹوٹ گئن خوب لڑے خدا فتح نصیب
کی اسی لڑائی مین قوم حمیر کے ایک مسلمان نے ایک کافر کو مارا اُس کافر کا اسباب مانگا خالد نے
کہ اسوقت حاکم تھے نہ دیا عوف بن مالک اس حدیث کے راوی نی خالد سے کہا کہ اگر تم قاتل کو
اسباب نہین دیتے ہو تو مین تمہارا کلہ حضرت سے کرونگا جب مدینے مین لشکر آیا تو عوف نی
حضرت سے خالد کا گلہ کیا حضرت نے خالد سے فرمایا کہ قاتل کو تو نے اسباب کیون نہ دیا خالد نی
کہا کہ وہ اسباب بہت قیمتی تھا حضرت نے فرمایا کہ اب اُسکا اسباب دے پھر خالد جو عوف کے پاس
ہو کر نکلے تو عوف نی خالد کی چادر کھینچ کر کہا کہ کیون جو ہمنی تمسے کہا تھا سو کر دکھایا خالد کو
بہت غصہ آیا جب یہ حال حضرت نے سُنا تب یہ حدیث فرمائی اور خالد کی خاطر داری کی کہ
اب اسباب نہ دے درحالیکہ امون کی قدردانی کی معلوم ہوا کہ بادشاہ کو سردارون کی خاطر داری
ضرور ہے تاکہ لشکر پر رعب رہے ہر ایک سپاہی سردار پر جرأت نکرے خ ابو ہریرہ

خ

لا تغضب قالہ لرجل قال لہ اوصنی بخاری میں ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت سے ایک مرد نے کہا کہ مجھکو کچھ نصیحت کیجئے حضرت نے فرمایا کہ غصہ نکیا کر ف اُس شخص نے تین بار نصیحت مانگی وہ شخص غصہ ور بہت تھا اسواسطے ہر بار حضرت نے یہی نصیحت کی غصہ دو قسم ہے بہتر اور بُرا سو جو غصہ خدا کے واسطے ہو وہ بہتر اور جو اپنے نفس کے واسطے ہو وہ بُرا حضرت نے اسی غصہ کو منع کیا خ عبد اللہ بن مغفل لا تغلبنکم الاعراب علی اسم صلوتکم المغرب قال وتقول الاعراب العشاء واخرج مسلم عن ابن عمر علی اسم صلوتکم الا انہا العشاء وہم یعتمون بالابل ویروی صلوتکم العشاء فانہا فی کتاب اللہ العشاء وانہا تعتم بحلاب الابل بخاری میں عبد اللہ بن مغفل سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تمپر غلبہ کرنے پاوین عرب کے جنگلی لوگ تمہاری مغرب کی نماز کے نام پر حضرت نے فرمایا کہ جنگلی لوگ مغرب کو عشا کہتی ہین اور روایت کی مسلم نے عبد اللہ بن عمر سے کہ غالب ہووین جنگلی لوگ تمہارے نماز کے نام پر جان رکھو کہ البتہ اسکا نام عشا ہے اور جنگلی لوگ دیر کر کے اندہیرہین اونٹ کا دودہ دوہتے ہین اور دوسری روایت یون ہے کہ تمہاری نماز کا نام عشا ہے سو البتہ اُس نماز کا نام خدا کی کتاب مین عشا ہے اور جنگلی لوگ اندہیرے مین اونٹون کا دودہ دوہتے ہین ف عرب کے جنگلی لوگ نماز مغرب کو عشا کہتے ہے

خ

اور عشا کی نماز کو عتمہ کہتے ہیں یعنی اندھیری دودھ والی نماز اسواسطے کہ عرب کے وقت وہ لوگ اپنے اونٹوں کا دودھ دوہتے تھے سو حضرت نے فرمایا کہ ایسا کہیں نہو کہ نماز دوشنے کے نام بدل جاوین اور جنکی لوگ نبولی مشہور ہوجاوے

ح اسواسطے کہا ح ابو سعید وابو ہریرہ لا تفعل یعنی الجمع باللہ وایام ثم اتبع باللہ وایام جنیبا فالا لا اخی بنی عدی الانصاری وکان قد استعمل علی خیبر سنجا ہین ابو سعید لیتا کر اور ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تو بیچ میل ناقص کھجور کو چاندی کے درموں سے بیچ ڈالا کر پھر دوں لیتا کر درہم عمدہ کی کھجور یہ حضرت نے قوم بنی عدی انصار کے بھائی سے فرمایا اور حضرت نے اسکو خیبر کا عامل کر بھیجا تھا

ف حضرت نے ایک شخص کو خیبر کا عامل کر کے بھیجا وہاں سے وہ عمدہ قسم کھجور جسکو جنیب کہتے ہین حضرت کے واسطے لایا حضرت نے پوچھا کیا تمام خیبر کی کھجور ایسی عمدہ ہوتی ہے اس نے کہا کہ نہین بلکہ ہم ناقص کھجور دو صاع دے کر ایک صاع عمدہ قسم بدل لیتے ہین تب حضرت نے یہ حدیث فرمائی یعنی ایک جنس مین زیادہ دینا لینا بیاج ہے ایسا کیا کر بلکہ اسکی تدبیر یہ ہے کہ ناقص کو بیچ ڈالا پھر اسکی قیمت سے عمدہ قسم کو مول لیا اسی طرح سب تول ماپ کی چیزین جیسے گیہون اور جو اور نمک

م اور چنے مین کرنا چاہیے م ابن عمر لا تقبل صلوٰۃ بغیر طہور ولا صدقۃ من غلول مسلم مین عبد اللہ بن عمر سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ بدون طہارت اور پاکی کے نماز نہین قبول ہوتی اور صدقہ قبول نہین ہوتا غنیمت کی چوری سے

ف اس حدیث سے معلوم ہوا کہ بدون غسل اور وضو نماز قبول نہین اور حرام مال کو خدا کی

ق

ق فصل فدک وعدم میراث پیغمبران

راہ مین دینے سے کچھ ثواب نہین ق ابوہریرۃ لا تقبل صلوٰۃ من احدث
حتی یتوضأ بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جسکا وضو
ٹوٹے اُسکی نماز قبول نہین جبتک وضو نکرلیوے ف وضو ٹوٹنا ہے اُس سے جو آگے
اور پیچھے سے نکلے اور تکیہ لگاکر سونے سے اور خون پیپ پانی بہنے سے اور نکلی اور
دیوانگی سے ق ابوہریرۃ لا تقتسم ورثتی دینارا ما ترکت بعد نفقۃ
نسائی ومؤنۃ عاملی فھو صدقۃ بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ نہ بانٹینگے میرے وارث سونے کے دینار کی برابر بھی جو چھوڑ جاؤن مین بعد
میری بی بیون کے خرچ کے اور کارندہ کی محنت کے سو صدقہ ہے خدا کی راہ مین ف حضرت کے پاس کچھ
زمین تھی خیبر مین تھی اور کچھ فدک اور خیبر مین سو حضرت کا معمول تھا کہ اُسکے حاصلات سے اپنی
بی بیون کو سال بھر کا خرچ دیتے جو باقی رہتا تو اُسکو محتاج مسلمانون مین خرچ کیا کرتے تھے
سو فرمایا کہ میرے وارث تو ایک دینار برابر بھی کچھ نہ بانٹین کے باقی رہی یہہ زمین سو بعد
بی بیون کے اور کارندہ کی خرچ کے یہہ بھی راہ خدا مین صدقہ ہے کارندہ سے مراد خلیفہ ہے
یا اُس زمین کا عامل پیغمبر کے مال مین جو وراثت نہین ہے سو اُسکی یہہ حکمت ہے کہ تا خلق کو
معلوم ہو کہ پیغمبرون کی محنت اور جانفشانی صرف خدا ہی کے واسطے تھی دنیا کا کچھ لگاؤ
نہین یہان تک کہ اولاد اور وارثونکو بھی کچھ انکا حصہ نہین ملتا اور حضرت فاطمہ کو اول

یہہ حال معلوم نہ تہا اسیواسطے صدیق اکبر سی باپ کا حصہ مانگا جب معلوم ہوا کہ پیغمبروں کے
مال مین وراثت نہین تو خاموش ہورہین اصل تقریر تو اتنی ہے باقی جھگڑے ہین بے فائدہ

ق

ق اَلْمِقْدَادُ بْنُ الْاَسْوَدِ لَا تَقْتُلْهُ فَاِنْ قَتَلْتَهُ فَاِنَّهُ بِمَنْزِلَتِكَ قَبْلَ اَنْ
تَقْتُلَهُ وَاِنَّكَ بِمَنْزِلَتِهِ قَبْلَ اَنْ يَقُوْلَ كَلِمَتَهُ الَّتِيْ قَالَ فَالَ لَهُ حِيْنَ سَاَلَهُ الْمِقْدَادُ
عَنْ قَتْلِ مَنْ اَسْلَمَ مِنَ الْكُفَّارِ بَعْدَ اَنْ قَطَعَ يَدَهُ فِي الْحَرْبِ بخاری اور مسلم مین
مقداد بن اسود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مت مار اس کافر کو جو اب مسلمان
ہوگیا سو اگر تو اسکو مار یگا تو وہ تیرے مارنے سے پہلے تیری برابر مسلمان ہوگیا ہے اور تو جب
القتل اسکے برابر ہو جا یگا جیسے وہ تہا کافر کلمہ پڑہنے سی پہلے یہہ حضرت نے فرمایا جب
مقداد نے پوچہا اس شخص کا حال جو کافر تہا پہر لڑائی مین مقداد کا ہاتہہ کاٹ کر مسلمان ہوگیا

ف یعنی اگر تو اسکو حالت کفر مین مار ڈالتا تو درست تہا اور اب وہ مسلمان ہوا اسکا
خون بچ گیا اگر تو اسکو اب مار یگا تو اسکے بدلے تو مارا جا یگا ق عَائِشَةَ لَا تُقْطَعُ
يَدُ السَّارِقِ اِلَّا فِيْ رُبُعِ دِيْنَارٍ فَصَاعِدًا بخاری اور مسلم مین حضرت عائشہ سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ نہ کاٹا جاوے چور کا ہاتہہ مگر چوتہائی دینار یا زیادہ مین ف
دینار ساڑے چار ماشی ہونی کی ہوتی ہے تو اسکی چوتہائی ایک ماشہ اور ایک رتی ہوئی
یعنی جب چور ایک ماشہ اور ایک رتی سونے کے برابر یا اسسے زیادہ مال چرا وے

ق

تب اسکا ہاتھ کاٹا جاوے اگر اس سے کم چرائے تو نہ کاٹا جاوے اور یہی مذہب امام شافعی کا ہے اور
مالک کے نزدیک جب تین درم چاندی کے برابر یا زیادہ چوری کرے تو ہاتھ کاٹا جاوے اور امام اعظم کے نزدیک
جب دس درم کی برابر یا زیادہ چوری کرے تو ہاتھ کاٹا جاوے اس سے کم نہیں انکی دلیل دوسری حدیث ہے

خ جسمیں دس درم کی حد ہے ابوہریرۃ لاتقولوا ھکذا لاتعینوا علیہ الشیطان فانہ حین قال
رجل اخزاک اللہ لسکران ضرب الحد بخاری میں ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ ایسا نکہو شیطان کی اسکے اوپر مدد کرو یہہ حضرت نے اسوقت فرمایا کہ جب کسی نے
اس شرابی کو جو حد مارا گیا تہا یون کہا کہ خدا تجھکو فضیحت اور رسوا کرے ف
یعنے جب گنہگار کی سزا ہو چکی تو اسکو برا نکہو اسواسطے کہ شیطان خوش ہوتا ہے مسلمانکی
رسوائی سے تو گویا تم نے شیطان کی مدد کی بلکہ یون کہا کرو کہ خدا تیری توبہ قبول کرے

ذ خ الربیع بنت معوذ بن عفراء لاتقولی ھذہ وقولی ما کنت تقولین
بخاری میں ربیع بنت معوذ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اسکو مت کہہ اور کہہ جو اگلی
کہتی تہی ف بخاری میں ربیع سے پوری روایت یون ہے کہ میری شادی ہوئی حضرت میرے پاس آئے
چھوٹی لڑکیان جنگ بدر کے کرتے کا تی تہین دف بجا کر اسمین ایک لڑکی نے کہا کہ ہم مین
ایسا پیغمبر ہے جو کل کی ہونیوالی بات جانتا ہے تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی اور
منع کیا یعنے غیب کی بات سوای خدا کی کوئی نہین جانتا مجھکو بہی نہین معلوم بعضی علما کے

جواز شادی و دف

نزدیک

نزدیک خوشی کے دنون مین نراراگ دف کے ساتھ شبہ ملی کہ اوزباجے ہنون اور مضمون
اُسکا خلاف شرع ہو اور گانے والا لڑکا اور اجنبی عورت نہو تو درست ہے ف انس
لا تقوم الساعۃ الا علی شرار الناس مسلم مین انس سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
کہ قیامت نہ قائم ہوگی مگر نہایت برے لوگون پر ف یعنی جس وقت قیامت آویگی
کوئی ایمان دار نرہے گا سب کافر ہونگے خ ابوہریرہ لا تقوم الساعۃ حتی
تاخذ امتی ما خذ القرون شبرا بشبر و ذراعا بذراع فقیل یا رسول
اللہ کفارس والروم قال ومن الناس الا اولئک بخاری مین ابوہریرہ سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ قیامت قائم نہوگی جبتک کہ نہ کرنے لگے میری امت اگلے
زمانہ والون کے طریقون کو بالشت بالشت بھر اور ہاتھ ہاتھ بھر یعنی بی تفاوت جو اگلے زمانہ والون کی
کافرون کی ریتین ہین سو میری امت بھی کریگی لوگون نے کہا کہ یا رسول اللہ مجوسی اور نصاری کی
طرح لوگ ہونگے حضرت نے فرمایا اور کون لوگ ہین سوای اُنکے یعنی اُنہین کے قدم بقدم
چلینگے ف مجوس اور نصاری کی یہ ریتین ہین کہ ریشمی کپڑا پہننا چاندی سونے کے برتنون
کھانا پینا نجومی سے پوچھ کر کام کرنا داڑھی منڈھانا گانا ہون پڑھا جانا توبہ نکرنا
شریعت کے حکمون پر خیال نکرنا شراب پینا سو افسوس کہ یہ سب ریتین مسلمانون مین
جاری ہوگئین خصوصا ہندوستان مین حضرت نے جیسا فرمایا ویسا ہی ہوا ق

(۱۸) خ

قوم

ابوھریرۃ لا تقوم الساعۃ حتی تخرج نار من ارض الحجاز تضیئ اعناق
الابل ببصری بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ
قیامت نہ قائم ہوگی یہان تک کہ نکلے آگ حجاز کی زمین سے روشن کردیگی بصری کے اونٹون کی
گردنون کو یعنی ایسی اسکی روشنی تیز ہوگی کہ عرب سے شام تک پہنچیگی ف حجاز
عرب مین اس زمین کا نام ہے جسمین مکہ اور مدینہ ہے اور بصری ایک شہر کا نام ہے
تاریخ مدینے مین مذکور ہے کہ اول چند روز مدینے مین برابر زلزلہ رہا لوگون نے جانا کہ
قیامت آئی پہر ایک طرف زمین پہٹ گئی اسمین سے سرخ بلند آگ نکلی چالیس دن قائم رہی
لوہا اور پتہر اس آگ سے جلتا تھا مگر کہاس نہ جلتی تھی سیکڑون کوس تک اسکی
روشنی تھی آخر سلطنت عباسیہ کے یہہ ماجرا کذا ہجہ سو برس سے زیادہ ہوا تو جیسا حضرت نے
فرمایا تھا ویسا ہی ہوا یہہ معجزہ ہوا حضرت کا ق ابوھریرۃ لا تقوم الساعۃ
حتی تضطرب الیات نساء دوس علی ذی الخلصۃ بخاری اور مسلم مین
ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ قیامت نہ قائم ہوگی یہان تک کہ چوتر مٹکائینگے
پہرینگے قوم دوس کی عورتین بت کے گرد جسکا ذوالخلصہ نام ہے ف دوس ایک
قوم کا نام ہے یمن مین ابوہریرہ بھی اسی قوم سے ہین ذوالخلصہ اس قوم کے بت کا نام
تہا اسکو کا فر کعبہ یمانی بھی کہتے تھے جب وہ قوم مسلمان ہوئی تب حضرت نے

ق

اُس بت کو توڑ ڈالا سو حضرت نے یہہ فرمایا کہ قیامت کی قریب وہ قوم مرتد ہو جاویگی اُس
بت کو پھر بنا لاوینگے اور اُنکی عورتین اُسکے گرد طواف کرینگی ق اَبُوْھُرَیْرَۃَ قَالَ
لَا تَقُوْمُ السَّاعَۃُ حَتّٰی تَطْلُعَ الشَّمْسُ مِنْ مَغْرِبِھَا فَاِذَا رَاٰھَا النَّاسُ
اٰمَنَ مَنْ عَلَیْھَا فَذَالِکَ حِیْنَ لَا یَنْفَعُ نَفْسًا اِیْمَانُھَا لَمْ تَکُنْ اٰمَنَتْ
مِنْ قَبْلُ بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ قائم ہوگی قیامت
یہان تک کہ نکلے کا سورج اپنے ڈوبنے کی مکان سے جب اُسکو دیکھینگے لوگ تب ایمان
لاوینگے جو زمین پر ہین سو اسوقت نہ فائدہ کریگا کسی جان کو اسکا ایمان جسکو پہلے سے
ایمان نہ تہا ف یعنی بن دیکھے کا ایمان معتبر ہے اور جب عذاب کا سامنا ہوا تو ایمان
لانا کیا فائدہ اسیواسطے اگر کافر مرتی دم ایمان لاوی تو معتبر نہین کہ اسوقت ہی عذاب
آخرت سامنے آجاتا ہے ق عَائِشَۃَ لَا تَقُوْمُ السَّاعَۃُ حَتّٰی تُعْبَدَ اللَّاتُ
وَالْعُزّٰی بخاری اور مسلم مین حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ قیامت
نہ قائم ہوگی یہان تک کہ لات اور عزیٰ پوجے جاوین ف لات اور عزیٰ بہین دو بت تہے
حضرت کے وقت مین توڑے گئے سو فرمایا کہ قیامت کے قریب پہر لوگ کافر ہو جاوینگے
اور انکو پوجینگے م اَبُوْھُرَیْرَۃَ لَا تَقُوْمُ السَّاعَۃُ حَتّٰی تَعُوْدَ اَرْضُ الْعَرَبِ
مُرُوْجًا وَاَفْھَادًا مسلم مین ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ قیامت نہ قائم ہوگی

ق ۸۷

ق ۸۸

م ۸۹

یہان تک کہ ہو جاوے عرب کی زمین چراگاہ سبزہ زار نہرون والی ف عرب کی زمین
نہ سبزہ ہے نہ نہر سو فرمایا کہ آخر زمانے مین ایسین سبزہ اور نہرین ہون گی اور بعضی کہتی ہین
کہ زمین عرب سے مدینہ مراد ہے یعنی آخر زمانی مین لوگ عمارت اور آبادی پر زیادہ مصروف ہونگے
دنیا کی محبت غالب ہوگی خ ابوھریرۃ لا تقوم الساعۃ حتی تقاتلوا الیھود
حتی یقول الحجر وراءہ الیھودی یا مسلم ھذا یھودی ورائی فاقتلہ
بخاری مین ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ نہ قائم ہو گی قیامت یہان تک ف
کہ تم اے مسلمانو یہودیون کو قتل کرو گے یہان تک کہ کہیگا پتھر جسکے پیچھے یہودی
چھپا ہوگا اے مسلمان یہہ یہودی میرے آڑ مین سو تو اسکو مار ڈال ف قیامت کے قریب
دجال نکلے گا اسکے لشکر مین اکثر یہودی ہونگے جب عیسی علیہ السلام کے ہاتھ سے دجال مارا جاویگا
تو مسلمان اسوقت یہودیون کو بین بین کر قتل کرین گے خ ابوھریرۃ لا تقوم
الساعۃ حتی تقاتلوا خوزا وکرمان من الاعاجم حمر الوجوہ وفطس
الانوف صغار الاعین کان وجوھھم المجان المطرقۃ نعالھم الشعر
بخاری مین ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ قیامت نہ قائم ہوگی یہان تک کہ ای
مسلمانو تم لڑوگے خوز اور کرمان سے جو دو کروہ ہین عجم کے سرخ منہہ والے چپٹی ناکون والے
چھوٹی آنکھون والے منہہ انکے جیسے ڈھالین ہین تہ بتہ اوپر چمڑا جما یعنی انکے گول منہہ

موٹے

سوٹے موٹے جوتیان اُنکے بال کی ف خوزستان اور کرمان دو شہر ہین ایران اور
توران مین وہ جنکے رہنے والے مراد ہین یا قوم ترک مراد ہین اُنکی صورتین ایسی ہی ہوتی ہین
جیسا حضرت نے فرمایا اُسے طرح صحابہ حضرت کے بعد اُنسے لڑے اور فتحیاب ہوئی ف ق ۹۲
اَبُوْھُرَیْرَۃَ لَا تَقُوْمُ السَّاعَۃُ حَتّٰی تُقَاتِلُوْا قَوْمًا کَاَنَّ وُجُوْھَھُمُ الْمَجَانُّ
الْمُطْرَقَۃُ بخاری اور مسلم مین ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ نہ قائم ہو گی قیامت
یہان تک کہ تم لڑو گے اس قوم سے جنکے مُنہ جیسے ڈھالین ہین تہ بتہ جمی ہوئین یعنی موٹے
مُنہ گول گول ق ۹۳ اَبُوْھُرَیْرَۃَ لَا تَقُوْمُ السَّاعَۃُ حَتّٰی تُقَاتِلُوْا قَوْمًا نِعَالُھُمُ الشَّعْرُ
بخاری اور مسلم مین ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ نہ قائم ہو گی قیامت یہان تک
کہ تم لڑو گے اس قوم سے جنکی جوتیان بالکی ہین ف قوم ترک مراد ہین جیسا کہ اکثر حدیث
مین مذکور ہو چکا ق ۹۴ اَبُوْھُرَیْرَۃَ لَا تَقُوْمُ السَّاعَۃُ حَتّٰی تَقْتَتِلَ فِئَتَانِ دَعْوَاھُمَا
وَاحِدَۃٌ بخاری اور مسلم مین ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ قیامت نہو گی یہان تک
کہ آپسمین لڑینگے دو گروہ دعوا دونون کا ایک ہی ہو گا ف علی مرتضی اور معاویہ کی
لڑائی مراد ہے دونون کا دین اسلام تہا اور ایک ہی کلمہ پر یعنی لا الٰہ الا اللہ محمد رسول
اللہ ہے ھ اَبُوْھُرَیْرَۃَ لَا تَقُوْمُ السَّاعَۃُ حَتّٰی یَنْزِلَ الرُّوْمُ بِالْاَعْمَاقِ وَ
بِدَابِقٍ فَیَخْرُجُ اِلَیْھِمْ جَیْشٌ مِنَ الْمَدِیْنَۃِ مِنْ خِیَارِ اَھْلِ الْاَرْضِ یَوْمَئِذٍ

فَاِذَا تَصَافُّوا قَالَتِ الرُّوْمُ خَلُّوْا بَيْنَنَا وَبَيْنَ الَّذِيْنَ سَبَوْا مِنَّا نُقَاتِلْهُمْ
فَيَقُوْلُ الْمُسْلِمُوْنَ لَا وَاللّٰهِ لَا نُخَلِّيْ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ اِخْوَانِنَا فَيُقَاتِلُوْنَهُمْ
فَيَنْهَزِمُ ثُلُثٌ لَا يَتُوْبُ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ اَبَدًا وَيُقْتَلُ ثُلُثُهُمْ اَفْضَلُ الشُّهَدَاءِ
عِنْدَ اللّٰهِ وَيَفْتَتِحُ الثُّلُثُ لَا يُفْتَنُوْنَ اَبَدًا فَيَفْتَتِحُوْنَ قُسْطُنْطِيْنِيَّةَ
فَبَيْنَمَا هُمْ يَقْتَسِمُوْنَ الْغَنَائِمَ قَدْ عَلَّقُوْا سُيُوْفَهُمْ بِالزَّيْتُوْنِ اِذْ صَاحَ
فِيْهِمُ الشَّيْطَانُ اِنَّ الْمَسِيْحَ قَدْ خَلَفَكُمْ فِيْ اَهْلِيْكُمْ فَيَخْرُجُوْنَ وَذٰلِكَ
بَاطِلٌ فَاِذَا جَاءُوا الشَّامَ خَرَجَ فَبَيْنَمَا هُمْ يَعِدُّوْنَ لِلْقِتَالِ يُسَوُّوْنَ
الصُّفُوْفَ اِذَا اُقِيْمَتِ الصَّلٰوةُ فَيَنْزِلُ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ فَاَمَّهُمْ فَاِذَا
رَاٰهُ عَدُوُّ اللّٰهِ ذَابَ كَمَا يَذُوْبُ الْمِلْحُ فِي الْمَاءِ فَلَوْ تُرِكَ لَانْذَابَ
حَتّٰى يَهْلِكَ وَلٰكِنَّ يَقْتُلُهُ اللّٰهُ بِيَدِهٖ فَيُرِيْهِمْ دَمَهُ فِيْ حَرْبَتِهٖ مسلم من

ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ قیامت نہ قائم ہوگی یہاں تک کہ روم کے نصاریٰ کا لشکر
اعماق میں یا وابق میں اُترے گا پھر اُنکی طرف مدینہ سے لشکر اسلام نکلیگا وہ لوگ
اُسدن تمام روے زمین کے رہنے والوں سے افضل ہونگے مراد حضرت امام مہدی کا لشکر ہے
پھر جب صف باندھینگے دونوں لشکر تو نصاریٰ کہینگے کہ چھوڑو ہمارا درمیان
اور اُن مسلمان لوگوں کا جنہوں نے ہمارے جوڑ لڑکے پکڑکے لونڈی غلام بنائے ہیں

تاکہ ہم اُن سی لڑ لیوین تو مسلمان کہین کے کہ خدا کی قسم کہ ہم تمہارا اور اپنے بہائی مسلمانونکا
درمیان پنجوڑ بینگے یعنی تم اس فریب سے مسلمانون مین پھوٹ ڈالا چاہتے ہو سو یہہ
ممکن نہین یہہ ان کافرون سے لڑینگے لیکن گے تو تمہاری مسلمانون کا لشکر یہاگ جاویگا انکی
توبہ خدا کبھی نہ قبول کریگا اور تمہاری لشکر قتل ہوکا وہ سب شہیدون مین داخل
ہونگے خدا کی نزدیک اور تمہاری لشکر فتح کریگا وے عمر پھر کبھی فتنہ اور بلا مین نہ پڑینگے
پھر وہ قسطنطینیہ کو جو روم کا تختگاہ شہر ہے فتح کرینگے سو جسوقت وہ لوٹ کا مال بانٹتے
ہونگے اپنی تلوارون کو زیتون کی درخت مین لٹکا کر کہ اچانک اُنمین شیطان پکاریگا
کہ دجال تو تمہارے پیچھے تمہارے لڑکون بالون پر آپڑا تو مسلمان وہان سے نکلینگے
اور حالانکہ یہہ خبر جھوٹھ ہوگی پھر جب لشکر اسلام شام کی ملک مین آویگا تب دجال
نکلے کا سو جب مسلمان لڑنی کی تیاری کرکی صفین باندھتے ہونگے کہ نماز کی تیاری ہوگی
پھر عیسی مریم کے بیٹے اترینگے پھر انکو نماز پڑھاوینگی پھر جب عیسی کو خدا کا دشمن یعنی دجال
دیکھے گا تو خوف سی گل جاویگا جیسی نمک پانی مین گلتا ہے سو اگر اسکو خدا چھوڑے تو وہ
خود بخود گل جاوے یہان تک کہ مر کر مٹ جاوے لیکن اُسکو خدا قتل کروا ویگا عیسی کے ہاتھ سے
پھر عیسی دجال کی تابعدارون کو یا سب لوگون کو اسکا خون دکھلاویگے اپنی برچھی مین
لگا ہوا **اف** اعماق اور دابق دو مکان ہین شام کی ملک مین اور قسطنطینیہ بہت مدت سے

اب تک مسلمانون کی عمل مین ہے چنانچہ اب روم کا بادشاہ مسلمان وہین رہتا ہے
اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ قیامت کی قریب نصاری کا اسمین عمل ہو جائیگا پہر امام مہدی کے
م وقت مین فتح ہوگا چنانچہ اس حدیث مین اسکا ذکر ہے م اَنَسٌ لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ
حَتّٰی لَا یُقَالَ فِی الْاَرْضِ اَللّٰهُ اَللّٰهُ مسلم مین انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
کہ قیامت نہ قائم ہوگی یہان تک کہ نہ کہا جاویگا (یعنی نہین) اللہ اللہ ف اس حدیث کی دو مطلب ہین
ایک تو یہہ کہ قیامت اسوقت ہوگی کہ زمین پر کوئی اللہ اللہ نہ کہیگا یعنی سب کافر ہو جاوینگے
دوسرا مطلب یہہ کہ قیامت اس وقت ہوگی کہ گناہ پر کوئی انکار نہ کریگا یعنی اُس وقت کوئی
م اتنا بہی گہنہگار سے گہنہگار کہیگا کہ ارے خدا ڈر خدا سے ڈر م اَبُوْهُرَیْرَةَ لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ
حَتّٰی یَحْسِرَ الْفُرَاتُ عَنْ جَبَلٍ مِنْ ذَهَبٍ یُقْتَتَلُ النَّاسُ عَلَیْهِ فَیُقْتَلُ مِنْ
كُلِّ مِائَةٍ تِسْعَةٌ وَتِسْعُوْنَ وَیَقُوْلُ كُلُّ رَجُلٍ مِنْهُمْ لَعَلِّیْ اَكُوْنُ اَنَا الَّذِیْ
اَنْجُوْ م مین ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ نہ قائم ہوگی قیامت یہان تک کہ
دریای فرات ایک سونے کی پہاڑ کو کہول دیگا یعنی اسمین نمود ہوگا اسپر لوگ لڑ مرینگے
سو قتل ہونگے ہر ایک سینکڑے سے ننانوے اور کہیگا ہر ایک آدمی اُنمین کہ شاید مین
خ قتل سے بچ رہون یعنے تو سب سونا مین بلا تحریک پاون ف فرات کوفے اور کربلا کے
دریا کا نام ہے خ اَبُوْهُرَیْرَةَ لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰی یَخْرُجَ رَجُلٌ مِنْ

قحطان یسوق الناس بعصاہ بخاری مین ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ قیامت نہ قائم ہو گی یہان تک کہ ایک مرد قحطان کے قبیلے سے کہ ہنکے گا لوگون کو
اپنی لاٹھی سی ف قحطان ایک شخص تہا یمن کے اصل عرب اسکی اولاد مین سو فرمایا کہ اُس
قوم سی ایک بادشاہ پیدا ہو گا بڑا حکم والا لوگ اُسکے ایسے قابو مین ہون گے جیسے
بکریان چرانے والے کے قابو مین کہ جدہر چاہے اُدہر ہانک لیجاوی شاید کہ اُس بادشاہ کا
نام جہجاہ ہو جیسی کہ اول حدیث مین گذرا ق ابو ہریرۃ لا تقوم الساعۃ ق
حتی یکثر فیکم المال فیفیض حتی یہم رب المال من یقبل منہ صدقتہ
بخاری اور مسلم مین ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ قیامت نہ قائم ہو گی یہان تک
کہ تم مین مال بہت ہو جایگا تو اُبل پڑیگا یہان تک کہ مالدار فکر مین رنجیدہ ہو گا کہ کون
اسکی زکوۃ کا مال لیوی یہہ قیامت کے قریب امام مہدی کے وقت مین ہو گا کہ سب مالدار ہو جاوینگے
کوئی محتاج نہ ملے گا جو زکوۃ کا مال قبول کرے یا قیامت کی نشانیان دیکھہ کے
یہ خوف پیدا ہو گا کہ مال لینی کی فرصت نہو گی ق ابو ہریرۃ لا تقوم ق
الساعۃ حتی یمر الرجل بقبر الرجل فیقول یا لیتنی مکانہ بخاری اور مسلم مین
ابو ہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ قیامت نہ قائم ہو گی یہان تک کہ گذر کرے
کسی مرد کی قبر پر تو کہیگا کسیطرح مین اس کی جگہہ پر ہوتا ف یعنی قیامت کے قریب ایسے

فتنہ اور فی عالم مین پھیلینگے کہ لوگ موت کی تمنا کرینگے قبرون کو دیکھہ کر یہہ حدیث اور
اسکی پہلی کی حدیثون مین حضرت نے قیامت سے جو پہلی ہونیوالی چیزین ہین انکی خبرین دی ہین
اب تک بعضی چیزین ہوچکین ہین اور بعضی آگے ہونگی یہہ معجزہ ہے حضرت کا کہ جیسا فرمایا
ویسا ہوا اور آگے ہوگا ف ابو سعید لا تکتبوا عنی و من کتب عنی غیر
القرآن فلیمحہ وحدثوا عنی ولا تکذبوا علی من کذب علی متعمدا
صددہ بخاری اور مسلم مین ابو سعید سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ نہ لکھو میری حدیث کو
سو جنسے مجھسے سنکر سوای قرآن کے جو لکھا ہو سو مٹا ڈالے اور حدیث نقل کرو مجھسے یعنی
جو بات مجھسی سنو وہ لوگون کو سکھاو اور مجھپر جھوٹھہ نہ باندھو کہا صفانی اس کتاب والی
کہ اس حدیث کا اول مضمون یعنی حدیث کے لکھنے کو منع فرمانا منسوخ ہے ف اصحاب
قرآن اور حدیث کو ایک کاغذ مین لکھتے تھی حضرت ڈرے کہ کہین قرآن اور حدیث نا
واقفون کے نزدیک مل جاوے یا اشتباہ پڑے کہ قرآن کی لفظ کون ہے اور حدیث کی
کون اسواسطے حضرت نے حدیث کا لکھنا منع کیا جب قرآن لوگون مین خوب مشہور ہوگیا اور
اشتباہ کا شبہ گیا تو حدیث لکھنے کی بھی اجازت دی چنانچہ ابو ہریرہ کی حدیث اس کتاب مین
ہوچکی کہ حضرت نے ابو شاہ یمنی کو حدیث لکھوادی یہہ بندوبست جو دین محمدی مین ہے
کسی دین مین نہین کہ خدا کا کلام علحدہ اور حدیث پیغمبر کی علحدہ پھر حدیث کے مراتب

بیان نظم و نثر دین محمد و تحلیط کتب یہود و نصاری

ہی جدا صحیح علیحدہ حسن علیحدہ ضعیف علیحدا اور صحابہ کے اقوال جدا بخلاف یہود
اور نصاریٰ کے کہ انکی کتابون مین عجب گہال میل ہے چنانچہ انکی توریت اور انجیل مین خدا کا
کلام اور پیغمبر کا کلام بلکہ انکے اصحاب اور راویون کا کلام ایسا مخلوط کہ عاقل متحیر ہوتا ہے
گویا تاریخ کی کتابین ہین صرف آسمانی کلام نہین ق عَلِیٌّ لَا تَکْذِبُوا عَلَیَّ فَاِنَّهٗ مَنْ
یَکْذِبْ عَلَیَّ یَلِجِ النَّارَ بخاری اور مسلم مین علی مرتضی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ
مجھپر جھوٹھ نہ باندہو سو مقرر یہہ بات ہے کہ جو مجھپر جھوٹھ باندھے گا وہ دوزخ مین جاوے گا ق
عُمَرُ لَا تَلْبَسُوا الْحَرِیْرَ فَاِنَّهٗ مَنْ لَبِسَهٗ فِی الدُّنْیَا لَمْ یَلْبَسْهُ فِی الْاٰخِرَةِ بخاری اور
مسلم مین حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ نہ پہنو ریشمی کپڑے کو سو جو
جو ریشمی پہنیگا دنیا مین وہ آخرت مین اسکو نہ پہنے گا ق حُذَیْفَةُ بْنُ الْیَمَانِ لَا
تَلْبَسُوا الْحَرِیْرَ وَلَا الدِّیْبَاجَ وَلَا تَشْرَبُوا فِیْ اٰنِیَةِ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَ
لَا تَاْکُلُوْا فِیْ صِحَافِهَا فَاِنَّهَا لَهُمْ فِی الدُّنْیَا وَلَکُمْ فِی الْاٰخِرَةِ بخاری اور
مسلم مین حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ نہ پہنو ریشمی کو اور نہ دیبا کو اور
نہ پیو سونے چاندی کے برتنون مین اور نہ کہاؤ انکے پیالون مین اسواسطے کہ یہ چیزین کافرون کے واسطے
دنیا مین ہین اور تمہارے واسطے اسلیے آخرت مین ہین گی ف دیبا ایک ریشمی کپڑے کی
قسم ہے اور بعضی ریشمی بوتہ دار کو دیبا کہتے ہین اس حدیث سے معلوم ہوا کہ کمخواب اور تافتہ

ق ۶۰۱

ق ۶۰۲

ق بیان حرمت ریشمی و طلائی

ق ۶۰۳

اور دریائی اور اطلس اور کمخواب اور رعنا زیبا مردون کو حرام ہے اور چاندی سونے کے برتنون مین
کھانا پینا یا عطردان پاندان بنانا حرام ہے اگر تکلف ہی منظور ہے تو اور عمدہ کپڑے اور عمدہ
قسم کی مینا اور بلور اور شیشے کی برتن کیا کم ہین جو ریشمی کپڑے اور چاندی سونے کے برتنون کو
استعمال کرکے خدا اور رسول کو ناخوش کیجیے ۶۰۳ م معاویۃ بن ابی سفیان لا
تلحفوا فی المسالۃ فوالله لا یسالنی احد منکم شیئا فتخرج له مسئلته
منی شیئا وانا له کاره فیبارک له فیما اعطیته سلم مین معاویہ بن ابی
سفیان سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ بہت چمٹ کر نہ مانگا کرو سو قسم خدا کی جو تم مین کوئی
مجھسے کچھ مانگے گا اور کچھ مجھکو ناخوش کرکے پاویگا تو جو مین اسکو دونگا اسمین برکت
نہو گی یعنی جو چمٹ کر سوال کرکے کچھ مجھسے پاویگا وہ مال بی برکت ہو گا معلوم ہوا کہ
سوال کرنا حرام ہے خصوصا چمٹ کر مانگنا زیادہ تر حرام ہے ۶۰۴ م ابو ھریرۃ لا تلقوا
الجلب فمن تلقی فاشتری منه فاذا اتی سیده السوق فهو بالخیار
سلم مین ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ آگے بڑھ کر ناج کے کھیپ نہ مول لیا کرو
سو جس بیپاری کے کھیپ آگے بڑھ کر مول لیجاوے تو جب وہ بیپاری کھیپ کا مالک بازار مین
آوے تو اسکو اختیار ہے یعنے اگلے بیچنے کو چاہے درست رکھے چاہے نہ درست رکھے
بلکہ اپنا وہی ناج بازار مین بیچ لیوے ف شہر سے کوس دو کوس آگے بڑھ کر ناج کی کھیپ

مول لینا حرام ہے اسواسطے کہ اسمین دو نقصان ہین ایک نقصان بیپاری کا کہ شاید بازار مین
زیادہ بکتا دوسرے تمام شہر کی خلقی کہ اگر بازار مین کھیپ آتی تو سب لوگ مول لیتی سو اسواسطے
حضرت نے اسمین بیپاری کو اختیار دیا ف حَاضِرٌ لَا یَبِیْعُ لِبَادٍ فِیْ نَعْلٍ وَاحِدَۃٍ وَلَا تَحْتَبِیْ
فِیْ اِزَارٍ وَاحِدٍ وَلَا تَاْکُلْ بِشِمَالِکَ وَلَا تَشْتَمِلِ الصَّمَّاءَ وَلَا تَضَعْ اِحْدٰی
رِجْلَیْکَ عَلَی الْاُخْرٰی اِذَا اسْتَلْقَیْتَ مسلم مین جابر رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
کہ نہ چلا کرایک جوتی پہن کر اور ایک تہ بند مین زانو اٹھا کر اکڑوں نہ بیٹھہ یعنی بدن کہل جاویگا
اور نہ کہا بائین ہاتھہ سے اور اس طرح کپڑے کو سب بدن پر لپیٹ کر نہ اوڑہ کہ نماز یا کسی اور کام
مین ہاتھہ نہ نکل سکین اور نہ رکھہ ایک پاؤن کو دوسرے پاؤن پر جب تو چت لیٹے یعنی اگر
تہ بند ہو کا تو بدن کہلے گا یہہ حضرت نے مسلمانون کو ادب سکھائے ق اِبْنُ عُمَرَ
لَا تَمْنَعُوْا اِمَاءَ اللّٰہِ مَسَاجِدَ اللّٰہِ بخاری اور مسلم مین عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ نہ منع کرو خدا کی باندیون کو خدا کی مسجدون سے ف یعنی اگر عورتین
مسجد مین نماز کے واسطے جاوین تو منع نہ کرو حضرت عائشہ نے فرمایا کہ اگر حضرت دیکھتے
جو اب عورتون نے خلاف شرع وضع نکالی ہے تو مسجدون مین انکا جانا منع کرتے اسی
واسطے مجتہدون نے کہا ہے کہ حضرت کے زمانے مین عورت کا مسجد مین جانا درست تہا اور
اس زمانے مین فساد بہت ہے اب درست نہین ق اَبُوْھُرَیْرَۃَ لَا تَمْنَعُوْا فَضْلَ

الْمَاءِ لِيَمْنَعُوا بِهِ فَضْلَ الْكَلَإِ بخاری اور مسلم میں ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ نہ روکو زیادہ پانی کو تا اُسکے حیلے سے زیادہ چارا روکو ف یعنی اگر تمہارا کنواں
یا حوض یا تالاب ہو اور تم اُسسے اپنا کام کر چکے ہو تو لوگوں کو اُسکے باقی پانی پینے سے
یا کہیت سینچنے سے منع کرو اور اگر پانی روکو گے تو جانور کو زمین کا چارا بھی جو تالاب اور
حوض کے گرد ہوتا ہے اس حیلے سے چرنی ندو گے یہہ اور بھی زیادہ بدکام ہے یعنے پانی روکنے سے
غرض تمہاری یہہ ہے کہ اس تدبیر سے چارا بچے کہ نہ آدمی اور جانور وہاں آویگا نہ چارا چرے گا

م ۶۰ ابوقتادہ الحارث بن ربعی سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ نہ پانی میں
تر کھجور گدرا اور پکی کھجور ملا کر اور نہ تر رکھو کھجور اور منقی کو ملا کر لیکن تر کیا کرو ہر ایک کو
علحدہ علحدہ ف عرب کھجور اور منقی تر کر کے اُسکا شیرہ پیا کرتے تھے سو حضرت نے فرمایا

ق ۶۱ کہ دو قسم کی چیز ملا کر نہ تر کیا کرو کہ اسمیں جلد نشا ہو جاتا ہے ق اَنْ لَا تَنْتَبِذُوا
فِي الدُّبَّاءِ وَلَا فِي الْمُزَفَّتِ بخاری اور مسلم میں انس سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
کہ میوہ نہ تر کیا کرو تو بنی میں اور نہ مرتبان میں ف یہہ شراب کے برتن تھے اسواسطے انکے

م ۶۲ استعمال اول منع ہوئے م اَبُوْهُرَيْرَةَ لَا تَنْذُرُوْا فَاِنَّ النَّذْرَ لَا يُغْنِيْ مِنَ الْقَدَرِ

شیئاً وانما یستخرج بہ من البخیل مسلم میں ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
کہ نذر نہ مانا کر وسو مقرر نذر ماننا تقدیر کو کچھ نہیں ٹالتا اور نذر کی سبب سے تو البتہ بخیل کا مال
خرچ ہوتا ہے ف یعنی اس اعتقاد سے کہ نذر سے تقدیر ٹل جاتی ہے نذر کرنا بے فایدہ ہے
اور درست نہیں اور اگر یہہ اعتقاد نہو تو نذر کرنا درست ہے ق جابر لا تنذروا فان النذر لا یرد من القدر
ولکنہ یستخرج بہ من البخیل متفق علیہ ولا تخبزن عجینک حتی اجیئ قالہ لہ بخاری اور مسلم میں جابر رض سے روایت ہے کہ حضرت نے
مجھسے فرمایا نہ تم اتارو اپنی ہانڈی کو اور روٹی نہ پکاؤ اپنے آٹے کی جبتک میں آؤں ف
مصابیح میں جابر رض سے روایت ہے کہ جنگ خندق میں کسی نے تین نہی کہا مانہ کہا تھا اور حضرت نے بھوکھ
اپنے پیٹ میں باندھے میں نے اپنی بی بی سے کہا کہ حضرت بہت بھوکے ہیں سو کچھ ہے سو اتنی سیر جو کا آٹا نکالا
اور اسکو گوندھا اور ایک بکری کا بچہ تھا اسکو ذبح کرکے ہانڈی میں رکھا پکانے کو پھر میں نے
چپکے حضرت کو خبر کی کہ حضرت اور دو تین آدمی اور چلیں حضرت نے سب سے پکار کی کہا کہ اے خندق
کھودنے والو اس مرد نے تمہاری دعوت کی ہے چلو پھر حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنی جب تک
میں نہ آؤں ہانڈی نہ اتارنا اور آٹے کو نہ پکانا پھر حضرت میرے گھر تشریف لائے اور آٹے
اور ہانڈی میں لعاب دہن مبارک ڈالا اور برکت کی دعا کی پھر فرمایا کہ روٹیاں پکاؤ سو
قسم کہاتا ہوں میں خدا کی کہ ہزار آدمی نے اس تین سیر آٹے کو کھایا اور ہانڈی اسی طرح
گوشت سے بھری جوش مارتی تھی اور آٹا بھی اتنا ہی موجود تھا اور پکتا جاتا تھا یہہ حضرت کا معجزہ

ق ۶۱۲ معجزہ بابت

ق ۶۱۴ نہایت مشہور ہے اسکی سند بہت معتبر ہے ق ابوھریرۃ لا تنکح الایم حتی تستامر ولا تنکح البکر حتی تستاذن قالوا یا رسول اللہ وکیف اذنھا قال ان تسکت بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ نکاح نکیا جاوے بیوہ عورت کا جبتک اس سے اجازت نہ لیجاوے اور نہ نکاح کیا جاوے کواری عورت کا جب تک اسکا اذن نہ لیا جاوے لوگون نی کہا کواری کا اذن کس طرح ہو یعنی وہ شرم سے کاہی کو تبلاوگی حضرت نے فرمایا اسکا چپ رہنا ہی اذن ہے ف یعنی کواری سے یون کہا جاوے کہ تیرا نکاح فلانی شخص سے ہم کرتی ہین اگر وہ اجازت دی تو بہتر ہے نہین تو اسکا چپ رہنا ہی اجازت ہے امام اعظم کی نزدیک چھوٹی لڑکی کا والی مختار ہے جہان چاہے دان کرے خواہ بیوہ ہو خواہ کواری اور جوان عورت خود مختار ہے خواہ بیوہ ہو خواہ کواری اور امام شافعی کی نزدیک بیوہ خود مختار ہے چھوٹی ہو یا جوان اور کواری کا والی مختار ہے چھوٹی ہو یا جوان م ابوھریرۃ ۶۱۵ لا تنکح العمۃ علی ابنۃ الاخ ولا ابنۃ الاخت علی الخالۃ مسلم مین ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ نہ نکاح کیا جاوے پھوپھی کا بھتیجے پر اور نہ بھانجی کا خالہ پر یعنے جسکے نکاح مین ایک عورت ہو تو اسکی زندگی مین اس عورت کی پھوپھی یا خالہ کے ساتھ نکاح نہین درست اگر وہ مرجاوے تو درست ہے اسی حدیث سے مجتہدون نی قاعدہ نکالا ہے کہ جو ایسی دو عورتین ہون کہ اگر انمین کوئی مرد ہوتا تو انمین باہم نکاح درست نہوتا

توانکا جمع کرنا نہین درست م ابو ہریرہ لَا تُنْكَحُ الْمَرْأَةُ عَلَى عَمَّتِهَا وَلَا عَلَى ۶۱۶ م
خَالَتِهَا مسلم مین ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ نکاح نہ کیا جاوے عورت کا اسکی
پھوپھی پر اور نہ اسکی خالہ پر ق اَبُوْ سَعِيْدٍ لَا تُوَاصِلُوْا فَاَيُّكُمْ اَرَادَ اَنْ ۶۱۷ ق
يُّوَاصِلَ فَلْيُوَاصِلْ حَتَّى السَّحَرِ بخاری اور مسلم مین ابو سعید رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ ملے کا روزہ نہ کہو سو جو ملی کیا چاہے اور روزہ ملانے کا ارادہ کرے وہ سحری کے
وقت تک ملاوے ف یعنی اگر روزہ دار شام کی وقت نہ کہاوے اور سحری کہا وے
تو البتہ درست ہے اور اگر چاہے برابر دو یا تین روز رکھے اور رات کو کچھ نہ کھاوے یہ نہین
درست ق اَسْمَاءُ بِنْتُ اَبِيْ بَكْرٍ لَا تُوْعِيْ فَيُوْعِيَ اللّٰهُ عَلَيْكِ اِرْضَخِيْ مَا ۶۱۷ ق
اسْتَطَعْتِ لَا تُوْكِيْ فَيُوْكِيَ اللّٰهُ عَلَيْكِ لَا تُحْصِيْ فَيُحْصِيَ اللّٰهُ عَلَيْكِ
بخاری اور مسلم مین اسماء بنت ابی بکر سے روایت ہے کہ حضرت نے مجھسے فرمایا کہ نہ بندر کھہ تو
خدا ہی بند کریگا کچھ راہ مین خدا کے دیا کر جتنا تجھسے ہوسکے نہ باندر کھہ کہ خدا ہی باندھ
رکھیگا اور گن کے مال کو نہ رکھہ تو خدا ہی تجھکو گن کے دیگا ف یعنی بخیل مت بن
اور مال کو جمع کر کر راہ خدا مین دیا کر خدا ہی تجھکو دئے جائیگا اور اگر تو روکے گا تو خدا ہی
روکے گا م جُبَيْرُ بْنُ مُطْعِمٍ لَا حِلْفَ فِي الْاِسْلَامِ وَاَيُّمَا حِلْفٍ كَانَ فِي ۶۱۸ م
الْجَاهِلِيَّةِ لَمْ يَزِدْهُ الْاِسْلَامُ اِلَّا شِدَّةً مسلم مین جبیر بن مطعم سے روایت ہے

بخل و بخیل منع

کہ حضرتؐ نے فرمایا کہ زمانہ کفر کی قسم اور عہد و پیمان کا اسلام مین کچھ اعتبار نہین اور
جو عہد و پیمان نیک کام مین تہا کفر کے وقت تو اسلام مین اسکی زیادہ تر مضبوطی کی
ف کفار عرب کا دستور تہا کہ ایک قوم دوسری قوم سے ہمقسم ہوتی اور ایک
دوسرے کی حق ناحق مین مدد کیا کرتی سو فرمایا کہ اسلام مین کفر کی قسم اور عہد و پیمان کا کچھ
اعتبار نہین رہا لیکن مظلوم کی مدد کرنا اور حق کام کی تائید کرنا سو اسلام مین اسکی زیادہ
م ۶۱۶ تاکید ہے م ابن عمر لا شغار فی الاسلام مسلم مین عبداللہ بن عمر سے روایت ہے کہ
حضرتؐ نے فرمایا کہ اسلام مین شغار درست نہین ف شغار یہہ کہ ایک شخص اپنی بہن کا
دوسرے سے نکاح کرتا اس شرط سے کہ تو بہی اپنی بہن کا نکاح میرے ساتہہ بے مہر کردے
ق ۶۲۰ گویا بدلا کرتے ہین اور اس تدبیر سے مہر بچاتے ہین سو دین اسلام مین یہہ حرام ہوا ق ابو سعید
لا صاعین تمرا بصاع ولا صاعین حنطۃ بصاع ولا درہم بدرہمین
بخاری اور مسلم مین ابو سعید سے روایت ہے کہ حضرتؐ نے فرمایا کہ نہین بیچنا درست دو صاع
کہجور کو ایک صاع سے اور نہ دو صاع کہون کو ایک صاع سے اور نہ ایک درم کو دو درم سے
ف صاع تین سیر کا ہوتا ہے یعنی ایک ہی جنس مین زیادہ دینا اور لینا نہین درست
م ۶۲۱ کہ رباح ہے م ابو ہریرۃ لا صلوٰۃ الا بقراءۃ مسلم مین ابو ہریرہ سے روایت
ہے کہ حضرتؐ نے فرمایا کہ نماز نہین ہوتی بدون قرآن پڑہے ف اس حدیث مین معلوم

ہوا کہ قرآن پڑہنا نماز مین فرض ہے م عَائِشَةَ لَا صَلٰوةَ بِحَضْرَةِ الطَّعَامِ م
وَلَا وَهُوَ يُدَافِعُهُ الْأَخْبَثَانِ مسلم مین حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ
عمدہ نماز نہین کہانا موجود ہو اور نہ اُسوقت کہ جب جی حاضر ہو اور پیشاب غالب ہو ف
یعنی جب کہانا طیار ہو تو پہلے کہانا کہاوے تب نماز پڑہے تاکہ نماز مین کہانے کی طرف دل
نہ لگا رہے اور اسی طرح جب جی حاضر ہو یا پیشاب زیادہ لگے تو اُسسے فراغت کرکے نماز
پڑہے تا نماز مین خلش باقی نہ رہے ف عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ لَا صَلٰوةَ لِمَنْ لَمْ يَقْرَأْ ق ۶۳۸
بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ بخاری اور مسلم مین عبادہ بن صامت سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ
نہین نماز اُسکی جسنے الحمد کی سورت نہ پڑہی ف امام شافعی کی مذہب ہین بدون الحمد کے
نماز نہین ہوتی یہہ حدیث انکی دلیل ہے اور امام اعظم کی نزدیک نماز بی الحمد کامل نہین ہوتی
ق عَلِيٍّ لَا طَاعَةَ فِي مَعْصِيَةِ اللّٰهِ اِنَّمَا الطَّاعَةُ فِي الْمَعْرُوفِ بخاری اور مسلم مین ق ۶۳۹
علی مرتضی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ کسی کی اطاعت نہاہے خدا کی گناہ مین
اطاعت تو صرف نیک کام مین ہے ف یعنی بادشاہ یا اماباپ یا استاد کی نیک
کام مین اطاعت کریگی مخالف شرع کام مین اطاعت نہاہے خ اَبُوْهُرَيْرَةَ لَا خ ۶۴۰
طِيَرَةَ وَخَيْرُهَا الْفَأْلُ بخاری مین ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ شگون بدلینا
بی حقیقت بات نہین اور بہتر ہے نیک فال لینا ف عرب کا دستور تہا چڑیان اور جانور بھی

آوازون پر شگون بد لیتے تھے سو اسکو حضرت نے منع کیا کہ برا وہم و خیال ہے بی علم خدا کے کچھ
نہین ہو سکتا اور فال اسکو کہتے ہین کہ کسی سے لفظ سنکے نیک گمان کرنا خدا کی مہربانی پر
جیسے بیمار سالم کی لفظ سنے تو یون گمان کرے کہ مین خدا کی فضل سے صحیح اور سالم ہوا
اور یہہ جو فال نامے بی علمون مین مشہور ہین انمین فال دیکھنا ہرگز درست نہین انمین تو خوف
کفر کا ہے غیب کی بات سوای خدا کے کسی کو معلوم نہین ق جاء لا عدوی ولا ق ۶۴۱
طیرۃ ولا غول بخاری اور مسلم مین جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ایک بیماری
دوسرے کو نہین لگ جاتی اور شگون بد لینا حقیقت نہین اور دیو بھوت بھی ضرر دینے کا
مالک نہین ف کفار عرب کو اعتقاد تھا کہ بیماری کو طاقت ہے کہ خود دوسرے آدمی کو
لگ جاتی ہے سو فرمایا کہ یہہ غلط بات ہے اور یہہ گمان تھا کہ جنگل مین دیو بھوت زنگ برنگ
شکلین بناتے ہین اور لوگون کو راہ بھلاتی ہین اور ضرر رسانی کی مالک ہین سو فرمایا حضرت نے
کہ یہہ بھی غلط بات ہے بدون خدا کی چاہے کوئی کچھ نہین کر سکتا تم تمام جہان کے مالک خدا کو
کیون بھولتے ہو اور ادھر اُدھر جی بھٹکائے پھرتے ہو دوسری حدیث مین آیا ہے کہ جب جنگل مین
تمکو دیو بھوت طرح طرح کی تم اذان کہا کرو کچھ ضرر نہ ہوگا ق ابو ہریرۃ لا فرع ق ۶۴۲
ولا عتیرۃ بخاری اور مسلم مین ابو ہریرہ رضی سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ نہین درست
اونٹنی کی پہلے بچے کو بتونکے واسطے ذبح کرنا اور نہ رجب کی مہینے مین دسوین تاریخ تک قربانی

کرنا

کرنا ف کفار عرب مین دستور تہا کہ جب اونٹنی کا پہلا بچہ ہوتا تو اُسکو ذبح کرکے اسکے
خون بتون پر چھڑکتے اور ماہ رجب کی تعظیم کی واسطے اول دس روز کی اندر قربانی کرتے
سو حضرت نے دونون کو حرام کیا ف ابن عباس لا مال لک ان کنت صدقت علیها
فهو بما استحللت من فرجها وان کنت کذبت علیها فهو ابعد
لک منها قال لرجل من الانصار لا عن عن امراته فقال یا رسول الله
مالی بخاری اور مسلم مین عبداللہ بن عباس سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تجھکو مال
نہ ملیگا اگر تو نے اپنی جورو کی بدکاری کا سچ دعوی کیا تہا تو جو تو نے اُس عورت سے صحبت داری
کی اُسکے بدلی مین مال گیا اور اگر تو نے اُسپر جھوٹہ باندہا تہا تو تجھکو اُسسے مال پھیر لینا زیادہ تر
بعید ہے یہہ حضرت نے اُس انصاری مرد سے کہا جسنے اپنی گواہ اپنی جورو پر عیب لگایا جھوٹہے پر بددعا
کرکے پھوڑا پھر حضرت سے کہا کہ یا رسول اللہ میرا مال جورو سے دلوا دیجئے ق ابو بکر و
عمر و علی و عائشہ لا نورث ما ترکناہ صدقة بخاری اور مسلم ابوبکر صدیق
اور عمر فاروق اور علی مرتضے اور عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہم سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ ہم پیغمبر لوگ میراث نہین چھوڑتے ہمارے مال کا کوئی وارث نہین جو ہم نے چھوڑا وہ
خدا کی راہ مین صدقہ ہے ف بخاری مین حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت فاطمہ
رضی اللہ عنہا نے ابی بکر صدیق پاس کسی کو بھیجا اپنے باپ کا حصہ مانگنے کو جو مدینہ اور

ق ۶۴۳

ق ۶۴۴

زمین تھی تب صدیق نے کہا کہ حضرت نے فرمایا کہ ہمارے مال مین میراث نہین جو ہم چھوڑین سو صدقہ
ہے خدا کی راہ مین اور البتہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی آل یعنے بی بیان اور اولاد اس مال سی
نفقہ رکھانی سکے پاوین اور صدیق نے کہا کہ جو حضرت اس مال مین کرتی تھے وہی مین بھی
کرونگا میری طرف سے کچھ کمی بیشی نہین ہوگی اس حدیث کا مضمون کئی بار اس کتاب مین
مذکور ہو چکا ہے خلاصہ مطلب یہی ہے کہ اول حضرت فاطمہ رض کو معلوم نہ تھا کہ پیغمبر
مال مین وراثت نہین ہوتی اسی سبب سے مانگا تھا جب معلوم ہوا تو چپ ہو رہین اور اس
حدیث کو صرف صدیق ہی نے روایت نہین کی جو کوئی بد اعتقاد طعنہ کرے بلکہ علی
مرتضی بھی اسکے راوی ہین غرض ایماندار کو اتنا کفایت کرتا ہے اور بدگمانی کی تو پیغمبر

پاس بھی دوا نہین خ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ هِشَامٍ لَا وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِهٖ حَتّٰی ۶۴۵ خ
اَكُوْنَ اَحَبَّ اِلَیْكَ مِنْ نَفْسِكَ فَقَالَ لَهٗ عُمَرُ فَاِنَّهٗ الْاٰنَ وَاللّٰهِ لَاَنْتَ
اَحَبُّ اِلَیَّ مِنْ نَفْسِیْ فَقَالَ الْاٰنَ یَا عُمَرُ بخاری مین عبد اللہ بن ہشام سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ قسم کھاتا ہون اس ذات پاک کی جسکے قابو مین میری جان ہے کہ تمکو ایمان
نہین ہوگا یہان تک کہ مین تیری نزدیک تیری جان سی بھی زیادہ پیارا ہو جاؤن یہ حضرت
عمر فاروق سے فرمایا پھر عمر فاروق نے کہا کہ قسم خدا کی اب تو آپ یا رسول اللہ میری نزدیک
میری جان سے بھی زیادہ پیارے ہوگئے تب حضرت نے فرمایا کہ ای عمر اب تیرا ایمان پکا ہوا

عبد اللہ
بن ہشام

محبت وجوب حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اصحاب و علامت محبت نبوی

عبداللہ بن ہشام سے روایت ہے کہ ہم حضرت کے ساتھ تھے اور حضرت عمر فاروق کا ہاتھ پکڑے تھے
عمر فاروق نے کہا یا رسول اللہ سوائے اپنی جان کے ہر چیز سے آپ کو زیادہ چاہتا ہوں تب
حضرت نے یہہ حدیث فرمائی معلوم ہوا کہ جب تک حضرت کو اپنی جورو اور اولاد اور ماں باپ
اور آقا اور پیر بلکہ خود اپنی جان سے زیادہ دوست نہ رکھیگا اُسکا ایمان پکا نہیں کچا ہے
اور حضرت کی محبت کا پتہ یہہ ہے کہ حضرت کی سنت پر چلے اور بدعت سے عداوت رکھے اور شریعت
محمدیہ کے خلاف کسی کا کہنا نہ مانے اور جو شادی یا غمی میں برادری کی ڈر سے خلاف شرع رسمیں کرے
یا نوکری چاکری میں آقا کی خاطر کو خلاف شرع کاموں میں مقدم رکھے اُسکا ایمان پکا نہیں
وہ حضرت کی محبت میں کچا ہے الٰہی اپنے کرم سے ہمکو اپنے حبیب کی محبت میں پکا کرلے آمین
رب العالمین خ اَنَسٌ لَا وَاللّٰہِ لَا تَدَعُ مِنْہُ دِرْھَمًا یَعْنِیْ مِنْ فِدَاءِ عَبَّاسٍ خ ۶۴۶
بخاری میں انس رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ خدا کی قسم ایک درم بھی اُسمیں سے یعنی عباس کے
خلاصی کے بدلی سے نہ چھوڑنا تھا جب جنگ بدر میں فتح اسلام کی ہوئی تو ستر کافر مارے گئے
اور ستر قید ہو آئے انمیں عباس رضی اللہ عنہ حضرت کے چچا بھی تھے حکم ہوا کہ قیدی اپنے
بدلی مال دیویں تو چھوٹیں انصاریوں نے حضرت سے عرض کی کہ اگر حکم ہو تو ہم عباس کو بدون
مال لئے چھوڑیں عرض اُنکی یہہ تھی کہ حضرت اسبات سے خوش ہوں تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی
یعنے سب مال کیسا ایک درم بھی نہ چھوڑنا معلوم ہوا کہ حق بات میں خویش اور بیگانہ برابر ہے

برادری کی رعایت نچاہیئے م بُرَیْدَۃُ بْنُ الْحُصَیْبِ لَا وَجَدْتَ اِنَّمَا بُنِیَتِ الْمَسَاجِدُ لِمَا بُنِیَتْ لَہٗ قَالَ لِرَجُلٍ نَشَدَ فِی الْمَسْجِدِ فَقَالَ مَنْ دَعَا اِلَی الْجَمَلِ الْاَحْمَرِ مسلم میں بریدہ بن حصیب سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ خدا کرے تو نہ پاوے کرتا تھا مسجدیں تو بنائی گئیں ہیں جس واسطے بنائی گئیں یہ حضرت نے اُس مرد سے کہا جو مسجد میں تلاش سو اسنے یوں کہا کوئی سرخ اونٹ بتلا دے کہ کہاں ہے ف یعنی مسجدیں عبادت کے واسطے ہیں کوئی چیز اُسمیں بتلانی کرنا یا دنیا کی اُسمیں بات کرنا درست نہیں اسواسطے حضرت نے اُس تلاش کرنیوالے کو بددعا دی مسجد میں سوال کرنا درست نہیں بلکہ دنیا ہی مسجد میں نہیں درست ق اِبْنُ عَبَّاسٍ لَا ھِجْرَۃَ بَعْدَ الْفَتْحِ بخاری اور مسلم میں عبداللہ بن عباس سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ وطن چھوڑنیکا ثواب بعد فتح ہو نے مکہ کے نہ رہا ف جب تک کہ مکہ فتح نہوا تھا تو کے رہنے والوں کو بلکہ اور گرد نواح کے لوگوں پر وطن چھوڑنا اور مدینے میں حضرت پاس آنا کافروں سے لڑنے کو فرض تھا جب کہ فتح ہوا تو دار الاسلام ہوا تو اُس ہجرت خاص کا حکم باقی نہ رہا لیکن کافروں کے ملک سے ہجرت کرنا قیامت تک باقی ہے چنانچہ دوسری حدیث میں آیا ہے کہ ہجرت اور توبہ کرنا قیامت تک باقی ہے م اَبُوْ قَتَادَۃَ لَا ھُلْمَ عَلَیْکُمْ اُطْلُقُوْا اِلٰی غُمَیْرٍ قَالَہٗ ظُھَیْرَۃُ لَیْلَۃَ التَّعْرِیْسِ مسلم میں ابو قتادہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تمہیں ملا کی نہوگی کہو لاؤ میرے پاس میرا چھوٹا پیالہ یہ حضرت نے جس رات آخر شب لشکر اُترا تھا اُسدن دوپہر ڈھلتے فرمایا

فرجد

ف جنگ تبوک سی جب حضرت پہرے تو موسم گرمی کا تہا پانی کہین نہ تہا جب دو
پہر گذری اصحاب نے عرض کیا کہ ہم ہلاک ہوتے ہین پیاس کے مارے حضرت نے یہہ
حدیث فرمائی یعنی تم ہلاک نہوگے پہر بلا منگوایا جو کجاوہ مین بندہا اور وضو کی
برتن سی تہوڑا پانی اسمین ڈالا پہر اسکو اپنے منہ سی لگایا خواہ پیا یا کچہ اسمین پہونکا پانی
مین اتنی برکت ہوئی کہ سارے لشکر نی پیا تین ہزار کا لشکر تہا یا ستر ہزار کا یہہ حضرت کا
معجزہ ہوا م ابن عمر کا یا کل احد من الاضحیۃ فوق ثلثۃ ایام ھذا م
حدیث منسوخ نسخہ الحدیث الذی رواہ ابو سعید الخدری
رضی اللہ عنہ وقد ذکرناہ فی الباب الخامس مسلم مین عبداللہ بن عمر سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ نہ کہاوے کوئی اپنی قربانی سی تین دن سے زیادہ کہاوے اس
کتاب کے مصنف نے کہ یہہ حدیث منسوخ ہے اسکو ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث نے منسوخ
کیا اور ہم نی اسکو پانچوین باب مین ذکر کیا ہے ق انس لا یؤمن احدکم حتی ق
اکون احب الیہ من والدہ وولدہ والناس اجمعین بخاری اور مسلم مین
انس سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ نہین پورا ایماندار ہوتی کا تم مین سے کوئی جب تک
مین اسکے نزدیک زیادہ تر دوست نہو جاؤن اسکے باپ اور بیٹے اور سب آدمیون سے
ف یعنی جب مجہکو سب سے زیادہ چاہے اور سب کی رضامندی پر میری رضامندی

مقدم رکھے تب پورا ایمان دار ہو اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جسنے اپنے جی کی ہوا اور
ہوس سب مٹائی اور شریعت محمدی کی بتعظیم اطاعت کی اور ظاہر اور باطن سی حضرت
خدا ہو گیا وہی پورا ایماندار ہے اور اسی کا نام ولی ہے اور وہی فقیر کامل ہے اور سچا مسلمان
ہے اور جسکو یہہ بات حاصل نہین وہ شغال رکھین ہے مولوی ہو یا فقیر الٰہی ہم کو سچا
مسلمان اپنے کرم سے کرے آمین ق اَنَسٌ لَا یُؤْمِنُ عَبْدٌ حَتّٰی یُحِبَّ لِاَخِیْہِ ق۲
مَا یُحِبُّ لِنَفْسِہٖ بخاری اور مسلم مین انس رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ کوئی
پورا ایماندار نہو گا یہان تک کہ اپنے بھائی مسلمان کے واسطے وہی بات چاہے جو اپنی جان کے واسطے
چاہتا ہے ف اس حدیث مین حق اسلام کا بیان ہے یعنے جیسے اپنی جان کو بلا اور
مصیبت سے بچاتا ہے ویسے ہی دوسرے کو بھی بچاوے اور جو بہتری اور خوبی اپنے واسطے
چاہتا ہے ویسے ہی دوسرے مسلمان کے واسطے چاہے اس حدیث پر عمل اُس صاف دل سے
ہووے جسکے دل مین کینہ اور حسد نہین ق اَبُوْھُرَیْرَۃَ لَا یَبِیْعُ بَعْضُکُمْ عَلٰی ق۳
بَیْعِ بَعْضٍ بخاری اور مسلم مین ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تم مین سے کوئی اپنا
مال دوسرے کے بیچتے ہوئے پر نہ بیچے ف یعنی اگر ایک شخص اپنی چیز بیچتا ہو اور قیمت
چکتی ہو تو اسکی چیز کو بُرا بتلا کے اپنی چیز نہ بیچو اسمین دوسرے کی حق تلفی ہے اور اگر
اسکی چیز کو لینے والا ناپسند کرے تو اُسوقت دوسرے کو بیچنا درست ہے م جابر ؓ م۴

لا یبیع

لَا یَبِیْعُ حَاضِرٌ لِبَادٍ دَعُوا النَّاسَ یَرْزُقُ اللّٰہُ بَعْضَھُمْ مِنْ بَعْضٍ مسلم مین
جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ نہ بیچے شہر والا باہر والے کے مال کو ہو ڈو
لوگون کو آپسمین خرید و فروخت کرین خدا روزی دیتا ہے ایک کو دوسرے سے ف یعنے اگر
کوئی باہر سی شہر مین مثلاً اناج بیچنے لاوے اور بازار کے بھاؤ بیچنے کا ارادہ کرے
اور شہر کا رہنے والا اُسسے کہے کہ تو ابھی نہ بیچ میرے گھر رکھا ہے تجھکو مہنگا بیچ دونگا
اسکو حضرت نے منع کیا کہ اسمین خلق کو ضرر ہے اگر قحط ہو تو یہہ کسی کے نزدیک درست نہین
ہے اور اگر ارزانی ہو اور کسی کو ضرر نہو تو بعضون کے نزدیک درست ہے خ ابو سعید ۶۵۵ ح
مرفوعاً لَا یُبْغِضُ الْاَنْصَارَ رَجُلٌ یُؤْمِنُ بِاللّٰہِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ بخاری م
مین ابو سعید سے اور مسلم مین ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ انصار سے عداوت نرکھے گا جو
مرد خدا اور قیامت کو مانتا ہے ف انصار مدینے کے لوگ ہین جنہون نے حضرت کو
اپنے شہر مین رکھا اور حضرت پر اپنا جان اور مال فدا کیا اور اسلام کی مدد کی اسواسطے
اُنکی محبت حضرت نے ایمان مین داخل کی خ عائشہ لَا یَبْقَی اَحَدٌ فِی الْبَیْتِ ۶۵۶ ح
اِلَّا لُدَّ وَاَنَا اَنْظُرُ اِلَّا الْعَبَّاسَ فَاِنَّہٗ لَمْ یَشْھَدْکُمْ بخاری مین حضرت عائشہ سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ کوئی نہ باقی رہے گھر مین بے دوا لگائے خلق مین اور مین
دیکھتا جاؤن عباس کے سوائے کہ تمہاری ساتھ موجود نہ تھے ف حضرت کو بیماری مین

غسل ایا حضرت کی بی بیون نی حضرت کے حلق مین بی اجازت دوا کو لگایا تہا جب حضرت
ہوش مین ہوئے دوا کڑوی معلوم ہوئی تب یہہ حدیث فرمائی حضرت نے اسواسطے
بدلیا کہ ہمارے تکلیف کی سبب سے کہین اپنہ عذاب کرے اور نہین تو حضرت کا یہہ کرم تہا
کہ کافرون سی بہی عوض نہ لیتے تہی م اَبُوْهُرَيْرَةَ لَا يَبُوْلَنَّ فِيْ اَحَدِكُمْ فِي
الْمَاءِ الدَّائِمِ ثُمَّ يَغْتَسِلُ مِنْهُ مسلم مین ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
کہ نہ پیشاب کرے کوئی تم مین سے بندہے پانی مین پہر اُسے نہاوے ف یعنے جو پانی
بندہا ہوا ہو بہتا نہو جیسے حوض اُسمین پیشاب کرنا نہین درست کہ نجس ہو جاویگا وضو
اور غسل کی لایق نرہے گا ق اِبْنُ عُمَرَ لَا يَتَحَرَّى اَحَدُكُمْ فَيُصَلِّيْ عِنْدَ طُلُوْعِ
الشَّمْسِ وَلَا عِنْدَ غُرُوْبِهَا بخاری اور مسلم مین عبداللہ بن عمر رضہ سے روایت ہے کہ
حضرت نے فرمایا کہ نہ قصد کیا کرے تم مین کا کوئی تو نماز پڑہے سورج نکلتے اور سورج
ڈوبتے ف یعنی صبح اور عصر کی نماز افضل وقت پر پڑہنا چاہئے یہہ نہین کہ قصد کیا
کرے کہ اب پڑہتا ہون اب پڑہتا ہون پہر دیر کرکے مکروہ وقت یا عین طلوع اور
غروب مین نماز پڑہے ق اَبُوْهُرَيْرَةَ لَا يَتَقَدَّمَنَّ اَحَدُكُمْ رَمَضَانَ
بِصَوْمِ يَوْمٍ اَوْ يَوْمَيْنِ اِلَّا اَنْ يَكُوْنَ رَجُلٌ كَانَ يَصُوْمُ صَوْمًا
فَلْيَصُمْهُ بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ نہ پیشوائی

کوئی کرے

کوئی کرے رمضان کی ایک دن یا دو دن کا روزہ رکھہ کے مکروہ مرد جو اپنی عادت سے
کوئی روزہ رکھا کیا کرتا ہو سو روزہ رکھے اسکا ف یعنی جیسی بطور سنت کسی کو دوشنبہ
یا پنجشنبہ کی روز یکی عادت ہو اور وہ دن رمضان سے متصل پڑتے تو اسکو روزہ رکھنا
درست ہے لیکن صرف رمضان کی پیشوائی کا ایک دو روزہ رکھنا درست نہین ق انس ق ۶۶
لا یتمنین احدکم الموت لضر نزل به بخاری اور مسلم مین انس رضی اللہ عنہ سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ کوئی موت کی آرزو نکیا کری کسی رنج اور تکلیف سی جو
اسپر آئی ہو ف اس حدیث مین اتنا مطلب اور باقی ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اگر آرزو
کرنا ضرور ہو تو یون کہے الٰہی زندہ رکھہ مجھکو جب تک زندگی میرے حق مین بہتر ہو اور
موت مجھکو دی جب میرے حق مین بہتر ہو ف موت کی آرزو رنج دنیا کی سبب سے اسواسطے
منع فرمائی کہ دلیل ہے بی صبری کی اور نا امیدگی کی اور اگر فارزمانی سی دین مین
خلل پڑتا ہو تو موت کی آرزو کرنا درست ہے ق عثمان لا یتوضا رجل فیحسن ق ۶۷
الوضوء فیصلی صلوة الا غفر الله له ما بینه وبین الصلوة
التی تلیها بخاری اور مسلم مین حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
کہ جو مرد وضو کرے سو اچھی طرح وضو کرے یعنی تین تین بار سب جگہہ خوب پانی
پہنچا دے پھر نماز پڑھے کوئی نماز ہو تو خدا اسکے گناہون کو معاف کریگا وضو کے

۶۶۲ م وقت سی پچھلی نماز تک ف یہہ بشارت ہے تحیۃ الوضو کی نماز کی م ابوھریرۃ
لا یجتمع کافر وقاتلہ فی النار ابدا مسلم مین ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ جمع نہو کافر اور اُسکا مقتل کرنیوالا مسلمان دوزخ مین ہمیشہ ف یعنی جس
مسلمان نے کافر کو جہاد مین مارا وہ خلود دوزخ سے بچا م ابوھریرۃ لا یجزی
ولد والدا الا ان یجدہ مملوکا فیشتریہ فیعتقہ مسلم مین ابوہریرہ سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ کام نہین آتا بیٹا باپ کے مگر جب باپ کو کسی کا غلام پاوے
تو اُسکو مول لیوے پھر آزاد کرے ف امام اعظم کی نزدیک اسی طرح جب محرم برادر والے کا
کوئی شخص مالک ہو مول لیکر یا غنیمت کے حصے سے سو برادری والا آزاد ہو جاتا ہے ق ابو
بردۃ بن نیار لا یجلد احد فوق عشر جلدات الا فی حد من حدود اللہ
بخاری اور مسلم مین ابو بردہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ نہ کوئی کوڑا مارے دس کوڑے سے
زیادہ مگر کسی حد مین خدا کی حدون سے ف حد وہ ہے جو سزا خدا نی مقرر کی جیسے کنواری
حرام کار پر سو کوڑے اور تعزیر وہ جو کسی قصور پر حاکم مارے مصلحت جان کر سو فرمایا
کہ تعزیر کرنا دس کوڑے سے زیادہ نہین درست اور یہی مذہب ہے امام احمد کا اور امام
اعظم اور شافعی کے نزدیک اُنتالیس کوڑے تک تعزیر مین مارنا درست ہے اسوا سطے کہ تعزیر
خوف کی واسطے مقرر ہوئی ہے سو حضرت کے زمانی مین ایمان اور حیا غالب تھی تو

ف
ق

اسوقت مین دس کوڑے کفایت کرتی تہے اور اسوقت مین کہ شرم کم ہے تو زیادہ تعزیر
مناسب ہے ق ابوھریرۃ لا یجمع بین المرأۃ وعمتہا ولا بین المرأۃ و ق ۶۲
خالتہا بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ نکاح مین ایک
عورت کو اور اسکی پھوپہی کو کبہی تہہی جمع کرنا نچاہیے اور نہ بہانجی اور خالہ کو جمع کرنا چاہیے
خ ابوبکر لا یجمع بین متفرق ولا یفرق بین مجتمع خشیۃ الصدقۃ خ ۶۳
بخاری مین ابوبکر صدیق سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ نہ ملے جدا جانورون کو اور نہ جدا کرے
ملے جانورون کو زکوۃ کے ڈر سے ف یعنی جیسے چالیس بکری سے ایک سو بیس تک کے
زکوۃ ایک بکری ہے تو مثلاً دو شخصون کی چالیس چالیس بکریان علیحدہ علیحدہ ہین
تو زکوۃ دینے کی وقت یہہ حیلہ کرین کہ ان سب بکریون کو ملا کر ایک شخص کی بتلا دین
تا ایک بکری زکوۃ مین جاوے اور اگر علیحدہ علیحدہ رہین تو دو بکریان زکوۃ مین جائین
یا کہ مثلاً ایک شخص کی چالیس بکریان ہین تو ایک بکری دینا لازم تہا اسنے زکوۃ
دینے کے وقت بیس بیس دو جگہہ کردین تاکہ زکوۃ دینا نہ پڑے اسواسطے کہ چالیس بکری سے
کم مین زکوۃ نہین تو فرمایا کہ زکوۃ دینے والا زکوۃ کے خوف سے ایسا حیلہ نکرے
اور نہ عامل زکوۃ لینے والا بہی اسیطرح زیادہ لینے کا حیلہ کرے معلوم ہوا کہ
زکوۃ بچانے کا حیلہ کرنا درست نہین جیسے بعضی ظاہری مسلمان زکوۃ کے مال کو

ایک برتن مین رکھہ اُسکو اناج سے چھپا کر فقیر کو دیتے ہین اور فقیر کو نہین معلوم کہ اُسمین
کیا ہے پھر دوسرے آدمی کو اشارہ کر دیتے ہین کہ زیادہ قیمت دیکر اُس فقیر سے وہ برتن اور
اناج مول لیوے لوگ خدا کو دم دیتے ہین بازی بازی باریش با باہم بازی ایسے نادرست
جیسے یہودی لوگ کرتے تھے جن پر خدا نے غضب اور غدر کیا م عَائِشَةُ لَا يَجُوعُ
أَهْلُ بَيْتٍ عِنْدَهُمُ التَّمْرُ مسلم مین حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ نہین
بھوکے رہتے وہ گھر والے جنکے پاس کھجوریں ہین ف یہہ انکے حق مین فرمایا جن کی غذا
کھجوریں ہین جیسے مدنے کی لوگ ق اَلْبَرَاءُ بْنُ عَازِبٍ لَا يُحِبُّهُمْ اِلَّا مُؤْمِنٌ وَلَا
يُبْغِضُهُمْ اِلَّا مُنَافِقٌ مَنْ اَحَبَّهُمْ اَحَبَّهُ اللّٰهُ وَمَنْ اَبْغَضَهُمْ اَبْغَضَهُ
اللّٰهُ یعنی الانصار بخاری اور مسلم مین براء بن عازب سے روایت ہے کہ حضرت نے انصار کی حق مین فرمایا کہ نہ انکو دوست رکھیگا سوای ایمان دار کے اور نہ اُنسے عداوت رکھیگا
سوای منافق کے جو انکو دوست رکھیگا خدا اُسکو دوست رکھیگا اور جو اُنسے عداوت
رکھیگا خدا اُس سے عداوت رکھیگا ف مدنے والون نے حضرت کی مدد کی اسواسطے انکو
ق انصار کہتے ہین یعنی رسول کی مددگار اسواسطے انکی محبت مسلمانون پر فرض ہوئی ق اَبُوبَكْرٍ
لَا يَحُجُّ بَعْدَ الْعَامِ مُشْرِكٌ وَلَا يَطُوفُ بِالْبَيْتِ عُرْيَانٌ بخاری اور مسلم مین
ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ نہ حج کرے اس برس کے بعد کوئی

کافر شریک کرنے والا اور نہ گہومے کعبے کی گرد ننگا آدمی ف نوین سال ہجری
حضرت نے صدیق اکبر کو حاجیون کا سردار کرکے مکے مین حج کو بہیجا اور یہہ حدیث فرمائی
کہ سب کو یہہ حکم پہنچاؤ کہ دوسرے سال کوئی کافر حج کو نہ آوے کافرونکا دستور تہا
کہ طواف ننگے کرتی تہے انکا گمان یہہ تہا کہ کپڑون مین ہم نے گناہ کئے ہین اُنسے کیا
طواف کرین شرع مین برہنہ ہونا حرام ہے خصوصا کعبہ اور مسجد مین ق ابوبکرہ ق
لا یحکم احد بین اثنین وھو غضبان بخاری اور مسلم مین ابوبکر صدیق رضی
اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ نہ حکم کرے کوئی دو آدمیون مین غصے کی حالت مین
ف یعنے جب حاکم یا قاضی غصے مین ہو اسوقت نہ فیصل کرے اسواسطے کہ قضیہ فیصل
کرنے کو عقل اور ہوش چاہئے کہ سچ اور جہوٹہ کو پہچانے اسی طرح جب بہت بہوکہا
ہو یا اُسکا پیٹ بہت بہرا ہو یا کسی بات کا رنج اور فکر ہو یا بہت جاگا ہو تو
قاضی اور حاکم کو حکم کرنا نہین درست کہ ان حالتون مین ہوش نہین رہتا جیسا غصے مین
م ابن عمر لا یحلبن احد ماشیۃ احد الا باذنہ ایحب احدکم
ان تؤتی مشربتہ فتکسر خزانتہ فینتشل طعامہ فانما
تخزن لہم ضروع مواشیہم اطعمتہم فلا یحلبن احد ماشیۃ
احد الا باذنہ مسلم مین عبداللہ بن عمر سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ نہ کوئی

دوہے کسیکے جانور کو بی اسکی اجازت بہلا تم مین کوئی یہہ چاہتا ہے کہ کوئی اسکی
کوٹہری مین آکے اسکا خزانہ توڑکے اسکے کہانے کا غلہ نکال لیجاوے سو اُنکے جانور کے
تہن تو اُنکے کہانی کے دودہ کو حفاظت مین رکہتی ہین یعنی تہن کوٹہری کے طرح ہین
حفاظت کے واسطے سو ہرگز نہ دوہے کوئی کسیکے جانور کو بدون اُسکی اجازت کے

ق ق ابن مسعود لا یحل دم امرء مسلم یشهد ان لا اله الا الله
وانی رسول الله الا باحدی ثلث الثیب الزانی والنفس بالنفس
والتارک لدینه المفارق لجماعته بخاری اور مسلم مین عبداللہ بن مسعود سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا نہین حلال ہے خون اس مسلمان کا جو گواہی دیتا ہو
اسکی کہ نہین کوئی پوجنے کے لایق سوائے خدا کے اور اسکی کہ ہین پیغمبر ہون خدا کا مگر
تین صورت سے ایک تو نکاحی مرد یا نکاحی عورت جو زنا اور حرامکاری کرے دوسرے
جان بدلے جانکے تیسرے مرتد جنسے اپنا اسلام کا دین چہوڑا مسلمان کے گروہ سے علیحدہ
ہوا ف یعنی مسلمان کا قتل تین صورت سے ہے ایک تو حرام کار نکاح والا دوسرے

م م خون کے بدلے خون تیسرے مرتد جنسے اسلام کا دین چہوڑا م جابر لا یحل لاحدکم
ان یحمل السلاح بمکة مسلم مین جابر رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ نہین حلال
ہے تم مین کسی کو ہتہیار اُٹہاوے مکے مین قتل کے واسطے ف عبداللہ بن عباس سے

روایت ہے

بیان جلم آنحضرت
با وجود قدرت
از شفقام

روایت ہے کہ حضرت بڑے غمخوار اور نہایت رحیم اور کریم تھے باوجودیکہ کفار مکہ سے
حضرت نے بڑی بڑی تکلیفیں اٹھائیں لیکن جب حضرت نے کو فتح کیا تو ان کافروں سے پوچھا
کہ اب تم ہماری جن میں کیا گمان کرتے ہو اور کیا ہم کو کہتے ہو اُن لوگوں نے کہا کہ ہم بہتر گمان کرتے
ہیں اور بہتر کہتے ہیں تو سردار بھائی کرم والا اور کریم کا بیٹا اب تیرا قابو ہے جو چاہو سو کر
تب حضرت نے فرمایا کہ میں بھی وہی کہتا ہوں جو میرے یوسف بھائی نے اپنی بھائیوں سی کہا تھا
کہ لَا تَثْرِيبَ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ یعنی آج تم پر کچھ الزام اور گلہ شکوہ نہیں پہنچتے
خون معاف کئے اور اصحاب سے یہ حدیث فرمائی ق اَبُوْهُرَيْرَةَ لَا يَحِلُّ لِاِمْرَاَةٍ
تُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ اَنْ تُسَافِرَ مَسِيْرَةَ يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ وَلَيْسَ مَعَهَا
حُرْمَةٌ وَيُرْوٰى اِلَّا مَعَ ذِيْ مَحْرَمٍ عَلَيْهَا بخاری اور مسلم میں ابوہریرہ رض سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ حلال نہیں اس عورت کو جو مانتی ہو اللہ کو اور قیامت کو یہ کہ سفر کرے
ایک رات دن کی منزل اور اسکے ساتھ اسکا کوئی محرم ہووے اور ایک روایت میں یوں ہے
کہ عورت کو سفر نہیں درست مگر محرم کے ساتھ ف عورت کا محرم وہ مرد ہے جسکے ساتھ
اس عورت کا کبھی نکاح درست ہووے جیسے باپ بھائی چچا بھتیجا بھانجا بیٹا نواسا
پوتا عورت کو سفر کرنا بدون اپنے خاوند یا محرم کے عوام کے درست نہیں اسواسطے کہ
اسمیں بڑے بڑے فساد ہیں ق اُمِّ سَلَمَةَ لَا يَحِلُّ لِاِمْرَاَةٍ مُسْلِمَةٍ تُؤْمِنُ بِاللّٰهِ

ف ۶۱ عدم جواز سفر عورت
بدون محرم

ف ۶۲ بیک حدیث
دو مسئلے

ق ۶۳

وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ اَنْ تُحِدَّ فَوْقَ ثَلٰثَةِ اَيَّامٍ اِلَّا عَلٰى زَوْجِهَا اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ
وَعَشْرًا بخاری اور مسلم میں ام سلمہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ حلال نہیں اُس عورت
مسلمان کو جو خدا کو اور قیامت کو مانتی ہو کہ تین دن سے زیادہ کسی کے غم میں سوگ کرے
اور اپنا سنگار چھوڑے مگر اپنے خاوند کی موت پر چار مہینے اور دس دن سوگ کرنا
اور سنگار چھوڑنا فرض ہے ف یعنی کسی عزیز کے غم اور ماتم میں تین روز سے زیادہ
سوگ کرنا عورت کو حلال نہیں مگر خاوند کی ماتم میں چار مہینے اور دس دن سوگ فرض ہے
نہ کم کرے نہ زیادہ اور برس دن خاوند کی غم میں بوریا نشینی کرنا جیسے کہ ہندوستان میں
اکثر رواج ہے یا محرم میں غم امام سے سوگ کرنا اور ترک زینت کرنا اس حدیث سے معلوم ہوا کہ
حلال نہیں حرام ہے ق سَعْدِ بْنِ اَبِيْ وَقَّاصٍ لَا يَحِلُّ لِاَمْرَاَةٍ اَنْ تَهْجُرَ اَخَاهَا ق ٦٣
فَوْقَ ثَلٰثٍ بخاری اور مسلم میں سعد بن ابی وقاص سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ حلال
نہیں کسی مرد کو اپنے بھائی مسلمان کی ملاقات چھوڑنا تین رات سے زیادہ ف یعنے اگر
معاملہ دنیاوی میں کسی مسلمان سے رنج ہو جاوے تو تین روز تک ترک ملاقات درست ہے
تین دن سے زیادہ رنج رکھنا اور ملاقات اور سلام کلام چھوڑنا حلال نہیں اور اگر دین کی
سبب سے رنج ہوا ہے تو تین دن سے زیادہ بھی چھوڑنا درست ہے چنانچہ حضرت پچاس دن جہاد کے نہ جانے والوں
نہ بولتے تھے اور اسیطرح باپ کو بیٹے سے نہ بولنا اور خاوند کو جورو سے نہ بولنا واسطے ادب کے

تین دن سے

تین دن سے زیادہ بہی درست ہے ق ابو ہریرہ لا یخطب احدکم علی خطبۃ ق ۶۴
اخیہ بخاری اور مسلم مین ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ نہ منگنی کرے تم مین سے
کوئی اپنے بہائی مسلمانکی منگنی پر ف یعنی جب ایک مسلمانکی کسی جگہہ شادی کی نسبت
ٹہہر گئی ہو تو پہر وہان اپنا پیام دینا حلال نہین کہ اُسمین دوسرے مسلمانکی حق تلفی ہے اور
اگر ابہی تک ٹہہری نہو تو پیغام دینا منع نہین خ ابو ہریرہ لا یدخل احد ن خ ۶۵
الجنۃ الا اُری مقعدہ من النار لو اساء لیزداد شکرا ولا یدخل النار
احد الا اُری مقعدہ من الجنۃ لو احسن لیکون علیہ حسرۃ بخاری مین
ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ نہ داخل ہوگا بہشتمین کوئی مگر اسکو دکہایا جاویگا
اسکے دوزخ کا مکان اگر وہ برائی کرتا تاکہ زیادہ شکر کرے اور نہ داخل ہوگا کوئی
دوزخ مین مگر دکہایا جاویگا اسکو اسکا بہشت والا مکان اگر وہ نیکی کرتا تاکہ اسکو
افسوس ہو ف یعنے بہشتی کو دوزخ دکہلاوینگے کہ اگر تو برائی کرتا تو دوزخ کے فلانے
مقام مین رہتا تو وہ زیادہ تر شکر ادا کریگا کہ خدا نے اپنی کرم سے مجہکو ایسی بلا سے
بچایا اور دوزخی کو بہشت دکہلاوینگے کہ اگر تو نیکی کرتا تو فلانی مقام مین رہتا تو اسکو
افسوس پر افسوس ہوگا م جابر لا یدخل احدا منکم عملہ الجنۃ ولا یجیرہ م ۶۶
من النار ولا انا الا برحمۃ اللہ مسلم مین جابر رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ

تم مین سی کسی کو اُسکا عمل بہشت مین نہ لیجاویگا اور نہ اُسکو دوزخ سی بچاویگا اور نہ
میرا عمل کسی کو بہشت مین لیجاویگا اور دوزخ سی بچاویگا بدون خدا کی رحمت اور کرم کے
ف اس حدیث کا یہہ مطلب نہین کہ نیک کام کچھہ کام نہ آویگا جیسا بعضے بیدین کہتی
ہین اسواسطے کہ قرآن مین ہے کہ خدا اینکو نیکے ثواب اور محنت کو ضایع نکریگا بلکہ یہہ مطلب ہے
کہ آدمی اپنے نیک کام پر گھمنڈ نکرے اسواسطے کہ نیک کام خالص نیت سی بدون خدا کے
توفیق دئے نہین ہوتا تو نیک کام مین بہی اصل خدا کی رحمت ہی یعنی اصل سبب بہشت مین
جانیکا اور دوزخ سی بچنے کا خدا کی رحمت ہے اور نیک عمل اسکی نشانی ہے م ۶۶۷ اَنَسؓ
لَا یَدْخُلُ الْجَنَّۃَ عَبْدٌ لَا یَاْمَنُ جَارُہٗ بَوَائِقَہٗ مسلم مین انس سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ بہشت مین وہ بندہ نجاویگا جسکا ہمسایہ اور پڑوسی اُسکے
بدی اور ظلمون سے امن پاوے ف ہمسایہ کو رنج دینا ایسا حرام ہے کہ بہشت سے محروم
رکہتا ہے ق ۶۶۸ جُبَیْرُ ابْنُ مُطْعِمٍ لَا یَدْخُلُ الْجَنَّۃَ قَاطِعٌ بخاری اور مسلم مین
جبیر بن مطعم سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ بہشت مین نجاویگا برادری کاٹنے والا
یعنی جو برادرون سے احسان اور سلوک نہ کرے ق ۶۶۹ حُذَیْفَۃُ لَا یَدْخُلُ الْجَنَّۃَ
قَتَّاتٌ بخاری اور مسلم مین حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ چغل خور
بہشت مین نجاویگا ف یعنی جو فساد کرواینکے واسطے ادہر کی بات اُدہر کہے وہ

بہشت سے محروم ہے کہ شیطان کی خواس نی اختیار کی م عن ابن مسعود لا یدخل
الجنۃ من کان فی قلبہ مثقال ذرۃ من کبر فقال رجل ان
الرجل یحب ان یکون ثوبہ حسنا ونعلہ حسنا قال ان اللہ
جمیل یحب الجمال الکبر بطر الحق وغمط الناس مسلم مین عبداللہ بن مسعود رضہ سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ نہ داخل ہوگا بہشت مین جسکے دل مین ایک ذرہ برابر ہے
غرور اور گھمنڈ ہوگا سو ایک مرد نے کہا کہ البتہ ہر مرد دوست رکھتا ہے یہہ کہ اسکا کپڑا
اچھا ہووے اور اسکا جوتا اچھا ہووے حضرت نے فرمایا کہ مقرر خدا جمیل ہے یعنی نیک
صفت ہے جمال درستہ رائی کو دوست رکھتا ہے یعنی اچھی پوشاک خدا کو پسند ہے یہہ غرور
نہین بلکہ گھمنڈ اور غرور حق کو باطل کرنا اور اچھی بات کی انکار کرنا لوگون کو ذلیل اور حقیر
جاننا خ ابوبکرہ لا یدخل المدینۃ رعب المسیح الدجال لہا ۷۱ خ
یومئذ سبعۃ ابواب علی کل باب ملکان بخاری مین ابوبکر رضی اللہ
عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مدینہ مین نہ داویگا خوف مسیح دجال کا اسدن تمہینے کی
سات دروازے ہونگے ہر دروازے پر دو فرشتے چوکیدار ہونگے ف یعنی تمام عالم مین
دجال کا ڈر ہوگا سوائے مدینے کے یہہ خصوصیت کی برکت سے مدینہ کو فضیلت ہوئی م ام
مبشر لا یدخل النار احد بایع تحت الشجرۃ مسلم مین ام مبشر سے روایت ہے

کہ حضرت نے فرمایا کہ نہ دوزخ مین بجاویگا کوئی جسنے درخت کے نیچے بیعت کی **ف** چھٹے
سال ہجری جنگ حدیبہ مین ببول کی درخت کے نیچے پندرہ یا چودہ سو اصحاب نے حضرت سے
بیعت کی اور اقرار کیا کہ ہم مرجاوینگے حضرت کے ساتھ ہی نہ پھرینگے خدا اُنسے راضی
ہوا قرآن مین انکا ذکر کیا ہے سو انکو حضرت نے فرمایا کہ اُنمین سے کوئی دوزخی نہین سب
بہشتی ہین **م** مَا مِنْكُمْ مُبَشِّرٌ لَا يَدْخُلُ النَّارَ اِنْشَاءَ اللّٰهُ مِنْ اَصْحَابِ الشَّجَرَةِ
اَحَدٌ مِّنَ الَّذِيْنَ بَايَعُوْا تَحْتَهَا فَقَالَتْ حَفْصَةُ بَلٰى يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ
فَانْتَهَرَهَا فَقَالَتْ حَفْصَةُ وَاِنْ مِّنْكُمْ اِلَّا وَارِدُهَا فَقَالَ النَّبِيُّ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى ثُمَّ نُنَجِّي الَّذِيْنَ اتَّقَوْا
وَّنَذَرُ الظّٰلِمِيْنَ فِيْهَا جِثِيًّا مسلم مین ام مبشر سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
کہ جو خدا نے چاہا تو نہ داخل ہوگا دوزخ مین درخت والے اصحاب سے کوئی جنہون نے
اسکے نیچے بیعت کی تو حضرت حفصہ نی کہا کہ کیون نہ داخل ہونگے یا رسول اللہ سو حضرت نے
انکو جھڑکا پھر حضرت حفصہ نی کہا کہ خدا قرآن مین فرماتا ہے کہ تم مین سے ہر ایک دوزخ پر
وارد ہوگا تو حضرت نے فرمایا کہ خدا قرآن مین اسکے آگے فرماتا ہے کہ پھر ہم بچاوینگے
پرہیزگارون کو اور دوزخ مین ڈالینگے ظالم کافرون کو گھٹنون کے بل **ف**
حضرت حفصہ کو یہ شبہہ ہوا کہ حضرت فرماتی ہین کہ اُن لوگون سے کوئی دوزخ کی طرف نجاویگا

اور قرآن سے

اور قرآن سے ثابت ہوتا ہے کہ سب کا گذار دوزخ پر ہو گا حضرت نے یہ جواب دیا کہ ہر چند
دوزخ پر سب کا گذار ہو گا لیکن پرہیزگار لوگ بچینگے اور کافر اسمین کر رہینگے تو دوزخ
مین داخل ہونا ثابت نہوا م عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ لَا يَدْخُلَنَّ رَجُلٌ بَعْدَ يَوْمِي م ۲۷
هٰذَا عَلَى مُغَيْبَةٍ اِلَّا وَمَعَهُ رَجُلٌ اَوِ اثْنَانِ مسلم مین عبداللہ بن عمر رضہ سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ نہ آیا کرے کوئی مرد میرے اس دن کے بعد اس عورت پاس جسکا
خاوند سفر کو گیا ہو یا مر گیا ہو مگر کہ اسکے ساتھ ایک اور مرد ہو یا دو مرد ہون ف
یعنی جس عورت کا خاوند غائب ہو اسکے پاس کوئی مرد اکیلا نہ جایا کرے اور اگر دو تین
مرد ہون تو مضائقہ نہین مرد اور عورت کے تنہائی مین بڑے فساد ہین اسواسطے حضرت نے خلوت
منع فرمائی ق اُمُّ سَلَمَةَ لَا يَدْخُلَنَّ هٰؤُلَاءِ عَلَيْكُمْ يَعْنِي الْمُخَنَّثِينَ بخاری ق ۷۵
اور مسلم مین ام سلمہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ نہ اندر آیا کرین تمہارے پاس یعنی یہہ مخنث
زنانے ف حضرت ام سلمہ سے روایت ہے کہ ہمارے گھر مین ایک زنانہ مرد آیا حضرت نے اسکو دیکھ
یہہ حدیث فرمائی معلوم ہوا کہ عورتون کو زنانے مردون سے پردہ کرنا ضرور ہے مخنث اسکو
کہتے ہین جو مہرا اور زنانہ مرد ہو خ اَبُوْ اُمَامَةَ لَا يَدْخُلُ هٰذَا بَيْتَ قَوْمٍ خ ۷۶
اِلَّا اَدْخَلَهُ الذُّلَّ قَالَهُ لَمَّا رَاَى شَيْئًا مِنْ اٰلَةِ الْحَرْثِ بخاری مین ابو امامہ رضہ سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ نہین داخل ہوتا ہے یہہ کھیتی کا اسباب کسی قوم کی گھر مین

کہ اُس قوم مین ذلت اور خواری داخل کرتا ہے یہہ حضرتنے فرمایا جب کہیتی کا اسباب
دیکھا ف یعنی جس قوم نی جہاد چھوڑا اور کہیتی مین مشغول ہوئی وہ بی شک ذلیل اور
بیقدر ہوئی کہ حاکم اُنکو محصول کی واسطے پکڑتا ہے اور مارتا ہے اور ہزار طرح سے ذلیل کرتا ہے
اس حدیث مین اشارہ ہے کہ مسلمان جہاد چھوڑین اور دنیا کمانی مین نہ مشغول ہون نہین
تو ذلیل اور خوار ہونگے اور کافر غالب ہوجاوینگے چنانچہ اِس زمانی مین ویسا ہی ہوا

ق ۷۷ ق اُسامۃ بن زید لا یرث المسلم الکافر ولا الکافر المسلم ۔
بخاری اور مسلم مین اسامہ بن زید سے روایت ہے کہ حضرتنے فرمایا کہ میراث نہ پاویگا مسلمان
کافر کی اور نہ کافر مسلمان کی ف یعنی کافر اور مسلمان مین وراثت نہین ہے اگر ایک کا باپ
کافر ہو تو مسلمان بیٹا اُسکا حصہ نہ لیوے اور نہ مسلمان باپ کا کافر بیٹا حصہ پاوے
اور یہی مذہب ہے چار اماموں کا خ ۷۸ خ جریر لا یرحم اللہ من لا یرحم الناس
بخاری مین جریر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرتنے فرمایا کہ نہ رحم کریگا خدا اُسپر جو
لوگون پر رحم نہین کرتا ف یعنی ظالم پر جو آدمیون کو ناحق ستاوے خواہ زبان سے

ق ۷۹ خواہ ہاتھ سے خدا کی رحمت نہوگی ق ابو ہریرۃ لا یزال احدکم فی صلوٰۃ
ما دامت الصلوٰۃ تحبسہ لا یمنعہ ان ینقلب الی اھلہ
الا الصلوٰۃ بخاری اور مسلم مین ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ حضرتنے فرمایا کہ تم مین سے

ہر کوئی نماز ہی مین ہے جب تک اُسکو نماز ہی روکے ہے نہین کوئی چیز اُسکو اپنی
گھر والونکی طرف آنے سے روکے ہے سوے نماز کی ف یعنی مسجد مین جتنی دیر جماعت کے
انتظار مین گذرتی ہے وہ سب نماز مین داخل ہے نماز کی برابر وقت انتظار کا بھی ثواب
ملیگا شرط یہ کہ سواے انتظار نماز کے اور کسی کام کی واسطے مسجد مین نہ ٹہرا ہو خ
۶۸۰ ابن عمر لا یزال المرأ فی فسحۃ من دینہ ما لم یصب دما حراما
بخاری مین عبداللہ بن عمر سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ہمیشہ مرد اپنی دین کی راہ سے
گشایش اور امان مین ہے جب تک ناحق خون نہ کیا ہو ف معلوم ہوا کہ بعد
شرک کی نہایت سخت گناہ ناحق خون ہے جسکے سبب سے دین مین تنگی ہو جاتی ہے
مسلمان اور گناہون سے اسکا زیادہ تر خیال رکھے کہ قیامت مین خدا پہلی خون کا معاملہ
فیصل کریگا اور قرآن مین خونی کو دوزخ کا وعدہ ہے خ سہل بن سعد لا یزال
ح ۶۸۱ الناس بخیر ما عجلوا الفطر بخاری مین سہل بن سعد سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
کہ ہمیشہ لوگ خیر سے رہینگے جبتک روزہ جلد کہولا کرینگے ف سورج ڈوبتے
اول وقت روزہ کہولنا مستحب ہے اور سبب ہے خیر کا اسواسطے کہ حضرت کی سنت ہے
۶۸۲ دیر کرنا جیسے بعضے ناواقف شیعونکی صحبت سے کرتے ہین مکروہ ہے م سعد
بن ابی وقاص لا یزال اہل الغرب ظاہرین علی الحق حتی تقوم

الساعة مسلم مین سعد بن ابی وقاص سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ہمیشہ ڈول والے
لوگ یعنی انصاری یا تمام عرب کے لوگ قائم رہینگے حق دین پر قیامت تک ف
بعضی کہتی ہین شام کی لوگ مراد ہین یا مغرب کے ملک کے یا جہاد کرنیوالے عرب کو ملا دو
اسواسطے فرمایا کہ انکے ملک مین دریا نہین کہینون کو وہ لوگ ڈول اور چرسون سے
سیچتے ہین واللہ اعلم ق المغیرۃ بن شعبۃ لا یزال ناس من امتی ظاہرین ق ۴۳
علی الحق حتی یاتیہم امر اللہ وہم ظاہرون بخاری اور مسلم
مین مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ایک گروہ میری امت سے
ہمیشہ قائم اور غالب رہینگے جب تک قیامت آویگی اور وہ غالب ہی رہینگے
مراد اس گروہی جہاد کرنیوالے لوگ ہین اور امام احمد بن حنبل نے کہا کہ علماء حدیث مراد ہین
اسواسطے کہ سب علماء دین کو حدیث کی حاجت ہے علم تفسیر اور فقہ اور تاریخ والے اسب حدیث کے
محتاج ہین اور بدعتی لوگون پر اہل حدیث غالب رہتے ہین جو وہ لوگ نئی بدعت نکالتے ہین
اسکو اہل حدیث پیغمبر کی حدیث سے مٹاتی ہین م ابو ہریرۃ لا یزالون فسألونک یا ابا م ۲۸۴
ہریرۃ ہذا اللہ فمن خلق اللہ مسلم مین ابو ہریرہ سے روایت ہے حضرت نے
فرمایا کہ ہمیشہ تجھسے پوچھتے ہین اے ابی ہریرہ کہ بھلا یہہ تو خدا نے پیدا کیا سو خدا کو کس نے
پیدا کیا ف ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ شیطان لعین جبان الٹا ہے کہ زمین آسمان

کسنے بنایا تو کہتا ہے خدا نی تو شیطان پوچھتا ہے کہ خدا کو کسنے بنایا تو اُسوقت تو
قل ہو اللہ پڑہ کر یعنے شیطان قرآن سی دفع ہو گا اور دوسری روایت ابو ہریرہ سے
ہے کہ چند گنوار لوک مسجد مین آئے مجھسے پوچھا کہ اللہ کو خدا کو کسنے پیدا کیا مین وہان سے
اُٹھا اور مین نی کہا ہیچ فرمایا تھا حضرتنے کہ ایسے سوال کرنیوالے احمق ہی ہوتے ہین ف
ہر انسان صاف طبیعت کی یہہ پیدایشی بات ہے کہ وہ جانتا ہے کہ ہر چیز کا پیدا کرنیوالا
خدا ہے اور اُسکے پہلی کوئی چیز نہین جو اُسکو بنا وے اور ہزارون دلیل عقلی سی یہی بات
ثابت ہے ایسا سوال وہی کریگا جسکی اصل پیدایش مین خلل ہے اور عقل مین نقصان
اور یہہ عجب حماقت کا سوال ہے کہ جب اُسکو خدا کہا تو پھر اُسکے پیدا کرنیوالے کو
پوچھنا عجب نادانی ہے کہ اگر خدا کا پیدا کرنیوالا کوئی ہو تو وہ خدا کاہیکو باقی رہا
وہ بھی مخلوق ہو کیا مثل اور مخلوقات کے جب ایسا ہی کسیکو خیال آوے تو اعوذ باللہ
مین الشیطان الرجیم پڑہے خ اِنَّ عُمَرَ لَا یَزَالُ هٰذَا الْاَمْرُ فِیْ قُرَیْشٍ مَا
بَقِیَ مِنْهُمُ اثْنَانِ بخاری مین عبد اللہ بن عمر سے روایت ہے کہ حضرتنے فرمایا کہ ہمیشہ اس
خلافت اور سرداری کا حق قوم قریش کے واسطے ہے جب تک اُس قوم مین دو آدمی
بھی باقی رہینگے ف یعنی سوا قریش کے کسی قوم کو اسلام کی سرداری کا حق نہین
یا یہہ مراد ہے کہ قیامت تک قریش کی حکومت قائم رہے گی اگرچہ بعضے ملک مین ہو

خ ۱۵

م چنانچہ اب بہی یمن کا اور مغرب کا حاکم سید ہے م ابو ہریرۃ لا یستر عبد
عبدا فی الدنیا الا ستر ہ اللہ یوم القیمۃ مسلم مین ابو ہریرہ سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ نہ عیب چہپاوے گا کوئی بندہ کسی بندے کا دنیا مین مگر خدا اُسکے
عیب قیامت مین چہپاوے گا ف اور دوسرا مطلب حدیث کا یہہ کہ جو کپڑا ایسے
کسی کا بدن چہپاوے یعنی ننگے آدمی کو کپڑا دیوے خدا اُسکے گناہ آخرت مین چہپاوے گا

م م سلمان لا یستنج احدکم بدون ثلثۃ احجار مسلم مین سلمان رضی اللہ
عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ کوئی تم مین بدون تین پتہر یا ڈہیلے کی استنجا کیا
کرے ف حاضرور کی بعد تین ڈہیلے لینا سنت ہے اور یہی مذہب ہے امام شافعی کا
امام اعظم کی نزدیک اگر ایک ڈہیلے سی بہی صفائی حاصل ہو تو کفایت کرتا ہے
اور تین ڈہیلے لینا مستحب ہے فرض نہین

ق ق ابو ہریرۃ لا یسم المسلم علی سوم اخیہ المسلم بخاری اور مسلم مین ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
نہ مول ٹہراوے مسلمان اپنے بہائی مسلمان کے مول ٹہرے پر ف یعنی اگر چیز کا مول
ٹہر گیا ہو اور مالک راضی ہو چکا ہو تو دوسرا آدمی زیادہ قیمت دیکر اُسکو مول
نہ لیوے کہ اسمین دوسرے مسلمان کی حق تلفی ہے

ج خ ابو سعید لا یسمع مدی صوت المؤذن جن ولا انس ولا شیء الا شہد لہ یوم القیمۃ

بخاری

بخاری مین ابو سعید رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جہان تک موذن کی آواز پہنچتی ہے
وہان تک جو جن اور آدمی اور کوئی چیز سنے گا وہ اذان دینے والے کے واسطے قیامت مین
گواہی دیگا ف یعنی اُسکے ایمان کی اور اِس بات کی کہ وہ لوگون کو نماز کی واسطے
بُلایا کرتا تہا گواہی دینگے سب سننے والے جن اور آدمی اور فرشتے اور جانور اور درخت
اور زمین اور جہا اسیواسطے مستحب ہے کہ خوب زور سی اذان کہے ق ابو ہریرۃ لا ۶۹۱ ق
یُشِرْ اَحَدُکُمْ اِلٰی اَخِیْہِ بِالسِّلَاحِ فَاِنَّہٗ لَا یَدْرِیْ اَحَدُکُمْ لَعَلَّ الشَّیْطَانَ
یَنْزِعُ مِنْ یَدِہٖ فَیَقَعُ فِیْ حُفْرَۃٍ مِنَ النَّارِ بخاری اور مسلم مین ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ نہ اشارہ کرے کوئی اپنے بہائی مسلمانکی طرف ہتہیار سے اسواسطے
کہ نہین معلوم کسکو شاید شیطان اسکے ہاتہ سے کہینچ لیوے پہر تو گر پڑے دوزخ کی گڑہے مین
ف یعنے ہتہیار سے اشارہ کرنی مین یہہ خوف ہے کہ شاید ہاتہ سے چوٹ پڑی اور مسلمان
مرجاوے تو قاتل دوزخ مین پڑے معلوم ہوا کہ ہتہیار سے اشارہ کرنا حرام ہے
م ابو ہریرۃ لَا یَشِرْ اَحَدٌ مِنْکُمْ قَائِمًا فَمَنْ فَعَلَ فَلْیَسْتَقِئْ ۹۲ م
مسلم مین ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ نہ پیوے کوئی تم مین سے کہڑے
ہوکر سو جو بہول کر پی جاوے وہ قی کر ڈالے ف کہڑے ہوکر پینا بعضون کے نزدیک
حرام ہے اور بعضون کی نزدیک مکروہ اسواسطے کہ کہڑے اچھی طرح آرام سے پیا نہین جاتا اور

بعضی روایت مین آیا ہے کہ اُسسے درد جگر پیدا ہوتا ہے اور طب مین بھی منع ہے
کہ بیماری پیدا کرتا ہے بسیوطی شاید قی کرنی کو فرمایا عبداللہ بن عمر اگر کھڑے ہوکر
ف ۷۹۴ پیوسے پی جاتے تو قی کر ڈالتے اور اکثر علما کی نزدیک قی کرنا واجب نہین ہر ابو
هُرَيْرَةَ لَا يَصْبِرُ عَلَى لَاوَاءِ الْمَدِينَةِ وَشِدَّتِهَا أَحَدٌ مِنْ أُمَّتِي إِلَّا
كُنْتُ لَهُ شَفِيعًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ أَوْ شَهِيدًا اسلم مین ابوہریرہ سے روایت ہے کہ
فضیلت بطن مدینہ و صبر بر شدائد آنجا حضرت نے فرمایا کہ جو میری امت سے مدینے کی قحط اور شدت اور سختی پر صبر کریگا اور
ٹھہرا رہے گا مین اُسکو قیامت کے بخشا دونگا یا اُسکا گواہ ہونگا ف یہہ فضیلت ہے
مدینے کی اور بشارت ہے وہان کی رہنے والون کو اور ہشارہ ہے کہ اگر وہان تکلیف بھی ہو
ف ۷۹۵ تو لوگ وہان کا رہنا نچھوڑین ہر ابو سعید لَا يَصْلُحُ الصِّيَامُ فِي يَوْمَيْنِ
يَوْمِ الْأَضْحَى وَيَوْمِ الْفِطْرِ مِنْ رَمَضَانَ مسلم مین ابوسعید رض سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ روزہ رکھنا درست نہین دو دنون مین ایک تو عید قربانی کے
دن دوسرے رمضانکی عید الفطر مین ف دونون عیدون مین روزہ رکھنا حرام ہے
ف ۷۹۶ سب مجتہدون کی نزدیک ق أَبُو هُرَيْرَةَ لَا يُصَلِّي أَحَدُكُمْ فِي الثَّوْبِ الْوَاحِدِ
لَيْسَ عَلَى عَاتِقِهِ مِنْهُ شَيْءٌ بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ رض سے روایت ہے کہ
حضرت نے فرمایا کہ کوئی تم مین نماز نہ پڑھا کرے ایک کپڑے مین اس طرح کہ کندھے

اُس کپڑے سے کچھ بھی ہو ف کہلے کندھے نماز پڑھنا مکروہ ہے کہ بی تعظیمی ہے نماز کی اگر
لنبا کپڑا ہو تو آدھے کالک باندھے اور آدھی سی کندھے چھپا دے اور اگر چھوٹا کپڑا ہو تو ناچار ہے حرف
لیکن نماز کے نماز پڑھ لے معلوم ہوا کہ جسکے پاس اور بھی کپڑا ہو تو صرف ایسا ہی نماز پڑھنا کندھے کھول کر کرو

ق لا یصلین احد ن الظہر ویدی العصر الا فی بنی قریظۃ قالہ منصرفہ من الاحزاب

بخاری اور مسلم مین عبداللہ بن عمر سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ نہ کوئی نماز پڑھے ظہر کی اور
ایک روایت مین عصر کی مگر بنی قریظہ مین یہہ حضرت نے کفار کے گروہوں کے لوٹتے وقت فرمایا

ف بنی قریظہ یہودی لوگ تھی مدینے کے قریب دو تین کوس انکی بستی اور گڑھی تھی حضرت مین
اور انمین صلح تھی جب پانچوین سال ہجری کے بعد جنگ اُحد کی کفار قریش عرب کے بہت قومکو
مدینے پر چڑھا لائے تو یہودی بنی قریظہ نی بھی حضرت سے قول توڑا اور کافرونکے شریک ہوئے
اس لڑائی کو جنگ خندق اور جنگ احزاب کہتے ہین کافرونکا لشکر دس ہزار تھا اور حضرت کا
لشکر تین ہزار چند روز کافر مدینے کو گھیرے رہے خدا نی بہایت سرد ہوا چلائی کافر
نہ ٹھہر سکے ناامید پلٹ گئی تب حضرت کو حکم ہوا کہ بنی قریظہ سی لڑو تب حضرت نے اصحاب سے
یہہ حدیث فرمائی بخاری اور مسلم مین باقی قصہ حدیث کا یون ہے کہ اصحاب حضرت کے
حکم سے چلے عصر کا وقت راہ مین جا لگا بعضون نی راہ مین نماز پڑھ لی اور کہا حضرت کو یہہ
غرض نہ تھی کہ اگرچہ نماز کا وقت جاتا رہے کوئی راہ مین سوا بنی قریظہ کے نماز نہ پڑھے

بلکہ غرض حضرت کے کلام سے جلدی جانا تہا اور بعضی اصحاب نے راہ مین نماز نہ پڑہی اور کہا کہ ہم تو
بنی قریظہ مین جاکر پڑہینگے اگرچہ نماز کا وقت جاتا رہے حضرت نے ہم سی وہین نماز کو فرمایا
پہر یہہ حال یعنی بعضون کے نماز پڑہنے کا اور بعضون کے نہ پڑہنے کا حضرت کے روبرو ذکر ہوا
حضرت کسی پر ناخوش نہوئے یعنی دونو اچہا سمجہے ف جیسا حضرت کے اصحاب
حدیث سے دو مطلب سمجہی بعضون نے ظاہر حدیث پر عمل کیا اور بعضون نے قیاس کیا اور
سبب نکالا ویسے مجتہد لوگ بعضی جگہ قرآن اور حدیث کے کئی طرح مطلب سمجہتے ہین
اور سب حق پر ہین اسیطرح اہل سنت وجماعت چاروں اماموں کے مذہب کو حق جانتے ہین اور
یہہ جو بعضی ناواقف کہتی ہین کہ کیون ایک دین محمدی مین اختلاف کیا اور چار مذہب ہوئے
اس حدیث صحیح سی معلوم ہوا کہ وہ لوگ نادان ہین ایسی اختلاف مین کچہہ حرج نہین حضرت کے
روبرو ایسا اختلاف حضرت کے اصحاب مین ہوا اور حضرت نے درست رکہا خ ۹۷ ابوہریرہ
لَا یَصُمْ اَحَدُکُمْ یَوْمَ الْجُمُعَۃِ اِلَّا یَوْمًا قَبْلَہٗ اَوْ بَعْدَہٗ ؎ بخاری مین ابوہریرہ سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ نہ کوئی روزہ رکہے فقط جمعہ کے دن مگر یون متصل نہین
کہ جمعے سے پہلے بہی ایک روزہ رکہے یا بعد ف یعنے صرف جمعے کے دن روزہ نہ رکہے خواہ پنجشنبہ
اور جمعہ روزہ رکہے خواہ جمعہ اور ہفتہ رکہے یعنی دو ملا کر رکہے تاکہ یہودیون سے مشابہت نہو
کہ وہ ایک ہی روزہ صرف ہفتہ کو روزہ رکہتے ہین خ ۹۸ ابوہریرہ لَا یَغْتَسِلُ

احدکم

أَحَدُكُمْ فِي الْمَاءِ الدَّائِمِ وَهُوَ جُنُبٌ بخاری مین ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ نہاوے کوئی ٹہرے ہوئی پانی مین ناپاک ہوکر ف یعنی اگر حوض چہوٹا ہوگا
تو ناپاکی کے غسل سی پاک ہوجاویگا حنفی مذہب مین دہ دردہ حوض یعنی چارون طرف
دس دس گز تہہ کا حوض مانند دریا کے ہے کہ ناپاکی گرنی سی ناپاک نہین ہوتا جب تک اسکا
رنگ اور مزہ اور بو نہ بگڑے اور شافعی مذہب مین قلتین مانند دریا کے ہے جب تک رنگ
اور مزہ اور بو نہ بگڑے قلتین دو بڑی مٹکے جسمین ہزار رطل بغدادی پانی سماوے م ابُو م ٦٦٩
هُرَيْرَةَ لَا يَفْرَكْ مُؤْمِنٌ مُؤْمِنَةً إِنْ كَرِهَ مِنْهَا خُلُقًا رَضِيَ آخَرَ
مسلم مین ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مسلمان مرد مسلمان جورو سی دشمنی نرکہے
اگر برا جانتا ہے اسکی کسی خو کو تو راضی ہوگا دوسری خو سی ف یعنی ایسی عورت
جسکی سب خو بہتر ہو تو کہان تو چاہیے کہ اگر عورت کی کوئی خو بری معلوم ہو تو دوسری
کوئی خو ہمین نیک ہی ہوگی اسی خو سی اپنے دل کو تسکین دیکر راضی رہے جورو خاوند کی
دشمنی اور ناموافقت مین بڑی فساد ہین اسواسطے حضرت نے موافقت رکھنی کو فرمایا خ
أَبُو بَكْرَةَ لَا يُفْلِحُ قَوْمٌ تَمَلَّكُهُمُ امْرَأَةٌ بخاری مین ابو بکرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ نہ بہلا ہوگا اُس قوم کا جن پر حاکم اور مالک عورت ہو ف جب شیرویہ
نوشیروانکا پوتہ مرگیا اُسکی ماہن جسکا نام پوران تہا ایرانکی بادشاہ ہوئی تب حضرت نے

یہہ حدیث فرمائی یعنی بادشاہی اور حکومت کے واسطے عقل اور تدبیر چاہیے عورت ناقص
العقل سے بندوبست ممکن نہین تو رعیت برباد ہوا چاہے اسیواسطے شرع مین عورت کا امام
اور قاضی ہونا درست نہین اور یہہ مطلب بھی اس حدیث سے نکلتا ہے کہ جو مرد جورو کی قابو مین
ہوا خراب گیا ۴۰۱ م مُطِیعُ بْنُ الْاَسْوَدِ لَا یُقْتَلُ قُرَشِیٌّ صَبْرًا بَعْدَ هٰذَا الْیَوْمِ
قالہ یَوْمَ فَتْحِ مَکَّۃَ مسلم مین مطیع بن اسود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ
نہ قتل ہوگا قوم قریش سے کوئی خواری اور قید سی اس دن کے بعد یہہ حضرت نے فتح مکہ کی دن فرمایا
ابن خطل ایک کافر تھا حضرت کو اس نے بہت رنج دیا تھا فتح مکہ کی دن کسی نے حضرت سے
کہا کہ فلانا شخص کعبہ کی پردہ مین چھپا ہے حضرت نے فرمایا اسکو پکڑ لاؤ لوگ اسکی مشکین
باندہ کر پکڑ لائے پھر وہ قتل ہوا تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنی سب قریش مسلمان
ہونکے بعد اسلام کے کوئی مرتد نہوگا جو اس طرح قید ہوکر مارا جاوے اور یہہ مطلب نہین کہ کوئی
قریشی ظلم سے مارا نجاویگا اسواسطے کہ بہت قریشی ظلم سی شہید ہوئے چنانچہ کربلا کا قصہ مشہور ہے
اور فضل بن روزبہان اصفہانی نے اپنی شرح مین امام حافظ اسمعیل کی کتاب السیر سے
یون نقل کیا ہے کہ یہہ حدیث حضرت نے جنگ بدر کی بعد جب نضر بن حارث قتل ہوا
تہا فرمائی واللہ اعلم ۴۰۲ م اَبُوْ هُرَیْرَۃَ لَا یَقْعُدُ قَوْمٌ یَذْکُرُوْنَ اللّٰهَ اِلَّا
حَفَّتْهُمُ الْمَلٰٓئِکَۃُ وَغَشِیَتْهُمُ الرَّحْمَۃُ وَنَزَلَتْ عَلَیْهِمُ السَّکِیْنَۃُ وَذَکَرَهُمُ

فضیلت ذکر اللہ

اللّٰہ فیمن عندہ مسلم مین ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جو لوگ بیٹھتے
ہین خدا کی ذکر کرنی اور یاد کرنی کو تو انکو فرشتے چارون طرف سے گھیر لیتے ہین اور خدا کی رحمت
انکو چھپا لیتی ہے اور اُنپر آرام اور چین اُترتا ہے اور خدا انکا ذکر کرتا ہے اُنمین جو خدا کی
پاس ہین یعنی فرشتون اور پیغمبرونکی روحون مین ف یعنی ذکر خدا کی اتنی بڑی فضیلت ہے
کہ ذکر کرنے والون کو چارون طرف سی فرشتے گھیر لیتی ہین تاکہ ذکر کی برکت مین شریک
ہون اور خدا کی بی شمار رحمت اُنپر نازل ہوتی ہے اور دل مین لذت اور چین حاصل ہوتا ہے
اور عرش پر انکا ذکر خدا کرتا ہے کہ فلانی میرے بندی ایسی ہین جو مجھکو یاد کرتی ہین زہی
قسمت ذکر کرنی والونکی اور زہی قدر دانی خدا کی قرآن اور حدیث پڑہنا خدا کا نام لینا
لوگون کو وعظ اور نصیحت کرنا درود اور کلمہ پڑہنا نماز پڑہنا یہہ سب ذکر مین داخل ہے

خ ۷۰۳ خ ابوہریرۃ لا یقل احدکم اطعم ربک وضئ ربک اسق ربک
ولا یقل احدکم ربی ولیقل سیدی ومولای بخاری مین ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ کوئی تم مین نکہا کری یعنی غلام سی کہ کہا نا کہلا اپنی رب کو وضو کروا
اپنے رب کو پانی پلا اپنے رب کو اور نہ کوئی غلام یون کہے کہ فلانا میرا رب ہے اور چاہئے کہ یون
کہے کہ فلانا میرا سید ہے اور مولا ہے یعنی میرا میان ہے ف عرب کی زبان مین غلام کے
مالک کو رب بہی کہتے تہے سو حضرت نے اسکو منع کیا کہ اسمین شرک کی بو نکلتی ہے

رب سوای خدا کے کسیکو بولنا مناسب نہین خ ابوھریرۃ لا یقولن احدکم
اللھم اغفرلی ان شئت اللھم ارحمنی ان شئت لیعزم المسئلۃ فانہ
لا مکرہ لہ بخاری مین ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا نہ کوئی یون کہا کرے
کہ یا اللہ مجھکو بخش دے اگر تو چاہے اے خدا مجھپر رحم کر جو تو چاہے بلکہ چاہئے کہ پکا قصد
کرکے دعا مانگے اسواسطے کہ خدا پر کوئی جبر کرنیوالا نہین جو دعا نہ قبول ہونے دیوے ف
یعنے خدا مالک مختار ہے کہ کوئی اسکا رد کرنے والا نہین پھر یہہ کہنا کہ اگر تو چاہ تو میری دعا
قبول کر اسمین بے پرواہی نکلتی ہے اور تردد اور احتمال بوجہا جاتا ہے تو شرط کرنا اور
قید لگانا نچاہئے بلکہ خدا کی کرم پر بھروسا کرکے یقین کرے کہ میری دعا ضرور قبول
ہوگی شک اور تردد نکرے اسواسطے کہ خدا کی نزدیک کچھہ مشکل نہین اسکا رد کرنے والا کون ہے

ق ابن مسعود لا یقولن احدکم انی خیر من یونس بن متی وفی روایۃ
ما ینبغی لاحد ان یکون خیرا من یونس بن متی بخاری اور مسلم مین ابن مسعود سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ہرگز کوئی یون نکہے کہ البتہ مین بہتر ہون حضرت یونس
پیغمبر متے کے بیٹے سے اور ایک روایت مین یون ہے کہ لایق نہین کسی کو کہ یونس بن متی سے
بہتر بنے ف سب پیغمبر ساری جہان سے افضل ہین انپر کوئی افضل نہین ہوسکتا ق
عائشۃ لا یقولن احدکم خبثت نفسی ولکن لیقل لقست نفسی

بخاری اور مسلم ہین

بخاری اور مسلم مین حضرت عایشہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ یہہ ہرگز نہکہے کوئی کہ میرا نفس خبیث ہوا یعنی پلید اور نجس ہوا ولیکن چاہئے یون کہے کہ میرا نفس دین مین کاہل اور سست ہوا ف یعنے خبیث اور پلید کافر کا لقب ہی مسلمان اپنے تئین نہ کہے سست اور کاہل کہنا مضائقہ ہین حضرت کا معمول تھا کہ بُرے بول کو بھی بھلے سی بدل ڈالتے تھے م اَبُوْ هُرَيْرَةَ لَا يَقُوْلَنَّ اَحَدُكُمْ عَبْدِيْ وَاَمَتِيْ كُلُّكُمْ عَبِيْدُ اللّٰهِ وَكُلُّ نِسَائِكُمْ اِمَاءُ اللّٰهِ وَلٰكِنْ لِيَقُلْ غُلَامِيْ وَجَارِيَتِيْ وَفَتَايَ وَفَتَاتِيْ مسلم مین ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ہرگز نہکہے کوئی اپنے غلام کو میرا بندہ اور لونڈی کو میری بندی تم سب لوگ خدا کے بندے ہو اور عورتین تمہاری خدا کی بندیان ہین ولیکن چاہئے کہ یون کہے کہ میرا غلام اور میری لونڈی اور میرا جوانمرد اور میری جوان عورت ف یعنے سچی بندگی کے لائق سوا خدا کے کوئی نہین اسواسطے منع فرمایا کہ ہین شرک کی بو نکلتی ہے اور تاکہ غلامون کے مالک غرور اور گھمنڈ سے بچین اس حدیث سے معلوم ہوا کہ عبدالنبی اور بندہ علی اور بندہ حسن نام رکھنا درست نہین م اَبُوْ هُرَيْرَةَ لَا يَقُوْلَنَّ اَحَدُكُمْ يَا خَيْبَةَ الدَّهْرِ فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ الدَّهْرُ مسلم مین ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ کوئی یون ہرگز نہ کہے کہ اے کمبختی زمانے کی اسواسطے کہ زمانیکا پھیرنیوالا تو خدا ہی ہے ف زمانیکو بد کہنا اسواسطے منع کیا کہ زمانہ خدا کے قبضہ قدرت مین اسکا پھیرنیوالا خدا ہے تو

م ۸۰۸ حذف شفع

م ۸۰۹

زمانے کو بد کہنا گویا کہ خدا سے بے ادبی کی اسکی تقدیر کو بد کہا اور اگر زمانے کو خود مختار جانکر بد
کہتا ہے تو صاف کافر اور مشرک ہوا معلوم ہوا کہ زمانے اور فلک کو بد کہنا جیسا کہ شاعروں کی عادت
ہے شرع مین ہرگز درست نہین ۸۱۰ م جابر لا یقیمن احدکم اخاہ یوم الجمعۃ ثم یخالف
الی مقعدہ فیقعد فیہ ولکن یقول تفسحوا اسلم مین جابر رضی سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ ہرگز نہ اٹھا دی کوئی اپنے بھائی مسلمان کو جمعہ کے دن پھر پیچھے سی اسکے
بیٹھنے کی مکان پر جا بیٹھے ولیکن یون کہے کہ کھل بیٹھو ف مسجد مین نماز کو جو جہان
اگر بیٹھا ہو سکو اٹھانا اپنے بیٹھنے کی واسطے نہین درست لیکن یون کہنا درست ہے کہ کھل بیٹھو
صاحبو تاکہ سب کو جگہ ہو جاوی ۸۱۱ ق ابن عمر لا یقیمن احدکم الرجل من مجلسہ
ثم یجلس فیہ بخاری اور مسلم مین عبداللہ بن عمر سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ہرگز کوئی
نہ اٹھا دی کسی مرد کو اسکے مکان سے پھر وہان آپ بیٹھے ف اگلی حدیث خاص مسجد کے ذکر مین
تھی اور یہہ حدیث عام ہے مسجد ہو یا اور کوئی مکان معلوم ہوا کہ جو شخص مدرسے مین یا خانقاہ مین
رہتا ہو یا کوئی شخص کسی مکان پر بازار مین بیٹھا ہو تو وہی اگلا شخص وہان کا حق دار ہے
اگرچہ وہ ایک روز کہین گیا بھی ہو ۸۱۲ م ابو ہریرۃ لا یقولن احدکم الکرم فانما
الکرم قلب المؤمن ابو ہریرہ رضی سے کہ حضرت نے فرمایا کہ ہرگز کہا کرے کوئی انگور کو کہ
کرم سو کرم تو حقیقت مین ایماندار کا دل ہے ف کرم کے معنے سخاوت ہین عرب کے لوگ

انگور کو کرم کہتے تھے اسواسطے کہ اسکی بنی شراب کے پینے سے آدمی کی مزاج مین سخاوت ہوتی ہے
سو حضرت نے منع کیا جس سے حرام ناپاک چیز نے اسکو یہ عمدہ لفظ کرم کی بولنا ہرگز لائق نہین بلکہ
کرم مناسب ہے ایماندار کے دل کو کہنا جسمین نور ایمان اور سخاوت ہے پھر حضرت نے فرمایا کہ انگور کے
باغون کو حدائق الاعناب کہا کرو معلوم ہوا کہ بری چیز کا اچھا نام نرکھے ق سَعْدُ بْنُ اَبِیْ ق ۸۱۳
وَقَّاصٍ لَا یُرِیْدُ اَھْلَ الْمَدِیْنَۃِ اَحَدٌ اِلَّا انْمَاعَ کَمَا یَنْمَاعُ الْمِلْحُ فِی الْمَاءِ بخاری
اور مسلم مین سعد بن ابی وقاص سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جو مدینے والون کو مکر اور حیلہ
کرکے رنج دیگا وہ گل جاویگا جیسے نمک پانی مین گل جاتا ہے ق اِبْنُ عُمَرَ لَا یَلْبَسُ ق ۸۱۴
الْمُحْرِمُ الْقَمِیْصَ وَلَا الْعِمَامَۃَ وَلَا الْبُرْنُسَ وَلَا السَّرَاوِیْلَ وَلَا ثَوْبًا
مَسَّہٗ وَرْسٌ وَلَا زَعْفَرَانٌ وَلَا الْخُفَّیْنِ اِلَّا اَنْ لَّا یَجِدَ نَعْلَیْنِ فَلْیَقْطَعْھُمَا
حَتّٰی یَکُوْنَا اَسْفَلَ مِنَ الْکَعْبَیْنِ بخاری اور مسلم مین عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ نہ پہنے حج کا احرام باندھنے والا کرتہ اور پگڑی اور نہ کن ٹوپی
اور نہ پاجامہ اور نہ جس کپڑے مین ورس یعنے زرد خوشبودار گھاس اور زعفران
لگی ہو اور نہ موزے پہنے مگر جب چپل جوتا نہ پاوے تو دونون موزون کو وہان تک
کاٹے کہ پشت پاسے نیچے ہو جاوین ف اس حدیث پر سب امامون کا عمل ف ۸۱۵
ہے کہ احرام والے کو یہ چیزین درست نہین م عَمَارَۃُ بْنُ رُوَیْبَۃَ لَا یَلِجُ م

النار من صلی قبل طلوع الشمس وقبل غروبها مسلم بن عمار بن رویبہ سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ نجاویگا دوزخ میں جسنے سورج نکلنے اور ڈوبنے سے پہلے نماز
پڑھی ف فجر اور عصر کا وقت ہے اور عصر کا ربار دنیا کا وقت ہی اسواسطے ان وقتوں کی نماز کا
اتنا اثر اور ثواب ہوا ق ابن عمر لا یلدغ المومن من جحر مرتین بخاری اور مسلم ق ۶۱۶
ہیں عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ایماندار نہیں کاٹا جاتا
ایک سوراخ سے دو بار ف یعنے ایماندار دین کے کام میں ایک بار دھوکہا اور فریب
کھاکر دوسری بار فریب نہیں کھاتا جیسے غفلت سے ایکبار کوئی گناہ اُسسے ہوگیا اور پھر سچیتا کر
اُسسے توبہ کی تو پھر دوبارہ اُس گناہ کے گرد نہیں جاتا یہہ تعریف ہے کامل ایماندار کی
روایت ہے کہ ابوعزہ شاعر جنگ بدر میں پکڑا آیا حضرت سے اُسنے
منت کی اور وعدہ کیا کہ اب میں دوسری بار کافروں کا ساتھہ نہ دونگا
حضرت نے اُسکو چھوڑ دیا دوسری بارہ وہ کافروں کے ساتھہ جنگ احد میں
آیا اور گرفتار ہوا پھر منت کرنے لگا کہ اِس قصور کو معاف کیجئے اب ہرگز
کافروں کا ساتھہ نہ دونگا تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنے اب ہم دوبارہ
فریب میں نہیں آتے پھر وہ قتل ہوا ق ابن عمر لا یمسک احدکم ق ۶۱۷
ذکرہ بیمینہ وھو یبول ولا یتمسح فی الخلاء

بیمینہ

بِيَمِينِهِ وَلَا يَتَنَفَّسْ فِي الْإِنَاءِ بخاری اور مسلم مین عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ کوئی ہرگز نہ پکڑے اپنا ناز اپنے داہنے ہاتھ سے پیشاب کرتے اور نہ
داہنے ہاتھ سے پاخانے مین ڈھیلے پوچھے اور نہ سانس چھوڑے برتن مین یعنی پانی پینے کے
وقت شاید ناک یا منہ سے کچھ ٹپک پڑے اور گھن آوے اور داہنا ہاتھ کھانے پینے کا ہے جا
ضرور اور پیشاب کی جگہ اسکا لگانا مناسب نہین خ ۸۷۸ أَبُو هُرَيْرَةَ لَا يَمْنَعْ أَحَدُكُمْ جَارَهُ
أَنْ يَغْرِزَ خَشَبَةً فِي جِدَارِهِ بخاری مین ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
کہ زنہار کوئی اپنے پڑوسی کو اپنے دیوار مین لکڑی گاڑنے سے ف اگر پڑوسی دیوار مین
کڑیان رکھا چاہے تو اسکو نہ روکے کہ ہمسایہ کا حق ہے ق ۸۷۹ ابْنُ مَسْعُودٍ لَا يَمْنَعَنَّ أَحَدَكُمْ
أَذَانُ بِلَالٍ مِنْ سَحُورِهِ فَإِنَّهُ يُؤَذِّنُ أَوْ قَالَ يُنَادِي بِلَيْلٍ لِيَرْجِعَ قَائِمَكُمْ
وَيُوقِظَ نَائِمَكُمْ لَيْسَ الْفَجْرُ أَنْ يَقُولَ هٰكَذَا وَجَمَعَ بَعْضُ الرُّوَاةِ كَفَّيْهِ
حَتَّى يَقُولَ هٰكَذَا وَمَدَّ إِصْبَعَيْهِ الْمُسَبِّحَتَيْنِ بخاری اور مسلم مین عبداللہ بن
مسعود سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ نہ روکے کسی کو بلال کی اذان اسکی سحری کھانے سے
اسواسطے کہ بلال اذان دیتا ہے یا راوی نے کہا پکار دیتا ہے رات سے تاکہ تم مین سے
جو نماز تہجد پڑھتا ہو وہ آرام کرلے اور جو سوتا ہو وہ نماز یا سحری کھانے کے واسطے
جاگے اور فجر کا وقت وہ نہین جو اس طرح اشارہ کرے اور بعضی اس حدیث کے راوی نے

اپنی دونو ہتیلیان ملاکر اونچا کرکے دکھلایا یعنی جو لمبی اونچی روشنی اول ہوتی ہے
اُسکا نام صبح نہین حضرت نے فرمایا جبتک اس طرح اشارہ کرے اور حضرت اپنی اپنے
کلے کی انگلیون کو ملاکر پھیلا دیا داہنے اور بائین یعنے صبح وہ ہے جسکی روشنی چوڑی ہو
ف یعنے صبح دو قسم ہے ایک صبح کاذب جسکی لمبی روشنی ہوتی ہے اسوقت تک روزہ دار کو
کھانا اور پینا حرام نہین اور فجر کی نماز اسوقت درست نہین دوسری صبح صادق جسکی روشنی
چوڑی چکلی ہوتی ہے اسوقت روزہ دار کو کھانا پینا حرام ہے ق ۸۹۰ ق اَبُوْهُرَيْرَةَ لَا
يَمُوْتُ لِاَحَدٍ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ثَلٰثَةٌ مِنَ الْوَلَدِ فَتَمَسَّهُ النَّارُ اِلَّا تَحِلَّةَ الْقَسَمِ
بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مسلمانون مین سے جسکے تین لڑکے
مرینگے اُسکو دوزخ کی آنچ نہ لگے گی مگر بقدر قسم سچی کرنے کے ف یعنے خدا قرآن مین
بطور قسم فرماتا ہے کہ سب کو مقرر دوزخ پر گذار ہوگا پس اتنا تو ضرور ہوگا کہ دوزخ کے
پل پر چلنا ہوگا باقی کچھ عذاب نہین اور حدیث مین آیا ہے کہ دو یا ایک چھوٹا لڑکا بھی
مریگا وہ دوزخ سے بچیگا اسواسطے کہ لڑکے کی موت کا باپ پر سخت داغ ہوتا ہے اور
پھر اس نے باوجود اس مصیبت کے صبر کیا اور خدا کی تقدیر سے راضی رہا تو خدا نے اُسکے
بدلے اُسکو دوزخ سے بچایا ق ۸۹۱ جَابِرٌ لَا يَمُوْتُ اَحَدٌ اِلَّا وَهُوَ يُحْسِنُ الظَّنَّ
بِاللّٰهِ مسلم مین جابر رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ نہ مرے کوئی مگر اِس

حالت مین کہ خدا سی نیک گمان رکھتا ہو ف ایمان کے دو پر ہین خوف اور امید
حالت صحت اور زندگی مین چاہیے خوف خدا غالب رکھے تاکہ گناہون سے بچے اور مرنے کے وقت
خوف کو خیال نہ کرے کہ وہ وقت گناہ کرنے کا نہین بلکہ اسوقت خدا کو رحیم اور کریم
اور غفار اور ستار جان کر بخشش کی امید دل مین رکھے تاکہ خوشی اور شوق سی خدا کی طرف
جاوے اور مرنے سے جی نہ چرائے اور جو مسلمان اُس وقت موجود ہون وہ بھی خدا کی
رحیمی اور کریمی کی صفت بیان کرین تاکہ مرنے والے کا ڈارس بندھے اور خدا سے
گمان نیک مضبوط ہو جاوی ه ابو ہریرہ لَا یَنْبَغِی لِلصِّدِّیْقِ ق ۸۲
اَنْ یَّکُوْنَ لَعَّانًا مسلم مین ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ
حضرت نی فرمایا کہ صدیق کو لائق نہین کہ بہت لعنت کیا کرے ف ابو بکر
صدیق رضی اللہ عنہ نے ایک بار اپنے غلام پر لعنت کی تب حضرت نی یہہ حدیث
فرمائی صدیق اس ولی کامل کو کہتے ہین جسکے دل مین ایسا نور ہو کہ بے طلب
دلیل اور بدون معجزہ دیکھے ایمان لاوی جیسے مشہور ہے کہ ابی بکر صدیق نے
کچھ حضرت سے معجزہ نچاہا اور نہ کچھ دلیل تلاش کی صرف اپنے دل کے نور
سے حضرت کو پیغمبر جان کر ایمان لائے اور بعد پیغمبری کے رتبے کے
ولایت کے درجون مین صدیقی کے برابر کوئی مرتبہ نہین ق عُقْبَۃُ بْنُ عَامِرٍ ق ۸۳

لَا يَلْبَسُ هٰذَا الْمُتَّقِيْنَ قَالَهُ عِنْدَ نَزْعِهٖ فَرُّوْجَ حَرِيْرٍ
لبسہ بخاری اور مسلم میں عقبہ بن عامرؓ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ
اسکا پہننا لایق نہیں پرہیزکاروں کو یہہ حضرت نے خود ریشمی قبا اُتارتے
جو آگے پہنے تھے فرمایا ف فروج اس قبا کو کہتے ہیں جسکا پیچھے سے دامن چاک
ہو سواری کے واسطے خوب ہوتی ہے سو ایسی ریشمی قبا کسی نے حضرت کو بھیجی تھی
اسوقت تک ریشمی کپڑا پہننا حرام نہ تھا حضرت نے اسکو پہن کر نماز پڑھی
بعد نماز کے اسکو بُرا جان کر اُتار ڈالا پھر یہہ حدیث فرمائی اس حدیث سے
معلوم ہوا کہ متقی اور پرہیزکار دنیا کی آرایش اور زینت نہیں کرتے اگرچہ حلال
اور مباح بھی ہو ح لَا يَنْفِرُ اَحَدٌ حَتّٰى يَكُوْنَ اٰخِرُ عَهْدِهِ ح
بِالْبَيْتِ بخاری میں عبداللہ ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ نہ
پھرے حج کرکے یہاں تک کہ پچھلا کعبے کا طواف کرلے ف یعنے جب حج کے
سب کام کرچکے تو آخر کو دوسرا طواف کعبے کا کرکے اپنے گھر آوے اسکا طواف
الصدر نام ہے امام اعظم کے نزدیک واجب ہے اور امام شافعی کے نزدیک
سنت م عَائِشَةُ لَا يَنْفَعُهُ لِاَنَّهٗ لَمْ يَقُلْ يَوْمًا رَبِّ اغْفِرْ لِيْ
خَطِيْئَتِيْ يَوْمَ الدِّيْنِ قَالَهُ لَهَا حِيْنَ قَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ابْنُ جُدْعَانَ

كَانَ فِي الْجَاهِلِيَّةِ يَصِلُ الرَّحِمَ وَيُطْعِمُ الْمِسْكِينَ فَهَلْ ذٰلِكَ نَافِعُهُ

مسلم مین حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا اُسکے کچھ کام نہ آوینگا اسواسطے کہ اُسنے
کسی دن نہین کہا کہ ای رب میرا گناہ بخشیو قیامت کے دن یہہ حضرت نے حضرت عائشہ سے فرمایا جب
حضرت عائشہ نے کہا تہا کہ یا رسول اللہ ابن جدعان کفر کی زمانی مین برادری سے سلوک کرتا تہا اور
محتاج کو کہانا دیا کرتا تہا بہلا یہہ اُسکے کچھ کام آوینگا ف یعنی وہ شخص کافر تہا قیامت کا
ایمان نہ رکہتا تہا اسیسطے اُسنے کبہی قیامت کی مغفرت نہ مانگی اور کافر کی نیک کام آخرت
مین کچھ کام نہ آوینگے نیکیون کی واسطے ایمان شرط ہے ۸۲۶ م

مِرْبَانُ عُمَرَ لَا يَنْقُشْ أَحَدٌ عَلَى نَقْشِ خَاتَمِي هٰذَا

مسلم مین عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
کہ نقش نہ کری کوئی جیسا میری انگوٹہی پر نقش ہے ف چھٹے سال ہجری کے حضرت نے
ارادہ کیا کہ بادشاہون کو نامہ لکہین اور انکو اسلام کی دین پر بلاوین لوگون نی عرض کی کہ بادشاہ
بغیر مہر کی خط کا اعتبار نہین کرتی تب حضرت نے مہر کہدائی چاندی کی نگ پر تین سطرین
اُسمین تہین ایک سطر مین محمد صلی اللہ علیہ وسلم دوسرے مین رسول تیسرے مین اللہ حضرت کے
بعد وہ انگوٹہی ابی بکر صدیق پاس رہی اُنکے بعد عمر فاروق پاس رہی اُنکے بعد حضرت
عثمان پاس رہی پہر اُنکے ہاتہ سی کنوے مین گر پڑی اور نہ ملی سو حضرت نے منع کیا کہ کوئی
اپنی مہر مین محمد رسول اللہ نہ کہدائے تاکہ شبہ نہ پڑے کہ یہہ حضرت کی مہر ہے یا کسی اور کی

۳۲۷ م عثمان لا ینکح المحرم ولا ینکح ولا یخطب مسلم مین حضرت عثمان رضہ سے
روایت ہے کہ حضرت نبی فرمایا کہ نہ خود اپنا نکاح کرے حج کا یا عمرے کا احرام باندھنے والا
اور نہ کوئی وکیل ہو کر اسکا نکاح کر دیوی اور نہ خود منکنی کرے ف امام شافعی
اور مالک اور احمد کا یہی مذہب ہے کہ محرم کا نکاح نہین درست جب تک حج سی فراغت نہ
پاوی اور امام اعظم کی نزدیک درست ہے لیکن صحبت نکرے انکے نزدیک اس حدیث کے
یہہ معنے کہ نکاح نہ کری یعنی صحبت نہ کری اسواسطے کہ حضرت نے اپنا نکاح حضرت میمونہ سے
۳۲۸ ق احرام مین کیا ق ابو ہریرۃ لا یورد ممرض علی مصح بخاری اور مسلم مین ابو
ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جسکے جانور بیمار ہون وہ اسکے گھاٹ پر جسکے
جانور تندرست ہین پانی پلانے کو نہ لاوی ف اسواسطے حضرت نے منع نہین کیا کہ
تندرستون کو انکی بیماری لگ جاویگی جیسا عوام خلقت کا اعتقاد ہے اسواسطے
کہ حضرت نے خود فرمایا ہے کہ بیماری کسی کی کسیکو نہین لگتی چنانچہ اسی باب مین حدیث
ہو چکی ہے بلکہ حضرت نے اسواسطے منع کیا کہ اگر تندرست جانور بیمار جانورون کے ملنے
خدا کی تقدیر سی بیمار ہو گئی تو عوام کا یہ اعتقاد زیادہ تر مضبوط ہو جاویگا بیماری
لگ جانے کا تو ناحق شرک مین گرفتار ہوونگے
اور خدا کو بھولینگے

## الباب الرابع چوتھی باب مین وہ حدیثین ہین جنکے سر پر اداور اذ ہی ہے

م ۸۲ م جابرؓ اذا ابتعت طعاما فلا تبعه حتی تستوفیه مسلم مین جابر رضی
اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرتؐ نے فرمایا کہ جب تو غلہ اور اناج مول لیوی تو اسکو مت بیچ
جب تک اسکو اپنی قبضہ مین نہ کرلیوی اور تول نہ لیوی ف سبا ماموں کی نزدیک
بدون قبضہ کئی اناج بیچنا درست نہین م جریرؓ اذا ابق العبد لم یقبل صلوٰته م
مسلم مین جریر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرتؐ نے فرمایا کہ جب غلام اپنے میان سے
بھاگا اسکی نماز قبول نہین ہوتی م جریرؓ اذا اتاکم المصدق فلیصدر م ۸۳
عنکم وهو عنکم راض مسلم مین جریرؓ سے روایت ہے کہ حضرتؐ نے فرمایا کہ جب تمارے
پاس زکوۃ لینے والا عامل آوے تو چاہئے کہ تم سے راضی پھرے ف اسلام کی
سلطنت مین امام کی طرف سے بستیون مین بعد سال کے عامل زکوۃ کی تحصیل کو جاتا تہا اور
اب بھی ولایت مین جاتا ہے سو فرمایا کہ وہ ناراض نہ پھرے خوشی سے مال کی زکوۃ
نقد اور جانورونکی ادا کیا کرو واسطے کہ وہ امام کا بھیجا ہوا ہے اور امام کی اطاعت سب پر
واجب ہے م ابوسعیدؓ اذا تبعتم الجنازة فلا تجلسوا حتی توضع م ۸۴
مسلم مین ابوسعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرتؐ نے فرمایا کہ جب تم پیچھے جنازہ کے

چلو نہ بیٹھا کرو جب تک کہ دونوں سی زمین پر نہ رکھا جاوے ف سنت یہی ہے
کہ بدون جنازہ رکھے نہ بیٹھے کہ اکثر جنازہ اٹھانیوالونکی مدد کی حاجت ہوتی ہے
بی جنازہ رکھے بیٹھنا مکروہ ہے ق ابن عمر اذا اتی احدکم الجمعۃ فلیغتسل
بخاری اور مسلم میں عبداللہ بن عمر سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب کوئی جمعہ کو آوے
تو چاہیے کہ غسل کرے م ابو سعید اذا اتی احدکم اھلہ ثم اراد
ان یعود فلیتوضأ مسلم میں ابو سعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
کہ جو کوئی تم میں سے اپنی جورو سے صحبت کرے اور دوسری بار پھر ارادہ صحبت کا کرے
تو چاہئے کہ وضو کرلیوی ف یعنے اول نازا دہوے پھر وضو کرے کہ اسوقت
وضو سی قوت اور رغبت زیادہ ہوتی ہے اور بدن ہلکا ہو جاتا ہے خ ابو ھریرۃ
اذا اتی احدکم خادمہ بطعامہ فلیجلسہ فان لم یجلسہ فلیناولہ
لقمۃ او لقمتین او اکلۃ او اکلتین فانہ ولی حرہ و علاجہ
بخاری میں ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب تمہارے کسی کے پاس اسکا خدمتگار
کھانا لاوی تو اسکو بھی کھانی کی واسطی بٹھالیوے اور اگر اسکو نہ اپنے نہ بٹھلاوے
تو اسکو ایک لقمہ یا دو لقمے دے اسواسطے کہ خدمتگار کھانا پکانے اور اسکی گرمی سہی
ملا رہا ہے ف اس حدیث سے معلوم ہوا کہ خدمتگار کھانا پکانے والے کچھ تھوڑا

کھانا

کہانا دینا ضرور ہے اگرچہ اسکا کہانا مقرر نہو یعنی مروت سی بعید ہے کہ وہ محنت کری
اور پکانی کی گرمی اٹھاوی اور اس کہانی سے کچھ بھی نپاوی لیکن ساتھ کہلانا واجب نہین
اگر کہلا دیگا تو بہتر ہے اپنا غرور کہو یا ق ابو ایوب اذا اتیتم الغائط ق ۸۳۵
فلا تستقبلوا القبلۃ ولا تستدبروھا ببول ولا بغائط ولکن
شرقوا او غربوا بخاری اور مسلم مین ابو ایوب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ جب تم جای ضرور کو جایا کرو تو قبلہ کے سامنی نہ بیٹھا کرو نہ اسکو پیٹھہ دیا کرو نہ پیشاب کے
وقت نہ جای ضرور کی وقت بلکہ پورب یا پچھم بیٹھا کرو ف جای ضرور اور پیشاب کے وقت
قبلہ کے سامنی بیٹھنا اور پیٹھہ دیکر بیٹھنا امام اعظم کی نزدیک درست نہین نہ جنگل مین نہ
آبادی مین اور امام شافعی کی نزدیک جنگل مین منع ہے اور آبادی مین درست چنانچہ عبد اللہ
بن عمر کی اسیین روایت بھی ہے لیکن زیادہ احتیاط امام اعظم کی مذہب مین ہے اور یہہ جو فرما
کہ پورب پچھم بیٹھا کرو یہہ مدینے والون کو فرمایا کہ انکا قبلہ دکھن کی طرف ہے ہندوستان کا
قبلہ پچھم کی طرف کو ہے تو یہان اُترے دکھن بیٹھنا چاہیے ۸۲۶ ح خ ابو ھریرۃ اذا احب
اللہ العبد نادی جبرئیل ان اللہ یحب فلانا فاحبہ فیحبہ
جبرئیل فینادی فی اھل السماء ان اللہ یحب فلانا فاحبوا
فیحبہ اھل السماء ثم یوضع لہ القبول فی الارض بخاری مین

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب محبت کرتا ہے اللہ کسی
بندے سے تو پکارتا ہے جبرئیل کو اور یہہ فرماتا ہے کہ مقرر خدا فلانی کو دوست رکھتا
سو تو بھی اسکو دوست رکھ تو جبرئیل اُسے محبت رکھتا ہے پھر پکار دیتا ہے جبرئیل آسمان
والون مین یعنی فرشتون مین کہ مقرر خدا فلانی کو دوست رکھتا ہے سو تم بھی اُسکو
دوست رکھو تو آسمان والے اُس سے محبت رکھتے ہین پھر اس محبوب بندے کی قبولیت زمین مین
اُتاری جاتی ہے یعنی زمین کی نیک لوگ اُسکو مقبول جانتے ہین اُس سے محبت رکھتے ہین
ف یعنے خدا جس بندے کی محبت ظاہر کیا چاہتا ہے تو اُسکو آسمان اور زمین مین مشہور
کر دیتا ہے تاکہ فرشتے اُسکے واسطے استغفار کیا کرین اور زمین کے لوگ اُسکے واسطے
نیک دعا کرین اُسے محبت رکھین اُسکی تعریفین کرین اُسکی نیک راہ پر چلین یہی سبب ہے کہ
اولیاء اللہ سے اکثر لوگ محبت رکھتے ہین لیکن ایسی محبت بھی نہین اچھی کہ عوام بیجا میل کرتے
ہین کہ اُنکو نفع اور نقصان کا مختار جان کر اُنکو خدائی مین شریک کرتی ہین یہہ محبت نہین
یہہ حقیقت مین اُنسے عداوت ہے ۸۲۴ م جابرؓ اِذَا اَحَدُکُمُ امْرَاَۃً فَوَقَعَتْ
فِیْ قَلْبِہٖ فَلْیَعْمِدْ اِلٰی امْرَاَتِہٖ فَلْیُوَاقِعْھَا فَاِنَّ ذٰلِکَ یَرُدُّ مَا فِیْ نَفْسِہٖ
مسلم مین جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب کسی کو پہلی معلوم ہو کوئی
اجنبی عورت پھر دل مین اُسکے صورت ٹھہر گئی ہو یعنی اُسکا خیال بندھا ہو تو اپنی

جورو کی طرف آوے اور اُس سے صحبت کرے سو مقرر یہہ اپنی جورو کا جماع کرنا دور کریگا
جو اُسکے جی مین دوسری عورت کا خیال ہے ف بکالی عورت کی اگر دل مین محبت آجاوے
تو اُسکا کامل علاج یہی ہے کہ اپنی جورو سی صحبت کرے اگر ایکبار دو بار مین خیال گیا تو
بہتر نہین تو کئی بار صحبت کرے تو اُسکا بالکل خیال دفع ہو عشق کی حکیم لوک یہی جماع ہی
دوا لکہتی ہین اسواسطے کہ شہوت کا سبب منی کی زیادتی ہے جب صحبت کی تو منی کم ہوئی
تو شہوت اور عشق بہی کمزور ہوا حضرت نے یہہ دوا اسواسطے فرمائی کہ کہین حرام مین گرفتار
نہو جاوے ق ابوھریرۃ اذا احسن احدکم اسلامہ فکل حسنۃ
یعملھا تکتب بعشر امثالھا الی سبع مائۃ ضعف وکل سیئۃ یعملھا
تکتب بمثلھا حتی یلقی اللہ بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ جب تم مین سی کسی نے اپنا اسلام سنوارا اور اپنا دین ستھرا بنایا
پہر جو نیک بات کریگا تو دس گنی لکہی جاویگی سات سو کی برابر تک اور جو بدی کریگا تو
وہ اتنی لکہی جاویگی جتنی کی ہے یہان تک کہ خدا سی ملے یعنی موت تک یہی
حال ہے ف یعنے جب اسلام سنوارا تو ہر نیکی کو سات سو تک خدا بڑہاتا ہے
دس سے تو کوئی کم نہین آگے نیت پر موقوف ہے جیسی نیت خالص ہوگی ویسی ہی
زیادتی بہی ہوگی اور بدی اگر کریگا تو اُتنی ہی رہے گی اسمین ترقی نہین اس حدیث سے

خدا کی رحمت کو خیال کیا چاہیے کہ اپنی بندے مسلمانکی بدی کو اتنا ہی رکھے اور نیکی کو
سات سو تک بڑہا دی اسلام سنوارنا یہہ کہ قران اور حدیث کی موافق اعتقاد
درست کری شرک اور بدعت چہوڑے شریعت محمدی کی کمال تعظیم سے اطاعت کا
ارادہ کرلیوی اور ظاہر اور باطن سی محمدی بنے اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اعتبار عمل کا
صحیح اعتقاد پر ہے م ۸۳۹ اَبُوْهُرَيْرَةَ اِذَا اخْتَلَفْتُمْ فِي الطَّرِيْقِ جُعِلَ
عَرْضُهُ سَبْعَ اَذْرُعٍ مسلم مین ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب تمکو راہ
اور گلی کے مقدمے مین جہگڑا اور اختلاف ہو تو راہ کی چوڑائی سات ہاتہہ کی ٹہہراؤ ف
یعنی اگر راہ ڈراہو جسمین شہر والون کی آمد و رفت ہو اور راہ کی زمین کا مالک وہان
عمارت بنایا چاہتا ہے اگر لوگ منع کرتی ہون تو اسمین شرع کا حکم یہہ ہے کہ سات
ہاتہہ چوڑائی راہ کی چہوڑ کر عمارت بناوے تاکہ اونٹ اور گاڑی اور لوگونکی آمد و رفت
مین حرج نہو اور اگر ایسا کوچہ ہو کہ صرف محلے کی لوگ آتی جاتے ہون تو اسکی اتنی
چوڑائی چاہیے کہ جسمین محلہ والون کا حرج نہو اور زنانی سواری اور جنازہ جانے کو تنگی
نہو ق ۸۴۰ اَبُوْهُرَيْرَةَ اِذَا اَدْرَكَ اَحَدُكُمْ سَجْدَةً مِنْ صَلٰوةِ الْعَصْرِ قَبْلَ
اَنْ تَغْرُبَ الشَّمْسُ فَلْيُتِمَّ صَلٰوتَهٗ وَاِذَا اَدْرَكَ سَجْدَةً مِنْ صَلٰوةِ
الصُّبْحِ قَبْلَ اَنْ تَطْلُعَ الشَّمْسُ فَلْيُتِمَّ صَلٰوتَهٗ بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ سے

روایت ہے

روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب کوئی ایک رکعت عصر کی نماز سورج ڈوبنے سے پہلے پاوے تو اپنی نماز پوری کرلیوی یعنی تین رکعتیں باقی غروب کے وقت پڑھے اور جب ایک رکعت نماز فجر کی سورج نکلنے سے پہلے پاوی تو اپنی باقی نماز کو پورا کرے یعنی ایک رکعت سورج نکلنے کی وقت پڑھے **ف** یعنی ہر چند طلوع غروب کے وقت سجدہ حرام ہے لیکن اگر ایک رکعت طلوع اور غروب سے پہلے پاوے تو باقی نماز کو طلوع غروب ہوتے پڑھے اور یہی مذہب ہے سب اماموں کا سوای امام اعظم کی کہ انکے نزدیک عصر کی نماز تو اسیطرح درست ہے اسواسطے کہ وقت ناقص تہا ادا ہی ناقص ہوئی لیکن فجر کی نماز طلوع کی وقت درست نہین کیونکہ وقت کامل تہا تم ادا ناقص نچاہیے حنفی کہتے ہین کہ اس حدیث پر عمل اول تہا پہر حضرت نے وہ حدیث فرمائی جسمین طلوع غروب کے وقت سجدہ حرام ہے واللہ اعلم

**م** ابو ہریرۃ اذا اذن المؤذن ادبر الشیطان ولہ حصاص سلم ۸۴۱ **م**

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب موذن اذان دیتا ہے تو شیطان پیٹھہ پہیر کر بہاگتا ہے گوز کرتا ہوا **ف** یعنی اذان کی آواز سی شیطان ایسا صدمہ ہوتا ہے کہ خوف سی گوز کرتا ہوا بہاگتا ہے اسیواسطے حضرت نے اور حدیث مین فرمایا ہے کہ جب کسی کو جنگل مین شیطان اور بہوت ستاوین یا نظر پڑین تو اسوقت اذان پکار کے کہے تاکہ بہاگ جاوین اور یہہ مجرب عمل ہے

**م** ابو موسیٰ ۸۴۲ **م**

إِذَا أَرَادَ اللّٰهُ رَحْمَةَ أُمَّةٍ مِنْ عِبَادِهِ قَبَضَ نَبِيَّهَا قَبْلَهَا فَجَعَلَهُ لَهَا فَرَطًا وَسَلَفًا بَيْنَ يَدَيْهَا وَإِذَا أَرَادَ هَلَكَةَ أُمَّةٍ عَذَّبَهَا وَنَبِيُّهَا حَيٌّ فَأَهْلَكَهَا وَنَبِيُّهَا يَنْظُرُ فَأَقَرَّ عَيْنَهُ بِهَلَكَتِهَا حِينَ كَذَّبُوهُ وَعَصَوْا أَمْرَهُ مسلم میں ابو موسیٰ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب ارادہ کرتا ہے اللہ کسی امت پر اپنی بندوں سے رحمت کرنی کا تو امت سے پہلے اُس امت کی پیغمبر کی روح قبض کرتا ہے یعنی پیغمبر کی وفات امت سے پہلے ہوتی ہے پھر اُس پیغمبر کو اپنی امت کا ہراول بناتا ہے اور پیشوا بھیجتا ہے اُمت کے اگی اور جب خدا کسی امت کی ہلاکی اور بربادی چاہتا ہے تو امت پر عذاب بھیجتا ہے اُس امت کے پیغمبر کے جیتے پھر مٹاتا ہے امت کو پیغمبر کی سامنے تو پیغمبر کی آنکھ کو ٹھنڈک اور روشنی بخشے امت کو مٹا کر جب کہ اُسکو اُن کا فروں نی جھوٹھا کہا اور اُسکے حکم کو نہ مانا **ف** یعنی جس اُمت پر خدا کرم اور رحمت کیا چاہتا ہے تو اُسکے پیغمبر کے پہلے وفات ہوتی ہے تاکہ امت اُسکے غم مین صبر کری اور ثواب پاوے اور اُسکے بعد اُسکی شریعت پر عمل کرے تو دونا ثواب حاصل کرے اور پیغمبر اپنی اُمت کے نیک عمل دیکھہ کر خوش ہو اُس عالم مین اور گواہ بنے امت کی ایمان کا گویا حضرت نے اِس حدیث سے اپنی امت کو دلاسا دیا کہ میرے فراق مین زیادہ پریشان دل نہون میری وفات کو غضب الٰہی سمجھین خدا کی

رحمت سمجھین اسیواسطے اس امت کو امت مرحومہ کہتی ہین اور جس امت پر خدا غضب
کیا چاہتا ہے تو اسکے پیغمبر سی پہلی امت کو ہلاک کرتا ہے تا پیغمبر کی دل کی پہپولے
پھوٹین اسواسطے کہ اس کمبخت امت نی اپنے پیغمبر کی قدر نجانی اسکو رنج دیا اور جھٹلایا جیسے
حضرت نوح اور حضرت لوط اور حضرت ہود اور حضرت صالح علیہم السلام کی امتون کا
حال ہوا کہ پیغمبر لوگ زندہ رہے اور وے عذاب الہی سے ہلاک ہوئے ق عدی بن
حاتم اذا ارسلت کلبک المعلم وذکرت اسم اللہ علیہ فکل قال
عدی بن حاتم قلت وان قتلن قال وان قتلن ما لم یشرکہا کلب
لیس معہا قال قلت فانی ارمی بالمعراض الصید فاصیب قال
اذا رمیت بالمعراض فخرق فکل وان اصابہ بعرضہ فلا تاکل متفق علیہ
اور مسلم مین عدی بن حاتم سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب تو اپنے سکھائے شکاری
کتے کو چھوڑے اور خدا کا نام اسپر لیوی تو شکار کو کہا عدی بن حاتم نی کہا کہ مین نی
کہا کہ کتے اگر شکار کو جان سی مار ڈالین تو بہی کیا شکار حلال ہے حضرت نے فرمایا
کہ اگر مار بہی ڈالین تو بہی حلال ہے جب تک دوسرا کتا غیر شکاری اسکے ساتہہ مانی مین
شریک نہوا ہو عدی بن حاتم نی کہا مین نی کہا کہ مین بی پر اور بی کانسی کی تیر سے
شکار کرتا ہون اور شکار کو حاصل کرتا ہون حضرت نے فرمایا کہ جب تو بی پر کانسی کی

تیر کو مارے پہر وہ تیر شکار کی جسم مین گھس کر چیر پہاڑ دیوی تو اسکو کہا اور اگر تیر شکار کے
بیڈا ہو کر لگے تو اسکو مت کہا ف اس حدیث سے بہت مسئلے شکار کی معلوم
ہوئے اول یہہ کہ کتی کا شکار کہیلنا درست ہے دوسرے یہہ کہ کتی کو جب آپ شکار پہ
چھوڑا ہو تو حلال ہے اور اگر کتا خود بخود چھوٹ گیا اور شکار مار لایا تو حلال نہین
تیسرے یہہ کہ کتی کی تعلیم شرط ہے اور تعلیم کی یہہ علامت ہے کہ اسکو تین بار
شکار پر چھوڑے اور ہر بار وہ شکار مار لاوے اور خود نہ کہاوے چوتھے یہہ کہ
کتے کی چھوڑتی وقت بسم اللہ کہنا شرط ہے اگر قصداً بسم اللہ نہ بولا شکار مردار
ہوا اور اگر بھولی سی نہ کہا تو حلال ہے یہہ مذہب ہے امام اعظم کا اور امام شافعی کی
نزدیک بسم اللہ زبان سی کہنا واجب نہین خدا کا نام ہر مسلمان کی دل مین ہے لیکن زبان
سی کہنا مستحب ہے پانچوین یہہ کہ اگر شکاری کتے سی شکار مر بہی جاوے تو بہی شکار حلال ہے
چھٹے یہہ کہ اگر شکاری کتی کے ساتہہ دوسرا کتا جسکی تعلیم نہین ہوئی شکار مارنے مین
شریک ہووے تو شکار مردار ہوا اسواسطے کہ جب حلال اور حرام ایک چیز مین جمع ہوئے
تو حرام ہے احتیاط کی سبب سے غالب ہو جاتا ہے ساتوین یہہ کہ بی کا نشانے تیر کے
شکار مین زخم ہونا شرط ہے تاکہ خون ناپاک نکل جاوے اور اگر بے زخم صدمے سی
مر جاوے تو شکار حلال نہین جیسی غلہ غلیل کا یا اینٹ پتھر جانور کو مار ڈالے تو مردار ہے

کہ خون

کہ خون نکلا شکار حلال اُس چیز سی ہوتا ہے جو تیز ہو اور چیر پھاڑ ڈالے جیسے تلوار چھری
تیر گانسی وار ق ابُو مُوسیٰ اِذَا اسْتَاذَنَ اَحَدُکُمْ ثَلٰثًا فَلَمْ یُؤْذَنْ ق
لَہٗ فَلْیَرْجِعْ بخاری اور مسلم مین ابو موسی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب
کوئی کسی سے اُسکے گہر مین جانے کی اجازت مانگے تین بار سو اُسکو اجازت نہ ملی تو پلٹ آوی
ف اجازت مانگنی کا یون طریق ہے کہ دروازے مین کہڑی ہو کر سلام کرے پہر کہے
کہ مین آؤن تین بار کہی اگر کوئی بلاوی تو اندر جاوے نہین تو پہر آوی اور کہانسنا اور دستک
دینا بجای اجازت مانگنی کے ہے شرع مین اجازت مانگنے کا اسواسطے حکم ہوا کہ نہین معلوم
آدمی اپنے گہر مین کس طرح سی بیٹہا ہے خ اِبْنُ عُمَرَ اِذَا اسْتَاذَنَتِ امْرَاَۃُ خ
اَحَدِکُمْ اِلَی الْمَسْجِدِ فَلَا یَمْنَعْہَا بخاری مین عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ جب کسی سے اُسکی جورو مسجد مین جانی کی نماز کی واسطے اجازت مانگے تو اُسکو
منع نکرے خ اِبْنُ عُمَرَ اِذَا اسْتَاذَنَتْکُمْ نِسَاءُکُمْ بِاللَّیْلِ اِلَی الْمَسْجِدِ فَاْذَنُوْا خ
لَھُنَّ بخاری مین عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب تمہاری عورتین
رات کو مسجد مین نماز کی واسطے جانی کی اجازت مانگین تو اُنکو اجازت دو ف اس
مضمون کا بیان مفصل لگے ہو چکا کہ اب عورتون کی نکلنے کا فتوی نہین زمانہ بگڑ گیا م
جَابِرًا اِذَا اَسْنَحَ اَحَدُکُمْ قَلُوْصُہٗ مسلم مین جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے

فرمایا کہ جب کوئی استنجے کی واسطے ڈھیلے لیوی تو طاق لیوی یعنی تین یا پانچ یا سات

ق ۸۴۷ ق اَبُوْھُرَیْرَۃَ اِذَا اسْتَیْقَظَ اَحَدُکُمْ مِنْ مَنَامِہٖ فَلْیَسْتَنْثِرْ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ

فَاِنَّ الشَّیْطَانَ یَبِیْتُ عَلٰی خَیْشُوْمِہٖ بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ سے روایت ہے

کہ حضرت نے فرمایا کہ جب کوئی اپنی نیند سے جاگے تو تین بار ناک جھاڑے اسواسطے کہ شیطان

رات کو ناک کی جڑ مین رہتا ہے ف سوتے مین بلغم اور رطوبت دماغ سے

اتر کے ناک کی جڑ مین جمع ہوتی ہے اسکے سبب سے آدمی کو سستی ہوتی ہی سو فرمایا

کہ تین بار چھنک ڈالی تاکہ سستی دور ہو جاوے بلغم اور رطوبت کو شیطان فرمایا اسواسطے

کہ اُس سے سستی اور غفلت ہوتی ہے عبادت مین یہہ بھی آرزو ہے شیطان کی

م ۸۴۸ یا صبح مچ وہان رات کو شیطان رہتا ہو واللہ اعلم م اَبُوْھُرَیْرَۃَ اِذَا اسْتَیْقَظَ

اَحَدُکُمْ مِنْ مَنَامِہٖ فَلَا یَغْمِسْ یَدَہٗ فِی الْاِنَاءِ حَتّٰی یَغْسِلَھَا ثَلٰثًا فَاِنَّہٗ لَا

یَدْرِیْ اَیْنَ بَاتَتْ یَدُہٗ مسلم مین ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے

فرمایا کہ جب کوئی جاگے اپنی نیند سے تو نہ ڈالی اپنا ہاتھ پانی مین جب تک اسکو تین بار نہ

دھولے اسواسطے کہ وہ نہین جانتا کہ کہان اسکا ہاتھ رات کو رہا یعنی پاک جگہہ یا ناپاک

جگہہ ف اکثر عرب حاضر ضرور پہر ڈھیلے سے استنجا کر کے سو رہتے تھے اسواسطے حضرت نے

ہاتھ دھونی کو فرمایا کہ شاید وہان ہاتھ لگ گیا ہوا ور یہہ بھی ہو سکتا ہے کہ رات کو

احلام

احتلام ہوا اور نہا نہ سکے غرض کہ یہہ مستحب ہے کہ تین بار پہلے نہا دھولیوے تب پانی کے
اندر ڈالے ق ابوھریرۃ اذا اصبح احدکم یوما صائما فلا یرفث ولا ق ۴۴
یجھل فان امرء شاتمہ او قاتلہ فلیقل انی صائم انی صائم بخاری
اور مسلم مین ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب کوئی صبح کرے کسی دن
اس حال مین کہ روزہ دار ہو تو فحش نہ بکے اور نہ جہالت کرے اور اگر کوئی مرد اسکو
گالی دیوے یا اسکو کوسے اسپر لعنت کرے تو چاہئے کہ یون کہے کہ مین تو روزہ دار ہون
مین روزہ دار ہون ف یہہ بات یا زبان سے کہے کہ شاید وہ شخص شرما کر چپ رہے
یا اپنی دل مین کہی کہ مین تو روزہ دار ہون مجھکو مناسب نہین کہ اسکا جواب دی کر جاہل
بنون اور اپنے روزے کا لطف کھوؤن ق جابر اذا طال احدکم الغیبۃ فلا ق ۴۵
یطرق اھلہ لیلا بخاری اور مسلم مین جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ
جب کوئی سفر مین گہر سے غائب رہا ہو تو اپنے گہر والون مین رات کو نہ آوے یعنی دن کو
گہر مین آوے ف دن کے آنے مین بہت فائدے ہین کہ عورت اسکی پاکی لے
ڈالے غسل کرے کپڑے بدلے تاکہ خاوند کو نفرت نہو اور خاوند بہی نہا دھو کر صفائی حاصل
کرے کہ عورت کو نفرت نہو اور دن مین عمدہ کہانے کا سامان ہو سکتا ہے رات کے
آنے مین یہہ کچھہ نہین ہو سکتا نقل ہے کہ ایک شخص اپنی عورت کو حاملہ چہوڑ کر سفر کو گیا

سولہ برسکے بعد رات کے وقت گھر مین آیا بیٹا جوان ہوا تہا اپنے ماکی پاس بیٹہا تہا اس
شخص کو گمان بد ہوا کہ عورت حرام کار ہے اپنے یار کو لے بیٹہی ہے اُس کمبخت نے
بی تامل اپنے بیٹے کو مار ڈالا پہر جب حقیقت حال معلوم ہوا تو اپنے سر کو پیٹا سو
اگر دن کو آتا تو یہہ حال نہوتا اسواسطے حضرت نے مسافر کو منع فرمایا کہ رات کے وقت
کہر مین نہ آوے اسی طرح شریعت کی حکمون مین ہزارون فائدے دینی اور دنیوی
ہین وقت پر انکی خوبیان ظاہر ہوتی ہین م اَبُوْسَعِیْدٍ اِذَا عُجِلْتَ اَوْ اُقْحِطْتَ
فَلَا غُسْلَ عَلَیْكَ وَعَلَیْكَ الْوُضُوْءُ ق لِعُتْبَانَ ابْنِ مَالِكٍ وَهُوَ
حدیث منسوخ مسلم مین ابوسعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب عورت سے
صحبت کرنے مین تو جلدی اور شتابی مین ڈالا جاوے یا جماع کرے بدون انزال کے
تو غسل تجھپر نہین اور وضو تجھکو لازم ہے یہہ حضرت نے عتبان بن مالک سے فرمایا اور یہہ
حدیث منسوخ ہے ف حضرت ایک بار عتبان بن مالک کے گہر گئے وہ اپنی عورت سے
صحبت کرتے تہے حضرت کی خبر سن کے جلدی سے بدون فراغت ہوئے حضرت کی خدمت مین
جا حاضر ہوئے اور حضرت کو حال معلوم ہوا تب یہہ حدیث فرمائی اول اسلام مین
یہی حکم تہا کہ بدون منی نکلے غسل واجب نہ تہا پہر یہہ حکم منسوخ ہوا اب صرف صحبت سے
انزال سے بہی غسل واجب ہے ق عُمَرُ اِذَا اُعْطِیْتَ شَیْئًا مِنْ غَیْرِ مَسْئَلَةٍ

فکل

فَكُلْ وَتَصَدَّقْ بخاری اور مسلم مین حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ جب تجھکو بدون مانگے کچھ ملے تو اُسکو کھا اور خدا کی راہ مین دے ف
عمر فاروق کو حضرت کچھ دینے لگے عمر فاروق نے کہا جو مجھسے زیادہ تر محتاج ہو
اُسکو دیجئے مجھکو کچھ حاجت نہین تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنی جب بی مانگے
کچھ ملے تو اُسکو خدا کی دی ہوئی روزی سمجھے نہ پھیرے اگر حاجت ہو تو اپنے کام مین
لاوے اور نہین تو کسی اور محتاج کو دے لیکن سوال کرنا دو طرح ہے ایک تو زبان سے
مانگنا یہہ تو صاف حرام ہے دوسرے دل مین کسی چیز کی کسی شخص سے تاک لگانا یہہ دلی
سوال ہے تقویٰ کی راہ سے یہہ بھی حرام ہے ق عُمَرُ اِذَا اَقْبَلَ اللَّيْلُ وَاَدْبَرَ النَّهَارُ ق ۱۵۳
وَغَابَتِ الشَّمْسُ فَقَدْ اَفْطَرَ الصَّائِمُ بخاری اور مسلم مین حضرت عمر فاروق سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب سامنے آدی سیاہی رات کی پورب سے اور جاوے دن اور
ڈوبے سورج تو روزہ دار روزہ کھولے ق اَبُوْهُرَيْرَةَ اِذَا اقْتَرَبَ الزَّمَانُ ق ۱۵۴
لَمْ تَكَدْ رُؤْيَا الْمُؤْمِنِ تَكْذِبُ بخاری اور مسلم مین ابو ہریرہ رضی اللہ
عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب زمانہ قریب لگے تو نہین کلتا ہے کہ ایمان دار کا
خواب جھوٹا ہو ف اس حدیث کے تین مطلب ایک تو یہہ کہ جب قیامت
قریب آویگی تو مسلمان کا خواب سچا ہوا کریگا اسواسطے کہ قیامت مین سب جھوٹی

چیزین ظاہر ہوتی دوسرے یہہ کہ جب عمر آدمی کی آخر ہوتی ہے تو خواب بہی سچا ہوتا ہے
اسواسطے کہ عالم آخرت قریب ہوتا ہے اور آخر عمر مین اکثر آدمی کا دل صاف ہوتا ہے
اور دنیا سے دل سرد ہوتا ہے تیسرے یہہ کہ بہار کے موسم مین جب رات دن برابر ہوتے
ہین تو خواب سچا ہوتا ہے اسواسطے کہ ہوا نہ گرم ہوتی ہے نہ سرد حواس صاف رہتی

ق من ق ابو قتادة الحارث بن ربعي اذا اقيمت الصلوة فلا تقوموا
حتى تروني بخاری اور مسلم مین ابو قتادہ سے جنکا حارث بن ربعی نام ہے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ جب نماز کی تکبیر ہو تو اٹہا کرو جب تک مجہکو آتے دیکہہ لیا کرو

ف حضرت کا گہر مسجد سے ملا ہوا تہا سنت آپ گہر مین پڑہتے تہے جب فرض کی تکبیر کی ہوتی تہی
تب حضرت گہر مین سے تشریف لاتے تہے لوگ تکبیر کے ہوتے ہی اٹہہ کہڑے ہوتے تہے
سو فرمایا کہ بدون میرے نہ اٹہا کرو امام شافعی کی نزدیک جب تکبیر تمام ہو تو لوگ

م نماز کو اٹہین اور امام اعظم کی نزدیک حی علی الصلوة کہی کے وقت امام اور مقتدے کہڑے
ہون اور قد قامت الصلوة کی وقت نماز شروع کرین م ابو هريرة اذا اقيمت
الصلوة فلا صلوة الا المكتوبة مسلم مین ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ جب فرض نماز کی تکبیر ہو تو کوئی نماز درست نہین ہوتی سوے فرض کے ف اس
حدیث سے معلوم ہوا کہ جب مسجد مین جماعت کی نماز ہوتی ہے تو سنت اور نفل پڑہنا مکروہ ہے

لیکن

لیکن حنفی مذہب مین فجر کی سنت جماعت سے علحدہ مسجد کی دروازے کی قریب پڑہ کے
جماعت مین ملے اور اگر جانی سنت پڑھنے سی جماعت کی ایک رکعت بہی نہ ملیگی تو سنت نہ
پڑھے جماعت مین ملی ور اگر کوئی اگے سی پڑھتا ہوا ور ایک رکعت پڑہ چکا ہو تو دوسری
رکعت کے سلام پہیر کی جماعت مین شریک ہووے اور اگر اول رکعت کا سجدہ نکیا ہو
تو اُس نماز کو توڑ کر جماعت مین ملے دو رکعت کی نیت کی ہو یا چار کی خ اَبُوْ اُسَیْدٍ ج
السَّاعِدِیِّ اِذَا اَکْثَبُوْکُمْ فَارْمُوْهُمْ وَاسْتَبْقُوْا نَبْلَکُمْ بخاری مین ابو اسید
ساعدی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب کافر تمپر جہنڈ باندہ کر آوین تو
انکو تیرون سی مارو اور اپنی تیر باقی رکہو ف یہہ حدیث حضرت نے جنگ بدر مین صف
لشکر کی باندہ کر فرمائی یعنی قریب جہنڈ مین تیر خطا نکرین گے بہت دور سی مارنا بی
فائدہ ہے اور سب تیر دنکو ایکبار کی مارنا اور ترکش خالی کرنا کام کی بات نہین م ق
اِبْنُ عُمَرَ اِذَا کَفَّرَ الرَّجُلُ اَخَاهُ فَقَدْ بَاءَ بِهَا اَحَدُهُمَا مسلم مین عبد اللہ بن عمر سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب کسی مرد نے اپنی بہائی مسلمان کو کافر کہا تو وہ بات
دونون مین کسی پر ضرور پلٹ پڑتی ہے ف یعنی اگر وہ کافر ہے حقیقت مین جسکو
کافر کہا تو بجا ہوا اور اگر وہ کافر نہین تو اسوقت کفر کہنے والے پر پلٹ پڑے گا اس
حدیث سے معلوم ہوا کہ آدمی اپنی زبان کو روکے رہے ہر ایک کو بی دلیل یقینی کافر نکہے شا

اسی پر پلٹ پڑے اور خدا کی غضب مین گرفتار ہوے ہان یون کہنا مضائقہ نہین کہ فلانا
شخص کافرون کے کام کرتا ہے اگر اُسکے عمل دین کی خلاف ہون اور اگر کسی کا کفر
بدلیل قطعی ثابت ہوگیا ہو اور ضروریات دین کی وہ انکار کرتا ہو تو اُسکو شوق سی کافر کہے
تاکہ کوئی اُسکی راہ پر نہ چلے اور شریعت محمدی مین خلل نہ پڑے جیسی کہ اس زمانی مین ملحد
فقر ظاہر ہوئے ہین کہ شریعت محمدی کو ہنسی ہے ہین بیشک وہ کافر ہین ق ابن عباس ۵۸۸
اِذَا اَکَلَ اَحَدُکُمْ طَعَامًا فَلَا یَمْسَحْ یَدَہٗ حَتّٰی یَلْعَقَھَا اَوْ یُلْعِقَھَا بخاری
اور مسلم مین عبداللہ بن عباس سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب کوئی کھانا کھاوے
تو اپنا ہاتھ کسی چیز مین نہ پونچھے جب تک ہاتھ کو نہ چاٹے یا کسی کو چٹاوے ف
یہہ حکم اسواسطے ہوا کہ انکھیان بعد کھانی کی نہ چاٹنا مغرور لوگون کی عادت ہے اور چاٹنے
مین برکت ہے علماء نی لکھا ہے کہ کھانی مین چار باتین فرض ہین حلال رزق کھانا اسکو
خدا کی عنایت جاننا اُسپر راضی ہونا اُسکو کھاکے گناہ نکرنا اور پانچ باتین سنت ہین
اول بسم اللہ کہنا ہاتھ دھونا الحمد للہ کہنا اور داہنے ہاتھ سے کھانا اور داہنا زانو
اٹھاکر بائین پر بیٹھنا اور کبھی حضرت نے اکڑو بیٹھکر بھی کھایا ہے اور آداب بھی چار
ہین اپنے اگی سے کھانا لقمہ چھوٹا بنانا خوب چباکر نگلنا اور لوگون کو کھاتے ہوئے
نہ دیکھنا اور علاج غرور کا یہہ ہے کہ دسترخوان پر سے گرے کھانی کو کچھ اُٹھاکر کھانا اور

۸۵۹ م بعد کھانے کی انگلیان چاٹنا اور مکروہ دو چیز ہین کھانے کو سونگنا اور پھونکنا م
ابن عمر اذا اکل احدکم فلیاکل بیمینہ واذا شرب فلیشرب بیمینہ
فان الشیطان یاکل بشمالہ ویشرب بشمالہ مسلم مین عبداللہ بن عمر رض سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب کوئی کھاوے تو اپنی داہنی ہاتھ سے کھاوی اور جب
پیئے تو چاہیے کہ اپنے داہنے ہاتھ سے پیئے اسواسطے کہ شیطان بائین ہاتھ سے کھاتا ہے اور بائین ہاتھ
۸۶۰ م سے پیتا ہے م ابوھریرۃ اذا اکل احدکم فلیلعق اصابعہ فانہ
لایدری فی ایتہن البرکۃ مسلم مین ابوہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ
جب کوئی کھاوے تو چاہیے کہ اپنی انگلیان چاٹی اسواسطے کہ اسکو نہین معلوم کہ کس
۸۶۱ ق انگلی مین برکت ہے ق ابوبکرۃ اذا التقی المسلمان بسیفیہما فالقاتل
والمقتول فی النار بخاری اور مسلم مین ابوبکرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ جب دو مسلمان سامنا کرین تلوارین لیکر قتل کرنے والا اور جو قتل ہوا دونون
دوزخ مین ہین ف پوری حدیث یون ہے کہ ابوبکرہ اس حدیث کے راوی نے حضرت سے
پوچھا کہ بھلا قتل کرنے والا تو اس واسطے دوزخی ہوا کہ ظالم تھا مگر جو قتل ہوا اسکا
کیا قصور تھا حضرت نے فرمایا کہ وہ بھی تو اپنے حریف کی مارنے پر حریص اور مستعد تھا
یعنی اسکا قابو ہوا نہین تو ضرور مارتا اس حدیث سے معلوم ہوا کہ قاتل اور مقتول مسلمان

دوزخی اس صورت مین ہین جب دونون ایک دوسرے کی مارنی کا قصد رکھین اور
عداوت سے لڑین جس طرح خانہ جنگی ہوتی ہے تو اگر ایک مسلمان کو دوسرا مسلمان
ناحق مارنی کا ارادہ کرے یا چور اور راہ زن سامنا کرے تو وہ مسلمان اپنی جان
جس طرح ہوسکے بچاوے اور اگر یقین جانے کہ بدون اسکے مارے مین کسی طرح بچ نہین
سکتا تو شوق سے مارے اسواسطے کہ اپنی جان بچانا فرض ہے اس طرح کا قاتل دوزخی
نہین اور جو مسلمان کہ امام سے باغی ہوں انکا قتل بھی درست ہے

۸۶۲ م عُثْمَانُ بْنُ اَبِی الْعَاصِ الثَّقَفِیُّ اِذَا اَمَمْتَ قَوْمًا فَاخِفَّ بِهِمُ الصَّلٰوةَ مسلم مین عثمان بن ابی العاص سے
روایت ہے حضرت نے فرمایا کہ جب تو مسجد مین امام ہو کسی قوم کا تو ہلکی نماز اُنکے
ساتھ پڑھ ف سب امامون کا یہی مذہب ہے کہ امام کو لازم ہے کہ نماز کو بہت لمبا
نکرے زیادہ دیر نہ لگاوے اسواسطے کہ مقتدے بیمار اور ضعیف بھی ہوتے ہین انکو تکلیف
ہوگی جماعت کم ہوا کریگی لیکن ایسی جلدی بھی درست نہین کہ فرض اور واجب نماز کے
ناقص ہون اور رکوع سجدہ پورا نہو اور اگر قوم چند کنے لوگ ہین اور وہ طول نماز سے

۸۶۳ ق اَبُوْهُرَيْرَةَ اِذَا اَمَّنَ الْاِمَامُ فَاَمِّنُوْا فَاِنَّ مَنْ وَافَقَ تَاْمِيْنُهُ تَاْمِيْنَ الْمَلٰٓئِكَةِ غُفِرَ لَهٗ
مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهٖ بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب

نماز مین امام آمین کہی تو تم بہی آمین کہو جیسے فرشتے کہتی ہین اسواسطے کہ فرشتون کا آمین
کہنا فرشتون کی آمین کہنی کے موافق پر جا دیگا تو اُسکے اگلے گناہ بخشے جا دینگے
ف آمین کی معنے یہہ کہ دعا ہماری قبول کر یعنی جسطرح فرشتے خدا کی رحمت پر بہروسا
کرکے حضور دل سی آمین کہتے ہین ویسے تم بہی آمین کہو کہ جب تمہارا اور اُنکا آمین کہنا موافق
پڑیگا تو ہمکو مغفرت ہوگی م ابوہریرہ اِذَا انْتَعَلَ اَحَدُکُمْ فَلْیَبْدَأْ بِالْیُمْنٰی م
وَاِذَا خَلَعَ فَلْیَبْدَأْ بِالشِّمَالِ وَلْیُنْعِلْهُمَا جَمِیْعًا اَوْ یَخْلَعْهُمَا جَمِیْعًا
سلم مین ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب جوتا پہنے کوئی تو چاہیے کہ شروع
داہنے پانون سے کرے اور جب اُتارے تو چاہیے کہ بائین پانون سے پہلے اُتارے
اور چاہیے کہ دونون جوتون کو تہی پہنے یا دونون کو تہی اُتارے یعنی یون نکرے کہ ایک
پانون مین جوتہ پہنے اور دوسرا پانون ننگا ہو کہ ہمین تکلیف بہی ہے اور بیعیوبی ہے ق ۸۶۶ ق
عُمَرَ اِذَا اَنْزَلَ اللّٰهُ بِقَوْمٍ عَذَابًا اَصَابَ مَنْ کَانَ فِیْهِمْ ثُمَّ بُعِثُوْا عَلٰی
اَعْمَالِهِمْ بخاری اور مسلم مین عبداللہ بن عمر سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب خدا
کسی قوم پر عذاب اُتارتا ہے تو جتنے اُس قوم مین ہوتی ہین سب پر عذاب ہوتا ہے پہر قیامت
مین اٹہائے جاوین گی اپنے عملون پر ف یعنی جب کسی قوم پر عذاب ہوتا ہے تو نیک
اور بد سب ہلاک ہوتی ہین لیکن نیکون پر یہہ عذاب فقط دنیاوی ہوتا ہے آخرت مین نیک لوگ

اپنی نیکیون کا ثواب پاوین گے نیک لوگ عذاب مین اسوسطے شریک ہوئے کہ اپنی قوم کو
گناہون سے کیون نہ روکا اور اگر وہ کہنا نہ مانتے تھے تو اُنکے ساتھ کہون رہے ق
عَائِشَةَ اِذَا اَنْفَقَتِ الْمَرْاَةُ مِنْ طَعَامِ بَيْتِهَا غَيْرَ مُفْسِدَةٍ فَلَهَا اَجْرُهَا
بِمَا اَنْفَقَتْ وَلِلزَّوْجِ بِمَا كَسَبَ وَلِلْخَازِنِ مِثْلُ ذٰلِكَ لَا يَنْقُصُ بَعْضُهُمْ
مِنْ اَجْرِ بَعْضٍ بخاری اور مسلم مین حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب
عورت اپنے گھر سے خدا کی راہ مین کھانا کسی کو دیوے بدون لٹانے تو اسکو ثواب
دینی کا ہے اور اسکے خاوند کو کمانی کا اور اناج رکھنے والے کو بھی اتنا ثواب ہے
نہ گھٹا دیکا ایک دوسرے کے ثواب کو یعنی تینون کو پورا ثواب ملیگا ف بدون لٹائے
یعنی اتنا نہ دے ڈالے کہ اسکے لڑکے فاقہ کرین اور یہہ ثواب جب ہے کہ خاوند دینے کو
منع نہ کیا ہو م عَائِشَةَ اِذَا اَنْفَقَتِ الْمَرْاَةُ مِنْ كَسْبِ زَوْجِهَا مِنْ غَيْرِ
اَمْرِهٖ فَلَهَا نِصْفُ اَجْرِهٖ مسلم مین حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
کہ جب راہ خدا مین عورت اپنے خاوند کی کمائی سے خرچ کرے بدون اسکے کہے تو
عورت کو خاوند کی آدھے ثواب کی برابر ثواب ملیگا ف خرچ کرے بدون کہی یعنی
اسکے خاوند نے منع کیا تھا دینی کو نا اجازت دی تھی ق اَبُوْهُرَيْرَةَ اِذَا اَنْفَقَ
شَيْئًا بِغَيْرِ اَمْرِ كُمْ فَلَا يَمْشِ فِي الْاَجْرِ حَتّٰى يُصْلِحَهَا بخاری اور مسلم مین

ابو ہریرہ سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب ٹوٹ جاوی کسیکی جوتی کا تسمہ تو نہ چلے
دوسری ایک جوتی پہنے جب تک اسکو درست نہ کرلے ف عرب کا جوتا صرف ایک
تلہ ہوتا تہا تسمہ ارجیسے کڑاؤن ایک جوتہ پہنا اسواسطے منع کیا کہ کیچڑ مین کرنی کا خوف ہے
اور موجب تکلیف ہے اور معیوب بہی ہے ق ابو ہریرۃ اذا اوی احدکم ۸۶۹۰ ق
الی فراشہ فلینفض فراشہ بداخلۃ ازارہ فانہ لا یدری ما خلفہ
علیہ ثم یقول باسمک ربی وضعت جنبی وبک ارفعہ ان امسکت
نفسی فارحمہا وان ارسلتہا فاحفظہا بما تحفظ بہ الصالحین بخاری
اور مسلم مین ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب تم مین کوئی اپنے بچھونی پر اوے
یعنی سونیکے واسطے تو چاہئے اپنے بچھونی کو اپنی لنگی کے اندر کی طرف سے اسواسطے کہ اسکو
معلوم نہین کہ اسکے پیچے کیا پڑا ہے پہر یہہ دعا پڑہے یعنی باسمک ربی سی آخر تک
دعا کے یہہ معنی کہ اے میرے رب تیری نام پر مین نی اپنا پہلو رکہا اور تیری مدد سے پہر اسکو اٹہاؤن گا اگر
تو نی میری جان کو بند کیا یعنی نیند مین اگر مر گیا تو اسپر رحم کیجیو اور اگر تو نی جان کو چہوڑا یعنی
زندہ رکہا تو اسکو بچائیو گناہون سی اور بلاؤن سے جس سے تو نیکون کو بچاتا ہے ف سنت
یہہ ہے کہ سوتی وقت اول بستر جہاڑے تاکہ کیڑا اور گرد غبار دور ہو پہر وہ دعا پڑہے اور قبلہ ۸۶۹
طرف منہہ کرکی سوئے بستر جہاڑ لینا خصوصا اندہیرے مین نہایت حکمت کی بات ہے ق ق

اَبُوْهُرَيْرَةَ اِذَا بَاتَتِ الْمَرْاَةُ هَاجِرَةً فِرَاشَ زَوْجِهَا لَعَنَتْهَا الْمَلَائِكَةُ حَتّٰى

تُصْبِحَ بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب رات کو علحدہ

سوتی ہے عورت خاوند کا بستر چھوڑ کے یعنی خاوند سے روٹھ کر تو فرشتے اسکو فجر تک لعنت

کیا کرتے ہین ف اسواسطے لعنت کرتی ہین کہ عورت پر خاوند کی اطاعت اور رضامندی

فرض ہے ق اِبْنُ عُمَرَ اِذَا بَايَعْتَ فَقُلْ لَا خِلَابَةَ بخاری اور مسلم مین عبداللہ

بن عمر سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب تو مول لیا کر تو کہہ دیا کر کہ مجھکو دھوکا مت دینا دغا

بازی نہ کرنا ف لوگون نے عرض کی حضرت سے کہ فلانا شخص بھولا آدمی ہے مول لینے مین

فریب بہت کھاتا ہے نقصان اسکا ہوتا ہے حضرت نے اسکو منع کیا کہ تو مول نہ لیا کر

اسنے کہا کہ یہہ تو مجھسے نہ چھوٹیگا کاتب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی کہ مول لیتے وقت اسسے

کہہ دیا کر کہ مجھکو دھوکا نہ دینا یعنی اگر دھوکا دیگا تو چیز پھیر جاویگی گویا مول لینا شرط

پسند ہوا ق اِبْنُ عُمَرَ اِذَا بَدَا حَاجِبُ الشَّمْسِ فَاَخِّرُوا الصَّلٰوةَ حَتّٰى تَبْرُزَ

وَاِذَا غَابَ حَاجِبُ الشَّمْسِ فَاَخِّرُوا الصَّلٰوةَ حَتّٰى تَغِيْبَ بخاری اور مسلم مین

عبداللہ بن عمر رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب سورج کا کنارہ ظاہر ہو تو نماز نہ پڑھو

دیر کرو جبتک کہ سب نکل آوے اور جب ڈوبے سورج کا کنارہ تو نماز نہ پڑھو دیر کرو جبتک کہ

سب ڈوب جاوے ف سورج کی طلوع اور غروب مین نماز پڑھنا حرام ہے م

ق ۸۱۰

ق ۸۱۱

م ۸۱۲

ابوھریرۃ

اَبُوْهُرَیْرَۃَ اِذَا بُوْیِعَ لِخَلِیْفَتَیْنِ فَاقْتُلُوا الْاٰخِرَ مِنْهُمَا مسلم مین ابوہریرہ رضہ سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب بیعت کی جاوے دو امامون اور بادشاہون کی واسطے
تو اُنمین سے دوسرے کو قتل کیجیو ف یعنی جب ایک امام سی مسلمانون نی بیعت کی ہو اور
اسکو اپنا سردار بنایا ہو اسکے بعد دوسرے امام سی بیعت کچھ اور مسلمانون نی کی ہو تو
دوسرے امام کی امامت باطل ہے ایک شہر مین ہون یا دو شہرونمین دار الاسلام چھوٹا
ہو یا بڑا اول امام کی خبر نہ ہونی سے بیعت ہوئی یا ناواقفی مین اور یہہ جو فرمایا کہ دوسرے امام کو
قتل کرو یعنی اُسکو مردہ شمار کرو اسکی طاعت نکرو اُسکا حکم جاری نہونی دو اور اگر
دوسرا امام امامتا اپنی چھوڑے اور لڑے اُس صورت مین اسکو قتل کرو اسواسطے
کہ دو حاکم ہونی مین بڑے بڑے فساد ہین مثل مشہور ہے کہ ایک میان مین دو تلوارین نہین
سمانین اور دو بادشاہ ایک ملک مین نہین رہ سکتے اور اگر سب ایک ہی وقت مین دو امام
ہوئے ہون تو دونو کی امامت درست نہین پہر اسکے بعد جسپر اکثر معتبر لوگون کا اجماع
ہو وہ امام ہے اور اگر دو امام بہت دور دور ملکون مین ہون جیسی مشرق اور مغرب
کہ ایک ملک سے دوسرے ملک مین آنا جانا مشکل ہو اور ایک دوسرے کی مدد نہ کرسکتا ہو
تو اُس صورت مین دو امام بہی ہونا درست ہے سب تہی بیعت ہوئی ہو یا آگے پیچہے اہل سنت
وجماعت کا یہہ مذہب ہے کہ مسلمانون پر واجب ہے کہ ایک اپنا امام ٹہراوین اور اُسکی اطاعت

شرع کی موافق اپنی اوپر واجب جانین تاکہ امام کافرون سی جہاد کرے مسلمانون پر
کافرون کو غالب ہونی دیوے بدکارون کو سزا دیوی احکام شرع کی جاری کرے
کوئی ظلم کرتی پاوے محتاجون اور یتیمونکی خبرگیری کرے لیکن شرط یہہ ہے کہ امام احکام شرعی کو
خوب جانتا ہو بہادر اور ہوشیار ہو تاکہ بخوبی ملک کا بندوبست کری لڑائی نہ بگاڑے
قریش کی قوم سے ہو کہ سوای قریش کے اور کسی قوم کا امامت مین حق نہین باقی مسائل
مفصل امامت کے عقاید اور فقہ کی کتابون سے دریافت کیا چاہیے م ابوسعید
اِذَا تَثَاءَبَ اَحَدُکُمْ فَلْیُمْسِکْ بِیَدِہٖ عَلٰی فِیْہِ فَاِنَّ الشَّیْطَانَ یَدْخُلُ
سلم مین ابوسعید رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب تم مین سی کوئی جمہائی لیوی تو اپنے
مُنہ کو اپنے ہاتہہ سی بند کرلیا کرے اسواسطے کہ شیطان کہس جاتا ہے ف شیطان
فرمایا سودی چیز کو جیسی کہی اور مچھر اور گرد غبار کہ جمہی لینے اکثر انہین سی کوئی چیز منہہ کے
اندر کہس جاتی ہے یا سچ مچ شیطان ہی کہس جاتا ہو اسواسطے کہ جمہائی بہت پیٹ
بہرنی مین آتی ہے اور بدن مین سستی لاتی ہے اسوقت عبادت بخوبی نہین ہوسکتی
یہی اثر شیطان کا ہے م ابوہریرۃ اِذَا تَشَہَّدَ اَحَدُکُمْ فَلْیَسْتَعِذْ بِاللّٰہِ مِنْ اَرْبَعٍ یَقُوْلُ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ عَذَابِ جَھَنَّمَ وَمِنْ عَذَابِ
الْقَبْرِ وَمِنْ فِتْنَۃِ الْمَحْیَا وَالْمَمَاتِ وَمِنْ شَرِّ فِتْنَۃِ الْمَسِیْحِ الدَّجَّالِ وَیُرْوٰی

م

اذا فرغ

اِذَا فَرَغَ اَحَدُکُمْ مِنَ التَّشَهُّدِ الْاٰخِرِ فَلْیَتَعَوَّذْ بِاللّٰہِ مِنْ اَرْبَعٍ مِنْ عَذَابِ
جَھَنَّمَ وَمِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَمِنْ فِتْنَۃِ الْمَحْیَا وَالْمَمَاتِ وَمِنْ شَرِّ الْمَسِیْحِ الدَّجَّالِ
مسلم میں ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب تم میں سے کوئی التحیات پڑھے تو
چاہیئے کہ خدا سے چار چیزوں کی پناہ مانگے یوں کہے کہ اے خداوند میں تیری پناہ مانگتا
ہوں دوزخ کی عذاب سے اور قبر کے عذاب سے اور زندگی اور موت کی فتنے سے اور دجال کی
فتنے سے اور دوسری روایت میں یوں آیا ہے کہ جب فراغت کرے پچھلی التحیات سے
تو چاہیئے کہ خدا سے چار چیزوں کی پناہ مانگے دوزخ کے عذاب سے اور قبر کی عذاب سے اور زندگی
اور موت کے فتنے سے اور دجال کی فتنے سے ف زندگی کا فتنہ یہ کہ آدمی گناہ کرے
کافروں کا غلبہ محنت سے یا بیت دولت جو خدا کو بھلا دے اور موت کا فتنہ موت کے وقت کی
سختیاں خاتمہ خراب ہونا سنت ہے کہ بعد التحیات اور درود کے یہہ دعا پڑھے ق

ق ۱۸۲

اَبُوْھُرَیْرَۃَ وَاَبُوْسَعِیْدٍ اِذَا یَتَخَمَّ اَحَدُکُمْ فَلَا یَتَخَمَّ قِبَلَ وَجْھِہٖ وَ
لَا عَنْ یَمِیْنِہٖ وَلْیَبْصُقْ عَنْ یَسَارِہٖ اَوْ تَحْتَ قَدَمِہِ الْیُسْرٰی بخاری
اور مسلم میں ابوہریرہ اور ابوسعید رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب
کوئی کھنکار کے تھوکی تو اپنے منہ کی سامنے نہ تھوکے اور نہ اپنے داہنے اور چاہیئے
کہ اپنی بائیں طرف یا بائیں پاؤں کی تلے تھوکے ف ایکبار حضرت نے مسجد میں قبلہ کی

دیوار طرف تہوکنا دیکھا تہوکنے سے اسکو چڑہاؤ الاتب یہہ حدیث فرمائی نماز مین قبلہ کی
طرف تہوکنا اسواسطے منع ہوا کہ نمازی خدا سی عرض معروض کرتا ہے اور داہنی طرف
فرشتہ ہے حضرت کے وقت مسجد مین فرش نہوتا تہا اسواسطے قدم کی نیچے تہوکنے کو فرمایا
اسوقت مین اگر نماز پڑہے تہوک آوے تو کپڑہے مین لے لیوے چنانچہ اور روایت مین
پڑہکا ذکر بہی آیا ہے ۸۴ م ابو ہریرۃ اذا توضا العبد المسلم او المومن فغسل
وجہہ خرج من وجہہ کل خطیئۃ نظر الیہا بعینیہ مع الماء او مع
اخر قطر الماء واذا غسل یدیہ خرج من یدیہ کل خطیئۃ کان
بطشتہا یداہ مع الماء او مع اخر قطر الماء فاذا غسل رجلیہ خرجت
کل خطیئۃ مشتہا رجلاہ مع الماء او مع اخر قطر الماء حتی یخرج نقیا
من الذنوب مسلم مین ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب وضو
کرتا ہے بندہ مسلمان یا ایمان دار یہہ شک ہے راوی کی کہ حضرت نے مسلم کی لفظ فرمائی
یا مومن کے سو دہوتا ہے اپنے منہہ کو تو نکل جاتی ہین اسکے سب گناہ جن کو آنکہہ سے
دیکہا پانی کے ساتہی یا پچہلے پانی کے قطرے کے ساتہہ اور جب اپنے دونون ہاتہہ دہوئے
تو اسکے ہاتہون سے سب گناہ نکل جاتے ہین جن کو ہاتہہ سے پکڑے کیا پانی کے ساتہی
یا پچہلے پانی کے قطرے کے ساتہہ پہر جب اپنی دونون پانون دہوئے تو نکل

جائے

جاتی ہین سب گناہ جنکو پیرون سے چل کر کیا ہاتھون کے ساتھی یا پچھلے پانی کی قطرے کے ساتھ نکل
کہ کنا ہون سی پاک صاف ہو جاتا ہے ف اس حدیث مین فضیلت ہے وضو کی
معلوم ہوا کہ وضو سی گناہ دور ہوتی ہین یعنی صغیرہ گنا اور کبیرہ گناہ توبہ سے ق جابرؓ ۸۴۴ ق
اِذَا جَاءَ کُمْ یَوْمُ الْجُمُعَۃِ وَقَدْ خَرَجَ الْاِمَامُ فَلْیُصَلِّ رَکْعَتَیْنِ بخاری اور مسلم مین
جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرتؐ نے فرمایا کہ جب کوئی آدمی جمعہ کے دن اور امام خطبے کے واسطے
نکل چکا ہو تو چاہیے کہ دو رکعتین پڑہ لیوی ف یہہ حدیث دلیل ہے امام شافعی کی
کہ دو رکعت تحیۃ المسجد پڑہنا ضرور ہے اگرچہ امام خطبہ پڑہتا ہوا امام اعظم کی مذہب مین
خطبے کی وقت کوئی نماز درست نہین خطبے کا سننا فرض ہے سنت کرنی مین فرض فوت ہوتا ہے
اور دوسری روایت مین آیا ہے کہ جب امام خطبے کی واسطے نکلی تو کوئی نماز اور کوئی بات
کرنا درست نہین ھ اَبُوْ ھُرَیْرَۃَ اِذَا جَاءَ رَمَضَانُ فُتِحَتْ اَبْوَابُ الْجَنَّۃِ ۸۴۵ ھ
وَاُغْلِقَتْ اَبْوَابُ جَھَنَّمَ وَسُلْسِلَتِ الشَّیَاطِیْنُ مسلم مین ابو ہریرہ رضؓ سے روایت
ہے کہ حضرتؐ نے فرمایا کہ جب رمضان کا مہینا آتا ہے تو بہشت کی دروازے کھولی جاتی ہین
اور دوزخ کی دروازے بند کئی جاتی ہین اور شیطان زنجیرون مین باندہے جاتی ہین ف
اس حدیث مین رمضان کی برکت اور فضیلت کا بیان ہے اسواسطے کہ جب آدمی نی روزہ رکہا اور
پیٹ خالی ہوا اکثر گناہون سے بچا تو رحمت الٰہی کا جوش ہوا بہشت کی دروازے

کھلے اور دوزخ بیکار ہوئی شیطان بند ہوئی اسواسطے کہ اکثر شیطان کا قابو آدمی پر
پیٹ بھرنے مین ہوتا ہے اور اکثر بے نمازی لوگ بھی رمضان مین روزے رکھتے ہین اور
نماز شروع کرتی ہین یہہ بھی دلیل ہے شیطان کے قید ہونے کی غرض رمضان کی برکت مین کچھ
۸۸۰ م شبہہ نہین م ابوھریرۃ اذا جلس احدکم علی حاجتہ فلا یستقبل القبلۃ
ولا یستدبرھا مسلم مین ابوہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب کوئی جا ضرور
۸۸۱ م کے واسطے بیٹھے تو قبلہ کا سامنا نہ کرے اور نہ اسکو پیٹھہ دیوے م عائشۃ اذا جلس
بین شعبھا الاربع ومس الختان الختان فقد وجب الغسل مسلم مین
حضرت عایشہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب مرد بیٹھا عورت کے چوشا ہے مین اور لکا ختنہ
مرد کا عورت کے ختنے مین تو ضرور واجب ہوگیا غسل کرنا ف عورت کا چوشا یعنی
دونپدلیان اور دورانین یعنی صرف دخول سے غسل واجب ہے منی نکلے یا نہ نکلے اول
حکم تھا کہ بدون منی نکلے غسل واجب نہ تھا اس حدیث سے وہ حکم منسوخ ہوا اور یہی مذہب ہے
۸۸۲ م سب امامون کا م ابن عمر اذا جمع اللہ الاولین والاخرین یوم القیمۃ
یرفع لکل غادر لواء فقیل ھذہ غدرۃ فلان بن فلان مسلم مین عبداللہ
بن عمر سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب خدا جمع کریگا سب اگلون اور پچھلون کو قیامت کے
دن ہر ایک دغاباز قول توڑنے والی کا جھنڈا اونچا کیا جاویگا پھر کہا جاویگا

ہہ دغاباز ہے

یہہ دغابازی ہے فلانی کی فلانے کی بیٹے کی ف یعنے جسنے امام سے بیعت کی پھر قول
توڑا اسکو خدا قیامت مین فضیحت کریگا سب کے آگے ف طلحۃ اذا حدثتکم
عن اللہ بشیئ فخذوا بہ فانی لن اکذب علی اللہ مسلم مین طلحہ رضہ سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب مین تم کو خدا کی طرف سی کوئی چیز بتلایا کروان تو اسکو پکڑ لیا
کرو یعنی عمل کرو اسواسطے کہ مین مقرر خدا پر کبھی جھوٹھہ نہ باندھون گا یعنی خدا کے احکم پہچاننے مین
معصوم ہین اسمین چوک پڑنا چل چل ہونا ممکن نہین ف اس حدیث کا قصہ ہو چکا کہ حضرت نے
ایکبار انصاریون کو تر کھجور کے پھول کو مادہ کھجور کی اندر ڈالنی سی منع کیا اس سال کھجور نہ ہوئی
تب یہہ حدیث فرمائی یعنی دین مین تمکو میری اطاعت کرنا فرض ہے دنیا کی مصلحت اپنی
تم ہی خوب جانتے ہو ف مالک ابن الحویرث اذا حضرت الصلوٰۃ فاذنا ۸۸۵ ق
ثم اقیما ولیؤمکما اکبرکما قالہ ولصاحب لہ بخاری اور مسلم مین مالک
بن حویرث سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب نماز کا وقت آوی تو اذان دیا کرو اور اقامت
کہو اور چاہئے کہ تم دونون مین بڑا امام ہووے یہہ حضرت نے مالک اور انکے ساتھی سے فرمایا
ف مالک بن حویرث سے روایت ہے کہ ہم دو آدمی حضرت پاس حاضر ہوئے جب ہم نے
گھر جانے کا ارادہ کیا تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی اس حدیث سے معلوم کہ سفر مین بھی
اذان کہنا چاہئے اور جماعت دو آدمی مین بھی ہوتی ہے اور جب علم مین برابر ہون

م ۸۸۶ توبڑی عمر والا امام بنے **م** اُمِّ سَلَمَةَ اِذَا حَضَرْتُمُ الْمَيِّتَ فَقُوْلُوْا خَيْرًا فَاِنَّ الْمَلٰٓئِكَةَ يُؤَمِّنُوْنَ عَلٰى مَا تَقُوْلُوْنَ مسلم میں حضرت ام سلمہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب تم مرد یکے پاس جمع ہو تو اُسکے حق مین نیک بات بولا کرو اسواسطے کہ فرشتے آمین کہتے ہین جو تم کہتی ہو **ف** یعنی جب آدمی مرگیا تو اسوقت فرشتے موجود ہوتے ہین تمہارے قول پر آمین کہتی ہین تو اسکے حق مین نیک بات بولو دعا کرو معلوم ہوا کہ مرد یکی خوبیان ذکر کرنا اسکے واسطے دعا کرنا مستحب ہے اسکے بدکامون کا ذکر کرنا نچاہئے

ق ۸۸۷ **ق** عَمْرُو بْنُ الْعَاصِ اِذَا حَكَمَ الْحَاكِمُ فَاجْتَهَدَ ثُمَّ اَصَابَ فَلَهٗ اَجْرَانِ وَاِذَا حَكَمَ وَاجْتَهَدَ فَاَخْطَاَ فَلَهٗ اَجْرٌ بخاری اور مسلم مین عمرو بن العاص رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب حاکم اور قاضی فی شی مقدمی مین حکم کرنے کا ارادہ کیا سو مقدور بھر اس بات کے دریافت مین محنت اور کوشش کی پھر ٹھیک بات پالگیا تو اسکو دو ثواب ہین یعنی ایک محنت کا دوسرے ٹھیک بات پاجانے کا اور جب حکم کا ارادہ کیا اور مقدور بھر کوشش کی پھر اسمین چوک گیا یعنی حق بات اسکو نہ معلوم ہوئی تو اسکو ایک ثواب ہے یعنی صرف محنت کرنی کا **ف** یعنی جب حاکم یا قاضی فی قصہ فیصل کرنے مین خوب غور کی اور قران اور حدیث اور اجماع امت سے اسکا حکم نکالا اگر وہ حکم ٹھیک ہے تو اسکو دو ثواب ہین اور اگر چوک ہے تو ایک ثواب بعد کوشش کے چوک پر پکڑ نہین اسی طرح جو عالم

تحقیق اجتہاد و وجوب عمل بہ مذہب اربعہ

مجتہد

مجتہد وہ مسئلہ جو قرآن اور حدیث اور اجماع امت مین صاف مذکور نہین اسکو اپنی قیاس سے
قرآن اور حدیث مین غور کرکے نکالی تو مقرر ثواب پاویگا اگر ٹھیک مسئلہ نکالے تو دو ثواب مین
اور اگر چوک جاے اسمین تو ایک ثواب بشرطیکہ اجتہاد کی لیاقت رکھتا ہو اجتہاد کی شرطین
علم فقہ مین مذکور ہین اجتہاد کرنا ہر عالم کا کام نہین اسکو بہت علم اور فہم تیز چاہیے اسواسطے
اہل سنت مین چار مجتہد اماموں کے مذہب مقرر ہوگئے انکی برابر اب تک کسی کو علم اور فہم حاصل
نہین ہوا علاوہ اسکے انکا زمانہ حضرت کے زمانے سے بہت قریب تہا جو حضرت کے وقت کی
رسم اور عادت اور اسوقت کی بول چال کا طریق وہ لوگ سمجھتے تہے اسوقت کے عالمونکو
سمجھنا نہایت مشکل ہے ۸۸۸ م جَابِرٌ اِذَا حَلَمَ اَحَدُکُمْ حُلُمًا فَلَا یُخْبِرْ اَحَدًا یَتَلَعَّبُ
الشَّیْطَانُ سلم مین جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب کوئی برے پریشان
خواب دیکھے تو کسی سے نکہے شیطان کے کہیل کود یعنی آدمی کے دق کرنی کو شیطان کچھہ واہی
خواب دکہلاتا ہے سو اسکا کسی سے کہنا کیا ضرور ۸۸۹ م اَبُوْھُرَیْرَۃَ اِذَا خَرَجَتْ
رُوْحُ الْمُؤْمِنِ تَلَقَّاھَا مَلَکَانِ یُصْعِدَانِھَا قَالَ حَمَّادٌ فَذَکَرَ مِنْ
طِیْبِ رِیْحِھَا وَذَکَرَ الْمِسْکَ وَیَقُوْلُ اَھْلُ السَّمَآءِ رُوْحٌ طَیِّبَۃٌ جَآءَتْ
مِنْ قِبَلِ الْاَرْضِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْکِ وَعَلٰی جَسَدٍ کُنْتِ تَعْمُرِیْنَہٗ فَیُنْطَلَقُ
بِہٖ اِلٰی رَبِّہٖ ثُمَّ یَقُوْلُ انْطَلِقُوْا بِہٖ اِلٰی اٰخِرِ الْاَجَلِ قَالَ وَاِنَّ الْکَافِرَ اِذَا

فرحت روحه قال حماد وذکر من نتنها وذکر لعنا ویقول اهل
السماء روح خبیثة جاءت من قبل الارض فیقال انطلقوا
به الی اخر الاجل قال ابوهریرة فرد رسول الله صلی الله علیه وسلم
ریطة کانت علیه علی انفه هکذا اسلم میں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ جب بدن سے ایماندار کی روح نکلتی ہے تو اسکے آگے دو فرشتے آتے
ہیں اسکو آسمان پر چڑھا لیجاتے ہیں کہا حماد اس حدیث کے راوی نے کہ حضرت نے یا ابوہریرہ نے
اس روح کی خوشبو کا ذکر کیا اور مشک کا اور کہتے ہیں آسمان والے یعنی فرشتے پاک روح
زمین کی طرف سے آئی ہے اللہ تجھپر رحمت کرے اور تیرے بدن پر جسکو تو نے آباد رکھا
پھر اسکو اسکے رب تک لیجاتے ہیں پھر خدا فرماتا ہے کہ لیجاؤ اسکو پچھلی مدت تک یعنے
قیامت تک اور فرمایا حضرت نے اور کافر کی روح جب بدن سے نکلتی ہے کہا حماد نے کہ حضرت نے
یا ابوہریرہ نے اسکے بدبو کو ذکر کیا اور اسپر لعنت یاد کی اور کہتے ہیں آسمان والے ناپاک روح
آئی ہے زمین کی طرف سے حضرت نے فرمایا کہ پھر حکم ہوتا ہے کہ لیجاؤ اسکو پچھلی مدت تک
یعنے قیامت تک کہا ابوہریرہ نے سو پھر کر رکھا حضرت نے باریک کپڑا جو آپکے پاس تھا
اپنی ناک پر اس طرح یعنی حضرت نے اس روح کافر کی بدبو کا خیال کر کے کپڑے سے ناک بند کی
ف یہہ جو حکم ہوا کہ لیجاؤ اسکو قیامت تک یعنی ایماندار کی روح کو ایمانداروں کے عمدہ

مقام پر رکھو جسکا نام علیین ہے اور کافر لوگوں کے بدتر مکان پر رکھو جسکا نام سجین ہے

۱۹۰ م ابن عباس اِذَا دُبِغَ الْاِهَابُ فَقَدْ طَهُرَ مسلم مین عبداللہ بن عباس رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب صاف ہوگیا چمڑا مصالح وغیرہ سے تو پاک ہوا ف یہی مذہب ہے امام اعظم کا کہ سب چمڑے دباغت اور صاف کرنے سے پاک ہوجاتے ہین سوائے آدمی اور خوک کے آدمی تو تعظیم اور بزرگی کے سبب سے اور خوک ناپاکی کے سبب سے اور امام شافعی کے

۱۹۱ خ نزدیک کتی کا چمڑا بھی کسی طرح پاک نہین ہوتا خ اَبُوْهُرَيْرَةَ اِذَا دَخَلَ اَحَدُكُمُ الْمَسْجِدَ فَلْيَرْكَعْ رَكْعَتَيْنِ قَبْلَ اَنْ يَجْلِسَ بخاری مین ابوہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب کوئی مسجد مین جاوے تو دو رکعتین پڑھے بیٹھنے سے پہلے ف اس نماز کا نام تحیۃ المسجد سنت یہی ہے کہ اول تحیۃ المسجد پڑھے تب مسجد مین بیٹھے اس حدیث سے صاف معلوم ہوا کہ یہ جو لوگون کی عادت ہے کہ اول اندک بیٹھ لیتے ہین خصوصاً جمعہ کے

۱۹۲ م دن پہر تحیۃ المسجد پڑھتے ہین سو نہ چاہیے م اَبُوْحُمَيْدٍ اَوْ اَبُوْاُسَيْدٍ اِذَا دَخَلَ اَحَدُكُمُ الْمَسْجِدَ فَلْيَقُلْ اَللّٰهُمَّ افْتَحْ لِيْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ وَاِذَا خَرَجَ فَلْيَقُلْ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ مسلم مین ابوحمید یا ابواسید رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب کوئی مسجد مین جاوے تو چاہیے کہ یون کہے کہ اے اللہ میرے لئے اپنے رحمت کے دروازے کھول اور جب مسجد سے نکلے تو یون کہے کہ اے اللہ مین تیرا فضل اور رزق

چاہتا ہون ف مسجد مین جاتے اور نکلتے یہہ دعا پڑھنا مستحب ہے م جَابِرٌ اِذَا دَخَلَ
الرَّجُلُ بَيْتَهُ فَذَكَرَ اللّٰهَ عِنْدَ دُخُولِهِ وَعِنْدَ طَعَامِهِ قَالَ الشَّيْطَانُ
لَا مَبِيتَ لَكُمْ وَلَا عَشَاءَ وَاِذَا دَخَلَ فَلَمْ يَذْكُرِ اللّٰهَ عِنْدَ دُخُولِهِ قَالَ
الشَّيْطَانُ اَدْرَكْتُمُ الْمَبِيتَ وَاِذَا لَمْ يَذْكُرِ اللّٰهَ عِنْدَ طَعَامِهِ قَالَ
اَدْرَكْتُمُ الْمَبِيتَ وَالْعَشَاءَ مسلم مین جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
کہ جب مرد اپنے گھر مین آیا یعنی شام کو پھر یاد کیا خدا کو داخل ہوتے اور کھانا کھاتے
تو شیطان اور شیطانون سے کہتا ہے کہ یہان نہ تمکو رات کے رہنے کا مقام ہے اور نہ رات کا
کھانا اور جب مرد گھر مین داخل ہوا سو خدا کو نہ یاد کیا تو شیطان کہتا ہے کہ رات کا
رہنا تو تمنے پایا اور جب اُس نے کھانے وقت بھی خدا کا نام نہ لیا تو شیطان کہتا ہے
تو تمکو رات کا رہنا اور کھانا دونون ملے ف یعنی گھر مین آتے اور کھانا کھاتے بسم اللہ
کہنا شیطان کا حصار ہے گھر مین اور کھانے مین بسم اللہ کی برکت سے شیطان کا دخل نہین
ہوتا اور بسم اللہ نہ کہنے سے شیطان کھانے اور سونے مین شریک ہوتا ہے م صُهَيْبُ
بْنُ سِنَانٍ اِذَا دَخَلَ اَهْلُ الْجَنَّةِ الْجَنَّةَ يَقُولُ تَبَارَكَ وَتَعَالَى تُرِيدُونَ
شَيْئًا اَزِيدُكُمْ يَقُولُونَ اَلَمْ تُبَيِّضْ وُجُوهَنَا اَلَمْ تُدْخِلْنَا الْجَنَّةَ
وَتُنَجِّنَا مِنَ النَّارِ قَالَ فَيُكْشَفُ الْحِجَابُ فَمَا اُعْطُوا شَيْئًا اَحَبَّ

اللّٰهُمَّ

اِلَیْہِمْ مِنَ النَّظَرِ اِلٰی رَبِّھِمْ مسلم مین صہیب رضسے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب
داخل ہوچکینگے بہشتی لوگ بہشتمین توحق تعالی فرماویگا کہ تم چاہتے ہوکہ اور بھی زیادہ
کچھ تمکو دون بہشت والے کہینگے کہ کیا روشن نہین کرچکا تو ہمارے موہنہون کو کیا بہشتمین
ہمکو داخل نہین کرچکا اور دوزخ سے بچا چکا یعنی سب کرم تو تونے کئے اس سے زیادہ
کون سے کرم کا ارادہ ہے تو پردہ اٹھایا جاویگا یعنی دیدار الٰہی ہوگا سو بہشت کی کوئی نعمت پاوینگے
انکے نزدیک اپنے رب کے دیدار سے زیادہ پیاری نہوگی ف اس حدیث سے معلوم
ہوا کہ بہشتمین ایماندارون کو دیدار الٰہی بیچون وبیچگون نصیب ہوگا اور بہشت کی کوئی
نعمت اور لذت اسکو لگا نہ کہاتی گی اور یہی مذہب اہلسنت و جماعت کا جو اس نعمت سے بے نصیب
ہونے کا کہتے ہین جیسے معتزلہ اور خارجی اور رافضی ق اَنَّ اِذَا دَعَا اَحَدُکُمْ ق ۱۹۵
فَلْیَعْزِمِ الْمَسْئَلَۃَ وَلَا یَقُوْلَنَّ اَللّٰھُمَّ اِنْ شِئْتَ فَاَعْطِنِیْ فَاِنَّہٗ لَا مُسْتَکْرِہَ
لَہٗ بخاری اور مسلم مین انس رضسے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب کوئی دعا کرے تو
ماننی مین مطلب حاصل ہونی کا یقین رکھے اور یون نہ کہے کہ اے خدا دی مجھکو اگر تو
چاہے اسواسطے کہ خدا پر کوئی جبر کرنیوالا نہین جو نہ کرنے دیوے یعنی اسکو قبول کرنی کیا چاہئے
ق اَبُوْھُرَیْرَۃَ اِذَا دَعَا الرَّجُلُ امْرَاَتَہٗ اِلٰی فِرَاشِہٖ فَاَبَتْ اَنْ ق ۱۹۶
تَجِیْئَ فَبَاتَ غَضْبَانَ لَعَنَتْھَا الْمَلٰٓئِکَۃُ حَتّٰی تُصْبِحَ بخاری اور مسلم مین

ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ بلایا مرد اپنی جورو کو اپنے بچھونے پر پھر اسنے
انسے انکار کیا سو خاوند رات بھر غصے مین رہا تو اُس عورت کو رات بھر فرشتے
لعنت کرتی ہین ق ابو ہریرۃ اذا دعی احدکم الی الولیمۃ فلیاتھا ق
بخاری اور مسلم مین ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب کوئی شادی کے
کہانیکے واسطے بلایا جاوے تو وہان جانا چاہیئے ف ولیمہ اس کہانی کا نام ہے ولیمہ وعوت وغیرہ
کہ بعد نکاح کی جب جورو خاوند کی گھر آوی تو اسوقت دوستون اور برادرون کو جمع
کر کے کھلاوے طعام ولیمہ سنت ہے حضرت اور اصحاب کیا کرتی تھے بعضی علما کی نزدیک
ولیمہ مین جانا واجب ہے بجاوے تو گنہگار ہووے اور بعضون کی نزدیک مستحب ہے کہانا
ضرور نہین کچھ عذر ہو تو نکہاوے م ابو ہریرۃ اذا دعی احدکم الی طعام م
وھو صائم فلیقل انی صائم مسلم مین ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ جب کوئی شخص کہانی کے واسطے بلایا جاوے اور وہ روزہ دار ہو تو چاہیئے
کہ یون کہے کہ مین روزہ دار ہون ف یعنی نفل عبادت کا چھپانا بہتر ہے لیکن دعوت
مین اظہار کرے یعنی روزے کے عذر سے مین معذور ہون نہین تو کہاتا تا اسکو
رنج نہو م ابو ہریرۃ اذا دعی احدکم فلیجب فان کان صائما فلیصل م
وان کان مفطرا فلیطعم مسلم مین ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا

کہ جب کوئی

کہ جب کوئی کہانی کے واسطے بلایا جاوے تو قبول کرنا چاہیے سو اگر روزہ دار ہو تو نہ
دعوت کرنیوالی کو نیک دعا کرے اور اگر بی روزہ ہو تو کہانا کہاوے ف یعنی دعوت کا
رد کرنا حرام ہے کہانی مین اگر عذر ہو تو اختیار ہے اور اگر دعوت مین کچھ بدعت ہو
جیسے ناچ اور راگ اگر اسکے جانی سے موقوف ہو جاوے تو ضرور جاوے اور اگر نہ موقوف
ہو سکے تو نجاوے اس عذر سی دعوت کا رد کرنا درست ہے مرجابر اذا رای
احدکم الرویا یکرھھا فلیبصق عن یسارہ ثلثا ویستعذ با
للہ من الشیطان ثلثا ولیتحول عن جنبہ الذی کان علیہ مسلم مین
جابر رضی اللہ عنہ سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب تم مین کوئی خواب دیکھے جو اسکو بری
معلوم ہو تو اپنی بائین طرف تہک دیوین تین بار اور پناہ مانگے خدا کی شیطان سی تین بار
یعنی یون کہے کہ اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم اور جس کروٹ لیٹا ہو اسکو بدل ڈالے
ف یعنی خواب مکروہ اور غمگین شیطان کی طرف سی ہے موافق اس حدیث کے عمل کرے
تو اسکا ضرر اور وسوسہ دور ہو جاوے ق ابوھریرۃ اذا رای احدکم ما یکرہ
فلیقم فلیصل ولا یحدث بہ الناس بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سی روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ جب کوئی شخص خواب مین مکروہ چیز دیکھے تو اٹھ کہڑا ہو پہر نماز پڑہے
اور اس خواب کو کسی سے نکہے ف یعنی اگر مکروہ خواب دیکھے اور دل مین اسکا کچھ کہٹکا پیدا ہو

تو یہہ تدبیر ہے کہ نماز پڑھے اور خدا سے خیر مانگے اسواسطے کہ کوئی بات بدون
خدا کے حکم نہین ہوسکتی اور مکروہ خواب کا کہنا اسواسطے منع فرمایا کہ نادان لوگ سُنکے
خدا نے جانکا وسوسہ ڈالین اور روایت مین آیا ہے کہ اگر بہتر خواب دیکھے تو دانا دوست سے
کہے تاکہ بہتر تعبیر کہے اور بدخواب کسی سے نکہے ق عَائِشَۃُ اِذَا رَاَیْتِ الَّذِیْنَ
یَتَّبِعُوْنَ مَا تَشَابَہَ مِنْہُ فَاُولٰئِکَ الَّذِیْنَ سَمَّی اللّٰہُ فَاحْذَرُوْھُمْ بخار
اور مسلم مین عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا مجھسے کہ جب تو انکو دیکھے جو پیچھے پڑے جاتے
ہین قرآن کی دھوکے والی آیتون کے تو وہ لوگ وہی ہین جنکا خدا نے قرآنمین نام لیا ہے تو انسے
بچو یعنی پرہیز کرو انکی صحبت سے ف قرآن کی آیتین دو طرح کی ہین محکم اور متشابہ محکم وہ ہے
جسکا مطلب صاف کہلاہے اور متشابہ وہ ہے جسکے مطلب مین دھوکا ہے صاف مطلب
نہین سو محکم آیتین قرآنکی جڑ ہین اُنہین پر عمل کرنی کا حکم ہے اور متشابہ آیت کا کھوج کرنا
اور اسکی اصل تہ کو دریافت کرنیکا حکم نہین قرآن مین حق تعالی نے فرمایا ہے کہ جنکے دلون مین
کپٹ اور گمراہی ہے وُہی لوگ متشابہ آیتکا کھوج کرتے ہین سو حضرت نے فرمایا کہ جو متشابہ
آیت کا کھوج کرین تو وے لوگ اُنہین کپٹ اور گمراہی والون مین ہین جنکا خدا نے قرآنمین
نام لیا اور پتہ بتلایا سو انکی صحبت سے کنارہ کرو تاکہ انکی بُری صحبت کا اثر تمکو نہو جاوے
مسلمان پر واجب ہے کہ سب قرآن پر ایمان لاوے محکم پر عمل کرے اور متشابہ آیت کے اصل

ق

مطلب کو

مطلب کو خدا پر حوالہ کرے جس بات کو مالک حکمت والا منع کرے ہمکو کیا ضرور ہے
اُسپر کہوج کریں اور خدا کے غضب میں گرفتار ہوں **ق** عَامِرُ بْنُ رَبِیْعَۃَ بْنِ ثُمَّ اِنَّ ق
اِذَا رَاَیْتُمُ الْجَنَازَۃَ فَقُوْمُوْا حَتّٰی تُخَلِّفَکُمْ هٰذَا حَدِیْثٌ مَنْسُوْخٌ
بخاری اور مسلم میں عامر بن ربیعہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب تم جنازہ دیکھو تو
اٹھہ کھڑے ہو یہانتک کہ تم سمی آگے بڑہ جاوے یہہ حدیث منسوخ ہے **ف** اول یہہ
حکم تہا پہر حضرت نے موقوف کیا **م** اَبُوْهُرَیْرَۃَ اِذَا رَاَیْتُمُ الرَّجُلَ یَقُوْلُ م۴
هَلَکَ النَّاسُ فَهُوَ اَهْلَکُهُمْ مسلم میں ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب تم
دیکھو کسی مرد کو کہ کہتا ہے کہ سب لوگ برباد ہوئے ستیاناس گئے تو وہ سب سے زیادہ تر
اور نہایت ستیاناس ہوا اُنسے لوگون کو ستیاناس کیا **ف** اِس حدیث کے دو
مطلب ہین ایک تو یہہ کہ لوگون کو خدا کی رحمت سے ناامید کرے اور کہی کہ لوگ اپنے
گناہون سے ستیاناس گئے مقرر دوزخ میں پڑینگے بخشے نجا دینگے تو حقیقت میں یہہ شخص
خود برباد کیا اسواسطے کہ لوگون کو رحمت سے ناامید کیا اور بندکی چہڑائی اور دوسرا
مطلب یہہ کہ لوگون کے عیب برائیان نقل کرے اور کہی کہ لوگ برباد ہوئے تو حقیقت میں
یہہ خود برباد ہوا کہ لوگونکی غیبت کی اور اپ کو بہتر سب سے سمجھا امام مالک نے فرمایا کہ اگر
لوگون کے گناہ اور سستی دیکھہ کر افسوس سے یون کہے کہ ہاے کیا لوگ بگڑ گئے

ہین برباد ہوئے ہین تو کچھ مضائقہ نہین اور اگر یہہ بات غور سے کہے اپکو تو بہتر
سمجھے اور سبکو دلسل جائے تو ہرگز درست نہین حدیث کے موافق ۵ ف هـ ابو هریرة اذا
رأیتم الهلال فصوموا فاذا رأیتموه فافطروا فان غم علیکم
فصوموا ثلثین یوما مسلم مین ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
کہ جب تم رمضان کا چاند دیکھو تو روزہ رکھو اور جب اسکو دیکھو یعنی عید کے چاند کو تو روزہ
کھولو اور اگر بدلی کہرے تم پر تیس رمضان کے دن روزہ رکھو ۶ ف هـ ام سلمة اذا رأیتم
هلال ذی الحجة واراد احدکم ان یضحی فلیمسک عن شعره واظفاره
مسلم مین ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب دیکھو ذی الحجہ کا
چاند اور ارادہ کوئی رکھتا ہو قربانی کا تو چاہیئے کہ باز رہے اپنے بال اور ناخونون سے
یعنی بال اور ناخون نہ کاٹے ف امام احمد کا یہی مذہب ہے کہ چاند دیکھے سی قربانی
کرنیوالے کو بال اور ناخن کا کاٹنا حرام ہے اور شافعی اور مالک کے نزدیک مکروہ ہے
اور امام اعظم کی نزدیک جائز ہے ۷ ف هـ ابو ثعلبة الخشنی اذا رمیت
بسهمک فغاب عنک فادرکته فکل ما لم ینتن مسلم مین
ابو ثعلبہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب تو نے اپنے تیر سی شکار کو مارا پہر
شکار غائب ہو گیا یعنی کہین چھپ گیا یا چلا گیا پہر تو نے اسکو پایا تو اسکو کھا

جب تک بدبو

جب تک بدبو نہ کرے ف اگر شکار زخمی ہو شکاری کتے سے یا تیر سے اور کہیں
چلا جاوے تو اگر شکاری اس سے ناامید ہو کے نہ بیٹھا ہو تلاش کی حالت میں اسکو مردہ پاوے
تو امام اعظم کے نزدیک اس شرط سے شکار حلال ہے اور نہیں تو حرام اور امام مالک کے
نزدیک اگر اسی دن پاوے تو حلال ہے اور اگر دوسرے تیسرے دن پاوے تو حرام ہے
اور بدبودار گوشت کھانا حرام نہیں لیکن مکروہ ہے ق ابوہریرۃ اذا زنت امۃ
احدکم فتبین زناھا فلیجلدھا الحد ولا یثرب علیھا ثم ان زنت
فلیجلدھا الحد ولا یثرب علیھا ثم ان زنت الثالثۃ فتبین
زناھا فلیبعھا ولو بحبل من شعر ویروی ثم لیبعھا فی الرابعۃ
بخاری اور مسلم میں ابوہریرہ رضی سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب تمہارے کسی کی لونڈی
حرام کاری کرے پھر ظاہر ہو جاوے اسکی حرام کاری خواہ اسکے اقراری خواہ گواہوں سے
تو اسکو مالک حد مارے یعنی پچاس کوڑے اور اسکو چھڑکی نہ دیوی پھر اگر دوسرے
بار حرام کرے تو چاہیے کہ دوسرے بار بھی حد مارے اور اسکو چھڑکی نہ دیوی پھر اگر تیسرے
بار حرام کرے سو اسکا حرام ظاہر ہو جاوی تو چاہیے اسکو بیچ ڈالے اگرچہ بال کی
رسی اسکی قیمت ملے یعنی پوری قیمت کا خیال نہ کرے جتنے کو بکے بیچ ڈالے اور دوسری
روایت میں یوں ہے کہ چوتھے بار اسکو بیچے ف عرب کا دستور تھا کہ لونڈیوں سے حرامکاری کرکے

ق

عیب نہ جانتے تھے صرف گہر کی اور چھڑکی پر ٹال دیتے تھے جیسے اکثر جگہہ ہندوستان
مین سو فرمایا کہ صرف چھڑکی پر نہ ٹالا کرو بلکہ اسکو حد مارا کرو خدا کے حکم کے موافق اور
لونڈی غلام کو شرم کم ہوتی ہے گہر کی کچھہ فائدہ بھی ہین کرتی امام شافعی کا یہی مذہب ہے
کہ مالک خود بدون حاکم کی اجازت کے لونڈی غلام کو حد مارے اور امام اعظم کے نزدیک حاکم کی
اجازت لیکر مارے ۹۱۰ م اَبُوْ هُرَيْرَةَ اِذَا سَافَرْتُمْ فِي الْخِصْبِ فَاَعْطُوا
الْاِبِلَ حَظَّهَا مِنَ الْاَرْضِ وَاِذَا سَافَرْتُمْ فِي السَّنَةِ فَبَادِرُوْا بِهَا نِقْيَهَا
وَاِذَا عَرَّسْتُمْ فَاجْتَنِبُوا الطَّرِيْقَ فَاِنَّهَا طُرُقُ الدَّوَابِّ وَمَاوَى الْهَوَامِّ
بِاللَّيْلِ مسلم مین ابوہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب تم سفر کیا کرو ارزانی
اور سرسبزی کے سال تو اونٹون کا حصہ زمین سی دیا کرو یعنے اونٹون کو زمین پر
چرنے کو چھوڑ دیا کرو منزل پر اُترکے اور جب تم سفر کرو قحط اور خشکی کے سال تو جلدی
خشکی کے منزلون کو طی کر ڈالو اونٹون کا گودا رہتے یعنی اونٹون کی ہڈیون کا
گودا نہ سوکھنے پاوی طاقت انکی نہ جانے پاوی کہ تم منزل پر پہنچ جاؤ اور بڑی بڑی منزلین
کرکے خشکی سے نکل جاؤ اور حضرت نے فرمایا کہ جب تم پچھلی رات کو منزل پر اُترا کرو
تو رستون کو چھوڑکے علیحدہ اُترا کرو اسواسطے کہ رستے جانورونکی آمد و رفت کی
راہین ہین اور کیڑونکی مقام ہین رات کو ف اس حدیث مین حضرت نے سفر کی

حکمتین اُمت کو تبلائین م اَلْعَبَّاسُ اِذَا سَجَدَ الْعَبْدُ سَجَدَ مَعَهٗ اَسْبَعَةُ اَرْاَبٍ وَجْهُهٗ وَكَفَّاهُ وَرُكْبَتَاهُ وَقَدَمَاهُ مسلم مین حضرت عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ حضرت نی فرمایا کہ جب سجدہ کرتا ہے بندہ تو اُسکے ساتھہ بدن کے سات عضو سجدہ کرتے ہین اُسکا مُنہ اور اُسکی دونون ہتھیلیان اور دونو اُسکے گھٹنے اور دونون اُسکے قدم ف مُنہہ سجدہ کرتا ہے یعنے ماتھا اور ناک ف اَلْبَرَاءُ بْنُ عَازِبٍ اِذَا سَجَدْتَ فَضَعْ كَفَّيْكَ وَارْفَعْ مِرْفَقَيْكَ مسلم مین براء ابن عازب سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب تو سجدہ کرے تو رکھہ زمین پر اپنی دونو ہتھیلیون اور اونچا رکھہ دونون اپنی کہنیون کو ف یعنے سجدہ مین کہنیان زمین پر رکھنا کُتے اور لومڑی کی طرح مکروہ ہے ق اَنَسٌ اِذَا سَلَّمَ عَلَيْكُمْ اَهْلُ الْكِتَابِ فَقُوْلُوْا عَلَيْكُمْ بخاری اور مسلم مین انس رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب سلام کرین تمکو کتاب والے یعنے یہود اور نصارے تو اُسکے جواب مین کہو کہ علیکم یعنی تمپر بھی ف سلام دعا ہے اس واسطے منع کیا کافرون کو بکہ علیکم کہنے کو فرمایا یعنی تمپر یہ بات ہے جسکے تم لائق ہو ق اَبُوْ هُرَيْرَةَ اِذَا سَمِعْتُمُ الْاِقَامَةَ فَامْشُوْا اِلَى الصَّلٰوةِ وَعَلَيْكُمُ السَّكِيْنَةَ وَالْوَقَارَ وَلَا تُسْرِعُوْا فَمَا اَدْرَكْتُمْ فَصَلُّوْا وَمَا فَاتَكُمْ فَاَتِمُّوْا بخاری اور مسلم مین ابو ہریرہ سے

ق ۱۱

ق ۱۲

ق ۱۳

ق ۱۴

روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب تم نماز کی تکبیر اور قد قامت الصلوٰۃ سنو تو
چلو جماعت کی نماز کے واسطے ٹہرے ہوئے آہستگی اور آرام سے اور نہ جلدی کرو سو جتنی نماز
امام کی ساتھ پاؤ اُتنی پڑھو اور جو چھوٹ رہے اسکو آپ تمام کرلو ف معلوم ہوا
کہ جماعت کے واسطے جھپٹنا مکروہ ہے کہ سو اسطے کہ جلدی مین دم پھول جاتا ہے
نماز چین سے نہین ہوتی اور یہی مذہب ہے امام احمد کا اور بعضی علما کے نزدیک پہلے
تکبیر کے واسطے جلدی کرنا درست ہے ق اُسامۃ بن زید اذا سمعتم الطاعون
بارض فلا تدخلوھا واذا وقع بارض وانتم بھا فلا تخرجوا منھا بخاری
اور مسلم مین اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ
جب تم کسی زمین مین وبا سنو تو اُسمین نجاؤ اور جب اُسی زمین وبا پڑے
جس مین تم ہو تو اُس سے نہ نکلو ف جس ملک مین وبا ہو نہ جاؤ کیونکہ اُسمین
ہلاکی اور بلا مین ڈالے اور اگر اُسی ملک مین وبا پڑی ہو تو اُسمین سے نہ بھاگے
صبر اور توکل خدا پر کرے اور خدا سے بھاگ کے کہان بچیگا حضرت عائشہ سے روایت ہے
کہ وبا مین صبر کرنیوالا شہید کا ثواب پاویگا اور وہان سے بھاگنے والا گنہگار رہے
جس طرح کافر دنگی صف سے بھاگا ھ عبد اللہ بن عمر اذا
سمعتم المؤذن فقولوا مثل ما یقول ثم صلوا علیّ

ف ۹۱۵

فضیلت حضرت عائشہ و فضیلت عالم ۹۱۶

فَاِنَّهٗ مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ صَلٰوۃً صَلَّی اللّٰہُ بِھَا عَشْرًا ثُمَّ سَلُوا اللّٰہَ لِیَ
الْوَسِیْلَۃَ فَاِنَّھَا مَنْزِلَۃٌ فِی الْجَنَّۃِ لَا یَنْبَغِیْ اِلَّا لِعَبْدٍ مِّنْ عِبَادِ اللّٰہِ وَاَرْجُوْا
اَنْ اَکُوْنَ اَنَا ھُوَ فَمَنْ سَاَلَ لِیَ الْوَسِیْلَۃَ حَلَّتْ عَلَیْہِ الشَّفَاعَۃُ

فضیلت درود و فضیلت حضرت جمیعین

مسلم میں عبداللہ بن عمر سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب تم اذان دینی والی کی آواز سنو تو کہتے جاؤ جس طرح مؤذن کہتا ہے پھر مجھپر درود پڑھو اسواسطے کہ جو میرے اوپر ایک بار درود پڑھے گا خدا اسکے سبب سے دس بار اسپر رحمت کریگا پھر میرے واسطے وسیلہ مانگو سو البتہ وسیلہ بہشتمیں ایک بڑے عمدہ مقام کا نام ہے نہیں لائق ہے وہ مقام مگر ایک بندے کے واسطے اور امید وار ہوں کہ وہ بندہ میں ہی ہوں گا پھر جو میرے واسطے وسیلہ مانگیگا سو جو شخص خدا سے میرے واسطے وسیلہ مانگا کریگا یعنی اذان کے بعد اسپر میری شفاعت ضرور ہوگی

ف اس حدیث سے صاف معلوم ہوا کہ بعد اذان کی اول حضرت پر درود پڑھے پھر وہ دعا پڑھے جسمیں وسیلہ کا ذکر ہے تاکہ حضرت کی شفاعت اسکے گناہ بخشاوے اور درود کی بڑی فضیلت اس حدیث سے معلوم ہوئی کہ جو حضرت پر ایک بار درود پڑھے اُسپر دس بار خدا رحمت کرتا ہے اور صاف معلوم ہوا کہ سب پیغمبروں سے ہمارے حضرت افضل ہیں اسواسطے کہ وہ عالی مقام یعنی وسیلہ سوائے حضرت کے اور کسیکو نہ ملے گا

اللھم صل وسلم وبارک علی عبدک وسیدنا محمد والہ اجمعین ق ابو سعید اذا

ق ۱۵ و

سَمِعْتُمُ النِّدَاءَ فَقُولُوا مِثْلَ مَا يَقُولُ الْمُؤَذِّنُ بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب تم اذان سنا کرو تو کہا کرو جیسا موذن کہتا ہے
ف مگر دوسری حدیث مین کہ بجای حی علی الصلوۃ اور حی علی الفلاح کی لاحول ولا
قوۃ الا باللہ کہے ق اَبُوْهُرَيْرَةَ اِذَا سَمِعْتُمْ نُحَاقَ الْحِمَارِ فَتَعَوَّذُوا بِاللّٰهِ ق ۱۰/۶
مِنَ الشَّيْطَانِ فَاِنَّهَا رَاَتْ شَيْطَانًا وَاِذَا سَمِعْتُمْ صِيَاحَ الدِّيْكَةِ
فَاسْئَلُوا اللّٰهَ مِنْ فَضْلِهٖ فَاِنَّهَا رَاَتْ مَلَكًا بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب تم سنو گدھے کا رینگنا تو خدا کی پناہ مانگو شیطان سے
اسواسطے کہ اسنے شیطان دیکھا ہے اور جب تم مرغ کی بانگ سنو تو خدا سے اسکا فضل کرم
مانگو اسواسطے کہ اسنے فرشتے کو دیکھا ہے ف اس حدیث سے معلوم ہوا کہ گدھا شیطان کو
دیکھ کر بولتا ہے اور مرغ فرشتے کو دیکھ کر بولتا ہے گدھا بسبب حماقت اور بہت
کھانے کی شیطان سی مناسبت رکھتا ہے اور مرغ سخاوت اور شجاعت اور کم خوابی سے
فرشتے سے مناسبت رکھتا ہے واللہ اعلم ق اَبُوْ قَتَادَةَ الْحَارِثُ بْنُ رِبْعِيٍّ ق ۱۰/۷
اِذَا شَرِبَ اَحَدُكُمْ فَلَا يَتَنَفَّسْ فِى الْاِنَاءِ وَاِذَا اَتَى الْخَلَاءَ فَلَا يَمَسَّ
ذَكَرَهٗ بِيَمِيْنِهٖ وَلَا يَتَمَسَّحْ بِيَمِيْنِهٖ بخاری اور مسلم مین ابوقتادہ رضہ سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ جب کوئی شخص کوئی چیز پیئے تو دم نہ لے برتن پانی مین اور جب پاخانے مین

آدے تو نہ چھوئے اپنا ناز اداہنے ہاتھ سے اور نہ ڈھیلے پونچھے داہنے ہاتھ سے

م ابوہریرۃ اذا شرب الکلب فی اناء احدکم فلیغسلہ سبعا م ۱۷

مرادت مسلم مین ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب کتا تمہارے کسی کے برتن مین پی جاوے تو چاہیے کہ اسکو سات بار دھوئے ف امام شافعی کا یہی مذہب ہے کہ کتے کی جھوٹ برتن کو سات بار دھوے تو پاک ہووے لیکن ایکبار مٹی اور پانی سی اور سات بار صرف پانی سے اور امام اعظم کی نزدیک تین بار دھونی سی پاک ہوتا ہے سات دھونی کا اول حکم ہوا تہا کہ عرب لوگ کتون کو ناپاک نجانتے تہے م ابوسعید اذا شک احدکم فی صلوتہ فلم یدر کم صلی ثلاثا او اربعا فلیطرح الشک ولیبن علی ما استیقن ثم یسجد سجدتین قبل ان یسلم فان کان صلی خمسا شفعن لہ صلوتہ وان کان صلی اتماما لاربع کانتا ترغیما للشیطان م ۱۸

مسلم مین ابوسعید رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب کوئی شک کرے اپنی نماز مین سو نجانی کہ کتنی پڑھین تین رکعت یا چار رکعت تو شک اور تردد کو چھوڑے اور جسپر یقین رکھتا ہو اسی پر بنا دے پہر دو سجدے کرے سلام کرنی سے پہلے تو اگر پانچ رکعتین پڑھی ہون گی تو وہ سجدہ سہو سے جوڑا ہو جاوین گی یعنی چھ ہونگی اور اگر نماز پڑھی چار ہی کے پورا کرنے کو تو دو سجدون سے شیطان پر

خاک ڈالی ف یعنی جب شک پڑے کہ تین رکعت ہوئین یا چار تو شک چھوڑی
یقین کو لیوی یعنی کمتر کو اعتبار کری اکثر کو چھوڑے جیسی اس صورت مین تین رکعت کو
چار اعتبار کری چار کو چھوڑی اور چوتھی رکعت پڑہ کے سجدہ سہو کا کرے پہر اگر
حقیقت مین پانچ رکعتین ہوئی ہونگی دو سجدے سہو کے مل کر جفت ہو گئین اور اگر حقیقت مین
چار ہی رکعتین ہوئین تو دو سجدے سے شیطان پر خاک پڑی یعنی شبہ تو شیطان
ڈالتا ہے جب نماز پوری ہوئی تو دو سجدون کا ثواب زیادہ ملا شیطان کی منہ مین
خاک پڑی کہ اسکا مطلب نہوا معلوم ہوا کہ سہو کا سجدہ نقصان پورا کرنے کے
واسطے مقرر ہوا ہے یہ حدیث امام شافعی کی دلیل ہے کہ شک مین کمتر کو اعتبار کرے
اور سلام سے پہلے سجدہ سہو کا کرے ق ابن مسعود اذا شک احدکم ق ۹۱۱ سہو
فی صلوتہ فلیتحر الصواب فلیبن علیہ ثم لیسجد سجدتین
بخاری اور مسلم مین عبداللہ بن مسعود سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب کسی کو
شک پڑے اپنی نماز مین تو چاہیے کہ اٹکل کرے ٹھیک باتکی پہر اسی پر بنا دے
پہر دو سجدے کرے ف پوری روایت مصابیح مین یون ہے کہ اول سلام کر
پہر دو سجدہ کرے یہ حدیث ظاہر ہے امام اعظم کی دلیل ہے کہ شک مین گمان غالب
اور اٹکل پر عمل کرے اور بعد سلام کے سجدہ سہو کا کرے یہ اسکے واسطے ہے

جسکو مسئلہ بہت پڑتا ہو اور جسکو اول بار مسئلہ پڑے وہ اس نماز کو چھوڑ کی سے
سے نماز شروع کری ۹۲۰ م زَيْنَبَ بِنْتَ أَبِي مُعَاوِيَةَ الثَّقَفِيَّةَ امْرَأَةُ
عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ إِذَا شَهِدَتْ إِحْدَكُنَّ صَلٰوةَ الْعِشَاءِ فَلَا
تَمَسَّ طِيبًا مسلم مین زینب عبداللہ بن مسعود کی بی بی سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب
تم عورتون مین سی کوئی عشا کی نماز کو آوی تو خوشبو نہ لگاوے ف خوشبو عورت کو
اس واسطی منع کی کہ جماعت مین کسی کو برا خیال نہ آوے ۹۲۱ م أَبُو هُرَيْرَةَ إِذَا
صَلّٰى أَحَدُكُمُ الْجُمُعَةَ فَلْيُصَلِّ بَعْدَهَا أَرْبَعًا مسلم مین ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ جب کوئی جمعہ کی فرض پڑھ چکے تو اُسکے بعد چار رکعتین پڑھے ف
یہی مذہب ہے امام اعظم اور شافعی کا کہ جمعہ کے بعد چار رکعتین سنت ہین اور امام ابو یوسف کے
نزدیک جمعہ کے جیسے رکعتین سنت ہین چنانچہ یہہ روایت علی مرتضی سے ہے ۹۲۲ ح أَبُو هُرَيْرَةَ
إِذَا صَلّٰى أَحَدُكُمْ لِلنَّاسِ فَلْيُخَفِّفْ فَإِنَّ فِيهِمُ الضَّعِيفَ وَالسَّقِيمَ وَالْكَبِيرَ
وَإِذَا صَلّٰى أَحَدُكُمْ لِنَفْسِهِ فَلْيُطَوِّلْ مَا شَاءَ بخاری مین ابوہریرہ رضہ سے روایت
ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب کوئی آدمیون کو نماز پڑھاوے یعنی امام ہے تو چاہئے کہ ہلکی
نماز پڑھے اسواسطے کہ آدمیون مین ضعیف و بیمار اور بڈھے بھی ہوتے ہین
اور جب اکیلا اپنے واسطے نماز پڑھے تو طول کرے جتنا چاہے ۹۲۳ م

عَبْدَ اللّٰہِ بْنَ عَمْرٍو اِذَا صَلَّیْتُمُ الْفَجْرَ فَاِنَّہٗ وَقْتٌ اِلٰی اَنْ یَّطْلُعَ قَرْنُ
الشَّمْسِ الْاَوَّلُ ثُمَّ اِذَا صَلَّیْتُمُ الظُّھْرَ فَاِنَّہٗ وَقْتٌ اِلٰی اَنْ یَّحْضُرَ
الْعَصْرُ وَاِذَا صَلَّیْتُمُ الْعَصْرَ فَاِنَّہٗ وَقْتٌ اِلٰی اَنْ تَصْفَرَّ الشَّمْسُ وَ
اِذَا صَلَّیْتُمُ الْمَغْرِبَ فَاِنَّہٗ وَقْتٌ اِلٰی اَنْ یَّسْقُطَ الشَّفَقُ وَاِذَا
صَلَّیْتُمُ الْعِشَآءَ فَاِنَّہٗ وَقْتٌ اِلٰی نِصْفِ اللَّیْلِ مسلم میں عبد اللہ بن عمرو رضی سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب تم فجر کو نماز پڑھو تو اسکا وقت ہے جب تک کہ
سورج کا پہلا کنارہ نکلے یعنی اوپر کا کنارہ پھر جب تم ظہر کی نماز پڑھو تو اسکا وقت ہے
جب تک کہ عصر آوے اور جب تم عصر پڑھو تو اسکا وقت ہے یہاں تک کہ سورج ڈوبنے کو
جھکے اور جب تم مغرب کی نماز پڑھو تو اسکا وقت ہے جب تک سرخی ڈوبے اور
جب تم عشا کی نماز پڑھو تو اسکا وقت ہے آدھی رات تک ف ہر چند عصر کا وقت
سورج ڈوبنے تک اور عشا کا وقت صبح تک ہے مگر اس حدیث میں مستحب وقت فرمایا یعنے
جب سورج ڈوبنے کی قریب ہوا اور دھوپ زرد ہو تو وہ وقت مکروہ ہے اور
عشا بھی بعد آدھی رات کے مکروہ ہے ابو ہریرہؓ اِذَا ضُیِّعَتِ الْاَمَانَۃُ فَانْتَظِرِ
السَّاعَۃَ قَالَ لِرَجُلٍ قَالَ مَتَی السَّاعَۃُ فَقَالَ کَیْفَ اِضَاعَتُھَا قَالَ
اِذَا وُسِّدَ الْاَمْرُ اِلٰی غَیْرِ اَھْلِہٖ فَانْتَظِرِ السَّاعَۃَ بخاری میں ابو ہریرہؓ سے

خ ۱۴۴

روایت ہے کہ جب امامت ضایع کی جاوے تو انتظار کر قیامت کا یہ حضرتنے
اُس مرد سے کہا جسنے کہا تھا کہ قیامت کب آویگی پہر اُس مرد نے کہا کہ امامت کا ضایع
ہونا کیا حضرتنے فرمایا کہ جب سپرد ہو حکومت اور سرداری نالایق کو منتظر رہ قیامت کا

ف یعنے بی علم کم عمر ظالم کا حاکم ہونا نشانی ہے قیامت کی ۶۲۵ م

ابو موسیٰ
اِذَا عَطَسَ اَحَدُکُمْ فَحَمِدَ اللّٰہَ فَشَمِّتُوْہُ فَاِنْ لَّمْ یَحْمَدِ اللّٰہَ فَلَا تُشَمِّتُوْہُ
مسلم میں ابو موسیٰ سے روایت ہے کہ حضرتنے فرمایا کہ جب کوئی چھینکے پہر الحمد للہ کہے
تو اُسکو نیک دعا یعنی یرحمک اللہ کہو اور اگر الحمد للہ نہ کہے تو اُسکو مت دعا دو

خ ۶۲۶ ح

ابو ھریرۃ
اِذَا عَطَسَ اَحَدُکُمْ فَلْیَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلْیَقُلْ لَہٗ اَخُوْہُ
اَوْ صَاحِبُہٗ یَرْحَمُکَ اللّٰہُ فَاِذَا قَالَ لَہٗ یَرْحَمُکَ اللّٰہُ فَلْیَقُلْ یَھْدِیْکُمُ
اللّٰہُ وَیُصْلِحُ بَالَکُمْ بخاری میں ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ حضرتنے فرمایا کہ جب
کوئی چھینکے تو الحمد للہ کہی اور اُسکا بھائی یا مصاحب اُسکے جواب میں یرحمک اللہ
کہے یعنی خدا تجھپر رحمت کرے اور جب اُسکو یرحمک اللہ کہے تو چھینکنے والا
یوں کہی دوسرے سی کہ یہدیکم اللہ ویصلح بالکم یعنی خدا تمکو نیک راہ بتلاوے
اور تمہارے دل کو سنوارے ف چھینک صحت کی دلیل ہے اسواسطے الحمد للہ
کہنا سنت ہوا اور جواب دینا بعضوں کی نزدیک واجب ہے اور بعضوں کے نزدیک مستحب

۲۲ عن عبد الله ابن عمر رض اذا فتحت عليكم فارس والروم اي قوم انتم قال عبد الرحمن بن عوف نقول كما امرنا الله فقال او غير ذلك تتنافسون ثم تحاسدون ثم تدابرون ثم تباغضون او نحو ذلك ثم تنطلقون في مساكين المهاجرين فتجعلون بعضهم على رقاب بعض

فتح ایران و روم و وقوع حوادث آئندہ

عبد اللہ بن عمر سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب تمہیں فتح ہو کا ایران اور روم کا ملک تو کون قوم ہوگے یعنی شکر گذار ہوگی یا ناشکر کہا عبد الرحمن بن عوف نے ہم شکر گذار ہون گے کہین گے جیسا ہمکو خدا نے حکم کیا تو حضرت نے فرمایا کہ یا اسکے سوای کہو گی یعنے شکر گذاری نکروگے بلکہ ہوس کروگے پہر آپسمین حسد کروگی پہر آپسمین ایک دوسرے کی جڑ کاٹوگے برادری کا حق نمانوگے پہر آپسمین بغض عداوت رکھو گی راوی کو شک ہے کہ حضرت نے یہ لفظ فرمائی یا اسکے مانند کوئی اور پہر حضرت نے فرمایا کہ پہر تم چلوگے محتاج مہاجرین مین سو چڑھ دوگی انکی بعضوں کو دونون پر یعنی ایک کو دوسرے کے قابو مین کروگے یا انکو تکلیف مالا یطاق دوگے ف حضرت نے اس حدیث مین روم اور ایران کی فتح ہونی کی آگے سے خبر دی اور زیادتی مال اور دولت کی خرابیان اور فسادیان کہے سو صدیق اور فاروق کی خلافت مین

انکے بعد دولت

انکی بندوبست سے کچھ فساد نہوا حضرت عثمان کی آخر خلافت مین مسلمانون مین
فساد شروع ہوا علی مرتضی رضی اللہ عنہ کی خلافت مین زیادہ بڑھا پھر تو یزید پلید اور مروان
اور اسکے اولاد کی حکومت اور سلطنت مین مہاجرین اصحاب پر زیادتیان اور
جو جو فساد اور خرابیان ہوئین سارا عالم جانتا ہے جیسا فرمایا تھا ویسا ہی ہوا
یہہ معجزہ ہوا حضرت کا خ ابن عمر اذا قاتل احدکم فلیجتنب الوجہ خ ۱۲۸
بخاری مین عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب کوئی
لڑے تو چاہیے کہ منہہ کو بچا دی ف یعنی جب مسلمان سے مارکوٹ ہو یا کوئی مسلمان
ناحق قتل کا ارادہ کرے تو اپنی بچاو کے واسطے اسکو مارے لیکن منہہ مین
زخم نہ لگاوے واسطے کہ آدمی کا منہہ اشرف چیز ہے یا کافر سے لڑائی ہو تو جبتک
اور جگہہ مارنی سے کام نکلے تو سکے منہہ کو نہ مارے لیکن یہہ فرض نہین ہے
م ابوھریرۃ اذا قال احدکم اٰمین وقالت الملٰئکۃ فی السماء م ۹۲۹
اٰمین فوافقت احدٰھما الاخری غفرلہ ما تقدم من ذنبہ
مسلم مین ابوہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جسوقت کسی نے آمین کہی
اور فرشتون نے آسمان مین آمین کہی پھر موافق پڑ گئی ایک آمین دوسرے سے
تو اُس آمین کہنے والے کے پچھلے گناہ معاف ہو جاوینگے ف یعنی جسکی ایک ہی

خ ۱۲۹ وقت مین آدمی اور فرشتے نی آمین کہی تو مغفرت ہوتی ہے **خ** ابو ہریرۃ اذا
قال احدکم لاخیہ یا کافر فقد باء بہ احدھما بخاری مین
ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب کسیسے اپنی بہائی مسلمان کو کہا کہ یا کافر
تو اُن دونون مین سی ایک پر کفر پلٹ پڑتا ہے یعنی اگر حقیقت مین وہ کافر ہے تو اسی
ق ۹۳ پر ثابت رہا اور اگر وہ کافر نہین تو کہنی والے پر پلٹ پڑا **ق** ابو ہریرۃ اذا
قال الامام سمع اللہ لمن حمدہ فقولوا اللھم ربنا لک الحمد فانہ
من وافق قولہ قول الملائکۃ غفر لہ ما تقدم من ذنبہ
بخاری اور مسلم مین ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب امام کہے
سمع اللہ لمن حمدہ تو تم کہو اللھم ربنا لک الحمد اسواسطے کہ جسکا قول فرشتون کی قول سے
موافق پڑا تو اسکے پچھلے گناہ معاف ہو جاوین گی **ف** امام اعظم اور امام مالک
اور احمد کا یہی مذہب ہے کہ امام صرف سمع اللہ لمن حمدہ کہے اور مقتدی صرف ربنا لک
الحمد کہین اور امام شافعی کی نزدیک دونون قول کو امام ہی جمع کرے مقتدی بھی جمع
م ۹۳۱ کرین لیکن اس حدیث سے اول مذہب قوی معلوم ہوتا ہے **م** ابو ہریرۃ اذا
قال الامام ولا الضالین فقولوا امین فانہ من وافق قولہ
قول الملائکۃ غفر لہ ما تقدم من ذنبہ مسلم مین ابو ہریرہ رضہ سے

روایت ہے

روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب امام ولا الضالین کہی تو تم آمین کہو اسواسطے
کہ جسکا قول فرشتون کی قول کی موافق پڑ جاویگا اسکے پچھلے گناہ معاف ہو جاوینگے ۴
عمر اذا قال المؤذن اللہ اکبر اللہ اکبر فقال احدکم اللہ اکبر اللہ اکبر
ثم قال اشہد ان لا الہ الا اللہ قال اشہد ان لا الہ الا اللہ
ثم قال اشہد ان محمدا رسول اللہ قال اشہد ان محمدا رسول
اللہ ثم قال حی علی الصلوٰۃ قال لا حول ولا قوۃ الا باللہ ثم
قال حی علی الفلاح قال لا حول ولا قوۃ الا باللہ ثم قال اللہ اکبر
اللہ اکبر قال اللہ اکبر اللہ اکبر ثم قال لا الہ الا اللہ قال لا الہ الا
اللہ من قلبہ دخل الجنۃ مسلم میں عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ جب موذن کہے اللہ اکبر اللہ اکبر تو کوئی تم میں سے جواب میں کہے اللہ اکبر اللہ اکبر
پھر موذن کہے اشہد ان لا الہ الا اللہ تو سننے والا کہے اشہد ان لا الہ الا اللہ پھر
موذن جب کہے اشہد ان محمدا رسول اللہ تو سننے والا کہے اشہد ان محمدا رسول اللہ پھر جب
موذن کہے حی علی الصلوٰۃ تو سننے والا کہی لا حول ولا قوۃ الا باللہ پھر جب موذن
کہے حی علی الفلاح تو سننے والا کہے لا حول ولا قوۃ الا باللہ پھر جب موذن کہے
اللہ اکبر اللہ اکبر تو سننے والا کہے اللہ اکبر اللہ اکبر پھر جب موذن کہے لا الہ الا اللہ تو

سُنے والا لا الہ الا اللہ اپنی سچے دل سی کہے تو بہشتمین جاوے ف اس حدیث مین
حضرتنے اذان کا جواب دینا سکھایا اور سچی دل سے جواب دینے والے کو بہشت کا
وعدہ کیا جب مسلمان اذان سُنے تو سب کاروبار چھوڑکر اذان کا جواب دیوے تاکہ
بہشتکی بشارت مین داخل ہو اکثر علما کے نزدیک اذان کا جواب دینا واجب ہے
اور اگر ایک مکان مین کئی اذانون کی آواز آتی ہو تو اپنے محلے کے مسجد کے اذان کا جواب دیوے
باقی کا جواب دینا واجب نہین اور اگر قرآن پڑھتا ہو تو چپ رہے جواب اذان کا دیکر
پڑھے م ۳۳ و ۹۳ ابو ہریرۃ اذا قام احدکم من اللیل فاستعجم القراٰن علی
لسانہ فلم یدر ما یقول فلیضطجع مسلم مین ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ حضرتنے
فرمایا کہ جب کوئی رات سے اُٹھے یعنی تہجد کی نماز کی واسطے پھر قرآن اسکی زبان سے
صاف نہ پڑھا جاوے سو نیند اسسے غافل ہو کہ نہ جانے کہ کیا کہتا ہے تو چاہیئے کہ لیٹ رہے
ف یعنی تہجد کی نماز سرور اور حضور سی چاہیئے نیند کی غلبی مین یہہ بات حاصل نہین
اسواسطے سونی کو فرمایا پھر جب غلبہ نیند کا دفع ہو تب نماز مین قرآن پڑھے م
۹۳ ابو ہریرۃ اذا قام احدکم من اللیل فلیصل رکعتین خفیفتین
مسلم مین ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرتنے فرمایا کہ جب کوئی رات سی اُٹھے یعنی
تہجد کو تو چاہیئے کہ دو رکعت ہلکی نماز پڑھے ف حضرتنے خوب حکمت بتائی کہ

اون نیند کا خمار اور سستی بدن مین ہوتی ہے جب دل اسنے ہلکی نماز پڑھی تو
باقی تہجد کی نماز بخوشی طول قرات سے پڑھے گا یا یہ دو رکعت تحیتہ الوضو کی مراد ہون
اور ہلکی رکعتین اسواسطے فرمائین تاکہ بی وسوسہ ادا ہون اسواسطے کہ حدیث مین آیا ہے
کہ جو وضو کرکے دو رکعتین بی وسوسہ پڑھے گا اُسکے پچھلے گناہ معاف ہونگے
پھر صورت دل دو رکعتون مین ہلکی پڑھے پھر طول کرے جب تک کہ حضور دل حاصل رہے
بعد فرض کے سب نفلون سی تہجد کی نماز افضل ہے اللہ اسکا مزا مسلمان کو دیوے

۳۵ م ابن م ابو ہریرہ اِذَا قَامَ اَحَدُکُمْ مِنْ مَجْلِسِہٖ ثُمَّ رَجَعَ فَھُوَ اَحَقُّ بِہٖ
مسلم مین ابو ہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب کوئی اُٹھ جاوے اپنی
جگہہ سے پھر وہ پلٹ آوے تو اُس جگہہ کا وہی شخص زیادہ تر حق دار ہے

ف اِس حدیث سے صاف معلوم ہوا کہ اگر کوئی مسجد کی صف مین بیٹھا پھر وضو
کرنے کو یا کسی اور کام کو جاوے اور دوسرا شخص اُسکی جگہہ پر بیٹھہ گیا ہو تو اُسکو
وہان سے اُٹھا دیوے اور پہلا شخص اپنی جگہہ پر بیٹھے اسی طرح اور مجلس مین بہی

۳۶ م م ابو ذر اِذَا قَامَ اَحَدُکُمْ یُصَلِّیْ فَاِنَّہٗ یَسْتُرُہٗ اِذَا کَانَ بَیْنَ یَدَیْہِ
مِثْلُ اٰخِرَۃِ الرَّحْلِ فَاِذَا لَمْ یَکُنْ بَیْنَ یَدَیْہِ مِثْلُ اٰخِرَۃِ الرَّحْلِ فَاِنَّہٗ
یَقْطَعُ صَلٰوتَہُ الْحِمَارُ وَالْمَرْاَۃُ وَالْکَلْبُ الْاَسْوَدُ مسلم مین ابو ذر رض سے

روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب کوئی کھڑا نماز پڑھتا ہو تو اُسکے آڑ ہو جاتی ہے
جب اُسکے آگے کجاوہ کی پچھلی لکڑی کے برابر کوئی چیز ہو اور اگر اُسکے سامنے کجاوہ کی
پچھلی لکڑی برابر کوئی چیز نہو تو اُسکی نماز توڑتا ہے کدھ اور عورت اور کالا کتا جب دیوار کے
آڑ نہو تو نمازی اپنے سامنے ایک ہاتھ کی برابر لمبی لکڑی اور انکلی برابر موٹی لکڑی کھڑی
کرے پھر اگر کوئی اُسکے آگے سے نکل جاوی تو کچھ مضائقہ نہیں اگر امام کے روبرو ہو
تو مقتدیوں کو بھی کفایت کرتی ہے اور سب امامون کے نزدیک گدھے اور سیاہ کتے
اور عورت کے سامنے آنے سے نماز جاتی نہیں لیکن امام احمد کے نزدیک صرف سیاہ
کتے سے نماز ٹوٹتی ہے سب علما کی نزدیک ابوسعید کی حدیث دلیل ہے کہ نماز
کسی چیز سے نہیں جاتی اور بخاری میں حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ میں حضرت کے سامنے
سویا کرتی تھی اور حضرت نماز پڑھا کرتے تھے م ابوھریرۃ اذا قرأ ابن
آدم السجدۃ فسجد اعتزل الشیطان یبکی یقول یا ویلی امر
ابن آدم بالسجود فسجد فلہ الجنۃ وامرت بالسجود فابیت فلی
النار رسلم میں ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب پڑھتا ہے آدم کا بیٹا
قرآن میں سجدہ کی آیت پھر سجدہ کرتا ہے الگ ہو جاتا ہے شیطان روتا ہوا کہتا ہے
کہ اے میری کمبختی حکم ہوا آدم کے بیٹے کو سجدہ کرنے کا سو اُسنے سجدہ کیا تو اُسکے

لئے

لئے بہشت ہے اور مجھکو سجدہ کا حکم ہوا اور نے نمانا تو مجھکو دوزخ ہے ف اس حدیث مین
سجدہ کی فضیلت اور شیطان کے حسد اور افسوس کا بیان ہے م جابرؓ اِذَا قَضَی م ۳۳۰
اَحَدُکُمُ الصَّلٰوۃَ فَلْیَجْعَلْ لِبَیْتِہٖ نَصِیْبًا مِنَ الصَّلٰوۃِ فَاِنَّ اللّٰہَ جَاعِلٌ
فِیْ بَیْتِہٖ مِنْ صَلٰوتِہٖ خَیْرًا مسلم مین جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ جب کوئی شخص نماز ادا کر چکے تو چاہئے کہ اپنے گھر کے واسطے بھی نماز مین
سے کچھ حصہ رکھے اس واسطے کہ خدا اسکے گھر مین نماز کی سبب بہتری اور برکت کرنیوالا ہے
ف یعنے جب مسجد مین فرض پڑھے تو سنت اور نفل گھر مین پڑھے اسواسطے کہ حدیث
مین آیا ہے کہ سوائے فرض کے سب نمازین گھر مین افضل ہین تاکہ خیر اور برکت گھر مین ہو
اور شیطان کا دخل نہو ق اِبْنُ مَسْعُوْدٍ اِذَا قَعَدَ اَحَدُکُمْ فِی الصَّلٰوۃِ ق ۳۳۱
فَلْیَقُلِ التَّحِیَّاتُ لِلّٰہِ وَالصَّلَوَاتُ وَالطَّیِّبَاتُ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ
اَیُّھَا النَّبِیُّ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ اَلسَّلَامُ عَلَیْنَا وَعَلٰی عِبَادِ اللّٰہِ الصّٰلِحِیْنَ
اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ
بخاری اور مسلم مین عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب کوئی نماز مین
بیٹھے تو التحیات پڑھے یعنی سب زبان کی عبادتین جیسے تعریف اور ذکر اور بدنی عبادتین
جیسے نماز اور حج وغیرہ اور مال کی عبادتین جیسے زکوۃ اور خیرات صرف خدا ہی کے

واسطے ہین سلام تجھکو اے پیغمبر اور خدا کی رحمت اور برکت اور سلام ہے ہمکو اور
سب خدا کے نیک بندون پر گواہی دیتا ہون کہ سوائے خدا کے کوئی لایق بندگی کے
نہین اور گواہی دیتا ہون کہ محمد بندہ ہے خدا کا اور اُسکا رسول ہے ف عبداللہ
بن مسعود سے روایت ہے کہ ہم نماز مین بیٹھہ کر کہا کرتے تھے خدا کو سلام جبرئیل کو سلام میکائیل کو
فلانے اور فلانے کو سلام تب حضرت نے ہمکو التحیات سکھلائی اور فرمایا کہ جب تم نے
کہا کہ خدا کے نیک بندون پر سلام ہے تو جتنے خدا کے بندے آسمان اور زمین مین ہین خواہ
فرشتے خواہ پیغمبر خواہ اولیا خواہ جن خواہ آدمی سب کو تمہارا سلام پہنچ گیا اب ہر ایک کا نام
لینا کچھہ ضرور نہین نماز مین التحیات پڑھنا امام اعظم اور شافعی کے نزدیک واجب ہے اور
امام مالک کے مذہب مین سنت ہے ق ۱۴۱ ق أَبُوهُرَيْرَةَ إِذَا قُلْتَ لِصَاحِبِكَ
أَنْصِتْ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَالْإِمَامُ يَخْطُبُ فَقَدْ لَغَوْتَ بخاری اور مسلم مین
ابوہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب تو نے اپنے ساتھی سے کہا کہ چپ رہ
جمعہ کے دن اور امام خطبہ پڑھتا ہو تو مقرر تو نے نکمی بات اور لغو حرکت کی ف
خطبہ سننا واجب ہے اسوقت بولنا درست نہین اور جب دوسرے بولنے سے کہا کہ چپ رہ
تو اسکا بولنا بھی ثابت ہوا زبان سے نہ منع کرے اشارے سے کہے ق ۱۴۲ ق ابْنُ
عُمَرَ إِذَا كَانَ أَحَدُكُمْ عَلَى الطَّعَامِ فَلَا يَعْجَلْ حَتَّى يَقْضِيَ حَاجَتَهُ مِنْهُ

وَإِنْ

وَاِنْ اُقِيْمَتِ الصَّلٰوةُ بخاری اور مسلم مین عبداللہ بن عمر سی روایت ہے کہ حضرت نے
کہ جب کوئی کہانی کو بیٹھے تو جلدی نکری جبتک کہانی سی فراغت نکرلیوی اگرچہ نماز کی
تکبیر بہی ہوگئی ہو ف جلدی کرنا اسواسطے منع فرمایا کہ کہانی کی طرف دل لگا رہیگا
حضور دل سی نماز نہو کی اور اگر جانے کہ غلبہ بہوکہہ کا نہین ہے اور کہانا کہاتی تک
جماعت ہوچکی گی تو نماز مین شریک ہو روایت ہے کہ عبداللہ بن عباس اور ابوہریرہ
کہانا کہاتے تہے اتنے مین جماعت کی تکبیر ہوئی عبداللہ بن عباس نی ابوہریرہ سے کہا کہ
جلدی نہ کرو اسکو کہالو تاکہ نماز مین دل نہ لگا رہے ق اِبْنُ عُمَرَ اِذَا كَانَ ق ۹۴۳
اَحَدُكُمْ يُصَلِّيْ فَلَا يَبْصُقْ قِبَلَ وَجْهِهٖ فَاِنَّ اللّٰهَ قِبَلَ وَجْهِهٖ
بخاری اور مسلم مین عبداللہ بن عمر سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب تم مین سے
کوئی نماز پڑہے تو نہ تہوکے اپنے منہہ کی سمنے اسواسطے کہ خدا اسکے قبلہ اسکے روبرو
ق اِبْنُ مَسْعُوْدٍ اِذَا كَانُوْا ثَلٰثَةً فَلَا يَتَنَاجٰى اثْنَانِ دُوْنَ وَاحِدٍ ق ۹۴۴
بخاری اور مسلم مین عبداللہ بن مسعود سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب تین آدمی
ہون تو دو آدمی چپکے کان مین بات نہ کرین ایک کو چہوڑکے ف اسواسطے منع کیا کہ
تیسرے آدمی کو رنج ہوگا کہ وہ خیال کریگا کہ مجہکو مشورے کے لایق نہین جانتے ہین یا کچہہ
میری بدی کی فکر مین ہین اور دوسری حدیث مین آیا ہے کہ چار آدمی ہون تو دو آدمی کو

جبکے بات کرنا مضائقہ نہین یعنے اس صورت مین رخنہ نہ آوے کا ص ابو سعید
اِذَا کَانُوْا ثَلٰثَۃً فَلْیَؤُمَّھُمْ اَحَدُھُمْ وَاَحَقُّھُمْ بِالْاِمَامَۃِ اَقْرَاُھُمْ
مسلم مین ابو سعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب تین آدمی ہون تو ایک
اُنکی امامت کرے اور لائق امامت کے واسطے اُنمین وہ ہے جو قرآن خوب پڑہ جانتا ہو
ف حضرت کے وقت مین جو قاری ہوتا تہا وہ مسائل ہی خوب جانتا تہا اسواسطے حضرت نے
قاری کو عالم پر مقدم رکہا اور اب اکثر اماموں کا یہہ مذہب ہے کہ عالم مسئلہ دان قاری پر
مقدم ہے کہ نماز مین اگر کچہہ خلل ہو گا تو عالم درست کرلے گا نیز قاری اور حافظ کیا
ق ۴۵ جانے کہ کس چیز سے نماز ٹوٹتی ہے اور کس سے مکروہ ہوتی ہے ق جابرؓ اِذَا کَانَ
وَاسِعًا یُخَالِفُ بَیْنَ طَرَفَیْہِ وَاِذَا کَانَ ضَیِّقًا فَاشْدُدْ عَلٰی حَقْوِکَ
قالہ لہ بخاری اور مسلم مین جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب
کپڑا لنبا چوڑا ہو تو اُسکے دونون کہونٹون کو جدا جدا باندہ یعنے آدہا کندہون پر ڈال
اور آدہے سے شرمگاہ چہپا اور اگر کپڑا چہوٹا اور تنگ ہو تو صرف اپنی کمر ہی پر باندہ
ق ۴۶ یعنے شرمگاہ چہپانا مقدم ہے یہہ حضرت نے جابر سے فرمایا ق اَبُوْھُرَیْرَۃَ اِذَا کَانَ
یَوْمُ الْجُمُعَۃِ کَانَ عَلٰی کُلِّ بَابٍ مِنْ اَبْوَابِ الْمَسْجِدِ مَلَائِکَۃٌ یَکْتُبُوْنَ
الْاَوَّلَ فَالْاَوَّلَ وَاِذَا جَلَسَ الْاِمَامُ طَوَوُا الصُّحُفَ وَجَاءُوْا یَسْمَعُوْنَ

الذکر بخاری اور مسلم مین ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب جمعہ کا دن ہوتا ہے
مسجد کے سب دروازون پر فرشتے ہوتی ہین لکھتے جاتی ہین کہ فلانا شخص آیا اسکے بعد فلانا
پھر جیا امام خطبے کی واسطے منبر پر بیٹھا تو لپیٹ ڈالتے ہین اُن کاغذون کو جنمین لوگون کے
نام لکھے جاتے تھے اور مسجد مین آتی ہین خدا کی ذکر سُننے کو ف اس حدیث سے
معلوم ہوا کہ جب تک امام خطبہ نہین شروع کیا تا تو آنے والون کو فرشتے لکھتے ہین
تو اُنکو زیادہ ثواب یہی ہوگا اور جب خطبہ شروع ہوا تو اُسوقت آنے والے کا نام فرشتے
اپنے دفتر مین نہین لکھتے حدیث مین اشارہ ہے کہ مسلمان جلد مسجد مین حاضر ہون

۹۴۷ م ابو موسیٰ اذا کان یوم القیمۃ دفع اللہ الی کل مسلم
یھودیا او نصرانیا فیقول ھذا فکاکک من النار مسلم مین ابو
موسی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب قیامت کا دن ہوگا تو خدا اہل اسلام مین سے
ایک یہودی یا ایک نصرانی دیوے گا پھر فرماویگا کہ یہہ تیری دوزخ کی مخلصی کا
بدلا ہے یعنی تیرے بدلے یہودی یا نصرانی دوزخ مین جاوے گا تو ہٹ گیا ف
یہودیون نے بہت پیغمبرون کو نمانا اور قتل کیا اور نصرانیون نے حضرت عیسی کو خدا کا
بیٹا ٹہرایا اور ہمارے حضرت کا انکار کیا اور مسلمانون نے حضرت کو مانا تو لگے
سب پیغمبرون کو بھی مانا اسواسطے خدا نے مسلمانون کا بدلا یہودیون اور نصرانیون کو

مقرر کیا یہہ ظلم نہین یہہ انصاف ہے کہ تابعدار کو شکر اور موذی منکر کو تکر لیکن
یہہ اُن مسلمانون کے حق مین ہے جو بی عذاب بہشتمین جاوینگے اسواسطے کہ حضرت اکثر
مسلمانون کو شفاعت کرکے دوزخ سے نکلوا دینگے اگر سب دوزخ سے بچتے
تو شفاعت کی پھر کیا حاجت تہی ۹۴ ھ جَابِرٌ اِذَا کَفَّنَ اَحَدُکُمْ اَخَاہُ فَلْیُحَسِّنْ
کَفَنَہٗ مسلم مین جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب کوئی اپنے بھائی
مسلمان کو کفن دیوے تو چاہیے اچھا سا کفن دیوے ف یہہ مطلب نہین کہ بہت
قیمتی ہو بلکہ حلال مال کا سفید صاف پاک کپڑا مراد ہے اور اُسکے قدر اور
لیاقت سی کمتر نہو ۹۵ ھ اَبُوْھُرَیْرَۃَ اِذَا مَاتَ الْاِنْسَانُ اِنْقَطَعَ عَنْہُ
عَمَلُہٗ اِلَّا مِنْ ثَلٰثَۃٍ اِلَّا مِنْ صَدَقَۃٍ جَارِیَۃٍ اَوْ عِلْمٍ یُنْتَفَعُ بِہٖ اَوْ
وَلَدٍ صَالِحٍ یَدْعُوْ لَہٗ مسلم مین ابوہریرہ رضی سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ جب آدمی مرگیا تو اسکا عمل کٹ گیا اور موقوف ہوا مگر تین طرح کے
عمل موت کے بعد بہی انکا ثواب موقوف نہین ہوتا ایک تو خیرات اور صدقہ جسکا فائدہ
ہمیشہ جاری رہے دوسرے وہ علم جس سے خلق فائدہ پاوے تیسرے نیک بخت بیٹا جو
باپ کے واسطے دعا کرے ف یعنی نیک عمل کا ثواب زندگی تک ہے بعد موت کے
نہ عمل ہے نہ ثواب مگر ان تین عملونکا ثواب موت کے بعد بہی موقوف نہین ہوتا

صدقہ جاری

صدقہ جاری یعنی وہ نیک کام جسکا فائدہ خلقت کو سدا حاصل رہے جیسے
مسجد اور کنواں اور مدرسہ اور سرائے اور معافی کی زمین اور وقف زمین کا یا کہر کا
یا کتاب کا یا وعظ جس سے خلقت کو فائدہ ہو یعنی لوگون کو علم دین پڑھانا دینی علم کی
کتاب بنانا جیسے علم تفسیر اور علم حدیث اور علم فقہ یا کسی دین کی کتاب کا ترجمہ یا
شرح کرنا تاکہ ناواقف مسلمان دین سی واقف ہو جاوین اور نیک بیٹا یعنی بد کار
بیٹے سی میت کو ثواب نہین حاصل مطلب اس حدیث کا یہہ ہے کہ موت ہر دم سامنے
ہے ایسا نہو کہ دین کی راہ سے آدمی بی نام و نشان مرجاوے ان تین کامون مین
سے جو ہو سکے اسکی جلد فکر کرے اگر دنیا کا کچھہ مقدور ہو تو اسکے موافق صدقہ
جاریہ کی تدبیر کرے اگر علم ہے تو اسکے باقی رہنے کی فکر کرے اور اگر اولاد ہو تو
انکو دین کی تعلیم کرے اور بری صحبت اور برے کامون سے بچاوے تاکہ موت کے بعد
انکی دعا سے فائدہ اٹھاوے معلوم ہوا کہ مردہ حقیقت مین وہ ہے جسکا موت کے
بعد کچھہ نشان نیک نرہے زندۂ جاوید کشت ہر کہ نکونام زیست کز خجلتش
ذکر خیر زندہ کند نام را ق عن ابن عمر اذا مات الرجل عرض علیہ
مقعدہ بالغداۃ والعشی ان کان من اھل الجنۃ فالجنۃ وان کان من اھل النار فالنار ثم یقال ھذا مقعدک

ق ۹۴۹

الَّذِی تُبْعَثُ اِلَیْہِ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ بخاری اور مسلم مین عبداللہ بن عمر سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب مرجاتا ہے مرد تو اسکا اصلی مکان صبح شام
سامنے کیا جاتا ہے اگر وہ بہشتی ہے تو بہشت دکہائی جاتی ہے اور اگر دوزخی
ہے تو دوزخ دکہائی جاتی ہے پہر اُس سے فرشتے کہتے ہین کہ یہہ تیرا وہ مقام ہے
کہ قیامت کے دن وہین کو بہیجا جاویگا ف دکہلانے کا یہہ فائدہ کہ ایماندار خوش اور
مشتاق ہو اور کافر کو رنج اور وحشت زیادہ ہو ق اَبُوْ مُوْسٰی اِذَا مَرَّ اَحَدُکُمْ ق ۵۵
فِیْ مَسْجِدٍ اَوْ سُوْقٍ وَبِیَدِہٖ نَبْلٌ فَلْیَاْخُذْ بِنِصَالِہَا ثُمَّ لِیَاْخُذْ بِنِصَالِہَا
ثُمَّ لِیَاْخُذْ بِنِصَالِہَا بخاری اور مسلم مین ابو موسی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ جب کوئی مسجد یا بازار مین گذرے اور ہاتہہ مین تیر ہون تو چاہیے
کہ اُنکی کانسی اپنے ہاتہہ مین پکڑ لیوی پہر کانسی پکڑ لیوی پہر کانسی پکڑ لیوے ف
کانسی پکڑ لینے کو اسواسطے فرمایا کہ کسی شخص کو نہ لگ جاوے اور تین بار اسواسطے فرمایا کہ لوگ
اس حکم کو سہج نہ سمجہین اور مسجد اور بازار کو اسواسطے خاص کر کیا کہ وہان اکثر ہجوم ہوتا ہے اس حدیث سے معلوم ہوا کہ مجمع مین
چھاتی بند وق اور طپنچہ کو دونون پانون پر چڑھا کر لیجانا درست نہین کہ اکثر
دغا ہو گئی ہے م اِبْنُ مَسْعُوْدٍ اِذَا مَرَّ بِالنُّطْفَۃِ ثِنْتَانِ وَ م ۵۱
اَرْبَعُوْنَ لَیْلَۃً بَعَثَ اللّٰہُ اِلَیْہَا مَلَکًا فَصَوَّرَہَا وَخَلَقَ سَمْعَہَا

وبصرها وجلدها ولحمها وعظامها ثم قال يارب اذكر
ام انثى فيقضي ربك ما شاء ويكتب الملك ثم يقول يارب
اجله فيقول ربك ما شاء ويكتب الملك ثم يقول يارب
رزقه فيقول ربك ما شاء ويكتب الملك ثم يخرج الملك
بالصحيفة في يده فلا يزيد على امر ولا ينقص مسلم عبد الله
بن مسعود رضي الله عنه سے روايت ہے كہ حضرت نے فرمايا كہ جب نطفے پر بياليس دن گذر جاتے
ہين تو اسكى طرف خدا فرشتے كو بھيجتا ہے سو وہ اسكى صورت بناتا ہے اور اسكے
كان اور اسكے آنكھ اور كھال اور گوشت اور ہڈيان جدا جدا بناتا ہے پھر فرشتہ
كہتا ہے كہ اے رب يہہ مرد ہونے كا يا عورت سو تيرا رب حكم ديتا ہے جيسا چاہتا ہے
اور فرشتہ اسكو لكھہ ليتا ہے پھر فرشتہ پوچھتا ہے كہ اے رب اسكى زندگى كتنى
ہے اور موت كب ہے سو فرما ديتا ہے تيرا رب جتنا چاہتا ہے اور فرشتہ اسكو
لكھہ ليتا ہے پھر فرشتہ پوچھتا ہے كہ اے رب اسكى روزى كتنى ہے سو خدا فرما
ديتا ہے جتنا چاہتا ہے اور فرشتہ اسكو لكھہ ليتا ہے پھر فرشتہ اس حساب كے
بند كو باہر نكال لاتا ہے اپنے ہاتھہ مين پھر اسمين نہ كچھہ بڑھاتا ہے نہ گھٹاتا ہے ف
فرشتے خدا كى طرف سے عالم كى سب كاموں پر مقرر ہين ليكن اس حديث سے معلوم ہوا

کہ اپنے بندوں کاموں مین ایسا اختیار نہین رکھتے کہ جو چاہین سو کرین بلکہ ہر ایک
کام مین ذری ذری بات کو خدا سے پوچھتے ہین سبحان اللہ مالک اور حاکم اسکا
نام ہے کہ عرش سے فرش تک لاکھون فرشتے دارو غہ ہین لیکن بدون اسکے حکم
نہ کوئی پتا ہلے نہ قطرہ گرے اور یہہ جو عالم مین مشہور ہے کہ آدمی کی کھوپری
مین ماتھے پر جو نقش ہین وہ قسمت کا لکھا ہے اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اس
بات کی کچھ اصل نہین اسواسطے کہ قسمت کے حساب کو فرشتہ باہر نکال لاتا ہے
واللہ اعلم دوسرے باب کی حدیث مین تھا کہ چالیس دن نطفہ رہتا ہے اور چالیس
دن خون بستہ ہوتا ہے اور چالیس دن کے بعد گوشت بنتا ہے اور اس حدیث سے
معلوم ہوا کہ بیالیس ہی دن کے بعد گوشت اور ہڈیان بنتی ہین تو مطلب یہہ کہ
بیالیس دن کے بعد بدن بطور خاکا ہوتا ہے اور کمال پوری صورت چار
مہینے کی بعد ہوتی ہے تو دونون حدیثون کا ایک ہی مطلب ہوا واللہ اعلم

خ ۱۵۲ خ اَبُو مُوسٰی اِذَا مَرِضَ الْعَبْدُ اَوْ سَافَرَ کُتِبَ لَہٗ مِثْلُ مَا کَانَ
یَعْمَلُ مُقِیْمًا صحیح بخاری مین ابو موسیٰ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب کوئی
بیمار ہوتا ہے بندہ یا سفر کرتا ہے تو اسکا ثواب ایسا ہی لکھا جاتا ہے جیسا
وہ اپنے وطن مین اور صحت کی حالت مین کرتا تھا **تحاف** یعنی بیمار کی عبادت

ور نماز خواہ بیٹھے ہو خواہ لیٹے خواہ تیمم سے تو اسکا ثواب صحت کی نماز کے
برابر ہے جو کھڑے ہو کر پڑھتا تہا وضو سے اور سفر کی دو رکعتون کا ثواب چار رکعتون کے
برابر ہے جیسا وطن مین پڑھتا تہا اور بعضی کہتی ہین کہ وظیفہ اور نفلون کا بہی ثواب
پاوے کا جو حالت صحت اور وطن مین کرتا تہا اور اب بیماری اور سفر سے نہین
کرسکتا م ابوہریرۃ اذا مضی شطر اللیل او ثلثاہ ینزل اللہ
تبارک وتعالی الی السماء الدنیا فیقول ہل من سائل
فیعطی ہل من داع فیستجاب لہ ہل من مستغفر فیغفر لہ
حتی ینفجر الصبح ویروی من یقرض غیر عدوم ولا ظلوم
ویروی عدیم مسلم مین ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ
جب آدہی رات جاتی ہے یا تہائی رات باقی رہے خدا تعالی بڑی برکت والا
اترتا ہے پہلے آسمان تک پہر فرماتا ہے کہ کوئی ہے مانگنے والا جو دیا جاوے
کوئی ہے دعا کرنے والا تو اسکی دعا قبول ہووے کوئی ہے گناہ بخشا ہوا
جسکے گناہ بخشے جاوین اسی طرح فرماتا ہے صبح تک اور ایک روایت مین
یون ہے کہ خدا فرماتا ہے کہ کون قرض دے اسکو جو مفلس قلاش اور ناہندہ نہین
اور ایک روایت مین بجاے عدوم کی عدیم ہے لیکن مطلب ایک ہی ہے ف

۴۵۲ م

خدا تعالی اجسام سے پاک ہے اُترنا چڑھنا اسکی شان نہین تو مطلب یہہ ہے کہ آدھی
رات سے صبح تک رحمت الہی اپنے بندون پر نہایت متوجہ ہوتی ہے یہان تک
کہ خود سوال اور دعا کا تقاضا فرماتا ہے کہ قبول کری معلوم ہوا کہ وہ وقت
نہایت برکت اور رحمت اور قبولیت کا ہے اسیواسطے اسوقت کی نماز یعنی تہجد
بعد فرض کے سب نفلون سی بہتر ہے افسوس صد افسوس کہ یہہ دولت ہر رات کو
ہوا اور اہل غفلت اسوقت نیند مین یا ناچ رنگ مین اس دولت سے محروم رہین
اللہ اپنے کرم سے اُسوقت کی نماز کا شوق ہمارے دلون مین ڈالے اور اسکی قدر ہمکو
سمجھاوے اور یہہ جو فرمایا کہ کون قرض دیوے کہ جو مفلس اور لیمار نہین یعنے قرض اس
خیال سے مفلس کو نہین دیتے کہ یہہ کہان سے ادا کریگا اور بد معاملہ کو نہین دیتے
کہ یہہ کہا جاویگا دغاباز ہے نہ ادا کریگا سو خدا فرماتا ہے کہ مین مفلس نہین کہ
جو نہ دے سکون اور لیمار نہین جو دیتے ہوئے ڈرتے ہو یعنی میری صفت
غنی اور کریم ہے ایک کے عوض دس سے سات سو تک دیتا ہون پھر میری راہ مین
دیتے ہوئے تمکو کیا تامل ہے ۴۵ مر اَتُوْبَكْرَةٍ اِذَا نَزَلْتَا وَوَقَعَتْ
فَمَنْ كَانَتْ لَهٗ اِبِلٌ فَلْيَلْحَقْ بِاِبِلِهٖ وَمَنْ كَانَتْ لَهٗ غَنَمٌ
فَلْيَلْحَقْ بِغَنَمِهٖ وَمَنْ كَانَتْ لَهٗ اَرْضٌ فَلْيَلْحَقْ بِاَرْضِهٖ فَقَالَ

رَجُلٌ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَرَاَیْتَ مَنْ لَمْ تَکُنْ لَہٗ اِبِلٌ وَلَا غَنَمٌ وَلَا
اَرْضٌ قَالَ یَعْمِدُ اِلٰی سَیْفِہٖ فَیَدُقُّ عَلٰی حَدِّہٖ بِحَجَرٍ ثُمَّ لِیَنْجُ اِنِ اسْتَطَاعَ
النَّجَاءَ اَللّٰھُمَّ ھَلْ بَلَّغْتُ اَللّٰھُمَّ ھَلْ بَلَّغْتُ اَللّٰھُمَّ ھَلْ بَلَّغْتُ
فَقَالَ رَجُلٌ اَرَاَیْتَ اِنْ اُکْرِھْتُ حَتّٰی یُنْطَلَقَ بِیْ اِلٰی اَحَدِ الصَّفَّیْنِ
اَوْ اِحْدَی الْفِئَتَیْنِ فَضَرَبَنِیْ رَجُلٌ بِسَیْفِہٖ اَوْ یَجِیْءُ سَھْمٌ
فَیَقْتُلُنِیْ قَالَ یَبُوْءُ بِاِثْمِہٖ وَاِثْمِکَ وَیَکُوْنُ مِنْ اَصْحَابِ النَّارِ

مسلم مین ابوبکرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب فتنہ اور فساد میری
امت مین اُترے یا پڑے تو جسکے اونٹ ہون وہ اپنے اونٹون مین جا ملے
اور جسکے بکریان ہون وہ اپنی بکریون مین جا ملے اور جسکی کھیتی کی زمین ہو وہ
اپنی زمین پاس جا رہے پھر ایک مرد نے کہا کہ بھلا فرمائے تو جسکے نہ اونٹ ہون
نہ بکریان نہ زمین وہ کیا کرے حضرت نے فرمایا کہ وہ اپنی تلوار کا قصد کرے سو پتھر سے
اُسکی باڑہ کو کوٹ ڈالے یعنی لڑنے کی چیز کوئی باقی نہ رکھے جو حوصلہ ہو لڑائی کا
پھر جلدی کرے اپنے بچاؤ مین جتنی ہو سکے الٰہی مین تیرا حکم پہنچا چکا الٰہی مین تیرا حکم
پہنچا چکا الٰہی مین تیرا حکم پہنچا چکا اسکو تین بار فرمایا پھر ایک مرد نے کہا بھلا بتلائے
تو کہ اگر مجھسے زبردستی کرین یہان تک کہ دو صفون مین یا دو گروہون مین

کسی طرف کھینچ لیجاوین پھر وہان کوئی مجھکو تلوار مارے یا کوئی تیر آوے اور مجھکو
قتل کرے حضرت نے فرمایا کہ تیرا اور اسکا گناہ اسی پر پلٹ پڑیگا اور وہ دوزخیون
مین داخل ہوگا ف حضرت کو معلوم تہا کہ میری بعد فساد ہونگے اور مسلمانون مین
قتل شروع ہوگا اسواسطے حضرت نے یہہ حدیث فرمائی اور اسوقت مین گوشہ گیری
بتلائی اکثر حضرت کے اصحاب مثل عبداللہ بن عمر اور سعد بن ابی وقاص اور ابوبکرہ
مسلمانون کی جنگ مین شریک نہوئے بموجب اسی حدیث کے ق اِبْنُ عُمَرَ اِذَا
نَصَحَ الْعَبْدُ لِسَيِّدِهٖ وَاَحْسَنَ عِبَادَةَ رَبِّهٖ كَانَ لَهُ الْاَجْرُ مَرَّتَيْنِ
بخاری اور مسلم مین عبداللہ بن عمر سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب غلام نے
اپنے مالک کی خیرخواہی کی اور اپنے خدا کی اچھی عبادت کی تو اسکے دوہرے
ثواب ہونگے ف یعنی ایک ثواب مجازی مالک کی اطاعت کا اور دوسرا
ثواب حقیقی مالک کی اطاعت کا خ اَبُوْ هُرَيْرَةَ اِذَا نَظَرَ اَحَدُكُمْ اِلٰى مَنْ
فُضِّلَ عَلَيْهِ فِى الْمَالِ وَالْخَلْقِ فَلْيَنْظُرْ اِلٰى مَنْ هُوَ اَسْفَلَ مِنْهُ
بخاری مین ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب کوئی دیکھے مال اور نہ
صورت مین اپنے سے بہتر کو تو چاہیے کہ اپنے سے کمتر کو دیکھے ف یعنی جب
کسی زیادہ مالدار اور خوبصورت کو دیکہے تو لازم ہے کہ جو اپنے سے

کمتر ہو

کمتر ہین مال اور شکل ہین انکو دہیان کرے تاکہ اسکو حسرت اور افسوس اور
ناشکری نہ حاصل ہو اس واسطے کہ دنیا ہین جو شخص ہے اُس سے ہزارون بدتر بہی
عالم ہین موجود ہین مثلاً اگر کوئی محتاج ہے تو ہزارون محتاج بہی ہین اور بیمار بہی ہین
اور اگر کوئی محتاج اور بیمار ہے تو سیکڑون محتاج بہی ہین بیمار بہی ہین اور
کافر بہی تو اُسنے ہزارون درجے یہہ بہتر ہے سبحان اللہ حضرت نے عجب مجرب
علاج تبلائے کہ اگر اسکا دہیان کرے تو کبہی رنج دل مین نہ آوے اور خدا کا
شکوہ زبان سے نہ نکلے بلکہ شکرگذاری کہا کری اور مصابیح مین پوری روایت
یون ہے کہ دنیا ہین کمتر لوگون کو دیکہے اور دین مین اپنے سی بہتر لوگون کو دہیان
کرے تاکہ اپنی عبادت اور خوبیون سی غرور دل مین نہ سماوے مثلاً اگر یہہ شخص
نماز پنجگانہ پڑہتا ہے تو دوسرا تہجد بہی پڑہتا ہے تو وہی افضل ہوا
اسی طرح لاکہون بندے ایک سی ایک عبادت اور پرہیزگاری مین بہتر موجود
ہین اگر یہہ دہیان کیا کریگا تو دینداری مین آپ کو کمتر اور سست جانے گا
اور اگر دینداری مین اپنے سی کمتر لوگون کو خیال کریگا کہ فلانا نماز نہین پڑہتا
فلانا مقدور دار ہوکر حج نہین کرتا زکوۃ نہین دیتا تو یہہ شخص آپ کو بہتر سمجہیگا
اور یہی اسکے حق مین زہر ہے خ اَنْ اِذَا نَظَرَ اَحَدُکُمْ فِی الصَّلٰوۃِ خ

فَلْيَنَمْ حَتّٰى يَعْلَمَ مَا يَقْرَأُ بخاری مین انس رضی اللہ عنہ سی روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ جب تم مین سی کوئی نماز مین اونگھنے لگے تو اسکو چاہیئے کہ
سو رہے یہان تک کہ جانے جو پڑھے ف یعنی سونے کے بعد جب ایسا ہوش
ہو کہ اپنے پڑھنے کو سمجھے تب نماز پڑھے نیند کی حالت مین نماز اسواسطے منع
فرمائی کہ ایسی حالت مین آدمی کہتا ہے کچھ اور نکلتا ہے اور بخاری ق عَائِشَةَ إِذَا
نَعَسَ أَحَدُكُمْ وَهُوَ يُصَلِّي فَلْيَرْقُدْ حَتّٰى يَذْهَبَ عَنْهُ النَّوْمُ
فَإِنَّ أَحَدَكُمْ إِذَا صَلّٰى وَهُوَ نَاعِسٌ لَا يَدْرِي لَعَلَّهُ يَذْهَبُ
يَسْتَغْفِرُ فَيَسُبُّ نَفْسَهُ بخاری اور مسلم مین عائشہ رضی اللہ عنہا سی روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ جب تم مین سی کوئی اونگھے نماز پڑھتے تو چاہیئے کہ سو رہے
یہان تک کہ نیند جاتی رہے اسواسطے کہ جب تم مین سے کوئی نماز پڑھے گا
اونگتا تو اسکو نہ معلوم ہوگا شاید وہ تو مغفرت مانگنے کا قصد کرے
سو اپنی جان کو کوسنے لگے م أَبُو هُرَيْرَةَ إِذَا وَجَدَ أَحَدُكُمْ فِي
بَطْنِهِ شَيْئًا فَأَشْكَلَ عَلَيْهِ أَخَرَجَ مِنْهُ شَيْءٌ أَمْ لَا فَلَا يَخْرُجَنَّ
مِنَ الْمَسْجِدِ حَتّٰى يَسْمَعَ صَوْتًا أَوْ يَجِدَ رِيحًا مسلم مین ابوہریرہ رض سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب کوئی اپنے پیٹ مین کچھ گڑگڑاہٹ پاوے

سو اسکو

سو اُسکو شبہ پڑے کہ اسکے پیٹ سی کچھ نکلا یا نہین تو مسجد سے نہ نکلے
یہان تک کہ آواز سنے یا بدبو پاوی **ف** یعنی جب قراقر سے وضو ٹوٹنے کا شبہ
پڑے تو نماز نہ توڑے اور مسجد سی باہر نہ نکلے اور جب حدث کی آواز سنے اور
بدبو پاوے تو اس صورت مین وضو گیا غرض کہ شبہ سی وضو نہین جاتا یقین سے
جاتا ہے **م** طَلْحَةُ اِذَا وَضَعَ اَحَدُكُمْ بَيْنَ يَدَيْهِ مِثْلَ مُؤْخِرَةِ الرَّحْلِ ۹۵۹ م
فَلْيُصَلِّ وَلَا يُبَالِ مَنْ مَرَّ وَرَاءَ ذٰلِكَ مسلم مین طلحہ رضی سے روایت ہے
کہ حضرت نبی فرمایا کہ جب کسی نے اپنے آگے کجاوے کی پچھلی لکڑی کے برابر کوئی چیز رکھے
چاہیے کہ نماز پڑھے اور کچھ خیال نکرے کہ اسکی اسطرف سی کون گذر گیا **ف** یعنے
اگر میدان مین نماز پڑھے تو تین ہاتھ کی برابر ایک لکڑی اپنے آگے گاڑ لیوے
پھر بی دغدغہ نماز پڑھے جو چاہے آمد و رفت کرے **خ** اَبُوْ سَعِيْدٍ اِذَا ۹۶۰ خ
وُضِعَتِ الْجَنَازَةُ وَاحْتَمَلَهَا الرِّجَالُ عَلٰى اَعْنَاقِهِمْ فَاِنْ كَانَتْ
صَالِحَةً قَالَتْ قَدِّمُوْنِيْ وَاِنْ كَانَتْ غَيْرَ صَالِحَةٍ قَالَتْ يَا وَيْلَهَا
اَيْنَ تَذْهَبُوْنَ بِهَا يَسْمَعُ صَوْتَهَا كُلُّ شَيْءٍ اِلَّا الْاِنْسَانَ وَلَوْ
سَمِعَ صَعِقَ بخاری مین ابوسعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
کہ جب جنازہ رکھا جاتا ہے اور اسکو لوگ اپنے مونڈھون پر اُٹھاتی ہین تو

تو اگر نیک روح ہوتی ہے تو کہتی ہے مجھکو لے چلو اور اگر نیک نہین
ہوتی تو کہتی ہے اے خرابی تم کدہر اسکو لیجاتے ہو ہر چیز اسکی آواز سنتے
ہے سوائے آدمی کے اور اگر آدمی اسکو سنے تو چیخ مارے ف نیک
آدمی کو ثواب نمود ہوتا ہے تو مشتاق ہوتا ہے اور بد آدمی عذاب قبر کے
خوف سے کہبراتا ہے م ثوبان اذا وضع السیف فی امتی لم یرفع
عنہا الی یوم القیمۃ مسلم مین ثوبان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ جب سے کہ میری امت مین تلوار ڈالی جاویگی تو امت سے قیامت تک نہ
اٹھیگی ف حضرت بیٹھے تھے اور حضرت عثمان اس طرف سے نکلے حضرت نے
فرمایا کہ یہہ شخص مظلوم مارا جاویگا پھر یہہ حدیث فرمائی یعنی جب سے اس امت مین
خونریزی اور فساد شروع ہوگا قیامت تک نہ موقوف ہوگا یہہ حدیث
معجزہ ہے کہ جیسا حضرت نے فرمایا اب تک ویسا ہی ہوا ق عائشۃ
اذا وضع العشاء واقیمت الصلوٰۃ فابدؤا بالعشاء بخاری اور
مسلم مین حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب رات کا کھانا
تیار ہو اور عشا کی نماز کی اقامت ہو تو تم کھانیکی ابتدا کرو ف یعنی اول
کھانے سے فراغت کرو تب نماز پڑھو تاکہ تسکین سے نماز ہو کھانے کی طرف

۴۶۱

۴۶۲

نہ دل لگا رہے ف حسن صنعانی اس کتاب کے مصنف نے کہا کہ مجکو مدت سے
آرزو تہی کہ مین حضرت کو خواب مین دیکھون اور کسی حدیث کی صحت حضرت سے
تحقیق کرون تاکہ مجھکو اعلیٰ رتبے کی سند حاصل ہو اور اس آرزو مین بہت
برس گذرے آخر شب ہفتے کی شب ذی قعدہ کی اٹھارہوین تاریخ ۶۱۱ سنہ چھ سو
گیارہ ہجری مین فجر کی قریب مین نے خواب مین دیکھا کہ گویا مین نی چہت پر مغرب کی
نماز شروع کی اور حضرت میٹھے رات کا کھانا کھاتے ہین اور حضرت کے ساتھ
اور چند لوگ ہین سو حضرت نے مجکو کھانی کی واسطے بلایا مین نی چاہا کہ نماز پڑہ کی
جواب دون تو مجھکو ابو سعید بن معلے کی وہ بات یاد آئی کہ حضرت نے انکو پکارا تہا اور
وہ نماز پڑہتے تہے سو انہون نی نماز پڑہے جواب نہ دیا حضرت نے فرمایا
خدا نی کیا نہین فرمایا کہ جواب دو خدا کو اور اسکے رسول کو جب تمکو بلاوے
اس خیال سے مین حضرت کے پاس گیا تو مین نی کہا یا رسول اللہ کیا یہ حدیث صحیح
ہے کہ جب رات کا کھانا تیار ہو تو اول کھانا شروع کرو حضرت نے فرمایا کہ ہان

خ ۶۳ یعنی یہ حدیث صحیح ہے ج ابو ہریرۃ اذا وقع الذباب فی شراب
احدکم فلیغمسہ ثم لینزعہ فان فی احد جناحیہ داء و
فی الاخر شفاء بخاری مین ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب

تمہارے پانی مین کبھی گر پڑے تو چاہئے کہ اسکو ڈبو دے پہر اسکو نکال
ڈالے اسواسطے کہ اُسکے ایک پر مین مرض ہے اور دوسرے پر مین شفا ہے
ف دوسری روایت یون ہے کہ کبھی اپنے شفا کی پر کو اونچا رکھتی ہے اور
بیماری کے پر کو نیچا رکھتی ہے اس حدیث سی معلوم ہوا کہ بی خون کے حیوان
۹۶۴ م مرنی سے پانی ناپاک نہین ہوتا ۹۶۴ م جابرؓ اذا وقعت لقمۃ احدکم
فلیأخذھا فلیمط ما کان بھا من اذی ولیأکلھا ولا
یدعھا للشیطان ولا یمسح یدہ بالمندیل حتی یلعق اصابعہ
فانہ لا یدری فی ای طعامہ البرکۃ ۹۶۵ مسلم مین جابرؓ سے
روایت ہی کہ حضرتؐ نے فرمایا کہ جب تم مین سی کسی کا لقمہ گر پڑے تو چاہئے کہ اسکو اٹھا لیوے اور
جو کرد غبار اُسپر لگا ہو اُسکو دور کرے اور چاہئے کہ اُسکو کھا لیوے اور اُسکو شیطان کے
واسطے نہ چھوڑے اور اپنا ہاتھ رومال مین نہ پوچھے جب تک کہ اپنی انگلیان نہ
چاٹے اسواسطے کہ وہ نہین جانتا کہ اسکے کھانی کی کس چیز مین برکت ہے ف
گرا لقمہ نہ لینا غرور کی دلیل ہے کہ ناحق ضایع کرنا ہے اور انگلیان چاٹنے سے
۹۶۵ م غرور دفع ہو جاتا ہے اور برکت کی امید علاوہ ہے ۹۶۵ م عبداللہ بن
مغفل اذا ولغ الکلب فی الاناء فاغسلوہ سبع مرات

وَعَفَّرُوْا الثَّامِنَةَ فِي التُّرَابِ مسلم مین عبداللہ بن مغفل سی روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ جب برتن مین کتا منہ ڈالے تو اسکو سات بار دھوڈالو
اور آٹھوین بار خشک مٹی سے مانجو ق اَبُوْ هُرَيْرَةَ وَجَابِرُ بْنُ سَمُرَةَ اِذَا
هَلَكَ كِسْرٰى فَلَا كِسْرٰى بَعْدَهٗ وَاِذَا هَلَكَ قَيْصَرُ فَلَا قَيْصَرَ
بَعْدَهٗ وَالَّذِيْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهٖ لَتُنْفَقَنَّ كُنُوْزُهُمَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ
بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ اور جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ جب ایران کا بادشاہ ہلاک ہوگا تو اسکے بعد کوئی دوسرا بادشاہ
نہوگا اور جب روم کا بادشاہ ہلاک ہوگا تو کوئی اُسکے بعد وہان کا بادشاہ
نہوگا اور قسم ہے اس ذات پاک کی کہ جسکے قابو مین محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی جان
ہے کہ مقرر اُن دونون ملکون کی خزانے خدا کی راہ مین بانٹے جاوینگے ف
یعنی روم اور ایران کے بادشاہون کی خاندان مین سلطنت نرہے گی اسلام کا
عمل وہان ہوگا یہہ حدیث معجزہ ہے جیسا حضرت نے فرمایا ویسا ہی ہوا
چنانچہ ایران عمر فاروق کی خلافت مین فتح ہوا پینتیس ہزار کا لشکر اسلام تھا
ہر سپاہی کو بارہ ہزار درم ملے تھے تو اس حساب سے سب خزانہ ایران کا نہ
پہنچا پس کروڑ ہوا اور اسیطرح روم بھی مسلمانون کے ہاتھ سے فتح ہوا

ق ۲۲۲

خ ۹۶۷

نماز استخارہ و دعای آن

اور وہاں کا خزانہ بھی لشکر اسلام میں تقسیم ہوا خ جابرؓ اذا ھم
احدکم بالامر فلیرکع رکعتین من غیر الفریضۃ ثم لیقل
اللھم انی استخیرک بعلمک واستقدرک بقدرتک و
واسئلک من فضلک العظیم فانک تقدر ولا اقدر و
تعلم ولا اعلم وانت علام الغیوب اللھم ان کنت تعلم ان
ھذا الامر خیرلی فی دینی ومعاشی وعاقبۃ امری او قال
عاجل امری واجلہ فاقدرہ لی ویسرہ لی ثم بارک لی فیہ
اللھم وان کنت تعلم ان ھذا الامر شر لی فی دینی ومعاشی
وعاقبۃ امری او قال فی عاجل امری واجلہ فاصرفہ عنی
واصرفنی عنہ واقدر لی الخیر حیث کان ثم رضنی بہ

بخاری میں جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرتؐ نے فرمایا کہ جب تم میں سے
کوئی شخص کسی کام کا ارادہ کرے تو چاہئے کہ دو رکعتیں فرض کے سوا پڑھے یعنی
نفل نیت کرے پھر یہ دعا پڑھے اللھم سے آخر تک یعنی الٰہی میں تجھ سے خیریت
مانگتا ہوں تیرے علم کے وسیلے سے اور تجھ سے قدرت مانگتا ہوں تیری قدرت کی وسیلے سے
اور سوال کرتا ہوں تیرے بڑے فضل سے سو مقدر تو قادر ہے مجھکو قدرت

نہین اور تو جانتا ہے اور مین نہین جانتا اور تو سب چھپی چیزون کا دانا ہے الٰہی اگر
تو جانتا ہو کہ یہہ کام بہتر ہے میرے واسطے میرے دین اور دنیا میری انجام کار مین یا یون
فرمایا کہ میری دنیا اور عاقبت مین تو اسکو میری واسطے مقدر کر اور اُسکو میری واسطے
آسان کردے پھر اُسمین میرے واسطے برکت دی الٰہی اور اگر تو جانتا ہو کہ یہہ کام میرے حق مین
بُرا ہے میرے دین اور دنیا مین اور انجام کار مین یا یون فرمایا کہ میری دنیا اور عاقبت مین
تو اُسکو ہٹا دے مجھسے اور ہٹادے مجھکو اُسسے اور مقرر کردے میرے واسطے بہتر کام
کو جہان کہین کہ ہو پھر مجھکو اُسسے راضی کردے ف جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ
حضرت نے ہمکو استخارہ سکھلایا جیسے قرآن سکھلایا یعنی جب کسی کام کا قصد کرے تو سنت ہے
کہ دو رکعت پڑھ کے یہہ دعا کرے اور اُس کام کا نام لیوے تین روز یا سات
روز اسی طرح کرے انجام بخیر ہو کایا خواب مین کچھ حال معلوم ہو کایا دل مین کرنا یا نکرنا
جم جاوے غرض کہ جسنے کہ جس کام مین اس طرح استخارہ کیا اُسکا نقصان نہین ہوا
سنت استخارہ اسی طرح ہے اور یہہ جو شیعہ تسبیح سے استخارہ کرتے ہین یا بعضی
لوگ اور طریقون سے استخارہ کرتی ہین سو کچھ اصل معتبر دریافت کرنیکا شرع مین کوئی
قاعدہ مقرر نہین ۔

## فصل

اس فصل مین وہ حدیثین جسکے سر پر اندھے

ق ۶۶۷ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ زَمْعَةَ اِذِ انْبَعَثَ اَشْقَاهَا اِنْبَعَثَ لَهَا رَجُلٌ عَزِيْزٌ عَارِمٌ مَنِيْعٌ فِيْ رَهْطِهٖ مِثْلُ اَبِيْ زَمْعَةَ بخاری اور مسلم مین عبداللہ بن زمعہ سے روایت ہے کہ حضرتؐ نے فرمایا کہ جب اونٹنی کے کونچی کاٹنے کو قوم ثمود کا بڑا بدبخت اٹھا اسکی طرف ایک مرد اُٹھا جو اپنی قوم مین سردار بی شرم بڑا ڈینگ تھا ابو زمعہ کی برابر ف ابو زمعہ ایک بڑا کافر تھا حضرتؐ کو بہت تکلیف دیتا تھا آخر کو اندھا ہوگیا تھا اور اسکے بیٹے جنگ بدر مین مارے گئے حضرتؐ نے اس حدیث مین اس ملعون کی قوم ثمود کی بدبخت سی مثال دی یعنی قدار بن سالف قوم ثمود کا شقی ایسا ناپاک تھا جیسے ابو زمعہ ہے اس امت مین

## اَلْبَابُ الْخَامِسُ

پانچوین باب مین چند قسم کی احادیث ہین اول قسم وہ حدیثین ہین جنکے سر پر ہے

ق ۶۶۸ وَاِنِّیْ مَا اَجِدُ لَکُمْ اِلَّا اَنْ تَلْحَقُوْا بِالذَّوْدِ وَقَالَ لِرَهْطٍ مِنْ عُکْلٍ ثَمَانِیَةٍ اِجْتَوَرُوا الْمَدِیْنَةَ فَقَالُوْا یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَبْغِنَا بخاری اور مسلم مین انس رضؓ سے روایت ہے کہ حضرتؐ نے فرمایا کہ مین تمہارے واسطے کوئی علاج نہین پاتا سوائے اسکے کہ تم اونٹون مین جاکے ملو یہہ حضرتؐ نے

قوم عکل کے آٹھ آدمیون سے فرمایا انکو مدینی کی اب وہوا ناموافق پڑی تبھی سو انہون نے
کہا کہ یا رسول اللہ ہمارے واسطے وہ تلاش کیجئے ف پندلوک مسلمان ہوکر مدینی مین بیمار
ہوئے جلندر کی بیماری انکو تبھی حضرت کی اونٹ چرائی پر تھے انکو وہان بھیج دیا
جب وہ دودہ سے پھر ہوگئی تو چرانے والے کو باندہکر اسکو قتل کرکے اونٹ ہانک
لے چلے حضرت نے انکو پکڑوا منگوایا اور گرم سلائی انکی آنکھون مین ڈال کے اندہا کیا
پھر انکے ہاتھ پاون کٹوا ڈالے آخرش کو مرگئے شرع مین قطاع الطریق اور ڈاکہ
مارنے والونکی یہی سزا ہے ق ابوھریرۃ ما اذن اللہ لشیء کاذنہ
لنبی یتغنی بالقرآن یجھر بہ بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ رض سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ خدا نے کوئی چیز رضامندی سی نہین سنی پیغمبر کی قرات کے برابر جب
پیغمبر خوش آوازی سے قرآن پڑھے پکار کے یعنی پیغمبر کا قرآن پڑھنا آواز سی خدا کو بہت
پسند ہے ف قرآن مین خوش آوازی سے پڑھنا درست ہے بلکہ مستحب ہے بشرطیکہ حروف کی
کمی زیادتی نہوا در راگ رگنی کی رعایت نکری اور معانی مین خلل نہ پڑے خ
ابوھریرۃ ما اعطیکم ولا امنعکم انما انا قاسم اضع حیث امرت
بخاری مین ابوہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مین تمکو نہین دیتا
اور تم سے نہین روکتا مین تو صرف تقسیم کرنی والا ہون رکھتا ہون جہان مجھکو حکم ہوتا ہے

ق ۶۶۹
ف ۶۷۰
خ ۶۷۰

ف حضرت نے ایکبار مال تقسیم کیا بعضی لوگون نی زیادہ مانگا تب حضرت نے
یہہ حدیث فرمائی یعنی دنیا اور نہ دنیا میری طرف سی نہین خدا کی طرف سے ہے

م مُسْتَوْرِدِ الْفِهْرِيِّ مَا الدُّنْيَا فِي الْآخِرَةِ إِلَّا كَمَا يَجْعَلُ أَحَدُكُمْ
إِصْبَعَهُ السَّبَّابَةَ فِي الْيَمِّ فَلْيَنْظُرْ بِمَ تَرْجِعُ مسلم مین مستورد سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ نہین ہے دنیا آخرت کے روبرو مگر جیسے کہ کوئی اپنے کلمے کے انگلی
دریا مین ڈالے پھر دیکھے کہ کس قدر پانی لگا لاویگی ف یعنی آخرت کے روبرو
دنیا نہایت حقیر اور قلیل ہے جیسے دریا کے روبرو قطرہ ع چہ نسبت خاک را با عالم پاک

خ اِبْنُ عَبَّاسٍ مَا الْعَمَلُ فِي أَيَّامٍ أَفْضَلُ مِنْهَا فِي هٰذِهِ الْأَيَّامِ
قَالُوا وَلَا الْجِهَادُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ قَالَ وَلَا الْجِهَادُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ
إِلَّا رَجُلٌ خَرَجَ يُخَاطِرُ بِنَفْسِهِ وَمَالِهِ فَلَمْ يَرْجِعْ بِشَيْءٍ يَعْنِي أَيَّامَ
الْعَشْرِ بخاری مین عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ عمل
کرنا کوئی دنون مین افضل نہین ہے ان دنون سی یعنی ذی الحجہ کے دس دنون سے
اصحاب نے کہا اور راہ خدا مین جہاد کرنا بھی اس سے افضل نہین فرمایا اور راہ خدا مین جہاد کرنا
بھی اس سے افضل نہین مگر اس مرد کا جہاد افضل ہے کہ جو نکلا اپنا جان اور مال
نثار کرتا پھر نہ پلٹا کچھ لیکر یعنے شہید ہوگیا ف معلوم ہوا کہ عشرہ ذی حجہ کے

برابر کوئی

برابر کوئی ایام کی عبادت افضل نہیں خ عائشہ ما انا بقاری وفی الملک
الذی جاء بغار حرا فقال اقرأ قال فاخذنی فغطنی حتی بلغ
منی الجهد ثم ارسلنی فقال اقرأ قلت ما انا بقاری فاخذنی
فغطنی الثانیة حتی بلغ منی الجهد ثم ارسلنی فقال اقرأ فقلت
ما انا بقاری فاخذنی فغطنی الثالثة حتی بلغ منی الجهد ثم
ارسلنی فقال اقرأ باسم ربک الذی خلق خلق الانسان من
علق اقرأ وربک الاکرم الذی علم بالقلم علم الانسان ما لم
یعلم بخاری میں حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ میں تو پڑھا نہیں
یہ حضرت نے اس فرشتے سے فرمایا کہ حضرت پاس حرا پہاڑ کے غار میں آیا تھا سو اس نے حضرت سے
کہا کہ پڑھ حضرت نے فرمایا پھر اس نے مجھکو پکڑا اور سخت دبایا یہاں تک کہ مجھکو طاقت نہ رہی
پھر اس نے مجھکو چھوڑ دیا اور کہا پڑھ میں نے کہا کہ میں تو پڑھا نہیں سو اس نے مجھکو پکڑا اور
دوسری بار دبایا یہاں تک کہ مجھکو طاقت نہ رہی پھر اس نے مجھکو چھوڑا اور کہا کہ پڑھ
میں نے کہا کہ میں تو پڑھا نہیں سو اس نے مجھکو پکڑا اور تیسری بار دبایا یہاں تک کہ مجھکو
طاقت نہ رہی پھر اس نے مجھکو چھوڑ دیا اور کہا کہ پڑھ اپنے رب کا نام جس نے پیدا کیا
بنایا آدمی کو خون کی پھٹکی سے پڑھ اور تیرا رب بڑا بزرگ ہے جس نے قلم کی سب سی

علم دیا سکھایا آدمی کو جسکی اُسکو خبر نہ تھی ف حضرت جب چالیس برس کے
ہوئے اور پیغمبری کا زمانہ قریب ہوا تو حضرت نے گوشہ گیری اختیار کی مکے مین
ایک حرا پہاڑ ہے اُسکے غار مین ذکر اور فکر مین رہتے اور غیب کی آوازین سنتے
درخت اور پتھر حضرت کو سلام کرتا جو خواب دیکھتے سو ٹھیک ہوتے چھ مہینے اسی
حالت مین گذرے پھر سورۂ اقرا کی پانچ آیتین حضرت جبرئیل لے آئے ریشمی
کپڑے پر لکھیں تھین حضرت حرف شناس نہ تھے نہ پڑھ سکے حضرت جبرئیل نے
حضرت کو دبایا اور علم لدنی دیا پھر حضرت گھر مین تشریف لائے دل حضرت کا کانپتا
تھا حضرت خدیجہ سے فرمایا کہ مجھکو اُڑھاؤ جب حضرت کو تسکین ہوئی حضرت خدیجہ سے
یہہ سب حال کہا اور فرمایا کہ مجھکو اپنی جان کا خوف ہے حضرت خدیجہ نے کہا یہہ
نہین ہونے کا آپ خوش ہوجئے خدا آپ کو ہرگز نہ برباد کریگا آپ تو راست گو
ہین برادر ہرورہین محتاج کو دیتے ہین عاجز کا کام کر دیتے ہین مہمانداری کرتی
ہین لوگون کے مصائب مین کام آتی ہین پھر حضرت خدیجہ حضرت کو ورقہ بن نوفل
پاس لے گئین اسواسطے کہ وہ شخص انجیل کا عالم تھا اور بڈھا اور اندھا ہوگیا تھا اُسنے
جب حضرت سے یہہ سب حال سُنا تو کہا یہہ فرشتہ ناموس ہے جو حضرت موسیٰ پر اُترا تھا
یعنی جبرئیل کاش مین جوان ہوتا کاش مین زندہ ہوتا جسوقت کہ تیری قوم تجھکو

نکالیگی

کالیگی حضرت نی فرمایا کہ کیا میری قوم مجھکو کال دیگی کہا کہ ہان یہی سنت ہے
سب پیغمبرون کی پہر اُسکے بعد تین برس وحی نہ اُتری پہر سورہ مدثر اُتری اور قرآن
اُترنا متواتر ہوا ق ابو ہریرہ ما انزل اللہ علیّ فیھا شیئا الا ھذہ
الآیۃ الفاذۃ الجامعۃ فمن یعمل مثقال ذرۃ خیرا یرہ و
من یعمل مثقال ذرۃ شرا یرہ قالہ حین سئل عن الحمر بخاری اور
مسلم مین ابو ہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ خدا نی اس مقدمی مین
میرے اوپر کچھ اور نہین اُتارا مگر یہی ایک آیت جو سب کو شامل ہے کہ جو ذرہ برابر نیکی کریگا
سو دیکھیگا اور جو ذرہ برابر بدی کریگا سو دیکھیگا ف لوگون نی حضرت سے سوال کیا
گدہون مین زکوۃ ہے یا نہین تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنی ہرچند ان مین
زکوۃ واجب نہین لیکن اگر کوئی راہ خدا مین دیگا مقرر ثواب پاویگا اسواسطے
کہ اندک نیکی کا ثواب اور اندک بدی کا عذاب روبرو آویگا ہدایہ مین لکھا ہے
کہ گدہون مین زکوۃ نہین لیکن سوداگری کی نیت سے زکوۃ واجب ہے م ابو ہریرۃ
ما انزل اللہ من السماء من برکۃ الا اصبح فریق من الناس بھا کافرین
ینزل اللہ الغیث فیقولون بکوکب کذا وکذا مسلم مین ابو ہریرہ سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ نہین اُتاری خدا نی کوئی برکت آسمان سے مگر بعضے

لوگ اُسکے منکر ہوتے ہین خدا تو مینہہ برساتا ہے سو لوگ کہتی ہین کہ فلانی اور فلانے
ستارے کی تاثیر سے برسا خ ۷۶ اَبُوْھُرَیْرَۃَ مَا اَنْزَلَ اللّٰہُ مِنْ دَاءٍ اِلَّا
اَنْزَلَ لَہٗ شِفَاءً بخاری مین ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ نہین
اُتارا خدا نے کوئی مرض مگر اُسکی شفا بھی اُتاری ہے ف حضرت سلیمان کو حق
تعالی نے دواؤنکے خواص الہام کئے اکثر طب اُنہین سے معلوم ہوئی معلوم ہوا کہ علم
طب سیکھنا درست ہے خدا کو شش فی جانکے دوا علاج کرنا توکل کے مخالف نہین
اِسواسطے کہ حضرت نے بہت علاج کیا ہے خ ۷۷ اَبُوْھُرَیْرَۃَ مَا بَعَثَ اللّٰہُ مِنْ
نَبِیٍّ وَلَا اسْتَخْلَفَ خَلِیْفَۃً اِلَّا کَانَتْ لَہٗ بِطَانَتَانِ بِطَانَۃٌ
تَاْمُرُہٗ بِالْمَعْرُوْفِ وَبِطَانَۃٌ تَاْمُرُہٗ بِالشَّرِّ وَتَحُضُّہٗ عَلَیْہِ
وَالْمَعْصُوْمُ مَنْ عَصَمَہُ اللّٰہُ بخاری مین ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ خدا نے کوئی پیغمبر نہین بھیجا اور نہ کوئی خلیفہ مقرر کیا مگر اُسکے دو چھپے رفیق
ہوتے ہین ایک رفیق تو اُسکو نیک کام بتلاتا ہے اور دوسرا رفیق بد کام سکھلاتا ہے
اور اُسپر رغبت دلاتا ہے اور گناہون سے تو وہی معصوم ہے جسکو خدا بچا دے ف
یعنی فرشتہ اور شیطان پیغمبر اور خلیفہ کے ساتھ بھی ہوتا ہے لیکن پیغمبر تو معصوم ہین
اِسواسطے کہ حق تعالی شیطان کو مغلوب رکھتا ہے پیغمبر سے اُسکا قابو نہین چلتا

چنانچہ حضرتنے فرمایا ہے کہ شیطان میرے تابع ہوگیا ہے مجھکو بد کام کا وسوسہ نہین
دیتا ہے خلاصہ یہہ کہ پیغمبر کی سوائے کوئی معصوم نہین اگرچہ امام اور ولی ہو شیطان سے
بیڈر نہین ہوسکتا یہی عقیدہ ہے اہل سنت کا خ اَبُوْ هُرَيْرَةَ مَا بَعَثَ اللّٰهُ خ ۲۷۸
نَبِيًّا اِلَّا رَعَى الْغَنَمَ فَقَالُوْا وَاَنْتَ فَقَالَ نَعَمْ كُنْتُ اَرْعَاهَا عَلٰى قَرَارِيْطَ
لِاَهْلِ مَكَّةَ بخاری مین ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ خدا نے
کوئی ایسا پیغمبر نہین بھیجا جسنے بکریان نچرائی ہون اصحابنے کہا اور کیا آپنے بھی
بکریان چرائی ہین حضرتنے فرمایا کہ ہان مین نے بھی مکے والونکی بکریان چند قیراط کی
مزدوری پر چرائی ہین ف بکریان چرانی مین یہہ حکمت ہے تا پیغمبر کلہ بانی سیکھین
تاکہ آدمیون کی سرداری کرین قیراط پانچ جو کی برابر ہوتا ہے سونی کا م هُشَامُ ۲۷۹
بْنُ عَامِرٍ الْاَنْصَارِيُّ مَا بَيْنَ خَلْقِ اٰدَمَ اِلٰى قِيَامِ السَّاعَةِ خَلْقٌ
اَكْبَرُ مِنَ الدَّجَّالِ مسلم مین ہشام بن عامر سے روایت ہے کہ حضرتنے فرمایا کہ آدم کی
خلقت سے قیامت تک کوئی مخلوق شر و فساد مین دجال سے بڑا نہین ف یعنی سب
مفسدون اور گمراہ کرنی والون سے دجال زیادہ تر ہے عالم مین کوئی بلا اسکے
برابر نہین ق اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ مَا تَرَكْتُ بَعْدِيْ فِتْنَةً اَضَرَّ اِلَى الرِّجَالِ ق ۲۸۰
مِنَ النِّسَاءِ بخاری اور مسلم مین اسامہ بن زید سے روایت ہے کہ حضرتنے فرمایا کہ

نہین چھوڑا مین نے اپنے بعد کوئی فتنہ جو زیادہ ضرر پہنچانے والا ہو مردون پر
عورتون سے ف یعنی مردون کے حق مین عورتون کی برابر کوئی بلا اور فتنہ نہین اسواسطے یا
کہ انکا گھورنا اور حرام کارا اور انکی اطاعت دین مین خلل ڈالتی ہے غرض کہ اکثر فساد
ق ۹۸۱ عورتون کی سبب ہوتی ہین اسواسطے حضرتؐ کو زیادہ تشویش تھی ق اِبْنُ عُمَرَ
مَا تَزَالُ الْمَسْئَلَةُ بِالْعَبْدِ حَتّٰى يَلْقَى اللّٰهَ وَمَا فِي وَجْهِهٖ مُزْعَةُ
بخاری اور مسلم مین عبداللہ بن عمر سے روایت ہے کہ حضرتؐ نے فرمایا کہ ہمیشہ سوال کرنا
آدمی کا یہہ نوبت پہنچا دیگا کہ خدا کو ملے گا منہہ پر ایک بوٹی بھی نہوگی ف یعنے
خ ۸۲ لوگون سے سوال کرنی والا قیامت مین بہت ذلیل ہوگا خ اِبْنُ عُمَرَ مَا حَقُّ امْرِئٍ مُسْلِمٍ
يَمُرُّ عَلَيْهِ ثَلٰثُ لَيَالٍ اِلَّا وَعِنْدَهٗ وَصِيَّةٌ بخاری مین عبداللہ بن عمر سے روایت
ہے کہ حضرتؐ نے فرمایا کہ نہین لایق ہے مسلمان مرد کو کہ اسپر تین راتین گذرین بی وصیت کے
ف یعنی جسپر لوگون کا قرض ہو یا کسی کی امانت ہو اسپر لازم ہے کہ اپنے پاس
اسکی وصیت لکھہ رکھے تاکہ اسکے بعد اسکے وارث اسپر عمل کرین اسواسطے کہ آدمی کو
اپنی موت معلوم نہین وصیت لکھہ رکھنا اس صورت مین تو واجب ہے اور اگر کسی کا
ق ۹۸۳ لینا دینا نہو تو وصیت کرنا واجب نہین مستحب ہے ق اَلْمِسْوَرُ بْنُ مَخْرَمَةَ
وَمَرْوَانُ بْنُ الْحَكَمِ مَا خَلَاتِ الْقُصْوٰى وَمَا ذَاكَ لَهَا بِخُلُقٍ

وَلٰكِنْ حَبَسَهَا حَابِسُ الْفِيلِ وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهٖ لَا يَسْأَلُونِي
خُطَّةً يُعَظِّمُونَ فِيهَا حُرُمَاتِ اللّٰهِ اِلَّا اَعْطَيْتُهُمْ اِيَّاهَا بخاری
اور مسلم مین مسورہ بن مخرمہ اور مروان بن حکم سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
کہ نہین تہک گئی اونٹنی جسکا قصوی نام ہے اور یہہ اسکی خو نہین ولیکن اسکو بند کیا
ہے ہاتھی کے بند کرنیوالے نے یعنی خدا نے قسم ہے اُس ذات پاک کی جسکے قابو مین میری
جان ہے کہ مکے والے نہین گے کوئی کام جس مین اداب خدا کی تعظیم کرین مکہ مین سے
اُنکو دونگا یعنی وہ بات قبول کرونگا ف حضرت چھٹے سال احرام باندہ کی مدینے
مکے کو چلے عمرہ کرنی کو راہ مین اونٹنی حضرت کی بیٹہہ گئی اصحابنے کہا کہ اونٹنی
تہک گئی تب حضرتنے یہہ حدیث فرمائی تو اونٹنی کہڑی ہوئی پہر حضرت صلح کرکے
پلٹ آئے چنانچہ اُسکا مفصل قصہ دوسرے باب مین ہو چکا ق اَنَسٌ مَا رَاَيْنَا
مِنْ شَيْءٍ وَاِنْ وَجَدْنَاهُ لَبَحْرًا یعنی فرس لنا طلحۃ الذی کان یقال لہ المندوب
بخاری اور مسلم مین انس رض سے روایت ہے کہ حضرتنے فرمایا کہ ہم نے تو کچھہ نہین دیکھا
اُس کہوڑیکا قدم تو دریا پایا مراد ابو طلحہ کا کہوڑا ہے جسکو مندوب کہتے تھے
ف ایکبار مدینے مین ہول پڑی رات کو حضرت ابو طلحہ کا کہوڑا عاریت لیکر سوار
ہوکے تنہا سب کے آگے نکل گئے اصحاب پیچھے دور تھے جب معلوم ہوا کہ کچھہ تہا تو

ق ۱۲۸۴
بیان اسخاوت
وشجاعت
آنحضرت
وتیز رفتار
اسپ
مطلق العنان

حضرت وہان سی پہرے تب یہہ حدیث فرمائی یہہ کہوڑا نہایت سست
قدم مشہور تہا حضرت کی برکت سی نہایت تیز قدم ہوگیا چنانچہ حضرتنے اُسکی
تعریف کی اس حدیث سے کمال شجاعت حضرت کی معلوم ہوئی کہ خوف کی حالت مین
رات کو تنہا آکے بڑہ جانا کمال شجاعت پر دلیل ہے ق ابو سعید ما رُزِقَ
العبدُ رِزقًا اَوسَعَ عَلَیہِ مِنَ الصَّبرِ بخاری اور مسلم مین ابو سعید رضی اللہ عنہ سے روایت
ہے کہ حضرتنے فرمایا کہ نہین دیا گیا بندہ کوئی روزی صبر سی زیادہ کشادگی اور
وسعت مین ف یعنی صبر اور قناعت کی برابر کوئی روزی نہین اسواسطے کہ اگر قناعت
نہین تو کتنا ہی مال ہو حرص نہین مٹتی شعر ای قناعت تو اکرم گردان
کہ ورای تو ہیچ نعمت نیست ق زید بن ثابت ما زال بکم صنیعکم
حتی ظننت انہ سیکتب علیکم فعلیکم بالصلوٰۃ فی بیوتکم
فان خیر صلوٰۃ المرء فی بیتہ الا الصلوٰۃ المکتوبۃ بخاری اور
مسلم مین زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرتنے فرمایا کہ ہمیشہ رہا تمہارے
ساتہہ تمہارا عمل یعنی تراویح کی واسطے جمع ہونا یہان تک کہ مین نے گمان کیا کہ وہ
تمپر فریضہ ہے کہ فرض ہو جاوے سو لازم پکڑو نماز کو اپنے گہرون مین اسواسطے کہ بہتر نماز
مرد کی اپنے گہر ہی مین ہے مگر فرض نماز یعنی فرض نماز مسجد مین افضل ہے ف

حضرتنے
ایک

حضرتنے ایک سال رمضان مین مسجد کی اندر چٹائی کا حجرہ بنایا عبادت اور اعتکاف کے
واسطے حضرتنے اسکے اندر رات کو تراویح کی نماز پڑھے چند اصحاب بہی ساتہ
ہوئے ایک رات بہت لوک مسجد مین جمع ہوئے حضرتنے اُس رات نماز نہ پڑہی
اصحاب سمجہے کہ حضرت سوگئے بعضی اصحاب کہانسنے لگے تاکہ حضرت جاگین اور نماز
پڑہاوین تب حضرتنے یہہ حدیث فرمائی یعنی مین ڈرتا ہون کہ تراویح کی نماز
تمپر فرض نہ ہوجاوے پہر اگر نہہ سکے گی تو گنہگار ہوگے اپنے گہرون مین
جاکر پڑھو حضرت عمر فاروق نی اپنی خلافت مین تراویح کی نماز مسجد مین جاری
کی سو اسسے کہ نماز کی خوبی حضرتکے فعل سے ثابت تہی صرف فرض ہونی کے
خوف سے حضرت نی موقوف کرہوادی تہی اور حضرتکے بعد وحی موقوف ہوئی
فرض ہونے کا ڈر نہ رہا شیعہ کہتی ہین کہ تراویح حضرت عمر کی ایجاد ہے اس
حدیث سے معلوم ہوا کہ غلط بات ہے بلکہ حضرت کی سنت ہے ق عَائِشَةَ
مَا زَالَ جِبْرِيْلُ يُوْصِيْنِيْ بِالْجَارِ حَتّٰى ظَنَنْتُ اَنَّهٗ سَيُوَرِّثُهٗ
بخاری اور مسلم مین حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ ہمیشہ
جبرئیل مجہکو ہمسائے کی احسانکی وصیت کرتا ہے یہان تک کہ میری گمان مین
آیا کہ جبرئیل ہمسائے کو وارث کردیگا ف یعنے یہان تک ہمسائے کے ساتہ

ق ۴۸۷

احسان کرنی کی تاکید کی کہ ہین سمجھا کہ ایک ہمسایہ دوسرے ہمسائے کا وارث ہو جائیگا
اس حدیث مین خیر ہمسائگی کی کمال تاکید ہے م ابو الدرداء ما طلعت شمس
قط الا بجنبتیها ملکان یقولان اللهم عجل لمنفق خلفا
وعجل لممسك تلفا مسلم مین ابو درداء رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ نہین طلوع
کرتا آفتاب کبھی مگر کہ اسکے دونون کنارون پر دو فرشتے کہتی ہین کہ الٰہی جلدی دے
خرچ کرنے والے سخی کو بدلا اور جلدی دے بخیل کو نقصان ف یہی سبب ہے کہ سخی کا ہاتھ
خالی نہین رہتا اور بخیل کا خواہ مخواہ نقصان ہوتا ہے ق ابو سعید ما
علیکم ان لا تفعلوا یعنی العزل بخاری اور مسلم مین ابو سعید رضی اللہ
عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تمپر کچھہ مضائقہ نہین ایسا کیا کرو ف بعضی
اصحاب نے پوچھا کہ ہم نہین چاہتے کہ لونڈیون سے اولاد پیدا ہو اگر حکم ہو تو انزال کی
وقت ان سے علیحدہ ہو جایا کرین تب حضرت نے یہ حدیث فرمائی م انس ما کان
الرفق فی شیئ قط الا زانه وما کان الخرق فی شیئ قط الا شانه
مسلم مین انس رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ نہین ہوئی نرمی کسی چیز مین کبھی مگر کہ
اسکو زینت دیتی ہے اور نہین ہوئی سختی کسی چیز مین کبھی مگر کہ اسکو ناقص اور معیوب
کر دیتی ہے ف یعنی نرمی ہر چیز کو سنوارتی ہے اور سختی بگاڑتی ہے نرمی سے دشمن

درست

ق ۹۱

دوست بن جاتا ہے اور سختی اور بدمزاجی سے دوست دشمن ہو جاتا ہے ق
أَنَسٌ مَا كَانَ اللّٰهُ لِيُسَلِّطَكِ عَلَى ذٰلِكِ أَوْ قَالَ عَلَىَّ ذٰلِكِ
قَالَ لِصَاحِبِهِ الشَّاةَ الْمَسْمُومَةَ بخاری اور مسلم مین انس رضی سے روایت ہے کہ حضرتؐ
فرمایا کہ خدا ایسا نہین کہ مجھکو اُسپر قادر کر دیتا یا یون فرمایا کہ مجھپر قادر کر دیتا یہہ
حضرتؐ نے زہردار بکری والی عورت سے فرمایا ق خیبر مین ایک یہودی عورت نے بکریون
زہر ڈال کی حضرت کی دعوت کی حضرتؐ نے اور اصحابؓ نے کھانا شروع کیا پھر ہاتھ اٹھا
لیا اور اصحاب کو منع کیا اور فرمایا کہ اسمین زہر ہے پھر اُس عورت کو بُلایا اُسنے زہر
ڈالنے کا اقرار کیا تب حضرتؐ نے یہہ حدیث فرمائی حضرت کو اس زہر کی ہمیشہ تکلیف
ق ۹۲ ہوا کرتی تھی چنانچہ اسی صدمے سے حضرت کا انتقال ہی ہوا تھا ق كَعْبُ بْنُ عُجْرَةَ
مَا كُنْتُ أُرَى أَنَّ الْجَهْدَ بَلَغَ بِكَ هٰذَا وَيُؤْذِيكَ مَا أَرَى
أَمَا تَجِدُ شَاةً قُلْتُ لَا قَالَ صُمْ ثَلٰثَةَ أَيَّامٍ أَوْ أَطْعِمْ سِتَّةَ مَسَاكِينَ
لِكُلِّ مِسْكِينٍ نِصْفُ صَاعٍ مِنْ طَعَامٍ وَاحْلِقْ رَأْسَكَ فَنَزَلَتْ فِيَّ خَاصَّةً بخاری اور
مسلم مین کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرتؐ نے فرمایا کہ مجھکو گمان نہ تھا کہ تجھکو
ایسی تکلیف پہنچی ہوگی اور ایک روایت یون ہے کہ مجھکو معلوم نہ تھا کہ تجھکو
ایسی تکلیف ہوگی جیسا کہ اب مین دیکھتا ہون کیا تجھکو ایک بکری نہ ملے گی مین نے

کہا کہ نہین حضرت نے فرمایا تو تین روز روزہ رکھہ یا چھہ محتاجون کو کہانا دے ہر
محتاج کو ڈیڑہ سیر اور آدھی چھٹانک گیہون اور اپنا سر مونڈ ڈال یہہ حضرت نے
کعب بن عجرہ سے فرمایا ف کعب بن عجرہ احرام باندھے ہانڈی پکاتے تہے اور
سر کی جوئین اُنکے مُنہہ پر جھڑتی جاتی تہین تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنے
اِس عذر سے احرام والے کو سر مونڈانا درست ہے کفارہ دیکر قربانی کرے اور اگر
مقدور نہین تو تین روزے رکھی یا چھہ محتاجون کو کہانا کہلادے ہر ایک کو
ڈیڑہ ڈیڑہ سیر اور آدھی چھٹانک گیہون کے برابر ع سَهْلُ ابْنُ سَعْدٍ
مَالِي الْيَوْمَ فِي النِّسَاءِ مِنْ حَاجَةٍ لِي لِامْرَأَةٍ عَرَضَتْ نَفْسَهَا عَلَيَّ
بخاری مین سہل بن سعد رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مجکو آج تو عورتون کی
طرف کچھہ حاجت اور ضرورت نہین یہہ حضرت نے اُس عورت سے کہا تہا
جسنے اپنی ذات کو حضرت کے سامنے کیا ف خدا نے حکم کیا تہا کہ جو عورت بی خاوند والی
بدون مہر کے اپنی ذات پیغمبر کو بخشے تو حضرت پر وہ عورت حلال ہی ایکبار
ایک عورت نے کہا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مین نے اپنی ذات حضرت کو
بخشی تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنی عورت کی کچھہ مجکو حاجت نہین ۔
ہندوستان مین نصاری اسوقت مین مسلمانون پر طعنہ دیتے ہین کہ تمہارے

پیغمبر کی

پیغمبر کی تو بی بیان نہین بلکہ تمام عالم کی عورتین اپنے واسطے حلال کرلین نہین
اور حالانکہ پیغمبرون کو عورتون کی طرف خواہش نہین ہوتی اسکا جواب یہہ ہے
کہ اگر عورت سے نفرت کرنا عمدہ کمال آدمی کا ہوتا ہے تو سب جہان کی نامرد اور ہیجڑے
پیغمبر بن جاتے بلکہ خود آدمی کا نشان دنیا مین نہوتا اسواسطے کہ اول حضرت آدم سی نکاح کی
سنت جاری ہوئی بلکہ خود انجیل کے اندر پولس حواری نے اُس مکتوب مین جو عبریون کو لکھا یون
کہا ہے کہ تمام خلق مین نکاح کرنا معزز اور افضل ہے اور مشہور ہے حضرت داؤد کی
ننانوے بی بیان نہین اور توریت مین موجود ہے کہ حضرت ابراہیم کی تین عورتین تہین
سارا اور ہاجرا اور قطورا اور حضرت موسی کی دو عورتین تہین ایک صفورا دوسری
حبشی عورت اور حضرت یعقوب کی چار عورتین تہین دو بی بیان اور دو حرم سو اگر
عورتین کرنا پیغمبرون کی شان کے مخالف ہوتا تو حضرت ابراہیم اور حضرت یعقوب
اور حضرت موسی اور حضرت داود کیون کرتے اور باوجودیکہ خدا نی ہمارے پیغمبر پر
بی خاوند والی عورتین جو خوشی سے بدون مہر اپنی ذات بخشین حلال کین تہین اس
حدیث سے معلوم ہوا کہ پہر بہی حضرت قبول نکرتی تہے پہر تو باوجود میسر ہونے
اور اجازت الہی کے کنارہ کرنا دلیل ہے کمال عفت اور پاکیزگی کی غرض کہ نصاری کے
اور اعتراضین بہی جو دین محمدی پر کرتے ہین اسیطرح واہی تباہی ہین اگر تہوڑا بہی

شعور دار آدمی ہو تو بخوبی اُنکی جوابدہی کرے اِسکے واسطے کچھ زیادہ علم کی حاجت

نہین ق اَنَسٌ مَا مِنْ اَحَدٍ یَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا

عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ صِدْقًا مِّنْ قَلْبِهٖ اِلَّا حَرَّمَهُ اللّٰهُ عَلَى النَّارِ

بخاری اور مسلم مین انس رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ کوئی ایسا آدمی

نہین جو اسکی گواہی دیتا ہو اپنے سچے دل سے کہ کوئی لائق بندگی کے نہین سوائے

خدا کے اور بیشک محمد صلی اللہ علیہ وسلم بندہ اور اُسکا رسول ہے مگر کہ خدا

اُسپر دوزخ حرام کریگا ف یعنے سچا ایماندار کو دوزخ سے نجات ہے ق اَبُوْ

هُرَیْرَةَ مَا مِنَ الْاَنْبِیَاءِ نَبِیٌّ اِلَّا اُعْطِیَ مِنَ الْاٰیَاتِ مَا مِثْلُهٗ

اٰمَنَ عَلَیْهِ الْبَشَرُ وَاِنَّمَا كَانَ الَّذِیْ اُوْتِیْتُهٗ وَحْیًا اَوْحَاهُ اللّٰهُ

اِلَیَّ فَاَرْجُوْا اَنْ اَكُوْنَ اَكْثَرَهُمْ تَابِعًا یَوْمَ الْقِیٰمَةِ بخاری اور

مسلم مین ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ پیغمبرون مین سے

کوئی پیغمبر نہین مگر کہ اسکو معجزے دئے گئے اس قدر کہ آدمی اُسپر ایمان لاوین

اور مجھکو تو وہ چیز دی گئی ہے جو وحی ہے یعنے قرآن جسکو خدا نے میری طرف بھیجا

سو مین امید رکھتا ہون کہ قیامت کے دن سب پیغمبرون سے زیادہ تر میرے تابعدار ہونگے

ف یعنے ہر ایک پیغمبر کو خدا نے معجزے دئے کہ جسقدر اُنکی راستی اور پیغمبری

ق ۹۹۵

اعجاز فصاحت وغیرہ

ثابت

ثابت ہو جاوے اور لوگ انکا ایمان لاوین لیکن حضرت کا معجزہ یعنی قرآن خدا کا
کلام سب معجزون سے نرالا اور افضل ہے کہ یہہ معجزہ قیامت تک باقی ہے اور پیغمبرونکے
معجزے باقی نہین رہے اور جب قیامت تک باقی رہا تو ہر دم حضرت کے معجزے کی
دلیل قائم ہے تو ہر زمانے مین تا قیامت لوگ مسلمان ہوتے چلے جاوینگے اسواسطے
حضرت نے فرمایا کہ سب پیغمبرون کی امت سے محمدی لوگ زیادہ ہونگے اور ہر چند ہمارے
حضرت سے ہزارون معجزے ہوئے لیکن قیامت تک باقی رہنے والا معجزہ قرآن ہی
ہے اسواسطے حضرت نے صرف اسی کو ذکر کیا عادت الٰہی یون جاری ہے کہ جس
زمانی مین جس ہنر کا بہت چرچا ہوتا ہے تو اُسکے پیغمبر کو بھی اُسی قسم کا معجزہ
بدون سیکھے عنایت ہوتا ہے تاکہ انکو بلاشبہ پیغمبر کی راستی معلوم ہو جاوے
چنانچہ حضرت موسی کی وقت مین جادو کا چرچا تہا تو انکو اسی قسم کا معجزہ ملا
یعنی عصا سانپ بن جاتا تہا اور حضرت عیسی کے معجزات مین اکثر شفاء امراض تہی کہ طب کا چرچا تہا
اور ہمارے حضرت کے وقت مین فصاحت اور بلاغت کا عرب مین بہت چرچا تہا اسواسطے
حضرت کو قرآن ملا اور حکم ہوا کہ اگر تم کو پیغمبری مین شبہ ہو تو ایک سورے کے برابر
کہو سکے نہو سکا سب فصحاے عرب عاجز ہو گئے اگر ہو سکتا تو ضرور کہتے
سہل کام چہوڑ کے اپنی جان دینا کیون اختیار کرتے اور اعجاز قرآنی کے سبب سے

قرآن شریف مین اختلاف نہین پڑا اسواسطے کہ اسلام مین بہت مذہب ہوگئے
ہر شخص اپنے مذہب کے موافق بنالیتا برخلاف توریت اور انجیل کے کہ انہین احبار
نہ تہا اسیواسطے انہین تحریف اور اختلاف ہوگیا ۹۹۶ خ اَنَسٌ مَا مِنَ النَّاسِ مُسْلِمٌ
یَمُوْتُ لَهٗ ثَلٰثَةٌ مِنَ الْوَلَدِ لَمْ یَبْلُغُوا الْحِنْثَ اِلَّا اَدْخَلَهُمُ اللّٰهُ
الْجَنَّةَ بِفَضْلِ رَحْمَتِهٖ اِیَّاهُمْ بخاری مین انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ لوگون مین سے کوئی ایسا مسلمان نہین جسکے تین لڑکے مرگئے ہون جو جوانی
کو نہین پہنچے مگر خدا اسکو بہشت مین داخل کریگا بسبب زیادتی رحمت باپ کے لڑکون پر
ف یعنی باپ کو لڑکونکی کمال محبت ہوتی ہے اور جتنی محبت زیادہ اُتنی ہی
انکی موت کی مصیبت زیادہ پہر جب باپنے ایسی مصیبت مین صبر کیا تو لایق
بہشت کی ہوا ۹۹۷ م مَعْقِلُ بْنُ یَسَارٍ مَا مِنْ اَمِیْرٍ یَلِیْ اُمُوْرَ الْمُسْلِمِیْنَ
ثُمَّ لَا یَجْهَدُ لَهُمْ وَیَنْصَحُ لَهُمْ اِلَّا لَمْ یَدْخُلْ مَعَهُمُ الْجَنَّةَ
مسلم مین معقل بن یسار سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ کوئی ایسا حاکم نہین
کہ جو مسلمانون کی کامون کا مالک ہو پہر نہ محنت کرے انکے واسطے اور نہ
انکی خیرخواہی کرے مگر وہ حاکم مسلمانون کی ساتہہ بہشت مین نہ داخل ہوگا
ف معلوم ہوا کہ حاکم پر فرض ہے کہ رعیت کی واسطے محنت اور جانفشانی

کرے اور جو

کرے اور جو انکی حق مین بہتر ہو سو عمل مین لاوے اور اگر حاکم اپنی رعیت سے غافل رہے
اور آرام مین پڑا تو بہشت سے محروم ہوا ۴۴ ابن عباس ما من رجل مسلم
یموت فیقوم علی جنازتہ اربعون رجلا لا یشرکون باللہ شیئا
الا شفعہم اللہ فیہ مسلم مین عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ نہین ایسا کوئی مرد مسلمان جو مر جاوے پھر اسکے جنازہ پر چالیس
مرد جو شرک نکرتے ہون خدا کے ساتھہ نماز پڑھنے کھڑے ہون مگر خدا انکی شفارش
اسکے حق مین قبول کرتا ہے ف معلوم ہوا کہ چالیس مسلمان موحد کا نماز پڑھنا
سبب ہے میت کی مغفرت کا عبداللہ بن عباس تلاش کرکے جنازہ کی نماز کے واسطے
چالیس مسلمان جمع کرتے تھے بموجب اس حدیث کی اور حضرت عایشہ کی روایت مین
سو مسلمانون کا ذکر ہے تو جب چالیس کی شفارش قبول ہے سو کی زیادہ تر قبول ہوگی
اور بعضی حدیث مین آیا ہے کہ تین صفین کرین ۴۴ ما من صاحب ابل
لا یفعل فیہا حقہا الا جاءت یوم القیمۃ اکثر ما کانت وقعد
لہا بقاع قرقر تستن علیہ بقوائمہا واخفافہا ولا صاحب
بقر لا یفعل فیہا حقہا الا جاءت یوم القیمۃ اکثر ما کانت
وتعد لہا بقاع قرقر تنطحہ بقرونہا وتطوہ بقوائمہا ولا

صَاحِبِ غَنَمٍ لَا يَفْعَلُ فِيهَا حَقَّهَا إِلَّا جَاءَتْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ أَكْثَرَ
مَا كَانَتْ وَقَعَدَ لَهَا بِقَاعٍ قَرْقَرٍ تَطَؤُهُ بِقُرُوفِهَا وَتَطَؤُهُ بِأَظْلَافِهَا
لَيْسَ فِيهَا جَمَّاءُ وَلَا مُنْكَسِرٌ قَرْنُهَا وَلَا صَاحِبِ كَنْزٍ لَا يَفْعَلُ فِيهِ حَقَّهُ
إِلَّا جَاءَ كَنْزُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ شُجَاعًا أَقْرَعَ يَتْبَعُهُ فَاتِحًا فَاهُ فَإِذَا أَتَاهُ
فَرَّ مِنْهُ فَيُنَادِيهِ خُذْ كَنْزَكَ الَّذِي خَبَأْتَهُ فَأَنَا عَنْهُ غَنِيٌّ فَإِذَا رَأَى
أَنْ لَا بُدَّ مِنْهُ سَلَكَ يَدَهُ فِي فِيهِ فَيَقْضَمُهَا قَضْمَ الْفَحْلِ مسلم میں جابر
رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اونٹوں کا کوئی ایسا مالک نہیں جسنے انکا
حق نہ ادا کیا یعنی انکی زکوۃ نہ دی ہوگی مگر قیامت کی دن وہ اونٹ آوینگے
جیسے کبھی تھے اُسسے زیادہ ہوکر یعنی شمار میں زیادہ ہونگے یا ڈیل میں اور انکا مالک
برابر بیٹھے گا اس طرح کہ وہ اونٹ اُسپر دوڑ کر اپنے پانوں اور تلیوں سے
کچلینگے اور کوئی ایسا گائے بیلوں کا مالک نہیں جو انکی زکوۃ نہیں دیتا مگر کہ وہ
کاسے بیل قیامت کی دن آوینگے جیسے کبھی اُنسے زیادہ تر ہوکر اور انکا مالک
برابر میدان میں بیٹھے گا اسطرح کہ کاسے بیل اپنے سینگھوں سے اُسکو ہونکینگے
اور اپنے پانوں سے اُسکو روندینگے اور کوئی مالک بھیڑ بکریوں کا ایسا نہیں جو
انکی زکوۃ نہیں ادا کرتا مگر کہ وہ بھیڑ بکریاں آوینگی قیامت کی دن جیسے کبھی تھیں

اُنسے

اُنسے زیادہ تسہو کرا ورانکا مالک برابر میدان مین بیٹھے کا اِس طرح کہ وہ اسکو
اپنے سینگون سی ہونکین گے اور اپنے کھرون سی اسکو روندین کے کوئی اونین
منڈھی سینگ ٹوٹی نہین اور چاندی سونے کا مالک کوئی ایسا نہین جو اسکی
زکوۃ نہین دیتا مگر کہ قیامت مین وہ مال اور گنج کنجا اژدہا بن کے اویکا مالک کے
پیچھے دوڑے کا اپنا منہہ کھول کر پھر جب اپنے مالک پاس اویکا تو اسکو دیکھکر
وہ بھاگے کا تو فرشتہ اسکو پکاریکا کہ لے اپنا گنج اور مال جسکو تونے چھپا
رکھا تہا مجھکو اسکی کچھہ ہردا نہین پھر جب مالک دیکھیکا کہ اُسسے بچاؤ کی
کچھہ تدبیر نہین ناچار ہوکر اپنا ہاتھہ اسکے منہہ مین ڈالے کا سو وہ اژدہا اسکے ہاتھہ کو
چبا ڈالے گا اونٹ کی طرح ف یعنی جو جانور دنکی اور مال کی زکوۃ نہ دیگا اُسپر
ایسا عذاب ہوکا اور اژدہا گنجا اسواسطے ہوکا کہ جب سانپ بہت پرانا اور
نہایت زہردار ہوتا ہے تو اسکے سر کے بال زہر کے مارے جھڑ جاتے ہین ه

ق

ابو ہریرۃ ما من صاحب ذهب ولا فضة لا يؤدي منها
حقها الا اذا كان يوم القيمة صفحت له صفائح من نار
فاحمي عليها في نار جهنم فيكوى بها جنبه وجبينه و
ظهره كلما بردت اعيدت له في يوم كان مقداره

ترک بیان

خمسین الف سنۃ حتی یقضی بین العباد فیری سبیلہ اما الی الجنۃ واما الی النار مسلم مین ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ چاندی سونی کا کوئی ایسا مالک نہین جو اُسکا حق ادا نہین کرتا یعنی زکوۃ نہین دیتا مگر کہ جب قیامت کا دن ہوگا تو آگ سی پگھلا کر اُس چاندی سونی کے پتّر بنائے جاوینگے پھر دوزخ کی آگ مین وہ پتّر دہکائے جاینگے پھر اُن سے مالک کی کوکھ اور ماتھا اور پیٹھہ داغی جاویگی جب وہ پتّر سرد ہو جاوینگے تو پھر دہکا کر داغے جاوینگے یہہ عذاب اُتنے بڑے دن مین ہوا کریگا جسکا اندازہ پچاس ہزار برس کا ہوگا یہان تک کہ جب بندون کے درمیان فیصلہ ہو چکے گا پھر اسکو اسکی راہ دکھلائی جائیگی یا بہشت کی طرف یا دوزخ کی طرف **ف** ان دونو حدیثون مین زکوۃ نہ دینے والے مالدارون کے عذاب کا حال مفصل بیان ہے ہندوستان مین نماز روزہ کا جابجا کچھہ چرچا ہے لیکن افسوس زکوۃ دینی کی عادت بالکل چھوٹ گئی بعد برس دن کے چالیسوان حصہ نکالتے جان نکلی جاتی ہے اور حالانکہ شادی اور غمی اور نام ونشان کے کامون مین ہزارون روپے برباد کرتے ہین کسا ہی بخیل کیون نہو لیکن کچھہ نہ کچھہ آخر اُسکا بھی خرچ ہوتا ہے لیکن زکوۃ کے نام سے روح قبض ہوتی ہے اکثر مالدار بخیلون کو دیکھا ہے انہون نے کس کس محنت اور

مشقت سی مال جمع کیا نہ آپ کھایا نہ کسی کو خدا کی راہ مین دیا پھر جب وہ بی نصیب
گئے تو اُنکے لڑکون اور وارثون نی اس مال کو چند روز مین اُڑا دیا تو غور کیا چاہیے کہ کتنی
بڑی حماقت اور نادانی ہے کہ خود تو ہزار مشقت سی مال جمع کیجئے اور غیر اُسکو
اڑا دین اور پھر بچاس ہزار برس کے دن مین ایسے سخت عذابون مین جسکے صرف
خیال کرنی سے روح قبض ہوتی ہے گرفتار ہوجئے مالدار مسلمان کو لازم ہے
کہ ان باتون مین خوب کرے اور موت کو ہر دم حاضر جان کر قیامت کی سختیان
دھیان کر کے اپنے مالک کا حکم بجا لاوے اور اپنے مال کی زکوۃ نکالے اور شیطان کے
وسوسے کو نہ مانے کہ زکوۃ دینے سے مال کم ہو جاویگا اسلیے کہ خدا نے زکوۃ دینے سے مال
مین برکت دینی کا وعدہ کیا ہے **شعر** زکوۃ مال بدر کن کہ فضلہ رزدا چو باغبان
پرد بیشتر دہد انکور **م** اَبُو الدَّرْدَاءِ مَا مِنْ عَبْدٍ مُسْلِمٍ يَدْعُو لِاَخِيْهِ
بِظَهْرِ الْغَيْبِ اِلَّا قَالَ الْمَلَكُ وَلَكَ بِمِثْلٍ مسلم مین ابو درداء سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ کوئی بندہ مسلمان نہین جو اپنے بھائی مسلمان کے واسطے
پیٹھ پیچھے دعا کرے مگر کہ فرشتہ کہتا ہے کہ تجھکو بھی اُس دعا کے برابر ثواب ملے **ف**
معلوم ہوا کہ مسلمان کے پیچھے اُسکے واسطے دعا کرنا ایسی عمدہ خدا کے نزدیک
بات ہے کہ فرشتہ دعا کرنے والے کے واسطے دعا کرتا ہے اور حدیث مین آیا ہے کہ غائب

۱۰۲ م مسلمان کی حق مین دعا مقبول ہے اسواسطے کہ خوشامد اور ریا سے دور ہے م اُمِّ حَبِيبَةَ
مَا مِنْ عَبْدٍ مُسْلِمٍ يُصَلِّي لِلّٰهِ كُلَّ يَوْمٍ ثِنْتَيْ عَشْرَةَ رَكْعَةً تَطَوُّعًا
غَيْرَ فَرِيضَةٍ إِلَّا بَنَى اللّٰهُ لَهُ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ أَوْ إِلَّا بُنِيَ لَهُ بَيْتٌ فِي الْجَنَّةِ
مسلم مین ام حبیبہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ کوئی ایسا مسلمان بندہ
نہین جو ہر روز فرض کی سوای بارہ رکعتین سنت کی خدا کے واسطے پڑھے مگر کہ
خدا اسکے واسطے بہشت مین گھر بنا دیگا راوی کو شک ہے کہ اس طرح فرمایا کہ یون فرمایا کہ
مگر اسکے واسطے بہشت مین گھر بنایا جا دیگا مطلب ایک ہی ہے کچھ لفظ کا فرق ہے
اس حدیث مین بارہ رکعت سنت موکدہ کی فضیلت کا بیان ہے یعنی دو رکعت
۱۰۳ ق سنت فجر کی چھ ظہر کی دو مغرب کی دو عشا کی ق مَعْقِلِ بْنِ يَسَارٍ مَا مِنْ
عَبْدٍ يَسْتَرْعِيهِ اللّٰهُ رَعِيَّةً يَمُوتُ يَوْمَ يَمُوتُ غَاشًّا لِرَعِيَّتِهِ إِلَّا
حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ بخاری اور مسلم مین معقل بن یسار رضی سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ کوئی ایسا بندہ نہین مرتا ہے جسکو خدا نے کسی رعیت کا نگہبان
کیا تو جس دن کہ وہ حاکم رعیت کا بدخواہ مرتا ہے مگر کہ خدا نے اسپر بہشت کو حرام
۱۰۴ ف کیا ف یعنی ظالم حاکم بہشت سے محروم ہے م عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو مَا مِنْ
غَازِيَةٍ أَوْ سَرِيَّةٍ تَغْزُو فَتَغْنَمُ وَتَسْلَمُ إِلَّا كَانُوا تَعَجَّلُوا ثُلُثَيْ

ثُلُثَا اُجُورِهِمْ وَمَا مِنْ غَازِيَةٍ اَوْ سَرِيَّةٍ تُخْفِقُ وَتُصَابُ اِلَّا
تَمَّ اُجُورُهُمْ مسلم میں عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
کہ جو جماعت غازیوں کے لشکر کی کافروں سے لڑے پھر کافروں کا مال لوٹے اور سلامت
رہے تو ان لوگوں نے دو تہائیاں اپنی مزدوریوں کی پائیں اور جو لوک کہ بدون
غنیمت پائے کام آئے یعنی شہید ہوئے تو انکی مزدوریاں پوری ہوگئیں **ف** یعنی
زندہ غازیوں کو دو فائدے تو سرِ دست ہیں ایک تو سلامتی دوسرے مال غنیمت کا
باقی رہا تیسرا حصہ یعنی بہشت سو قیامت میں ملے گا اور شہیدوں کو تو دنیا میں
کچھ فائدہ نہیں تو انکا ثواب بالکل آخرت پر رہا اس حدیث سے معلوم ہوا کہ شہید
زندہ غازی سے نہایت افضل ہے **ق** عَمْرُو بْنُ عَبَسَةَ مَا مِنْكُمْ رَجُلٌ يُقَرِّبُ
وَضُوْءَهُ فَيُمَضْمِضُ وَيَسْتَنْشِقُ وَيَنْتَثِرُ اِلَّا خَرَّتْ خَطَايَا وَجْهِهِ
وَفِيْهِ وَخَيَاشِيْمِهِ ثُمَّ اِذَا غَسَلَ وَجْهَهُ كَمَا اَمَرَهُ اللّٰهُ اِلَّا خَرَّتْ
خَطَايَا وَجْهِهِ مِنْ اَطْرَافِ لِحْيَتِهِ مَعَ الْمَاءِ ثُمَّ يَغْسِلُ يَدَيْهِ
اِلَى الْمِرْفَقَيْنِ اِلَّا خَرَّتْ خَطَايَا يَدَيْهِ مِنْ اَنَامِلِهِ مَعَ الْمَاءِ ثُمَّ يَمْسَحُ
رَاْسَهُ اِلَّا خَرَّتْ خَطَايَا رَاْسِهِ مِنْ اَطْرَافِ شَعْرِهِ مَعَ الْمَاءِ ثُمَّ
يَغْسِلُ قَدَمَيْهِ اِلَى الْكَعْبَيْنِ اِلَّا خَرَّتْ خَطَايَا رِجْلَيْهِ مِنْ اَنَامِلِهِ

ق

مَعَ الْمَاءِ فَاِنْ هُوَ قَامَ فَصَلّٰى فَمَجَّدَ اللّٰهَ تَعَالٰى وَاَثْنٰى عَلَيْهِ وَمَجَّدَهٗ بِالَّذِىْ
هُوَ لَهٗ اَهْلٌ وَفَرَّغَ قَلْبَهٗ لِلّٰهِ اِلَّا انْصَرَفَ مِنْ خَطِيْئَتِهٖ كَهَيْئَتِهٖ
يَوْمَ وَلَدَتْهُ اُمُّهٗ بخاری اور مسلم مین عمرو بن عبسہ سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ کوئی تم مین سے ایسا مرد نہین جو وضو کا پانی اپنے نزدیک رکھے پھر کلی کرے
پھر ناک مین ڈالے اور جھاڑے مگر کہ گر جاتے ہین گناہ اسکے چہرے سے اور اسکے منہ اور ناک کے
اندر کے پھر جب اپنا منہ دھوتا ہے جیسا کہ خدا نے اسکو فرمایا ہے تو اسکے چہرے کے
گناہ گر پڑتے ہین پانی کے ساتھ داڑھی کی دونون طرفون سے پھر دھوتا ہے دونو
ہاتھون کو دونون کہنیون تک تو اسکے دونون ہاتھون کی گناہ انگلیون کے پورون سے
پانی کے ساتھ گر پڑتے ہین پھر بندہ اپنے سر کو مسح کرتا ہے تو اسکے گناہ بالون کے
کنارے سے پانی کے ساتھ گر پڑتے ہین پھر دھوتا ہے اپنے دونون پانون کو دونون ٹخنون تک
تو اسکے پانون کے گناہ پورون سے پانی کے ساتھ گر پڑتے ہین پھر اگر وہ کھڑا ہوا
اور نماز پڑھی اور خدا کی تعریف اور خوبیان کی اور جس بڑائی کے وہ لایق ہے
ویسی اسنے بڑائی کی اور اپنے دل کو خدا کے واسطے خالی کیا یعنی حضور دل سے
بدون وسواس نماز پڑھی تو اپنے گناہون سے پھرتا ہے اسدن کی سی حالت پر
جسدن اسکی ماںنے اسکو جنا تھا ف یعنی وضو اور حضور دل سے نماز پڑھنے کی

یہہ تاثیر ہے کہ سب صغیرہ گناہون سے آدمی پاک ہو جاتا ہے باقی اسکا بیان
آگے ہوگا ع عدی بن حاتم ما منکم من احد الا سیکلمہ ربہ لیس
بینہ و بینہ ترجمان فینظر ایمن منہ فلا یری الا ما قدم و ینظر
اشام منہ فلا یری الا ما قدم فینظر بین یدیہ فلا یری الا النار
تلقاء وجہہ فاتقوا النار و لو بشق تمرۃ فمن لم یجد فبکلمۃ
طیبۃ بخاری مین عدی بن حاتم سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تم لوگون مین سے
کوئی ایسا نہین مگر کہ اُس سی قیامت مین خدا کلام کریگا اس طرح پر کہ اُسکے اور خدا کے
رمیان کوئی ترجمانی دوبہانسیا نہو گا یعنی دو بدو بلا واسطہ خدا کلام کریگا پہر نظر کریگا بندہ
اپنے داہنے کو تو نہ دیکہیگا مگر اپنی اعمال جو آگے کر چکا اور نظر کریگا اپنے بائین کو تو نہ دیکہیگا مگر اپنے
اعمال جو آگے کر چکا پہر نظر کریگا اپنے آگے تو کچہہ نہ دیکہیگا سوا دوزخ کی کہ اُسکے منہہ کی سامنے سے تو نہ
بچو دوزخ سے اگرچہ آدمی کہجور دیکر سہی پہر جسکو آدمی کہجور بہی نہ ملے تو نیک بات کہنے سبب
دوزخ سے بچے ف یعنی ایسا سخت وقت ہر مسلمان کے سامنے آنے والا ہے
کہ خدا تو بلا واسطہ کلام کریگا اور داہنے بائین نیک یا بد اپنے اعمال ہونگے اور
سامنے دوزخ دہک رہی ہوگی پہر حضرت نے اُس نازک وقت کی بچاو کی تدبیر بتلائی
یعنی خدا کی راہ مین کچہہ دینا اگرچہ تہوڑا ہو پہر اگر دینے کا کچہہ بہی مقدور نہو تو نیک

۱۰۰۹

بات سی مسلمان کے دل ہی کو خوش کردے معلوم ہوا کہ خیرات کو دوزخ سے بچانے کی
بڑی تاثیر ہے ق عَلَیْکُمْ مَا مِنْکُمْ مِنْ اَحَدٍ اِلَّا قَدْ کُتِبَ مَقْعَدُہٗ مِنَ الْجَنَّۃِ
وَ مَقْعَدُہٗ مِنَ النَّارِ فَقَالُوْا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَفَلَا نَتَّکِلُ عَلٰی کِتَابِنَا فَقَالَ
اِعْمَلُوْا فَکُلٌّ مُیَسَّرٌ لِمَا خُلِقَ لَہٗ اَمَّا مَنْ کَانَ مِنْ اَھْلِ السَّعَادَۃِ
فَسَیُیَسَّرُ لِعَمَلِ السَّعَادَۃِ وَ اَمَّا مَنْ کَانَ مِنْ اَھْلِ الشَّقَاوَۃِ فَسَیُیَسَّرُ
لِعَمَلِ الشَّقَاوَۃِ ثُمَّ قَرَأَ فَاَمَّا مَنْ اَعْطٰی وَ اتَّقٰی وَ صَدَّقَ بِالْحُسْنٰی
اِلٰی قَوْلِہٖ لِلْعُسْرٰی بخاری اور مسلم میں علی مرتضی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ کہ تم میں سے ایک کوئی نہیں مگر کہ اسکا مکان بہشت سی اور اسکا مکان
دوزخ سے لکھ لیا گیا یعنی بہشتی اور دوزخی لوگ خدا کے نزدیک مقرر ہو چکے
پھر اصحاب نے کہا یا رسول اللہ ہم اپنے لکھے پر کیون نہ اعتماد کریں یعنی تقدیر کے
روبرو عمل کرنا بی فائدہ ہے جو قسمت مین ہے سو ہوگا تو حضرت نے جواب مین فرمایا کہ عمل
کئے جاو اس واسطے کہ ہر ایک آدمی کو وہی سہیل اور آسان معلوم ہوگا جسکے واسطے
پیدا کیا تو جو اہل سعادت یعنی نیک بختون سے ہوگا تو وہ شتابی نیک کام کے واسطے
مستعد ہو جاویگا اور جو اہل شقاوت یعنی بدبختون سے ہوگا تو وہ شتابی بدی
کام پر تیار ہو جاویگا پھر حضرت نے اپنے اس کلام کی قرآن سے سند پڑھی کہ خدا فرماتا ہے

۱۰۱۰ ق بیان تصدیق وصیت بہ عمل

سوچنے خیرات کی اور ڈرا اور بہتر دین یعنی اسلام کو سچا جانا اُسپر ہم آسان کردینگے
نیکی کرنا اور جو بخیل ہوا اور بی پرواہ بنا اور نیک دین کو اُسنے جھوٹا جانا تو اُسپر
ہم آسان کردینگے کفر کی سخت راہ **ف** اصحاب یہہ سمجھی ہے کہ تقدیر کی رو سے
عمل بی فائدہ چیز ہے حضرت نے فرمایا کہ تم غلط سمجھے ہو عمل کرنا تقدیر کی مخالف نہین
اسواسطے کہ خدا نی عالم مین چیزون کو پیدا کیا اور ایک کو دوسرے سی ربط دیا
اور موافق اپنی حکمت کی بعضی چیز کو بعضی چیز کا سبب ٹہرایا جیسے آنکھہ ہی
سبب بینائی کا اور کان سبب ہے شنوائی اور زہر سبب ہے موت کا اسی طرح نیک
سبب ہے بہشت کا اور بد عمل سبب ہے دوزخ کا تو معلوم ہوا کہ عمل کرنا مخالف تقدیر کی نہین اسی طرح رزق
مقدر ہے اور کسب کرنا اسکا سبب ہے اور کوئی اسکو مخالف تقدیر کی نہین جانتا غرضکہ
مسلمان کو تقدیر کا ایمان لانا واجب ہے اور اسمین بحث اور کھٹکو کرنا حرام ہے
کہ آدمی کی ضعیف عقل تقدیر کا بھید نہین سمجھہ سکتی اکثر بہک جاتی ہے کسی نے
علی مرتضی رضی اللہ عنہ سے تقدیر کا حال پوچھا فرمایا کہ اندھیری رات کو تمنے دیکھا
ہے بیٹھہ یعنی تقدیر کی حقیقت دریافت کرنا آدمی کا مقدور نہین **ف** ابن
مسعود ما منکم من احد الا وقد وکل بہ قرینہ من الجن وقرینہ
من الملائکۃ قالوا وایاک یا رسول اللہ قال وایای ولکن

اللّٰہ اعانني علیہ فاسلم فلا یأمرني الا بخیر مسلم مین عبد اللہ بن
مسعود رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تم مین سی کوئی نہین کہ اسکے
ساتھ ایک شیطان اسکا ساتھی نزدیک رہنے والا اور ایک فرشتہ اسکا ساتھی
نزدیک رہنے والا مقرر کیا گیا ہے لوگون نے کہا کہ کیا آپکے ساتھ بھی یا رسول اللہ شیطان
اور فرشتہ مقرر ہے حضرت نے فرمایا کہ ہان میرے ساتھ بھی ہے لیکن خدا نے اسپر میری
مدد کی ہے سو وہ مسلمان ہوگیا ہے تابعدار ہے مجھکو نیکی کے سوا اور کچھ تلاش
نہین بتلاتا **ف** اس حدیث سی معلوم ہوا کہ حضرت کا ہمزاد شیطان مسلمان ہوگیا
تھا اور یہی مذہب ہے اہل سنت وجماعت کا کہ سوای پیغمبرون کے اور کوئی گناہون معصوم نہین

**م** عمر ما منکم من احد یتوضأ فیبلغ الوضوء او فیسبغ الوضوء ثم ۱۰۱۲
یقول اشهد ان لا اله الا الله وحده لا شریک له واشهد ان محمدا
عبده ورسوله الا فتحت له ابواب الجنة الثمانیة یدخل من ایها
شاء مسلم مین عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تم مین سی جو شخص
وضو کرے تو کمال مرتبی کو پہنچاوے یا پورا وضو کرے پھر یون کہے کہ گواہی دیتا ہون
مین کہ سوای خدا کے کوئی بندگی کے لایق نہین وہ اکیلا ہے کوئی اسکا شریک نہین اور
گواہی دیتا ہون کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اسکا بندہ ہے اور اسکا پیغام پہنچانے والا

سر وضو بعد از

تو کہول دئے جاتی ہین اُسکے واسطے بہشت کی آٹھون دروازی جس دروازی سے
کہ اُسکا جی چاہے بہشت مین جاوے ف اس حدیث مین اچھی طرح پوری وضو کرنی
اور بعد اسکے توحید اور رسالت کی گواہی دینی کی تاثیر اور فضیلت کا بیان ہے خ
۱۰۱۳ خ
ابو ھریرۃ ما منکن امراۃ تقدم ثلثۃ من الولد الا کان لھا
حجابا من النار بخاری مین ابو ہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تم مین سی ایسی
کوئی عورت نہین جو آگے بھیجے تین لڑکے یعنی جسکے تین لڑکے مر گئے ہون
مگر وہ اُس عورت کی اور دوزخ کے درمیان پردہ بن جاوینگے یعنی دوزخ سے بچاوینگے
ف عورتون نے حضرت سے عرض کی کہ یا رسول اللہ مرد اپکی صحبت مین ہر دم حاضر رہتے ہین
اور دین سیکھتے ہین تو ہمارے واسطے بھی کچھ مقرر کیجئے حضرت نے انکے واسطے بھی
باری مقرر کی اور عورتون سی یہہ حدیث فرمائی پھر ایک عورت نے کہا کہ یا حضرت
اگر کسی کے دو لڑکے مر گئے ہون حضرت نے فرمایا کہ وہ بھی دوزخ سے بچاوین گے
م ام سلمۃ ما من مسلم تصیبہ مصیبۃ فیقول ما امرہ اللہ ۱۰۱۴ م
انا للہ وانا الیہ راجعون اللھم اجرنی فی مصیبتی واخلف
لی خیرا منھا الا اخلف اللہ خیرا منھا مسلم مین ام سلمہ رضی اللہ عنہا سی روایت
ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ کوئی اے مسلمان نہین جسکو مصیبت پہنچی پھر وہ کہے جو خدا نے

اسکو فرمایا ہے کہ انا للہ وانا الیہ راجعون یعنی ہم خدا کی ہین اور اُسی کی طرف پھر جانے
والے ہین الہی ثواب دے مجکو میری مصیبت مین اور پیچھے اُس سے بہتر بدلا دے مگر کہ خدا پیچھے
بہتر بدلا اسکو دیتا ہے ف جب کوئی مصیبت مسلمان کو ہو تو انا للہ وانا الیہ راجعون
کہنا مستحب ہے ایکبار چراغ گل ہوگیا حضرت نے فرمایا انا للہ وانا الیہ راجعون اصحابنے
کہا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم چراغ گل ہونا کون بڑی مصیبت ہے جو آپنے
انا للہ وانا الیہ راجعون فرمایا حضرت نے فرمایا کہ مسلمان کو جس سے تکلیف ہو وہی مصیبت ہے یعنے
ہر رنج اور تکلیف مین کم ہو یا زیادہ انا للہ وانا الیہ راجعون کہنا چاہیے ه عثمان رضی

۱۱۵ مَا مِنْ مُسْلِمٍ يَتَطَهَّرُ فَيُتِمُّ الطُّهُورَ الَّذِي كَتَبَ اللّٰهُ عَلَيْهِ فَيُصَلِّي
هٰذِهِ الصَّلَوَاتِ الْخَمْسَ إِلَّا كَانَتْ كَفَّارَاتٍ لِمَا بَيْنَهُنَّ مسلم مین
حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ نہین کوئی اب مسلمان
جو طہارت کرے غسل ہو یا وضو پوری طرح طہارت کرے جو خدا نے اُسپر فرض
کی پھر نماز پڑھے پنجگانہ نماز تو وہ نمازین اپنے درمیان کے گناہون کے کفارہ ہو جاتی ہین

۱۱۶ ق یعنی صغیرہ گناہون کو مٹا دینگی ق اِنْ مَسْعُودٍ مَا مِنْ مُسْلِمٍ يُصِيبُهُ أَذًى
مِنْ مَرَضٍ فَمَا سِوَاهُ إِلَّا حَطَّ اللّٰهُ بِهِ سَيِّئَاتِهِ كَمَا تَحُطُّ الشَّجَرَةُ وَرَقَهَا بخاری اور مسلم مین عبداللہ بن مسعود سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ نہین

کوئی مسلمان ایسا جسکو کچھہ رنج اور تکلیف بیمارے یا سوا بیماری کے کسی اور سبب سے مگر کہ خدا
اسکے سبب سے اسکے گناہ کو جہاڑ دالتا ہے جیسی درخت اپنے پتے جہاڑتا ہے ف یعنی ہر ایک رنج اور تکلیف سے
مسلمان کے گناہ دور ہوتے بشرطیکہ رنج مین صبر کری اور کلمہ شکوہ خدا کا نکری م جابر ما من ۱۰۱۷ م
مسلم یغرس غرسا الا کان ما اکل منہ لہ صدقۃ و ما سرق منہ لہ صدقۃ
ولا یرزؤہ احد الا کان لہ صدقۃ مسلم مین جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
کہ کوئی ایسا مسلمان نہین جو بوے کسی درخت کو مگر کہ جو چیز کہ اس سے کھائی جائیگی سو اسکے لیے خیرات ہوگی
اور جو اسمین سے چوری جاویگا خیرات ہوگی اور نہ نقصان کریگا کوئی اس درخت سے مگر کہ مالک کے واسطے
خیرات ہوگی ف اس حدیث مین درخت لگانی کے ثواب کا بیان ہے کہ اسکے پھل کھانے مین اور اسکے
پھل وغیرہ چرانے مین اور کسی طرح کے نقصان کرنے مین درخت والے کو خیرات کرنی اور راہ خدا مین
دینی کی برابر ثواب ہے معلوم ہوا کہ درخت لگانا خواہ باغون مین خواہ راہون مین مستحب ہے اس
واسطے کہ اسکا ثواب مدتون تک باقی رہتا ہے اور اگر نیت ہو خلقت کو نفع رسانی کی
تو وہ سب سے بہتر ہے ق عائشۃ ما من مصیبۃ تصیب المسلم الا کفر ۱۰۱۸ ق
اللہ بہا عنہ حتی الشوکۃ یشاکہا بخاری اور مسلم مین حضرت عائشہ سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ایسی کوئی مصیبت نہین جو مسلمان کو پہنچے مگر اسکے سبب سے
اسکے گناہ دور کرتا ہے یہان تک کہ کانٹا چبھنے سی بھی ف یعنی اگرچہ کمتر مصیبت

اور تکلیف مثل کانٹا چبھنے کے تسپر بھی ثواب سی خالی نہین سبحان اللہ کیا کریمی کی
شان ہے نکتہ نوازی اس کا نام ہے ق ۱۰۱۹ ابو ہریرۃ ما من مکلوم یکلم
فی سبیل اللہ الا جاء یوم القیمۃ وکلمہ یدمی اللون لون دم
والریح ریح مسک بخاری اور مسلم مین ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ ایسا کہایل نہین جو خدا کی راہ مین زخمی ہوا ہو مگر کہ آویگا کہ قیامت کے دن اور
اسکا زخم جاری ہوگا رنگ اسکا تو خون کی رنگ اور بو اسکی مشک کی سی بو ق
زخم سے خون اسواسطے جاری ہوگا تو انکی بزرگی اور کمال سب پر ظاہر ہو کہ ان لوگون نے
اللہ کی واسطے جان دی اور زخم کہائے ق ۱۰۲۰ ابو ہریرۃ ما من مولود یولد الا
والشیطان یمسہ حین یولد فیستہل صارخا من مس الشیطان
ایاہ الا مریم وابنہا بخاری اور مسلم مین ابو ہریرہ رضی سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ کوئی ایسا لڑکا پیدا نہین ہوتا مگر کہ شیطان اسکو چھو لیتا ہے جب وہ پیدا
ہوتا ہے سو وہ رو اٹھتا ہے چلا کر شیطان کی چھونی سے مگر مریم کو اور اسکے بیٹے کو
شیطان نی ہاتھ نہین لگایا ف حضرت مریم اور حضرت عیسی کو شیطان نے اسواسطے
ہاتھ نہین لگایا کہ مریم کی مانے حضرت مریم کی اور انکی اولاد کی واسطے خدا سے دعا
مانگی تہی کہ شیطان کا اُنپر دخل نہو چنانچہ قرآن شریف مین وہ دعا مذکور ہے اور

جب حضرت

جب حضرت عیسیٰ پیدا ہوئے تھے حضرت جبرئیل نے انکو اپنے پروں کے ملا تھا اسیواسطے
انکا لقب مسیح ہے یعنی ملا ہوا اور اسیواسطے شیطان انکو نہ چھو سکا **م** عائشہ ما
مِنْ مَيِّتٍ تُصَلِّي عَلَيْهِ أُمَّةٌ مِنَ الْمُسْلِمِينَ يَبْلُغُونَ مِائَةً كُلُّهُمْ
يَشْفَعُونَ لَهُ إِلَّا شُفِّعُوا فِيهِ سلم مین حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ کوئی مردہ نہین جسپر مسلمان کا گروہ کہ شمار مین سو کو پہنچے کیے ہون جنازہ کی نماز
پڑہین اور سب لوگ اسکی مغفرت کی سفارش کرین مگر انکی سفارش قبول ہوگی اسکے
حق مین **ف** عبداللہ بن عباس کی روایت مین چالیس خالص مسلمان کی سفارش کا
ذکر ہے اور اس حدیث مین سو کا ذکر ہے تو مطلب یہہ کہ اگر خالص مسلمان ہون تو چالیس ہی
دعا کفایت کرتی ہے نہین تو سو مسلمانکی دعا قبول ہے **ق** أَنْ مَا مِنْ نَبِيٍّ
إِلَّا وَقَدْ أَنْذَرَ أُمَّتَهُ الْأَعْوَرَ الْكَذَّابَ أَلَا وَإِنَّهُ الْأَعْوَرُ وَإِنَّ رَبَّكُمْ
عَزَّ وَجَلَّ لَيْسَ بِأَعْوَرَ مَكْتُوبٌ بَيْنَ عَيْنَيْهِ **ك ف** بخاری اور مسلم مین انس
رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ کوئی پیغمبر نہین مگر اسنے اپنی امت کو ڈرایا ہے کانے
بڑے جہوٹے سی یعنی دجال سی خبردار ہو کہ مقرر وہ کانا ہوگا اور بی شک تمہارا رب
کانا نہین اسکی دونون آنکہون کے درمیان لکھا ہے **ك ف** یعنی کفر کی لفظ **ف**
حضرت نے ایک بار خطبہ پڑہا اور فرمایا کہ ہر چند ہر ایک پیغمبر نے اپنی اُمت کو دجال کی خبر

ق ۱۲۳

ق ۱۲۱

دی ہے کہ مین تم کو بتلاتا ہون کہ وہ کانا ہوگا اور کفر اُسکے ماتھے پر لکھا ہوگا یعنے
ایسا صاف پتہ کسی پیغمبر نے نہین بتلایا کہ جس سے اُسکا جھوٹہ ہر ایک پر کہل جاوے
اسواسطے کہ وہ خدائی کا دعوی کریگا اور کانا ہوگا اور حالانکہ ناقص ہونا خدا کی شان نہین
اور دوسرا نشان اسکے کہ کانا اسکے ماتھے پر کفر کی خود لفظ موجود ہے مسلمانون کو نظر
اوسکی کافرون کو نہ سوجھیگی مر ابن مسعود ما من نبی بعثه الله فی ۱۰۲۳ م
امة قبلی الا کان له من امته حواریون واصحاب یاخذون
بسنته ویقتدون بامره ثم انها تخلف من بعدهم خلوف
یقولون ما لا یفعلون ویفعلون ما لا یومرون فمن جاهدهم
بیده فهو مومن ومن جاهدهم بلسانه فهو مومن ومن جاهدهم
بقلبه فهو مومن لیس وراء ذلک من الایمان حبة خردل مسلم
عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ کوئی پیغمبر نہین جسکو خدا نے
کسی امت مین مجھسے پہلے بھیجا کہ اسکے بعضی امت سے خالص جان نثار لوگ اور اسکے
اصحاب ہوا کئی ہین کہ اسکی سنت اور اسکی راہ کو پکڑے رہتے ہین اور اسکے
حکم کی پیروی اور تابعداری کیا کرتے ہین بعد چندے تو یہہ حال ہوتا ہے کہ اسکے
بعد ناخلف لوگ پیدا ہوتی ہین کہ کہتے ہین جو کرتے نہین اور وہ کام کرتی ہین جنکا

اُنکو حکم نہین سو جو شخص کہ اُن نا خلفون سی لڑا اپنے ہاتھ سی وہ ایماندار ہے اور جو
اُنسے اپنی زبان سی لڑے تو وہ بھی ایماندار ہے اور جو اپنے دل سی لڑے وہ
بھی ایماندار ہے اِن تین کامون کی سوای پہر تو رای کے دانے پرابر بھی ایمان نہین
ف یعنی یہہ قدیم دستور ہے کہ سب پیغمبرون کی دین اور سنت کو اُنکے اصحاب
اور مدد کار لوگ چند مدت خوب جاری رکھتی ہین پہر اُنکے بعد نا خلف لوک اُنکے
دین کو برباد کر دیتے ہین اور اپنی طرف سے بدعتین نکالتے ہین ایماندارون پر واجب ہے
کہ اُنکے مٹانے اور دور کرنے مین کوشش کرین عمدہ مرتبہ تو یہہ ہے کہ ہاتھ سے
مٹاوین اور اگر نہو سکے تو زبان سی منع کرین اور نہین تو دل سی اُنکو اور اُنکی بدعتون کو
بد جانین اور جو اِن تینون باتون سی کوئی ایک بات بھی نکرین اُنمین کچھ ذرہ برابر بھی
ایمان نہین اور یہہ جو بعضی جاہلون مین مشہور ہے کہ موسیٰ مین خود اور عیسیٰ مین خود
اُسکو کیا ضرور جو ہم کسی کو بدکہین اس حدیث سے صاف معلوم ہوا کہ یہہ بات نہایت
غلط ہے کہ ایمان کا یہی نشان ہے کہ بدعت اور خلاف شرع کامون سے عداوت
رکھے اور زبان سی اُسکی برائی بیان کیا کرے اور جسمین یہہ بات نہین وہ محمدی
نہین اسواسطے کہ اُسکے نزدیک سنت اور بدعت اور اسلام اور کفر برابر ہو گیا نہ
سنت کی طرف اُسکو رغبت نہ بدعت سے نفرت ق عَائِشَۃُ مَا مِنْ نَبِیٍّ ق ۱۲۴۰

یموت حتی یخیر بخاری اور مسلم مین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ کوئی پیغمبر نہین مرتا جب تک اُسکو اختیار نہین دیا جاتا ہے زندگی اور
موت مین ف یعنی بدون رضامندی کسی پیغمبر کو موت نہین آتی یہہ خدا کی طرف سے
تعظیم اور توقیر ہے پیغمبرون کے واسطے خ ابو سعید ما من نسمۃ کائنۃ الی خ ۱۰۲۷
یوم القیمۃ الا ہی کائنۃ بخاری مین ابو سعید رضی سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ کوئی روح ہونی والی قیامت تک نہین مگر کہ وہ اس جہان مین پیدا ہوگی
ف یعنی جتنی روحین خدا کے علم مین ہین وہ اس عالم مین ضرور پیدا ہونگی ایسا نہین
ممکن کہ اُنمین سے کوئی بچ رہے اور یہہ جو بعضی کہتی ہین کہ بہت روحین قالب مین نہ
آوینگی اس حدیث سے معلوم ہوا کہ غلط ہے حضرت نے یہہ صحابہ سے اس وقت فرمائی تھی
جب اصحاب نے عرض کی تھی کہ ہم نہین چاہتے کہ لونڈیون سی اولاد ہو اگر حکم ہو تو
ہم صحبت کیا کرین اور انزال کی وقت علحدہ ہو جایا کرین مطلب حدیث کا یہہ کہ
یہہ تمہارا خیال خام ہے جو ہونے والی روح ہے وہ ضرور ہوگی اور تمہاری تدبیر
کچھ نہ چلے گی ق انس ما من نفس تموت لھا عند اللہ خیر تسرہا ق ۱۰۲۶
انھا ترجع الی الدنیا وان لھا الدنیا وما فیھا الا الشہید
فانہ یتمنی ان یرجع فیقتل فی الدنیا لما یری من فضل الشہادۃ

بخاری اور مسلم مین انس سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ کوئی جان نہین مرتی
جسکے واسطے خدا کی نزدیک کچھہ بھی بہتری ہو کہ اسکو خوش معلوم ہو یہہ بات
کہ پلٹ آوی دنیا کی طرف اس حالت پر کہ اسکو تمام دنیا ملے اور جو چیز کہ دنیا کے
اندر ہے یعنی جسکی مغفرت ہوئی اسکو آرزو نہین کہ پھر دنیا مین آوے اگرچہ ہفت
اقلیم کی اسکو سلطنت ملی مگر شہید ہووہ تمنا اور آرزو کیا کرتا ہے کہ پلٹ آوے
پھر دنیا مین دوبارہ خدا کی راہ مین قتل ہووے تمنا کرتا ہے شہادت کی عمدہ درجہ دیکھکر
ف اس حدیث مین شہادت کی عمدگی کا بیان ہے یعنی شہید کے سب مطلب حاصل
ہوئی سوا اسکے اسکو کچھہ آرزو باقی نہین کہ پھر قتل ہووے تاکہ زیادہ تر خدا کے
نزدیک عزت پاوے م عَائِشَةُ مَا مِنْ يَوْمٍ أَكْثَرَ أَنْ يُعْتِقَ اللّٰهُ فِيهِ عَبِيدًا ۱۳۲ م
مِنَ النَّارِ مِنْ يَوْمِ عَرَفَةَ إِنَّهُ لَيَدْنُو ثُمَّ يُبَاهِي بِهِمُ الْمَلَائِكَةَ
فَيَقُولُ مَا أَرَادَ هٰؤُلَاءِ مسلم مین حضرت عایشہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
کہ عرفے کی دن سے زیادہ تر کوئی دن نہین جسمین خدا بندون کو دوزخ سے زیادہ آزاد
کرتا ہو مقرر حق تعالی اسدن رحمت بہت قریب ہوتی ہے پھر فخر کرتا ہے خدا حج کرنیوالونکے
سبب سے فرشتون مین پھر فرماتا ہے کوم سی کہ یہہ لوگ کیا چاہتے ہین ف عرفہ
نوین ماہ ذی الحجہ کا نام ہے اس دن حج ہوتا ہے اس حدیث سے معلوم ہوا کہ عرفے کا

۱۰۲۸ م

ون سب دنون سی افضل ہے م اُمّ سَلَمَۃَ مَا نَقَصَ مَالٌ مِنْ صَدَقَۃٍ
وَلَا عَفَا رَجُلٌ عَنْ مَظْلَمَۃٍ اِلَّا زَادَہُ اللّٰہُ بِھَا عِزًّا مسلم مین حضرت
ام سلمہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ نہین گھٹتا مال زکوۃ دینے سی اور کوئی
مرد ظلم کو نہین معاف کرتا مگر خدا معاف کرنی کے سبب سے اسکی عزت اور قدر
بڑہاتا ہے ف یعنی زکوۃ دینے سی مال نہین گھٹتا ہرچند ظاہر مین نقصان معلوم
ہوتا ہے اسواسطے کہ اسکا ثواب خدا کے نزدیک ثابت ہوتا ہے اور دنیا
مین مال کے اندر برکت ہی ہوتی ہے اور ظلم معاف کرنی مین ہرچند بنظر ظاہر ذلت
اور ناچاری معلوم ہوتی ہے لیکن خدا کے نزدیک عزت زیادہ ہوتی ہے بلکہ
خلقت مین بہی اسکی خوبی ثابت ہوتی ہے یون لوگ کہتے ہین کہ فلانا شخص
کیا غمخوار اور نیکبخت آدمی ہے کہ باوجود کہ اُسپر ظلم اور زیادتی ہوئی پر اُسنے دم
نہ مارا بدلا نہ لیا بلکہ معاف کر دیا ۱۰۲۹ م اَلْمِقْدَادُ مَا مِنْ ھٰذِہِ الْاُمَّۃِ اَحَدٌ اَرْحَمُ مِنَ اللّٰہِ
اَفَلَا اَذْ تَنِّیْ فَنُوْقِظَ صَاحِبَیْنَا فَیُصِیْبَانِ مِنْھَا فَقَالَ لِلْمِقْدَادِ
عِنْدَ حَلْبِہِ الْاَعْنُزَ الثَّلٰثَ مَرَّۃً ثَانِیَۃً مسلم مین مقداد سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ یہہ دوسری بار دودہ کا دودہ نہ تہا مگر خدا کی رحمت تہی پہر تو
نے پیشتر مجہکو تبلایا تو ہم اپنے دونو تہیون کو بہی جگاتے سو وہ بہی اس

رحمت سے

رحمت کے دودہ کو پاتے یہہ حضرت نے مقداد سے کہا دوسرے بار تینون بکریون کا
دوہنے کے وقت ف مفصل قصہ اس حدیث کا مقداد سے یون روایت ہے
کہ ہم تین آدمی ہجرت کرکے مدینے مین آئے اور ہمکو بھوکہ کی مارے نہ آنکہہ سی
سوجھتا تہا اور نہ کانون سی کچھہ سنائی دیتا تہا ہم حضرت پاس آئے حضرت ہمکو اپنے
گہر لے گئے اور فرمایا کہ ان تینون بکریون کا دودہ دودہ انکا دودہ ہم تم پیا کرینگے
سو ہم تینون آدمی انکا دودہ پیا کرتے تہے اور حضرت کا حصہ رکہہ چہوڑتے تہے
حضرت کا دستور تہا کہ رات کو آتے اور ہمکو اس طرح سے آہستہ سلام کرتے
کہ جاگتا آدمی سنتا اور سوتا نہ جاگتا پہر مسجد مین جاتے اور تہجد کی نماز پڑہتے نماز کے
بعد دودہ کو پیتے ایک رات ایسا اتفاق ہوا کہ حضرت انصاریون کے گہر تشریف
لے گئے تہے مین نے اپنا حصہ دودہ پیا میرا پیٹ نہ بہرا شیطان میرے دل مین یہہ خیال ڈالا
کہ حضرت جہان گئے ہین کہا پی کے تشریف لاوینگے لاؤن حضرت کا حصہ بہی
پی جاؤن سو مین اسکو پی گیا پہر مجہکو پچتاوا آیا کہ مین نے کیون حضرت کا حصہ
پی لیا شاید کہ حضرت وہان سے بہوکے آوین اور یہان اپنا حصہ نپاوین تو مجکو
بد دعا کرین پہر تو مین دین و دنیا دونون برباد جاوین غرض کہ اس خیال سے میری
نیند اچٹ گئی اور میرے دونون ہی سوتے تہے پہر حضرت آئے اور اسی دستور سے

حضرت نی سلام کیا اور مسجد مین گئے اور نماز پڑہ کے دودہ پینے کو آئے سو
برتن کو خالی پایا آسمانکی طرف سر اُٹہایا مین نی جانا کہ مجہکو بد دعا کریگے سو تو
حضرت نی یون فرمایا کہ الہی روزی دے اسکو جو مجہکو کہلاتا ہے اور پانی دے
اسکو جو مجہکو پلاتا ہے مین نی جانا کہ اس دعا سے بکریان موٹی ہوگئین ہون گی
پہر کیا دیکہتا ہون کہ بکریون کے تہن دودہ سے بہری ہوئے لبریز ہین سو مین نی انکو
دوہا اور حضرت کے سامنے لی کیا حضرت نے فرمایا کہ تم لوگ کیا اپنے حصے پی
چکے ہو مین نی کہا کہان ہم پی چکے ہین پہر حضرت نے پیا اور باقی مجہکو دیا مین نے
پیا جب مجہکو معلوم ہوا کہ حضرت خوب آسودہ ہو گئے ہین تب مین نہایت خوشی
سے ہنس پڑا اور حضرت سے یہہ تمام قصہ کہا تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی
یعنی دودہ کا زیادہ ہو جانا خدا کی رحمت ہی اگر تو آگے سی بتلاتا ہم ان
دونون آدمیون کو بہی اس رحمت کی دودہ مین شریک کرتے یہہ قصہ
معجزہ اور برکت ہے حضرت کی دعا کی ۱۰۳۰ مر عَائِشَةُ مَا يُخْلِفُ اللّٰهُ وَعْدَهُ
وَلَا رُسُلُهُ مسلم مین حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ خدا
اپنے وعدے کو خلاف نہین کرتا اور نہ اسکے پیغمبر وعدہ خلاف کرتے ہین ف
ایک بار حضرت جبریل نے حضرت سے وعدہ کیا تہا کہ ہم فلانے وقت تمہارے

پاس

پاس آدمی کی سو وقت گذر گیا اور حضرت جبرئیل نہ آئے پھر حضرت نے دیکھا کہ
گھر میں کتی کا پلا ہے اسکو نکلوا دیا جب حضرت جبرئیل آئے حضرت نے یہ حدیث
فرمائی یعنی خدا اور رسول اسکے وعدہ خلاف نہیں کرتے اسکا کیا سبب جو تم
اپنے وعدہ پر نہ آئے تب حضرت نے جبرئیل نے کہا کہ ہمکو کتی نے روکا تھا فرشتے
رحمت کے اس گھر میں نہیں جاتے جسمیں کتا اور تصویر ہوتی ہے م ابو سعید ما ۱۳۱ م
یُصِیْبُ الْمُؤْمِنَ وَصَبٌ وَلَا نَصَبٌ وَلَا سَقَمٌ وَلَا اَذًی وَلَا حُزْنٌ
حَتّٰی الْهَمُّ یُهِمُّهُ اِلَّا کَفَّرَ اللّٰهُ بِهٖ مِنْ خَطَایَاهُ مسلم میں ابو سعید سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ نہیں پہنچتا ایماندار کو درد اور نہ محنت اور مشقت
اور نہ بیماری اور نہ تکلیف اور نہ کوئی غم یہانتک کہ تشویش جو اسکو فکر میں
ڈالے مگر خدا اسکے سبب سے اسکے گناہوں کو دور کرتا ہے ف یعنی ہر ایک
رنج اور تکلیف سی کم ہو یا زیادہ ایماندار کے گناہ دور ہوتے ہیں تو لازم ہے
کہ رنج اور تکلیف میں صبر کری شکایت نہ کری اسکو اپنے گناہوں کی دوا سمجھے
اگر کڑوی دوا میں صحت ہو تو اسکو دانشمند آدمی خوشی سی پیتا ہے ق ۱۳۲ ق
عَائِشَةُ مَا یَنْتَظِرُهَا مِنْ اَهْلِ الْاَرْضِ اَحَدٌ غَیْرُکُمْ یعنی صلوٰۃ
العشاء بخاری اور مسلم میں حضرت عایشہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ نہیں انتظار کرتا

عشا کی نماز کی زمین والوں سے تمہارے سوای کوئی ف ایک رات حضرت نے بہت
دیر کرکے نماز پڑھی یہان تک کہ بعضے لوگ سوگئے تھے پھر یہہ حدیث فرمائی
یعنی اسوقت تک زمین پر تمہاری سوای نماز پڑھنے سی کوئی باقی نہین رہا یعنی سب
پڑہ چکے تمہین منتظر بیٹھے ہو تو تمکو دوسبب سے زیادہ ثواب ہوا ایک تو انتظار کا ثواب
دوسرے خالی وقت کی عبادت کا ثواب کہ تمہارا کوئی شریک نہین معلوم ہوا
کہ عشا کی نماز دیر کرکی پڑھنا افضل ہے ف ابوھریرۃ ما ینقم ابن جمیل
الا انہ کان فقیرا فاغناہ اللہ ورسولہ واما خالد فانکم
تظلمون خالدا قد احتبس ادراعہ واعتدہ فی سبیل اللہ و
اما العباس بن عبد المطلب عم رسول اللہ فھی علیہ ومثلھا معھا
بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ نہین ناشکری
کرتا ابن جمیل مگر اس سبب سے کہ وہ محتاج تھا سو اسکو خدا نے اور اسکے رسول نے
غنی اور مالدار کردیا اور خالد کا تو یون حال ہے کہ خالد پر تم مقرر زیادتی کرتے ہو
البتہ اس نے اپنے زرہون کو اور ہتھیارون کو اور گھوڑے کو خدا کی راہ مین بند کر
رکھا ہے یعنی جہاد کے واسطے وقف کردیا ہے اور عباس بن عبد المطلب
رسول اللہ کی چچا پر زکوۃ ہے اور اسکے ساتھ اتنی اور یہی یعنی دو ہر سال کی زکوۃ

ف

ف زکوۃ بتحصیل کرنیوالے عامل نے حضرت سے کہہ کیا کہ ابن جمیل اور خالد اور
عباس زکوۃ نہین دیتے تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی اور ابن جمیل پر عتاب
فرمایا کہ وہ مسلمان ہوئی کی بدولت نعمت کی مال سی مالدار ہوا ہے پھر بھی نا
شکری کرتا ہے اور زکوۃ نہین ادا کرتا اور خالد کا عذر حضرت نی بیان کیا کہ اُسنے
اپنا مال خدا کی راہ مین وقف کر دیا ہے اس عبارت کے دو مطلب ہین ایک تو
یہہ کہ جو شخص اپنا مال نفس عبادت مین خوشی سی خرچ کرے اُس سے ممکن نہین
کہ فرض ادا نکرے دوسرے یہہ کہ جس قدر مال اُسنے وقف کر دیا اُسپر زکوۃ واجب
نہین اور عباس کے حق مین فرمایا کہ اُنپر دو سال کی زکوۃ ہے انکو ادا کرنا چاہیے
شاید کہ حضرت عباس سے انکی تنگدستی کے سبب زکوۃ نہ لی ہو کی اسواسطے کہ یہہ درست ہے
کہ حاکم اگر مصلحت جانے تو زکوۃ مین مہلت دیوے اور ایک روایت یون ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ عباس کی دو سال کی زکوۃ میرے اوپر ہے اس عبارت کے بھی
دو مطلب ہین ایک تو یہہ شاید حضرت نے عباس سے کچھہ مال قرض لیا ہو سو اسکو
زکوۃ مین مجرا دیا یا عباس نے خود اپنی خوشی دو برس کی زکوۃ پیشگی دی ہو
یا حضرت نے خود وقت حاجت کی اُسنے پیشگی مانگ لی ہو اسواسطے کہ امام کو حاجت کے
وقت پیشگی زکوۃ لینا درست ہے اور یہی مذہب ہے امام اعظم اور شافعی

اور احمد کا اور امام مالک کے زکوۃ کا پیشگی لینا اور دینا درست نہین

## نوع اخر

دوسری قسم کی حدیث جنکے سری پر ما استفہامیہ ہے یعنے وہ لفظ ما کی جسکے معنی کیا

ق ۱۰۳۴ ق انس ما بال اقوام قالوا کذا وکذا لکنی اصلی و
انام واصوم وافطر واتزوج النساء فمن رغب عن سنتی
فلیس منی قالہ حین سمع ان نفرا من اصحابہ قال بعضہم
لا اتزوج النساء وقال بعضہم لا اکل اللحم وقال بعضہم
لا انام علی فراش بخاری اور مسلم مین انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ کیا حال ہے اُن لوگون کا جنہون نے ایسا ایسا کہا لیکن مین تو نماز
بھی پڑھتا ہون اور سوتا بھی ہون روزہ بھی رکھتا ہون اور روزہ توڑتا بھی ہون
اور عورتون سے صحبت کرتا ہون سو جو میری سنت اور میری راہ سے پھرا وہ میرا
نہین یہہ حضرت نے اسوقت فرمایا جب اپنے کچھ اصحاب کو سنا کہ بعضے مین کہتے
ہین کہ مین نے عورتون کی صحبت داری چھوڑی اور بعضا کہتا ہے کہ مین گوشت
نہ کھایا کرونگا اور بعضا کہتا ہے کہ مین بچھونے پر نہ لیٹا کرونگا تب ان اصحاب

جو بڑے

جو بڑے عابد زاہد تھی حضرت کی بعضی بی بیون سی حضرت کی عبادت کا حال
پوچھا اُنہون نی جو حال تہا سو بیان کیا اُن اصحاب نے حضرت کی عبادت کو کم جانا اور
کہا کہ ہم کہان اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کہان خدا نی اگلے پچھلے گناہ پیغمبر کے
سب معاف کر دئے یعنی اپنا خاتمہ معلوم نہین تو ہمکو زیادہ عبادت کرنا چاہئے
سو ایک نی کہا کہ مین تو ہمیشہ رات بہر نماز پڑہا کرونگا دوسرے نے کہا کہ مین ہمیشہ
روزہ رکہا کرونگا کبھی نہ توڑون گا تیسرے نے کہا کہ مین نی عورتون کی صحبت داری
چہوڑ دی کبھی اُنکے پاس نجاونگا پہر اتنے مین حضرت تشریف لائے اور فرمایا کہ تم
اس اس طرح کہتے ہو مین تو تم سے زیادہ تر خدا سے ڈرتا ہون پہر یہہ حدیث خطبہ
پڑہکے فرمائی یعنی اگر رات دن برابر عبادت کرنا اور مباح چیزون سی پرہیز کرنا
بہتر ہوتا تو مین ضرور اسکو اختیار کرتا اسواسطے کہ مجکو خدا کا خوف تم سے زیادہ تر
ہے اس حدیث سے معلوم ہوا کہ خدا اور رسول کی نزدیک عبادت مین میانہ روی
پسند ہے اسواسطے کہ جو زیادہ دوڑتا ہے وہ آخر کو کر ہی پڑتا ہے خدا نی یہہ حکم نہین
کیا کہ بندے رات دن عبادت ہی کیا کرین اور آرام نکرین بلکہ عبادت کے وقت
ٹہرا دئے ہین اسمین ہزارون حکمتین ہین دا مسلمان کو لازم ہے کہ اپنی جان پر
نہایت مشکل نہ ڈالے نفل عبادت پر اتنی کمر نہ باندہے کہ فرض بہی ترک ہو جاوے

اور اتنی سستی اور کاہلی بہی نہین اچہی کہ سوے فرض کے سنت اور نفل بالکل
اڑا دیوے غرض کہ درمیانی راہ اختیار کری نہ بہت زیادتی ہو نہ بہت
کمی ق ۱۰۳۵ عَائِشَةُ مَا بَالُ أَقْوَامٍ يَتَنَزَّهُونَ عَنِ الشَّيْءِ أَصْنَعُهُ
فَوَاللّٰهِ إِنِّي لَأَعْلَمُهُمْ بِاللّٰهِ وَأَشَدُّهُمْ لَهُ خَشْيَةً بخاری اور مسلم مین
حضرت عائشہ سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ کیا حال ہے ان لوگون کا جو اپکو
بہت دور کہینچتے ہین اس چیز سے جو مین کرتا ہون سو قسم ہے خدا کی کہ مین مقرر اُنسے
زیادہ تر جانتا ہون خدا کو اور اُنکی نسبت مین خدا سے نہایت خوفناک ہون ف
حضرت نے خود کوئی کام کیا اور لوگون کو اجازت دی کہ یکی تو بعضے لوگون نے اسکو
کچھہ ہلکا جانا اور اسکے کرنے مین تامل کیا تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی
یہہ حدیث اور پہلی حدیث ایک مضمون کی ہے معلوم ہوا کہ جس چیز کی شرع مین
اجازت اور رخصت ہے اسکو ہلکا جاننا یا اسکو خلاف تقوی اور پرہیزگاری کے
سمجھنا درست نہین ہے شعر بصدق وصفا کوش ورع وتقی ولیکن میفزای
بر مصطفے م ۱۰۳۶ أَبُو سَعِيدٍ مَا تُرْبَةُ الْجَنَّةِ لِابْنِ صَيَّادٍ فَقَالَ ابْنُ صَيَّادٍ
در مکنۂ بیضاء مسک یا أبا القاسم قَالَ صَدَقْتَ مسلم مین ابو سعید سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ بہشت کی خاک کیسی ہے یہہ حضرت نے ابن صیاد سے کہا

سو ابن صیاد نی کہا کہ بہشت کی خاک سفید میدہ مشک سے ای ابو القاسم حضرت نے فرمایا
کہ تو نے سچ کہا ف حضرت کی وقت مدینے کے یہودیون مین ایک شخص
ابن صیاد نام پیدا ہوا تہا کاہن تہا اکثر باتین جنون سی دریافت کرکے لوگون کو
بتلاتا تہا اول پیغمبری کا دعوی کرتا تہا حضرت عمر کی خلافت مین مسلمان ہوا تہا
پہر کم ہو گیا اسکا حال معلوم نہوا بعضی اصحاب اسکو دجال جانتے تہے اور حضرت کو
درست جواب اسواسطے دیا اسکو توریت کا علم تہا ق سَهْلُ بْنُ سَعْدٍ ق
مَا تَصْنَعُ بِدَارِكَ إِنْ لَبِسْتَ لَمْ يَكُنْ عَلَيْهَا مِنْهُ شَيْءٌ وَإِنْ لَبِسَتْهُ لَمْ
يَكُنْ عَلَيْكَ شَيْءٌ فَقَالَ لِرَجُلٍ خَطَبَ امْرَأَةً عَرَضَتْ نَفْسَهَا عَلَى
النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يُرِدْهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
بخاری اور مسلم مین سہل بن سعد رض سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تو کریگا
اپنی لنگی سے اگر تو اسکو باندہے گا تو اس عورت پاس کچہ نرہے گا اور اگر
عورت نی باندہی تو تیرے پاس کچہ نرہے گا یہہ حضرت نے اس مرد سی کہا جسنے
اُس عورت سے منگنی کی جسنے اپنی ذات حضرت کو دی تہی سو اسکو حضرت نی قبول
کیا تہا ف اسکا قصہ ہو چکا ہے کہ ایک عورت نے کہا کہ یا حضرت مین نی
اپنی جان آپ کو بخشے حضرت نے قبول نہین کیا تب ایک صحابی نے کہڑے

ہو کر کہا کہ یا حضرت اگر آپ کو اسکی حاجت نہین ہے تو میرا نکاح اُسسے کروا
دیجئے حضرت نے فرمایا کہ کچھ تیرے پاس ہے جس سے تو اسکا مہر ادا کرے
اُسنے کہا کہ حضرت میرے پاس کچھ بھی نہین ہے حضرت نے فرمایا جا تلاش کر کے لوہے کی
ایک انگوٹھی لے اُس نے کہا کہ مجھکو نہ مل سکے گی لیکن میری یہہ لنگی ہے اسی کو
مین مہر مین دیتا ہون تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنی ایک لنگی مین دو آدمی کا
کس طرح گذارا ہو سکے گا آخرش نا امید ہو کر وہ شخص اٹھا حضرت نے دیکھا کہ
یہہ شخص نہایت محتاج ہے اسکو بلایا اور فرمایا کہ تجھکو قرآن یاد ہے اُسنے کہا کہ
ہان مجھکو فلانی فلانی سورت یاد ہے حضرت نے فرمایا کہ جا میںنے تیرا نکاح اس عورت کے
ساتھہ کر دیا قرآن کی یاد کرولنے پر یعنی تو اسکو سورتین یاد کروا دے یہی اسکا
مہر ہے اس حدیث سے معلوم ہوا تعلیم قرآن اور کمتر سے کمتر مال بھی مہر ہو سکتا ہے
اور یہی مذہب ہے امام شافعی کا اور امام اعظم کی نزدیک دس درم سے کم مہر نہین ہو سکتا
انکی دلیل اور حدیث ہے انکے مذہب مین اس حدیث کا یہہ مطلب ہے کہ یہہ حکم ابتدای
اسلام مین تھا جب مسلمانون کو تنگی تھی م عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ مَا تَعُدُّونَ ۱۰۳۹ م
الرُّقُوبَ فِيكُمْ قَالَ قُلْنَا الَّذِي لَا يُولَدُ لَهُ قَالَ لَيْسَ ذَلِكَ
الرُّقُوبَ لَكِنَّهُ الرَّجُلُ الَّذِي لَمْ يُقَدِّمْ مِنْ وَلَدِهِ شَيْئًا قَالَ

فاقعد

فَمَا تَعُدُّونَ الصُّرَعَةَ فِيكُمْ قُلْنَا الَّذِي لَا يَصْرَعُهُ الرِّجَالُ قَالَ
لَيْسَ ذَاكَ وَلَكِنَّهُ الَّذِي يَمْلِكُ نَفْسَهُ عِنْدَ الْغَضَبِ مسلم میں
عبداللہ بن مسعود رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ بے اولاد تم اپنے درمیان کسکو
شمار کرتے ہو راوی کہتا ہے کہ اصحاب نے کہا کہ بے اولاد وہ ہے جسکی اولاد نہو
یعنی جسکی اولاد نہ جیے حضرت نے فرمایا کہ بے اولاد یہہ نہیں بلکہ بے اولاد حقیقت میں
وہ مرد ہے جسنے اپنی اولاد سے کچھہ آگے نہ بھیجا یعنی جسکے روبرو کوئی اسکا لڑکا
نہ مرا حضرت نے فرمایا پھر پہلوان تم اپنے درمیان کسکو شمار کرتی ہو ہمنے کہا پہلوان
وہ ہے جسکو مرد نہ پچھاڑ سکیں حضرت نے فرمایا کہ یہہ کچھہ نہیں ولیکن پہلوان وہ
ہے جو غصے کی وقت اپنی جان کو قابو میں رکھے یعنی زیادتی نکرے کالیان
ف یعنی ہرچند ظاہر میں بے اولاد اور پہلوان اسی کو کہتی ہیں جو تم نے کہا لیکن
حقیقت میں بے اولاد اور پہلوان وہ ہے جو حضرت نے فرمایا بواسطے کہ اولاد سے
یہہ غرض ہے کہ مصیبت کی وقت کام آوے تو اگر کسی کا لڑکا مرگیا اور اسنے صبر
کیا تو وہ صبر کرنا قیامت میں اسکے کام آویگا اور اگر چھوٹا لڑکا تہا تو وہ خدا سے اپنے
ماں باپ کی شفاعت بھی کریگا تو بہرصورت اولاد کام آئی اور جسکا لڑکا کاہیں مرا
اسکو یہہ فائدہ حاصل نہیں تو گویا وہ بے اولاد ٹہرا اگرچہ ظاہر میں اولاد ہوئی تو اسکے

کس کام کی اور اسی طرح پہلوان حقیقت مین وہی ہے جو غصے کو اپنے اوپر بی جا
غالب نہونے دیوے اگرچہ ظاہر مین کمزور ہو ق کَعْبُ بْنُ مَالِكٍ مَا
خَلَّفَكَ أَلَمْ تَكُنْ قَدِ ابْتَعْتَ ظَهْرَكَ قَالَ لَهُ مُقَدَّمَةٌ مِنْ تَبُوكَ
بخاری اور مسلم مین کعب ابن مالک رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ کس چیز نے
تجھکو پیچھے ڈالا اور جہاد سے روکا کیا تو سواری کو نہ مول لے چکا تہا یہہ حضرت نے
کعب بن مالک سے فرمایا جبکہ تبوک سے آنے کے وقت ف جنگ تبوک کی
جب حضرت نے تیاری کی تہی تب کعب بن مالک نے ساتہہ ہونے کی واسطے سواری
مول لی تہی مگر انکا اتفاق جانے کا حضرت کے ساتہہ نہین ہوا تہا جب اس لڑائی سے
پلٹ آئے تب یہہ حدیث غصے سی فرمائی باقی کعب کا قصہ آگے آویگا ق
أَبُو هُرَيْرَةَ مَا عِنْدَكَ يَا ثُمَامَةُ قَالَ لِثُمَامَةَ بْنِ أُثَالٍ قَبْلَ إِسْلَامِهِ
بخاری اور مسلم مین ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ای ثمامہ تیرے
پاس کیا ہے یعنی کس فکر اور کس خیال مین ہے یہہ حضرت نے ثمامہ بن اثال سے
کہا اسکے مسلمان ہونے سے پہلے ف حضرت نے ایکبار نجد کی ملک مین لشکر
بہیجا وہان ایک قوم کا سردار ملا جسکا ثمامہ نام تہا اسکو پکڑ لائے اور
مسجد کے ستون مین اسکو باندہ دیا جب حضرت اس طرف تشریف لائے

تو یہہ حدیث فرمائی یعنی کس سوچ اور کس تدبیر مین ہے ثمامہ نی کہا کہ خیریت ہے
اے محمد اگر تو نے مجھکو مار ڈالا تو اپنے خونی دشمن کو مارا اور اگر احسان کر کے چھوڑ
دیا تو شکر گذار مرد کو چھوڑا یعنے مین احسان کا حق مانا کرون گا اور اگر کچھہ مال کی طمع
ہو تو جو تیرا جی چاہے سو مانگ یہہ حضرت وہان سی ہٹ گئی دوسرے روز حضرت نے پھر
فرمایا کہ ای ثمامہ تو کس خیال مین ہے ثمامہ نی وہی جواب دیا پھر حضرت اسکے
پاس سے ہٹ گئی تیسرے روز پھر حضرت نے اُسیطرح پوچھا اور ثمامہ نی اسیطرح جواب دیا
پھر حضرت نے حکم کیا کہ ثمامہ کو چھوڑ دو جب قید سی خلاصی ہوئی تو ثمامہ باغ مین جا کر
نہایا پھر حضرت کے خدمت مین مسجد کی اندر آیا اور سچے دل سے مسلمان ہوا اور کلمہ
پڑھا اور کہا کہ اے محمد روے زمین پر میرے نزدیک تجھسے زیادہ کوئی دشمن نہا سو اب تو میرے
برابر کوئی میرا پیارا نہین اور تیرا دین میرے نزدیک سب دینون سی برا معلوم ہوتا تہا
سو اب سب دینون سی میرے نزدیک تیرا دین افضل ہو گیا اور تیرا شہر سب
شہرون سے میرے نزدیک برا تہا سو اب تو سب سے زیادہ پیارا ہو گیا پھر کہا کہ حضرت
مین حالت کفر مین عمرے کا ارادہ کر کے چلا آپکے لشکر نے مجھکو پکڑ لیا اب مجھکو
کیا حکم ہوتا ہے حضرت نے اُسکو بشارت دی اور عمرہ ادا کرنے کو فرمایا جب
ثمامہ مکہ مین گیا عرب کے واسطے تو کفار مکہ نے کہا کہ اے ثمامہ کیا تو بیدین ہو گیا ہے

ثمامہ نے کہا بلکہ مین رسول اللہ کی تابع مسلمان ہوا ہون اسکو یاد رکھو کہ جب تک
حضرت حکم نہ دین گے تو گیہون کا ایک دانہ بھی ملک یمامہ سے تمکو نہ ملے گا یمامہ
ثمامہ کا ملک تہا وہان سے اناج کمی مین آیا کرتا تہا ۱۰۵۱ ص جَابِرٌ مَا فَعَلْتَ فِي
الَّذِي أَرْسَلْتُكَ لَهُ فَإِنَّهُ لَمْ يَمْنَعْنِي أَنْ أُكَلِّمَكَ إِلَّا أَنِّي كُنْتُ
أُصَلِّي لِجَابِرٍ وَقَدْ أَرْسَلَهُ فِي حَاجَةٍ فَجَاءَ وَهُوَ يُصَلِّي عَلَى بَعِيرِهِ
مُتَطَوِّعًا إِلَى غَيْرِ الْقِبْلَةِ فَكَلَّمَهُ فَقَالَ بِيَدِهِ هٰكَذَا وَأَوْمَأَ بِيَدِهِ
نَحْوَ الْأَرْضِ سلم مین جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ کیا تو نے
جس کام کی واسطے مین نے تجہے بہیجا تہا اور تجہین روکا مجہکو تیرے تئہین بات کرنے سے
مگر اس سبب نے کہ مین نماز پڑہتا تہا یہہ حضرت نے جابر رضی اللہ عنہ سے فرمایا اور انکو کسی کام کے
واسطے بہیجا تہا تو جابر وہان سے آئے اور حضرت اپنے اونٹ پر قبلہ کے سوای
اور طرف منہہ کئی ہوئے نماز پڑہتے تہے سو جابر نے حضرت سے کچہہ بات کی تو حضرت نے
یون اشارہ کیا ہاتہہ سے یعنی زمین کی طرف اشارہ کیا ف اس حدیث سے معلوم ہوا
کہ نفل نماز پڑہنا سواری پر درست ہے خواہ قبلہ کی طرف منہہ ہو یا نہو لیکن سجدہ کا
اشارہ رکوع سے زیادہ نیچا کرنا چاہئے مگر فرض نماز سواری پر درست نہین اور
یہی مذہب ہے سب امامون کا ق زَيْدُ بْنُ خَالِدٍ مَالِكٌ وَلَهَا دَعْهَا

فان معها

فَاِنَّ مَعَهَا حِذَائَهَا وَسِقَائَهَا تَرِدُ الْمَاءَ وَتَاْكُلُ الشَّجَرَ حَتّٰى يَجِدَهَا رَبُّهَا یعنی ضالۃ الابل بخاری اور مسلم مین زید بن خالد سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ کیا ہے تیرے واسطے اور کیا ہے اُسکے واسطے یعنی بگانی اونٹ گم ہوئی بھٹکے سے تجھکو کیا کام چھوڑ اُسکو اسواسطے کہ اونٹ کی ساتھہ اُسکا جوتا اور مشک موجود ہے کہ اپنی پاؤن سے چل کر پانیکا اور درخت کو کہا دیگا یہان تک کہ اُسکا مالک اسکو پادیگا ف کسی نے حضرت سے بھولے بھٹکے جانورون کا مسئلہ پوچھا کہ حضرت نے ہر ایک کا جواب دیا پھر اُسنے بھٹکے اونٹ کا مسئلہ پوچھا کہ اسکو پکڑ لیوے یا نہ لیوی تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنی اونٹ کو پکڑ لینا نچاہئے اسواسطے کہ اُسکے ضایع ہونی کا کچھہ خوف نہین جو تہ اُسکے پاس موجود ہے یعنے اُسکے تلی یعنے چلنے پھرنے کا پیر مضبوط ہے اور مشک اُسکے ساتھہ موجود ہے یعنی پیاس مارنی کی بڑی عادت ہے کہ دس دس بیس بیس دن تک بدون پانی اونٹ رہسکے غرض یہہ کہ اُسکو نہ پکڑے اور یہی مذہب ہے امام مالک کا اور امام اعظم کے نزدیک جہان خوف ضایع ہونی کا ہو تو پکڑ لینا درست ہے م جَابِرٌ مَالَكَ يَا اُمَّ السَّائِبِ اَوْ يَا اُمَّ الْمُسَيَّبِ تُزَفْزِفِيْنَ قَالَتِ الْحُمّٰى لَا بَارَكَ اللّٰهُ فِيْهَا فَقَالَ لَا تَسُبِّي الْحُمّٰى فَاِنَّهَا تُذْهِبُ خَطَايَا بَنِيْ اٰدَمَ كَمَا يُذْهِبُ ۱۰۵۳

الکیر خبث الحدید مسلم مین جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
کہ تجھکو کیا ہوا ای سائب کی ماجو تو کانپ رہی ہے راوی کو شک ہے کہ حضرت نے
سائب کی ماکہا یا مسیب کی ما فرمایا اُس عورت نے کہا کہ مجھکو تپ ہے خدا اسکو بی برکت
کرے تو حضرت نے فرمایا کہ کالی مت دے برا مت کہہ اسواسطے کہ وہ آدم کی اولاد کی
گناہ دور کرتی ہے جیسے آگ کی بھٹی لوہے کا میل دور کرتی ہے **ف** یعنی ہرچند
ظاہر مین تپ سے تکلیف ہے لیکن جب اسکے سبب سے گناہ دور ہوئے تو اسکو برا
کہنا نہ چاہیے کہ بی صبری کا نشان ہے اسی طرح ہر بیماری کا حال ہے **م** عائشہ ۱۰۴
مالک یا عائشۃ اغرت مسلم مین حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ کیا ہے تجھکو ای عائشہ کہا تجھکو رشک آیا **ف** مسلم مین حضرت عائشہ
رضی اللہ عنہا سے پوری روایت یون ہے کہ حضرت ایکبار میری باری کی رات کو بقیع کے
قبرستان مین تشریف لی گئے مردون کے واسطے دعا کرنی کو مین یہہ سمجھی
کہ شاید حضرت کسی اور اپنی بی بی پاس گئے ہین اُٹھہ کر دیکھنے لگی جب حضرت
تشریف لائے تو یہہ میرا حال دیکھہ کر یہہ حدیث فرمائی تب مین نی کہا کہ یا
حضرت مجھسی عورت خاوند کی پیاری آپسے خاوند پر کیون کر رشک نہ کرے **م** ۱۰۵
جابر ابن سمرۃ مالی اراکم رافعی ایدیکم کانہا اذناب خیل

شُمِّسُ اسْكُنُوا فِي الصَّلٰوةِ ثُمَّ خَرَجَ عَلَيْنَا فَرَانَا حِلَقًا فَقَالَ مَالِيْ
اَرَاكُمْ عِزِيْنَ ثُمَّ خَرَجَ عَلَيْنَا فَقَالَ اَلَا تَصُفُّوْنَ كَمَا تَصُفُّ الْمَلٰٓئِكَةُ عِنْدَ رَبِّهَا
فَقُلْنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَكَيْفَ تَصُفُّ الْمَلٰٓئِكَةُ عِنْدَ رَبِّهَا
قَالَ يُتِمُّوْنَ الصُّفُوْفَ الْاُوْلٰى وَيَتَرَاصُّوْنَ الصَّفَّ مسلم عن جابر
بن سمرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کیا ہے مجھکو کہ تمکو ٹہ اٹھائے
دیکھتا ہون تمہاری ٹہ گویا چنچل گھوڑون کی دم ہین یعنی جیسی چنچل گھوڑون کی
دم نہین ٹہرتین ویسی تمہاری ٹہ نہین ٹہرتے ٹہرے رہا کرو نماز مین یعنی ہلا
جلا نکرو پہر حضرت دیر کے بعد ہمارے پاس ہوکر نکلے تو ہمکو دیکہا کہ ہم حلقہ حلقہ
کئے بیٹہے ہین سو فرمایا کہ کیا ہے مجھکو کہ تمکو جدا جدا تتر بتر دیکہتا ہون پہر دیر کے بعد
ہمارے پاس ہوکر نکلے اور فرمایا کہ تم کیون نہین صف باندہتے ہو جیسے فرشتے
صف باندہتے ہین اپنے رب کے نزدیک تو ہمنے کہا یا رسول اللہ فرشتے اپنے
رب کے نزدیک کیونکر صف باندہتے ہین حضرت نے فرمایا پورا کرلیتے ہین پہلی صفون کو
اور صف کے اندر پیوستہ بہر جاتے ہین یعنی ملے ہوئے کہڑے ہوتے ہین کہ صف کے
درمیان فرق نہین چہوڑتے ف سنن ابوداود مین جابر بن سمرہ سے روایت ہے کہ حضرت کے
اصحاب جب نماز پڑہتے تہے تو داہنے بائین ایک دوسرے کو ٹہ اٹہا کر سلام کرتا تہا

تب حضرت نی یہہ حدیث فرمائی اور سلام کے واسطے ہاتھہ اُٹھانا نماز کے اندر
منع کیا اِس حدیث سے معلوم ہوا کہ حرکات نماز کی سوای کوئی جنبش نماز مین درست
نہین اور صفون کا پورا کرنا مستحب ہے جب تک اول صف نہ بھر جاوے دوسرے
صف نچاہیئے اور جب تک دوسری صف نہ بھر جاوے تیسری صف نچاہیئے
اِسی طرح اور صفون مین لحاظ رکھنا ضرور ہے ق سَهْلُ بْنُ سَعْدٍ مَا
كُنْتُ رَأَيْتُكُمْ أَكْثَرْتُمُ التَّصْفِيقَ مَنْ نَابَهُ شَيْءٌ فِي صَلَاتِهِ
فَلْيُسَبِّحْ فَإِنَّهُ إِذَا سَبَّحَ الْتُفِتَ إِلَيْهِ وَإِنَّمَا التَّصْفِيقُ لِلنِّسَاءِ بخاری
اور مسلم مین سہل بن سعد سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مجھکو کہا ہے کہ مین نی
تمکو دیکھا کہ تم نی بہت تالی بجائی جسکو نماز مین کوئی ضرورت ظاہر ہو یعنی
ایسی ضرورت جسمین امام کو خبردار کرنا پڑے چاہیئے کہ بلند آواز سی سبحان اللہ
کہے اسواسطے کہ جب اُسنے سبحان اللہ کہا تو اسکی طرف التفات کیا جاویگا
یعنی امام سبحان اللہ کہنی سے خبردار ہو جاویگا حضرت نی فرمایا اور تالی مارنا
عورتون کے واسطے چاہیئے یعنی اگر امام کی خطا پر عورت واقف ہو تو سبحان
اللہ نہ کہے بلکہ ہاتھہ کو ہاتھہ پر مارے اِسواسطے کہ عورت کی آواز سے اکثر مرد کو
بدخیال آتا ہے ف صحیح بخاری مین روایت ہے کہ حضرت ایک قوم مین صلح

ق

ف

کرنے کو

کرنی کو کہتے تھے نماز کا وقت آیا لوگون نی ابی بکر صدیق رضی اللہ عنہ کو امام بناکر
نماز شروع کی پہر حضرت تشریف لائے اور اصحاب نماز مین تھی تو حضرت بہی صف
مین نماز کی نیت کرکے کہڑے ہوئے اصحاب نے دستک دی تاکہ صدیق حضرت کے
آنی سے خبردار ہوجاوین اور صدیق کی یہہ عادت تہی کہ نماز مین کسی طرف
نہ دیکہتے تہے جب بہت لوگون نی تالیان بجائین تو صدیق نی نظر کی دیکہا
کہ حضرت صف مین کہڑے ہین حضرت نے اشارہ کیا صدیق اکبر سے کہ وہین ٹہرے
رہو اور امامت کیئے جاؤ پہر صدیق اکبر نے دونون ہاتہ اٹہاکر شکر خدا ادا
کیا کہ حضرت نے مجہکو امامت کرنی کو فرمایا پہر پیچہے ہٹے یہان تک کہ صف مین
برابر ہوگئے اور حضرت نے آگے بڑہ کے امامت کی پہر حضرت جب نماز پڑہ چکے
تو فرمایا اے ابی بکر میرے حکم کے بعد تو کہون نہ وہان قائم رہا صدیق اکبر نی
کہا کہ ابی قحافہ کے بیٹی کو یہہ لیاقت نہین کہ رسول اللہ کے آگے امام بنے
پہر حضرت نے اور اصحاب سے یہہ حدیث فرمائی اس حدیث سی صدیق اکبر کی نہایت
عمدہ فضیلت ثابت ہوئی کہ حضرت نے انکو اپنی امامت کرنے کا حکم دیا بلکہ اول
صدیق کے پیچہے نماز کی نیت بہی کرچکے تہے سبحان اللہ اس سے زیادہ کون
اقبال ہوگا جسکو تمام عالم کا امام اپنا امام بنادے ق ابن عباس خ بخاری ق خ

مَا مَنَعَكِ مِنَ الْحَجِّ وَفِي رِوَايَةِ ابْنِ عَبَّاسٍ مَا مَنَعَكِ اَنْ تَكُوْنِي حَجَّتْ
مَعَنَا قَالَتْ اَبُوْ فُلَانٍ يَعْنِي زَوْجَهَا حَجَّ عَلٰى اَحَدِ هٰذَيْنِ الْبَعِيْرَيْنِ
وَالْاٰخَرُ يَسْقِي اَرْضًا قَالَ فَاِنَّ عُمْرَةً فِي رَمَضَانَ تَقْضِي حَجَّةً اَوْ حَجَّةً
مَعِيْ قَالَهُ لِاُمِّ سِنَانٍ بخاری اور مسلم میں ابن عباس رضی سے اور لفظ بخاری میں
جابر رضی سے روایت ہے کہ حضرت نے سنان کی ماں سے کہا کہ تجھکو کسنے منع کیا تھا
حج کیلئے سے اور عبداللہ بن عباس کی روایت میں یوں ہے کہ تجھکو کس نے
منع کیا ہمارے ساتھ حج کرنے سے کہا اُس عورت نی کہ فلانے کا باپ یعنی اسکا
خاوند ایک اونٹ پر حج کرنے کو گیا تھا اور دوسرا اونٹ کھیت سینچتا ہے
حضرت نے فرمایا کہ البتہ رمضان میں عمرہ کرنا ثواب میں حج کے برابر ہے یا میرے ساتھ حج کرنیکے
برابر ہے ف اس حدیث سی معلوم ہوا کہ رمضان میں عمرہ کرنا بہت افضل ہے

## نوع اخر

دوسرے قسم کی حدیث

۴۰ عَنْ اَبِيْ ذَرٍّ مَا اصْطَفَى اللّٰهُ لِمَلَائِكَتِهٖ اَوْ لِعِبَادِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ
وَبِحَمْدِهٖ قَالَهُ حِيْنَ سُئِلَ اَيُّ الْكَلَامِ اَفْضَلُ مسلم میں ابو ذر سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ افضل کلام وہ ہے جو خدا نے اپنے فرشتوں کے واسطے یا اپنے

بندوں کے

بندون کے واسطے پسند کیا ہے یعنی سبحان اللہ وبحمدہ یہہ حضرت نے اسوقت فرمایا
جب کسی نے پوچھا تہا کہ کون کلام افضل ہے

## نوع آخر
دوسری قسم کی حدیث

ح ابو ہریرہ ما اسفل من الکعبین من الازار ففی النار بخاری ۵۹ آ

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جو ازار اور پایجامہ نیچے
ٹخنون سے ہو سو دوزخ مین ہے یعنی نیچے کرنیوالی کی سزا دوزخ ہے ق
رافع بن خدیج ما انهر الدم وذکر اسم الله علیه فکلوه لیس
السن والظفر وسأحدثکم عن ذلک اما السن فعظم واما الظفر
فمدی الحبشة بخاری اور مسلم مین رافع بن خدیج سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ جو چیز خون کو بہا دے اور خدا کا نام اسپر لیا جاوے تو اسکو کہاؤ سوائے
دانت اور ناخن کے اور اب مین تمکو اسکا سبب بتلاؤن گا دانت تو ہڈی ہے
اور ناخن حبشی کافرون کی چھری ہے یعنی وہ لوگ ناخن سے ذبح کرتے
ہین مسلمانون کو انکا طریقہ کرنا مناسب نہین ف یعنی تیز چیز لوہا ہو یا لکڑی
یا پتہر حلال جانور کا خون بہاوے یعنے خون کو نکال دے اور خدا کا نام اسپر وقت

ذبح لیا جاوے تو وہ گوشت حلال اور پاک ہے لیکن دانت اور ناخن سے
حلال کرنا درست نہین اور یہی مذہب ہے امام شافعی کا اور امام اعظم کے نزدیک
جسے ناخن اور ہڈی سے حلال کرنا درست نہین اور اکھڑے دانت اور ہڈی سے
حلال کرنا درست ہے ق عُمَرُ مَا جَاءَكَ مِنْ هٰذَا الْمَالِ وَاَنْتَ غَيْرُ مُشْرِفٍ ق ۱۰۶
وَلَا سَائِلٍ فَخُذْهُ وَمَا لَا فَلَا تُتْبِعْهُ نَفْسَكَ بخاری اور مسلم
مین عمر فاروق رضی سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جو تیرے پاس اُس مال سے آوے
اس طرح پر کہ تو تاک لگانے اور تانکنے والا نہو تو اسکو لے اور جو ایسا مال نہو تو اسکے
پیچھے اپنی جان کو مت ڈال ف مصابیح مین عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے روایت ہے
کہ حضرت نے مجھکو مال دینے لگے مین نے کہا کہ جو مجھسے زیادہ تر محتاج ہو اسکو دیجئے
حضرت نے فرمایا اسکو لے اپنا کام چلا اور خیرات کر پھر یہہ حدیث حضرت نے فرمائی
یعنی جو مال بدون توقع اور بے حرص اور سوال کے ملے وہ حلال ہے اور اگر
زبان سے ظاہری سوال کیا یا دل مین تاک لگائی اور اسکی طرف خیال لگا کر
باطنی سوال کیا تو وہ حلال طیب نہین نقل ہے کہ امام احمد ایک شخص سے
ٹھوکر بازار سے گیہون لائے امام احمد کے فرزند گھر مین بیٹھے روٹی کھاتے تھے
اس شخص کا دل روٹی کی طرف مائل ہوا امام احمد کے بیٹے نے اُس شخص کو

روٹی

روٹی دی اُس بزرگ نی نہ قبول کی جب وہ ہلٹ کر چلے تو اُنکو امام احمد نے بلا کر روٹی
دی تو اُنہون نی قبول کی اور چلے گئے بیٹے نی باپ سے پوچھا کہ اسکا کیا سبب ہے کہ مین نے
روٹی دی تو قبول نہ کی اور تم نی دی تو قبول کی امام احمد نے کہا کہ اسوقت اُنکا دل
روٹی کیطرف مائل ہوا تہا تو وہ اُسکو باطنی سوال سمجھے اسواسطے قبول نکی اور جب
مین نے روٹی دی تو اُنکو خواہش نہ تہی کہ کُسنے نا اُمید ہو کر چلے تہے اسواسطے قبول کی
غرض کہ جس طرح ظاہری سوال زبان سی منع ہے ویسے باطنی سوال بہی دل سے
منع ہے ق یَعْلَی بْنُ اُمَیَّۃَ مَا کُنْتَ صَانِعًا فِی حَجِّکَ فَاصْنَعْہُ ق
فِی عُمْرَتِکَ یَعْنِی مِنَ الْاِحْرَامِ وَاجْتَنِبِ الطِّیْبَ بخاری اور مسلم مین
یعلی بن امیہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جو تو اپنے حج مین کرتا تہا سو وہی اپنے عمرے مین
بہی کر یعنی جسطرح حج مین احرام باندہنا اور خوشبو سی بچنا چاہئے اُسی طرح عمرے مین
بہی ف مصابیح مین یعلی رض سے روایت ہے کہ ایک شخص خوشبو دار جبہ پہنے تہا
اُسنے حضرت سے پوچھا کہ مین نے عمرے کا احرام باندہا ہے اور یہہ جبہ مین پہنے ہون اسمین
کیا حکم ہوتا ہے حضرت نے فرمایا کہ خوشبو کو تین بار دہو ڈال اور جبہ اُتار ڈال پہر
یہہ حدیث فرمائی ق اَبُوْ سَعِیْدٍ مَا یَکُنْ عِنْدِیْ مِنْ خَیْرٍ فَلَنْ ق ۱۶۳۵
اَدَّخِرَہٗ عَنْکُمْ وَمَنْ یَسْتَعِفَّ یُعِفَّہُ اللّٰہُ وَمَنْ یَسْتَغْنِ یُغْنِہِ اللّٰہُ

وَمَنْ يَتَصَبَّرْ يُصَبِّرْهُ اللّٰهُ وَمَا أُعْطِيَ أَحَدٌ عَطَاءً خَيْرًا وَأَوْسَعَ مِنَ
الصَّبْرِ بخاری اور مسلم مین ابو سعید رضی سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جو میرے پاس مال
ہو کا اسکو مین تم سے چھپا کر جمع نہ رکھونگا اور جو سوال اور حرام کا مون مین سی
آپ کو بچاوے ہر ہیز کار بننے کے ارادے پر تو خدا اُسکو سچا ہر ہیز گار کر دیگا
اور جو دنیا سے بی پرواہی کی نیت رکھیگا تو خدا اسکے دل کو دنیا کے مال سے
بے پرواہ کر دیگا اور جو شخص کہ مصیبت اور بلا مین آپ کو بزور صبر والا بنا دیگا
تو خدا اُسکو سچا بناوٹ کا صابر کر دیگا اور کسی کو بہتر اور کشادہ تر صبر سی کوئی
نعمت نہین ملی ف مصابیح مین روایت ہے کہ کچھ انصاری اصحاب نے حضرت سے
مال مانگا حضرت نے دیا پھر مانگا پھر دیا جب حضرت کے پاس کچھ باقی نرہا تب یہہ حدیث
فرمائی یہہ حدیث تہذیب اخلاق اور درویشی کی جڑ ہے معلوم ہوا کہ آدمی کی
خو بدلنا ممکن ہے لیکن اول بد خو چھوڑنے مین محنت اور ریاضت ہے اخر کو نیک خو
عادت ہو جاتی ہے پھر محنت اور بناوٹ کی کچھ حاجت نہین رہتی بعضی لوگ کہتی
ہین کہ آدمی کی خو نہین بدلتی یہہ بیدلی کی بات ہے اس حدیث سے معلوم ہوا کہ یہہ غلط
بات ہے اگر خو بدلنا ممکن نہوتا تو پیغمبرون کا آنا اور انکی تعلیم کی فائدہ ہو جاتی جانور کی
خو تعلیم اور محنت سے بدل جاتی ہے جیسے باز اور شکاری کتے کی تو بھلا آدمی کی کیون کر نہ

بدلے لیکن یہہ البتہ ہے کہ بدون محنت کچھہ نہین ہوتا خو بدلنے کا طریقہ چاہئے وہ احیاء العلوم اور کیمیاے سعادت کو دیکھے ۔

## دوسری قسم کی نوع اخر حدیث

ق ۱۰۶۳ ق ابو ہریرۃ مابین النفختین اربعون بخاری اور مسلم مین ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ دو پھونکون کے درمیان چالیس ہین ف یعنی قیامت مین دو بار صور پھونکا جاویگا اول بار سب خلق مرجاویگی دوسری بار مین جی اُٹھینگے ابو ہریرہ نے لوگون نے پوچھا کہ چالیس دن دونون مین فرق ہوگا یا چالیس مہینے یا چالیس برس ابو ہریرہ نے کہا کہ یقین مجھکو معلوم نہین مین نے حضرت سے یون ہی سنا ہے جیسا کہ تم سے کہا ق ۱۰۶۴ ق عبداللہ بن زید الانصاری مابین بیتی و منبری روضۃ من ریاض الجنۃ بخاری اور مسلم مین عبداللہ بن زید انصاری سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ میرے گھر اور میرے منبر کے درمیان بہشت کے کیارون مین سے ایک کیاری ہے ف بعضی روایت مین گھر ہے بعضی مین حجرہ بعضی مین قبر سب روایتون کا ایک ہی مطلب ہے کہ حضرت عائشہ کے حجرہ مین حضرت اکثر رہتے تھے اور وہین دفن ہوئے حضرت کی قبر اور منبر کے درمیان چند گز کا فرق ہے یعنی اس قدر مکان بہشت مین اٹھہ جاویگا اور وہان کی عبادت اور دعا نہایت مقبول ہے اسکی برکت سے بہشت ملیگی

مدینے مین اب معمول ہے کہ وہان اکثر لوگ خاص کرکے نماز پڑھتے ہین اور

ق ۱۰۶۵ دعا مانگتے ہین ق ابو ہریرۃ مابین لابتیھا حرام بخاری اور مسلم

مین ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مدینے کی دونو طرف کی پتھریلی زمین کے

اندر شکار وغیرہ کرنا حرام ہے ف اس حدیث کا مطلب اس کتاب مین کئی بار

ف ۱۰۶۶ ہو چکا ق ابو ہریرۃ مابین منکبی الکافر مسیرۃ ثلثۃ ایام

للراکب المسرع بخاری اور مسلم مین ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے

فرمایا کہ کافر کے دونو کندھون کے درمیان تین دن کی راہ ہو کی تیز رو سوار کی

یعنی دوزخ مین کافر کا نہایت بڑا قد ہو جاویگا تاکہ اسکو زیادہ آگ ستاوے

م ۱۰۶۷ انس مابین ناحیتی حوضی کما بین صنعاء والمدینۃ مسلم مین

انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ میرے حوض کوثر کے دونون کنارون

کے درمیان اتنا فرق ہے جتنا صنعا اور مدینے مین فرق ہے ف صنعا مدینے مین ایک

شہر کا نام ہے مدینے سے وہان تک کئی مہینے کی راہ ہے مطلب یہہ کہ حوض کوثر نہایت بڑا ہے

## فصل

اس فصل مین وہ حدیثین ہین جنکے سر پر یا ہے

عم ۱۰۶۸ ابی بن کعب یا ابا المنذر اتدری ای آیۃ من کتاب اللہ معک

اعظم

أَعْظَمُ قَالَ قُلْتُ اللّٰهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّومُ قَالَ فَضَرَبَ فِي
صَدْرِي وَقَالَ لِيَهْنِكَ الْعِلْمُ يَا أَبَا الْمُنْذِرِ مسلم عن ابی بن کعب سے روایت
ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اے ابی منذر تو جانتا ہے کہ خدا کی کتاب کون آیت بہت
بڑی ہے تیرے ساتھ ابی بن کعب نے کہا کہ مین بولا کہ اللہ لا الہ الا ہو الحی القیوم
یعنی ایت الکرسی بڑی آیت ہے ابی بن کعب نے کہا کہ حضرت نے خوش ہوکر میرا سینہ تھپکا
اور فرمایا کہ تجھکو علم مبارک ہوای ابی منذر ف ابی منذر کنیت ہے اُبی
بن کعب کی قرآن کی بڑے حافظ اور عالم تھے حضرت نے انکی ذہن آزمائی کی پھر انکے
علم اور فہم سے بڑے خوش ہوئے اور برکت کی دعا کی آیت الکرسی اسواسطے سب آیتون سے
افضل ہے کہ اُسمین صرف خدا کی ذات اور صفات کا بیان ہے ق عَائِشَةَ
يَا أَبَا بَكْرٍ إِنَّ لِكُلِّ قَوْمٍ عِيدًا وَهٰذَا عِيدُنَا بخاری اور مسلم مین حضرت
عایشہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اے ابی بکر ہر ایک قوم کی ایک عید ہوتی ہے
اور یہہ ہماری عید ہے ف مصابیح مین حضرت عایشہ سے روایت ہے کہ حضرت کپڑا
اوڑھے لیٹے تھے اور انصاریون کی دو چھوٹی چھوٹی لڑکیان دف بجا کر بہادر
کے گاتی تھین اتنے مین صدیق اکبر آئے اُنہون نی لڑکیون کو ڈانٹا اور کہا کہ
پیغمبر کے گھر مین شیطانی باجے کا کیا کام تب حضرت نے منہ کھول کر یہہ حدیث

۱۰۶۹ ق
بیان جواز ضرب دف

فرمائی یعنی عید کے دن ایسے راگ کا کچھ مضائقہ نہیں اسواسطے کہ اول تو دف بجانا
حرام نہیں دوسرے گانے والیاں لڑکیاں ہیں جوان عورت نہیں جو محل شہوت
ہوں تیسرے کوئی مضمون خلاف شرع نہیں بلکہ بہادری دین کی کارآمدنی چیز ہے
اسی حدیث سے بعضی عالموں کا یہہ مذہب ہے کہ خوشی کے دنوں میں جیسے ختنہ اور
شادی اور عید میں بی مزامیر نرا راگ یا دف کی تہ درست ہے بشرطیکہ دینی کام میں
کچھ ہرج ہووے اور گانے والا خوبصورت لڑکا اور اجنبی عورت نہوا اور راگ کا مطلب
خلاف شرع نہو غرض کہ راگ سننے کی عادت ہرگز درست نہیں بلکہ اسی حدیث سے
صاف منع ہونا معلوم ہوتا ہے کہ حضرت نے عید کا عذر فرمایا تو معلوم ہوا کہ اسکی
عادت کرنا درست نہیں اگرچہ خلاف شرع راگ نہو ۱۷۰ مر عائذ بن عمرو یا ابا بکر
لعلك غضبتهم لئن كنت غضبتهم لقد غضبت ربك
یعنی سلمان وصہیبا وبلالا جاءوا قالوا لابی سفیان ما
اخذت سیوف الله من عنق عدو الله ما اخذها فقال ابو بکر
اتقولون هذا لشیخ قریش وسیدهم سلم میں عائذ بن عمرو سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا اے ابی بکر شاید کہ تونے انکو غصہ دلایا اگر تونے انکو غصہ
دلایا ہو گا تو البتہ تونے اپنے رب کو غصہ دلایا مراد ان لوگوں سے سلمان

فارسی اور صہیب رومی اور بلال حبشی ہین جب کہا اُن تینون نے ابوسفیان سے
کہا تہا کہ خدا کی تلوارون نے خدا کی دشمن کی گردن سے ابہی کرفت کا مکان نہین پایا
تو صدیق اکبر نے کہا تم ایسی بات قریش کے بڑے اور انکے سردار کو کہتے ہو ف
ابوسفیان کفر کی حالت مین حضرت سے کئی بار لڑا تہا اسواسطے اسکو دشمن خدا کہا روایت ہے
کہ جب ابوسفیان ظاہر مین مسلمان ہوا اور ہنوز دل مین ایمان نہ جما تہا کہ ایک روز سلمان
اور صہیب اور بلال کی پاس ہوکر نکلا ان تینون اصحاب نے جوش اسلام سی وہ سخت بات
کہی صدیق اکبر نے اس خیال سی کہ مبادا استاد کہا کر ابوسفیان ظاہری اسلام بہی چہوڑ دے
اسکی خاطرداری کی بات کہی اور انکو ایسی سخت بات کہنی سے منع کیا پہر صدیق
اکبر حضرت کے پاس گئے اور یہہ قصہ بیان کیا حضرت نے یہہ حدیث فرمائی چونکہ انکا سخت
کلام محض خدا کے واسطے اور جوش اسلام سے تہا خدا اور رسول کو پسند آیا جب صدیق
اکبر نے حضرت سے یہہ سنا تو ان تینون صحابیون کی پاس عذر کرنی کو گئے اور کہا
اے میرے بہائیو مین نے تم کو غصہ دلایا یعنی معاف کرو انہون نے کہا کچہہ غصہ نہین ای
بہائی تجہکو اللہ بخشے اس حدیث سے معلوم ہوا کہ نیک لوگون کی غیبت حرمت کہنی
ضرور ہے اور انکو ناخوش کرنا بہی بری بات ہے کہ انکی ناخوشی سی خدا ناخوش ہوتا ہے
ق اَبُوبَکْرٍ یَا اَبَابَکْرٍ مَا ظَنُّکَ بِاثْنَیْنِ اللّٰہُ ثَالِثُہُمَا بخاری اور

مسلم ہین صدیق اکبر سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ای ابی بکر کیا تیرا گمان ہے
اُن دو ہین جنکا تیسرا ساتہی مدد کار خدا ہے ف صدیق اکبر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے
کہ ہجرت کے وقت خوف کفار سے ہین اور حضرت غار ہین جاکر چھپے تو کافر ہم کو
تلاش کرتے کرتے اُسی غار پر خاص ہمارے سر دن پر کھڑے ہوئے جب ہین نے مشرکون کے
پاون دیکھے تب ہین نے کہا کہ یا رسول اللہ اگر اُنہین سے کوئی اپنے پاون پر نظر کرے
تو ہم کو دیکھ لے تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنی غمگین نہو ہمارا مدد کار ہمارے
ساتہہ ہے ہم دونون آدمیون کو ضایع نہ کریگا اِس حدیث سے حضرت کا کمال توکل
خدا پر اور صدیق کی نہایت فضیلت ثابت ہوئی کئی طرح سے اوّل یہہ کہ حضرت نے
اپنے ساتہہ اور صدیق کے ساتہہ خدا کو ملایا سبحان اللہ کیا عمدہ مرتبہ ہے جو خدا
اور رسول کی ساتہہ شمار ہین اوے دوسرے یہہ کہ ایسے سخت وقت ہین کہ تمام عالم
حضرت کا جانی دشمن تہا صدیق نے حضرت کا ساتہہ دیا اور اپنی جان اور
مال اور خاندانکی بربادی حضرت کے واسطے اختیار کی اِس سے زیادہ جان نثاری کیا
ہوگی تیسرے یہہ کہ معمول ہے کہ ایسے سخت وقت ہین جسہین جان کا خوف ہوا سکو
ساتہہ لینے ہین جسکی اخلاص اور دوستی پر کمال اعتماد اور نہایت بہروسا ہوتا ہے
تو حضرت کا صدیق اکبر کو ساتہہ لینا اور اپنے بھید سے آگاہ کرنا دلیل صاف ہے

ف حضرت کے

کہ حضرت کے نزدیک صدیق اکبر سی زیادہ کوئی جان نثار معتمد دوست یار غار نہ تہا

ق ۱۰۷۲ ق سَهْلُ بْنُ سَعْدٍ يَا اَبَا بَكْرٍ مَا مَنَعَكَ اَنْ تُصَلِّيَ بِالنَّاسِ حِيْنَ اَشَرْتُ اِلَيْكَ بخاری اور مسلم مین سہل بن سعد رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ای ابوبکر کس چیز نے تجھکو روکا لوگون کے نماز پڑھانے سے جب مین نے تجھکو اشارہ کیا تہا ف اس حدیث کا پورا قصہ اسی باب مین عنقریب گذرا کہ حضرت کہین گئے تہے صدیق اکبر نماز لوگون کو پڑھاتے تہے جب حضرت نماز مین تشریف لائے تو صدیق سے اشارہ کیا کہ امامت کیے جاؤ صدیق ہٹ آئے حضرت نے نماز پڑھا کر یہ حدیث فرمائی

ق ۱۰۷۳ ق اَبُوْذَرٍّ يَا اَبَا ذَرٍّ اَتَدْرِيْ اَيْنَ تَذْهَبُ هٰذِهِ الشَّمْسُ فَقُلْتُ اَللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ فَقَالَ تَذْهَبُ تَسْجُدُ تَحْتَ الْعَرْشِ فَتَسْتَاْذِنُ فَيُؤْذَنُ لَهَا وَيُوْشِكُ اَنْ تَسْجُدَ وَلَا يُقْبَلُ مِنْهَا وَتَسْتَاْذِنُ وَلَا يُؤْذَنُ لَهَا فَيُقَالُ لَهَا ارْجِعِيْ مِنْ حَيْثُ جِئْتِ فَتَطْلُعُ مِنْ مَغْرِبِهَا فَذٰلِكَ قَوْلُهٗ وَالشَّمْسُ تَجْرِيْ لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ بخاری اور مسلم مین ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ای ابوذر کیا تو جانتا ہے کہ یہ آفتاب کہان جاتا ہے یعنی بعد غروب ہونے کے سو مین نے کہا خدا اور اسکا رسول زیادہ تر جانتا ہے پہر حضرت نے فرمایا کہ جاتا ہے سجدہ کرتا ہے

عرش کے نیچے پہر اجازت مانگتا ہے کہ طلوع کرکے دوسرا دورہ شروع کرے
پہر اسکو اجازت ملتی ہے اور قریب ہے کہ وہ سجدہ کریگا اور قبول نہو گا یعنی قیامت کے
قریب اور اجازت ملنے کا دورہ کرنی کی تو اسکو اجازت نہ ملی کی پہر اسکو حکم ہوگا
کہ پلٹ جا جدہر سے تو آیا ہے تو نکلے گا پچھم کی طرف سے سو یہی مطلب ہے قرآن مین خدا کے
اس قول کا کہ آفتاب چلتا ہے اپنی قرار گاہ تک یہہ اندازہ ٹہرا ہوا ہے غالب والے دانا کا

ف اس حدیث سے معلوم ہوا کہ آفتاب کا حال مثل گھڑی کے ہے کہ ایک رات
اور ایک دن چل کر بند ہو جاتی ہے بدون کوکے دوسرے دن نہین چلتی اس طرح پر
آفتاب بدون حکم الٰہی طلوع نہین کرتا جب اُس حکیم مطلق کا ٹہہرا حساب پورا ہو جاتا
تو اس عالم کی کل بگڑ جاویگی الٹی چال چلکر یہہ سب کارخانہ ٹوٹ پہوٹ جاویگا
اور اسی کا نام قیامت ہے ق اَبُوْذَرٍّ یَا اَبَاذَرٍّ اِذَا طَبَخْتَ مَرَقَةً ق ۱۰۷۴
فَاَکْثِرْ مَائَهَا وَتَعَاهَدْ جِیْرَانَکَ بخاری اور مسلم مین ابوذر رضی اللہ سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ای ابوذر جب تو شوربا پکایا کر تو اسمین پانی زیادہ
ڈالا کر اور اپنے ہمسایہ اور پڑوسیوں کی خبرگیری کیا کر یعنی انسے مل بانٹ کہایا کر

ف اس حدیث مین بیان ہے حق ہمسایہ اور سیر چشمی کی تعلیم ہے اور تنہا خوری کی
مذمت ح اَبُوْذَرٍّ یَا اَبَاذَرٍّ اِنَّکُمْ سَتَلْقَوْنَ بَعْدِیْ اُمُوْرًا وَاَشْیَاءَ اِرْجِعْ اِلٰی بَلَدِکَ ح

فَاِذَا بَلَغَكَ ظُهُوْرُنَا فَاْقْبِلْ بخاری مین ابوذر سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ اے ابوذر جہاں رہنا اس امر کو یعنی اسلام ابھی ظاہر نکرنا اور پلٹ جا اپنی بستی
مین جب تو خبر پاوے ہمارے غلبہ پانے کی تو ہمارے پاس چلا آیو ف ابوذر سے
روایت ہے کہ ابتداء اسلام مین جب کافرون کا بہت غلبہ تہا مین نے حضرت
پاس کیا اور مسلمان ہوا اور مین نے چاہا کہ اپنا اسلام ظاہر کرون تب حضرت نے یہہ
حدیث فرمائی ابوذر بہت تیز مزاج تہے اسواسطے حضرت نے انکو مکی مین رہنا اور
اسلام ظاہر کرنا مناسب نہ دیکہا کہ مبادا جان پر نوبت پہنچے معلوم ہوا کہ جہان
جان کا خوف ہو وہان اپنا دین چہپانا درست ہے لیکن اُس صورت مین دار الاسلام
کیطرف ہجرت کرنا بہی فرض ہے اسواسطے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب ہمارا غلبہ
ہو تو ہمارے پاس آیو م ابوذر یا اباذر انک ضعیف وانها امانة ۱۰۷۶ م
وانها یوم القیامة خزی وندامة الا من اخذها بحقها
وادی الذی علیه فیها فلما قال یا رسول الله الا تستعملنی
مسلم مین ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ای ابوذر تو ضعیف اور
ناتوان آدمی ہے اور یہہ حکومت خدا کی امانت ہے اور مقرر حکومت قیامت کے
دن رسوائی اور شرمندگی کا سبب ہے مگر اسکو رسوائی اور شرمندگی نہین جسنے حکومت

لیکر اُسکا حق ادا کیا اور جو اُسپر فرض تہا یعنی امانت داری اور رعیت پروری سو
اُسنے بخوبی ادا کیا یہہ حضرت نے ابوذر سی کہا جب ابوذر نی کہا تہا کہ یا رسول اللہ مجہکو
آپ تحصیل زکوۃ وغیرہ پر حاکم نہین کرتے **ف** اس حدیث سے معلوم ہوا کہ سردار کو
چاہئے کہ ناتوان آدمی کو جس سے محنت نہوسکے اسکو حکومت نہدیوی اور ثابت
ہوا کہ جو ملک سی مال تحصیل ہوکر آوی وہ خدا کی امانت ہے سردار کو نہین چاہئے
کہ اسکو اپنا مال جانکر اپنی خواہش کی موافق اُسکو خرچ کرے بلکہ آپ کو خدا کا
خزانچی سمجہکر خدا جسکو دلاوے اُسکو دیوے **م** اَبُوْذَرٍّ یَا اَبَاذَرٍّ اِنِّیْ اَرَاکَ ۱۰۷
ضَعِیْفًا وَاِنِّیْ اُحِبُّ لَکَ مَا اُحِبُّ لِنَفْسِیْ لَا تَاَمَّرَنَّ عَلٰی اثْنَیْنِ وَلَا
تَوَلَّیَنَّ مَالَ یَتِیْمٍ مسلم مین ابوذر سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ای ابوذر
مین تجھکو ناتوان دیکہتا ہون اور البتہ مین چاہتا ہون تیرے واسطے جو اپنے واسطے
چاہتا ہون تو دو آدمی پر بہی حاکم نہو جیو اور یتیم کے مال کا متولی اور کارندہ نہ بنیو
**ف** اس حدیث سے معلوم ہوا کہ ناتوان کم محنت آدمی کے حق مین یہی بہتر ہے
کہ کسی طرح کی حکومت اور داروغگی نہ قبول کرے دنیا کی چند روزہ زندگی واسطے
کیون اپنی جان کو عذاب مین ڈالے لیکن اگر قوی محنتی آدمی کو بی خواہش سردار
لے اور وہ امانت داری ادا انصاف کرے تو اسکا ثواب اور عزت بہی بی شمار

چنانچہ دوسری حدیث مین حضرت نبی فرمایا کہ حاکم عادل قیامت مین عرش کے
سائے نیچے ہوگا بہرصورت حکومت کہیںکے سی خالی نہین اسواسطے تو اکثر سلف
نے برکوارون نی حکومت باوجود مُیسر ہونے کے نہین اختیار کی چنانچہ امام اعظم نے
عباسی بادشاہ کی قید سخت اُٹھائی اور تمام دار السلطنت کی قضا نہ اختیار کی
مر ابو سعید یا ابا سعید من رضی باللہ ربا و بالاسلام دینا
و بمحمد نبیا وجبت لہ الجنۃ ثم قال واخری یرفع بھا العبد مائۃ درجۃ فی الجنۃ ما بین کل درجتین کما بین السماء
والارض قال وما ھی یا رسول اللہ قال الجھاد فی سبیل اللہ
الجھاد فی سبیل اللہ الجھاد فی سبیل اللہ مسلم مین ابو سعید رضی سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اے ابو سعید جو راضی ہوگیا خدا کی مالکی پر اور
اسلام کے دین پر اور محمد کی پیغمبری پر وہ بہشت کے لایق ہوگیا پھر حضرت نے فرمایا
کہ ایک دوسری عبادت ہے کہ جسکے سبب سے بندے کے سو درجے بلند ہوتے ہین اُنکے
درجون مین اتنا فرق ہے جتنا آسمان اور زمین کے درمیان فرق ہے ابو سعید نے
کہا یا رسول اللہ وہ کون سی عبادت ہے حضرت نے فرمایا کہ خدا کی راہ مین جہاد کرنا خدا کی
راہ مین جہاد کرنا خدا کی راہ مین جہاد کرنا تین بار اسکو فرمایا ف یعنی ایمان

ق

مغفرت کے واسطے کافی ہے لیکن ترقی درجات جہاد پر موقوف ہے ق
انس یا اباعمرو ما بال ثابت اشتکی یعنی ثابت بن قیس بن شماس
وابوعمرو وھو سعد بن معاذ وکان قال ثابت انہ ھو من
اھل النار فلما اخبر بقولہ قال بل ھو من اھل الجنۃ بخاری
اور مسلم میں انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ای ابوعمر کیا حال ہے
ثابت کا کیا وہ بیمار ہے مراد ثابت سے وہ ہے جو قیس بن شماس کا بیٹا ہے
اور ابوعمر کنیت ہے سعد بن معاذ کی اور ثابت اپنے تئیں دوزخی کہتے تھے
جب انکے قول کی حضرت کو خبر ہوئی حضرت نے فرمایا بلکہ وہ بہشتی ہے ف
انس رضہ سے روایت ہے جب یہہ آیت اتری کہ لاترفعوا اصواتکم فوق صوت النبی ان تحبط
اعمالکم یعنے نہ بلند کرو اپنی آوازیں پیغمبر کی آواز پر کہ تمہارے عمل اکارت ہو جاوین
اور ثابت بن قیس انصاریوں کے خطیب تھے انکی اواز نہایت بلند تھی انہون نے
حضرت کے پاس کانا چھوڑ دیا اپنے گھر بیٹھ رہے اور یہہ سمجھے کہ میں دوزخی ہون
اسواسطے کہ میری آواز نہایت بلند ہے ایک روز حضرت نے سعد بن معاذ سے پوچھا کہ ثابت
بن قیس کو نہین آتا ہے کیا بیمار ہے سعد بن معاذ نے کہا کہ وہ میرا ہمسایہ ہے مگر مجھکو
اسکی بیماری نہین معلوم پھر سعد بن معاذ نے ثابت بن قیس سے حال دریافت کیا

اور

اور سبب آنے کا پوچھا ثابت نے کہا کہ تم جانتے ہو کہ میری بڑی آواز ہے تو مین
دوزخی ہوا سعد نے یہہ قصہ حضرت سے کہا حضرت نے فرمایا بلکہ وہ بہشتی ہے یعنی
آیت کا مطلب یہہ نہین جو ثابت سمجھا بلکہ بی ادبی سے شور کرنا پیغمبر کے روبرو منع
ہے اور جسکی پیدایشی آواز بلند ہو تو وہ معذور ہے سبحان اللہ حضرت کے اصحاب کیا با
ادب اور خوفناک تھے ق یا اَبَا عُمَیرٍ مَا فَعَلَ النُّغَیرُ بخاری اور مسلم مین انس ق ۱۰۸۰
رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ای ابو عمیر کیا کیا لال نے یعنی تیرے لال کو
کیا ہو گیا ف ابو عمیر انس کا چھوٹا بھائی تھا اُسنے چڑیا پالی تھی جسکو ہندی مین
لال کہتے ہین سو وہ لال مر گیا تھا لڑکا اُسکے غم مین اُداس بیٹھا تھا تب حضرت نے
اُس لڑکے سے یہہ حدیث فرمائی سبحان اللہ کیا حضرت ہین اخلاق تھے کہ چھوٹے
چھوٹے لڑکون کی بھی خاطرداری کرتے تھے ق اَبُو مُوسٰی یَا اَبَا مُوسٰی ق ۱۰۸۱
لَقَدْ اُعْطِیْتَ مِزْمَارًا مِنْ مَزَامِیْرِ اٰلِ دَاوٗدَ بخاری اور مسلم مین
ابو موسی رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ای ابو موسی البتہ تجھکو بانسری
دی گئی ہے داود کی بانسریون سے ف ابو موسی نہایت خوش آواز تھے حضرت نے
سفر مین ایک رات انکو قرآن پڑھتے سنا دوسرے روز یہہ حدیث فرمائی یعنے
تیرا واز ایسی دلکش ہے گویا تیرا کلا بانسری ہے اور تیرے آواز مین لحن داود کا

اثر ہے عبداللہ بن عباس سی روایت ہے کہ حضرت داود علیہ السلام ستر آوازون
مین زبور پڑھتے تھے کبھی اس طرح پڑھتے کہ غمگین آدمی خوش ہو جاتا اور جب
غمگین آوازسے پڑھتے تو خشکی اور تری کا کوئی جاندار ہوش مین نرہتا اور تاریخ
مین لکھا ہے کہ جب حضرت داود علیہ السلام زبور پڑھتے تو جنگل کے ہرن حضرت کے
حلقہ کر لیتے اور شیر اور بھیڑیے قریب ہو جاتے اور دریا کا بہنا بند ہو جاتا اور
ہوا چلنے سے تھم جاتی اور سب کو غش آجاتا اور اکثر کی روح بدن سے نکل جاتی
غرض کہ خوش آوازی نعمت خدا داد ہے بشرطیکہ اسکو خلاف شرع راگون مین اور
واہیات غزلون مین نہ صرف کرے بلکہ بی بناوت قرآن پڑھے کہ اسمین ہم
عبادت اور ہم لذت دونون موجود ہین ۱۶۳ م اَبُوْهُرَيْرَةَ يَا اَبَا هُرَيْرَةَ
اِذْهَبْ بِنَعْلَيَّ هَاتَيْنِ فَمَنْ لَقِيْتَ مِنْ وَرَاءِ هٰذَا الْحَائِطِ يَشْهَدُ
اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُسْتَيْقِنًا بِهَا قَلْبُهٗ فَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ مسلم مین
ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ای ابی ہریرہ لے جا میرے ان دونو
جوتون کو سو جس سے تو ملے اس باغ کی اس طرف کہ وہ گواہی دیتا ہو اسکی کہ سوای خدا کے کوئی
بندگی اور پوجنے کے لایق نہین اسکی گواہی دیتا ہو دلی یقین والا ہو کر تو اسکو
بہشت کی بشارت دے ف ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ اصحاب حضرت کو ایکبار تلاش کرتے

ف ہر نئے تھے

پہرتے تھے کسیکو معلوم نہ تہا کہ حضرت کہان ہین ہین نی دیکہا کہ ایک انصاری کے
باغ مین ہین ہین خدمت مین حاضر ہوا تب حضرتنے یہہ حدیث فرمائی پہر ابو ہریرہ
حضرت کی جوتیان لیکر بشارت دینی کو چلے تو اول عمر فاروق سے ملاقات ہوئی
پوچہا کہان جاتے ہو ابو ہریرہ نے قصہ نقل کیا عمر فاروق نے ابو ہریرہ کو دہکا دیا
کہ یہہ بات لوگون کو مت سنا ابو ہریرہ نی عمر فاروق کا کہا حضرت سے جاکر کیا
حضرتنے عمر فاروق سی کہا کہ تو نی ابو ہریرہ کو بشارت دینی کے واسطے کیون
نہ جانے دیا عمر فاروق نی کہا کہ میرے ماباپ آپ پر قربان ہون یارسول اللہ یہہ
بات میرے نزدیک مصلحت نہین ہین ڈرتا ہون کہ لوگ اس بشارت سے کہین
عمل کرنا چہوڑ دین یا حضرت لوگون کو چہوڑدے کہ عبادت کرین آخرش حضرتنے
عمر فاروق کی مصلحت پسند کی معلوم ہوا کہ عوام خلقت کو ایسی بات نہ سنا
دے جس سے انکے عقیدی اور عمل مین خلل پڑے اور حضرتنے اپنی جوتیان ابو ہریرہ کو
اسواسطے دین ہین کہ تا لوگ انکی بات کو سند جانین حضرت کی نشانی دیکہہ کر معلوم
ہوا کہ عمر فاروق کی حضرتکے نزدیک بڑی عزت اور قدر تہی کہ انکا صلاح اور
مشورہ قبول ہوتا تہا اس حدیث مین صرف توحید پر بہشت کی بشارت ہے
رسالت اور قیامت کا ذکر نہین کیا اسواسطے کہ لا الہ الا اللہ کہنا دین اسلام کا

ہتا ہے یعنی ایمان سبب ہے نجات کا اور ایمان مین سب ضروریات دین کے
عقیدے داخل ہوگئے خ اَبُوْ هُرَيْرَةَ يَا اَبَا هُرَيْرَةَ مَا فَعَلَ اَسِيْرُكَ
الْبَارِحَةَ بخاری مین ابو ہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ای ابو ہریرہ
تیرے قیدی نی کل کی رات کیا کیا ف بخاری مین پوری روایت ابو ہریرہ سے یون
ہے کہ حضرت نے مجھکو صدقہ عید الفطر پر وکیل کیا مین اسکی چوکی دیتا تہا اتنے مین
ایک شخص آیا اور انجلا بہر بہر کے اناج لینے لگا مین نی اسکو پکڑا اور کہا کہ تجھکو مین
حضرت کے پاس پکڑ لے چلتا ہون اُسنے کہا کہ مین محتاج ہون لڑکے بالے
رکہتا ہون مین نی اُسکو چہوڑ دیا صبح کو مین حضرت کے پاس حاضر ہوا تب حضرت نے
یہہ حدیث فرمائی مین نے کہا کہ اُسنے اپنی محتاجی اور عیالداری بیان کی تہی حضرت نے
فرمایا کہ وہ جہوٹہا ہے اور پہر آویگا مین اُسکو تاکے رہا وہ دوسری رات پہر آیا
اور اُسنے اناج اٹہایا مین نی اُسکو پکڑا اور کہا کہ مین تجھکو حضرت کے پاس پکڑے
لئے چلتا ہون اُسنے کہا مجھکو چہوڑ دے مین محتاج عیالدار ہون مین نے اُسکو چہوڑ دیا
صبح کو حضرت نے پوچہا کہ تیرے قیدی نی کیا کیا مین نے حال بیان کیا حضرت نے
فرمایا کہ وہ جہوٹہا ہے اور پہر آج کی رات آویگا سو پہر مین اُسکو تاکے رہا تیسری
رات کو پہی آیا اور اناج اُسنے لیا اور مین نی پکڑا اور کہا کہ اب مین تجھکو ضرور

خ ۱۲

حضرت کے

حضرت کے پاس پکڑ لے چلون کا اُسنے کہا کہ مجھکو چھوڑ دے مین تجھکو وہ بول سکھلا دون
جس سے خدا تجھکو فائدہ دیوے جب تو بستر پر سونے کے واسطے جایا کر تو آیت الکرسی
پڑھ لیا کر خدا کی طرف سے ہمیشہ تجھپر ایک نگہبان مقرر رہے گا اور صبح تک شیطان
تیرے پاس نہ آوے گا ابو ہریرہ کہتے ہین کہ مین نے اسکو چھوڑ دیا صبح کو حضرت کی
خدمت مین حاضر ہوا حضرت نے فرمایا کہ تیرے رات والے قیدی نے کیا کیا مین نے کہا
کہ اُسنے اپنے گمان مین فائدہ کی چیز بتلائی مین نے اُسکو چھوڑ دیا حضرت نے پوچھا
کہ کون چیز اُسنے بتلائی مین نے آیت الکرسی کا پڑھنے کا سب حال بیان کیا حضرت نے
فرمایا کہ وہ ہر چند جھوٹا ہے لیکن اس بات مین وہ تجھسے سچ بولا تجھکو معلوم ہے
کہ تین رات سے تو نے کس کے ساتھ بات چیت کی اے ابو ہریرہ مین نے کہا کہ مجھکو
معلوم نہین حضرت نے فرمایا کہ وہ شیطان تھا خ اَبُوْ هُرَيْرَةَ يَا اَبَا هُرَيْرَةَ
هٰذَا غُلَامُكَ قَدْ اَتَاكَ بخاری مین ابو ہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ اے ابو ہریرہ تیرا غلام تیرے پاس آیا ہے ف ابو ہریرہ سے روایت ہے
کہ جب مین اپنے ملک سے مدینے مین آیا مسلمان ہونے کو تو میرا غلام راہ مین گم ہو گیا مین حضرت
پاس آکر مسلمان ہوا حضرت نے غلام کے آنے سے پیشتر یہہ حدیث فرمائی پھر غلام بھی مسلمان
ہو گیا یہہ معجزہ ہے حضرت کا ق سَلَمَةُ بْنُ الْاَكْوَعِ يَا ابْنَ الْاَكْوَعِ مَلَكْتَ

فَاُسْجِحَ اِنَّ الْقَوْمَ یُقْرَوْنَ فِیْ قَوْمِهِمْ بخاری اور مسلم مین سلمہ بن اکوع سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اے اکوع کے بیٹے تو قابو پا چکا سو نرمی اور احسان سے
کر البتہ ان لوگون کی مہمانی ہوتی ہو کی انکی قوم مین ف صحیح بخاری مین سلمہ بن اکوع
سے روایت ہے کہ صرّیہ کے قریب کئی کوس پر حضرت کی اونٹنیان چرائی پر
تہین مجھکو خبر ہوئی کہ اونٹنیون کو غطفان کی قوم پکڑے لئے جاتی ہے سو مین نے
مدینے کے جنگل مین تین بار قیق باری کہ لوگو دوڑو پھر مین انکے پیچھے اکیلا دوڑا
یہان تک کہ مین انکو پا گیا اور مین نے تیر مارنا شروع کیا اور مین یون کہتا جاتا تہا
کہ مین اکوع کا بیٹا ہون اور آج کمبختون کی موت کا دن ہے سو انکو پانی پینے کی
فرصت نہ ہوئی اور مین نے اُنسے سب اونٹنیان چھین لین اور انکو ہانک لے چلا حضرت کے
پاس راہ مین حضرت ملے یعنی سوارون کو لئے انپر دوڑے جاتے تہے سو مین نے کہا یا رسول اللہ
وہ لوگ ابہی پیاسے ہین مین نے انکو پانی نہین دیا سو انکے پیچھے جلد لشکر کو
بہیجئے تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنی اپنے چیز حاصل ہوئی اور تو اُنپر غالب
ہوا اب درگذر کر جا دے وہ اپنی قوم مین کہاتے پیتے ہونگے اس حدیث سے معلوم
ہوا کہ جب دشمن پر غالب ہوئے تو درگذر کرنا افضل بات ہے ۱۰۸۶ ف عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ
اِذْهَبْ فَنَادِ فِی النَّاسِ اَنَّهٗ لَا یَدْخُلُ الْجَنَّةَ اِلَّا الْمُؤْمِنُوْنَ مسلم مین

عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا مجھسے فرمایا کہ اے خطاب کے بیٹے
جا پکار دے لوگون مین کہ مقرر یہہ بات ہے کہ بخاوین کے بہشت مین سوای ایمانداروں کی ف
جنگ خیبر مین ایک منافق لوٹ کی لالچ سے حضرت کے ساتھہ ہو کر لڑنے کیا سو اسکے
تیر لگا وہ مر گیا لوگون نی کہا کہ وہ شہید ہے حضرت نے فرمایا کہ وہ دوزخ مین ہے
پھر یہہ حدیث فرمائی معلوم ہوا کہ بدون ایمان کے کوئی عبادت کام نہین آتی
عبادت کی جڑ ایمان اور خالص نیت ہے ق عُمَرُ یَا بْنَ الْخَطَّابِ اَلَا تَرْضٰی اَنْ ۱۰۸۷ ق
تَکُوْنَ لَنَا الْاٰخِرَۃُ وَلَھُمُ الدُّنْیَا وَرُوِیَ یَا بْنَ الْخَطَّابِ اُولٰئِکَ
عُجِّلَتْ لَھُمْ طَیِّبَاتُھُمْ فِی الْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا بخاری اور مسلم مین عمر فاروق
رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ای خطاب کے بیٹے کیا تو راضی نہین ہوتا
اس بات سے کہ ہمارے واسطے دنیا کا آرام ہو یعنی چند روزہ آرام بہتر یا ہمیشہ کا آرام
اور دوسری روایت یون ہے کہ ای خطاب کے بیٹے اُن کافرون کے واسطے
ستھرائیان اور عیش و آرام کی چیزین جلد دی گئین دنیا کی زندگی مین ف
مصابیح مین عمر فاروق رضہ سے روایت ہے کہ مین ایک روز حضرت کے پاس گیا تو
حضرت چٹائی پر لیٹے تھے کوئی کپڑا اُسپر نہ بچھا تھا چٹائی کے نقش حضرت کے
پڑ گئے تھے اور چمڑے کا تکیہ دئے تھے جسمین کھجور کے درخت کے چھوکڑے بھرے

تھے مین نی کہا یا رسول اللہ ایران اور روم کے کافر خدا کو نہین پوجتے اور خدا نے
انکو بہت مال اور دولت اور عیش اور آرام دیا ہے آپ دعا کیجئے تو خدا آپ کو اور آپکی
امت ہر روزی کشادہ کرے حضرت نے فرمایا کیا تو اس خیال مین ہے ای عمر
پھر یہہ حدیث فرمائی یعنی ایماندار کو مناسب نہین کہ اس چند روز فانی کی عیش و آرام کی
تمنا کرے اسواسطے کہ ایماندار کے آرام کا مقام بہشت ہے اور کافرون کو اکثر عیش و
آرام دنیا مین اسواسطے ہوتا ہے کہ آخرت مین انکا کچھ حصہ نہین اسیواسطے اکثر بزرگون نے
دنیا کے عیش سے کنارہ کیا کہ مبادا آخرت مین مجرا نہو ۱۰۸۸ م سَهْلُ بْنُ حُنَيْفٍ
يَا ابْنَ الْخَطَّابِ إِنِّي رَسُولُ اللّٰهِ وَلَنْ يُضَيِّعَنِي اللّٰهُ أَبَدًا بخاری اور
مسلم مین سہل بن حنیف سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ای خطاب کے بیٹے مین
بی شک خدا کا پیغمبر ہون اور مجھکو خدا ہرگز ضایع نہ کریگا **ف** جب حدیبیہ مین
حضرت نے مصلحت جانکر کافرون سے ظاہر مین بہت دب کر صلح کی چنانچہ صلح مین یہہ بھی داخل تھا
کہ اگر کافرون کا آدمی مسلمان ہوکر حضرت پاس آجاوے تو حضرت اسکو کافرون کو
جوالہ کرین اور اگر کوئی مسلمان کافر پاس جاوے تو کافر اسکو نہ دیوین اصحاب کو
اسکا بہت رنج تھا اور عمر فاروق سے سبب جوش اسلام کے رہا نہ گیا تو کہا یا حضرت
ہم کیا حق پر نہین ہین اور ہمارے دشمن کافر باطل پر اور ہمارے مقتول بہشت مین

انکے

اور اُنکے دوزخ مین حضرتؐ نے فرمایا کہ ہان یون ہی ہے عمر فاروق رضؓ نے کہا کہ پھر ہم کہون اپنے
دین مین اس طرح کی ذلت اختیار کرین تب حضرتؐ نے یہہ حدیث فرمائی یعنی مین بحکم خدا
کرتا ہون خدا اپنے پیغمبر کو کبھی ضایع نکریگا یہہ صلح حکمت سی خالی نہین چنانچہ اس صلح سے
بڑے بڑے فائدے ہوئے اور اسلام کی نہایت ترقی ہوئی کہ حضرتؐ فی کفار مکہ سی
خاطر جمع ہوکر خیبر کو فتح کیا اور بہت جمعیت اور سامان حاصل کرکے آخرش مکہ بھی
فتح کیا یہہ حکمت سوای خدا اور رسولؐ کی کسی کو معلوم نہ ہوئی اسیطرح اریخ مین ہے ۱۰۸۹ ھ عمر

يَا ابْنَ الْخَطَّابِ مَا يُدْرِيكَ لَعَلَّ اللّٰهَ قَدِ اطَّلَعَ عَلٰى مَدِينَةِ الْعَصَافِيرِ
مِنْ أَهْلِ بَدْرٍ فَقَالَ اعْمَلُوا مَا شِئْتُمْ فَقَدْ غَفَرْتُ لَكُمْ

مین عمر فاروق رضؓ سے عندرواییت ہے کہ حضرتؐ نے فرمایا کہ اے خطاب کے بیٹے تجھکو کیا معلوم
ہے کہ شاید کہ خدا اس جنگ بدر والے اگروہ پر البتہ آگاہ ہوچکا سو اُسنے فرمایا کہ تم کرو
جو تمہارا جی چاہے مین تمکو مغفرت بخش چکا ف اس حدیث کا قصہ مذکور ہوچکا کہ
ایک بدری صحابی سے بڑا قصور ہوا تھا عمر فاروق رضؓ نے حضرتؐ سے کہا کہ یا حضرت اگر حکم ہو
تو اسکو مین مار ڈالون تب حضرتؐ نے یہہ حدیث فرمائی یعنے بدر والے صحابیون کے ایمان
خدا نے جانچ لئے ہین اُنکے گناہ پر پکڑ نہین تو کیون اسکے قتل کا ارادہ کرتا ہے اس
حدیث سے بدری صحاب کی بڑی فضیلت ثابت ہوئی معلوم ہوا کہ اُنکا اگر کوئی قصور

ثابت ہو تو مسلمان کو مناسب نہین کہ اُسپر طعنہ دیوے جطرح شیعہ دیتے ہین
جسکو خدا نے بخشا اُسکا یہ کہنی والا گویا خدا کو اصلاح دیتا ہے کہ اسکو کیون بخشا
اسکی وہی مثل کہ ہنڈاری دادے اور پانی کلمہیٹ دیکھے ۱۰۹ مر اُسامۃ یا اُسامۃ اقتلتہ
بعد ما قال لا الٰہ الا اللہ یعنی رجلا من الحرقات من جہینۃ
قال لا الٰہ الا اللہ لما غشوکم ہین اُسامہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
کہ ای اسامہ کیا تونے اسکو قتل کردیا لا الٰہ الا اللہ کہنے کے بعد حضرت کی مراد
وہ مرد سے گروہ حرقات کا جو قوم جہینہ کی ایک شاخ ہے اُسنے لا الٰہ الا اللہ کہا تہا
جبکے اسکو کہیرا تہا ف مصابیح ہین اسامہ بن زید سے روایت ہے کہ حضرت نے مجھکو
سردار بناکر قوم جہینہ کے مارنے کو بہیجا تہا تو مین نے اُس قوم کے ایک مرد کو پایا
چاہا کہ اسکو نیزہ مارون اُسنے لا الٰہ الا اللہ زبان سے کہا سو مین نے اسکو نیزہ مارکے
مار ڈالا پہر یہہ قصہ مین نے حضرت سے کہا تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی ہین نے کہا یا
رسول اللہ اُسنے اپنے بچاؤ کے واسطے کلمہ پڑہا تہا یعنی وہ سچا مسلمان نہ تہا
تو حضرت نے فرمایا کہ کیا تونے اُسکا دل چیر کے دیکہا تہا یعنی تجھکو دل کا حال کیا معلوم
ہے معلوم ہوا کہ شریعت ہین ظاہر پر حکم ہے دل کا حال دریافت کرنے کا حکم نہین
اور اسامہ مجتہد تہے اور مجتہد کی خطا معاف ہے اسواسطے حضرت نے اُس مرد کا خون بہا

نہین دلوایا

نہین دلوایا سبحان اللہ حضرت کے اصحاب کیا سچے لوگ تہے کہ اپنی خطا آپ
بیان کرتے تہے چہپاتے نہ تہے م ١٩١ ف انس یا انجشہ رویدک سوقک
بالقوارید مسلم مین انس رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ای انجشہ آہستہ آہستہ
چل اور اونٹون کو شیشے لدے اونٹونکی طرح ہانک ف انس سے روایت ہے
کہ حضرت کسی سفر مین تہے اور ایک حبشی غلام جسکا انجشہ نام تہا وہ حضرت کی بی بیونکے
اونٹون کو ہانکتا تہا سو وہ غلام خوش آواز تہا آہنگ سے سرود گاتا جاتا تہا اور دستور
ہے کہ اونٹ سرود سے جلد جلد چلنے لگتے ہین تو بی بیون کو سواری مین تکلیف ہوتی
تہی تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی اور اسکو سرود کہنی اور جلد چلنی سے منع کیا
اور عورتین تو نازک بدن ہوتی ہین اسیواسطے حضرت نے انکو شیشہ باشا کہا اور
بعضی اس حدیث کا یون مطلب کہتی ہین کہ وہ خوش آواز غلام عشق انگیز اشعار پڑہتا
تہا حضرت ڈرے کہ مبادا عورتون کے دلون مین کچہ تاثیر ہو جاوے اور انکا شیشہ دل
ٹوٹ جاوے اسواسطے منع فرمایا معلوم ہوا کہ عورتون کو مرد کا راگ سنانا خصوصاً
کہ اسکے مضمون مین عشق کا ہی ذکر ہو درست نہین کہ بی بی شک فساد کا سبب ہے ق ١٩٢
انس ما انر کتاب اللہ یامر بالقصاص ویروی کتاب اللہ القصاص
قالہ لانس بن النضر بخاری اور مسلم مین انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے

فرمایا کہ ای انس خدا کی کتاب تو بدلا لینی کا حکم کرتی ہے اور دوسری روایت مین ہے کہ کتاب اللہ مین حکم بدلا لینے کا ہے یہ حضرت نے انس بن نضر سے فرمایا ف دوسرے باب مین اس حدیث کا قصہ جو چکا کہ انس بن نضر کی بہن نے کسی کا دانت توڑا تہا اور حضرت نے بدلا لینے کا حکم کیا تہا اور انس بن نضر نے قسم کہائی تہی کہ یا حضرت اسکا دانت نتوڑا جاویگا پہر اسکے وارثون نے خون بہا قبول کیا اور بدلا نہ لیا ف ابو ہریرہ یا بلال حدثنی بارجی عمل علمتہ عندک فی الاسلام منفعۃ فانی سمعت اللیلۃ خشف نعلیک ویروی دف نعلیک بین یدی فی الجنۃ قال بلال ما عملت عملا فی الاسلام ارجی عندی منفعۃ من انی لم اتطهر طهورا تاما فی ساعۃ من لیل او نهار الا صلیت بذلک الطهور ما کتب اللہ ان اصلی بخاری اور مسلم مین ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اے بلال بلا دے مجھکو بڑے فائدے کا امیدواری والا عمل جو تونے اسلام مین اپنے نزدیک کیا ہے یعنے تیرے نزدیک سب اعمال سے زیادہ تر منفعت کی امید کس عمل پر ہے اسواسطے کہ مین نے تیرے دونو جوتون کی آہٹ بہشت مین اپنے آگے سنی بلال نے کہا کہ مین نے اسلام مین کوئی عمل نہین کیا اپنے نزدیک اسسے زیادہ تر منفعت کی امید کا

ف ١٠٩٣

کہ جب

کہ جب مین نی رات دن کسی ساعت مین پورا وضو کیا تو اُس وضو سی نماز ضرور
پڑھی جو خدا نے میری قسمت مین نماز پڑھنا لکھا ہے اِس حدیث مین تحیۃ الوضو کی
نماز کی فضیلت ہے حضرت نے اسواسطے پوچھا کہ تا کہ بلال اُسکو ہمیشہ کیا کرین
اور غیرون کو اسکا ثواب سنکر شوق ہو تحیۃ الوضو پڑھنے کا ۱۰۴ م ابو ہریرہ
یا بنی کعب بن لوی انقذوا انفسکم من النار یا بنی مرۃ بن کعب
انقذوا انفسکم من النار یا بنی عبد شمس انقذوا انفسکم
من النار یا بنی ہاشم انقذوا انفسکم من النار یا بنی عبد المطلب
انقذوا انفسکم من النار یا فاطمۃ انقذی نفسک من النار
فانی لا املک لکم من اللہ شیئا غیر ان لکم رحما سابلھا ببلالھا
مسلم مین ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اے کعب بن لوی کی
اولاد چھڑاو اپنی جانون کو دوزخ سے ای مرہ بن کعب کی اولاد چھڑاو اپنے جان کو
دوزخ سے ای عبد شمس کی اولاد چھڑاو اپنی جان کو دوزخ سے ای ہاشم کی اولاد
چھڑاو اپنی جان کو دوزخ سے ای عبد المطلب کی اولاد چھڑاو اپنی جانکو دوزخ سے ای فاطمہ
چھڑاو اپنی جان کو دوزخ سے اسواسطے کہ مین بی شک مالک نہین تمہارے بچانے کا
خدا کے عذاب سے کچھ بھی مگر تمہاری برادری کا حق ہے سو مین اسکو ملا دونگا تر و تازہ

کرکے یعنی برادری کا حق ادا کرو ف جب یہہ ایت اُتری کہ اَنْذِرْ عَشِیْرَتَکَ
الاقربین یعنی عذاب الہی سے ای محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ڈرا اپنے قریب
برادری والون کو تو حضرت نے ابتدای اسلام مین سب قریش کو مکے مین جمع
کیا اور یہہ حدیث فرمائی اوپر سے نیچے تک سب ایک جدی برادرون کو
علیحدہ علیحدہ نام لے کر حکم الہی سنا دیا یعنی بدون ایمان اور نیک عمل کے
میری برادری پر گھمنڈ نہ کیجیو کہ بدون ایمان کے مین کسی کو دوزخ سے نہ بچا
سکون گا باقی رہی کنہکار مسلمانون کی شفاعت سو خدا کی اجازت کے بعد
البتہ ہوگی رہا برادری کا حق سو بجا بجا ادا ہوگا ف اَنْزِلْ یَا بَنِی النَّجَّارِ ثَامِنُوْنِیْ ق ۱۰۹۵
بِحَائِطِکُمْ ھٰذَا قَالُوْا لَا وَاللّٰہِ مَا نَطْلُبُ اِلَّا اِلَی اللّٰہِ بخاری اور مسلم
مین انس رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اے بنو نجار کی اولاد اس احاطے والے
باغ کا مجھسے مول کرو قیمت لو بنی نجار نے کہا قسم خدا کی ہم اسکی قیمت
نہین چاہتے ہین مگر خدا سے یعنی ہم حضرت کو بدون قیمت نذر کرتے ہین اور
خدا سے ثواب کے امیدوار ہین ف جب حضرت مدینے مین آئے تو مسجد نبوی جہان
نماز کا وقت آتا وہان نماز پڑھ لیتے تھے سو اب جس جگہہ حضرت کی مسجد ہے
وہان کھجور کا باغ تہا انصاریون کی ملکیت کا حضرت نے مول لینے کے ارادے پر

اُنسے یہہ حدیث فرمائی اُن جان نثارون نی بلا قیمت نذر کیا وہان کا فرد کی
قرین تہین حضرتنے اُنکی ہڈیان کہدواکر مسجد بنائی ۹۶ م اُبَیُّ بْنُ کَعْبٍ یَا نَبِیَّ اللّٰہِ
اِنِّیْ اُقْرِءُ الْقُرْاٰنَ عَلٰی حَرْفٍ فَرَدَدْتُّ اِلَیْہِ اَنْ ھَوِّنْ عَلٰی اُمَّتِیْ
فَرَدَّ اِلَیَّ الثَّانِیَۃَ اِقْرَاْہُ عَلٰی حَرْفَیْنِ فَرَدَدْتُّ اِلَیْہِ اَنْ ھَوِّنْ عَلٰی
اُمَّتِیْ فَرَدَّ اِلَیَّ الثَّالِثَۃَ اِقْرَاْہُ عَلٰی سَبْعَۃِ اَحْرُفٍ وَلَکَ بِکُلِّ رَدَّۃٍ رَدَدْتُّکَھَا
مَسْاَلَۃٌ تَسْاَلُنِیْھَا فَقُلْتُ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِاُمَّتِیْ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِاُمَّتِیْ وَاَخَّرْتُ الثَّالِثَۃَ
لِیَوْمٍ یَرْغَبُ اِلَیَّ الْخَلْقُ کُلُّھُمْ حَتّٰی اِبْرَاھِیْمُ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

مسلم مین ابی بن کعب رضی اسہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرتنے فرمایا کہ ای میرے بیٹے حکم بہیجا گیا
میری طرف اسکا کہ پڑھ قرآن کو ایک حرف مین یعنی ایک قرأت مین یا ایک بولی
مین سو مین نے پہر بہیجا خدا کی طرف کہ آسانی کر میری امت پر سو خدا نی پہر حکم بہیجا میری طرف
دوسرے بار کہ پڑھ قرآن کو دو حرفون مین سو مین نی پہر بہیجا خدا کی طرف کہ میری امت پر
آسانی کر سو خدا نے حکم بہیجا میری طرف کہ پڑہ قرآن کو سات حرفون مین یعنی عرب کے
سات بولیون مین اور یہہ حکم ہوا کہ تجھکو بشمار ہر بار حکم بہیجنے کی جسکو مین نے تیری طرف
پلٹایا ایک ایک سوال کرنیکی اجازت کہ تو اسکو ملنگے یعنی تین بار کوئی اور دعا کر تو
قبول ہو وحضرتنے فرمایا سو مین نے کہا ای خداوند میری امت کو بخش ای خداوند میری امت کو

بخشش یعنی دو بار تو سوال کر چکا اور پیچھے ڈال رکھا ہین نے تیسری سوال کو اُس دن کے
واسطے کہ جب خلق جہنکے کی میری طرف سب کی سب یہان تک کہ ابراہیم علیہ السلام بھی
ابی بن کعب سے روایت ہے کہ ایک شخص نی قرآن دوسرے قرات مین پڑھا مین اس قرأت کو
نہین جانتا تہا مین اسکو حضرت پاس لایا حضرت نے میری اور اُسکے دونون قراتون کو
درست فرمایا سو میرے دل مین اسوقت ایسا شک پڑ گیا کہ حالت کفر مین بھی ویسا
شک نہ تہا حضرت سمجھ گئے سو حضرت نے ایسا ہاتھ میرے سینے پر مارا کہ مین خوف کے
مارے پسینہ مین ڈوب گیا اور گویا مین نے خدا کو دیکھ لیا یعنی شک جاتا رہا
حق بات صاف کہل گئی پہر حضرت نے یہہ حدیث فرمائی حضرت کو اپنی اُمت پر
کیا شفقت تہی کہ عرض معروض کر کر کے سات قرات یا سات بولیون کی اجازت لی تا کہ
امت پر ایک قرأت مشکل نہ پڑے اور خدا کی رحمت کو خیال کیا چاہیے کہ جب اپنے
حبیب کو اپنے امت پر اتنا مہربان دیکھا تو اُمت کی خیر مین تین بار سوال کرنیکی بھی
اور اجازت دی سو حضرت نے امت کی بخشش کا دو بار سوال کیا اور تیسرا سوال قیامت کے
دن کے واسطے رکھہ چھوڑا کہ جب تمام پیغمبر خوفناک ہونگے اور کسی کے واسطے
نہ کہہ سکینگے تب ہمارے حضرت شفاعت پر مستعد ہونگے اس حدیث سے
معلوم ہوا کہ قیامت مین پیغمبر لوگ بھی حضرت سے اپنے واسطے کچھہ سی سفارش

جاہین گے یہان تک کہ ابراہیم علیہ السلام سے پیغمبر بہی دامن محمدی کمر بن کے اس حدیث سے
ہمارے حضرت کی فضیلت تمام پیغمبرون پر صاف ثابت ہوئی م ۱۰۶۷ مرقبیصۃ
بن مخارق یا بنی عبد مناف انی نذیر لکم انما مثلی ومثلکم
کمثل رجل رای العدو فانطلق یربا اہلہ فخشی ان
یسبقوہ فجعل یہیف یا صباحاہ مسلم مین قبیصہ بن مخارق رض سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ای عبد مناف کی اولاد مین عذاب الہی سے تمہارا
ڈرانے والا ہون اور میری تمہاری مثل جیسے اس مرد کی مثل جسنے دشمن کو دیکہہ لیا
کہ غارت کو جاتے ہین تو وہ مرد چلا کہ اپنے لوگون کو بچاوے سو ڈرا کہ اسکے پہنچنے سے
دشمن آگے پہنچ جاوین گے سو وہین چلانے لگا کہ ارے لوگو خبردار ہو جاؤ کہ دشمن آپہنچا
ف جب قرآن مین حکم ہوا کہ اے پیغمبر اپنے برادرون کو ڈرا دے عذاب الہی سے
تب حضرت نے اپنے سردار یعنی عبد مناف کی اولاد سے یہہ حدیث فرمائی یعنی مجھکو
یقین کامل ہے کہ کافر دوزخ مین پڑینگے سو میرا دل تمہارے کفر پر جلتا ہے کہ مین
کہرا کہرا کر تمہکو سمجہاتا ہون کہ کفر چہوڑو مسلمان ہوتا عذاب سے بچو جیسے وہ مرد کہ
گہرا کر اپنی قوم کو دیکہی ہوئے دشمن سی خبردار کرتا ہے م ۱۰۶۸ مر ثوبان یا ثوبان
اصلح لحم ہذہ یعنی اضحیتہ مسلم مین ثوبان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے

کہ حضرت نے فرمایا کہ ای ثوبان اس قربانی کے گوشت کو بنا یعنی پکاف ثوبان
حضرت کے غلام تھے اُنسے گوشت پکانے کو فرمایا ثوبان سے روایت ہے کہ وہ گوشت مکے سے
مدینے تک رہ تو معلوم ہوا کہ تین دن سے قربانی کا گوشت زیادہ رکھنا بھی درست ہے
اور اول تین دن سے زیادہ رکھنا منع تھا ق ابو ہریرۃ یا حسان
اجب عن رسول اللہ اللھم ایدہ بروح القدس بخاری اور مسلم میں
ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ای حسان تو جواب دے رسول اللہ کی طرف سے
الٰہی اسکی مدد کر جبرئیل سے ف حسان صحابی تھے بڑی شاعر کافرون نے
حضرت کے ہجو کی تھی تب حضرت نے حسان سے انکی ہجو کہلوائی اور حسان کے واسطے
دعا کی کہ جبرئیل اُنکے شریک ہون اس حدیث سے معلوم ہوا کہ کافرونکی ہجو کرنا درست ہے
بشرطیکہ اُسمین دینی فائدہ ہو اور ثابت ہوا کہ روح القدس یعنی جبرئیل کو فیض
سخن کی خدمت ہے خ حکیم بن حزام یا حکیم ان ھذا المال خضر
حلو فمن اخذہ بسخاوۃ نفس بورک لہ فیہ ومن اخذہ باشراف
نفس لم یبارک لہ فیہ وکان کالذی یاکل ولا یشبع والید
العلیا خیر من الید السفلی بخاری میں حکیم بن حزام سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ اے حکیم البتہ یہ مال سرسبز اور شیرین ہے یعنی بہت پیارا معلوم ہوتا ہے

سو جسنے

سو جسنے اسکو لیا جان کی سخاوت یعنی بی حرصی سے لیا تو اسکے واسطے اُسمیں
مال مین برکت دی جاویگی اور جسنے اسکو جان کی حرص سے لیا تو اسکو ہرگز برکت
نہو گی اور اسکا حال اُس شخص کا سا حال ہو گا کہ کھاتا ہے اور اسکا پیٹ نہین
بہرتا اور اونچا ہاتھ بہتر ہے نیچے ہاتھ سے یعنی دینے والا جو ہاتھ اٹھا کر دیتا ہے
افضل ہے مانگنے والے سے جو ہاتھ پہیلا کر مانگتا ہے اور لیتا ہے ف حکیم بن
حزام سے روایت ہے کہ مین نے حضرت سی کچھ مال مانگا حضرت نی دیا پہر دوسری
بار مانگا پہر دیا پہر تیسری بار مانگا پہر دیا حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنی سخی
اور قناعت والے کے مال مین خدا برکت دیتا ہے کہ وہ آسودہ رہتا ہے اور حرص
والے کے مال مین برکت نہین یعنی کتنا ہی اُسکو ملے پر اُسکا پیٹ نہین بہرتا جیسے
جوع الکلب کی بیماری والا کتنا ہی کہاوے اُسکو آسودگی نہین ہوتی حکیم بن حزام
سے بخاری مین روایت ہے کہ حضرت نے یہہ حدیث مجہہ سی فرمائی تو مین نے کہا
قسم ہے اُسکی جسنے آپ کو پیغمبر کیا ہے کہ مین زندگی بہر کبہی کچھہ کسی سے نہ مانگونگا
چنانچہ حکیم نے اپنا حصہ بیت المال سے بہی کبہی نہین لیا صدیق اور فاروق اپنی
خلافت مین بلا بلا کر دیتے تہے اور حکیم نہ لیتے تہے ف اَلزُّبَیْرُ بْنُ الْعَوَّامِ ق ۱۱۰۳
یَا زُبَیْرُ اِسْتُرْ ثُمَّ اِحْبِسِ الْمَاءَ حَتّٰی یَرْجِعَ اِلَی الْجَدْرِ بخاری اور مسلم مین

زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ای زبیر اپنا کہیت سینچ
لے پہر روک رکہہ پانی کو یہان تک کہ کہیت کی میندّون پر پانی چڑہ جاوے
یعنی لبالب ہو جاوے ف مصابیح مین روایت ہے کہ زبیر مین اور ایک انصاری مین کہیت
سینچنے کا جہگڑا ہوا حضرت نے حکم کیا کہ ای زبیر اول تو سینچ لے کہ تیری زمین پانی
قریب ہے پہر انصاری کو سینچنے دے تو انصاری نی غصے سی کہا حضرت ہو پہی کے
بیٹے کی خاطرداری کرتی ہین حضرت کو غصہ آیا پہر یہہ حدیث فرمائی اول حکم ہین
دونونکی رعایت تہی کہ دونون برابر سینچین جب انصاری نی غصہ دلایا اور
اسکے حق مین مروت کی تہی نہ سمجہا تب حضرت نی زبیر کو اپنا پورا حق لینی کو فرمایا
اسواسطے کہ شرع کا حکم یہہ ہے کہ جسکی زمین پانی سی قریب ہو اول وہ خوب
سینچ لے پہر دوسرا سینچے خ اَبُوْ سَعِیْدٍ یَا سَعْدُ اِنَّ هٰؤُلَاءِ نَزَلُوْا
عَلٰی حُکْمِکَ فَقَالَ لِسَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ فِیْ بَنِیْ قُرَیْظَةَ بخاری مین ابوسعید رض سی
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اے سعد البتہ یہہ لوگ اترے ہین تیرے فیصلے
کرنے پر یہہ حضرت نی سعد بن معاذ سی فرمایا بنی قریظہ کے حق مین ف بنی قریظہ
یہودی تہے مدینے کی قریب حضرت سی اور اُنسے صلح تہی پانچوین سال ہجری کے
جب جنگ خندق ہوئی تو بنی قریظہ حضرت سے قول توڑکے کافرون کے شریک

خ

ہوئے

ہوئے جب مشرک مکے کو پلٹ گئی تو حضرت نے بنی قریظہ کی گڑھی پندرہ روز تک گھیری اُن لوگون نی تنگ ہوکر پیغام دیا کہ ہم گڑھی سے اُترتے ہین خالے کئے دیتی ہین اور ہم سعد بن معاذ کے فیصلے پر راضی ہین جو ہمارے حق مین حکم کرین ہم اور حضرت اسپر عمل کرین یہودی اور سعد پیشتر ہم قسم تھے اُنپر مدد کا رہتے یہودی سمجھے کہ سعد ہماری رعایت کرکے ہمکو بچا دینگے پھر حضرت نی سعد کو مدینے سے بلوایا پھر یہہ حدیث فرمائی یعنے ای سعد تیری حکم پر فیصلہ موقوف ہے جو تو حکم کردیا عمل مین آوے سعد نے کہا کہ لڑنے والے جوان تو قتل ہون اور لڑکے اور عورتین اُنکے لونڈی غلام بنائے جاوین حضرت نی فرمایا ای سعد تونے خدا کی مرضی کے موافق حکم کیا چنانچہ وہ لوگ قتل ہوئے بعضی روایت مین آیا ہے کہ وہ نو سو تھے ق عَلِیٌّ وَسَعْدُ بْنُ اَبِیْ وَقَّاصٍ یَا سَعْدُ اِرْمِ فِدَاکَ اَبِیْ وَاُمِّیْ بخاری اور مسلم مین علی مرتضی اور سعد بن ابی وقاص رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ای سعد تیرے لیے میرا باپ تجھپر قربان سعد بن ابی وقاص بڑے تیرانداز تھے جب جنگ احد مین کافرون نے ہجوم کرکے حضرت کو نرغہ کرلیا تب حضرت نے سعد سے یہہ حدیث فرمائی حضرت اور لوگون سے تیر لیکر سعد کو دیتے جاتے تھے مصابیح مین علی مرتضی رض سے روایت ہے

ق ۱۱۰۴

کہ مین نی حضرت سی کسی کے حق مین نہین سنا کہ میرے ماباپ تجھپر قربان ہون
سوای سعد بن ابی وقاص کے اِس حدیث سے بڑی فضیلت انکی ثابت ہوئی
سبحان اللہ کیا رنگا رنگ کی قدرت ہے آدمیون کی اختلاف مین کہ سعد بن ابی
وقاص تو ایسے حضرت کے جان نثار جن کو حضرت ایسی عمدہ بات فرماوین اور اِنکا
بیٹا یعنی عمر بن سعد ایسا کمبخت سخت دل کہ حضرت کے لخت جگر یعنی حضرت امام حسین رض
شہید کرے ولی سی شیطان پیدا کرنا اور شیطان سے ولی پیدا کرنا یہہ اُسکی
قدرت ہے ف ۱۱۰۵ سَلَمَۃُ بْنُ الْاَکْوَعِ یَا سَلَمَۃُ اَیْنَ جُفْتُکَ اَوْ دَرَقَتُکَ الَّتِی
اَعْطَیْتُکَ سلم مین سلمہ بن اکوع رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ای سلمہ کہان ہے
تیری ڈھال جو مین نی تجھکو دی تہی ف حضرت نی سلمہ کو ایک مُڑبچی ڈھال
دی تہی سلمہ نی کسی اور کو دے ڈالی تھی تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی باقی قصہ اسکا
دوسرے باب مین ہو چکا ف ۱۱۰۶ سَلَمَۃُ بْنُ الْاَکْوَعِ یَا سَلَمَۃُ ھَبْ لِیَ الْمَرْاَۃَ الَّتِیْ
اَبُوْکَ یَعْنِیْ اِمْرَاَۃً مِنَ السَّبْیِ مسلم مین سلمہ بن اکوع سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا اے سلمہ مجھکو دے ڈال قیدی عورت کو تیرا باپ فضل الٰہی سے خوب
شخص تہا یعنے تو بڑے باپ کا بیٹا ہے تیرے نزدیک چیز دینا کچھ بڑی
بات نہین ف سلمہ سے روایت ہے کہ حضرت نے ابی بکر صدیق کو سردار بنا کر

ایک قوم سی لڑنے کو بھیجا کچھ کافر مارے گئے اور کچھ قید ہوئے اُن مین سی ایک عورت
مجھکو ملی تب حضرت نی یہہ حدیث فرمائی آخرش وہ عورت مین نی حضرت کو دی حضرت نے
وہ عورت کھا رکہ کو دیکر دو قیدی مسلمانون کو خلاص کو وایا خ ابن عباسؓ سی
یَا عَبَّاسُ اَلَا تَعْجَبُ مِنْ حُبِّ مُغِیْثٍ بَرِیْرَۃَ وَمِنْ بُغْضِ بَرِیْرَۃَ مُغِیْثًا
بخاری مین عبداللہ بن عباسؓ سی روایت کہ حضرت نی فرمایا کہ اے عباسؓ کیا تمکو تعجب
نہین آتا مغیث کی محبت سی بریرہ کو اور بغض بریرہ کا مغیث کو ف بریرہ لونڈی
تھی اور اُسکا خاوند حبشی غلام تھا مغیث نام جب حضرت عائشہ نی بریرہ کو
مول لیکر آزاد کیا تو حضرت نی بریرہ کو مختار کیا کہ چاہے اس غلام کے نکاح مین
رہے چاہے اسکو چھوڑ دیوی بریرہ نی اُسکو ناپسند کیا تو مغیث اسکے پیچھے پیچھے
مدینے کی کوچون مین روتا پھرتا تھا اور وہ اُسکو قبول نہین کرتی تھی تب حضرت نے
اسکی محبت اور اُسکی نفرت دیکھہ کر حضرت عباسؓ سے یہہ حدیث فرمائی پھر حضرت نی
بریرہ سے کہا کہ تو اپنے خاوند سی پھر ملاپ کرلے اُسنی کہا کہ یا حضرت کیا شرع کا
حکم آپ مجھسے فرماتے ہین حضرت نی فرمایا کہ نہین بلکہ مین اُسکی سفارش کرتا ہون اُسنے
کہا مجھکو تو اُسکی کچھہ حاجت نہین اور یہی مذہب امام اعظم اور امام شافعی کا ہے
اگر لونڈی آزاد ہوئی اور اُسکا خاوند غلام تو اُسکو اختیار ہے چاہے نکاح درست رکھے اور

۱۱۰۷
خ

چاہے توڑ ڈالے اور اگر اسکا خاوند آزاد ہو تو امام اعظم کے نزدیک اختیار ہے اور امام مالک
اور امام شافعی کے نزدیک اختیار نہیں م ابن عمر یا عبد اللہ ارفع
ازارک قال فرفعتہ ثم قال زد فزدت مسلم میں عبد اللہ بن
عمر سے روایت ہے کہ حضرت نے مجھسے فرمایا کہ اے عبد اللہ اونچا کر اپنی ازار کو کہا عبد اللہ
بن عمر نے سو میں نے اسکو اونچا کیا پھر حضرت نے فرمایا زیادہ اونچا کر سو میں نے
اور زیادہ تر اونچا کیا ف کسی نے عبد اللہ بن عمر سے پوچھا کہاں تک اونچا کرنا چاہیے
انہوں نے کہا کہ آدھی پنڈلیوں تک پائجامہ ٹخنوں کے اوپر رکھنا مباح ہے اور آدھی
پنڈلیوں تک مستحب ہے ق ابو موسی یا عبد اللہ الا اعلمک کنزا
من کنوز الجنۃ لا حول ولا قوۃ الا باللہ قال لا بی موسی بخاری اور
مسلم میں ابو موسی رضی سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اے عبد اللہ کیا میں تجھکو نہ بتلادوں
ایک خزانہ بہشت کی خزانوں سے وہ خزانہ لا حول ولا قوۃ الا باللہ ہے
یہ حضرت نے ابو موسے سے فرمایا ف ابو موسی کا نام عبد اللہ بن قیس
ہے انسے روایت ہے کہ آنحضرت کے ساتھ سفر میں تھے اصحاب
پکار پکار کر اللہ اکبر کہتے تھے حضرت نے فرمایا کہ آہستہ کہو تم بہرے اور غائب کو
نہیں یاد کرتے جو پکارنے اور چلانے کی حاجت ہو خدا قریب اور سنتا ہے

اور مین حضرت کے پیچھے لاحول ولا قوۃ الا باللہ پڑھتا جاتا تھا تب حضرت نے
یہہ حدیث فرمائی یعنی بہشت مین اسکا اتنا کثرت سی ثواب ہے جیسے کافر کے نزدیک
دنیا کا خزانہ عمدہ چیز ہے ف عبد اللہ بن عمرو یا عبد اللہ لا تکن مثل ١١١٠ ف
فلان کان یقوم من اللیل فترک قیام اللیل قالہ بخاری اور مسلم
مین عبد اللہ بن عمرو سے روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ اے عبد اللہ تو نہو جیو فلانکی
طرح کہ وہ رات کو اٹھا کرتا تھا پھر اُس نی چھوڑ دیا رات کا اُٹھنا یعنی تہجد کی نماز
یہہ حضرت نی عبد اللہ بن عمرو سے فرمایا ف اس حدیث سی معلوم ہوا کہ جب
نفل عبادت خواہ نماز خواہ روزہ خواہ وظیفہ شروع کرے تو اسکو ہمیشہ نباہے کبھی ١١١١
کرنا کبھی چھوڑنا مکروہ ہے اسواسطے کہ ایسی عبادت کا دل مین خوب اثر نہین جماتا ع
عدی بن حاتم یا عدی ھل رأیت حیرۃ قلت لم ارھا وقد انبئت
عنھا قال فان طالت بک حیوۃ لترین الظعینۃ ترتحل من الحیرۃ حتی
تطوف بالکعبۃ لا تخاف احدا الا اللہ ولئن طالت بک حیوۃ
لتفتحن کنوز کسری قلت کسری بن ھرمز قال کسری بن ھرمز ولئن طالت
بک حیوۃ لترین الرجل یخرج ملء کفہ من ذھب او فضۃ یطلب
من یقبلہ منہ فلا یجد احدا یقبلہ منہ ولیلقین اللہ

احدکم یوم یلقاہ ولیس بینہ وبینہ ترجمان یترجم لہ
فیقولن لہ الم ابعث الیک رسولا فیبلغک فیقول بلی فیقول
الم اعطک مالا وولدا وافضل علیک فیقول بلی فینظر
عن یمینہ فلا یری الا جہنم وینظر عن یسارہ فلا یری الا

جہنم بخاری مین عدی بن حاتم سی روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ اے عدی تو نے
حیرہ دیکھا ہے مین نے کہا مین نے اسکو نہین دیکھا اور البتہ اسکی خبر
مجھکو ہے حضرت نی فرمایا کہ اگر تیری زندگی زیادہ ہوئی تو مقرر تو دیکھیگا
اکیلی عورت شتر سوار کو کہ حج کے ارادے پر حیرہ سے چلیگی یہان تک کہ
کعبے کا طواف کریگی نہ ڈریگی کسی سے سوائے خدا کے اور اگر تیری
زندگی زیادہ ہوئی تو کہولے جاوینگے پادشاہ ایران کے خزانے
مین نے کہا ایران کا پادشاہ ہرمز کا بیٹا مراد ہے حضرت نے فرمایا کہ ان ایرانکا
پادشاہ ہرمز کا بیٹا مراد ہے اور اگر تیری زندگی زیادہ ہوئی تو مقرر تو دیکھیگا
کہ مرد اپنی مٹھی بھرے سونا چاندی لیکر نکلے کا تلاش کریگا کہ کوئی محتاج اسکو
لیوے سونہ پاویگا کسی کو جو اسکو قبول کرے اور البتہ تم مین سی کوئی ایک شخص
خدا سے ملیگا جب کہ اُسسے ملاقات ہوگی یعنے قیامت کو اور نہوگا اُسکے

اور خدا کے درمیان کوئی دوبھاشیا جو درمیان مین ایک دوسرے کی بولی
سمجھاوے یعنی بلاواسطہ کلام ہوگا سو خدا فرماویگا اُسسے کہ کہیں نے کوئی
پیغمبر تیری پاس نہین بھیجا سو تجھکو میرا حکم پہنچاتا سو وہ کہیگا کہ ہان تیری پیغمبر نی
تیرا پیغام پہنچایا پھر خدا فرماویگا کہ کیا مین نے تجھکو مال اور اولاد نہین دی اور
تجھپر فضل اور کرم نہین کیا سو وہ کہیگا کہ سچ ہے تو نے سب کچھ دیا پھر نظر کریگا
اپنے داہنے تو سوای دوزخ کے کچھ نہ دیکھیگا اور اپنے بائین نظر کریگا تو کچھ
نہ دیکھے گا سوای دوزخ کے حیرہ ایک شہر تہا کوفہ پاس اُسکا نام حیرۃ النعمان
مشہور ہے ملکی مین اور اُسمین کئی مہینے کی راہ ہے **ف** مصابیح مین روایت ہے
عدی بن حاتم سے کہ مین حضرت کے پاس تہا سو ایک مرد نی افلاس اور محتاجی کا
گلہ کیا اور دوسرے نی رہزنی کی شکایت کی تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی
عدی رض کہتی ہین کہ مین نی اپنی آنکھون سے دیکہا کہ ایک عورت شتر سوار حیرہ سے
کعبے کو جاتی تہی اور جب ایران کا ملک فتح ہوا عمر فاروق کی خلافت مین تو مین
ہی موجود تہا اور جو تم لوگون مین جیتا رہے گا وہ تیری بات ہی دیکھے گا
یعنی کوئی محتاج نہ رہیگا جو صدقہ قبول کرے بعضی کہتی ہین کہ عمر بن عبدالعزیز کی
خلافت مین یہہ بات ہی ہوچکی اور بعضے کہتے ہین کہ حضرت امام مہدی کے وقت مین

ہوگی یہہ حدیث ہمارے حضرت کی پیغمبری پر دلیل اور معجزہ ہے کہ حضرت نے آیندہ کی
بات کی خبر دی پہر اُسی طرح واقع ہوا باقی مضمون اِس حدیث کا کئی بار ہو چکا

۱۱۱۲ م سعد ابن ابی وقاص یا علی انت منی بمنزلة هارون من
موسی الا انه لا نبی بعدی مسلم ہین سعد بن ابی وقاص سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ای علی مرتضی تیرا مرتبہ میری نزدیک جیسے ہارونکا
رتبہ موسی کے نزدیک مگر اتنا فرق ہے کہ میری بعد کوئی پیغمبر نہین ف ہجری
نوین سال جب حضرت جنگ تبوک کو چلے تو علی مرتضی رض کو مدینی مین خلیفہ
کیا منافقون نی کہا کہ پیغمبر پر حضرت مرتضے علی بہارو ہین اسواسطے انکو ساتہہ نہ لیا
علی مرتضی کو اس بات سے رنج ہوا تیار ہو کر حضرتکو جا ملے اور یہہ منافقونکا طعنہ بیان کیا اور کہہ
یا حضرت کیا آپ مجھکو عورتون اور لڑکون پر خلیفہ کرتے ہین تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنی
اسمین کچھہ رتبہ نہین جاتا دیکھو موسیٰ جب کوہ طور پر گئی تہی تو اپنی بڑبہائی ہارون پیغمبر کو اپنے گہر بار
بنی اسرائیل پر خلیفہ کر گئے تہی تو جیسے ہارون ع کی عزت موسی علیہ السلام کے نزدیک
تہی ویسی تمہاری عزت میری نزدیک ہے ہان اتنی بات البتہ ہارون مین
زیادہ تہی کہ وہ پیغمبر بہی تہے اور تم پیغمبر نہین اسواسطے کہ مین خاتم النبیین ہون
میرے بعد کسی کا پیغمبر ہونا ممکن نہین اِس حدیث سے بڑی فضیلت مرتضی علی رض کی

فضیلت حضرت مرتضی علیہ السلام و جہ کریم اور رد شیعہ

ثابت

ثابت ہوئی اور کمال رتبہ مرتضوی جلوہ گر ہوا اور شیعہ جو کہتی ہین کہ اس حدیث سے
علی مرتضی کی خلافت بلافصل ثابت ہوتی ہے یعنی حضرت کے بعد سوا علی مرتضی کے کوئی خلافت کی
حق نہین سو سراسر بے جوڑ بات ہے اسواسطے حضرت ہارون حضرت موسی کے سامنے مر گئے
تھے حضرت موسی کے خلیفہ یوشع ہوئے تھے اگر حضرت ہارون زندہ رہتے اور
حضرت موسی کے بعد خلیفہ ہوتے تو البتہ پوری مثال ہوتی اس حدیث سے معلوم ہوا کہ
حدیث مین ہر طرح کی خلافت مراد نہین یعنی جنگ تبوک کی پھرتی تک خلافت
ہے ہمیشہ نہین جیسے حضرت ہارون کی خلافت اسی دم تک تھی جب تک حضرت موسی
طور سے تشریف لائے تھے ہان یہہ مقرر ہے کہ اس حدیث سے علی مرتضی کو خلافت کی
لیاقت بخوبی ثابت ہوتی ہے لیکن اسمین انکے سوای دوسرے خلیفہ کی انکار
بھی نہین صدیق اور فاروق اعظم کے فضائل احادیث مین بی شمار ہین اس کتاب
مین بھی بہت حدیثین مذکور ہو چکین ہین اور ہونگین اپنی خواہش کے موافق
ایک حدیث کو پکڑ لینا اور سوے اسکے اور حدیثونکو خیال نکرنا یا جہالت ہے یا تعصب ۱۱۱۳ ھ

عمر

يَا عُمَرُ أَلَا تَكْتَفِي بِآيَةِ الصَّيْفِ الَّتِي فِي آخِرِ سُورَةِ النِّسَاءِ فَاجْتَرَأْتَ
عَلَيَّ فِي السُّؤَالِ عَنِ الْكَلَالَةِ مسلم مین عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ای عمر کیا تجھکو کفایت نہین کرتی ایام گرما کی آیت

جو سورۂ نسا کے آخر ہین ہے یہہ حضرت نے اسوقت فرمایا جب عمر فاروق نی حضرت سے
بہت پوچھا کلالہ کے حکم سے ف کلالہ وہ مرد یا عورت ہے جسکا باپ اور
بیٹا نہو سورہ نسا کی آخر آیت ہے یہہ یَسْتَفْتُونَكَ قُلِ اللّٰهُ يُفْتِيكُمْ فِي
الْكَلَالَةِ یعنی اے پیغمبر تجھسے کلالہ کی وراثت کا حکم پوچھتے ہین تو کہہ اگر مرد
مر جاوے اور اسکے بیٹا نہو اور اسکی بہن ہو تو آدھا مال اسکا لیوی اور اگر وہ
بہن ہون یا زیادہ تو دو تہائی لیوین اور اگر بہائی بہن ہون تو مرد کا حصہ دونا ہے
عورت سے یہہ آیت گرمی کے موسم مین اتری تہی اسواسطے اسکو گرمی کی آیت
۱۱۱۴ فرمایا ہ ابو ہریرۃ یا عمر اما شعرت ان عم الرجل صنو ابیہ
سلم مین ابو ہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اے عمر تو نہین جانتا کہ
مرد کا چچا اور اسکا باپ ایک جڑ کی دو شاخین ہین ف یعنی چچا اور باپ تعظیم
اور توقیر مین برابر ہین کہ دونون ایک دادا سے پیدا ہین جیسے ایک جڑ سے
دو شاخ عمر فاروق زکوۃ کی تحصیل کے عامل تہے حضرت عباس کے زکوۃ
نہ دینے کی حضرت سے شکایت کی تب حضرت نے عمر فاروق سے یہہ حدیث فرمائی
۱۱۱۵ ہ ابو ہریرۃ یا فلان الا تحسن صلوتک الا ینظر المصلی اذا صلی
کیف یصلی فانما یصلی لنفسہ انی لا ابصر من ورائی کما

ابصر

أُبْصِرُ مِنْ بَيْنِ يَدَيَّ سلم ہین ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
کہ ای فلانے تو کیون نہین اپنی نماز خوبی سی پڑھتا کیون نہین دیکھتا نمازی جب پڑھتا ہے کہ کس
طرح پڑھتا ہے سو وہ تو اپنے بھلے کی واسطے پڑھتا ہے مقرر ین دیکھتا ہون اپنی
پیچھے سی جیسا اپنی آگے سی دیکھتا ہون ف ایک شخص حضرت کے پیچھے صف مین
نماز پڑھتا تھا اور اِدھر اُدھر دیکھتا جاتا تھا جب حضرت نماز پڑھ چکے تو یہہ
یہہ حدیث فرمائی یعنی نماز با ادب حضور دل سی چاہیے اِدھر اُدھر دیکھنا اپنے
مالک کے روبرو کمال بی ادبی ہے اور یہہ معجزہ حضرت کا تھا کہ جیسا سامنے سے
دیکھتے تھے ویسا ہی پشت سی ق عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِي أَوْفَى يَا فُلَانُ ق ۱۱۱۶
أَنْزِلْ فَاجْدَحْ لَنَا قَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنَّ عَلَيْكَ نَهَارًا قَالَ أَنْزِلْ
فَاجْدَحْ لَنَا قَالَ فَنَزَلَ فَجَدَحَ فَأَتَاهُ بِهِ فَشَرِبَ ثُمَّ قَالَ بِيَدِهِ
إِذَا غَابَتِ الشَّمْسُ مِنْ هٰهُنَا وَجَاءَ اللَّيْلُ مِنْ هٰهُنَا فَقَدْ أَفْطَرَ الصَّائِمُ
بخاری اور مسلم ہین عبداللہ بن ابی اوفی سی روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ ای
فلانے اُتر سو ہمارے واسطے ستو گھول اُسنے کہا یا رسول اللہ البتہ آپکے اوپر تو دن
ہے یعنی آپ روزہ دار ہین اور دن ابھی باقی ہے حضرت نے فرمایا کہ اُتر سو ہمارے
واسطے ستو گھول راوی نی کہا سو وہ شخص اُترا پھر اُسنے ستو گھولی اور حضرت کے پاس

لایا تو حضرت نے پیالہ ہر ہ تہ سی پچھم کی طرف اشارہ کیا اور کہا کہ جب آفتاب دوبے
اِدھر سے اور رات آوے اُدھر سی یعنی سیاہی پورب سے نمود ہو تو روزہ دار کے
روز کہولنی کا وقت آیا **ف** راوی سے روایت ہے کہ ہم رمضان مین حضرت کے ساتھ
سفر مین تھے جب آفتاب ڈوبا تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی اس حدیث سی
معلوم ہوا کہ حضرت اول وقت بہت جلد روزہ کہولنی تھے کہ بعضی لوگون کو
شبہ رہتا تھا کہ شاید ابھی دن باقی ہے اور ثابت ہوا کہ جب آفتاب غروب
ہوا اور پورب کی طرف سیاہی چڑھی وہی وقت ہے روزہ کہولنے کا ۱۲

۱۱۱۷ عَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ سَرْجِسَ يَا فُلَانُ بِأَيِّ الصَّلٰوتَيْنِ اعْتَدَدْتَ أَبِصَلٰوتِكَ
وَحْدَكَ أَمْ بِصَلٰوتِكَ مَعَنَا قَالَ لِرَجُلٍ دَخَلَ الْمَسْجِدَ وَالنَّبِيُّ صَلَّى
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ فِي صَلٰوةِ الْفَجْرِ فَصَلّٰى رَكْعَتَيْنِ فِي جَانِبِ
الْمَسْجِدِ ثُمَّ دَخَلَ مَعَنَا مسلم مین عبداللہ بن سرجس سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا ای فلانے دونون نمازون سے کس نماز کا تونے حساب کیا یعنی
کون نماز کو معتبر جانا کیا اُس نماز کو جو تونے اکیلی پڑھی یا اس نماز کو جو تونے
ہمارے ساتھہ پڑھی یہہ حضرت نے اُس مرد سے کہا جو مسجد مین آیا اور حضرت فرض نماز
فجر کی پڑھتے تھے سو اُسنے شاید دو سُنت رکعتین مسجد کے ایک کنارے مین پڑھین

پھر حضرت کے ساتھ نماز مین داخل ہو اف یعنی جماعت کے ہوتے سنت پڑھنا بیجا ہے
اور یہی مذہب ہے اکثر اماموں کا اور امام اعظم کے نزدیک اگر جانے کہ سنت پڑھنے
بعد جماعت مین شریک ہو جاویگا تو مسجد کے باہر صف سے دور سنت پڑھے اور
اگر جانے کہ ایک رکعت بھی نہ ملیگی تو جماعت مین شریک ہو جاوے سنت نہ پڑھے

۱۱۱۸ م عُمَرُ یَا فُلَانُ بْنُ فُلَانٍ وَیَا فُلَانُ بْنُ فُلَانٍ هَلْ وَجَدْتُمْ مَا
وَعَدَكُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ حَقًّا فَاِنِّیْ قَدْ وَجَدْتُ مَا وَعَدَنِیَ اللّٰهُ
حَقًّا فَقَالَ عُمَرُ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كَیْفَ تُكَلِّمُ اَجْسَادًا لَا اَرْوَاحَ فِیْهَا فَقَالَ
مَا اَنْتُمْ بِاَسْمَعَ لِمَا اَقُوْلُ مِنْهُمْ غَیْرَ اَنَّهُمْ لَا یَسْتَطِیْعُوْنَ اَنْ
یَرُدُّوْا عَلَیَّ شَیْئًا مسلم مین عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
اے فلانے بیٹے فلانیکے اے فلانے بیٹے فلانے کے بیٹے کے بیٹے بھلا جو تم سے اللہ اور اسکی رسول نے
وعدہ کیا تھا تم نے سچ مچ پایا سو مین نے تو جو خدا نے مجھسے وعدہ کیا تھا سچ مچ پایا
تو عمر فاروق نے کہا یا رسول اللہ کیونکر آپ کلام کرتے ہین ڈھڑون سے جنمین
روح نہین سو حضرت نے فرمایا تم میرے قول کو نسے زیادہ تر نہین سنتے یعنی تم اور
میری کلام کی سماعت مین برابر ہو مگر یہہ بات مقرر ہے کہ وہ میری بات کا کچھ جواب
نہین دے سکتے ف جب جنگ بدر مین ابوجہل اور عتبہ اور عقبہ وغیرہ کفار قریش

مارے گئے تو حضرت نے انکے دھڑ ایک کنوئیں میں ڈلوا دئے پھر اُس کھڑے ہو کر
یہہ حدیث فرمائی یعنی جو خدا و رسول نے تمہارے قتل اور عذاب کا اور میری
فتح کا وعدہ کیا تھا سو سچ ہوا بعضی کہتی ہیں کہ اِس حدیث سے ثابت ہوا کہ مردو
سماعت رکھتے ہیں اور موت سے روح کو۔ فنا نہیں اور قبرستان میں مردوں کو سلام کرنا
دلیل انکی سماعت کی اور حدیث میں ثابت ہے کہ جب مردے کو دفن کرکے لوگ
پھرتے ہیں تو مردہ لوگوں کی چپ سنتا ہے اور بعضی کہتی ہیں کہ مردوں کو سماعت
نہیں یہہ حضرت کا معجزہ تھا جو اُن کافروں نے سنا جسطرح ٹھیکریوں نے
حضرت کے ہاتھ میں تسبیح کی تھی اِس حدیث میں سوای ان کافروں کے اور مردوں کی
سماعت کا ذکر نہیں صحیح بخاری میں قتادہ سے روایت ہے کہ خدا نے اسوقت اُن
کافروں کو زندہ کر دیا تھا کہ حضرت کا کلام سنکے شرمندہ ہوں اور اسی
طرح حضرت عائشہ سے بھی روایت ہے واللہ اعلم ۱۱۶۹ م قَبِیْصَةُ بْنُ مُخَارِقٍ
یَا قَبِیْصَةُ اِنَّ الْمَسْئَلَةَ لَا تَحِلُّ اِلَّا لِاَحَدِ ثَلٰثَةٍ رَجُلٍ تَحَمَّلَ حَمَالَةً
فَحَلَّتْ لَهُ الْمَسْئَلَةُ حَتّٰی یُصِیْبَهُ ثُمَّ یُمْسِكُ وَرَجُلٍ اَصَابَتْهُ
جَائِحَةٌ اِجْتَاحَتْ مَالَهُ فَحَلَّتْ لَهُ الْمَسْئَلَةُ حَتّٰی یُصِیْبَ قِوَامًا
مِنْ عَیْشٍ اَوْ قَالَ سِدَادًا مِنْ عَیْشٍ وَرَجُلٍ اَصَابَتْهُ فَاقَةٌ

حتی

حَتّٰی یَقُوْمَ ثَلٰثَۃٌ مِّنْ ذَوِی الْحِجٰی مِنْ قَوْمِہٖ لَقَدْ اَصَابَتْ فُلَانًا
فَاقَۃٌ فَحَلَّتْ لَہُ الْمَسْئَلَۃُ حَتّٰی یُصِیْبَ قِوَامًا مِّنْ عَیْشٍ اَوْ قَالَ سِدَادًا
مِّنْ عَیْشٍ فَمَا سِوَاھُنَّ مِنَ الْمَسْئَلَۃِ یَا قَبِیْصَۃُ سُحْتًا یَاْکُلُھَا صَاحِبُھَا
سُحْتًا کَذَا وَقَعَ فِیْ کِتَابِ مُسْلِمٍ حَتّٰی یَقُوْمَ وَالصَّوَابُ یَقُوْلُ کَذَا
اَخْرَجَہٗ اَبُوْ دَاوٗدَ وَبِالْاِلْزَامِ مسلم مین قبیصہ بن مخارق رضہ سی روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ اے قبیصہ سوال کرنا حلال نہین مگر ایک کو تین قسم کے آدمیون سے
ایک تو وہ مرد جسنے دوسرے کا بوجھ اپنے اوپر ڈالا اسکو سوال کرنا حلال
ہے یہان تک کہ اتنا مال پاجاوے پھر رک رہے اور دوسرا مرد وہ جسپر
ایسی آفت پڑی جس سے اسکا مال برباد ہوگیا تو اسکو سوال کرنا حلال ہے
یہان تک کہ اپنی زندگی کے گذارہ کے لائق حاصل کرے یا حضرت نے یون فرمایا
کہ زندگی کی سد رمق حاصل کرے اور تیسرا مرد وہ ہے جسکو فاقی کی نوبت پہنچے
یہان تک کہ شہر کے تین دانا آدمی گواہی دین اسکی قوم کی کہ فلانی کو فاقہ ہے تو اسکو
سوال کرنا حلال ہے یہان تک کہ زندگی کے گذارہ کے لائق حاصل کرے
یا یون فرمایا کہ زندگی کی سد رمق حاصل کرے اور تین کی سوا ی سوال کرنا اے
قبیصہ حرام ہے کہاتا ہے سوال کرنے والا حرام کو صحیح مسلم مین اسی طرح ہے

یقوم کی روایت ہے اور ٹھیک یقول ہے جس طرح ابو داود فی لام سی روایت کیا
ہے **ف** غیر کا بوجھ اپنے اوپر ڈالنا اس طرح پر کہ جیسی دو آدمی ہین مال کے
سبب جھگڑا ہو قرض کے بابت یا خون بہا کی بابت یا ڈاند کی بابت اور تیسرا
آدمی اُن دونون ہین صلح کروا دے اور اُس قدر مال کو اپنے ذمہ پر کر لیوے
تو اُسکو سوال کرنا درست ہے عرب مین اس طرح کی ذمہ داری کا رواج بہت تہا
اور آفت سے مال برباد ہونا جیسے آگ سی جلنا یا غرق ہونا یا لٹ جانا اور یہہ جو
فاقے کی گواہی تین آدمیونکی فرمائی سو باعتبار احتیاط اور استحباب کے ہے
کسی عالم کے نزدیک یہہ شرط نہین کہ بدون گواہی کے فاقی والے کو سوال کرنا
درست نہو اس حدیث سے معلوم ہوا کہ سوال کی اصل حرام ہے لیکن ان ضرورتون
درست ہے اسکے سوای کسی طرح سوال درست نہین مصابیح مین قبیصہ رضہ سے روایت ہے
کہ مین مال ضامن ہوا اور حضرت سے مین نے سوال کیا حضرت نے مجھسے فرمایا کہ تو ٹہہر جا
زکوۃ کا مال جب آویگا تو مین تجھکو دونگا کتاب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی **خ** ۱۱۲۰
جَابِرٍ يَا مُعَاذُ أَفَتَّانٌ أَنْتَ ثَلٰثًا اِقْرَأْ وَالشَّمْسِ وَضُحٰهَا وَسَبِّحِ اسْمَ
رَبِّكَ الْاَعْلٰى وَنَحْوِهَا قَالَ لَهُ حِيْنَ قَرَأَ الْبَقَرَةَ فِي الْعِشَاءِ الْاٰخِرَةِ
بخاری مین جابر رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا ای معاذ کیا تو فتنہ انداز ہے

پڑھا کرو والشمس وضحٰھا ونحوھا اور سبح اسم ربک الاعلی اور اتنی اتنی بڑی اور سورتین
یہہ حدیث معاذ سے فرمائی جب کہ انہون نے عشا کی وقت سورۂ بقر پڑہی تہی
ف مصابیح مین جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ معاذ کا دستور تہا کہ عشا کی نماز
حضرت کے ساتہہ پڑھتے پہر اپنی قوم مین جاکر امامت کرتی سو ایکبار معاذ نے
سورۂ بقر عشا مین شروع کی تو ایک مرد جماعت چہوڑ کے علحدہ نماز پڑہ کے
اپنے گہر چلا گیا معاذ نے اسکو منافق کہا وہ مرد حضرت پاس گیا اور اسنے
کہا یا رسول اللہ ہم کہیتی والے محنتی لوگ ہین یعنی دنکی محنت سی ہم ماندے
ہوجاتے ہین رات کو ہم کو اتنی طاقت نہین رہتی کہ ہم بڑی بڑی رکعتین پڑہین اور
معاذ نے رات کو سورۂ بقر پڑہی مین اپنی نماز علحدہ پڑہ کے چلا گیا سو معاذ نے
مجھکو منافق کہا تب حضرت نے معاذ سی یہہ حدیث فرمائی یعنی تو لوگون مین کیا
فتنہ ڈالا چاہتا ہے بڑی قرأت سے جماعت چہوڑ دے گا معلوم ہوا کہ امام کو
اپنی قوم کی رعایت واجب ہے بدون انکی مرضی طول قرأت نہین درست شافعی کے
مذہب مین درست ہے کہ امام نیت نفل کرے اور مقتدی فرض کی چنانچہ اس
حدیث سے معلوم ہوا کہ معاذ حضرت کے ساتہہ فرض پڑہتے تہے اور اپنی قوم کو نفل کی
نیت سے پڑہاتے تہے اور حنفی مذہب مین نفل والے کے پیچہے فرض والی کی

نماز نہین درست تو اسکے طور پر معاذ حضرت کے ساتھ نفل کی نیت سی پڑھتے ہونگے
اور اپنے قوم کے ساتھ فرض کی نیت سی ق مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ یَا مُعَاذُ ق ۱۱۲۱
بْنَ جَبَلٍ هَلْ تَدْرِیْ مَا حَقُّ اللّٰهِ عَلَی الْعِبَادِ قَالَ قُلْتُ اَللّٰهُ
وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ قَالَ فَاِنَّ حَقَّ اللّٰهِ عَلَی الْعِبَادِ اَنْ یَعْبُدُوْهُ وَلَا یُشْرِكُوْا
بِهٖ شَیْئًا یَا مُعَاذُ بْنَ جَبَلٍ هَلْ تَدْرِیْ مَا حَقُّ الْعِبَادِ عَلَی اللّٰهِ
اِذَا فَعَلُوْا ذٰلِكَ قُلْتُ اَللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ قَالَ اَنْ لَّا یُعَذِّبَهُمْ
بخاری اور مسلم مین معاذ بن جبل رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا اے معاذ بن جبل
بھلا تو جانتا ہے کہ کیا خدا کا حق ہے بندون پر معاذ نے کہا مین نے کہا اللہ اور
اسکا رسول زیادہ تر دانا ہے حضرت نے فرمایا سو مقرر خدا کا حق تو بندون پر یہہ ہے
کہ اسکی بندگی کرین اور اسکے ساتھ کسی کو شریک نکرین اے معاذ بن جبل بھلا
تو جانتا ہے کہ کیا حق بندون کا خدا پر جب کہ وہ اسکو کرین یعنی عبادت
کرین لاشریک جان کر مین نے کہا اللہ اور رسول اسکا زیادہ تر دانا ہے
حضرت نے فرمایا بندون کا حق خدا پر یہہ ہے کہ انکو عذاب نہ کرے ف
خدا کا حق بندون پر واجب ہے اور بندے کا حق خدا پر کچھ نہین لیکن اسکے فضل اور
کرم کی راہ سے البتہ ہر طرح کی امید ہے ق اَلْمُغِیْرَةُ بْنُ شُعْبَةَ یَا مُغِیْرَةُ ق ۱۱۲۲

خذ الاوراق

خُذِ الْاِدَاوَۃَ بخاری اور مسلم مین مغیرہ بن شعبہ سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
کہ اے مغیرہ اٹھالے وضو کے برتن کو ف مغیرہ سی روایت ہے کہ مین حضرت کے
سفر مین ساتھ تہا جب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی تو مین وضو کا برتن حضرت کے تہے
لے چلا حضرت نی اول حاضر ورسی فراغت کی شامی جبہ حضرت پہنی تہے آستینین
اسکی تنگ تہین اسلیے ہاتہہ نکالکر حضرت نے وضو کیا اور مین پانی ڈالتا جاتا تہا پہر حضرت نے
موزون پر مسح کیا آس حدیث سی معلوم ہوا کہ خدمتگار سی وضو کروانا درست ہے

## نوع آخر

ق جابرٌ یا اَھْلَ الْخَنْدَقِ اِنَّ جابرًا قَدْ صَنَعَ لَکُمْ سُوْرًا فَحَیَّھَلًا بِکُمْ ق ۱۱۳۳

بخاری اور مسلم مین جابر رضی اللہ عنہ سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اے اہل خندق
کہودنے والو البتہ جابر نی تمہاری دعوت کا کہانا تیار کیا سو جلدی چلو ف
اسکا پورا قصہ تیسرے باب مین ہو چکا کہ تہوڑے گوشت اور تین سیر کے جو کی آٹے کو

حضرت کی برکت سی ہزار آدمی نی کہایا جنگ خندق کے ایام مین م اَبُوْسَعِیْدٍ نہم ۱۱۳۴
یَا اَھْلَ الْمَدِیْنَۃِ لَا تَاْکُلُوا الْحَرْمَلَ اَضَاحِیَّ فَوْقَ ثَلٰثٍ قَالَ اَبُوْسَعِیْدٍ
فَشَکَوْا اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ اَنَّ لَھُمْ عِیَالًا وَ
حَشَمًا وَخَدَمًا فَقَالَ کُلُوْا وَاَطْعِمُوْا وَاحْبِسُوْا وَادَّخِرُوْا

ابو سعید رضی سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ای مدینی کے لوگو نہ کہا و قربانیون کے
گوشت کو تین دن سی زیادہ کہا ابو سعید فی پہر لوگون فی شکایت بیان کی حضرت سے
کہ ہمارے جورو لڑکے ہین اور بہائی بند ہین اور غلام خدمتگار ہین یعنی اگر تین دن سے
زیادہ اجازت ہو تو ہمارا بہت دنون تک کام چلے تو حضرت نے فرمایا کہ کہا و
اور کہلا و اور بندکر رہو یا فرمایا رکہہ چہوڑو ف یعنی قربانی کا گوشت تین دن سی
زیادہ رکہنا درست ہے اول حکم منسوخ ہوا ق عبد اللہ بن زید بن عاصم ق ۱۱۲۵
یا معشر الانصار الم اجدکم ضلالا فہداکم اللہ بی وکنتم
متفرقین فالفکم اللہ بی وعالۃ فاغناکم اللہ بی بخاری اور مسلم
ہین عبد اللہ بن زید بن عاصم سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ای گروہ انصار بہلا ہین نے
تم کو گمراہ نہین پایا سو خدا نے تم کو دین کی راہ بتلائی میرے سبب سے اور تم تتر بتر تہے
سو خدا نے تمہاری آپسین الفت اور محبت کر دی میرے سبب سے اور تم محتاج تہے سو خدا نے
تمکو مالدار کر دیا میری سبب سے جنگ حنین ہین جب فتح ہوئی اور مال غنیمت لیکا
اور حضرت نے نو مسلمون کو مال بہت دیا اور انصار کو نہین دیا تو نوجوان انصار نے
کہا کہ حضرت ہم کو نہین دیتے انکو دیتی ہین جن کو خون ہماری تلوارون سے ٹپکتے
ہین یعنی جو ہمارے بزور شمشیر مسلمان ہوئے ہین حضرت نے انکو ایک خیمہ ہین جمع

کیا

کیا اور یہہ حدیث فرمائی پہر انصار راضی ہوئے اور رونے لگے انصار کی دو کروہ
اوس اور خزرج زمانہ کفر مین باہم اُنمین بڑی عداوت تہی بڑا کشت وخون ہو
چکا تہا جب حضرت کے پاس دونون کروہ مسلمان ہوئے تو باہم نہایت دوست ہوگئے
یہہ احسان جتایا حضرت نے ق ابو ہریرۃ یا معشر الانصار قلتم اما ق ۲۶
الرجل فادرکتہ رغبۃ فی قریتہ قالوا قد کان ذلک
قال کلا انی عبد اللہ ورسولہ ہاجرت الی اللہ والیکم المحیا
معکم والممات معکم بخاری اور مسلم مین ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا ای گروہ انصار تم نے کہا کہ اس مرد کو یعنی پیغمبر کو خواہش
ہوئی ہے اپنے شہر کی انصارنے کہا یہہ بات تو مقرر ہوئی حضرت نے فرمایا یہہ ہونا
نہین مین مقرر اللہ کا بندہ ہون اور اسکا رسول ہون نے ہجرت کی خدا کی طرف
اور تمہاری طرف اب میری زندگی تمہاری زندگی کے ساتہہ ہے اور موت
میری تمہاری موت کے ساتہہ ہے ف مصابیح مین ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ جب مکہ فتح ہوا تو حضرت نے
فرمایا کہ جو ابو سفیان کے گہر گیا اُسکو امان ہے اور جسنے ہتہیار ڈال دئے
اسکو امان ہے تب انصارنے کہا حضرت کو اپنے برادرون کی الفت ہوئی
اور اپنی بستی کی طرف رغبت آئی حضرت کو وحی سے یہہ حال معلوم ہوا

ق ۱۴۷۱

تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی ق ابن مسعود یا معشر الشباب من استطاع منکم الباءۃ فلیتزوج فانہ اغض للبصر واحصن للفرج ومن لم یستطع فعلیہ بالصوم فانہ لہ وجاء بخاری اور مسلم مین عبداللہ بن مسعود سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا ای جوانون کے گروہ جو طاقت رکھتا ہو تم مین سی نکاح اور خانہ داری کی سو نکاح کرے اسواسطے کہ نکاح نظر کا بڑا روکنی والا ہے اور شرمگاہ کا بڑا بچانے والا ہے یعنی نکاح کے سبب آدمے حرامکاری اور اجنبی عورتون کے کہورنی سے بچتا ہے اور جسکو خانہ داری کی طاقت نہو تو وہ اپنے اوپر روزہ رکھنا ضرور جانے اسواسطے کہ اسکے حق مین روزہ رکھنا خصی کرتا ہے ف یعنی جس طرح خصی کروانے سے شہوت جاتی رہتی ہے ویسی ہی روزہ رکھنے سی معلوم ہوا کہ جسکو جورو کے کہانی لکڑی دینی کا مقدور ہوا اسکے حق مین نکاح کرنا مستحب ہے کہ حرام کاری اور نظر بازی سی بچی اور مقدور نہو تو روزہ رکھنا شروع کرے کہ ناتوانی سی خود بخود شہوت دور ہو جاتی ہے

ق ۱۴۷۲

ق عائشۃ یا معشر المسلمین من یعذرنی من رجل قد بلغنی اذاہ فی اہل بیتی فواللہ ما علمت علی اہلی الا خیرا ولقد ذکروا رجلا ما علمت علیہ

الا خیرا

الا خیرا و ما کان یدخل علی اهلی الا معی بخاری اور مسلم مین عائشہ
رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ای مسلمانون کی گروہ کون ہے
جو میرا عذر دریافت کرے بدالیوی اُس مرد سے جسکی ایذا اور تکلیف میرے اہل بیت کو
یعنی میری کہر والی بی بی کو پہنچی سو خدا کے اقسم نہین جانتا مین فی اپنی بی بی کو
مگر نیک اور البتہ لوگون فی ذکر کیا ہے اُس مرد کو جنکو نہین جانتا مین فی
مگر نیک وہ تو میری بی بی پاس کبھی نجاتا تھا بدون میری ساتھ کے ف
یہہ حدیث بڑا ہے بڑی لمبی حدیث کا جب عبداللہ بن ابی منافقون کے سردار نے
حضرت عائشہ کو عیب لگایا صفوان بن معطل سی بخاری وغیرہ کا مختصر قصہ
حضرت عائشہ سے یون روایت ہے کہ ہجری پانچوین سال حضرت جنگ بنی مصطلق کو
تشریف لے گئی مین حضرت کے ساتھ تہی جب حضرت فتح کرکے مدینی کے قریب
پہنچے تو رات کو کوچ کی خبر ہوئی مین جا ضرور کی واسطے لشکر کے باہر گئی پھر فراغت
کرکے مکان پر آئی یہان معلوم ہوا کہ گلی کا ہار گر پڑا ہین اُسی مقام پر تلاش
کرنے کو گئی وہان تلاش مین دیر لگی جو لوگ میرے کجاوے کسنی پر مقرر تہے
وہ میرے کجاوے کو اُٹھا کر اونٹ پر کس کے لشکر کے ساتھ روانہ ہوئے عورتین
اُسوقت کم خوراک اور تہوڑا بلی پتلی ہوتی ہین اِس سبب سے کجاوہ کسنے والونکو میرے

ہوئی یا نہوئی کی کچھہ خبر نہوئی جب مجھکو ہوش ملا تب مین اپنے مقام پر آئی دیکھا
تو لشکر کوچ کر گیا مین وہان بیٹھہ گئی اس خیال سی کہ آخر جب میرا حال معلوم
ہوگا تو ضرور میرے لینے کو لوگ آوینگے صفوان بن معطل لشکر کے پیچھے رہا کرتا
تہا کہ ہارے ماندی کو کہ تہہ آوے اُسنے مجکو سوتی دیکھا تو پہچانا کہ پردہ پوشی سی
پہلے اُسنے مجکو دیکھا تہا اُسنے افسوس اور تعجب سی انا للہ وانا الیہ راجعون پڑہا
اور کہا یہہ تو پیغمبر کی بی بی ہی ہین جاگنے اُسکی کوئی بات اور مین نی نہین سنی اُسنے
اپنا اونٹ بٹہلایا مین اُسپر سوار ہوئی وہ اونٹ کی نکیل پکڑکے روانہ ہوا
ظہر کے وقت لشکر مین پہنچی تو تہمت کرنے والون نی مجہہ پر تہمت باندہی اور بانی
بیانی اس تہمت کا عبداللہ بن سلول ہوا مین مدینی مین آکر بیمار ہو گئی اور ایک
مہینہ بیمار رہی اور مجھکو اُس تہمت کرنیکی کچھہ خبر نہ تہی وہان اتنا مجھکو تردد تہا
کہ جیسے میری بیماری مین حضرت مجھپر مہربانی کرتے تہے اس بار ویسی مہربانی
نہ تہی گہر مین اگر صرف اتنا پوچہتے تہے کہ اس عورت کا کیا حال ہے اسوقت
تک گہر مین باخانے نہ تہے مین شہر کی باہر مسطح کی ماں کے ساتہہ جا ضرور کو
گئی اُسکا پیر چادر مین اُلجہا وہ گر پڑی اُسنے اپنے بیٹی کو یعنی مسطح کو بد دعا
دی مین نی کہا تو کیون اُسکو بد دعا دیتی ہے وہ تو بدری صحابی ہے تب اُسنے

مجھکو اِس تہمت کی خبر کی کہ مسطح بھی تہمت کرنیوالون کا شریک ہے یہہ سنتے ہی
میری بیماری اِس غم سی دونی ہوگئی مین حضرت سے اجازت لیکر اپنے ماباپ کے
گہر آئی کہ اِس خبر کو تحقیق کرون مین نی اپنی ماسے کہا ای ما یہہ کیا بات ہے
جسکا لوگون مین چرچا ہے میری مانے کہا ای بیٹی تو مت کہبرا جو عورت
اپنے خاوند کی پیاری ہوتی ہے اسکو اکثر لوگ اسطرح تہمت لگاتی ہین
مین نی کہا سبحان اللہ یہہ بھی حق مین لوگ ایسی گفتگو کرتے ہین اُس رات تمام
رات مجکو نیند نہ آئی اور آنسو جاری رہے پہر حضرت نے علی ابن ابی طالب اور اُسامہ بن زید کو
بلایا اور میرے چھوڑ دینی مین صلاح اور مشورہ پوچھا اسوقت کہ اتنی مدت مین جبرئیل کا
آنا اور وحی اُترنا بالکل موقوف ہوگیا تہا اُسامہ نی میری پاک دامنی بیان کی
اور کہا یارسول اللہ وہ آپ کی بی بی ہین مجھکو تو سوائی پاکی اور بہتری کے کچھ اور
خیال مین نہین آتا اور علی ابن ابی طالب نے کہا کہ خدا نے حضرت پر کچھ تنگی نہین
کی اُنکے سوای اور بہت عورتین موجود ہین لیکن بریرہ لونڈی سے پوچھیے وہ
آپ کو سچ سچ بتلا دیگی حضرت نے اسکو بلایا اور فرمایا کہ ای بریرہ تو نی کبھی
عائشہ سے ایسی بات دیکھی ہے جس سے تجھکو اسکی پاکدامنی مین شک پڑے
بریرہ نے کہا ای رسول اللہ قسم اُس خدا کی جسنے تجھکو سچا پیغمبر کیا ہے کہ مین نے

کبھی اسکی پاکدامنی مین کچھ فرق نہین پایا ہان اتنی بات البتہ ہے کہ عائشہ کم عمر
لڑکی ہے بکری خمیر کہا جاتی ہے اور وہ سویا کرتی ہے یعنی کم عمری سے گھر کا
بندوبست نہین کرتی پھر حضرت مسجد مین تشریف لی گئے اور منبر پر یہہ حدیث
فرمائی یعنی ای مسلمانون کونسی ہے اُس منافق سی یعنی عبداللہ بن سلول سی میرا بدلا
لیوے کہ اُسنے ناحق میری گھر کے لوگون کو تہمت لگائی اور مجھکو تحقیق
کرنے کے بعد کوئی عیب کی بات نہ معلوم ہوئی تو سعد بن معاذ قوم اوس کا
سردار تہا اُس نے کہا یارسول اللہ مین آپ کا بدلا لینی کو تیار ہون اگر یہ
تہمت کرنے والا ہماری قوم یعنی اوس سے ہووے تو مین اُسکی گردن مارون
اور اگر دوسری قوم سے یعنی خزرج سے ہو تو جیسا حکم ہووے ہم کرین تو سعد
بن عبادہ خزرج کے سردار نے اپنے قوم کی بیچ سی کہا کہ ای معاذ تو زیادہ
گوئی کرتا ہے ہماری قوم والے پر تیرا کچھ مقدور نہین اور اپنی قوم کی تو یہی
حمایت کرتا ہے اُسید بن حضیر سعد بن معاذ کی چچیرے بہائی نے کہا ای
سعد بن عبادہ تو زیادہ کوئی کرتا ہے قسم خدا کی ہم تہمت کرنے والی کو قتل
کرین گے کہا تو منافق ہے جو منافقون کی حمایت کرتا ہے غرض کہ قریب
تہا کہ کشت و خون ہووے حضرت نے سبکو چپکا کیا حضرت عائشہ سے روایت ہے

کہ مین بیٹھی

کہ مین بیٹھی روتی تہی کہ حضرت گہر مین تشریف لائے اور میرے نزدیک بیٹھے اور فرمایا
کہ ای عائشہ تیرے حق مین مین نے ایسی ایسی باتین سنین ہین اگر تو بیگناہ
ہے تو عنقریب خدا تیری پاکدامنی بیان کریگا اور اگر تو نے گناہ کیا ہے تو توبہ کر
اسواسطے کہ جب بندی نے توبہ کی تو خدا گناہ معاف کرتا ہے جب حضرت بات
تمام کرچکے تو میری آنسو بالکل بند ہوگئے مین نے حضرت سے کہا کہ مجھکو معلوم
کہ آپ کو اس بات کی خبر پہنچی ہے اور آپکے دل مین جم گئی ہے سو اگر مین یون
کہون کہ مین اس عیب سے پاک ہون تو حضرت یقین کا نہیں کرینگے اور اگر
ناکردہ گناہ کا اقرار کرون تو حضرت اسکو سچ جانینگے اب میرے حضرت کے درمیان
سوای حضرت یعقوب کے اور کوئی مثل نہین سکتی فَصَبْرٌ جَمِيلٌ وَاللّٰهُ
الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ یعنی اب صبر بہتر ہے اور تمہاری
اس لغو بات پر خدا ہی کی مدد درکار ہے حضرت میرے پاس سے نہ اٹھے تھے
کہ وحی اترنی کی نشانیان حضرت پر ظاہر ہوئین اور سورہ نور مین خدا نے
میری پاکدامنی اور تہمت کرنیوالون کی مذمت بیان کی پھر تو حضرت نے
خوش ہوکر فرمایا ای عائشہ بشارت ہے تجھکو کہ خدا نے تیری پاکی بیان کی
میرے ماباپ نے کہا ای عائشہ اٹھکر حضرت کی تعظیم اور تعریف کر مین اسوقت یہ بات

غصے مین تہی مین نے کہا کہ مین نہ اُٹھون گی اور نہ حضرتکی تعریف کرونگی مین اپنے
خدا کی تعریف اور شکر کرونگی جسنے میری بی گناہی ظاہر کی حضرت عائشہ سے
روایت ہے کہ یہہ مجھکو یقین تہا کہ خدا میری بی گناہی آخر کو ظاہر کریگا لیکن یہہ معلوم
نہ تہا کہ میری حق مین قرآن اُتریگا جو قیامت تک پڑھا جاویگا ف اس
حدیث سے بہت فائدے ظاہر ہوئے اول یہہ کہ جو بی گناہون کو عیب لگاتا ہے
وہ آخر کو خود فضیحت ہوتا ہے اور پاکونکی پاکی زیادہ تر ثابت ہوجاتی ہے
دوسرے یہہ کہ جسنے حضرت عائشہ کو بدکہا مقرر اُس نے حضرت کو رنج دیا
اور اُنہین منافقون مین وہ بہی داخل ہوا تیسرے یہہ کہ علم غیب سوای خدا کے
کسی کو نہین مہینہ بہر اسکا تردد اور رنج حضرت کو رہا لیکن بدون خدا کے
تبلائے حقیقت حال حضرت کو نہ معلوم ہوا ق اَبُوْسَعِیْدٍ یَا مَعْشَرَ
النِّسَاءِ تَصَدَّقْنَ فَاِنِّیْ اُرِیْتُکُنَّ اَکْثَرَ اَهْلِ النَّارِ بخاری
اور مسلم مین ابوسعید رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا ای عورتون کے گروہ خیرات
کرو اسواسطے کہ دوزخیون مین تمہین مجھکو زیادہ منظر پڑین یعنی دوزخ مین مین نے
عورتین مردون سے زیادہ دیکھین ف حضرت عید کو جب عید گاہ سی
پہرے تو عورتون کے گروہ پر گذرے پہر یہہ حدیث فرمائی عورتون نے

پوچھا یا حضرت کیا سبب ہے کہ عورتین مردون سی زیادہ دوزخ مین ہین حضرت نے
فرمایا کہ بہت کوسا کرتی ہین اور ماننے خاوند کا حق نہین مانتین یعنی ناشکری
کرتی ہین اس حدیث سے معلوم ہوا کہ خیرات کرنا دوزخ سے بچاتا ہے ق
ابو ہریرۃ یا معشر الیھود اسلموا تسلموا بخاری اور مسلم مین
ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا ای یہودیون کے گروہ
مسلمان ہو جاؤ تو بچ رہو یعنی قتل اور جزیہ اور دوزخ سے ف یہہ حضرت نے
مدینے کے یہودیون سے فرمایا جب انکے نکالنے کا ارادہ کیا نح عائشۃ
یا معشر الیھود ویلکم اتقوا اللہ فواللہ الذی لا الہ الا
ھو انکم لتعلمون انی رسول اللہ حقا وانی جئتکم بحق فاسلموا
قالوا ما نعلمہ ثم اعادوا علیہ فقال ابو القاسم فقالوا ما نعلمہ
فقال ابن سلام قد قلت انک الکذاب فخرج الیھم رسول اللہ
بخاری مین حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ای یہودیون کے گروہ
تمہاری کم بختی ہے خدا سے ڈرو سو قسم ہے اس خدا کی جسکے سوای کوئی لایق
پوجنے کے نہین البتہ تم جانتے ہو کہ مین مقرر خدا کا رسول ہون اور بی شک
تمہارے واسطے حق دین لایا ہون سو مسلمان ہو جاؤ یہہ حضرت نے اول
مدینے مین آتے ہوئے بعد مسلمان ہونے عبد اللہ بن سلام کے فرمایا تھا

ق ١١٢٩

ف ١١٣٠ نح

ف توریت مین حضرت کی نشانیان مذکور تہین یہودیون کو خوب معلوم
تہا کہ نبی آخرالزمان فلانی وقت فلانی شہر فلانی قوم مین پیدا ہوگا اور مکے
سے ہجرت کرکے مدینی مین اویگا بلکہ اسیواسطے اپنا ملک شام چہوڑکر اکثر
یہودی مدینے مین آرہے تہے کہ ہم حضرت سے مشرف ہون اور جب کافرون سے
لڑتے تہے یون دعا مانگتے کہ الہی پیغمبر آخرالزمان کی برکت سے ہمکو فتح دے اسواسطے
حضرت نے اس حدیث مین فرمایا کہ تم میری پیغمبری خوب جانتے ہو پہر جب
حضرت مدینی مین تشریف لائے تو اُن کمبختون نے حسد کے ماری عداوت
شروع کی جیسے حضرت عیسی کو نمانا ویسی ہی ہمارے حضرت کو نمانا ہان جو
اُنمین دیندار خدا ترس تہے جیسے عبداللہ بن سلام رض کہ اُنمین بڑے عالم اور سردار
تہے بے تامل ایمان لائے

## نوع آخر

دوسری قسم کے حدیثین

۱۱۳۱ م المغیرۃ بن شعبۃ ای بنی وما ینصبک منہ انہ لا یضرک
یعنی الدجال قال لہ اخرجہ البخاری الا لفظۃ ای بنی ستم
مغیرہ بن شعبہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا ای بیٹا کون چیز تجھکو رنج مین

ڈالتی ہے دجال سے البتہ وہ تجھکو کچھ ضرر نہ پہنچا سکے گا یہہ حضرت نے
مغیرہ سی فرمایا اِس حدیث کو بخاری نی بھی روایت کی مگر اے بیٹیکی
لفظ اُسمین نہین ف مُغیرہ سی روایت ہے کہ مین حضرت سے اکثر دجّال کا
حال پوچھا کرتا تھا تب حضرت نی یہہ حدیث فرمائی مین نی کہا کہ لوگ
کہتے ہین کہ اُسکے ساتھہ روٹیون کے پہاڑ اور پانی کی نہرین ہونگی ؟
حضرت نی فرمایا کہ خدا کی نزدیک یہہ سب آسان ہے ق اُسامۃ ق ۱۱۳۴
بْنُ زَيْدٍ اَيْ سَعْدُ اَلَمْ تَسْمَعْ اِلٰى مَا قَالَ اَبُوْ حُبَابٍ قَالَ كَذَا
وَكَذَا قَالَهٗ لِسَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ حِيْنَ عَادَهٗ وَاَبُوْ حُبَابٍ
هُوَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اُبَيٍّ بخاری اور مسلم مین اُسامہ بن زید رض سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا اے سعد کیا تو نی نہین سنا جو ابو حباب نی
کہا اُسنے ایسا اور ایسا کہا یہہ حضرت نے سعد بن عبادہ سی فرمایا جب
انکی بیمار پرسی کو تشریف لے گئے تھے اور ابو حباب کنیت ہے عبداللہ
بن اُبی منافق کی ف حضرت ایکبار سعد بن عبادہ کی بیمار پرسی کو چلے
راہ مین مسلمان اور مشرک ملے ہوئے ایک مجلس مین بیٹھے تھے اُس
وقت تک عبداللہ بن اُبی ظاہر اسلام بھی نہ لایا تھا سواری کی ٹاپ سی

گرد اُڑی اُسنے ناک بند کی اور کہا کہون خاک اُڑاتے ہو حضرت نے سلام
کیا پھر وہان کھڑے ہوکر وعظ کیا اور قرآن پڑہا عبداللہ بن اُبی نی کہا
کلام تو اچھا کرتے ہو لیکن ہمکو تکلیف نہ دو اپنے گھر بیٹھ کر وعظ نصیحت
کہا کرو جو تمہارے پاس آوی اُسکو سمجھاؤ عبداللہ بن رواحہ صحابی وہان
موجود تہے اُنہون نی عرض کیا یارسول اللہ آپ بخوشی جو چاہے اُرشاد
کیجئے اگرچہ یہہ نہین سنتا تو ہم تو قرآن پر قربان ہین پھر تو مسلمانون اور
کافرون مین نہایت لڑائی ہونی قریب تہا کہ تلوار چلے حضرت نے سبکو
چپکا کیا پھر سعد بن عبادہ کے گھر جاکر یہہ حدیث فرمائی سعد نی کہا یارسول اللہ
وہ حد کے جہت سی معذور ہے واسطے کہ حضرت کے تشریف لانی سی پہلے
یہان کے لوگون نی چاہا کہ اُسکے سر پر سرداری اور بادشاہی کا تاج رکہین
اب جو آپ دین حق لائے اور اسکی ریاست مین خلل پڑا اسواسطے وہ ایسی
باتین کرتا ہے اس حدیث سی معلوم ہوا کہ ریاست کا غرور آدمی کو دینداری سے
اکثر باز رکہتا ہے ۞ اَلْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ اَبُو الْفَضْلِ عباس نام
اَصْحَابُ السَّمُرَةِ قَالَ یَوْمَ حُنَیْنٍ سلم مین حضرت عباس بن عبدالمطلب سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا اے عباس پکار درخت والون کو یہہ حضرت نے

۞

جنگ حنین کی دن فرمایا ف حضرت عباس سے روایت ہے کہ جنگ
حنین کے دن مین نے اور ابوسفیان بن حارث نی حضرت کا ساتھ ایک دم
نہ چھوڑا جب مقابلہ ہوا تو کافرون نی ہر طرف سی تیراندازی کی مسلمانون کے
پیر اُکھڑ گئے اور حضرت سفید خچر پر سوار کافرون پر حملہ کرتے تھے مین
لگام کھینچتا تھا تاکہ حضرت جلدی نکرین اور ابوسفیان رکاب پکڑے تھے
تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنی جن لوگون نے درخت کے نیچے جنگ
حدیبیہ مین جانبازی کی بیعت کی ہے انکو پکار حضرت عباس کی بڑی آواز
تھی حضرت کی آواز سنتے ہوئے سب اصحاب لبیک لبیک کہتی ہوئے ایسے
جھکے جیسے گائین اپنے بچون کی طرف جھکتی ہین پھر خوب لڑے اور حضرت نے
پہریان کافرون پر مارین لڑائی فتح ہوگئی جنگ حنین آٹھوین سال
ہجری بعد فتح مکے کی ہوئی ق اَلْمُسَیَّبُ بْنُ حَزْنٍ اَیْ عَمِّ قُلْ لَا ١١٣٤ ق
اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کَلِمَةً اُحَاجُّ لَکَ بِهَا عِنْدَ اللّٰهِ قَالَ اَیْ طَالِبِ
عِنْدَ وَ فَاتَهٗ بخاری اور مسلم مین مسیب بن حزن سی روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ اے چچا کہہ لا الہ الا اللہ کہلے اس کلمی کو خدا کے
نزدیک اس کلمہ کہنے کے سبب سے تیرے واسطے مین جھگڑون گا یعنے تیرے اسلام کی

گواہی دیگر تجھکو بخشا و نکا یہہ حضرت نے ابو طالب سے کہا انکے مرتی وقت ف
ابو طالب کے وفات کے وقت ابوجہل اور عبد اللہ بن ابی امیہ موجود تہی جب حضرت نے
یہہ حدیث فرمائی تو اُن کمبختون نی کہا ای ابو طالب کیا تو عبد المطلب کے
دین کو چہوڑتا ہے حضرت بار بار کلمہ کہنے کو فرماتے تہے اور وہ شیطان
اہنی طرح ورغلاتے تہے آخرش کو ابو طالب نے کہا کہ وہ شخص عبد المطلب کے
دین پر مرتا ہے اور کلمہ نکہا ق ابو موسی ایھا الناس ارتعوا ق ۱۱۳۵
علی انفسکم انکم لا تدعون اصم ولا غائبا انکم تدعون
سمیعا قریبا وھو معکم قالہ فی سفر وکانوا یجھرون بالتکبیر
بخاری اور مسلم مین ابو موسی رضی اللہ عنہ سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
ای لوگو نرمی کرو اپنے جانون پر یعنی شور نکرو البتہ تم بہرے کو غائب کو نہین پکارتے ہو
تم تو سنتے نزدیک والے کو پکارتے ہو اور وہ تو تمہارے ساتہہ موجود ہے یہہ حضرت نے
سفر مین فرمایا اور لوگ پکار پکار کے اللہ اکبر کہتے تہے ف اس حدیث سے
ظاہر ایہہ معلوم ہوتا ہے کہ ذکر مین زیادہ شور کرنا درست نہین اسواسطے حلال
کہ زیادہ شور کرنی مین اپنے حواس بہی پریشان ہوتی ہین اور دوسرے کے بہی ہے کیلئے طلب
م ابو ہریرۃ ایھا الناس ان اللہ طیب لا یقبل الا طیبا م ۱۱۳۶

وان اللہ

وَاِنَّ اللّٰهَ اَمَرَ الْمُؤْمِنِيْنَ بِمَا اَمَرَ بِهِ الْمُرْسَلِيْنَ فَقَالَ يَا اَيُّهَا
الرُّسُلُ كُلُوْا مِنَ الطَّيِّبَاتِ وَاعْمَلُوْا صَالِحًا اِنِّيْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ
وَقَالَ يَا اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُلُوْا مِنْ طَيِّبَاتِ مَا رَزَقْنَاكُمْ ثُمَّ
ذَكَرَ الرَّجُلَ يُطِيْلُ السَّفَرَ اَشْعَثَ اَغْبَرَ يَمُدُّ يَدَيْهِ اِلَى السَّمَاءِ يَا رَبِّ
يَا رَبِّ يَا رَبِّ وَمَطْعَمُهُ حَرَامٌ وَمَشْرَبُهُ حَرَامٌ وَغُذِيَ بِالْحَرَامِ
فَاَنّٰى يُسْتَجَابُ لِذٰلِكَ مسلم عن ابوہریرہ رضی سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
کہ اے لوگو اللہ پاک ہے نہیں قبول کرتا ہے مگر عمل پاک اور مال پاک کو مقرر
خدا نے حکم کیا ایمانداروں کو جسکا حکم کیا پیغمبروں کو فرمایا قرآن میں اے پیغمبرو
کھاؤ پاک مال اور حلال رزق اور نیک عمل کرو میں البتہ تمہارے نیک عمل کو
جاننے والا ہوں اور خدا نے قرآن میں فرمایا اے ایماندارو کھاؤ حلال
مال اور پاک چیزوں کو جو میں نے تمکو دیں پھر حضرت نے ذکر کیا اُس مرد کا جسنے
لمبا چوڑا سفر کیا بکھرے بال خاک آلودہ پھیلاتا ہے اپنے دونوں ہاتھ
آسمان کی طرف اور یوں کہتا ہے کہ اے رب میرے اے رب میرے اے رب
میرے اور حالانکہ کھانا اسکا حرام اور پینا اُسکا حرام بدن اسکا پالا گیا حرام
غذا سے پھر کہاں سے ایسے شخص کی دعا قبول ہو ف پاک مال و

ہے جسمین کسی کا دعوی اور جھگڑا نہو اور شرع مین درست ہو چوری کا مال
اور غصب کا مال پاک نہین اسواسطے کہ مالک کا دعوی اُسمین موجود ہے
اور خوچی کا مال اور رشوت کا اور بیاج کا اگرچہ اُسمین بظاہر دعوی نہیں لیکن اس
طرح شرع مین مال لینا درست نہین تو ناپاک ہوا معلوم ہوا کہ حرام مال سے
خیرات کرنا بی فائدہ بات ہے کہ خدا اسکو قبول نہین کرتا اسواسطے
کہ وہ پاک ہے ناپاک کو کس طرح قبول کرے اور حلال طلب کرنی مین
پیغمبرون اور مسلمانون کو خدا کا ایک سا حکم ہے اسمین رد نہین اُن
لوگون کا جو کہتے ہین کہ او صاحب ہم اور پیغمبر لوگ برابر نہین جو اُنکی طرح
طلب حلال مین جانفشانی اور محنت کرین پھر حضرت نے فرمایا کہ ہرچند مضطر
اور مسافر رنجکش کی دعا مقبول ہوتی ہے لیکن جب اسکا کھانا پینا او
گوشت پوست حرام مال کا ہوا تو دعا قبول ہونی کی کون صورت ہے خواہ
سفر حج کا ہو خواہ جہاد کا اس حدیث سی صاف معلوم ہوا کہ مسلمانکے
حق مین ساری عبادتون سی حلال روزی تلاش کرنا مقدم ہے بدون
اسکے نہ عبادت مین کچھ مزا نہ دعا قبول ہونی کی کچھ امید ہے اور یہہ جو
بعضے ناواقف کہتی ہین کہ حلال مال دنیا مین کس کو ملتا ہے اسکی

تلاش بی فائدہ ہے سو غلط بات ہے اسواسطے کہ محنت مزدوری کرنا بھی
کرنا سوداگری شرع کی موافق کرنا نوکری کرنا بشرطیکہ اسمین کوئی خلاف
شرع کام نکرنا پڑے یا کوئی شخص خدا کی راہ مین بی خواہش اسکو کچھ دیوی
یہہ سب درست ہے جو مال ان طرحون سے حاصل ہو وہ حلال اور پاک ہے
غرضکہ جس ایماندار کو قیامت مین خدا کو مُنہہ دیکھانی کا یقین ہے اُسکے نزدیک
حلال روزی طلب کرنا مقدم ہے اور حرام خور خدا فراموش سے کفتگو
ہنین ص ابن عباس ایھا الناس انہ لم یبق من مبشرات النبوۃ ٢٢٠
الا الرؤیا الصالحۃ یراھا المسلم او تری لہ الا وانی نھیت ان
اقرأ القرآن راکعا او ساجدا فاما الرکوع فعظموا فیہ الرب
واما السجود فاجتھدوا فی الدعاء فقمن ان یستجاب لکم
مسلم مین عبد اللہ بن عباس سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اے لوگو البتہ
پیغمبری کی خوشخبریون سی اب کچھ باقی نہین رہا سوای ٹہیک خواب کے
کہ اسکو مسلمان دیکھے یا اُسکے واسطے کوئی اور مسلمان دیکھے اور مجھکو
منع ہوا کہ مین قرآن پڑھون رکوع کرتے یا سجدہ کرتے سو رکوع مین تو
خدا کی بڑائی بیان کرو یعنی سبحان ربی الاعلی کہو اور سجدہ مین بدل دعا مین

کوشش کرو کہ سجدہ مین سزاوار ہے تمہاری دعا قبول ہو ناف یہہ حدیث
حضرت نے انتقال کے قریب حجرہ کا پردہ اٹھا کر فرمائی یعنی علم غیب جو بواسطہ
نبوت کے تم کو حاصل ہوتا تھا سو اُسکا دروازہ بند ہو چکا کیونکہ میرا انتقال
ہوتا ہے میرے بعد کوئی پیغمبر نہین ہان مگر از جنس نبوت علم غیب سے علم حاصل
ہونے کا ٹھیک خواب کا ایک طریقہ باقی ہے قیامت تک خوا مسلمان
آپ دیکھے یا اُسکے واسطے اور کوئی دیکھے پھر رکوع اور سجود مین قرآن پڑھنا
اور سجدے کو قبول ہونی کا مقام بتلایا اسواسطے کہ خاک پر سر رکھنا عاجزی کا
کمال رتبہ ہے رحمت الٰہی جوش ہی مارا چاہئے ف ابو سعید ایھا الناس
لغیرہ تحریم ما احل اللہ لی ولکنھا شجرۃ اکرھ ریحھا یعنی
الثوم تا رہ حین قال الناس حرمت حرمت حین قال من اکل
من ھذہ الشجرۃ الحدیث مسلم مین ابو سعید سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ اے لوگو البتہ مین نے اختیار مین حرام کرنا نہین جسکو خدا نے میرے واسطے
حلال کیا لیکن لہسن کا ایسا پیڑ ہے کہ مجھکو اُسکی بو بُری معلوم ہوتی ہے یہہ
حضرت نے اسوقت فرمایا جب لوگون نے کہا کہ لہسن حرام ہوا حرام ہوا کہ حضرت نے
فرمایا تھا کہ جو لہسن کھاوے وہ ہماری مسجد مین نہ آوے ف یعنے حرام حلال

مقرر کرنا

مقرر کرنا بدون خدا کی حکم میرے اختیار مین نہین یہ خدا کی شان ہے اور لسن کی
حرمت شرعی نہین کراہت طبیعی ہے م انس ۱۱۳۹ م
اَیُّھَا النَّاسُ اِنِّیْ اِمَامُکُمْ فَلَا تَسْبِقُوْنِیْ بِالرُّکُوْعِ وَلَا بِالسُّجُوْدِ وَلَا بِالْقِیَامِ وَلَا بِالْاِنْصِرَافِ
فَاِنِّیْ اَرَاکُمْ اَمَامِیْ وَمِنْ خَلْفِیْ ثُمَّ قَالَ وَالَّذِیْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِیَدِہٖ
لَوْ رَاَیْتُمْ مَا رَاَیْتُ لَضَحِکْتُمْ قَلِیْلًا وَلَبَکَیْتُمْ کَثِیْرًا قَالُوْا وَمَا
رَاَیْتَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ قَالَ رَاَیْتُ الْجَنَّۃَ وَالنَّارَ رواہ مسلم من انس رض
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اے لوگو مین تمہارا امام ہون مجھسے آگے رکوع نہکیا
کرو اور نہ سجدہ اور نہ قیام اور نہ سلام پہیرنا اسواسطے کہ مین دیکھتا ہون اپنے
آگے سے اور پیچھے سے پہر حضرت نے فرمایا کہ قسم ہے اُس ذات پاک کی جسکے قابو
مین محمد کی جان ہے کہ اگر تم دیکھتے جو مین نے دیکھا تو تھوڑا ہنستے اور بہت
سا روتے صحابہ نے کہا یا رسول اللہ آپنے کیا دیکھا حضرت نے فرمایا کہ مین نے
بہشت اور دوزخ کو دیکھا ف معلوم ہوا کہ مقتدی کو امام کی اطاعت واجب
ہے رکوع اور سجود اور قیام اور قعود مین امام سے سبقت حرام ہے جب تک
امام رکوع سجود کرلیوے تو مقتدی کرین پہر ہنسنے کی برائی بیان کی کہ اسکا سبب
غفلت ہے اور رونے کی تعریف کی کہ اسکا سبب بیداری اور علم ہے خ ۱۱۴۰ خ

اِبْنُ عَبَّاسٍ اَیُّهَا النَّاسُ عَلَیْکُمْ بِالسَّکِیْنَةِ فَاِنَّ الْبِرَّ لَیْسَ بِالْاِیْضَاعِ
قالہ یوم عرفۃ بخاری مین عبداللہ بن عباس سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
کہ اے لوگو اپنے اوپر آرام اور قرار لازم جانو کہ خود دوڑنا اونٹ دوڑانا
نیکی اور خوبی نہین یہہ حضرت نے عرفے کے دن فرمایا ف عبداللہ بن عباس سے
روایت ہے کہ حضرت جب عرفات سے چلے تو پیچھے بہت غل اور شور سنا کہ لوگ
اونٹون کو مارتے ہوئے دوڑاتے آتے ہین تب یہہ حدیث فرمائی م ۱۱۴۱
عَلَیْکُمْ اَیُّهَا النَّاسُ اَقِیْمُوا الْحُدُوْدَ عَلٰی اَرِقَّائِکُمْ مسلم مین حضرت مرتضی
علی رضہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا اے لوگو حدون کو قائم کرو اپنے
غلامون پر یعنی اگر تمہارے غلام گناہ کرین تو انکو سزا دو جیسے دس درم
یا زیادہ چوری کرین تو ہاتھ کاٹو یا حرام کرین تو کوڑے پچاس مارو اور امام شافعی کے
نزدیک مالک سزا دینے کا مختار ہے اور امام اعظم کے نزدیک اجازت کے
بعد بدون اجازت حاکم کے مالک کو سزا دینے کا اختیار نہین م ۱۱۴۲ اَبُوْ سَعِیْدٍ
اَیُّهَا النَّاسُ اِنَّ اللّٰهَ یُعَرِّضُ بِالْخَمْرِ وَلَعَلَّ اللّٰهَ سَیُنْزِلُ فِیْهَا
اَمْرًا فَمَنْ کَانَ عِنْدَهٗ مِنْهَا شَیْءٌ فَلْیَبِعْهُ وَلْیَنْتَفِعْ بِهٖ مسلم مین
ابوسعید رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اے لوگو البتہ خدا ابھی اشارے

کر چکے

کر چلاہے شراب ہین اوزشہ یدکہ آگے اُتار یکا اُسمین کچھ حکم یعنی کہول کے
حرام کر دیکا سو جسکے پاس اُس شراب سی کچھ ہو چاہئے کہ اُسکو بیچ ڈالے
اور اُس سے فائدہ اُٹھالیوے ف جب قرآن ہین اس مضمون کی آیتین اُتریں
کہ مستی مین نماز مت پڑھو شراب مین لوگون کو فائدے بھی ہین اور گناہ بھی
تو لوگ شراب پینے تہے نماز کے وقت ترک کرتے تہے حضرت اس پر دانا
سمجھے کہ عنقریب شراب حرام ہوا چاہتی ہے تب یہ حدیث فرمائی ابوسعید سے
روایت ہے کہ حضرت کے فرمانے کے بعد تہوڑے دن گذرے کہ قرآن شریف
مین صاف حرمت بیان ہوئی حضرت نے فرمایا اب جسکے پاس شراب ہو نہ پیوے
نہ بیچے ڈھلکا دیوے سو اسی دن حکم سنتے صحابی نے برتن توڑ ڈالے اور شراب
بہا دی کہ تمام مدینے مین کیچڑ ہو گئی م سَبْرَةُ بْنُ مَعْبَدِنِ الْجُهَنِيُّ ١١٤٣ م
اَيُّهَا النَّاسُ اِنِّيْ قَدْ كُنْتُ اَذِنْتُ لَكُمْ فِي الْاِسْتِمْتَاعِ مِنَ النِّسَاءِ وَاِنَّ
اللّٰهَ قَدْ حَرَّمَ ذٰلِكَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مَنْ كَانَ عِنْدَهٗ مِنْهُنَّ
شَيْءٌ فَلْيُخَلِّ سَبِيْلَهٗ وَلَا تَاْخُذُوْا مِمَّا اٰتَيْتُمُوْهُنَّ شَيْئًا مسلم مین
سبرہ بن معبد سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اے لوگو البتہ مین نے تمکو اجازت
دی تہی عورتون سے متعہ کرنے کی اور بیشک خدا نے اس متعہ کو حرام کیا قیامت تک

جسکے پاس متعہ والی عورتون سی کوئی عورت ہو تو اسکو چھوڑ دیوے اور
جو انکو دیا ہو یعنی مہر یا خرچ سو اسکو کچھ بھی نہ پھیرلیوے اس حدیث سے صاف
معلوم ہوا کہ متعہ کرنا بحکم خدا قیامت تک حرام ہوا جیسے شراب اول مباح
تھی پھر حرام ہوئی باقی کفتگو اول باب مین ہوچکی ۱۱۴۴ م جابرؓ یا ایھا الناس
خذوا مناسککم فانی لا ادری لعلی لا احج بعد عامی
مسلم مین جابرؓ سے روایت ہے کہ حضرتؐ نے فرمایا کہ اے لوگو سیکھ لو حج کی
عبادت کے طریقے اسواسطے کہ مجھکو معلوم نہین شاید کہ مین حج نکرونگا اس برس کے
بعد یہہ حضرتؐ نے حجۃ الوداع مین فرمایا پھر حضرت کو حج کا اتفاق نہین ہوا
اسی سال انتقال فرمایا اسی واسطے اسکو حجۃ الوداع کہتی ہین اس حدیث سے
معلوم ہوا کہ حضرت کا قول اور فعل حجت ہے ۱۱۴۵ م ابوھریرۃ یا ایھا الناس
قد فرض اللہ علیکم الحج فحجوا مسلم مین ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے
روایت ہے کہ حضرتؐ نے فرمایا کہ اے لوگو البتہ خدا نے تمپر حج کرنا فرض
کیا سو حج کیا کرو ف یہہ حدیث دلائل فرضیت حج سے ایک دلیل ہے ۱۱۴۶ خ
ابو امامۃ یا ابن ادم ان تبذل الفضل خیر لک وان
تمسکہ شر لک ولا تلام علی کفاف بخاری مین ابو امامہؓ سے

روایت ہے

روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اے آدم کے بیٹے زاد از حاجت مال کو تیرا خرچ کرنا بہتر
ہے تیری واسطے اور اگر تو نے اس مال کو رکھ چھوڑا تو برا ہے تیری واسطے اور تجھکو ملامت نہ ہوگی
بقدر اپنے اہل وعیال کی قوت رکھنے پر صرف اس حدیث سے معلوم ہوا کہ سوائے زکوۃ دینے کے زاید
مال کو راہ خدا مین دینا مستحب ہے کہ آخرت کا ذخیرہ ہو اور مال رکھنی مین
برائی ہے کہ اسپر حساب اور غیرون کو فائدہ لیکن بقدر اپنے گھربار کے خرچ رکھنے
پر مرکز ملامت نہین اور توکل کی مخالف نہین کہ حضرت اپنی بیبون کو سال
بھر کا قوت دیتے تھے ٦٦٢ دِيَارَكُمْ تُكْتَبْ آثَارُكُمْ يَا جَابِرُ يَا بَنِي سَلِمَةَ دِيَارَكُمْ تُكْتَبْ آثَارُكُمْ
دِيَارَكُمْ تُكْتَبْ آثَارُكُمْ مسلم مین جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
اے قوم بنی سلمہ اپنے گھرون مین بسے رہو تمہارے نقش قدم لکھے جاوین
اپنے گھرون مین بسے رہو تاکہ نقش قدم لکھی جاوین ف بنی سلمہ انصاریون کی
ایک قوم تھی انکے گھر حضرت کی مسجد سے دور تھے اس قوم نے چاہا کہ مسجد کی
گرد آسپاس تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی دو بار یعنی ہرچند مسجد دور ہونے سے
تمکو آنے جانے تکلیف ہے لیکن یہہ کتنا بڑا ثواب ہے کہ ہر ایک ڈگ کی شمار پر
ایک نیکی تمہارے واسطے لکھی جاتی ہے اور ایک گناہ معاف ہوتا ہے معلوم
ہوا یہہ کہ جسکا گھر مسجد سے دور ہو وہ اس آنے جانے کی تکلیف کو غنیمت جانے

# نوع آخر

## دوسری قسم کے حدیثین

ق

ق اُمّ سلمہ یا ابنۃ ابی اُمیۃ سألت عن الرکعتین بعد العصر وانہ اتانی ناس من عبد القیس بالاسلام من قومھم فشغلونی عن الرکعتین بعد الظھر ھما ھاتان بخاری اور مسلم مین حضرت ام سلمہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اے ابی اُمیہ کی بیٹی تو نے مجھسے بعد عصر کے دو رکعتون کا حال پوچھا سو اسکا حال یہہ ہے کہ کچھ لوک قوم عبد القیس سے اسلام کا پیغام لائے تھے اپنی قوم سی سو انہون نے مجھکو مشغول کر لیا بعد ظہر کے دو رکعتون سی سو وہ دونون رکعتین یے ہین

ف مصابیح مین کریب سے روایت ہے کہ مجھکو عبد اللہ بن عباس وغیرہ چند اصحاب نے حضرت عائشہ پاس بھیجا کہ بعد عصر کے دو رکعتین پڑھنا سنت ہے یا نہین حضرت عایشہ نی مجھکو حضرت ام سلمہ کی پاس بھیجا حضرت ام سلمہ نی کہا کہ مین نے حضرت کو بعد عصر کی سنت سے منع کرتے سنا پھر حضرت کو ایک روز مین نی عصر کی بعد دو رکعت پڑھتے دیکھا تو مین نی ابی امیہ کی لڑکی کو حضرت پاس بھیجا تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی معلوم ہوا کہ وہ رکعتین ظہر کی قضا تھین اور یہی مذہب ہے

امام شافعی کا کہ اگر ظہر کی سنت قضا ہون تو بعد عصر کی پڑہ لے امام اعظم کے
نزدیک عصر کی بعد سنت قضا کرنا حضرت کو خاص تہا اب درست نہین اسواسطے
کہ سنت کی قضا بدون فرض کے جائز نہین ع ١١٨٩ ع اَنَسُ يَا اُمَّ حَارِثَةَ اِنَّهَا
جِنَانٌ فِي الْجَنَّةِ وَاِنَّ ابْنَكِ اَصَابَ الْفِرْدَوْسَ الْاَعْلٰى بخاری مین
انس رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا اے حارثہ کی ماں حال تو یون ہے کہ بہشت
مین کئی بہشتین ہین اور مقرر تیرا بیٹا پہنچا ہے اونچی بہشت مین ف حارثہ
بدر مین شہید ہوا تہا اُسکی مانے حضرت کے پاس اکر کہا کہ یا رسول اللہ اگر
حارثہ جنت مین ہو تو مین اُسکے غم مین صبر کرون اور اگر جنت کی سوا
کہین اور ہو تو محنت کرکے اسکو رولون تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی
یعنی تو یہہ سمجھ کہ بہشت فقط ایک ہی ہے بلکہ بہشت مین کئی بہشتین ہین ایک سے
ایک اعلی اور تیرا بیٹا فردوس برین مین ہے جو سب سے عمدہ اور بلند ہے ع ١١٩٠ ع خ
اُمَّ خَالِدٍ بِنْتُ سَعِيْدِ بْنِ الْعَاصِ وَقِيْلَ بِنْتُ خَالِدِ بْنِ سَعِيْدٍ
يَا اُمَّ خَالِدٍ هٰذَا سَنًا يَا اُمَّ خَالِدٍ هٰذَا سَنًا وَيُرْوٰى سَنَهٌ فِي
الْمَوْضِعَيْنِ بخاری مین ام خالد سعید بن عاص کی یا خالد بن سعید کی بیٹی سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اے ام خالد یہہ سیاہ موسی کی چادر اچھی ہے

ام خالد یہ اچھی اور ایک روایت مین بجای سنا سنہ دونون مقام پر پایا ہے
اور دونون ان لفظون کی معنے اچھے ف ام خالد سی روایت ہے کہ ایک بار
حضرت کے پاس کئی قسم کے کپڑے آئے اُنمین ایک چادر سیاہ دھاری دار اُنکی
چھوٹی سی تھی حضرت نی فرمایا مین یہہ کسکو دون اصحاب سے اچھے اور مین کم
عمر لڑکی تھی حضرت نے مجھکو بلا کر وہ چادر دی اور یہہ حدیث فرمائی اُس
حدیث سے معلوم ہوا کہ چھوٹے لڑکون کو چیز دیکر اُسکی تعریف کرنا تاکہ لڑکے
خوش ہون مستحب ہے ف عَائِشَةُ يَا أُمَّ سَلَمَةَ لَا تُؤْذِينِي فِي عَائِشَةَ ف ۱۱
فَإِنَّهُ وَاللهِ مَا نَزَلَ عَلَيَّ الْوَحْيُ وَأَنَا فِي لِحَافِ امْرَأَةٍ مِنْكُنَّ
غیرھا بخاری اور مسلم مین حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اے
ام سلمہ تو مجھکو نہ رنج دے عائشہ کے مقدمہ مین اسواسطے کہ سوای عائشہ کے تم مین سے
کسی عورت کے لحاف مین مجھپر وحی نہین اُترتی ف اس حدیث کا مفصل
قصہ ہو چکا کہ اصحاب کا دستور تہا کہ حضرت عائشہ کی باری کے دن
حضرت کو تحفے بھیجتے تہی کہ حضرت خوش ہونگے حضرت کی بی بیون نی حضرت
ام سلمہ کی معرفت حضرت سے نالش کی کہ اصحاب سب بی بیون کے گہر سے تحفے بہیجا
کرین عائشہ کی کیا خصوصیت ہے تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنی عایشہ کی

فضیلت صرف میری محبت ہی سے نہین بلکہ اُس مین ایسا دینی کمال ہے
کہ سوای اُسکے اور کسی بی بی پاس مجھکو وحی نہین آئی تو معلوم ہوا کہ خدا کے
نزدیک وہ سب اور بی بیون سی افضل ہے سو حضرت ام سلیم نے کہا کہ مین
آپ کی رنج رسانی سے توبہ کرتی ہون یارسول اللہ ۱۰۵۳ مہ اَنَسٌ یَا اُمَّ سُلَیْمٍ اَمَا
تَعْلَمِیْنَ اَنَّ شَرْطِیْ عَلٰی رَبِّیْ اَنِّیْ اشْتَرَطْتُ عَلٰی رَبِّیْ فَقُلْتُ
اِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ اَرْضٰی کَمَا یَرْضَی الْبَشَرُ وَاَغْضَبُ کَمَا یَغْضَبُ
الْبَشَرُ فَاَیُّمَا اَحَدٍ دَعَوْتُ عَلَیْهِ مِنْ اُمَّتِیْ بِدَعْوَةٍ لَیْسَ لَهَا
بِاَهْلٍ اَنْ تَجْعَلَهَا طَهُوْرًا وَزَکٰوةً وَقُرْبَةً تُقَرِّبُهٗ بِهَا یَوْمَ
الْقِیٰمَةِ مسلم مین انس رضی سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اے ام سلیم کیا تو
نہین جانتی کہ میری شرط اپنے رب سے یہہ ہے کہ مین البتہ شرط کر چکا اپنے
رب سے اس طرح کہکر کہ مین تو آخر آدمی ہون راضی ہوتا ہون جیسی آدمی راضی
ہوتا ہے اور غصہ کرتا ہون جیسی آدمی غصہ کرتا ہے سو جس کسی پر اپنی
امت سی مین بد دعا کرون کہ اُسکے وہ لایق نہو تو ای رب اُس بد دعا کو
اسکے گناہونکی طہارت اور پاکی اور اپنی نزدیکی کا سبب کر دیجیو کہ قیامت کے دن
اس بد دعا کے بدلے اُسکو تیری نزدیکی حاصل ہو ف انس رضی اللہ عنہ سے

روایت ہے کہ بیری ماام سلیم کے پاس ایک یتیم لڑکی تہی اسکو حضرت نے ایک
روز دیکہہ کر فرمایا کہ اری تو تو بڑی ہو گئی اب تجھکو بڑھنا مصیب نہو جیو
اُس لڑکی نی رو کر ام سلیم سے کہا کہ حضرت نے مجھکو بد دعا دی ام سلیم نے کہا
یارسول اللہ اپنے کیا میری یتیم لڑکی کو بد دعا دی ہے حضرت نے فرمایا کیسے
بد دعا ام سلیم نی کہا کہ وہ لڑکی روتی ہے اور کہتی ہے کہ حضرت نی مجھکو یون
بد دعا دی کہ تو عمر دراز نہو جیو تو حضرت ہنسنے لگے پہر یہہ حدیث فرمائی
یعنی تو مت گھبرا کہ جی قصور والے کو میرے بد دعا نہین لگتی بلکہ اُسکے بدلے خدا کے
نزدیک اسکے حق مین برکت اور بہتری ہوتی ہے حضرت کی بد دعا ایسی تہی
جیسے کسی وقت ماباپ اپنی لڑکے کو کوستے ہین جیسے ارے کمبخت تجھے مصیبت
مگر دل سے اُسکا بُرا نہین چاہتے ہر چند حضرت بیجا غصے سی معصوم تہے لیکن
حضرت کو کیا شفقت تہی اپنی امت پر کہ پیش بندی کر کے اپنی بد دعا کی نہ
تاثیر ہونے کی خدا سے شرط کر لی کہ شاید اگر بی قصد کسی کے حق مین کبہی
بد دعا نکل جاوے تو اثر نہ کرے بلکہ برعکس اُسکے بہتر ہو شعر اپنی امت پہ جو
شفقت تہی شہ عالم کو ایسی شفقت کسی ماباپ مین دیکہی نہ سنی خواب
تو امت کو ہے لازم کہ جب ایسا ہو رسول راہ اُسکی چلین بدعت کی کرین بیخ کنی

مانند

مر

مر انس یا ام سلیم ان اللہ قد کفی واحسن وقالت یوم حنین
مسلم مین انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا اے ام سلیم
کافرون کے شر کو خدا کفایت کر گیا اور ہمنے ہم پر احسان کیا یہہ حضرت نے
جنگ حنین کے دن فرمایا ف حضرت نے ام سلیم کو خنجر باندھے دیکھا پوچھا
کہ یہہ کیون تو نے باندھا ہے ام سلیم نے کہا یا رسول اللہ مین نے اس
ارادے سے باندھا کہ اگر کوئی کافر میرے قریب ہو تو اسکا پیٹ پھاڑ ڈالون
تو حضرت نے ہنسکے یہہ حدیث فرمائی یعنی خدا کے کرم سے فتح ہو چکی
تیرے خنجر کی اب کچھ حاجت نہین ق انس یا ام سلیم ما ھذا الذی ق
تصنعین فقالت حین رأیتھا تجمع عرقہ بخاری اور مسلم مین انس
رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اے ام سلیم تو یہہ کیا کرتی ہے
یہہ حضرت نے اسوقت فرمایا جب ام سلیم کو اپنا پسینا جمع کرتے دیکھا ف
انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت اکثرون کو میرے گھر مین آکر سوتے تھے
ایک روز حضرت کے بدن سے پسینا بہت نکلا میری مان یعنی ام سلیم پسینا
حضرت کا پونچھ پونچھ کر عطر کے شیشے مین بھرنے لگی حضرت جاگ پڑے
اور یہہ حدیث فرمائی یعنی تو کیون پونچھتی ہے ام سلیم نے کہا یا رسول اللہ

یہہ میری عطر کی شیشی ہے اسمین مین آپ کا پسینا ڈالتی ہون کہ حضرت کا
پسینا عطر سے بھی زیادہ خوشبودار ہے اور دوسری روایت مین ام سلیم نے
یون جواب دیا کہ اپنے لڑکے کی برکت کی واسطے حضرت کا پسینا جمع کرتی
ہون حضرت نے فرمایا تو خوب سمجھی م انس یا ام فلان انظری
ای السکک شئت حتی اقضی لک حاجتک فما لا مراۃ
کان فی عقلها شیئ فقالت یا رسول اللہ ان لی الیک
حاجۃ مسلم مین انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ
اے فلانیکی ماں دیکھہ اور چل جس گلی کو تیرا جی چاہے تاکہ مین تیرا
کام کردون یہہ حضرت نے اس عورت سے فرمایا جسکی عقل مین کچھہ خلل تہا
یعنی دیوانی تہی سو اُس نے کہا کہ یا رسول اللہ مجھکو آپ سے کچھہ کام ہے ف
ایک عورت تہی دیوانی حضرت پاس آئی کہ حضرت میرا فلانا کام کردیجئے
حضرت کمال اخلاق سے اُسکے بہی خاطر شکنی نکرتے اور اسکا کام کردیتے

ق عائشۃ یا بریرۃ هل رأیت منها شیئا یریبك یعنی عائشۃ حین قال فیها اهل الافك ما قالوا بخاری
اور مسلم مین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا

ق ٦٨

م ٦٨

اے بریرہ کیا تونے عائشہ سے کچھ ایسا دیکھا جس سے تجھکو شک پڑے
یہہ حضرت نی اسوقت فرمایا جب حضرت عائشہ کی حق مین تہمت کرنیوالون نے
کہا جو کہا ف تہمت کا قصہ اسی باب مین مفصل ہو چکا ق عَائِشَةُ يَا ١٠٥٧ ق
بُنَيَّةُ اَلَا تُحِبِّيْنَ مَا اُحِبُّ قال لفاطمة حين بعثها ازواج النبي
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِلَيْهِ يَنْشُدْنَهُ الْعَدْلَ فِيْ عَائِشَةَ
بخاری اور مسلم مین حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اے بچی
کیا تو نہین چاہتی ہے کی جو مین چاہتا ہون یہہ حضرت نی فاطمہ رضی اللہ عنہا سی کہا
جب انکو حضرت کی بی بیون نی حضرت کی پاس بہیجا تہا عائشہ کی حق مین
برابری چاہتی تہین ف دوسرے باب مین اسکا قصہ مفصل ہو چکا ف
عَائِشَةُ يَا عَائِشَةُ اَشْهَرِيْ اَنَّ اللّٰهَ اَفْتَانِيْ فِيْمَا اسْتَفْتَيْتُهُ
فِيْهِ جَاءَنِيْ رَجُلَانِ فَقَعَدَ اَحَدُهُمَا عِنْدَ رَاْسِيْ وَالْاٰخَرُ
عِنْدَ رِجْلِيْ فَقَالَ الَّذِيْ عِنْدَ رَاْسِيْ لِلَّذِيْ عِنْدَ رِجْلِيْ
اَوِ الَّذِيْ عِنْدَ رِجْلِيْ لِلَّذِيْ عِنْدَ رَاْسِيْ مَا وَجَعُ الرَّجُلِ قَالَ
مَطْبُوْبٌ قَالَ مَنْ طَبَّهٗ قَالَ لَبِيْدُ بْنُ الْاَعْصَمِ قَالَ فِيْ اَيِّ
شَيْءٍ قَالَ فِيْ مُشْطٍ وَمُشَاطَةٍ وَجُفِّ طَلْعَةِ ذَكَرٍ قَالَ

بیان سحر کرنیوالے آنحضرت
و عمل سحر و انتقام ق
کا جو قرار ہے ساحر

فَاَیْنَ هُوَ قَالَ فِیْ بِئْرِ ذِیْ اَرْوَانَ بخاری اور مسلم مین حضرت
عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ اے عائشہ کیا تو نی جانا کہ خدا نے
مجھکو حکم کیا جس مین مین نی اُس سی حکم چاہا یعنی میری دعا قبول کی اور جادو کا
حال تبلا دیا میرے پاس دو مرد آئے سو ایک تو میری سر کے پاس بیٹھا اور
دوسرا میرے پیر کے پاس سو کہا اُسنے جو میرے سر کے پاس تہا اُسنے جو میرے پیر پاس
تہا یا اُس نی کہا جو میرے پیر پاس تہا اُسنے کہ جو میرے سر پاس تہا کیا درد ہے
اِس مرد کو یعنی حضرت کو اُسنے جواب مین کہا کہ اُسپر جادو کا اثر ہے اُسنے
کہا کسنے اِسکو جادو کیا ہے دوسرے نی کہا کہ لبید اعصم کی بیٹے نی کیا ہے
اُسنے کہا کس چیز مین کیا ہے دوسرے نی کہا کہ کنگھی مین اور اُن بالون مین جو
کنگھی سے چھڑے اور نر بھیوا کی بالی کے غلاف مین اُس نی کہا کہ یہہ کہان
رکھا ہے دوسرے نے کہا کہ ذی اروان کی کنوین مین ف مصابیح مین
حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ ایک بار حضرت پر جادو ہوا خیال بندی کا
کیا کردہ کام کو حضرت نتے جا کہ مین کر چکا اور بخاری مین یون روایت ہے
کہ حضرت بی بیون سی صحبت نکر سکتے تتے چنانچہ ایک روز حضرت میرے پاس
تتے اپنی صحت کی خدا سے دعا کی پہر یہہ حدیث فرمائی پہر حضرت چند اصحاب کے

ساتہہ

فصل ۱۱

سانحہ اس کنوین پر تشریف لی گئے اُسکے نکالتے ہوئے حضرت کو صحت حاصل
ہوئی مین نی کہا یا حضرت اُس جادوگر یہودی کو سزا دیجئے اور شہر سے نکلوا دیجئے حضرت نے فرمایا
کہ خدا نی مجھکو تو شفا دی ہین کس واسطے لوگون مین فتنہ انگیزی کرون اور شور
غل مچاون حضرت پر جادو کا اثر کرنی کی یہہ حکمت تہی کہ کافر حضرت کی معجزے
دیکھہ کر حضرت کو جادوگر کہتے تہے اور مشہور یون ہے کہ جادوگر پر جادو کا اثر
نہین کرتا تو جب حضرت پر جادو کا اثر ہوا تو اُنکے نزدیک بہی حضرت کو جادوگر
کہنا درست نہوا ق عَائِشَةُ يَا عَائِشَةُ اَلَا مُرَاشَدُّ مِنْ اَنْ يَنْظُرَ ۱۰۵۹ ق
بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ يَعْنِي يَوْمَ الْقِيٰمَةِ بخاری اور مسلم مین حضرت عائشہ سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اے عائشہ وہ حال نہایت سخت ہوگا کہان
فرصت ہوگی جو ایک دوسرے کو دیکھے یعنی قیامت کی دن ف مصابیح مین
حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ قیامت مین لوگ ننگے بدن ننگے پاؤن
اٹہینگے مین نی کہا یا رسول اللہ عورت اور مرد ایک دوسرے کو دیکہینگے تب
حضرت نی یہہ حدیث فرمائی یعنی سب اپنی اپنی مصیبت مین گرفتار ہونگے
حواس کہان ٹہکانے ہونگے کہ کوئی کسی کو دیکہے م یَا عَائِشَةُ يَا عَائِشَةُ ۱۰۶۰ م
لَا تَكُوْنِيْ فَاحِشَةً مسلم مین حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا

کہ اے عائشہ تو زیادہ کو بدزبان نہوف اسکا قصہ ہوچکا کہ یہودیون نے
حضرت کو زبان دانکے بد دعا کی حضرت عائشہ نے انکو اسی طرح جواب دیا اور
بڑہ کے لعنت کی تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنی جتنا اُنہون نی کہا اس
سے زیادہ کیون کہا ق عَائِشَةُ يَا عَائِشَةُ مَا زَالَ اَجِدُ اَلَمَ الطَّعَامِ ۱۰۶۱ ق
الَّذِیْ اَكَلْتُ بِخَيْبَرَ فَهٰذَا اَوَانُ وَجَدْتُ انْقِطَاعَ اَبْهَرِیْ
مِنْ ذٰلِكَ السَّمِّ بخاری اور مسلم مین حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ اے عائشہ مین ہمیشہ اُس کھانی کی تکلیف پاتا ہون جو مین نے خیبر
مین کہایا تہا سو یہہ وقت تو اب وہ ہے کہ مجھکو معلوم ہوچکا اپنی جانکی رگ
ٹوٹنا اُسی زہر سے ف حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت نی مرض الموت مین
یہہ حدیث فرمائی یعنی اُسی زہر کے اثر سے اب میرا انتقال ہے ع ۱۰۶۲ ع
عَائِشَةُ يَا عَائِشَةُ مَا اَظُنُّ فُلَانًا وَفُلَانًا يَعْرِفَانِ دِيْنَنَا الَّذِیْ
نَحْنُ عَلَيْهِ يَعْنِیْ رَجُلَيْنِ مِنَ الْمُنَافِقِيْنَ بخاری مین حضرت عائشہ سے
روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا اے عائشہ میرے گمان مین نہین آتا کہ فلانا اور فلانا
جانتے ہون اس دین کو جسپر ہم ہین یعنی دو مرد منافق ف حضرت عائشہ سے
روایت ہے کہ مین دو شخصون کا ذکر کرتی تہی کہ اتنے مین حضرت تشریف

رائے پہران دونون کی حق مین یہہ حدیث فرمائی یعنی نفاق کی نشانیان کسنے ظاہر
ہوتی ہین غالب ہے کہ وہ اسلام کی حقیقت سی اگاہ نہین حضرت نی گمان کیا یقین
نہین اسواسطے کہ دل کا حال خدا ہی جانتا ہے ح عَائِشَةُ يَا عَائِشَةُ ۱۰۶۳ خ
لَمَا كَانَ مَعَكُمْ لَهْوٌ فَإِنَّ الْأَنْصَارَ يُعْجِبُهُمُ اللَّهْوُ بخاری مین حضرت
عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ اے عائشہ تمہاری پاس کہیل نہ تہا اسواسطے
کہ انصاریون کو کہیل خوش معلوم ہوتا ہے ف حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ مین نی
ایک عورت کی ایک انصاری مرد سی شادی کردی تب حضرت نی یہہ حدیث فرمائی
کہیل فرمایا دف بجانی کو اور شعرین گانی کو معلوم ہوا کہ نکاح مین دف بجانا اور
گانا حلال ہے بشرطیکہ دف مین جھانجہ نہو اور راگ کا مضمون خلاف شرع نہو
م عَائِشَةُ يَا عَائِشَةُ مَالَكِ حَشْيَا رَابِيَةً قَالَتْ قُلْتُ لَا ۱۰۶۴ م
شَيْءَ فَقَالَ لَتُخْبِرِينِي أَوْ لَيُخْبِرَنِّي اللَّطِيفُ الْخَبِيرُ قَالَتْ قُلْتُ يَا رَسُولَ
اللَّهِ بِأَبِي أَنْتَ وَأُمِّي فَأَخْبَرْتُهُ قَالَ فَأَنْتِ السَّوَادُ الَّذِي رَأَيْتُ
أَمَامِي قُلْتُ نَعَمْ فَلَهَدَنِي فِي صَدْرِي لَهْدَةً أَوْجَعَتْنِي ثُمَّ
قَالَ أَظَنَنْتِ أَنْ يَحِيفَ اللَّهُ عَلَيْكِ وَرَسُولُهُ قَالَتْ مَهْمَا يَكْتُمِ
النَّاسُ يَعْلَمْهُ اللَّهُ قَالَ نَعَمْ فَإِنَّ جِبْرِيلَ أَتَانِي حِينَ رَأَيْتِ فَنَادَانِي

فَاَخْفَاهُ مِنْكِ فَاَجَبْتُهُ فَاَخْفَيْتُهُ مِنْكَ وَلَمْ يَكُنْ يَدْخُلُ عَلَيْكِ
وَقَدْ وَضَعْتِ ثِيَابَكِ فَظَنَنْتُ اَنْ قَدْ رَقَدْتِ فَكَرِهْتُ اَنْ اُوقِظَكِ
وَخَشِيْتُ اَنْ تَسْتَوْحِشِيْ فَقَالَ اِنَّ رَبَّكَ يَاْمُرُكَ اَنْ تَاْتِيَ اَهْلَ
الْبَقِيْعِ فَتَسْتَغْفِرَ لَهُمْ مسلم مین حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ
اے عائشہ کیا تیرا حال ہے جو دم پھولی اور ہانپتی ہے حضرت عائشہ نے کہا کس
چیز سے یعنی کوئی سبب نہین میرے ہانپنے کا تو حضرت نی فرمایا کہ اسکا سبب تبلا دے
یا تو پھر مجھکو ظاہر باطن کا دانا خبردار تبلا دیگا حضرت عائشہ نے کہا مین نی کہا یا رسول
اللہ میرے ماباپ آپ پر قربان پھر مین نی حضرت کو سب حال تبلا دیا حضرت نی فرمایا
تو ہی تھی سیاہ سیاہ جسکو مین نی اپنے آگے دیکھا مین نی کہا کہ ہان سو حضرت نے
مہربانی سے میری چھاتی مین ایسا دھکا مارا کہ میرے درد ہونے لگا پھر حضرت نے فرمایا
کہ کیا تو نے یہہ گمان کیا کہ خدا اور رسول اسکا تجھپر ظلم کرینگا یعنے تیری باری کی
رات کسی اور بی بی پاس مین جاتا حضرت عائشہ نے کہا جس چیز کو لوگ چھپاتے ہین
خدا اسکو جانتا ہے حضرت نی فرمایا کہ ہان جانتا ہے حضرت نی فرمایا کہ البتہ
جبریل میرے پاس آیا تھا جب کہ تو نے دیکھا پھر اسنے مجھکو پکارا اور تجھسے چھپایا
سو مین نے اسکو جواب دیا اور تجھسے مین نے چھپایا اور جبریل تیرے پاس کبھی نہ آیا

اور تو اپنے کپڑے اُتار چکی تہی اور میرے گمان مین یہہ آیا تہا کہ تو سو گئی سو مجھکو بُرا لگا
کہ تجھکو جگاؤن اور ڈرا مین کہ تو گھبرا ئیگی سو جبریل نے کہا کہ مقرر تیرا رب تجھکو یہہ حکم
کرتا ہے کہ تو بقیع کی قبرستان والے مردونکے پاس جا پھر انکے واسطے مغفرت مانگ
ف حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ میرے باریکی رات حضرت میری پاس تشریف
لائے اور اتنا لیٹے کہ حضرت کی گمان مین مین سو گئی پہر حضرت اُٹھے اور آہستہ اپنی چادر
لی اور آہستہ جوتا پہنا اور آہستہ دروازہ کہولا مجھکو یہہ شک آیا کہ شاید حضرت
کسی اور بی بی پاس جاتی ہین سو مین بہی اپنی کُرتی پہن اور اوڑھنی اوڑھ کے
حضرت کے پیچھے چلی یہان تک کہ حضرت قبرستان مین گئے اور بہت دیر تک وہان
کھڑے رہے پہر حضرت نے تین بار ہاتہ اُٹھا کر دعا کی بعد اسکے حضرت وہان سے پہرے تو مین
بہی پہری حضرت چھپے مین بہی چھپٹی سو مین جلدی سے آگے آکر لیٹ رہی جب حضرت
آئے تب یہہ حدیث فرمائی بقیع مدینے کی قبرستان کا نام ہے حضرت کے مکان سے
نہایت متصل ہے کئی قدم کا فرق ہے اس حدیث سے معلوم ہوا کہ قبرستان مین
جانا اور مردون کے واسطے دعا کرنا سنت ہے ق عَائِشَةُ يَا عَائِشَةُ
مَا يُؤْمِنُنِي اَنْ يَكُوْنَ فِيْهِ عَذَابٌ قَدْ عُذِّبَ قَوْمٌ بِالرِّيْحِ وَقَدْ
رَاَى قَوْمٌ مِنَ الْعَذَابِ فَقَالُوْا هٰذَا عَارِضٌ مُمْطِرُنَا فَلَمَّا قَالَتْ

ق صفحہ ۱

لَهُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَذَی النَّاسُ اِذَا رَاَوُا الْغَیْمَ فَرِحُوْا رَجَاءَ اَنْ یَکُوْنَ
فِیْہِ الْمَطَرُ وَاَنْتَ اِذَا رَاَیْتَہُ عُرِفَتْ فِیْ وَجْہِکَ الْکَرَاھِیَۃُ
بخاری اور مسلم مین حضرت عائشہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اے عائشہ کون
چیز مجھکو نڈر کرتی ہے شاید اِس آندھی اور بدلی مین عذاب الٰہی ہو مقرر ایک قوم
یعنی عاد پر عذاب ہو چکا ہے آندھی سی اور البتہ قوم نی عذاب الٰہی دیکھا تہا سو کہا تہا
کہ یہہ بدلی ہے ہمارے پانی کے برسنے والی یہہ حضرت نی اُسوقت فرمایا جب کہ حضرت
عائشہ نی کہا تہا یا رسول اللہ مین دیکہتی ہون لوگون کو جب بدلی دیکہتے ہین تو خوش
ہوتی ہین اِس اُمید سے کہ اُسمین مینہہ ہوگا اور مین آپکو دیکہتی ہون کہ جب آپ بدلی دیکہتے
ہین تو آپ کے چہرے پر کراہیت اور گھبراہٹ معلوم ہوتی ہے ف حضرت عائشہ سے
روایت ہے کہ مین نی حضرت کو کبہی ہنستے نہین دیکہا کہ حضرت کا خوب منہہ کہل جاوے
مگر مسکراتے تہے اور جب آندھی اور بدلی آتی تو گھبراتے اور دعای خیر کرتے خوف سے
کبہی اُٹہتے کبہی بیٹہتے یہی حالت حضرت کی رہتی جبتک پانی نہ برستا تو مین نے
اِسکا سبب پوچہا تب حضرت نی یہہ حدیث فرمائی یعنی بی خوف ہونی کا کیا مقام ہے
آخر عاد کی قوم اِسی طرح ہواہی سی برباد ہوئی قول مشہور کا کہ نزدیکان رابیش بود حیرانی
اِس حدیث سی خوب مطلب حل ہوا بندگی اِسیکا نام ہے کہ بندہ اپنے مالک سے

ذری ذری بات مین لرزتا ہے م عَائِشَةُ يَا عَائِشَةُ مَتَى دَخَلَ هٰذَا م ۸۳۶
الْكَلْبُ هٰهُنَا مسلم مین حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اے
عائشہ یہہ کتا اس مکان مین کب گھس آیا تہا ف اسکا قصہ ہوچکا کہ حضرت جبرئیل نے
حضرت پاس آنے کا وعدہ کیا تہا سو حضرت کے کہر مین کتا گھس آیا تہا اس سبب سے
اُنکے آنے مین دیر ہوئی تہی جب حضرت کو حال معلوم ہوا تب یہہ حدیث
فرمائی م اَبُوْ هُرَيْرَةَ يَا عَائِشَةُ نَاوِلِيْنِي الثَّوْبَ وَيُرْوَى الْخُمْرَةَ م ۸۳۷
فَقَالَتْ اِنِّيْ حَائِضٌ فَقَالَ اِنَّ حَيْضَتَكِ لَيْسَتْ فِيْ يَدِكِ مسلم مین
ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اے عائشہ مجہکو کپڑا
اُٹہا دے اور دوسری روایت مین ہے کہ جانماز اُٹہا دے سو حضرت عائشہ نے
کہا کہ مجہکو حیض کی دن ہین تو حضرت نے فرمایا کہ البتہ تیرا حیض تو تیرے ہاتہہ مین
نہین ف یعنی حائضہ عورت کو چیز چہونا درست ہے اسواسطے کہ اسکے ہاتہہ
مین تو نجاست نہین لگتی ق عَائِشَةُ يَا عَائِشَةُ وَاللّٰهِ لَكَانَ مَاؤُهَا نُقَاعَةَ ق ۱۰۲۸
الْحِنَّاءِ وَلَكَانَ نَخْلُهَا رُؤُسُ الشَّيَاطِيْنِ يَعْنِيْ يُبْرَدُ اَرْدَانَ
بخاری اور مسلم مین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اے
عائشہ خدا کی قسم اُس کنوئین کا پانی جیسے مہندی کا بھگویا پانی اور اسکے چہارے

وحشت جیسی شیطانون کی سر یعنی ذی اروان کنوین کے ف حضرت پر جادو
کرنی کا قصہ قریب گذرا اس کنوین کی وحشت اور ویرانی کا حال حضرت نے
بیان کیا ق عَائِشَةُ يَا عَائِشَةُ هٰذَا جِبْرَئِيْلُ يُقْرِئُكِ السَّلَامَ ۱۰۶۹ ق
بخاری اور مسلم مین حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا ای عائشہ
یہہ جبرئیل ہین تجھکو سلام کرتی ہین ف پورا قصہ حضرت عائشہ سے یون روایت
ہے کہ مین نی کہا وعلیہ السلام ورحمۃ اللہ یعنی جبریل کو سلام اور خدا کی رحمت
یارسول اللہ جو آپ دیکھتے ہین وہ مین نہین دیکھتی اس حدیث سی بڑی فضیلت
حضرت عائشہ کی ثابت ہوئی اور معلوم ہوا کہ ایک کی طرف سی دوسرے کو
سلام پہنچانا مستحب ہے اور سلام کا جواب زیادہ کرکے دینا افضل ہے جیسے
حضرت عائشہ نے رحمۃ اللہ کی لفظ زیادہ کی ف عَائِشَةُ يَا عَائِشُ هٰذَا جِبْرَئِيْلُ ۱۰۷۰ ف
مسلم مین حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اے عائشہ چھری دے
ف عائش اختصار ہے عائشہ کا مصابیح مین روایت ہے کہ سینگ دار
سیاہ مینڈھے کو حضرت نی قربانی کے واسطے منگایا اور مجھسے چھری مانگی پھر
فرمایا کہ پتھر سے تیز کردے پھر حضرت نی چھری کو پکڑا اور مینڈھے کو پچھاڑ کے
بسم اللہ کہہ کر ذبح کیا پھر فرمایا کہ الٰہی قبول کر محمد صلی اللہ علیہ وسلم

م ۱۰۷۱ اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے گھر والون سی اور محمد کی اُمت سی ہو عَائِشَةُ يَا فَاطِمَةُ
بِنْتُ مُحَمَّدٍ يَا صَفِيَّةُ بِنْتُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ يَا بَنِي عَبْدِ الْمُطَّلِبِ لَا
أَمْلِكُ مِنَ اللهِ شَيْئًا سَلُونِي مِنْ مَالِي مَا شِئْتُمْ مسلم مین حضرت عائشہ سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ای فاطمہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی بیٹی ای صفیہ عبد
المطلب کی بیٹی اے عبد المطلب کی اولاد مین مالک نہین تمہاری بہتری کا
خدا سے کسی چیز کا میرے مال سے مانگ لو جو تمہارا جی چاہے جب یہہ آیت
اتری کہ اپنے پیغمبر برادری والون کو عذاب الہی سے ڈرا دے تب حضرت نے اپنی
بیٹی اور پھوپھی اور دادا کی اولاد سے یہہ حدیث فرمائی یعنی دنیا مین اپنے مال دینے
مین تمہی اختیار ہے آخرت کا مین مالک اور مختار نہین بدون ایمان اور نیک
عمل کے میری قرابت پر نہ بھولیو ق اَبُوْ هُرَيْرَةَ يَا نِسَاءَ الْمُؤْمِنَاتِ ق ۱۰۲۲
لَا تَحْقِرَنَّ إِحْدَاكُنَّ لِجَارَتِهَا وَلَوْ كُرَاعَ شَاةٍ مُحْرَقٍ فَلَعَلَّ ذَكَرَهُ
أَلْأَقْلَيْشِيُّ وَالرِّوَايَةُ يَا نِسَاءَ الْمُسْلِمَاتِ لَا تَحْقِرَنَّ جَارَةٌ لِجَارَتِهَا
وَلَوْ فِرْسَنَ شَاةٍ بخاری اور مسلم مین حضرت ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ اے ایماندار عورتو تم مین سے کوئی عورت اپنے ہمسائی عورت کے تحفہ کو ناچیز
اور ذلیل سمجھے اور اگرچہ تحفہ بکری کی پانو کی جلی تلی ہو اسی طرح اقلیشی نے

ذکر کیا ہے اور مشہور روایت یون ہے کہ اے مسلمان عورتو نہ ناچیز جانے
اسائی دوسرے ہمسائی کے تحفے کو اگرچہ تحفہ بکری کا کھر یا کھر کے درمیان کا
گوشت ہو ف یعنی ہمسایہ اور پڑوسیون کو آپس مین محبت اور الفت چاہیے
تو آپسمین تحفہ لینے دینے مین محبت زیادہ ہوتی ہے تھوڑے بہت کا دھیان
اور خیال نچاہیے کرنا عورتون کو خاص کرکے اسواسطے فرمایا کہ انکو تحمل نہین ہوتا
کم چیز کو پہیر دیتی ہین حقیر جان کر اور اسکو فضیحت کرتے ہین تو محبت کہان اور عداوت پیدا کہان

## الباب السادس

چھٹے باب مین بہت قسم کی حدیثین ہین اول قسم وہ ہین جنکے سر پر لیس آیا ہے

۱۰۷۳ ع عَائِشَةُ لَيْسَ اَحَدٌ يُحَاسَبُ اِلَّا هَلَكَ بخاری مین حضرت عائشہ سے روایت ہے
کہ کوئی ایسا نہین کہ جسکا حساب ہو مگر وہ برباد ہو جاوے یکا ف قیامت مین دو طرح کا
حساب ہوگا ایک تو یہہ کہ صرف نامہ اعمال دکہلائے جاوینگے اسمین کچھ کھنکو
نہو گی یہہ حساب ایمانداروں کا اور دوسرے طرح یہہ کہ اسمین ہر ایک بات مین

۱۰۷۴ ق جہگڑا ہو گا یہہ کافرون کا حساب ہے کہ اسکا انجام دوزخ ہے ق اَبُوْ
هُرَيْرَةَ لَيْسَ الشَّدِيْدُ بِالصُّرْعَةِ اِنَّمَا الشَّدِيْدُ الَّذِيْ يَمْلِكُ
نَفْسَهٗ عِنْدَ الْغَضَبِ بخاری اور مسلم مین ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے

فرمایا

فرمایا کہ پہلوان وہ نہین جو لوگون کو پچھاڑے حقیقت مین پہلوان تو وہ
جو وقت غصّے کی اپنی جان پر قابو رکھے یعنی باوجود غصّے کے ایسی بیجا حرکت
نکرے کہ آخر کو پچھتاوے ق ۱۰۷۵ ق اَبُوْھُرَیْرَۃَ لَیْسَ الْغِنٰی عَنْ کَثْرَۃِ
الْعَرَضِ اِنَّمَا الْغِنٰی غِنَی النَّفْسِ بخاری اور مسلم مین ابو ہریرہ سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ نہین ہے بے پرواہی اسباب دنیا کی زیادتی سے بی پرواہی
تو حقیقت مین دل کی بی پرواہی ہے ف یعنی غنی اور تونگر اسکا نام نہین
جسکے پاس دنیا کی دولت اور اسباب زیادہ ہو اسواسطے کہ جتنا اسباب زیادہ اُتنی احتیاج
زیادہ آنا نکہ غنی تر اند محتاج تر اند تو حقیقت مین غنی اور بی پرواہ قناعت والا
ہے جسکا دل غنی ہے اسواسطے کہ جب دل سے محبت دنیا کی گئی تو کچھ حاجت
نرہی کہ تونگری بدل است نہ بمال ق ۱۰۷۶ ق اَبُوْھُرَیْرَۃَ لَیْسَ الْمِسْکِیْنُ الَّذِیْ
تَرُدُّہُ التَّمْرَۃُ وَالتَّمْرَتَانِ وَلَا اللُّقْمَۃُ وَلَا اللُّقْمَتَانِ اِنَّمَا الْمِسْکِیْنُ
الَّذِیْ یَتَعَفَّفُ اِقْرَءُوْا اِنْ شِئْتُمْ لَا یَسْئَلُوْنَ النَّاسَ اِلْحَافًا
بخاری اور مسلم مین ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ بیچارہ
محتاج وہ نہین جسکو ایک چھوارا اور دو چھوارے اور ایک لقمہ اور دو لقمی کی
طمع دربدر پھراوے حقیقت مین بیچارہ محتاج تو وہ ہے جو حرام اور سوال سے

رہتا ہے اگر تم چاہو تو اس مطلب کو قرآن سے پڑھ لو کہ لائق دینے کے
وہ لوگ ہین کہ باوجود محتاجی کے لوگون سے سوال نہین کرتے چمٹ کر
کہ بدون لئے پیچھا نہ چھوڑین ف اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جو محتاج لوگ
کہ سوال نہین کرتے اُنکے دینے مین زیادہ تر ثواب ہے گدائی فقیرون سے
اور انکا حق مقدم ہے انکی حق سے اسواسطے کہ اُنہون نے گدائی کو اپنا پیشہ مقرر
کرلیا ہے اگر ایک مقام پر نہ پاوینگے تو دوسرے مقام پر سے مانگ لاوینگے
اور وہ بیچارے بی زبان ہین خواہ دنیا کی غیرت سی خواہ توکل اور قناعت سے

۱۰۷۶ ح عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو لَيْسَ الْوَاصِلُ بِالْمُكَافِئِ وَلٰكِنَّ الْوَاصِلَ
الَّذِي إِذَا قُطِعَتْ رَحِمُهُ وَصَلَهَا بخاری مین عبداللہ بن عمر سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ برادری کا حق ادا کرنیوالا وہ شخص نہین جو اُنکے
عوض احسان کرے ولیکن برادری کا حق ادا کرنیوالا وہ ہے کہ جب کوئی اُسکے
حق برادری کو توڑے تو وہ اُسکو جوڑے ف یعنی جو اپنے بھائی بندون کے
جور اور ظلم کے مقابلے مین اُنسے احسان کرے اُسنے برادری کا حق ادا کیا اور بھائی کے
ساتھ احسان کے بدلے احسان کرنا دین مین کچھ عمدہ بات نہین کافر بھی ایسا کرتے

۱۰۷۷ ق ہین ق اَسْمَاءُ بِنْتُ عُمَيْسٍ لَيْسَ بِاَحَقَّ بِيْ مِنْكُمْ وَلَهُ وَلِاَصْحَابِهِ

هِجْرَةٌ وَاحِدَةٌ وَلَكُمْ اَنْتُمْ اَهْلَ السَّفِيْنَةِ هِجْرَتَانِ يَعْنِي عُمَرَ بْنَ
الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَكَانَ قَالَ لِاَسْمَاءَ حِيْنَ قَدِمَتْ
مِنَ الْحَبَشَةِ سَبَقْنَاكُمْ بِالْهِجْرَةِ فَنَحْنُ اَحَقُّ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ مِنْكُمْ

بخاری اور مسلم مین اسماء سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ عمر میرا حق دار ہین تم سے
زیادہ اور اسکو اور اسکے ساتھہ والون کو ایک ہجرت کا ثواب ہے اور تمکو
ای جہاز والو دو ہجرتون کا ثواب ہے یعنی عمر فاروق نی اسماء سی کہا تہا جب
وہ حبش سے آئین کہ ہم نی تم سی پہلے ہجرت کی سو ہم حضرت کے زیادہ حقدار ہین
تمہاری نسبت ف ابتداے اسلام مین جعفر طیار نی معہ چند اصحاب کے
حبش کے ملک مین ہجرت کر کی آئے اور خیبر فتح ہوا تو جعفر طیار وغیرہ حبش سے
مدینی مین ہجرت کر آئے تب عمر فاروق نی اسماء سے جو جعفر کی اس وقت نکاح مین
تہین اور حبش سے آئین تہین کہا کہ اے اسماء ہم حضرت کی زیادہ حقدار ہین کہ ہم نی
ہجرت مین سبقت کی اور تم لوگ پیچھے آئے اسماء نی کہا کہ ای عمر ہم دور ملک
مین گئے تہے ہم کو ہر طرح کی تکلیف ہوئی اور تم قریب ملک مین آئے جہان
کہانے پینے کی کچھہ تکلیف نہین پہر اسماء نے یہہ کہکر حضرت سے بیان کی تب حضرت نے
یہہ حدیث فرمائی معلوم ہوا کہ جتنی خدا کی راہ مین تکلیف زیادہ اتنا ہی درجہ

زیادہ ہوتا ہے مہاجرین حبش کو جہاز والا اسواسطے فرمایا کہ انکا جی شن مین جانا
اور آنا جہاز پر سے ہوا تھا ق عُثْمَانُ لَيْسَ بِكَذَّابٍ مَنْ أَصْلَحَ بَيْنَ ١٠٧٨
اثْنَيْنِ فَقَالَ خَيْرًا أَوْ نَمَى خَيْرًا بخاری اور مسلم مین عثمان رضی اللہ
عنہ سی روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ وہ شخص جھوٹا نہین جو ملاپ کرا دیوے
دو مین تو کہے نیک بات یا اپنی طرف سی جوڑے نیک بات ملاپ کے واسطے
ف یعنی ہر چند جھوٹ حرام ہے لیکن بہ نیت اصلاح کے درست ہے کہ دروغ مصلحت
آمیز بہ از راستی فتنہ انگیز خ الصَّعْبُ بْنُ جَثَّامَةَ لَيْسَ بِنَا رَدٌّ عَلَيْكَ ١٠٧٩
وَلَكِنَّا حُرُمٌ بخاری مین صعب بن جثامہ سی روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا
کہ ہماری طرف سے تجھکو پھیر دینا نہین ولیکن ہم تو احرام باندھے ہین
ف یہہ قصہ ہو چکا کہ حضرت احرام باندھے حج کو جاتے تھے راہ مین صعب نے
گورخر کا شکار کیا تھا حضرت کو تحفہ دیا حضرت نی نہ لیا صعب کا دل تھوڑا
ہو گیا تب حضرت نی یہہ حدیث فرمائی یعنی اگر ہم احرام نہ باندھے ہوتے تو تیرا
تحفہ قبول کرتے م أَبُو هُرَيْرَةَ لَيْسَتِ السَّنَةُ بِأَنْ لَا تُمْطَرُوا ١٠٨٠
وَلَكِنَّ السَّنَةَ أَنْ تُمْطَرُوا وَتُمْطَرُوا وَلَا تُنْبِتُ الْأَرْضُ شَيْئًا
مسلم مین ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سی روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ قحط وہی نہین

کہ تمہارے

کہ تمہارے واسطے مینہہ نہ برسایا جاوے ولیکن قحط وہ ہے کہ جس مین بارش
ہو اور بارش ہو اور زمین کچھہ نہ اُگاوے **ف** یعنی سخت قحط وہ ہے
کہ مینہہ برسے اور زمین سی کچھہ نہ اُگے کہ اُسمین بالکل امید قطع ہے اور
غضب الہی صاف کہلاہے **ق** اَبُوْ هُرَيْرَةَ لَيْسَ عَلَى الْمُسْلِمِ فِيْ عَبْدِهٖ ق ۱۴۸
وَلَا فَرَسِهٖ صَدَقَةٌ بخاری اور مسلم مین ابو ہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ مسلمان کے غلام اور گھوڑے پر زکوۃ نہین **ف** یعنے خدمتی غلام
اور گھوڑے پر زکوۃ نہین اور اگر غلام اور گھوڑے سوداگری ہون تو اُنپر
زکوۃ ہے **م** جَابِرٌ لَيْسَ فِيْمَا دُوْنَ خَمْسِ اَوَاقٍ مِنَ الْوَرِقِ صَدَقَةٌ م ۱۸۱
وَلَيْسَ فِيْمَا دُوْنَ خَمْسِ ذَوْدٍ مِنَ الْاِبِلِ صَدَقَةٌ وَلَيْسَ فِيْمَا
دُوْنَ خَمْسَةِ اَوْسُقٍ مِنَ التَّمْرِ صَدَقَةٌ مسلم مین جابر رض سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ نہین پانچ اوقیہ سے کم چاندی مین زکوۃ اور
نہین پانچ اونٹون سے کم مین زکوۃ اور نہین پانچ وسق سے کم مین زکوۃ
**ف** اوقیہ چالیس درم کا ہوتا ہے تو پانچ اوقیہ کے دو سو درم ہوئے
جو تولے کے حساب سے ساڑے باون تولے ہوتے ہین اور وسق ساٹھہ صاع کا
ہوتا ہے تخمینا پانچ من پختہ ہوئے اس حدیث مین نصاب کا بیان ہے

کہ اس سے کمتر مین زکوۃ نہین امام شافعی اور ابو یوسف اور محمد کے نزدیک
اناج اور میوہ جتنک پانچ من نہوا اسمین زکوۃ نہین اور یہی حدیث انکی دلیل ہے
اور امام اعظم کی نزدیک اناج اور میوہ مین کچھ حد مقرر نہین تھوڑے اور بہت
سب مین زکوۃ ہے یعنی دسوان حصہ ق عَائِشَةُ لَيْسَ كَذَلِكَ وَلَكِنَّ ١٠٨٢٠٠ ق
الْمُؤْمِنَ اِذَا بُشِّرَ بِرَحْمَةِ اللّٰهِ وَرِضْوَانِهٖ وَجَنَّتِهٖ اَحَبَّ لِقَاءَ
اللّٰهِ وَاَحَبَّ اللّٰهُ لِقَاءَهٗ وَاِنَّ الْكَافِرَ اِذَا بُشِّرَ بِعَذَابِ اللّٰهِ
وَسَخَطِهٖ كَرِهَ لِقَاءَ اللّٰهِ وَكَرِهَ اللّٰهُ لِقَاءَهٗ قَالَ لَهَا حِيْنَ قَالَتْ
كُلُّنَا نَكْرَهُ الْمَوْتَ بخاری اور مسلم مین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ یون نہین ولیکن ایماندار کو جب خدا کی رحمت اور رضامندی
اور بہشت کی خوشی سنائی جاتی ہے یعنی مرتے وقت تو وہ خدا کے
ملنے کو دوست رکھتا ہے اور خدا اسکے ملنے کو دوست رکھتا ہے اور البتہ
کافر کو جب مرتی وقت عذاب الٰہی اور اسکے غصے کی خبر سنائی جاتی ہے
تو وہ خدا کے ملنے کو یعنی موت کو برا جانتا ہے تو خدا بھی اسکے ملنے کو برا
جانتا ہے یہ حضرت نے حضرت عائشہ سے فرمایا جب کہ حضرت عائشہ نے پوچھا تھا
کہ یا حضرت ہم سب موت کو برا جانتے ہین ف یعنی زندگی مین موت کا برا

جاننا معتبر نہین مرنے وقت کا اعتبار ہے کہ ایماندار رحمت الہی کی
بشارت سی خوشی سے مرتا ہے اور کافر عذاب کے ڈر سے گھبراتا ہے
اور موت کو برا جانتا ہے ۱۰۸۳ م فَاطِمَةُ بِنْتُ قَيْسٍ لَيْسَ لَكِ عَلَيْهِ نَفَقَةٌ
فَالَهَا لَمَّا طَلَّقَهَا زَوْجُهَا اَبُوْعَمْرِو بْنُ حَفْصٍ اَلْبَتَّةَ مسلم من
فاطمہ بنت قیس سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تیرا خرچ اسپر واجب نہین
یہہ حضرت نی فاطمہ بنت قیس سے فرمایا جب کہ اُسکے خاوند عمر بن حفص نے
اسکو طلاق بائن دی تہی ف طلاق دو قسم ہے رجعی اور بائن طلاق
رجعی مین عدت کے اندر جورو کا خرچ خاوند پر واجب ہے سب علما کے نزدیک اور
طلاق بائن مین عدت کی اندر خاوند پر خرچ دینا امام شافعی کے نزدیک
واجب نہین بموجب اس حدیث کے اور اگر حمل ہو تو واجب ہے اور امام
اعظم کی نزدیک طلاق بائن مین خاوند پر خرچ واجب ہے خواہ حمل ہو
خواہ نہو اور یہہ حدیث مخالف امام اعظم کے مذہب کے نہین اسواسطے کہ فاطمہ کا
خاوند سفر مین تہا اُسنے اپنے وکیل کی معرفت جو بہیجے تہے فاطمہ نی جو نہ لئے
اور اُسکی نالش حضرت سے کی تب حضرت نی فرمایا کہ وکیل پر تیرا خرچ واجب
نہین جو تکرار کرتی ہے کہ اور یہہ مطلب نہین کہ خاوند پر واجب نہین ق ۱۰۸۴ ق

جابرؓ لَیْسَ مِنَ الْبِرِّ الصِّیَامُ فِی السَّفَرِ بخاری اور مسلم مین جابرؓ سے
روایت ہے کہ حضرتؐ نے فرمایا کہ سفر مین روزہ رکھنا کچھ نیک کام نہین ف
حضرت سفر مین تھے ایک شخص کو دیکھا کہ غش مین پڑا ہے اور لوگون نے
اُسپر سایہ کیا ہے حضرتؐ نے پوچھا کہ اسکو کیا ہوا ہے لوگون نے کہا کہ یہہ شخص
روزہ دار ہے تب حضرتؐ نے یہہ حدیث فرمائی یعنی جب ایسی تکلیف
ہو تو سفر مین روزہ رکھنا خواہ مخواہ ضرور نہین سب علما کا یہی مذہب ہے
کہ سفر مین روزہ رکھنا اور نہ رکھنا دونون درست ہے لیکن اگر طاقت ہو اور
مضرت کسیطرح نہو تو روزہ رکھنا افضل ہے ق ابو موسیٰ لَیْسَ مِنَّا ۱۰۸۶ ق
مَنْ حَلَقَ وَلَا خَرَقَ وَلَا سَلَقَ بخاری اور مسلم مین ابو موسےٰ
رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرتؐ نے فرمایا کہ وہ شخص ہم لوگون سے نہین جو غم اور
مصیبت مین سر کے بال منڈاوے اور کپڑے پھاڑے اور منہہ کھروچے اور چلاوے
ف کفر کی رسم تھی کہ جب کوئی مرجاتا تو اُسکے غم مین بے کام کرتے جس
طرح ہندؤن مین یہی بال منڈانے کی رسم ہے اسواسطے حضرتؐ نے منع فرمایا اس
حدیث سے معلوم ہوا کہ مصیبت مین یا محرم مین جیسی عوام کی عادت ہے
پیٹنا اور چلاکر رونا حرام ہے اور ایسے لوگ حضرت کی طریق پر نہین

اسواسطے کہ مصیبت مین صبر لازم ہے اور اس قسم کے کام مخالف صبر کے
ہین ق انس لیس من بلد الا سیطؤہ الدجال الا مکۃ و
المدینۃ لیس نقب من انقابہا الا علیہ الملائکۃ صافین
یحرسونہا فینزل السبخۃ ثم ترجف المدینۃ باہلہا
ثلث رجفات فیخرج الیہ کل کافر و منافق بخاری اور مسلم
مین انس رضی اللہ عنہ سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ کوئی ایسا شہر نہین
جسکو دجال نہ روندیگا یعنی سب جگہہ اُسکا عمل دخل ہوگا سوای مکے
اور مدینے کے مدینے کے دروازون سی کوئی دروازہ ایسا نہوگا جسپر
فرشتے قطار باندھے رکھوالی نکرتے ہونگے سو دجال اُتریگا مدینہ کے
قریب شورہ زار یعنی اُس سرزمین مین پہر کانپیگا مدینہ اپنے سب لوگون کے
ساتھہ تین بار تو نکل جاوینگے دجال کی طرف سب کافر اور منافق ق ابو ذر
لیس من رجل ادعی لغیر ابیہ و ہو یعلمہ الا کفر و
من ادعی ما لیس لہ فلیس منا ولیتبوأ مقعدہ من النار و
من دعی رجلا بالکفر او قال عدو اللہ ولیس کذلک
الا حار علیہ کذا قال مسلم و قال البخاری لا یرمی رجل

رَجُلًا بِالْفُسُوقِ وَلَا يَرْمِيهِ بِالْكُفْرِ إِلَّا ارْتَدَّتْ عَلَيْهِ إِنْ
لَمْ يَكُنْ صَاحِبُهُ كَذٰلِكَ بخاری اور مسلم مین ابو ذر سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ کوئی مسلمان نہین جو اپنا باپ جھوٹ غیر کو باپ بناوے جان بوجھ کر
مگر کہ وہ کافر ہو گیا اگر اسکو حلال جانے اور نہین تو ہے کفران نعمت کیا اور جو شخص
دعوی ملکیت کا کرے جو اسکا نہین وہ ہماری راہ پر نہین اور چاہیے کہ اپنا ٹھکانا
دوزخ کو ٹھہراوے اور جو پکارے کسی مرد کو کافر کہہ کے یا اسکو خدا کا دشمن
کہے اور حالانکہ وہ ایسا نہین ہے تو کہنے والے پر پلٹ پڑے گا مسلم نے اسی
طرح روایت کی اور بخاری نے یون روایت کی ہے کہ نہ عیب لگاوے کوئی ایک مرد نہ
دوسرے مرد کو گناہ کا یا کفر کا مگر کہ کہنے والے پر پلٹ پڑے گا اگر وہ شخص
گنہ گار اور کافر نہو کاف معلوم ہوا کہ اپنا نسب چھپا کر دوسرا نسب
ظاہر کرنا اور بکائی چیز کو اپنی کہنا اور مسلمان کو کافر یا نیک کو فاسق کہنا
ایسا گناہ کبیرہ ہے جسمین خوف کفر کا ہے اور اگر کوئی صریح کفر کی بات دیکھ کر
کسی کو کوئی کافر کہے تو درست ہے لیکن پھر بھی احتیاط ضرور ہے کہ مبادا اپنے
اوپر پلٹ پڑے ق ١٠٨٨ ق اِبْنُ مَسْعُودٍ لَيْسَ مِنَّا مَنْ ضَرَبَ الْخُدُودَ
وَشَقَّ الْجُيُوبَ وَدَعَا بِدَعْوَى الْجَاهِلِيَّةِ وَفِي رِوَايَةٍ

اوّل آ و بخاری اور مسلم مین عبداللہ بن مسعود سے روایت ہے کہ حضرت نے کہا ہماری راہ پر نہین جو مصیبت مین منہہ کو کوٹے اور گریبان کو پہاڑے اور کفر کی بول بولے اور دوسری روایت مین یون ہے کہ جو ان تین کاموں سے ایک کام بھی کرے وہ ہمارے طور پر نہین ف کفر کے بول یعنی واویلا و مصیبتا کہنا یا یون کہنا کہ ہے یہہ کیا غضب ہوا یہہ کیا ظلم اور ستم ہمپر ہوا یا میت کی بڑائیان ذکر کرکے چلا کر رونا پیٹنا سنت ہے کہ مصیبت مین صبر کرے اور انا للہ وانا الیہ راجعون پڑھے یہہ کفر کی رسمین کرے خواہ اپنی مصیبت ہو خواہ امام پیغمبر کی لیکن دل مین غم کرنا اور آنسو نکلنا منع نہین خ ابوھریرۃ لیس منا من لم یتغن بالقران بخاری مین ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ وہ ہماری طور پر نہین جو قرآن کو سمجھ بوجھ کی دنیا سے یا اور شعر سخن سے بی پروا نہو جاوے یا یہہ مطلب کہ جو قران کو خوش آوازی سے نہ پڑھے اور مد اور شد کی رعایت نکرے وہ ہماری سنت پر نہین ف عرب کا دستور تہا کہ مجلسون مین اور سیر سفر مین شعر خوانی کیا کرتے تہے سو فرمایا کہ قرآن کے ہوتے کسی کلام کی کچھ حاجت نہین کہ ایسی فصاحت اور بلاغت سے خالی ہے اور اگر قرآن کا مطلب بوجھے تو دنیا کی حرص بالکل دور ہوتی

خ ۱۰۸۹

کسی کتاب مین ایسی نصیحت اور پند نہین تو باوجود قرآن کے جو شخص
کہ اور شعر سخن سے دل لگاوے یا دنیا سے اسکا دل سرد نہو وہ حقیقت مین
حضرت کی راہ سی بی نصیب رہا اور دوسرا مطلب اس حدیث کا یہہ کہ خوش
آوازی سی قرآن پڑھنا سنت ہے بشرطی کہ حرف کم زیادہ نہو اور راگ
راگنی کو دخل نہ دے کہ اسمین قرآنکی عظمت اور جلال مین خلل پڑتا ہے ق

ق ۱۰۰

ابن مسعود لیس من نفس تقتل ظلما الا کان علی ابن ادم
الاول کفل من دمها لانہ سن القتل اولا ویروی لانہ کان
اول من سن القتل بخاری اور مسلم مین عبداللہ بن مسعود سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ کوئی ایسی جان نہین جو ظلم سے قتل ہو مگر کہ آدم کے پہلے
بیٹے یعنے قابیل پر اسکے خون کا حصہ پڑتا ہے یعنی وہ بہی گناہ مین شریک
ہوتا ہے اس واسطے کہ اسنے خونریزی کی راہ نکالی اور دوسری روایت یون ہے
کہ اسپر گناہ اسواسطے ہوتا ہے کہ اسنے اول اول قتل کی راہ نکالی ف
حضرت آدم کے بیٹے قابیل نے اپنے بہائی ہابیل کو ناحق مار ڈالا تہا خونریزی کی
رسم اول اسی سے نکلی تو جتنے عالم مین خون ہونگے خون ہونے کے سب کا گناہ
اسپر ضرور ہوگا اسیطرح جو شخص کہ بدرسم خلاف شرع نکالے گا اسکے

کرنے

ق ۱۰۹۱

کرنیوالونکے برابر اُسکی گردن پر وبال پڑیگا ق اِبْنُ مَسْعُوْدٍ لَیْسَ هُوَ
کَمَا تَظُنُّوْنَ اِنَّمَا هُوَ کَمَا قَالَ لُقْمَانُ لِاِبْنِهٖ یَا بُنَیَّ لَا تُشْرِكْ بِاللّٰهِ
اِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِیْمٌ قَالَهٗ لَمَّا نَزَلَتْ اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَلَمْ یَلْبِسُوْٓا
اِیْمَانَهُمْ بِظُلْمٍ شَقَّ ذٰلِكَ عَلٰٓی اَصْحَابِهٖ وَقَالُوْٓا اَیُّنَا لَمْ یَظْلِمْ
نَفْسَهٗ بخاری اور مسلم مین ابن مسعود سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا اُسکا
مطلب یون نہین جیسا تم نے گمان کیا وہ مطلب تو یون ہے جیسا لقمان نے اپنے
بیٹے سے کہا کہ اے بیٹا اللہ کا شریک نہ ٹھہرانا مقرر شرک کرنا بڑا ظلم ہے
یہہ حضرت نے اسوقت فرمایا جب یہہ آیت اُتری کہ جو لوگ ایمان لائے اور اپنے
ایمان مین ظلم کو نہ ملایا انکو قیامت مین امن امان ہے تو یہہ بات حضرت کے
اصحاب پر بہت بھاری پڑی اور اُنہون نے کہا کہ ہم لوگون مین کون ایسا ہے
جو اپنی جان پر کچھ ظلم اور گناہ نہین کرتا ف ظلم بیجا کا نام ہے کفر بھی بیجا
کام ہے گناہ بھی بیجا کام ہے تو اصحاب ظلم کے معنے عام سمجھے تھے اسواسطے
گھبرائے تھے کہ آدمی اگر کفر اور گناہ کبیرہ سے بچے تو ہر ایک صغیرہ گناہ سے
نہین بچ سکتا حضرت نے فرمایا کہ اُس آیت مین ظلم سے مراد شرک ہے
گناہ مراد نہین جو تم گھبراتے ہو معلوم ہوا کہ قرآن اور حدیث مین بعضی جگہہ

لفظ تو عام ہوتی ہے اور معنی خاص مراد ہوتے ہین بشرطیکہ دلیل اور قرینہ بھی موجود ہو

## فصل فی نعم وبئس

اس فصل مین وہ حدیثین ہین جن مین نعم وبئس کی لفظ ہے

۱۰۹۲ م جابر نعم الادام الخل مسلم مین جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اچھا سالن سرکہ ہے ف مصابیح مین روایت ہے کہ حضرت نے ایک بار گھر مین روٹی کے ساتھ کہا نی کو سالن مانگا لوگون نے کہا اور کچھ موجود نہین سرکہ حاضر ہے حضرت نے اسکو مانگا پھر حضرت اسکو کھاتے جاتے تھے اور یہہ فرماتے تھے کہ سرکہ کیا اچھا سالن ہے سرکے کی تعریف دو سبب سے فرمائی اول یہہ کہ سرکہ کم خرچ چیز ہے اسکے واسطے زیادہ سامان درکار نہین ایک بار بنا لینا مدت کو کفایت کرتا ہے تو قناعت والے کے حق مین خوب چیز ہے اور دوسرے یہہ کہ بلغم کے سبب سے اکثر بیماریان ہوتی ہین

۱۰۹۳ ق اور سرکہ بلغم کو کاٹ کر دور کرتا ہے ف حفصۃ نعم الرجل عبد اللہ لو کان یصلی من اللیل بخاری اور مسلم مین حفصہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ عبداللہ اچھا مرد ہے اگر رات کو تہجد کی نماز بھی پڑھتا ف عبداللہ بن عمر سے روایت ہے کہ نبی نے خواب مین دیکھا کہ مجھکو دو

فرشتے دوزخ پر پکڑ لے گئے مین نے دوزخ دیکھکر کہا کہ خدا کی پناہ تب
تیسرے فرشتے نی مجھسے کہا تو مت ڈر یہہ خواب ہین نی اپنی بہن حفصہ سے کہا
حفصہ نی حضرت سی کہا تب حضرت نی یہہ حدیث فرمائی روایت ہے کہ اُس رات سے
عبداللہ بن عمر رات کو بہت کم سوتے تھے معلوم ہوا کہ تہجد کی نماز کو دوزخ سے
بچانیکی بڑی تاثیر ہے خ ابو ہریرۃ نعم الصدقۃ اللقحۃ الصفی ۱۰۹۵ خ
منحۃ والشاۃ الصفی منحۃ تغدو باناء وترو ح باناء رواہ البخاری
ہین ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا خوب اونٹنی دودھ رکھا اچھا صدقہ ہے
خیرات کو اور بکری خوب دودھ رکھا اچھا صدقہ خیرات کو کہ صبح کو ایک برتن بھر
دودھ دے اور شام کو دوسرا برتن بھر دودھ دے ف اونٹنی اور بکری شیردار کا
دودھ خیرات کرنے کو اسواسطے پسند فرمایا کہ ہر روز دوبار فائدہ اسکا حاصل
ہے تو ثواب بھی اُسکا ہر روز حاصل ہے م ابو ہریرۃ نعما لاحدھم ۱۰۹۶ م
ویروی نعما للمملوک ان یتوفی یحسن عبادۃ اللہ وصحابۃ
سیدہ نعما لہ مسلم ہین ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ کیا اچھی
بات ہے ہر ایک غلام کے واسطے اور دوسری روایت مین یون ہے کہ کیا
اچھی بات ہے غلام کی جسمین کہ مرجاوے خدا کی بندگی اور اپنے میان کی خدمت اچھی طرح کرتے ہوئے

یہہ کہا اچھی بات اسکے حق مین ہے ف عابد غلام میان کے تابعدار کی تعریف
اسواسطے فرمائی کہ اُسنے دو مالک کے راضی کیا حقیقی مالک کو بھی اور مجازی
مالک کو بھی ۴۰ عَدِیُّ بْنُ حَاتِمٍ بِئْسَ الْخَطِیْبُ اَنْتَ قُلْ وَمَنْ
یَعْصِ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ قَالَ لِرَجُلٍ خَطَبَ عِنْدَہٗ فَقَالَ مَنْ یُّطِعِ
اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ فَقَدْ رَشَدَ وَمَنْ یَّعْصِہِمَا فَقَدْ غَوٰی مسلم مین
عدی بن حاتم رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تو بُرا خطیب ہے یون کہہ کہ جو
نافرمانی خدا اور اسکے رسول کی کریگا وہ گمراہ ہوا یہہ حضرت نے اس مرد سے
کہا جسنے حضرت کے روبرو خطبہ پڑھا سو یون خطبے مین اُسنے کہا تہا کہ جو خدا اور
اسکے رسول کی تابعداری کریگا تو اُسنے راہ پائی اور جسنے اُن دو کی نافرمانی
کی سو گمراہ ہوا ف اُس خطیب کو بُرا اسواسطے فرمایا کہ اُسنے خدا اور رسول کو
ایک لفظ مین ملا دیا تہا پہر اسکو ادب سکہلایا کہ علیحدہ علیحدہ کہا ق
اَبُوْھُرَیْرَۃَ بِئْسَ الطَّعَامُ طَعَامُ الْوَلِیْمَۃِ یُدْعَی اِلَیْھَا الْاَغْنِیَاءُ وَ
یُتْرَکُ الْفُقَرَاءُ وَمَنْ تَرَکَ الدَّعْوَۃَ فَقَدْ عَصَی اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ
بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ برا کہانا بیاہ کا کہانا ہے
جسمین مالدار بلائے جاوین اور محتاج چہوڑے جاوین اور جو دعوت نہ قبول کرے

اسنے

اس نی خدا کی اور اسکے رسول کی نافرمانی کی ف اکثر عادت یہہ ہے
کہ شادی کے کہانی مین سوائے برادر اور مالدارونکے محتاجون کے بہین
پوچھتے اسواسطے اسکو برا فرمایا تو معلوم ہوا کہ اگر محتاجون کو بھی بلیجئے
تو برائی دور ہو جاوے اور دعوت نہ قبول کرنی کو اس واسطے بد کہا
کہ خدا اور رسول کی مرضی یہہ ہے کہ مسلمانون کی آپس مین محبت اور الفت
حاصل رہے اور دعوت کرنا اور دعوت کا قبول کرنا سبب ہے محبت زیادہ
ہونے کا پھر جب جسنے دعوت نہ قبول کی اسنے محبت توڑی تو اسنے
خدا اور اسکے رسول کی مرضی چھوڑی ق ابن مسعود بئس مالاحد ق
هُمْ اَنْ يَقُوْلَ نُسِّيْتُ اٰيَةً كَيْتَ وَكَيْتَ بَلْ هُوَ نُسِّيَ وَاسْتَذْكِرُوا
الْقُرْاٰنَ فَاِنَّهُ اَشَدُّ تَفَصِّيًا مِنْ صُدُوْرِ الرِّجَالِ مِنَ النَّعَمِ
مِنْ عُقُلِهَا بخاری اور مسلم مین عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے
کہ حضرت نی فرمایا کہ بری بات ہے ہر ایک مسلمان کی حق مین کہ یون کہے کہ مین
ایسی ایسی آیت قرآنکی بھول گیا بلکہ یون کہے کہ وہ شخص بھلایا گیا اور یاد کرتے
رہا کرو قرآن کو اسواسطے کہ قرآن مردون کے سینون سی جلد نکل جاتا ہے
ان اونٹون سے بھی زیادہ جو اپنے زانون بندرسیون سے چھوٹ بھاگین

ف اونٹ جہان رسی سے چھوٹا بہاگا اسی طرح جب حافظ قرآن نی چند روز
غفلت کی اور دور اور تکرار چھوڑی قرآن بہول جاتا ہے اسواسطے کہ قران
مین متشابہ بہت ہین اندک غفلت مین قابو سی جاتا رہتا ہے لہذا حضرتنے
تاکید فرمائی کہ ہمیشہ اسکا دور اور تکرار چلی جاوے تاکہ ایسی عمدہ نعمت
کہ بڑی محنت اور مشقت سی حاصل ہوتی ہے مفت نہ برباد ہو قرآن کا بہلانا
گناہ کبیرہ ہے اسکو ان بات بتلائی اور یہہ جو فرمایا کہ یون نکہے کہ مین قرآن کو بہول
گیا اسواسطے کہ قرآن بہولنا گناہ ہے تو اس طرح نہ کہے کہ اسمین بی پروائی
نکلتی ہے اور خلاف شرع بات پر جرأت ثابت ہوتی ہے

## فصل

اس فصل مین وہ حدیثین ہین جن کے پر پینا اور پینما کی لفظ

ف ۱۰۹۲ ق جابر بیننا انا امشی اذ سمعت صوتا من السماء
فرفعت راسی فاذا الملک الذی جاءنی بحراء جالسا
علی کرسی بین السماء والارض فجئثت منہ فرقا فرجعت
فقلت زملونی زملونی فدثروونی فانزل اللہ یا ایہا
المدثر قم فانذر وربک فکبر وثیابک فطہر والرجز

فاہجر

فَاهْجُرْ بخاری اور مسلم مین جابر رضی اللہ عنہ سی روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا
ایک دن کہ مین چلا جاتا تہا کہ آچانک مین نی اسمان سی ایک آواز سُنی تو مین نے
سر کو اُٹھایا تو نا کہان وہی فرشتہ جو میری پاس حرا کے پہاڑ کے آیا تہا اسمان
زمین کے درمیان کرسی پر بیٹھا ہوا ہے سو مین اُس سی کانپا خوف کی مارے
مین پلٹ آیا یعنی گہر کی طرف تو مین نی کہا کہ مجھکو کمل اڑھاؤ سو لوگون نی مجھکو اڑھ
پہر خدا نے یہ آیتین اُتارین کہ اے کپڑے کے جہرمٹ مارنیوالے اٹھ اور لوگون کو
عذاب الہی سے ڈرا اپنے رب کی بڑائی بول یعنی اللہ اکبر کہہ کے نماز پڑہ اور اپنے
کپڑے پاک رکہہ اور پلیدی کو چہوڑ یعنی بت پرستی منع کر ف اول اقرا کی سورت
اُتری پہر قریب تین برس کی وحی نہ آئی پہر یا یہا المدثر کی سورت اُتری تب حضرت نے
کافرون سے مقابلہ اور کفار کرنا شروع کیا خ اَبُوْهُرَيْرَةَ بَيْنَا اَنَا نَائِمٌ ۱۰۹۲
اُتِيْتُ بِخَزَائِنِ الْاَرْضِ فَوُضِعَ فِيْ يَدَيَّ سِوَارَانِ مِنْ ذَهَبٍ
فَكَبُرَا عَلَيَّ وَاَهَمَّانِيْ فَاُوْحِيَ اِلَيَّ اَنِ انْفُخْهُمَا فَنَفَخْتُهُمَا فَذَهَبَا
فَاَوَّلْتُهُمَا الْكَذَّابَيْنِ الَّذَيْنِ اَنَا بَيْنَهُمَا صَاحِبَ صَنْعَاءَ
وَصَاحِبَ الْيَمَامَةِ بخاری مین ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا
کہ جسدم کہ مین سوتا تہا کہ زمین کے خزانی میرے سامنی ہوئے تو سونی کے دو

کنگن میرے دونون ہاتھون مین ڈالے گئے سو مجھہ پر وہ بہت بھاری پڑے اور
اُنھون نی مجھکو رنج اور تشویش مین ڈالا تو مجھکو حکم ہوا کہ اُنکو پھونک مار
سو مین نی اُنکو پھونک مار اسوے جاتے رہے تو اُن دونون کنگنونکی تعبیر
مین نی اُن دو جھوٹون کی کی جنکے مین در میان مین ہون صنعا والا اور یمامہ
والا صنعا مین ایک شہر ہے حضرت کے وقت مین ایک شخص پیدا ہوا تہا یعنی
ابوالاسود عنسی پیغمبری کا دعوی کرتا تہا اور حضرت کی پیغمبری کا بہی منکر نہ تہا
سو حضرت کی سنے فیروز دیلمی کے ہاتہ سے مارا گیا تہا اور یمامہ عرب مین ایک
ملک ہے وہان مسیلمہ کذاب حضرت کی پیغمبری مین شراکت کا دعوی کرتا تہا سو صدیق
اکبر کی خلافت مین وحشی کے ہاتہ سے مارا گیا حضرت کو خواب مین خدا نی فتح
اسلام دکھلادی صرف اُن دو جھوٹون کا تردد ہوا تہا سو خدا نی اُنکو بہی برباد
کیا معلوم ہوا کہ مرد اگر خواب مین کنگن پہنے دیکھے تو اسکی تعبیر تندرستی اور تشویش
اہل تعبیر نے لکہا ہے کہ عورتون کا زیور مرد اگر خواب مین پہنے دیکھے تو بہتر ہے
گرہنے کے مین دیکھنا دلیل ہے عمدہ خدمت ملنی کی اور پانون مین کو جری
دیکھنا دلیل ہے قید ہونے کی واللہ اعلم ق اِبْنُ عُمَرَ بَیْنَا اَنَا نَائِمٌ
اُتِیْتُ بِقَدَحِ لَبَنٍ فَشَرِبْتُ مِنْهُ حَتّٰی اِنِّیْ لَاَرَی الرِّیَّ یَخْرُجُ

۱۴۳ فی فضیلت عمر رضی اللہ عنہ

مِنْ اَظْفَارِیْ ثُمَّ اُعْطِیْتُ فَضْلِیْ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ قَالُوْا فَمَا اَوَّلْتَهٗ
قَالَ الْعِلْمَ بخاری اور مسلم مین عبد اللہ بن عمر سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
کہ جس حالت مین کہ مین سوتا تہا کہ میری آگے دودہ کا ایک پیالہ لایا گیا سو مین
نے اسمین سے پیا یہان تک کہ مین دیکہتا تہا کہ تازگی اور سیرابی میری ناخونون سے
نکلنے لگی یعنے نہایت آسودہ ہوگیا پہر مین نے اپنا جہوٹہا باقی دودہ عمر بن خطاب کو
دیا لوگون نے کہا کہ اس خواب کی آپ نے کیا تعبیر کی حضرت نے فرمایا کہ اسکی تعبیر
علم اور بوجہہ ہے ف اس حدیث سے اہل تعبیر نے کہا ہے کہ جو کوئی دودہ
کہاتی پیتے خواب مین دیکہے اسکو علم نصیب ہوگا اسواسطے کہ علم سبب ہے
روح کی زندگی کا جیسی دودہ سبب ہے بدنکی زندگی کا خصوصا حالت طفولیت مین اسی
حدیث سے نہایت عمدہ فضیلت عمر فاروق کی ثابت ہوئی کہ وہ علم نبوت کی بڑے رازدار تہے اسی
سبب سے انکی خلافت مین تمام ملک مین اسلام ظاہر ہوا اور ہر ایک شہر مین
علم دین کا بہت چرچا ہوا ح اَبُوْهُرَيْرَةَ بَيْنَا اَنَا نَائِمٌ اِذْ اَتَتْنِيْ زُمْرَةٌ
حَتّٰى اِذَا عَرَفْتُهُمْ خَرَجَ رَجُلٌ بَيْنِيْ وَبَيْنَهُمْ فَقَالَ هَلُمَّ فَقُلْتُ
اِلٰى اَيْنَ قَالَ اِلَى النَّارِ وَاللّٰهِ قُلْتُ مَا شَاْنُهُمْ قَالَ اِنَّهُمْ
اِرْتَدُّوْا بَعْدَكَ عَلٰى اَدْبَارِهِمُ الْقَهْقَرٰى ثُمَّ اِذَا زُمْرَةٌ حَتّٰى

ح ۱۹۶ یہان سے حضرت نے شروع شریعت

اِذَا عَرَفْتُهُمْ خَرَجَ رَجُلٌ بَيْنِيْ وَبَيْنَهُمْ قَالَ هَمٌّ قُلْتُ
اِلَى اَيْنَ قَالَ اِلَى النَّارِ وَاللّٰهِ قُلْتُ مَا شَاْنُهُمْ قَالَ اِنَّهُمْ
اِرْتَدُّوْا عَلٰى اَدْبَارِهِمْ فَلَا اَرَاهُ يَخْلُصُ مِنْهُمْ اِلَّا مِثْلُ هَمَلِ
النَّعَمِ بخاری مین ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جس
حالت مین کہ مین سوتا تہا کہ ایک گروہ منے آیا یہان تک کہ مین نے انکو پہچانا میرے
اور انکے درمیان سے ایک مرد نکلا اُسنے کہا کہ آو سو مین نے کہا انکو کہ کدھر
لیجا یگا اُسنے کہا خدا کی قسم دوزخ کیطرف مین نے کہا کیا حال ہے انکا یعنے
اُسنے کیا قصور ہوا اس مرد نے کہا یہہ لوگ پلٹ گئے تہے تیرے بعد اپنے
پشتون کی طرف الٹے یعنی اسلام چہوڑکر مرتد ہوگئے تہے پہر یکایک دوسرا
گروہ ظاہر ہوا کہ یہان تک کہ مین نے انکو پہچانا میرے اور انکے درمیان سے
ایک مرد نکلا اُسنے کہا کہ آو مین نے کہا کہ کدھر اُسنے کہا کہ خدا کی قسم دوزخ
طرف مین نے کہا کیا حال ہے انکا اُسنے کہا کون قصور ہوا اُسنے کہا مقرر یہ
لوگ پلٹ گئے تہے تیری بعد اپنی پشتونکی طرف سو مین گمان نہین کرتا کہ
انمین سے کوئی بچے مگر جیسی بہکے چہوٹے ہوئے اونٹ بی والی وارث کے
کمتر بچتے ہین ف یعنے ان لوگون سے نجات والے لوگ بہت کمتر ہین

جنھون نی مرتد ہونی کے بعد پھر توبہ کی حضرت کے انتقال ہونی کے بعد عرب کے
چند ہزار نو مسلم مرتد ہو گئے تھے زکوۃ کے منکر تھے صدیق اکبر نی اپنی خلافت
مین انکو قتل کیا اُنھین لوگون کا انجام خدا نی حضرت کو خواب مین دکھلایا
بعضی جو بد مذہب اِس حدیث کا مطلب عداوت کی سبب سے یون الٹا بیان
کرتی ہین کہ مُراد اُن مرتدون سے معاذ اللہ حضرت کے اصحاب ہین سو سراسر حق پوشی
کرتے ہین اُنکی وہی مثل کہ کسینے بہوکے طالب علم سے پوچھا کہ دو اور دو کتنے
ہوتے ہین اُسنے کہا کہ چار روٹی حضرت کی اصحاب کی بزرگی قرآن اور
حدیث مین مجمل اور مفصل ہزارون مقام پر صاف ظاہر ہے یہہ گمان باطل
اُنکے جناب مین کوئی دیندار عاقل نہ کریگا اسواسطے کہ اصحاب تو قاتل تھے
مرتدین کے یہہ تہمت تو اُنکی طرف کسی طرح ممکن نہین خدا کی مار اُن سیہ
دلون پر جو دیدہ و دانستہ حق پوشی کرتے ہین ق ابو سعید
بَيْنَا أَنَا نَائِمٌ رَأَيْتُ النَّاسَ يُعْرَضُونَ عَلَيَّ وَعَلَيْهِمْ
قُمُصٌ مِنْهَا مَا يَبْلُغُ الثُّدِيَّ وَمِنْهَا مَا يَبْلُغُ دُونَ
ذَلِكَ وَعُرِضَ عَلَيَّ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ وَعَلَيْهِ قَمِيصٌ يَجُرُّهُ قَالُوا
فَمَا أَوَّلْتَ ذَلِكَ يَا رَسُولَ اللهِ قَالَ الدِّينَ بخاری اور مسلم مین

فصل ثانی
فضائل حضرت عمر رضی اللہ عنہ ۱۲۵

ابو سعید سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جس حالت مین کہ مین سوتا تہا دیکہا
مین نے لوگون کو کہ میری سامنے کئے گئے اور انپر کرتی ہین انمین سے بعضا کرتا
تو چہاتی تک پہنچتا ہے اور بعضا اسسے نیچے اور عمر بن خطاب میرے سامنے
کیا گیا اور وہ کرتا تہا کہ وہ زمین پر گہسیٹتا جاتا تہا یعنی بہت لمبا تہا
اصحاب نے کہا سو آپ نے اسکی کیا تعبیر کہی یا رسول اللہ حضرت نے فرمایا کہ دین
دین اور کرتی مین یہہ مناسبت ہے کہ جیسے کرتا بدن کو چہپاتا ہے
سردی گرمی سے بچاتا ہے ویسے دین بہی روح اور دل کو محفوظ رکہتا ہے
اور کفر اور گناہ سے بچاتا ہے اس حدیث سے ثابت ہوا کہ عمر فاروق کا
دین نہایت کامل تہا اور حد سے زیادہ تہا ۱۹۶ خ
رَأَيْتُنِي عَلَى قَلِيبٍ عَلَيْهَا دَلْوٌ فَنَزَعْتُ مِنْهَا مَا شَاءَ اللّٰهُ
ثُمَّ أَخَذَهَا ابْنُ أَبِي قُحَافَةَ فَنَزَعَ بِهَا ذَنُوبًا أَوْ ذَنُوبَيْنِ
وَفِي نَزْعِهِ ضَعْفٌ وَاللّٰهُ يَغْفِرُ لَهُ ثُمَّ اسْتَحَالَتْ غَرْبًا فَأَخَذَهَا
ابْنُ الْخَطَّابِ فَلَمْ أَرَ عَبْقَرِيًّا مِنَ النَّاسِ يَنْزِعُ نَزْعَ عُمَرَ حَتّٰى ضَرَبَ
النَّاسُ بِعَطَنٍ بخاری مین ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
کہ جس حالت مین کہ مین سوتا تہا کہ مین نے اپنے تئین دیکہا ایک کنوین پر

کہ اسپر

کہ اسپر ڈول پڑا ہے سو ہمنے نی اُس ڈول سے پانی کھینچا جتنا خدا نی چاہا پھر
اسکو ابن ابی قحافہ یعنی صدیق اکبر نی لیا اُس سے ایک یا دو ڈول نکالے
اور اسکے کھینچنے مین کچھ سستی اور آہستگی تھی اور خدا اسکو معاف کرے پھر وہ ڈول
پل ہو گیا پھر اسکو عمر بن خطاب نی لیا سو ہمنے نی تو آدمیون سے ایسا عجیب
و غریب اور بڑا زور آور کسی کو نہین دیکھا جو عمر کی طرح پانی کھینچا یہان تک
اُسنے پانی کثرت سی نکالا کہ لوگون نی اپنے اونٹون سے آسودہ کر کے انکی
پر ٹھلایا **ف** عرب مین اونٹون کی کثرت ہے اور معمول ہے کہ پانی پلانے کے
وقت اونٹون کو کوئے پر لاتے ہین پھر سب کو خوب پانی پلا کر علحدہ
مکان پر ٹھلاتے ہین سو دول کھینچنے سے مراد دین کی سرداری ہے اِس
حدیث مین ترقی اسلام اور صدیق اور فاروق کی خلافت کا اشارہ
ہے یعنی حضرت کی بعد صدیق خلیفہ ہون گے اور ایک دو ڈول آہستگی سے
نکالین گے یعنی خلافت کی مدت کم ہو گی اُنکے وقت مین اسلام عالم خوب
نہین پہیلے گا چنانچہ صدیق کُل دو برس خلیفہ رہے اس مدت مین مسیلمہ
کذاب اور مرتدون کو مار کے عرب کا اسلام مضبوط کر کے شام کا کچھ ملک
فتح کیا تھا کہ انکا انتقال ہوا پھر عمر فاروق خلیفہ ہوئے دس برس خلیفہ

رہے اسکے وقت مین عالم مین خوب اسلام ظاہر ہوگیا بلکہ شام اور مصر
اور ایران اور عراق اور اکثر روم فتح ہوا چار ہزار بڑے بڑے شہر
معہ پرگنات فتح ہوئے اور چار ہزار جامع مسجد طیار ہوئین اور چار ہزار
بتخانے توڑے گئی اور بی شمار خزانی مسلمانون مین تقسیم ہوئے لوگ
اسودہ اور غنی ہوگئے جو حضرت کے بعد ہونا تہا سو خدا نی حضرت کو خواب مین
دکہلا دیا ق ابو ہریرۃ بینا انا نائم رأیتنی فی الجنۃ فاذا
امرأۃ تتوضأ الی جانب قصر فقلت لمن ھذا القصر قالوا
لعمر فذکرت غیرتہ فولیت مدبرا بخاری اور مسلم مین ابو ہریرہ
رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ جس حالت مین کہ مین سوتا تہا مین نی
اپنے تئین بہشت کی اندر دیکہا تو یکایک وہان ایک عورت ہے کہ ایک محل کی
طرف وضو کرتی ہے سو مین نی کہا کہ کس کا محل ہے فرشتون نی کہا کہ عمر کا
محل ہے سو مجہکو عمر کی غیرت یاد پڑی سو مین پلٹ آیا پشت دی کر یعنے مرد کو
اسکے عورت کے پاس اجنبی مرد کی جانے سے غیرت اور جوش آتا ہے اسواسطے
مین اس عورت پاس نہین گیا ف بخاری مین پوری روایت یون ہے کہ عمر
فاروق نی جب حضرت سی سنا تو رونے لگے اور عرض کی کہ یا حضرت

کیا آپ

کیا آپ ہی پر مجھکو غیرت آتی یعنی یہہ بات مجھسے ممکن نہ تھی اِس حدیث مین
عمر فاروق کو بہشت کی بشارت ہے اور وہ عورت وضو کرنیوالی حور تھی

خ ابو ھریرۃ بینا ایوب یغتسل عریانا خر علیہ رجل ۱۵۱ ح
جراد من ذھب فجعل ایوب یحثی فی ثوبہ فقال لہ ربہ
یا ایوب الم اکن اغنیتک عما تری قال بلی وعزتک ولکن
لا غنی بی عن برکتک بخاری مین ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نبی فرمایا
کہ جس حالت مین کہ حضرت ایوب برہنہ نہاتے تھے تو اُن پر سونے کی ٹڈے کا جھنڈ
گر پڑا تو حضرت ایوب لپ بھر بھر کے اپنے کپڑے مین رکھنے لگے سو اُن سے اُنکے
رب نے کہا کہ ای ایوب کیا مین تجھکو مالدار اور اس سونے سے جسکو تو دیکھتا ہے
بی پرواہ نہین کر چکا یعنی تو محتاج نہین تو کیون اسکو سمیٹتا ہے حضرت ایوب نے
کہا کہ کیون نہین مجھکو تیری عزت کی قسم ہے کہ مجھکو مال کی تو کچھ پرواہ نہین
لیکن تیری برکت اور عنایت کی ہوئی چیز سے مجھکو بی پرواہی نہین ف
یعنی اس مال کا لینا محتاجی کے سبب سے نہین ہے بلکہ تیری عطا سمجھ کے لیتا ہون
کہ غلام مالک کی عنایت کی ہوئی چیز سے کسی حالت مین بی پرواہ نہین ہو
سکتا کہ اسکو سرور مالک کی مہربانی ہے مال پر نہین اِس حدیث سے معلوم ہوا

کہ برہنہ غسل کرنا درست ہے اور مالدار کو اگر بی طمع اور بی تلاش ملے تو اسکو
عنایت خدا کی سمجھ کر لینا توکل کے مخالف نہیں ۱۱۲۴ ابوہریرۃ بینا
رجل بفلاۃ من الارض فسمع صوتا فی سحابۃ استوحدیقۃ
فلان فمضی ذلک السحاب فافرغ ماءہ فی حرۃ فاذا شرجۃ
من تلک الشراج قد استوعبت ذلک الماء فتتبع الماء فاذا
رجل قائم فی حدیقتہ یحول الماء بمسحاتہ فقال یا عبد اللہ
ما اسمک قال فلان للاسم الذی سمع فی السحابۃ فقال لہ
یا عبد اللہ لم تسئلنی عن اسمی فقال انی سمعت صوتا فی السحاب
الذی ھذا ماءہ یقول اسق حدیقۃ فلان لاسمک فما
تصنع فیھا قال اما اذا قلت ھذا فانی انظر الی ما یخرج
منھا فاتصدق بثلثہ واکل انا وعیالی ثلثا وارد فیھا
ثلثہ مسلم میں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
کہ جس حالت میں کہ ایک مرد تنہا ایک بیابان میں کسی زمین سے سوا سنے
ایک آواز سنی بدلی میں کہ فلانی شخص کی باغ کو سینچ دے سو ایک
طرف وہ بادل جھک رہا پڑا پھر اپنا پانی ایک پتھریلی زمین میں اسنے انڈیل دیا

تو ایک جھیل وہان کی جھیلون سے پانی اُس لبالب ہوگئی سو وہ شخص برستے پانی کے
پیچھے پیچھے گیا تو ناگاہ ایک مرد کو دیکھا کہ اپنے باغ مین کھڑا پانی کو اپنی پھاوڑے
سے اِدھر اُدھر کرتا ہے سو اُسنے باغ والے مرد سے کہا اے خدا کے بندی تیرا کیا
نام ہے اُسنے کہا فلانا نام ہے وہی نام جو بدلی مین سنتا تھا سو باغ والے نے
اُس سے کہا کہ ای خدا کی بندے تو نی مجھسے میرا نام کیون پوچھا سو اُسنے کہا مین نی
اس بدلی مین آواز سنی جسکا یہہ پانی ہے کوئی کہتا ہے کہ بیچ دے فلانی کی باغ کو تیرا نام لیکر
سو تو اُسنے باغ مین اس خدا کی جسنکی شکرگذاری کس طرح کریگا باغ والے نے
کہا جب کہ تو نی یہہ کہا تو اب مین البتہ دیکھتا رہون گا اسکو جو اس باغ سے پیدا ہوگا
سو اسکی ایک تہائی تو خیرات کرونگا اور ایک تہائی میری لوگ اور مین کھاوونگا
اور ایک تہائی اسی باغ کی مرمت مین پلٹ کر خرچ کرونگا ف اس حدیث سے
معلوم ہوا کہ منافع سے تہائی مال خدا کی راہ مین خرچ کرنا مستحب ہے
اور معلوم ہوا کہ فرشتے مینہہ کو موجب حکم الٰہی کے برساتے ہین اور حکم نام اور
نشان کے سنتا ہوتا ہے کہ فلانی ملک فلانے جگہہ فلانی کھیت اور باغ
مین پانی برساؤ اسی طرح سب دنیا کے کام حسب الحکم فرشتے کرتے ہین تو
مسلمان کو لازم ہے کہ جو نعمت اسکو ملے خواہ جانکی خواہ مال کی تو اپنے رب کی

۱۱۵۳ ق شکر گذاری کرے اسکو اتفاقی نہ جانے اپنے حق میں داد الٰہی سمجھے ق
مَالِكُ بْنُ صَعْصَعَةَ بَيْنَمَا أَنَا فِي الْحَطِيمِ وَرُبَّمَا قَالَ فِي الْحِجْرِ
مُضْطَجِعًا إِذَا أَتَانِي آتٍ فَقَدَّ قَالَ وَسَمِعْتُهُ يَقُولُ فَشَقَّ مَا
بَيْنَ هَذِهِ إِلَى هَذِهِ فَاسْتَخْرَجَ قَلْبِي ثُمَّ أُتِيتُ بِطَسْتٍ مِنْ ذَهَبٍ مَمْلُوءَةٍ
إِيمَانًا فَغُسِلَ قَلْبِي ثُمَّ حُشِيَ ثُمَّ أُعِيدَ ثُمَّ أُتِيتُ بِدَابَّةٍ دُونَ
الْبَغْلِ وَفَوْقَ الْحِمَارِ أَبْيَضَ يَضَعُ خَطْوَهُ عِنْدَ أَقْصَى طَرْفِهِ
فَحُمِلْتُ عَلَيْهِ فَانْطَلَقَ بِي جِبْرِيلُ حَتَّى أَتَى السَّمَاءَ الدُّنْيَا فَاسْتَفْتَحَ
قِيلَ مَنْ هَذَا قَالَ جِبْرِيلُ قِيلَ وَمَنْ مَعَكَ قَالَ مُحَمَّدٌ قِيلَ وَ
قَدْ أُرْسِلَ إِلَيْهِ قَالَ نَعَمْ قَالَ مَرْحَبًا بِهِ فَنِعْمَ الْمَجِيءُ جَاءَ
فَفُتِحَ فَلَمَّا خَلَصْتُ فَإِذَا فِيهَا آدَمُ فَقَالَ هَذَا أَبُوكَ آدَمُ
فَسَلِّمْ عَلَيْهِ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ فَرَدَّ السَّلَامَ ثُمَّ قَالَ مَرْحَبًا بِالِابْنِ
الصَّالِحِ وَالنَّبِيِّ الصَّالِحِ ثُمَّ صَعِدَ بِي حَتَّى أَتَى السَّمَاءَ الثَّانِيَةَ فَا
سْتَفْتَحَ قِيلَ مَنْ هَذَا قَالَ جِبْرِيلُ قِيلَ وَمَنْ مَعَكَ قَالَ
مُحَمَّدٌ قِيلَ وَقَدْ أُرْسِلَ إِلَيْهِ قَالَ نَعَمْ قَالَ مَرْحَبًا بِهِ فَنِعْمَ
الْمَجِيءُ جَاءَ فَفُتِحَ فَلَمَّا خَلَصْتُ إِذَا يَحْيَى وَعِيسَى وَهُمَا ابْنَا خَالَةٍ

۱۱۵۴

قَالَ هٰذَا يَحْيَى وَعِيسَى فَسَلَّمَ عَلَيْهِمَا فَسَلَّمْتُ فَرَدَّا ثُمَّ قَالَا
مَرْحَبًا بِالْأَخِ الصَّالِحِ وَالنَّبِيِّ الصَّالِحِ ثُمَّ صَعِدَ بِي إِلَى السَّمَاءِ
الثَّالِثَةِ فَاسْتَفْتَحَ فَقِيلَ مَنْ هٰذَا قَالَ جِبْرِيلُ قِيلَ وَمَنْ
مَعَكَ قَالَ مُحَمَّدٌ قِيلَ وَقَدْ أُرْسِلَ إِلَيْهِ قَالَ نَعَمْ قِيلَ مَرْحَبًا
بِهِ فَنِعْمَ الْمَجِيءُ جَاءَ فَفُتِحَ فَلَمَّا خَلَصْتُ إِذَا يُوسُفُ قَالَ هٰذَا
يُوسُفُ فَسَلِّمْ عَلَيْهِ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ فَرَدَّا عَلَيَّ ثُمَّ قَالَا مَرْحَبًا بِالْأَخِ
الصَّالِحِ وَالنَّبِيِّ الصَّالِحِ ثُمَّ صَعِدَ بِي حَتَّى أَتَى السَّمَاءَ الرَّابِعَةَ فَاسْتَفْتَحَ قِيلَ
مَنْ هٰذَا قَالَ جِبْرِيلُ قِيلَ وَمَنْ مَعَكَ قَالَ مُحَمَّدٌ قِيلَ وَقَدْ
أُرْسِلَ إِلَيْهِ قَالَ نَعَمْ قِيلَ مَرْحَبًا بِهِ فَنِعْمَ الْمَجِيءُ جَاءَ فَفُتِحَ فَلَمَّا
خَلَصْتُ فَإِذَا إِدْرِيسُ قَالَ هٰذَا إِدْرِيسُ فَسَلِّمْ عَلَيْهِ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ
فَرَدَّ ثُمَّ قَالَ مَرْحَبًا بِالْأَخِ الصَّالِحِ وَالنَّبِيِّ الصَّالِحِ ثُمَّ صَعِدَ بِي
حَتَّى أَتَى السَّمَاءَ الْخَامِسَةَ فَاسْتَفْتَحَ قِيلَ مَنْ هٰذَا قَالَ جِبْرِيلُ
قِيلَ وَمَنْ مَعَكَ قَالَ مُحَمَّدٌ قِيلَ وَقَدْ أُرْسِلَ إِلَيْهِ قَالَ نَعَمْ
قَالَ مَرْحَبًا بِهِ فَنِعْمَ الْمَجِيءُ جَاءَ فَلَمَّا خَلَصْتُ فَإِذَا هَارُونُ قَالَ
هٰذَا هَارُونُ فَسَلِّمْ عَلَيْهِ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ فَرَدَّ ثُمَّ قَالَ مَرْحَبًا بِالْأَخِ

الصالح والنبي الصالح ثم صعد بي حتى اتى السماء السادسة
فاستفتح قيل من هذا قال جبرئيل قيل ومن معك قال
محمد قيل وقد ارسل اليه قال نعم قيل مرحبا به فنعم المجيء
جاء فلما خلصت فاذا موسى قال هذا موسى فسلم عليه فسلمت
عليه فرد ثم قال مرحبا بالاخ الصالح والنبي الصالح فلما تجاوزت
بكى فقيل له ما يبكيك قال بكى لان غلاما بعث بعدي
يدخل الجنة من امته اكثر ممن يدخلها من امتي ثم صعد
بي الى السماء السابعة فاستفتح جبرئيل قيل من هذا قال جبرئيل
قيل ومن معك قال محمد قيل وقد بعث اليه قال نعم
قيل مرحبا به فنعم المجيء جاء فلما خلصت فاذا ابراهيم قال
هذا ابوك ابراهيم فسلم عليه فسلمت عليه فرد السلام علي
ثم قال مرحبا بالابن الصالح والنبي الصالح ثم رفعت الى سدرة
المنتهى فاذا نبقها مثل قلال هجر واذا ورقها مثل اذان
الفيلة قال هذه سدرة المنتهى واذا اربعة انهار نهران
ظاهران ونهران باطنان فقلت ما هذان يا جبرئيل قال

اما الباطنان

أَمَّا الْبَاطِنَانِ فَنَهَرَانِ فِي الْجَنَّةِ وَأَمَّا الظَّاهِرَانِ فَالنِّيلُ وَالْفُرَاتُ
ثُمَّ رُفِعَتْ لِيَ الْبَيْتُ الْمَعْمُورُ ثُمَّ أُتِيتُ بِإِنَاءٍ مِنْ خَمْرٍ وَإِنَاءٍ مِنْ
لَبَنٍ وَإِنَاءٍ مِنْ عَسَلٍ فَأَخَذْتُ اللَّبَنَ فَقَالَ هِيَ الْفِطْرَةُ أَنْتَ
عَلَيْهَا وَأُمَّتُكَ ثُمَّ فُرِضَتْ عَلَيَّ الصَّلَوٰةُ خَمْسِينَ صَلَوٰةً كُلَّ
يَوْمٍ فَرَجَعْتُ فَمَرَرْتُ عَلَى مُوسَىٰ فَقَالَ بِمَا أُمِرْتَ قُلْتُ أُمِرْتُ
بِخَمْسِينَ صَلَوٰةٍ كُلَّ يَوْمٍ قَالَ إِنَّ أُمَّتَكَ لَا تَسْتَطِيعُ خَمْسِينَ
صَلَوٰةً كُلَّ يَوْمٍ وَإِنِّي وَاللّٰهِ قَدْ جَرَّبْتُ النَّاسَ قَبْلَكَ وَعَالَجْتُ بَنِي
إِسْرَائِيلَ أَشَدَّ الْمُعَالَجَةِ فَارْجِعْ إِلَىٰ رَبِّكَ فَاسْأَلْهُ التَّخْفِيفَ لِأُمَّتِكَ
فَرَجَعْتُ فَوَضَعَ عَنِّي عَشْرًا فَرَجَعْتُ إِلَى مُوسَىٰ فَقَالَ مِثْلَهُ فَرَجَعْتُ
فَوَضَعَ عَنِّي عَشْرًا فَرَجَعْتُ إِلَى مُوسَىٰ فَقَالَ مِثْلَهُ فَرَجَعْتُ فَوَضَعَ
عَنِّي عَشْرًا فَرَجَعْتُ إِلَى مُوسَىٰ فَقَالَ مِثْلَهُ فَرَجَعْتُ فَأُمِرْتُ بِعَشْرِ
صَلَوَاتٍ كُلَّ يَوْمٍ فَرَجَعْتُ إِلَى مُوسَىٰ فَقَالَ مِثْلَهُ فَرَجَعْتُ
فَأُمِرْتُ بِخَمْسِ صَلَوَاتٍ كُلَّ يَوْمٍ فَرَجَعْتُ إِلَى مُوسَىٰ فَقَالَ
بِمَا أُمِرْتَ قُلْتُ أُمِرْتُ بِخَمْسِ صَلَوَاتٍ كُلَّ يَوْمٍ قَالَ إِنَّ أُمَّتَكَ
لَا تَسْتَطِيعُ خَمْسَ صَلَوَاتٍ كُلَّ يَوْمٍ وَإِنِّي قَدْ جَرَّبْتُ النَّاسَ قَبْلَكَ

وَعَالَجْتُ بَنِي إِسْرَائِيلَ أَشَدَّ الْمُعَالَجَةِ فَارْجِعْ إِلَى رَبِّكَ فَاسْأَلْهُ
التَّخْفِيفَ لِأُمَّتِكَ قَالَ سَأَلْتُ رَبِّي حَتَّى اسْتَحْيَيْتُ وَلَكِنْ أَرْضَى وَ
أُسَلِّمُ فَلَمَّا جَاوَزْتُ نَادَى مُنَادٍ أَمْضَيْتُ فَرِيضَتِي وَخَفَّفْتُ عَنْ
عِبَادِي حَدِيثُ الْمِعْرَاجِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ لَكِنِّي تَتَبَّعْتُ فِيهِ سِيَاقَ الْبُخَارِي

بخاری اور مسلم میں مالک بن صعصعہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا جس حالت میں
کہ میں حطیم میں اور کبھی حضرت نے یوں فرمایا کہ میں حجر میں لیٹا تھا کہ ناگاہ ایک
آنیوالا آیا یعنے جبرئیل سو اُسنے پہاڑا رادی نے کہا کہ میں نے حضرت سے سنا
فرماتے تھے سو اُسنے چیرا درمیان میں یہاں سے یہاں تک یعنی سینے کے نیچے
ناف تک پھر میرا دل نکالا پھر میرے آگے سونے کا طشت ایمان سے بھرا ہوا لایا
گیا سو میرا دل دھویا گیا بعد اسکے پھر وہیں رکھا گیا پھر میرے آگے ایک جانور کیا گیا
یعنے بُراق کو خچر سے نیچا اور گدھے سے اونچا تھا منتہا پر اپنا قدم ڈالتا تھا سو
اسپر میں سوار کیا گیا پھر تو لیچلا مجھکو جبرئیل یہاں تک کہ پہلے اسمان پاس پہنچا تو
جبریل نے چاہا کہ اسمان کا دروازہ کھلے چوکیدار فرشتوں نے کہا کہ یہہ کون ہے
جبریل نے کہا کہ میں جبریل ہوں کہا کون تیرے ساتھ ہے کہا محمد صلی اللہ علیہ وسلم
کہا کیا بُلا گیا ہے جبریل نے کہا ہاں کہا خوب ہے آیا سو کیا اچھا آنا آیا تو دروازہ

کہولا گیا سو مین جب داخل ہوا تو ناگاہ دیکھتا کیا ہون کہ وہان حضرت آدم ہین
سو جبریل نے کہا کہ یہہ تیرا باپ آدم ہے سو اسکو سلام کر تو مین نی اسکو سلام
کیا اُس نی سلام کا جواب دیا پہر کہا کیا اچھا نیک بیٹا اور نیک پیغمبر آیا پہر جبریل
مجھکو لے چڑھا یہان تک کہ دوسرے آسمان کو پہنچا سو چاہا کہ دروازہ کہلے
چوکیدار فرشتون نی کہا یہہ کون ہے جبریل نی کہا مین جبریل ہون کہا اور تیرے
ساتھہ کون ہے جبریل نی کہا محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہے کہا کیا بلایا گیا ہے
جبریل نے کہا ہان کہا خوب آیا سو کیا اچھی آمد آیا پہر دروازہ کہولا گیا سو مین
جب داخل ہوا تو یکایک وہان یحیی اور عیسی کو دیکھا اور وہ دونو خالاتی
بہائی ہین جبریل نے کہا یہہ یحیی اور عیسی ہین سو انکو سلام کر تو مین نے انکو
سلام کیا انہون نی سلام کا جواب دیا پہر دونون نی کہا کیا اچھا نیک بھائی
اور نیک پیغمبر آیا پہر جبریل مجکو تیسرے آسمان تک لے چڑھا سو چاہا کہ
دروازہ کہلے چوکیدار فرشتون نی کہا یہہ کون ہے جبریل نی کہا کہ مین جبریل
ہون کہا اور تیرے ساتھہ کون ہے جبریل نی کہا محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہے
کہا کیا بلایا گیا ہے جبریل نے کہا ہان کہا خوب آیا سو کیا اچھی آمد آیا پہر دروازہ
کہولا گیا سو جب مین داخل ہوا تو ناگاہ وہان یوسف تھے جبریل نے کہا یہہ

یوسف ہے اسکو سلام کرتو مین نی اسکو سلام کیا تو اُسنے مجکو سلام کا
جواب دیا پہر کہا کیا اچھا نیک بھائی نیک پیغمبر آیا پہر جبریل نی مجھکو لے چڑہا
یہان تک کہ چوتہے آسمان کو پہنچا سو چاہا کہ دروازہ کہلے چوکیدارون نی
کہا یہہ کون ہے جبریل نی کہا جبریل ہون کہا اور تیرے ساتہہ کون ہے جبریل
نے کہا محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہے کہا کیا بُلایا گیا ہے جبریل نے کہا ہان
کہا خوب ہے آیا سو کیا اچھی آمد آیا سو جب مین داخل ہوا تا کاہ وہان ادریس
تہے جبریل نے کہا یہہ ادریس ہے سو اسکو سلام کر تو مین نی اسکو سلام
کیا اُسنے جواب دیا پہر کہا کیا خوب نیک بہائی اور نیک پیغمبر آیا ہے پہر
مجھکو جبریل لے چڑہا یہان تک کہ پانچوین آسمان کو پہنچا سو چاہا کہ دروازہ
کہلے چوکیدارون نی کہا یہہ کون ہے جبرئیل نی کہا مین ہون جبرئیل کہا اور
تیرے ساتہہ کون ہے جبرئیل نی کہا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کہا کیا بلایا گیا ہے
جبرئیل نے کہا ہان کہا خوب ہے آیا سو کیا اچھی آمد آیا سو جب مین داخل ہوا
تو نا کاہ وہان ہارون تہے جبریل نی کہا یہہ ہارون ہے سو اسکو سلام کر تو مین
نی اسکو سلام کیا اُسنے جواب دیا پہر کہا کیا اچھا نیک بہائی اور نیک پیغمبر
آیا پہر مجکو جبرئیل لے چڑہا یہان تک کہ چھٹے آسمان تک پہنچا سو چاہا کہ

دروازہ

کہ دروازہ کھلے چوکیداروں نی کہا یہہ کون ہے جبریل نی کہا مین ہون جبریل
کہا اور تیرے ساتہہ کون ہے جبریل نی کہا محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہے کہا
کیا بلایا گیا ہے جبریل نی کہا ہان کہا خوب ہے آیا سو کیا اچھی آمد آیا سو جب
مین داخل ہوا تو ناگاہ وہان موسیٰ تہے جبریل نے کہا یہہ موسیٰ ہے سو اسکو
سلام کر تو مین نی اسکو سلام کیا سو اُسنے جواب دیا پہر کہا کیا اچھا نیک بہائی
اور نیک پیغمبر آیا پہر جب مین وہان سے ہٹا تو موسیٰ رویا کسنے کہا ای
موسیٰ تیرے رونیکا کیا سبب ہے موسیٰ نی کہا مین روتا ہون اسواسطے کہ ایک لڑکا
میرے بعد پیغمبر ہوا اسکی اُمت کی لوگ میری اُمت سی زیادہ بہشت مین جاوینگے
پہر جبریل مجہکو لے چڑہا تو مین آسمان تک سو جبریل نی چاہا کہ دروازہ
کھلے چوکیداروں نی کہا یہہ کون ہے جبرئل نی کہا مین جبریل ہون کہا اور
تیرے ساتہہ کون ہے جبریل نی کہا محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہے کہا کہ بلا گیا ہے
جبریل نے کہا ہان کہا خوب ہے آیا سو کیا اچھی آمد آیا سو جب مین وہان
داخل ہوا تو ناگاہ وہان ابراہیم تہے جبریل نے کہا یہہ تیرا باپ ابراہیم ہے
سو اسکو سلام کر تو مین نی اسکو سلام کیا سو اُسنے سلام کا جواب دیا
پہر کہا کیا اچھا نیک بیٹا اور نیک پیغمبر آیا پہر وہان سے سدرۃ المنتہی

یعنے پتے سرکے بیری کا درخت بلند نمود ہوا تو ناگاہ اُسکے بیر جیسے بحر کے مٹکے
اور اسکے پتے جیسے ہاتھیون کے کان جبریل نی کہا یہی سدرۃ المنتہی ہے
اور ناگاہ وہان چار نہرین تہین دو نہرین کہلی اور دو نہرین چھپی تو مین نے
کہا ای جبریل یہہ کیا ہے جبریل نی کہا چھپی ہوئی دو نہرین تو بہشتکی نہرین ہین اور کہلی نہرین
تو نیل اور فرات ہین پہر مجھکو بیت المعمور نمود ہوا یعنی فرشتون کا کعبہ
جو ہر دم فرشتون سی بہرا رہتا ہے پہر ایک برتن شراب سی بہرا اور ایک
دودہ سی اور ایک شہد سی میرے سامنے کیا گیا مین نی دودہ کو لیا سو جبرئیل نی
کہا یہہ دودہ پیدا ہے دین اسلام کی صورت پر ہے جس دین پر تو اور تیری
اُمت ہے پہر میرے اوپر نماز فرض ہوئی ہر ایک دن مین پچاس وقت کی پہر ہین
وہان سے پلٹ آیا سو موسیٰ کے پاس ہوکر نکلا تو موسی نی کہا کیا تجھکو حکم ہوا
تو مین نی کہا مجھکو ہر روز پچاس نماز کا حکم ہوا موسی نی کہا مقرر تیری امت سی ہر روز پچاس
وقت کی نماز نہو سکیگی اور البتہ خدا کی قسم مین آزما چکا ہون لوگون کو تجھسے پہلے اور مین علاج
کر چکا ہون قوم بنی اسرائیل کا نہایت تدبیر سی سو پلٹ جا اپنے رب پاس
سو اُس سی اسانی مانگ اپنی امت کی واسطے تو مین پہر اسو خدا نے میری اوپر سے
دس وقت کی نماز اُتار ڈالی سو مین موسیٰ پاس پہر آیا تو موسی نی اسیطرح

یعنے اول بار کی طرح چالیس نمازین بہی لم کردنے کو کہا پہر مین خدا کی طرف پلٹ گیا تو خدا نے
میرے اوپر سے اور دس نمازین اُتارین پہر مین موسے پاس آیا پہر موسے نے اسی طرح کہا پہر مین پلٹ گیا
پہر میرے اوپر سے خدا نی دس نماز کو اُتارا پہر مین موسے پاس گیا پہر موسے نی اسی طرح کہا پہر مین پلٹ
گیا سو مجکو ہر روز دس نماز کا حکم ہوا پہر مین موسے پاس گیا پہر موسی نے اُسی طرح کہا پہر مین پلٹ
گیا تو مجھکو ہر روز پانچ نمازون کا حکم ہوا سو مین موسے پاس پہر آیا تو موسی نے
کہا کیا تجھکو حکم ہوا سو مین نے کہا مجکو ہر روز پانچ نماز کا حکم ہوا تو موسی نی کہا مقرر تیری اُمت سے ہر روز
پانچ نمازین بہی نہو سکین گی اور البتہ مین لوگون کو تجھسے پہلے آزما چکا ہون
اور بنی اسرائیل کے علاج کر چکا ہون نہایت تدبیر سی سو پہر جا اپنے رب پاس
اور اپنی امت کی لئی سوال کر تا گیا مین اپنے
رب سے یہان تک کہ مین شرما گیا یعنی اب عرض نہین کر سکتا ولیکن اب تو
راضی ہوتا ہون مانے لیتا ہون پہر جب مین موسی کے پاس سے بڑھا تو
پکارنے والی نی پکارا کہ مین نی جاری کیا اور مضبوط کر لیا اپنی فرض
نماز کو اور بوجہ اُتار ڈالا اپنے بندون سی اس کتاب کے مصنف نی کہا
کہ معراج کی حدیث متفق علیہ ہے یعنی بخاری اور مسلم دونون مین آئی ہے
لیکن مین نی اسمین بخاری کی روایت کی پیروی کی ہے ف حطیم اور حجر اُس

مکان کا نام ہے کہ جب حضرت ابراہیم نے کعبہ بنایا تھا تو کعبے مین داخل
تھا جب قریش نے حضرت کی نبوت سے پہلے کعبہ بنایا تو اُس چند گز مکان کو کعبے
سے اُتر کی طرف علحدہ کر دیا کعبے کا نمدان اُسیطرف ہے اِس حدیث سے معلوم ہوا
کہ حضرت معراج کی وقت حطیم مین تھے اور بخاری اور مسلم کی دوسری روایت
یون ہے کہ اسوقت حضرت اپنے گھر مین تھے تو مطلب یہہ کہ اول حضرت
گھر مین تھے پھر جبریل حضرت کو حطیم مین لے گئے پھر وہان سے معراج کو چلے
تو کبھی حضرت نے گھر کا ذکر کیا اور کبھی حطیم کا دونو درست ہین اور بعضی روایت
مین ام ہانی کا گھر مذکور ہے ام ہانی علی مرتضی کی بہن کا نام ہے حضرت کا اور
انکا ملا ہوا گھر تھا ایک ہی گھر تھا اور حجر مین ایک مکان ہے وہان کے مکے بڑے
بڑے ہوتی ہین اور حضرت کا دو بار سینہ چیر کے دل صاف ہوا ایک بار
نو لڑکپن مین تاکہ کھیل کود کی ہوس نہو دوسرے بار معراج کی وقت تا جوانی کی
ہوس زور نکرے اور دل مین ایسی صفائی کامل ہو کہ دربار الہی کی لیاقت
اعلے رتبے کی حاصل ہووے اور حضرت موسی کا رونا معاذ اللہ حسد کے سبب نتھا
اسواسطے کہ پیغمبر لوگ حسد وغیرہ سے پاک ہین بلکہ اپنی امت پر افسوس آیا کہ مین
مدت تک اُنمین سمجھاتا رہا اور بہت معجزات دکھلائے پر لوگ ایمان کم

لائے تو بہشت مین بہی کم جائینگے اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی تہوڑی عمر مین بیشمار
لوگ ایمان لائے اور قیامت تک لاتے جاوینگے تو بہشت مین میری امت سے
زیادہ تر داخل ہونگے اور اگر معاذ اللہ حسد ہوتا تو بار بار حضرت سی
کہہ کر پچاس نماز کو پانچ نماز تک کاہے کو کم کرواتے اور حضرت موسے
نے ہمارے حضرت کو لڑکا حقارت سے نہین کہا بلکہ بڑی عمر والے جوان کو لڑکا
کہتے ہین بلکہ اسمین حضرت کی گویا تعریف کی کہ باوجود کم عمری کے ایسا بلند
مرتبہ حاصل ہوا کہ سب پیغمبرون سے افضل ہوگئے اور یہہ جو فرمایا کہ نیل
اور فرات سدرۃ المنتہی کے نیچے سی نکلی ہین یعنے اگر اس عالم کے پانی کو اس
عالم کے پانی سے تشبیہ دیجئے تو نیل اور فرات اُن نہرون کا نمونہ ہین یا حقیقت
مین نیل اور فرات کی مدد اُنہین نہرون سے ہوتی ہوگی ہمکو نظر نہ آوے
واللہ اعلم اور صحیح مسلم کی روایت مین یون ہے کہ اول حضرت مکے سے
مسجد اقصی یعنے بیت المقدس مین گئے وہان دو رکعت نماز پڑہ کے آسمان پر
چڑہے اور بیت المعمور مین جو ساتوین آسمان پر ہے ہر روز ستر ہزار فرشتے
عبادت کو جاتے ہین پہر کبہی دوبارہ نہین پلٹ آتے ہین اور بیت المعمور ہرچند
سب تلے اوپر ساتون آسمان پر ہے لیکن ہر ایک آسمان مین وسیکی سیدہ پر اسی طرح

عبادت خانہ ہے اور کعب بھی اُسی کے نیچے ہے بالفرض اگر وہاں سے
پتھر گرے تو کعب کے چھت پر پڑے صحیح مسلم مین روایت ہے کہ جب حضرت
پانچ وقت کی نماز پر راضی ہو گئے تو ہوا ایک نماز کا ثواب دس نماز کے ثواب کے
برابر ملیگا تو پانچ کی پچاس ہو گئین سو امت پر تخفیف ہی ہوئی اور تقدیر
الٰہی کے بھی خلاف نہوا **اف** معراج مکی مین ہجرت سے اول ایک برس
ہوئی اور اسمین اختلاف ہے کہ معراج بدن سے ہوئی یا روح سے سوتے
ہوئے یا جاگتے صحیح مذہب اہل سنت کا یہی ہے کہ بیداری مین روح
اور بدن دونون سی ہوئی چنانچہ صحیح حدیثون سے صاف یہی ثابت ہوتا ہے
اور اگر خواب مین معراج ہوتی تو عمدہ کمالات اور معجزات مین نہ داخل ہوتی
اور کفار قریش زیادہ انکار بھی نکرتے اور بیت المقدس کی سب نشانیان
نہ پوچھتے اور حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت کی روح کو معراج ہوئی
جسم مبارک مین رہا تو خطابی نے کہا کہ حضرت کو دو معراجین ہوئین ایک معراج
روحی دوسرے معراج جسمی اور اسمین اختلاف ہے کہ معراج مین حضرت نے خدا کو
دیکھا تھا یا نہین حضرت عائشہ اور ابو ہریرہ اور عبداللہ بن مسعود سے
مشہور روایت یہہ ہے کہ نہین دیکھا اور یہی مذہب اکثر محدثین اور

متکلمین

مشکلین اور فقہا کا اور عبداللہ بن عباس سے ایک روایت یون ہے
کہ آنکھ سے دیکھا اور عطا سے یون روایت ہے کہ دل سے دیکھا واللہ
اعلم جو کہے سی بیت المقدس تک جانی کا انکار کرے وہ کافر ہے
اسواسطے کہ قرآن مین اُسکا صاف بیان ہے اور بیت المقدس سے آسمانون کے
چڑھنے کا انکار کرے تو بدعتی ہے ق اِبْنُ عُمَرَ یَنْمَا ثَلٰثَۃُ نَفَرٍ یَمْشُوْنَ ق
اَخَذَھُمُ الْمَطَرُ فَاَوَوْا اِلٰی غَارٍ فِی جَبَلٍ فَانْحَطَّتْ عَلٰی فَمِ
غَارِھِمْ صَخْرَۃٌ مِّنَ الْجَبَلِ فَاَطْبَقَتْ عَلَیْھِمْ فَقَالَ بَعْضُھُمْ
لِبَعْضٍ اُنْظُرُوْا اَعْمَالًا عَمِلْتُمُوْھَا صَالِحَۃً لِلّٰہِ فَادْعُوا اللّٰہَ
بِھَا لَعَلَّہٗ یُفَرِّجُھَا عَنْکُمْ فَقَالَ اَحَدُھُمُ اللّٰھُمَّ اِنَّہٗ کَانَ لِیْ
وَالِدَانِ شَیْخَانِ کَبِیْرَانِ وَامْرَاَتِیْ وَلِیْ صِبْیَۃٌ صِغَارٌ اَرْعٰی
عَلَیْھِمْ الْمَوَاشِیَ فَاِذَا اَرَحْتُ عَلَیْھِمْ حَلَبْتُ فَبَدَاْتُ بِوَالِدَیَّ
فَسَقَیْتُھُمَا قَبْلَ بَنِیَّ وَاِنَّہٗ نَاٰی بِیَ ذَاتَ یَوْمٍ الشَّجَرُ فَلَمْ اَاْتِ
حَتّٰی اَمْسَیْتُ فَوَجَدْتُھُمَا قَدْ نَامَا فَحَلَبْتُ کَمَا کُنْتُ اَحْلُبُ
فَجِئْتُ بِالْحِلَابِ فَقُمْتُ عِنْدَ رُؤُسِھِمَا اَکْرَہُ اَنْ اُوْقِظَھُمَا
مِنْ نَوْمِھِمَا وَاَکْرَہُ اَنْ اَسْقِیَ الصِّبْیَۃَ قَبْلَھُمَا وَالصِّبْیَۃُ

يتضاغون عند قدمي فلم يزل ذلك دابي ودابهم حتى طلع الفجر
فان كنت تعلم اني فعلت ذلك ابتغاء وجهك ففرج لنا منها
فرجة نرى منها السماء ففرج الله منها فرجة فرأوا منها السماء
وقال الآخر اللهم انه كانت لي ابنة عم احببتها كاشد ما
يحب الرجال النساء فطلبت اليها نفسها فابت حتى آتيها بمائة
دينار فسعيت حتى جمعت مائة دينار فجئتها بها فلما
وقعت بين رجليها قالت يا عبد الله اتق الله ولا تفض
الخاتم الا بحقه فقمت عنها فان كنت تعلم اني فعلت ذلك
ابتغاء وجهك ففرج لنا فرجة ففرج الله لهم وقال الآخر
اللهم اني كنت استأجرت اجيرا بفرق ارز فلما قضى عمله قال
اعطني حقي فعرضت عليه حقه فتركه ورغب عنه فلم ازل ازرعه
حتى جمعت منه بقرا ورعاءها فجاءني فقال اتق الله ولا تظلمني
حقي قلت اذهب الى تلك البقر ورعائها فخذها فقال اتق
الله ولا تستهزئ بي فقلت اني لا استهزئ بك خذ تلك
البقر ورعاءها فاخذه فذهب به فان كنت تعلم اني

فعلت

فَعَلتُ ذٰلِكَ ابتِغَاءَ وَجهِكَ فَافرُج مَا بَقِيَ فَفَرَجَ اللّٰهُ مَا بَقِيَ

بخاری اور مسلم مین عبداللہ بن عمر سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
جس حالت مین کہ تین آدمی چلے جاتے تھے کہ انکو مینہ نے لیا تو وہ پہاڑ کے
ایک غار مین گھس گئے تو اُس پہاڑ کا ایک پتھر لُڑھکتا غار کے منہ پر ڈھلک
پڑا سو اُسنے انکو بند کر لیا تو بعضے نے بعضے سے کہا دیکھو تو اپنے نیک کام کو
جو خدا کے واسطے کئے ہون سو دعا مانگو اُنکے وسیلے شاید کہ خدا اُس پتھر کو
تمہارے اوپر سے کھول دیوے تو اُنمین سے ایک نے کہا کہ الٰہی ماجرا تو یہ ہے کہ میرے ماں باپ
بڈھے تھے بڑی عمر والے اور میری جورو اور میرے چھوٹے چھوٹے لڑکے تھے
کہ مین انکے واسطے بھیڑ بکریان چرایا کرتا تھا پھر جب شام کے قریب چرا لاتا
تھا تو انکا دودھ دوہتا تھا سو دل اپنے ماں باپ سے شروع کرتا تھا تو انکو اپنے
لڑکون سے پہلے پلاتا تھا اور البتہ ایک دن مجھکو درخت نے دور ڈالا یعنے
چارا بہت دور ملا سو مین گھر مین نہ آیا یہان تک کہ مجھکو شام ہوگئی تو مین نے
ماں باپ کو سوتا پایا پھر مین نے دودھ دوہا جس طرح دوہا کرتا تھا تو مین دودھ
لایا سو مین ماں باپ کے سرہانے کھڑا ہوا مجھکو بُرا لگا کہ مین اُنکو نیند سے جگاؤن اور
بُرا لگا کہ اُنسے پہلے لڑکون کو پلاؤن اور لڑکے بھوکے مارے شور کرتے تھے

میرے دونون پیرون کے پاس سو اسی طرح برابر میرا اور اُنکا حال ہے صبح تک یعنی
مین اُنکی انتظار مین دو وہ لئی رات بہر کھڑا رہا اور لڑکے روتے چلاتے رہے
نہ مین نی پیا نہ لڑکون کو پلایا سو الٰہی اگر تو جانتا ہو کہ ایسی محنت اور مشقت مین نے
تیری رضامندی کے واسطے کی تہی تو اِس پتھر سے ایک روزن کہول دے
کہ ہم اُسسے آسمان کو دیکہین سو خدا نے اُسسے ایک روزن کہول دیا تو اُس سے
اُنہون نی آسمان کو دیکہا اور دوسرے نی کہا الٰہی البتہ یہہ ماجرا ہے
کہ میرے ایک چچا کی بیٹی تہی کہ مین اُسکو چاہتا تہا جیسے نہایت محبت مرد
عورتون سی رکہتے ہین یعنے مین اسکا کمال عاشق تہا سو اسکی طرف مائل
ہوکر مین نی اسکی ذات کو چاہا یعنی حرامکاری کا ارادہ کیا سو اُسنے نمانا
یہان تک کہ سو اشرفیان مین اسکو دون یعنی سو اشرفیون پر راضی ہوئی
سو مین نے محنت اور کوشش یہان تک کی کہ سو اشرفیان جمع کین سو مین
انکو اُسکے پاس لایا جب مین اسکے دونو پیرون کے اندر واقع ہوا اُسنے
کہا اے خدا کے بندے ڈر خدا سے اور مُہر کو نہ توڑ مگر جس طرح کہ اُسکا
حق ہے یعنے بدون نکاح شرعی کے ازالہ بکارت نکر تو مین اُٹہہ کہڑا ہوا
اسکے اوپر سے سو الٰہی اگر تو جانتا ہو کہ یہ مدت کی دلی آرزو تیری رضامندی کے

واسطے

واسطے ترک کی ہو تو کھول دے ہمارے واسطے اس پتھر سے ایک روزن
تو خدا نے انکے واسطے کھول دیا اور تیسرے آدمی نے کہا کہ الہی مینے ایک مزدور
ٹھہرایا تھا اُس برتن بھر مزدوری پر جسمین سولہ رطل چاول سماوین تو جب
وہ اپنا کام کر چکا اُسنے کہا میرا حق دے سو اسکا حق مین نے اُسکے آگے کیا
سو اُسکو چھوڑ گیا اور اُسکی طرف سی منہ موڑا تو ہمیشہ مین اسکو بوتا رہا
یہان تک برکت ہوئی کہ اُسی مال گائے بیل اور غلام انکے چرانے والے جمع
ہو گئے پھر وہ مزدور میرے پاس آیا سو کہنے لگا کہ خدا سے ڈر اور میرا حق لے کر
مجھپر ظلم نکر مین نے کہا جاان گائے بیلون اور انکے چرانے والون کی طرف
سو انکو لے تو اُسنے کہا خدا سے ڈر مجھسے مسخراپن نکر مین نے تجھسے کہتا ہون
کر تا لے ان گائے بیلون اور انکے چرانے والون کو یعنی سچ مچ یہہ تیرا ہی
مال ہے سو اُسنے لیا اور اپنا سب مال لیکر چلا گیا سو الہی اگر تو جانتا ہو
کہ مین نے یہہ امانت داری تیری رضامندی کے واسطے کی تھی تو کھول دے
جتنا باقی رہا ہے سو خدا نے باقی رہے پتھر کو کھول دیا ف اس حدیث مین
بہت کام کے فائدے ہین اول یہہ کہ سخت مصیبت اور نہایت بلا
مین جسکی کوئی تدبیر نہو سکے تو اپنے خالص اعمال کو خلاصی کا وسیلہ

بڑے حق تعالی اسکو نجات دیگا دوسرے یہہ کہ ماں باپ کا حق اپنی جان اور
جورو اور لڑکون کے حق پر مقدم ہے اور عمدہ نیکون مین داخل ہے تیسرے
یہہ کہ قادر ہو کر گناہ سے بچنا اور صرف خدا کے خوف سے شہوت کو دبانا
اور خواہش نفسانی کو مٹانا بڑے کمال کی بات ہے اور خدا کو نہایت پسند ہے چوتھے
یہہ کہ حق والون کا حق ادا کرنا رضائے الہی کا عمدہ وسیلہ ہے پانچون یہہ کہ جو مالک کے بدون اجازت کے
اسکا اناج بوئے اسکے حاصلات کا مالک ہی مالک ہے ق ابو ھریرۃ بینما رجل یسوق ۱۱۱۰ ق
بقرۃ قد حمل علیھا التفت الیہ البقرۃ فقالت انی لم اخلق لھذا ولکنی انما
خلقت للحرث فقال الناس سبحان اللہ بقرۃ تکلم فقال رسول اللہ صلی
اللہ علیہ وسلم فانی اومن بہ انا وابو بکر وعمر وبینما
راع فی غنمہ عدا علیہ الذئب فاخذ منھا شاۃ فطلبہ
الراعی حتی استنقذھا منہ فالتفت الیہ الذئب فقال
لہ من لھا یوم السبع یوم لیس لھا راع غیری فقال الناس سبحان اللہ
ذئب یتکلم فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فانی اومن
بہ انا وابو بکر وعمر وما ھما ثم بخاری اور مسلم مین ابو ہریرہ
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جس حالت مین کہ ایک مرد بیل کو ہانکتا

فضیلت شیخین

تہا اسپر بوجہہ لادے ہوئے بیل نی اسکی طرف دیکہا سو کہا کہ مین اس بوجہہ لادنیکے
واسطے نہین پیدا ہوا مین کو کہیت کے واسطے پیدا ہوا ہون تو لوگون نے
تعجب سی کہا سبحان اللہ بیل بہی بولتا ہے تو حضرت نی فرمایا کہ بے
شبہہ مین اسبات کو سچ جانتا ہون اور ابو بکر اور عمر سچ جانتے ہین اور جس
حالت مین کہ کوئی چرانیوالا بہیڑ بکریون مین تہا تو اسپر ایک بہیڑیا دوڑا
تو اون مین سے ایک بکری لے گیا تو اسکی تلاش مین رہا چرانے والا یہان تک
کہ اسکو بہیڑئے سے چہڑالایا تو بہیڑئے نی اسکی طرف دیکہا سو کہا کون
بہیڑ بکری کو قیامت مین بچا دیگا جسدن اسکا کوئی چرانیوالا میری سوا سے نہو گا
تو لوگون نی تعجب سی کہا سبحان اللہ بہیڑیا بہی کلام کرتا ہے تو حضرت نی فرمایا
مین اسبات کو مقرر مانتا ہون اور ابو بکر اور عمر مانتے ہین اور حالانکہ ابو بکر اور
عمر وہان نہ تہے ف یہہ قول راوی کا ہے یعنی ابو بکر اور عمر وہان نہ تہے
یعنی جسوقت حضرت نے یہہ حدیث فرمائی تہی ابو بکر اور عمر اس مجلس مین نہین تہے
یا کہ یہہ قول حضرت کا ہے یعنے باوجودی کہ بیل اور بہیڑئے کے وقت کلام
دونو شخص موجود نہ تہے مگر انکو اسکا یقین ہے یعنے بیل اور بہیڑئے کو کلام کی
طاقت دینا خدا کی قدرت سے کچہہ عجب نہین اس حدیث سے صدیق اور فاروق کی بڑی

فضیلت ابانی ثابت ہوئی کہ حضرت نی اپنے ایمان کے ساتھ انکے ایمان کو ملایا
بعد اسکے اصحاب حاضرین نی کہا کہ ہم بہی ایمان لائے جسکا حضرت ایمان لائے

ق ۱۱۳ ق ۱۱۴

قَالَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ بَيْنَمَا رَجُلٌ يَمْشِيْ بِطَرِيْقٍ فَوَجَدَ غُصْنَ شَوْكٍ
فَاَخَّرَهُ فَشَكَرَ اللّٰهُ لَهُ فَغَفَرَ لَهُ بخاری اور مسلم مین ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے
کہ حضرت نی فرمایا کہ جس حالت مین کہ ایک مرد چلا جاتا تہا راہ مین سو اُس نے
کانٹے کی شاخ راہ پر پائی پہر راہ سے اپنے اسکو علحدہ کر دیا تو خدا نی اسکی قدر دانی
کی سو اُسکو بخش دیا معلوم ہوا کہ بندگان خدا کو راحت رسانی خدا کو
نہایت پسند ہے اور ثابت ہوا کہ ادنی نیک کام بہی اگر خالص نیت سے ہو تو کا
مغفرت کا سبب ہے ق اَبُوْ هُرَيْرَةَ بَيْنَمَا رَجُلٌ يَمْشِيْ فِيْ حُلَّةٍ تُعْجِبُهُ
نَفْسُهُ مُرَجِّلٌ جُمَّتَهُ اِذْ خَسَفَ اللّٰهُ بِهٖ فَهُوَ يَتَجَلْجَلُ فِيْهَا اِلٰى
يَوْمِ الْقِيٰمَةِ بخاری اور مسلم مین ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا
کہ جس حالت مین کہ ایک مرد اپنے بالون کو کنگہی کئے ہوئے پوشاک پہنے
اپنے بدن کی سجاوٹ دیکہہ دیکہہ پہولتا ہوا چلا جاتا ہے کہ ناگاہ خدا نے
اسکو زمین مین دہنسا دیا سو وہ قیامت تک زمین کے اندر تکرین کہاتا دہنستا
چلا جاتا ہے ف ہرچند ستہری پوشاک پہننا بالون مین کنگہی کرنا درست ہے

بلکہ

بلکہ سنت ہے لیکن اِس حدیث سی معلوم ہوا کہ جب آدمی کو اپنی آرائش سے
گھمنڈ آیا اور اُسنے اپنے کو دور کھینچا تو مقدر غضب الٰہی مین گرفتار ہوا خواہ
دنیا مین جیسا کہ اس شخص پر گذرا خواہ آخرت مین اسیواسطے اکثر اہل تقوی نی عمدہ لباس
نہین پہنا اور اپنی اولاد کی بھی یہہ عادت نہ ڈالنے دے کیون کہ اب وہ زمانہ
نہین کہ آدمی عمدہ پوشاک پہنے اور بالون مین کنگھی کیا کرے پھر اپنی یقین
نہ جھانکے اگلی حدیث سے معلوم ہوا کہ وہ شخص صرف راہ کے کانٹے پہینکنے سے
بخشا گیا اور یہہ شخص فقط اکڑ چلنے اور گھمنڈ کرنے سے زمین مین دھنسایا گیا
تو اِن حدیثون سے ایک عمدہ قاعدہ ہاتھہ لگا کہ نیک کام اگرچہ کمتر ہو پر اسکے
ثواب سے ناامید نہوا چاہیئے اور بدکام اگرچہ ظاہر مین خفیف معلوم ہوتا ہو
پر اُسکے وبال سے نڈر نہوا چاہیئے

## فصل

اس فصل مین وہ حدیثین ہین جنکے سر لعن کی لفظ

ق جَابِرٌ لَعَنَ اللّٰهُ الَّذِیْ وَسَمَهٗ قَالَهٗ لَمَّا رَأَی حِمَارًا قَدْ وُسِمَ وَجْهُهٗ

بخاری اور مسلم مین جابر رضی اللہ عنہ سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ خدا لعنت
کرے اُسپر جسنے اِس گدھے کو داغا یہہ حضرت نے فرمایا جب کہ منہہ داغے ہوئے کو

ف ۱۱۱۳ دیکھا جانور کا منہ داغنا حرام ہے سب علما کے نزدیک منہ کے سوائے
اور بدن بیماری کی وسطے داغنا درست ہے ف اَبُوْھُرَیْرَۃَ لَعَنَ اللّٰہُ السَّارِقَ
یَسْرِقُ الْبَیْضَۃَ فَتُقْطَعُ یَدُہٗ وَیَسْرِقُ الْحَبْلَ فَتُقْطَعُ یَدُہٗ بخاری
اور مسلم مین ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ خدا لعنت کرے
چور کو کہ انڈا یا خود چراتا ہے تو اُسکا ہاتھہ کاٹا جاتا ہے اور رسی چراتا ہے
تو اُسکا ہاتھہ کاٹا جاتا ہے ف چور کے ہاتھہ کاٹنے مین نصاب شرط ہے
امام اعظم کے نزدیک دس درم چوری کی نصاب ہے اور امام شافعی کے نزدیک
ربع دینار یعنے ایک ماشہ اور ایک رتی سونے کی برابر ہے تو مطلب اس
حدیث کا یہہ کہ لوہے یا چاندی کا انڈا مُراد ہے جسکی قیمت دس درم ہو اور
رسّی مُراد ہے جسکی درم قیمت ہو جیسے جہاز کی رسی کہ بہت قیمتی ہوتی ہے
یا یہہ مراد ہے کہ جب آدمی کو انڈے اور رسی کی چوری کی عادت پڑی تو کبھی
قیمتی چیز بھی چُرا دیگا تو بی شبہ اُسکا ہاتھہ بھی کاٹا جاویگا یا یہہ کہ یہہ حکم ابتدا
اسلام مین تہا اب منسوخ ہے ف ۱۱۱۴ اِبْنُ عُمَرَ لَعَنَ اللّٰہُ الْوَاصِلَۃَ وَالْمُسْتَوْصِلَۃَ
وَالْوَاشِمَۃَ وَالْمُسْتَوْشِمَۃَ بخاری اور مسلم مین عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت
ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ لعنت کرے خدا اُس عورت پر جو دوسری عورت کے بال مین

بال کو جوڑے اور اُس عورت پر جو اپنے بالون سی اور بال جڑا وے اور
اس عورت پر جو دوسری عورت کا بدن گودے اور نیل بھرے اور اس عورت
جو اپنا بدن گدواوے بال مین بال جوڑنا اور بدن گودنا حرام ہے اسواسطے کہ اسمین
تغییر خلقت الٰہی ہے اور تزویر اور بناوٹ یہی ہے کہ آدمی وہو کہا کہا وے

ق عائشہ لعن اللہ الیہود والنصاریٰ اتخذوا قبور انبیائہم
مساجد بخاری اور مسلم مین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
کہ خدا لعنت کرے یہود اور نصاری پر کہ اُن لوگون نے اپنے پیغمبرون کی قبرون کو
مسجد بنایا بخاری مین روایت ہے کہ حضرت نے مرض الموت مین یہ حدیث فرمائی
حضرت ڈرے کہ مبادا کہین میری امت بھی یہود اور نصاری کی طرح میری قبر کو مسجد
نہ ٹھہراوے اور جندب سے روایت ہے کہ مین نے پانچ روز حضرت کے انتقال سے
پہلے حضرت سے سنا کہ فرماتے تھے کہ اگلی امتون نے اپنے پیغمبر اور اولیا کی
قبرون کو سجدہ گاہ بنایا تم خبردار رہو قبرون کو سجدہ گاہ نہ بنایو مین تمکو منع کئے
دیتا ہون یہود اور نصاری پیغمبرون اور نیکونکی قبرون پر مسجدین بناکر عبادتین
کرتے تھے اور قبرونکی طرف سجدہ کرتے تھے تو صاف شرک تھا اسواسطے
حضرت نے تاکید سے منع کیا معلوم ہوا کہ جو بات مسجد اور کعبے کو خاص ہے

وہ قبر پیغمبر کی ہو خواہ اولیا کی اسکیواسطے قبروں کو سجدہ کرنا
اور انکے گرد گھومنا درست نہیں اسی واسطے کہ طواف کعبے کو مخصوص ہے اور
اسی واسطے قبرستان میں نماز پڑھنا منع ہے ہندوستان میں اولیا کی قبروں پر
اکثر شرک کے کام ہوتے ہیں اور جس سے حضرت نبی انتقال کے وقت کمال
تاکید سے منع کیا تھا یہود و نصاریٰ سے بھی زیادہ اب لوگ کرتی ہیں خدا مسلمانوں کو
توفیق دے کہ اپنے پیغمبر کی حدیث سمجھیں اور ان کاموں سے کنارہ کرکے محمدی
بنیں اَیْنَ مِ اِبْنُ عُمَرَ لَعَنَ اللّٰہُ مَنْ مَثَّلَ بِالْحَیَوَانِ مسلم میں عبداللہ ۱۱۱۴
بن عمر سے روایت ہے کہ حضرت نبی نے فرمایا خدا لعنت کرے اسپر کہ جو جاندار کے
ہاتھ پاؤں اور ناک کان کاٹے اسواسطے منع فرمایا کہ اسمیں ناحق
رنج رسانی اور تغییر خلق الٰہی ہے مِ عَلِیٌّ لَعَنَ اللّٰہُ مَنْ لَعَنَ وَالِدَیْہِ ۱۱۱۵
وَلَعَنَ اللّٰہُ مَنْ ذَبَحَ لِغَیْرِ اللّٰہِ وَلَعَنَ اللّٰہُ مَنْ اٰوٰی مُحْدِثًا
وَلَعَنَ اللّٰہُ مَنْ غَیَّرَ مَنَارَ الْاَرْضِ مسلم میں علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ خدا لعنت کرے اسپر جو اپنے ماں باپ پر لعنت کرے
اور خدا لعنت کرے اسپر جو خدا کے سوا کسی اور کے واسطے جانور ذبح کرے
اور خدا لعنت کرے اسپر جو بدعت نکالنے والے کو پناہ دے اور اپنے مکان میں رکھے

اور خدا لعنت کرے اُسپر جو زمین کے پتے اور نشانیان مٹا دے ف ماپ کو
گالی دینا اور لعنت کہنا دو صورت سے ہوتا ہے کہ خود کہے یا غیر سے کہلاوے اس طرح
کہ جب اُسنے دوسرے کے ماپ کو گالی دی تو وہ اُسکے ماپ کو گالی دیکا تو حقیقت
مین یہی سبب ٹہرا اور غیر خدا کے واسطے جانور ذبح کرنا کئی صورت سے ہوتا ہے
ایک صورت تو یہہ کہ خدا کا نام ذبح کے وقت نلیا جاوے جیسے راجپوت
کرتے ہین اسکو جھٹکا کہتے ہین دوسری صورت یہہ کہ قبر پر یا تپ پر یا نشان پر
یا عمارت پر یا دیو بہوت کے واسطے ذبح کرین تیسری یہہ کہ ہر چند ذبح کے وقت تو
خدا کا نام لین لیکن تعظیم اور تقرب اور منت اور نیاز غیر خدا کی کرین جیسے سید احمد
کبیر کی گائے اور شیخ سدو کا بکرا ان تینو صورتون مین جانور تو مردار ہے اور
کرنیوالے پر بموجب اس حدیث کی لعنت اسواسطے کہ یہہ ذبح خدا کے واسطے نہین اور
یہہ جو بعضی لوگ بات بناتے ہین کہ سید احمد کبیر کی گائے اور شیخ سدو کی بکرے
ذبح کے وقت خدا کا نام لیا جاتا ہے اور خونریزی خدا ہی کے واسطے ہے
صرف گوشت سے غرض ہے تو بے شبہ حلال ہے اسکا جواب یہہ ہے کہ جب
غیر خدا کی نذر مانی اور نیت بگڑی تو صرف زبانی خدا کے نام لینے سے کیا ہوتا
ہے اور یہہ غلط بات ہے کہ خونریزی خدا کے واسطے ہے صرف گوشت سے

غرض ہے اسواسطے کہ جبا کی منت ماننے والون سے کہے کہ تم اس گلے بکری کو ذبح
کرو اسکے عوض دو نا چوگنا ہم سے گوشت لو اور فاتحہ دو تو ہرگز ہرگز نمانین گے
اور اس صورت مین اپنی نذر اور منت کا ادا ہونا ہرگز نہ سمجھین گے تو صاف معلوم
ہوا کہ انکو خونریزی بہی غیر خدا کے واسطے منظور ہے صرف گوشت ہی سے
غرض نہین انصاف کی راہ سی بدلیل قرآن اور حدیث اسکے حرام ہونی مین
کچھہ شبہ نہین اور کج بحثی کے علاج تو ہمارے پاس نہین فتاوی درالمختار اور
شباہ و نظائر مین موجود ہے کہ جو جانور کہ سردار کے داخل ہوتے ذبح ہو
وہ حرام ہے اگرچہ ذبح کے وقت خدا ہی کا نام اسپر لیا جاوے تو اگر صرف
ذبح کے وقت خدا کے نام سے جانور حلال ہوتا تو فقہ مین اسکو کیون حرام
لکہتے اللہ فہم درست کی توفیق دیوی اور کج فہمی سے بچاوے اہن حدیث مین
جو بدعت والے کی حمایت کرنے والے پر لعنت فرمائی سو اسواسطے کہ بدعت دین مین
اس نئے کام کا نام ہے جسکی شرع مین کچھہ اصل نہو تو حقیقت مین بدعت اور
سنت اور شریعت مین ایسی نسبت ہے جیسے نور اور ظلمت مین تو جسنے بدعت
نکالنے والے یا بدعت پر چلنے والی کی تعظیم اور حمایت کی اسنے حقیقت مین
سنت اور شریعت کو مٹایا اس واسطے لعنت کا طوق اسکے گلے مین آیا اور

زمین

اور زمین کی نشانیان جیسے راہ کے منارے اور دیہات کے ڈانڈون پر
درخت اور ٹیلے یا باغون کی کہائی خندق یا کہروندکی دیوارین انکا مٹانا اور گرانا
موجب لعنت کا فرمایا اس واسطے کہ اسمین فتنہ اور فساد ہو کا کہ ایک کی زمین
دوسرے سے مل جاویگی اور راہ کا حساب نہ معلوم ہو کا ف لعنت کرنا دو
قسم است ہے لعنت ذاتی اور لعنت وصفی اہل سنت کی مذہب مین لعنت ذاتی یعنے
نام لیکر لعنت کرنا سوای اُس کافر کے جسکا کفر یقینی دلیل سے ثابت ہو درست
نہین جیسے شیطان اور فرعون اور ابوجہل کہ انکا کفر بلاشبہ ثابت ہے تو اُنکا
نام لیکر لعنت کرنا درست ہے لیکن ہر دم اُسکا وظیفہ سا کرنا کچھ کام کی بات نہین
اسواسطے کہ لعنت کی معنے خدا کی رحمت سی دور کرنا ہین اور سوائے کافر کے رحمت الٰہی
سے کوئی ہمیشہ دور نرہے کا کہ مسلمان فاسق کے حق مین لعنت سزا یا بدون
سزا بخشش کے امید ہے اور لعنت وصفی یعنی بغیر نام لئے فاسق پر لعنت درست ہے
جیسے کہ اس فصل کی حدیثون مین چور اور ماباپ کے گالی دینے والے پر لعنت
فرمائی اسی طرح ظالم اور کاذب وغیرہ پر بھی درست ہے

## فصل

اس فصل مین وہ حدیثین مین جنکے سرسری لوگی لفظ ہے

۱۱۱۸۵۰ ق وَاَبُوْ هُرَيْرَةَ كَوَامَنَ بِي عَشَرَةٌ مِنَ الْيَهُوْدِ وَيُرْوٰى لَوْبَا يَعَنِي عَشَرَةٌ مِنَ الْيَهُوْدِ لَمْ

یبقی علی ظھرھا یھودی الا اسلم بخاری اور مسلم مین ابو ہریرہ رضہ سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اگر دس یہودی میرا ایمان لاوین تو سب کے سب میرا
ایمان لاوین اور دوسری روایت یون ہے کہ اگر دس یہودی میری بیعت کرین
تو بے مسلمان ہوے کوئی یہودی زمین پر باقی نرہے ف یعنے اگر مدینے کے
یہودیون سے دس بڑے بڑے سردار حضرت کا ایمان لاتے تو سب لاتے
یعنے یہودی لوگ دین مین غور اور بوجھ نہین رکھتے اپنی قوم اور سردارون کے تابع
ہین انکا ہیڑیون کا ساخواص ہے کہ جدھر ایک جھنڈ چلا اسی طرف سب بھیڑین
چلتی ہین ق ابن عباس رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اگر مسلمان
سے کوئی جب اپنی جورو سے صحبت کا ارادہ کرے اور یہہ دعا پڑھے کہ بسم اللہ
اللھم جنبنا الشیطان وجنب الشیطان ما رزقتنا یعنے شروع اللہ کے
نام سے الٰہی بچائیو ہم کو شیطان سے اور بچا شیطان سے ہماری اولاد کو سو البتہ
اگر جورو خاوند کے درمیان اُس صحبت مین کوئی لڑکا قسمت مین ہو گا تو اسکو

ف ١١٩

شیطان

شیطان ہرگز ضرر نہ پہنچا سکے کاف معدوم ہوا کہ صحبت داری سے غرض اولاد کی
رکھے صرف آب ریزی اور شہوت رانی ہی منظور نہو اور سنت ہے کہ اس دعا کو
اس وقت پڑھ لیا کرے کہ اگر اولاد ہو تو بابرکت ہو خ اَبُوْھُرَیْرَۃَ لَوْ
اَنَّ الْاَنْصَارَ سَلَکُوْا وَادِیًا اَوْ شِعْبًا لَسَلَکْتُ وَادِیَ الْاَنْصَارِ
بخاری مین حضرت ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نبی فرمایا کہ اگر انصار چلنے پہاڑ کے
نیچے کی راہ یا اوپر کی تو مین انصار کی راہ پر چلتا ف دین مین امت پر نبی کی اطاعت
واجب ہے نبی پر اُمت کی اطاعت نہین تو اس حدیث مین اگر ظاہری راہ
مُراد ہے تو مطلب صاف ہے کہ دین کی بات نہین اور اگر راہ سے عقل کا
طریقہ مراد ہے تو مطلب یہہ ہے کہ دنیاوی کامون مین اور مہماتون مین حضرت کو
انصاریون کی خاطرداری منظور ہے یہہ حدیث انصار کی بزرگی کے پر صاف
دلیل ہے ف اَبُوْھُرَیْرَۃَ لَوْ اَنَّ رَجُلًا اِطَّلَعَ اِلَیْکَ بِغَیْرِ اِذْنٍ
فَخَذَفْتَہٗ بِحَصَاۃٍ فَفَقَأْتَ عَیْنَہٗ مَا کَانَ عَلَیْکَ جُنَاحٌ بخاری
اور مسلم مین ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نبی فرمایا کہ اگر کوئی مرد جھانکے
تیرے گھر مین بدون اجازت پہر تو اسکو کنکری سے مارے تو تیرے آنکھہ پھوڑنے
مین تجھہ پر گناہ نہو گا ف اس حدیث کا مطلب آگے ہو چکا ھ اَبُوْ اَیُّوْبَ

ح ۱۱۱۴

لَوْ اَنَّكُمْ لَمْ تَكُونُوا تُذْنِبُونَ يَغْفِرُ اللّٰهُ لَكُمْ لَجَاءَ اللّٰهُ بِقَوْمٍ لَهُمْ
ذُنُوبٌ يَغْفِرُ لَهُمْ مسلم میں ابو ایوب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ اگر تمہارے گناہ نہوتے جبکو خدا بخشتا تو البتہ خدا اس قوم کو
لاتا جنکے گناہ ہوتے پھر انکی مغفرت کرتا اس حدیث سے حضرت نے اپنے اصحاب کو
دلاسا دیا اسواسطے کہ اکثر اصحاب کو خوف الٰہی بہت غالب تہا بعضون نے کوشت کہانا
چہوڑ دیا تہا بعضون کا قصد تہا کہ دنیا چہوڑ پہاڑ پر بیٹھ رہین اور شب و روز عبادت
کرین بعضون کا یہہ ارادہ تہا کہ آلۂ تناسل کو کاٹ ڈالین تاکہ حرامکاری مین نہ کرفتار ہون یعنے جسے
صفت اسکی منتقم ہے کہ گناہ پر پکڑتا ہے اور سزا دیتا ہے ویسے اسکے
غفار یہی صفت ہے کہ گناہون کو معاف بہی کرتا ہے یعنے مسلمان گنہگار
جیسے اپنے گناہون سے ڈرے ویسے ہی اسکے رحم اور کرم پر بہی نظر رکہے
ناامید نہو جاوے کیون کہ ناامیدی کفر ہے اور اس حدیث کا وہ مطلب نہین
کہ خدا کو غفار جان کر گناہون پر کمر باندہے اور اسکی قہاری کو بالکل بہول جاوے
کہ یہہ صاف کفر ہے مِرْاٰۃُ حَبِیْبَۃَ بِنْتُ اَبِیْ سُفْیَانَ لَوْ اَنَّهَا لَمْ
تَكُنْ رَبِيْبَتِيْ فِيْ حَجْرِيْ مَا حَلَّتْ لِيْ اَنَّهَا ابْنَةُ اَخِيْ مِنَ الرَّضَاعَةِ
اَرْضَعَتْنِيْ وَاَبَاهَا ثُوَيْبَةُ فَلَا تَعْرِضْنَ عَلَيَّ بَنَاتِكُنَّ وَلَا اَخَوَاتِكُنَّ

یعنے

یعنی دُرّہ بنت ابی سلمۃ قال لھا لما عرضت علیہ اختھا عزۃ
بخاری اور مسلم مین ام حبیبہ ابی سفیان کی بیٹی سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
اگر درہ میری بی بی کے لڑکے میرے کود کے پالے نہوتے تو بھی میرے واسطے
حلال نہوتے مقرر درہ تو میرے دودہ شریکی بہائی کے بیٹی ہے مجھکو اور اسکے
باپ کو ابولہب کے لونڈی ثویبہ نی دودہ پلایا سوائے میرے بھائی یا اپنی لڑکیون اور اپنی
بہنون کے نکاح کرنے کو میرے سامنے نہ کہا کرو یہہ حضرت نی حضرت ام حبیبہ سے
کہا جب کہ اُنہون نی اپنی بہن عزہ کے نکاح کو حضرت سے کہا تہا ف حضرت ام
حبیبہ نی حضرت سی کہا کہ یا حضرت میری بہن سے جسکا عزہ نام ہے آپ نکاح
کیجئے حضرت نی فرمایا اسواسطے کہ جورو کی حیات مین سالی سے نکاح کرنا درست
نہین پہر حضرت ام حبیبہ نی کہا کہ یا حضرت مین نی سنا ہے کہ ابو سلمہ کی بیٹی جسکا
درہ نام ہے آپ نکاح کیا چاہتے ہین تب حضرت نی یہہ حدیث فرمائی یعنے
یہہ غلط بات ہے کہ اول تو درہ میری ربیبہ ہے یعنی ام سلمہ کی لڑکی ہے اور
دوسرے دودہ کے رشتے سے میری بہتیجی ہے نکاح کی کون صورت ہے م ۱۱۴۶

ابو برزۃ الاسلمی لواھل عمان اتیت ما سبوک ولا ضربوک
قال لرجل بعثہ الی حی من احیاء العرب فسبوہ وضربوہ مسلم مین

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اگر تو عمان کے لوگون پاس جاتا تو تجھکو نہ گالی دیتے نہ مارتے یہہ حضرت نی اُس مرد سے فرمایا کہ جسکو عرب کے کسی گروہ پاس بھیجا تہا سو اُن لوگون نی اسکو گالی دی اور مارا تہا

ف عمان شام کے ملک یا یمن کے ملک مین ایک شہر کا نام ہے وہانکے لوگونکی

ق ۱۱۱۶ خوش خلقی اور نرم دلی کا بیان کیا ف ابن عمر کو ترکہ بین یعنے امّ ابن صیاد بخاری اور مسلم مین عبداللہ بن عمر سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اگر ابن صیاد کی ماں اسکو چھوڑتی تو اپنا حال ظاہر کرتا ف ابن صیاد کا حال کئی بار ہو چکا کہ مدینے مین یہودی کا ایک لڑکا تہا جنون سے راہ رکہتا تہا آیندہ باتین کچھ بیان کرتا تہا سو ایک روز باغ مین کپڑا اوڑہے لیتا کچھہ غن غن کرتا تہا حضرت اُدھر سے نکلے درخت کی آڑ مین ہو کر چاہا کہ اُسکی آواز سنین اسکی ماں نے کہا اے ابن صیاد دیکھہ محمد آئے سو وہ چپ رہا تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنے اگر اُسکی ماں نہ روکتی تو کچھہ اُسکا حال معلوم ہوتا کہ کیا کہتا تہا معلوم ہوا کہ اہل حق کو اہل باطل کا حال مخفی ہو کر دریافت کرنا درست ہے تاکہ

ق ۱۱۱۸ اسکی بطلان سے لوگون کو خبردار کرین ق جابر لو ترکتہا ما زال قائما قالہ لامر مالک حین عصرت العکۃ التی کانت تہدی فیہا

للبقی

لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بخاری اور مسلم مین جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے
کہ حضرت نی فرمایا کہ اگر تو گھی کی مشک چھوڑتی تو ہمیشہ اسمین گھی بنا رہتا یہہ حضرت نے
ام مالک سے کہا جب کہ اُنسے اُس مشک سے گھی نچوڑ لیا جسمین سی حضرت کو بھیجا کرتی تھی
ف ام مالک مدنی مین ایک بی بی تھین اُن سے روایت ہے کہ میرے پاس ایک مشک
بھر گھی تھا مین اُسکا گھی ہمیشہ حضرت کو بھیجا کرتی تھی کبھی اُسکا گھی کم نہوتا تھا ایک
روز مین نے اُسکا گھی نچوڑا تو گھی بالکل چک گیا مین نی حال حضرت سے کہا تب حضرت نے
یہہ حدیث فرمائی یعنے تو اُسکو اگر نہ نچوڑتی تو کبھی گھی سے خالی نہوتی یہہ معجزہ
تھا حضرت کا ق اَبُوْهُرَيْرَةَ لَوْتَعْلَمُوْنَ مَا اَعْلَمُ لَبَكَيْتُمْ كَثِيْرًا وَلَضَحِكْتُمْ ق ۱۱۱۹
قَلِيْلًا بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
کہ اگر تم جانو جو مین جانتا ہون تو البتہ رویا کرو بہت اور ہنسو تھوڑا ف یعنے
موت کی سختیان اور قبر کے رنگ برنگ عذاب اور قیامت کی مصیبتین اور دوزخ کے
آفتین اگر تم جانو کمال یقین سے جیسا کہ مین جانتا ہون تو خواب و خور ہمول جاو
خوشی پر غم غالب ہو جاوے غفلت کا سبب جو چین سے رہتے ہو ق عَلَى لَوْ دَخَلْتُمُوْهَا
لَمْ تَزَالُوْا فِيْهَا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ يَعْنِى النَّارَ الَّتِىْ اَوْقَدَهَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ
جُدْعَانَ السَّهْمِىُّ اَمِيْرٌ مِنْ اُمَرَائِهٖ بخاری اور مسلم مین علی مرتضے رضی اللہ عنہ سے

روایت ہے کہ حضرت نبی فرمایا اگر تم اسمین گھستے تو قیامت تک اسی مین پڑے رہتے
یعنے اُس آگ مین جسکو عبداللہ بن حذافہ سہمی نے جلایا تہا جو ایک سردار تہا
حضرت کے سرداروں سے عبداللہ بن حذافہ کو ایک لشکر کا سردار بناکر کہین
جہاد کو بہیجا اور لشکر سے فرمایا کہ جو تمہارا سردار رہے اسکی اطاعت کیجیو
تو ایک روز عبداللہ اپنے لشکر سے غصہ مین آئے اور بہت سی آگ روشن کی
اور لشکر سے کہا کہ اس آگ مین گھس جاؤ اسواسطے کہ حضرت نبی میری اطاعت
تمپر واجب کردی ہے لشکر نے کہا کہ ہم نے حضرت کا کلمہ دوزخ کی آگ کے
خوف سے کہا ہے سو ہم آگ مین کیون کر گھسین جب یہہ قصہ حضرت نے سنا تب
یہہ حدیث فرمائی اس حدیث سے معلوم ہوا کہ سردار کی اطاعت اور ماں باپ کی اطاعت
اور اُستاد کی یا پیر کی اطاعت خلاف شرع کام مین ہرگز درست نہین پہانچہ
دوسری حدیث مین صاف آیا ہے کہ کسی مخلوق کی اطاعت خدا کے گناہ مین
درست نہین تا بعداری تو نیک کام مین چاہئے ع ۱۱۲۱

ع أَبُو هُرَيْرَةَ لَوْ دُعِيتُ إِلَى كُرَاعٍ لَأَجَبْتُ وَلَوْ أُهْدِيَ إِلَيَّ ذِرَاعٌ أَوْ كُرَاعٌ لَقَبِلْتُ

بخاری مین ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اگر مین دعوت مین بکری کے
پاچہ کی طرف بلایا جاؤن تو البتہ قبول کرون اور اگر کوئی ہدیہ بہیجے میری

طرف ایک دست یا پچہ تو البتہ قبول کرون ف یعنے دعوت اور تحفے مین تہورے
بہت اور اچھے بُرے کا خیال نچاہیے مسلمانکی خاطرداری ضرور ہے ۳۱ م ابو
ھریرۃ لو دنا منی لاختطفتہ الملئکۃ عضوا عضوا یعنی ابا
جہل مسلم مین ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ اگر ابوجہل
میرے پاس جاتا تو اسکے جوڑ جوڑ کو فرشتے اچک لے جاتے ف ابوجہل نے ایک
بار کافرون سے پوچہا کہ تمہارے ہوتے محمد صلی اللہ علیہ وسلم اپنا منہ خاک پر
ملتا ہے یعنی سجدہ کرتا ہے کافرون نی کہا کہ ہان ابوجہل نی کہا لات اور عزی کی
قسم کہ اگر مین اسکو اس حالت مین دیکہون تو اپنے پانون سے اسکی گردن
کچل ڈالون سو ایک روز حضرت نماز پڑہتے تہے کہ وہ ناپاک اسی قصد پر
چلا حضرت کے پاس گیا تو الٹے قدمون خوف کے مارے بہاگا لوگون نی کہا
تو کہون اس طرح بہاگا تو نے کہا کہ مجہکو اپنے اور محمد کے درمیان آگ سے
بہری ہوئی خندق نظر پڑی اور اسکے گرد نہایت اوراگ معلوم ہوئی تب حضرت نے
یہہ حدیث فرمائی یعنے اگر میرے قریب وہ مردود جاتا تو فرشتے اسکو ٹکڑے
ٹکڑے کر ڈالتے یہہ حدیث معجزہ ہے ۳۲ م ابو موسیٰ لو رأیتنی وانا
أستمع لقراءتک البارحۃ قال کہ مسلم مین ابو موسے رضی اللہ عنہ سے روایت ہے

کہ حضرت نے فرمایا کہ اگر تو مجھکو دیکھتا جسوقت کہ میں رات کو تیرا قرآن پڑھنا سنتا
تہا تو مجھکو پہلا معلوم ہوتا اور تو زیادہ خوش آوازی سے پڑھتا یہ حضرت نے
ابو موسے سے فرمایا ف ابو موسے نہایت خوش آواز تہے رات کو قرآن پڑھتے
تہے کہ حضرت اُدھر سے گذرے تو کہڑے ہو کر سننے لگے صبح کو یہہ حدیث ابو
موسے سے فرمائی ح ابن عباس لو سألتني هذه القطعة ما
أعطيتكها ولن تعدوا أمر الله فيك ولئن أدبرت ليعقرنك
الله وإني لأراك الذي أريت فيك ما أريت وهذا ثابت
يجيبك عني لمسيلمة وثابت بن قيس بن شمس بخاری میں عبد اللہ بن
عباس سے روایت ہے کہ حضرت نے مسیلمہ کذاب سے فرمایا کہ اگر تو مجھسے اس کہجور کی
چھڑی کا ٹکڑا مانگے گا تو اتنا ہی تجھکو نہ دونگا اور خدا کے قصد کو جو تیرے
حق میں ٹہن چکا ہے تو اسکو ہرگز نہٹا سکے گا لیکن میں تجھکو ہلاک کرونگا اور دونوں میں فیصلہ کرے گا اگر تو
تو اسلام سے پہرا تو البتہ خدا تیرے کونچے کاٹے گا اور میں تجھکو وہی
جانتا ہوں جو مجھکو خواب میں دکہلایا گیا جو کہ دکہلایا گیا اور یہہ ثابت تجھکو میری
طرف سے جواب دیگا مراد ثابت سے وہ ثابت ہے جو قیس شماس کا بیٹا ہے
ف عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ مسیلمہ کذاب حضرت کی

ح ۱۱۳۳

حیات مین ملک یمامہ سے بہتا اپنی قوم کا ہجوم لیکر مدینے مین آیا اور حضرت کو
پیغام دیا کہ اگر محمد صلی اللہ علیہ وسلم اپنی موت کے بعد پیغمبری کا عہدہ مجھکو دین تو آدھا
ملک کا مالک بنون تو مین اسلام قبول کرون اور تابعدار ہون تو حضرت
اُسکے پاس تشریف لی گئے حضرت کی آنکھ مین کھجور کی چھڑی تھی اُسکے سر کے اوپر
کھڑے ہوکر یہہ حدیث فرمائی یعنے خواب مین تیرا حال مین دیکھہ چکا ہون کہ تو پیغمبری کا
دعوی کریگا تو خدا تجھکو خوار ہی کریگا اور مسیلمہ کذاب نے قرآن کے مقابلے
مین کچھہ خرافات اور واہیات کی تک بندی کی تھی سو فرمایا کہ وہ خرافات میرے
سُننے کے لایق نہین اُسکی جوابدہی کو میری طرف سے ثابت بن قیس کفایت کرتا
ہے ثابت بن قیس انصاری تھے بڑے گویا حضرت کے خطیب چنانچہ ثابت نے اُسکے
خرافات کو ایسا چھانٹ ڈالا کچھہ ثابت نہ رکھا بعد اُسکے مسیلمہ کذاب اپنے ملک کو
پلٹ گیا اور وہان حضرت کے پیغمبری مین شرکت کا دعوی کیا حضرت کو خط لکھا
کہ ہم نبوت مین تمہارے شریک ہوئے سب ملک کی زمین آدھی تمہاری آدھی ہماری
حضرت نے جواب لکھا کہ زمین تو حقیقت مین خدا کی ہے اپنے بندون سے
جسکو چاہے اُسکو دے اور آخرت تو خاص پرہیزگارون کے لئے ہے بعد حضرت کے
انتقال کے مسیلمہ کذاب نے شرکت کا دعوی چھوڑکے کل نبوت کا دعوی شروع کیا

ہزارون لوگ اُسکے تابعدار ہوگئے تھے صدیق اکبر نے اپنی خلافت مین خوب
فوج کشی کرکے اُسکو مارا اور اُسکے لوگون کو مٹایا اگر صدیق اکبر اُسکو نہ مارتے
تو اب تک اُسکے لوگ اُسی کا کلمہ پڑھتے جاتے بڑا دین مین فساد پڑتا جیسے
شیعہ سُنی مین بحث رہتی ہے اُسکے مذہب والون سے بھی رہتی اِسی مقام سے
اگر آدمی غور کرے تو صدیق اکبر کی فضیلت کو سمجھ جاوے کہ دین مین ایسے
ایسے عمدہ کام اُنسے ہوئے ح ابن عباس لَوْ فَعَلَهُ لَاَخَذَتْهُ ۱۱۳۴ ح
الْمَلَائِكَةُ يَعْنِي اَبَا جَهْلٍ قَالَ اِنْ رَاَيْتُ مُحَمَّدًا يُصَلِّي عِنْدَ
الْكَعْبَةِ لَاَطَأَنَّ عَلَى رَقَبَتِهٖ بخاری مین عبداللہ بن عباس سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ اگر وہ بے ادبی کرتا تو اُسکو فرشتے پکڑ لیتے یعنے ابوجہل کو جب کہ
اُسنے کہا تھا کہ اگر مین نے محمد کو کعبے پاس نماز پڑھتے دیکھا تو اُسکی گردن
کچل ڈالون کاف اِسکا قصہ تیسری حدیث مین مفصل ہوچکا ق جابر لَوْ ۱۱۳۵ ق
قَدْ جَاءَ مَالُ الْبَحْرَيْنِ قَدْ اَعْطَيْتُكَ هٰكَذَا وَهٰكَذَا وَهٰكَذَا
بخاری اور مسلم مین جابر رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اگر بحرین کا
مال آوے گا تو مین تجھکو دونگا اِس طرح اور اِس طرح اور اِس طرح یعنی اُنجلی
بھر بھر کے تین بار دونگا یہہ حضرت نے جابر سے کہا تھا جابر سے روایت ہے

کہ مجھسے

کہ مجھسے حضرت نی یہہ وعدہ کیا تہا حضرت کی زندگی مین بحرین کے ملک سے مال نہ آیا
جب حضرت کا انتقال ہوا اور صدیق اکبر خلیفہ ہوئے تو اُس ملک سی مال آیا
صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نی کہا کہ جسکا حضرت پر کچہہ قرض ہو یا جس سے حضرت نی کچہہ
دینے کا وعدہ کیا ہو وہ ظاہر کرے تب مین نے یہہ حدیث بیان کی صدیق اکبر نی
مجھسے کہا کہ اپنا انجلا بہرا ور گن مین نے اُن دونون سے اپنے دونو ہاتہہ بہر گنا تو پانچ سو درم
تہے صدیق اکبر نی کہا کہ ہزار درم اور گن لے اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جو مالک
وعدہ کرے تو اسکا نائب اُس وعدے کو پورا کرے ۱۱۳۶ م ابو ہریرہ لو
قُلْتُ نَعَمْ لَوَجَبَتْ وَلَمَا اسْتَطَعْتُمْ قَالَهٗ حِيْنَ قِيْلَ اَكُلَّ عَامٍ
یعنی وجوب الحج مسلم مین ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ اگر مین ہان کہتا تو تمپر ہر سال حج واجب ہو جاتا اور ہرگز تم سے
نہو سکتا یہہ حضرت نے فرمایا جب لوگون نے کہا تہا کہ کیا ہر سال حج فرض ہے
ف حضرت نی حجۃ الوداع مین فرمایا کہ اے لوگو خدا نی تمپر حج فرض کیا سو تم
حج کرو اقرع بن حابس نے پوچہا کہ یا حضرت کیا ہر سال حج فرض ہے تین بار
پوچہا حضرت نی شفقت کے سبب سے جواب نہ دیا بعد اُسکے یہہ حدیث فرمائی یعنے
بی تامل و بیفائدہ سوال نہ کیا کرو اگر ہر سال فرض ہوتا تو حضرت خود صاف

ق ۱۱۳۷ بیان

بیان فرماتے تھے عمران بن حصین لو قلتها و انت تملك امرك
افلحت كل الفلاح قاله لابیر من بنی عقیل اصابوا معها
العضباء فاوثقوه فقال انی مسلم بخاری اور مسلم مین عمران بن حصین سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اگر تو اسکو کہتا یعنی اسلام ظاہر کرتا اُس حالت
مین کہ تو اپنا اختیار رکھتا تھا تو نہایت چھٹکارا پاتا یہہ حضرت نے قوم بنی عقیل کے
قیدی کو فرمایا جسکے پاس اصحاب نے وہ اونٹنی پائی جسکا نام عضبا تھا پھر اصحاب نے
اسکو باندھا تو اُسنے کہا کہ مین تو مسلمان ہون ف مصابیح مین عمران بن حصین سے
روایت ہے کہ قوم ثقیف قوم بنی عقیل سے ہم قسم تھے سو ثقیف کی قوم نے حضرت کے
دو اصحاب پکڑ رکھے حضرت کے اصحاب بنی عقیل کے ایک شخص کو پکڑ لائے اُس
شخص نے حضرت سے کہا کہ مجکو کیون پکڑا ہے حضرت نے فرمایا کہ تو اپنے ہمقسم لوگون کے
بدلے گرفتار ہوا ہے جب حضرت وہان سے ہٹے تو اُسنے کہا ای محمد مین تو مسلمان
ہون تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنی اگر حالت اختیار مین قبل قید ہونے کے
تو اسلام ظاہر کرتا تو تیرے حق مین بہت بھلا ہوتا اب چھوٹ نہین سکتا
پھر حضرت نے اسکو بدلا دیکر اپنے دونو اصحاب قوم ثقیف کے قید سے چھڑائے
خ ابو ہریرۃ لو کان الایمان معلقا بالثریا لنالہ ابناء فارس

فضیلت ایمان
کہ اسکے سامنے کچھ چیز نہین
ایمان کے درجہ تک پہنچنے کے لئے
ایمان کی ضرورت ہے

ویروی

وَيُرْوَى لَوْ كَانَ الْإِيمَانُ عِنْدَ الثُّرَيَّا لَنَالَهُ رِجَالٌ أَوْ رَجُلٌ
مِنْ هَؤُلَاءِ بخاری مین ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اگر ایمان پروین پر
لٹکا ہوتا تو بھی فارسیونکی اولاد اسکو پاتی اور دوسری روایت یون ہے
کہ اگر ایمان پروین پاس ہوتا تو بھی ان فارسیون سے ایک مرد یا بہت مرد پاجاتے
ف مصابیح مین ابوہریرہ سے روایت ہے کہ ہم حضرت پاس بیٹھے تھے کہ سورۂ
جمعہ کی یہہ آیت اُتری وَآخَرِينَ مِنْهُمْ لَمَّا يَلْحَقُوا بِهِمْ یعنے پاک ہے
وہ خدا جسنے پیغمبر بھیجا عرب کی طرف اور اور ونکی طرف جو ابھی عرب کو نہین ملے
ایک مرد نے تین بار پوچھا کہ وہ لوگ کون ہین جو عرب کے سوا ہین تو حضرت نے
سلمان فارسی پر ہاتھ رکھا اور یہہ حدیث فرمائی ثُرَیَّا اور پروین اُن چند
ستارون کا نام ہے جو نہایت متصل ہین جیسے کہکشان سو فرمایا کہ اگر ایمان
نہایت دور ہوتا جہان نظر نہین کام کرتی ہے تو بھی فارسیون کو نصیب ہوتا
اس حدیث مین فارسیونکی باریک بینی اور استعداد ایمانی بیان فرمائی سو
حقیقت مین ملک فارس مین بڑے بڑے کمال والے ظاہر باطن کے عالم پیدا ہوئے
جیسے امام اعظم اور انکے شاگرد اور عمدہ محدث جیسے امام بخاری اور مسلم
پیدا ہوئے علمای دین نے فرمایا ہے کہ اگر امام اعظم نہوتے تو دین کا بھید

لوگون کو سمجھنا مشکل ہوتا عبداللہ ستری نی کہا اگر بنی اسرائیل مین ابوحنیفہ کے
برابر کوئی عالم ہوتا تو وہ لوگ گمراہ نہوتے **ح** جُبَیْرُ بْنُ مُطْعِمٍ لَوْ کَانَ الْمُطْعِمُ ۱۳۷
بْنُ عَدِیٍّ حَیًّا ثُمَّ کَلَّمَنِیْ فِیْ هٰؤُلَاءِ النَّتْنٰی لَتَرَکْتُهُمْ یَعْنِیْ اُسَارٰی
بدر بخاری مین جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اگر مطعم بن
عدی زندہ ہوتا اور ان ناپاک گندون کے حق مین سفارش کرتا تو مین انکو چھوڑ دیتا
یہہ حضرت نی جنگ بدر کے قیدیون کی طرف اشارہ کیا **ف** مطعم بن
عدی کے مین ایک کافر تہا حضرت پر اُسنے احسان کیا تہا سو فرمایا کہ اگر وہ
زندہ ہوتا اور ان قیدیون کی سفارش کرتا تو مین انکو چھوڑ دیتا معلوم ہوا کہ
کافر کے احسان کے بدلے بہی احسان کرنا چاہیے **م** اُسَامَةُ بْنُ زَیْدٍ ۱۳۸
لَوْ کَانَ ذٰلِکَ ضَارًّا ضَرَّ فَارِسَ وَالرُّوْمَ یَعْنِیْ الْعَزْلَ عَنِ الْمَرْاَةِ
مسلم مین اسامہ بن زید سی روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ اگر یہہ ضرر کرتا تو فارسیون
اور رومیون کو بہی ضرر کرتا یعنی دودہ پلانے والی عورت سے صحبت کرنا **ف** ایک
شخص نے کہا کہ مین اپنی عورت سے صحبت کرکے باہر انزال کرتا ہون حضرت نے
فرمایا تو کسواسطے یہہ کرتا ہے اُسنے کہا کہ میری عورت لڑکے کو دودہ پلاتی
ہے مین ڈرتا ہون کہ لڑکے کو حمل رہنے سے کچھ ضرر نہووے تب حضرت نے

یہہ حدیث فرمائی یعنی اگر اسمین کچھہ ضرر ہوتا تو فارسیون اور رومیونکی اولاد کو
ضرر کرتا حالانکہ وہ لوگ دودہ پلانے والی عورتون سے صحبت کرتے ہین
اور حمل بھی رہتا ہے اور کچھہ انکی اولاد کو ضرر نہین ہوتا معلوم ہوا کہ امور
دنیاوی مین تجربہ حجت ہے ق اَنَسٌ لَوْ کَانَ لِابْنِ اٰدَمَ وَادِیَانِ مِنْ ق ۱۱۸۱
مَالٍ لَابْتَغٰی اِلَیْھِمَا ثَالِثًا وَلَا یَمْلَأُ جَوْفَ بْنِ اٰدَمَ اِلَّا
التُّرَابُ وَیَتُوْبُ اللّٰہُ عَلٰی مَنْ تَابَ بخاری اور مسلم مین انس رضہ سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اگر آدمی پاس دو جنگل بھر مال ہوتا تو اُنکے ساتھہ اور
تیسرے جنگل کو بھی تلاش کرتا اور آدمی کا پیٹ سوای خاک کے نہین بھرتا
اور خدا اُسی پر رحمت سے متوجہ ہوتا ہے جو حرص اور لالچ سے توبہ کرتا ہے ف یعنے
آدمی کی حرص اگرچہ بہت مالدار ہونے مین کسی طرح نہین بجھتی اور زیادہ
طلبی کبھی کم نہین ہوتی اسکا پیٹ قبر کی خاک بغیر کوئی چیز بھر نہین سکتی پھر
کم حرصی اور قناعت کی تعریف فرمائی شعر تنگ چشم مرد دنیادار را یا
قناعت پر کند یا خاک گور بعضی روایت مین آیا ہے کہ یہہ حدیث قرآن کی آیت
بھی آخر کو منسوخ ہو گئی خ اَبُوْھُرَیْرَۃَ لَوْ کَانَ لِیْ مِثْلُ اُحُدٍ ذَھَبًا خ ۱۱۸۲
لَسَرَّنِیْ اَنْ لَا یَمُرَّ عَلَیَّ ثَلٰثُ لَیَالٍ وَعِنْدِیْ مِنْہُ شَیْءٌ اِلَّا شَیْءٌ

اُحُدٌ لِذَیْنٍ بخاری مین ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اگر میرے پاس اُحد کے پہاڑ برابر سونا ہوتا تو مجھکو یہی پہلا معلوم ہوتا کہ میرے پاس تین رات نہ گذرتین اور کچھ اُسمین سے میری پاس باقی رہتا مگر اُس قدر جو قرض ادا کرنی کے واسطے رکھون ف اِس حدیث مین سخاوت اور ترک دنیا کی فضیلت ہے اور ہشارہ ہے کہ قرض ادا کرنیکی فکر اور کوشش واجب ہے م جابرؓ لَوْ لَمْ تَکِلْ لَاَکَلْتُمْ مِنْهُ وَلَقَامَ لَکُمْ لِرَجُلٍ جَاءَهُ لِیَسْتَطْعِمَهُ فَاَطْعَمَهُ شَطْرَ وَسْقِ شَعِیْرٍ فَمَا زَالَ الرَّجُلُ یَاْکُلُ مِنْهُ وَامْرَاَتُهُ وَضَیْفُهُمَا حَتّٰی کَالَهُ مسلم مین جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اگر تو اناج کو ناپنے سے نہ ناپتا تو تمہارا تمام گھر کھاتا اور اناج بنا رہتا یہہ حضرت نے اُس مرد سے کہا جو حضرت سے اناج مانگنا آیا تہا سو اُسکو حضرت نے تیس صاع یعنی قریب دو من کے جو دئے سو اُسمین دو مرد اور اُسکی جورو اور اُنکے مہمان ہمیشہ مدت تک کہاتے رہے یہان تک کہ اُسنے اناج کو ناپا تو چک گیا ف اِس حدیث سے معلوم ہوا کہ اناج کو تولنے ناپنے سے برکت کم ہو جاتی ہے اور اول باب مین اِس مضمون کی حدیث ہے کہ اناج کے تولنے ناپنے مین برکت ہے تو مطلب یہہ ہے کہ مول لیتے اور بیچنے کے وقت تو تولنا ضرور ہے تاکہ کمی زیادتی نہو اور اپنے

م" امر وزن کیلئے وقت بیع وشرا وعدم وزن وقت انفاق

گہر کے

گھر کے خرچ اور خیرات کے واسطے تولنا چاہئے کہ اسمین بے برکتی ہے اسواسطے
کہ تول تول خرچ کرنے والے کی نظر خدا پر نہین رہتی اناج پر رہتی ہے ھٰذا ابن
عباس لو یعطی الناس بدعواھم لادعی ناس دماء رجال و
اموالھم ولکن الیمین علی المدعا علیہ مسلم مین عبداللہ بن عباس رضہ سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اگر بدون گواہ صرف دعوی پر لوگون کو دلایا جاے تو مقدور
بعضے لوگ مردون کی خونون اور مالون کا ناحق دعوی کرین ولیکن مدعا علیہ پر تو
قسم ف یعنے اگر شرع مین مدعی سے گواہ طلب نہوتے تو صرف دعوی
کرنے پر مقدمہ فیصل ہوتا تو بہت بی دین لوگ لوگون کے ناحق خون گراڈالتے
اور مال ہضم کرتے اسیواسطے شرع مین یہہ قاعدہ مقرر ہوا کہ جب مدعی دعوی کرے
اور معتبر گواہ لاوے تو جیتے اور اگر اسکے گواہ نہون تو مدعی علیہ قسم کہاوے
کہ مدعی جھوٹا ہے تو مدعی ہارے اور اگر گواہ نہون اور مدعا علیہ قسم انکار کرے
تو مدعا علیہ ہارے مدعی جیتے چنانچہ یہہ تفصیل اور احادیث مین موجود ہے

ف ابوھریرۃ لو یعلم الکافر بکل الذی عند اللہ من الرحمۃ
لم ییاس من الجنۃ ولو یعلم المؤمن بکل الذی عند اللہ
من العذاب لم یامن من النار بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ سے روایت ہے

کہ حضرت نے فرمایا کہ اگر کافر خدا کی سبکی سب رحمت کو جانے تو باوجود کفر کے
بہشت سے ہرگز ناامید نہو اور اگر ایماندار خدا کے سب عذاب کو جانے تو دوزخ سے بے
خطر نہو ۔ شعر اگر دردہد یک صلای کرم ۔ عزازیل کوید نصیبی برم ۔ دران
دم کہ از فضل پرسند وقول اولوالعزم را تن بلرزد زہول رحمت اور عذاب
خدا کی دو صفتین ہین اور خدا کی صفت کی انتہا نہین جیسے اُسکی ذات کا مل ہے
ویسے اُسکی صفت ق ابوجہیم عبداللہ بن الحارث کو یعلم ۱۱۴۷ ق
المار بین یدی المصلی ماذا علیہ لکان ان یقف اربعین خیرا
لہ من ان یمر بین یدیہ ۔ بخاری اور مسلم مین ابوجہیم سے روایت ہے جنکا نام عبداللہ
بن حارث ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اگر نماز کے آگے چلنے والا جانتا کہ اُسپر کتنا عذاب
ہوگا تو مقرر اُسکو وہان کا کھڑا ہونا نہنا چالیس برس یا چالیس مہینے یا چالیس گھڑی
اُسکے آگے چلنے سے بہتر معلوم ہوتا ف اس حدیث مین راوی نی صاف روایت
نہین کی کہ چالیس برس حضرت نے فرمائے یا چالیس مہینے یا چالیس دن یا گھڑی لیکن
امام طحاوی نی جو بڑے محدث ہین کہا ہے کہ چالیس برس مراد ہین مہینے یا دن
مراد نہین واللہ اعلم نماز کے آگے چلنا اسوقت بھی گناہ ہے جب اُسکے آگے کچھ
آڑ نہو اور اگر آڑ ہو تو درست ہے گناہ نہین ق ابوہریرۃ لو یعلم المومن ۱۱۴۸ ق

ماعند

مَا عِنْدَ اللّٰهِ مِنَ الْعُقُوْبَةِ مَا طَمِعَ بِجَنَّتِهٖ اَحَدٌ وَلَوْ يَعْلَمُ الْكَافِرُ
مَا عِنْدَ اللّٰهِ مِنَ الرَّحْمَةِ مَا قَنَطَ مِنْ جَنَّتِهٖ اَحَدٌ بخاری اور مسلم مین ابو ہریرہ
رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اگر ایمان دار جانتا کہ خدا کے پاس عذاب
ہے تو اسکے بہشت کی کوئی طمع نہ کرتا اور اگر کافر جانتا جتنی کہ خدا کے رحمت ہے
تو اسکے بہشت سے کوئی ناامید نہ ہوتا ق اَبُوْهُرَيْرَةَ لَوْ يَعْلَمُ النَّاسُ مَا فِي ق
النِّدَاءِ وَالصَّفِّ الْاَوَّلِ ثُمَّ لَمْ يَجِدُوْا اِلَّا اَنْ يَسْتَهِمُوْا عَلَيْهِ لَا
سْتَهَمُوْا وَلَوْ يَعْلَمُوْنَ مَا فِي التَّهْجِيْرِ لَاسْتَبَقُوْا عَلَيْهِ وَلَوْ يَعْلَمُوْنَ
مَا فِي الْعَتَمَةِ وَالصُّبْحِ لَاَتَوْهُمَا وَلَوْ حَبْوًا بخاری اور مسلم بن ابو
ہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اگر لوگ جانین جتنا ثواب کہ اذان دینے اور
جماعت کے اول صف مین ہے پھر جھگڑے فیصل ہونے کا کوئی طریق پاوین سوائے قرعہ
ڈالنے کے تو البتہ قرعہ ہی ڈالین اور اگر جانین کہ کیا ثواب ہے ظہر کے اول وقت
نماز پڑھنے مین تو جماعت کے واسطے مسجد مین حاضر ہونی کی نہایت جلدی کرین
اور اگر جانین کہ کتنا ثواب ہے عشا اور فجر کی جماعت کا تو آوین گھسٹتے ف
یعنے اذان اور اول صف کا ثواب معلوم ہو جاوے تو لوگون مین جھگڑا پڑے
ہر ایک شخص یہی چاہے کہ مین ہی اذان دون اور مین ہی اول صف مین داخل

پھر بھی ہا ہین کہ یہہ جھگڑا بدون قرعہ کی نہ فیصل ہوگا تو ضرور قرعہ ڈالین جسکا
نام نکلے وہ اذان کہے اور صف مین داخل ہوا اور اگر جماعت فجر اور عشا کا
ثواب معلوم ہوا اور مسجد مین بسبب ضعف اور ناتوانی کے پانون سے نہ اسکین
تو لڑکون کی طرح گھسٹتے ہوئے آوین حدیث مین اذان اور صف اول اور ظہر کے اول
وقت اور حضور جماعت فجر اور عشا کی فضیلت کا بیان ہے لیکن دوسری حدیث
مین آیا ہے کہ گرمی مین ظہر کی نماز ٹھنڈے وقت مستحب ہے تاکہ لوگون کو تکلیف
نہو اور جماعت پوری ہو خ اِبْنُ عُمَرَ لَوْ یَعْلَمُ النَّاسُ مَا فِی اَلْوَحْدَۃِ خ
مَا سَارَ رَاکِبٌ وَحْدَہٗ بِلَیْلٍ اَبَدًا بخاری مین عبداللہ بن عمر سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ اگر لوگ جانین جو کہ تنہائی مین ضرر ہے تو رات کو کوئی سوار
تنہا کبھی نہ چلے ف معلوم ہوا کہ رات کو تنہا سفر کرنا درست نہین اسواسطے
کہ اسمین دینی دنیاوی دونون نقصان ہین دینی نقصان تو یہہ کہ نماز جماعت سے
محروم رہے اور دنیاوی یہہ کہ تنہائی مین رات کو وحشت اور وہم اور ضرر راہ زن
اور شیر وغیرہ کا اکثر ہوتا ہے اور جب رات مین سوار کو سفر کرنا منع ہوا تو پیادے کو
زیادہ تر نادرست ہے مثل مشہور ہے کہ الرفیق ثم الطریق

## فصل

اس فصل مین وہ حدیثین ہین جنکے سر پر لا کی لفظ آتے ہے

خ

ق ابن عباس لولا ان اشق علی امتی لامرتهم ان یصلوها ق ۱۵۵
کذلک یعنی صلوة العشاء فی اخیر اخرها بخاری اور مسلم مین عبد اللہ
بن عباس سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اگر مین اپنی امت پر مشکل اور کٹھن نجانتا تو
مین انکو واجب کرکے حکم کرتا کہ عشا کی نماز اسی طرح پڑہا کرین ایکبار حضرت نے
زیادہ رات گئے عشا کی نماز پڑہی تب یہہ حدیث فرمائی معلوم ہوا کہ عشا کی نماز مین
تاخیر مستحب ہے یعنے تہائی رات سے آدہی رات تک بعد آدہی رات کے مکروہ وقت ہے ہے ۱۱۴
ابو ہریرة لولا ان اشق علی امتی لامرتهم بالسواك مسلم مین ابو ہریرہ سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اگر مین اپنی امت پر مشکل نجانتا تو مین انکو واجب کرکے
مسواک کا حکم کرتا یعنے پنجگانہ نماز مین ف مسواک کرنا سنت ہے بالاتفاق خصوصاً
نماز کے وقت اور امام شافعی کے نزدیک فجر اور ظہر کو زیادہ تاکید ہے مسواک سے بو
دفع ہوتی ہے وضو اور قرأت قرآن اور نیند اور سکوت اور بہو کہنے کے وقت
زیادہ تر مستحب ہے مسواک کڑوی لکڑی کی چاہیے پیلو کی مسواک سب سے بہتر ہوتی ہے
انکلی برابر موٹی اور بالشت برابر لمبی خ آنس لولا الهجرة لكنت امرءا خ ۱۲۵۲
من الانصار بخاری مین انس رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اگر ہجرت نہوتی تو
انصاریون مین سے مین ایک مرد ہوتا ف یعنے انصاری اصحاب مجکو ایسے پسند خاطر

ہین کہ اگر ہجرت کی صفت مجھہ مین موجود نہوتی تو مین اپنی ذات کو انصار لون
مین شمار کرتا ۵ ۳ ۱۱ ۵ اَنَسٌ لَوْلَا اَنْ لَا تَدَافَنُوْا لَدَعَوْتُ اللّٰہَ اَنْ یُسْمِعَکُمْ
مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ مسلم مین انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا اگر مجکو اسکا
خوف نہوتا کہ تم عذاب قبر سن کر مردون کا دفن کرنا چھوڑ دوگے تو خدا سے دعا
کرتا کہ تمکو عذاب قبر کا سنا دیتا ف یعنے اگر تم عذاب قبر کا سنو تو اتنے بدحواس
ہو جاؤ کہ دفن کرنا اپنے مردون کا بھول جاؤ معلوم ہوا کہ مردہ قبر مین عذاب کے
وقت چلاتا ہے پر آدمی اور جن اسوقت نہین سنتے کہ انکی زندگی نہ دشوار ہو جاوے
۵ ۳ ۱۱ ۵ اِبْنُ عَبَّاسٍ لَوْلَا اِنَّا مُحْرِمُوْنَ لَقَبِلْنَا مِنْکَ قَالَ لِلصَّعْبِ بْنِ جَثَّامَۃَ
لَمَّا اَھْدٰی اِلَیْہِ حِمَارَ وَحْشٍ مسلم مین عبداللہ بن عباس سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ اگر ہم احرام باندھے نہوتے تو ہم تجھسے قبول کرتے یہہ حضرت نے صعب
بن جثامہ سے فرمایا جب کہ اسنے گورخر کو شکار کرکے حضرت کو تحفہ دیا تھا ف
یعنے محرم کو زندہ شکار لینا درست نہین اسواسطے ہم قبول نہین کرتے معلوم
ہوا کہ عذر دینی سے دعوت کا قبول نہ کرنا اور تحفہ پھیر دینا درست ہے ق اَنَسٌ
لَوْلَا اَنِّیْ مَعِیَ الْھَدْیُ لَاَھْلَلْتُ بخاری اور مسلم مین انس رضی سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ اگر میرے ساتھہ قربانی نہوتی تو البتہ مین عمرہ کرکے حج کا

احرام اُتار ڈالتے کفار کے نزدیک حج کے موسم مین عمرہ کرنا نہایت
بد تھا تو اس رسم بد کے دور کرنیکے واسطے جب حضرت حجۃ الوداع مین بہ نیت
حج کے مین داخل ہوئے تو صحابہ سے فرمایا کہ جسکے ساتھ قربانی نہو وہ عمرہ
کرکے احرام اتار ڈالے پھر حج کے وقت حج کا احرام کرے اور خود حضرت نے احرام
نہ اُتارا تب بعضے اصحاب کو احرام اتارتے ہین حضرت کو احرام باندھے دیکھکر
تامل ہوا تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنے مین قربانی کے سبب سے نا چار ہو گیا
ہون تو مین بھی احرام اُتار ڈالتا ح ۱۱۵۶ لَوْلَا اَنِّیْ اَخَافُ اَنْ تَکُوْنَ مِنَ
الصَّدَقَۃِ لَاَکَلْتُھَا بخاری اور مسلم مین انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ اگر مجکو اسکا خوف نہوتا کہ شاید یہہ کھجور زکوٰۃ کی ہو تو مین اُسکو کھا
جاتا تب حضرت نے ایک کھجور راہ مین پڑی دیکھی تب یہہ حدیث فرمائی معلوم
ہوا کہ حقیر چیز اگر راہ مین پڑی پاوے جسکے گر جانے سے مالک کو کچھہ غم
نہو تو اسکا لینا اور کھانا درست ہے ق ۱۱۵۷ اَبُوْھُرَیْرَۃَ لَوْلَا اَنْ یَشُقَّ عَلَی
الْمُسْلِمِیْنَ مَا تَخَلَّفْتُ عَنْ سَرِیَّۃٍ وَلٰکِنْ لَا اَجِدُ حَمُوْلَۃً وَلَا اَجِدُ
مَا اَحْمِلُھُمْ عَلَیْہِ وَیَشُقُّ عَلَیَّ اَنْ یَتَخَلَّفُوْا عَنِّیْ بخاری اور مسلم مین
ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اگر مسلمانون پر رنج نہوتا تو مین

کسی لشکر کا ساتھ چھوڑتا ولیکن مین بار برداری اور سواری نہین پاتا اور میرے پاس وہ چیز نہین جسپر سب اصحاب کو سوار کرون اور مجھپر رنج ہوتا ہے کہ مسلمان مجھسے چھوٹ رہین ف سریہ اس لشکر کو کہتے ہین جو نو سپاہیون سے زیادہ ہون اور حضرت انکے ساتھ تشریف لیگئے یعنے حضرت کی کمال دلی خواہش تہی کہ ہر یک لڑائی مین شریک ہون لیکن ابتدای اسلام مین بی سبابی اور قلت سواری سے سب اصحاب ساتھ نجا سکتے تہے اس سبب سے حضرت بہی رک جاتے تہے اور حضرت کو بدون اصحاب کے جانا اسوا سطے پسند نہ آتا تہا کہ نجانے والے جہاد کے ثواب سے محروم رہینگے اس حدیث مین جہاد کی فضیلت اور رفیقونکی رعایت رکہنے کا بیان ہے ف ابو ہریرۃ لولا بنو اسرائیل لم یخنز اللحم ولولا حواء لم تخن انثی زوجہا بخاری اور مسلم مین ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اگر بنی اسرائیل کی قوم نہوتی تو گوشت نہ سڑتا اور اگر حوا نہوتی تو کوئی عورت اپنے خاوند سے خیانت اور بدخواہی نکرتی ف حضرت موسی کے ساتھ بنی اسرائیل کو من اور سلوی اترتا تہا اور حکم خدا یہہ تہا کہ باسی نہ رکہا کرو ہر روز تمکو تازی شیرینی اور تازہ چڑیون کا گوشت ملا کریگا بنی اسرائیل نے حرص کی سبب سے گوشت کو باسی اٹہا رکہا کہ اگر کل نہ ملے تو کام

ف ۱۱۵

آوے گا سو وہ سڑ گیا یعنے گوشت سڑتا ہے رکھہ چھوٹنے سے اور اول باسی
رکھنی کی رسم بنی اسرائیل سے نکلی اگر بنی اسرائیل یہہ رسم نہ نکالتے تو کوئی باسے
نہ کہتا تو کہون کر گوشت سڑتا اور حضرت حوا نے حضرت آدم سے یہہ خیانت کی
کہ حضرت آدم کو دل سے چاہتی ہین اور ظاہر مین حضرت آدم سے کہتی ہین کہ مین تمکو
نہین چاہتی یا کہ یون خیانت کی کہ حضرت آدم کو شیطان کے ورغلانے سے
حضرت حوا ہی نے گیہون کہلایا یعنی عورتون مین خیانت کی خو اول حضرت حوا سے
شروع ہوئی ۱۱۳ مہ ابن عمر لو لم تذنبوا لجاء الله بقوم تذنبون
فیغفر لهم ویدخلهم الجنة مسلم مین عبد اللہ بن عمر سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ اگر تم گناہ نہ کرتے تو خدا اور قوم کو لاتا کہ وہ گناہ کرتے پہر
انکو خدا بخشتا اور انکو بہشت مین لیجاتا اس حدیث کا مضمون دو بار ہو چکا
مطلب یہہ کہ اسمین دلاسا ہے اہل خوف اور گنہگاران تائب کو اور اشارہ ہے
کہ گناہ حکمت الہی کے مخالف نہین تاکہ اسکی رحمت اور غفاریکی صفت ظاہر ہو
اور یہہ مطلب نہین کہ آدمی اپنے گناہون سے بالکل نڈر ہو جاوے کیونکہ یہہ تو صاف کفر ہے

## فصل

اس فصل مین وہ حدیثین ہین کہ جنکے سر ان کی لفظ آتی ہے

۱۱۶ م

مر اُمّ الحصین الاحمسیۃ ان امر علیکم عبد حبشی مجدع
فاسمعوا واطیعوا ما قاد کم بکتاب اللہ سلم میں ام الحصین رضی
روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ اگر تمپر کٹا پھٹا حبشی غلام حاکم کیا جاوے تو بھی تم
اسکی اطاعت اور تابعداری کیجیو جبتک تمکو قرآن پر چلاوے یعنے اگرچہ حاکم نہایت
حقیر اور نالایق ہو تو بھی احکام شرع میں اسکی اطاعت واجب ہے اس حاکم سے
مراد وہ حاکم ہیں جو خلیفہ کی طرف سے حاکم ہوئے ہوں اسواسطے کہ بادشاہ اور
خلیفہ غلام نہیں ہوسکتے یا غلام سے مراد آزاد غلام ہو

۱۱۶۱ م

من اخیک ثمرا فاصابتہ جائحۃ فلا یحل لک ان تاخذ منہ
شیئا بم تاخذ مال اخیک بغیر حق مسلم میں جابر سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ اگر تو نے اپنے بھائی مسلمان سے کوئی پھل بیچا پھر اسکو کوئی آفت لگ
گئی تو تجھکو حلال نہیں لینا اسکی قیمت سے کچھ کسی چیز کے بدلے اپنے مسلمان
بھائی کا مال ناحق لیکاف امام احمد کا یہی مذہب ہے کہ جب مالک نی درخت پر
میوہ لگا بیچا پھر کسی آفت سے میوہ برباد گیا تو مالک کچھ بھی قیمت مول لینے والے سے
نہ لیوے اور امام مالک کی نزدیک تہائی قیمت کم کر دیوے اور امام اعظم اور
شافعی کے نزدیک اگر مالک نی سپرد کر دیا ہو تو قیمت لینا درست ہے

لیکن

لیکن کچھ قیمت معاف کرنا مستحب ہے اور اگر سپرد کرنے سے پہلے میوہ برباد ہو
تو کسی امام کے نزدیک قیمت لینا نہین درست ۱۱۶۲ خ ابن عمر ان تطعنوا
فی امارتہ فقد کنتم تطعنون فی امارۃ ابیہ من قبل و
ایم اللہ ان کان لخلیقا للامارۃ وان کان لمن احب الناس
الی وان ھذا لمن احب الناس الی بعدہ یعنی اسامۃ بن زید

بخاری مین عبداللہ بن عمر سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا اگر تم اب طعنہ
دیتے ہو اسامہ بن زید کی سرداری مین سو البتہ تم تو اسکے باپ کے یعنے زید کی
سرداری مین بھی طعنہ دیتے تھے اور قسم خدا کی زید سرداری کے لایق تھا
اور مقرر سب لوگون سے وہ مجکو زیادہ پیارا تھا اور البتہ یہہ اسامہ اسکے بعد
سب لوگون سے میرے نزدیک زیادہ تر پیارا ہے ف زید حضرت کے آزاد غلام
تھے انکو حضرت نے لشکر کا سردار کرکے شام مین بھیجا تھا جب وہ وہان شہید
ہوئے تب حضرت نے انکے بیٹے اسامہ کو سردار لشکر کیا کہ اپنے باپ کا بدلا
لیوے اور انکو تسکین حاصل ہو تو بعضے لوگون نے انکی سرداری مین کچھ
تامل کیا تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی اس حدیث سے اسامہ اور انکے باپ
زید کی بڑی فضیلت ثابت ہوئی کہ حضرت کے محبون مین داخل ہوئے ۱۱۶۲ خ

ح ابن عمر ان دعیتم الی کراع فاجیبوا بخاریمین عبداللہ بن عمر سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
کہ اگر تم دعوت مین صرف بکری یا پانون کی نلی کے طرف بلائے جاو تو بھی قبول کرو ف یعنے
دعوت قبول کرنا واجب ہے اگرچہ نہایت حقیر اور ناچیز کہا جاوے خ البراء بن عازب ان
رایتمونا تخطفنا الطیر فلا تبرحوا مکانکم حتی ارسل الیکم وان رایتمونا اوطانا
ھم فلا تبرحوا حتی ارسل الیکم فقالہ یوم احد لعبد اللہ بن جبیر
واصحابہ کانوا خمسین رجلا بخاری مین براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اگر تم ہمکو دیکھیو کہ چڑیان ہمکو اچک لے لین
تو بھی تم اپنے مکان سے نہ ہیو جب تک کہ مین تمکو نہ بلا بھیجون اور اگر تم ہمکو دیکھیو
کہ ہم نے اُن کافرون کو اپنے قدمون سے کچل ڈالا تو بھی تم اپنے مکان سے نہ ہٹیو
جبتک کہ مین تم کو بلا نہ بھیجون یعنے خواہ ہماری سکست ہو خواہ فتح
تم اپنی جگہ سے بدون بلائے نہ ہٹیو یہ حضرت نے جنگ احد کی دن عبداللہ بن
جبیر اور انکے ساتھیون سے جو پچاس جوان تھے فرمایا ف جنگ احد مین حضرت نے
کافرون کا سامنا کیا اور اُحد کے پہاڑ کو پشت پر دیا اور پہاڑ کے نالے
پر پچاس تیرانداز جنکی سردار عبداللہ بن جبیر تھے متعین کرکے اُن سے پہلے حدیث
فرمائی اول جب مسلمانون نے حملہ کیا کافرون کی شکست ہوئی لوٹ شروع ہوگئی

جونا کے پر تیر انداز تھے کافرونکی شکست دیکھکر وہ بھی لوٹنے لگے سردار کا
کہنا نمانا جب نا کا خالی ہوگیا کافر اُدھر سے مسلمانون پر ٹوٹ پڑے بسبب
شامت نافرمانی کے اسلام کی شکست ہوئی ف ابو ہریرۃ و زید بن
خالد الجہنی ان زنت فاجلدوھا ثم ان زنت فاجلدوھا ثم ان زنت
فاجلدوھا ثم بیعوھا ولو بضفیر یعنی الامۃ غیر المحصنۃ بخاری
اور مسلم مین ابو ہریرہ اور زید بن خالد سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اگر کسی خاوند والی
لونڈی حرام کاری کرے تو اسکو کوڑے مارو پھر اگر حرام کرے تو اسکو کوڑے مارو
پھر اگر حرام کرے تو ہی کوڑے مارو پھر چوتھے بار اسکو بیچ ڈالو بالون کی
رسی کے ساتھ سہی ف یعنے تین بار اگر لونڈی حرام کرے تو اسکو سزا
دیو چوتھے بار اسکو بیچ ڈالے اگرچہ کمتر قیمت پاوے جیسی بالون کی رسی ہندوستان
مین گیا بدرسم ہوگئی ہے کہ لونڈیان حرام کرتی ہین اور انکے بے غیرت مالک
کچھ خیال نہین کرتے اپنے اوپر وبال لیتے ہین نہ انکا نکاح کردیتے ہین نہ انکو
بیچ ڈالتے ہین اسکی جوابدہی اور عذاب قیامت مین مالکون کی گردن پر ہوگا ق
ابن عباس ان شئت صبرت ولک الجنۃ وان شئت دعوت
اللہ ان یعافیک ق لامرأۃ کانت تصرع بخاری اور مسلم مین

ق ۱۱۲۵

ق ۱۱۲۶

تفصیل ہے

عبداللہ بن عباس سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اگر تو چاہے تو صبر کر اور تجھکو
بہشت ملیگی اور اگر تو چاہے تو مین دعا کرون اللہ تجھکو چنگا کر دیوے
یہہ حضرت نی اس عورت سے فرمایا جو مرگی کے بیماری سے گر پڑتی تہی ف
عطا سے روایت ہے کہ عبداللہ بن عباس نے کہا کہ دیکھہ یہہ سیاہ عورت بہشتی
ہے حضرت سے اسنے کہا تہا کہ یا حضرت دعا کیجئے کہ میری مرگی دور ہووے تب حضرت نے
یہہ حدیث فرمائی پہر اس عورت نی کہا کہ مین نی بیماری قبول کی اور صبر اختیار
کیا لیکن یہہ دعا کیجئے کہ مرگی کے وقت میرا بدن نہ کہل جایا کرے حضرت نی
دعا کی چنانچہ اسکا بدن اس حالت مین ہرگز نہ کہلتا تہا معلوم ہوا کہ بیماری
اور مصیبت مین صبر کرنے کا بدلا بہشت ہے ق عَائِشَةُ اِنْ شِئْتِ فَصُمْ وَاِنْ ۱۱۶۷ ق
شِئْتِ فَاَفْطِرْ قَالَ لِحَمْزَةَ بْنِ عَمْرٍو الْاَسْلَمِيِّ وَسَاَلَهٗ عَنِ الصِّيَامِ فِي السَّفَرِ
وَكَانَ يَسْرُدُ الصَّوْمَ بخاری اور مسلم مین عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ اگر تیرا جی چاہے تو روزہ رکہہ اور اگر تو چاہے تو نہ رکہہ یہہ حضرت نے حمزہ
بن عمرو اسلمی سے فرمایا اسنے سفر مین روزہ رکہنے کا مسئلہ پوچہا تہا اور اسکی
عادت تہی کہ برابر روزہ رکہا کرتا تہا تہا معلوم ہوا کہ سفر مین روزہ نہ رکہنا
اور رکہنا دونو درست ہے خ اِبْنُ عُمَرَ اِنْ قُتِلَ زَيْدٌ فَجَعْفَرٌ اِنْ قُتِلَ جَعْفَرٌ ۱۱۶۸ خ

فعبداللہ

فعبد الله بن رواحة قال حين امر في غزوة مؤتة زيد بن حارثة

بخاری مین عبداللہ بن عمر سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اگر زید مارا جاوے تو جعفر طیار سردار ہے اور اگر جعفر بھی مارا جاوے تو عبداللہ بن رواحہ سردار ہے یہہ حضرت نے فرمایا جب کہ جنگ موتہ مین زید بن حارثہ کو سردار کیا تہا حضرت کے ایلچی کو حاکم شام نے مار ڈالا تہا اسواسطے حضرت نے آٹہوین سال ہجرت کے موتہ پر جو ولایت شام کا ایک شہر ہے ہزار آدمی کا لشکر بہیجا انکا سردار زید بن حارثہ کو کیا پہر یہہ حدیث فرمائی چنانچہ تینون سردار شہید ہوگئے پہر مسلمانون نے مشورہ کرکے خالد بن ولید کو سردار بنایا سو خدا نے انکی تدبیر سے فتح نصیب کی معلوم ہوا کہ ایک لشکر کے کئی سردار درجہ بدرجہ مقرر کرنا درست ہے جسطرح بالفعل انگریزون مین معمول ہے کہ اسمین اگر اول سردار مارا جاوے تو فوج مین بگڑ نہین کہ دوسرا قایم مقام ہوجاتا ہے اور معلوم ہوا کہ اجماع مسلمین حجت ہے جسکو مسلمان اپنا سردار بنا دین وہ خدا اور رسول کو پسند ہے جیسا کہ اصحاب نے خالد کو سردار مقرر کیا اور حضرت نے اسکو پسند کیا اور اسپر کچہہ انکار نکیا اس طرح صدیق اکبر کی خلافت اصحاب کے صلاح اور مشورے سے ہوئی تو صاف معلوم ہوا کہ مرضی خدا اور رسول کے موافق یہہ کام ہوا علاوہ اسکے بہت احادیث مین صدیق اکبر کی خلافت کا اشارہ اور صراحت بہی موجود ہے

قصہ جنگ موتہ و کارنامہ خالد و دلیل باجماع و تحقیق خلافت صدیق اکبر

ق ۱۱۶۹ تو کویا اجماع اور حدیث مل کر نور علی نور ہو گئے ق جَابِرٌ اِنْ كَانَ عِنْدَكَ
مَاءٌ بَاتَ فِي شَنَّةٍ وَاِلَّا كَرَعْنَا بخاری اور مسلم مین جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ اگر تیرے پاس رات بسا پانی مشک مین ہو تو سبے نہتر اور
نہین تو ہم کنگا کر نہر سے پانی پی لیوین ف حضرت ایک انصاری صحابی کی باغ مین
تشریف لی گئے وہ اپنے باغ کو سینچا تھا تب حضرت نی یہہ حدیث فرمائی سو اُس
انصاری نے سرد پانی مین دود ملا کر حضرت کو پلایا معلوم ہوا کہ پانی وغیرہ کا سوال
کرنا منع نہین اور ثابت ہوا کہ باسی پانی حضرت کو نہایت پسند تھا اور حاجی کی
راہ سے جاری پانی کو منہ لگا کر پینا سنت ہے ق جَابِرٌ اِنْ كَانَ فِي
شَيْءٍ مِنْ اَدْوِيَتِكُمْ خَيْرٌ فَفِي شَرْطَةِ مِحْجَمٍ اَوْ شَرْبَةٍ مِنْ عَسَلٍ اَوْ لَذْعَةٍ
بِنَارٍ بخاری اور مسلم مین جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اگر تمہاری
دواؤن مین سے کسی دوا مین بہتری اور شفا ہے تو سینگی کے پچھنون مین اور شہد
پینے مین اور آگ سے داغنی مین یہی شفا ہے ف اسواسطے کہ اگر خونی بیماری ہے
تو اُسکا علاج پچھنے لگانا ہے اور اگر مواد کی کثرت ہے تو شہد سے اسہال کرنا
چاہیے اور اگر مادہ عضو کے نیچے گیا ہے تو داغنا اسکی تدبیر ہے اُس حدیث مین
تمام فن طب کے علاج کا مجمل قاعدہ فرمایا عبد اللہ بن عمر سے ابن ماجہ مین روایت ہے

بیان اصول علاج فن طب

کہ حضرت

کہ حضرت نے فرمایا کہ پچھنے لگانا نہار بہتر ہے اور پچھنے لگانے سے یعنی پس سر
عقل اور حافظہ زیادہ ہوتا ہے اور خون نکالنا دوشنبہ اور سہ شنبہ اور
پنجشنبہ کو بہتر ہے اور ہفتہ اور یکشنبہ اور چہارشنبہ اور جمعہ مین منع ہے لیکن
بخاری مین حدیث ہے کہ حضرت نے داغنے سے منع کیا اور مسلم مین روایت ہے
کہ جنگ خندق مین جب سعد بن معاذ کے ہاتھہ مین ہفت اندام رگ پر تیر لگا تو
خون نہ بند ہوتا تہا حضرت نے اُس رگ کو اپنے ہاتھہ سی داغا اور حضرت کی اصحاب مین
بہی داغنے کا معمول تہا تو علمای حدیث نی کہا ہے کہ جبتک اور علاج ممکن
ہو تو داغنا درست نہین کہ اسمین تکلیف اور خطرہ ہے اور جس وقت کہ بیماری
نہایت سخت ہو اور سوای داغنے کے کوئی علاج کارگر نہوتا ہو تو اُسوقت مین داغنا
١١٢١ م درست ہے م جابر رض اِن کِدتُم آنِفاً لَتَفعَلُونَ فِعلَ فارِسَ والرُّومِ
یَقُومُونَ عَلٰی مُلُوکِہِم وَہُم قُعُودٌ فَلَا تَفعَلُوا ائتَمُّوا بِاَئِمَّتِکُم
اِن صَلّٰی قائِماً فَصَلُّوا قِیاماً واِن صَلّٰی قاعِداً فَصَلُّوا قُعُوداً
قالَہ حِینَ صَلّٰی قاعِداً والنّاسُ خَلفَہُ قِیامٌ فَاَشارَ اِلَیہِم فَقَعَدُوا
فَلَمّا سَلَّمَ قالَ مسلم مین جابر رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ البتہ حال یون
تہا کہ تم ابہی قریب تہے کہ فارسیون اور رومیون کا سا کام کرتے وہ لوگ اپنے

پادشاہون پاس کھڑے رہتے ہین اور انکے پادشاہ بیٹھے رہتے ہین سو ایسا
نکیا کرو تا بعد اری کیا کرو اپنے امامونکی اگر امام کھڑے ہوکر نماز پڑھے تو
تم بھی کھڑے نماز پڑھو اور اگر وہ بیٹھے نماز پڑھے تو تم بھی بیٹھے نماز پڑھو
یہہ حضرت نے فرمایا جب کہ بیماری کے سبب سے بیٹھے نماز پڑھی اور اصحاب پیچھے کھڑے
تھے یہہ حضرت نے انکو بیٹھ جانے کا اشارہ کیا تو وہ بیٹھ گئے جب حضرت نے
سلام پھیرا تو یہہ حدیث فرمائی ف بعضون کے نزدیک اس حدیث پر
عمل ہے اور اکثر امامونکی نزدیک یہہ حدیث منسوخ ہے اسواسطے کہ حضرت نے مرض
الموت مین بیٹھکے امامت کی اور اصحاب نے پیچھے کھڑے ہوکر نماز پڑھی معلوم
ہوا کہ نماز مین اشارہ کرنا نماز کو نہین توڑتا اور معلوم ہوا کہ سردار کے روبرو
دست بستہ کھڑے ہونا جیسا کہ معمول ہے درست نہین لیکن محافظت کے واسطے
کھڑے ہونا اور بی ادب لوگون کے ہٹانے کے واسطے درست ہے ۲۲ھ
مُعَیْقِیْبٍ بْنِ اَبِیْ فَاطِمَۃَ اِنْ کُنْتَ لَا بُدَّ فَاعِلًا فَوَاحِدَۃً مسلم مین معقیب بن ابی
فاطمہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تو ضرور ہی کرنے والا ہو تو ایک بار کر
ف ایک شخص نماز مین سجدہ کرنیکے وقت سجدہ کی جگہ سے پتھریان ہٹانے لگا
تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنے اول تو یہہ کام نماز مین بہتر نہین اور اگر

تجھکو نہایت ہی ضرورت ہو تو ایک بار کا کرنا مضائقہ نہین ہے اُس حدیث سے
معلوم ہوا کہ کمتر کام اگرچہ نہانے کے مخالف ہو تو نماز کو نہین توڑتا ۱۱۷۳ ع
مُطْعِمٍ اَنْ لَمْ تَجِدِیْنِیْ تَاْتِیْ اَبَا بَکْرٍ فَقَالَ لِامْرَاَۃٍ اَمَرَھَا اَنْ تَرْجِعَ اِلَیْہِ فَقَالَتْ
اَرَاَیْتَ اِنْ جِئْتُ وَلَمْ اَجِدْکَ بخاری مین جبیر بن مطعم سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ اگر تو مجھکو نپاوے تو ابو بکر پاس آئیو یہہ حضرت نے اُس عورت سے کہا جسے
فرمایا تھا کہ ہمارے پاس دوسری بار پھر آنا تب اُسنے کہا بھلا بتلائیے تو کہ اگر مین
آؤن اور حضرت کو نپاؤن ف یعنے اگر مین آؤن اور حضرت کو نپاؤن یعنے
اگر حضرت کا انتقال ہوگیا ہو تو کیا کرون حضرت نے فرمایا کہ ابی بکر پاس آنا
جو مین کرتا ہون سو وہ کریگا علمانی کہتا ہے کہ اس حدیث مین صدیق اکبر کی
خلافت کا صاف اشارہ ہے ق عُقْبَۃُ بْنُ عَامِرٍ اِنْ نَزَلْتُمْ بِقَوْمٍ ۱۱۷۴ ق
فَاَمَرُوْا لَکُمْ بِمَا یَنْبَغِیْ لِلضَّیْفِ فَاقْبَلُوْا فَاِنْ لَمْ یَفْعَلُوْا فَخُذُوْا
مِنْھُمْ حَتَّی الضَّیْفِ الَّذِیْ یَنْبَغِیْ لَھُمْ بخاری اور مسلم مین عقبہ بن
عامر رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اگر تم اترو کسی قوم مین پھر وہ تمہارے
واسطے سامان کردین جیسا کہ مہمان کے واسطے چاہیے تو تم قبول کرو اور
اگر وہ نکرین تو تم اُن سے مہمانی کا حق جیسا کہ اُنکو چاہیے لیلو ف بعضے کا فرون سے

حضرت نی صلح کی تہی تو اُس صلح مین یہہ قول و قرار ہی ہوا تہا کہ اگر مسلمان تمہارے ملک مین
آوین جاوین تو اُنکی ضیافت اور مہمانداری کیجیو تو اِس حدیث مین وہی لوگ مُراد ہین
اور یہہ مطلب نہین کہ ہر فاجر اور ہر بدینی مسلمانون سے اپنی مہمانی مانگے ہان یہہ البتہ ہے
کہ مہمانداری کرنا مستحب ہے م ۱۱۷۵ مرانس اَنْ یَعِیْشَ ھٰذَا الْغُلَامُ فَعَسٰی اَنْ لَا یُدْرِکَہُ
الْھَرَمُ حَتّٰی تَقُوْمَ السَّاعَۃُ مسلم مین انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا
کہ اگر یہہ لڑکا زندہ رہے تو کبوڑہا نہ آنے پاویگا کہ تمہاری قیامت قائم ہو جائیگی
یعنے تمہاری موتکی ساعت آپہنچے گی ف جنگلی لوگون نی حضرت سے پوچہا کہ قیامت
کب ہوگی اُس قوم مین ایک چہوٹا لڑکا تہا اسکی طرف اشارہ کرکے یہہ حدیث
فرمائی یعنے یہہ لڑکا بڈہا ہونے پاویگا کہ تم سب مرجاؤگے تو تمہاری حق مین
گویا قیامت آگئی مثل مشہور ہے کہ اگر اپنی جان نہین تو گویا سارا جہان نہین اُن لوگون نی
حقیقی قیامت کا سوال کیا حضرت نے مجازی قیامت کا جواب دیا اسواسطے کہ اگر فرماتے
کہ مین قیامت کا وقت نہین جانتا تو جنگلی جاہل بداعتقاد ہو جاتے کہ کیسا پیغمبر ہے کہ
ف ۱۱۷۶ قیامت کو نہین جانتا ہے ف عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ اِنْ یَّکُنْ ھُوَ فَلَنْ تُسَلَّطَ عَلَیْہِ وَاِنْ
لَّمْ یَکُنْ ھُوَ فَلَا خَیْرَ فِیْ قَتْلِہٖ یعنی ابن صیاد بخاری اور مسلم مین عمر بن خطاب
رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اگر ابن صیاد حقیقت مین دجال ہے تو تجکو

اُسپر قابو نہ ملیگا اور اگر ابن صیاد دجال نہین تو اُسکے قتل کرنی مین تجھکو کچھہ
بہتری نہین ف ابن صیاد مدینے مین یہودی کا لڑکا تہا عجیب غریب اُسکے حالات
تہے لڑکون مین کھیلتا تہا کہ حضرت وہان ہوکر نکلے سب لڑکے بہاگ گئے وہ نہ
بہاگا حضرت نے اُسسے فرمایا کہ تو میری پیغمبری کی گواہی دیتا ہے اُسنے کہا نہین اور
تم میری پیغمبری کے گواہ ہو بعضی اصحاب کو گمان تہا کہ شاید یہی دجال ہے اسواسطے عمر فاروق نے
حضرت سے کہا کہ اگر حکم ہو تو مین اسکی گردن کاٹون تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی
یعنے اگر یہی حقیقت مین دجال ہے تو اسکو نہ مار سکے گا اسواسطے کہ دجال کی موت
حضرت عیسیٰ کے ہاتہہ سے مقدر ہے اور اگر یہہ دجال نہین ہے تو اُسکے دہوکے سے
اُسکے مارنے مین کیا فائدہ ہے عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ لَئِنْ بَقِيتُ إِلَى قَابِلٍ لَأَصُومَنَّ
التَّاسِعَ مسلم مین عبداللہ بن عباس رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اگر مین
اگلے سال تک زندہ رہا تو نوین تاریخ کا بہی ضرور روزہ رکہون گا ف
حضرت مکے مین عاشورہ کا یعنے محرم کی دسوین تاریخ کا روزہ رکہتے تہے جب
مدینے مین رمضان کے روزے فرض ہوئے تو اسکی فرضیت منسوخ ہوگئی
مستحب جان کر رکہتے تہے اصحاب نے کہا کہ یہود یہی اس دن کا روزہ رکہتے ہین تب
حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنے اگر مین زندہ رہا تو اگلے محرم مین نوین اور دسوین

بیان روزہ محرم
۱۲

دو تاریخ کا روزہ رکھون کا تاکہ یہود کی مشابہت نہو پہر اسی سال قبل محرم کے
حضرت کا انتقال ہوا اسی حدیث سے بعضی علمانی کہا ہے کہ نفل کا ایک روزہ رکھنا
مکروہ ہے ۱۱۷۸ م اَنَسٌ لَئِنْ صَدَقَ لَيَدْخُلَنَّ الْجَنَّةَ قَالَهُ لِضِمَامِ بْنِ ثَعْلَبَةَ
مسلم مین انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اگر سچا ہے تو مقرر بہشت مین جاویگا
یہہ حضرت نی ضمام بن ثعلبہ کی حق مین فرمایا اصحاب بیٹھی تہے کہ ایک شخص آیا ضمام
بن ثعلبہ اسکا نام اُسنے اسلام کے فرض حکم پوچھے حضرت نی اسکو پانچون وقت کی فرض
اور رمضان کے روزے اور حج اور زکوۃ بتلائی تو اُسنے کہا اُس خدا کی قسم
جسنے تجھکو سچا پیغمبر کیا کہ مین اسمین نہ زیادتی کرونگا نہ کمی جب وہ گیا تب حضرت نے
یہہ حدیث فرمائی ضمام کے کلام کا یہہ مطلب نہین کہ سوای فرض کے مین سنت
اور نفل نہ کرونگا بلکہ یہہ مطلب کہ فرض چیزون مین کچھہ کمی زیادتی اپنی طرف سے
نہ کرونگا اور دوسرے وجہہ یہہ ہے کہ وہ شخص اپنی قوم کی طرف سے ایلچی ہوکر آیا تہا تو مطلب
یہہ کہ اپنی قوم کو اس پیغام رسانے مین میری طرف سے کچھہ کمی زیادتی نہوگی جیسا کہ حضرت سے
سنا ہے ویسا ہی اُن سے کہونگا ۱۱۷۹ م اَبُوْ هُرَيْرَةَ لَئِنْ كُنْتَ كَمَا قُلْتَ
فَكَأَنَّمَا تُسِفُّهُمُ الْمَلَّ وَلَا يَزَالُ مَعَكَ مِنَ اللّٰهِ ظَهِيْرٌ عَلَيْهِمْ مَا دُمْتَ
عَلٰى ذٰلِكَ قَالَهُ لِرَجُلٍ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ لِيْ قَرَابَةً اَصِلُهُمْ وَ

وَيَقْطَعُونَنِي وَاُحْسِنُ اِلَيْهِمْ وَيُسِيْئُونَ اِلَيَّ وَاَحْلُمُ عَنْهُمْ وَيَجْهَلُونَ
عَلَيَّ مسلم مین ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اگر حقیقت مین
تو ایسا ہی ہے جیسا کہ تو نے کہا تو گویا اُنکے منہہ پر جلتی راکہہ ڈالتا ہے اور ہمیشہ
خدا کی طرف سے تیرے ساتہہ ایک مدد کار فرشتہ رہے گا کہ تجھکو اُنپر غالب رکہے گا
جبتک کہ تو اس حالت پر رہے گا یہہ حضرت نے اُس مرد سے کہا جسنے یون کہا تہا کہ یا رسول
اللہ میرے رشتے ہین کہ مین اُنسے سلوک کرتا ہون اور وہ مجھسے برادری کا حق کاٹتے
ہین اور مین اُنسے احسان کرتا ہون اور وہ مجھسے برائی کرتی ہین اور مین اُنسے
غم خوری کرتی ہین اور وہ مجھسے جہالت کرتی ہین کا لیان دیتے ہین ف یعنے اگر حقیقت
حال یون ہی ہے تو وہ لوگ تیرے ساتہہ بدسلوکی کرنے سے دوزخ مین پڑینگے کہ
باوجود تیرے احسانات اور غم خوری کے کچھہ برادری کا حق نہین ادا کرتے اور اُس
خاطر جمع رکہہ کہ تو اس غم خوری اور احسان سے اُنکے سامنے دنیا مین کبھی ذلیل اور بے
عزت نہو گا اسواسطے کہ خدا کی طرف سے تیری مدد کاری کو فرشتہ مقرر رہے گا بشرطیکہ
تو اسی حالت پر قائم رہے اس حدیث سے برادر پروری اور غم خوری کی نہایت خوبی ثابت ہوئی

## فصل

اس فصل مین وہ حدیثین ہین جنکے سر پر خیر کی لفظ ہے

ق ۱۱۸۰ ق حکیم بن حزام خیر الصدقۃ ما کان عن ظہر غنی بخاری اور مسلم میں
حکیم بن حزام سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ بہتر خیرات جو مالداری سے ہو ف یعنے قرض ادا
یا محتاج کو خیرات کرنا ضرور نہیں اسکو واجب ہے کہ اول قرض ادا کرے اور اپنے اہل
وعیال کی خبر گیری کرے کہ انکا حق فقیروں کے حق پر مقدم ہے خیرات کرنا تو مالدار کو چاہئے
جسکا مال حاجت شرعی سے زیادہ ہو ق ابن مسعود خیر الناس قرنی ثم
الذین یلونہم ثم الذین یلونہم ثم یجیئ قوم تسبق شہادۃ احدہم یمینہ و
یمینہ شہادتہ بخاری اور مسلم میں ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا سب
لوگوں سے بہتر میرے زمانے کے لوگ ہیں یعنی صحابہ پھر وہ لوگ بہتر ہیں جو صحابہ سے ملے ہوئے
ہیں اور انکے شاگرد اور صحبت دیدہ ہیں یعنے تابعین پھر وہ لوگ بہتر ہیں جو
تابعین سے ملے ہوئے اور انکے ہم صحبت ہیں یعنی تبع تابعین پھر ان تین زمانوں کے
بعد وہ لوگ آوینگے جنکی گواہی قسم پر شتابی کریگی اور قسم گواہی پر شتابی
کریگی یعنے دروغ فاش ہوگا بے علمی اور بے دیانتی کے سبب سے ناحق بیفائدہ قسمیں
کھاوینگے اور بے حاجت گواہی دینگے ف جلال الدین سیوطی نے بخاری کی شرح میں
کہا ہے کہ قرن ایک زمانے کے ہم عصر اور ہم وضع لوگوں کا نام ہے بعضے
کہتے ہیں کہ ساٹھ برس کا قرن ہوتا ہے اور بعضوں کے نزدیک سو برس کا

لیکن

لیکن صحیح بات تو یہہ ہے کہ قرون کی مدت کچھہ مقرر نہین سو حضرت اور اصحاب کا زمانہ
ابتدای نبوت سی اخیر صحابی کی موت تک ایک سو بیس ۱۲۰ برس کا تہا اور تابعین کا زمانہ
ایک سو ستر ۱۷۰ برس آخر ہوا اور تبع تابعین کا زمانہ دو سو بیس ہجری تک تمام ہو چکا
سو اسی وقت مین نہایت بدعتین ظاہر ہوئین اور فرقہ معتزلہ نی زبان درازی شروع کی
اور حکمت کا علم یونانی زبان سی عربی مین ترجمہ ہوا اسکو دریافت کر کے کچے
مسلمانون کے عقیدے بگڑ گئے اور علماء اہل سنت پر پادشاہون کی زیادتیان شروع
ہوئین غرض کہ اسلام مین بڑی مصیبت پڑی اور دین اُلٹ پلٹ گیا اور ہمیشہ
دین مین کمی ہوتی گئی اب تک سو جیسا کہ حضرت نی فرمایا تہا ویسا ہی
ہوا اف اس حدیث سی صاف معلوم ہوا کہ حضرت کی بعد حضرت کی صحبت کی برکت
تین زمانون تک خیریت غالب رہی گی بعد اسکے شر غالب ہو گا اور خیریت کم ہو جاوے گی
اور یہہ مطلب نہین کہ بالکل خیریت نرہے گی اسواسطے کہ امت محمدی قیامت تک سب کے
بالکل کہی نہ گمراہ ہو جاویگی بلکہ ہر زمانے مین کچھہ اہل حق قائم رہین گے اگرچہ اہل
باطل بکثرت ہون اسواسطے اہل سنت کا یہہ قاعدہ ہے کہ جو قول اور فعل اصحاب
اور تابعین اور تبع تابعین کے زمانی مین بے رد اور بے نکیر رایج تہا وہ حق ہے
اسکو قبول کیا چاہیے اور جو قول فعل اُن تین زمانون مین بی دغدغہ رایج نہ تہا وہ

بدعت ہے اسکو ہرگز نہ قبول کیا چاہئے اسمین صریحا دین کی بربادی ہے اگر عاقل
آدمی اس قاعدی کو خوب سمجھے تو جتنی بدعتین کہ جہان مین ہو سکین ہین اور ہونگی بخوبی
انکی برائی اور گمراہی بوجہہ جاوے ف اَبُوْهُرَيْرَةَ خَيْرُ اُمَّتِيْ اَلْقَرْنُ الَّذِيْ ۱۱۸۲ ف
بُعِثْتُ فِيْهِ ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ قَالَ اَبُوْهُرَيْرَةَ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ اَذَكَرَ الثَّالِثَ
اَمْ لَا ثُمَّ يَخْلُفُ قَوْمٌ يُحِبُّوْنَ السَّمَانَةَ تَسْبِقُ شَهَادَةُ اَحَدِهِمْ يَمِيْنَهُ وَيَمِيْنُهُ
شَهَادَتَهُ رواہ مسلم ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ سب میری امت سی بہتر وہ زمانہ ہے
جس مین مین پیغمبر ہوا یعنی اصحاب کا زمانہ پھر اصحاب کے بعد وہ لوگ بہتر ہین جو
انسے ملے ہوئے اور انکی صحبت والے ہین یعنی تابعین ابوہریرہ نے کہا کہ خدا ہی خوب جانتا ہے
کہ حضرت نے تیسرے زمانی کو بہتر کہا یا نہین حضرت نے فرمایا پھر وہ لوگ باقی رہ
جاوینگے جو فربہی اور موٹاپی کو دوست رکھینگے گواہی دینگے بدون گواہی مانگے
ف یعنے انکو خوف خدا اور خوف قیامت نرہے گا جو ایمان اور نیک عمل سے
روح کی صفائی کرین بلکہ آخرت کو بھول کے دنیا کی ریاست اور سامان کو کمال
جانینگے ریاضت اور محنت چھوڑ کر بدن کی آرایش اور ناز کی مین مشغول ہو کر بندۂ
شکم ہو جاوینگے جیسا کہ اس زمانی کا حال ہے اور جھوٹہ بولنے کی کچھہ پرواہ نکرینگے
ناحق گواہی دینے کو طیار ہونگے بدون خواہش مدعی اور حاکم کے گواہی پر مستعد

ہونگے

ہون گے اس حدیث کا اور پہلی حدیث کا ایک سا مطلب ہے خلاصہ مطلب یہہ کہ جب
زمانہ بگڑا اور شر غالب ہوا تو کسی کے قول و فعل کا اختیار نرہا تو دینداروں کو لازم
ہے کہ سوای اصحاب اور تابعین اور تبع تابعین کے کسی کے رسم اور راہ کو قبول نکریں امام
اعظم اور امام مالک اور امام شافعی اور امام احمد بن حنبل تابعین اور تبع تابعین کے
زمانی مین تھے دین کا بوجہنا انکی محنتون کے سبب سے مسلمانون کو آسان ہوگیا اسواسطے
کہ وہ خیر القرون مین داخل تھے اسیواسطے اہلسنت نی دین کے سمجھنے مین انکو اپنا
پیشوا بنایا ق اَنَّ خَيْرَ دُوْرِ الْاَنْصَارِ بَنُو النَّجَّارِ ثُمَّ بَنُو عَبْدِ الْاَشْهَلِ ق ۱۱۹۳
ثُمَّ بَنُو الْحَارِثِ بْنِ خَزْرَجٍ ثُمَّ بَنُو سَاعِدَةَ وَفِيْ كُلِّ دُوْرِ الْاَنْصَارِ
خَيْرٌ بخاری اور مسلم مین انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ سب
انصار کی محلون سے بخار کی اولاد کا محلہ بہتر انکے بعد عبد الاشہل کی اولاد بہتر انکے
بعد حارث بن خزرج کی اولاد بہتر انکے بعد ساعدہ کی اولاد بہتر اور انصار کے
سب محلون مین خیر اور خوبی ہے ف مدینی مین انصاری اصحاب کے بہت محلے اور
احاطے تھے حضرت کی مدد سب نی کی اسواسطے سب کی مجمل تعریف کی مگر جن لوگون سے
زیادہ تر جان نثاری ہوئی انکے علیحدہ علیحدہ نام لے کر خوبی بیان کی م ۱۱۹۴
اَبُوْ هُرَيْرَةَ خَيْرُ صُفُوْفِ الرِّجَالِ اَوَّلُهَا وَشَرُّهَا اٰخِرُهَا وَخَيْرُ

صُفُوفُ النِّسَاءِ اٰخِرُهَا وَشَرُّهَا اَوَّلُهَا مسلم مین ابوہریرہ رضسے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ مردونکی صفون مین پہلی صف بہتر ہے اور بُری صف پچھلی صف ہے
اور عورتونکی صفون مین بہتر پچھلی صف ہے اور بُری پہلی صف ہے ف حضرت کے وقت
مین مرد اور عورتین جماعت کی نماز مین شریک ہوتے تھے اول مردونکی صفین ہوتین
بعد اسکے عورتونکی صفین سو فرمایا کہ مردونکی صفون مین اول صف بہتر اسواسطے کہ
وہ جلدی حاضر ہو وہ امام سے قریب عورتون سی نہایت دور رہے اور پچھلی صف کو
بُرا فرمایا اسواسطے کہ وہ دیر کر نماز مین آئے امام سے دور پڑے عورتون سی قریب ہوئے
حالانکہ مرد عورت کی متصل ہونی مین فساد کا خوف ہے اور عورتون کی صفون مین
پہلی صف کو بُرا فرمایا اور پچھلی کی تعریف کی اسواسطے کہ پہلی صف مردونکے قریب ہے
اُسمین کمال پردہ پوشی نہین اور پچھلی صف مردون سے دور ہے اُسمین پردہ
پوشی نہایت ہے معلوم ہوا کہ عورت مرد کو نظر رکھنا لازم ہے انکا ایک
مقام پر متصل ہونا چاہیئے خ جَابِرٌ خَيْرُ كُمْ اَحْسَنُكُمْ قَضَاءً بخاری مین خ ۱۱۸۵
جابر رضسے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تم لوگون مین بہتر آدمی وہ ہے جو قرض
ادا کرنے مین بہتر ہو ف جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے ایک شخص سے
نوجوان کم عمر اونٹ قرض لیا جب بیت المال مین زکوٰۃ کے اونٹ آئے حضرت نے

جابر سے

جابر سے فرمایا کہ اُسکا قرض ادا کر جابر نے کہا کہ یا حضرت اسکا اونٹ کم عمر کم قیمت تھا
اور یہہ اونٹ قیمتی ہین حضرت نے فرمایا کہ قیمتی ہی اونٹ اُسکو دے پھر یہہ حدیث
فرمائی یعنے کشادہ چشمی قرض ادا کرنی مین مستحب ہے اور اِس طرح کے قرض مین
زیادہ دینا سود مین داخل نہین اسواسطے کہ سود مین زیادہ لینا شرط کر لیتے ہین اور
اُسمین شرط نہ تھا حضرت نے اپنی طرف سی احسان کیا علاوہ اسکے بہاج وزن اور
پیمائی والی چیزین ہوتا جاندارین کمی بیشی بہاج نہین ح عثمان وعلی خیرکم من ۱۱۸۶ خ
تعلم القرآن وعلمہ بخاری مین حضرت عثمان اور علی مرتضی رضی اللہ عنہما سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تم لوگون مین وہ بہتر ہے جو خود قرآن کو سیکھے اور
غیرون کو سکھلاوے ف خواہ روان پڑھے اور قرأت کے قاعدے سیکھے یا سکھلاوے
خواہ قرآن کے معانی اور مطالب اور احکام خود بوجھے اور لوگونکو بوجھاوے لیکن
یہہ البتہ ہے کہ مطلب کی بوجہہ صرف لفظ سے زیادہ تر افضل ہے کہ غرض از تنزیل
قرآن تہذیب جوارح است نہ محض ترتیل حروف ق ابوھریرۃ خیر نساء ۱۱۸۷ ق
رکبن الابل نساء قریش احناہ علی ولد فی صغرہ وارعاہ
علی زوج فی ذات یدہ بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا جو عورتین اونٹ کی سواری کرتی ہین انمین سے قریش کی عورتین بہتر ہین سب عورتون

عورتون مین قریش کی عورتین بہتر ہین نہایت مہربان چھوٹے لڑکون پر اور بڑی نگہبان اپنے خاوند کے مال کی ق ام ہانی علی مرتضی کی بہن بیوہ ہوگئی تہین حضرت نے چاہا کہ اُنسے نکاح کرین ام ہانی نے کہا کہ یا حضرت تمام خلق سے آپ میرے نزدیک زیادہ پیارے ہین میرے لڑکے نہایت چھوٹے چھوٹے ہین مین نہین چاہتی کہ آپکے بستر پر وہ روین اور چلاوین اور مین بڈھی بہی ہوگئی ہون یعنے ان عذرون کے مین نکاح نہین کرسکتی تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی اور تمام قریش کے عورتونکی تعریف کی اور اُم ہانی کا عذر پسند کیا معلوم ہوا کہ عورت مین یہی بڑی خوبی ہے کہ درد والی ہو اور لڑکو کو اچہی طرح پالے اور اپنے خاوند کے مال کو ضایع ہونے نہ دے

ق عَلِیٌّ خَیْرُ نِسَائِهَا مَرْیَمُ بِنْتُ عِمْرَانَ وَخَیْرُ نِسَائِهَا خَدِیْجَةُ بخاری اور مسلم مین علی مرتضی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اپنے زمانے مین مریم عمران کی بیٹی سب عورتون سے افضل اور اپنے زمانے مین یعنے امت محمدی مین خدیجہ سب عورتون سے افضل ہے

ق ۱۱۸۶

فضیلت روز جمعہ مع خصوصیت نزع

ق اَبُوْ هُرَیْرَةَ خَیْرُ یَوْمٍ طَلَعَتْ عَلَیْهِ الشَّمْسُ یَوْمُ الْجُمُعَةِ فِیْهِ خُلِقَ اٰدَمُ وَفِیْهِ اُدْخِلَ الْجَنَّةَ وَفِیْهِ اُخْرِجَ مِنْهَا وَلَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ اِلَّا فِیْ یَوْمِ الْجُمُعَةِ مسلم مین ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا افضل دن جسپر آفتاب نکلا جمعہ کا دن ہے اسی دن آدم پیدا ہوئے اور اسی

دن بہشت مین داخل کیے گئے اور اُسی دن بہشت سی نکالے گئے اور قیامت نہ قائم
ہوگی مگر جمعہ کے دن ف چھ دن مین تمام عالم پیدا ہوا یکشنبہ سی پیدایش شروع
ہوئی جمعہ پر ختم ہوئی تو یہود سمجھے کہ ہفتے کو خدا نے عالم کی پیدایش سی فراغت پائی
تو ہمکو لازم ہے کہ سب دنیا کا کام چھوڑکے اُسدن عبادت کرین اور نصاری یہہ
سمجھے کہ ابتدا پیدایش عالم کی یکشنبے سی ہوئی اور اُنکے گمان فاسد مین حضرت
عیسی مقتول اور مصلوب ہوکر تین دن کے بعد اُسی دن زندہ ہوئے تو یہی بڑا دن ٹہرا
اور اسلام مین جمعہ بڑا دن ہے اسواسطے کہ حضرت آدم کی پیدایش اور بہشت مین
داخل ہونا اور بہشت سی نکلنا اسی دن ہوا اور قیامت بہی اُسی دن ہوگی تو انسانکی
غرض کو صرف جمعہ کی دن سے نہایت خصوصیت ہے تو لازم ہے کہ اسی دن دنیا کا کام
چھوڑکر سب انسان عبادت کے واسطے جمع ہوین ہرچند بنظر ظاہر بہشت سے نکلنا انسان کے
حق مین احسان نہین لیکن حقیقت مین بڑا احسان ہے اسواسطے کہ حضرت آدم کے آنے
عالم مین بڑی بڑی برکتین ہوئین انبیا اور اولیا اور ایماندار لوگ پیدا ہوئے اور زمین آدم کی
اولاد سے قیامت تک آباد اور گلزار ہوگی ه عَوْفُ بْنُ مَالِكٍ اَلَا اُبَشِّرُكُمْ بِخِيَارِ م
اَئِمَّتِكُمُ الَّذِيْنَ تُحِبُّوْنَهُمْ وَيُحِبُّوْنَكُمْ وَتُصَلُّوْنَ عَلَيْهِمْ وَيُصَلُّوْنَ
عَلَيْكُمْ وَشِرَارُ اَئِمَّتِكُمُ الَّذِيْنَ تُبْغِضُوْنَهُمْ وَيُبْغِضُوْنَكُمْ وَتَلْعَنُوْنَهُمْ

وَيلعنونكم مسلم مین عوف بن مالک سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ بہتر تمہارے
سردار اور حاکم وہ ہین جنکو تم چاہو اور تمکو وہ چاہین تم انکو نیک دعا دو اور وہ تمکو
نیک دعا دیوین اور بُرے سردار وہ ہین جن سے تم بغض رکھو اور تمسے وہ بغض رکھین
تم انکو بد دعا دو اور وہ تمکو بد دعا دیون **ف** جب حاکم اور رعیت مین محبت ہوتی
تو انتظام بخوبی ہو گا اسواسطے اُسکی تعریف کی اور جب حاکم اور رعیت مین بغض اور
نفرت ہوئی تو انجام کار بی انتظامی ہو گی اسواسطے اُسکی مذمت کی اِس حدیث مین
حاکمکو نصیحت ہے کہ انصاف کرین اور ظلم سی دور رہین اسواسطے کہ حقیقت مین
انصاف اور عدالت حاکم کی محبت کا سبب ہے اور ظلم اور غفلت بغض کا سبب ہے

## فصل

اس فصل مین وہ حدیثین ہین جنکے سر پر افضل التفضیل کا صیغہ ہے

ع ابن عباس ابغض الناس الی اللہ ثلثۃ ملحد فی الحرم ومبتغ
فی الاسلام سنۃ جاھلیۃ ومطلب دم امرء بغیر حق لیھریق
دمہ بخاری مین عبد اللہ بن عباس سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ سب لوگون سے
زیادہ تر دشمن خدا کے نزدیک تین شخص ہین ایک تو حرم کی زمین مین کجروی یعنی
ٹیڑھی راہ چلنے والا دوسرا دین اسلام مین کفر کی رسم وراہ طلب کرنیوالا تیسرا

ناحق کسی شخص کے خون کا بہانے والا صرف اُسی کی خونریزی کے واسطے ف حرم مین
کجروی کرنا یعنے وہ کام کرنا جو وہان حرام ہین جیسے قتل اور لڑائی اور شکار کرنا
یا کجروی سے سب گناہ مراد ہون چنانچہ عبداللہ بن عباس کا یہی مذہب ہے کہ جیسے عبادت کا
حرم مین دونا ثواب ہے ویسے ہی گناہ کا بھی وہان دونا عذاب ہے اسواسطے کہ حضور
مین بی ادبی زیادہ تر بری ہے اسیواسطے ابن عباس نے مکے کی سکونت ترک کرکے طائف مین
رہنا اختیار کیا تھا اور کفر کی رسمین جیسے نوحہ کرنا سر پیٹنا مردے پر کپڑے پھاڑنا جانوروں سے
شگون لینا لوگون کے نسب مین طعنہ کرنا اپنے نسب اور خاندان پر کہمنڈ کرنا مینہ کو
ستارونکی تاثیر سے جاننا اور بی سبب ناحق خونریزی کی بُرائی تو صاف ظاہر ہے
تفصیل کی کچھ حاجت نہین م اَبُوْهُرَيْرَةَ اَثْقَلُ صَلٰوةٍ عَلَى الْمُنَافِقِيْنَ
صَلٰوةُ الْعِشَاءِ وَصَلٰوةُ الْفَجْرِ وَلَوْ يَعْلَمُوْنَ مَا فِيْهِمَا لَاَتَوْهُمَا وَلَوْ حَبْوًا
مسلم مین ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ منافقون پر بہت بھاری نماز
عشا اور فجر کی نماز ہے اور اگر وہ لوگ جانین جو کہ انمین ثواب ہے تو مقرر انکے
واسطے آوین کہسکے ہی سہی ف عشا کے وقت نیند کا غلبہ یا قصہ کہانے
یا ناچ رنگ کا دیکھنا بیشتر ہوتا ہے اور فجر کو نیند کی لذت چھوڑنا کچھ ظاہری مسلمانون
پر نہایت سخت معلوم ہوتا ہے اس واسطے ان دونون وقتونکی نماز اُنسے نہین

ہوسکتی معلوم ہوا کہ جو عشا اور صبح کی نماز مین کاہلی کرے اور دل چراوے
اُسمین نفاق کی علامت موجود ہے لازم ہے کہ اپنے دل کو سمجھاوے اور توبہ
کرے ق ابو ہریرۃ وعائشۃ احب الاعمال الی اللہ ادومہا
وان قل بخاری اور مسلم مین ابو ہریرہ اور عائشہ رضی اللہ عنہما سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ خدا کے نزدیک سب عملون سے بہت پیارا وہ عمل ہے جو مدام ہوتا رہے
اگرچہ تھوڑا ہی ہو ف مداومی عمل خدا کو اسواسطے پسند ہے کہ اسکا کرنیوالا بیدار اور غافل
نہین کہ کبھی کرے اور کبھی نہین اور دوسرا سبب یہ ہے کہ ہمیشہ عمل کرنے سے
اُس عمل کی برکت سے دل روشن ہو جاتا ہے روز بروز اسکو قرب اور صفائی حاصل ہوتی
جاتی ہے اور گاہ گاہ کرنے مین اسکا اثر دل مین نہین جمتا ہے جیسے بجلی کے چمکنے
اسی دم تو روشنی ہے پھر آخر کو تاریکی ہے اسیواسطے طریقت والے اور درویشون نے فرمایا ہے
کہ جب آدمی کوئی نفل عبادت یا وظیفہ شروع کرے تو اسکو مدام کرتا رہے
تاکہ اسکا فیض اور برکت کم نہو م ابو ہریرۃ احب البلاد الی اللہ
مساجدہا والبغض البلاد الی اللہ اسواقہا مسلم مین ابو ہریرہ رضی
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ شہرونکے مکانات مین خدا کے نزدیک مسجدین دوست
ہین اور شہرون کے مکانات مین خدا کے نزدیک دشمن تر بازارین ہین ف

فضیلت دوام عبادت

مسجد

مسجدین اوسطے زیادہ تر پسند ہین کہ وہ عبادت کا ہین اُنہین خدا یاد آتا ہے
اور بازارین اوسطے ناپسند ہوئین کہ اُنہین دُنیا یاد آتی ہے بلکہ اکثر لوگ خرید و فروخت کے
مشغولی سے عصر کی نماز قضا کر دیتے ہین ع عبد اللہ بن عمرو احب الصیام
الی اللہ صیام داؤد کان یصوم یوما ویفطر یوما واحب الصلوٰۃ الی اللہ صلوٰۃ
داؤد کان ینام نصف اللیل ویقوم ثلثہ ویبنام سدسہ بخاری عبد اللہ بن عمرو سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ نہایت پیارا روزہ خدا کے نزدیک داود علیہ
السلام کا روزہ ہے کہ ایک دن روزہ رکھتے تھے اور ایک دن نہ رکھتے تھے
اور نہایت پیاری نماز خدا کے نزدیک داود علیہ السلام کی نماز ہے کہ آدھی
رات تک تو وہ سوتے تھے اور تہائی رات تک تہجد کی نماز پڑھتے تھے اور جب چھٹا
حصہ رات کا باقی رہتا تھا تو پھر سو رہتے تھے ف ایک دن روزہ رکھنا اور
ایک روز نہ رکھنا اوسطے پسند ہوا کہ برابر متصل رکھنے سے آدمی کو عادت ہو جاتی
ہے روزے کی کیفیت باقی نہین رہتی اور تہجد کی نماز تہائی رات مین اوسطے پسند ہوئی
کہ اسمین جسم کا حق اور خدا کا حق دونون بخوبی ادا ہوتا ہے نہ رات بھر کا سونا
بہتر کہ سراسر غفلت ہی نہ جاگنا بہتر کہ سراسر شقاوت اور رجانکا ہی ہے
اور آخر کو بسبب بیماری اور نقاہت کے بالکل تہجد نہین ہو سکتی معلوم ہوا کہ

ع ۱۱۳۰
فضیلت اعمال
وعبادات

پیغمبرونکا طریق اعتدال ہے نہ تو عبادت مین زیادتی نہ نہایت کمی اور یہی راہ
خداکو پسند ہے کہ اسکا نباہ ہمیشہ ہوسکتا ہے اور معلوم ہوا کہ بعد تہجد کے سو رہنا
مستحب ہے تاکہ فجر کی نماز بخوبی ادا ہو اور رات کے جاگنے کی مشقت سو رہنے سے
دور ہو جاوے ف ۱۱۹۶ مر سمرة بن جندب باحب الكلام الى الله اربع
سبحان الله والحمد لله ولا اله الا الله والله اكبر لا يضرك
بايهن بدأت مسلم مین سمرہ بن جندب سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا نہایت پسند
کلام خدا کے نزدیک چار ہین اول سبحان اللہ دوسرے الحمد للہ تیسرے لا الہ الا اللہ چوتھے
اللہ اکبر تجھکو کچھ ضرر نہین ان چارون مین ذکر کے وقت جس سے تو چاہے ابتدا کرے ف
یعنے چاہے اول سبحان اللہ پڑھے یا الحمد للہ یا لا الہ الا اللہ یا اللہ اکبر سب درست ہے
ف ۱۱۹۷ ق عقبة بن عامر احق الشروط ان توفوا بها ما استحللتم به الفروج
بخاری اور مسلم مین عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ سب شرطون
مین سے جنکا تمکو پورا کرنا چاہیے اس شرط کا زیادہ تر پورا کرنا لازم ہے جسکے سبب سے
تمنے عورتون کی شرمگاہین حلال کرلین جو شرطین اور قول قرار کہ نکاح مین واجب
الادا ہین سو انمین سے اول تو مہر ہے دوسرے نان نفقہ تیسرے حسن سلوک دستور کے
موافق عورت کا مہر فرض ہے اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اسکا ادا کرنا سب سے مقدم

اور جو مہر ادا کرنیکا قصد نرکھے وہ کنہگار ہے اور بعض شرطین نکاح مین واجب الادا
نہین جیسے خاوند کا جورو کے گھر مین رہنا جورو کو اپنے گھر نہ بلانا یا جورو کی زندگی مین
دوسرا نکاح نہ کرنا یا پہلی جورو کو طلاق دینا ق ابو ہریرۃ اخوف ویروی ق ۱۱۹۸
ان اخوف ما اخاف علیکم ما یخرج اللہ لکم من زہرۃ الدنیا
قالوا وما زہرۃ الدنیا یا رسول اللہ قال برکات الارض قالوا یا
رسول اللہ وہل یاتی الخیر بالشر قال لا یاتی الخیر الا بالخیر لا
یاتی الخیر الا بالخیر لا یاتی الخیر الا بالخیر ان کل ما ینبت
الربیع یقتل او یلم ویروی یقتل حبطا او یلم الا اکلۃ الخضر
فانہا اکلت حتی اذا امتدت خاصرتاہا استقبلت الشمس
فثلطت وبالت وثلطت ثم عادت فاکلت ان ہذا المال
خضرۃ حلوۃ فمن اخذہ بحقہ ووضعہ فی حقہ فنعم المعونۃ
ہو ومن اخذہ بغیر حقہ کان کالذی یاکل ولا یشبع بخاری

اور مسلم مین ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نبی فرمایا کہ البتہ زیادہ
خوف جسکا مجھکو تمہپر ہے وہ چیز ہے جو کہ خدا تمہارے واسطے نکالیگا دنیا کی
زینت اور آرایش کے صحابہ نے کہا کہ یا رسول اللہ دنیا کی آرایش کون چیز مراد ہے

حضرت نے فرمایا کہ زمین کے برکات جیسے اناج اور لباس اور فرش اور چاندی
سونے کی کہان اصحاب نے کہا یا رسول اللہ کیا نیک چیز بھی بدی لاویگی یعنی جب
زمین کی پیدا ہوئی چیز کو برکت اور خیر فرمایا تو بھلا خیر سے شر کیون کر ہوگا حضرت نے
فرمایا کہ بیشک ہے خیر ہی خیر ہوتی ہے خیر سے خیر ہی ہوتی ہے خیر سی خیر ہی ہوتی ہے
البتہ ہر ایک گھاس جسکو ربیع کی فصل اُگاتی ہے جانور کو ہلاک کر ڈالتی ہے
یا ہلاک کے قریب کر دیتی ہے یعنی اگر حد سی زیادہ چرے اور دوسری روایت مین
یون ہے کہ چارا جانور کو ہلاک کرتا ہے پیٹ پھلا کر یا قریب ہلاکت کے کر دیتا ہے
یا اُس جانور سبزہ کھانیوالے کو ہلاکت نہین کرتا وہ کہا یا کیا یہان تک کہ جب اسکے
دونو کوکھین تن گئین یعنی جب کہ آسودہ ہوا تو آفتاب کے سامنے جا پڑا پھر اُسنے
جگالی کی اور پیشاب کیا اور لید کی پھر چرا گاہ مین پلٹ گیا سو اُسنے کہنا شروع
کیا بیشک یہہ مال دنیا کا ہرا بھرا اور شیرین ہے سو جسنے اُسکو بجا لیا اور
بجا صرف کیا یعنی حلال وجہ سے کمایا اور شرع کے موافق موقع پر خرچ کیا تو یہہ مال
دین کی اچھی مددگاری ہے اور جسنے اُس مال کو ناحق لیا یعنی طمع سے اور حرام وجہ سے
جمع کیا تو اُس مالدار کا حال اُس بیمار کا سا حال ہے کہ جوع کلبی کی بیماری سے
کہاتا جاتا ہے اور کبھی آسودہ نہین ہوتا اس حدیث مین حضرت نے ایک مثل

حریص اور بخیل مالدار کی دوسری مثل سخی مالدار کی فرمائی سو جس مالدار نے مال کو جمع
کر رکھا اور حق داروں کا حق ادا کیا اُسکا حال اس جانور کا سا حال ہے جسنے کہاس
کھائی پھر پیٹ پھول کے کرکری کے بیماری سی مرگیا تو کہاس نے اسکے حق مین کچھ
فائدہ نہ کیا بلکہ ناحق جان گئی اور جس مالدار نے خود کھایا اور اپنی حاجت سے زیادہ
مال کو خیرات کیا تو اُسکا حال جیسے اُس جانور کا حال ہے جسنے گہاس کو چرا پھر
آسودہ ہوکر آفتاب کے سامنی جگالی سے ہضم کرکے پیشاب اور لید سی فضلہ دور کیا ایسے جانور کو
ہرگز ہلاکت نہین اور کرکری کا کچھ ڈر نہین سو جس مالدار نے اپنی ضرورت کی بعد
جب جناب الٰہی کی طرف توجہ کی اور اُسکو آفتاب رحمت کا سامنا ہوا تو زائد
از حاجت مال کو مثل پیشاب اور لید کے علیحدہ کرنے مین اپنی صحت جانتا ہے
اور مصارف خیر مین صرف کرکے اپنے رب کی شکرگذاری کرتا ہے ق عَائِشَةُ
أَسْرَعُكُنَّ لِحَاقًا بِي أَطْوَلُكُنَّ يَدًا بخاری اور مسلم مین حضرت عایشہ سے روایت ہے ق ۱۱۹۹
کہ حضرت نے اپنی بی بیون سی فرمایا کہ تم مین سے میرے ساتھ جلد تر ملنے والی
وہ بی بی ہے جسکا ہاتھ زیادہ تر لمبا ہے یعنے میری موت کی بعد وہ بی بی پہلے
مریگی جو سخی ہے ف حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ جب حضرت نے
یہہ حدیث فرمائی تو ظاہری ہاتھ سمجھکر سب بی بیون نی لپنے ہاتھ ناپے

حضرت سودہ کا ہاتھ سب سے زیادہ لمبا ٹہرا جب حضرت کی انتقال کی بعد زینب
بنت جحش کا انتقال ہوا تو معلوم ہوا کہ لمبے ہاتھ سے سخاوت مُراد ہے اور
زینب سب بی بیون مین زیادہ تر سخی تھین اس حدیث مین معجزہ ہے کہ آیندہ کی بات
فرمائی پہر ویسا ہی ہوا ق اَبُوْھُرَیْرَۃَ اَشْعَرُ کَلِمَۃٍ تَکَلَّمَتْ بِھَا الْعَرَبُ
کَلِمَۃُ لَبِیْدٍ اَلَا کُلُّ شَیْءٍ مَاخَلَا اللّٰہَ بَاطِلٌ بخاری اور مسلم مین ابو
ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ عمدہ سچے مضمون کا قصیدہ جسکو عرب نے
کہا لبید شاعر کا قصیدہ ہے جسکا یہہ مصرع ہے کہ اللہ کا نام سچا سب جہوٹہے جتن
یعنے سوای خدا کے ہر چیز مٹنے والی ہے ف زمانہ جاہلیت مین لبید نام ایک شاعر
عرب مین تہا اسکا کہا یہہ مصرع چون کہ حق تہا اور موافق قرآن کے مضمون کے تہا اسواسطے
اسکی تعریف فرمائی معلوم ہوا کہ جس شعر کا مضمون حق ہو اور حکمت اور نصیحت پر
مشتمل ہو اسکا پڑھنا شرع مین منع نہین بلکہ پسندیدہ ہے جیسے کلستان اور
بوستان اور مولوی روم کی مثنوی یا حدیقہ حکیم سنائی کا م اَبُوْھُرَیْرَۃَ
اَصْدَقُ مَنْ یُحَدِّثُ وَیَا اَصْدَقُ مُحَدِّثٍ مسلم مین ابوہریرہ سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ تم لوگون مین بہت سچی خواب والا نہایت سچ بولنے والا ہے
ف یعنے جسکی بات سچی اسکی خواب بہی سچی اسواسطے کہ جہوٹ بولنے سے آئندہ

دل تیرہ اور زنگ آلودہ ہو جاتا ہے تو خواب بین عالم مثال کے عکس ٹھیک ٹھیک
نہین پڑتے اسواسطے فاسق کی خواب اکثر پریشان ہوتی ہین م ابو ھریرۃ ۱۲۰۲
اَغیظ رجل علی اللہ یوم القیمۃ واخبثہ رجل کان یسمی ملک
الاملاک لا ملک الا اللہ مسلم مین ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
کہ نہایت پھٹکارا مرد خدا کی نزدیک قیامت کی دن اور نہایت ذلیل اور پلید
وہ مرد ہے جسکا شاہنشاہ اور مہاراج نام رکھا جاوے حقیقت مین کوئی بادشاہ
جہانکا مالک نہین سوائے خدا کے ف ایرانکے بادشاہون کو شاہنشاہ کہتے
ہے جسکا ترجمہ عربی مین ملک الاملاک اور ہندی مین مہاراج ہے چونکہ اسمین کہلا
شرک تہا اور صاف بی ادبی تہی اس واسطے حضرت نے منع کیا تا چار بندے کو کب
مناسب ہے کہ چہوٹا مونہہ بڑا بول بولے اسی طرح جو اسم کہ خدا کو خاص ہے
غیر خدا کو درست نہین جیسے رحمان اور قدوس م جابر افضل الصلوٰۃ ۱۲۰۳
طول القنوت مسلم مین جابر رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ افضل نماز
وہ ہے جسکا قیام دراز ہو ف زیادہ قیام سی نماز اسواسطے افضل ہوئی کہ جتنا
قیام زیادہ اُتنی قرأتکی قرأت زیادہ علمائی کہا ہے کہ ذکر رکوع اور سجود کی کثرت
بہتر ہے اور تہجد کی نماز مین طول قیام افضل ہے م ثوبان افضل دینار ۱۲۰۴

يُنفِقُهُ الرَّجُلُ دِينَارٌ يُنفِقُهُ عَلَى عِيَالِهِ وَدِينَارٌ يُنفِقُهُ الرَّجُلُ
عَلَى دَابَّتِهِ فِي سَبِيلِ اللهِ وَدِينَارٌ يُنفِقُهُ عَلَى أَصْحَابِهِ فِي
سَبِيلِ اللهِ مسلم مین ثوبان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ بہتر دینار
جسکو مرد خرچ کرے وہ دینار ہے جسکو اپنی جورو اور لڑکون پر خرچ کرتا ہے
اور وہ دینار افضل ہے جسکو جہاد مین اپنی سواری پر خرچ کرتا ہے اور وہ
دینار بہتر ہے جسکو جہاد مین اپنے ساتھیون پر یعنے کر نوکر چاکر یا اور غازیون پر خرچ کرتا ہے
ف جورو لڑکون پر مال خرچ کرنا اسواسطے افضل ہوا کہ فرض ہے اور اپنے گھوڑے پر
خرچ کرنا اسواسطے بہتر ہوا کہ مملوک ہے خصوصا راہ خدا مین زیادہ تر پرورش کے لایق ہوا
اور غازیون پر صرف کرنا دین کی امداد ہے اور احسان معلوم ہوا کہ فقیرون کے دینے سے
اپنے جورو لڑکون کا دینا مقدم اور افضل ہے اسواسطے کہ فرض ہے اور خیرات نفل ہے
اور حالانکہ فرض ادا کرنا نفل سے افضل ہے ۵ أَبُو هُرَيْرَةَ أَفْضَلُ الصِّيَامِ
بَعْدَ رَمَضَانَ شَهْرُ اللهِ الْمُحَرَّمُ وَأَفْضَلُ الصَّلَوٰةِ بَعْدَ الْفَرِيضَةِ
صَلَوٰةُ اللَّيْلِ مسلم مین ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ
افضل روزہ بعد رمضان کے محرم خدا کے مہینے کا روزہ ہے اور افضل نماز
بعد فرض پنجگانہ کے رات کی نماز ہے یعنی تہجد کی نماز ف محرم کا روزہ بسبب

صوم عاشورا کے افضل ہوا اور تہجد کی نماز اسوسطے افضل ہوئی کہ اسمین محنت
اور مشقت نفس پر بہت ہے اُسوقت اکثر حضور دل سی نماز ہوتی ہے اور ریا کا
اسمین دخل نہین ہے م ابوھریرۃ اقرب ما یکون العبد من ربہ ۱۲۰۶ م
وھو ساجد فاکثروا الدعاء مسلم مین ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
کہ بندہ نہایت نزدیک تر ہوتا ہے سجدہ کی حالت مین سو سجدہ مین بہت دعا کیا
کرو ف سجدہ مین کمال رتبہ تعظیم کا ہے اور بندگی کی نہایت عاجزی ہے کہ اسنے
اپنے اشرف الاعضا کو خاک پر اپنے مالک کے واسطے رکھا اس سبب سے اُسکو اس
حالت مین نہایت قرب الٰہی حاصل ہوتا ہے اور کمال رحمت الٰہی اُسپر متوجہ ہوتی ہے
تو ایسے وقت مین دعا مانگنا غنیمت جانے ق ام حرام بنت ملحان اول ۱۲۰۷ ق
جیش من امتی یغزون البحر قد اوجبوا بخاری اور مسلم مین ام حرام ملحان کی
بیٹی سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اول لشکر میری اُمت سی جو سمندر مین جہاز پر
چڑھ کر کافرون سی لڑیگا اُن پر بہشت واجب ہوا ق ام حرام بنت ملحان ۱۲۰۸ ق
اول جیش من امتی یغزون مدینۃ قیصر مغفور لھم بخاری اور
مسلم مین ام حرام ملحان کی بیٹی سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ پہلا لشکر میری
امت کا جو روم والے بادشاہ کے شہر یعنی شہر قسطنطنیہ سے لڑیگا وہ بخشے گئے

ف ام خرام سے روایت ہے کہ ایک روز حضرت میری گھر مین سوئے اور ہنستے ہوئے
جاگے مین نی پوچھا کہ یا حضرت آپ کی اس خوشی کا کیا سبب ہے تب حضرت نے
فرمایا کہ مین نی خواب مین دیکھا کہ میری اُمت کی لوگ جہاز پر سوار جہاد کرتے ہین
جیسے بادشاہ اپنے تختون پر براجمان ہوتے ہین سو جو لشکر کہ اول سمندر مین جہاد
کریگا انکو بہشت واجب ہوا مین نی کہا یا حضرت دعا کیجئے کہ مین اُن غازیون مین
شریک ہون حضرت نی فرمایا کہ تو اُنمین داخل ہے چنانچہ ام خرام اپنے خاوند
یعنے عبادہ بن صامت کے ساتھ معویہ کی حکومت مین شام کے ملک سے سمندر مین جہاز پر
سوار ہوکر روم کے جہاد مین شریک ہوئین پھر جہاز سے اُترکے گھوڑے پر
گرکے شہید ہوئین ام خرام سی روایت ہے کہ حضرت اُسی دن دوسری بار سوئے
پھر ہنستے ہوئے جاگے مین نے پوچھا کہ یا حضرت خوشی کا کیا سبب ہے تب حضرت نے
یہہ حدیث فرمائی یعنے جو لشکر کہ قسطنطنیہ سی لڑیگا اُسکے گناہ معاف
ہوگئے مین نی کہا کہ یا حضرت مین بھی اُن غازیون مین ہون گی حضرت نے فرمایا
کہ تو اُنمین نہین تو اول قسم کے غازیون مین ہے یہہ حدیث معجزہ ہے کہ حضرت نے
جیسے آیندہ کی بات کی خبر دی ویسی ہی ہوئی ۱۲۰۶ م ابن مسعود اَوَّلُ مَا
یُقْضٰی بَیْنَ النَّاسِ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ فِی الدِّمَاءِ مسلم مین عبداللہ بن

مسعود

مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ لوگون مین اول فیصلہ
قیامت کی دن خونون مین ہوگا ف مقصود اصلی دنیا مین انکی حیات ہے
اور کشت خون اسکے مخالف ہے اور سب گناہ بعد کفر اور شرک کے اس سے
پیچھے ہین تو اول خونریزی کا فیصلہ مقدم ہوا اس حدیث مین اشارہ ہے
کہ قتل کو آسان نہ سمجھنا چاہئے خدا کے نزدیک ایسا سخت گناہ ہے کہ قیامت مین
اول اسی کا فیصلہ ہوگا خ اِنَّ اَھْوَنَ النَّاسِ عَذَابًا اَبُوْ طَالِبٍ وَھُوَ مُنْتَعِلٌ بِنَعْلَیْنِ یَغْلِیْ مِنْھُمَا دِمَاغُہٗ بخاری مین
عبداللہ بن عباس سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ سب آدمیون مین نہایت
ہلکا عذاب والا ابو طالب ہے اسکے پاؤن مین دو آگ کی جوتیان ہین جنسے
اسکا دماغ ابلتا ہے ف ابو طالب نے کلمہ نہ پڑھا اسواسطے دوزخ نصیب
ہوا اور حضرت سے نہایت سلوک کرتے تھے اسواسطے سب دوزخیون سے اونچا
عذاب ہلکا ہے معاذاللہ جب ہلکے عذاب کا یہہ حال ہے کہ جسسے دماغ
مثل ہانڈی کے جوش مارتا ہے تو سخت عذاب کو خیال کیا چاہئے کہ کیسا ہوگا

## فصل

اس فصل مین وہ حدیثین ہین جنکے سرے پر کل کا لفظ آیا ہے

ق ۱۲۱۱ ق ابو ہریرۃ کل بن ادم تاکلہ الارض الا عجب الذنب منہ خلق فیہ یرکب بخاری اور مسلم مین ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تمام آدمی کے بدن کو زمین کہا جاتی ہے سوای ہڈی کے اسی سے آدمی پیہلے بنایا گیا اور اسی مین جوڑا جاویگا ف عجب الذنب اس ہڈی کو کہتے ہین جہان سے جانور کی دم جمتی ہے آدمی کے بدن مین اسکو ڈہڈی کہتی ہین سو فرمایا کہ آدمی کا بدن تمام مٹی مین کل جاتا ہے مگر ہڈی نہین کلتی آدمی کی پیدایش پیٹ مین اول وہین سے شروع ہوتی ہے اور قیامت مین بہی اسی ہڈی سے ترکیب شروع ہوگی سب بدن کی خاک وہان متصل ہوکر جیسا بدن تہا ویسا طیار ہو جاویگا یہہ جو فرمایا کہ ڈہڈی نہین کلتی یا تو سب نہ کلتی ہو کی یا اسکے باریک باریک اجزا اصلی نہ گلتے ہون گے اگرچہ غیر اصلی اجزا کل جاوین م ۱۲۱۲ ابو ہریرۃ کل المسلم علی المسلم حرام دمہ وعرضہ ومالہ مسلم مین ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ سب چیز مسلمان کی مسلمان پر حرام ہے اسکا خون اور اسکی عزت آبرو اور اسکا مال ف حضرت نے حجۃ الوداع مین جہان ہزارون مسلمان جمع تہے یہہ حدیث فرمائی اور فساد اور ظلم کی جڑ کاٹ دی اسواسطے کہ اکثر عالم مین فساد انہین تینون کامون مین ہوتا ہے چنانچہ جب مسلمانکا ناحق خون کرنا حرام ہوا

خون کا جھوٹہا دعوی کرنا اسکی ناحق کواہی دینا بہی حرام ٹہرا اور جب مسلمانکی آبرو
ریزی منع ہوئی تو اسکو ذلیل کرنا مسخراپن کرنا اسکے جورو بیٹی سی حرامکاری اسکی
چغلی کہانا غیبت کرنا بہی حرام ہوا اور جب اسکا مال لینا درست نہوا تو قطاع
الطریقی چوری دغابازی ڈانڈ رشوت قمار بازی خرچی بہی حرام ہوگئی اسواسطے کہ ان
کا موں سے مال ناحق برباد ہوتا ہے محافظت مال نبی شریعت کی عمدہ غرض ہے
سو اسکا بیان اس حدیث مین بخوبی فرمادیا ق ابوھریرۃ کل امتی
معافی الا المجاھرون وان من الاجھار ان یعمل العبد باللیل
عملا ثم یصبح قد ستر ربہ فیقول یا فلان عملت البارحۃ کذا
وکذا وقد بات یستر ربہ ویصبح یکشف ستر اللہ عنہ
بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ سب میری امت کی گناہ
معاف ہونگے مگر انکے گناہ نہین معاف ہونگے جو اپنے پوشیدہ گناہون کو ظاہر
کرتے ہین اور البتہ یہہ بات بہی اظہار مین داخل ہے کہ بندہ رات کو کوئی برا کام کرے
پہر اسکو صبح اس حالت مین ہو کہ اسکے رب نے اس گناہ کو چہپا ڈالا ہو سو وہ شخص
خود یون کہے کہ او میان فلانے مین نے رات کو ایسا ایسا کام کیا رات کو اسکے
رب نے گناہ پر پردہ ڈالا اور وہ صبح کو خدا کے اوپر دیکو کہولتا ہے ف پوشیدہ

گناہ کو لوگون سی ظاہر کرنا ایسا سخت گناہ کبیرہ ہے کہ معاف نہو گا اسوسطے کہ
اسمین گناہ پر جرأت اور بی پروائی ثابت ہوتی ہے اور صاف ظاہر ہوتا ہے کہ ظاہر
کرنیوالا خدا سی نہین ڈرتا اور یہہ جو بعضی نادان کہتی ہین او صاحب جسکا خدا سے
پردہ نہین اسکا آدمی سے پردہ کرنا کیا ضرور سو غلط سمجھے ہین کہ اگر وہ شرماتا اور
ظاہر نہ کرتا تو البتہ خدا اسکی پردہ پوشی کرتا اور جب کہ اُسنے بیحیایان کر خود اپنا پردہ
فاش کیا تو مغفرت اور پردہ پوشی کے لایق نرہا اور حدیث مین آیا ہے کہ پوشیدہ
گناہ کی پوشیدہ توبہ کرے اور ظاہر گناہ کی ظاہر ہوکر توبہ کرے تاکہ نیک لوک
خوش ہوکر اسکی توبہ کے گواہ ہون یا اور گناہگار اسکو دیکھہ کر توبہ پر مستعد ہون خ

۱۲۱۴ خ

أَبُو هُرَيْرَةَ كُلُّ أُمَّتِي يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ إِلَّا مَنْ أَبَى قِيلَ وَمَنْ يَأْبَى
قَالَ مَنْ أَطَاعَنِي دَخَلَ الْجَنَّةَ وَمَنْ عَصَانِي فَقَدْ أَبَى بخاری مین ابو
ہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ سب میری اُمت بہشت مین داخل ہوگی مگر جسنے
کہ نمانا اور انکار کیا لوگون نے کہا کہ انکار کرنے والا کون ہے حضرت نے فرمایا کہ جسنے
میری اطاعت کی اور میری سنت پر چلا وہ بہشت مین داخل ہوگا اور جسنے میری نافرمانی
کی یا بدعت نکالی یا شریعت سے راضی نہوا اُسنے نمانا اور وہی منکر ہوا **اف** اس
حدیث مین اتباع سنت کی فضیلت ہے اور بدعت و احکام شرعی سے نراضی ہونے پر انکار ہے

ق ابو هریرة کل سلامی من الناس علیه صدقة کل یوم
تطلع فیه الشمس تعدل بین الاثنین صدقة و تعین الرجل فی
دابته فتحمله علیها او ترفع له علیها متاعه صدقة والکلمة
الطیبة صدقة و بکل خطوة تمشیها الی الصلوٰة صدقة و تمیط
الاذی عن الطریق صدقة بخاری اور مسلم مین ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ ہر روز جس مین آفتاب نکلے آدمیو نکی ہر ایک ہڈی اور ہر ایک جوڑ جوڑ پر
صدقہ ہے انصاف کرنا دو شخصون مین خیرات ہے مدد کرنا مرد کا اسکی سواری مین سوار کو
سواری پر چڑہا دینا اسکا اسباب اسکے جانور پر اٹہا کر لاد دینا خیرات ہے اور نیک بات ہے
کسیکا دل خوش کر دینا یا لا الہ الا اللہ پڑہنا بہی خیرات ہے اور ہر ایک ڈگ جو نماز کے واسطے
چلے خیرات ہے اور تکلیف والی چیز جیسے کانٹا اور ہڈی اور پتھر کو راہ سے دور کرنا
خیرات ہے ف یعنے ہر روز ہر آدمی کو خیرات کرنا لازم ہے اس واسطے کہ ہر روز
زندگی دینا اور چنگا رکہنا خدا کا تازہ احسان ہے تو بندون کو اسکی شکرگذاری بہی
ضرور ہے پہر فرمایا کہ شکرگذاری اور خیرات صرف مال ہی پر موقوف نہین جو تم پر
ہر روز مشکل پڑے بلکہ انصاف اور عدل کرنا یا تہکے ماندی کو اسکی سواری پر سوار
کرا دینا اسکا اسباب لاد دینا نماز کے واسطے مسجد مین حاضر ہونا راہ سی موذیات کو

۱۲۱۵ ق

دور کرنا یہہ سب کام خیرات اور صدقا تہین داخل ہین اسین سی جو سامنے آوے اسکو
کرے اور اپنی بدنکی صحت اور قوت کی شکرگذاری خدا کی رضامندی کی واسطی بجا لاوے
ق ابو موسی کل شراب اسکر فھو حرام بخاری اور مسلم مین ابو
موسی رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جو پینے کی چیز نشہ لاوے اور مت کرے وہ حرام
ہے ف اسمین بنگ اور بوزہ اور شراب اور تاڑی سب داخل ہین انکا قلیل اور
کثیر اکثر امامون کے نزدیک برابر ہے باقی تحقیق آگے آویگی ق ابن عمر کل ۱۲۱۶ ق
شیئ بقدر حتی العجز والکیس او الکیس والعجز بخاری اور مسلم مین
عبداللہ بن عمر سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ہر ایک چیز خدا کی تقدیر سی ہے
یہان تک کہ حمق اور عقلمندی بہی تقدیر سی ہے راوی کو شک ہے کہ حضرت نے اول
عجز کا لفظ فرمایا یا کیس کا ف یعنے جب ہر چیز تقدیر سی ٹہری تو نادانی اور
ہوشیاری بہی تقدیر سے ہے تو دانا کو لازم ہے کہ اپنی دانائی پر گہمنڈ نہ کرے
اپنی تدبیر اور کرتب کا اسمین دخل نہ سمجہے اور نادان پر نہ ہنسے بلکہ خدا کا شکر
کرے کہ اسکو ہوشیار کیا دیوانہ بادلا نہین کر ڈالا ق ابن عمر کلکم راع ۱۲۱۷ ق
وکلکم مسئول عن رعیتہ بخاری اور مسلم مین عبداللہ بن عمر سی
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تم لوگون مین ہر ایک شخص حاکم ہے اور ہر ایک

اپنی رعیت اور زیردست سے پوچھا جاویگا ف پوری اس حدیث کی یون روایت ہے پادشاہ سب ملک پر حاکم ہے تو اپنی تمام رعیت سے پوچھا جاویگا کہ انصاف کیا یا ظلم اور مرد اپنے کہر اور جورو پر حاکم ہے تو وہ بہی پوچھا جاویگا کہ اسنے نیک کام سکہلایا اور گناہ سے رد کایا نہین اور جورو اپنے خاوند کے مال اور کہر کی حاکم ہے تو وہ بہی پوچھی جاویگی کہ اسنے اسکی خیرخواہی اور مال کی حفاظت کی یا نہین اسیطرح غلام اور نوکر بہی پوچھا جاویگا کہ اسنے اپنے میان اور آقا کی خیرخواہی اور اسکے مال کی حفاظت کی یا نہین غرض کہ ہر شخص اپنے زیردست اور اپنی قابو والی چیز سے قیامت مین پوچھا جاویگا کہ تو نے باوجود قدرت اور قابو کے اسکا حق کیون نہ ادا کیا اسطرح کا سوال صرف پادشاہی موقوف نہین ۱۲۱۹ م

عَنْ جَابِرٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ کُلُّ مُسْکِرٍ حَرَامٌ اِنَّ عَلَی اللّٰہِ عَہْدًا لِمَنْ شَرِبَ الْمُسْکِرَ اَنْ یَسْقِیَہٗ مِنْ طِیْنَۃِ الْخَبَالِ قَالُوْا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ مَا طِیْنَۃُ الْخَبَالِ قَالَ عَرَقُ اَہْلِ النَّارِ اَوْ عُصَارَۃُ اَہْلِ النَّارِ

مسلم مین جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جو نشہ والی چیز ہے وہ حرام ہے بی شک خدا پر اسکا عہد ہے کہ جو نشہ دار چیز پیئے گا اسکو فاد کی مٹی پلاویگا اصحابون نے کہا یا رسول اللہ فاد کی مٹی سی کیا مراد ہے حضرت نی فرمایا کہ دوزخیون کا پسینہ یا دوزخیون کا پخ ریعنے پیپ ف مصابیح مین روایت ہے کہ یمن کا ایک شخص حضرت پاس آیا اسنے کہا کہ ہماری ملک مین جوار کی شراب لوگ پیتے

اسکو مرت کہتی ہین حضرت نی فرمایا کہ کیا اُسمین نشہ ہوتا ہے اُسنے کہا کہ ہان
تب حضرت نی یہہ حدیث فرمائی ق اِبْنُ عُمَرَ کُلُّ مُسْکِرٍ خَمْرٌ وَ کُلُّ مُسْکِرٍ
حَرَامٌ وَمَنْ شَرِبَ الْخَمْرَ فِی الدُّنْیَا فَمَاتَ وَ هُوَ یُدْمِنُهَا لَمْ یَتُبْ لَمْ
یَشْرَبْهَا فِی الْاٰخِرَةِ بخاری اور مسلم مین عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ ہر ایک نشہ دار چیز شراب ہے اور سب نشہ والی چیزین حرام ہین
اور جسنے شراب پی دنیا مین پھر وہ شراب کا سدا پیتا بدون توبہ کئے مرگیا تو وہ آخرت
مین بہشت کی شراب نہ پیئے ک اس حدیث سے صاف معلوم کہ جو چیز مست کردے
اور نشہ لاوے وہ شراب ہے اور حرام خواہ انگور سے بنے خواہ کھجور خواہ منقے یا شہد
یا کہون یا جوار یا باجرا یا جو سی یا درخت کا عرق ہو جیسے تاڑی اور سیندھی یا کوئی
گھاس ہو جیسے بھنگ وغیرہ قلیل اور کثیر اُسکا سب حرام ہے اور یہی مذہب امام
مالک و امام شافعی اور امام احمد اور امام محمد اور محدثین کا ہر چند امام اعظم کے نزدیک
نجس حرام شراب وہی ہے جو شیرۂ انگور سے بنے اور جوش مارکے کاڑھی ہو کر جھاگ
لاوے اور چیزین اسکے سوا بدون نشے کی حرام نہین لیکن اکثر محتاط محققین کے
نزدیک امام محمد کے قول پر فتوی ہے چنانچہ ہدایہ اور زیلعی اور عینی اور فتاوی عالمگیری
اور در مختار اور شامی اور طحطاوی مین مذکور ہے چنانچہ مولانا عبدالعلی لکھنوی نے تاڑی اور

نان پاؤ کی حرمت پر جواب استفتا مین اس مطلب کو خوب بیان کیا ہے اور پچاس
ف ۱۲۲۱ ساٹھ علما حنفی اور شافعی نے اسپر دستخط کئی ہین جو چاہے اسکو دیکھے ق
ابن عباس کل مصور فی النار بخاری اور مسلم مین عبداللہ بن عباس سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ہر ایک تصویر بنانے والا دوزخ مین ہے ف
یعنے جاندار کی صورت بنانا حرام ہے ق جابر کل معروف صدقۃ
ق ۱۲۲۲ بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ہر ایک بھلی بات بھلا
کام صدقہ ہے ف یعنے اسمین خیرات کے برابر ثواب ہے

## فصل

اس فصل مین وہ حدیثین ہین جنکے سر پر قد کی لفظ آئی ہے

ق ام ہانی بنت ابی طالب قد اجرنا من اجرت وامنا
ف ۱۲۲۳ من امنت قالہ یوم فتح مکۃ بخاری اور مسلم مین ام ہانی ابو طالب کی
بیٹی سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ہم نے پناہ دی جسکو تو نے پناہ دی
اور ہم نے امن دیا جسکو تو نے امن دیا یہ حضرت نے ام ہانی سے فرمایا جبکہ
مکہ فتح ہوا ف ام ہانی نے اپنے خاوند کے رشتہ دار کو پناہ دی تھی علی مرتضی نے
اسکے قتل کا ارادہ کیا ام ہانی نے اپنے بھائی کا شکوہ حضرت سے عرض کیا تب

ف ١٢٢٤ حضرت نی یہہ حدیث فرمائی ف جابرؓ قد اخذت جملک بأربعۃ دنانیر
ولک ظہرہ الی المدینۃ قالہ البخاری اور مسلم مین جابر رضی اللہ عنہ سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ہم نی تیرا اونٹ چار دینار کو لیا اور تجھکو مدینے تک
اسکی سواری کی اجازت ہے یہہ حضرت نی جابر سے فرمایا ف جابر سے روایت ہے کہ مین سفر
مین حضرت کے ساتھہ تھا میرا اونٹ نہایت تھک گیا تھا مین سب کے پیچھے پڑا رہتا تھا
ایکبار حضرت میرے پاس ہوکر نکلے سو میرے اونٹ کو ایک کوڑا مارا پھر وہ اونٹ خوب
تیز رفتار ہوگیا کہ کبھی ویسا تیز قدم نہ تھا پھر حضرت نی فرمایا کہ اس اونٹ کو ہمارے
ہاتھہ بیچ ڈال مین نی اسکو بیچا لیکن مدینے تک کی سواری شرط کرلی تب
حضرت نی یہہ حدیث فرمائی پھر جب مدینے مین پہنچے تو مین حضرت کے پاس اس اونٹ کو
لے گیا حضرت نی چار دینار اور پانچ جو کے برابر سونا قیمت سے زیادہ دیا اور فرمایا
کہ قیمت اور اونٹ دونون تجھکو دئے ف جب چیز بیچی تو بایع کو اسمین کچھہ
شرط کرلینا درست نہین اور جابر نی جو سواری کی شرط کی تھی سو حقیقت مین شرط
نہ تھی بلکہ حضرت کیطرف سے احسان تھا سواری کی اجازت بطور عاریت تھی یا کہ یہہ بات
حضرت کو خاص تھی اور ظاہر احضرت کو جابر پر احسان کرنا منظور تھا مول لینا ہی
غرض نہ تھا ه عبداللہ بن عمرو قد افلح من اسلم ورزق کفافا ١٢٢٥ ه

وَقَنَّعَهُ اللّٰهُ بِمَا اٰتَاهُ مسلم مین عبداللہ بن عمرسے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
کہ البتہ مراد کو پہنچا جو مسلمان ہوا اور اسکو بقدر ضرورت روزی ملی اور خدا نے
جتنا اسکو دیا اُسپر قناعت نصیب کی ف قناعت والے ایماندار کو اسواسطے
کامیاب فرمایا کہ ایمان کے سبب سے اسکی آخرت سنوری اور قوت ضروری سے
دنیا کی تکلیف بھی نہوئی تو گویا دونو جہان سے برخوردار ہوا اور اگر ایمان ہوا اور
قناعت نہوئی تو ایمان کی خوبی اور لطف مطلق ظاہر نہین ہوا طمع آدمی کو نظرون مین
ذلیل اور حقیر کردیتی ہے شعر ای قناعت تو اکرم گردان کہ ورای تو ہیچ لذت
نیست لیکن اہل وعیال کے ضروریات کو طلب کرنا قناعت کے مخالف نہین
بلکہ طمع زاید از حاجت چیز کی تلاش کا نام ہے خ اِبْنُ عُمَرَ قَدْ بَلَغَنِی ۲۶ خ
اَنَّکُمْ قُلْتُمْ فِی اُسَامَةَ وَاَنَّهُ اَحَبُّ النَّاسِ اِلَیَّ بخاری مین عبداللہ بن
عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مجھکو یہہ خبر پہنچی ہے کہ متعلق غنی اُسکے تم
کچھ کہتے ہے اور البتہ اُسامہ میرے نزدیک آدمیون سے زیادہ پیارا ہے ف اُسامہ کو حضرت نے
آخر عمر مین ایک لشکر کا سردار کیا بعضے لوگون نے کہا کہ نوجوان کو بڑے بڑے
اصحاب پر سردار کرنین کیا حکمت ہے تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی م اُبَیُّ بْنُ کَعْبٍ ۱۲۲۷ م
قَدْ جَمَعَ اللّٰهُ لَکَ ذٰلِکَ کُلَّهُ فَاَوْحَلَ بِنَا الْاَنْصَارِ قِیْلَ لَهُ اَشْتَرَتْ

حِمَارًا تَرْكَبُ فِي الظَّلْمَاءِ وَفِي الرَّمْضَاءِ وَكَانَ لَا تُخْطِئُهُ صَلٰوةٌ مَعَ
بُعْدِهِ مِنَ الْمَسْجِدِ فَقَالَ مَا يَسُرُّنِي اَنَّ مَنْزِلِي اِلٰى جَنْبِ الْمَسْجِدِ اِنِّي
اُرِيْدُ اَنْ يُكْتَبَ لِي مَمْشَايَ اِلَى الْمَسْجِدِ وَرُجُوْعِي اِذَا رَجَعْتُ اِلٰى
اَهْلِي مسلم میں ابی بن کعب سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ البتہ میں کر رکھا ہے
فلانے تیرے واسطے یہ سب کچھ حضرت نے اس انصاری مرد سے فرمایا کہ جس سے
لوگو نے کہا کہ اگر تو سواری مول لے اور تاریکی اور گرمی کے وقت نماز کے واسطے
اس پر سوار ہوا کرے تو مناسب ہے اور اس مرد کا حال یہ تھا کہ کوئی جماعت کی نماز سے
نہ چھوٹتی تھی باوجودی کہ وہ حضرت کی مسجد سے دور رہتا تھا تو اس نے جواب دیا کہ مجھکو
اس بات کی خوشی نہیں کہ میرا گھر مسجد کی متصل ہو اسواسطے کہ میں یہہ چاہتا ہوں کہ
مسجد کیطرف میرا آنا لکھا جاوے اور جب مسجد سے اپنے گھر جاؤں تو پلٹنے کا بھی ثواب لکھا جاوے
ف معلوم ہوا کہ مسجد کی آمد و رفت دونوں ثواب ہے جتنا گھر دور اتنے قدم زیادہ تو اتنا ثواب بھی
زیادہ ہوتا ہے ۱۲۲۸ مر ابن مسعود قد سالت اللہ لاجال مضروبۃ وآیاما معدودۃ
وارزاق مقسومۃ لن یعجل شیئا قبل حلہ ولن یؤخر شیئا
عن حلہ ولو کنت سالت اللہ ان یعیذک من عذاب فی النار
او عذاب فی القبر کان خیرا وافضل فالامر حبیبۃ رضی اللہ عنہا

لما سمعها تدعو وتقول اللهم متعني بزوجي رسول الله وبابي
ابي سفيان وبأخي معاوية سلم مين عبد الله بن مسعود رضي الله عنه سے روايت ہے کہ
حضرت نے فرمایا کہ تو نے خدا سے مانگا ٹھہری ہوئی مدتون اور گئی ہوئی دنون اور
بانٹی ہوئی روزیون کو خدا ہرگز نہ جلدی لاویگا کسی چیز کو اسکے ٹھہرائے
وقت سے پہلے اور نہ کسی چیز کو اسکے وقت معین سے تاخیر کریگا اور اگر تو خدا سے یہہ بات
مانگتی کہ تجھکو دوزخ کے عذاب سے یا قبر کے عذاب سے بچاوے تو بہتر اور افضل ہوتا
یہہ حضرت نے ام حبیبہ سے فرمایا جب کہ انکو یون دعا کرتے سنا کہ الٰہی مجھکو برخوردار
رکھہ میری خاوند کی طرف سے جو خدا کا رسول ہے اور باپ ابو سفیان کی طرف سے
اور بھائی معاویہ کی طرف سے **ف** یعنے موت اور زندگی اور رزق ہر ایک شخص کا
خدا کے نزدیک خاص خاص مدت مین مقرر ہو چکا ہے وقت معین سے تقدیم یا تاخیر
ممکن نہین تو اسکے دعا کرنے کی کچھہ حاجت نہین کہ خود بخود ہوگا اگرچہ یہہ سوال
حرام نہین لیکن ایماندار کو بہتر ہے کہ آخرت کے عذاب سے پناہ مانگے حلے واسطے
خدا رسول کا حکم ہے اور بندگی کی علامت ہے **ق** ابو ہریرہ قد عجب
الله من صنيعكما بضيفكما الليلة يعني رجلا من الانصار و
امرأته بخاری اور مسلم مین ابو ہریرہ رضی سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ خدا کو

ق ۱۲۲۹

بہت بھلا معلوم ہوا اور نہایت راضی ہوا آج کی رات تمہارے کام سے جو تم
دونون نے اپنے مہمان سے کیا ف حضرت کے پاس ایک محتاج نہایت بھوکا آیا
حضرت نی فرمایا کہ کوئی اسکی مہمانی کرے ابو طلحہ انصاری اسکو اپنے گھر لے گئے
جورو سے پوچھا کہ کچھ کھانا ہے اسنے کہا کچھ نہین ہے مگر لڑکون کا کھانا رکھا ہے ابو
طلحہ نے کہا کہ لڑکون کو سلا دے اور حضرت کے مہمانکی تواضع کر سو لڑکون کو سلا کر
مہمانکے آگے کھانا رکھا اور بی بی نے چراغ درست کرنے کے بہانے اٹھکر چراغ کو گل
دیا تاکہ مہمان جانے کہ گھر والے بھی میرے ساتھ کھاتی ہین تبھی کھانے سے نہ
شرماے چنانچہ وہ مہمان خوب کھانا کھا کر آسودہ ہو گیا اور گھر والے بھوکے سو رہے
حضرت کو وحی سے یہہ حال معلوم ہوا تب حضرت نی ابو طلحہ اور انکے بی بی سے
یہہ حدیث فرمائی سبحان اللہ حضرت کے اصحاب کیا حضرت پر فدا تھے اور کیا خالص
ایماندار تھے کہ محتاجی کے حالت مین اپنی جان پر اور محتاجون کو مقدم رکھتے تھے
چنانچہ اس مضمون کو حق تعالی نے قرآن مین فرمایا ہے وَيُؤْثِرُونَ عَلَىٰ أَنفُسِهِمْ
وَلَوْ كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ یعنے پیغمبر کے اصحاب اپنی جانون پر غیرونکو
مقدم رکھتے ہین اگرچہ انکو تنگی اور حاجت ہو بھلا ایسے کامل لوگون سے کیا ممکن
ہے کہ اہل بیت کا حق چھین لیوین اور ناحق صدیق اکبر سی بیعت کر لین حق تعالے

بدگمانی سے پناہ میں رکھے **خ** ۱۲۳۰ **خ** اَبُوْ هُرَيْرَةَ قَدْ كَانَ قَبْلَكُمْ مِنْ بَنِيْ
اِسْرَائِيْلَ رِجَالٌ يُكَلَّمُوْنَ مِنْ غَيْرِ اَنْ يَكُوْنُوْا اَنْبِيَاءَ فَاِنْ يَكُنْ فِيْ
اُمَّتِيْ اَحَدٌ فَعُمَرُ بخاری میں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا مقرر تمسے
پہلے بنی اسرائیل میں ایسے مرد تھے جنسے کلام ہوتا تھا یعنی خدا کی طرف سے انکے دل
میں الہام ہوتا تھا یا فرشتے کلام کرتے تھے حالانکہ وہ پیغمبر نہوتے سو ویسا مرد
اگر میری امت میں کوئی ہو گا تو عمر فاروق ہو گا **ف** بیشک حضرت کی امت سب
امتوں سے افضل ہے تو جب اکلی اُمتوں میں صاحب الہام اور کلام لوگ ہوئے
حضرت کی امت میں بطریق اولی ہوا چاہیں اس حدیث سے بڑی عمدہ فضیلت فاروق اعظم کی ثابت ہوئی

## فصل

اس فصل میں وہ حدیثیں ہیں جنکے سر پر لعد کی لفظ ہے

**م** ۱۲۳۱ **م** اَبُوْ هُرَيْرَةَ لَقَدِ احْتَظَرْتِ بِحِظَارٍ شَدِيْدٍ مِنَ النَّارِ قَالَ لِاِمْرَاَةٍ
قَالَتْ اُدْعُ اللّٰهَ لِيْ فَلَقَدْ دَفَنْتُ ثَلٰثَةً مسلم میں ابوہریرہ سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ البتہ تو نے تو اپنے گرد بڑا مضبوط ٹٹر بنایا دوزخ کے بچاؤ کا
یہ حضرت نے اس عورت سے فرمایا جسنے کہا تھا کہ یا حضرت میرے واسطے دعا کیجئے سو
البتہ میں تو تین لڑکے گاڑ چکی ہوں **ف** یعنے جسکے تین چھوٹے لڑکے

مرے اور اُسنے انکی آتش فراق مین صبر کیا وہ آتش دوزخ سے پناہ مین ہوگیا
عورت پوچھی تھی کہ بدقسمتی سے اسکی اولاد مرگئی اسواسطے اسنے حضرت سے دعا کو کہا
سو حضرت نے اسکی تسکین کردی کہ تو رنج نہ کر کہ اسکے سبب سے تو بلای عظیم سے بچ گئی

خ ۱۲۱۳ عُمَرُ لَقَدْ نَزَلَتْ عَلَیَّ اللَّیْلَةَ سُوْرَةٌ لَهِیَ اَحَبُّ اِلَیَّ مِمَّا طَلَعَتْ
عَلَیْهِ الشَّمْسُ ثُمَّ قَرَاَ اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِیْنًا بخاری مین حضرت عمر سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ البتہ آج کی رات مجھپر ایسی سورت اُتری کہ میرے نزدیک
تمام دنیا سے بہتر ہے پھر حضرت نے انا فتحنا کی سورت پڑھی ف جب حضرت نے حدیبیہ
مین بظاہر دب کر صلح کی تو اکثر اصحاب کو قلق تھا عمر فاروق کو سب سے زیادہ اسکا
رنج تھا تو اس واسطے اس غصہ سے لپٹتے ہوئے رات کو حضرت نے عمر فاروق سے
یہہ حدیث فرمائی کہ فتح کی بشارت سنکر انکا غم دور ہو جاوے ق ۱۲۱۳ اَبُوْهُرَیْرَةَ
لَقَدْ اَهْلَكْتُمْ اَوْ قَطَعْتُمْ ظَهْرَ الرَّجُلِ یَعْنِی الْمِطْرَی فِی الْمِدْحَةِ
بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ البتہ تمنے تو ہلاک کر ڈالا
یا یون فرمایا کہ تمنی تو اس مرد کی پیٹھ کاٹ ڈالی یہہ اُس شخص سے فرمایا
کہ جسنے دوسرے شخص کی بیجد تعریف کی ف حضرت نے ایک شخص کو سنا کہ دوسرے
شخص کی تعریف اور توصیف بڑھ بڑھ کے کرتا ہے تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی

یعنے بمبالغہ روبرو تعریف کرنا نہایت بدبات ہے کہ آدمی اپنی تعریف سنکر گھمنڈ
اتا ہے اور آپ کو بہتر سمجھکے تحصیل کمالات سے محروم رہتا ہے ۱۲۳۴ عمران بن حصین
لَقَدْ تَابَتْ تَوْبَةً لَوْ قُسِمَتْ بَيْنَ سَبْعِيْنَ مِنْ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ لَوَسِعَتْهُمْ
وَهَلْ وَجَدَتْ اَفْضَلَ مِنْ اَنْ جَادَتْ بِنَفْسِهَا لِلّٰهِ قَالَ لِلْجُهَنِيَّةِ الَّتِيْ
اَقَرَّتْ بِالْجَبَلِ مِنَ الزِّنٰى مسلم عمران بن حصین سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ البتہ اس عورت نے تعجبی توبہ کی ہے کہ اگر اسکی توبہ مدینہ والے ستر
کنبکا روں مین بانٹی جاوی تو معتبر انکو بھی کفایت کرنے اور بھلا اسنے
راہ خدا مین اپنی جان نثاری سی بھی کسی کو افضل پایا یہہ حضرت نے اس عورت کے
حق مین فرمایا جو جہینہ کی قوم سی تھی جسنے حرام کاری کے عمل کا اقرار کیا تھا ف حضرت کے
روبرو ایک حاملہ عورت آئی اسنے کہا یا حضرت مین نے حرامکاری کا گناہ کیا
مجھکو سزا دیجئے اور حد مارے حضرت نے اسکے والی سے فرمایا کہ اسکو اچھی طرح رکھہ
جب یہ جنے تو میری پاس اسکو لانا پھر جیسا اسکے لڑکا پیدا ہوا تو وہ حضرت کے
پاس اسکو لایا حضرت نے اسکے کپڑے اسکے بدن پر مضبوط بندھوائے تاکہ بدن
نہ کھل جاوے پھر وہ پتھروں سے ماری گئی حضرت نے اسکی جنازہ کی نماز پڑھی تو حضرت
عمر فاروق نے کہا کہ یا رسول اللہ آپنے اسپر نماز پڑھی حالانکہ اسنے حرام کاری کی

تب حضرت نی یہ حدیث فرمائی یعنے اسکی حرامکاری کسی کو معلوم نہ تھی اسنے
خود خوف خدا سی اقرار کیا اور حد کے واسطے اپنی جان دی اسکی توبہ ایسی خالص
ہے کہ ستر گناہگارون کے مغفرت کی واسطے کفایت کرتی ہے اس حدیث سے معلوم
ہوا اگر حرامی حمل ہو تو بدون بچہ پیدا ہوئے اسپر حد نہ مارنا چاہئے کہ معصوم بچہ ضایع نہو
سبحان اللہ حضرت کے وقت کی کیا برکت تھی کہ اگر کسی سے گناہ بھی ہوجاتا تھا تو عذاب
آخرت کا اتنا اسکو ڈر ہوتا تھا کہ اپنی جان دینا اسکو آسان معلوم ہوتا تھا
ایمان اسکا نام ہے خ ابو ہریرۃ لقد تحجرت واسعا فالنبی لاعرابی خ ۱۲۳۵
قال ارحمنی ومحمدا ولا ترحم معنا احدا بخاری میں ابو ہریرہ سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ البتہ تو نے تو تنگ پکڑا کشادہ رحمت والے کو یہ حضرت نے
اس جنگلی آدمی سے فرمایا جسنے یون دعا مانگی الٰہی مجھپر رحم کر اور محمد پر اور ہمارے
ساتھ کسی اور پر رحم نہ کر ف یعنے رحمت الٰہی میں بڑی وسعت ہے جہانکے
گناہگارون کو کفایت کرتی ہے تو کیون تنگ حوصلہ ہوتا ہے م انس لقد رایتنی م ۱۲۳۶
اثنی عشر ملکا یبتدرونها ایهم یرفعها فاتی لرجل جاء وقد
حفزه النفس فقال الله اکبر الحمد لله کثیرا طیبا مبارکا فیه و
قیل الرجل هو رفاعة بن رافع الانصاری مسلم میں انس رضی اللہ عنہ سے

روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ البتہ مین نی دیکھا بارہ فرشتون کو کہ اسکی طرف
جھپٹتے تھے کہ اینمین کون فرشتہ اسکو اٹھا لیجاوے یہہ حضرت نی اس مرد سی فرمایا
جو اٹھتا آیا پھر اسنے کہا اللہ اکبر الحمد للہ کثیرا طیبا مبارکا فیہ بعضون نی کہا کہ وہ
مرد رفاعہ بن رافع الانصاری ہے ف حضرت نماز مین تھے کہ رفاعہ انصاری
جماعت کے واسطی دوڑتے ہوئے آئے اور نماز مین یہہ کلمات پڑھے حضرت نی
بعد نماز کے پوچھا کہ یہہ کلام کس نے پڑھا اصحاب نی رفاعہ کی طرف اشارہ کیا تب
حضرت نی یہہ حدیث فرمائی معلوم ہوا کہ ذکر الہی کے واسطے فرشتے مقرر ہین کہ اسکو آسمان پر
اٹھا لیجاتے ہین م ۱۳۳۷ ابو ہریرۃ لقد رأیت رجلا یتقلب فی الجنۃ
فی شجرۃ قطعھا من ظھر الطریق تؤذی الناس مسلم مین ابو ہریرہ سے روایت ہے
کہ حضرت نی فرمایا کہ البتہ مین نی تو دیکھا ایک مرد کو کہ بہشت مین چلتا پھرتا تھا بسبب
ثواب اس درخت کے جسکو اس نی راہ سے کاٹ ڈالا تھا اس درخت سی لوگون کو تکلیف تھی
ف معلوم ہوا کہ خلق کی راحت رسانی بہشت مین پہنچاتی ہے م ۱۳۳۸ ابو ھریرۃ لقد
رأیتنی فی الحجر وقریش تسألنی عن مسرای فسألتنی عن أشیاء من
بیت المقدس لم أثبتھا وکربت کربۃ ما کربت مثلھا قط فرفعھا
اللہ لی أنظر إلیہ ما یسألونی عن شیء إلا أنبأتھم بہ وقد

رَأَيْتُنِي فِي جَمَاعَةٍ مِنَ الْأَنْبِيَاءِ فَإِذَا مُوسَى قَائِمٌ يُصَلِّي فَإِذَا
رَجُلٌ جَعْدٌ ضَرْبٌ كَأَنَّهُ مِنْ رِجَالِ شَنُوءَةَ وَإِذَا عِيسَى بْنُ مَرْيَمَ
قَائِمٌ يُصَلِّي أَقْرَبُ النَّاسِ بِهِ شَبَهًا عُرْوَةُ بْنُ مَسْعُودٍ الثَّقَفِيُّ وَإِذَا
إِبْرَاهِيمُ قَائِمٌ يُصَلِّي أَشْبَهُ النَّاسِ بِهِ صَاحِبُكُمْ يَعْنِي نَفْسَهُ فَحَانَتِ
الصَّلَوٰةُ فَأَمَمْتُهُمْ فَلَمَّا فَرَغْتُ مِنَ الصَّلَوٰةِ قَالَ قَائِلٌ يَا مُحَمَّدُ
هَذَا مَالِكٌ صَاحِبُ النَّارِ فَسَلِّمْ عَلَيْهِ فَالْتَفَتُّ إِلَيْهِ فَبَدَأَنِي بِالسَّلَامِ مسلم

ہین ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ البتہ مین تو حطیم مین تہا اور قریش مجھسے
شب معراج کا حال پوچھتے تہے سو قریش نے بیت المقدس کی وہ چیزین اور نشانیان
پوچھین تو مجھکو خوب یاد نہین اور مجھکو رنج ہوا کہ ویسا رنج کبھی نہوا تہا سو
خدا نے اُس مکانکی صورت اُٹھا کر میرے سامنے کردی کہ مین اُسکو دیکھتا جاتا تہا جو شے
مجھسے پوچھتے تہے مین اُنکو بتلاتا تہا اسی کو دیکھکر اور شب معراج مین مین نے اپنے
پیغمبرون کے گروہ مین دیکھا سو موسی تو کھڑا نماز پڑھتا تہا سو وہ تو ایک مرد تہا
گھنگرالے بال والا دبلا وہ ایسا تہا جیسی قوم شنوءہ کی لوگ اور ناگاہ عیسی بن مریم کو
دیکھا کہ کھڑا نماز پڑھتا ہے اُنسی زیادہ ترمشابہت مین قریب عروہ بن مسعود ثقفی ہے
اور ناگاہ ابراہیم کو دیکھا کہ کھڑا نماز پڑھتا ہے سب لوگون مین زیادہ تر اُسکے مشابہ تہا

صاحب سے صاحب اپنی ذات مراد رکھی پھر نماز کا وقت آیا تو مین نے ان پیغمبرونکی
امامت کی پھر مین جب نماز سے فارغ ہوا کسی کہنے والے نے کہا ای محمد صلی اللہ علیہ وسلم
یہہ مالک ہے دوزخ کا داروغہ ہو تو اسکو سلام کر تو مین اسکی طرف متوجہ ہوا اسنے
مجھکو پہلے سلام کیا ف جس رات حضرت کو معراج ہوئی اسکی صبح کو حضرت نے اسکا
حال کعبی مین حطیم کے اندر لوگون سے بیان کیا کفار قریش کہنے لگے بہت تعجب ہوا اکثر قریش
بیت المقدس کو دیکھہ آئے تھے ان لوگون نے وہانکی نشانیان حضرت سے پوچھین
حضرت کو یاد نہین خدا نے اسکی صورت سامنے کردی سو حضرت نے ٹھیک ٹھیک
وہان کے پتے بتلائے کافر شرمندہ ہوکر رہ گئے معراج کی قصہ مین روایت ہے
کہ حضرت نے جبریل سے کہا اگر مین معراج کا قصہ کسی سے کہون تو کون مجھکو سچا جانے
جبریل نے کہا ابی بکر صدیق تیری تصدیق کریگا جب کافرون نے حضرت سے معراج کا حال
سنا تو چڑانے کی واسطے ابی بکر صدیق سے کہا ابی بکر صدیق نے کہا کہ کچھ تعجب نہین کہ
جو خدا کہ ایک دم مین جبریل کو عرش سے زمین پر بھیجتا ہے وہ قادر ہے کہ اسی طرح
حضرت کو بھی زمین سے آسمان پر لیجاوے اسی دن سے ابی بکر کا صدیق لقب ہوگیا حدیث
یمن مین ایک قوم کا نام ہے اسکے لوگ گھنگرالے بال والے اور دبلے ہوتے ہین اس
حدیث سے معلوم ہوا کہ عالم ارواح مین پیغمبر لوگ نماز پڑھتے ہین ہر چند اس عالم مین

ق ۲۳۰۹

عبادت فرض ہین ق المسور بن مخرمۃ و مروان بن الحکم لقد رأی
منہ اذ عرا یعنی احد الرجلین اللذین رجعا بابی بصیر من المدینۃ
بخاری اور مسلم مین مسور بن مخرمہ اور مروان بن حکم سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرر اس
شخص نی خوف دیکہا ان دو مردون سے ایک مرد مراد ہے جو ابی بصیر کو مدینے سے پلٹا لے گئی تہے

ف صدیبیہ کی سال حضرت سے اور کفار قریش سے چند شرطون پر عہد ہوا تہا انمین سے
ایک یہہ تہی کہ اگر قریش سے کوئی مسلمان ہوکر حضرت پاس آوے تو حضرت اسکو پکڑ
دین اور اگر حضرت کا کوئی مسلمان قریش پاس بہاگ جاوے تو قریش اسکو نہ دیوین
حضرت نی اس شرط کو مانا تہا عمر فاروق کو اس کا نہایت رنج تہا حضرت نی فرمایا
کہ جو انمین سے مسلمان ہوکر آویگا خدا اسکے بچاؤ کی کوئی راہ نکالے گا اور جو کوئی ہمارے
پاس سے کافرون مین ملے گا خوب ہوا کہ خدا نے اس ناپاک کو دفع کیا جب حضرت مدینے مین
تشریف لائے تو قوم قریش سے ابی بصیر مسلمان ہوکر حضرت پاس مدینے مین آئے قریش نے
دو آدمی حضرت پاس بہیجے حضرت نی موجب عہد کے ابی بصیر کو انکے ساتہہ کر دیا جب
مدینے سے چہہ کوس پر پہنچے تو نہاشنے کا ارادہ کیا ابی بصیر نی ایک آدمی سے کہا
کہ تیری تلوار نہایت عمدہ معلوم ہوتی ہے اسنے کہا ہان بہت عمدہ ہے ابی بصیر نے
لینے کی بہانے سے تلوار مانگ کر اسکو مار ڈالا دوسرا آدمی بہاگ کر کاپتا ہوا

حضرت پاس آیا تب حضرت نی اسکو دیکھکر یہہ حدیث فرمائی پہر حضرت نی اُس سے
حال پوچھا اُسنے بیان کیا بعد اسکے ابی بصیر آنحضرت نی فرمایا کہ ابی بصیر لڑائی کی آگ
بھڑکانیوالا ہے ابی بصیر نی جانا کہ حضرت مجھکو پہر حوالہ کر دینگے تو مدینے سے نکل کر
سمندر کی کنارے جا ٹہرے پہر جو شخص کہ کفار قریش سی مسلمان ہوکر آتا تہا وہ ابی
بصیر کی پاس رہتا تہا جب مسلمانون کی بہت بھیڑ ہوگئی تو کفار قریش کے قافلے
جو ملک شام سی آتے جاتے تہے اُنہون نی مارنا شروع کئے قریش نہایت عاجز ہوئے
پہر حضرت کو پیغام دیا کہ اُس شرط سے ہم باز آئے مسلمانون کو اپنے پاس بلا لیجئے
اور راہ زنی سے منع کیجئے سو جیسا کہ حضرت نی فرمایا تہا ویسا ہی خدا نی مسلمانون کو
سلامت بچایا ف ثوبان لقد سألني مذا عن الذي سألني عنه
وما لي علم بشيء منه حتى اتاني الله به فلما حين سأله حبر من
احبار اليهود عن اول طعام اهل الجنة وعن الشبه مسلم ہین
ثوبان رضی اللہ عنہ سی روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ مجھسے اُسنے پوچھا جو کہ پوچھا اور حالانکہ
مجھکو اُسکا کچھہ بہی علم نہ تہا یہان تک کہ خدا نی مجھکو اُسکا علم دیا یہہ حضرت نی اسوقت فرمایا
جب کہ علماء یہود سی ایک عالم نی حضرت سی پوچھا کہ پہلا کھانا بہشتیون کا کون ہوگا
اور کیا سبب ہے کہ لڑکا کبہی باپ سی مشابہ ہوتا ہے اور کبہی ماں سے ف مصلیح ہین روایت



کہ جب حضرت مدینے مین آئے تو عبداللہ بن سلام نی کہ یہودیون مین بڑے عالم تھے
حضرت سے کہا کہ مین تین باتین پوچھتا ہون کہ انکو سوای پیغمبر کے کوئی نہین جانتا بتلائے
تو قیامت کی نشانیون سے پہلی نشانی کون ہے اور بہشتیون کو پہلا کھانا کون ملیگا
اور کیا سبب ہے کہ لڑکا کبھی باپ کی صورت پر ہوتا ہے اور کبھی ماں کی صورت پر تب حضرت نے
یہہ حدیث فرمائی پھر جواب دیا کہ قیامت کی اول نشانی آگ ہے جو لوگون کو پورب سے پچھم کیطرف ہانک
لیجاویگی اور بہشتی لوگون کا پہلا کھانا مچھلی کے کلیجے کا نکلا ہوا گوشت کہاوینگے اور اگر
مرد کی منی نے سبقت کی تو لڑکا باپ کی صورت پر ہوتا ہے اور اگر عورت کی منی نے
سبقت کی تو ماں کی صورت پر ہوتا ہے پھر عبداللہ بن سلام نی کہا کہ مین گواہی
دیتا ہون کہ سوای خدا کے کوئی معبود برحق نہین اور آپ خدا کے سچے رسول ہین ۱۲۴۱ ح
اَبُوْهُرَيْرَةَ لَقَدْ ظَنَنْتُ يَا اَبَا هُرَيْرَةَ اَنْ لَا يَسْاَلُنِیْ عَنْ هٰذَا
الْحَدِيْثِ اَحَدٌ اَوَّلُ مِنْكَ لِمَا رَاَيْتُ مِنْ حِرْصِكَ عَلَى الْحَدِيْثِ
اَسْعَدُ النَّاسِ بِشَفَاعَتِیْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مَنْ قَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ خَالِصًا
مِنْ قِبَلِ نَفْسِهٖ بخاری مین ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ البتہ
مین جان چکا تہا ای ابوہریرہ کہ مجھسے اسبات کو تجھسے پہلے کوئی نہ پوچھے گا اسواسطے
کہ مین دیکھہ چکا تیرے حرص کو بات کی دریافت کرنی پر بڑا سعادتمند لوگون مین میری

شفاعت کے

شفاعت کی واسطے قیامت کی دن وہ شخص ہو کہ جسنے لا الہ الا اللہ کو اپنے دل سے
خالص ہو کر کہا ف ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ مین نے حضرت سی پوچھا کہ یا حضرت
بڑا سعادتمند آپکی شفاعت کا قیامت کی دن کون ہے تب حضرت نی یہہ حدیث
فرمائی اِس حدیث سی معلوم ہوا کہ ابو ہریرہ حضرت کی حدیث کے بڑے شوقین اور
نہایت کہوجی تہے اِسی سبب سے ہزارون حدیث کی اُنسے روایت ہے سب احادیث
شفاعت کی اگر غور کیجیئ تو معلوم ہوتا ہے کہ حضرت کی شفارش چہہ طرح ہو گی
اوّل شفاعت تو حشر کے وقت ہوگی یعنی جب کہ لوگ قبرون سی اُٹہینگے حساب کے
پہلے میدان مین کہڑے کہڑے گرمی کی شدت سی گہبرا ینگے اور سب پیغمبر جواب
دینگے تو اُس وقت حضرت بخشا وینگے اور حساب کتاب کروا کے اس مصیبت سے
نجات دلا ینگے اسکا نام شفاعت کبریٰ ہے یہہ شفاعت حضرت کو مخصوص ہے
دوسرے کا اِسمین دخل نہین دوسری شفاعت اسوقت ہوگی کہ کچھ لوگ جہنم کی
طرف روانہ کئے جا وینگے اور حضرت اُنکی شفاعت کرکے راہ سی پہروا وینگے
اور میری شفاعت سے لوگ جہنم کے کنارے تک پہنچ کر نجات پا وین گے اور
چوتہی شفاعت سے جو لوگ دوزخ مین پڑ چکے ہین نکالے جاوین گے جنکے بدن سوای
سجدہ کا گہ کے جل گئے اور پانچوین شفاعت سے بہشتی لوگون کی اور زیادہ تر درجے بلند ہونگے

آور چہتی شفاعت سے ان کافرون کو جنہون نی حضرت سی احسان کیا تہا کچہہ عذاب
مین تخفیف ہوگی واللہ اعلم ح عَائِشَةُ لَقَدْ عُذْتِ بِعَظِيمٍ الْحَقِي ۱۲۴۲
بِاَهْلِكِ فَالْحَقِي لِابْنَةِ الْجَوْنِ وَاسْمُهَا اَسْمَاءُ بِنْتُ النُّعْمَانِ بْنِ اَبِي
الْجَوْنِ بْنِ الْحَارِثِ بخاری مین حضرت عایشہ سے روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ
البتہ تو نی تو بڑے مالک کی پناہ مانگی جا اپنے لوگون مین مل یہہ حضرت نی جونکی
بیٹی سے کہا اور اسکا نام اسما تہا نعمان بن ابی جون بن حارث کی بیٹی ف
حضرت نی جب اسماء بنت نعمان سے نکاح کیا حضرت کی بعضی بی بیون کو رشک
ہوا اس سے یون کہا کہ تجہکو غیرت اور شرم نہین آتی کہ تو نی ایسی شخص سے نکاح
کیا جسنے تیری باپ اور بہائی کو مارا اور بعضی روایت مین یون ہے کہ کسی بی بی نے
اسکو یون سکہلایا کہ جب حضرت تیری پاس آوین تو یون کہنا کہ مین خدا کی پناہ
چاہتی ہون تم سی تو حضرت تجہکو بہت پیار کرینگے پہر جب حضرت اسکے
پاس تشریف لائے اسنے اسی طرح خدا کی پناہ مانگی تب حضرت نی یہہ حدیث
فرمائی اور فرمایا کہ تو اپنے گہر جا یہہ اشارہ کیا طلاق کا م جُوَيْرِيَةُ بِنْتُ ۱۲۴۳
الْحَارِثِ لَقَدْ قُلْتُ بَعْدَكِ اَرْبَعَ كَلِمَاتٍ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ لَوْ وُزِنَتْ
بِمَا قُلْتِ مُنْذُ الْيَوْمِ لَوَزَنَتْهُنَّ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ عَدَدَ خَلْقِهٖ

وَرِضَا نَفْسِهٖ وَزِنَةَ عَرْشِهٖ وَمِدَادَ كَلِمَاتِهٖ مسلم مین جویریہ بنت الحارث
سے روایت ہے کہ حضرت نبی فرمایا کہ مقرر مین نے تیری بعد چار بول تین بار کہے اگر انکو
تولے تیرے کہے کے تئین تو وہی اُنسے بھاری پڑین وہ چار بول یہہ ہین سبحان اللہ و
بحمدہ عدد خلقہ ورضی نفسہ وزنۃ عرشہ ومداد کلماتہ یعنی مین خدا کی پاکی
بولتا ہون خوبیون کے ساتھہ اسکے مخلوقات کے شمار کے برابر اور بقدر اسکی رضامندی
اور خوشی کے اور اُسکے عرش کے تول کی برابر اسکے کلمات کی سیاہی کے برابر ف
حضرت جویریہ کی پاس سے حضرت صبح کی وقت تشریف لے گئے اور وہ بیٹھی ہوئی
اپنی جانماز پر ذکر الٰہی کرتی تہین پہر حضرت گہر مین دن چڑھی تشریف لائے
اُنکو جانماز پر بیٹھا ذکر مین مشغول پایا پوچھا کہ کیا اب تک اُسی طرح ذکر کر رہی ہے
اُنہون نی کہا کہ ہان تب حضرت نی یہہ حدیث فرمائی ف یعنے مین نے تیری
پاس سے جانے کے بعد چار لفظین تین بار کہین جنکا ثواب اِس تمام تیری وظیفے سے
زیادہ ہے اِس حدیث مین اس ذکر کی فضیلت فرمائی کہ پڑھنے مین ہلکی اور ثواب
مین بھاری خ خَبَّابُ بْنُ الْاَرَتِّ لَقَدْ كَانَ مَنْ قَبْلَكُمْ لَيُمْشَطُ
بِمَشَاطِ الْحَدِيْدِ مَا دُوْنَ عِظَامِهٖ مِنْ لَحْمٍ اَوْ عَصَبٍ مَا يَصْرِفُهٗ
ذٰلِكَ عَنْ دِيْنِهٖ وَيُوْضَعُ الْمِنْشَارُ عَلٰى مَفْرِقِ رَاْسِهٖ فَيُشَقُّ

بالثنتین ما یصرفہ ذلک عن دینہ ولیتمن اللہ ھذا الامر حتی
یسیر الراکب من صنعاء الی حضرموت ما یخاف الا اللہ و
الذئب علی غنمہ ولکنکم تستعجلون بخاری مین خباب بن
ارت سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ البتہ تمسے آگے وہ لوگ تہے کہ انکے گوشت
ہڈی یا پٹھے تک لوہے کی کنگہی سے نوچی جاتے تہے ایسی سختی بہی اسکو اپنی دین سے
نہ پہیرتی تہی اور اسکے سر پر آرہ رکہا جاتا تہا سو اسکا بدن چیر کے دو ٹکڑے
کر دیا جاتا تہا ایسی مصیبت بہی اسکو اپنے دین سے نہ پہیرتی تہی اور مقرر خدا
اپنے اس دین کو پورا اور کامل کریگا یہان تک سوار چلیگا شہر صنعا سے حضرموت
شہر تک سوا خدا کے کسی سی نہ ڈریگا اور نہ خوف کریگا اپنی بکری پر مگر بہیڑیے
سے ولیکن تم تو جلدی کرتے ہو **ف** خباب سی روایت ہے کہ ہم نے کمی میں
مشرکین سی بہت تکلیف پائی حضرت سے ہم نی یہہ حال بیان کیا اور حضرت کعبی
کے سایہ مین چادر کو تکیہ دئے بیٹہے تہے ہم نی کہا کہ آپ ہماری واسطے
دعا نہین کرتے کہ خدا اس کفار کے غلبہ سے نجات دے حضرت اٹہہ بیٹہے اور چہرۂ
مبارک سرخ ہوگیا یعنی ہماری بی صبری سی غضب آیا پہر یہہ حدیث فرمائی
یعنے کہون بیصبری اور جلدی کرتی ہو تم سے اگلے دینداروں پر تو ایسی

مصیبتین گذرین کہ انکے گوشت نوچے گئے اور چیرڈالے گئے تمپر تو ایسی سختی کبھی
نہین ہوئی باقی دین کا غلبہ سو خدا اپنے موافق وعدہ کے کریگا ملک مین ایسا امن
ہوگا دو زنان اکیلا سوار بیخوف چلا جاویگا یا خدا کا خوف ہوگا یا بکری پر بھیڑیے کا
چنانچہ یہہ وعدہ فاروق اعظم کی خلافت مین پورا ہوا اس حدیث مین ارشاد ہے
کہ دیندار کو لازم ہے کہ تکلیف اور مشقت سے نہ گھبراوی صبر کری دین پر مضبوط بنا رہے
آخرش اسکو مخلصی ہوگی خ عَائِشَةُ لَقَدْ لَقِيتُ مِنْ قَوْمِكِ وَ
كَانَ أَشَدَّ مَا لَقِيتُ مِنْهُمْ يَوْمَ الْعَقَبَةِ إِذْ عَرَضْتُ نَفْسِي عَلَى
ابْنِ عَبْدِ يَالِيلَ بْنِ عَبْدِ كُلَالٍ فَلَمْ يُجِبْنِي إِلَى مَا أَرَدْتُ فَانْطَلَقْتُ
وَأَنَا مَهْمُومٌ عَلَى وَجْهِي فَلَمْ أَسْتَفِقْ إِلَّا وَأَنَا بِقَرْنِ الثَّعَالِبِ فَرَفَعْتُ
رَأْسِي فَإِذَا أَنَا بِسَحَابَةٍ قَدْ أَظَلَّتْنِي فَنَظَرْتُ فِيهَا فَإِذَا فِيهَا جِبْرِيلُ
فَنَادَانِي فَقَالَ إِنَّ اللَّهَ قَدْ سَمِعَ قَوْلَ قَوْمِكَ لَكَ وَمَا رَدُّوا عَلَيْكَ
وَقَدْ بَعَثَ إِلَيْكَ مَلَكَ الْجِبَالِ لِتَأْمُرَهُ بِمَا شِئْتَ فِيهِمْ فَنَادَانِي
مَلَكُ الْجِبَالِ فَسَلَّمَ عَلَيَّ ثُمَّ قَالَ يَا مُحَمَّدُ إِنَّ اللَّهَ قَدْ سَمِعَ قَوْلَ قَوْمِكَ
وَأَنَا مَلَكُ الْجِبَالِ وَقَدْ بَعَثَنِي إِلَيْكَ رَبُّكَ لِتَأْمُرَنِي بِأَمْرِكَ فِيهِمْ
فَمَا شِئْتَ إِنْ شِئْتَ أَنْ أُطْبِقَ عَلَيْهِمُ الْأَخْشَبَيْنِ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى

عَلَيْهِ بَلْ أَرْجُوْ أَنْ يُخْرِجَ اللّٰهُ مِنْ أَصْلَابِهِمْ مَنْ يَعْبُدُ اللّٰهَ وَحْدَهُ
لَا يُشْرِكُ بِهٖ شَيْئًا قَالَ لَهَا حِيْنَ قَالَتْ هَلْ أَتٰى عَلَيْكَ يَوْمٌ كَانَ
أَشَدَّ مِنْ يَوْمِ أُحُدٍ بخاری مین حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ مقر
مین نی تیری قوم سی یعنی قریش سی تکلیف پائی اور نہایت سخت تکلیف مین نے
اُنسے اُس دن سہپائی جب پہاڑ کے گہاٹی مین انصاریون نی مجسی بیعت کی جب
کہ مین نی آپ کو ابن عبد یالیل بن عبد کلال کے سامنی کیا سو مین نی جو چاہا اُسنے
میرا کہنا نمانا یعنی اسلام قبول نکیا سو مین نی رنجیدہ ہوکر اپنی راہ لی تو مین ہوش مین
نہ آیا مگر اُس مکان مین میرے حواس درست ہوئے جسکا نام قرن الثعالب ہے سو مین نے
اپنا سر اُٹھایا تو ناگاہ مین نی بدلی دیکھی کہ اُسنے مجھپر سایہ کرلیا سو مین نے دیکھا
تو اُسمین جبریل ہے سو اُس نی مجھکو پکارا اور کہا کہ البتہ خدا نی سنا تیری قوم کا قول
جو تیری حق مین کہا اور جو تیری بات کو رد کیا اور البتہ خدا نی تیری پاس پہاڑوں کا
داروغہ فرشتہ بہیجا تاکہ تو اس فرشتے سی حکم کرے جو تیرا اُن کافرون کے
حق مین جی چاہے پہر مجھکو پہاڑون کی داروغہ فرشتے نی پکارا سو مجھکو سلام کیا پہر کہا
ای محمد بیشک خدا نی سنا جو تیری قوم نی تیرے حق مین کہا اور مین فرشتہ ہون پہاڑوں کا
داروغہ اور مجھکو خدا نی تیری پاس بہیجا ہے تاکہ تو مجھپر حکم کرے جو تیرا جی

چاہے

چاہے اگر تو چاہے تو کافرون پر دونون پہاڑون کو جنکے درمیان
مکہ ہی تو حضرت نے فرمایا کہ نہین بلکہ مین امیدوار ہون کہ خدا ان کافرون کی پیٹھ سے
وہ اولاد نکالے جو صرف خدا کی عبادت کرین اور اُسکے ساتھ کسی چیز کا ساجھا نہ لگا دین
یہہ حضرت نے حضرت عائشہ سے کہا جب کہ حضرت عائشہ نے پوچھا کہ یا حضرت بھلا آپ پر
جنگ احد کے دن سے بھی کوئی دن سخت تر گذرا تو جب کہ ابو طالب اور حضرت
خدیجہ کا انتقال ہوا تو ظاہر ہین حضرت کا کوئی غمخوار اور حمایتی نرہا کفار قریش نے
حضرت کی تکلیف رسانی پر زیادہ تر کمر باندھی تو حضرت طائف مین تشریف لے گئے
جو مکے سے دو منزل ہے وہان کے رئیسون سے یعنی ابن عبد یالیل اور مسعود اور
حبیب سے مدد چاہی اور انکو اسلام کی دعوت کی اُن کمبختون نے کچھہ حضرت کی بات نہ
سنی بلکہ لڑکون اور شہدون کو شکار دیا اُنہون نے بہت بے ادبی حضرت سے کی
گالیان دین اور پتھرون سے حضرت کی ایڑیان زخمی کر ڈالین پھر حضرت عیکمین وہان سے
پھرے جب قرن الثعالب مین پہنچے وہان ٹھہرے اور یون دعا کی کہ الٰہی مین اپنی ضعیفی
اور عاجزی اور اپنی نا چاری اور لوگون کے نزدیک اپنی بے قدری کا تیرے آگے
گلہ کرتا ہون تب جبرئیل اور پہاڑون کا داروغہ فرشتہ حاضر ہوا لیکن حضرت نے
ان کافرونکی ہلاکی نچاہی سبحان اللہ کیا بیقیاس حضرت مین صبر تھا کہ باوجود ایسی

ایسی تکلیفات کی اپنا کرم نچھوڑا الرسول خیر خواہ دشمنان کا عقدہ حضرت سی حل
ہوا جو حضرت کا ایسا صبر اور کرم دریافت کرے سو مَا اَرْسَلْنَاكَ اِلَّا رَحْمَةً
لِّلْعَالَمِيْنَ کا مطلب بخوبی بوجھے اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
سَيِّدِ الصَّابِرِيْنَ وَاِمَامِ الْكَاظِمِيْنَ م اِبْنُ مَسْعُوْدٍ لَقَدْ هَمَمْتُ ۱۳۳۶ م
اَنْ اٰمُرَ رَجُلًا يُصَلِّيْ بِالنَّاسِ ثُمَّ اُحَرِّقَ عَلٰى رِجَالٍ يَتَخَلَّفُوْنَ
عَنِ الْجُمُعَةِ بُيُوْتَهُمْ مسلم بن عبداللہ بن مسعود سے روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا
البتہ میں نی ارادہ کیا کہ حکم کردن کسی مرد کو کہ لوگون کو جماعت کی نماز پڑھاوے
پھر میں اُن مردونکے گھر جلادون جو جمعہ کی نماز میں نہیں آتے ف اِس حدیث سے
بکمال تاکید نماز جمعہ کا فرض ہونا ثابت ہوا اسیواسطے فقہ میں لکھا ہے کہ جو تین بار
جمعہ کی نماز ترک کرے اسکی عدالت ساقط ہے گواہی کے لائق نہیں اور معلوم
ہوا کہ امام کو جائز ہے کہ اپنا کسی کو خلیفہ کرے نماز کی امامت میں اور خود کسی اور
ضروری کام میں مشغول ہوا اور معلوم ہوا کہ جمعہ فرض عین ہے کہ ہر شخص پر فرض ہے
فرض بالکفایہ نہیں کہ بعضون کے پڑھنے سی نہ پڑھنے والون کا گناہ دور ہو اور
معلوم ہوا کہ تعزیر میں مال کا تلف کرنا بھی درست ہے خ عَائِشَةُ لَقَدْ هَمَمْتُ ۴۸
اَنْ اُرْسِلَ اِلٰى اَبِيْ بَكْرٍ وَّابْنِهٖ وَاَعْهَدَ اَنْ يَّقُوْلَ الْقَائِلُوْنَ اَوْ

جمعہ کی نماز فرض عین ہے

خلافت صدیق اکبر

یتمنی

يَتَمَنَّى الْمُتَمَنُّونَ ثُمَّ قُلْتُ يَأْبَى اللّٰهُ وَيَدْفَعُ الْمُؤْمِنُونَ أَوْ يَدْفَعُ
اللّٰهُ وَيَأْبَى الْمُؤْمِنُونَ بخاری مین حضرت عائشہ سی روایت ہے کہ حضرت نی
فرمایا کہ البتہ مین نے ارادہ کیا کہ مین کسی کو ابی بکر اور اسکے بیٹے عبد الرحمن
پاس بہیجون اور اسکو اپنا خلیفہ اور ولی عہد کرون مبادا کہ کہنے والے کوئی اور
بات کہین یا آرزو کرنیوالے خلافت کی آرزو کرین پہر مین نے کہا کہ ابی بکر کے
سوا خدا کسی کی خلافت نمانے گا اور مومنین بہی دفع کرینگے یا کہ یون فرمایا
کہ دفع کریگا خدا اور نمانے گے مومنین ف اور مسلم مین حضرت عائشہ سے روایت ہے
کہ حضرت نی مرض الموت مین مجہسی فرمایا کہ بلا لاؤ میرے پاس اپنے باپ اور بہائی کو تاکہ
مین اسکو اپنی خلافت لکہہ دون مین ڈرتا ہون کہ کوئی آرزو کرنیوالا آرزو
کرے اور کہنی والا کہے کہ مین لائق تر ہون خلافت کا مگر خدا اور مومنین بجز ابی بکر
سوای ابی بکر کے دوسرے کی خلافت کو ان دونو حدیثون سی صاف معلوم ہوا کہ حضرت کو
صدیق اکبر کی خلافت بدل منظور تہی اور چاہا کہ اپنے روبرو انکو خلیفہ کر جاوین
اور خلافت نامہ انکو لکہہ دین لیکن تقدیر اور اجماع پر کفا کی یعنے حضرت کو معلوم
تہا کہ سوای ابی بکر کے کسی کی خلافت خدا کو منظور نہین اور اجماع بہی سوای صدیق کے کسی
پر نہ واقع ہوگا تو اس سبب سے انکو اپنا ولیعہد کرنا حضرت نی ضرور نجانا اس حدیث سے

نہایت بڑی فضیلت صدیق اکبر کی اور خلافت کی حقیقت ثابت ہوئی اور یہہ
حدیث معجزہ ہے کہ آیندہ کی خبر جیسی دی تھی ویسی ہوئی ھ ابو الدرداء لقد
ھممت ان العنہ لعنا یدخل معہ قبرہ کیف یورثہ وھو لا یحل
لہ کیف یستخدمہ وھو لا یحل لہ مسلم ہین ابو درداء سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ البتہ ہین نے ارادہ کیا کہ پیٹ پھولی لونڈی کے صحبت کرنیوالے پر ایسی
لعنت کرون کہ اسکے ساتہہ اسکی قبر ہین گھس جاوے کیون کر اس لڑکے کو اپنا وارث
کریگا اور حالانکہ وہ اسکو حلال نہین کیون کر اس لڑکے کو اپنا خدمتگار بناویگا
حالانکہ وہ اسکو حلال نہین ف اس حدیث کا سبب یہہ ہے کہ لوت مین ایک
لونڈی آئے تھی اسکا پیٹ پھولا تھا حضرت نے پوچھا کہ یہہ کسکی لونڈی ہے لوگون نے
کہا کہ فلانے شخص کی ہے حضرت نے پوچھا کہ اسکا مالک اس سے صحبت بھی کرتا ہے
لوگون نے کہا کہان تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنے اسکا تو پیٹ پھولا ہے
اور لڑکا پیدا ہوا سو اگر مالک نے اسکو اپنا بیٹا بنایا اور شاید اسکو اول خاوند کا
حمل ہو تو اس نے کافر کے بیٹے کو اپنا وارث ٹھہرایا اور حالانکہ کافر اور
مسلمان مین وراثت نہین اور اگر مالک نے اسکو اپنا بیٹا نہ کہا اور شاید یہہ
نطفہ مالک ہی کا ہو تو اسکو غلام بنایا اور اس سے غلام کی طرح خدمت لینا

کیونکر درست ہو کا خلاصہ یہہ ہے کہ نسب کا غلط کرنا درست نہین اسیواسطے اجنبی عورت سے
خواہ لونڈی ہو خواہ طلاقی بدون حیض ہوئے یا بی لڑکا پیدا ہوئے صحبت کرنا
ہ ۱۲۴۹ ہین درست تاکہ نطفے مین شبہ نہ پڑے ہ جذامۃ بنت وھب لقد
ھممت ان انہی عن الغیلۃ حتی ذکرت ان الروم وفارس یصنعون
ذلک فلا یضرّ اولادھم مسلم مین جذامہ بنت وہب سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ مین نی ارادہ کیا کہ دودہ پلانیوالی عورت کی صحبت سی منع کرون یہان تک کہ
مجھکو یاد آیا کہ روم اور ایران کے لوگ ایسا کرتے ہین سو انکی اولاد کو کچھ ضرر نہین کرتا ہے
ف عرب لوگ دودہ پلانیوالی عورت سی صحبت کرنا بد جانتے ہے اور اطبا بھی بخیال ضرر
لڑکے کے منع کرتی ہین اسیواسطے حضرت نے بھی منع کرنیکا ارادہ کیا تھا پھر جب دیکھا کہ ایران
اور روم مین یہہ معمول ہے اور اولاد کو کچھ ضرر نہین ہوتا تو تجربہ سی معلوم ہوا کہ
یہہ بات واجب الامتناع نہین صرف ایک ضعیف احتمال پر کیون جوان مرد تکلیف
اٹھاوین مبادا کہ حرام کاری مین گرفتار ہون

# الباب السابع

ساتوین باب مین چند فصلین ہین اور کئی طرح کی حدیثین ہین پہلی قسم مین وہ حدیثین ہین جنکے سر پر الف لام ہے
ح ۱۲۵۰ ح سلیمان ابن صرد الان نغزوھم ولا یغزوننا نحن نسیر الیھم

**فالہ** حین احلی الاحزاب عنہ بخاری مین سلیمان بن صرد سے روایت ہے
کہ حضرت نبی فرمایا اب وہین ہم اُنسے لڑینگے اور وہ ہمسے نہ لڑینگے ہمین اُنپر چڑھ جاوینگے
یہہ حضرت نبی اسوقت فرمایا جب کفار کی گروہون کو ہٹایا **ف** جنگ خندق اور جنگ
احزاب کا قصہ تیسری باب مین گذرا چنانچہ اسی طرح ہوا کہ پھر کفار کو بعد جنگ خندق کے
حضرت نے لڑائی کا حوصلہ نرہا پھر حضرت ہی آٹھوین سال کے پر چڑھ گئے اور اسکو فتح کیا

**ق** ۱۲۵۱ عائشۃ الارواح جنود مجندۃ فما تعارف منہا ائتلف
وما تناکر منہا اختلف بخاری اور مسلم مین حضرت عائشہ سے روایت ہے
کہ حضرت نبی فرمایا کہ روحون کے لشکر ہین جنڈے کے جنڈے جو اُن مین سے ازل مین آشنا
اور واقف تہا وہ اس عالم مین ملاپی اور الفت والا ہوا اور جو اُنمین سے وہان ناآشنا
اور بی پہچان تہا وہ یہان ہی جدا اور پھٹکارا **ف** یعنے روز ازل مین خدا نے
روحون کو قسم قسم کا پیدا کیا اور طرح طرح کے اُنمین استعداد رکہین سو جن
روحون مین اُس عالم مین مناسبت تہی وہ اِس عالم مین باہم شیر و شکر ہو گئے
اور جو وہان بے مناسبت تہے وہ یہان بہی پہوٹی بہکے رہی کبوتر باکبوتر زاغ باز اور
یہی سبب ہے کہ دل سے شیطان اور شیطان سے دلی پیدا ہوتا ہے **شعر** حسن زمصرہ

**ق** بلال از حبش صہیب از روم ز خاک مکہ ابوجہل ابن چہ بوالعجبی است **م** ابو

مُوسَى وَاُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ اَلْاِسْتِيذَانُ ثَلٰثٌ فَاِنْ اُذِنَ لَكَ وَاِلَّا
فَارْجِعْ مسلم مین ابو موسی اور ابی بن کعب سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ
گھر والے سے اجازت تین بار مانگنا چاہیے سو اگر تجکو اجازت ملے تو گھر مین جا اور
نہین تو پلٹ جا **ف** جب کسی کے مکان مین جانے کا ارادہ کرے تو السلام علیکم کر کے
تین بار اجازت مانگے اگر اجازت ہو تو اس مکان مین جاوے اور نہین تو پلٹ آوے
اجازت مانگنے کا فائدہ یہ ہے کہ آدمی اپنے گھر مین سکا کہلا بی تکلف ہوتا ہے
تو بی اطلاع کہر جانے سے شرماویگا **ہ** جَابِرٌ اَلْاِسْتِجْمَارُ تَوٌّ وَرَمْيُ الْجِمَارِ ۱۲۵۳ ہ
تَوٌّ وَالسَّعْيُ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ تَوٌّ وَالطَّوَافُ تَوٌّ وَاِذَا اسْتَجْمَرَ
اَحَدُكُمْ فَلْيَسْتَجْمِرْ بِتَوٍّ مسلم مین جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
کہ ڈھیلے لینا استنجے کی واسطے طاق چاہیے یعنی تین ہون یا زیادہ اور کنکریان
مارنا طاق ہے یعنے حج مین اور دوڑنا صفا اور مروہ کے درمیان طاق ہے اور
طواف یعنی کعبے کے گرد کہومنا طاق ہے یعنی سات بار اور جب کوئی تم مین سے
استنجے کے واسطے ڈھیلے لیوے تو طاق ڈھیلے لیوی یعنی تین یا پانچ یا سات **ف**
ڈھیلے لینے کو دو بار فرمایا بحال تاکید کی واسطے کہ بدون طہارت کے کوئی عبادت
درست نہین صفا اور مروہ کے مین دو پہاڑ کا نام ہے **ق** عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ ۱۲۵۴ ق

الاسلام ان تشهد ان لا الٰہ الا اللہ وان محمدا رسول اللہ
وتقیم الصلوٰۃ وتؤتی الزکوٰۃ وتصوم رمضان وتحج البیت
ان استطعت الیہ سبیلا قال لہ لجبرئیل حین جاءہ علی صورۃ
رجل فقال صدقت قال فاخبرنی عن الایمان قال ان تؤمن
باللہ وملائکتہ وکتبہ ورسلہ والیوم الاخر وتؤمن
بالقدر خیرہ وشرہ قال صدقت قال فاخبرنی عن الاحسان
قال ان تعبد اللہ کانک تراہ فان لم تکن تراہ فانہ یراک قال
فاخبرنی عن الساعۃ قال ما المسئول عنہا باعلم من السائل
قال فاخبرنی عن امارتہا قال ان تلد الامۃ ربتہا وان
ترٰی الحفاۃ العراۃ رعاء الشاء یتطاولون فی البنیان

بخاری اور مسلم میں عمر فاروق سے روایت ہے کہ حضرت نبی فرمایا کہ اسلام یہ ہے
کہ تو اسکی گواہی دے کہ سوائے خدا کے کوئی بندگی کے لایق نہیں اور محمد خدا کا رسول ہے
اور یہ کہ نماز کو ٹھیک پڑھے اور زکوٰۃ دیوی اور رمضان کا روزہ رکھے اور خانہ
خدا کا حج کرے اگر تجھکو اسکی راہ کی طاقت ہو یعنی بشرط خرچ اور سواری کے
یہہ حضرت نبی حضرت جبرئیل سے کہا جب جبرئیل حضرت کے پاس ایک مرد کی

صورت پر

صورت پر آئے تھے سو اُنھون نی کہا کہ تم نی سچ کہا جبریل نی کہا تو مجھکو ایمان کی حقیقت
بتلائے حضرت نی فرمایا ایمان یہہ ہے کہ تو دل سے مانے اللہ کو اور اسکے فرشتون کو اور
اسکی کتابون کو اور اسکے پیغمبرون کو اور پچھلے دن کو یعنی قیامت کو اور تقدیر کو مانے
پہلے یا بُرے جبریل نی کہا تم نی سچ کہا جبریل نی کہا تو احسان اور اخلاص کی حقیقت
فرمائے حضرت نی فرمایا کہ احسان یہہ ہے کہ اللہ کی ایسی طرح عبادت کرے جیسی کہ اسکو
دیکھہ رہا ہو سو اگر اس طرح کا دیکھنا تجھسے نہو سکے تو یون جان کہ وہی تجھکو دیکھتا ہے
جبریل نی کہا تو اب قیامت کا حال فرمائے کہ کب ہوگی حضرت نی فرمایا کہ جواب دینی والا پوچھنے والے سے
اسکو کچھہ زیادہ تر نہین جانتا یعنی قیامت کی نا واقفی مین تم اور مین دونو برابر ہون
جبرئیل نی کہا اسکے پتے ہی بتلائے حضرت نی کہا قیامت کی نشانی یہہ ہے کہ لونڈی
اپنے مالک اور مربی کو جنے یعنی مالکون کے مطلقے سی لونڈیان جنین تو انکی اولاد بھی
اپنے باپ کی طرح لونڈیون کے مربی ٹھہرے خلاصہ مطلب یہہ کہ قیامت کے
قریب کنیزک زادونکی کثرت ہوگی اور دوسری نشانی قیامت کی یہہ ہے کہ تو دیکھے
ننگے پاونننکے بدن محتاج بکریان چرانے والون کو کہ بڑی بڑی عمارتین مارینگے عمارت مین
یعنے کمینے اور بی حقیقت لوگ دولتمند ہونگے بڑی بڑی عمارتین بنا کر فخر کرینگے

فپوری روایت اس حدیث کی یون ہے کہ عمر فاروق رضی نی کہا کہ ہم حضرت پاس

بیٹھے کہ ایک مرد نمود ہوا نہایت سفید کپڑے اور کمال سیاہ بال والا کہ اُسپر
کچھہ سفر کا اثر نہ معلوم ہوتا تہا اور ہم مین سے کوئی اُسکو نہ پہچانتا تہا سو چلا آیا
یہان تک کہ حضرت کی پاس بیٹھا زانو کو حضرت کے زانو ملا کر اور اپنی دونون ہتھیلیان
حضرت کی زانو پر رکہین اور کہا کہ ای محمد مجھکو اسلام کی حقیقت بتلا تب حضرت نے
یہہ حدیث فرمائی عمر فاروق نی کہا کہ پہر وہ مرد چلا گیا اور مین دیر تک حیرت مین رہا
رہا پہر حضرت نے فرمایا کہ ای عمر تو جانتا ہے کہ یہہ پوچھنے والا کون تہا مین نے کہا کہ خدا
اور اُسکا رسول ہی زیادہ تر دانا ہے حضرت نی فرمایا کہ یہہ جبرئیل تہا تمہاری پاس
آیا تہا تمکو دین سکہلانے کو اس حدیث کو حدیث جبرئیل کہتی ہین اسواسطے کہ سائل
جبرئیل تہے اور ام الاحادیث اور ام الجوامع بہی اس حدیث کا نام ہے یعنی سب حدیثونکی
یہہ جڑ ہے اسواسطے کہ جو مطلب اور احادیث مین ہین وہ سب اس حدیث مین مجمل موجود
ہین جیسے سورۂ فاتحہ کو ام الکتاب کہتی ہین کہ سب قرآن کے مطالب پر شامل ہے
حضرت جبرئیل نی حضرت سے چار چیزین پوچہین اول اسلام کی حقیقت دوسرے ایمان تیسرے
احسان چوتہے قیامت سو فرمایا کہ اسلام کے پانچ رکن ہین توحید اور رسالت کی
گواہی اور نماز اور زکوٰۃ اور رمضان کے روزے اور حج معلوم ہوا کہ اسلام ظاہری
اعمال کا نام ہے اور ایمان تصدیق قلبی اور اعتقاد دلی کو فرمایا یعنے خدا کا یون

اعتقاد کری کہ وہ سب عیب اور نقصان سی پاک ہے اور سب خوبیون سے موصوف
ہے اور فرشتون کا یون اعتقاد کرکہ وہ نوری خدا کی بندی ہین رنگ برنگ
صورت بدلنی پر قادر ہین بموجب حکم کی ساری عالم کا انتظام کرتی ہین گناہون سے
پاک ہین نہ مرد ہین نہ عورت اور کتابون کا یون اعتقاد کری کہ خدا کا قدیمی کلام
جو انہین ہے سو سچ ہے کہتے ہین کہ خدا کی ایک سو چار کتابین ہین دس حضرت آدم پر
اتیرین اور پچاس حضرت شیث پر اور تیس حضرت ادریس پر اور دس حضرت ابراہیم پر باقی
چار کتابین تو تمام عالم مین مشہور ہین توریت اور انجیل اور زبور اور قرآن لیکن قرآن
سب سے افضل ہے قرآن کے سوا اب کسی کتاب پر عمل کرنا درست نہین اسواسطے کہ
اگلیزاول تو اعتماد نہین اور دوسرے یہہ کہ وہ منسوخ ہین اور تیسرے یہہ کہ جو کلی
کتابون مین مطلب تھے سو سب قرآن مین موجود ہین تو قرآن کے ہوتی دوسری
آسمانی کتاب کی کچھہ حاجت نہین اور پیغمبرون کا یون اعتقاد کرے کہ وہ سب سے
افضل اور پاک لوگ ہین خدا نی انکو اپنی کمال رحمت سی آدمیونکی طرف بھیجا
تاکہ انکو نیک راہ بتلاوین اور انکا دین اور دنیا سنوارین اور انکو قسم قسم کے
معجزات دیے کہ انکی رسالت مین کوئی عاقل آدمی شک نہ لاوی وہ سب
گناہون سی پاک ہین صغیرہ ہون یا کبیرہ نبوت سی پہلی بھی اور بعد بھی اور بھی

مذہب ٹھیک ہے اور حضرت آدم کا گیہون کہانا بقصد نہ تہا بہول چوک تہی اسی طرح
اور پیغمبرون کو بہی قیاس کیا چاہیے اور سب پیغمبرون سی ہمارے حضرت افضل ہین جو کمالات
ظاہری اور باطنی کہ انسان مین ممکن ہے وہ تمام ہماری حضرت پر ختم ہو گئے
اسیسلئے ہماری حضرت کے بعد کسی پیغمبر کے آنے کی حاجت نرہی خلافت اور امامت کا
اعتقاد نبوت کی اعتقاد مین داخل ہے ایمان کا یہہ جدا رکن نہین جیسا کہ شیعہ
کہتے ہین اور پچہلے دن کا یون اعتقاد کرے کہ بعد موت کی قیامت تک دوزخ
اور بہشت کے داخل ہونی تک جو حضرت نی فرمایا ہے سو درست ہے یعنی عذاب قبر اور
قیامت کی نشانیان اور صور کا پہونکنا اور مردون کا جینا اور حساب کتاب
اور عمل کا بدلا اور ترازو عمل تولنے کے اور پل صراط اور حوض کوثر اور دوزخ اور
بہشت یہہ سب چیزین حق ہین انہین کچہ شک نہین اور تقدیر کا یون اعتقاد کرے
کہ جو عالم مین ہوا اور ہوتا ہے اور ہوگا بہلا برا سو سب تقدیر سے ہے بدون
اسکی خواہش کے نہ تہی پہلے نہ کوئی بوند ٹپکے لیکن باوجود اسکے آدمی کو کچہ اتنا اختیار
دیا ہے کہ اسکے سبب سے انسان تعریف یا مذمت ثواب یا عذاب کی لایق ہوتا
تقدیر کا اعتقاد اسی طرح مجمل چاہیے زیادہ اسمین غور اور کھوج بدعت اور گمراہی ہے
اس واسطے کہ ہماری عقل مین اتنی طاقت کہان ہے کہ کارخانۂ خدا کے

بہیدہ سمجھے اسیواسطے حضرت نے تقدیر کی بحث اور تکرار سے منع فرمایا یہہ ایمان مفصل کی
حضرت نے حقیقت بیان کی اور ایمان مجمل کی یہہ حقیقت ہے کہ یون اعتقاد کرے کہ جو حضرت نے فرمایا
اور بتلایا سو ٹھیک اور درست ہے نجات کی واسطے اتنا بھی کفایت ہے پھر حضرت نے
احسان یعنی اخلاص کے دو درجے فرمائے اعلی درجہ تو یہہ ہے کہ عبادت مین ایسا
حضور ہو کہ گویا خدا کو دیکھتا ہے اسکو مشاہدہ کہتے ہین اور ادنی درجہ یہہ ہے
کہ یہہ تصور کرے کہ خدا مجھکو دیکھتا ہے اسکو مراقبہ کہتے ہین اس تصور مین ہی کمال
تعظیم اور نہایت ادب اور حیا اور شوق اور حضوری حاصل ہوگی ممکن نہین کہ اس تصور
مین آدمی ادب چھوڑے یا ادھر اُدھر التفات کرے جیسی بادشاہ اگر کسی کو
دیکھتا ہو تو کیا ممکن ہے کہ وہ اپنے پاؤن ہلاوے یا نظر کو اُٹھاوی معلوم ہوا
کہ تصوف اور درویشی احسان کا نام ہے ظاہری اعمال کو اسلام کہتے ہین
اور باطنی اعتقاد کو ایمان کہتے ہین اور حضوری اخلاص کو احسان کہتے ہین اور
دین اور شریعت اسلام اور ایمان اور احسان گو کہ مجموعی کا نام ہے اور گاہے
اسلام اور ایمان کو ایک کہتے ہین اسواسطے کہ اسلام بدون ایمان کے درست نہین
اور ایمان بدون اسلام کے کامل نہین اور بعضی لوگ احکام ظاہری کو شریعت اور
تصفیہ باطن کو طریقت کہتے ہین اور مشاہدہ اور مراقبہ کو حقیقت کہتے ہین معلوم

کیا چاہیے کہ دین کی بنیاد فقہ اور کلام اور تصوف پر ہے سو اس حدیث میں حضرت نے
تینو مقام کو بیان فرمایا اسلام اشارہ ہے فقہ کا جسمیں اعتقاد کا بیان ہے
اور احسان اشارہ ہے تصوف کا جسمیں حق الیقین اور مشاہدہ اور مراقبہ مذکور
ہے معلوم ہوا کہ دین کامل وہی ہے جو فقہ اور کلام اور تصوف کا جامع ہو اور
جسمیں ان تینوں میں سے بعض اور بعض نہو وہ ناقص اور کچا ہے اس واسطے کہ
درویش بی فقہ کی شیطان ہے کہ احکام الٰہی سے غافل رہا حرام اور حلال کو
نہ سمجھا اور فقیہ بی درویشی کے زاہد خشک اور قالب بی روح ہے اس واسطے
کہ عمل بدون نیت خالص اور بی شوق اور حضور دل کے ناتمام ہے یہی راہ مستقیم ہے
اور باقی گمراہی ہے ق اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّیَّاتِ وَاِنَّمَا لِکُلِّ امْرِئٍ مَا
نَوٰی فَمَنْ کَانَتْ ھِجْرَتُہٗ اِلَی اللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ فَھِجْرَتُہٗ اِلَی اللّٰہِ وَ
رَسُوْلِہٖ وَمَنْ کَانَتْ ھِجْرَتُہٗ اِلٰی دُنْیَا یُصِیْبُھَا اَوِ امْرَاَۃٍ یَنْکِحُھَا
فَھِجْرَتُہٗ اِلٰی مَا ھَاجَرَ اِلَیْہِ بخاری اور مسلم میں عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ عملوں کا اعتبار نیتوں سے ہے اور ہر ایک مرد کے
واسطے وہی ہے جو اسنے نیت کی یعنی کوئی عمل بدون نیت کے ٹھیک اور ثواب کے
لایق نہیں سو جسکی ہجرت اللہ اور رسول کے واسطے ہوئی ہو اسکی ہجرت خدا اور رسول

ق ۱۳۵۵
قرآن خوش
نیت وعدہ نیت
نیا کاری

رسول

رسول کی واسطے ہوچکی یعنی اُسکا ثواب پاویگا اور جسکی ہجرت دنیا کے واسطے
ہوئی کہ اسکو پاوے یا کسی عورت کے واسطے کہ اُس سے نکاح کرے تو اُسکی ہجرت
اسی کی طرف ہوئی جسکے واسطے اُسنے ہجرت کی یعنی دُنیا اور عورت ۔ف۔ بعضی
روایت مین یون آیاہے کہ ایک شخص نے ایک عورت کی واسطے جسکا نام قیس نام تہا
مدینے کی طرف ہجرت کی لوگون نی یہہ حال حضرت سے کہا تب حضرت نی یہہ حدیث
فرمائی یعنی ایسی ہجرت کا کچھ ثواب نہین کہ نیت خالص نہین نیت ارادہ اور قصد
دلی کا نام ہے زبان سی کہنی کی کچھ حاجت نہین اگر مثلاً نماز کی نیت دل مین کی
زبان سے نہ نکلے یا زبان سے خلاف اُسکے نکلے تو کچھ مضائقہ نہین پکار کر زبان سے
نماز مین نیت کرنا تو ہرگز درست نہین لیکن اسمین اختلاف ہے کہ زبان سے بہی کہنا
درست ہے یا نہین اہل فقہ اسکو مستحب کہتی ہین تاکہ دل اور زبان موافق ہو جاوین
اور اہل حدیث کے نزدیک زبان سے نکلے اسواسطی کہ حضرت سی ثابت نہین ہرچند
ہجرت دین مین نہایت عمدہ عبادت ہے لیکن بدون خالص نیت کی اسکی بہی کچھ
حقیقت نہین اسیطرح علم اور درویشی اور ہر قسم کی عبادت کو قیاس کیا چاہیے
کہ اگر محض خدا کے واسطے ہے تو سبحان اللہ اور نہین تو اُسکو قالب بی روح سمجھا
چاہیے اور جب نیت پر مدار ٹہرا تو خوش نیتی سے مباحات مین بہی ثواب ہوتا ہے

جیسے کہانا اِس نیت سے کہ عبادت کی قوت حاصل ہو اور کپڑا پہنا تاکہ نماز درست ہو
اپنی جورو سے صحبت کرنا تاکہ نیک اولاد ہو اور حرامکاری سے بچے بلکہ اگر ایک عمل
مین کئی طرح نیت کرے تو ہر ایک نیت کا علحدہ ثواب پاوے مثلاً مسجد مین بیٹھنا ایک
عمل ہے لیکن اِسمین کئی طرح کی نیت ہوسکتی ہے ایک تو یہہ کہ دوسری نماز کی انتظار
کرنا دوسرے یہہ کہ آنکھہ اور کان کو گناہون سے روکنا تیسرے اعتکاف کرنا چوتھے حضرت
درود اور سلام کرنا پانچوین علم سیکھنا یا غیر کو سکھلانا نیک بات بتلانا بُرے کام سے
روکنا غرض کہ یہہ حدیث اخلاص عمل اور درستی نیت مین اصل ہے اور بدنیتی اور
ریاکاری کی بیخ کن ہے اِسی واسطے محدثین کا معمول ہے کہ حدیث کی کتابون مین
اول اِسی حدیث کو لکھتے ہین تاکہ حدیث پڑھنے والون کی سر سے نیت درست
ہوجاوے خدا ہی کے واسطے علم حدیث پڑھین دنیا کا کسی طرح لگاؤ نرکھین امام یحییٰ سے
روایت ہے کہ اِس حدیث کو ربع دین مین شمار کرتے ہین اِسکا داخل ہے عبادات مین اور معاملات مین اور عادات مین سب علماء حدیث
اس حدیث کی صحت پر متفق ہین اور بعضی اِسکو متواتر کہتے ہین واللہ اعلم

م ۱۲۵ مرا ابو ایوب الانصاری و مزینۃ و جہینۃ و غفار و اشجع و
من کان من بنی عبد اللہ موالی دون الناس واللہ ورسولہ

مولاہم

مَوْلَاهُمْ مسلم مین ابو ایوب سے روایت ہے کہ حضرت نبی فرمایا قوم انصار اور قوم مزینہ
اور قوم جہینہ اور قوم غفار اور قوم اشجع اور جو عبد اللہ کی اولاد ہے میرے دوست
ہین نہ اور لوگ اور خدا اور خدا کا رسول انکے دوست اور حمایتی ہین ف
حدیث مین ان چھ قومون کی فضیلت کا بیان ہے کہ ایمان کے سچی ہین اور محبت کے
پورے ق ابو ہریرۃ الایمان بضع وسبعون شعبۃ والحیاء ق ۱۳۵
شعبۃ من الایمان روایۃ البخاری وسبعون وروایۃ مسلم
سبعون او ستون علی الشک بخاری اور مسلم مین ابو ہریرہ سے روایت ہے
کہ حضرت نبی فرمایا کہ ایمان کی ستر اور کئی شاخین ہین اور حیا ایک شاخ ہے
ایمان کی بخاری کی روایت مین ستر ہین اور مسلم کی روایت مین ستر کے راوی کو
کہ حضرت نے ستر شاخین فرمائین یا ساٹھ ف یعنے ایمان بمنزلہ درخت کے
ہے اور جتنی نیکیان اور خوبیان ہین جیسے حلم اور صبر اور شجاعت اور سخاوت
اور زہد اور قناعت اور شوق اور عبادت سو وہ اسکی شاخین ہین اور حیا
انمین بڑی عمدہ شاخ ہے اس واسطے کہ شرع مین حیا اس حالت کو کہتے ہین
جو گناہ سے روکے اور اگر تقصیر ہو جاوے تو بیقرار کر دیوے یہہ جو فرمایا کہ ایمان کی ستر
شاخین ہین یا ساٹھ سو کثرت مراد ہے اسواسطے کہ نیکیونکی کچھ حد نہین سوائے

خدا اور رسول کے انکو کوئی نہین کہہ سکتا جیسے ایمان تمام نیکیون اور خوبیونکی
جڑ ہے ویسی ہی کفر سب گناہون اور برائیونکی جڑ ہے سو اگر کافرین کوئی نیک
بات ہو تو آخرت مین اسکے کچھ کام نہ آویگی اسواسطے کہ شاخ بدون جڑکے سر
سبز نہین رہ سکتی آخر کو خشک ہو جاتی ہے م اَبُوْهُرَيْرَةَ اَلْاِيْمَانُ ۱۲۵۸ م
يَمَانٍ وَالْحِكْمَةُ يَمَانِيَةٌ مسلم مین ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ عمدہ
ایمان یمن کا ہے اور حکمت ہی یمنی ہے ف جب یمن کے لوگ حضرت پاس
آئے اور ایمان لائے تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی اور فرمایا کہ یمن کے لوگ
نہایت نرم دل ہوتی ہین حکمت اس علم کو کہتی ہین جس سے دین اور دنیا آراستہ
ہو جاوے اس حدیث مین بڑی فضیلت ہے اہل یمن کی سچ فرمایا حضرت نے یمن
مین ہمیشہ بڑے بڑے عالم اور درویش ہوتے رہے اور اب بھی موجود ہین۔
ق اِبْنُ عَبَّاسٍ اَلْاَيِّمُ اَحَقُّ بِنَفْسِهَا مِنْ وَلِيِّهَا وَالْبِكْرُ يَسْتَاْذَنُ ۱۲۵۹ ق
فِيْ نَفْسِهَا وَاِذْنُهَا صُمَاتُهَا بخاری اور مسلم مین عبداللہ بن عباس سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ بیوہ عورت تو اپنی جانکی خود مختار ہے بنسبت اپنے
والی کے یعنی والی کا اسپر جبر نہین پہنچتا نکاح مین اور کنواری عورت سے نکاح کی
اجازت مانگنا چاہیے اور اسکا چپ رہنا ہی اسکی اجازت ہے ق اَنَسٌ ۱۲۶۰ ق

الا یمنون

اَلْاَیْمَنُوْنَ اَلْاَیْمَنُوْنَ اَلْاَیْمَنُوْنَ بخاری اور مسلم مین انس رضی اللہ عنہ سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ داہنی طرف کی لوگ مقدم ہین داہنی طرف کے
مقدم ہین داہنی طرف کی مقدم ہین ف مصابیح مین انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے
کہ مین بکریے دودھ کی لسی بنالایا حضرت نے اسکو پیا اور آپکے بائین طرف صدیق
اکبر تھے اور داہنی طرف ایک دیہاتی کنوار بیٹھا تھا عمر فاروق نے کہا یا رسول اللہ اپنا
جھوٹھا تبرک صدیق اکبر کو دیجیو حضرت نے اس گنوار کو دیا پھر یہہ حدیث فرمائی
یعنی داہنی طرف والا بائین طرف والے پر مقدم ہے کہ اول اسکو دیجیو اگرچہ بائین
طرف کا داہنی طرف والے سے افضل ہو ق اَلنَّوَّاسُ بْنُ سَمْعَانَ اَلْبِرُّ حُسْنُ ق ۱۲۶۱
اَلْخُلُقِ بخاری اور مسلم مین نواس بن سمعان سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ خوئی
نیک عمدہ خوبی ہے ق اَلْاَنْسُ اَلْبَرَکَۃُ فِیْ نَوَاصِی الْخَیْلِ بخاری اور مسلم ق ۱۲۶۲
مین انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ برکت گھوڑوں کی چوتیون مین ہے
ف اس واسطے کہ گھوڑی جہاد مین عمدہ سبب ہین قوت اسلام کی اور غنیمت
حاصل ہونی کی ق اَلْاَنْسُ اَلْبَرَاقُ فِی الْمَسْجِدِ خَطِیْئَۃٌ وَکَفَّارَتُھَا دَفْنُھَا ق ۱۲۶۳
بخاری اور مسلم مین انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مسجد مین
تھوکنا گناہ ہے اور اسکو مٹی سے دبا دینا اس گناہ کا اُتارہے ف اور

اگر مسجد سنگین ہو یا اسمین گچ لگی ہو تھوک کو پونچھ ڈالنا چاہیے ف حکیم بن حزام البیعان بالخیار مالم یتفرقا او قال حتی یتفرقا فان صدقا وبینا بورک لھما فی بیعھما وان کتما وکذبا محقت برکۃ بیعھما بخاری اور مسلم مین حکیم بن حزام سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ بیچنے والا اور مول لینے والا دونون مختار ہین جب تک کہ دونو جدا نہین ہوئے یا یون فرمایا کہ انکو اختیار ہے یہان تک کہ جدا ہوئے پھر اگر وہ سچ بولے اور دونون نے عیب ظاہر کر دیا یعنی بایع نی عیب اپنی چیز کا اور مشتری نی عیب قیمت کا بتلا دیا تو انکو اس خرید و فروخت مین برکت ہوگی اور اگر وہ جھوٹھ بولے اور عیب چھپایا تو انکی خرید و فروخت کی برکت مٹائی ف یعنی جب تک کہ بائع اور مشتری اسی جگہہ بیٹھے رہے جہان چیز بکی تو دونون کو اختیار ہے چاہے بائع اپنی چیز کو نہ بیچے اور مشتری نہ مول لیوی اور جب کہ کوئی دونون مین سے اٹھا اور مجلس بدلی تو اب کسی کو اختیار نرہا بیع تمام ہوگئی اور یہی مذہب ہے امام شافعی کا اور امام محمد کا اور امام اعظم کے نزدیک جب کہ ایجاب اور قبول دونو طرف سے ہوا تو بیع تمام ہوگئی کسی کا اختیار باقی نرہا تو اس حدیث مین امام شافعی کے نزدیک مجلس کی جدائی مراد ہے اور امام اعظم کی نزدیک قول کی جدائی

مراد ہے اِس حدیث سی معلوم ہوا کہ خرید و فروخت کی برکت سچ بولنے اور اپنے
کے چیز نقصان ظاہر کرنے پر موقوف ہے یہی سبب ہے کہ اب سوداگرون اور دکاندارون کے
مال مین برکت نہین رہی کہ جھوٹھہ اور دغابازی بہت رایج ہوگئی خ ابن عباس
البینۃ او حد فی ظھرک فقالہ لھلال بن امیۃ لما قذف امرأتہ
بشریک بن سحماء بخاری مین عبداللہ بن عباس سے روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ گواہ
لانا چاہئے تاکہ حد ماری جاوے کی تیرے بیٹہ مین یہہ حضرت نی ہلال بن امیہ سی کہا
جب کہ اُسنے اپنی عورت کو شریک بن سحما سی عیب لگایا ف شکوۃ مین عبداللہ
بن عباس سے روایت ہے کہ ہلال بن اُمیہ نی حضرت کی روبرو اپنی جورو کو حرامکاری کا
شریک بن سحما سی عیب لگایا حضرت نی فرمایا کہ یا گواہون سے اِس بات کو ثابت کر
یا تیری پیٹھہ پر مار پڑیگی ہلال نی کہا یارسول اللہ جب کوئی اپنی عورت سے حرام کرتے
دیکھے تو اُس وقت گواہ ڈھونڈہتا پہرے حضرت نی پہر وہی فرمایا یعنے حکم شرع
یون ہے حجت بی فائدہ ہے تو ہلال نی کہا مین قسم کہاتا ہون اسکی جسنے
تجھکو سچا پیغمبر کیا ہے کہ مین اپنے دعوی مین سچا ہون سو البتہ خدا وہ آیتین اُتاریگا
جس سے میری پیٹھہ مارسی بچیگی سو جبریل اُترے اور اس مضمون کی آیتین سورۂ نور مین
اُتریں کہ جو لوگ عیب لگاوین اپنی جورُون کو اور شاہد نہون اُنکے پاس سوا اپنی

جاتی ہے تو لعنون کی گواہی یہہ کہ چار گواہی دیوین اسکی نام کی کہ بیشک مین سچا
ہون اور پانچوین بار یون کہے کہ خدا کی لعنت اس شخص پر اگر وہ جھوٹھا ہو اور عورت سے
ٹلتے ہی یون کہ گواہی دے چار گواہی اسکے نام کی کہ مقرر وہ مرد جھوٹھا اور پانچوین بار
یون کہے کہ اسکا غضب ہے اُس عورت پر اگر مرد سچا ہو پھر ہلال اور اُسنے بموجب
حکم کے گواہی دی اور حضرت فرماتی جاتے تھے کہ بلاشک خدا کو معلوم ہے
کہ تم دو سے ایک شخص جھوٹھا ہے تم دونون مین کوئی توبہ بھی کرنیوالا ہے پھر
ہلال کی عورت کھڑی ہوئی اُسنے اُسی طرح چار بار گواہی دی جب پانچوین بار کی
نوبت ہوئی تو لوگون نی اسکو روکا اور کہا کہ خدا کی مار لگ جاویگی یعنی اسکو
اتنا بجان اکر تو جھوٹھی ہو تو مت کہہ سو وہ عورت تھم گئی اور ٹھہری یہان تک
کہ ہم سمجھے کہ شاید یہہ پلٹ جاویگی یعنی اپنے عیب کا اقرار کریگی پھر اُسنے
کہا کہ مین اپنی قوم کو ہمیشہ کو فضیحت نکرونگی سو اُسنے پانچوین گواہی بھی دی
حضرت نے فرمایا کہ دیکھتے ہو اس عورت کو اگر اسکا لڑکا کالی آنکھہ والا اور
موٹے سرین والا پتلی پنڈلیون کا پیدا ہو تو وہ حقیقت مین شریک بن سحما کا
نطفہ ہے سو اسکا لڑکا اسی طرح کا پیدا ہوا تو حضرت نی فرمایا کہ اگر قرآنکا
حکم پیشتر نہ اُتر چکا ہوتا تو مین اس عورت کو حد مارتا اس حدیث سے معلوم ہوا

کہ قاضی

کہ قاضی کو چاہئے کہ ظاہر پر حکم کرے اگرچہ وہان برخلاف اسکے قرینہ موجود ہو

ق ۱۲۶۶ ق ابو ھریرۃ التثاؤب من الشیطان فاذا تثاءب احدکم فلیکظم ما استطاع بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جمہائی شیطان کے اثر سے ہے سو جو کوئی تم مین سے جمہائی لیوے تو چاہئے کہ اسکو دبا ڈالے جتنا کہ اُسسے ہوسکے ق ۱۲۶۷ ق ابو ھریرۃ التصفیح للنساء والتسبیح للرجال بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ دستک عورتون کو چاہئے اور سبحان اللہ کہنا مردون کو چاہئے ف یعنی اگر امام نماز مین چوکے تو عورت دستک دیکر اسکو خبردار کردے اور مرد سبحان اللہ کہکے ق ۱۳۷۱ ق سعد بن ابی وقاص الثلث والثلث کثیر او کبیر فانہ قال لہ حین قال فی مرضہ انی اتصدق بثلثی مالی قال لا قال فالشطر قال لا قال فالثلث قال الحدیث بخاری اور مسلم مین سعد بن ابی وقاص سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تہائی مال مین وصیت کرو اور تہائی تو بہت ہے یا یون فرمایا کہ بڑی ہے یہہ حضرت نے سعد سے فرمایا جب کہ اُنھون نے کہا اپنی بیماری مین کہ مین اپنے مال کی دو تہائی خیرات کردون حضرت نے فرمایا کہ نہین سعد نے کہا کہ تو آدھا مال خیرات کردون حضرت نے

فرمایا کہ نہین سعد نے کہا تو تہائی مال خیرات کرون تب حضرت نی یہہ حدیث فرمائی

**ف** حجۃ الوداع مین سعد بیمار ہوے صرف انکو وارث ایک لڑکی تہی تب
انہون نی اپنے مال کو خیرات کرنے چاہا باقی قصہ آگے مفصل ہوچکا ہے

۱۲۶۹ **خ** معلوم ہوا کہ تہائی سے زیادہ وصیت نہین درست **خ** اَبُوْ رَافِعٍ مَوْلَی
رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ اَلْجَارُ اَحَقُّ بِصَقَبِہٖ بخاری مین
ابو رافع جو آزاد غلام حضرت کے تہے روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ ہمسایہ زیادہ تر
حق دار ہے اپنے لگے ہوئے مکان کا **ف** یعنے جب جبکہ بکی تو ہمسایہ ہونے اجنبی

۱۲۷۰ **م** آدمی اسکو نہین مول لے سکتا اسکو حق شفعہ کہتی ہین **م** اَبُوْ ھُرَیْرَۃَ اَلْجَرَسُ
مَزَامِیْرُ الشَّیْطَانِ مسلم مین ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ گھنٹا اور
گھونگرو شیطان کا باجا ہے **ف** گھنٹا اونٹ وغیرہ کی گردن مین اسواسطے منع ہوا
کہ دشمن آواز سے خبردار ہو جاتا ہے اور عورت کے گھونگرو اور پازیب

۱۲۷۱ **خ** اور چھڑے بہی اسی مین داخل ہین کہ اسکی آواز سی مرد کی نظر عورت پر پڑتی ہے
**خ** اِبْنُ مَسْعُوْدٍ اَلْجَنَّۃُ اَقْرَبُ اِلٰی اَحَدِکُمْ مِنْ شِرَاکِ نَعْلِہٖ وَالنَّارُ
مِثْلُ ذٰلِکَ بخاری مین عبداللہ بن مسعود سے روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ تم لوگون مین
سے ہر ایک کی ساتہہ بہشت قریب ہے اسکی جوتی کے تسمے سی بہی زیادہ تر

اور دوزخ بھی اسی طرح ف یعنی بہشت اور دوزخ آدمی سے نہایت متصل ہے
دور نہ سمجھو اگر ایمان ہے اور نیک عمل ہین تو بہشت متصل ہے اور اگر کفر اور
گناہ ہین تو دوزخ قریب ہے ق جَابِرٌ اَلْحَرْبُ خُدْعَةٌ بخاری اور مسلم مین
جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ لڑائی دانو گھات کا نام ہے
ف یعنی لڑائی صرف شمشیر زنی پر موقوف نہین فریب اور تدبیر بھی ضرور چاہیے
شعر کار دہر ہست عاقل کامل بسنجن کہ بصد لشکر جرار میسر نشود لیکن بعد
عہد و پیمان کے فریب درست نہین خ اَبُوْ سَعِیْدِ بْنُ الْمُعَلّٰی اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ
رَبِّ الْعَالَمِیْنَ ھِیَ السَّبْعُ الْمَثَانِیْ وَالْقُرْاٰنُ الْعَظِیْمُ الَّذِیْ
اُوْتِیْتُہٗ بخاری مین ابو سعید بن معلیؓ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ الحمد
للہ رب العالمین کا نام سبع المثانی اور قرآن عظیم ہے جو مجھکو ملی ف قرآن مین
خدا نے حضرت کو اپنا احسان جتایا کہ ہم نے تجکو سبع المثانی اور قرآن عظیم دیا
سو حضرت نے فرمایا کہ سبع المثانی اور قرآن عظیم سے مراد سورۂ فاتحہ ہے اسکو سبع
المثانی اسواسطے کہا کہ اُسمین سات آیتین ہین اور کسی نماز مین سورۂ فاتحہ دو بار سے
کم نہین پڑھی جاتی اور اسکا نزول بھی دو بار ہوا ہے مین بھی اور مدینی مین
اور قرآن عظیم فاتحہ کو اسواسطے فرمایا کہ جو مطلب قرآن مین مفصل ہین وہ تمام

ق ۱۲۷۴ اس سورت مین مجمل موجود ہین ق عَائِشَةُ الْحُمّٰى مِنْ فَيْحِ جَهَنَّمَ
بخاری اور مسلم مین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تپ دوزخ کی
سخت گرمی سے ف پوری روایت یون ہے کہ اسکو پانی سے سرد کرو یعنے
تپ کا علاج غسل ہے سرد پانی سے لیکن یہہ علاج اُس تپ کو خاص ہے جو دہوپ سے
یا کرم غذا اور دوا سے پیدا ہوئی ہو اور یہہ نہین کہ ہر یک تپ کا یہی علاج ہے
اس واسطے کہ عرب کا ملک گرم ہے اکثر اسی قسم کی وہان تپ ہوتی ہے

ق ۱۲۷۵ طب مین اسکو حمی یومی کہتے ہین ق اَنَسٌ وَعِمْرَانُ بْنُ حُصَيْنٍ الْحَيَاءُ
خَيْرٌ كُلُّهُ بخاری اور مسلم مین انس اور عمران بن حصین سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا

ق کہ حیا سب کی سب بہتر ہے ق عِمْرَانُ بْنُ حُصَيْنٍ اَلْحَيَاءُ لَا يَاْتِيْ اِلَّا بِخَيْرٍ
بخاری اور مسلم مین عمران بن حصین سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ حیا سوائے خوبی کے
کچھہ نہین لاتی ف یعنے حیا شرعی کا ہر حال مین نیک ہی ثمرہ ہوتا ہے ق

ق ۱۲۷۶ اِبْنُ عُمَرَ اَلْحَيَاءُ مِنَ الْاِيْمَانِ بخاری اور مسلم مین عبداللہ بن عمر سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ حیا ایمان سے ہے ف یعنے شرم ایمان کی عمدہ شاخ ہے
کہ اسکے سبب سے آدمی برے کام سے بچتا ہے جتنی شرم زیادہ اُتنا ایمان زیادہ

م ۱۲۷۷ اور جتنی شرم کم اتنا ایمان کم م اَبُوْ مُوْسٰى اَلْخَازِنُ الْاَمِيْنُ

اَلَّذِیْ یُعْطِیْ مَا اُمِرَ بِہٖ طَیِّبَۃً بِہٖ نَفْسُہٗ اَحَدُ الْمُتَصَدِّقِیْنَ
مسلم مین ابو موسی رضی اللہ عنہ سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ امانت دار
خزانچی اور دار وغہ جو دیوے مالک کے حکم کے . موافق اپنا دل کھول کر
خیرات کرنیوالون سے ایک وہ بھی ہے ف یعنے جو دینے کا ثواب ہے امین دار وغہ
اور خان سامان بھی شریک ہے بشرطیکہ خوشی سے دیوے اور جو دار وغہ دیتے
ہوئے کنمناوے وہ ثواب سی بی نصیب ہے اسواسطے کہ مالک تو دلاتا ہے
اور اُس ناپاک کا ناحق پیٹ پہولتا ہے اسکے برابر دوسرا بخیل نہین ۱۲۷۸ م
اَبُوْھُرَیْرَۃَ اَلْخَمْرُ مِنْ ھَاتَیْنِ الشَّجَرَتَیْنِ اَلنَّخْلَۃِ وَالْعِنَبَۃِ وَیُرْوَی
اَلْکَرْمَۃِ وَالنَّخْلَۃِ وَیُرْوَی اَلْکَرْمِ مسلم مین ابو ہریرہ رضی سے روایت ہے
کہ حضرت نی فرمایا کہ شراب اِن دو درختون سے ہے کہجور سے اور انگور سے
اور دوسری روایت مین بجای نخلہ اور عنبہ کے کرمہ اور نخلہ آیا ہے
اور ایک روایت مین کرم کی لفظ ہے مطلب سب لفظون کا ایک ہی ہے
یعنے عرب کی شراب اکثر کہجو اور انگور ہی سی ہوتی تہے اور یہہ مطلب
نہین کہ شراب اِنہین دو درختون سے ہوتی ہے سوا اُنکے اور کسی کی شراب
حرام نہین ۱۲۷۹ ق قِ ابْنُ عُمَرَ اَلْخَیْرُ مَعْقُوْدٌ فِیْ نَوَاصِی الْخَیْلِ اِلٰی یَوْمِ

الْقِیٰمَۃِ بخاری اور مسلم مین عبداللہ بن عمر سے روایت ہے کہ آنحضرت نے فرمایا کہ
خیر گھوڑوں کی چوٹیون مین روز قیامت تک بستہ ہے یعنے ثواب عظیم
اور ملک کی فتح جہاد پر موقوف ہے اور گھوڑے جہاد کا عمدہ سبب ہین تو
حقیقت مین خیر اور کشائش کے گھوڑے ہی سبب ٹھہرے اس حدیث مین
اشارہ ہے کہ ایماندار جہاد کی نیت پر گھوڑونکی پرورش سے غافل نہون ق

اَبُوْھُرَیْرَۃَ اَلْخَیْلُ لِثَلٰثَۃٍ لِرَجُلٍ اَجْرٌ وَلِرَجُلٍ سِتْرٌ وَعَلٰی
رَجُلٍ وِزْرٌ فَاَمَّا الَّذِیْ لَہٗ اَجْرٌ فَرَجُلٌ رَبَطَھَا فِیْ سَبِیْلِ
اللّٰہِ فَاَطَالَ لَھَا فِیْ مَرْجٍ اَوْ رَوْضَۃٍ فَمَا اَصَابَتْ فِیْ طِیَلِھَا
ذٰلِکَ مِنَ الْمَرْجِ اَوِ الرَّوْضَۃِ کَانَتْ لَہٗ حَسَنَاتٍ وَلَوْ اَنَّہُ
انْقَطَعَ طِیَلُھَا فَاسْتَنَّتْ شَرَفًا اَوْ شَرَفَیْنِ کَانَتْ لَہٗ اٰثَارُھَا
وَاَرْوَاثُھَا حَسَنَاتٍ وَلَوْ اَنَّھَا مَرَّتْ بِنَھَرٍ فَشَرِبَتْ مِنْہُ
وَلَمْ یُرِدْ اَنْ یَسْقِیَھَا کَانَ ذٰلِکَ لَہٗ فَھِیَ لِذٰلِکَ الرَّجُلِ اَجْرٌ وَرَجُلٌ
رَبَطَھَا تَغَنِّیًا وَتَعَفُّفًا ثُمَّ لَمْ یَنْسَ حَقَّ اللّٰہِ فِیْ رِقَابِھَا وَلَا
ظُھُوْرِھَا فَھِیَ لِذٰلِکَ سِتْرٌ وَرَجُلٌ رَبَطَھَا فَخْرًا وَرِیَاءً وَنِوَاءً
لِاَھْلِ الْاِسْلَامِ فَھِیَ عَلٰی ذٰلِکَ وِزْرٌ بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ

ق

نے روایت کی کہ حضرت نے فرمایا کہ گھوڑے تین آدمیون کے واسطے ایک مرد کے واسطے تو ثواب ہین اور دوسرے مرد کے واسطی پردہ ہین اور تیسرے مرد پر وبال ہین تو جسکو ثواب ہے سو وہ مرد ہے جس نے گھوڑون کو خدا کی راہ مین یعنی جہاد کے واسطی باندہ رکھا پھر انکو لنبی رسی مین باندہ کے کسی چراگاہ یا باغ کی چمن مین سو وہ نے اس رسی کے اندر چراگاہ یا چمن مین جہان تک کہ پہنچے اور جتنی کہاس کہ چرے تو اس مرد کی واسطے اتنی حسنات ہونگے اور اگر گھوڑون کی رسی توٹ گئی پھر وہ ایکبار یا دوبار زقند مار گئے تو اس مرد کی واسطے انکے پانون کی مٹی اور انکی لید حسنات ہونگی اور اگر وہ کسی دریا پر گذری اسو اسمین پانی پیا اگرچہ مالک نے انکے پلانے کا قصد نکیا ہو تو بھی اسکے واسطے حسنات ہونگے تو ایسے گھوڑے اس مرد کے واسطی ثواب کا سبب ہین اور جس مرد نے کہ گھوڑون کو باندہا اس نیت سے کہ انکی سوداگری سے فائدہ اٹھاوی اور بیگانی سواری مانگنے سے بچے پھر وہ خدا کا حق جو گھوڑون کی گردنون اور پیٹھون مین ہے نہ بھولا یعنی انکی زکوۃ ادا کی اور ضعیفون کو انکی سواری سے نہ روکا تو ایسے گھوڑے اس مرد کی واسطے پردہ ہین یعنے باعث رہ ذلت سے بچا اور جس مرد نے کہ گھوڑون کو باندہا اترانے اور نمود کے لئے اور اہل اسلام کی بدخواہی اور عداوت کے واسطی یعنی کفر کی کمک کو تو ایسے گھوڑے اس مرد کے

وبال ہین **ف** یعنے گہوڑے پالنا تین طرح ہے عمدہ قسم یہہ کہ جہاد کے
واسطے پالے کہ اسکا ثواب بی شمار ہے دوسری قسم یہہ کہ اپنی سواری
اور سوداگری کے لیئے پالے تو اسمین دنیا کا فائدہ ہے اور دین کا کچھ نقصان نہین
تیسری قسم یہہ کہ کافرون کی مدد کے واسطے پالے اور نمود کرے اور بڑائیان مارے
تو یہہ سراسر وبال اور عذاب ہے **ھ** ۱۲۸۲ حُذَیْفَةُ بْنُ الْیَمَانِ الدَّجَّالُ
اَعْوَرُ الْعَیْنِ الْیُسْرٰی جُعَالُ الشَّعْرِ مَعَهٗ جَنَّةٌ وَنَارٌ فَنَارُهٗ
جَنَّةٌ وَجَنَّتُهٗ نَارٌ مسلم مین حذیفہ بن یمان سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
کہ دجال بائین آنکھ کا کانا ہے گھنی بالون والا اسکے ساتھہ باغ اور آگ
ہے سو حقیقت مین اسکی آگ تو باغ ہے اور اسکا باغ آگ **ف** یعنے اسکا نظر
بندی کا کارخانہ ہے **ھ** ۱۲۸۳ اِبْنُ عُمَرَ اَلدُّنْیَا سِجْنُ الْمُؤْمِنِ وَجَنَّةُ الْکَافِرِ
مسلم مین عبداللہ بن عمر سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ دنیا ایماندار کا
قید خانہ ہے اور کافر کی بہشت ہے **ف** دنیا ایماندار کا قید خانہ ہے
کئی طرح سے اول تو یہہ کہ اگرچہ مومن بادشاہ ہو لیکن دنیا فنا اور تشویش سے
خالی نہین دوسرے یہہ کہ گناہ مین گرفتار ہو جانے کا ڈر اور خاتمہ کا کھٹکا
اور عذاب قبر اور قیامت کے حساب کتاب کا خوف ایماندار کو ہر دم رہتا

موجود ہے

موجود ہے تو اسکو زندگی کا کہان لطف تیری یہہ کہ اوفی ایماندار کا مکان بہشت مین تمام
دنیا کا دہ چند ہو کا تو اسکے بہ نسبت دنیا قید خانہ ہے اور کافر کی حق مین دنیا
اسواسطے بہشت ٹہری کہ اسکو آخرت کا ایمان نہین وہ جانور کی طرح بی قید رہتا ہے
بلا خوف عیش کرتا ہے جسطرح دنیا کو پاتا ہے جمع کرتا ہے علاوہ اسکے اصلی مکان کافر کا
دوزخ ہے تو اسکی مصیبت اور عذاب کے روبرو دنیا کی زندگی اگرچہ کمال تکلیف سے
گذرتی ہو پر بہشت کی برابر ہے ۴۸ عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ عَمْرٍو اَلدُّنْیَا مَتَاعٌ ۱۲۴
وَخَیْرُ مَتَاعِ الدُّنْیَا اَلْمَرْءَۃُ الصَّالِحَۃُ وَرِوَایَۃُ الْقُضَاعِیِّ وَخَیْرُ
مَتَاعِهَا مسلم بن عبداللہ بن عمر سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ دنیا برخوردار
اور برتنے کی چیز ہے اور بہتر دنیا کی پونجی نیکبخت عورت ہے اور قضاعی کی روایت مین
بجاہی خیر متاع الدنیا کے خیر متاعہا ہے مطلب دونون عبارت کا ایک ہے ف
نیکبخت عورت اس واسطے بہتر ٹہری کہ خدا رسول کا حکم مانتی ہے کہ اپنے خاوند کی
تابعدار رہتی ہے اسکے خلاف مرضی نہین کرتی گہر کو سنبہالتی ہے اپنے
ارام پر خاوند کے آرام کو مقدم جانتی ہے تو مرد کی زندگانی بخوبی بسر ہوتی
ہے شعر زن خوب خوش سیرت و پارسا کند مرد درویش را پادشا اور اگر خدا
نخواستہ عورت نیکبخت نہوئی تو مرد کی زندگی تلخ ہوگئی شعر زن بد در سرای

مردکو ہمدرین عالم است دوزخ او ۱۲۹ م تَمِيمٌ الدَّارِيُّ اَلدِّيْنُ النَّصِيْحَةُ اَلدِّيْنُ
النَّصِيْحَةُ اَلدِّيْنُ النَّصِيْحَةُ قَالُوْا لِمَنْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ لِلّٰهِ
وَلِرَسُوْلِهٖ وَلِكِتَابِهٖ وَلِاَئِمَّةِ الْمُسْلِمِيْنَ وَعَامَّتِهِمْ مسلم مین تمیم داری سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ دین خلوص اور خیرخواہی کا نام ہے دین خیرخواہی کا نام
ہے دین خیرخواہی کا نام ہے اصحاب نے کہا یا رسول اللہ کس کی خیرخواہی کا نام ہے دین
حضرت نے فرمایا اللہ کی خیرخواہی اور اسکے رسول کی اور اسکی کتاب کی اور مسلمین کے
حاکمون کی اور تمام مسلمانونکی ف اللہ کی خیرخواہی یہہ کہ اسکا ایمان لاوے
اسکے دین مین کجروی نکرے عمل کو ریا سے خالص کرے اسکے حکمون کو بجالاوے
اسکی نافرمانی سے بچے اور رسول کی خیرخواہی یہہ کہ اسکی تصدیق کرے اسکی سنت ہی
پر چلے اور بدعت سے بچے اور قرآن کی خیرخواہی یہہ کہ اسکے حروف کو حتی الامکان
بخوبی ادا کرے کمال تعظیم سے پڑھے اسکے مطالب کو غور کرے محکم پر عمل کرے
متشابہ کا ایمان لاوے اسپر اعتراض کرنیوالون کے اعتراض کو دفع کرے اور مسلمین کے
حاکمون کی یعنی امامون کی خیرخواہی یہہ کہ شرع کے موافق انکی اطاعت کرے
انکی مخالفت سے بچے اور مسلمانون کی خیرخواہی یہہ کہ مقدور بھر انکو فائدہ
پہنچاوے انکو رنج نہ دے نیک کام سکھلاوے بد کام سے روکے اور انکے

ولسطے چاہے جواپنے واسطے چاہلے م ابوھریرۃ الذھب با
للذھب وزنا بوزن مثلا بمثل والفضۃ بالفضۃ وزنا
بوزن مثلا بمثل فمن زاد واستزاد فھو ربوا مسلم ہین
ابوہریرہ رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ سونے کے
سونے سے توزن ہین برابر برابر جتنا ایک اتنا دوسرا اور چاندی کے چاندی
سے تول ہین برابر برابر جتنی ایک اتنی دوسری سو جسنے زیادہ دیا یا کہ زیادہ
مانگا تو وہی بیاج ہے ق عمر الذھب بالورق ربوا الا ھاء
وھاء والبر بالبر ربوا الا ھاء وھاء والشعیر بالشعیر ربوا
الا ھاء وھاء والتمر بالتمر ربوا الا ھاء وھاء ویروی
الورق بالورق ربوا الا ھاء وھاء والذھب بالذھب ربوا الا ھاء وھاء
بخاری اور مسلم ہین عمر ورق سی روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ سونا بدلنا چاندی
بیاج ہے مگر دست بدست اور گیہون بدلنا گیہون سے بیاج ہے مگر دست بدست
اور جو بدلنا جو سی بیاج ہے مگر دست بدست بیاج نہین اور کھجور بدلنا کھجور سے
بیاج ہے مگر دست بدست نہین اور ایک روایت یون ہے کہ چاندی بدلنا چاندی
سے بیاج ہے مگر دست بدست اور سونا بدلنا سونے سی بیاج ہے مگر دست

۱۲۸۶ م

۱۲۸۶ ق

بدست بیاج نہین **ف** یعنی چاندی اور سونے مین اور تلنی والی چیزون کے
بدلنے اور بیچنے مین دو صورتین ہین ایک صورت تو یہہ کہ ایک ہی جنس کا بدلنا جیسے
چاندی کو چاندی سے یا جو کو جو سے تو اسمین شرط یہہ ہے کہ اسیوقت دست
بدست بدلے وعدہ نہوا اور تول مین دونون برابر ہون اگر تول مین کمی بیشی ہوئی
یا ایک چیز موجود ہوئی اور دوسری غائب تو بھی بیاج ہے اور دوسری صورت
یہہ کہ دو جنس کا بدلنا جیسے چاندی کا بدلنا سونے سے یا گیہون کا بدلنا جو سے
تو اسمین شرط یہہ ہے کہ دست بدست ہو اسمین کمی بیشی بیاج نہین مثلاً ایک سیر
گیہون کا دو سیر جو سے بدلنا درست ہے اور اگر دست بدست نہو گیہون تو آج دیوے
اور جو کل لیوی تو یہہ بیاج ہے ہرگز درست نہین **خ** اَنَسُ الرُّؤْيَا الْحَسَنَةُ ۱۲۸۷
مِنَ الرَّجُلِ الصَّالِحِ جُزْءٌ مِنْ سِتَّةٍ وَاَرْبَعِيْنَ جُزْءًا مِنَ النُّبُوَّةِ
بخاری مین انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ٹھیک خواب نیکمرد کے
ایک حصہ ہے نبوت کی چھیالیس حصون سے **ف** یعنے جیسے پیغمبر کے علم مین قیاس
اور سوچ کو دخل نہین ویسی ہی ٹھیک خواب مین غور اور فکر کا دخل نہین
صرف خدا ہی کے طرف سے ہوتی ہے تو نیکمرد کی خواب درست از قسم نبوت
ہوئی اور چھیالیس حصے ہونی کی وجہ سابق مین گذری **خ** اَبُوْ سَعِيْدِ الرُّؤْيَا ۱۲۸۸

الصالحہ

الصَّالِحَةُ جُزْءٌ مِنْ سِتَّةٍ وَاَرْبَعِيْنَ جُزْءً مِنَ النُّبُوَّةِ بخاری مین ابو
سعید سے روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ ٹھیک اور درست خواب ایک حصہ ہے پیغمبری کا
چھیالیس حصون سے ف اَبُوْ قَتَادَةَ الْحَارِثُ بْنُ رِبْعِيٍّ اَلرُّؤْيَا مِنَ اللّٰهِ وَ ف ۱۲۸۹
الْحُلْمُ مِنَ الشَّيْطَانِ بخاری اور مسلم مین ابو قتادہ سے جنکا نام حارث ہے
روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ ٹھیک اور اچھی خواب خدا کی طرف سے ہے اور
پریشان خواب شیطان کی طرف سے ف خواب تین قسم ہے ایک تو خواب
نیک جس سے دین کی قوت ہو خدا پر اعتماد بڑھے گناہون سے بچے اور دوسرے قسم
خواب پریشان ہے جس سے رنج اور وہم بڑھے یا خدا سے بدگمانی ہو تیسری قسم
یہہ کہ آدمی کو اپنے خیالات نظر پڑین یا غذا کے بخارات سے کوئی شکل کی صورت
بندھے تو اول قسم یعنے نیک خواب کو خدا کی طرف سے فرمایا اور دوسرے قسم کی خواب کو
شیطان کی طرف سہی فرمایا اور تیسری قسم کو بیان نفرمایا کہ خود ظاہر تہی کچھہ
اسکے بیان کی حاجت نہین ف عَائِشَةُ اَلرَّحِمُ مُعَلَّقَةٌ بِالْعَرْشِ ف ۱۲۹۰
تَقُوْلُ مَنْ وَصَلَنِيْ وَصَلَهُ اللّٰهُ وَمَنْ قَطَعَنِيْ قَطَعَهُ اللّٰهُ
بخاری اور مسلم مین حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ناتا رشتہ
عرش مین لٹکا ہے کہتا ہے کہ جسنے مجھکو جوڑا خدا اُس سے جوڑے اور

جسنے مجھکو کاٹا خدا نی اسکو کاٹا ف یعنے برادری کا حق نہایت مقدم ہے
جسنے اسکو ادا کیا تو اسپر خدا کا رحم ہے اور جسنے اسکو نمانا وہ خدا کی رحمت سے
دور پڑا خ ابو ھریرۃ الرھن یرکب بنفقتہ و یشرب لبن
الدر اذا کان مرھونا و علی الذی یرکب و یشرب النفقۃ
بخاری مین ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ گروے جانور کی سواری
کیجئے اسکے دانے گھاس کے بدلے اور دودھ ہار جانور کا دودھ پیجئے جب کہ گروی
ہو اور جو سواری کرے اور دودھ پئے اسپر خرچ ہے ف اس حدیث سی
معلوم ہوا کہ گروی جانور کی سواری کرنا اور اسکا دودھ پینا دانے گھاس کے
بدلے مرتہن کو درست ہے اور یہی مذہب ہے امام احمد کا لیکن انکے نزدیک رہن کا نفع
لینا بقدر خرچ کے چاہیے خرچ سے زیادہ نہین درست اور امام شافعی کے نزدیک
منافع کا حق مالک کو ہے اور اسی پر خرچ لازم ہے اور امام اعظم کے نزدیک
جیسے وہ چیز کردہے ویسی ہی اسکا نفع بھی یعنے مرتہن اگر منافع کو لیوے
اپنی اصل قرض مین وضع کرنا جاوے اور خرچ اسکا مالک پر لازم ہے ق
ابو ھریرۃ الساعی علی الارملۃ و المسکین کالمجاھد
فی سبیل اللہ قال ابو ھریرۃ و احسبہ قال کالقائم

۱۲۹۱ ح

۱۲۹۲ ق

نصیرت حاجت روائی حاجیان

لا یفتر

لَا یَفْتُرُ وَکَالصَّائِمِ لَا یُفْطِرُ بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے
روایت ہے کہ حضرت نبی نے فرمایا کہ جو بیوہ عورت اور محتاج آدمی کی حاجت روائی مین
کوشش کرتا ہی وہ ثواب مین اسکے برابر ہے جو خدا کی راہ مین جہاد کرتا ہے ابوہریرہ نے
کہا مجھکو گمان پڑتا ہے کہ حضرت نبی یہہ بھی فرمایا کہ وہ کوشش کرنیوالا ثواب مین
ایسا ہے جیسے تہجد کی نماز پڑھنے والا جسکی کبھی نماز نہ چھوٹے اور جیسے روزہ رکھنے والا
جسکا کبھی روزہ نہ ٹوٹے ف یعنی جو زکوۃ کا مال بیوہ عورت اور محتاج کے
واسطے جمع کر رکھے یا خود اپنی کمائی سے انکی خبر گیری کرے اور انکا کام کاج کرد
اسکو غازی اور ہمیشہ تہجد پڑھنے والے اور مدامی روزہ دار کے برابر ثواب ہے
اس حدیث سے محتاجونکی حاجت روائی کی عمدہ فضیلت ثابت ہوئی ق ابوہریرۃ ق ۱۲۹۴
اَلسَّفَرُ قِطْعَۃٌ مِنَ الْعَذَابِ یَمْنَعُ اَحَدَکُمْ نَوْمَہٗ وَ طَعَامَہٗ وَشَرَابَہٗ
فَاِذَا قَضٰی اَحَدُکُمْ نَہْمَتَہٗ مِنْ وَجْہِہٖ فَلْیُعَجِّلْ اِلٰی اَہْلِہٖ
بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ رضی سے روایت ہے کہ حضرت نبی نے فرمایا کہ سفر عذاب کا ٹکڑا
ہے کہ باز رکھتا ہے تمکو نیند سے اور کھانے پینے سے پھر جب کوئی اس طرف سے
کہ جد ہر گیا ہے اپنی کام سے فراغت پاوی تو چاہئے کہ شتابی سے اپنے گھر والون
پاس آوی ف معلوم ہوا کہ بی ضرورت سفر کرنا مکروہ ہے کہ اسمین بڑا

تکلیف ہے اور جب کسی ضرورت کو آدمی سفر کرے تو بعد فراغت کے وہان نہ
ٹہرے کہ اُسمین گہر کی بے بندوبستی ہے اِس حدیث مین وطنین رہنے کی ترغیب ہے
تاکہ جمعہ اور جماعت فوت نہوا اور جورو لڑکون کے حق تلف نہون ق ابن عمر
الشؤم فی المرأۃ والفرس والدار بخاری اور مسلم مین عبداللہ بن عمر رض سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ نحوست اور نامبارکی عورت مین ہے اور گہوڑے اور گہر مین
ف اس حدیث سے ویسی نحوست مراد نہین جیسا جاہلون کا اعتقاد ہے بلکہ یہہ
حدیث مطلق فرض کہے یعنی اگر نحوست کسی چیز مین ممکن ہوتی تو ان چیزون مین
ہوتی چنانچہ یہی مطلب دوسری حدیث مین موجود ہے جسکی سعد بن ابی وقاص سے
روایت ہے عورت مین نامبارکی یہہ کہ بدمزاج ہو اور گہوڑے کی نامبارکی یہہ کہ شریر اور
بدذات ہو اور گہر کی نامبارکی یہہ کہ تنگ ہو اور اسکا ہمسایہ بدہو م انس
الشرب فی ثلثۃ انفاس امرء واشفی وابرأ سلم مین انس رض سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تین دم مین پانی پینا پیٹ سی خوب جلد اُترتا ہے
یعنی گرانی نہین کرتا اور پیاس کی بیماری کو خوب شفا دیتا ہے ف اس حدیث مین
پانی پینے کا ادب فرمایا اور تین دم مین پینے کی حکمت بتلائی کہ اس طور سے
پانی خوب ہضم ہوتا ہے اور تہوڑی پانی سے پیاس بجہتی ہے خ ابن عباس

اَلشِّفَاءُ فِیْ ثَلٰثَۃٍ فِیْ شَرْطَۃِ مِحْجَمٍ اَوْ مَشْرَبَۃِ عَسَلٍ اَوْ کَیَّۃٍ بِنَارٍ
وَاَنَا اَنْھٰی اُمَّتِیْ عَنِ الْکَیِّ بخاری میں عبداللہ بن عباس سی روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ شفا ہماری تین چیز مین ہے سینگی کے پچھنی مین اور شہد کی پینی مین
اور آگ کی داغنی مین اور مین منع کرتا ہون اپنی امت کو داغنے سے ف اِس
حدیث کی شرح چھٹے باب مین ہو چکی ہر چند اِس حدیث مین داغنی سے منع فرمایا
لیکن داغنا بھی حضرت سے ثابت ہوا تو مطلب یہہ کہ اگر اور دوا سے صحت ہو سکے تو
داغنی سے دور رہے اور نہین تو درست ہے ع ۱۲۹۸ جَابِرٌ اَلشُّفْعَۃُ فِیْمَا لَمْ یُقْسَمْ
فَاِذَا وَقَعَتِ الْحُدُوْدُ وَصُرِفَتِ الطُّرُقُ فَلَا شُفْعَۃَ بخاری مین جابر سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ حق شفعہ اُسمین ہے جسمین تقسیم نہین ہوئی اور جب
بانٹ ہو کر حدین پھر گئین اور راہین جدا ہو گئین تو شفعہ نرہا ف شفعہ دو قسم کے شفعہ
شرکت کا جیسی ایک گھر کے دو شریک ہون اور اُنمین سے ایک شریک اپنا
حصہ بیچے سو اسکو سوای دوسرے شریک کے اور شخص نہین لے سکتا اور دوسرے
شفعہ ہمسائگی کا یعنی اگر کوئی گھر بیچے تو اسکے لینی مین اسکے ہمسایہ مقدم ہین
امام شافعی کے نزدیک شرکت مین تو شفعہ ہے اور ہمسائگی مین شفعہ نہین اور
یہی حدیث انکی دلیل ہے کہ جب تقسیم ہوئی اور دروازہ کہر کا علیحدہ ہوا اور راہ الگی

جدا ٹھہری تو شفعہ نہ رہا اور امام اعظم کے نزدیک شفعہ دونوں صورت میں ہے شرکت میں بھی ہمسائگی میں بھی تو اس حدیث کا یہ مطلب کہ تقسیم ہونے سے شفعہ شرکت کا جاتا رہا اور یہ مطلب نہیں کہ ہمسائگی کا بھی شفعہ باقی نہ رہا

۱۲۹۹ ع ابو ہریرۃ الشمس والقمر مکوران یوم القیمۃ بخاری میں ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ سورج اور چاند کی روشنی لپیٹ ڈالی جاویگی قیامت کی دن یعنی بے رونق اور بے نور ہو جاویں گے ف جب قیامت ہوئی تو یہ عالم فنا ہوا روشنی کی کچھ حاجت نہ رہی اور دوسرے وجہ یہ ہے کہ تا انکی پوجنے والے شرمندہ ہوں انکا زوال اور نقصان دیکھ کر ق ابو ہریرہ ۱۳۰۰ ق الشونیز فیہ دواء من کل داء الا السام بخاری اور مسلم میں ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ سوائے موت کے کلونجی میں ہر بیماری کی دوا ہے ف طب کا قاعدہ یہ ہے کہ دوا بالضد چاہیے یعنی گرم بیماری کی سرد دوا اور سرد کی گرم تو حدیث کا مطلب یہ کہ ہر یک سرد بیماری کی کلونجی دوا ہے اسواسطے کہ کرم خشک ہے یا کہ بالخاصیت گرم اور سرد دونوں قسم کی بیماریوں کو فائدہ کرتی اس واسطے کہ علم طب میں ثابت ہے کہ بہت گرم چیزیں گرم بیماریوں کو فائدہ کرتی ہیں اور سرد چیزیں سردی کو دور کرتی ہیں چنانچہ کاسنی جگر کی بیماری کو گرم

ہو بیمار و

ہو یا سرد ہو مفید ہے حالانکہ کاسنی سرد ہے اور اسی طرح خوب کلان تپ کو مفید ہے
گرمی سے ہو یا سردی سے حالانکہ اسکا مزاج گرم ہے جالینوس نے اپنی کتاب ہین اور بوعلی
سینا نے اپنے قانون مین لکہا ہے کہ شونیز یعنی کلونجی گرم خشک ہے بلغم کو کاٹتی ہے
اور ریح اور نفخ کو دور کرتی ہے اور مسون کو اور پٹیون اور سفید داغ کو فائدہ کرتی
ہے اور سرکے کے ساتہہ پہنسیون کو مفید ہے اور بلغمی ورم اور سخت ورم کو پکاتی ہے
اور سرکے کے ساتہہ بلغمی زخم اور خارش کو نفع کرتی ہے اور اگر اسکو بہون کے پوٹلی
باندہ کر سونگہئی تو زکام کو فائدہ کرے اور اگر ماتہے پر لگائے تو سر درد کو
دور کرے اور اگر سرکے کے ساتہہ اوٹا کر کلی کرے تو دانت کا درد ہو اور اگر بیخ
سوسن کے تیل کے ساتہہ گہس کر اسکو ناک مین ڈالے تو ابتدای نزول یعنی موتیابند کو
دور کرے اور پیٹ کی کیڑے اُس سے مر جاتے ہین اور اگر چند روز اسکو استعمال کرے
تو حیض ستہ جاری ہو جاوی اور شہد اور گرم پانی کے ساتہہ مثانہ اور گردے کی
پتھری کو گراوی اور بلغمی اور سوداوی تپ کو دور کرے اور اسکے دہوئین سے کیڑی
مکوڑے بہاگ جاتے ہین معلوم ہوا کہ شونیز مین بڑی بڑی فائدی ہین یہان تک تو طبیبون کی
عقل پہنچی باقی اسکے فائدی خدا ہی کو خوب معلوم ہین اس واسطے حضرت نے اسکی تعریف
فرمائی ق ابوھریرۃ الشھداء خمسۃ المطعون والمبطون ق (۱۳۰)

وَالْغَرِقُ وَصَاحِبُ الْهَدْمِ وَالشَّهِيْدُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بخاری
اور مسلم مین ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ شہید پانچ قسم ہین
ایک تو وہ جو وبا مین مرجاوی اور دوسرا وہ جو پیٹ کی بیماری سے یعنے
دست آوین اور تیسرا جو ڈوب جاوی اور چوتھا جو دیوار گر پڑے اور پانچوین
راہ خدا کا شہید یعنے جو جہاد مین شہید ہو ف یعنے انکو بھی کچھ شہادت کا مرتبہ
نصیب ہو گا اگرچہ اعلی قسم کا شہید وہی ہے جو جہاد مین مارا جاوے م
سَعْدُ بْنُ اَبِيْ وَقَّاصٍ اَلشَّهْرُ هٰكَذَا وَهٰكَذَا ثُمَّ نَقَصَ فِي الثَّالِثَةِ
اِصْبَعًا مسلم مین سعد بن وقاص سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا مہینہ ایسا اور
ایسا پھر حضرت نے تیسری بار ایک انگلی کم کردی ف صحیح بخاری مین عبداللہ بن عمر سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ہم ان پڑھی امت ہین نہ لکھنا جانین نہ حساب جانین
مہینہ ایسا اور ایسا اور ایسا اور تیسری بار حضرت نے انگوٹھا بند کرلیا پھر فرمایا
کہ مہینہ ایسا اور ایسا اور ایسا یعنی پورے تیس یعنے کبھی مہینہ اُنتیس دن کا ہوتا ہے
اور کبھی تیس دن کا ہوتا ہے ف حضرت نے دونون ہاتھ کی دس کی انگلیان اٹھا کر تین
بار اشارہ کرکے فرمایا کہ مہینہ کبھی اُنتیس دن کا ہوتا ہے اور کبھی تیس دن کا مسلم کی
روایت مین اُنتیس ۲۹ ہین اور بخاری کی روایت مین اُنتیس ۲۹ ہی ہین اور تیس ۳۰ ہی ہین

بعض

بعضے لوگون نے کہا کہ رمضان کے مہینے کا روزہ ہم پر فرض ہوا اور کبھی رمضان کا
مہینہ اُنتیس ۲۹ دنکا ہوتا ہے تو چاہئے کہ پورے مہینے کا تمام ثواب ہو تب حضرت نے
یہہ حدیث فرمائی اور بحال تصریح اشارہ کرکے فرمایا کہ دونون صورت مین ثواب
برابر ہے خواہ تیس ۳۰ دن کا مہینہ ہو خواہ اُنتیس ۲۹ دن کا ہو **ح** اَبُوْ هُرَيْرَةَ اَلشَّيْخُ
شَابٌّ فِيْ حُبِّ اثْنَيْنِ فِيْ حُبِّ طُوْلِ الْحَيٰوةِ وَكَثْرَةِ الْمَالِ مسلم مین ابوہریرہ
رضی سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ بڈھا جوان ہے دو چیز کی محبت مین بڑی عمر ہونیکی محبت
ہین اور مال زیادہ ہونی کی محبت مین **ف** یعنے پیری مین عمر درازی کی محبت اور کثرت
مال کی محبت نہایت بڑھ جاتی ہے **ع** مرد چون پیر شود حرص جوان میکردد
عمر درازی کی محبت اِس واسطے زیادہ ہوتی ہے کہ دنیا چھوڑنے کو جی نہین چاہتا اور نیک
عمل نہونے سے موت اور قبر اور قیامت سے جی گھبراتا ہے اور کثرت مال کی محبت اِس
واسطے ہوتی ہے کہ میری اولاد کے کام آوے اور مجھکو خود پیری مین محنت جی نہو اُس
حدیث مین مذمت ہے طول عمر اور کثرت مال کی حرص کی **ق** اَنَسٌ اَلصَّبْرُ عِنْدَ
الصَّدْمَةِ الْاُوْلٰى بخاری اور مسلم مین انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ صبر کا ثواب اول صدمے کے نزدیک ہے **ف** ایک عورت قبر پر رو تی
تھی حضرت اُدھر سے نکلے اُس عورت سے فرمایا خدا سے ڈر اور صبر کر اُسنے کہا میرے پاس سے

ٹل جائے تمپر وہ مصیبت نہین پڑی جو مجھپر پڑی لیکن وہ عورت حضرت کو نہین
پہچانتی تھی کسی نے اُسسے کہا یہہ تو حضرت تھے تب تو وہ گھبرائی اور پچھتائی پھر
حضرت پاس آئی اور کہنے لگی کہ یا حضرت مین نے آپ کو نہین پہچانا تھا یعنے
اب مین آپ کا حکم مانتی ہون اور صبر کرتی ہون تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی
یعنے ابتدای مصیبت صبر کا وقت ہے اور اُسی صبر کا شرع مین ثواب اور
اعتبار ہے اسواسطے کہ جب مصیبت کو بہت مدت گذری تو آدمی کو خود بخود صبر آجاتا
ہے ایماندار ہو یا کافر تو اُس صبر کا کچھ اعتبار نہین ۱۳۰ ف ابو ہریرۃ الصلوٰت
الخمس والجمعۃ الی الجمعۃ ورمضان الی رمضان مکفرات ما
بینھن اذا اجتنبت الکبائر مسلم مین ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ پانچون نمازین اور ایک جمعہ دوسرے جمعے تک اور ایک رمضان دوسرے
رمضان تک درمیان کے گناہون کا اُتارہین جب کہ کبیرہ گناہون سے بچے
معلوم ہوا کہ نیکیان صغیرہ گناہون کو دور کرتی ہین اور کبیرہ گناہ توبہ سے معاف
ہوتی ہین اور جس گناہ مین حق العبد ہو یعنی آدمی کی تقصیر کی ہو تو اُسکے معاف
کرنے پر اسکی بخشش موقوف ہے ۱۳۱ ق اسامۃ بن زید الصلوٰۃ امامک
بخاری اور مسلم مین اسامہ بن زید سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ نماز تیرے

آگے ہے ف پوری روایت ایسی ہے کہ حضرت حج مین عرفات سے چلے راہ مین
حضرت پیشاب کیا پھر وضو کیا مین نے کہا کہ مغرب کا وقت آگیا ہے نماز پڑھ لیجئے
تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنی یہان نہین آگے چل کے نماز پڑھینگے پھر
جب وہان پہنچے جسکا مزدلفہ نام ہے تو اُترے پھر وضو کیا اور مغرب کی نماز پڑھی
پھر اُسکے ساتھہ عشا کی نماز پڑھی اِس حدیث سے معلوم ہوا کہ باوضو رہنا مستحب ہے
اگرچہ اُس وضو سے نماز پڑھی اور معلوم ہوا کہ مزدلفہ مین مغرب اور عشا ملا کر پڑھی
اور یہی مذہب ہے سب امامون کا ف اَبُوْ هُرَيْرَةَ اَلصِّيَامُ جُنَّةٌ بخاری
اور مسلم مین ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ روزہ ڈھال ہے یعنے گناہون سے
پناہ ہے ف روزہ دار کا جب پیٹ خالی رہا تو اکثر گناہون سے بچتا ہے اور
جب گناہون سے بچا تو دوزخ سے بچا ق اَبُوْ شُرَيْحٍ الْعَدَوِيُّ اَلضِّيَافَةُ
ثَلٰثَةُ اَيَّامٍ وَجَائِزَتُهٗ يَوْمٌ وَلَيْلَةٌ وَلَا يَحِلُّ لِرَجُلٍ مُسْلِمٍ
اَنْ يُقِيْمَ عِنْدَ اَخِيْهِ حَتّٰى يُؤْثِمَهٗ زَادَ مُسْلِمٌ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ
اللّٰهِ كَيْفَ يُؤْثِمُهٗ قَالَ يُقِيْمُ عِنْدَهٗ وَلَا شَيْءَ لَهٗ يُقْرِيْهِ بِهٖ
بخاری اور مسلم مین ابوشریح رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ضیافت کی

حد تین دن ہے

ق ۱۳۰۰ ق ۱۳۰۱

حلال نہین کہ ٹھہرا رہے اپنے بھائی پاس یہان تک کہ اسکو گناہ مین ڈالے
مسلم مین اتنی روایت اور زیادہ ہے کہ لوگون نے کہا یا رسول اللہ وہ کیونکر اسکو
گناہ مین ڈالے گا حضرت نے فرمایا کہ مہمان تو اسکے پاس ٹھہرا رہا اور اسکے پاس کچھ نہوا
جس سے وہ اسکی ضیافت کرے ف یعنی جب صاحب خانہ محتاج ہوا اور مہمان
تین دن سے زیادہ رہا تو اسکو گویا کنہکار کیا اسواسطے کہ صاحب خانہ تنگ ہو کر
مہمان کی غیبت کریگا کہ عجب بیحیا آدمی ہے کہ ٹلتا نہین مین کہان سے اسکو
کہلاؤن یا کہین سے حرام مال لے کر اسکی ضیافت کریگا اس حدیث سے معلوم
ہوا کہ ضیافت کا حق تین دن تک ہے سو ایک دن تو مقدور بھر عمدہ کہانا تکلف سے
کرے اور دو دن جو موجود ہو اسکو حاضر کرے اور مہمان کو درست نہین کہ
تین دن سے زیادہ رہی اور اگر صاحب خانہ خوشی سے رکھے تو مضائقہ نہین ع

۱۳۰۹ ع

اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ اَلطَّاعُونُ رِجْزٌ اُرْسِلَ عَلَى طَائِفَةٍ مِنْ بَنِي

۱۳۱۰ ق

اِسْرَائِيلَ بخاری مین اسامہ بن زید سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ وبا عذاب
تہا کہ بنی اسرائیل کے ایک گروہ پر بہیجا گیا ق اَنَسٌ اَلطَّاعُونُ شَهَادَةٌ لِكُلِّ
مُسْلِمٍ بخاری اور مسلم مین انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ وبا شہادت
ہے ہر مسلمان کی ف یعنے جس شہر مین وبا پڑے اور وہان کے لوگ وہین ٹھہرے رہین اور

مرجاوین تو وہ شہید ہین اس واسطے کہ وہ لوگ مثل غازیون کے موت سے نہ ڈرے اور
ثابت رہے اور ہرچند وبا بنی اسرائیل کی قوام پر عذاب تھی لیکن اُمت محمدی مین شہادت کا
سبب ہے م معمر بن عبد اللہ اَلطَّعَامُ بِالطَّعَامِ مِثْلًا بِمِثْلٍ سلم ۱۳۱۱
مین معمر بن عبد اللہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہون کا بدلنا کہون سے برابر
چاہیے یعنی اگر وزن مین کم یا زیادہ ہو تو یہ بیاج ہے م اَبُو مَالِكٍ ۱۳۱۲
اَلْاَشْعَرِيُّ اَلطُّهُورُ شَطْرُ الْاِيمَانِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ تَمْلَاُ الْمِيزَانَ سُبْحَانَ
اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ تَمْلَاٰنِ اَوْ تَمْلَاُ مَا بَيْنَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَالصَّلٰوةُ
نُوْرٌ وَالصَّدَقَةُ بُرْهَانٌ وَالصَّبْرُ ضِيَاءٌ وَالْقُرْاٰنُ حُجَّةٌ لَكَ اَوْ
عَلَيْكَ كُلُّ النَّاسِ يَغْدُوْ فَبَائِعٌ نَفْسَهٗ فَمُعْتِقُهَا اَوْ مُوْبِقُهَا سلم مین
ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ طہارت آدہا ایمان ہے اور
الحمد للہ کہنی کا ثواب اعمال ترازو کو بھر دیتا ہے اور سبحان اللہ اور الحمد للہ دونون کا
ثواب یا ہر ایک کا ثواب آسمان اور زمین کے درمیان کو بھر دیتا ہے اور نماز نور ہے اور صدقہ
یعنے خیرات کرنا برہانی دلیل ہے اور صبر کرنا یعنی مصیبت اور تکلیف مین دین پر ثابت
رہنا روشنی ہے اور قرآن تیرے فائدے کی دلیل ہے اگر اس پر عمل کیا یا تجھ پر الزام کی حجت ہے
اور اگر اس پر عمل نہ کیا ہر ایک آدمی صبح کرتا ہے سو اپنی جان کو بیچتا ہے یعنی صبح ہوتے

ہر شخص کام مین مشغول ہوتا ہے سو یا اپنی جان کو دوزخ سے آزاد کرتا ہے اگر نیک عمل کیا یا اسکو
ہلاک کرتا ہے اگر بد عمل کیا ف طہارت کو آدھا ایمان اس واسطے فرمایا کہ ظاہر باطن کی صفائی کا
نام ایمان ہے سو ظاہر کی طہارت یعنی غسل اور وضو نصف ایمان ہوئی اور باطن دل کی صفائی
یعنے صحیح عقیدے اور نیک اخلاق نصف باقی تہرے اور نماز کو اس واسطے نور فرمایا کہ نماز اکثر
بیحیائی اور برے کام سے جو دل کی سیاہی کا سبب ہین روکتی ہے یا نماز کے سبب سے قبر مین نور
ہوگا اور قیامت کی ظلمت مین نماز کی روشنی سے نمازی بہشت تک پہنچیگا اور خیرات کو
ایمانکی دلیل اسواسطے فرمایا کہ جب آدمی نے اپنا مال خدا کی راہ مین دیا تو معلوم ہوا کہ اسکو
خدا کا اور آخرت کا ایمان ہے اور نہین تو اپنی محبوب چیز کو کیون خرچ کرتا اور صبر کو روشنی
اس واسطے فرمایا کہ جب آدمی نے مصیبت مین جزع فزع نہ کی اور تکلیف سے نہ گھبرایا تو
شیطان اور نفس کی ظلمت دور ہوئی اور جب ظلمت گئی تو روشنی ہوئی ف ابن عمر الظلم ظلمات
یوم القیامۃ بخاری اور مسلم مین عبداللہ بن عمر سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ظلم اور ستم ۱۳۱۳ ف
سیاہیان ہوگی قیامت کی دن ف یعنی قیامت مین ظلم کے سبب ظلام کے آگے اندھیرے
پر اندھیرا ہوگا ق ابن عباس العائد فی ھبتہ کالکلب یعود فی قیئہ ۱۳۱۴ ف
بخاری اور مسلم مین عبداللہ بن عباس سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اپنی دی چیز کا پھیرنے
والا کتے کے مثل ہے کہ اپنی قے کو پھر نکل جاتا ہے ف امام شافعی کے نزدیک دی چیز کو پھیر لینا

۱۳۱۵ م

بموجب اس حدیث کے درست نہین اور امام اعظم کی نزدیک مکروہ ہے **م** مَعْقِلُ بْنُ يَسَارٍ الْعِبَادَةُ فِي الْهَرْجِ كَهِجْرَةٍ إِلَيَّ مسلم مین معقل بن یسار رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نبی فرمایا کہ بندگی کرنا کشت وخون کے زمانی مین ایسا ہے جیسے میری طرف ہجرت کرنا **ف** یعنی جب کشت وخون عالم مین رائج ہوا اور زمانی مین فساد پھیلا تو اسوقت کی عبادت کا ثواب حضرت والی ہجرت کے ثواب کے برابر ہے اس واسطے کہ ایسی سخت وقت مین دین پر ثابت رہنا نہایت مشکل کام ہے

۱۳۱۶ ق

**ق** أَبُوهُرَيْرَةَ الْعَجْمَاءُ جُبَارٌ وَالْبِئْرُ جُبَارٌ وَالْمَعْدِنُ جُبَارٌ وَفِي الرِّكَازِ الْخُمُسُ بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ رضی سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جانور کے مارنے کا بدلا نہین اور کوان کھودنے مین اگر مزدور مرجاوے تو بدلا نہین اور اگر کھان کھودنی مین مزدور مرے تو بدلا نہین اور کافرون کے گڑے خزانے مین پانچوان حصہ بیت المال کا **ف** یعنی اگر کسیکا جانور بلا قصدی مالک کے کسی کو مار ڈالے یا زخمی کرے تو اسکے مالک پر ڈانڈ نہین اور اگر مزدور کوا کھودنین یا کھان کھودنین اگر کوا یا کھان پھٹ پڑے اور مزدور دب کے مرجاوے تو کھدانے والے پر کچھ عوض اور ڈانڈ نہین ہے

۱۳۱۷ ق

**ق** أَبُوهُرَيْرَةَ الْعُمْرَةُ إِلَى الْعُمْرَةِ كَفَّارَةٌ لِمَا بَيْنَهُمَا وَالْحَجُّ الْمَبْرُورُ لَيْسَ لَهُ جَزَاءٌ إِلَّا الْجَنَّةُ بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ایک عمرہ دوسرے عمرے تک کفارہ ہے درمیان کے گناہون کا اور پاک حج کا سوای بہشت کے

حج مبرور جزی بہشت

کوئی بدلا نہین ف پاک حج وہ ہے جسمین گناہ اور رفیقون سے لڑائی جھگڑا نہو

ف ۱۳۱۸ یعنے مقبول حج گناہون کو اسطرح کھو دیتا ہے کہ آدمی بہشتی ہو جاتا ہے ف

اَبُوْھُرَیْرَۃَ اَلْعُمْرٰی جَائِزَۃٌ بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے

فرمایا کہ عمر بھر کو چیز دینا درست ہے ف یعنے اگر کوئی اپنا گھر یا باغ کسی کو دیوی اس طرح سے

کہ یہہ مینی تجھکو تیری عمر تک دیا تو درست ہے اگر اسکا قبضہ ہوا تو وہ مالک ہو گیا اور

بعد اسکے مرنیکے اسکے وارث مالک ہونگے جیسے ہبہ مین اور یہی مذہب ہے امام اعظم کا

ف ۱۳۱۹ ق جَابِرٌ اَلْعُمْرٰی لِمَنْ وُھِبَتْ لَہٗ بخاری اور مسلم مین جابر رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے

فرمایا کہ عمر بھر کی چیز دی ہوئی وہی مالک ہے جسکو چیز دی ف یعنی عمری مثل ہبہ کے سبب ہے ملک کا

ق ۱۳۲۰ ق اَبُوْ سَعِیْدٍ اَلْغُسْلُ یَوْمَ الْجُمُعَۃِ وَاجِبٌ عَلٰی کُلِّ مُحْتَلِمٍ وَاَنْ یَّسْتَنَّ وَاَنْ یَّمَسَّ طِیْبًا

اور جلد بخاری اور مسلم مین ابو سعید رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جمعہ کے دن غسل کرنا ہر ایک

بالغ جوان پر واجب ہے اور مسواک کرنا اور خوشبو لگانا اگر میسر ہو ف بعضے بموجب اس حدیث کے

کہتے ہین کہ جمعہ کا غسل واجب ہے لیکن اکثر اماموں کے نزدیک غسل واجب نہین سنت اور مستحب ہے

اگر بموجب ظاہر اس حدیث کے غسل کو واجب کہیں تو مسواک اور خوشبو لگانے کو بھی واجب کہنی حالانکہ مسواک

اور خوشبو کسی کے نزدیک واجب نہین تو مطلب حدیث کا یہہ کہ غسل واجب ہے

ف ۱۳۲۱ یعنے ثابت ہے اور نہایت بہتر ہے ق اَبُوْھُرَیْرَۃَ اَلْفَجْرُ وَالْخَیْلَاءُ فِی الْفَدَّانِ

مِنْ اَهْلِ الْوَبَرِ وَالسَّكِيْنَةُ فِيْ اَهْلِ الْغَنَمِ بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ بڑائی مارنا اور اترانا شور کرنا کپڑوالون مین ہے جو اونٹ والے
ہین اور نرمی بہیڑ بکری والون مین ف عرب مین حضرت کے وقت مین دو گروہ تھے
سو انکی عادت بتلائی کہ اونٹ والے بدمزاج ہین اور بکریان چرانے والے غریب ہین یہہ صحبت کی
تاثیر ہے کہ اونٹ اکثر شریر ہوتا ہے اور بکری غریب اسی واسطے ابتدا مین ہر یک پیغمبر نے
بکریان چرانے کی عادت کی ف ابوھریرۃ الفطرۃ خمس الختان والاستحداد ق ۱۳۲۲
وقص الشارب وتقليم الاظفار ونتف الابط بخاری اور مسلم مین
ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ آدمی کی پیدائشی چیزین پانچ ہین اول ختنہ کرنا
دوسرے ناف کے نیچے مونڈنا تیسرے موچھین کترنا چوتھے ناخن کاٹنا پانچوین بغلون کی
بال اکھاڑنا ف یعنے ہر ایک بنی آدمیت سے وہ ان پانچون چیزون کو ایسا
پسند کرتا ہے گویا کہ یہہ پیدائشی بات ہے تعلیم کی اسمین کچھ حاجت نہین اس واسطے
کہ اول تو انمین پاکی اور ستھرائی ہے اور دوسرے فائدہ بھی ہے ختنہ مین یہہ فائدہ
ہے کہ میل نہین جمتا پیشاب کا قطرہ نہین رہتا اور جماع مین زیادہ لذت ہوتی ہے
اور ناف کے نیچے کے بال مونڈنے مین یہہ فائدہ ہے کہ میل دور ہوتا ہے اور شہوت کی
قوت زیادہ ہوتی ہے اور موچھون کے کترانے مین یہہ فائدہ ہے کہ بھوجن اور پینے کی

مشابہت نہو اور کہانی پینی مین کچھ نہ اٹکے رہے اور ناخن کاٹنے مین یہہ فائدہ
کہ میل اور نجاست نہ جمع رہے اور بغل کے بال دور کرنی مین یہہ فائدہ ہے کہ میل نہ رہے
اور وہان کی گندگی دور ہوتی رہے ہرچند سنت یہہ ہے کہ ناف کے نیچے کے بال استرے سے
مونڈے لیکن نورہ لگانا بہی درست ہے اور جسکو بال اکہیڑنیکی عادت ہو تو بہی درست ہے
اور بغل کے بال مونڈہنا درست ہے اور دوسری حدیث مین پیدائشی چیزین دس
فرمائین پانچ تو یہی جو اس حدیث مین ہین اور باقی پانچ یہہ اول سر پر مانگ نکالنا
جسکے سر پر بال ہون دوسرے کلی کرنا تیسرے ناک صاف کرنا چوتہی مسواک کرنا
پانچوین پانی سے استنجا کرنا کبہی حضرت نے پانچ کو ذکر کیا ہے اور کبہی دس کو
جیسی ضرورت دیکہی ویسا ہی فرمایا **خ** عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ عَمْرٍو اَلْکَبَائِرُ اَلْاِشْرَاکُ
بِاللّٰہِ وَعُقُوْقُ الْوَالِدَیْنِ وَقَتْلُ النَّفْسِ وَالْیَمِیْنُ الْغَمُوْسُ بخاری مین
عبد اللہ بن عمرو سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ کبیرہ گناہ یہہ ہین خدا کے ساتہہ
شرک کرنا ماں باپ کو رنج دینا نافرمانی کرنا اور ناحق خون کرنا اور جہوٹی قسم کہانا
**ف** یعنے نہایت کبیرہ گناہ چار ہین اور دوسری حدیث مین سات فرمائے مناسب
وقت کے جیسا بہتر جانا ویسا فرمایا کبیرہ گناہ وہ ہے جسکے کرنے والے پر قرآن یا حدیث مین
وعید شدید ہو اور سخت سزا کا وعدہ ہو قوت القلوب مین ابو طالب مکی نے کبیرہ

گناہ

گناہ سترہ لکھے ہین سو چار گناہ تو دل سی متعلق ہین اول شرک دوسرے معصیت پر
اصرار تیسری نا اُمیدی خدا کی رحمت سی چوتھی نڈر ہونا خدا کے غضب سی اور چار
گناہ زبان سی متعلق ہین اول چھوٹی گواہی دینا دوسرے پاک آدمی کو حرامکاری کی تہمت
لگانا تیسری جھوٹی قسم کہانا چوتھی جادو کرنا اور تین گناہ پیٹ سی متعلق ہین اول
شراب پینا دوسرے یتیم کا ناحق مال کہانا تیسرے سود اور رباج کہانا اور دو گناہ شرمگاہ
سے متعلق ہین اول زناکاری دوسرے اغلام کرنا یعنی بچہ بازی اور دو گناہ پاؤن سے
متعلق ہین اول ناحق خون دوسرے چوری اور ایک گناہ تمام بدن سی یعنی ہمارا پاک
رنج دینا مسلمان کو لازم ہے کہ ان گناہون سے نہایت ڈرتا رہے جیسی کہ زہر سے
ڈرتا ہے اس واسطے کہ زہر سی دنیا کی زندگی مین خلل ہے جسکا انجام فنا ہے اور کبیرہ
گناہ سی آخرت بگڑتی ہے جسکو کبھی فنا نہین اور صغیرہ گناہ پر اصرار کرے اسواسطے
کہ جب صغیرہ گناہ پر اصرار کیا تو وہ کبیرہ گناہ ہو جاتا ہے م ابو داؤد الکلب ۱۳۲۴
الاسود شیطان م ابن ابو مرثد سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کالا
کتا شیطان ہے یعنی موذی ہے ف کالے کتی کو اسواسطے شیطان فرمایا کہ نہایت بدذات
ہوتا ہے اور شکاری نہین ہوتا تعلیم نہین قبول کرتا اور اکثر سویا کرتا ہے اسیواسطے
اسکا قتل کرنا درست ہے ف ابو ہریرۃ الکلمۃ الطیبۃ صدقۃ بخاری ۱۳۲۵ ف

اور مسلم مین ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اچھی بات بہی صدقہ ہے
یعنے خیرات مین داخل ہے ف یعنی اگر کوئی سوال کری اور کچھہ موجود نہووے تو اسکو
دعا دیوی کہ خدا تمکو اور کہین سے دلاوی یہہ بہی خیرات مین داخل ہے یا اچھی بات سی
مراد یہہ کہ مسلمانکے دل کو کسی بات سے خوش کردی بشرطی کہ خلاف شرع نہو ف
سعید بن زید الکمأۃ من المن وماؤھا شفاء للعین بخاری اور ۱۳۲۶ ق
مسلم مین سعید بن زید سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ کہنبی از قسم من ہے اور اسکا پانی
آنکہہ کی شفا ہے ف یعنی جس طرح حضرت موسی کے وقت مین من اور سلوی بنی
اسرائیل کو بی رنج اور تلاش ملتا تہا ویسی کہنبی بہی بغیر جوتے بوئے زمین سے جمتی ہے
پہر اسکا فائدہ فرمایا کہ اسکا پانی آنکہہ کی دہند کا ٹتا ہے چنانچہہ بہی فائدہ بوعلی
سینا نے قانون مین لکہا ہے خ ابوھریرۃ الذی یخنق نفسہ یخنقھا ۱۳۲۷ خ
فی النار والذی یطعنھا یطعنھا فی النار بخاری مین ابو ہریرہ سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ جو شخص کہ اپنی جان کو گلا گہونٹ کے مارے وہ آپ کو دوزخ مین
گہونٹا کریگا اور جو آپ کو تلوار یا چہڑی بہونک کے مارے وہ دوزخ مین آپ کو
بہونکا کریگا ف یعنی جو جس طرح آپ کو حرام موت ماریگا وہ اسی طرح کی دوزخ مین
سزا پایا کریگا جیسے غیر کو ناحق مارنا حرام ہے ویسی ہی اپنی جان بہی مارنا حرام ہے

م ۱۳۲ م انس المؤذنون اطول الناس اعناقا یوم القیمۃ مسلم مین
انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اذان دینے والے قیامت کے دن سب
لوگون سے گردن بلند ہونگے ف بلند گردن ہونگے یعنی رحمت الہی کے زیادہ تر
امیدوار ہونگے اس واسطے کہ منتظر اور امیدوار اپنی مراد کے واسطے گردن بڑھاتے تاکا
کرتا ہے یا یہ مطلب قیامت مین پسینہ لوگونکے لبون تک پہنچے گا لیکن اذان دینیوالونکو
بسبب گردن بلندی کے کچھ رنج نہوگا یا یہ مطلب کہ گردن بلند ہونگے یعنے
سب لوگون مین باعزت اور نمودار ہونگے م ۱۳۳ م ابوھریرۃ المؤمن اخو المؤمن
مسلم مین ابوہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ایماندار بھائی ہے ایماندار کا
ف یعنی جب مسلمان دوسرے مسلمان کا دینی بھائی ٹھہرا تو اسکی محبت اور خیرخواہی
واجب ہوئی جیسے بھائی کو بھائی سے ہوتی ہے م ۱۳۴ م ابوھریرۃ المؤمن القوی
خیر واحب الی اللہ من المؤمن الضعیف وفی کل خیر احرص
علی ما ینفعک واستعن باللہ ولا تعجز وان اصابک شیئ
فلا تقل لو انی فعلت کان کذا وکذا ولکن قل قدر
اللہ وما شاء فعل فان لو تفتح عمل الشیطان مسلم مین ابوہریرہ رض
سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ طاقتور ایماندار بہتر اور پیارا ہے اللہ کے نزدیک بہ نسبت

اور سست ایماندار سے اور ہر ایک ایماندار مین خواہ مضبوط ہو خواہ سست بہتر ہے
حرص کرنا رہ اسپر جو تیری کام آوے اور خدا سے مدد مانگ اور نہ تھک اور اگر تجھکو
کوئی رنج اور مصیبت پہنچے تو یون مت کہہ کہ اگر مین فلانا کام کرتا تو ایسا ایسا ہوتا لیکن
یون کہہ کہ یہہ خدا نے ٹہرایا تہا اور اُسنے جو چاہا سو کیا اسواسطے کہ کہنا شیطانی
کام کا دروازہ کہولتا ہے ف مضبوط ایماندار خدا کو اِس واسطے زیادہ پیارا ہوا
کہ وہ اپنے کامل یقین کے سبب سے دین کے کام پر نہایت مستعد رہتا ہے جہاد کرتا ہے نیک کام
بتلانے اور بُرے کام سے روکنے مین کسی سے نہین ڈرتا اور عبادت پر مستعد رہتا ہے
کسی رنج اور تکلیف سے دین کے کام مین سُست نہین ہوتا بخلاف سُست ایماندار کے
کہ اُسسے دین کا کام بخوبی نہین ہوسکتا پہر فرمایا کہ ہرچند مضبوط مسلمان سست سے
بہتر ہے لیکن خیر دونون مین ہے اِس واسطے کہ ایمان دونونمین موجود ہے گو اُسکا
ایمان قوی ہے اور اُسکا ضعیف پہر حضرت نے عالی ہمتی پر جو پہ دلائی اور سستی
دور ہونیکے علاج فرمائے یعنے ایماندار کو مناسب ہے کہ اپنے فائدے کے کامون پر گرم
ہوجاوے اور اُسکے سرانجام کی خدا سے مدد چاہے دینی کام مین سست ہوکر تھک نہ رہے
کہ خالی ہاتھہ رہ جاویگا اسواسطے کہ دنیا اور دین کی محرومی کا اصل سبب سُستی اور
کاہلی ہے اور چونکہ آدمی رنج اور مصیبت سے خالی نہین رہ سکتا اسکے بہی علاج

فرمائے

فرمائے یعنی تکلیف مین یون نہ کہے کہ اگر مین فلانا کام کرتا تو ایسا ہوتا یعنی رنج نہوتا
یا اگر فلانا شخص جہاد مین نہ جاتا تو زندہ رہتا بلکہ اُسکو تقدیر پر حوالہ کرے کہ حضرت نے
پچھے اس واسطے کہ تقدیر کے مقابلے مین اگر یوں شیطانی کام ہے کہ آدمی تقدیر کو بھولکر
اسباب ظاہری پر بھروسا کرتا ہے اور ناحق پچھتا کر غم پر غم اُٹھاتا ہے ق ابو ہریرۃ ق ۱۳۳۱
اَلْمُؤْمِنُ لِلْمُؤْمِنِ کَالْبُنْیَانِ یَشُدُّ بَعْضُہٗ بَعْضًا بخاری اور مسلم مین ابو ہریرہ رض سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا ایک ایماندار دوسرے ایماندار کی حق مین ایسا ہے جیسا عمارت کی
بنیاد کہ اُسکا ایک دوسرے کو مضبوط کئے رہتا ہے ف یعنے جیسی عمارت مین مضبوطی
ایک اینٹ کی دوسرے اینٹ سے ہوتی ہے اسی طرح ایک ایماندار کو لازم ہے کہ دوسرے
ایماندار کا مددگار رہے خلاصہ مطلب یہہ کہ ایمانکی ترقی اور خوبی اتفاق پر موقوف ہے
ق جابر و ابن عمر اَلْمُؤْمِنُ یَاْکُلُ فِیْ مِعًی وَاحِدٍ وَالْکَافِرُ یَاْکُلُ فِیْ سَبْعَۃِ ق ۱۳۳۲
اَمْعَاءٍ بخاری اور مسلم مین جابر اور عبداللہ بن عمر سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ایماندار
ایک انتڑی مین کھاتا ہے اور کافر سات انتڑیون مین کھاتا ہے ف ایک کافر کی ضیافت
ہوئی جب اُس نے سات بکریون کا دودھ پیا تب اُسکا پیٹ بھرا دوسرون نے مسلمان
ہوا تو ایک بکری کے دودھ سے آسودہ ہوگیا تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنی کم خوری
اور قناعت ایمان کا مقتضا ہے تاکہ عبادت مین سستی نہ آوے اور زیادہ خوری

۱۳۳۳ م اور حرص کافر کی شان ہے کہ جانور کی طرح اسکی کبھی حرص کم نہین ہوتی م ابو ہریرہ رضہ سے
اَلْمُؤْمِنُ یَغَارُ وَاللّٰہُ اَشَدُّ غَیْرًا مسلم مین ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ ایماندار غیرت دار ہوتا ہے اور خدا زیادہ تر غیرت دار ہے ف باقی روایت
یون ہے کہ بسبب واسطے خدا نے ظاہر باطن کی بیحیائیون سی منع کیا یعنی ابد کا مون پر
طیش انا ایمان کا مقتضا ہے بی غیرتی ایمانی کی شان نہین ق عَائِشَۃُ اَلْمَاهِرُ ۳۴۸ ق
بِالْقُرْاٰنِ مَعَ السَّفَرَۃِ الْکِرَامِ الْبَرَرَۃِ وَالَّذِیْ یَقْرَأُ الْقُرْاٰنَ وَیَتَتَعْتَعُ
فِیْہِ وَھُوَ عَلَیْہِ شَاقٌّ لَہٗ اَجْرَانِ بخاری اور مسلم مین عائشہ رضی اللہ عنہا سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ قرآن کا خوب واقف پاک لکھنی والے فرشتون کے ساتھ ہے
اور جو کہ قرآن پڑھتا ہے اور اسکی زبان اسمین اٹکتی ہے اور قرآن پڑھنا نہایت مشکل
ہے اسکو دو ثواب ہین یعنی ایک ثواب پڑھنے کا اور دوسرا ثواب رنج کشی کا
ف یعنے جو قرآن کے معانی سی خوب واقف ہے اور اسکو بی تکلف پڑھتا ہے
اسکا مرتبہ نہایت عمدہ ہے کہ وہ ثواب مین ان فرشتون کے ساتھ ہے جو قرآن کو
لوح محفوظ سی نقل کرتی ہین اور جسکی زبان نہین پلٹتی باوجود محنت کے اس سے حروف
ادا نہین ہوتے تو کبار حمت ہے خدا کی کہ اسکے واسطی دو ثواب مقرر کئے مطلب یہ ہے کہ
قرآن سے کسی طرح غفلت نچاہیے اگر خوب واقف ہے تو سبحان اللہ کہ فرشتون مین شمار ہوا

اور اگر

اور اگر خوب زبان نہین چلتی تو بھی دوہرا ثواب موجود ہے ق ۱۳۳۵ اَسْمَاءُ بِنْتُ اَبِیْ
بَکْرِ الْمُتَشَبِّعُ بِمَا لَمْ یُعْطَ کَلَابِسِ ثَوْبَیْ زُوْرٍ بخاری اور مسلم مین اسماء بنت
ابی بکر صدیق سے روایت ہے کہ حضرت نے کہ نہ ملی چیز سی آپ کو آسودہ دکھلانیوالا
جیسے مکر کا جوڑا پہننے والا ف ایک عورت نے کہا کہ یا حضرت میری ایک سوت ہے
تو مجھپر اسمین کچھ گناہ تو نہین کہ مین اپنے خاوند کی طرف سے اُس چیز کا دینا
ظاہر کرون جو حقیقت مین نہین دی تاکہ سوت جلے اور جھنجلا دی تب حضرت نے
یہہ حدیث فرمائی یعنی یہہ صاف مکاری اور خلاف نمائی ہے ہرگز درست نہین
کہ ظاہر مین کچھ اور باطن مین کچھ ق ۱۳۳۶ عَلِیٌّ اَلْمَدِیْنَۃُ حَرَمٌ مَا بَیْنَ عَیْرٍ اِلٰی
ثَوْرٍ فَمَنْ اَحْدَثَ فِیْھَا حَدَثًا اَوْ اٰوٰی مُحْدِثًا فَعَلَیْہِ لَعْنَۃُ اللّٰہِ وَالْمَلٰٓئِکَۃِ
وَالنَّاسِ اَجْمَعِیْنَ لَا یُقْبَلُ اللّٰہُ مِنْہُ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ صَرْفًا وَّلَا عَدْلًا اَدْنٰی اَھْلِ الْمُسْلِمِیْنَ
وَاحِدَۃٌ یَسْعٰی بِھَا اَدْنَاھُمْ فَمَنْ اَخْفَرَ مُسْلِمًا فَعَلَیْہِ لَعْنَۃُ اللّٰہِ وَالْمَلٰٓئِکَۃِ
وَالنَّاسِ اَجْمَعِیْنَ لَا یُقْبَلُ اللّٰہُ مِنْہُ صَرْفًا وَّلَا عَدْلًا وَمَنْ وَالٰی قَوْمًا
بِغَیْرِ اِذْنِ مَوَالِیْہِ وَفِیْ رِوَایَۃٍ وَمَنِ ادَّعٰی اِلٰی غَیْرِ اَبِیْہِ اَوِ انْتَمٰی
اِلٰی غَیْرِ مَوَالِیْہِ فَعَلَیْہِ لَعْنَۃُ اللّٰہِ وَالْمَلٰٓئِکَۃِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِیْنَ
لَا یُقْبَلُ اللّٰہُ مِنْہُ صَرْفًا وَّلَا عَدْلًا بخاری اور مسلم مین علی مرتضی سے

روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مدینہ حرم ہے ان دو پہاڑوں کے درمیان ہین کہ
ایک پہاڑ کو عیر کہتی ہین اور دوسرے کو ثور سو جو انمین کوئی بدعت نکالے
یا بدعت نکالنی والے کو جگہ دیوے تو اسپر خدا کی اور فرشتونکی اور سب آدمیونکی
لعنت ہے خدا نہ قبول کریگا اسسے قیامت کی دن نہ نفل عبادت کو نہ فرض کو
امان مسلمانونکی ایک ہی ادنی مسلمان بھی امان مین کوشش کرے سو جو شخص کہ
مسلمانکی امان کو توڑے سو اسپر خدا کی اور فرشتون کی اور سب آدمیونکی لعنت ہے
نہ قبول کریگا خدا اسکی قیامت کے دن نہ نفل نہ فرض اور جو کسی قوم سے دوستی کرے
بی اجازت اپنے اگلے مددکارون اور سردارون کے اور دوسری روایت مین یون ہے
اور جو رشتہ لگاوے اپنے باپ کے سوای غیر سی یا اپنے مالکون کو چھوڑکے غیرون سے
نسبت کرے تو اسپر خدا کی اور فرشتون کی اور سب آدمیونکی لعنت ہے نہ قبول کریگا
خدا اسکی قیامت کی دن نفل نہ اور فرض **ف** یعنی جیسے کہ کی حرم مین زیادتی
اور بی ادبی درست نہین ویسی ہی مدینہ کے حرم مین بھی اور اگر لشکر اسلام کے ادنی
مسلمان کسی کافر کو پناہ دیوی تو سب مسلمان پر اسکی رعایت واجب ہوگئی جو اسکے
امان کو توڑے اسپر لعنت ہے اور جب ایک قوم سی دوستی کی اور آپس مین ایک دوسرے کے
مددکار یکا عہد کیا تو اسکے بدون اجازت کے اور قوم سی راہ و رسم کرنا اور مددگاری کا

قول و قرار کرنا درست نہین کہ شاید انکو رنج ہو اور عداوت پیدا ہو م سَعْدُ بْنُ اَبِیْ ۱۳۳۴
وَقَّاصٍ اَلْمَدِیْنَۃُ خَیْرٌ لَّھُمْ لَوْ کَانُوْا یَعْلَمُوْنَ لَا یَدَعُھَا اَحَدٌ رَغْبَۃً
عَنْھَا اِلَّا اَبْدَلَ اللّٰہُ فِیْھَا مَنْ ھُوَ خَیْرٌ مِّنْہُ وَلَا یَثْبُتُ اَحَدٌ عَلٰی لَاْوَائِھَا
وَجَھْدِھَا اِلَّا کُنْتُ لَہٗ شَفِیْعًا اَوْ شَھِیْدًا اَیَوْمَ الْقِیٰمَۃِ مسلم مین سعد
بن ابی وقاص سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مدینہ انکے واسطی بہتر ہے اگر انکو بوجہ ہو
نہ چھوڑ جاویگا کوئی مدینے کو برا جان کر مگر کہ خدا اسکے عوض اُس سی بہتر کو اسمین لاویگا
اور نہ ثابت رہیگا کوئی مدینی کی تکلیف پر مگر کہ مین اسکا شفیع یا اسکے ایمان کا گواہ ہونگا
قیامت کے دن ف پوری حدیث یون ہے کہ حضرت نبی فرمایا کہ یمن کا ملک فتح ہوگا بعضے
لوگ مدینے سے نکل کر وہان جارہین گے پھر یہہ حدیث فرمائی اور اشارہ کیا کہ مدینے والونکو
مدینہ چھوڑنا بہتر نہین اور اگر کوئی وہان سے نکل جاویگا تو مدینی کا کچھ نقصان نہین
اس سے افضل لوگون کو خدا وہان لاویگا پھر فرمایا کہ جو مدینی مین تکلیف اور رنج سہے گا
اسکا شفیع اور گواہ مین ہونگا اس حدیث سے مدینی کی بڑی فضیلت ثابت ہوئی اور وہان کے
رہنے والون کو عمدہ بشارت ہے خ اَنَسٌ اَلْمَدِیْنَۃُ یَا تِیْھَا الدَّجَّالُ فَیَجِدُ ۱۳۳۸
الْمَلٰٓئِکَۃَ یَحْرُسُوْنَھَا فَلَا یَقْرَبُھَا الدَّجَّالُ وَلَا الطَّاعُوْنُ
اِنْ شَآءَ اللّٰہُ بخاری مین انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مدینہ مین دجال

اوسکا تو فرشتون کو پاویگا کہ اسکی چوکیداری کرتی ہین سوا اسکے نزدیک اویگا اور انشاء اللہ وہان
وہابھی نہ آویگی ق ابن مسعود المرء مع من احبت بخاری اور مسلم مین عبداللہ ۱۳۳ ق
بن مسعود سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مرد اسی کے ساتھ ہے جس سی کہ محبت رکھتا ہے
ف ایک شخص نے پوچھا کہ یا حضرت قیامت کب ہوگی حضرت نے فرمایا کہ قیامت کے واسطے
تو نے کیا سامان کیا ہے اُس نے کہا یا رسول اللہ قیامت کی واسطی نماز اور روزے کی زیادتی کا
سامان تو میری پاس نہین لیکن مین اللہ اور اسکے رسول کی محبت رکھتا ہون تب حضرت نے یہ
حدیث فرمائی یعنی اللہ رسول کی محبت عمدہ سامان ہے یہ حدیث بشارت ہے اہل محبت کو م
انس وابوھریرۃ المستبان ما قال علی البادی حتی یعتدی المظلوم
مسلم مین انس اور ابوہریرہ رضی اللہ عنہما سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ دونون گالی دینے والون
جو کہا سو اسکا گناہ اُسی پر ہے جس نے پہلے گالی دی جبتک کہ مظلوم زیادتی نکرے ف
یعنی اگر دو شخص آپس مین ایک دوسرے کو گالی دیوی تو دونون طرف کی گالیون کا گناہ
اُسی پر ہے جس نے اول گالی دینا شروع کیا اس واسطی کہ اُسی نے اول راہ نکالی اور اگر
مظلوم نی جواب مین زیادتی کی ایک گالی کے بدلے دو گالیان دین تو دونون گناہ مین
شریک ہوئے اس حدیث سے معلوم ہوا کہ گالی کا جواب دینا درست ہے بشرطیکہ حد سے نہ بڑھے
لیکن غم خوری جواب دینے سے نہایت افضل ہے ق ابن عمر المسلم اخو المسلم ۱۳۴ ق

لایظلمہ

لَا يَظْلِمُهُ وَلَا يُسْلِمُهُ بخاری اور مسلم مین عبداللہ بن عمر سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
کہ مسلمان بھائی ہے مسلمان کا نہ اسکو ظلم کرتا ہے نہ اسکو بلا مین ڈالتا ہے ف
یعنی جب ایک مسلمان دوسرے مسلمان کا بھائی ٹہرا تو اسپر ظلم کرنا یا اسکو بلا مین پڑا رہنے دینا
اسکی حمایت اور مدد نکرنا کسی طرح مناسب نہین ق الْبَرَاءُ بْنُ عَازِبٍ الْمُسْلِمُ إِذَا سُئِلَ ق ۱۳۴۲
فِي الْقَبْرِ يَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللَّهِ فَذَلِكَ قَوْلُهُ
يُثَبِّتُ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ بخاری اور مسلم مین براء بن عازب سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا مسلمان جب کہ قبر مین سوال ہوتا ہے تو وہ یہہ گواہی دیتا ہے
کہ سوائے خدا کے کوئی پوجنے کے لائق نہین اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم خدا کا رسول ہے سو یہی
مطلب ہے خدا کے قول کا جو قرآن مین ہے کہ ایمان والون کو خدا ثابت بات پر ثابت رکھتا ہے
ف یعنے یہہ جو قرآن مین فرمایا ہے کہ ایمانداروں کو ثابت بات پر خدا ثابت رکھتا ہے
تو مراد ثابت بات سے توحید اور رسالت کی گواہی ہے معلوم ہوا کہ قبر کا سوال جواب
قرآن اور حدیث دونون سے ثابت ہے ق عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَمْرٍو الْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ ق ۱۳۴۳
الْمُسْلِمُونَ مِنْ لِسَانِهِ وَيَدِهِ بخاری اور مسلم مین عبداللہ بن عمر سے روایت ہے کہ
حضرت نے فرمایا کہ کامل مسلمان وہ ہے کہ جسکی زبان اور ہاتہہ سے مسلمان بچین ف
یعنے زبان سے نہ غیبت کرے نہ گالی دے اور ہاتہہ سے کسیکو ناحق مارے پیٹے اوسے

ق ۱۳۴۴ ق عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ عَمْرٍو اَلْمُهَاجِرُ مَنْ هَجَرَ مَا نَهَى اللّٰہُ عَنْهُ بخاری اور
مسلم مین عبداللہ بن عمرو سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ افضل ہجرت کرنیوالا وہ ہے
جو اسکو چھوڑے جس سے خدا نے منع کیا ف ہجرت اسکو کہتے ہین کہ مسلمان کفر کا ملک
چھوڑ کر اسلام کے ملک مین جاوے سو فرمایا کہ عمدہ ہجرت وہ ہے جو گناہ سے ہجرت کرے
وطن چھوڑنا ظاہری ہجرت ہے اور گناہ چھوڑنا باطنی ہجرت ہے ق عَمْرٌ اَلْمَيِّتُ يُعَذَّبُ
ق ۱۳۴۵ فِي قَبْرِهٖ بِمَا نِيحَ عَلَيْهِ وَفِي رِوَايَةٍ مَا نِيحَ عَلَيْهِ بخاری اور مسلم مین عمر
فاروق رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مردے پر عذاب ہوتا ہے قبر مین نوحہ کرنے
ف نوحہ سے میت پر عذاب اس صورت مین ہے کہ وہ اپنے اوپر نوحہ کرنیکی وصیت کر جاوے
م ۱۳۴۶ یا کہ اسکے خاندان مین نوحہ گری ہوتی ہو اور وہ باوجود قدرت کے منع نہ کرے م جَابِرٌ اَلنَّاسُ
تَبَعٌ لِقُرَيْشٍ فِي الْخَيْرِ وَالشَّرِّ مسلم مین جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ
عرب کے لوگ نیکی اور بدی مین قریش کے تابع ہین ف یعنے قریش کی قوم عرب مین سردار
ہے اگر قریش نیک ہوئے تو اور لوگ بھی نیک ہوئے اور اگر قریش بگڑے تو سب
م ۱۳۴۷ بگڑے اس واسطے کہ معمول ہے کہ عمدہ خاندان کے طریق کو لوگ سند پکڑتے ہین م
اَبُوْهُرَيْرَةَ اَلنَّاسُ تَبَعٌ لِقُرَيْشٍ فِي هٰذَا الشَّانِ مُسْلِمُهُمْ تَبَعٌ لِمُسْلِمِهِمْ وَ
كَافِرُهُمْ تَبَعٌ لِكَافِرِهِمْ اَلنَّاسُ مَعَادِنُ خِيَارُهُمْ فِي الْجَاهِلِيَّةِ خِيَارُهُمْ

ف الاسلام

فِي الْاِسْلَامِ اِذَا فَقِهُوا تَجِدُوْنَ مِنْ خَيْرِ النَّاسِ اَشَدَّ النَّاسِ كَرَاهِيَةً
لِهٰذَا الشَّاْنِ حَتّٰى يَقَعَ فِيْهِ بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ
عرب کے لوگ اس سرداری مین قریش کے تابعدار ہین مسلمان انکا قریش کے مسلمانکا تابع ہے اور کافر
انکا قریش کے کافر کا تابع ہے آدمیون کا حال کہانون کا سا حال ہے جو اُن لوگون مین کفر کی حالت
مین افضل تھے وہی لوگ اسلام مین بھی افضل ہین جبوقت کہ دینمین ہوشیار ہوجاوین اور احکام
شرعی کو خوب سمجھین آدمیون مین بہتر اسکو پاوگے جو بہت نفرت رکھتا ہو اسلام سی یا اس
خلافت سی جبتک کہ اسمین نہ آجاوی ف یعنی قریش مین ہمیشہ سرداری قائم رہی کفر مین بھی اور
اسلام مین بھی پھر قریش کے افضل ہونی کا قاعدہ کلیہ فرمایا مثال دیکر کہ جیسی کہانین مختلف
ہوتی ہین کہ بعضی کہان سونیکی اور بعضی لوہیکی ویسی ہی آدمی بھی مختلف ہین کہ بعضی خاندان عمدہ
ہین شجاعت سخاوت ریاست غیرت ہمت اُن مین پیدائشی ہوتی ہے جیسی کہ قریش کا خاندان
اور بعضی خاندان ایسی نہین ہوتے جیسے اور عرب پھر فرمایا کہ جو کفر مین بہتر خاندان تھا وہی
اسلام مین بھی بہتر ہے بشرطیکہ علم اور عمل کو حاصل کیا ہو اسواسطے کہ شرافت ذاتی اور دینداری
ملکر نور علی نور ہوگئی معلوم ہوا کہ شرافت ذاتی بدون دینداری کے خدا کے نزدیک کچھ حقیقت نہین
اور یہہ جو فرمایا کہ بہتر وہی ہے جو نہایت نفرت رکھتا ہو اسکے دو مطلب ایک یہہ جو حالت
کفر مین اسلام سی بہت نفرت رکھتا ہو اسلام کے بعد وہی افضل ہے جیسے عمر فاروق خالد عکرمہ

اسواسطے کہ جو کفر مین بہت مضبوط ہوتا ہے وہ اسلام مین بہی خوب مضبوط ہوتا ہے مضبوط لوگ
جدہر آتے ہین خوب ہی آتے ہین اور دوسرا مطلب یہہ کہ جو خلافت اور امامت سے قبل سردار
ہو لیکے نفرت رکہتا ہو وہی افضل ہے اسواسطے کہ اسکو سرداری کی طمع نہین اور جب اسکو سردار
بنایا تو خوب جانفشانی کرتا ہے **ق** ابن عمر الناس کابل مائۃ لا تجد فیھا
راحلۃ واحدۃ بخاری اور مسلم مین عبداللہ بن عمر سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ آدمیونکی
مثال جیسی سو اونٹ کہ اُنمین پناوی تو ایک ہی چالاک سواری کے لایق **ف** یعنے جیسے سو اونٹ
مین ہی ایک عمدہ تر رفتار نہین نکلتا ویسی ہی سو آدمیون مین ایک ہی کامل آدمی صحبت کے لایق
نہین ملتا مطلب یہہ کہ ناقص لوگ کثرت سے ہین اور کامل کمیاب **م** ابو موسیٰ النجوم
امنۃ للسماء فاذا ذھبت النجوم اتی السماء ما توعد وانا امنۃ لاصحابی
فاذا ذھبت انا اصحابی ما یوعدون واصحابی امنۃ لامتی فاذا ذھب
اصحابی اتی امتی ما یوعدون مسلم مین ابو موسیٰ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ
تارے پناہ ہین آسمان کے پہر جب جاتے رہینگے تو آجاویگا آسمان پر جسکا وعدہ ہوا یعنے
ٹوٹ پہوٹ جاویگا اور مین پناہ ہون اپنے اصحاب کی پہر جب مین جاتا رہون گا تو آدی گا
میرے اصحاب پر جسکا انکو وعدہ یعنے اختلاف پڑیگا اور میرے اصحاب پناہ ہین میری امت کی پہر جب
میرے اصحاب جاتے رہینگے تو آویگا میری اُمت پر جسکا انکو وعدہ ہے یعنی فساد اور بدعت عالم مین

۱۳۴۸ ق

۱۳۴۹ م

ظاہر ہو کی **ف** حضرت کی زندگی مین اختلاف کا نام نہ تہا جو شبہہ ہوتا حضرت سے حل ہو جاتا
حضرت کے بعد اصحاب مین اختلاف ہوا اول خلافت مین بعد اسکے بعضی مسائل مین اور جب تک
اصحاب کا زمانہ رہا تو انکی برکت سے فساد دینی اور بدعت کا رواج ممکن نہ تہا بعد اصحاب کے **ف**
شروع ہوا اور چند مدت کے بعد عالم گیر ہو گیا یہہ حدیث معجزہ ہے کہ جیسے آیندہ بات کی خبر
دی ویسا ہی ہوا **ق** اِبْنُ عُمَرَ اَلْوِتْرُ رَكْعَةٌ مِّنْ اٰخِرِ اللَّيْلِ بخاری اور مسلم مین عبد اللہ
بن عمر سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ وتر کی نماز ایک رکعت ہے پچھلی رات سے **ف** امام شافعی کے
نزدیک وتر کی ایک ہی رکعت ہے اور یہی حدیث انکی دلیل ہے اور امام اعظم کے نزدیک وتر کی
تین رکعتین ہین چنانچہ ترمذی مین حدیث صحیح ہے علی مرتضی رضی اللہ عنہ سے کہ حضرت وتر کی تین
رکعتین پڑھتے تہے ترمذی نے کہا کہ اسی طرح کی روایت ہے عمران بن حصین اور عائشہ سے اور
عبد اللہ بن عباس اور ابو ایوب سے اور جامع الاصول مین بخاری اور مسلم کی حضرت عائشہ سے
روایت ہے کہ حضرت بعد تہجد کے تین رکعت وتر کی پڑھتے تہے اور عبد اللہ بن مسعود سے روایت ہے
کہ وتر کی تین رکعتین ہین جیسے مغرب کی تین رکعتین ہین وہ رات کی دعا ہے اور مغرب کی وتر مستحب وقت وتر کا
آخر شب ہے جسکو اپنے جاگنے پر اعتماد ہو **ق** عَائِشَةُ اَلَا اُخْبِرُكِ مَنْ اَعْتَقَ بخاری
اور مسلم مین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ کہ آزادی کرنے کا ثواب اُسی کا
ہے جسنے آزاد کیا **ف** یعنی جسنے لونڈی یا غلام کو آزاد کیا اگر غلام کچھ چھوڑ کر مرجاوے

ق ۱۳۵۱ تو اسکا وارث آزاد کرنیوالا ہے ق اَبُوْ هُرَيْرَةَ اَلْوَلَدُ لِلْفِرَاشِ وَلِلْعَاهِرِ
الْحَجَرُ بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ لڑکا فرش والے کا ہے
اور زنا کرنے والی کو پتھر ف یعنی لڑکے کا مالک وہی ہے جسکے نیچے آیا اور کبھی ہے
خواہ نکاح سے خواہ ملکیت سے اور اگر حرام کار دعوی کرے کہ لڑکا میرے نطفے سے ہے تو اسکی قسمت مین پتھر ہے
ق ۱۳۵۲ یعنی وہ مالک نہین اور اگر حرام کار پیدا ہو تو اسکو منکسر کرنا چاہئے ق اَبُوْ هُرَيْرَةَ اَلْيَمِيْنُ
الْكَاذِبَةُ مُنَفِّقَةٌ لِلسِّلْعَةِ مُمْحِقَةٌ لِلْكَسْبِ بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جھوٹی قسم کالا اور جنس کی رواج کا سبب ہے اور کسب کے نقصان کا
سبب ہے ف یعنی تجارت مین جھوٹی قسم کھانی سے سوداگر کو یہ احتمال ہوتا ہے کہ میری
بکری خوب ہوگی حالانکہ جھوٹی قسم سے اسکی سوداگری مین لوٹنا پڑتا ہے کہ خدا اسکی برکت کو
دور کرتا ہے اور لوگ بھی اسکو جھوٹا جانکر اُس سے خرید و فروخت کم کرتے ہین معلوم
ہوا کہ سوداگری اور بیوپار کی برکت راستی مین ہے ج ابن عباس اَلْيَمِيْنُ عَلَى الْمُدَّعٰى عَلَيْهِ
بخاری مین عبداللہ بن عباس سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ قسم مدعا علیہ پر چاہئے ف مدعی علیہ
ق ۱۳۵۳ قسم اُس صورت مین ہے کہ جب مدعی کو گواہ نہ ملین ق اَبُوْ هُرَيْرَةَ اَلْيَمِيْنُ عَلٰى نِيَّةِ
الْمُسْتَحْلِفِ مسلم مین ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ قسم کا اعتبار قسم لینے والیکی
نیت پر ہے ف یعنی قاضی نے جس مطلب کی قسم لی وہی معتبر ہے پھر اگر قسم کھانیوالا

کہے کہ مین نی قاضی کی نیت پر قسم نہین کہائی مین نی دل مین کچھ اور ارادہ کرلیا تہا تو اسکے
قول کا کچھ اعتبار نہین لیکن اگر قسم کہانیوالا ظالم ہو تو اسوقت قسم کہانیوالیکی نیت کا
البتہ اعتبار ہے

## فصل

اس فصل مین وہ حدیثین ہین جنمین کے سر پر اَیّما کی لفظ آئی ہے

م ۱۳۵۶ م ابوہریرۃ ایّما امرأۃ اصابت بخورا فلا تشہد معنا العشاء
الآخرۃ مسلم مین ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ جو عورت خوشبو لگائے
ہو ہماری ساتہ نماز عشا کی نماز مین نہ حاضر ہو ف حضرت نی اس واسطے منع کیا کہ تاریکی کے
وقت مین خوشبو سونگہہ کے جوان مرد کو بد خیالی آئے معلوم ہوا کہ خوشبو لگاکر رات مین عورتکا
نکلنا درست نہین ف ۱۳۵۷ ف ابوہریرۃ ایّما امرأۃ مسلم اعتق امرأ مسلما استنقذ
اللہ بکل عضو منہ عضوا منہ من النار بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ سی روایت ہے
کہ حضرت نی فرمایا کہ جو مسلمان مرد آزاد کرے مسلمان مرد کو چہوڑا دیگا اللہ اسکے ہر ایک
جوڑ کے بدلے اسکا ہر ایک جوڑ دوزخ سے م ۱۳۵۸ م جریر ایّما عبد ابق فقد برئت
منہ الذمۃ ویروی ابق من موالیہ فقد کفر حتی یرجع الیہم
مسلم مین جریر رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ جو غلام بہاگا تو البتہ اس سے اتر گئی اسلام کی

پناہ اور ایک روایتہین یون ہے کہ جو غلام بہاگا اپنے مالکون سے البتہ کافر ہوگیا جب تک کہ اُنہین نہ پلٹ آوے ف اگر غلام بہاگنے کو حلال جانکر بہاگا تو بیشک کافر ہوگیا اور اگر حلال نہین جانا تو کافر نہین ہوا اُس نے کفران نعمت کیا ۱۳۵۹ م ھ اَبُوْھُرَیْرَۃَ اَیُّمَا قَرْیَۃٍ اَتَیْتُمُوْھَا وَاَقَمْتُمْ فِیْھَا فَسَھْمُکُمْ فِیْھَا وَاَیُّمَا قَرْیَۃٍ عَصَتِ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ فَاِنَّ خُمُسَھَا لِلّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ ثُمَّ ھِیَ لَکُمْ مسلم مین ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جس بستی مین کہ تم آوے اور وہان ٹہرے تو تمہارا حصہ اُسی مین ہے اور جس بستی والون نے خدا اور اُسکی رسول کی نافرمانی کی یعنی لڑائی کی تو البتہ اُسکا پانچوان حصہ اللہ اور رسول کا پہر اُس بستی کے باقی چہار حصے تمہارے ہین ف اِس حدیث مین بیان ہے ف اور غنیمت کا یعنی جو ملک بدون جنگ کافرون نے خالی کردیا یا صلح سے قابو مین آیا وہ سب کا سب مال ہی بیت المال کا اُسکو سب کہتے ہین اِسمین غازیونکا حصہ مقرر نہین لیکن اگر غازی وہان جاکر ٹہرین تو بطور رعایا کے حصہ پاوین گے اِس واسطے کہ مصارف بیت المال مین غازی بہی داخل ہین اور جو ملک جنگ سے فتح ہوا اُسمین پانچوان حصہ بیت المال کا اور باقی چار حصے غازیون کے اُسکو غنیمت کہتے ہین ۱۳۶۰ خ ع عُمَرَ اَیُّمَا مُسْلِمٍ شَھِدَ لَہٗ اَرْبَعَۃٌ اَنَّہٗ خَیْرٌ اَدْخَلَہُ اللّٰہُ الْجَنَّۃَ قَالَ قُلْنَا وَاَثْنَانِ قَالَ وَاَثْنَانِ قَالَ ثُمَّ لَمْ نَسْئَلْہُ عَنِ الْوَاحِدِ بخاری مین عمر فاروق رضی اللہ

عنہ سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جو مسلمان کی چار مسلمان نیکی کی گواہی دین خدا اسکو بہشتین داخل کریگا عمر فاروق نی کہا اور دو آدمی کی گواہی بہی بہشتین لیجاتی ہے حضرت نی فرمایا اور دو کی گواہی بہی بہشتین لیجاتی ہے عمر فاروق نی کہا پہر ہمنی ایک شخص کی گواہی کا حال نہ پوچہا ف معلوم ہوا کہ خالص مسلمانون کی گواہی نجات کا سبب ہے

## فصل

اس فصل مین وہ حدیثین ہین جن کے سر پر ایکم کی لفظ ہے

ح ۱۳۶۱ ابن مسعود ایکم مال وارثہ احب الیہ من مالہ قالوا یا رسول اللہ ما منا احد الا مالہ احب الیہ من مال وارثہ قال فان مالہ ما قدم و مال وارثہ ما اخر بخاری مین عبداللہ بن مسعود سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ کون تم مین ایسا ہے جسکے نزدیک اپنی وارث کا مال اپنے مال سے زیادہ تر پیارا ہو اصحابنے کہا یا رسول اللہ کوئی ہم مین ایسا نہین اسکے نزدیک اپنی مال سے وارث کا مال زیادہ پیارا ہو حضرت نی فرمایا سوا لبتہ اسکا مال تو وہی ہے جو اسنے آگے بہیجا یعنی خدا کی راہ مین خرچ کیا اسکے وارث کا مال وہ ہے جسکو چہوڑ گیا ف اپنا مال وہی ہے جو اپنے کام آوے اور کام وہی مال آویگا جو خدا کی راہ مین خرچ ہوا اور جو کہ خرچ نہین کرتے اور اپنا مال جان کے بندر کہتی ہین وہ نادان ہین کہ اسکو اسکے وارث اڑا دینگے

۱۳۶۲ م اسکے کچھ کام نہ آیا ۱۲ م عُقبۃ ابن عامرٍ ایکم یحبّ ان یغدو کل یوم
الی بطحان او الی العقیق فیاتی منہ بناقتین کوماوین فی غیر اثم
ولا قطیعۃ رحم فقلنا کلنا یا رسول اللہ یحبّ ذلک قال افلا یغدو
احدکم الی المسجد فیعلم او یقرأ آیتین من کتاب اللہ خیر لہ من
ناقتین وثلث خیر من ثلث وار بع خیر من اربع ومن اعدادھن من الابل
مسلم ہین عقبۃ بن عامر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ کون تم ہین ایسا کہ یہہ چاہے
کہ ہر ایک دن صبح کو بطحان یا عقیق کی طرف جاوے پھر وہان سے دو مادنیٹہان بڑی کوہان والیان
لاوے بغیر گناہ اور بی قطع برادری کے یعنی نہ چوری اور غصب کیا ہو نہ کسی برادر کا حق کاٹا ہو
تو ہم نے کہا کہ ہم سب لوگ یا رسول اللہ اس بات کو چاہتے ہین حضرت نے فرمایا تو پھر کیون نہین
تم مین سے ہر ایک مسجد کو جاتا ہے کہ غیر کو سکھلا دی یا خود دو آیتین قرآنکی پڑھے یہہ اسکے
حق مین بہتر ہے دو اینٹون سے اور اس طرح آیتون کا شمار اونٹنیون کے شمار سے بہتر
یعنے پانچ افضل ہین پانچ سے اور چھہ افضل ہین چھہ سے ف بطحان اور عقیق مدینے سی دو کوس پر
دو موضع مکان ہین وہان بازار لگتے تھے عمدہ مال عرب کی نزدیک اونٹ ہین اسواسطے اسکو
خاص کرکے ذکر کیا خلاصہ مطلب یہہ کہ قرآن کے پڑھنے اور پڑھانے کا ثواب دنیا کے تمام
۱۳۶۳ م نفیس مال سی بہتر ہے اس واسطے کہ آخرت کا ثواب باقی ہے اور دنیا کا فانی ۱۲ م جابر

اَيُّكُمْ يُحِبُّ اَنَّ هٰذَا لَهٗ بِدِرْهَمٍ يَعْنِيْ جَدْيًا اَسَكَّ مَيِّتًا فَقَالُوْا لَهٗ فَاَخَذَ
بِاُذُنِهٖ فَقَالُوْا مَا يُحِبُّ اَنَّهٗ لَنَا بِشَيْءٍ وَمَا نَصْنَعُ بِهٖ قَالَ تُحِبُّوْنَ اَنَّهٗ لَكُمْ قَالُوْا
وَاللّٰهِ لَوْ كَانَ حَيًّا كَانَ عَيْبًا فِيْهِ اَنَّهٗ اَسَكُّ فَكَيْفَ وَهُوَ مَيِّتٌ فَقَالَ وَاللّٰهِ
لَلدُّنْيَا اَهْوَنُ عَلَى اللّٰهِ مِنْ هٰذَا عَلَيْكُمْ مسلم میں جابر رضؓ سے روایت ہے کہ حضرتؐ نے
فرمایا کہ تم میں سے کون چاہتا ہے کہ یہ بھیڑ کا بچہ مُردہ چھوٹے کان والا اسکو ایکدرم کے
بدلے ملے پھر اسکا حضرتؐ نے کان پکڑا تو ہم نے کہا کہ ہم نہیں چاہتے کہ یہ ہمکو کوئی چیز دیکر ملے
اور ہم کیا کرینگے اسکو حضرتؐ نے فرمایا کیا چاہتے ہو کہ یہ تمکو ملے اصحابؓ نے کہا خدا کی قسم
اگر زندہ ہوتا تو اسمیں عیب تھا کہ اسکے کان نہایت چھوٹے ہیں سو اب تو بھلا کون کر
ناچیز ہو کہ اس میں جان نہیں پھر حضرتؐ نے فرمایا خدا کی قسم کہ مقرر دنیا خدا کے نزدیک اس سے
زیادہ تر ذلیل اور خوار ہی ف یعنے اگر تم مردار سے پرہیز کرتے ہو تو دنیا سے زیادہ تر
کنارہ کرو اس واسطے کہ دنیا خدا کے نزدیک مردار سے بھی زیادہ تر ذلیل اور ناپاک

۱۳۶۴ م ہے م اَبُوْ هُرَيْرَةَ اَيُّكُمْ يَذْكُرُ حِيْنَ طَلَعَ الْقَمَرُ وَهُوَ مِثْلُ شِقِّ
جَفْنَةٍ قَالَ لَمَّا تَذَاكَرُوْا لَيْلَةَ الْقَدْرِ عِنْدَهٗ مسلم میں ابوہریرہؓ سے روایت
ہے کہ حضرتؐ نے فرمایا کہ تم میں سے کسکو یاد ہے وہ وقت جب کہ چاند نکلا تھا جیسے
کٹھریکا کنارا یہ حضرتؐ نے اُسوقت فرمایا جب کہ اصحابؓ آپس میں حضرتؐ کے

پاس شب قدر کا ذکر کرتے تھے کہ کب ہوتی ف یعنے شب قدر آخر تھی جب کہ
چاند باریک ہوگیا تھا غالب کہ ستائیسوین رات مراد ہی چنانچہ اور حدیثون مین صاف مذکور ہے

## فصل

اس فصل مین وہ حدیثین ہین جنکے سر پر ای کی لفظ ہے

خ عَنْ اَنَسٍ اَیُّ رَجُلٍ عَبْدُ اللّٰہِ فِیْکُمْ یَعْنِیْ عَبْدَ اللّٰہِ بْنَ سَلَامٍ قَالُوْا لَہٗ هُوَ
بَعْدَ اِسْلَامِہٖ فَقَالُوْا خَیْرُنَا وَابْنُ خَیْرِنَا وَسَیِّدُنَا وَابْنُ سَیِّدِنَا وَ
قَالَ اَرَاَیْتُمْ اِنْ اَسْلَمَ عَبْدُ اللّٰہِ قَالُوْا اَعَاذَہُ اللّٰہُ مِنْ ذٰلِکَ فَخَرَجَ عَبْدُ اللّٰہِ
فَقَالَ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ فَقَالُوْا
شَرُّنَا وَابْنُ شَرِّنَا وَانْتَقَصُوْہُ فَقَالَ هٰذَا الَّذِیْ کُنْتُ اَخَافُ یَا رَسُوْلَ
اللّٰہِ بخاری مین انس رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ کیسا شخص ہے تم مین عبد اللہ بن
سلام یہہ حضرت نے مدینے کے یہودیون سے فرمایا عبد اللہ بن سلام کے مسلمان ہونیکے
بعد تو یہودی کہا کہ وہ ہمارا افضل ہے اور افضل کا بیٹا اور ہمارا سردار ہے اور
ہمارے سردار کا بیٹا حضرت نے فرمایا کہ بھلا بتلاؤ تو کہ اگر عبد اللہ مسلمان ہوجاوے یہودی نے
کہا کہ خدا اسکو اسلام سے پناہ مین رکھے پھر تو عبد اللہ بن سلام اندر سے نکل آئے اور کہا کہ
اشہد ان لا الہ الا اللہ واشہد ان محمدا رسول اللہ تو یہودی نے کہا کہ یہہ شخص ہم مین

نہایت

نہایت برا ہے اور برکا بیٹا اور اکو نہایت گھٹایا تو عبد اللہ بن سلام نے کہا ایسی
بات سے ہین ڈرتا تھا یا رسول اللہ ف عبد اللہ بن سلام مدنے کے یہودیون کے بڑے عالم تھے
جب وہ مسلمان ہوئے تو حضرت سے کہا کہ یا رسول اللہ قوم یہودی بڑے مفتری ہین
میرے اسلام کے ظاہر ہونیکے قبل میرا حال اُن سے دریافت کیجئے تو بیچ بتلاوینگے اور اگر
وہ جانینگے کہ مین مسلمان ہوا ہون تو مجھپر بہتان باندھینگے بعد اسکے عبد اللہ اندر
مکان مین پوشیدہ ہو کر بیٹھ رہے اور حضرت نے یہود کو بلا کر عبد اللہ کا حال پوچھا
اول اُنہون نے اُنکی تعریف کی جب معلوم ہوا کہ وہ مسلمان ہوئے تو یہوقت بدل گئے
یہی معمول ہی اہل باطل کا کہ اپنے موافق کی تعریف کرتے ہین اور جب کہ اُسنی راہ
حق اختیار کی تو فوراً اُسپر طعن اور تشنیع کرنے لگتے ہین ۳۶۶ م ابن عباس سے مروی ہے
هٰذَا قَالُوا وَادِي الْأَزْرَقِ قَالَ كَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَى مُوسَى هَابِطًا مِنَ
الثَّنِيَّةِ وَلَهُ جُؤَارٌ إِلَى اللّٰهِ بِالتَّلْبِيَةِ ثُمَّ أَتَى عَلَى ثَنِيَّةِ هَرْشَى فَقَالَ
أَيُّ ثَنِيَّةٍ هٰذِهِ قَالُوا ثَنِيَّةُ هَرْشَى قَالَ كَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَى يُونُسَ بْنِ مَتَّى
عَلَى نَاقَةٍ حَمْرَاءَ جَعْدَةٍ عَلَيْهِ جُبَّةُ صُوفٍ خِطَامُ نَاقَتِهِ لِيفٌ وَهُوَ يُلَبِّي
مسلم مین عبد اللہ بن عباس سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ یہہ کون
نالا ہی اصحاب نے کہا یہہ ارزق نالا ہی حضرت نے فرمایا گویا کہ مین دیکھتا ہون

موسی کو کہ اُترتا ہی ٹیلے سی اور اسکے بلند آواز ہی خدا کی طرف اس طرح سی کہ اللھم
لبیک یعنے اے میرے رب مین تیرے حضور مین حاضر ہون پھر حضرت آئے ہرشی ٹیلے پر سو
فرمایا کہ یہہ کون ٹیلا ہی اصحاب نے کہا کہ یہہ ہرشی ٹیلا ہی حضرت نے فرمایا کہ گویا مین دیکھتا ہون
یونس بن متی کو سرخ اونٹنی کجاون روئین والی پر یونس برتسمینی کا جبہ ہی اسکے اونٹنی کی
نکیل کھجور کی چھال کی ہی اور وہ بھی اللھم لبیک کہہ رہا ہی **ف** یہہ حضرت نے
حجۃ الوداع کے سال کے اور مدینے کے راہ مین فرمایا حضرت نی یہہ حال خواب مین
دیکھا یا اُنکی روحون کو واقعی دیکھا ہ

## فصل

اس فصل مین وہ حدیثین ہین جنکے سر پر استفہام کا ہمزہ ہی

**ق** ۳۶۷ **قَالَ لِكُ بْنُ بُحَيْنَةَ اَلصُّبْحُ اَرْبَعًا اَلصُّبْحُ اَرْبَعًا** بخاری اور مسلم مین عبداللہ بن
مالک سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ کیا صبح کی نماز چار رکعتین پڑھتا ہی کیا صبح کی نماز
چار رکعتین پڑھتا ہی **ف** صحیح مسلم مین عبداللہ بن مالک سے روایت ہی کہ نماز
فجر کی اقامت ہوئی تو حضرت نی ایک مرد کو دیکھا کہ نماز پڑھتا ہی اور موذن
اقامت کہتا ہی تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنی جب فجر کی جماعت ہوتی ہو تو سنت
صف مین پڑھنا نچاہیے اس حدیث کا راوی عبداللہ بن مالک ہی اور مالک کی طرف نسبت

۱۳۶ م تحقیق غیبت

اِس حدیث کی غلطی ہے م اَبُوْھُرَیْرَۃَ اَتَدْرُوْنَ مَا الْغِیْبَۃُ قَالُوْا اَللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ
اَعْلَمُ قَالَ ذِکْرُکَ اَخَاکَ بِمَا یَکْرَہُ قِیْلَ اَفَرَاَیْتَ اِنْ کَانَ فِیْ اَخِیْ مَا اَقُوْلُ
قَالَ اِنْ کَانَ فِیْہِ مَا تَقُوْلُ فَقَدِ اغْتَبْتَہٗ وَاِنْ لَّمْ یَکُنْ فِیْہِ مَا تَقُوْلُ فَقَدْ
بَھَتَّہٗ مسلم مین ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تمکو کیا معلوم ہے
کہ غیبت کیا چیز ہے اصحابنے کہا خدا اور اسکا رسول زیادہ تر دانا ہے حضرت نے فرمایا
کہ تو اپنے بھائی مسلمان کا وہ ذکر کرے جو اسکو برا لگے اُسیکا نام غیبت ہے لوگون نے
کہا بھلا فرمائے تو اگر میری بھائی مین سچ مچ وہی بات ہو جو مین نے کہی حضرت نے فرمایا کہ اگر تیرے
بھائی مین فی الحقیقت وہی ہے جو تو نے کہا تبھی تو تو نے غیبت کی اور اگر اُس مین وہ بات نہین
جو تو نے کہی پھر تو تو نے اُسپر تہمتان باندھا ف یعنی سچ ہی بات کا نام تو غیبت ہے اور
اگر جھوٹی بات ہے تو اسکا نام بہتان ہے خلاصہ مطلب یہ کہ جس چیز کو آدمی سنکر برا مانے
وہی غیبت ہے خواہ اسکے نسب کا نقصان ہو خواہ بدن کا خواہ اسکے قول اور فعل کا خواہ
اسکے دین کا خواہ اسکی غیبت زبان سے کرے خواہ اشارہ سے کہ یہہ سب حرام ہے لیکن ظالم کی
غیبت حاکم کے روبرو اور فاسق کی جو بی پردہ گناہ کرتا ہے اور ناقص بقب جو مشہور ہو
جیسا اندھا پھرا چپڑا تو درست ہے م اَبُوْھُرَیْرَۃَ اَتَدْرُوْنَ مَا ھٰذَا اَطْلَنَا اللّٰہُ
وَرَسُوْلُہٗ اَعْلَمُ قَالَ ھٰذَا حَجَرٌ رُمِیَ بِہٖ فِی النَّارِ مُنْذُ سَبْعِیْنَ خَرِیْفًا

هُوَ يَهْوِي فِي النَّارِ الْآنَ حِينَ انْتَهَى إِلَى قَعْرِهَا فَلَمَّا سَمِعَ وَجْبَةً

مسلم مین ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ پہلا تم جانتے ہو کہ یہہ کیا تہا ہمنے
کہا اللہ اور اسکا رسول زیادہ تر دانا ہے حضرت نے فرمایا کہ یہہ پتھر تہا کہ دوزخ مین ستر
برس سے پہینکا گیا تہا سو دوزخ کہین تک ترا چلا جاتا تہا یہان تک کہ اسکی تہ مین پہنچ گیا یہہ حضرت نے
اسوقت فرمایا جب ایک دہماکا سنا ف ابوہریرہ سے روایت ہے کہ ہم اصحاب حضرت کی
خدمت مین حاضر تہے کہ ہم نے ایک ایسی آواز سنی جیسی کوئی چیز اوپر سے نیچی کو گرتی ہے
تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی معلوم ہوا کہ دوزخ کی چوتی سے تہ تک ستر برس کی
راہ ہے م ابوہریرۃ اتدرون من المفلس قالوا المفلس فینا من لا ۱۳۷ م
درہم لہ ولا متاع قال ان المفلس من امتی من یاتی یوم القیمۃ
بصلوۃ وصیام وزکوۃ ویاتی قد شتم ہذا وقذف ہذا واکل
مال ہذا وسفک دم ہذا وضرب ہذا فیعطی ہذا من حسناتہ
وہذا من حسناتہ فان فنیت حسناتہ قبل ان یقضی ما علیہ اخذ
من خطایاہم فطرحت علیہ ثم یطرح فی النار مسلم مین ابوہریرہ سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ کیا تم جانتے ہو کہ مفلس کون ہے اصحاب نے کہا کہ ہم مین مفلس
مفلس وہ ہے جسکے پاس نہ درہم ہو نہ اسباب حضرت نے فرمایا البتہ میری امت سے حقیقت مین

وہ ہے

وہ ہے جو قیامت کی دن اوسے نماز اور روزہ اور زکوۃ لیکر اور حالانکہ اسنے کسیکو گالی دی
اور کسی کو حرام کاری کا عیب لگایا اور کسی کا مال کھا کیا اور کسی کی خونریزی کی اور
کسیکو مارا سو اسکی نیکیون سی اُن مظلوم کو دلایا جاویگا اور اُس دوسرے مظلوم کو دلایا جاویگا
سو اگر قصورا ادا ہونی کے قبل اسکی نیکیان ہو چکین کی تو اُن مظلومون کے گناہ لیکے جاوینگے
سو اس ظالم پر ڈالے جاوینگے پھر وہ دوزخ مین ڈالا جاویگا ف معلوم ہوا کہ مسلمانکی
عبادت اور نیکیان حق العباد کے بدلے جاوینگی اور اگر نیکیان کم ہوئین اور لوگون کے
حق زیادہ تو اُنکے گناہ ظالم کی گردن پر ڈالے جاوینگے تب نیکیان چھن گئین اور
لوگون کے گناہ گردن پر پڑے تو حقیقت مین یہی شخص آخرت کا مفلس ٹہرا اگر یہ دنیا
مین نہایت مالدار ہو اس حدیث مین یہہ اشارہ ہے کہ مسلمان حق العباد اور مظالم سے
ڈرتا رہے اپنی حسنات اور کثرت عبادت پر نہ بھولے خ عُمَرُ اللّٰہِ ہٰذَا مِنَ السَّائِلُ قُلْتُ اَللّٰہُ ۱۳۷۱
وَرَسُوْلُہٗ اَعْلَمُ قَالَ فَاِنَّہٗ جِبْرِیْلُ اَتَاکُمْ یُعَلِّمُکُمْ دِیْنَکُمْ بخاری مین عمر رضی
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تو کیا جانتا ہے کہ یہہ پوچھنے والا کون ہے میں نے کہا اللہ اور رسول اسکا زیادہ تر داناہے حضرت نے
فرمایا کہ یہہ جبرئیل تہا تمہاری پاس آیا کہ تمکو تمہارا دین سکہاوے ف اس حدیث کا پورا قصہ اسی باب کے اندر حدیث
جبرئیل مین مفصل ہو چکا ق ابْنُ مَسْعُوْدٍ اَتَرْضَوْنَ اَنْ تَکُوْنُوْا رُبُعَ اَہْلِ الْجَنَّۃِ ۳۷۲۰
قُلْنَا نَعَمْ قَالَ اَتَرْضَوْنَ اَنْ تَکُوْنُوْا ثُلُثَ اَہْلِ الْجَنَّۃِ قُلْنَا نَعَمْ قَالَ وَالَّذِیْ

نفس محمد بیدہ انی لارجوان تکونوا نصف اھل الجنۃ وذلک ان الجنۃ
لا یدخلھا الا نفس مسلمۃ وما انتم فی اھل الشرک الا کالشعرۃ
البیضاء فی جلد الثور الاسود او کالشعرۃ السوداء فی جلد الثور
الاحمر بخاری اور مسلم مین عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ
بھلا تم اس بات سے راضی ہو کہ تم بہشت کے لوگون مین چوتھائی ہو ہم نی کہا ہان حضرت نے
فرمایا کہ بھلا تم اس بات سے راضی ہو کہ تم بہشتیون کے تہائی ہو ہم نی کہا ہان حضرت نے
فرمایا کہ قسم ہے ذات پاک کی جسکے قابو مین محمد کی جان ہے کہ مقرر مین امید رکہتا ہون کہ
تم بہشتیون مین آدھے ہوگے اور اسکا سبب یہہ ہے کہ بہشت مین سوای مسلمان
جان کے کوئی نہ داخل ہوگا اور نہین ہو تم اہل شرک مین مگر جیسے ایک سفید بال کالے
بیل کی کہال مین یا جیسے ایک سیاہ بال لال بیل کی کہال مین ف یعنے آدھی
بہشت مین امت محمدی ہوگی اور نصف باقی مین اور پیغمبر دکھی امتین ہونگی اول حضرت نے
چوتھائی فرمایا پہر تہائی پہر آدھا اسواسطے کہ لوگ شکر الہی کرین اور دمبدم خوشی
مین ترقی ہو ف عمر اترضون ان ھذہ المراۃ طارحۃ ولدھا فی النار ۱۳۲۳۰
قلنا لا واللہ فقال اللہ ارحم بعبادہ من ھذہ المراۃ بولدھا
قال حین رای امراۃ من السبی تسعی اذا وجدت صبیا فی السبی اخذتہ

فالرفتہ

فَالْتَقَطَتْهُ بِبَطْنِهَا فَأَرْضَعَتْهُ بخاری اور مسلم مین عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ کیا تم جانتے ہو کہ یہہ عورت پھینکنے والی ہے اپنے لڑکے کو آگ مین ہم نی کہا
کہ قسم ہے خدا کی کہ ہرگز نہ پھینکے گی تو حضرت نی فرمایا کہ البتہ خدا کا رحم اپنے بندون پر بہت
زیادہ ہے اس عورت کے رحم سی اپنی بیٹے پر یہہ حضرت نے اسوقت فرمایا جب ایک قیدی
عورت کو دیکھا کہ دوڑی جاتی ہے جب اُس نے قیدیون مین اپنے بچیکو پایا پھر اسکو اپنے
پیٹ سی چمٹا لیا پھر اسکو دودہ پلانے لگی ف اس حدیث مین بیان ہے وسعت
رحمت الٰہی کا اس حدیث سے ارحم الراحمین کا مطلب حل ہوتا ہے م ابو ہریرہ ۱۳۷۴ م
تُرِيدُونَ أَنْ تَقُولُوا كَمَا قَالَ أَهْلُ الْكِتَابَيْنِ مِنْ قَبْلِكُمْ سَمِعْنَا
وَعَصَيْنَا بَلْ قُولُوا سَمِعْنَا وَأَطَعْنَا غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَإِلَيْكَ الْمَصِيرُ
فَلَمَّا نَزَلَتْ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ وَإِنْ تُبْدُوا مَا
فِي أَنْفُسِكُمْ أَوْ تُخْفُوهُ يُحَاسِبْكُمْ بِهِ اللّٰهُ فَقَالُوا كُلِّفْنَا مِنَ الْأَعْمَالِ
مَا نُطِيقُ الصَّلٰوةَ وَالصِّيَامَ وَالْجِهَادَ وَالصَّدَقَةَ وَقَدْ أُنْزِلَتْ
عَلَيْكَ هٰذِهِ الْآيَةُ وَلَا نُطِيقُهَا مسلم مین ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ تم وہ کہا چاہتے ہو جیسا تم سی پہلے کتاب والون نی کہا کہ ہم نی حکم خدا کا
سنا اور نہ مانا بلکہ تم یون کہو کہ الٰہی ہم نے تیرا حکم سنا اور مان لیا ای رب ہمارے

تیری بخشش کو چاہتے ہین اور تیری ہی طرف ہمارا پہنچنا ہے یہہ حضرت نے اسوقت
فرمایا جب کہ سورۂ بقر کے اخیر مین یہہ آیت اُتری کہ خدا ہی کا ہے جو کہ آسمانون اور
زمین مین ہے اور اگر ظاہر کرو جو تمہاری دلون مین ہے یا اسکو چھپاؤ اُسکا حساب
خدا تمسی کریگا تو اصحاب نی کہا کہ ہمکو اول اُن کامون کا حکم ہوا جنکو ہم کر سکتے ہین مثل
نماز اور روزی اور جہاد اور خیرات کے اور البتہ ہم پر یہہ آیت اُتری اور یہہ ہمارے قابو
مین نہین فی یعنے خیالات اور وسوسے دل کو روکنا ہمارے اختیار مین نہین اگر
اسکا بھی حساب ہوا تو ہمارا کہین ٹھکانا نہین حضرت نی فرمایا کہ تم اہل کتاب کی طرح
حکم عدولی کرو بندی کو لائق نہین کہ اپنے مالک کے حکم مین تکرار کرے بلکہ تم یہہ حکم
بھی مان لو لیکن خدا سے مغفرت مانگو کہ تم پر آسانی کرے پھر اصحاب نے حضرت کے
بموجب ارشاد کے عمل کیا اور حکم مانا تو یہہ آیت اُتری کہ حق تعالی کسی جان کو تکلیف
نہین دیتا مگر اُس قدر کہ جتنا اسکو اختیار ہے یعنی اب خیالات اور خطرات مین پکڑ نہین
تفسیر مدارک مین لکھا ہے کہ سب علما کا یہی مذہب ہے کہ خطرات پر مواخذہ نہین لیکن عزم
پر مواخذہ ہے عزم اُس ارادی کو کہتی ہین جو دل مین جم گیا ہو اور ٹھہن چکا ہو ع اُمّ
سَلَمَۃَ اَتُرِیْدِیْنَ اَنْ تُدْخِلِی الشَّیْطَانَ بَیْتًا اَخْرَجَہُ اللّٰہُ مِنْہُ فَلِاَمْرَاَۃٍ
جَاءَتْ تُسْعِدُ اُمَّ سَلَمَۃَ عَلَی الْبُکَاءِ عَلٰی اَبِیْ سَلَمَۃَ بخاری مین حضرت ام سلمہ سے

ع ۱۳۷۵

روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ کہا تو چاہتی ہے کہ شیطان کو اس گھر مین داخل کرے
جس سے خدا نے اسکو نکالا ہے یہہ حضرت نے اُس عورت سے فرمایا کہ ابی سلمہ کی موت پر ام سلمہ کو
رُلانے آئی ف حضرت ام سلمہ کی اول خاوند کا نام ابی سلمہ تہا جب وہ مرگئے تب
کوئی عورت انکو رُلانے آئی تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنی ایسا نہ کر برکت سے شیطان
اُس گھر سے دور ہوئے اب رونے اور پیٹنے سے شیطان کو پھر اس گھر مین نہ داخل کر
اس حدیث سے صاف معلوم ہوا کہ رونی پیٹنے کی وجہ سے محفل کرنا شیطانی کام ہے
مصیبت مین صبر چاہئے نہ کہ ہائے ہائے ق عَائِشَةَ اَتُرِيْدِيْنَ اَنْ تَرْجِعِيْ
اِلٰى رِفَاعَةَ لَا حَتّٰى تَذُوْقِيْ عُسَيْلَتَهٗ وَيَذُوْقَ عُسَيْلَتَكِ
قَالَ لِاَمْرَاَةِ رِفَاعَةَ الْقُرَظِيِّ وَقَدْ طَلَّقَهَا ثَلٰثًا بخاری اور مسلم مین
حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ کیا تو چاہتی ہے کہ رفاعہ کے نکاح مین پھر
پلٹ جاوی یہہ نہین درست ہے جبتک کہ تو اس دوسرے خاوند کا شہد نہ چکھے اور
وہ تیرا شہد نہ چکھے یعنی بدون صحبت کے اول خاوند سے نکاح نہین درست ہے یہہ حضرت نے
رفاعہ کی عورت سے فرمایا اور رفاعہ نے اسکو تین بار طلاق دی تہی ف رفاعہ کی
عورت حضرت پاس آئی اور کہنے لگی کہ یا حضرت میرے خاوند نے مجھکو تین طلاق دے
سو مین نے عبدالرحمن بن زبیر سے نکاح کیا تو مین نے اسکو ایسا پایا جیسے کپڑے کا کہونٹ

ق ۳۷۶

یعنی نامرد ہے تو حضرت مسکرائے اور یہہ حدیث فرمائی معلوم ہوا کہ تین
طلاق کے بعد اول خاوند سے نکاح درست جبتک کہ دوسرا خاوند اس عورت سے
صحبت نہ کر چکے اور یہی مذہب ہے سب اماموں کا ق البراء بن عازب تعجبون
من لین ھذا دیل سعد بن معاذ فی الجنۃ خیر منھا والذی
بخاری اور مسلم میں براء بن عازب سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ کیا تم تعجب کرتے
ہو اس ریشمی قبا کی نرمی سے البتہ بہشت میں سعد بن معاذ کی رومال اس سے عمدہ
اور نرم تر ہیں ف ایک نصرانی بادشاہ نے حضرت کو ریشمی قبا تحفہ بھیجی
اصحاب نے اسکی عمدہ کی اور نرمی دیکھکر تعجب کیا تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی
یعنی دنیا کا نفیس اسباب اس لائق نہیں کہ اسکی خواہش کیجئے آخرت کی عمدہ کی
طلب کرو اسواسطے کہ جب بہشت کا رومال دنیا کی قباسی عمدہ ٹھہرا تو وہاں کی قبا کو خدا ہی
جانے کہ کیسی عمدہ ہوگی ق ابوبکرۃ امرأتان کان اسلم وغفار
ومزینۃ وجھینۃ خیرا من بنی تمیم وبنی عامر واسد وغطفان
اخابوا وخسروا قال نعم قال فوالذی نفسی بیدہ انھم لاخیر منھم
قال للاقرع بن حابس حین قال انما بایعک سراق الحجیم من اسلم و
غفار ومزینۃ وجھینۃ بخاری اور مسلم میں ابوبکرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے

ق ۱۳۸۴

ق ۱۳۸۵ جب

کہ حضرت

کہ حضرت نی فرمایا کہ بھلا تبلا تو اگر قوم اسلم اور قوم غفار اور قوم مزینہ اور قوم جہینہ بہتر
ہون بنی تمیم کی قوم سی اور بنی عامر اور اسد اور غطفان کی قوم سی تو کہا انکو نقصان
اور ٹوٹا پڑے اقرع نی کہا کہ ہان حضرت نی فرمایا کہ قسم اس ذات پاک کی جسکے
قابو مین میری جان ہے کہ وہ قوم یعنی اسلم وغیرہ بہتر ہین ان قومون سے یعنی بنی تمیم وغیرہ سے
یہہ حضرت نی اقرع بن حابس سی فرمایا جب کہ اسنی حضرت سی یون کہا تہا کہ تجھسے تو خاصیکے
چورون نی بیعت کی ہے یعنی اسلم اور غفار اور مزینہ اور جہینہ نی ف اسلم اور
غفار اور مزینہ اور جہینہ کی قوم مکی کی راہ مین رہتے تہے عرب مین کم ذات تہے اور کفر کی حالت مین
حاجیون کو لوٹ لیتے تہے اور بنی تمیم اور بنی عامر اور اسد اور غطفان کی قوم عمدہ
لوگ تہے سو اول اسلم وغیرہ مسلمان ہوئے تو اقرع بن حابس کہ بنی تمیم کا سردار
تہا مسلمان ہونے کا احسان جتانے لگا اور قوم اسلم کی حقارت شروع کی تب
حضرت نی یہہ حدیث فرمائی یعنی خدا کے نزدیک وہی بہتر ہے جو دین پر چلے اگرچہ ذات کا
کمینہ ہو سرداری اور شرافت ذاتی بدون دینداری کے کچھہ حقیقت نہین شعر
بندہ عشق شدی ترک لب کن جامی کہ درین راہ فلان بن فلان چیزی نیست

ق وعن انس رأيت ان منع الله الثمرة يستحل مال اخيه ق

بخاری اور مسلم مین انس رضی اللہ عنہ سی روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا بھلا تبلا تو کہ اگر

خدا روک لے پہل کو تو کسطرح تو اپنے بہائی مسلمان کے مال کو حلال کر لیگا ف اس حدیث کا
قصہ چھٹی باب مین ہو چکا کہ حضرت نی کچی پہل کے بیچنے سے منع کیا یعنی قبل پختگی کے
اگر چہ جاوی تو مشتری سی قیمت لینا کیونکر حلال ہوگا ح ابو امامہ رایت حین
خرجت من بیتک الیس قد توضات فاحسنت الوضوء قال بلی
یا رسول اللہ قال ثم شہدت الصلوٰۃ معنا قال نعم یا رسول
اللہ قال فان اللہ قد غفر لک حلالک واوذنبک بخاری مین ابو امامہ
سے روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ پہلا تبلا تو جب کہ تو اپنی کہر سے نکلا تہا کیا تو نے
اچھی طرح وضو نہین تہا اس نی کہا درست ہے یا رسول اللہ حضرت نے فرمایا پہر تو ہماری ساتہہ نماز
مین حاضر ہوا اسنی کہا ہان یا رسول اللہ حضرت نے فرمایا سو مقرر خدا نی تیری حد بخشی ہوین فرمایا کہ تیرا
گناہ بخشا ف ایک شخص نی کہا کہ یا رسول اللہ مین نی گناہ حد مارنیکے لایق کیا
مجہپر حد مارے حضرت نی نہ پوچہا کہ کون گناہ ہے پہر حضرت نماز مین مشغول ہوئے
وہ شخص بہی نماز مین شریک ہوا بعد فراغت کی پہر اس شخص نی کہا کہ مجہپہ حد مارے
تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی شاید کہ اسکا گناہ صغیرہ تہا جیسے بوسہ یا مساس
چنانچہ بعضی روایت مین صاف آیا ہے اسواسطے حضرت نے اسکی مغفرت جماعت پڑہنے
سے فرمائی اسواسطی کہ صغیرہ گناہ عبادات سے معاف ہو جاتے ہین اور حضرت نے اس واسطے

اس سے نہ پوچھا کہ بد کام کا تفحص بہتر نہین اور اگر وہ اپنے گناہ کو کہل کر تبلاتا اور وہ
لایق حد کے ہوتا تو حضرت ضرور اسپر حد مارتے ق ابن عمر ارایتکم لیلتکم هذه ۱۳۸۱ ق
فان رأس مائة سنة منها لا يبقى ممن هو على ظهر الارض احد بخاری
اور مسلم بن عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ بہلا تم تبلاو تو
اپنے اس رات کے حال کو سو بلتہ حال تو یون کہ اس رات سے سو برس کے سر تک جو آدمی
زمین پر کوئی زندہ ہے گا ق عبد اللہ بن عمر سے روایت ہے کہ حضرت نی آخر عمر مین ہمکو عشا کی
نماز پڑھائی پھر یہہ حدیث فرمائی یعنی سو برس سے زیادہ اس وقت مین کسی کی عمر نہو کی
مطلب حدیث کا یہہ ہے کہ جب عمر ایسی کم ٹھہری تو دنیا کا لالچ کرنا بی فایدہ ہے اور
دوسرا فایدہ اس بیان کا یہہ ہے کہ حضرت نی جانا تہا کہ میری بعد بعضی چھوٹی لوک
میری صحبت کا دعوی کرینگے جیسے کہ ہندوستان مین کئی سو برس کے بعد بارہ حضرت
صحبت کا دعوی کرتا تہا سو اس حدیث سے اسکا دعوی غلط ہو گیا اس واسطے کہ حضرت کے
زمن کے لوگ سو برس کے اندر ہو چکے ق ابن عباس ارایت لو کان على امك ۱۳۸۲ ق
دين فقضيته اكان يؤدى عنها قالت نعم قال فصومى عن
امك بخاری اور مسلم بن عبد اللہ بن عباس سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ بہلا تبلاو تو
اگر تیری ماں پر قرض ہوتا تو اسکو ادا کرتی بہلا اسکی اوپر ادا ہوتا اس عورت نی کہا کہ ہان

ادا ہوتا حضرت نے فرمایا کہ روزہ ہی رکھہ اپنی ماکی طرف سے ف ایک عورت نے حضرت سے
کہا یارسول اللہ میری ما مرگئی اور اسپر فرض روزے تھے اگر مین روزے رکھون تو اسکی
طرف سے ادا ہونگے تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی اور سمجھا دیا کہ جس طرح بندی کا
قرض ادا ہو جاتا ہے وارث کے ادا کرنے سے ویسی ہی خدا کا بھی قرض ادا ہوتا ہے اور یہی
مذہب اسحاق کا اور باقی امام کہتے ہین کہ روزہ رکھنے سے مراد یہہ ہے کہ ہر روز کے
بدلے ایک مسکین کو کھانا کھلا دی چنانچہ دوسری حدیث مین صاف آیا ہے کہ جو مر
جاوی اور اسپر روزے ہون تو اسکا وارث اسکی طرف سے مسکین کو کھلا دے اور دوسری
وجہ یہہ ہے کہ زندگی مین کسی کے بدلے روزہ رکھنا تو درست نہین تو اسی طرح بعد موت کے بھی

ق ابوہریرۃ ارایتم لو ان نھرا بباب احدکم یغتسل منہ کل یوم
خمس مرات ھل یبقی من درنہ قالوا لا یبقی من درنہ شیئ قال
فذلک مثل الصلوات الخمس یمحو اللہ بھن الخطایا بخاری اور
مسلم مین ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ بتاو تو کہ اگر تم مین سے
کسی کے دروازے پر ندی ہو کہ وہ اسمین ہر روز پانچ بار نہاوے کیا اسکا کچھ میل
باقی رہے گا اصحاب نے کہا کہ کچھ اسکے میل سے نہ باقی رہے گا حضرت نے فرمایا کہ یہی حال
پانچ نمازون کا کہ انکے سبب سے حق تعالی گناہون کو مٹا دیتا ہے ف جیسے ہر روز

ق ۱۳۸۳
محو سیئات از صلوات خمسہ

پانچ وقت

پانچ وقت نہانی سے بدن پر میل نہیں رہتا اسی طرح پنجگانہ نماز سے گناہ نہیں رہتے لیکن صرف پانی ڈالنے سے میل نہیں چھوٹتا بدنکا ملنا اور مانجنا بھی شرط ہے اسی طرح نماز میں بھی حضوری دل اور اپنے رب کے روبرو کھڑا ہونا ضرور ہے تاکہ گناہوں کا میل دل سے چھوٹے

ف ۱۳۸۴ **ف** جابر اذا رکعت رکعتین قال لا قال قم فارکع ہما ویروی قم فارکع رکعتین وتجوز فیہما **قال** لسلیک الغطفانی حین جاء یوم الجمعۃ وہو قاعد علی المنبر فقعد سلیک قبل ان یصلی بخاری اور مسلم میں جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ کیا تو دو رکعتیں پڑھ چکا ہے یعنی تحیۃ المسجد کی اسنے کہا کہ نہیں حضرت نے فرمایا کہ اٹھ اور انکو پڑھ لے اور دوسری روایت میں ہے کہ اٹھ اور دو رکعتیں پڑھ اور انمیں اختصار کر یعنی ہلکی پڑھ یہ حضرت نے سلیک غطفانی سے فرمایا جب کہ وہ جمعہ کے دن آیا اور حضرت منبر پر بیٹھے تھے تو سلیک بیٹھ گیا بدون تحیۃ المسجد پڑھے

ف اس حدیث سے معلوم ہوا کہ خطبہ کے وقت بھی تحیۃ المسجد پڑھنا درست ہے اور یہی مذہب ہے امام شافعی کا اور امام اعظم کی نزدیک خطبہ کے وقت تحیۃ المسجد نہیں درست اسواسطے کہ دوسری حدیث میں آیا ہے کہ جب امام خطبہ پڑھنے کو نکلا تو نماز اور کلام نہیں چاہیے

ف ۱۳۸۵ **ف** ابو ہریرۃ اصدق ذو الیدین بخاری اور مسلم میں ابو ہریرہ رضی سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ذو الیدین سچ کہتا ہے ف مصابیح میں ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے

عصر کی نماز پڑھائی اور دو ہی رکعت کے بعد سلام پھیر کے اُٹھ کھڑے ہوئے جماعت میں صدیق اور فاروق
بھی تھے مگر رعب سے کلام نہ کر سکے جماعت میں ایک شخص تھا خرباق نام اسکا لقب ذوالیدین
تھا اسوا سطے کہ اسکے ہاتھ لمبے تھے اسنی کہا یا رسول اللہ کیا نماز کم ہوگئی یا آپ بھول گئے
حضرت نے فرمایا نہ کچھ بھی نہیں یعنی نہ نماز کم ہوئی نہ میں بھولا ہوں اُس نی کہا کچھ تو ضرور ہوا ہے
یا نماز کم ہوئی یا آپ بھولے ہیں تب حضرت نی اصحاب کی طرف متوجہ ہو کر یہہ حدیث فرمائی
یعنی ذوالیدین کیا سچ کہتا ہے اصحاب نے کہا کہ ہاں پھر حضرت نے آگے بڑھ کے اور دو رکعت
نماز پڑھی اور سجدہ سہو کا کیا اس حدیث سے معلوم ہوا کہ بھول چوک پیغمبروں کو بھی ہوتی
ہے اور اگر امام کو شک پڑے تو مقتدیوں کے قول پر عمل کرے اور کلام قلیل نماز کو باطل
نہیں کرتا لیکن امام اعظم کی نزدیک ہر طرح کا کلام نماز کو باطل کرتا ہے امام طحاوی نے
کہا ہے کہ اسوقت تک نماز میں کلام کرنا حرام نہیں تھا پھر کلام کرنا نماز میں منسوخ ہو گیا
عینی نی شرح ہدایہ میں لکھا ہے کہ اول اسلام میں کلام کرنا نماز میں درست تھا چنانچہ
زید بن ارقم کی حدیث سے ثابت ہے پھر جب کلام کرنا منع ہوا تو حضرت نے فرمایا کہ جب امام
چھینکے تو مقتدی سبحان اللہ کہہ کر امام کو آگاہ کرے سو اگر یہہ حدیث نسخ کلام کے بعد کی ہوتی
تو ذوالیدین تسبیح سے حضرت کو آگاہ کرتے کلام نہ کرتے اور جب کہ کلام کیا تو صاف
معلوم ہوا کہ یہہ قصہ اسوقت کا ہے جب کلام کرنا درست تھا تو ثابت ہوا کہ یہہ حدیث منسوخ ہے

ق ۱۳۸۶

واسا اعلم ق کعب ابن عجرۃ ایوذیک ھوامک راسک قلت نعم قال فاحلق
وصم ثلثۃ ایام او اطعم ستۃ مساکین او انسک نسیکۃ لا ادری
باتی ذلک بدا قالہ ز من الحدیبیۃ بخاری اور مسلم مین کعب بن عجرہ سی روایت ہے
کہ حضرت نی فرمایا کہ کیا تجھکو تکلیف دیتی ہین یہ تیرے سر کے کیڑے مین نی کہا کہ ہان حضرت نے
فرمایا تو بالون کو منڈا ڈال اور تین روزی رکھہ یا چھہ محتاجون کو کھانا کھلا یا ایک قربانی ذبح
کر ادی کہتا ہے کہ مین نہین جانتا کہ ان تین چیزون سی کون چیز اول حضرت نی فرمائی یہہ
حضرت نے کعب بن عجرہ سی فرمایا جبکہ حدیبیہ کے زمانے مین ف معلوم ہوا کہ جب محرم کو سر کی

م ۱۳۸۷

جون تکلیف دیوین تو بالون کو منڈا دی اور یہہ کفارہ دیوے باقی قصہ حدیث کا ہو چکا ہے م
ابوھریرۃ ایحب احدکم اذا رجع الی اھلہ ان یجد فیہ ثلث خلفات
عظام سمان قلنا نعم قال فثلث ایات یقرا بھن احدکم فی صلوتہ خیر
من ثلث خلفات عظام سمان مسلم مین ابوہریرہ رضہ سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ
تم مین سی کوئی چاہتا ہے کہ جب اپنے گہر پلٹ جاوے تو پاوے گا یہان اونٹنیان بڑے قد والیان
موٹین گہر مین پاوے ہم نی کہا ہان حضرت نے فرمایا تو جو کوئی تین آیتین اپنی نماز مین پڑہے اسکے

ح ۱۳۸۸

حق مین بہتر ہے تین گابہن اونٹنیون بڑے قد والی موٹیون ح ابوسعید ایعجز احدکم
ان یقرا ثلث القران فی لیلۃ بخاری مین ابوسعید سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ کیا تم

تم سی عاجز ہے اس سے کہ تہائی قرآن ہر ایک رات پڑھے ف اصحاب نے کہا یارسول اللہ تہائی
قرآن ہر رات کو پڑھنا کس سے ہوسکے حضرت نے فرمایا کہ قل ہو اللہ تہائی قرآن کی ہے یعنی
اسکا ثواب تہائی قرآن کے برابر ہے م سَعْدُ بْنُ اَبِیْ وَقَّاصٍ اَیَعْجِزُ اَحَدُکُمْ ۱۳۶۹ م
اَنْ یَّکْسِبَ کُلَّ یَوْمٍ اَلْفَ حَسَنَةٍ فَسَاَلَهٗ سَائِلٌ مِّنْ جُلَسَآئِهٖ کَیْفَ
یَکْسِبُ اَحَدُنَا اَلْفَ حَسَنَةٍ قَالَ یُسَبِّحُ مِائَةَ تَسْبِیْحَةٍ فَیُکْتَبُ لَهٗ اَلْفُ
حَسَنَةٍ اَوْ یُحَطُّ عَنْهُ اَلْفُ خَطِیْئَةٍ وَیُرْوٰی وَیُحَطُّ سلم عن سعد بن
ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ کیا ہر ایک تم مین سی عاجز ہے اس سے کہ ہر روز
ہزار نیکیان حاصل کرے پھر حضرت کے پاس بیٹھنے والون مین سے ایک شخص نے پوچھا کہ کیونکر
ہوسکے کہ کوئی ہم مین سے ہزار نیکیان کرے حضرت نے فرمایا کہ سو بار سبحان اللہ پڑھے تو
اسکے واسطے ہزار نیکیان لکھین جاوین یعنی اگر وہ نیک ہے یا ہزار گناہ اس سے گرائے جاوین
یعنی اگر وہ گنہگار ہے ف سو بار سبحان اللہ پڑھنے سی ہزار نیکیان اسواسطے ہوئین
کہ خدا نے ایک نیکی کا دس گنا ثواب مقرر کیا ہے تو سو کا وہ چند ہزار ہوا

بیان ثواب صد بار سبحان اللہ کہنے کا

## فصل

اس فصل مین وہ حدیثین ہین جنکے سر پر الا کی لفظ آئی ہے

ق ۱۳۷۰ ق اَبُوْهُرَیْرَةَ اَلَا اُحَدِّثُکُمْ حَدِیْثًا عَنِ الدَّجَّالِ مَا حَدَّثَ بِهٖ نَبِیٌّ

قوله

قَوْمَهُ اَلَا اُنْذِرُكُمُوْهُ وَاِنَّهُ يَجِيْئُ بِمِثَالِ الْجَنَّةِ وَالنَّارِ فَالَّتِيْ يَقُوْلُ اِنَّهَا
الْجَنَّةُ هِيَ النَّارُ وَاِنِّيْ اُنْذِرُكُمْ كَمَا اَنْذَرَ رَبِّيْ بِهٖ نُوْحٌ قَوْمَهُ بخاری اور مسلم
مین ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مین تمکو دجال کی وہ بات بتلاتا ہون جو
کسی پیغمبر نی اپنی قوم سی نہین بتلائی وہ بات یہہ ہے کہ دجال کانا ہے اور وہ باغ اور آگ
کی صورت اپنے ساتھہ لاویگا تو جسکو وہ باغ کہیگا وہ حقیقت مین آگ ہے اور مین تمکو
ڈراتا ہون جیسا نوح نی اپنی قوم کو ڈرایا ۱۳۹۱ م اَبُوْذَرٍّ اَلَا اُخْبِرُكَ بِاَحَبِّ الْكَلَامِ
اِلَى اللّٰهِ اِنَّ اَحَبَّ الْكَلَامِ اِلَى اللّٰهِ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ قالہ مسلم مین
ابوذر رضی اللہ عنہ سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مین تجھکو بتلاتا ہون خدا کے بہت پیارے
کلام کو مقرر بہت پیارا کلام خدا کے نزدیک سبحان اللہ وبحمدہ ہے یہہ حضرت نی ابوذر سے
فرمایا ۱۳۹۲ ق عَلِيٌّ اَلَا اُخْبِرُكَ مَا هُوَ خَيْرٌ لَّكَ مِنْهُ تُسَبِّحِيْنَ اللّٰهَ ثَلٰثًا وَّثَلٰثِيْنَ
وَتَحْمَدِيْنَ اللّٰهَ ثَلٰثًا وَّثَلٰثِيْنَ وَتُكَبِّرِيْنَ اللّٰهَ اَرْبَعًا وَّثَلٰثِيْنَ قالہ لفاطمہ
رضی اللہ عنہا حین سألتہ خادما بخاری اور مسلم مین علی مرتضی رضی
اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مین تجھکو بتلادون جو تیرے لئی خدمتگار سے
بہتر ہے سبحان اللہ ۳۳ تینتیس بار اور الحمد للہ ۳۳ تینتیس بار اور اللہ اکبر ۳۴ چونتیس بار
یہہ حضرت نے حضرت فاطمہ سی فرمایا جب کہ اُنہون نی لونڈی خدمتگار مانگی تھی ف

پوری روایت یون ہے کہ حضرت فاطمہ حضرت پاس گئین چکی پیسنی کی تکلیف بیان
کرنے کو اور لونڈی مانگنی کو انکو خبر معلوم ہوئی تہی کہ حضرت پاس لونڈی غلام آئے ہین
اُسوقت حضرت سی ملاقات نہوئی حضرت عائشہ سے یہہ پیغام کہہ آئین جب حضرت تشریف
لائے حضرت عائشہ نے یہہ پیغام پہنچایا اُسیوقت حضرت انکے گہر تشریف لے گئے تو علی
مرتضی اور حضرت فاطمہ رض بستر پر لیٹے تہے حضرت کو دیکہہ کر اُٹہنے کا ارادہ کیا حضرت نے
فرمایا کہ تم دونون لیٹے رہو یہہ حضرت سرہانے کی طرف دونون کے درمیان بیٹھ
گئے یہہ حدیث فرمائی کہ سوتے وقت پڑھا کرین باوجود مقدور کے حضرت نی فاطمہ کو لونڈی
ندی اور یہہ ذکر الٰہی سکہلائے اسواسطے کہ فقر اور ترک دنیا کی تعلیم منظور تہی اس ذکر کی
یہہ تاثیر ہے کہ جو شخص کسی کام مین تہک جاتا ہو اور سوتے وقت اس نیت سے پڑہے تو اسکی
ماندگی نرہے م سَلَمَةُ بْنُ الْاَكْوَعِ اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِاَشَدِّ حَرًّا مِنْهُ يَوْمَ ۱۳۵
الْقِيٰمَةِ هٰذَيْنِ الرَّجُلَيْنِ الرَّاكِبَيْنِ الْمُقْفِيَيْنِ مسلم مین سلمہ بن اکوع
سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ہان مین تمکو بتلاؤن قیامت کے دن اس تپ والے سے
زیادہ تر گرمی اور سوزش ہو یہہ دونو سوار مرد ہین جو پیٹھ پیہرے کے لیٹے یہہ حضرت نے اشارہ
دو منافقون کی طرف کیا ف مسلم مین سلمہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم حضرت کے ساتہہ
ایک بیمار کو پوچہنے گئے اسکو تپ تہی مین نے اُسکے بدن پر ہاتہہ رکہا اور کہا کہ واللہ

ہین نی آج تک ایسی تب خلقی کبھی نہین دیکھی تب حضرت نی یہہ حدیث فرمائی یعنی آخرت کی
سختی کے روبرو دنیا کی سختی کچھہ حقیقت نہین ق حَارِثَةَ بْنِ وَهْبٍ الْخُزَاعِيِّ أَلَا أُخْبِرُكُمْ
بِأَهْلِ الْجَنَّةِ كُلُّ ضَعِيفٍ مُتَضَعَّفٍ لَوْ يُقْسِمُ عَلَى اللَّهِ لَأَبَرَّهُ أَلَا
أُخْبِرُكُمْ بِأَهْلِ النَّارِ كُلُّ عُتُلٍّ جَوَّاظٍ مُسْتَكْبِرٍ بخاری اور مسلم ہین حارثہ بن وہب سے
روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ ہان ہین تمکو بہشتی لوگ بتلاون جو بیچارہ غریب ہے لوگون کی
نظرون مین حقیر اگر وہ خدا کے بھروسے پر قسم کہا بیٹھے تو خدا اسکی قسم کو سچا کردیوے
ہان ہین تمکو بتلاون دوزخی لوگ جو اُجڈ موٹا حرام خور کہنڈ والا ہے ف یعنی بہشت
غریب بے زور مسلمانون کا مقام ہے اور دوزخ بد خلق شکم پرور غرور والے ظالم کا مکان ہے
جو بہشت کا طالب اور دوزخ سے ڈرتا رہوے وہ غریبی اختیار کرے ظالم نہ بنے اور
جو بہشت کی پرواہ نہ رکھے اور دوزخ سے نہ ڈرے وہ جو چاہے سو کرے م زَيْدِ
بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ أَلَا أُخْبِرُكُمْ بِخَيْرِ الشُّهَدَاءِ الَّذِي يَأْتِي بِشَهَادَتِهِ
قَبْلَ أَنْ يَسْأَلَهَا مسلم ہین زید بن خالد سے روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ ہان ہین
تمکو بتلاون بہتر گواہ کو بہتر وہ ہے جو گواہی پوچھنے سے پہلے گواہی دیوے ف جیسے کوئی مالکے
گواہی دینا اُس صورت مین افضل ہے جب اُسکے سوای اور کوئی گواہ نہو اور بدون اسکی
گواہی کے کسی کا حق تلف ہوتا ہو اس واسطے کہ ہی ضرورت معاملات مین قبل طلب کے

۱۳۹۴ ق

۱۳۹۵ م

گواہی دینا دیندار کی بات نہین چنانچہ انکی مذمت مین اور حدیث مین آیا ہے کہ میرے بعد وہ لوگ پیدا ہونگے جو بے مانگے گواہی دینی کو طیار ہونگے ق ابو واقد اللیثی لا اخبرکم عن النفر الثلثۃ امّا احدھم فاوی الی اللہ فاواہ اللہ وامّا الاخر فاستحیی فاستحیی اللہ منہ وامّا الاخر فاعرض فاعرض اللہ عنہ بخاری اور مسلم مین ابو واقد سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مین تمکو خبر دیتا ہون تینو شخصونکی سو انمین ایک نے تو خدا کی طرف رجوع کی تو خدا نے اسکو جگہ دی اور دوسرا تو شرمایا تو خدا بھی اُس سے شرمایا یعنے اسکو اپنے غضب سے بچایا اور تیسرے نے تو منہ موڑا تو خدا نے بھی اُس سے اعراض کیا ق بخاری مین ابو واقد سے پوری روایت یون ہے کہ حضرت مسجد مین بیٹھے تھے اور حضرت کے پاس لوگ تھے کہ تین آدمی سامنے آئے سو انمین سے ایک تو پلٹ گیا اور آگے آئے سو انمین دو مین ایک نے حلقے مین خالی پایا سو وہان بیٹھ گیا اور دوسرا اسکے پیچھے بیٹھا جب حضرت نے کلام سے فراغت پائی تب یہہ حدیث فرمائی یعنی جو اندر مجلس مین بیٹھا حکم خدا دریافت کرنے کو سو خدا سے سکی کوشش قبول کی اور دوسرا اندر آنے سے شرمایا تو خدا نے اسکو عذاب سے بچایا اس واسطے کہ وہ ہر چند حضرت سے دور پڑا لیکن مجلس مین شریک رہا اور تیسرے نے جب پہنچنے لایق جگہہ نہ دیکھی تو غرور کے سبب سے چلا گیا اس واسطے غضب الٰہی مین گرفتار ہوا معلوم

ق ۱۳

ہوا کہ علم اور وعظ کی مجلس مین قریب ہونا نہایت افضل ہے اور دور بیٹھنا ہر چند جائز ہے
لیکن ثواب مین کمتر ہے اور وہان سی جاکر چلے آنا گناہ ہے م ۱۳۹۷ ابو ہریرۃ الا
ادلکم علی ما یمحو اللہ بہ الخطایا ویرفع بہ الدرجات قالوا
بلی یا رسول اللہ قال اسباغ الوضوء فی المکاره وکثرۃ الخطی الی
المساجد وانتظار الصلوۃ بعد الصلوۃ فذلکم الرباط رسم
مین ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ہان مین تمکو بتلاتا ہون تمکو وہ چیز جسکے
سبب سے خدا گناہون کو مٹاوی اور درجے بلند کرے اصحاب نے کہا ہان یا رسول اللہ یہ تو
ضرور بتلایئے حضرت نی فرمایا کہ پورا وضو کرنا سخت وقتون مین اور کثرت آمد و رفت
مسجدونکی اور انتظار کرنا دوسرے وقت کی نماز کا ایک وقت کے نماز کے بعد سو حقیقت مین
یہی عمدہ رباط ہے ف رباط اسکو کہتی ہین کہ دار الاسلام کی حد پر چھاؤنی ہو
اور گھوڑے باندھے جاوین تاکہ کافرونکا لشکر نہ آنے پاوی سو فرمایا یہہ تین عمل بالمن کی
چھاؤنی ہین کہ شیطان کے لشکر کو روکتے ہین سخت وقتون مین پورا وضو کرنا یعنی نہایت
سردی مین یا بیماری مین اچھی طرح تین بار اعضا کو دھونا یا گران قیمت پانی مول لیکر
وضو کرنا کثرت آمد و رفت مسجد مین یعنی پنجگانہ نماز کے واسطے آنا اور جانا اور نماز کا
انتظار کرنا یعنی مسجد مین مثلاً عصر پڑہ کے مغرب کے واسطے بیٹھنا ق عائشۃ الا استحیی ۱۳۹۸ ق

رسم

مِمَّنْ تَسْتَحْيِ مِنْهُ الْمَلٰٓئِكَةُ یعنی عثمان بن عفان بخاری اور مسلم مین حضرت
عائشہ سے روایت ہے حضرت نبی فرمایا کہ ہان مین نہ شرماتا جس سے فرشتے شرماتے ہین یعنے
عثمان بن عفان سے ف دوسرے باب مین اسکا قصہ ہو چکا کہ حضرت پنڈلی کھولے صدیق
اور فاروق رضہ کے روبرو بیٹھے تھے اور جب حضرت عثمان آئے تو حضرت نے پنڈلی پر کپڑا
ڈال لیا حضرت سے اسکا سبب پوچھا تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی اُس حدیث سے حضرت عثمان کی
بڑی فضیلت ثابت ہوئی اِس واسطے کہ جتنی شرم زیادہ اتنا ایمان زیادہ خ
99 خ ۱۳ الا

أَبُوْ بَكْرَةَ أَلَا أُنَبِّئُكُمْ بِأَكْبَرِ الْكَبَائِرِ قُلْنَا بَلٰى يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ
الْإِشْرَاكُ بِاللّٰهِ وَعُقُوْقُ الْوَالِدَيْنِ وَكَانَ مُتَّكِئًا فَجَلَسَ فَقَالَ أَلَا
وَقَوْلُ الزُّوْرِ وَشَهَادَةُ الزُّوْرِ أَلَا وَقَوْلُ الزُّوْرِ وَشَهَادَةُ الزُّوْرِ أَلَا وَقَوْلُ
الزُّوْرِ وَشَهَادَةُ الزُّوْرِ فَمَا زَالَ يَقُوْلُهَا حَتّٰى قُلْتُ لَا يَسْكُتُ،
بخساریہین ابوبکرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ہان مین تمکو بتلاتا ہون کبیرہ کبا ہون
مین جو بہت بڑے ہین ہم نے کہا ہان یارسول اللہ بتلائے حضرت نے فرمایا کہ خدا کا شریک
مقرر کرنا اور ماباپ کی نافرمانی اور ایذا رسانی اور حضرت تکیہ دئے بیٹھے تھے سو اٹھ بیٹھے
پھر فرمایا خبردار رہو اور جھوٹی بات اور جھوٹی گواہی خبردار رہو اور جھوٹی بات اور جھوٹی
گواہی خبردار رہو اور جھوٹی بات اور جھوٹی گواہی پھر حضرت ہمیشہ اسکو کہتے رہے یہانتک

کہ ہمنے

ہین نی کہا کہ حضرت چپ نہین ہونگے ف ابن مسعودؓ الا اُنبئکم ما العضہ ۱۴۰۰ ف
ھی النمیمۃ القالۃ بین الناس مسلم ہین عبداللہ بن مسعود سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کیا ہین بتلاتا ہون تمکو کہ بہتان کیا چیز ہے وہ چغلی ہے جو کثرت کھتکو سے لوگون ہین
فساد ڈالے ق عمرو بن العاص الا ان آل ابی فلان لیسوا لی باولیاء ۱۴۰۱ ق
انما ولیی اللہ وصالح المؤمنین زاد البخاری ولکن لھم رحم ابلھا
ببلالھا بخاری اور مسلم ہین عمر بن عاص سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ خبردار ہو
کہ ابیشک فلانکی اولاد میرے دوست اور مددکار نہین میرا تو مددکار خدا ہے اور مسلمانون
ہین جو نیک ہے اور بخاری ہین اتنی روایت زیادہ کی ہے مگر انکو میری ساتھ قرابت ہے
ہین اسکو زیادہ تر و تازہ کرنا رہوںگا یعنی برادریکا حق ادا کرونگا ف حضرت نے
کسی شخص کو مجمل ذکر کیا کہ فلانے کی اولاد ہمارے دوست نہین واللہ اعلم وہ کون شخص تہا
اسکو معین کرنا کہ اسکا فلانا نام ہے ہمپر کچھہ ضرور نہین ہر چند بعضی کہتی ہین کہ حکم
بن العاص مراد ہے اسکو خدا ہی پر حوالہ کرنا بہتر ہے اور صالح المومنین سے بعضی کہتی ہین
کہ صدیق اور فاروق یا علی مرتضی مراد ہین واللہ اعلم ق ابو مسعود عقبۃ ۱۴۰۲ ق
بن عمرو الانصاری الا ان الایمان ھھنا وان القسوۃ وغلظ
القلوب فی الفدادین عند اصول اذناب الابل حیث یطلع

قرنا الشیطان فی ربیعۃ ومضر بخاری اور مسلم مین ابو مسعود سے جنکا عقبۃ بن عمرو نام ہے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ خبردار ہو البتہ ایمان تو ادھر ہے اور مقر کرآپن اور دلونکی سختی اُن لوگون مین ہے جو چلایا کرتے ہین اونٹونکی دمونکی جڑ پاس جدھر سے شیطان کے دو سینگ نکلتے ہین یعنی قوم ربیعہ اور مضر مین ف اول حضرت نے انکی طرف اشارہ کرکے انکی تعریف کی اسواسطے کہ ان لوگون کے لوگ بہت جلد ایمان لائے اور یورپ کی طرف اشارہ کیا اور انکی مذمت کی یعنی قوم ربیعہ اور مضر جنکے پاس اونٹ بہت ہے اسی واسطے کہ وہ اسلام کے بہت مخالف رہے شیطان کے دو سینگ سے مراد سورج کے اسواسطے کہ جب آفتاب نکلتا ہے تو شیطان اپنے دونون سینگ اسمین لگا دیتا ہے کہ کافرونکا سجدہ

۱۴۰۳ م اسی کی طرف واقع ہو م عُقْبَۃُ بْنُ عَامِرٍ اَلَا اِنَّ الْقُوَّۃَ الرَّمْیُ اَلَا اِنَّ الْقُوَّۃَ الرَّمْیُ اَلَا اِنَّ الْقُوَّۃَ الرَّمْیُ وَلٰکِنْ عَلَی الْمِنْبَرِ لَمَّا قَرَأَ وَاَعِدُّوْا لَھُمْ مَّا اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ قُوَّۃٍ مسلم مین عقبہ بن عامر سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ خبردار ہو کہ البتہ قوت سی مراد تیراندازی ہے یہ حضرت نے تین بار منبر پر فرمایا جب کہ یہہ آیت پڑھی کہ کافرون کے لئے قوت طیار کرو جتنا تم سے ہو سکے ف قرآن مین قوت کی لفظ مجمل تہی حضرت نے اسکی تفسیر کی یعنی قوت سی مراد جسکا خدا نے حکم کرتا ہے تیراندازی سے تیراندازی کا اسواسطے حکم ہوا کہ دور کا ہتہیار ہے بان اور بندوق اور توپ بہی

۱۴۰۴ ق تیراندازی مین داخل ہے اسواسطے کہ تیر کی طرح انکی بہی مار سے دور سے ف

المرد

المسور بن مخرمۃ الا ان بنی ھشام بن المغیرۃ استاذنوا فی ان ینکحوا
بنتھم علی بن ابی طالب فلا اذن لھم ثم لا اذن لھم ثم لا اذن
لھم الا ان یحب بن ابی طالب ان یطلق ابنتی وینکح بنتھم فانما
ابنتی بضعۃ منی یریبنی ما ارابھا ویؤذینی ما اذاھا بخاری اور
مسلم مین مسور بن مخرمہ سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ خبردار ہو کہ بنی ہشام بن مغیرہ کی
اولاد مجھسے اسکی اجازت مانگتے ہین کہ اپنی بیٹی کو علی ابن ابی طالب سے نکاح کر دیوین سو مین
انکو اجازت نہین دیتا پھر بھی مین انکو اجازت نہین دیتا پھر بھی مین انکو اجازت نہین
دیتا مگر یہہ کہ ابی طالب کا بیٹا یہہ چاہے کہ میری بیٹی کو طلاق دیوی اور انکی بیٹی سے نکاح
کر لیوے سو میری بیٹی تو میرے بدن کا ایک ٹکڑا ہے مجھکو بھی وہی چیز رنج دیتی ہے
جو اسکو رنج دیتی ہی اور مجکو تکلیف دیتی ہے جو اسکو تکلیف دیتی ہے ف علی
مرتضی رضی ابو جہل بن ہشام کی بیٹی سے نکاح کا ارادہ کیا فاطمہ زہرا رضی حضرت سے
شکایت کی کہ یا رسول اللہ لوگون کو یہہ گمان ہے کہ حضرت اپنی بیٹیون کے واسطے غصہ
نہین کرتے اور علی مرتضی ابو جہل کی بیٹی سے نکاح کرتے ہین تب حضرت اٹھے اور
خطبہ پڑہا اور یہہ حدیث فرمائی پھر علی مرتضی نے اسکا نکاح موقوف کر دیا اگر کوئی
کہے کہ شرع مین تو چار نکاح مرد کو درست ہین پھر حضرت نے کیون منع کیا اسکا جواب

یہہ ہے کہ حضرت صاحب شریعت تھے حضرت کو اختیار تہا کہ اسکو منع کرین اس واسطے
کہ حضرت کے خلاف مرضی کرنا شرع مین درست نہین اور دوسری وجہ یہہ ہے کہ جیسے
بی بی کے ہوتے لونڈی سے نکاح نہین اسی طرح حبیب اللہ کی بیٹی ہوتے عدو اللہ کی
بیٹی سے نکاح جائز نہوا ق فَاطِمَةُ الَا تَرْضَيْنَ اَنْ تَكُوْنِيْ سَيِّدَةَ نِسَاءِ ق ۱۴۰۵
الْمُؤْمِنِيْنَ اَوْ سَيِّدَةَ نِسَاءِ هٰذِهِ الْاُمَّةِ قَالَهَا بخاری اور مسلم مین فاطمہ رض سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ کیا تو راضی نہین ہوتی کہ تو مسلمانون کی عورتون کی سردار ہے
یا یون فرمایا کہ اس امت کی عورتون کی سردار ہوے یہہ حضرت نے فاطمہ زہرا سے فرمایا
ف مصابیح مین حضرت عایشہ سے روایت ہے کہ ہم حضرت کی بی بیان حضرت کے پاس
بیٹھی تہین کہ فاطمہ زہرا آئین حضرت نے فرمایا ای میری بیٹی مرحبا پہر حضرت نے انکو بٹہلایا
اور ان سے سرگوشی یعنی کان مین بات کی تو فاطمہ نہایت رونے لگین جب حضرت نے
انکو غمگین دیکہا تو دوسری بار سرگوشی کی پہر تو وہ ہنسنے لگین مین نے پوچہا کہ حضرت نے
تم سے کیا سرگوشی کی فاطمہ زہرا نے کہا کہ حضرت کا بھید تو مین نہین ظاہر کرسکتی
پہر جب حضرت کا انتقال ہوا تو مین نے فاطمہ زہرا سے کہا کہ میرا حق جو تمپر ہے اسکی
تمکو قسم دیتی ہون کہ اس سرگوشی کا حال مجھسے بیان کرو فاطمہ زہرا نے کہا ہان اب تو کہہ
مضائقہ نہین اول بار جو حضرت نے مجھسے سرگوشی کی تہی تو یہہ فرمایا تہا کہ ہر سال

مجھسے ایک بار جبریل قرآن کا دور کرتے تھے اور اب کے سال دو بار دور کیا سو مجھکو معلوم
ہوتا ہے کہ میری موت قریب ہے اسواسطے میں رونے لگی تھی پھر دوسری بار حضرت نے میرے
کان میں کہا کہ میرے بعد میرے اہلبیت سے تو ہی پہلے مریگی خدا سی ڈرتی رہیو اور صبر کیجیو میں تیرا
بہتر پیشوا ہوں اور کہا تو اس سے راضی نہیں ہوتی کہ بہشتی عورتوں کی سردار ہووے
یا یوں فرمایا کہ مسلمانوں کی عورتوں کی سردار ہووے اس حدیث سے بڑی عمدہ فضیلت فاطمہ زہرا کی
ثابت ہوئی ف عن ابن عمر الا تسمعون ان اللہ لا یعذب بدمع العین ق ۴۰۶
ولا بحزن القلب ولکن یعذب بھذا او یرحم بخاری اور مسلم میں عبداللہ
بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ کیا تم نہیں سنتے ہو کہ البتہ خدا آنکھ کے
آنسو سے اور دل کے غم سے عذاب نہیں کرتا ولیکن عذاب تو اسکے سبب سے یعنی زبان
سے کرتا ہے یا رحم کرتا ہے ف مصابیح میں عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے کہ سعد بن
عبادہ بیمار تھے حضرت انکی عیادت کو گئے اور حضرت کے ساتھ عبدالرحمن بن عوف
اور سعد بن ابی وقاص اور عبداللہ بن مسعود تھے حضرت جب وہاں پہنچے تو دیکھا کہ سعد بن عبادہ
غش میں بی ہوش پڑے ہیں پوچھا کہ کیا یہہ مر گیا لوگوں نے کہا کہ غش میں ہے تو
حضرت روئے اور لوگ بھی حضرت کا رونا دیکھ کر روئے پھر حضرت نے یہہ حدیث
فرمائی یعنے دل میں غم کرنا اور صرف آنسو سے رونا درست ہے اور زبان سے نوحہ کرنا اور واویلا

کہنا غضب الٰہی کا سبب ہے اور اگر زبان سے انا للہ وانا الیہ راجعون کہے تو رحمت الٰہی کا

۱۴۰۷ خ سبب ہے خ اَبُوْ هُرَيْرَةَ اَلَا تَعْجَبُوْنَ كَيْفَ يَصْرِفُ اللّٰهُ عَنِّيْ شَتْمَ قُرَيْشٍ وَلَعْنَهُمْ يَشْتِمُوْنَ مُذَمَّمًا وَيَلْعَنُوْنَ مُذَمَّمًا وَاَنَا مُحَمَّدٌ

بخاری مین ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کیا تمکو تعجب نہین آتا کہ کیونکر حق تعالی میری طرف سی قریش کی گالی اور لعنت کو پہیرتا ہے وہ کالی دیتے ہین مذمم کو اور لعنت کرتے ہین مذمم کو اور مین تو محمد ہون ف محمد کے معنے سراہا نہایت تعریف والا اور مذمم کے معنی اُتارا برائی والا سو قریش عداوت کے سبب سے حضرت کو محمد نہ کہتے تھے مذمم کہتی تھے اور بدگوئی کرتے تھے حضرت نے اصحاب کو یہہ احسان الٰہی جتایا کہ دیکھو کس تدبیر سی خدا نے مجکو انکی بدگوئی سے بچایا کہ وہ تو مذمم کو بد کہتے

۱۴۰۸ م ہین تو مجھکو کیا میرا نام تو حقیقت مین محمد ہے م حُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ اَلَا رَجُلٌ يَاْتِيْنَا بِخَبَرِ الْقَوْمِ جَعَلَهُ اللّٰهُ مَعِيَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ قَالَ ثَلٰثًا لَيْلَةَ الْاَحْزَابِ مسلم مین حذیفہ بن یمان سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ کیا ایسا کوئی مرد نہین کہ ہمکو قوم کفار کی خبر لا دیوے خدا اُسکو قیامت مین میرے ساتھ کرے یہہ حضرت نے تین بار جنگ احزاب کی رات مین فرمایا ف جنگ احزاب یعنی جنگ خندق ہین قریش وغیرہ کفار نے ہجوم کرکے مدینہ کہیرا تھا سو ایک رات نہایت

سرد ہوا چلی شدت سردی سی کسی کو ہلنی کی طاقت نہ تہی اسوقت حضرت نے یہہ حدیث
فرمائی کہ کوئی کافرون کی خبر لاوی تو یہہ عالی درجہ پاوی حذیفہ سی روایت ہے کہ حضرت نے
تین بار یہہ فرمایا لیکن کسیکو یہہ جرأت نہوئی پھر حضرت نے مجھسے فرمایا کہ ای حذیفہ تو اُٹھ اور اُنکی خبر لا
تو اب مجھکو مجبور ہوا اِس واسطی کہ میرا نام لیا خواہ مخواہ مجھکو جانا پڑا اور حضرت نے فرمایا کہ چپکے
خبر لاو ہان کسی کو نہ چھیڑو جب مین حضرت کے پاس سی چلا تو مجھکو ایسا معلوم ہوتا تہا جیسے
کہ مین حمام مین ہون جب مین وہان پہنچا تو ابوسفیان کو دیکھا کہ آگ سی اپنی پیٹھ سینکتا ہے
مین نے چاہا کہ ایک تیر اُسکو ماروں لیکن حضرت کی بات یاد کرکے مین رُک رہا پھر مین پلٹ
آیا اور حضرت کو اُنکی خبر پہنچائی تو حضرت نی اپنا گھٹن چیر نماز پڑھتے تہے مجھکو اُڑہایا مین
گرمی پاکر صبح تک سویا جب صبح ہوئی تو حضرت نی فرمایا کہ اُٹھ اے بڑے سونے والے اِس
حدیث سے حذیفہ کی عمدہ فضیلت ثابت ہوئی **م** **مَا جَابِرٌ لَا لَا يَبِيتَنَّ رَجُلٌ عِنْدَ** ۱۴
**امْرَأَةٍ ثَيِّبٍ إِلَّا أَنْ يَكُونَ نَاكِحًا أَوْ ذَا مَحْرَمٍ** سے ہین جابر رضی سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ خبردار ہو کہ مردات کو اُس عورت پاس نہ رہے جو کواری نہین مگر یہہ کہ اُسکا
خاوند ہو یا رشتے دار محرم ہو **ف** بگانی عورت پاس مرد کو رہنا اور خلوت کرنا حرام ہے
خواہ رات ہو خواہ دن کواری عورت ہو یا بیاہی ہو یا بیوہ لیکن اِس حدیث مین کواری
عورت پاس رہنے سی صاف منع نہین فرمایا اِس واسطی کہ اکثر عادت یون ہے کہ کواری

پاس اجنبی مرد نہین رہتا **خ** ابن عمر الا من کان حالفا فلا یحلف
الا باللہ بخاری مین عبداللہ بن عمر سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ خبردار رہو کہ جو قسم
کہایا چاہے تو سوای خدا کے کسی کی قسم نہ کہاوی **ف** حالت کفر مین عادت تہی کہ
بتوکی اور اپنی باپ دادو کی قسم کہاتے تہے سو اسکو منع فرمایا اسواسطے کہ قسم اسکے
نام کی چاہئے جو سب کا مالک ہو مخلوق کی قسم کہانا درست نہین **ہ** جندب بن
عبداللہ الا وان من کان قبلکم کانوا یتخذون قبور انبیائہم
وصالحیہم مساجد الا فلا تتخذوا القبور مساجد انی انہاکم
عن ذلک مسلم مین جندب بن عبداللہ سی روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ خبردار رہو کہ جو لوگ
تم سے پہلے تہے وہ اپنے پیغمبرون اور اولیا کی قبرون کو مسجدین بناتے تہے خبردار رہو جاؤ
سو تم قبرون کو مسجدین نہ بناؤ مین تمکو اس سے منع کرتا ہون **ف** قبرستان مین
نماز پڑہنا اسواسطے منع ہے کہ اسمین شبہ پڑتا ہے کہ غیر خدا کی عبادت ہوتی ہے
بلکہ اول شرک عالم مین اسی طرح سی رایج ہوا اسواسطے حضرت نی بتاکید تمام اسکو منع
کیا معلوم ہوا کہ قبرون کو سجدہ کرنا حرام ہے اور اگر عبادت کی نیت نہ ہے تو خلاف کرنا ہے

## فصل

اس فصل مین وہ حدیثین ہین جنکے سر پر لام ہے

ق ۱۴۱۲

ق عبد اللہ بن عمرو الم اخبر انک تصوم ولا تفطر وتصلی اللیل فلا تفعل
فان لعینیک حظا ولنفسک حظا ولاھلک حظا فصم وافطر وصل ونم وصم من
کل عشرۃ ایام یوما ولک اجر تسعۃ ویروی فانک اذا فعلت
ذلک ھجمت عیناک ونفھت نفسک بخاری اور مسلم مین عبد اللہ بن عمرو سے
روایت ہے کہ حضرت نے مجھسے فرمایا کیا مجھکو خبر نہین ہوئی کہ تو روزہ رکھا کرتا ہے اور فطار
نہین کرتا اور رات بھر نماز پڑھا کرتا ہے سو ایسا نکیا کر اس واسطے کہ تیری دونون انکھین کا
حصہ ہے یعنے حق ہے اور تیری جا کا حصہ ہے اور تیری جورو کا حصہ ہے سو روزہ رکھا اور کبھی نہ رکھا اور
رات کو نماز پڑھ اور سویا بھی کر اور روزہ رکھا کر ہر ایک دس روز مین ایک دن کا اور
تجھکو اس دن کے سوای نو دن کا ثواب اور ملیگا اور دوسری روایت یون ہے کہ البتہ
جو تو یون مین کریگا تو دونون تیری انکھین ناتوانی سے اندر گھس جاوینگی اور ضعیف
ہو جاوینگی تیری جان ف عبد اللہ بن عمرو اس حدیث کے راوی نہایت عابد مرد تھے
انہون نے نکاح کیا تھا شب و روز عبادت مین مشغول رہتے جورو سے خبر نہوتی ایک
روز عمر بن عاص عبد اللہ کے باپ گھر مین آئے تو بہو کو دیکھا کہ پرانے میلے کپڑے پہنے ہے
اسکا سبب پوچھا اس عورت نی کہا کہ میرا خاوند مجھسی خبر نہین ہوتا شب و روز عبادت مین
مشغول رہتا ہے تو انکے باپ نے عبد اللہ کی شکایت حضرت سے کی تب حضرت نے یہہ حدیث

فرمائی یعنی تو ایسی عبادت کرتا ہے کہ اپنی جان اور اپنی جورو کا حق ضایع کرتا ہے
اس حدیث سے معلوم ہوا کہ عبادت مین اعتدال اور توسط خدا کو پسند ہے نہ اتنی
افراط بہتر کہ اور حقوق ضایع ہون نہ اتنی تفریط اچھی کہ جانور کی طرح جماع اور خواب
وخورد مین مشغول ہو کر عبادت سے غافل رہے ۱۴۱۳ م عُقْبَةُ بْنُ عَامِرٍ اَلَمْ تَرَ اٰيَاتٍ
اُنْزِلَتْ هٰذِهِ اللَّيْلَةَ لَمْ يُرَ مِثْلُهُنَّ قَطُّ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ
وَقُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ مسلم مین عقبہ بن عامر سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
کہ کیا تو نے نہین دیکھا اُن آیتون کو جو اس رات کو اتریں انکے برابر کسی نے کبھی نہین دیکھین
یعنی قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس ف لبید بن اعصم یہودی نے
حضرت پر جادو کیا تھا بال مین گیارہ گرہین دی تھین جب قل اعوذ برب الفلق اور قل
اعوذ برب الناس کی گیارہ آیتین اتریں تو گیارہ گرہین کھل گئین حضرت کو صحت
حاصل ہوئی یہہ جو فرمایا کہ انکے برابر کوئی آیت نہین یعنے دفع سحر اور حفظ بلیات کے
واسطے یہہ دونو سورتین بے نظیر ہین ۱۴۱۴ م اَبُوْ هُرَيْرَةَ اَلَمْ تَرَوْا اِلَى الْاِنْسَانِ
اِذَا مَاتَ شَخَصَ بَصَرُهٗ قَالُوْا بَلٰى قَالَ فَذٰلِكَ حِيْنَ يَتْبَعُ بَصَرُهٗ
نَفْسَهٗ مسلم مین ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا تم کیا نہین دیکھتے ہو آدمی کو
جب مرجاتا ہے تو اسکی آنکھہ اوپر کی طرف کھلی رہ جاتی ہے لوگون نے کہا کیون نہین

حضرت

حضرت نے فرمایا سو وا اس وقت ہوتا ہے جب کہ اسکی بنیاد ابراہیم کی بنیاد پر نہ ہو ف یعنی جاتی
ساتھ بنیاد بھی نکل جاتی ہے یہ سبب ہے اسکے کھلی رہنے کا ق عَائِشَةُ أَلَمْ تَرَ أَنَّ قَوْمَكِ
حِينَ بَنَوُا الْكَعْبَةَ اقْتَصَرُوا عَنْ قَوَاعِدِ إِبْرَاهِيمَ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ أَلَا
تَرُدُّهَا عَلَى قَوَاعِدِ إِبْرَاهِيمَ قَالَ لَوْلَا حِدْثَانُ قَوْمِكِ بِالْكُفْرِ لَفَعَلْتُ بخاری
اور مسلم میں حضرت عائشہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے مجھسے فرمایا کہ تو نے نہیں دیکھا کہ تیری
قوم یعنی قریش نے جب کعبہ بنایا تو انہوں نے ابراہیم کی بنیاد سے کم کر دیا تو میں نے کہا یا
یارسول اللہ آپ اسکو پھیر بنائے ابراہیم کی بنیاد پر حضرت نے فرمایا کہ اگر تیری قوم کے کفر کا زمانہ
قریب نہ ہوتا تو میں یوں ہی کرتا ف کفر کے زمانے میں کفار قریش نے کعبہ بنایا تھا تو خرچ کی کمی سے
حضرت ابراہیم کی قدیم بنیاد سے شمال کی طرف حد حطیم سے شش ہاتھ کر دیا حضرت نے چاہا کہ دوبارہ اس
وسطی نہ بنایا کہ قریش نو مسلم ہے انکو رنج ہوتا کہ پیغمبر نے ہماری بنائی عمارت کو مٹایا شاید
استلام سے پھر جائے ق أَبُو بَكْرٍ أَلَمْ يَأْنِ لِلرَّحِيلِ قَالَ لَهُ بَعْدَ خُرُوجِهِ إِلَى الْمَدِينَةِ بخاری
اور مسلم میں ابوبکر صدیق رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ کیا ابھی کوچ کا وقت نہیں آیا یہ حضرت نے
صدیق اکبر سے کہا اپنے نکلنے کے بعد مدینے کی طرف ف حضرت نے جب مکی سے ہجرت کا
ارادہ کیا تو تین دن غار ثور میں پوشیدہ رہے چوتھے شب مدینے کی طرف روانہ ہوئے
تمام رات چلے جب دن چڑھا اور گرمی ہوئی تو حضرت کے صدیق نے ایک پتھر کے

ق ۱۴۱۵

ق ۱۴۱۶

سائے تے جب حضرت جاتے کے تب حضرت نی یہہ حدیث فرمائی معلوم ہوا کہ سفر مین رفیق مشورہ سے صلاح ضرور چاہیے

# فصل

اس فصل مین وہ حدیثین ہین جنکے سر پر اَفلا کی لفظ آئی ہے

ق ۱۴۱۷ ق ابو ہریرۃ افلا اعلمکم شیئا تدرکون بہ من سبقکم وتسبقون بہ من بعدکم ولا یکون احد افضل منکم الا من صنع مثل ما صنعتم قالوا بلی یا رسول اللہ قال تسبحون وتکبرون وتحمدون دبر کل صلوٰۃ ثلثا وثلثین مرۃ۔ بخاری اور مسلم مین ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ کیا مین تم کو وہ چیز نہ بتلاون جس سے تم اپنے اگلے امتون کے مرتبے پا جاؤ اور اپنے پیچھے لوگون سے بڑھ جاؤ اور نہو کوئی تم سے بہتر مگر وہی شخص جو کرے جیسا تم نے کیا اصحاب نے کہا یا رسول اللہ ایسا چیز ضرور بتلائے حضرت نے فرمایا کہ سبحان اللہ کہو اور اللہ اکبر کہو اور الحمد للہ کہو ہر ایک نماز کے پیچھے تینتیس تینتیس بار ف محتاج اصحاب نے حضرت سے کہا کہ یا حضرت جو ہم عبادت کرتے ہین مالدار لوگ بھی وہی کرتے ہین لیکن وہ ہم سے بڑھ کے زکوٰۃ اور خیرات دیتے ہین اور یہہ ہم سے نہین ہو سکتا تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی

ق ۱۴۱۸ ق عائشۃ افلا اکون عبدا شکورا فالت حین قیل لہ انک تکلف ھذا وقد غفر لک ما تقدم من ذنبک وما تاخر۔ بخاری اور مسلم مین حضرت عائشے

متوسط مشرقی دیوار

حضرت کی خدمت مین حاضر ہوئے

رو دار کے

روایت ہے کہ کہا مین شکر گذار بندہ نہ بنون یہہ حضرت نے فرمایا جب کہ حضرت سے لوگون نے
کہا آپ کیون اتنی تکلیف اُٹھاتے ہین اور حال تو یہہ ہے کہ البتہ آپکے تو اگلے پچھلے بھول
چوک سب معاف ہوگئی ہے ف حضرت شب خیزی اور تہجد کی نماز اتنی کثرت سے کرتے تھے
کہ آپکے قدم ورم کرگئے تب اصحاب نے عرض کی کہ آپ کس واسطے اتنی مشقت اور تکلیف
اُٹھاتے ہین آپکے بھول چوک کی مغفرت کا خدا نے قرآن مین وعدہ کیا ہے تب حضرت نے
یہہ حدیث فرمائی یعنے یہہ میری عبادت گناہ ہی بخشانیکے واسطے نہین ہے اپنے
رب کے احسان کا شکر ادا کرتا ہون کہ میری مغفرت کا وعدہ کیا مجکو افضل الانبیا کیا بندگی کی
مجھکو توفیق دی معلوم ہوا کہ بندہ کسی طرح خدا کی بندگی سے بے حاجت نہین ہوسکتا اگر مغفرت
ہوئی تو اسکی شکرگذاری واجب ہے اور یہہ جو بعضے جاہل فقیر کہتے ہین کہ جب آدمی کامل
ہوگیا اور خدا رسیدہ ہوا تو اُسکو عبادت کی کچھہ حاجت نہین اس حدیث سے صاف
معلوم ہوا کہ یہہ نہایت غلط بات ہے اسواسطے کہ حضرت سے زیادہ خدا رسیدہ کون
ہے جسکو عبادت کی حاجت نہو ه عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ
اَفَلَا تَتَّقِی اللّٰهَ فِیْ هٰذِهِ الْبَهِیْمَةِ الَّتِیْ مَلَّكَكَ اللّٰهُ اِیَّاهَا فَاِنَّهٗ لَیَشْكُوْكَ
اِلَیَّ اَنَّكَ تُجِیْعُهٗ وَتُدْئِبُهٗ فَقَالَ لِرَجُلٍ مِّنَ الْاَنْصَارِ حِیْنَ دَخَلَ حَائِطًا
فَاِذَا فِیْهِ جَمَلٌ فَلَمَّا رَاٰهُ جَرْجَرَ وَذَرَفَتْ عَیْنَاهُ مسلم عن عبد اللہ

وایک روایت سے کہ حضرت سے زیادہ خدا رسیدہ کون ہے

بن جعفر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا تو کیا خدا سے نہیں ڈرتا اس جانور یعنی اونٹ کے
معدے میں جسکو خدا نے تیری ملکیت میں دیا ہے سو البتہ وہ اونٹ تو مجھسے گلہ کرتا ہے
کہ تو اسکو بھوکا رکھتا ہے اور ہمیشہ اُسسے محنت لیتا ہے حضرت نے ایک انصاری مرد سے
کہا جب حضرت اسکے احاطے والے باغ میں گئے تو وہاں ایک اونٹ تھا جب اس اونٹ نے
حضرت کو دیکھا تو اسنے آواز کی اور اسکے دونوں آنکھوں سے آنسو بہے ف جب
اونٹ رویا تو حضرت نے ہر سی اُسپر ہاتھ پھیرا اور پوچھا کہ یہ کسکا اونٹ ہے تب
انصاری نے کہا کہ میرا ہے تب حضرت نے یہ حدیث فرمائی یہ حدیث معجزہ ہے کہ جانور بھی
حضرت کو پہچانتے تھے معلوم ہوا کہ بی زبان جانوروں پر بھی شفقت اور رحم کرنا واجب ہے
جو رحم نکرے وہ گنہگار ہے عذاب کے لایق ف اَنَسٌ اَفَلَا تَخْرُجُوْنَ مَعَ رَاعِيْنَا ق ۴۳
فِيْ اِبِلِهٖ فَتُصِيْبُوْنَ مِنْ اَبْوَالِهَا وَاَلْبَانِهَا قَالَ لِنَفَرٍ مِّنْ عُكْلٍ اَوْ عُرَيْنَةَ
بخاری اور مسلم میں انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تم باہر نہیں نکلتے ہمارے
چرانے والے کیساتھ اسکے اونٹوں میں تو پاؤ انکے پیشاب اور دودھ کو یہ حضرت نے
قوم عکل یا قوم عُرینہ کی چند لوگوں سے فرمایا ف آٹھ آدمی اُس قوم کے مدینے میں
بیمار ہوئے انکو جلندر تھا حضرت کے اونٹ چرانے پر مدینے سے باہر تھے انکو وہاں چرانیوالیکے
ساتھ بھیجا جب وہ اونٹوں کا پیشاب اور دودھ پیکر چنگے ہوئے تو چرانے والے کو

مار کے

مار کے اونٹون کو لے چلے پھر حضرت پاس پھر آئے حضرت نے انکے ہاتھ پاؤن کٹوائے اور
انکھون مین سلائیان پھیروائین اور انکو میدان مین ڈال دیا کہ پیاس کے مرگئے

## فصل

اس فصل مین وہ حدیثین ہین جنکے سرے پر حمزہ اور اوہے

ق ۱۴۲۱ ق اَنَسُ اَلَیْسَ الَّذِیْ اَمْشَاہُ عَلٰی رِجْلَیْہِ فِی الدُّنْیَا قَادِرًا عَلٰی اَنْ یُّمْشِیَہٗ
عَلٰی وَجْہِہٖ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ بخاری اور مسلم مین انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ جسنے اسکو دنیا مین اسکے دونو پاؤن پر چلایا کیا وہ قادر نہین اسپر
کہ قیامت کے دن اسکو اسکے منہہ کے بہل چلاوے ق ایک شخص نے حضرت سے پوچھا کہ
کہ قرآن مین خدا فرماتا ہے کہ قیامت مین کافر منہہ کے بہل چلین گے یہہ کسطرح سے ہوسکے گا
تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنی جسنے پاؤن مین چلنے کی طاقت دی وہ منہہ مین بھی دے
سکتا ہے یعنی خدا کے آگے سب مشکل چیزین آسان ہین ق ۱۴۲۲ ق اَنَسُ اَلَیْسَ یَشْہَدُ اَنْ
لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاَنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ یَعْنِیْ مَالِکَ بْنَ الدُّخْشُمِ قَالُوْا اِنَّہٗ
یَقُوْلُ ذٰلِکَ وَمَا ھُوَ فِیْ قَلْبِہٖ قَالَ لَا یَشْہَدُ اَحَدٌ اَنَّہٗ لَا اِلٰہَ اِلَّا
اللّٰہُ وَاَنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ فَیَدْخُلُ النَّارَ اَوْ تَطْعَمُہٗ بخاری اور مسلم مین انس
رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ کیا اسکی گواہی نہین دیتا کہ سوای خدا کے

کوئی معبود برحق نہین اور اسکی کہ مین خدا کا رسول ہون مراد تُسے مالک بن دخشم ہے
اصحاب نی کہا وہ تو یہہ کہتا ہے لیکن اسکے دلمین اسکا اعتقاد نہین یعنے وہ منافق
ہے حضرتنے فرمایا کہ کوئی ایسا نہین جو لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کی گواہی دیوے پھر
دوزخ مین پیٹھے یا یون فرمایا کہ اُسکو دوزخ کہا وی ف حضرتکے اصحاب منافقون کا
ذکر کرتے تھے مگر زیادہ تر نفاق کی نسبت مالک بن دخشم کی طرف کی تب حضرت نے
یہہ حدیث فرمائی یعنی جسنے توحید اور رسالت کی گواہی دی وہ بہشتی مسلمان ہے اور
اگر اسکے دل مین اسکا اعتقاد نہو گا تو خدا اسکو سمجھ لے گا ہمکو اسکی تفتیش کچھہ ضرور
نہین ہمکو ظاہر کا حکم ہے م ابوذرؓ ولیس قد جعل اللہ لکم ما تصدقون ۱۴۲۳ م
ان بکل تسبیحۃ صدقۃ وبکل تکبیرۃ صدقۃ وبکل تحمیدۃ
صدقۃ وکل تہلیلۃ صدقۃ وامر بمعروف صدقۃ ونہی عن منکر
صدقۃ وفی بضع احدکم صدقۃ قالوا یا رسول اللہ ایاتی احدنا
شہوتہ ویکون لہ فیہا اجر قال ارایتم لو وضعہا فی حرام لکان
علیہ فیہا وزر فکذلک اذا وضعہا فی الحلال کان لہ اجر فاتی
رجل من اصحابہ فقالوا یا رسول اللہ ذہب اہل الدثور بالاجور یصلون
کما نصلی ویصومون کما نصوم ویتصدقون بفضول اموالہم

ابوذر

ابو ذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ کیا خدا نے تمہین نہین دیا جسکا تم صدقہ دو البتہ
ہر ایک بار سبحان اللہ کہنا صدقہ ہے اور ہر ایک بار اللہ اکبر کہنا صدقہ ہے اور ہر ایک بار
الحمد للہ کہنا صدقہ ہے اور ہر ایک بار لا الہ الا اللہ کہنا صدقہ ہے اور نیک بات بتلانا صدقہ ہے
اور بری کام سے روکنا صدقہ ہے اور تمہاری جماع کرنے مین صدقہ ہے اصحابنے کہا یا رسول
اللہ کیا ہم سے کوئی تو اپنی شہوت کا کام کرے اور اسمین بھی اسکو ثواب ہو کا یعنی اپنی
لذت مین ثواب ہونیکی کیا وجہ ثواب تو عبادت مین ہوتا ہے حضرت نے فرمایا بھلا بتلا و تو
کہ اگر اپنی شہوت کو حرام مین رکھے یعنے زنا کرے تو البتہ اسپر عذاب ہو کا تو اسیطرح
جب اپنی شہوت کو حلال مین رکھا تو اسکو ثواب ہو کا یعنی ثواب شہوت پر نہین بلکہ
خدا کی اطاعت پر کہ اسنے اپنی شہوت کو حرام سے روکا حلال مین صرف کیا پھر حضرت نے
اپنے چند اصحاب سے کہا جنہون نے کہا تھا کہ یا رسول اللہ مالدار لوگ تو ثواب لے گئے وہ نماز
پڑھتے ہین جیسے ہم پڑھتے ہین اور روزہ رکھتے ہین جیسے ہم رکھتے ہین اور اپنی حاجت سے
زیادہ مالون کو صدقہ دیتے ہین خدا کی راہ مین خرچ کرتے ہین **ف** یعنے صدقہ اور خیرات کا
ثواب صرف مال ہی پر موقوف نہین کہ انکو افسوس آوی بلکہ ہر ایک نیک عمل مین خیرات کا
ثواب حاصل ہے یہان تک کہ جماع مین بھی ثواب ہے جماع مین ثواب اسوقت ہے جب نیت
بخیر کرے یعنی حکم خدا جان کے کرے نیک اولاد کی اس سے امید رکھے **م** ابو سعید

۱۴۲۴
م

اَوْ كُلَّمَا انْطَلَقْنَا غُزَاةً فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ تَخَلَّفَ رَجُلٌ فِيْ عِيَالِنَا لَهُوَ بِهِمْ كَيْفَ لَيْسَ عَلَيَّ اَنْ لَا اُوْتٰى بِرَجُلٍ فَعَلَ ذٰلِكَ اِلَّا نَكَّلْتُ بِهٖ سم مین ابوسعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ کیا ہم جب جاوین خدا کی راہ مین غازی ہوکر تو رہ جایا کریگا کوئی مرد ہم مسلمانون کے جو رہ لڑکون مین اسکی آواز ہے جیسے بکری کی آواز جماع کے وقت مجھپر یہہ بات لازم ہوئی کہ جو مرد ایسا میرے پاس لایا جاویگا جسنے یہہ کیا تو مین اسکے سبب سے ضرور اسپر عذاب کرونگا اور ایسی سزا دونگا کہ لوگون مین عبرت ہوجاوے ف بعضے لوگ جماع کے شوق سے جورو کی محبت سے حضرت کے ساتھہ جہاد مین نہ شریک ہوئے تھے تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی اور بعضی روایت مین یون آیا ہے کہ جب اعرابی نے زنا کا اقرار کیا حضرت نے اسکی سنگسار کیلئے حکم کیا پھر خطبے مین یہہ حدیث فرمائی یعنی جہاد مین نہ جانا اور گھر رہنے کا یہی انجام ہے کہ لوگ زنا مین گرفتار ہوتے ہین اور یہہ جو فرمایا کہ اسکی آواز جیسے بکری کی تو حقارت کے واسطے اور اسواسطے کہ بکرا اکثر جماع مین مشغول رہتا ہے ف اَبُوْ هُرَيْرَةَ اَوَلِكُلِّكُمْ ثَوْبَانِ فَلِمَ يَسْئَلُ عَنِ الصَّلٰوةِ فِيْ ثَوْبٍ وَاحِدٍ بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ رضی سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ کیا تم لوگون مین ہر ایک کے پاس دو دو کپڑے ہین یہہ حضرت نے اس شخص سے کہا جسنے ایک کپڑے مین نماز پڑھنے کو پوچھا ف یعنی اگر ایک کپڑے مین نماز درست نہو تو عرب مین اکثر لوگون کی نماز نہو کس واسطے کہ تم عرب لوگون مین ہر ایک کے پاس دو دو کپڑے نہین ہوتے

ف ۱۴۲

ق

م ۱۴۲۷ نہوتے م عائشۃ او ما شعرت انی امرت الناس بامر فاذا ھم یترددون ولو انی استقبلت من امری ما استدبرت ما سقت الھدی معی حتی اشتریہ ثم احل کما حلوا مسلم مین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ کیا تو نے جانا کہ مین نے لوگون کو ایک کام کا حکم کیا سو وہ تو تردد کرتے ہین یعنے اس پر عمل نہین کرتے یہان تک تو صرف مسلم کی روایت ہے آگے روایت مسلم اور بخاری دونو کی ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اگر مین اپنا حال آگے سے جانتا جو پیچھے جانا تو قربانی کو اپنے ساتھ نہ لاتا یہان تک کہ مکہ مین مول لیتا تو مین بھی احرام اتارتا جیسا لوگون نے اتارا حضرت نے حجۃ الوداع مین حج کی نیت سے احرام باندھا اور قربانی ساتھ لی جب مکے مین پہنچے تو حکم کیا کہ جسکے ساتھ قربانی نہو وہ اپنا احرام اتارے حج کے موسم مین پھر احرام باندھے تو اصحاب کو احرام اتارنے مین تردد تھا اس واسطے کہ حضرت نے احرام نہ اتارا تھا سو فرمایا کہ مین قربانی ساتھ نہ لانے سے ناچار ہو گیا اگر مین پہلے حال جانتا تو مکے مین قربانی خرید کر لاتا جیسے لوگون نے احرام اتارا مین بھی اتارتا

## فصل

اس فصل مین وہ حدیثین ہین جنکے شروع مین کی لفظ آتے ہے

ق جابرا ما انک قادم فاذا قدمت فالکیس الکیس لہ بخاری اور ۱۴۲۸ مسلم مین جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب تو رہو جاوے کہ البتہ تو اپنے

گھر میں آنے والا ہے تو جب تو اپنی گھر میں آئیو تو ہوشیاری کیجیو ہوشیاری کیجیو یہہ
حضرت نے جابر سے فرمایا ف جابر سے روایت ہے کہ میں تازہ نکاح کر کے گھر میں حضرت کے ساتھ
گیا تھا جب ہم وہاں سے پہری اور مدینے کے قریب پہنچے تو حضرت نے پوچھا کہ کیا تو نے نکاح کیا ہے
میں نے کہا ہاں تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی کہ ہوشیاری کیجیو یعنی جماع کرنا لڑکے حاصل
کرنیکے واسطے فقط اب ریزی منظور نہ کہنا اور تو سفر سے آتا ہے کثرت سے جماع کرنا کہ تو اپنی

ف ۱۴۲۸ ہوگی اور اگر عورت کو حیض کے دن ہوں تو صبر کرنا کہ وہ پاک ہو جاوے کشتابی نکیجیو ف میمونہ بنت
الحارث اما انک لو اعطیتھا اخوالک کان اعظم لاجرک قالھا لما اعتقت ولیدۃ
بخاری اور مسلم میں حضرت میمونہ بنت حارث سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا خبردار ہو تو اگر اس لونڈی کو اپنے
ماموں کو دیتی تو تیرا ثواب اسمیں بہت بڑا ہوتا یہہ حضرت نے حضرت میمونہ سے فرمایا جبکہ انہوں نے ایک لونڈی
آزاد کی ف حضرت میمونہ حضرت کی بی بی تھیں انہوں نے ایک لونڈی بدون حضرت کے پوچھے آزاد کی راقم یہہ حال
حضرت سے کہا تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی معلوم ہوا کہ صلہ رحم کا ثواب یعنی برادر پروری کا آزاد کرنے سے

م ۱۴۲۹ زیادہ تر ہے م ابو قتادۃ اما انہ لیس فی النوم تفریط انما التفریط
علی من لم یصل الصلوٰۃ حتی یجیئ وقت الصلوٰۃ الاخری فمن فعل
ذلک فلیصلھا حین ینتبہ لھا فاذا کان الغد فلیصلھا عند
وقتھا ف غداۃ لیلۃ التعریس بعد ما صلی الفجر مسلم میں ابو قتادہ رضہ سے

روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ خبردار ہو کہ ماجرا تو یوں ہے کہ نیند میں کچھ تقصیر نہیں تقصیر تو
اُس شخص پر ہے جو نماز نہ پڑھے یہاں تک کہ دوسری نماز کا وقت آجاوے سو جو شخص کہ
ایسا کرے یعنی سونے سے اُسکی نماز قضا ہو جاوے تو قضا کی نماز پڑھے جسوقت کہ اُس سے
آگاہ ہو پھر جب کل ہو تو کل کی نماز وقت پر پڑھے یعنی یوں نکرے کہ جسوقت آج کی قضا پڑھے
کل کی ادا نماز بھی اُسیوقت پڑھے اِس خیال سے کہ آج سے شاید وقت بدل گیا پھر حضرت نے
لیلۃ التعریس کی صبح کو فرمایا نماز فجر کی قضا کرنیکے بعد ف حضرت جہاں سے پھرے اور رات بہت
چلے تھوڑی رات رہے سوئے اور چند اصحاب کو چوکیدار مقرر کیا کہ نماز کے وقت جگا دیویں ایسا
اتفاق ہوا کہ سب سو گئے نماز فجر کی قضا ہوئی دن چڑھے اول حضرت جاگے وہاں سے آگے بڑھے
قضا کی نماز پڑھی اصحاب نے کہا کہ اِس ہماری تقصیر کا کیا کفارہ ہے تب حضرت نے یہ حدیث
فرمائی ق ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت نے ق ۱۴۳
فرمایا کہ خبردار مقرر ان دونوں پر عذاب ہوتا ہے اور ان پر کسی مشکل کام میں عذاب نہیں ہوتا
ان دو میں ایک تو چغلی کے واسطے آمد و رفت کیا کرتا تھا اور دوسرا اپنے پیشاب سے کنارہ
نہ کرتا تھا اور دوسری روایت یوں ہے کہ پیشاب سے طہارت نہ کرتا تھا ف حضرت دو قبروں پر گذرے

اور ایک ٹہنی کھجور کی چیر کے دونون قبرون پر گاڑدی اور فرمایا کہ جب تک یہہ تر رہینگے
تو خدا کی تسبیح کرینگی اسکی برکت سی انکے عذاب مین تخفیف ہوگی پھر یہہ حدیث فرمائی
یعنی چغل خوری سی بچنا اور پیشاب آڑ مین کرنا یا طہارت کرنا ایسی کام نہین جو آدمی پر مشکل
ہون دوسری حدیث مین آیا ہے کہ اکثر قبر کا عذاب پیشاب کی نجاست سے ہوتا ہے

۱۴۳۱ م ابو سعید یا ما انی لم استحلفکم تہمۃ لکم ولکنہ اتانی جبرئیل
فاخبرنی ان اللہ یباہی بکم الملائکۃ فقال حین خرج علی حلقۃ من اصحابہ
فقال ما اجلسکم قالوا جلسنا نذکر اللہ ونحمدہ علی ما ھدانا
للاسلام ومن بہ علینا قال اللہ ما اجلسکم الا ذاک قالوا واللہ
ما اجلسنا الا ذاک سم ابو سعید رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا خبردار رہو کہ
مین نے تم سے بدگمان ہو کر تمکو قسم نہین دلائی ولیکن میری پاس جبرئیل ایا اوسنے
مجھکو خبر دی کہ البتہ خدا تمہاری سبب سے فرشتون سے فخر کرتا ہے یہہ حضرت نی موافق
فرمایا جب کہ حضرت اپنی اصحاب کی محفل پر گذرے تو فرمایا کہ کس چیز نے تم کو بٹھلایا اصحاب نی
کہا ہم بیٹھے خدا کے یاد کرتے ہین اور اسکی تعریف کرتے ہین کہ اسنے ہمکو اسلام کی راہ
بتلائی اور اسکے سبب سے ہم پر احسان کیا حضرت نی فرمایا تمکو خدا کی قسم ہے کہ تمکو اسکے
سوای اور کسی کام نے نہین بٹھلایا اصحاب نی کہا خدا کی قسم ہمکو سوای یاد الہی کے

قضیت واکرین

اور کسی کام کی نہیں بیٹھا یا ف معمول ہے کہ کمال خوشی میں کبھی اپنے دوست سے
یقینی بات کو قسم دلا کر پوچھتے ہیں تاکہ دوبارہ تازہ خوشی حاصل ہو اسی رقسم کی اصحاب کو
حضرت نے قسم دلائی پھر کمال شفقت سے فرمایا ہی دیا کہ میرا قسم دلانا مہ کمالی کے سبب سے نہیں
کہ اصحاب کو رنج ہو اور یہ جو فرمایا کہ ذاکرون سے فرشتوں میں خدا فخر کرتا ہے یعنی انکی
خوبی اور کثرت ثواب بیان کرتا ہے کہ باوجودی کہ بنی آدم شہوت اور غضب کی حال ہیں
گرفتار ہیں پھر بھی میری یاد سی غافل نہیں ہوتے اس حدیث سی ذکر کی بڑی فضیلت ثابت
ہوئی ق سَعْدُ بْنُ اَبِیْ وَقَّاصٍ اَمَا تَرْضٰی اَنْ یَّکُوْنَ مِنِّیْ بِمَنْزِلَۃِ هٰرُوْنَ ق ۴۴۲
مِنْ مُوْسٰی غَیْرَ اَنَّهٗ لَا نَبِیَّ بَعْدِیْ قَالَ لِعَلِیٍّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عِنْدَ خُرُوْجِهٖ
اِلٰی غَزْوَةِ تَبُوْكَ بخاری اور مسلم میں سعد بن ابی وقاص سی روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ کیا تو اسی راضی نہیں کہ تو ہو وی میری نزدیک بمنزلہ ہارون کے موسی کے
نزدیک کر فرق اتنا ہے کہ میری بعد کوئی پیغمبر نہیں یہ حضرت نے علی مرتضی سی فرمایا جبکہ تبوک
چلنے وقت ف منافقون نے طعنہ دیا تھا کہ علی مرتضی کو حضرت اپنے ساتھ لئے جاتے ذلیل جانکے
اسکو گھر میں چھوڑے جاتے ہیں تب حضرت نے علی مرتضی کے دلاسی کے واسطے یہ حدیث
فرمائی باقی بیان اس حدیث کا پانچوں باب میں مفصل ہو چکا ه عَمْرُو بْنُ الْعَاصِ ۱۴۳ه
اَمَا عَلِمْتَ اَنَّ الْاِسْلَامَ یَهْدِمُ مَا کَانَ قَبْلَهٗ وَاَنَّ الْهِجْرَةَ تَهْدِمُ مَا کَانَ

قبلها وان الحج يهدم ما كان قبله فاجئ قيض يدي عن البيعة فقال
مالك يا عمرو قال اردت ان اشترط قال تشترط ماذا قال ان يغفر
لي سلم ين عمرو بن عاص سے روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ کیا نہین جانتا کہ بی شک اسلام
اسکے کناہون ڈھا دیتا ہے اور ہجرت اگلی گناہون کو ڈھا دیتی ہے اور حج اسکے کناہون کو
ڈھا دیتی ہے یہ حضرت نی عمرو بن عاص سی فرمایا جب اُسنی بیعت کرنے سی اپنا ہاتھ کھینچ
لیا تب حضرت نی فرمایا کہ ای عمرو تجھکو کیا ہوا جو تو نی بیعت نہ کی عمرو نی کہا کہ مین چاہتا ہون
کہ شرط کرون حضرت نی فرمایا کون سی شرط کریگا اُسنی کہا اپنی مغفرت کی شرط

**ف** جب کافر مسلمان ہوا تو اسکے سب گناہ خواہ ظلم خواہ کبیرہ خواہ صغیرہ
سب معاف ہو جاتی ہین اسلام کے برکت سی کسی چیز کا مواخذہ باقی نہین رہتا لیکن
ہجرت اور حج سے صغیرہ گناہ معاف ہوتے ہین کبیرہ گناہ نہین معاف ہوتے مگر بطریق
خرق عادت ہر چند اس حدیث مین کچھ کبیرہ اور صغیرہ کی قید نہین لیکن شریعت کا قاعدہ
یہی ہے کہ سوای اسلام کے اور عبادات سے صرف صغیرہ معاف ہوتے ہین لیکن جلال الدین
سیوطی نے بخاری کی شرح مین لکھا ہے کہ بعضی روایت مین آیا ہے کہ حج سے صغیرہ
کبیرہ سب معاف ہو جاتے ہین واللہ اعلم ۱۴۳۴ م **ر** ابو هريرة اما لو قلت حين امسيت
اعوذ بكلمات الله التامات من شر ما خلق لم تضرك قاله

الرجل

لرجل قال یا رسول اللہ ما لقیت من عقرب لدغتنی البارحۃ
مسلم مین ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ خبردار رہو کہ اگر تو شام کے وقت
یون کہتا کہ اعوذ بکلمات اللہ التامات من شر ما خلق یعنی مین پناہ مانگتا ہون خدا کی پوری تاثیر والے
کلامون کے سبب تمام مخلوقات کی ضرر سی تو تجکو ضرر نکرتی یہہ حضرت نی اُس مرد سی کہا جسنے
کہا تہا یارسول اللہ کہ کیا ہی تکلیف مجہکو بچہو سی ہوئی کہ اُسنے مجہکو رات کو کاٹا ف
معلوم ہوا کہ اس دعا مین دفع موذیات کی تاثیر ہے ق ابو ہریرۃ اما وابیک لتبا
ان تصدق وانت صحیح شحیح تخشی الفقر وتامل البقاء ثم انفقا ولا تمہل حتی اذا بلغت الحلقوم قلت لفلان کذا
ولفلان کذا وقد کان لفلان تفرد مسلم بقولہ اما وابیک
بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ خبردار رہو تیری باپ کی قسم
کہ البتہ تجہکو اپنے سوال کی خبر معلوم ہو جاویگی بہتر صدقہ یہہ ہے کہ تو خیرات کرے جس
حالت مین کہ تو تندرست اور بخیل ہو محتاجی سے ڈرتا ہو اور مالداری کی امید رکہتا ہو آدم
مین اتنی روایت زیادہ کی کہ تجہکو زندگی کی امید ہو پہر بخاری اور مسلم دونون نی اس
روایت مین اتفاق کیا اور خیرات کرنے مین دیر مت کر یہان تک کہ مرنے لگے اور روح
حلق مین پہنچے اسوقت تو یون کہے کہ فلانے کو اتنا اور فلانے کو اتنا اور وہ تو فلانے وارثکا

ف ۱۴۳

ہوچکا صرف مسلم مین اَبَا وَائِلَہ کی روایت ہے ف ایک مرد نے حضرت سے
پوچھا کہ مین اپنے مال کو کیونکر صدقہ کردن اور کون سی خیرات افضل ہے تب حضرت نے
یہہ حدیث فرمائی یعنی خیرات کر صحت کی حالت مین افضل ہے کہ مال دینی کو جی نہ چاہے
زندگی کی امید ہو اور یہہ نہین کہ جب جان نکلنے لگے تو وصیت شروع کی کہ فلانے کو
اتنا مال دیدینا اور فلانے کو اتنا اسواسطے کہ اگر اسوقت نہ کسی کو دیکا تو یہی مال اسکے
ہاتھ سے گیا اور غیرون کو ملا یعنی وارثون کو ق اَلْمُسَیَّبُ بْنُ حَزْنٍ اَمَا وَ ق (۴۴۶)
اللّٰہِ لَاَسْتَغْفِرَنَّ لَکَ مَا لَمْ اُنْہَ عَنْکَ فَاَنْزَلَ اللّٰہُ مَا کَانَ لِلنَّبِیِّ وَالَّذِیْنَ
اٰمَنُوْا اِلٰی قَوْلِہٖ اَصْحَابُ الْجَحِیْمِ فَاِنَّہٗ لِاَبِیْ طَالِبٍ عِنْدَ وَفَاتِہٖ رواہ البخاری
اور مسلم مین مسیب بن حزن سی روایت ہے کہ حضرت نبی نے فرمایا کہ خبردار ہو خدا کی قسم مین
تیری واسطے مانگے جاونگا جب تک مجھکو تیری بخشش مانگنے سی روک نہو کی پھر خدا نے
یہہ آیت اُتاری کہ پیغمبر اور ایمانداروں کو لایق نہین کہ مشرکون کے واسطے دعا کرین مغفرت کی
اگرچہ انکے قرابتی ہون حالانکہ اُنپر ظاہر ہوچکا ہے کہ مشرک دوزخی لوگ ہین یہہ حضرت نے
ابی طالب کے مرنے وقت فرمایا ف ابو طالب کی مرنے وقت حضرت نبی نے کہا کہ ای
چچا لا الہ الا اللہ کہدے تو مین خدا سے تیری مغفرت کے واسطے حجت کرونگا ابو جہل نے
کہا کہ ای ابو طالب اپنے باپ دادیکا دین مت چھوڑ نا دہر تک حضرت کلمہ کہنے کو

فرماتے رہے اور ابوجہل وغیرہ ورغلاتے رہے آخر کو ابو طالب نے کہا کہ مین ابو مطلب کے دین پر ہون
مرتا ہون حضرت نے یہہ حدیث فرمائی پھر حضرت کو طلب مغفرت بھی منع ہوئی ابو طالب حضرت کے
چچا حضرت پر نہایت فدا رہتے تھے اسواسطے حضرت کو انکی مغفرت کی بہت آرزو تھی ق

ق ۱۴۳۲ ابو ھریرۃ اما یخشی احدکم اذا رفع راسہ قبل الامام ان یحول اللہ راسہ راس حمار او یجعل اللہ صورتہ صورۃ حمار بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کیا کوئی تم مین ڈرتا نہین جب کہ امام سے پہلے اپنا سر اٹھاتا ہے
کہ خدا اسکے سر کو گدھے کی سی سی بدل ڈالے یا خدا اسکی صورت کو گدھی کی صورت کر ڈالے

ف یعنی جو سجدی سے اپنے امام کے قبل سر اٹھاوی وہ نادان ہے حقیقت مین گدھا ہے
اور ظاہر مین آدمی کا اپنے امام کی اطاعت نہین کرنا یا یہہ مطلب کہ ایسے مرد کی سزا
آخرت مین ایسی ہو گی خلاصہ مطلب یہہ کہ مقتدی جلدی نکرے سر امام کی اطاعت واجب ہے

## فصل

اس فصل مین وہ حدیثین ہین جن کے سر سے پر مثل ہے

ق ۱۴۳۳ ق ابو ھریرۃ مثل البخیل والمتصدق مثل رجلین علیھما جبتان او جنتان من حدید اذا ھم المتصدق بصدقۃ اتسعت علیہ حتی تعفی اثرہ واذا ھم البخیل بصدقۃ تقلصت عنہ و

انضمّت یداہ الی تراقیہ وانقبضت کل حلقۃ الی صاحبتہا فجہد
ان یوسعہا فلا تتسع بخاری اور مسلم مین ابو ہریرہ سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ بخیل اور خیرات کرنیوالی کی کہاوت جیسے دو مردونکی کہاوت
جن پر دو کرتے یا دو زرہین ہون لوہی کی جب کہ ارادہ کرتا ہے خیرات کرنیوالا خیرات کا
تو ہر زرہ کشادہ ہو کر کنبی چوڑی ہو جاتی ہے یہان تک اسکے نقش قدم پر گھسٹتی جاتی
ہے اور جب بخیل خیرات کا ارادہ کرتا ہے تو اسکی زرہ سمٹ جاتی ہے اور اسکے دونون
ہاتہ گردن تک کہچ جاتے ہین اور ہر ایک حلقہ زرہ کا دوسرے حلقے سے بہڑ جاتا ہے
تو وہ کوشش کرتا ہے کہ زرہ کشادہ ہو سو نہین کر سکتا اور دوسری روایت
یون ہے کہ زرہ نہین کشادہ ہوتی ف یعنی سخی خیرات کا ارادہ کرتا ہے تو اسکا
سینہ کشادہ ہو جاتا ہے ہاتہ دلکی اطاعت کرتے ہین جینے کے وقت خوب پہیلتے ہین
بخلاف بخیل کے کہ خیرات کرتے اسکا دل تنگی کرتا ہے تو دینے کو ہاتہ نہین پہیلتے گویا کسی نے
اسکے ہاتہ پکڑ لئے خلاصہ مطلب یہہ کہ سخی بحال خوشی سے خیرات کرتا ہے اور بخیل کی خیرات
کرتے جان نکلتی ہے اور روح قبض ہوتی ہے ۱۴۳۹ م ابو موسیٰ امثل البیت الذی
یذکر اللہ فیہ والبیت الذی لا یذکر اللہ فیہ مثل الحی والمیت
مسلم مین ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اس گھر کی مثل جسمین خدا کا

ذکر

نوکر ہوتا ہے اور اُس گھر کی جسمین خدا کی یاد نہین ہوتی جیسے زندے اور مردے کی مثل یعنے
جس گھر مین خدا کی یاد ہوتی ہے وہ بابرکت اور بارونق ہے اور جسمین خدا کی یاد نہین وہ
بے برکت ہے ۴ مَثَلُ الصَّلَوٰتِ الْخَمْسِ كَمَثَلِ نَهَرٍ جَارٍ غَمْرٍ عَلَى بَابِ اَحَدِكُمْ ۴۴۳
يَغْتَسِلُ مِنْهُ كُلَّ يَوْمٍ خَمْسَ مَرَّاتٍ مسلم مین جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ پانچون نمازون کی مثل جیسے جاری گہرے دریا کی مثل کہ کسی کے دروازی پر ہووے
اور پانچ بار ہر روز اُسمین نہاوی ف یعنی یہ شخص گناہون سی پاک رہے گا جیسے پانچ
وقت کا نہانے والا میل سے صاف رہتا ہے ۴ اَلْوَاقِعُ فِي حُدُوْدِ اللّٰهِ وَالْمُدْهِنُ فِيْهَا كَمَثَلِ قَوْمٍ اسْتَهَمُوْا عَلٰى سَفِيْنَةٍ فَاَصَابَ ۴۴۴
بَعْضُهُمْ اَعْلَاهَا وَبَعْضُهُمْ اَسْفَلَهَا فَكَانَ الَّذِيْ فِيْ اَسْفَلِهَا اِذَا اسْتَقَوْا
مِنَ الْمَاءِ مَرُّوْا عَلٰى مَنْ فَوْقَهُمْ فَقَالُوْا لَوْ اَنَّا خَرَقْنَا فِيْ نَصِيْبِنَا خَرْقًا وَلَمْ
نُؤْذِ مَنْ فَوْقَنَا فَاِنْ تَرَكُوْهُمْ وَمَا اَرَادُوْا هَلَكُوْا جَمِيْعًا وَاِنْ اَخَذُوْا عَلٰى
اَيْدِيْهِمْ نَجَوْا وَنَجَوْا جَمِيْعًا بخاری مین نعمان بن بشیر سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ اسکی مثل جو خدا کی حدون پر کھڑا ہے یعنے گناہ نہین کرتا اور جو اُن حدون مین گر پڑا
یعنے گناہون مین ڈوبا اُس قوم کی مثل ہے جنہون نے قرعہ ڈال کے جہاز مین اپنا اپنا مکان
ٹہرایا سو بعضون نے اُسکا اوپر کا مکان پایا اور بعضون نے نیچے کا مکان یا سو جو لوگ

۴۴۳ ح
در وجوب نماز جماعت و تحریض بر آن و بیان آنکہ متضمن اسقاط فرض است و آنکہ صلوٰت جماعت افضل است از صلوٰت منفرد بسبب بسیار

تلے رہے جب انہون نی پانی چاہا تو اپنے اوپر والون پر گذرے تو تلے والون نی کہا
کہ اگر ہم اپنے حصہ کے مکان کو پانی کے واسطے توڑ پھاڑ لیوین اور اپنے اوپر والون کو
آمد و رفت کی تکلیف سی بچا دین تو اچھی بات ہے سو اگر اوپر والون نے تلے والون کو انکی
خواہش پر چھوڑا یعنی توڑنے سی منع نکیا تو اوپر اور تلے سب ہلاک ہوئے یعنے ڈوبے
اور اگر انکے ہاتھ پکڑ لئے تو اوپر والے خود بھی بچے اور تلے والے بھی بچے ف یعنے جو لوگ کہ
ایک شہر یا ایک گھر مین رہتے ہون بعضی اُنمین سے گناہون سے اور خلاف شرع کامون سے
بچتے ہون اور بعضی بد کامون مین مشغول ہون اور متقی لوگ باوجود قدرت کی گنہ کارون کو
بد کامون سی نہ روکین تو آخرت مین سب کے عذاب مین دونو شریک ہین اور اگر دنیا مین عذاب
آویگا تو سب پر یا دونون کے خواہ متقی لوگ بد کامون سے راضی ہون یا ناراض جیسے
کہ کشتی اگرچہ اکثر مضبوط ہو لیکن ایک سوراخ سی ڈوبتی ہے اس حدیث سی معلوم ہوا کہ
نہی عن المنکر یعنی خلاف شرع کام سی لوگون کو روکنا واجب ہے اس واسطے کہ بڑی کام جب
کثرت سی ہوتے تو اُسمین سب کی بربادی ہے ق اِنَّ نُعْمٌ مَثَلُ الْقُرْاٰنِ مَثَلُ ق ۳ ۴ ۴
الْاِبِلِ الْمُعَلَّقَةِ اِنْ عَلَّقَهَا صَاحِبُهَا اَمْسَكَهَا وَاِنْ تَرَكَهَا ذَهَبَتْ بخاری
اور مسلم مین عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سی روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ قرآن کی مثل نیسے
اونٹ کی سی مثل ہے کہ اگر اسکے مالک نی باندھے رکھا تو اسکو قابو مین بندر کھا اور

اگر

اگر اسکو رسی سے چھوڑا تو جاتا رہا ف یعنی حافظ قرآن کو لازم ہے کہ ہمیشہ دور
کرتا رہے نہیں تو بھول جاویگا ق ابو موسیٰ مَثَلُ الْمُؤْمِنِ الَّذِیْ یَقْرَأُ الْقُرْاٰنَ ق ۱۴۴۳
مَثَلُ الْاُتْرُجَّةِ رِیْحُهَا طَیِّبٌ وَطَعْمُهَا طَیِّبٌ وَمَثَلُ الْمُؤْمِنِ الَّذِیْ لَا
یَقْرَأُ الْقُرْاٰنَ مَثَلُ التَّمْرَةِ لَا رِیْحَ لَهَا وَطَعْمُهَا حُلْوٌ وَمَثَلُ الْمُنَافِقِ
الَّذِیْ یَقْرَأُ الْقُرْاٰنَ مَثَلُ الرَّیْحَانَةِ رِیْحُهَا طَیِّبٌ وَطَعْمُهَا مُرٌّ وَمَثَلُ
الْمُنَافِقِ الَّذِیْ لَا یَقْرَأُ الْقُرْاٰنَ كَمَثَلِ الْحَنْظَلَةِ لَیْسَ لَهَا رِیْحٌ وَطَعْمُهَا
مُرٌّ بخاری اور مسلم میں ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اس ایماندار کی مثل
جو قرآن پڑھا کرتا ہے ترنج یعنی میٹھے نیبو کی مثل ہے کہ اسکی بو بھی اچھی اور اسکا مزہ بھی اچھا
اور اس ایماندار کی مثل جو قرآن نہیں پڑھا کرتا چھوہارے کی سی مثل ہے کہ اسمیں بو نہیں اور
اسکا مزہ میٹھا ہے اور اس منافق کی مثل جو قرآن پڑھا کرتا ہے دونا مرو کی سی مثل ہے
کہ اسکی بو اچھی اور اسکا مزہ کڑوا اور اس منافق کی مثل جو قرآن نہیں پڑھا کرتا ہے
اندرائن کے پھل کی سی مثل ہے کہ اسمیں بو نہیں اور مزہ اسکا کڑوا ف یعنی مومن قرآن
خوان میں دو صفتیں ہیں ایک باطنی یعنی اعتقاد دلی اسکو میٹھا مزہ فرمایا اور دوسرے
ظاہری جسکا اثر لوگوں کو پہنچتا ہے اسکو خوشبو کے ساتھ مثال دی یعنی مومن قرآن
خوان کا ظاہر و باطن دونوں بہتر ہے اور جو مومن کہ قرآن خوان نہیں اسکا باطن ایمان کے

سبب سے اچھا مگر ایمان کا ظاہری اثر نہین اور منافق قرآن خوان ہین ظاہری اثر ہے
مگر باطنی نہین کہ اسکا اعتقاد درست نہین اور جو منافق کہ قرآن خوان نہین نہ ظاہر اسکا اچھا
نہ باطن ق جابر مَثَلُ الْمُؤْمِنِ مَثَلُ السُّنْبُلَةِ تُجَرِّيهَا الرِّيحُ فَتَقُومُ مَرَّةً ق ۱۴۴۴
وَتَقَعُ أُخْرَى وَمَثَلُ الْكَافِرِ مَثَلُ الْأَرْزَةِ لَا تَزَالُ قَائِمَةً حَتَّى تَنْقَعِرَ
بخاری اور مسلم مین جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مومن کی مثل بال کی سی
مثل ہے کہ اسکو ہوا ہلاتی ہے تو کبھی اٹھتی ہے اور کبھی گرتی ہے اور کافر کی مثل صنوبر کی
مثل ہے کہ ہمیشہ کھڑا رہتا ہے یہان تک کہ جڑ سے اکھڑ سی جاوی ف صنوبر کا درخت
سخت ہوتا ہے ہوا سی کم جھکتا ہے اور اگر سخت ہوا چلے تو جڑ سے اکھڑ جاتا ہے جیسے
تاڑ اور کھجور کا درخت خلاصہ مطلب یہہ کہ مومن ہمیشہ بلا اور مصیبت مین گرفتار
رہتا ہے تو اسکے گناہون مین تخفیف ہو جاتی ہے اور کافر کو مصیبت کم ہوتی ہے
اور اگر ہوئی تو ثواب سی محروم ہے یعنی مومن کو لازم ہے کہ رنج اور مصیبت سے نہ گھبرا
اسکو خدا کا احسان سمجھے اور اپنے گناہون کا کفارہ بوجھے م النُّعْمَانُ بْنُ بَشِيرٍ ۱۴۴۵ م
مَثَلُ الْمُؤْمِنِينَ فِي تَوَادِّهِمْ وَتَرَاحُمِهِمْ كَمَثَلِ الْجَسَدِ إِذَا اشْتَكَى بَعْضُهُ
تَدَاعَى سَائِرُهُ بِالسَّهَرِ وَالْحُمَّى م نعمان بن بشیر رض سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ ایمانداروں کی مثل اپنے اپسکے محبت اور ترحم مین بدن کی سی مثل ہے جب کہ

بعض بدن بیمار اور بی کل ہو تو باقی عضو بدن کی بیخوابی اور تپ مین شریک ہوجاتے ہین ف
یعنی اگر انکھہ مین درد ہو تو تمام بدن کو بیکلی ہوتی ہے اسی طرح ایماندارونکی آپس کی محبت کا
حال ہے کہ اگر ایک ایماندار کو رنج اور تکلیف ہو تو سب اسمین شریک ہین یعنی مقتضای کمال
ایمان یہہ ہے کہ ایسی محبت آپس مین حاصل کرین اور جسکو غیر کا رنج دیکھہ کر رنج نہو اور باوجود
قدرت کے اسکو بلای چھوڑا دی اسکے ایمان مین نقصان ہے ۱۴۴۶ م ابن عمر مثل المنافق
کمثل الشاۃ العائرۃ بین الغنمین تعیر الی ھذہ مرۃ والی ھذہ مرۃ
مسلم مین عبداللہ بن عمر سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ منافق کی مثل اس بکری کی سی مثل ہے
جو ماری ماری پھرتی ہو دو گلون کے درمیان یعنی دو ریوڑ کی درمیان مین کبھی اس ریوڑ
مین جھک پڑتی ہو اور کبھی اسمین ف یعنی منافق شک اور شبہہ مین گرفتار ہے کبھی ایمان کی
بات سنکر ایمان کی طرف جھکتا ہے اور کبھی کفر کی بات سنکر کفر کی طرف جھکتا ہے وہ کمبخت
نہ ادھر کا نہ اودھر کا ۱۴۴۷ م جابر مثلی ومثلکم کمثل رجل اوقد نارا
فجعل الجنادب والفراش یقعن فیہ وھو یذبھن عنھا وانا اخذ
بحجزکم عن النار وانتم تفلتون من یدی مسلم مین جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ میری مثل اور تمہاری مثل اس مرد کی سی مثل ہے جسنے آگ جلائی تو پتنگے
ٹڈے اور پتنگے گرنے لگے اور وہ اک سی ہانکتا جاتا ہے اور مین پکڑنے والا ہون تمہاری

کمر کاہ کو دوزخ سے اور تم چھوڑائے بھاگتے ہو میری ہاتھ سے ف یعنی تم شہوات
اور گناہون مین ایسی گرتے ہو جیسے کیڑی آگ مین گرتے ہین اور مین ہزار ہزار حکمت سے
تمکو گناہون سے روکتا ہون جیسی کوئی کسی کا پیٹکا پکڑکے روکتا ہو لیکن تم نہین رُکتے
اس حدیث سے حضرت کی کمال شفقت اپنی اس کہنے کی رامت پر ثابت ہوتی ہے ق جابر مثلی ق ۱۴۴۸
وَمَثَلُ الْاَنْبِیَاءِ کَرَجُلٍ بَنٰی دَارًا فَاَکْمَلَهَا وَاَحْسَنَهَا اِلَّا مَوْضِعَ لَبِنَةٍ
وَجَعَلَ النَّاسُ یَدْخُلُوْنَهَا وَیَعْجَبُوْنَ وَیَقُوْلُوْنَ لَوْلَا مَوْضِعُ اللَّبِنَةِ
زَادَ مُسْلِمٌ فَاَنَا مَوْضِعُ اللَّبِنَةِ جِئْتُ خَتَمْتُ الْاَنْبِیَاءَ بخاری اور مسلم مین جابر
رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ میری مثل اور پیغمبرونکی مثل اس مرد کی سی مثل ہے
جسنے ایک گھر بنایا تو اسکو پورا بنایا اور ستھرا تیار کیا مگر ایک اینٹ کا مکان رہنے دیا
اور لوگ اس گھر مین آنے لگے اور تعجب کرنے لگے اور کہنے لگے اس اینٹ کا مکان کیون
نہ تیار ہوا مسلم نے اتنی روایت اور زیادہ کی ہے سو مین اس اینٹ کا مکان ہون مین
اس طرح آیا کہ مین نے پیغمبرون کو ختم کیا ف یعنی نبوت کا محل بدون خاتم النبیین کے ناتمام
تہا جب حضرت تشریف لائے تو محل پورا ہو گیا جتنے عمدہ کمالات بشر مین
ممکن تہے وہ حضرت پر ختم ہو گئے اسیواسطے ہماری حضرت خاتم النبیین
ہوئے کوئی کمال باقی نہین رہا جو کوئی پیغمبر حضرت کے بعد آکر اسکا جلوہ کرے ہوتا

فہمکم

# فصل

اس فصل مین وہ حدیثین ہین جن کے سر پر ایا کم ہے

ق ۱۴۴۹ ق ابو سعید ایاکم والجلوس فی الطرقات فقالوا یا رسول اللہ ما لنا من مجالسنا بد نتحدث فیھا فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فاذا ابیتم الا المجلس فاعطوا الطریق حقہ قالوا وما حق الطریق یا رسول اللہ قال غض البصر وکف الاذی ورد السلام والامر بالمعروف والنھی عن المنکر بخاری اور مسلم مین ابو سعید رضی اسہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ بچو راہون کے بیٹھنے سی تو صحابہ نی کہا یا رسول اسہ ہمکو تو راہون کی بیٹھنے سی کوئی چارہ نہین کہ ہم وہان پر بیٹھین بات چیت کرتی ہین سو حضرت نے فرمایا تو اگر تم وہان بغیر نشست کے نہین مانتے تو راہ کا حق ادا کرو صحابہ نی کہا راہ کا کیا حق ہے یا رسول اسہ حضرت نی فرمایا کہ اجنبی عورت اور لوگون کے عیبون سے آنکھ کو نیچے جھکانا اور لوگون کی تکلیف دینی والی چیز کو دور کرنا یعنی اینٹ پتھر کانٹا ہٹانا اور سلام کا جواب دینا اور نیک بات سکھلانا اور بد کام سے روکنا ف یعنے اول تو راہ مین بیٹھنا بہتر نہین اور اگر کچھ ضرورت ہو تو راہ کا حق ادا کرے

ق ۱۴۵۰ ق عقبۃ بن عامر ایاکم والدخول علی النساء فقال رجل من الانصار یا رسول اللہ افرایت الحمو فقال الحمو الموت بخاری اور مسلم مین عقبہ بن عامر رضی اسہ عنہ

روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ بچو عورتون پاس جانے سے ایک انصاری مردنے پوچھا یارسول
اللہ بھلا خاوند کے رشتے دارون کا حال تو بتلائیے کہ یہہ لوگ بھی عورت پاس جاوین
یا بچاوین حضرت نے فرمایا کہ خاوند کے رشتے دارون کا عورت پاس جانا موت ہے
یعنی ہلاکی اور فساد کا سبب ہے ف اس حدیث سے معلوم ہوا کہ خاوند کے رشتے دارون کو
جیسے دیور جیٹھ کو خلوت مین عورت پاس جانا یا بدون شرعی پردے کے عورت کا سامنے

۱۴۵۱ ح آنا درست نہین خ ابو ہریرۃ ایاکم والظن فان الظن اکذب الحدیث
بخاری مین ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ بچو بدگمانی سے اس واسطے کہ بدگمانی بڑی

۱۴۵۲ ق جھوٹی بات ہے یعنی بی تحقیق صرف اپنی گمان پر کسی مسلمان سے بدظن ہونا نہایت بی اصل بات ہے ف
اتق دعوۃ المظلوم وان کان کافرا بخاری اور مسلم مین انس سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ بچو مظلوم کی بددعا سے اگرچہ مظلوم کافر ہو ف یعنی کسی مسلمان

۱۴۵۳ م اور کافر کو ناحق نہ ستاؤ کہ مظلوم کی دعا تیر ہوتی ہے م ابو قتادۃ ایاکم وکثرۃ
الحلف فی البیع فانہ ینفق ثم یمحق مسلم مین ابو قتادہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
کہ بچو زیادہ قسم کھانے سے بیچنے مین اسواسطے کہ قسم بکری کو رواج دیتی ہے پھر برکت کو گھٹاتی
ہے ف یعنی بیچنے والا بار بار جھوٹی قسم اس طرح نہ کھاوے کہ واللہ یہہ چیز اتنے کی ہے
اور فلانا شخص اتنی قیمت مجھکو دیتا تھا مین نے نہ مانا سو فرمایا کہ اسمین ہرچند آدمی

ف ۱۳۵۴ وہو کہا کہا تہے اور چیز کب جاتی ہے لیکن اس سال مین برکت نہین رہتی ف ابوھریرۃ

خ ایاکم والوصال خ ایاکم والوصال بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے

روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ بچ پی در پے اوطے کی دو دن سی صرف بخاری کی روایت مین

یہہ لفظ کررہے یعنی دو بار حضرت نے فرمایا کہ بچ طے کی روز دن سی بچ طے کی روز دن سے

ف وصال اور طی کا روزہ اسکو کہتی ہین کہ دو روز یا زیادہ برابر روزہ رکھے اور بیچ

مین کچھہ بہی نکہا دی معلوم ہوا کہ طی کا روزہ مکروہ ہے اور اگر طاقت نہو تو حرام ہے

م ۱۳۵۵ م ابوھریرۃ ایاک والحلوب فلابی الھیثم بن التیہان مسلم مین

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ بچ دودہ والے جانور کے ذبح کرنے

سے یہہ حضرت نے ابوالہیثم بن تیہان سی فرمایا ف ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت

ایک روز گہر سی نکلے تو صدیق اکبر اور فاروق اعظم کو دیکہا فرمایا تم کس واسطے گہر سے

نکلے ہوا نہون نے کہا کہ بہوکہہ کے سبب حضرت نے فرمایا کہ قسم خدا کی مین بہی اسی واسطے

نکلا ہون پہر حضرت اور اصحاب ابوالہیثم انصاری کی گہر گئے وہ گہر مین نہ تہا انکی جورو نے

حضرت کو کمال خوشی اور نہایت تعظیم سی ایا پہر ابوالہیثم آئے تو حضرت اور اصحاب کو دیکہہ

کہا الحمدللہ کہ آج کے دن تو میری برابر کسی کے گہر ایسے بزرگ مہمان نہین پہر وہ ایک ٹوکرا مین

ترا اور خشک اور کدر کہجور لائے حضرت نے فرمایا کہ کہا ؤ پہر ابوالہیثم نے

چاہا کہ دودھ کے بکری کو ذبح کریں تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی جب حضرت اور اصحاب
آسودہ ہوئے تو صدیق اور فاروق سے کہا کہ خدا کی قسم کہ تم سے اس نعمت کا سوال ہوگا
کہ تم گہر سی بہوکے نکلے تھے سو خدا نے ایسی نعمت کہلائی معلوم ہوا کہ گرسنگی کی حالت میں
بے تکلف دوست کی گھر جانا اور وہاں کہانا درست ہے یہہ سوال میں داخل نہیں حضرت نے
جو دودھ کے جانور کے ذبح سے منع کیا تو بنیادی مصلحت سے فرمایا کہ جسکا فائدہ سردست
موجود ہو اسکا ذبح کرنا مناسب نہیں اور یہہ مطلب نہیں کہ اسکو ذبح کرنا شرع میں حرام ہے

## فصل

اس فصل میں وہ حدیثیں ہیں جن کے سر پر آنا ہے

ق ۱۴۰۶ ق اَلْبَرَاءُ بْنُ عَازِبٍ اَنَا النَّبِیُّ لَا کَذِبْ اَنَا ابْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبْ
اَللّٰھُمَّ نَزِّلْ نَصْرَکَ عَلٰی یَوْمَ حُنَیْنٍ بخاری اور مسلم میں براء بن عازب سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ میں پیغمبر ہوں اسمیں کچھہ جھوٹ نہیں میں عبد المطلب کا
بیٹا ہوں الٰہی اپنی مدد اتار یہہ حضرت نے جنگ حنین کے دن فرمایا تھا کسی شخص نے
براء بن عازب اس حدیث کے راوی سے پوچھا کہ تم اصحاب لوگ جنگ حنین میں کیا بھاگ
گئے تھے تب انہوں نے کہا کہ واللہ حضرت نے ہرگز پیٹھہ نہیں پھیری البتہ لشکر کے
اکلے لوگوں کے قدم اٹھہ گئے تھے اور حضرت سفید خچر پر سوار تھے پھر جب کافروں نے

حضرت کو

حضرت کو نرغہ کرلیا تب حضرت سواری سے نیچے اُترے اور کافروں پر حملہ کرکے یہہ حدیث فرمائی
حضرت نے اس کلام میں باپ دادا کے نام سے فخر نہیں کیا بلکہ اپنے نبوت کی حقیقت ثابت کی
اسواسطے کہ کافروں نے اہل کتاب سے سنا تھا کہ عبدالمطلب کی اولاد میں ایک پیغمبر پیدا ہوگا
جو ملک گیری کریگا م اَنَا اَوَّلُ شَفِیْعٍ فِی الْجَنَّۃِ لَمْ یُصَدَّقْ نَبِیٌّ مِنَ الْاَنْبِیَاءِ ۱۴۵۷ م
مَا صُدِّقْتُ وَاِنَّ مِنَ الْاَنْبِیَاءِ نَبِیًّا مَا یُصَدِّقُہٗ مِنْ اُمَّتِہٖ اِلَّا رَجُلٌ وَاحِدٌ
مسلم میں انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ بہشت میں اول سفارش کرنیوالا میں
ہوں پیغمبروں میں کسی پیغمبر کی تصدیق نہیں ہوئی جتنی میری تصدیق ہوئی اور البتہ پیغمبروں میں بعضا ایسا
بھی پیغمبر ہے جسکی ایک مرد کے سوای اسکی امت میں کوئی تصدیق نکریگا ف یعنی جتنی کثرت سے
میری امت مسلمان ہے اتنی کسی پیغمبر کی نہیں اس واسطے اول میں ہی سفارش کرونگا بہشت میں
سفارش ترقی درجات کی ہوگی ق اَبُوْ ھُرَیْرَۃَ اَنَا اَوْلَی النَّاسِ بِابْنِ مَرْیَمَ الْاَنْبِیَاءِ ۵۹ ق
اَوْلَادُ عَلَّاتٍ وَلَیْسَ بَیْنِیْ وَبَیْنَہٗ نَبِیٌّ بخاری اور مسلم میں ابوہریرہ رضہ سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ میں اور لوگوں کے بہ نسبت قریب تر ہوں عیسیٰ بن مریم سے
پیغمبر سوتیلے بھائی ہیں اور میری اور اسکے درمیان کوئی نبی نہیں ف سب پیغمبروں کا دین
ایک ہے یعنی توحید اور عبادت اور شریعت میں مختلف ہیں تو گویا پیغمبر سوتیلے بھائی
ٹھہرے باپ تو سب کا ایک اور مائیں کئی خلاصہ مطلب حدیث کا یہہ کہ سب سب پیغمبر

نبوت مین برابر ٹہرے تو عیسی کو خاص کرکے خدا کا بیٹا کہنا محض بیجا بات ہے اور یہہ جو
فرمایا کہ مین عیسی سی قریب ترہون میری اور اسکے درمیان کوئی پیغمبر نہین یعنی یہود عیسی کے
پیغمبری کے منکر تہے حضرت انکی حقیقت کے گواہ ہوئے چنانچہ عیسی نے یوحنا کی انجیل مین ہمارے
حضرت کی بشارت مین کہا ہے کہ میری بعد فارقلیط آویگا میری حقیقت کا گواہ ہوگا ق

ق ۴۵۹ أَبُو هُرَيْرَةَ أَنَا أَوْلَى بِالْمُؤْمِنِينَ مِنْ أَنْفُسِهِمْ فَمَنْ تُوُفِّيَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ
فَتَرَكَ دَيْنًا فَعَلَيَّ قَضَاؤُهُ وَمَنْ تَرَكَ مَالًا فَلِوَرَثَتِهِ بخاری اور مسلم مین
ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مین قریب تر مسلمانون سی ہون اُنکے ذاتون سے
زیادہ موجو کوئی مسلمانون مین سی میری اور اپنے اوپر قرض چہوڑجا دی تو اسکا ادا کرنا
مجہپر لازم ہے اور جو مال چہوڑی تو اسکے وارثون کا حق ہے ف ابوہریرہ سے روایت ہے
کہ حضرت کا ابتداء اسلام مین یہہ معمول تہا کہ جب کوئی جنازہ آتا تو حضرت پوچہتے کہ اسنے
اپنے قرضدار ہونے کا کچہہ مال چہوڑا ہے سو اگر معلوم ہوتا کہ قرضدار ہونے کا ہٹکا نہ ہے تو
حضرت اُسکے جنازہ کی نماز پڑہتے اور اگر قرضدار ہونے کی کوئی صورت نہوتی تو خود نماز نہ پڑہتے
اور مسلمانون سے نماز پڑہنے کو فرماتے پہر جب اسلام کی فتح ہوئی اور بیت المال مین مال
جمع ہوا تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی قرضدار پر حضرت شاید اس واسطے کہ نماز نہ پڑہتے
کہ لوگ قرض سے ڈرین اور جو کہ قرضدار ہون وہ قرضدار کرنے مین غفلت نکرین ہ ابوہریرۃ

م ۴۶۰

آنا

أَنَا سَيِّدُ وُلْدِ آدَمَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَأَوَّلُ مَنْ يَنْشَقُّ عَنْهُ الْقَبْرُ وَأَوَّلُ
مُشَفَّعٍ مسلم مین ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سی روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ مین آدم کے
اولاد کا سردار ہون قیامت کی دن اور قبر پھٹنی والون مین پہلا مین ہون اور مقبول
الشفاعت پہلا مین ہون ف یعنی حشر مین قبرین پھٹ کر مردے زندہ ہوکے نکلینگے
سو اول میری قبر پھٹیگی اور اول میری شفاعت قبول ہوگی بعد اسکے اور پیغمبرون کی یوحنا کی
انجیل مین عیسی نی ہماری حضرت کی سرداری کی یون کو اہی دی ہے کہ اب مین زیادہ
کھنکو تم سی نہین کرتا اس واسطے کہ اس جہان کا سردار آتا ہے یعنی میری بعد خاتم الانبیا
آتا ہے وہ تم کو سب کچھ تعلیم کریگا میری تعلیم کی اب حاجت نہین اور یہہ جو فرمایا کہ مین قیامت
مین بنی آدم کا سردار ہون سو ہرچند حضرت دنیا اور آخرت دونون عالم مین بنی آدم کے
سردار اور افضل البشر ہین لیکن دنیا مین کافرون کو اسکا یقین نہین اور قیامت مین جب کہ
تمام خلق مصیبت مین گرفتار ہوگی اور پیغمبر بھی خوف الہی سی شفاعت نکر سکینگے اسوقت
ہماری حضرت کی شفاعت مقبول ہوگی تو ہر ایک مسلم اور کافر پر حضرت کی سرداری اور
افضلیت صاف ظاہر ہوجاویگی ۶۱ر جَابِرٍ أَنَا شَهِيدٌ عَلَى هٰؤُلَاءِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ
یعنی قتلی اُحد مسلم مین جابر رضی سی روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ مین اپنی گواہ ہونگا
قیامت کی دن یعنی جنگ احد کے شہیدون پر ف جنگ احد مین ستر اصحاب

شہید ہوئے حضرت دو دو لاشوں کو ایک ایک قبر میں دفن کرتے تھے اور فرماتے تھے کہ جو زیادہ قرآن خوان ہو اسکو قبلے کی طرف مقدم کرو پھر یہ حدیث فرمائی یعنی انکی خالص شہادت کا گواہ ہوں ق جریر انا فرطکم علی الحوض بخاری اور مسلم میں جریر رضی سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ میں تمہارا پیشوا اور پیشرو ہوں حوض کوثر پر م ابو موسیٰ انا محمد واحمد والمقفی والحاشر ونبی التوبۃ ونبی المرحمۃ وانی اطراف ابی مسعود ونبی الرحمۃ ونبی الملحمۃ ولم یذکر ونبی التوبۃ مسلم میں ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ میں محمد ہوں اور احمد ہوں اور مقفی ہوں اور حاشر ہوں اور نبی التوبہ ہوں اور نبی المرحمت ہوں اور اطراف ابی مسعود میں یوں روایت ہے کہ نبی الرحمۃ اور نبی الملحمۃ ہوں اور اسمیں نبی التوبہ کی ذکر نہیں حضرت نے اس حدیث میں اپنے نام اور صفات ذکر کئے محمد کے معنی بہت سراہا اور احمد کے معنے سب مخلوقات سے زیادہ تر تعریف کی لائق اور مقفی کے معنے سب پیغمبروں کے بعد آنیوالا اور حاشر یعنی سب حشر آپکے قدم پر ہوگا اور نبی التوبہ یعنی ایسا پیغمبر کہ اسکے ہاتھ پر بہت شمار لوگوں نے توبہ کی اور اسکی امت کی توبہ مقبول ہے اور نبی المرحمت یعنی ایسا پیغمبر جسکے شرع کے احکام میں کچھ سختی اور تنگی نہیں سراسر رحمت ہے اور نبی الملحمۃ یعنی جنگ کا پیغمبر کہ تلوار سی دین کو عالم میں پھیلا دی اطراف ابی مسعود ایک کتاب کا نام ہے جسکو ابراہیم بن محمد دمشقی نے

کہ حدیث کے بڑی حافظ ہے تصنیف کیا نصاریٰ ہند ہین مسلمانون پر اعتراض کرتے
ہین کہ تمہاری پیغمبر نے تلوار کی زور سے اسلام کو پھیلایا اور آدمیون کو قتل کیا حالانکہ خونریزی
درست نہین کسی پیغمبر نے خونریزی نہین کی اسکا جواب یہہ ہے کہ باتفاق عقلا ظلم اور کفر نہایت
بدچیز ہے اور عدل اور ایمان عمدہ چیز ہے پھر جب ظالم اور کافر اپنے ظلم اور کفر کو نہچھوڑے
اور حق بات کو کسی طرح نہ سمجھی تو اسکا قتل کرنا عقل کے نزدیک معیوب نہین تاکہ اور
لوگ اسکی صحبت سے خراب نہون چنانچہ اگر آدمی کا ہاتھ سڑ جاوے تو اسکا کاٹ ڈالنا بہتر ہے
تاکہ باقی اعضا سڑنے سے بچین علاوہ اسکے توریت اور زبور کو نصاریٰ حق جانتی ہین
حالانکہ توریت مین جہاد کا صاف حکم موجود ہے حضرت موسیٰ اور حضرت یوشع اور حضرت داود کا
جہاد عالم مین مشہور ہے جسکو سنکر ہو توریت مین دیکھ لے بلکہ زبور کی ۱۵ فصل مین
ہماری حضرت کی بشارت مین داود علیہ السلام نے یون فرمایا کہ ای پہلوان تو جاہ و جلال
سے اپنی تلوار حمائل کرکے ران پر لٹکا عدالت پر سوار ہو تیرا داہنا ہاتھ تجھی ہیبتناک کام
دکھلاویگا اور زبور کی ۴۵ فصل مین حضرت کے حق مین خدا یون فرماتا ہے کہ وہ میری بندون مین
صداقت ہی حکم کریگا محتاجون کو بچاویگا ظالمون کو ٹکڑے ٹکڑے کریگا جب تک آفتاب
باقی رہے گا اسکا دین اور مہارکی اور اسکا نام باقی رہے گا فقط ان دونو دلیلون سے
صاف معلوم ہوا کہ جہاد کرنا عمدہ کام ہے خدا کو پسند ہے اگرچہ نصاریٰ کو ناپسند ہو

اور یہہ جو نصاری کہتے ہین کہ یہہ دونو بشارتین عیسی علیہ السلام کے حق مین ہین سو صاف غلط ہے اسواسطے کہ حضرت عیسی نے کب تلوار پکڑی اور کس کافر کو مارا اُن پر پہلوان اور مجاہد صادق نہین آتا بلکہ دونون بشارتین ہماری حضرت کی نبوت پر صاف دلیل ہین

م ۱۴۶۴ سَهْلُ ابْنُ سَعْدٍ اَنَا وَكَافِلُ الْيَتِيْمِ كَهَاتَيْنِ فِي الْجَنَّةِ وَاَشَارَ بِاُصْبُعَيْهِ وَالْوُسْطٰى رَوَاهُ مُسْلِمٌ سہل ابن سعد سے مسلم مین سعد بن سعد سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مین اور یتیم کا مہتمم کار اور پرورش کرنیوالا بہشت مین ایسے ہین جیسے یہہ دونو انگلیان اور حضرت نے اشارہ کیا کلمہ کی انگلی اور بیچ کی انگلی کی طرف ف یعنے یتیم کی پرورش کرنیوالے اور اسکے مال کی حفاظت کرنیوالے کا بہشت مین اتنا درجہ بلند ہے کہ میری درجہ سے اتصال ہے جیسے آپس مین ان دو انگلیون کو

## فصل

اس فصل مین وہ حدیثین ہین جن کے سر پر اسم فصل ہے

ق ۱۴۶۵ عَائِشَةُ دُوْنَكُمْ يَا بَنِيْ اَرْفِدَةَ قَالَهُ يَوْمَ عِيْدٍ لِلسُّوْدَانِ وَكَانُوْا يَلْعَبُوْنَ بِالدَّرَقَةِ وَالْحِرَابِ بخاری اور مسلم مین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ لو اپنی ڈھال اور برچھیون کو ای ارفدہ کی اولاد یہہ حضرت نے عید کے دن حبشیون سے کہا اور وہ کھیل رہے تھے ڈھال اور برچھیون سے ف ارفدہ حبش کے

جد کا نام ہے جسکی وہ سب اولاد ہین روایت ہے کہ عید کی دن حضرت عائشہ کی گھر مین حضرت
اور حبشی مسجد کی صحن مین ڈھال اور برچھیون سی کرت کرتے تھے تب حضرت نی یہہ حدیث فرمائی
حضرت نی اِس کھیل کو اِس واسطے دیکھا کہ یہہ جہاد کا وسیلہ ہے جیسی ہیری گیکی کی کرت
خصوصا ایسی مباحات کا عید کی دن کچھہ مضائقہ نہین کہ مزید سرور کا سبب ہے ق عَائِشَ
ق ۶۶ عَلَى رِسْلِكَ فَإِنِّي أَرْجُو أَنْ يُؤْذَنَ لِي قَالَ أَبُو بَكْرٍ قَبْلَ الْهِجْرَةِ بخاری
اور مسلم مین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سی روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ جلدی نکر ٹہر جا اسواسطے
کہ مین امید رکھتا ہون کہ مجھکو بہی ہجرت کی اجازت ہوا چاہتی ہے یہہ حضرت نی ابی بکر صدیق
رضی اللہ عنہ سی کہا ہجرت سے پہلے سب اصحاب مدینی کی طرف ہجرت کر گئے صدیق اکبر نی بہی
حضرت سی ہجرت کی اجازت مانگی تب حضرت نی یہہ حدیث فرمائی پہر صدیق اکبر حضرت کے ساتہہ
لیے منتظر رہے جب حضرت کو ہجرت کی اجازت ہوئی تو حضرت کے ہمراہ مدینی مین آئے اِس
حدیث سے نہایت فضیلت صدیق اکبر کی ثابت ہوئی کہ حضرت نی اپنی رفاقت کے واسطے صدیق
ق ۶۷ اکبر کے سوای کسی کو نہ ٹہرایا ق صَفِيَّةُ بِنْتُ حُيَيٍّ عَلَى رِسْلِكُمَا إِنَّهَا صَفِيَّةُ بِنْتُ
حُيَيٍّ بخاری اور مسلم مین صفیہ بنت حیی سی روایت ہے کہ حضرت نے دو انصاری مردسے فرمایا کہ جلدی نکرو
ٹہر جاؤ البتہ یہہ عورت صفیہ بنت حیی ہے ف صحیح بخاری مین پوری روایت
یون ہے کہ حضرت صفیہ حضرت کی بی بی مسجد مین حضرت کی ملاقات کو آئین اور حضرت

رمضان مین اعتکاف بیٹھے تھے حضرت سی بات چیت کرتی رہین رات زیادہ گئی حضرت
انکو پہنچانے چلے راہ مین دو انصاری مرد ملے تب حضرت نی اُن سی یہہ حدیث
فرمائی یعنی یہہ میری بی بی ہے اور کوئی اجنبی عورت نہین بدگمان مت ہونا انصاریون نے
کہا کہ سبحان اللہ یا رسول اللہ آپ کی ذات مین بدگمانی کا کیا دخل ہے حضرت نے فرمایا کہ انسان کے
بدن مین شیطان اس طرح پھرتا ہے جیسے خون مین ڈرا کہ تمہاری دلمین کچھہ بدگمانی ڈالے
اس حدیث سی معلوم ہوا کہ آدمی تہمت کے مکانون سے بچے اور اگر ایسے مقام مین
مبتلا ہو تو اپنی صفائی لوگون مین ظاہر کردیوے تاکہ لوک بدگمانی مین گرفتار رہون ق ۱۴۶۸

أَبُو مُوسَى عَلَى رِسْلِكُمْ أَعْلِمُكُمْ وَأَبْشِرُوا إِنَّ مِنْ نِعْمَةِ اللهِ عَلَيْكُمْ
أَنَّهُ لَيْسَ أَحَدٌ مِنَ النَّاسِ يُصَلِّي هٰذِهِ السَّاعَةَ غَيْرُكُمْ أَوْ قَالَ مَا صَلَّى
هٰذِهِ السَّاعَةَ أَحَدٌ غَيْرُكُمْ قَالَهُ حِينَ أَعْتَمَ بِالصَّلٰوةِ بخاری اور مسلم مین ابو موسے
رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ جلدی نکرو ٹہرو مین تمکو سکھلاتا ہون اور
خوشخبری سناتا ہون کہ البتہ خدا کا تم پر احسان ہے کہ تمہارے سوے کوئی ایسا آدمی
نہین جسنے اس گھڑی نماز پڑھی ہو یا یون حضرت نی فرمایا کہ تمہارے سوے اس گھڑی مین
کسنے نماز نہین پڑھی یہہ حضرت نے اسوقت فرمایا جب زیادہ رات گئے عشا کی نماز پڑھی
ف ایک بار حضرت نے آدھی رات کے نماز پڑھی اور یہہ حدیث فرمائی یعنے خدا کا

تمہیر احسان ہے کہ اسوقتکی عبادت تمہاری ہی واسطے خاص کی اور آدمی عبادت میں اسوقت
تمہاری شریک نہیں م ۱۴۶۹ ابو ہریرۃ علیک السمع والطاعۃ فی عسرک ویسرک
ومنشطک ومکرھک واثرۃ علیک سلم میں ابو ہریرہ رضی سے روایت ہے
کہ حضرت نی فرمایا کہ اپنے اوپر لازم جان امام کی بات سننا اور اطاعت کرنا اپنی سختی اور آسانی میں
اور اپنی خوشی اور ناخوشی میں اور اپنی اوپر غیر کی تقدیم میں ف یعنی حاکم جو حکم کرے اسکی اطاعت
واجب ہے خواہ وہ کام تجھپر سخت ہو یا آسان تو خوش ہو یا ناخوش اور اُس حال میں بھی کہ حاکم تیرے
اوپر غیر کو بدون اسکی حقیت کے مقدم کرے غیر کو دیوی تجھکو نہ دیوی لیکن گناہ میں اطاعت
حاکم کی نہیں م ۱۴۷۰ ثوبان علیک بکثرۃ السجود للہ فانک لن تسجد للہ
سجدۃ الا رفعک اللہ بھا درجۃ وحط عنک بھا خطیئۃ قال
سلم میں ثوبان رضی اسہ عنہ سی روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا اپنے اوپر لازم جان سجدون کی کثرت
اسواسطے کہ کبھی تو ایسا سجدہ نکریگا کہ خدا اسکے اسکے سبب سے تیرا درجہ بلند کرے اور اسکے
سبب سے تیرا گناہ نہ ہٹا دی یہہ حضرت نی ثوبان سی فرمایا ف ثوبان حضرت کے پیچھے
اُنہون نی حضرت سے پوچھا کہ یا حضرت مجھکو وہ کام بتلائے جو مجھکو بہشتمیں لیجاوی تب حضرت نی
یہہ حدیث فرمائی م ۱۴۷۱ جابر علیکم بالاسود فانہ شیطان
یعنی الکلب سلم میں جابر رضی اسہ عنہ سی روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ اپنے اوپر لازم

جانوکالے بھجنگ کتی کا قتل کرنا جسکے لکھون پر دو سفید داغ ہون کہ وہ شیطان ہے یعنی موذی ہے ف مصابیح مین جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نبی اول کتون کے قتل کا حکم کیا یہان تک کہ ایک عورت جنگل سے آئی تھی اسکے ساتھ ایک کتا تھا وہ بھی قتل ہوا پھر حضرت نبی کتون کا مارنا منع کیا اور یہہ حدیث فرمائی ف جَابِرٌ عَلَيْكُمْ بِالْأَسْوَدِ مِنْهُ فَإِنَّهُ طَيِّبٌ قَالَ جَابِرٌ فَقُلْتُ أَكُنْتَ تَرْعَى الْغَنَمَ قَالَ نَعَمْ وَهَلْ مِنْ نَبِيٍّ إِلَّا رَعَاهَا بخاری اور مسلم مین جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نبی فرمایا اپنے اوپر لازم جانو کالا بھجنگ کتا کہ وہ ہنسا اور خوشبودار ہے جابر نے کہا پھر مین نبی حضرت سے کہا کہ کیا آپ بھی بکریان چراتے تھے حضرت نے فرمایا کہ ہان اور کوئی بھی ایسا پیغمبر ہے جسنے بکریان نہین چرائین ف جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم حضرت کی ساتھ ایک منزل مین اترے اور ہم وہان پیلو کے پھل چن چن کر کھاتے تھے تب حضرت نبی یہہ حدیث فرمائی یعنے پکے پھل کھاؤ اور پیغمبرون نبی بکریان اول اس واسطے چرائیان تو امت کا انتظام کرسکین ف أَبُو هُرَيْرَةَ عَلَيْكُمْ مِنَ الْأَعْمَالِ بِمَا تُطِيقُونَ فَإِنَّ اللَّهَ لَا يَمَلُّ حَتَّى تَمَلُّوا مسلم مین ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نبی فرمایا اپنے اوپر ویسے عمل لازم پکڑو جو تم کرسکو اسواسطے کہ خدا کو ملال اور ماندگی نہین ہوتی یہان تک کہ تم تھک جاؤ ف حضرت عائشہ سے بخاری مین روایت ہے ہمارے یہان ایک عورت آئی تھی اسنے ایک رسی

لڑکائی تھی رات بھر نہ سوتی تھی جب نیند کا غلبہ ہوتا تو اسکو پکڑ لیتے حضرت گھر میں آئے تو
رسی کا حال پوچھا تو میں نے اُس عورت کا حال تبلایا تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنے
نفل عبادت جبھی تک بہتر ہے کہ خوشی سے ادا ہو اُسمیں جی لگے کہ خدا ثواب اور رحمت کو
نہیں کاٹتا جب تک تمکو ملال اور ماندگی عبادت میں نہو خ عَائِشَةُ مَهْلًا يَا عَائِشَةُ ۱۴۷۴ خ
عَلَيْكِ بِالرِّفْقِ وَاِيَّاكِ وَالْعُنْفَ وَالْمَحْشَ بخاری میں حضرت عائشہ سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا اے عائشہ اپنے اوپر نرمی اختیار کر اور بیچ سختی اور بد کوئی سے
ف اس حدیث کا قصہ دوسرے باب میں گذرا کہ یہودیوں نے حضرت کو ساتھ حضرت عائشہ نے
بھی عوض میں سخت کہا تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی

## فصل

اس فصل میں وہ حدیثیں ہیں کہ جنکے سر پر لام ہے
ق جَابِرٌ لَكَ الثَّمَنُ وَلَكَ الْجَمَلُ وَلَكَ الثَّمَنُ وَلَكَ الْجَمَلُ قَالَ لَهُ بخاری اور مسلم میں ۱۴۷۵ ق
جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تیری ہی قیمت ہے اور تیرا ہی اونٹ ہے تیری ہی
قیمت ہے اور تیرا ہی اونٹ ہے یہہ حضرت نے جابر سے کہا ف حضرت نے جابر سے اونٹ مول لیا تھا پھر
انکو قیمت اور اونٹ دونوں بخشے پھر یہہ حدیث فرمائی م اَبُو مَسْعُوْدٍ عُقْبَةُ ۱۴۷۶ م
بْنُ عَمْرٍو الْاَنْصَارِيُّ لَكَ بِهَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ سَبْعُ مِائَةِ نَاقَةٍ كُلُّهَا

مَخْتُومَةٌ فَقَالَ لِرَجُلٍ جَاءَ بِنَاقَةٍ مَخْتُومَةٍ فَقَالَ هٰذَا فِي سَبِيلِ
اللّٰهِ سلم مین ابو مسعود سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تجھکو اس اونٹنی کے عوض سو
اونٹنیان نکیل والیان قیامت مین ملینگی یہہ حضرت نے اُس مرد سے کہا جو ایک نکیل والی
اونٹنی لایا پھر اُس نے کہا کہ یہہ را ۔ خدا مین نذر ہے م جَابِرٌ لِكُلِّ دَاءٍ دَوَاءٌ ٧٧ م
فَإِذَا أُصِيبَ دَوَاءُ الدَّاءِ بَرَأَ بِإِذْنِ اللّٰهِ سلم مین جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ ہر بیماری کی ایک دوا ہے پھر جب وہ دوا بیماری کو پہنچے تو خدا کے حکم
سے صحت حاصل ہوتی ہے ف یعنی حقیقت مین ہر ایک بیماری کی دوا علم الٰہی مین ٹھہر
چکی ہے گو اطبا کو نہ معلوم ہو پھر فرمایا کہ باوجودی کہ ہر بیماری کی دوا ہے لیکن وہ دوا
اپنی تاثیر مین مستقل نہین حکیم مطلق کے حکم کی محتاج ہے یہی سبب ہے کہ سو بار آزمائی دوا
بعضی جگہہ مطلق اثر نہین کرتی ق ابْنُ مَسْعُودٍ وَاتَنْ لِكُلِّ غَادِرٍ لِوَاءٌ ١٤٧٨ ق
يَوْمَ الْقِيٰمَةِ بِقَدْرِ غَدْرَتِهِ بخاری اور سلم مین عبداللہ بن مسعود اور انس سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا ہر ایک عہد شکن قول توڑنے والیکا ایک جھنڈا ہوگا قیامت کے
دن بقدر اسکے عہد شکنی کے ف جھنڈی سے مطلب یہہ کہ فضیحت ہو قیامت
یہہ ق اَبُوهُرَيْرَةَ لِكُلِّ نَبِيٍّ دَعْوَةٌ يَدْعُوهَا فَأُرِيدُ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ ١٤٧٩ ق
أَنْ أَخْتَبِئَ دَعْوَتِي شَفَاعَةً لِأُمَّتِي يَوْمَ الْقِيٰمَةِ بخاری اور سلم مین

ابو ہریرہ

ابو ہریرہ رضہ سے کہ حضرت نے فرمایا کہ ہر ایک پیغمبر کی ایک مقبول دعا ہوتی ہے
کہ اسکو وہ مانگتا ہے اور مین چاہتا ہون انشاء اللہ کہ ذخیرہ کر رکھون اپنی
مقبول دعا کو اپنی امت کے شفاعت کے لئے قیامت کی دن ف ہر چند
پیغمبرون کی بہت دعائین مقبول ہوتی ہین لیکن انکے نزدیک یقینی مقبول دعا
ایک ہی ہوتی ہے اور باقی مین امید ہوتی ہے یقین نہین سو حضرت نے فرمایا کہ مین نے
اپنی یقینی مقبول دعا کو اپنی امت کے واسطے رکھ چھوڑا کہ قیامت کی کٹھن مین
انکے کام آوی اس حدیث سے بیحد شفقت حضرت کی اپنی امت پر ظاہر
ہوئی شعر اے مسلمانون کرو شکر خدا تمنی پایا مصطفے سا پیشوا
دیکھو کیا تم پر ہے رحم مصطفا ہول محشر کا ہی سامان کر گیا تمکو اب
لازم ہے اسکی پیروی دور کر دو بدعتون کی گمراہی خ مَعْنُ بْنُ یَزِیْدَ
لَکَ مَا نَوَیْتَ یَا یَزِیْدُ وَلَکَ مَا اَخَذْتَ یَا مَعْنُ بخاری مین ۸ ۱۴ ح
معن بن یزید سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تجھکو ہو چکا جو تو نے نیت کی
اے یزید اور تیرا ہو چکا جو تو نے پایا اے معن ف یزید نے زکوۃ کا
مال اپنے وکیل کو دیا کہ کسی محتاج کو دیوی وکیل نے نادانستہ یزید کے
بیٹے معن کو بازار مین دیا جب یزید کو یہہ حال معلوم ہوا تب اپنے بیٹے کو

حضرت پاس لے گیا اور یہہ حال کہا تب حضرت نی یہہ حدیث فرمائی یعنے
تیرے اوپر سے زکوۃ ادا ہو گئی اور اُسکو لینا درست ہو گیا نادانستگی
سبب سے اور یہی مذہب ہے امام اعظم اور امام محمد کا کہ اگر تاریکی مین باپ بیٹے کو
زکوۃ دیوے نادانستگی سے تو زکوۃ ادا ہو جاتی ہے دوبارہ زکوۃ دینا
ضرور نہین خ عَائِشَةُ لٰكِنَّ اَفْضَلَ الْجِهَادِ حَجٌّ مَبْرُوْرٌ ۱۴۸۲ خ
بخاری مین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ لیکن افضل جہاد مقبول حج ہے ف بخاری مین روایت ہے کہ
حضرت عائشہ نی حضرت سی کہا کہ یا رسول اللہ کہ ہم جہاد کو افضل عبادت
دیکھتے ہین اگر فرمائے تو ہم بھی جہاد کرین تب حضرت نی یہہ حدیث فرمائی
یعنے عورتون پر جہاد فرض نہین انکے حق مین مقبول حج جہاد کے برابر ہے
مقبول حج وہ ہے جسمین گناہ نہین ف اَبُوْهُرَيْرَةَ لِلْعَبْدِ الْمَمْلُوْكِ ۱۴۸۳ ف
الْمُصْلِحِ اَجْرَانِ بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
کہ غلام نیکوکار کو دو ثواب ہین ف یعنے ایک ثواب خدا کی عبادت کا
اور دوسرا ثواب مالک کی اطاعت کا م اَبُوْهُرَيْرَةَ لِلْمَمْلُوْكِ ۱۴۸۴ م
طَعَامُهُ وَكِسْوَتُهُ وَلَا يُكَلَّفُ مِنَ الْعَمَلِ اِلَّا مَا يُطِيْقُ

مسلم مین

۴۸۵ ق

مسلم مین ابوہریرہ رضہ سے ملتہ سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا غلام کا کہانا اور کپڑا میان پر واجب ہے اور اس سے کام نہ کروائے مگر جتنی طاقت ہو ق جُبَیْرُ بْنُ مُطْعِمٍ لِیْ خَمْسَۃُ اَسْمَاءٍ اَنَا مُحَمَّدٌ وَاَحْمَدُ وَاَنَا الْمَاحِیْ الَّذِیْ یَمْحُو اللّٰہُ بِیَ الْکُفْرَ وَاَنَا الْحَاشِرُ الَّذِیْ یُحْشَرُ النَّاسُ عَلٰی قَدَمِیْ وَاَنَا الْعَاقِبُ بخاری اور مسلم مین جبیر بن مطعم سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ میرے پانچ نام ہین مین محمد ہون اور احمد ہون اور مین ماحی ہون کہ خدا میرے سبب سے کفر کو مٹاتا ہے اور مین حاشر ہون کہ میرے قدم پر لوگون کا حشر ہو گا اور مین عاقب ہون یعنے پچھلا پیغمبر ہون

## فصل

اس فصل مین وہ حدیثین ہین جنکے سر پر لم یا لن کی لفظ ہے

۴۸۶ خ

خ اَبُوْ ھُرَیْرَۃَ لَمْ یَبْقَ مِنَ النُّبُوَّۃِ اِلَّا الْمُبَشِّرَاتُ قَالُوْا وَمَا الْمُبَشِّرَاتُ قَالَ الرُّؤْیَا الصَّالِحَۃُ بخاری مین ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ نہ باقی رہی پیغمبری سے سوای بشارت دینے والی چیزون کے اصحابنے کہا بشارت دینے والی کون چیزین ہین حضرت نے فرمایا کہ ٹھیک خواب ف نبوت کا علم غیب سے آتا ہے سو فرمایا کہ غیب سے علم آنے کا سوائے سچے خوابکے اب

۴۸۷ ق

کوئی طریقہ نرہا اسواسطے کہ نبوت ختم ہوگئی ق اَبُوْ هُرَيْرَةَ لَمْ يَتَكَلَّمْ فِي الْمَهْدِ اِلَّا ثَلٰثَةٌ عِيْسَى بْنُ مَرْيَمَ وَ صَاحِبُ جُرَيْجٍ وَ بَيْنَا صَبِيٌّ يَّرْضَعُ بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نبی فرمایا کہ نہ لڑکا جھولے اور گود مین بولا سوای تین لڑکون کے ایک عیسی بن مریم دوسرا جریج والا لڑکا اور تیسرا لڑکا اُس حالت مین کہ دودہ پیتا جاتا تھا ف یعنے شیرخوارگی کی حالت مین ان تین کے سوای کوئی بچہ نہین بولا حضرت عیسی کا بولنا تو قرآن مین مذکور ہے کہ حضرت مریم کی پاکدامنی انکے کلام سے ثابت ہوئی اور جریج والے لڑکے کا قصہ یہہ ہے کہ بنی اسرائیل مین جریج ایک عابد تھا عبادتخانے مین نماز پڑھتا تھا کہ اسکی ماں وہان آئی اُسنے جُریج کو پکارا جُریج نماز کے سبب نہ بولا نماز مین مشغول رہا اُسکی ماں پلٹ گئی دوسرے دن پھر اسکی ماں اسکے پاس آئی تو بھی وہ نماز مین تھا اسکے پکارنے سے نہ بولا تو اسکی ماں نے یون دعا دی کہ الٰہی یہہ نہ مرے جبتک حرام کار کسبیونکا مُنہہ نہ دیکھہ لیوے بنی اسرائیل مین جریج کی عبادت کا بہت چرچا ہوا ایک حرام کار رنڈی تھی جسکا حسن مشہور تھا اُسنے کہا کہ دیکھو مین جریج کو ڈگاتی ہون اور اسکا تقوی طہارت سب کھوتی ہون سو وہ عورت بدکار اسکے روبرو گئی اُسنے اسکی طرف کچھہ دھیان بھی نہ کیا تو وہ ایک چرانے والے پاس گئی

جو جریج

جریج کے عبادتخانہ پاس چرایا کرتا تہا سو اُسنی اُسسے بدکاری کی جب لڑکا پیدا ہوا
تو اُس بدکار عورت نی کہا کہ یہہ جریج کا لڑکا ہے پہر تو سب بنی اسرائیل جریج سے
بداعتقاد ہوگئے اُسکو عبادتخانے سی نکال لائے اور عبادتخانہ کرا دیا اور اُسپر مار
پڑنے لگی جریج نی کہا تمکو کیا ہوا جو مجھکو مارتے ہو لوگون نی کہا تو نی اِس کسبی سے
بدکاری کی تیرا لڑکا جنی ہے جریج نی کہا وہ لڑکا کہان ہے تو لوگ اُسکو سامنے
لائے جریج نی کہا اب مجھکو چہوڑو نماز پڑھنے دو پہر نماز پڑھکے لڑکے پاس آیا
اور اُسکے پیٹ مین انگلی گڑا کے کہا کہ اے لڑکے بول کہ تیرا باپ کون ہے لڑکا بولا
کہ میرا باپ فلانا چرانے والا ہے پہر تو سب لوک جریج کو چومنے چاٹنے لگے اور
کہا کہ ہم تیرا عبادتخانہ سونی کا بناوین جریج نے کہا کہ کچھہ اسکی حاجت نہین جیسا مٹی کا
تہا ویسا ہی بنا دو سو اسی طرح بنا دیا اور شیرخوار لڑکیکا قصہ مجمل یہہ ہے کہ اسکی
مانے کہوڑے پر سوار ایک مرد کو دیکہا تو کہا کہ الٰہی میرے لڑکے کو ایسا کرنا اُس
لڑکے نی دودہ پینا چہوڑ دیا اور کہا کہ الٰہی مجکو ایسا کرنا پہر اسکی مانے ایک عورت کو دیکہا کہ اسکو
چوری اور حرام کاری کی علت مین مارتی تہے اُسنی کہا کہ الٰہی میری لڑکے کو ایسا نکرنا لڑکے نی دودہ پینا
چہوڑکے کہا کہ الٰہی مجکو ایسا ہی کرنا پہر لڑکے نی کہا کہ وہ سوار ظالم تہا اور یہہ عورت محض بی
قصور ہے اِس واسطی مین نی تیرے خلاف دعا کی ھر اَبُوْھُرَیْرَۃَ لَمْ یَکْذِبْ اِبْرَاھِیْمَ ۱۴۸۷ ھ

النبی الا ثلث کذبات تنتین منی فی ذات اللہ قولہ انی سقیم و
قولہ بل فعلہ کبیرہم ھذا و واحدۃ فی شان سارۃ بخاری اور
مسلم میں ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ابراہیم پیغمبر کبھی ایسی بات نہیں بولے
جو حقیقت میں سچی ہو اور ظاہر میں جھوٹی ہو سوای تین بات کے دو تو خدا کے مقدمی ہیں
یہ اُنکا یہ قول کہ میں بیمار ہوں اور دوسرا یہ قول بلکہ انکے اُس بڑے نے کیا اور
ایک بات سارہ کے حق میں ف حضرت ابراہیم کی قوم ستارہ پرست اور بت پرست
تھی سو اُنکی عید کا جب دن آیا تو اُنہوں نے چاہا کہ حضرت ابراہیم کو لیجا دیں حضرت
ابراہیم نے بموجب اُنکے اعتقاد کے اپنے بچانے کا حیلہ اٹھایا ستاروں کو دیکھ کر
فرمایا کہ میں بیمار ہوں یعنی بموجب تمہاری اعتقاد کے کروش آسمانی اسکو چاہتی ہے
کہ میں بیمار ہو گیا یا دلی رنج کو بیماری کہا اور جب انکی قوم عید میں شہر کے باہر گئے
تو بتخانے میں جا کر سب بتوں کو توڑا اور ہتوڑا بڑے بت کے کندھے پر رکھ دیا جب
قوم نے پوچھا کہ بتوں کو کس نے توڑا تو حضرت ابراہیم نے کہا کہ اس بڑی بت نے توڑا
جو کندھے پر ہتوڑا رکھے ہے تو وہ شرمندہ ہوئے اپنی بت پرستی کی حماقت پر
وہ لوگ بڑے بت کی نہایت تعظیم اور عبادت کرتے تھے اسی سبب سے حضرت
ابراہیم نے بت شکنی کی تو گویا وہی بت توڑنے کا سبب ہوا اس واسطے حضرت ابراہیم نے

اسکی طرف توجہ کرنے کی نسبت کی اور جب حضرت ابراہیم ملک عراق سے ہجرت کرکے
شام کے ملک میں گئے تو وہان کے بادشاہ کا معمول تہا کہ خوبصورت عورت کو جہین
پاتا اور اُسکے خاوند کو مار ڈالتا اور اگر بہائی ہوتا تو اسکو نہ مارتا یہہ حضرت ابراہیم نے
اپنی بی بی سارا کو جو نہایت خوبصورت تہین فرمایا کہ اگر بادشاہ تجھکو بلا وے
اور مجھکو پوچھے تو یون کہیو کہ یہہ شخص میرا بہائی یعنی دینی بہائی ہے تو تینون باتین
حقیقت مین سچ تہین اور ظاہر مین جہوٹ ف ابو ہریرہ لم یکذب ابراہیم الا ثلث کذبات منہ
ثنتین فی ذات اللہ قولہ انی سقیم و قولہ بل فعلہ کبیرہم ہذا و قال بینما ابراہیم
ف ۱۴۸۸ علیہ السلام و سارۃ اذ اتی علی جبار فقیل لہ ان ہہنا رجلا معہ امرأۃ من احسن
الناس فارسل الیہ فسألہ عنہا فقال من ہذہ منک قال اختی فاتی سارۃ قال لا تکذبی
حدیثی فانی اخبرتہم انک اختی واللہ ان علی الارض مؤمنۃ غیری وغیرک فاتی
ابراہیم فقال مہیم قال اختی قال اذہبی فلا تخبری احدا انک امرأتی فاخبرہا
ان لیس علی الارض مؤمن غیری وغیرہا فاتی بہا فقام الیہا فقامت توضأ و تصلی
و تقول اللہم ان کنت آمنت بک و برسولک و احصنت فرجی الا علی زوجی فلا تسلط
علی الکافر فغط حتی رکض برجلہ قال ابن شہاب قال ابو سلمۃ قال ابو ہریرۃ
قالت فطلق یدہ قالت اللہم ان یمت یقل ہی قتلتہ فارسل فاتی بہا فقام الیہا
فقامت توضأ و تصلی و تقول اللہم ان کنت آمنت بک و برسولک و احصنت فرجی
الا علی زوجی فلا تسلط علی الکافر فغط حتی رکض برجلہ قال ابن شہاب قال ابو
سلمۃ قال ابو ہریرۃ قالت فطلق یدہ قالت اللہم ان یمت یقل ہی قتلتہ فارسل
فاتی بہا فقام الیہا فقامت توضأ و تصلی و تقول اللہم ان کنت آمنت بک و برسولک
و احصنت فرجی الا علی زوجی فلا تسلط علی الکافر فغط حتی رکض برجلہ قال ابن
شہاب قال ابو سلمۃ قال ابو ہریرۃ قالت فطلق یدہ قالت اللہم ان یمت یقل ہی
قتلتہ فارسل فاتی بہا فقام الیہا فقامت توضأ و تصلی و تقول اللہم ان کنت آمنت
بک و برسولک و احصنت فرجی الا علی زوجی فلا تسلط علی الکافر فغط حتی رکض
برجلہ قال ابن شہاب قال ابو سلمۃ قال ابو ہریرۃ قالت فطلق یدہ فقال انما
ادخلتم الی شیطانا فاخرجوہا عنی و اعطوہا ہاجر قالت فاتتہ و ہو قائم یصلی
فاومأ بیدہ مہیم قالت رد اللہ کید الکافر فی نحرہ و اخدم ہاجر قالت تلک امکم
یا بنی ماء السماء ترجمہ بخاری اور مسلم مین ابو ہریرہ رضہ سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کسی کو بہت مین اسکا عمل نہین داخل کریگا اصحاب نے کہا اور
نہ آپ کو بہی یارسول اللہ حضرت نے فرمایا اور مجھکو بہی بہشت مین میرا عمل نہ لیجا ویگا مگر یہہ
خدا مجھکو اپنے فضل اور رحمت مین ڈھانک لیوی ف یعنے بدون رحمت اور فضل
الٰہی کے صرف نیک عمل ہی نجات کے واسطے کافی نہین حقیقت مین نجات کا سبب خدا کا فضل ہے
اور عمل اسکا اثر اور پتہ ہے

## فصل

اس فصل مین وہ حدیثین ہین جن کے سر پر لکھا ہے

۱۴۸۹ ھ اَنَّ لَمَّا صَوَّرَ اللّٰہُ اٰدَمَ فِی الْجَنَّۃِ تَرَکَہٗ مَا شَآءَ اَنْ یَّتْرُکَہٗ فَجَعَلَ
اِبْلِیْسُ یُطِیْفُ بِہٖ وَیَنْظُرُ اِلَیْہِ فَلَمَّا رَاٰہُ اَجْوَفَ عَرَفَ اَنَّہٗ خُلِقَ
لَا یَتَمَالَکُ مسلم میں انس رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب پتلا بنایا اللہ نے آدم کا
بہشت میں تو اسکو پڑا رہنے دیا جتنی مدت اسکا پڑا رکھنا چاہا تو شیطان نے
اسکے گرد پھرنا اور اسکی طرف دیکھنا شروع کیا جب اسکو خالی پیٹ دیکھا تو
پہچان گیا کہ یہہ ایسا مخلوق ہے کہ تہم نہ سکے گا یعنے بھوکہہ میں بی قرار ہوجاویگا
اپنے اختیار میں نرہے گا ف بعضی روایت میں آیا ہے کہ آدم کا پتلا دنیا میں
بنایا اور اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ بہشت میں بنا تو مطلب یہہ کہ خمیر آدم کا دنیا میں
تیار ہوا اور پتلا بہشت میں اور بعضی کہتے ہیں کہ روح بہشت میں داخل ہوئی اور پتلا
دنیا میں بنکے اور طائف کے درمیان ایک باغ میں چالیس برس پڑا رہا اس حدیث میں
جنت سی مراد وہی باغ ہے فرشتون کو معلوم نہ تہا کہ اسکا نام کیا ہے اور
اسکے پیدا کرنے سی کیا غرض ہے سبکو ایک حیرت تہی جب شیطان نے پتلے کو خوب سا
دیکھا بہالا تو خالی پیٹ ہونے سی دریافت کیا کہ بھوکہہ میں اسکو اپنی جان پر
قابو نرہے گا اور یون بولا کہ اگر خدا نے اسکو مجھپر فضیلت دی تو میں اسکے تابعداری
نکرونگا اور اگر مجھکو اسپر اختیار دیا تو اسکو ہلاک ہی کر ڈالون گا ف جَاءَ تْ لَمَّا ۱۴۹۰ ق

كَذَّبَنِي قُرَيْشٌ قُمْتُ فِي الْحِجْرِ فَجَلَى اللّٰهُ لِي بَيْتَ الْمَقْدِسِ فَطَفِقْتُ أُخْبِرُهُمْ
عَنْ آيَاتِهِ وَأَنَا أَنْظُرُ إِلَيْهِ بخاری اور مسلم مین جابر رضی اللہ عنہ سی روایت ہے
کہ حضرت نی فرمایا کہ جب مجھکو معراج کے مقدمے مین قریش نی جھٹلایا تو مین حطیم مین
کھڑا ہوا سو خدا نی بیت المقدس کو میری لئی ظاہر کیا تو مین نی انکو اسکے پتے اور
نشانیون سی خبر دینا شروع کیا اور مین اسکی طرف نظر کرتا جاتا تہا

## فصل

اس فصل مین وہ حدیثین ہین جن کے سر پر اما کی لفظ ہے

ق ۱۴۹ فَاطِمَةُ بِنْتُ قَيْسٍ أَمَّا أَبُو جَهْمٍ فَلَا يَضَعُ عَصَاهُ عَنْ عَاتِقِهِ وَأَمَّا
مُعَاوِيَةُ فَصَعْلُوكٌ لَا مَالَ لَهُ انْكِحِي أُسَامَةَ فَكَرِهَتْهُ فَلَمَّا طَلَقَهَا ذَوْجُهَا
أَبُو عَمْرِو بْنُ حَفْصٍ الْبَتَّةَ خَطَبَهَا أَبُو جَهْمٍ وَمُعَاوِيَةُ بْنُ أَبِي سُفْيَانَ
بخاری اور مسلم مین فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا سی روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ ابو
جہم تو اپنی لاٹھی کندھی سے نہین اتارتا یعنی بہت مارا کرتا ہے اور معاویہ تو مفلس قلاش
ہے کہ اسکے پاس کچھ مال نہین تو اسامہ سی نکاح کر یہہ حضرت نی فاطمہ بنت قیس سے
کہا جب اسکے خاوند ابو عمرو بن حفص نے اسکو تین بار طلاق دی تو ابو جہم اور معاویہ
بن سفیان نی اسکو نکاح کا پیغام دیا فاطمہ بنت قیس نے حضرت سی صلاح

پوچھی کہ مین ابوجہم سی نکاح کرون یا معاویہ سے تب حضرت نی یہہ حدیث فرمائی معلوم
ہوا کہ صلاح دینی مین کسی کا عیب بیان کرنا درست ہے تاکہ صلاح پوچھنے والا
دہوکہا نہ کہاوی یہہ غیبت مین داخل نہین ف اَلْمِسْوَرُ بْنُ مَخْرَمَةَ وَمَرْوَانُ ف ۱۴۹۱
بْنُ الْحَكَمِ اَمَّا الْاِسْلَامُ فَاَقْبَلُ وَاَمَّا الْمَالُ فَلَسْتُ مِنْهُ فِيْ شَيْءٍ
قَالَ لِلْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ حِيْنَ اَسْلَمَ بخاری اور مسلم مین مسور بن مخرمہ اور مروان
بن حکم سے روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ اسلام تو مین قبول کرتا ہون اور مال کا حال
تو یہہ ہے کہ مجھکو اوس سے کچھ مطلب نہین حضرت نی مغیرہ بن شعبہ سی کہا جب کہ مسلمان
ہوئے ف کفر کی حالت مین مغیرہ کافرون کے قافلے کے رفیق ہوئے پہر انکو
دہوکہا دیکر مار ڈالا اور انکا مال لیکر حضرت پاس مسلمان ہونے کو آئے تب
حضرت نی یہہ حدیث فرمائی معلوم ہوا کہ کافر سے بہی دغا کرنا درست نہین ہرچند
کہ کافرون کا مال مباح ہے مگر اسی شرط سے کہ غلبہ ہو اور عہد شکنی نہوا ور جب
کافر کی رفاقت اور نوکری اختیار کی یا اسکی امان مین رہے تو اسکا مال چرانا
اور دغا دینا ہرگز درست نہین ف عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلَامٍ اَمَّا الطَّرِيْقُ ف ۱۴۹۲
الَّتِيْ رَاَيْتَ عَنْ يَسَارِكَ فِيْ طُرُقِ اَصْحَابِ الشِّمَالِ وَاَمَّا الطَّرِيْقُ
الَّتِيْ رَاَيْتَ عَنْ يَمِيْنِكَ فِيْ طُرُقِ اَصْحَابِ الْيَمِيْنِ وَاَمَّا الْجَبَلُ

منزل

مَنْزِلُ الشُّهَدَاءِ وَلَنْ تَنَالَهُ وَاَمَّا الْعَمُودُ فَعَمُودُ الْاِسْلَامِ وَ
اَمَّا الْعُرْوَةُ فَعُرْوَةُ الْاِسْلَامِ وَلَنْ تَزَالَ مُسْتَمْسِكًا بِهٖ حَتّٰی تَمُوْتَ

بخاری اور مسلم مین عبد اللہ بن سلام سی روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ وہ راہین
جو تونے اپنے بائین دیکہین سو وہ کافرون کی راہین ہین جنکے نامہ اعمال بائین ہاتہ
مین ہونگے اور وہ راہین جو تو نی اپنی داہنے طرف دیکہین سو وہ نیکونکی راہین
ہین جنکے نامہ اعمال داہنے ہاتہ مین ہونگے اور پہاڑ کا تو یہہ حال ہے کہ وہ شہیدونکا
مقام ہے اور تجھکو نہین ملنے کا یعنی تیری قسمت مین شہادت نہین اور ستون
تو وہ اسلام کا ستون ہے اور وہ رسّی تو اسلام کی رسّی ہے تو اسکو ہمیشہ
پکڑے رہے کا مرتے دم تک ف عبد اللہ بن سلام سے روایت ہے کہ مین نی خواب مین
دیکہا کہ ایک مرد مجہسی کہا اُٹہ سو اُسنی میرا ہاتہ پکڑ لیا مین اُسکے ساتہ چلا
تو مین نے اپنے بائین طرف کئی راہین دیکہین مین نے اُنہین چلنے کا ارادہ کیا
اُس نے کہا اُنہین مت چل کہ یہہ کافرونکی راہین ہین پہر مین نے داہنے طرف راہین
دیکہین تو اس مرد نی کہا کہ ادہر چل مین ادہر چلا تو ایک پہاڑ مین نے دیکہا اُسنے
کہا اِسپر چڑہ مین نے کئی بار اُسپر چڑہنے کا ارادہ کیا ہر بار مین گہسک پڑتا تہا
پہر مین اُسکے ساتہ آگے چلا تو مین نے ایک ستون دیکہا جسکا سر آسمان سے لگا تہا

اور اسکے سر پر ایک رسی تھی بطور دستگی کے اس مرد نے کہا اس ستون پر چڑھ مین نے کہا کیون کر مین اسپر چڑھ سکون کا کہ اسکا سر تو آسمان سی لگا ہے تو اسنے مجھکو چڑھا دیا مین نے اسکی رسی پکڑ لی صبح تک وہ رسی میرے ہاتھ مین بنی رہی پھر مین نے یہہ خواب حضرت سی کہا تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی ف

ف ۱۴۹۳

يَعْلَى بْنُ أُمَيَّةَ أَمَّا الطِّيبُ الَّذِي بِكَ فَاغْسِلْ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ وَأَمَّا الْجُبَّةُ فَانْزِعْهَا ثُمَّ اصْنَعْ فِي عُمْرَتِكَ مَا تَصْنَعُ فِي حَجِّكَ

قال لرجل جاءه بالجعرانة قد أهل بالعمرة هو مصفر لحيته ورأسه وعليه جبة فقال إني أحرمت بعمرة وأنا كما ترى

بخاری اور مسلم مین یعلی بن امیہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جو خوشبو تیرے لگی ہے اسکو تو دھو ڈال تین بار اور جبہ کو تو نکال ڈال پھر کر اپنے عمری مین جو تو اپنے حج مین کرتا ہے یہہ حضرت نے اس مرد سے فرمایا جو حضرت پاس جعرانہ کے مقام مین آیا اور اسنے عمرہ کرنیکی نیت کی تھی اور اسکی داڑھی اور سر کے بال خوشبو سے زرد تھے اور اسپر جبہ تھا سو اسنے کہا کہ مین نے عمرہ کا احرام باندھا ہے تو اب ہون جیسا آپ دیکھتے ہین ف یعنے اس حالت سے عمرہ کرنا درست ہے یا نہین راوی سے روایت ہے کہ مین نے عمر فاروق سی کہا کہ مجھکو کمال آرزو ہے کہ مین

حضرت کا

حضرت کی صورت وحی اُترنیکے وقت دیکھوں جب حضرت جعرانہ کی منزل میں جو مکے کے
پاس ہے اترے تو ایک شخص خوشبو لگائے جبہ پہنے حضرت پاس آیا اُس نے پوچھا کہ یا حضرت
اُس شخص کے حق میں آپ کیا فرماتے ہیں جسنے عمرہ کی نیت کی ہو اور خوشبو لگائے
جبہ پہنے ہو تو حضرت نی ایک ساعت اسکو دیکھا پھر حضرت پر وحی اُترنا شروع ہوا
عمر فاروق نی میری طرف اشارہ کیا یعنی اب دیکھ حضرت کی صورت کو سو میں نے
حضرت کو دیکھا تو وحی کی شدت سی حضرت کا چہرہ نہایت سرخ ہو گیا تھا جب وحی
اُتر چکی تب حضرت نی فرمایا کہ وہ شخص کہاں ہے جسنے مجھسے عمرہ کا حال پوچھا تھا
تو لوگ اُسکو بلا لائے تب حضرت نی یہہ حدیث فرمائی معلوم ہوا کہ جب عمرے اور حج کی
نیت کرے تو خوشبو لگانا اور سیاہ کپڑا پہننا درست نہیں ق جُبَیْرِ بْنِ مُطْعِمٍ ف ۱۴۹
اَمَّا اَنَا فَاُفِیْضُ عَلٰی رَاْسِیْ ثَلٰثَ اَکُفٍّ وَقَالَ الْبُخَارِیُّ ثَلٰثًا وَ
اَشَارَ بِیَدَیْہِ کِلْتَیْہِمَا قَالَ حِیْنَ تَمَارَوْا فِی الْغُسْلِ عِنْدَہٗ فَقَالَ
بَعْضُ الْقَوْمِ اَمَّا اَنَا فَاِنِّیْ اَغْسِلُ رَاْسِیْ بِکَذَا وَکَذَا بخاری
اور مسلم میں جبیر بن مطعم سے روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ میں تو پانی ڈالتا ہوں
اپنے سر پر تین انجل اور بخاری نی کہا تین بار اور حضرت نی اپنے دونوں ہاتھوں سے
اشارہ کیا یعنی سر پر پانی ڈالنے کا یہہ حضرت نی اسوقت فرمایا جب کہ اصحاب نے

حضرت کے پاس غسل مین رکھا اور تردد کیا سو بعض قوم نے کہا مین تو اپنے سر کو
فلانی فلانی چیز سے دھوتا ہون ف اس حدیث سے معلوم ہوا کہ غسل مین
تین بار پانی ڈالنا سنت ہے عرب مین اکثر تغار سے غسل کرتے تھے اسواسطے حضرت نے
ق ۹۵ انجلی کو ذکر کیا ق عَائِشَةُ اَمَّا اَنَا فَقَدْ عَافَانِیَ اللّٰهُ وَکَرِهْتُ اَنْ
اُثِیْرَ عَلَی النَّاسِ شَرًّا بخاری اور مسلم مین حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ مجھکو تو خدا نے چنگا کر دیا اور مجھکو برا لگا کہ لوگون پر فساد اٹھاؤن
ف لبید بن اعصم یہودی نے حضرت پر جادو کیا تھا چنانچہ اسکا قصہ پانچوین باب مین
مفصل ہو چکا جب اسکا جادو کرنا ثابت ہوا تو حضرت عائشہ نے حضرت سے کہا کہ
یا رسول اللہ آپ اس جادوگر کو سزا دیجئے تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی ہرچند
جادوگر کی سزا قتل ہے لیکن حضرت خود صاحب حق تھے کہ حضرت کا قصور اُنسے
ق ۹۶ کیا تھا سو حضرت نے دفع شر کی مصلحت سے اور اپنے مزید کرم سے بدلا لیا ق
عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلَامٍ اَمَّا اَوَّلُ اَشْرَاطِ السَّاعَةِ فَنَارٌ تَحْشُرُ النَّاسَ
مِنَ الْمَشْرِقِ اِلَی الْمَغْرِبِ وَاَمَّا اَوَّلُ طَعَامٍ یَاْکُلُهٗ اَهْلُ الْجَنَّةِ فَزِیَادَةُ
کَبِدِ حُوْتٍ وَاِذَا سَبَقَ مَاءُ الرَّجُلِ مَاءَ الْمَرْاَةِ نَزَعَ الْوَلَدَ وَاِذَا
سَبَقَ مَاءُ الْمَرْاَةِ نَزَعَتْ جَابَهُ بِهَا جِیْنَ سَاَلَهٗ عَنْهَا قَبْلَ اِسْلَامِهٖ

بخاری

بخاری اور مسلم مین عبداللہ بن سلام سی روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ قیامت کی
نشانیون سی پہلی نشانی تو یہہ ہے کہ آگ لوگون کو پورب سی پچھم کی طرف
ہانک لیجاویگی اور پہلا کھانا جو جنتی کھاوینگے سو مچھلی کے کلیجے کی بڑھی
نوک ہوگی اور جب کہ مرد کی منی نے عورت کی منی پر سبقت اور غلبہ کیا تو مرد نے
لڑکے کو اپنی صورت پر کھینچا اور جب عورت کی منی نے مرد کی منی پر سبقت اور
غلبہ کیا تو عورت نی لڑکے کو اپنی صورت پر کھینچا ان باتون کا حضرت نی عبداللہ
بن سلام کو سوقت جواب دیا جب انہون نی مسلمان ہونی سے پہلے ان تینون
باتون کو پوچھا ف عبداللہ بن سلام مدینے مین یہودیون کے بڑے عالم تھے
جب حضرت مدینے مین تشریف لائے تو عبداللہ بن سلام نی کہا کہ مین حضرت سے
وہ سوال کرتا ہون جنکا جواب سوای پیغمبر کے اور کوئی نہین دے سکتا سو فرمائیے تو کہ
قیامت کی پہلی نشانی کون ہے اور بہشتی لوگ پہلا کھانا کیا کھاوینگے اور لڑکا
جو ماں باپ سے مشابہ ہوتا ہے اسکا کیا سبب ہے تب حضرت نی یہہ حدیث فرمائی
پھر عبداللہ بن سلام مسلمان ہوئے ۱۲ م ابو سعید اما اھل النار
الذین ھم اھلھا فانھم لا یموتون فیھا ولا یحیون ولکن
ناس اصابتھم النار بذنوبھم او قال بخطایاھم فاماتتھم

اِمَاتَۃً حَتّٰی اِذَا کَانُوْا فَحْمًا اُذِنَ بِالشَّفَاعَۃِ فَجِیْئَ بِھِمْ ضَبَائِرَ ضَبَائِرَ
فَبُثُّوْا عَلٰی اَنْھَارِ الْجَنَّۃِ ثُمَّ قِیْلَ یَا اَھْلَ الْجَنَّۃِ اَفِیْضُوْا عَلَیْھِمْ
فَیَنْبُتُوْنَ نَبَاتَ الْحَبَّۃِ تَکُوْنُ فِیْ حَمِیْلِ السَّیْلِ مسلم بن ابو سعید سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ دوزخی لوگ جو حقیقت میں دوزخ کے لائق ہیں سو
وہ تو اسمیں نہ مرینگے نہ جیئں گے ولیکن کچھ لوگ ہونگے کہ انکو دوزخ کی آگ لگے گی
اُنکے گناہوں کے سبب سے یا یوں فرمایا کہ اُنکے خطاؤں کے سبب سے سو آگ نے اُنکو
بے دم کر دیا یہاں تک کہ جب وہ جل کے کوئلا ہو جاوینگے تو شفاعت کا حکم
ہوگا سو وہ لائے جاوینگے جھنڈ کے جھنڈ تو بہشت کی نہروں پر بھیجے جاوینگے
پھر حکم ہوگا ای بہشتیو ان پر پانی ڈالو تو وہ جم اُٹھیں گے جیسے جنگلی جو در و
دانہ جمتا ہے بہاؤ کے کوڑے کرکٹ میں ف یعنے کافر جو دوزخ کے لئے بنے ہیں
نہ انکو موت ہوگی کہ عذاب سے خلاصی پاویں نہ زندگی ایسی جسمیں چین ہو مگر
کچھ کہ مسلمان دوزخ میں پڑکے چند مدت مُردہ ہو جاوینگے یعنے شدت
عذاب سے بیہوش ہو جاوینگے گویا مر گئے پھر سزا کے بعد بہشت میں داخل ہونگے
۱۴ عُ عَنْ زَیْدِ بْنِ اَرْقَمَ اَمَّا بَعْدُ اَلَا اَیُّھَا النَّاسُ فَاِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ یُوْشِکُ
اَنْ یَّاْتِیَنِیْ رَسُوْلُ رَبِّیْ فَاُجِیْبَ وَاَنَا تَارِکٌ فِیْکُمُ الثَّقَلَیْنِ

اَوَّلُهُمَا كِتَابُ اللّٰهِ فِيْهِ النُّوْرُ وَالْهُدٰى خُذُوْا بِكِتَابِ اللّٰهِ وَاسْتَمْسِكُوْا
بِهٖ وَاَهْلُ بَيْتِيْ اُذَكِّرُكُمُ اللّٰهَ فِيْ اَهْلِ بَيْتِيْ اُذَكِّرُكُمُ اللّٰهَ فِيْ اَهْلِ بَيْتِيْ
اُذَكِّرُكُمُ اللّٰهَ فِيْ اَهْلِ بَيْتِيْ وَفِيْ رِوَايَةٍ كِتَابُ اللّٰهِ فِيْهِ الْهُدٰى وَالنُّوْرُ
مَنِ اسْتَمْسَكَ بِهٖ وَاَخَذَ بِهٖ كَانَ عَلَى الْهُدٰى وَمَنْ اَخْطَاَ ضَلَّ وَ
فِيْ رِوَايَةٍ هُوَ حَبْلُ اللّٰهِ مَنِ اتَّبَعَهٗ كَانَ عَلَى الْهُدٰى وَمَنْ تَرَكَهٗ كَانَ
عَلٰى ضَلَالَةٍ سلم میں زید بن ارقم سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ حمد و صلوۃ کے
بعد اسنبات کا دریافت کرنا ضرور ہے کہ خبردار ہو جاؤ ای لوگو میں آدمی ہوں عنقریب
ہے کہ میرے پاس میرے رب کا پیغام لانے والا آوے تو میں اسکا کہنا مانوں یعنے ملک
الموت آوے اور میرا انتقال ہو اور میں تم میں دو بڑی بھاری عمدہ چیزیں چھوڑے
جاتے ہوں ان دو میں اول تو خدا کی کتاب ہے جسمیں نور اور ہدایت ہے سو خدا کی
کتاب کو لو اور خوب اسکو چمٹ جاؤ یعنی اسپر عمل کرو اور دوسرے بزرگ چیز میرے
اہل بیت یعنی گھر والے ہیں میں تمکو خدا یاد دلاتا ہوں اپنے اہل بیت کے مقدمی میں
میں تمکو خدا یاد دلاتا ہوں اپنے اہلبیت کے مقدمی میں میں تمکو خدا یاد دلاتا ہوں اپنے
اہل بیت کے مقدمی میں اور ایک یوں روایت ہے کہ خدا کی کتاب میں ہدایت اور نور
ہے جو اسکو چمٹ گیا اور جسنے اسکو لیا وہ ہدایت پر ہوا اور جسنے اسکو چھوڑا

وہ گمراہ ہوا اور دوسری روایت مین یون ہے کہ قرآن خدا کی رسّی ہے یعنے
اُسکے ملنے کے وسیلہ ہے جسنی اُسکی پیروی کی وہ راہ پر ہوا اور جسنے اُسکو
چھوڑا وہ راہ کو بھولا اور روایت ہے کہ ہجری نوین سال جب حضرت حجۃ الوداع کرکے
پھرے اور مکے مدینے کے درمیان اُس مقام پر پہنچے جسکا غدیر خم نام ہے تو حضرت نے
خطبہ پڑہا خدا کا حمد کیا اور نصیحت کی اور یہہ حدیث فرمائی تمام عرب کے گروہ حجۃ
الوداع مین حضرت کے ساتھہ تھے اور غدیر خم تک حضرت کے ساتھہ آئے یہان سے ہر ایک کی
راہین پھٹین تھین وہان حضرت نی سب عرب کو قرآن اور اہل بیت کی تعظیم جتا
دی اِس واسطے کہ حضرت کو معلوم تہا کہ امت مین اختلاف پڑیگا قرآن کے
مضمون سے لوگ غفلت کرینگے اور اہل بیت کی تعظیم اور محبت مین بعضی لوگ قصور
کرینگے بلکہ محبت کہان عداوت پر کمر باندھینگے جیسے خارجی اور ناصبی سو فرمایا
کہ میری موت قریب ہے مین ہمیشہ زندہ نہین رہ سکتا کہ مجھسے ہر چیز دریافت کرتے رہو
میری بعد ہدایت کی صورت یہی ہے کہ قرآن پر عمل کیجیو کہ اُسمین سراسر نور اور ہدایت
ہے ہر ایک چیز مجمل اور مفصل اُسمین موجود ہے اور اہلبیت کی تعظیم اور محبت کرنا کہ وہ
قرآن کی تفسیر ہین اہلبیت کہتے ہین گہر والون کو سو حضرت کی بی بیان اور حضرت کی
اولاد سب اہلبیت مین داخل ہین ہندوستان مین بہی بی بی کو گہر کے لوگ بولتے ہین

بی بی کو اہلبیت مین نہ داخل کرنا یا تو جہالت ہے یا تعصب بارے الحمد للہ کہ اس حدیث پر
پورا عمل اہل سنت کو نصیب ہوا اسواسطے کہ انکا عقیدہ اور عمل قرآن کے موافق ہے
قرآن کے ہوتے کسی چیز پر عمل نہین کرتے اور تمام اہل بیت کی محبت اور تعظیم واجب
جانتے ہین بخلاف خارجیون اور ناصبیون کے کہ اکثر اہلبیت سے عداوت رکھتے ہین
اور شیعہ کا تو عجب حال ہے کہ ہرچند آپ کو اہل بیت کا دوست کہتے ہین لیکن
حضرت کی بی بیون کو اہل بیت مین نہین داخل کرتے صرف حضرت فاطمہ کی اولاد کو
اہلبیت مین گنتے ہین سو اُنمین بھی بہت امام زادون کو بد کہتی ہین تو حقیقت مین
وہ سب اہلبیت کے دوست نہ ٹھہرے ایسی واہی محبت کا دین مین کچھ اعتبار نہین
جیسے قرآنکی بعضی سورت کو ماننا اور بعضی سورت کا انکار کرنا درست نہین اور
قرآن کو تو شیعہ نے صاف جواب دیا ہے کہتے ہین کہ سوای اماموں کے قرآنکا مطلب
کوئی نہین بوجھتا گویا انکے نزدیک قرآن مجید توریت اور انجیل کی طرح منسوخ العمل ہے
تو صاف ظاہر ہوا کہ اہل سنت کے سوای اس حدیث پر عمل کسی کو نصیب نہین ق

ق ۱۵

الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ وَمَرْوَانَ بْنِ الْحَكَمِ أَمَّا بَعْدُ فَإِنَّ إِخْوَانَكُمْ
قَدْ جَاءُونَا تَائِبِينَ وَإِنِّي قَدْ رَأَيْتُ أَنْ أَرُدَّ إِلَيْهِمْ سَبْيَهُمْ
فَمَنْ أَحَبَّ مِنْكُمْ أَنْ يُطَيِّبَ ذَلِكَ فَلْيَفْعَلْ وَمَنْ أَحَبَّ مِنْكُمْ

اَنْ یَّکُوْنَ عَلٰی خَطَرٍ حَتّٰی نُعْطِیَهٗ اِیَّاهُ مِنْ اَوَّلِ مَا یُفِیْٓءُ اللّٰهُ عَلَیْنَا فَلْیَفْعَلْ

یعنی وفد ہوازن بخاری اور مسلم مین مسور بن مخرمہ اور مروان بن حکم سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ بعد حمد اور صلوۃ کے بات تو یہہ ہے کہ تمہارے بھائی لوگ توبہ کرکے یعنی مسلمان ہوگئے ہین اور البتہ مین نے یہہ ٹھہرایا ہے کہ اُنکے جورو لڑکے جو قیدی ہین انکو پھیر دون سو جس شخص کو تم مین یہہ بات اچھی لگے تو چاہئے کہ اُسپر عمل کرے یعنی اپنے حصے کے قیدی بی عوض پھیر دیوی اور جو شخص تم مین چاہے کہ اپنے حصہ پر بنا رہے تو اسکو بدلا دیوین اُس مال سے جو ہمکو اول خدا غنایت کرے تو چاہئے کہ اُسپر عمل کرے یعنی بطور قرض دیوی حضرت کو مراد ہوازن کا گروہ ہے ف جنگ حنین مین ہوازن کی قوم حضرت سے لڑی انکی شکست ہوئی اُنکے جورو لڑکے اور مال اصحاب مین انکے تقسیم ہوگیا جب وہ لوگ مسلمان ہوئے اور اپنے جورو لڑکے حضرت سے مانگے تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنی جو اپنا حصہ خوشی سے دیوی تو بہتر ہے اور اگر کسی کو نہ دینا منظور ہو تو ہمکو بطور قرض دیوی ہم اُسکو اور جگہ سے بدلا دیوینگے آخر سب اصحاب نے اپنے حصے خوشی سے بلا عوض دئے معلوم ہوا کہ امام کو غنیمت کے مال سے قرض لینا درست ہے ۱۰۰۱ م جزیرا مما بعد فان اللّٰہ انزل فی کتابہ یا ایھا الناس اتقوا ربکم الذی خلقکم من نفس واحدۃ و

خلق

فَلَمَّا رَأَتْهُمَا زَوَّجَهَا وَبَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا كَثِيرًا وَنِسَاءً وَاتَّقُوا اللَّهَ الَّذِي
تَسَاءَلُونَ بِهِ وَالْأَرْحَامَ إِنَّ اللَّهَ كَانَ عَلَيْكُمْ رَقِيبًا يَا أَيُّهَا الَّذِينَ
آمَنُوا اتَّقُوا اللَّهَ وَلْتَنْظُرْ نَفْسٌ مَا قَدَّمَتْ لِغَدٍ وَاتَّقُوا اللَّهَ
إِنَّ اللَّهَ خَبِيرٌ بِمَا تَعْمَلُونَ تَصَدَّقَ رَجُلٌ مِنْ دِينَارِهِ مِنْ دِرْهَمِهِ مِنْ
ثَوْبِهِ مِنْ صَاعِ بُرِّهِ مِنْ صَاعِ تَمْرِهِ حَتَّى قَالَ وَلَوْ بِشِقِّ تَمْرَةٍ مسلم میں
جریر رضی سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ بعد حمد اور صلوۃ کے بات تو یہہ ہے کہ مقرر خدا نے اپنی
کتاب میں یہ آیتیں اتاری ہیں کہ ای لوگو ڈرو اپنے رب سے جسنے تمکو ایک ذات سی بنایا
اور اسی سے اسکی جورو پیدا کی یعنی آدم کی پسلی سے حوا بنائی اور اون دونوں سے بہت
مرد اور عورتیں کھیرائیں اور ڈرو خدا سے جسکے نام کے وسیلے سے آپس میں سوال کرتے ہو
اور ڈرو قرابت کی بیشک سے البتہ خدا تمپر نگہبان ہے یعنی تمہارا حال جانتا ہے
ای ایماندارو ڈرو خدا سے اور چاہئے کہ ہر ایک جان غور کرے کہ اسنے اپنے واسطے کل کا
یعنے قیامت کا کیا سامان کیا اور ڈرو خدا سے مقرر البتہ خدا خبردار ہے جو تم کرتے ہو
حضرت نے فرمایا چاہئے کہ خیرات کرے ہر ایک مرد اپنے دینار سے اور اپنے درم اور اپنے
کپڑے سے گیہوں کے صاع سے چہارم یکے صاع سے یہانتک حضرت نے فرمایا کہ آدھی کھجور ہی
سہی فاطر سے روایت ہے کہ ہم حضرت پاس بیٹھے تھے کہ مضر کا قوم ننگا نہایت محتاج آیا

حضرت کو انکا حال دیکھہ کر نہایت درد آیا بلال سے فرمایا کہ اذان دی جب لوگ جمع
ہوئے تب حضرت نی خطبہ پڑہ کے یہہ حدیث فرمائی یعنی تم سب آدم کی اولاد ہو
تو یہہ لوگ بہی تمہاری بہائی ٹہرے تو اِن پر احسان کرنا واجب ہوا کہ قیامت مین
یہہ خیرات تمہاری نجات کا سامان ہوگی ہر شخص اپنے مقدور کے موافق خیرات کرے
اول ایک انصاری مرد اشرفیون کا ایک توڑا لایا اور دوسری روایت یون ہے
کہ عمر فاروق مٹہی بہر اول دین لائے پہر تو تار لگا سب لوگ ہر ایک چیز لائے حضرت
نہایت خوش ہوئے اور فرمایا کہ جو شخص نیک راہ نکالیگا تو اُس راہ پر چلنے والون کا
سب کا ثواب اُسکو ملیگا اور جو بد راہ نکالیگا تو سب کا عذاب اُسپر پڑیگا **عن جابرؓ**
**اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّ خَیْرَ الْحَدِیْثِ کِتَابُ اللّٰہِ وَخَیْرَ الْھَدْیِ ھَدْیُ مُحَمَّدٍ**
**وَشَرَّ الْاُمُوْرِ مُحْدَثَاتُھَا وَکُلُّ بِدْعَۃٍ ضَلَالَۃٌ** مسلم مین جابر رضی اللہ
عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ حمد اور صلوٰۃ کے بعد بات تو یہہ ہے کہ بہتر کلام خدا کی
کتاب ہے اور بہتر طریقہ محمد کا طریقہ ہے اور نہایت برے کام جو دین مین نئے نکالے گئے اور
ہر بدعت گمراہی ہے **فائدہ** یعنے میری بعد قرآن اور میری سنت پر چلیو اِس واسطے کہ قرآن سے
بہتر کوئی کلام نہین اور میرے طریق سے بہتر کسی کا طریق نہین کہ تم میری راہ چہوڑ کے اور
کوئی راہ اختیار کرو پہر دین مین نئے کام سے روکا اور ہر ایک بدعت کی گمراہی بیان کی

بدعت اُسکا نام ہے جسکی شرع مین کچھہ اصل نہو خ ابن عباس اما بعد فان
ھذا الحی من الانصار یقلون ویکثر الناس من ولی شیئا من امۃ محمد
فاستطاع ان یضر فیہ احدا او ینفع فیہ احدا فلیقبل من محسنہم
ویتجاوز عن مسیئہم بخاری مین عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا بعد حمد اور صلوۃ کے بات تو یہہ ہے کہ البتہ یہہ انصار کا قبیلہ روز بروز گھٹتا جاویگا
انصار کے سوای اور لوگ بڑھتے جاوینگے سو جو شخص کہ حاکم ہو وہ محمد کی امت سے کسی چیز کا
پھر اسکو اپنی حکومت مین اتنی طاقت ہو کہ کسی کا ضرر کرسکے یا کسی کو فائدہ پہنچاسکے
تو چاہیے کہ انصار کی نیکیونکی نیکی قبول کری اور انکے بدکارون سے درگذرے ف
حضرت کو معلوم ہوا تہا کہ بنی اُمیہ کی سلطنت مین انصارون پر زیادتی ہوگی اسواسطے
یہہ حدیث انصار کی سفارش مین فرمائی یعنے امت محمدی کے حاکم کو لازم ہے کہ انکی
نیکیونکی تعظیم اور توقیر کرے اور انکے بدکارون سے چشم پوشی کرے یعنے اگر کوئی
حرکت تعزیر کے لائق کرین تو حاکم اسکو ٹال جاوی اور یہہ مطلب نہین کہ اگر چہ
انصار حد مارنے کا گناہ کرین تو اُن پر حد نہ مارے بس واسطے کہ حدود مین سفارش
نہین اور اسمین حاکم کو کچھہ اختیار نہین حضرت نے خود فرمایا ہے کہ اگر فاطمہ بنت محمد
صلی اللہ علیہ وسلم چوراوے تو اسکا ہاتہہ کاٹون خ عمرو بن تغلب اما بعد

فَوَاللهِ اِنِّی لَاُعْطِی الرَّجُلَ وَاَدَعُ الرَّجُلَ وَالَّذِیْ اَدَعُ اَحَبُّ اِلَیَّ
مِنَ الَّذِیْ اُعْطِی وَلٰکِنِّیْ اُعْطِیْ اَقْوَامًا لِمَا اَرٰی فِیْ قُلُوْبِهِمْ مِنَ الْجَزَعِ
وَالْهَلَعِ وَاَکِلُ اَقْوَامًا اِلٰی مَا جَعَلَ اللهُ فِیْ قُلُوْبِهِمْ مِنَ الْغِنٰی وَالْخَیْرِ
فِیْهِمْ عَمْرُو بْنُ تَغْلِبَ. بخاری مین عمرو بن تغلب سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ حمد
اور صلوٰۃ کے بعد بات تو یہہ ہے کہ خدا کی قسم کہ مین دیتا ہون ایک مرد کو اور چہوڑتا ہون
دوسرے مرد کو سو جسکو مین چہوڑتا ہون وہ میرے نزدیک زیادہ پیارا ہے اُس سے
جسکو مین دیتا ہون ولیکن مین تو چند قومون کو دیتا ہون اِس واسطے کہ مین اُنکے دلون
مین بی صبری اور حرص دیکھتا ہون اور بعضی قومون کو اسپر چہوڑتا ہون کہ خدا نی
اُنکے دلون مین بی پروا ہی اور خیر ڈالی ہے اُنہین مین عمرو بن تغلب بہی ہے **ف**
حضرت کے پاس کچہہ مال آیا حضرت نی بعضون کو دیا اور بعضون کو نہ دیا پہر حضرت کو
معلوم ہوا کہ جنکو مال نہین دیا وہ رنجیدہ ہین تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنے
میرے دینے کو محبت اور نہ دینے کو رنج کا سبب نہ سمجہو بلکہ بالعکس معاملہ ہے کہ بے صبرے
لالچی لوگون کو دیتا ہون اور قناعت والون کو قناعت پر چہوڑتا ہون **ه** عَائِشَۃُ ١٥٨٥
اَمَّا بَعْدُ یَا عَائِشَۃُ فَاِنَّہٗ بَلَغَنِیْ عَنْکِ کَذَا وَکَذَا فَاِنْ کُنْتِ
بَرِیْئَۃً فَسَیُبَرِّئُکِ اللهُ وَاِنْ کُنْتِ اَلْمَمْتِ بِذَنْبٍ فَاسْتَغْفِرِی اللهَ وَتُوْبِیْ

الآیۃ فان العبد اذا اعترف بذنبہ ثم تاب تاب اللہ علیہ

بخاری اور مسلم مین حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ حمد اور صلوۃ کے بعد بات تو یہہ ہی کہ ای عائشہ مجھکو تیری ایسی ایسی بات پہنچی ہی سو اگر تو گناہ سے پاک ہوگی تو خدا تیری پاکی بیان کریگا اور اگر تو گناہ سی آلودہ ہوئی ہو تو مغفرت مانگ خدا سے اور اسکی طرف توبہ کر اسواسطے کہ بندے نے جب اپنے گناہ کا اقرار کیا پھر توبہ کی تو خدا اسکی توبہ قبول کرتا ہی اسپر رحمت متوجہ ہوتا ہی **ف** جب حضرت عائشہ پر تہمت ہوئی تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی باقی اسکا پورا قصہ پانچوین باب مین ہو چکا

۱۰۵۶ **خ** ابو الدرداء اما صاحبکم فقد غامر یعنی ابا بکر رضی اللہ عنہ بخاری مین ابو درداء سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ تمہارے صاحب نے تو مقرر اپنی جان کو شدت مین ڈالا ہے صاحب سے مراد صدیق اکبر ہین **ف** اسکا پورا قصہ ہو چکا کہ صدیق اور فاروق سے کسی بات مین رنج ہو گیا تھا صدیق دامن اٹھائے رنج مین حضرت پاس آئے تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی پھر فاروق بھی آئے اور صفائی ہو گئی

۱۰۵۷ **ق** کعب بن مالک اما ھذا فقد صدق فقم حتی یقضی اللہ فیک فقالہ بخاری اور مسلم مین کعب بن مالک سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اسنے تو البتہ سچ کہا سو تو اٹھہ یہان تک کہ خدا تیرے حق مین کچھہ حکم کرے یہہ حضرت نے کعب بن مالک سے فرمایا **ف** روایت ہے

کہ کعب جنگ تبوکمین حضرت کے ساتھ نہ گئے تھے جب حضرت وہان سی پلٹ آئے تو نہ جانے والون سے سبب پوچھا منافقون نی جھوٹی قسمین کھاکر حضرت کو راضی کرلیا جب کعب سے پوچھا تو یہ سچے مسلمان تھے اُنہون نی کہا کہ یا حضرت مین نی سواری خرید کی تھی اور سامان سفر کا درست کیا تھا آج چلتا ہون کل چلتا ہون ہی کہتے کہتے مین رہ گیا مجھکو حقیقت مین کوئی مانع نہ تھا تب حضرت نی یہہ حدیث فرمائی اور کعب کے مقدمے کو خدا پر سپرد کیا اور فرمایا کہ کوئی کعب سے بات چیت نکرے حق تعالیٰ نی اُنکی راستی کے برکت سے پچاس دن کے بعد اُنکی توبہ قبول کی اور آیت اُتاری اور جھوٹے منافقون کی فضیحتی مین اور آیتین اُترین معلوم ہوا کہ راستی کا انجام نیک ہے اگرچہ اول بظاہر شخی مین خلل پڑے

# اَلْبَابُ الثَّامِنُ

آٹھوین باب ہین — کئی فصلین ہین

## فَصْلٌ

اس فصل مین وہ حدیثین ہین جنکے سر پر عدد ہے یعنے شمار کی لفظین ہین

۱۰۵۶ مر الْمِقْدَادُ اِحْدٰی سَوْاٰتِکَ یَا مِقْدَادُ لَمَّا ضَحِکَ الْمِقْدَادُ اِلٰی اَنْ وَقَعَ اِلَی الْاَرْضِ بِشُرْبِ حِصَّةِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مِنَ اللَّبَنِ وَحَلْبِهِ الْاَعْنُزَ الثَّلٰثَ مَرَّةً ثَانِیَةً مسلم مین مقداد سی روایت ہی کہ حضرت نی

فرمایا

فرمایا کہ ای مقداد تیری بدنصیبی سے ایک بدخو بنا ہی ہے حضرت نے اسوقت فرمایا
کہ جب مقداد یہان تک ہنسے کہ زمین پر گر پڑے حضرت کے دودہ کا حصہ پیجانے کے
سبب سے اور دوسرے بار تینون بکریون کے دودہنے کی جہت سے ف اس حدیث کا مفصل
قصہ پانچوین باب مین مفصل گذرا ماہذہ الارحمۃ کے بیان مین م ابوھریرۃ ۱۰۵۹ ف
اثنتان فی الناس ھما بھم کفر الطعن فی النسب والنیاحۃ علی المیت مسلم
مین ابوہریرہ سی روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ دو خوین لوگون مین ایسی ہین جو انکے
حق مین کفر ہین ایک تو نسب مین عیب لگانا دوسرے مردے پر نوحہ کرنا ف یعنے یے
کفر کی رسمین اور اگر انکو حلال جان کر کرے تو صاف کفر ہی ق ابوموسی ۱۰۶۰ ق
جنتان من فضۃ انیتھما وما فیھما وجنتان من ذھب انیتھما وما
فیھما وما بین القوم وبین ان ینظروا الی ربھم الا رداء الکبریاء علی
وجھہ فی جنۃ عدن بخاری اور مسلم مین ابوموسی سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا
کہ چاندی کی دو بہشتین ہین انکے برتن اور جو چیز انمین ہے سب چاندی کی ہے اور سونیکی
دو بہشتین ہین انکے برتن اور جو چیز انمین ہے سب سونیکی ہے اور اس قوم کے درمیان
اور اپنے رب کے دیکھنے کے درمیان کوئی چیز حائل نہین سوے ایک جلال کی چادر کے کہ اسکی ذات پاک
ہے عدن کی بہشت مین ف اس حدیث مین ولمن خاف مقام ربہ جنتان دمن

دو نہاجنتان کا بیان ہے م اَبُوْ هُرَيْرَةَ صِنْفَانِ مِنْ اَهْلِ النَّارِ لَمْ اَرَهُمَا قَوْمٌ مَعَهُمْ سِيَاطٌ كَاَذْنَابِ الْبَقَرِ يَضْرِبُوْنَ بِهَا النَّاسَ وَنِسَاءٌ كَاسِيَاتٌ عَارِيَاتٌ مُمِيْلَاتٌ مَائِلَاتٌ رُؤُسُهُنَّ كَاَسْنِمَةِ الْبُخْتِ الْمَائِلَةِ لَا يَدْخُلْنَ الْجَنَّةَ وَلَا يَجِدْنَ رِيْحَهَا وَاِنَّ رِيْحَهَا لَتُوْجَدُ مِنْ مَسِيْرَةِ كَذَا وَكَذَا اسلم مین ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ دو قسم کے دوزخی لوگ ہین کہ اُن کو مین نے نہین دیکھا ایک قوم تو وہ ہین کہ اُنکے ساتھہ کوڑے رہین گے جیسے بیلون کی دُمین کہ اُنسے لوگون کو مارینگے اور دوسری قسم وہ عورتین ہین جو کپڑے پہنے ہین اور ننگی ہین مردون کو اپنی طرف جھکاتی ہین آپ مردون کی طرف جھکتے ہین سر اُنکے جیسے اونٹون کے جھکے کوہان وہ عورتین بہشت مین نجاوینگی اور اُسکی خوشبو پاوینگی اور البتہ اُسکی خوشبو ملتی ہے اتنی اور اتنی دور سے یعنے بہت دور سے

ف یعنے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے وقت مین ایسے لوگ نہ تھے اول قسم سے چوبدار اور کوڑے والے مراد ہین

جو نظم

جو مظلوم کو پادشاہ اور حاکم پاس جانے نہین دیتے بلکہ مارتے ہین اور دوسری قسم سے مراد بدکار
عورتین ہین اور یہہ جو فرمایا کہ کپڑے پہنے ہین اور ننگے ہین یعنے انکا ایسا لباس ہے
جس سی بدن نظر آتا ہی جیسے مہین دوپٹے اور جالی کی کرتیان اس حدیث سے صاف
معلوم ہوا کہ ایسا لباس حرام ہی اسواسطے کہ لباس سی غرض یہہ ہی کہ بدن چھپے
پھر جب بدن ہی کھلا رہے تو لباس سے کیا فائدہ ہوا ق ابو ہریرۃ کلمتان خفیفتان ق ۱۵۱۱
علی اللسان ثقیلتان فی المیزان حبیبتان الی الرحمن سبحان اللہ وبحمدہ سبحان
اللہ العظیم بخاری اور مسلم مین ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سی روایت ہی کہ حضرت نے
فرمایا کہ دو بول ہین زبان پر ہلکے تول مین بھاری خدا کے نزدیک پیارے ایک تو سبحان اللہ و
بحمدہ دوسرے سبحان اللہ العظیم خ ۱۵۱۲ ابن عباس نعمتان مغبون فیھما کثیر من خ
الناس الصحۃ والفراغ بخاری مین عبداللہ بن عباس سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا
کہ دو نعمتین ہین جنمین اکثر لوگون کو زیان اور انقصان ہوتا ہی ایک تو تندرستی
دوسرے روزی ہی خاطر جمعی ف یعنی صحت اور فراغت ایسی عمدہ نعمت ہی کہ آدمی ف
جو عبادت اور دینی کام کرے سو کرسکتا ہی لیکن اکثر اس نعمت کی قدر نہین جانتے دنیا دی
کامون مین غفلت اور واہیات مین اس نعمت کو برباد کرکے دین سی مفلس رہ جاتے ہین
م ابو ہریرۃ ثلث اذا خرجن لا ینفع نفسا ایمانھا لم تکن امنت م ۱۳

مِنْ قَبْلُ اَوْ كَسَبَتْ فِيْ اِيْمَانِهَا خَيْرًا طُلُوْعُ الشَّمْسِ مِنْ مَغْرِبِهَا وَالدَّجَّالُ
وَدَابَّةُ الْاَرْضِ مسلم میں ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تین نشانیان
ہیں جب وہ نکلیں تو اس جان کو ایمان لانا فائدہ نہ کریگا جو اُن نشانیوں سے پہلے
نہ ایمان لایا ہو اپنے ایمان میں کچھ بہتری کی ہو یعنی ایمان کو نفاق سے خالص کیا ہو ایک
نشانی تو سورج کا پچھم سے نکلنا دوسری نشانی دجال تیسری نشانی زمین کا جانور

ف یعنے جب یہہ نشانیان ظاہر ہوئیں تو قیامت نمود ہوگئی ایمان بالغیب باقی
نرہا اسواسطے اُسوقت کا ایمان لانا کچھہ فائدہ نکریگا ق اَبُوْ هُرَيْرَةَ ثَلٰثَةٌ لَا ۱۵۱۳
يُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَلَا يَنْظُرُ اِلَيْهِمْ وَلَا يُزَكِّيْهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ
اَلِيْمٌ رَجُلٌ عَلٰى فَضْلِ مَاءٍ بِالْفَلَاةِ يَمْنَعُهُ مِنِ ابْنِ السَّبِيْلِ
وَرَجُلٌ بَايَعَ رَجُلًا بِسِلْعَةٍ بَعْدَ الْعَصْرِ فَحَلَفَ لَهُ بِاللّٰهِ لَاَخَذَهَا
بِكَذَا وَكَذَا فَصَدَّقَهُ وَهُوَ عَلٰى غَيْرِ ذٰلِكَ وَرَجُلٌ بَايَعَ اِمَامًا لَا
يُبَايِعُهُ اِلَّا لِدُنْيَا فَاِنْ اَعْطَاهُ مِنْهَا وَفٰى لَهُ وَاِنْ لَمْ يُعْطِ مِنْهَا لَمْ
یف بخاری اور مسلم میں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا
کہ تین شخص ہیں جنسے خدا قیامت میں نہ بولیگا اور نہ اُنکو دیکھیگا اور نہ اُنکو گناہ سے
پاک کریگا اور اُنکے لئے عذاب دردناک ہی ایک تو وہ مرد جو بیابان میں

حاجت سی زیادہ پانی پر ہووے اور مسافر کو اُس پانی سے روکے اور دوسرا
مرد وہ ہی جسنی کسی مرد سے ایک جنس کو بیچا عصر کے بعد پھر اُس سے خدا کی قسم کھائی کہ
مین نی اس جنس کو اتنی اور اتنی قیمت کو مول لیا سو اُسنی اُسکو سچا جانا اور حالانکہ اُسنی اتنی
قیمت کو نہ لیا تھا یعنی اُسنی جھوٹی قسم کھائی اور تیسرا مرد وہ ہی جسنے ایک امام سے
بیعت کی اور اُسنی بیعت ہنین کی مگر دنیا ہی کے واسطے سو اگر امام نی دنیا سی اُسکو کچھ دیا
تو اُس نی عہد پورا کیا اور اگر دنیا سی اُسنے کچھ نہ دیا تو اُسنے عہد نہ پورا کیا ف بائع کو جھوٹی
قسم کھانا ہر وقت گناہ ہی لیکن عصر کے بعد زیادہ تر گناہ ہی کہ اسوقت مین فرشتے حاضر ہوتے
ہین ۱۵۱۴ م ابو ہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تین شخص ہین جنسے خدا کلام نکریگا
قیامت کے دن اور نہ اُنکو گناہون سے پاک کریگا اور نہ اُنکی طرف رحمت کی نظر دیکھیگا
اور اُنکو سخت مار ہوگی ایک بڈھا حرام کار دوسرا جھوٹا بادشاہ تیسرا مغرور محتاج
جور و لڑکے والا یعنے غرور سی نہ بیت المال سے اپنا حق لیوی نہ نوکری اور کسب سے اپنے
لوگونکی خبر گیری کرے ف ہر چند حرام کاری اور جھوٹھ اور غرور سب کے حق مین بُرا ہے لیکن
اِن تین شخصون کے حق مین نہایت بیموقع ہی کہ باوجود پیری کے حرام کاری

سراسر شقاوت ہی اور باوجود پادشاہی اور سرداری کے جھوٹھ بولنا بے فائدہ ہے
اور باوجود محتاجی کے گھمنڈ کرنا نہایت نامناسب ہی ۱۵۱۵ ھ ابوذر ثلثۃ لا یکلمھم
اللہ یوم القیمۃ ولا ینظر الیھم ولا یزکیھم ولھم عذاب الیم قال فقرأھا
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ثلث مرات قال ابوذر خابوا وخسروا
من ھم یا رسول اللہ قال المسبل والمنان والمنفق سلعتہ بالحلف
الکاذب مسلم میں ابوذر رضہ سے روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ تین شخص ہین کہ جنسے خدا
کلام نکریگا قیامت کے دن اور اُنکی طرف بنظر رحمت نہ دیکھیگا اور اُنکو گناہون
سے نہ پاک کریگا اور اُنکو عذاب دردناک ہی ابوذر نے کہا پھر حضرت نے اسکو
تین بار پڑھا ابوذر نے کہا برباد ہوگئے وہ لوگ اور اُنکو ٹوٹا پڑا کون ہین
وہ لوگ یارسول اسہ حضرت نے فرمایا ایک ازار کا لٹکانے والا یعنے جسکا پاجامہ
یا ازار ٹخنے سے نیچے رہے دوسرا خیرات کرنیوالا جو احسان جتاوی تیسرا
۱۵۱۶ ق بیچنے والا جو اپنی چیز کی کرم بازاری کرے جھوٹی قسم کھاکر ق ابوموسی
ثلثۃ لھم اجران رجل من اھل الکتاب امن بنبیہ
وامن بمحمد والعبد المملوک اذا ادی حق اللہ وحق
موالیہ ورجل کانت عندہ امۃ یطوھا فادبھا فاحسن

تادیبھا

فَادَّبَهَا وَعَلَّمَهَا فَاَحْسَنَ تَعْلِيمَهَا ثُمَّ اَعْتَقَهَا فَتَزَوَّجَهَا فَلَهُ اَجْرَانِ

بخاری اور مسلم میں ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تین شخص ہیں
کہ جن کو دوہرا ثواب ہے ایک مرد تو اہل کتاب سے یعنی یہودی اور نصرانی جو ایمان لایا اپنے
پیغمبر کا اور ایمان لایا محمدؐ کا دوسرا وہ مملوک جسنے خدا کا اور اپنے مالکون کا حق
ادا کیا تیسرا وہ مرد جسکے پاس ایک لونڈی تھی جس سے صحبت کرتا تھا پھر اسنے اسکو
ادب سکھلایا سو بہت اچھی طرح اسکو ادب سکھلایا اور اسکو شرع کے حکم بتلائے
سو اسکی اچھی طرح تعلیم کی پھر اسکو آزاد کیا بعد اسکے اُسسے نکاح کر لیا تو اسکے واسطے
دو ثواب ہیں یعنی ایک ثواب تعلیم اور آزادی کا دوسرا ثواب نکاح کر لینے کا ۵ ۱۵۱۷

اَبُو قَتَادَةَ ثَلٰثَةٌ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ وَرَمَضَانُ اِلٰى رَمَضَانَ فَهٰذَا
صِيَامُ الدَّهْرِ كُلِّهِ صِيَامُ يَوْمِ عَرَفَةَ اَحْتَسِبُ عَلَى اللّٰهِ اَنْ يُكَفِّرَ السَّنَةَ
الَّتِيْ قَبْلَهُ وَالسَّنَةَ الَّتِيْ بَعْدَهُ وَصِيَامُ يَوْمِ عَاشُوْرَاءَ اَحْتَسِبُ عَلَى
اللّٰهِ اَنْ يُكَفِّرَ السَّنَةَ الَّتِيْ قَبْلَهُ مسلم میں ابو قتادہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ تین روزے ہر ایک مہینے سے اور رمضان کا روزہ دوسرے رمضان تک
سو یہ تمام سال کا روزہ ہے عرفے کے دن کا روزہ میں امید رکھتا ہوں خدا سے
یہ کہ گناہ مٹا دیگا ایک برس پہلے کا اور ایک برس پچھلے کا اور محرم کی دسویں تاریخ کا

روزہ ہین خدا سے امید رکھتا ہون کہ پہلے برس کا گناہ مٹا دیگا ف مصابیح مین
ابو قتادہ سی روایت ہے کہ عمر فاروق نی کہا یا رسول اللہ سال بہر کا روزہ رکھنا کیسا ہے
حضرت نی فرمایا کہ سال بہر کا روزہ رکھنی والا نہ روزہ دار ہے نہ بے روزہ یعنی
درست نہین بہر بہہ حدیث فرمائی یعنی جسکو سال بہر روزہ رکھنے کا شوق ہو سو
رمضان کا اور ہر مہینے مین تین دن روزہ رکھے اسکو سال بہر کے روزے کا ثواب
۱۵۱۸ م علیکا م اُمِّ سَلَمَةَ ثَلٰثٌ لِلثَّيِّبِ وَسَبْعٌ لِلْبِكْرِ مسلم مین حضرت ام سلمہ سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ تین راتین بیوہ عورت کو اور سات راتین کواری عورت کو ف یعنی اگر
بیوہ عورت سی نکاح کرے تو تین راتین برابر اسکے پاس رہے اور کواری پاس سات راتین
۱۵۱۹ ق رہے اور یہی مذہب ہے امام شافعی کا ق اَنَسٌ ثَلٰثٌ مَنْ كُنَّ فِيْهِ وَجَدَ حَلَاوَةَ
الْاِيْمَانِ مَنْ كَانَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَحَبَّ اِلَيْهِ مِمَّا سِوَاهُمَا وَاَنْ يُّحِبَّ الْمَرْءَ
لَا يُحِبُّهٗ اِلَّا لِلّٰهِ وَاَنْ يَّكْرَهَ اَنْ يَّعُوْدَ فِى الْكُفْرِ بَعْدَ اَنْ اَنْقَذَهُ اللّٰهُ
مِنْهُ كَمَا يَكْرَهُ اَنْ يُّقْذَفَ فِى النَّارِ بخاری اور مسلم مین انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ تین خصلتین ہین کہ جسمین وہ ہونگی وہ ایمانی شیرینی کا مزہ پاوی گا
ایک وہ شخص جسکے نزدیک اللہ اور اسکا نام عالم سے زیادہ تر محبوب ہو دوسرے یہہ کہ
محبت کرے مرد سے اس طرح کہ نچاہتا ہو اسکو مگر خدا ہی کے لیے یعنی محبت مین دنیا کا کچھ

حلاوت ایمان اور اسکے
چیز کی محبت دینی محبت
خدا اور رسول

لگاوہین تیسرے یہہ کہ برا جانے کفر مین پھر پلٹ جانے کو بعد اسکے کہ خدا نے اسکو کفر سے نکالا جیسے اسکو برا لگتا ہے آگ مین ڈالا جانا یعنی کفر سے ایسا ڈرے جیسے آگ سے ڈرتا ہے ف تمام عالم سے خدا اور رسول کو زیادہ چاہنے کا یہہ پتا ہے کہ خدا اور رسول کی رضامندی کو سب کی رضامندی پر مقدم رکھے خلاف شرع کام مین کسی کی رعایت کرے خواہ پیر ہو خواہ آقا ف ابو مالک اشعری عن ابیہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اربع فی امتی من امر الجاھلیۃ لا یترکونھن الفخر بالاحساب والطعن فی الانساب والاستسقاء بالنجوم والنیاحۃ مسلم مین ابو مالک رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ چار خصلتین میری امت مین زمانہ کفر کی رسین ہین جنکو نہ چھوڑین گے ایک تو بڑائی مارنا اپنے خاندانون کی دوسرے عیب لگانا لوگون کے نسب مین تیسرے مینہہ کو چاہنا ستارون سے یعنی نکھت کی تاثیر مینہہ کو سمجھنا چوتھے نوحہ کرنا ف فی الحقیقت یہہ کفر کی رسین اس امت مین جاری ہین تمام عوام اعتقاد و نحوم اور نوحہ گری مین گرفتار ہین اور خاندان پر فخر کرنا اور غیرون کے نسب مین طعن کرنا اکثر خواص مین بھی موجود ہے اللہ پناہ مین رکھے ق عبداللہ بن عمرو اربع من کن فیہ کان منافقا خالصا ومن کانت فیہ خصلۃ منھن کانت فیہ خصلۃ من النفاق حتی یدعھا اذا ائتمن خان واذا حدث کذب واذا عاھد غدر واذا خاصم فجر بخاری اور مسلم مین عبد بن عمرو سے روایت ہے

ف بقای سوء خاتمہ ومیت جاہلیہ

ف ۱۵۲ علامات نفاق و مقت شدید

کہ حضرت نے فرمایا کہ چار چیزین ہین کہ جسمین وہ چار ہون گی وہ خالص منافق ہے اور جسمین ایک
خصلت ہوگی اُن چارون سے تو اُسمین ایک ہی نفاق کی خو ہے یہان تک کہ اُسکو چھوڑ دیوی
ایک تو یہہ کہ جب اُسکے پاس امانت رکھے تو اُسمین خیانت کری دوسرے یہہ کہ جب بات کہے
تو جھوٹھ بولے تیسری یہہ کہ جب قول اور قرار کری تو اُسکے خلاف کرے چوتھے یہہ کہ جب
جھگڑا ہو جھگڑا کری تو ناحق پر چلے اور یہان بانٹے ف منافق دو قسم ہین ایک
یہہ کہ دل مین کفر ہو صرف زبان سے اسلام کا اقرار کری حضرت کے وقت مین جو منافق تھے سو
اسی طرح کے تھے دوسرے یہہ کہ دلمین کفر نہین بلکہ اسلام ہے لیکن سست اعتقاد اور فسق و فجور
مین گرفتار سو اس حدیث مین دوسری قسم کا نفاق مراد ہے یعنی ایمان کے لایق تو یہہ تھا
کہ آدمی ان بد کامون سے بچتا پھر جب انمین گرفتار ہے تو اسلام کا لطف اسمین کچھ ظاہر نہوا
اس واسطے اُسکو منافق فرمایا ق طلحۃ بن عبید اللہ خمس صلوات فی الیوم ق ۱۵۲۲
واللیلۃ فقال رجل سالہ عن الاسلام فقال ھل علی غیرھن فقال لا
الا ان تطوع قال وصیام شھر رمضان فقال ھل علی غیرہ
فقال لا الا ان تطوع وذکر لہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
الزکوٰۃ فقال ھل علی غیرہ فقال لا الا ان تطوع فادبر الرجل وھو
یقول واللہ لا ازید علی ھذا ولا انقص منہ فقال رسول اللہ

صلی اللہ علیہ وسلم افلح ان صدق وبروی افلح وابیہ ان صدق او
دخل الجنۃ وابیہ ان صدق بخاری اور مسلم مین طلحہ بن عبید اللہ سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ پانچ نمازین ہین ایک رات اور ایک دن مین یہہ حضرت نے اس مرد سے
کہا جسنے حضرت سے اسلام کی ارکان پوچھے پھر اس مرد نے کہا کہ کیا میرے اوپر ان پانچ کے سوای اور
بھی نماز ہے تو حضرت نے فرمایا کہ نہین مگر اس طرح کہ تو نفل نماز پڑھے تو درست ہے حضرت نے
فرمایا کہ اور رمضان کے مہینے کے روزے پھر اسنے کہا کیا میری اوپر اسکے سوای بھی روزے
ہے تو حضرت نے فرمایا نہین مگر یہہ کہ تو نفل روزہ رکھے اور حضرت نے اس سے زکوۃ کا ذکر کیا
تو اسنے کہا کیا مجھپر زکوۃ کی سوای بھی دینا فرض ہے حضرت نے فرمایا کہ نہین مگر یون کہ
تو بطور نفل دیوی پھر پلٹ چلا وہ مرد اور کہتا جاتا تہا کہ خدا کی قسم کہ اسپر نہ بڑہاونگا
اور نہ اسمین سے کچھ گھٹاونگا تو حضرت نے فرمایا کہ مرد کو پہنچا اگر یہہ سچا ہے اور دوسری
روایت یون ہے کہ مرد کو پہنچا اسکے باپ کی قسم اگر وہ سچا ہے یا یون فرمایا کہ بہشت مین
داخل ہوا اسکے باپ کی قسم اگر وہ سچا ف حضرت نے حج کا ذکر نہین کیا اسواسطے
کہ اسکا سوال سب اسلام کے ارکان سے نہ تہا اور یہہ جو اسنے کہا کہ مین نہ بڑہاونگا نہ گھٹاونگا
یعنی ان فرض چیزون مین اپنی طرف سے زیادتی کمی نکرونگا اور یہہ مطلب نہین کہ فرض کے سوای
سنت نفل نہ ادا کرونگا اور حضرت نے جو اسکے باپ کی قسم کہائی تو عرب کی عادت کے

موافق حضرت کی زبان سے نکل گئی تعظیم منظور نہ تھی یا غیر خدا کی قسم اسکے بعد منع
ہوئی ق عَائِشَةُ خَمْسٌ مِنَ الدَّوَابِّ كُلُّهُنَّ فَاسِقٌ يُقْتَلْنَ فِي الْحَرَمِ
الْغُرَابُ وَالْحِدَأَةُ وَالْعَقْرَبُ وَالْفَأْرَةُ وَالْكَلْبُ الْعَقُورُ بخاری اور
مسلم میں عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضرت نبی فرمایا کہ پانچ جانور ہیں وہ سب موذی
اور بد ذات ہیں مار ڈالے جاویں حرم میں ایک تو کوا دوسرے چیل تیسرے بچھو چوتھے چوہا پانچویں
کتا کاٹنے والا جب کے ہیں انکا مار ڈالنا درست ہوا تو اور جگہ بطریق اولی انکو قتل کرنا
درست ہے ق اَبُوْهُرَيْرَةَ سَبْعَةٌ يُظِلُّهُمُ اللّٰهُ فِي ظِلِّهٖ يَوْمَ لَا ظِلَّ اِلَّا ظِلُّهُ
اِمَامٌ عَادِلٌ وَشَابٌّ نَشَاَ فِي عِبَادَةِ اللّٰهِ وَرَجُلٌ قَلْبُهُ مُعَلَّقٌ فِي
الْمَسَاجِدِ وَرَجُلَانِ تَحَابَّا فِي اللّٰهِ اجْتَمَعَا عَلَيْهِ وَتَفَرَّقَا عَلَيْهِ وَرَجُلٌ
دَعَتْهُ اِمْرَاَةٌ ذَاتُ مَنْصِبٍ وَجَمَالٍ فَقَالَ اِنِّي اَخَافُ اللّٰهَ وَرَجُلٌ
تَصَدَّقَ بِصَدَقَةٍ فَاَخْفَاهَا حَتّٰى لَا تَعْلَمَ شِمَالُهُ مَا تُنْفِقُ يَمِيْنُهُ وَرَجُلٌ
ذَكَرَ اللّٰهَ خَالِيًا فَفَاضَتْ عَيْنَاهُ بخاری اور مسلم میں ابوہریرہ رضی سے روایت ہے
کہ حضرت نبی فرمایا کہ سات شخص ہیں جنکو خدا اپنے سائے میں رکھے گا جس دن اسکے
سائے کے سوا کہیں سایہ نہ ہوگا یعنی قیامت میں ایک تو منصف سردار دوسرا
وہ جوان جو امنگ جوانی سے خدا کی بندگی میں مشغول ہوا تیسرا وہ مرد جسکا دل مسجد میں

ق ۱۲۳ جواز قتل پنج جانور موذی

ق ۱۲۴ [illegible]

لگا رہتا ہے

لگا رہتا ہے یعنے بار بار جماعت کی واسطے مسجد مین جاتا ہے اور مسجد کے بنا و چناؤ مین
لگا رہتا ہے چوتھے وہ دو مرد جو خدا ہی کے واسطے آپسمین محبت رکھتی ہین ملتے ہین اسی پر
اور جدا ہوتے ہین تو اسی پر پانچوان وہ مرد جسکو اقتدار باعث خوبصورت عورت نی بلایا
یعنی بدکاری کے واسطی سو اسنی کہا کہ مین خدا سی ڈرتا ہون چھٹا وہ مرد جسنے خیرات کی
تو اسکو چھپایا یہان تک کہ نہین جانتا اسکا بایان ہاتھ کہ کیا خرچ کیا اسکے داہنے ہاتھ نے
ساتوان وہ مرد جسنے خدا کو یاد کیا خالی مکان مین سو جاری ہوگئین اسکی آنکھین یعنی خوف
الٰہی سے رویا ۱۵۲۵ عَائِشَةُ عَشْرٌ مِنَ الْفِطْرَةِ قَصُّ الشَّارِبِ وَاِعْفَاءُ اللِّحْيَةِ
وَالسِّوَاكُ وَاسْتِنْشَاقُ الْمَاءِ وَقَصُّ الْاَظْفَارِ وَغَسْلُ الْبَرَاجِمِ وَنَتْفُ
الْاِبْطِ وَحَلْقُ الْعَانَةِ وَانْتِقَاصُ الْمَاءِ قَالَ الرَّاوِيْ وَنَسِيْتُ الْعَاشِرَةَ
اِلَّا اَنْ تَكُوْنَ الْمَضْمَضَةَ مسلم عن حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ
دس چیزین پیدائشی سنت ہین ایک تو خوب موچھہ کترانا دوسرے داڑھی چھوڑنا بقدر قبضہ
تیسرے مسواک کرنا چوتھی پانی سے ناک صاف کرنا پانچوین ناخن کاٹنا چھٹے انگلیون کے جوڑون کو
دھونا کہ میل نہ جم رہے ساتوین بغل کے بال اکھاڑنا آٹھوین زیر ناف کے بال مونڈنا نوین پیشاب کے
پانی سے استنجا کرنا راوی نی کہا کہ مین دسوین چیز بھول گیا مگر یہہ کہ کلی ہو یعنی خوب
۱۵۲۶ خ یاد نہین لیکن قرینے سے معلوم ہوتا ہے کہ دسوین چیز شاید کلی کرنا مراد ہو خ عَبْدُ اللّٰهِ

بن عمرو اربعون خصلة اعلاها منيحة العنز ما من عامل يعمل
بخصلة منها رجاء ثوابها وتصديق موعودها الا ادخل الله بها
الجنة بخاری میں عبداللہ بن عمرو سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ چالیس خصلتیں ہیں
اُن سب سے اعلیٰ اور عمدہ بغیر کو بکری عاریت دینا ہے کہ اسکا دودھ پیوے ہیں کوئی ایسا
عامل جو عمل کرے ایک خصلت پر ان چالیس خصلتوں سے ثواب کی امید پر اور اسکے وعدے کو سچا
جان کر مگر کہ خدا اسکو بہشت میں داخل کرے گا ف اس حدیث میں اُن چالیس خصلتوں کو مفصل
نہیں ذکر فرمایا شاید کہ احسان اقسام مراد ہیں یعنی خلق کو طرح طرح کے فائدہ رسانے

## فصل

اس فصل میں دو حدیثیں ہیں جن کے سر پر قسم ہے بلفظ والذی

۱۵۲ م ابو ہریرۃ والذی نفس محمد بیدہ لا یسمع بی احد من ہذہ الامۃ
یہودی ولا نصرانی ولا یموت ولم یؤمن بالذی ارسلت بہ الا کان من اصحاب
النار مسلم میں ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ قسم اسکی جسکے قابو میں محمد
صلی اللہ علیہ وسلم کی جان ہے کہ نہ سنیگا مجھکو کوئی اس امت سے یہودی ہو خواہ نصرانی
اور ایمان نہ لاوے اسکا جسکے واسطے میں بھیجا گیا یعنی شریعت کا مگر کہ وہ ایمان نہ لا
ہو دوزخیوں سے ہوگا ف امت وہ قسم ہے ایک امت دعوت یعنی جن کو اسلام کی طرف

بلا یا اُسمین کافر اور مسلمان سب داخل ہین دوسرے امتا جابت یعنی جو لوگ ایمان لائے
اسمین صرف مسلمان داخل ہین اُمت سے مراد اس حدیث مین امت دعوت ہے ف
یہودی اور نصرانی کو بس واسطے خاص کرکے ذکر کیا کہ باوجود اہل کتاب ہونے کے جبان پر بھی
حضرت کا ایمان لانا فرض ہوا تو غیر اہل کتاب کو بطریق اولی ایمان لانا فرض ہوگا
اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جہان حضرت کی اور اسلام کے دین کی خبر پہنچی تو وہ لوگ
معذور نہین اُن سے صرف خدا کی توحید کا سوال ہوگا رسالت کا سوال نہوگا ف ابو
هُرَيْرَةَ وَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ لَا يَأْتِي عَلَى أَحَدٍ كُمْ يَوْمٌ وَلَا يَرَانِي ثُمَّ لَا
يَرَانِي أَحَبَّ إِلَيْهِ مِنْ أَهْلِهِ وَمَالِهِ مَعَهُمْ مسلم مین ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ قسم ہے اسکی جسکے قابو مین محمد کی جان ہے کہ تم مین سے کسی پر
البتہ ایک دن آویگا اور مجھکو نہ دیکھیگا پھر تو مقرر میرا دیکھنا اسکے نزدیک دوست تر
ہوگا اسکے گھر والون اور مال سے باوجود مال اور گھر والون کے ف اس حدیث مین
حضرت نے اپنی موت کا اشارہ فرمایا کہ اصحاب حضرت کی صحبت کو غنیمت جانین حضرت کے
صرف دیدار کی یہہ تاثیر تھی کہ دمبدم یقین کامل ہوتا تھا اور ادب اور نیک اخلاق
حاصل ہوتے تھے اسواسطے اصحاب کو اپنے اہل و عیال اور مال سے حضرت کی صحبت
زیادہ تر محبوب تھی بلکہ اب بھی عشاق محمدیون کا یہہ حال ہے کہ خواب مین حضرت کے دیدار

(۱۳۵)

میرے آنے پر تمام عالم کو قربان کرتے ہیں ھر حنظلۃ الاسیدی والذی نفسی
بیدہٖ ان لو تدومون علی ما تکونون عندی وفی الذکر لصافحتکم
الملٰئکۃ علی فرشکم وفی طرقکم ولکن یا حنظلۃ ساعۃ وساعۃ
ثلث مرات سلم میں حنظلہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ قسم اسکی جسکے
قابو میں میری جان ہے کہ اگر تم سدا بنے رہو اسی حال پر جس طرح میرے پاس رہتے ہو
اور یاد الٰہی میں رہو تو البتہ تم سے فرشتے مصافحہ کرتے تمہاری فرشتوں پر اور
تمہاری راہوں میں ولیکن ای حنظلہ ایک ساعت دنیا کا کاروبار اور دوسری ساعت
یاد پروردگار ف مصابیح میں حنظلہ سے روایت ہے کہ میں اور صدیق اکبر حضرت کے
پاس گئے میں نے کہا یا رسول اللہ حنظلہ تو منافق ہو گیا ہے حضرت نے فرمایا کہ کیوں کر ہے
میں نے کہا ہم لوگ حضرت کی خدمت میں رہتے ہیں آپ ہمکو دوزخ اور بہشت کو یاد
دلاتے ہیں گویا ہم انکھ سے دیکھتے ہیں پھر جب حضرت کی پاس سے جاتے ہیں اور خورد
لڑکوں اور کسب و کار میں مشغول ہوتے ہیں تو اکثر باتیں بھول جاتے ہیں تب حضرت نے
یہہ حدیث فرمائی یعنے اگر حضور ہر دم بنا رہے تو آدمی سے بالکل اسی عالم کا کاروبار
معطل ہو جاوی فرشتوں کا عالم نظر پڑے اسواسطے وہ حال ہر دم نہیں رہتا
اسکو نفاق نجانا چاہیے کہ غفلت کا انا حکمت سے خالی نہیں شعر غفلت بجہان

ق ۵۳۲ اگر نبودی از عمر دمی بسه نبودی ق اَنَسٌ وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہٖ اِنَّکُمْ لَاَحَبُّ
النَّاسِ اِلَیَّ مَرَّتَیْنِ یعنے الانصار بخاری اور مسلم مین انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ قسم ہے اسکی جسکے قابو مین میری جان ہے کہ البتہ تم لوگ یعنی انصار
میری نزدیک سب لوگون سی زیادہ تر پیارے ہو حضرت نے دوبار اسکو فرمایا خ اَبُوْ ح ۵۳۳
سَعِیْدٍ وَقَتَادَۃُ بْنُ النُّعْمَانِ وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہٖ اِنَّھَا لَتَعْدِلُ ثُلُثَ
الْقُرْاٰنِ یعنے سورۃ الاخلاص بخاری مین ابوسعید سے اور قتادہ بن نعمان سی روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ قسم ہے اسکی جسکے قابو مین میری جان ہے کہ البتہ قل ہو اللہ احد برابر ہے
قرآن کی تہائی کے م اَبُوْ ذَرٍّ وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہٖ لَاٰیَتُہٗ اَکْثَرُ مِنْ م ۱۵۳۴
عَدَدِ نُجُوْمِ السَّمَآءِ وَکَوَاکِبِھَا اَلَا فِی اللَّیْلَۃِ الْمُظْلِمَۃِ الْمُصْحِیَۃِ اِنَّہٗ
اَلْجَنَّۃَ مَنْ شَرِبَ مِنْہُ لَمْ یَظْمَأْ اٰخِرَ مَا عَلَیْہِ یَشْخُبُ فِیْہِ مِیْزَابَانِ
مِنَ الْجَنَّۃِ مَنْ شَرِبَ مِنْہُ لَمْ یَظْمَأْ عَرْضُہٗ مِثْلُ طُوْلِہٖ مَا بَیْنَ عَمَّانَ
اِلٰی اَیْلَۃَ مَاؤُہٗ اَشَدُّ بَیَاضًا مِنَ اللَّبَنِ وَاَحْلٰی مِنَ الْعَسَلِ فَاَکْوَابُہٗ عَدَدُ
قَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ مَا اٰنِیَتُہُ الْحَوْضِ مسلم مین ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ اسکی قسم جسکے قابو مین میری جان ہے البتہ حوض کوثر کے برتن زیادہ تر
ہین آسمان کے چھوٹے بڑے ستارونکی گنتی سے برتنونکی کثرت جان رکھہ جیسے ستارے روشن

کرشت ہوتی ہے اندھیری بی بدلی والی رات مین بہشت کی برتن جو اُسنے پیئے پیاسا
نرہے آخر زمانے تک یعنی ہمیشہ چھکا رہے اُس حوض مین بہشت کے دو پرنالے بہتے ہین
جو اُسنے پیئے پیاسا نرہے اُسکا چوڑاؤ لمبائو کے برابر ہے جتنا فرق ہے عمان سے ایلہ تک
پانی اُسکا زیادہ تر سفید دودھ سے اور شیرین تر شہد سے یہہ حضرت ابی ذر سے فرمایا جب
کہ ابوذر نے کہا یارسول اللہ حوض کوثر کے برتن کتنے ہین ف عمان و ایلہ شہر ہین شام مین

ق ۱۵۳ ق اَبُوْهُرَيْرَةَ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَاَذُوْدَنَّ رِجَالًا عَنْ حَوْضِيْ كَمَا تُذَادُ
الْغَرِيْبَةُ مِنَ الْاِبِلِ عَنِ الْحَوْضِ بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا اُسکی قسم جسکے قابو مین میری جان ہے البتہ مین ہانکونگا کچھ مردون کو اپنے حوض
کوثر سے جیسے حوض پر سے غیر کے اونٹ ہنکے جاتے ہین ف یعنے کفار اور منافق اور مرتد

م ۱۵۳۶ حوض کوثر سے ہٹائے جاوینگے م اَبُوْهُرَيْرَةَ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَا
تَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ حَتّٰى تُؤْمِنُوْا وَلَا تُؤْمِنُوْنَ حَتّٰى تَحَابُّوْا اَوَلَا اَدُلُّكُمْ
عَلٰى شَيْءٍ اِذَا فَعَلْتُمُوْهُ تَحَابَبْتُمْ اَفْشُوا السَّلَامَ بَيْنَكُمْ مسلم مین ابو
ہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا اُسکی قسم جسکے قابو مین میری جان ہے کہ بہشت مین نجاؤ گے
جبتک ایمان نہ لاؤ گے اور پورے ایماندار نہوگے جبتک آپسمین محبت نہ پیدا کروگے کیا
مین تمکو نہ بتلادون وہ چیز کہ جب اُسکو کروتو آپسمین دوستدار بن جاؤ سلام علیک

کرنا

بلایا اُسمین کافر اور مسلمان سب داخل ہین دوسرے امت اجابت یعنی جو لوگ ایمان لائے
اسمین صرف مسلمان داخل ہین امت سے مراد اس حدیث مین امت دعوت ہے ف
یہودی اور نصرانی کو جس واسطے خاص کرکے ذکر کیا کہ باوجود اہل کتاب ہونے کے جہان پر بھی
حضرت کا ایمان لانا فرض ہوا تو غیر اہل کتاب کو بطریق اولی ایمان لانا فرض ہوگا
اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جہان حضرت کی اور اسلام کے دین کی خبر پہنچی تو وہ لوگ
معذور نہین اُن سے صرف خدا کی توحید کا سوال ہوگا رسالت کا سوال نہوگا م ابو ۱۵۳۰ ق
هُرَيْرَةَ وَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ لَا يَأْتِي عَلَى أَحَدٍ كَيْوَمٍ وَلَا يَرَانِي ثُمَّ لَا أَنْ
يَرَانِي أَحَبَّ إِلَيْهِ مِنْ أَهْلِهِ وَمَالِهِ مَعَهُمْ مسلم مین ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ قسم ہے اسکی جسکے قابو مین محمد کی جان ہے کہ تم مین سے کسی پر
البتہ ایک دن آویگا اور مجھکو نہ دیکھیگا پھر تو مقرر میرا دیکھنا اسکے نزدیک دوست تر
ہوگا اسکے گھر والون اور مال سے باوجود مال اور گھر والون کے ف اس حدیث مین ف
حضرت نے اپنی موت کا اشارہ فرمایا کہ اصحاب حضرت کی صحبت کو غنیمت جانین حضرت کے
صرف دیدار کی یہہ تاثیر تھی کہ دمبدم یقین کامل ہوتا تھا اور ادب اور نیک اخلاق
حاصل ہوتے تھے اسواسطے اصحاب کو اپنے اہل و عیال اور مال سے حضرت کی صحبت
زیادہ تر محبوب تھی بلکہ اب بھی عشاق محمدیون کا یہہ حال ہے کہ خواب مین حضرت کے دیدار

۴۵

علیہ آنے پر تمام عالم کو قربان کرتے ہین ف حنظلۃ الاسیدی والذی نفسی
بیدہ ان لو تدومون علی ما تکونون عندی وفی الذکر لصافحتکم
الملئکۃ علی فرشکم وفی طرقکم ولکن یا حنظلۃ ساعۃ وساعۃ
ثلث مرات مسلم مین حنظلہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ قسم ہے اسکی جسکے
قابو مین میری جان ہے کہ اگر تم سدا اپنے رہو اسی حال پر جس طرح میرے پاس رہتے ہو
اور یاد الہی مین رہو تو البتہ تم سے فرشتے مصافحہ کرین تمہاری فرشتون پر اور
تمہاری راہون مین ولیکن ای حنظلہ ایک ساعت دنیا کا کاروبار اور دوسری ساعت
یاد پروردگار ف مصابیح مین حنظلہ سے روایت ہے کہ مین اور صدیق اکبر حضرت کے
پاس گئے مین نے کہا یارسول اللہ حنظلہ تو منافق ہو گیا ہے حضرت نے فرمایا کہ کیون کر ہے
مین نے کہا ہم لوگ حضرت کی خدمت مین رہتے ہین آپ ہمکو دوزخ اور بہشت کو یاد
دلاتے ہین گویا ہم انکھ سے دیکھتے ہین پھر جب حضرت کی پاس سے جاتے ہین اور خورد
لڑکون اور کسب و کار مین مشغول ہوتے ہین تو اکثر باتین بھول جاتے ہین تب حضرت نے
یہہ حدیث فرمائی یعنے اگر حضور ہر دم بنا رہے تو آدمی سے بالکل اسی عالم کا کاروبار
معطل ہو جاوی فرشتون کا عالم نظر پڑے اسواسطے وہ حال ہر دم نہین رہتا
اسکو نفاق نجانا چاہیے کہ غفلت کا انا حکمت سے خالی نہین شعر غفلت بجہان

ق ۱۵۳۲ اکر نبودی از عمر دمی بر نبودی ق اَنَسٌ وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہٖ اِنَّکُمْ لَاَحَبُّ
النَّاسِ اِلَیَّ مَرَّتَیْنِ یَعْنِی الْاَنْصَارَ بخاری اور مسلم میں انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے
کہ حضرت نبی نے فرمایا کہ قسم ہے اسکی جسکے قابو میں میری جان ہے کہ البتہ تم لوگ یعنی انصار
میری نزدیک سب لوگوں سی زیادہ تر پیارے ہو حضرت نبی دوبار اسکو فرمایا خ اَبُوْ
ح ۱۵۳۳ سَعِیْدٍ وَقَتَادَۃُ بْنُ النُّعْمَانِ وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہٖ اِنَّہَا لَتَعْدِلُ ثُلُثَ
الْقُرْاٰنِ یَعْنِیْ سُوْرَۃَ الْاِخْلَاصِ بخاری میں ابوسعید سے اور قتادہ بن نعمان سی روایت ہے
کہ حضرت نبی نے فرمایا کہ قسم ہے اسکی جسکے قابو میں میری جان ہے کہ البتہ قل ہو اللہ احد برابر ہے
م ۱۵۳۴ قرآن کی تہائی کے ہ اَبُوْ ذَرٍّ وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہٖ لَاَنِیَتُہٗ اَکْثَرُ مِنْ
عَدَدِ نُجُوْمِ السَّمَآءِ وَکَوَاکِبِہَا اَلَا فِی اللَّیْلَۃِ الْمُظْلِمَۃِ الْمُصْحِیَۃِ اِنِیَتُہٗ
اَلْجَنَّۃِ مَنْ شَرِبَ مِنْہُ لَمْ یَظْمَأْ اٰخِرَ مَا عَلَیْہِ یَشْخُبُ فِیْہِ مِیْزَابَانِ
مِنَ الْجَنَّۃِ مَنْ شَرِبَ مِنْہُ لَمْ یَظْمَأْ عَرْضُہٗ مِثْلُ طُوْلِہٖ مَا بَیْنَ عُمَانَ
اِلٰی اَیْلَۃَ مَاؤُہٗ اَشَدُّ بَیَاضًا مِنَ اللَّبَنِ وَاَحْلٰی مِنَ الْعَسَلِ فِیْہِ اَبَارِیْقُ
قَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ مَا اٰنِیَتُہُ الْحَوْضِ مسلم میں ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے
کہ حضرت نبی نے فرمایا کہ اسکی قسم جسکے قابو میں میری جان ہے البتہ حوض کوثر کے برتن زیادہ تر
ہیں آسمان کے چھوٹے بڑے ستاروں کی گنتی سے برتنوں کی کثرت جان رکھ جیسے ستاروں

کرشت ہوتی ہے اندھیری بی بدلی والی رات مین بہشت کی برتن جو اُنسے پیئے پیاسا
نرہے آخر زمانے تک یعنی ہمیشہ چھکا رہے اُس حوض مین بہشت کے دو پرنالے بہتے ہین
جو اُسسے پیئے پیاسا نرہے اُسکا چوڑاؤ لمبائو کے برابر ہے جتنا فرق ہے عمان سے ایلہ تک
پانی اُسکا زیادہ تر سفید دودھ سے اور شیرین تر شہد سے یہ حضرت ابو ذر سے فرمایا جب
کہ ابو ذر نے کہا یا رسول اللہ حوض کوثر کے برتن کتنے ہین ف عمان و ایلہ شہر ہین شام مین
ف ۱۵۳ ف ابو ھریرۃ والذی نفسی بیدہ لاذودن رجالا عن حوضی کما تذاد
الغریبۃ من الابل عن الحوض بخاری اور مسلم مین ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا اُسکی قسم جسکے قابو مین میری جان ہے کہ البتہ مین ہانکونگا کچھ مردون کو اپنے حوض
کوثر سے جیسے حوض پر سے غیر کے اونٹ ہانکے جاتے ہین ف یعنے کفار اور منافق اور مرتد
م ۱۵۳۶ حوض کوثر سے ہٹائے جاوین گے م ابو ھریرۃ والذی نفسی بیدہ لا
تدخلون الجنۃ حتی تؤمنوا ولا تؤمنون حتی تحابوا اولا ادلکم
علی شیء اذا فعلتموہ تحاببتم افشوا السلام بینکم مسلم مین ابو
ہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا اُسکی قسم جسکے قابو مین میری جان ہے کہ بہشت مین نجاؤ گے
جبتک ایمان نہ لاؤ گے اور پورے ایماندار نہوگے جبتک آپسمین محبت نہ پیدا کروگے کیا
مین تمکو نہ بتلادون وہ چیز کہ جب اُسکو کروتو آپسمین دوستدار بن جاؤ سلام علیک

کرنا رائج کردوا پنے مسلمان لوگون مین ف یعنے بہشت کا ملنا ایمان پر موقوف ہے
اور ایمان محبت پر موقوف ہے تو معلوم ہوا کہ بہشت محبت پر موقوف ہے پھر حضرت نے
محبت حاصل کرنی کا آسان طریقہ تبلایا یعنی اسلام علیکم کرنا سلام سی اسواسطے
محبت حاصل ہوتی ہے کہ دعا خیر ہے یعنی خدا تجھکو ہر بلا سے سلامت رکھے اور
معمول ہے کہ آدمی اپنے خیرخواہ دعا مانگنے والے کو اپنا دوست جانتا ہے تو آپ بہی اس سے
محبت کرتا ہے ہرچند سخاوت اور احسان بہی محبت کا سبب ہے لیکن احسان اور سخاوت
تمام عالم کے مسلمانون سے نہین ہوسکتی اور سلام آسان بات ہے کہ ہر ایک سی ہوسکتا ہے
سواسواسطے حضرت نے اسی کو خاص کرکے تبلایا لیکن افسوس عجب الٹا زمانہ ہوگیا ہے کہ جہالت اور غرور کے سبب سے
اب بعضی لوگ سلام علیک کرنے سی ناخوش ہوتے ہین اور عداوت پر کمر باندہتے ہین
محبت اور خیرخواہی کے چیزان الٹون کے نزدیک عداوت کا سبب ہوگئی خ ابوہریرہ رضی ۳۷۸ خ
وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہٖ لَا یُؤْمِنُ اَحَدُکُمْ حَتّٰی اَکُوْنَ اَحَبَّ اِلَیْہِ مِنْ وَّلَدِہٖ وَ
وَالِدِہٖ بخاری ہی ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا اسکی قسم جسکے قابو مین
میری جان ہے کہ تم مین سے کوئی پورا ایماندار نہین ہونے کا جب تک کہ مین اسکے نزدیک اسکے
اسکے بیٹے اور اسکے باپ سے زیادہ تر پیارا نہو جاؤن ف یعنی جب میری رضامندی ۱۵۳۸ م
باپ اور بیٹے کی رضامندی پر مقدم رکھے تب پورا ایماندار ہوے ف اَنَسٌ وَّالَّذِیْ

نَفْسِي بِيَدِهٖ لَا يُؤْمِنُ عَبْدٌ حَتّٰى يُحِبَّ لِجَارِهٖ اَوْ لِاَخِيْهِ مَا يُحِبُّ لِنَفْسِهٖ
مسلم میں انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اسکی قسم جسکے قابو میں میری جان ہے
کہ پورا ایماندار بندہ نہو گا یہاں تک کہ محبت کرے اپنے بھائی سے یا یوں فرمایا کہ اپنے
بھائی مسلمان سے دوستی رکھے جیسے اپنی جان سے دوستی رکھتا ہے ۱۵۳۹ م ابو
هُرَيْرَةَ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَتُسْاَلُنَّ عَنْ هٰذَا النَّعِيْمِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ
اُخْرِجَكُمْ مِنْ بُيُوْتِكُمُ الْجُوْعُ ثُمَّ لَمْ تَرْجِعُوْا حَتّٰى اَصَابَكُمْ هٰذَا النَّعِيْمُ
قَالَ لِاَبِيْ بَكْرٍ وَعُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا مسلم میں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ اسکی قسم جسکے قابو میں میری جان ہے کہ مقرر تم پوچھے جاؤ گے اس نعمت سے قیامت کے
دن کہ لایا تمکو تمہارے گھروں سے بھوکا نہ پھرے تم نہ پھرے یہاں تک کہ تمکو یہہ نعمت ملی
یہہ حضرت نے ابی بکر صدیق اور عمر فاروق رضی اللہ عنہما سے فرمایا ف اسکا پورا قصہ
ساتویں باب میں گذرا کہ حضرت اور صدیق اور فاروق بھوکے کے سبب سے ایک انصاری کے
گھر گئے دعوت کے کھانے سے جب خوب آسودہ ہوئے تب یہہ حدیث فرمائی یعنے یوں سوال ۱۵۴۰ م
ہو گا کہ نعمت کو طاعت الٰہی میں صرف کیا یا معصیت میں م اَنَسٌ وَالَّذِيْ
نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَتَضْرِبُوْنَهَا اِذَا صَدَقَكُمْ وَلَتَتْرُكُوْنَهَا اِذَا كَذَبَكُمْ يَعْنِيْ غِلْمَانًا
اَسْوَدَ لِبَنِي الْحَجَّاجِ كَانَ عَلٰى مَرَوَايَا قُرَيْشٍ يَوْمَ بَدْرٍ مسلم میں انس رضی اللہ عنہ سے

روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ قسم ہے اسکی جسکے قابو مین میری جان ہے کہ تم اسکو مارتے ہو
جب وہ تم سے سچ کہتا ہے اور اسکو چھوڑتے ہو جب تم سے جھوٹھ بولتا ہے مراد بنی حجاج کا
وہ سیاہ لڑکا ہے جو جنگ بدر کے دن قریش کے ابکش اونٹون پر تھا ف جنگ بدر مین
جب حضرت کا لشکر اترا تو حضرت کے اصحاب ایک سیاہ رنگ لڑکے کو جو قریش کے ابکش
اونٹون مین تھا پکڑ لائے اور پوچھا کہ ابوسفیان اور اسکے لوگ کہان ہین اسنے کہا کہ مین انکو
نہین جانتا لیکن ابوجہل وغیرہ تو فلانی مقام پر ہین تو اصحاب اسکو مارنے لگے اسنے مار کے
ڈر سے کہا کہ ابوسفیان وغیرہ بھی ہین تو اصحاب نے اسکو مارنا چھوڑا پھر دوسری بار
اس سے پوچھا اسنے کہا کہ مجھکو ابوسفیان کی خبر نہین لیکن ابوجہل وغیرہ تو موجود ہین
اصحاب نے اسکو پھر مارا اور حضرت نماز پڑھتے تھے جب حضرت نے یہہ حال دیکھا تب یہہ
حدیث فرمائی ق ابوھریرۃ والذی نفسی بیدہ لیوشکن ان ینزل فیکم
ابن مریم حکما مقسطا فیکسر الصلیب ویقتل الخنزیر ویضع الجزیۃ
ویفیض المال حتی لا یقبلہ احد بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا قسم اسکی جسکے قابو مین میری جان ہے البتہ عنقریب ہے کہ اتریگا تم مین اے مسلمانو
عیسی مریم کا بیٹا حاکم عادل ہوکر سو توڑیگا صلیبا کو اور قتل کریگا خوک کو اور کریگا جزیہ
کو اور کثرت سے پھیل پڑیگا مال یہان تک کہ کوئی اسکو قبول نہ کریگا ف قیامت کے

ف ۱۵۴۱

قریب امام مہدی کے وقت مین حضرت عیسی آسمان سے نزول کرینگے اور نصرانی دین کو مٹا دینگے
محمدی دین پر عمل کرینگے چلیپا سولی کی صورت کو کہتے ہین جیسے یہ شکل ہے +
نصاریٰ اس شکل کی بڑی تعظیم کرتے ہین اسواسطے کہ انکے گمان مین حضرت عیسی سولی پر
مارے گئے اور ہرچند ابھی نصاریٰ سے جزیہ لینا درست ہے لیکن حضرت عیسی اپنے وقتمین
نصاریٰ سے جزیہ نہ قبول کرینگے اگر وہ ایمان نہ لاوینگے تو انکو قتل کرینگے ق سَعْدُ
بْنُ اَبِیْ وَقَّاصٍ وَاَبُوْ هُرَیْرَةَ وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِهٖ مَا لَقِیَكَ الشَّیْطَانُ
سَالِكًا فَجًّا قَطُّ اِلَّا سَلَكَ فَجًّا غَیْرَ فَجِّكَ هٰذَا رَوَاهُ سَعْدٌ وَّ فِیْ
رِوَایَةِ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَطُّ سَالِكًا فَجًّا قَالَ لِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ
بخاری اور مسلم مین سعد بن ابی وقاص اور ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا قسم ہے اُسکی جسکے
قابو مین میری جان ہے کہ نہین ملتا تجھسے شیطان کسی راہ مین چلتا ہوا ہرگز مگر چل گہڑا
ہوتا ہے اُس راہ مین جو تیری راہ کے سوای ہے یہہ روایت سعد کی ہے اور ابوہریرہ کی
روایت مین قط کی لفظ سالکا فجا کی لفظ مقدم ہے لیکن مطلب مین کچھہ فرق نہین یہہ
حدیث حضرت نی عمر فاروق کی حق مین فرمائی ف مصابیح مین روایت ہے کہ عمر
فاروق نی حضرت کی خدمت مین حاضر ہونے کی اجازت مانگی اور حضرت کی پاس قریش کی
عورتین چلا چلا کر باتین کر رہین تہین جب عمر فاروق کے آنیکی خبر ہوئی تو سب پردے مین

ق ۱۵۴۲ فضیلت فاروق عمر یعنی رشک شیطان ازو وی وردشیعہ

ہو گئین

ہوگئین جب عمر فاروق اندر آئے تو حضرت کو ہنستا پایا سو کہا کہ خدا آپ کو خوش رکھے
یارسول اللہ کیا سبب ہے آپ کے ہنسنے کا حضرت نی فرمایا کہ مجھکو عورتون سے تعجب آیا کہ
میری پاس باتین کرتی تھین جب تمہاری آواز سنین تو سب پردہ مین ہوگئین عمر فاروق نے عورتون سے کہا ای دشمن
اپنے جانون کی تم مجھسے ڈرتی ہو اور رسول اللہ سی نہین ڈرتی تو عورتون نی کہا کہ ہان ہم تمسے
ڈرتی ہین کہ تم کڑے مزاج کے ہو تب حضرت نی یہہ حدیث فرمائی یعنے تیری کڑاپن اور
مضبوطی سے شیطانی کام تیری گرد پھٹک نہین سکتے حرام کامون کا کیا ذکر ہے کہ تیرے
روبرو مباح کام کرنے سے بھی لوگ ڈرتے ہین عمر فاروق کو حضرت کی وقت مین محتسبی
خدمت تھی اسواسطے اُنسے لوگ ڈرتے تھے دستور ہے کہ چور جیسے کوتوال سی ڈرتے ہین
ویسے بادشاہ سے نہین ڈرتے اتنی بات سی کوئی شخص کوتوال کو بادشاہ سے افضل نہین جانتا
اسی طرح اس حدیث سی عمر فاروق کی فضیلت حضرت پر ثابت نہین ہوسکتی ق ابو ق ۳۰۴ ۱۵
هُرَيْرَةَ وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهٖ مَا مِنْ رَجُلٍ يَدْعُو امْرَاَتَهٗ اِلٰى فِرَاشِهٖ
فَتَاْبٰى عَلَيْهِ اِلَّا كَانَ الَّذِي فِي السَّمَآءِ سَاخِطًا عَلَيْهَا حَتّٰى يَرْضٰى عَنْهَا
بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ قسم اُسکی جسکے قابو مین میری
جان ہے کہ کوئی مرد ایسا نہین جو بلاوی اپنی جورو کو لیٹنے کے واسطے پہر وہ انکار کرے
مگر کہ اُسپر غصہ رہے گا آسمان والا یہان تک کہ وہ مرد اُسسے راضی ہووے ف یعنے

عورت کو خاوند سی اس کام مین انکار درست نہین کہ اسسے خدا ناخوش ہوتا ہے

## فصل

اس فصل مین وہ حدیثین ہین جنکے سرے پر قسم ہے بلفظ واسیر

خ ۱۰۴۴ ح ابو ہریرۃ واللہ انی لاستغفر اللہ واتوب الیہ فی الیوم اکثر من سبعین مرۃ بخاری مین ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ قسم خدا کی مین مقرر استغفار کیا کرتا ہون خدا سے اور توبہ کرتا ہون دن بھر مین ستر سے زیادہ ف دوسری روایت مین استغفار کو سو بار فرمایا ہے اس حدیث مین استغفار اور توبہ کرنیکی ترغیب فرمائی یعنی جب پیغمبر معصوم ستر بار یا زیادہ استغفار کرے تو اور کنہ کار لوگونکو بطریق اولی استغفار اور توبہ کرنا لازم ہے

ق ۱۰۴۵ المسور بن مخرمۃ ومروان بن الحکم واللہ انی لرسول اللہ وان کذبتمونی اکتب محمد بن عبد اللہ فی زمن الحدیبیۃ بخاری اور مسلم مین مسور بن مخرمہ اور مروان بن حکم سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ قسم خدا کی مین مقرر خدا کا رسول ہون اگرچہ تم مجھکو جھٹلاتے ہو لکھہ دی محمد بن عبد اللہ یہ حضرت نی صلح حدیبیہ کے وقت فرمایا ف چھٹے سال ہجری حضرت عمرہ کرنے کو چلے جب مکے کے قریب حدیبیہ کی منزل پر پہنچے تو کفار قریش نے یہ حضرت کو روکا اور اسبات پر صلح ہوئی کہ اب کے سال حضرت عمرہ کئے پلٹ جاوین اگلے برس عمرہ کرنے کو آئین

لاوین حضرت نی صلح نامہ لکھوایا کہ یہ صلح نامہ ہے جسپر محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نی
صلح کی کافرون نی کہا کہ ہم محمد رسول اللہ نہ لکھنے دینگے بلکہ محمد بن عبداللہ لکھو اگر ہم تمکو رسول
اللہ جانتے تو تم سے کہون لڑتے اور کے جانی سے تمکو کہون روکتی تب حضرت نی یہہ حدیث
فرمائی اومحمد رسول اللہ کے لفظ کو کاٹ کے محمد بن عبداللہ لکھا ق ابُوهُرَيْرَةَ وَاللّٰهِ لَاَنْ ۱۵۴۶ ق
يَلَجَّ اَحَدُكُمْ بِيَمِيْنِهٖ فِيْ اَهْلِهٖ اٰثَمُ لَهٗ عِنْدَ اللّٰهِ مِنْ اَنْ يُعْطِيَ كَفَّارَتَهُ الَّتِيْ
فَرَضَ اللّٰهُ عَلَيْهِ بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ قسم
خدا کی مقرر تم مین سی کیکا ثابت رہنا اپنی قسم پر جو اپنے گھر والون کے حق مین کہائی ہو
زیادہ تر گناہ ہے اُسکے لئے خدا کے نزدیک قسم کے کفارہ دینے سے جو خدا نی اسپر فرض
کیا ہے ف یعنی ہر چند قسم کا نباہ کرنا بہتر ہے لیکن جسمین اپنے گھر والون کو ضرر پہنچے تو
قسم کا توڑنا اور کفارہ دینا افضل ہے کہ آزردن دل خرستان جہل است و کفارہ بہین
سس ق ابُوهُرَيْرَةَ وَاَبُوْشُرَيْحٍ الْخُزَاعِيُّ وَاللّٰهِ لَا يُؤْمِنُ وَاللّٰهِ لَا يُؤْمِنُ ۱۵۴۷ ق
وَاللّٰهِ لَا يُؤْمِنُ قِيْلَ مَنْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ الَّذِيْ لَا يَاْمَنُ جَارُهٗ بَوَائِقَهٗ
بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ اور ابوشریح خزاعی سی روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ قسم خدا کی وہ
ایمان نہین رکھتا قسم خدا کی وہ ایمان نہین رکھتا قسم خدا کی وہ ایمان نہین رکھتا لوگون نی
کہا کون شخص ہے یارسول اللہ جو ایمان نہین رکھتا حضرت نی فرمایا وہ شخص مراد ہے جسکے

ہمسائے لوک رنج رسانی اور تکلیف سمی نڈر ہنین ف معلوم ہوا کہ سلوک کرنا ہمسائے
فرض ہے اور سکو رنج دینا حرام ہے ف البراء بن عازب واللہ لولا اللہ ما اھتدینا ولا تصدقنا ولا صلینا فانزلن سکینۃ علینا
وثبت الاقدام ان لاقینا والمشرکون قد بغوا علینا اذا ارادوا فتنۃ ابینا۔ بخاری اور مسلم مین براء بن عازب سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ قسم
خدا کی اگر نہوتی خدا کی رحمت تو ہم دین کی راہ نپاتے اور نہ صدقہ دیتے نہ نماز پڑھتے
سو اُتار دی تسکین کو ہمپر اور قدمون کو جما دے اگر کفار ایسے ہم پلین یعنے لڑائیکے
وقت قدم نہ ہٹے اور مشرکون نی البتہ ہمپر زیادتی کی ہے جب وہ فتنہ فساد کا
ارادہ کرتے ہین ہم اُنکی بات کو نہین مانتے ف سال چہارم مین کافرون نے
حضرت پر ہجوم کیا حضرت نی پناہ کے واسطے مدینے کے گرد خندق کھدائی حضرت
خندق سے مٹی نکالتے جاتے تھے اور یہہ حدیث فرماتے تھے

## فصل

اس فصل مین وہ حدیثین ہین کہ جنکے سر پر سین ہے

ف عقبۃ بن عامر سیفتح علیکم ارضون ویکفیکم اللہ فلا یعجز
احدکم ان یلھو بأسھم۔ مسلم مین عقبہ بن عامر سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا

ف ۱۵۴۸

بفتح جیم منجہ و فتح ضاد معجمہ و کاف و میم ۱۵۴۹

کہ عنقریب تمہیں فتح ہونگی ملک اور خدا تمہاری کفایت کریگا سو نہ تھکاوے
تمکو مال کے حصہ کی غفلت ف یعنی روم اور ایران اور توران فتح ہو گا اور
مجاہدون کے حصہ مین بہت مال اویگا سو فرمایا کہ کہین ایسا نہو تم مال کی کثرت مین جہاد
کرنے سی غافل ہو جاو اس حدیث مین خبر ہے اُن فتحون کی جو حضرت کے بعد ہوئین اور اشارہ
ہے جہاد کی ترغیب کا ف ابو ہریرۃ ستکون فتنۃ القاعد فیہا خیر
من القائم والقائم فیہا خیر من الماشی والماشی خیر من الساعی من تشرف
لہا تستشرفہ ومن وجد ملجأ او معاذا فلیعذ بہ بخاری اور مسلم مین
ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سی روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ عنقریب فساد ہو گا جسمین بیٹھا
شخص بہتر ہو گا کھڑی سے اور اُسمین کھڑا بہتر ہے چلنے والے سے اور چلنے والا بہتر ہے
دوڑنے والے سے جو اسکو جھانکے گا تو اسکو وہ کھینچ لیگا اور جو کوئی پناہ کا مقام یا پچاؤ کی
جگہ پاوی تو چاہیے کہ اُس پناہ مین آجاوی ف اس حدیث مین اشارہ ہے اُن
فسادون کا جو حضرت کی بعد ظاہر ہوے جیسے حضرت عثمان کی شہادت سے یعنی
اس فساد عام گیر کی اصلاح مقدر نہین تو کم کوشش کرنیوالا اسمین بہتر ہو گا زیادہ کوشش
کرنیوالے سے اسلیے اکثر اصحاب نی فتنہ اور فسادین کوشہ گیری اختیار کی تھی ق
ابو حمید الساعدی ستھب اللیلۃ ریح شدید فلا یقم فیہا

ق ۱۵۵

ق ۱۵۶

أَحَدٌ فَمَنْ كَانَ لَهُ بَعِيرٌ فَلْيَشُدَّ عِقَالَهُ وَهِيَ بِتَبُوكَ بخاری اور مسلم مین
ابو حمید ساعدی سی روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ آج کی رات عنقریب ہے کہ ایک
سخت آندھی چلیگی سو اسمین نہ کھڑا رہے کوئی سو جسکے پاس اونٹ ہو تو چاہیے کہ اسکا
زانو بند مضبوط باندھے یہہ حضرت نی تبوک مین فرمایا ف نوین سال ہجری ملک
شام مین حضرت جنگ تبوک مین گئے سو وہان ایک رات یہہ حدیث فرمائی چنانچہ
نہایت سخت آندھی اسی رات چلی ایک شخص کھڑا تہا اسکو آندھی نی اڑا کر طے کے
پہاڑ پر ڈالا ملک طی اور تبوک سی کئی دونکی راہ ہے ق عَلِيٌّ سَيَخْرُجُ قَوْمٌ ق ۱۵۴۲
فِي آخِرِ الزَّمَانِ حُدَثَاءُ الْأَسْنَانِ سُفَهَاءُ الْأَحْلَامِ يَقُولُونَ مِنْ خَيْرِ
الْبَرِيَّةِ يَقْرَءُونَ الْقُرْآنَ لَا يُجَاوِزُ إِيمَانُهُمْ حَنَاجِرَهُمْ يَمْرُقُونَ
مِنَ الْإِسْلَامِ كَمَا يَمْرُقُ السَّهْمُ مِنَ الرَّمِيَّةِ فَأَيْنَمَا لَقِيتُمُوهُمْ فَاقْتُلُوهُمْ
فَإِنَّ فِي قَتْلِهِمْ أَجْرًا لِمَنْ قَتَلَهُمْ عِنْدَ اللَّهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ بخاری اور
مسلم مین علی مرتضی رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ عنقریب ایک قوم پیدا ہوگی آخر
زمانے مین کم عمر ناقص عقل کلام کرینگے بہتر لوگون کا سا کلام پڑہینگے قرآن کو ایمان
انکا اتر یکا انکے زخرون کے نیچے یعنی ایمان کا کچھہ اثر نہو گا نکل جاوینگے دین سے جیسے تیر
نکل جاتا ہے شکاری جانور سے سو جہان کہین تم ان سے ملو تو انکو قتل کرو سو البتہ

اُنکے قتل کرنیوالون کو ثواب ہے قیامت مین خدا کے نزدیک ف اس قوم سی خارجی لوک
مراد ہین جنکو علی مرتضی نے قتل کیا ہ ابو ہریرۃ سیکون فی اخر امتی
اناس یحدثونکم ما لم تسمعوا انتم ولا اباؤکم فایاکم وایاہم مسلم مین
ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ عنقریب ہے کہ میری پچھلی امت مین کچھ لوگ
ہونگے جو حدیثین ظاہر کرین گے اور وہ باتین تم سے کہینگے جو تم نے اور تمہاری باپ دادے
نے نہین سنین سو دور رہا گو تم اُنسے ف اس حدیث مین اہل بدعت کا ذکر ہے جو
اسلام کے مخالف نئے کامون کو رایج کرتے ہین برخلاف اجماع مسلمین کے خواہ جھوٹی
حدیث بنا کر خواہ اولیاء اللہ کی طرف نسبت کرکے خواہ اماموں کی طرف اُس حدیث سے
صاف معلوم ہوا کہ بی تحقیق کسی بات کو ماننا چاہیے کہ اسمین دین بگڑتا ہے اور اسی
سبب سے ہزارون بدعتین عالم گیر ہو گئین

## فصل فی المضارع

اس فصلین وہ حدیثین ہین جن کے سر پر مضارع کا صیغہ ہے

ہ انس اتی باب الجنۃ یوم القیمۃ فاستفتح فیقول الخازن من
انت فاقول محمد فیقول بک امرت لا افتح لاحد قبلک مسلم مین
انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مین آونگا بہشت کے دروازے پر قیامت کے

دن سو مین دروازہ کھولوائیگا تو کہیگا چوکیدار تو کون ہے سو مین کہون گا کہ مین محمد ہون تو
چوکیدار کہیگا تجھیکا مجھکو حکم ہے کہ نہ کھولون کسی کے واسطے تجھسے پہلے قال ابن عباس
امرکم باربع وانهاکم عن اربع الایمان بالله شهادة ان لا اله الا الله
وان محمدا رسول الله واقام الصلوة وایتاء الزکوة وان تؤدوا
خمس ما غنمتم وانهاکم عن الدباء والحنتم والنقیر والمقیر لوفد
عبد القیس بخاری اور مسلم مین ابن عباس رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مین تمکو حکم کرتا ہون
چار چیز کا اور منع کرتا ہون چار چیز سے پہلا حکم اسہ کا ایمان لانا یعنی اس طرح گواہی دینا
کہ کوئی لائق بندگی کے نہین خدا کے سوا ہی اور محمد صلی اسہ علیہ وسلم رسول ہے اسہ کا اور دوسرا
حکم نماز کا قائم کرنا اور تیسرا حکم زکوۃ کا دینا اور چوتھا حکم یہہ کہ جو غنیمت کا مال پاؤ پانچوان
حصہ اسکا ادا کرو اور منع کرتا ہون تم کو کدو سے اور سبز گھڑے سے اور نقیر اور مقیر سے
یہہ حضرت نے عبد القیس کے گروہ سے فرمایا ف اسوقت مین شراب کی چار طرح کے برتن
رایج تھے ایک تو کدو اور تونبا اور دوسرے سبز کھڑا جیسی سبز مرتبان تیسرے نقیر یعنی کھجور کی
لکڑی کا کریدا برتن چوتھی مقیر یعنی روغن دار برتن جسمین روغن قیر ملا ہو جب شراب
حرام ہوئی تو حضرت نے اسکے برتنون کا بھی استعمال کرنا منع کیا تاکہ شراب نوشی نہ یاد پڑے
جب کہ شراب کی عادت چھوٹ گئی تو آخر کو ان برتنون کے استعمال کی اجازت دی چنانچہ

ف ۱۰۰

اور حدیث

۱۵۵۶

اور حدیث مین آیا ہے م ابن عباس ابکی للذی عرض علی اصحابک من
اخذھم الفداء لقد عرض علی عذابھم ادنی من ھذہ الشجرۃ لعمر
بعد یوم قلیل رسلم مین عبداللہ بن عباس سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا مین روتا ہون
اس سبب سے جو میرے آگے لائے تیرے ساتھی اپنے فدیہ لینے سے میری سامنے ہوا تہا انکا عذاب
اس درخت سے قریب تر یہہ حضرت نے عمر فاروق سے جنگ بدر کی بعد فرمایا ف جنگ بدر
مین ستر کافر قریش کی گرفتار ہوئے حضرت نے اصحاب سے انکے مقدمہ مین صلاح پوچھی
صدیق اکبر نے کہا یا رسول اللہ یہہ لوگ تیری قوم ہین انکو چھوڑ دیجئے شاید کہ مسلمان ہون یا انسے
مسلمان اولاد پیدا ہو اور ان سے فدیہ لیجئے چھوٹنے کے عوض یہہ لوگ ویوین تاکہ حضرت کے
اصحاب سامان کرکے قوت پکڑین اور فاروق اعظم نے کہا کہ یا حضرت ان لوگون نے
آپ کو جھٹلایا اور آپ کو وطن سے نکالا آپ ان سب کی گردن مارئے جب اکثر اصحاب کی
صلاح حضرت نے فدیہ لینے پر دیکھی تو حضرت نے فدیہ لیکر انکو چھوڑ دیا پھر اس مضمون کی آیت
اتری کہ پیغمبر کو فدیہ لینا لائق نہ تہا تو حضرت اور ابوبکر صدیق ایک درخت کے قریب رونے لگے
فاروق اعظم نے کہا کہ یا حضرت آپ کیون روتے ہین مجھکو بہی بتلائیے تاکہ مین بہی روؤن
تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی اور ایک روایت مین یون آیا ہے کہ اگر عذاب آتا تو
سوائے عمر کے کوئی سلامت نہ رہتا اس واسطے کہ مال لینے کی انکی مرضی نہ تہی اس حدیث سے

صاف معلوم ہوا کہ جس مقدمی مین وحی نہ ہوتی تہی تو حضرت اُسمین اجتہاد کرتے تہے
اگر اُسمین کچھ چوک ہو جاتی تہی تو حق تعالی جلد خبردار کر دیتا تہا ف ۱۵۵۷ قال ابن عمر اَرَی رُؤیاکُم
قَدْ تَوَاطَأَتْ فِی السَّبْعِ الْاَوَاخِرِ فَمَنْ کَانَ مُتَحَرِّیْهَا فَلْیَتَحَرَّهَا فِی السَّبْعِ
الْاَوَاخِرِ بخاری اور مسلم مین عبداللہ بن عمر سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مین دیکھتا ہون
تمہارے خوابون کو کہ موافق پڑ گئے پچھلی سات راتون مین سو جو شب قدر کا تلاش کرنیوالا
ہو سو پچھلی سات راتون مین تلاش کری ف شب قدر کو حضرت کی اصحاب نی خواب مین دیکہا
کسینی تیئیسون کسی نے پچیسون تب حضرت نی یہہ حدیث فرمائی یعنی رمضان کی پچھلی طاق
راتون مین شب قدر ضرور ہے جسکو موثق ہو تلاش کری یعنی سب طاق راتون مین بیدار
رہے اور عبادت کرے اخیر آخر کو تی تو ہوگی ح ۱۵۵۸ ابو ھریرۃ ارا کم یا بنی حارثۃ
قد خرجتم من الحرم ثم التفت فقال بل انتم فیہ وخرج مسلم
عن ابی ھریرۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جعل اثنا عشر
میلا حول المدینۃ حمی بخاری مین ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ دیکھتا ہون
تمکو ای حارث کی اولاد کہ تم نکل گئے حرم سے یعنی مدینے کی حرم سے پہر حضرت نی انکی طرف
التفات کیا اور فرمایا بلکہ تم اُسی حرم مین ہو اور مسلم نے ابوہریرہ سے روایت کی کہ البتہ
حضرت نی ٹھہرایا بارہ کوس کا رقبہ مدینے کے گرد م ۱۵۵۹ ابو ھریرۃ اشھد ان لا الہ

اِلَّا اللّٰہُ وَاَنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ لَا یَلْقَی اللّٰہَ بِھِمَا عَبْدٌ غَیْرُ شَاکٍّ فِیْھِمَا اِلَّا دَخَلَ
الْجَنَّۃَ مسلم میں ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ گواہی دیتا ہوں کہ سوای
خدا کے کوئی بندگی کے لایق نہیں اور مقرر میں خدا کا رسول ہوں کہ نہ ملیگا خدا کو کوئی بندہ
اس کلمے کے ساتھہ نہ شک لانیوالا ان دونوں میں مگر کہ داخل ہوگا بہشت میں فیعنے
جو کلمہ شہادت پڑھے اور توحید اور رسالت میں اسکو کچھہ شک نہو سو وہ بہشت میں
داخل ہوگا اگرچہ بقدر گناہ سزا پاوی ح اَنَسٌ اُوْصِیْکُمْ بِالْاَنْصَارِ فَاِنَّھُمْ ۱۵۶۰ ح
کَرِشِیْ وَعَیْبَتِیْ وَقَدْ قَضَوُا الَّذِیْ عَلَیْھِمْ وَبَقِیَ الَّذِیْ لَھُمْ فَاقْبَلُوْا
مِنْ مُحْسِنِھِمْ وَتَجَاوَزُوْا عَنْ مُسِیْئِھِمْ بخاری میں انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ میں تمکو وصیت کرتا ہوں انصار کی مقدمی ہیں اس واسطے کہ وہ میرے
خاص لوگ اور رازدار ہیں اور البتہ وہ ادا کرچکے جو اُنپر فرض تھا یعنی دین کی مدد اور باقی
رہا ہے انکا حق یعنی ثواب اور احسان سو قبول کرو انکے نیکوکار سے اور ٹال جاو انکے
بدکار سے ف یعنی سوای حدود کے انکی خطاؤں کو نہ پکڑو م عَائِشَۃُ تَاْخُذُ ۱۵۶۱ م
اِحْدٰی کُنَّ مَاءَھَا وَسِدْرَتَھَا فَتَطَھَّرُ فَتُحْسِنُ الطُّھُوْرَ ثُمَّ تَصُبُّ عَلٰی رَاْسِھَا
فَتَدْلُکُ دَلْکًا شَدِیْدًا حَتّٰی تَبْلُغَ سُوْرَ رَاْسِھَا ثُمَّ تَصُبُّ عَلَیْھَا الْمَاءَ
ثُمَّ تَاْخُذُ فِرْصَۃً مُمَسَّکَۃً فَتَطَھَّرُ بِھَا م لِاَسْمَاءَ بِنْتِ شَکْلٍ حِیْنَ

کیفیت غسل حیض

سَأَلَتْهُ عَنْ غُسْلِ الْمَحِيضِ مسلم مین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ
حضرت نے فرمایا کہ تم مین سے کوئی عورت اپنے پانی اور بیر کے پتی کو یعنی بیر کی پتی پانی مین
جوش کرکے طہارت کرے سو اچھی طرح سے طہارت کرے پھر پانی ڈالے اپنے سر پر
پھر خوب ملے یہان تک کہ اپنے سر کی چوٹی پر پہنچے یعنی سر کو نیچی سے اوپر تک خوب ملے پھر اپنے
بدن پر پانی ڈالے پھر ایک چیتھڑا مشک آلودہ لیوی سو اسے پاکی حاصل کری یعنی اندر رکھے
تاکہ بدبو دفع ہو اور رسم نطفہ قبول کری پھر حضرت نی اسماء بنت شکل سے فرمایا جب اسنے
حیض کے غسل کی کیفیت پوچھی بیر کی پتی کو پانی مین جوش کرنے سے یہہ فائدہ کہ پس خوب

ق ۱۵۶۲ پھوٹ جاوی ق جَابِرٍ تَبْكِيهِ أَوْ لَا تَبْكِيهِ مَا زَالَتِ الْمَلَائِكَةُ تُظِلُّهُ بِأَجْنِحَتِهَا
حَتَّى رَفَعْتُمُوهُ یعنی عَبْدَ اللَّهِ اَبا جَابِرِ بخاری اور مسلم مین جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے

بیان درجہ شہادت

کہ حضرت نی فرمایا کہ تو اسکو روایت رہیگا یہ فرشتے اپنے پرون کا سایہ کیے رہے ہے
یہان تک کہ تم نی اسکی لاش کو اٹھایا مراد عبداللہ بن جابر کے باپ ف جابر کے باپ عبداللہ
جنگ احد مین شہید ہوئے کافرون نی انکی ناک اور کان اور ہاتھ کاٹ ڈالے تھے
انکی لاش حضرت کے سامنے کپڑے سے چھپی رکھی تھی جابر نی کپڑا اٹھاکر دیکھنے کا ارادہ کیا انکو لوگون نی
منع کیا اتنے مین عبداللہ کی بہن رونی چلاتی آئی تب حضرت نے اس عورت سے یہہ حدیث فرمائی
معلوم ہوا کہ شہید پر جتنی مصیبت اور ظاہر کی ذلت گذرے اتنی ہی اسکی خدا کے

۱۵۶۳ م نزدیک عورت بڑھتی ہے م اَبُوْھُرَیْرَۃَ تَبْلُغُ الْحِلْیَۃُ مِنَ الْمُؤْمِنِ حَیْثُ
یَبْلُغُ الْوَضُوْءُ مسلم مین ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا پہنچی گا مومن کا زیور
جہان تک پہنچتا ہے وضو کا پانی ف یعنی جہان تک وضو کا پانی لگتا ہے وہان تک
۱۵۶۴ م قیامت مین آفتاب کی سی روشنی ہوگی م اَبُوْھُرَیْرَۃَ تَبْلُغُ الْمَسَاکِنُ اِھَابَ اَوْ
یَھَابَ مسلم مین ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ پہنچ جاوین گے گہرا اہب تک یا یون
فرمایا کہ یہاب ف اہب ایک مقام کا نام ہے مدینے کے پاس یعنی مدینی کی آبادی
۱۵۶۵ ق وہان تک ہو جاویگی ق اَبُوْھُرَیْرَۃَ تَجِدُوْنَ مِنْ شَرِّ النَّاسِ ذَا الْوَجْھَیْنِ
الَّذِیْ یَاْتِیْ ھٰؤُلَاءِ بِوَجْہٍ وَ ھٰؤُلَاءِ بِوَجْہٍ بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ رضہ سے
روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ تم پاؤگے بدترین مردم دوزخی آدمی کو جو آوے اُن لوگون پاس
ایک منہہ لیکر اور جاوی ان لوگون پاس دوسرا منہہ لیکر ف مراد منافق ہے جو مسلمانون
مین مسلمان ہے اور کافرون مین کافر اسیطرح وہ شخص ہی جو شیعون مین شیعہ بنے اور سنیون مین
۱۵۶۶ ق تقیہ کرکے سنی بنے اور اسی طرح وہ جو دشمنون سے ملے اسکے آگے اسکی سی کہے اور
اسکے اگے اسکی سی ق فَاطِمَۃُ بِنْتُ قَیْسٍ تَدْرُوْنَ لِمَ جَمَعْتُکُمْ قَالُوا اللّٰہُ وَ
رَسُوْلُہٗ اَعْلَمُ قَالَ اِنِّیْ وَاللّٰہِ مَا جَمَعْتُکُمْ لِرَغْبَۃٍ وَلَا لِرَھْبَۃٍ وَ لٰکِنْ
جَمَعْتُکُمْ لِاَنَّ تَمِیْمًا الدَّارِیَّ کَانَ رَجُلًا نَصْرَانِیًّا فَجَاءَ فَبَایَعَ

وَاسْلَمَ وَحَدَّثَنِي حَدِيثًا وَافَقَ الَّذِي كُنْتُ حَدَّثْتُكُمْ عَنِ الْمَسِيحِ الدَّجَّالِ
حَدَّثَنِي أَنَّهُ رَاكِبٌ فِي سَفِينَةٍ بَحْرِيَّةٍ مَعَ ثَلَاثِينَ رَجُلًا مِنْ لَخْمٍ وَجُذَامَ
فَلَعِبَ بِهِمُ الْمَوْجُ شَهْرًا فِي الْبَحْرِ ثُمَّ أَرْفَئُوا إِلَى جَزِيرَةٍ فِي الْبَحْرِ حَتَّى مَغْرِبِ الشَّمْسِ
فَجَلَسُوا فِي أَقْرُبِ السَّفِينَةِ فَدَخَلُوا الْجَزِيرَةَ فَلَقِيَتْهُمْ دَابَّةٌ أَهْلَبُ
كَثِيرُ الشَّعْرِ لَا يَدْرُونَ مَا قُبُلُهُ مِنْ دُبُرِهِ مِنْ كَثْرَةِ الشَّعْرِ فَقَالُوا وَيْلَكِ
مَا أَنْتِ قَالَتْ أَنَا الْجَسَّاسَةُ قَالُوا وَمَا الْجَسَّاسَةُ قَالَتْ أَيُّهَا الْقَوْمُ
انْطَلِقُوا إِلَى هَذَا الرَّجُلِ فِي الدَّيْرِ فَإِنَّهُ إِلَى خَبَرِكُمْ بِالْأَشْوَاقِ قَالَ
لَمَّا سَمَّتْ لَنَا رَجُلًا فَرِقْنَا مِنْهَا أَنْ تَكُونَ شَيْطَانَةً قَالَ فَانْطَلَقْنَا
سِرَاعًا حَتَّى دَخَلْنَا الدَّيْرَ فَإِذَا فِيهِ أَعْظَمُ إِنْسَانٍ رَأَيْنَاهُ قَطُّ خَلْقًا
وَأَشَدُّهُ وَثَاقًا مَجْمُوعَةٌ يَدَاهُ إِلَى عُنُقِهِ مَا بَيْنَ رُكْبَتَيْهِ إِلَى كَعْبَيْهِ
بِالْحَدِيدِ فَلْنَا وَيْلَكَ مَا أَنْتَ قَالَ قَدْ قَدَرْتُمْ عَلَى خَبَرِي فَأَخْبِرُونِي
مَا أَنْتُمْ قَالُوا نَحْنُ أُنَاسٌ مِنَ الْعَرَبِ رَكِبْنَا فِي سَفِينَةٍ بَحْرِيَّةٍ فَصَادَفْنَا
الْبَحْرَ حِينَ اغْتَلَمَ فَلَعِبَ بِنَا الْمَوْجُ شَهْرًا ثُمَّ أَرْفَأْنَا إِلَى جَزِيرَتِكَ هَذِهِ
فَجَلَسْنَا فِي أَقْرُبِهَا فَدَخَلْنَا الْجَزِيرَةَ فَلَقِيَتْنَا دَابَّةٌ أَهْلَبُ كَثِيرُ الشَّعْرِ لَا
نَدْرِي مَا قُبُلُهُ مِنْ دُبُرِهِ مِنْ كَثْرَةِ الشَّعْرِ فَقُلْنَا وَيْلَكِ مَا أَنْتِ

قَالَتْ

فَقَالَتْ أَنَا الْجَسَّاسَةُ قُلْنَا وَمَا الْجَسَّاسَةُ قَالَتِ اعْمِدُوا إِلَى هٰذَا
الرَّجُلِ فِي الدَّيْرِ فَإِنَّهُ إِلَى خَبَرِكُمْ بِالْأَشْوَاقِ فَأَقْبَلْنَا إِلَيْكَ سِرَاعًا وَ
فَزِعْنَا مِنْهَا وَلَمْ نَأْمَنْ أَنْ تَكُونَ شَيْطَانَةً فَقَالَ أَخْبِرُونِي عَنْ نَخْلِ
بَيْسَانَ قُلْنَا عَنْ أَيِّ شَأْنِهَا تَسْتَخْبِرُ قَالَ أَسْأَلُكُمْ عَنْ نَخْلِهَا هَلْ تُثْمِرُ قُلْنَا
لَهُ نَعَمْ قَالَ أَمَا إِنَّهَا تُوشِكُ أَلَّا تُثْمِرَ قَالَ أَخْبِرُونِي عَنْ بُحَيْرَةِ طَبَرِيَّةَ
قُلْنَا عَنْ أَيِّ شَأْنِهَا تَسْتَخْبِرُ قَالَ هَلْ فِيهَا مَاءٌ قَالُوا هِيَ كَثِيرَةُ الْمَاءِ
قَالَ إِنَّ مَاءَهَا يُوشِكُ أَنْ يَذْهَبَ قَالَ أَخْبِرُونِي عَنْ عَيْنِ زُغَرَ قَالُوا
عَنْ أَيِّ شَأْنِهَا تَسْتَخْبِرُ قَالَ هَلْ فِي الْعَيْنِ مَاءٌ وَهَلْ يَزْرَعُ أَهْلُهَا
بِمَاءِ الْعَيْنِ قُلْنَا لَهُ نَعَمْ هِيَ كَثِيرَةُ الْمَاءِ وَأَهْلُهَا يَزْرَعُونَ مِنْ مَائِهَا
قَالَ أَخْبِرُونِي عَنْ نَبِيِّ الْأُمِّيِّينَ مَا فَعَلَ قَالُوا قَدْ خَرَجَ مِنْ مَكَّةَ
وَنَزَلَ يَثْرِبَ قَالَ أَقَاتَلَتْهُ الْعَرَبُ قُلْنَا نَعَمْ قَالَ كَيْفَ صَنَعَ بِهِمْ
فَأَخْبَرْنَاهُ أَنَّهُ قَدْ ظَهَرَ عَلَى مَنْ يَلِيهِ مِنَ الْعَرَبِ فَأَطَاعُوهُ قَالَ
لَهُمْ قَدْ كَانَ ذَاكَ قُلْنَا نَعَمْ قَالَ أَمَا إِنَّ ذَاكَ خَيْرٌ لَهُمْ أَنْ يُطِيعُوهُ وَإِنِّي
مُخْبِرُكُمْ عَنِّي إِنِّي أَنَا الْمَسِيحُ وَإِنِّي أُوشِكُ أَنْ يُؤْذَنَ لِي فِي الْخُرُوجِ فَأَخْرُجَ
فَأَسِيرَ فِي الْأَرْضِ فَلَا أَدَعُ قَرْيَةً إِلَّا هَبَطْتُهَا فِي الْأَرْبَعِينَ لَيْلَةً غَيْرَ مَكَّةَ

وَطِيبَةَ هُمَا مُحَرَّمَتَانِ عَلَيَّ كِلْتَاهُمَا كُلَّمَا اَرَدْتُ اَنْ اَدْخُلَ وَاحِدَةً مِنْهُمَا
اسْتَقْبَلَنِي مَلَكٌ بِيَدِهِ السَّيْفُ صَلْتًا يَصُدُّنِي عَنْهَا وَاِنَّ عَلَى كُلِّ نَقْبٍ
مَلَائِكَةً يَحْرُسُونَهَا فَطَعَنَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِخْصَرَتِهِ
فِي الْمِنْبَرِ هٰذِهِ طَيْبَةُ هٰذِهِ طَيْبَةُ اَلَا هَلْ كُنْتُ حَدَّثْتُكُمْ ذٰلِكَ فَقَالَ
النَّاسُ نَعَمْ فَاِنَّهُ اَعْجَبَنِي حَدِيثُ تَمِيمٍ اَنَّهُ وَافَقَ الَّذِي كُنْتُ اُحَدِّثُكُمْ
عَنْهُ وَعَنِ الْمَدِينَةِ وَمَكَّةَ اَلَا اِنَّهُ فِي بَحْرِ الشَّامِ اَوْ بَحْرِ الْيَمَنِ لَا بَلْ مِنْ
قِبَلِ الْمَشْرِقِ مَا هُوَ مِنْ قِبَلِ الْمَشْرِقِ مَا هُوَ مِنْ قِبَلِ الْمَشْرِقِ مَا هُوَ وَاَوْ
مَاَ بِيَدِهِ اِلَى الْمَشْرِقِ بخاری اور مسلم مین فاطمہ بنت قیس سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ جانتے ہو کہ مین نے تمکو کس واسطے جمع کیا ہے اصحاب نی کہا اللہ اور اُسکا
رسول زیادہ تر دانا ہے حضرت نی فرمایا البتہ قسم خدا کی نہین مین نی جمع کیا خوشی
سنانے کو نہ ڈر سنانے کو ولیکن جمع کیا تمکو اسواسطے کہ تمیم داری ایک نصرانی
مرد تھا سو آیا پھر اُسنے بیعت کی پھر مسلمان ہوا اور مجھسی ایسی بات کہی جو موافق پڑی
اُسکے جو مین تمسی کہا کرتا تھا مسیح دجّال کی خبر سی اُسنی مجھسے یون بات کہی
کہ وہ شخص یعنی تمیم سوار ہوا سمندر کی جہاز مین تیس آدمیون کے ساتھ جو لخم اور جذام کی قوم
تھے سو اُن سے ایک مہینہ بھر لہر کیلا کی سمندر مین یعنی شدت موج جہاز تباہ رہا پھر وہ

لوگ

لوگ جالگے سمندر مین ایک ٹاپو کی طرف سورج ڈوبتے پہر وہ جہاز سے پلوا یعنی
چھوٹی کشتی مین بیٹھے سو ٹاپو مین داخل ہوئے تو ملا انکو ایک جانور بہاری دم بہت
بالون والا کہ اسکا آنکا پہچپا دریافت نہوتا تہا بالون کے ہجوم سی تو لوگون نی کہا ای
کم بخت تو کیا چیز ہے اُسنی کہا مین جاسوس ہون لوگون نی کہا جاسوس کہا اُسنے
کہا ای لوگو اس مرد پاس چلو جو دیر مین ہے اس واسطی کہ وہ تمہاری خبر کا بہت مشتاق
ہے تمیم نی کہا جب اُس نی مرد کا نام لیا تو ہم اُس جانور سی ڈرے کہ کہین شیطان نہو
تیم نی کہا پہر ہم چلے دو ڑتے یہان تک کہ دیر مین داخل ہوئے تو یکایک اُسمین بڑا قد
اور آدمی موجود ہوا کہ ہمنی ویسا مخلوق اور ویسا سخت جکڑا ہوا کبہی نہین دیکہا جکڑے
ہوئے ہین اسکے دونون ہاتہ گردن کے ساتہہ درمیان دونون زانون کے دونون ٹخنون تک
لوہے سے ہم نی کہا ای کمبخت تو کیا چیز ہے اُسنی کہا تم قابو پاگئے میری خبر پر یعنی میرا حال
معلوم ہو جاویگا اب تم مجہکو بتلاؤ کہ تم کون ہو لوگون نے کہا کہ ہم لوگ عرب ہین
سوار ہوئے تہے سمندر کی جہاز مین تو ہم نی پایا سمندر کو جب کہ وہ جوش مین تہا
سو کہیلا کی کہر ہم سے ایک مہینہ بہر پہر ہم آلگے تیرے اس ٹاپو سے پہر ہم بیٹھے چہوٹی
کشتی مین پہر داخل ہوئے ٹاپو مین سو ملا ہم کو ایک بہاری دم کا جانور بہت بالون والا
ہم سمجہتے تہے اسکا آگا پیچہا بالونکی کثرت سی ہم نی اُسکی کہا ای کمبخت تو کیا چیز ہے سو اُسنے

کہا مین جاسوس ہون ہم نی کہا جاسوس کیا اُسنے کہا چلو اُس مرد پاس جو دیر مین ہے
کہ البتہ وہ تمہاری خبر کا مشتاق ہے سو ہم تیری طرف دوڑتے آئے اور ہم اُسسے
ڈرے کہ کہین بہوت پریت نہو پہر اُس مرد نی کہا کہ مجکو خبر دو بیسان کے نخلستان سے
ہم نی کہا کہ کونسا حال تو اُسکا پوچھتا ہے اُسنے کہا کہ مین اُسکے نخلستان سے پوچھتا ہون
کہ پہلتا ہے ہم نی اُسی کہا کہ ہان پہلتا ہے اُسنے کہا کہ خبردار ہو کہ مقرر عنقریب ہے کہ وہ
نہ پہلیگا اُسنے کہا کہ بتلا و مجکو طبرستان کے دریا سے ہمنی کہا کونسا حال اُس دریا کا تو پوچھتا ہے
اُسنے کہا کہ کیا اُسمین پانی ہے لوگون نی کہا اُسمین بہت پانی ہے اُسنے کہا البتہ اُسکا
پانی عنقریب جاتا رہے گا اُسنے کہا خبر دو مجکو زغر کے چشمے سے لوگون نی کہا کونسا
حال اُس چشمے کا پوچھتا ہے اُسنے کہا اُس چشمے مین کیا پانی ہے اور وہان کے لوگ
اُس چشمے کے پانی سے کیا کہیتی کرتے ہین اُسنے کہا ہان اُسمین بہت پانی ہے اور وہان کے
لوگ کہیتی کرتے ہین اُسکے پانی سے اُسنے کہا مجکو خبر دو عرب کے پیغمبر سے کہ اُسنی کیا
کیا لوگون نی کہا وہ مقرر مکلا مکے سے اور اُترا مدینے مین اُسنے کہا کیا اُسسے عرب
لڑے ہم نی کہا کہ ہان اُسنی کہا کیونکر اُس نے اُنکے ساتھ کیا ہم نی اُسکو خبر دی کہ وہ
غالب ہو کیا اپنے گرد پیش کے عرب پر اُنہون نی اُسکی اطاعت کی اُسنے اُسنے کہا کہ مقرر
یہہ بات کہا ہو چکی ہم نی کہا ہان اُسنے کہا خبردار ہو کہ البتہ یہہ بات اُنکے حق مین بہتر ہے

کہ اُسکے تابعدار ہون اور البتہ مین تمکو اپنی خبر بتلاتا ہون کہ مین مسیح ہون یعنی دجال
تمام زمین کا پھرنے والا اور البتہ عنقریب ہے کہ مجھکو اجازت ہو نکلنے کی سو مین نکلونگا
تو سیر کرونگا سو پچھوڑونگا کسی گانو کو مگر کہ مین اُسمین اُترونگا چالیس رات کے اندر سوای مکے
اور مدینے کے کہ اُنکا جانا مجھپر حرام ہے یعنی منع ہے جب کہ مین چاہون گا کہ اُن دو بستیون سے
کسی مین داخل ہون تو میری آگے بڑھ آویگا ایک فرشتہ اور اُسکے ہاتھ مین ننگی تلوار ہوگی
کہ مجھکو اُسکے جانے سے روکیگا اور البتہ اُسکے ہر ایک ناکے پر فرشتے ہون گے کہ اُسکی
چوکیداری کرینگے پھر حضرت نے اپنے پشت خار سے منبر پر ٹھوکرا دیا اور فرمایا کہ یہی
مدینہ ہے یہی مدینہ ہے خبردار ہو بہلا مین تمکو اس حال کی خبر دی چکا ہون تو اصحاب نے
کہا کہ ہان حضرت نے فرمایا کہ مجھکو اچھی لگی تمیم کی بات کہ موافق پڑی اُس چیز کے جو مین
تمکو دجال اور اُسکے حال سے خبر دیا کرتا تھا خبردار ہو کہ البتہ دجال دریای
شام یا دریای یمن مین ہے نہین بلکہ وہ پورب کے طرف ہے وہ پورب کی طرف ہے
وہ پورب کی طرف ہے اور حضرت نے اشارہ کیا پورب کی طرف ف اول حضرت نے دجال کا
مقام دریای شام یا دریای یمن مین فرمایا پھر شاید اُسیوقت وحی سے معلوم ہوا
کہ مشرق کی طرف ہے اسواسطے تین بار اس مضمون کو تاکید سی فرمایا چنانچہ اُسکے آگے گیا رہوین
حدیث مین صاف حضرت نے فرمایا کہ دجال مشرق سے آویگا بیسان اور زغرد و

دو شہر ہین شام کے ملک مین اور طبرستان شام کے پاس ہے معلوم ہوا کہ دجال
بالفعل موجود ہے اور قیدی ہے قیامت کے قریب باذن خدا نکلے گا اور عیسیٰ مسیح کے
ہاتھ سے مارا جاویگا م اَنَسٌ تَدْمَعُ الْعَیْنُ وَیَحْزَنُ الْقَلْبُ وَلَا نَقُوْلُ ۱۵۶۷ م
اِلَّا مَا یَرْضٰی رَبُّنَا وَاللّٰہِ یَا اِبْرَاھِیْمُ اِنَّا بِکَ لَمَحْزُوْنُوْنَ مسلم مین انس
رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نبی نے فرمایا آنسو بہتی ہے آنکھ اور غم کرتا ہے دل اور نہین
کہتے ہم مگر وہی جو ہمارے رب کو پسند آوے یعنی انا للہ وانا الیہ راجعون کہتی ہین قسم
خدا کی اے ابراہیم ہم تیری جدائی سے غمناک ہین ف مشکوٰۃ مین انس سے روایت ہے کہ
حضرت ابراہیم کے کہنے لگے حضرت کے فرزند کا جب دم نکلنے لگا تو حضرت کی دونو آنکھون سے
آنسو نکلے تو عبدالرحمن بن عوف نے حضرت سے عرض کی کہ یا حضرت آپ اور روتے ہین
حضرت نے فرمایا کہ اے عبدالرحمن یہہ رونا رحمت کی نشانی ہے پھر حضرت دوسری
بار آنسو بہر لائے پھر یہہ حدیث فرمائی یعنی آنکھ سے آنسو نکلنا اور دل کا غم کرنا صبر کے مخالف
نہین بلکہ یہہ رحمت اور نرم دلی کی نشانی ہے نوحہ گری اور شکوہ کرنا البتہ صبر کے
مخالف ہے اور حرام ہے ق اِبْنُ عُمَرَ یُطْعِمُ الطَّعَامَ وَتَقْرَأُ السَّلَامَ عَلٰی ۱۵۶۸ ق
مَنْ عَرَفْتَ وَمَنْ لَمْ تَعْرِفْ قِیْلَ لِرَجُلٍ قَالَ اَیُّ الْاِسْلَامِ خَیْرٌ بخاری
اور مسلم مین عبداللہ بن عمر سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تو کھانا کھلاوے اور سلام

کرے

اُسکو جسکو تو پہچانے اور جسکو نہ پہچانے یہہ حضرت نی اُس مرد سی کہا جسنی حضرت سی کہا
کہ یا حضرت اسلام کی کون عمدہ خصلت ہے ف معلوم ہوا کہ احسان کرنا خواہ مال سی
خواہ زبان سی خلاصہ اسلام ہے اور معلوم ہوا کہ مسلمان سی سلام کرنی مین آشنائی
ضرور نہین مسلمان سی خواہ آشنا ہو خواہ جنبی سلام کرنا افضل ہے کہ حق ہے اسلام کا
اور محبت کا سبب ہے ع وَنَافِعُ بْنُ عُقْبَةَ تَغْزُوْنَ جَزِيْرَةَ الْعَرَبِ فَيَفْتَحُهَا
اللّٰهُ ثُمَّ تَغْزُوْنَ فَارِسَ فَيَفْتَحُهَا اللّٰهُ ثُمَّ تَغْزُوْنَ الرُّوْمَ فَيَفْتَحُهَا اللّٰهُ
ثُمَّ تَغْزُوْنَ الدَّجَّالَ فَيَفْتَحُهُ اللّٰهُ مسلم مین نافع بن عقبہ سی روایت ہے
کہ حضرت نی فرمایا کہ تم لڑوگے عرب کی ٹاپو سی سو خدا اسکو فتح کریگا پہر تم لڑوگے اِسران
والون سی سو خدا اسکو فتح کریگا پہر تم لڑوگے روم سی سو خدا اسکو فتح کریگا پہر تم لڑوگے
دجال سی سو خدا اسپر فتح دیگا ف جیسے حضرت نی خبر دی ویسا ہی ہوا اول عرب
فتح ہوا اسکے بعد ایران اُسکے بعد روم اور دجال پر فتح امام مہدی کے وقت مین ہوگی یہہ عمدہ
معجزہ ہے کہ آیندہ خبر مطابق پڑے خ اُمِّ سَلَمَةَ تَقْتُلُ عَمَّارًا اِنَّ الْفِئَةَ
الْبَاغِيَةَ بخاری مین حضرت ام سلمہ سی روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ عمار کو باغی گروہ
قتل کریگا ف جنگ خندق مین حضرت نی عمار بن یاسر کا سر سہلا کر یہہ حدیث فرمائی
جب کہ علی مرتضی اور معاویہ بن ابی سفیان مین جنگ صفین ہوئی تب عمار شہید ہوئے

ف معجزہ فتح عرب
وفارس وروم

ف خ

عمار علی مرتضی کے لشکر مین تہے اس حدیث سے صاف معلوم ہوا کہ معاویہ کا لشکر
باغی تہا اور اسوقت مین امامت کا حق علی مرتضی کی ذات پاک پر منحصر تہا م ابو
هُرَيْرَةَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ وَالرَّجُلُ يَحْلُبُ اللِّقْحَةَ فَمَا يَصِلُ الْاِنَاءَ
اِلٰى فِيْهِ حَتّٰى تَقُوْمَ وَالرَّجُلُ يَنِيْطُ اَحَدُ طَرَفَيِ الثَّوْبِ فَمَا يَنْتَبِذُ بِهٖ حَتّٰى تَقُوْمَ وَالرَّجُلُ
يَلُوْطُ حَوْضَهٗ فَمَا يَصْدُرُ حَتّٰى تَقُوْمَ م مسلم مین ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کہ حضرت نے
فرمایا کہ قیامت قائم ہو جاویگی اور حالانکہ مرد اونٹنی دوہتا ہو کا سو پہنچا ہو کا برتن اسکے منہ تک
کہ قیامت آجاویگی اور دو مرد خرید فروخت کرتے ہونگے کپڑے کی سو وہ خرید فروخت کر چکے ہونگے کہ
قیامت آجاویگی اور کوئی مرد اپنا حوض درست کر رہا ہو کا سو اسکو درست کر کے نہ پہرا ہو کا کہ قیامت
آجاویگی ف اس حدیث مین اُت کو قیامت سے آگاہ کر دیا کہ اسسے غافل نہ رہین اس واسطے کہ قیامت
ہونیکی کوئی تاریخ مقرر نہین لوگ اپنے دنیا کے کامون مین مشغول ہونگے کہ اچانک
قیامت آجاویگی انجیل مین عیسی علیہ السلام نے بہی اسی حدیث کے موافق فرمایا ہے کہ قیامت
ناگہان آجاویگی جب کہ لوگ اپنے کاروبار مین مشغول ہون گے م المستورد
تَقُوْمُ السَّاعَةُ وَالرُّوْمُ اَكْثَرُ النَّاسِ مسلم مین مستورد رضی اللہ عنہ سے روایت کہ حضرت نے
فرمایا کہ قیامت قائم ہوگی اُس حال مین کہ رومی لوگ یعنی نصاری سب لوگون سے بہت
ہونگے ف اس حدیث مین اشارہ ہے کہ قیامت کے قریب نصاری اکثر زمین مین حاکم

ہو جا

ہو جاوینگے ۱۵۹۳ م ابو ہریرہ رض تبقی الارض افلاذ کبدہا امثال الاسطوان
من الذہب والفضۃ فیجیئ القاتل فیقول فی ہذا قتلت و
یجیئ القاطع فیقول فی ہذا قطعت رحمی ویجیئ السارق
فیقول فی ہذا قطعت یدی ثم یدعونہ فلا یاخذون منہ
شیئا مسلم میں ابو ہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اگل دیویگی زمین اپنے
جگر کے ٹکڑے ستونوں کے برابر سونی اور چاندی یعنی زمین کے اندر کے خزانے اور
چاندی اور سونیکی کہانے قیامت میں زمین پر ظاہر ہو جاوینگی تو آویگا قاتل سو کہیگا
کہ اسی کی محبت میں میں نے فلانے کو قتل کیا اور آویگا برادری کا حق کاٹنے والا سو
کہیگا کہ اسی کی محبت میں میں نے برادری کا حق کاٹا اور آویگا چور لنے والا سو کہیگا کہ
اسی کی محبت میں میرا ہاتھ کاٹا گیا پھر اس مال کو چھوڑ دینگے سو نہ لیوینگے اسمیں
کچھ بھی ف یہہ قیامت کی قریب ہو کا خوف قیامت سی فرصت کہاں جو آدمی
مال لیوی ق ابو سعید تکون الارض یوم القیمۃ خبزۃ واحدۃ
یکفوہا الجبار بیدہ کما یکفو احدکم خبزتہ فی السفر نزلا لاہل
الجنۃ بخاری اور مسلم میں ابو سعید رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ہو جاویگی زمین
قیامت کے دن ایک روٹی اسکو لٹے پلٹے گا خدا اپنے دست قدرت سے بہشتیوں کی

مہانی کے واسطے جیسی ہر ایک آدمی الٹا پلٹتا ہے اپنی روٹی کو سفر کی حالت میں ف
یعنی زمین کی صورت ارضی منقلب ہو کر غذائی صورت ہو جاویگی بہشتیوں کے واسطے
اور یہہ امر خدا کی قدرت سی کچھہ بعید نہیں اس واسطے کہ اب بھی زمین سے عجیب اور
غریب مزے دار میوی نکلتی ہیں اگر تمام زمین کو شیرین میدہ کر ڈالے تو کون تعجب ہے

ق ابو ہریرۃ تنزل غدا ان شاء اللہ بخیف بنی کنانۃ حیث تقاسموا علی الکفر یعنی المحصب بخاری اور مسلم میں ابو ہریرہ سے روایت ہے ق ۱۵۸۴
کہ حضرت نے فرمایا کہ اترینگے کل انشاء اللہ بنی کنانہ کے ٹیلے پر جہاں کفار قریش
وغیرہ آپس میں ہمقسم ہوئے تھے کفر پر یعنی اس مکان میں جسکا محصب نام ہے ف قبل ہجرت کے
جب حضرت مکے میں تھے تو قریش اور بنی کنانہ نے محصب میں اس بات پر باہم قسم کی تھی کہ بنی
ہشم اور بنی مطلب سے شادی بیاہ نکرینگے اور ان سے کسی چیز کی خرید فروخت نکرینگے
یہاں تک کہ وہ تنگ ہو کر حضرت کو انکے حوالے کر دینگے چنانچہ تین برس حضرت
اور حضرت کے برادری کے لوگ خواہ مسلمان خواہ کافر ایک مکان میں کہرے رہے
آگ اور پانی تک وہ لوگ نہ دیتے تھے کھانے کا تو کیا ذکر ہے آخر کو خدا نے انمیں
پھوٹ ڈالی اور کفار اپنے عہد اور پیمان سے باز آئے بعد اسکے حضرت نے ہجرت کی مدینے کی
طرف آٹھویں سال مکہ فتح ہوا نویں سال حضرت حجۃ الوداع کے واسطے تشریف لائے

اس مکان

جب مکے کے قریب پہنچے تو اُسامہ نی پوچھا کہ حضرت کل کہان مکے مین اُترئے کا تب حضرت نے
یہہ حدیث فرمائی اُس مکان مین اُترنے کا یہہ فائدہ کہ تا خدا کا احسان یاد پڑے کہ جہان
کفر پر کافرون نی کمر باندھی تہی وہین مسلمانون کو خدا نی کیسا غالب کیا اور تا کہ کافر
شرمندہ ہون ق ابو ہریرۃ یاتی الشیطان احدکم فیقول من خلق ۱۵۷۶ ق
کذا من خلق کذا حتی یقول من خلق ربک فاذا بلغہ فلیستعذ
باللہ ولینتہ بخاری اور مسلم مین ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ آتا ہے
شیطان تم مین سی کسی پاس تو کہتا ہے کسنی ایسا پیدا کیا کسنی ویسا بنایا یہان تک کہ کہتا ہے کہ کسنے
پیدا کیا تیرے رب کو پہر جب شیطان یہان تک اُسکو پہنچا دے تو اُسکو چاہیے
کہ خدا سے پناہ مانگے اور رک رہے ف یعنی جب اُسکو ایسا خیال فاسد آوی تو
خدا کی طرف رجوع کری اور اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم پڑہے اور اس خیال سے
دل کو ہٹا دی اِس واسطی کہ ذکر خدا شیطان کے وسوسہ کو دفع کر ڈالتا ہے جیسے آفتاب کی
روشنی سے ظلمت اور تاریکی دور ہو جاتی ہے م ابو ہریرۃ یاتی المسیح من ۱۵۷۷ م
قبل المشرق وہمتہ المدینۃ حتی ینزل دبر احد ثم تصرف
الملائکۃ وجہہ قبل الشام وہنالک یہلک مسلم مین ابو
ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ آویگا دجال پورب کی طرف سی اور قصد اُسکا

ہو کا مدینی کا یہان تک کہ کوہ اُحد کے پیچھے اُتر یکا پھر فرشتی اُسکا منہ پھیر دیوینگے شام کی
طرف اور وہین جاکر ہلاک ہو جاویگا ۱۵۷۸ ف ابو ہریرۃ یاتی علی الناس زمان
یدعو الرجل ابن عمہ وقریبہ ھلم الی الرخاء ھلم الی الرخاء والمدینۃ
خیرلھم لو کانوا یعلمون والذی نفسی بیدہ لا یخرج منھم احد
رغبۃ عنھا الا اخلف اللہ فیھا خیرا منہ الا ان المدینۃ کالکیر
تخرج الخبیث لا تقوم الساعۃ حتی تنفی المدینۃ شرارھا کما ینفی
الکیر خبث الحدید مسلم مین ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ
آویگا لوگون پر ایسا وقت کہ بلاویگا مرد اپنے چچا کے بیٹے کو اور اپنے رشتہ دار کو کہ آؤ عیش آرام کی
طرف آؤ کشائش روزی کی طرف اور حالانکہ مدینے کا رہنا اُنکے واسطے بہتر ہے اگر
وہ ہون بوجھ والے اسکی قسم جسکے قابو مین میری جان ہے کہ نہ نکلے گا مدینی دلا کوئی مدینے سے
بیزار ہوکر مگر کہ خدا اُسکے عوض اس سے بہتر کو مدینی مین بدل لاویگا خبردار ہو کہ مقرر مدینہ لوہار کی
بھٹی کی طرح ہے کہ نکال ڈالتا ہے پلید کو نہ قائم ہو گی قیامت یہان تک کہ دور کر ڈالیگا مدینہ
اپنے بد لوگون کو جیسی دور کر ڈالتی ہے بھٹی لوہے کے میل کو ف یعنی شام اور عراق کے
ملک مین کشایش رزق کے واسطے مدینے کی بعضی لوگ اپنی گھر بار کر لیجا وینگے ۱۵۷۹ ق
حالانکہ اُنکے حقمین یہہ بہتر نہین کہ حضرت کی ہمسائگی چھوڑین دنیا کے واسطے ابو سعید

يَأْتِي عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ يَغْزُو فِئَامٌ مِنَ النَّاسِ فَيُقَالُ لَهُمْ هَلْ فِيكُمْ مَنْ رَأَى رَسُولَ اللهِ
فَيَقُولُونَ نَعَمْ فَيُفْتَحُ لَهُ ثُمَّ يَغْزُو فِئَامٌ مِنَ النَّاسِ فَيُقَالُ لَهُمْ هَلْ فِيكُمْ مَنْ رَأَى مَنْ صَحِبَ
رَسُولَ اللهِ فَيَقُولُونَ نَعَمْ فَيُفْتَحُ لَهُمْ ثُمَّ يَغْزُو فِئَامٌ مِنَ النَّاسِ فَيُقَالُ هَلْ فِيكُمْ مَنْ رَأَى مَنْ
مَنْ صَحِبَ مَنْ صَحِبَ رَسُولَ اللهِ فَيَقُولُونَ نَعَمْ فَيُفْتَحُ لَهُمْ بخاری اور مسلم مین ابوسعید

رضہ نے فرمایا کہ آویگا لوگو پر ایسا وقت کہ جہاد کرینگے آدمیون کے جھنڈ تو اُنسی پوچھینگے کہ کوئی تم مین
وہ شخص ہے جسنے رسول اللہ کو دیکھا ہو تو لوگ کہینگے کہ ہان تو فتح ہو جاویگی اُنکی پھر جہاد کرینگے لوگون کے
گروہ تو اُن سی پوچھینگے کہ کوئی ہے تم مین جسنے دیکھا ہو رسول اللہ کے صحبت والے کو یعنی
تابعین کو تو لوگ کہینگے کہ ہان تو اُنکی فتح ہو جاویگی پھر جہاد کرینگے آدمیون کے لشکر تو اُنسی پوچھا
جاویگا کہ کوئی تم مین وہ شخص جسنے اصحاب کے اصحاب کی صحبت کی ہو یعنی تبع تابعین کی
تو لوگ کہینگے کہ ہان تو اُنکی فتح ہو جاویگی ف اس حدیث سی بڑی فضیلت اصحاب
اور تابعین اور تبع تابعین کی ثابت ہوئی کہ اُنکی برکت سی فتح نصیب ہوگی ع عُمُرْ

يَأْتِي عَلَيْكُمْ أُوَيْسُ بْنُ عَامِرٍ مَعَ إِمْدَادِ أَهْلِ الْيَمَنِ مِنْ مُرَادٍ ثُمَّ
مِنْ قَرَنَ كَانَ بِهِ بَرَصٌ فَبَرَأَ مِنْهُ إِلَّا مَوْضِعَ دِرْهَمٍ لَهُ وَالِدَةٌ هُوَ بِهَا
بَرٌّ لَوْ أَقْسَمَ عَلَى اللهِ لَأَبَرَّهُ فَإِنِ اسْتَطَعْتَ أَنْ يَسْتَغْفِرَ لَكَ فَافْعَلْ
مسلم مین عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نبی فرمایا کہ آویگا تمہارے پاس

فضیلۃ اویس قرنی رضی اللہ عنہ ۱۵۸۰ ص

اویس بن عامر مین والے گرہون کے ساتہہ مراد کے قوم سے اور منجملہ مراد کے قرن کے
گروہ سے اسکو سفید داغ کی بیماری تہی سو وہ اس بیماری سے چنگا ہوگیا مگر درم کے برابر
ایک داغ بناہے اسکی ایک ماہے کہ اسکا وہ بڑا غمتخوار اور رنیکوکار رہے
اگر وہ کسی چیز کی خدا کے بہروسے پر قسم کہاوی تو خدا اسکو سچا کردیوی سو اے عمر اگر یہہ
تجسے ہوسکے کہ وہ تیری واسطے مغفرت مانگے تو کیجیو ف اس حدیث مین اویس قرنی کی
بڑی عمدہ فضیلت ثابت ہوئی اویس قرنی تابعین مین ہین صحابی نہین ہر چند حضرت کے
وقت مین موجود تہے لیکن ماں کی خدمت سے فرصت نہ پائی کہ حضرت کی حضور مین حاضر ہوتے
اپنے سال وفات مین عمر فاروق حج کو گئے وہان یمن کے لوگون سے پوچہا کہ اویس
قرنی بہی تمہارے ساتہہ ہین ایک پیر مرد نے کہا کہ اویس قرنی تو کوئی نامی یا وقعت آدمی
ہم لوگون مین نہین ہے لیکن ایک میرا بہائی ہے اسکا نام بہی اویس ہے مگر وہ شخص تو
نہایت ذلیل اور خستہ خراب ہے ہمارے اونٹ چرایا کرتا ہے عمر فاروق نے کہا تو
بہکو اسسے ملادیگا اسنے کہا ہان چلو کہ عرفات کے پہلو کے جنگل مین اونٹ
چراتا ہوگا چنانچہ عمر فاروق اور علی مرتضی اسکے ساتہہ روانہ ہوئے دیکہا کہ اویس
قرنی جنگل مین نماز مین مشغول ہین اور گرد اونٹ چرتے ہین عمر فاروق نے انکو سلام
کیا انہون نے جواب دیا عمر فاروق نے نام پوچہا اویس قرنی نے کہا کہ میرا نام

عبداللہ

عبد اللہ ہے عمر فاروق نی کہا کہ جو لوگ اسمان اور زمین مین ہین سب تو عبد اللہ ہین
اپنا وہ نام بتلاو جو تمہاری مانی رکھا ہے اویس قرنی نے کہا کہ نام پوچھنے سے تمکو کیا غرض
ہے عمر فاروق نی کہا کہ حضرت نی ہمکو تمہارا بتلایا ہے سو ہم نی تمکو پہچانا تب کہا کہ
ہان اویس قرنی میرا نام ہے پھر عمر فاروق نی اپنے مغفرت کی دعا کی واسطے کہا اویس
قرنی نے جواب دیا کہ کبھی مین نے اپنی جان کے یا خاص کر کے کسی اور شخص کے واسطے
دعا نہین کی لیکن علی العموم تمام مومنین اور مومنات کی واسطے دعا کیا کرتا ہون اب خدا نے
تمہاری روبرو مجھکو مشہور کر دیا اور پہچنوا دیا بھلا اب بتلاؤ کہ دونون آدمیون کا
کیا نام ہے علی مرتضی نی کہا کہ یہہ امیر المومنین عمر ہے اور مین علی ابن ابی طالب ہون
تب تو اویس قرنی تعظیم کے واسطے سبھل بیٹھے پھر یون کہا کہ ای امیر المومنین ای علی ابن ابی طالب السلام
علیکم ورحمۃ اللہ خدا اس امت کی برکت سی تمکو نیک بدلا دیوی پھر عمر فاروق نے
کچھ لباس اور خوراک دینی کا ارادہ کیا اویس قرنی نے نہ قبول کیا اور کہا مین نے
سنا ہے کہ دوزخ مین بڑے بڑے غار ہین انکو سوای دبلے اور بھوکے لوگون کے نہ کوئی
پہاند سکے گا سو مین نہین چاہتا کہ میرا پیٹ آسودہ رہے بعد اسکے عمر فاروق اور علی
مرتضی اسسے رخصت ہوئے ف اس حدیث سے اویس قرنی کی عمر فاروق اور علی مرتضی پر
فضیلت نہین ثابت ہو سکتی اس واسطے کہ تابعی اصحاب سے افضل نہین ہو سکتا اور صر

دعا کر دینے سے افضلیت ثابت نہین ہوتی اسواسطے خود حضرت نی اپنے واسطے
بعضی لوگون سے دعا کروائی ہے بلکہ پانچون وقت کی اذان مین تمام امت سے اپنے
مقام محمود کے حاصل ہونے کے واسطے دعا کرنیکو فرمایا ہے ۱۵۸۱ م جابر یا کل اھل
الجنۃ فیھا ویشربون ولا یتغوطون ولا یمتخطون ولا یبولون
ولکن طعامھم ذلک جشاء کرشح المسک یلھمون التسبیح و
الحمد کما یلھمون النفس مسلم مین جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا
کہ کہایا کرین کے بہشتی لوگ بہشت مین اور پیا کرین گے نہ جاے ضرور جاوینگے نہ ریٹھہ جہاں شکے
نہ پیشاب کرینگے لیکن انکا یہہ کہانا ڈکار ہوجاویگا جیسے مشک کی طراوت انکو
الہام ہوا کریگی تسبیح اور خدا کی ستائش جیسا انکو سانس کا الہام ہوتا ہے ف
یعنی بہشت عالم پاک ہے وہان کے کہانیکا فضلہ اس عالم کے طرح پر نہین بلکہ وہانکا
فضلہ ڈکار اور خوشبودار پسینہ ہوکر نکل جایا کریگا اور جیسے اس عالم کی زندگی
ہوا کھینچنے اور سانس لینے پر موقوف ہے اسی طرح اس عالم پاک مین سبحان اللہ اور
الحمد للہ کہنا دم لینے کے قائم مقام ہوکر روح کا راحت افزا ہوگا ۱۵۸۲ م ابو مسعود
عقبۃ بن عمرو الانصاری یؤم القوم اقرئھم لکتاب اللہ فان
کانوا فی القراءۃ سواء فاعلمھم بالسنۃ فان کانوا فی السنۃ سواء

فَاقْدَمُهُمْ هِجْرَةً فَإِنْ كَانُوا فِي الْهِجْرَةِ سَوَاءً فَاقْدَمُهُمْ سِنًّا وَلَا
يَؤُمَّنَّ الرَّجُلُ الرَّجُلَ فِي سُلْطَانِهِ وَلَا يَقْعُدْ فِي بَيْتِهِ عَلَى تَكْرِمَتِهِ
إِلَّا بِإِذْنِهِ مسلم مین ابو مسعود انصاری رضہ سے جنکا عقبہ بن عمر نام ہے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ امامت کری قوم کی جو اُنمین قرآن کا بڑا قاری ہو سو اگر وہ لوگ قرأت مین برابر ہون
تو جو بڑا عالم حدیث اور فقہ کا ہو سو امامت کری اور اگر حدیث اور فقہ مین بھی سب
برابر ہون تو امامت کری جسنی اُنمین سی اوّل ہجرت کی ہو سو اگر ہجرت مین سب برابر ہون
تو اُنمین بڑی عمر والا امامت کری اور نہ امامت کری ایک مرد دوسرے مرد کی حکومت کے
مقام مین اور نہ بیٹھے اسکے گھر مین اسکی مسند پر بدون اسکی اجازت کے ف فقہ مین
لکھا ہے کہ امامت مین افضل عالم ہے اسکے بعد قاری ہے اُسکے بعد متقی اسکے بعد بڑی
عمر والا اور اس حدیث مین قاری کو عالم پر فضل فرمایا اسواسطے کہ حضرت کی وقت مین
جو قاری ہوتا تہا سو عالم بھی ہوتا تہا اور پچھلے زمانے مین اکثر لوک قاری ہوتے ہین
اور عالم نہین ہوتے اسواسطے فقہ مین عالم کو قاری پر مقدم رکہا اور ہجرت کا ثواب
اصحاب پر ختم ہوا اسواسطے فقہ مین پرہیزگاری کو ہجرت کے قائم مقام کیا ٥ انس ١٥٨٣
يَبْقَى مِنَ الْجَنَّةِ مَا شَاءَ اللّٰهُ أَنْ يَبْقَى ثُمَّ يُنْشِئُ اللّٰهُ لَهَا خَلْقًا مِمَّا يَشَاءُ
مسلم مین انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ باقی رہیگا بعض مکان بہشت کا

جس مدت تک کہ خدا اسکے باقی رہنے کو چاہے گا پھر خدا اسکے واسطے ایک خلق کو پیدا
کریگا جس قسم سے کہ چاہے گا **ف** یعنی بہشت ایسا وسیع مقام ہے کہ باوجود بہشتیوں کے داخل
ہونے کے کچھ مکان خالی رہ جاویگا پھر چند مدت کی بعد خدا اسکو بھی کسی مخلوق سے
آباد کریگا **ق** اَنَسٌ یَتْبَعُ الدَّجَّالَ مِنْ یَهُوْدِ اِصْبَهَانَ سَبْعُوْنَ اَلْفًا عَلَیْهِمُ
الطَّیَالِسَةُ مسلم میں انس سے روایت ہے کہ حضرت نبی فرمایا کہ دجال کے تابع ہونگے
اصفہان کے ستر ہزار یہودی اُنپر سیاہ چادریں ہونگی **ق** اَنَسٌ یَتْبَعُ الْمَیِّتَ ثَلٰثَةٌ
اَهْلُهٗ وَمَالُهٗ وَعَمَلُهٗ فَیَرْجِعُ اثْنَانِ وَیَبْقٰی وَاحِدٌ یَرْجِعُ اَهْلُهٗ وَمَالُهٗ وَ
یَبْقٰی عَمَلُهٗ بخاری اور مسلم میں انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نبی فرمایا کہ پیچھے لگی
جاتی ہیں مردہ کی تین چیزیں اسکے قرابتی لوگ اور مال اور عمل سو دو تو پلٹ آتے ہیں اور ایک
رہ جاتا ہے قرابتی لوگ اور مال تو پلٹ آتے ہیں اور اسکا عمل اسکے ساتھ رہ جاتا ہے **ف**
اس حدیث کا مطلب اس مثال سے خوب واضح ہوتا ہے کہ مثلاً ایک شخص کے تین دوست
ہیں اُنمیں سے ایک تو سب سے زیادہ پیارا معتمد دوست جسکے واسطے یہ شخص شب روز
جان نثار رہا کرتا ہے دوسرا دوست اسکے کم مگر تیسرے سے زیادہ تر محبوب اور تیسرا
دوست دونوں سے کمتر سو جب اُس شخص کے حاکم نے بنظر قہر طلبی کی تو اول اپنے بڑے
معتمد دوست پاس گیا کہ میری اس مصیبت میں ساتھ دیوی سو وہ اسکے گھر سے بھی باہر نہ نکلا

اور اُسنے صاف جواب دیا تب یہہ لاچار ہوکر دوسرے متوسط دوست پاس گیا
اُسنے کہا کہ چل مین تیری ساتہہ حاکم کے دروازے تک چلتا ہون پر اندر نہ جاونگا پہر یہہ
تیسرے دوست پاس گیا جس سے کاہ کاہ ملاقات ہوتی تہی اُس نے کہا خاطر جمع رکہہ مین
تیرے ساتہہ چلونگا اور تجھکو آفت سے بچاؤنگا سو آدمی کا سب سے بڑا محبوب مال ہے
کہ مرنے کے بعد کہر مین رہ جاتا ہے اور متوسط دوست قرابتی لوگ ہین جو قبر تک مردے کو
پہنچا دیتے ہین اور کمتر دوست اعمال ہین جو میت کے ساتہہ قبر مین جاتے ہین اور اسکو
عذاب الٰہی سے بچاتے ہین سبحان اللہ عجب حیرت کا مقام ہے کہ جانی دوست تو
وقت پڑے پر آنکہہ چراوین اور صورت آشنا مصیبت مین کام آوین آدمی کیسا نادان
ہے کہ دوست اور دشمن کو نہین پہچانتا اور انجام کار سے غافل ہو کر بی وفا اور بی مروتو
کے پیچہے اپنی عمر عزیز کو تباہ کرتا ہے شعر مال و اولاد تیری قبر مین جانیکے نہین تجھکو
دوزخ کی مصیبت سے چہڑانے کی نہین جز عمل گور مین کوئی بہی ترا یار نہین کیا
قیامت ہے کہ تو اُسسے خبردار نہین ق ابو ہریرۃ یترکون المدینۃ علی ۱۴۸۶ ق
خیر ما کانت لا یغشاها الا العوافی والخمر من یحشر راعیان من مزینۃ
یریدان المدینۃ ینعقان بغنمهما فیجدانها وحوشا حتی اذا بلغا
ثنیۃ الوداع خرا علی وجوههما بخاری اور مسلم مین ابو ہریرہ رض سے

روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ چھوڑ جاوین گے مدینی کو اچھی حالت پر نرہین گے وہان
بکر وحشی جانور اور چڑیان اور پچھلے مجتمع ہونی والون مین دو بکریان چرانیوالے
ہونگے مزینہ کی قوم سی وہ ارادہ کرینگے مدینی کا کہ آواز دی گرد اُن کی بکریان
ہانک لیجاوین سو وہ مدینی مین وحشی جانورون کو پاوینگے یہان تک کہ جب وہ ثنیۃ
الوداع پاس پہنچین گے تو وہ دونون منہ کی بہل گر پڑین گے یعنی مر جاوینگے **ف** اس
حدیث مین خبر ہے کہ قیامت کی قریب مدینہ اُجاڑ ہو جاویگا ثنیۃ الوداع ایک ٹیلے کا
نام ہے مدینی کے پاس **ق** اَبُوْھُرَیْرَۃَ یَتَعَاقَبُوْنَ فِیْکُمْ مَلٰٓئِکَۃٌ بِاللَّیْلِ
وَمَلٰٓئِکَۃٌ بِالنَّھَارِ وَیَجْتَمِعُوْنَ فِیْ صَلٰوۃِ الْعَصْرِ وَصَلٰوۃِ الْفَجْرِ ثُمَّ یَعْرُجُ
الَّذِیْنَ بَاتُوْا فِیْکُمْ فَیَسْاَلُھُمْ وَھُوَ اَعْلَمُ بِکُمْ کَیْفَ تَرَکْتُمْ عِبَادِیْ فَیَقُوْلُوْنَ
تَرَکْنَاھُمْ وَھُمْ یُصَلُّوْنَ وَاَتَیْنَاھُمْ وَھُمْ یُصَلُّوْنَ بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تم مین آگے پیچھے آیا جایا کرتے ہین فرشتے ہر ایک رات دن مین
اور مجتمع ہوتے ہین عصر کی نماز اور فجر کی نماز مین پھر آسمان پر چڑھ جاتے ہین وہ فرشتے جو
رات کو تمہاری درمیان رہے تو خدا اُنسے پوچھتا ہے حالانکہ وہ تمہارا حال اُنسے
زیادہ تر جانتا ہے کہ کس حال مین تم نے میری بندون کو چھوڑا تو فرشتے کہتے ہین
کہ ہم اُنکو چھوڑ آئے نماز پڑھتے اور جاتے کے وقت پایا ہم نے اُنکو نماز پڑھتے **ف** معلوم ہوا

۱۵۸۷ ق

کہ ہر شب

کہ ہر شب و روز اجمار نویسن فرشتون کی دو بار بدلی ہوتی ہے اور بندون کا حال دو وقت
دربار الٰہی مین عرض ہوتا ہے سبحان اللہ اگر حاکم کا ہر کارہ کسی شخص پر متعین ہو تو
اُسکے خوف سے کوئی کام خلاف مرضی حاکم کے نہین کر سکتا اور یہان احکم الحاکمین کے
ہر کارہ مکا ادمی کو کچھہ خیال نہین آتا ضعف ایمان کا سبب ہے جو غفلت اور چین مین عمر گذرتی ہے

ق ۱۵۸۸ شعر گر وزیر از خدا بترسد ہمچنان کز ملک ملک بودی ق ابو ہریرہ رضی
یَتَقَارَبُ الزَّمَانُ وَیَنْقُصُ الْعِلْمُ وَیُلْقَی الشُّحُّ وَتَظْهَرُ الْفِتَنُ وَیَکْثُرُ
الْهَرْجُ قَالُوا یَا رَسُولَ اللّٰهِ أَیُّمَا هُوَ قَالَ الْقَتْلُ الْقَتْلُ بخاری اور مسلم مین
ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ قریب ہو جاویگا زمانہ اور کم ہو جاویگا
علم اور لوگون پر بخیلی ڈالی جاویگی یعنی زکوۃ اور خیرات کی رسم جاتی رہے گی اور
عالم مین فساد ظاہر ہونگے اور کثرت سے ہرج ہوگا اصحاب نے کہا کہ یا رسول اللہ
ہرج کیا چیز ہے حضرت نے فرمایا کہ قتل قتل یعنی خونریزی کثرت سے ہوگی ق قیامت کی
نشانیان اس حدیث مین ارشاد فرمائین اور یہہ جو فرمایا کہ زمانہ قریب ہو جاویگا
یعنی قیامت کا زمانہ متصل ہو جاویگا یا یہہ مطلب کہ رات اور دن چھوٹے معلوم
ہونگے ق ۱۵۸۹ اَنَّ یَجْمَعُ اللّٰهُ النَّاسَ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ فَیَهْتَمُّوْنَ لِذٰلِكَ فَیَقُوْلُوْنَ
لَوِ اسْتَشْفَعْنَا عَلٰی رَبِّنَا حَتّٰی یُرِیْحَنَا مِنْ مَکَانِنَا هٰذَا فَیَاْتُوْنَ اٰدَمَ

فيقولون انت ادم ابو الخلق خلقك الله بيده و نفخ فيك من روحه
و امر الملئكة فسجدوا لك اشفع لنا عند ربك حتى يريحنا من
مكاننا فيقول لست هناكم فيذكر خطيئته التي اصاب فيستحيي ربه
منها و لكن ائتوا نوحا اول رسول بعثه الله فيأتون نوحا فيقول
لست هناكم فيذكر خطيئته التي اصاب فيستحيي ربه منها و لكن ائتوا
ابراهيم الذي اتخذ الله خليلا فيأتون ابراهيم فيقول لست
هناكم ويذكر خطيئته التي اصاب فيستحيي ربه منها و لكن ائتوا موسى
الذي كلمه الله و اعطاه التورية فيأتون موسى فيقول لست
هناكم ويذكر خطيئته التي اصاب فيستحيي ربه منها و لكن ائتوا عيسى
روح الله و كلمته فيأتون عيسى روح الله و كلمته فيقول لست
هناكم و لكن ائتوا محمدا عبدا قد غفر له ما تقدم من ذنبه و ما
تاخر فيأتوني فاستاذن على ربي فيؤذن لي فاذا انا رايته وقعت
ساجدا افيدعني ما شاء الله ان يدعني فيقال يا محمد ارفع راسك
قل يسمع سل تعط اشفع تشفع فارفع راسي فاحمد ربي بتحميد
يعلمنيه ربي ثم اشفع فيحد لي حدا فاخرجهم من النار و ادخلهم

الجنة ثم اعود فاقع ساجدا فيدعني ما شاء الله ان يدعني
ثم يقال ارفع راسك يا محمد وقل يسمع
وسل تعط واشفع تشفع فارفع راسي فاحمد ربي بتحميد يعلمنيه ربي
ثم اشفع فيحد لي حدا فاخرجهم من النار وادخلهم الجنة قال فلا
ادري في الثالثة او في الرابعة قال فاقول يا رب ما بقي في النار الا
من حبسه القرآن وفي رواية ثم اتيته الرابعة او اعود الرابعة وذكر
موسى الذي تقدم وهو في بعض روايات البخاري بخاری اور مسلم مین انس سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ خدا جمع کریگا لوگون کو قیامت کی دن سو غمناک ہون گے
اس حشر کی مصیبت سے تو کہین گے کہ اگر ہم سفارش کروا وین اپنے رب کے پاس تاکہ ہم اس مکان سے
راحت پاوین تو خوب بات ہے سو آدم کی پاس آوینگے تو یون کہینگے کہ تم آدم ہو سب آدمیون کے
باپ تجھکو بنایا خدا نی اپنے دست قدرت سی اور پھونکہ مین اپنی روح پھونکی اور حکم کیا فرشتونکو
سو انہون نی تجھکو سجدہ کیا ہماری سفارش کیجیی اپنے رب کے پاس تاکہ ہمکو راحت دیوی اس
مکان کی تکلیف سی تو آدم کہیگا کہ مین اس مقام کے لایق نہین سو یاد کریگا اپنی اس خطا کو
جو اُسسے ہوئی سو شرماویگا اپنے رب سے اُس خطا کے سبب سے ولیکن تم جاؤ نوح کے پاس کہ وہ
پہلا رسول ہے کہ خدا نی اُسکو بھیجا سو وہ لوگ نوح پاس آوینگے تو وہ کہیگا کہ مین اس

مقام کے لائق نہین سو یاد کریگا اپنی خطا کو جو اُسسے ہوئی تو شرما دیگا اپنے رب سے
اس خطا کے سبب سے ولیکن تم جاو ابراہیم پاس جسکو خدا نی اپنا دوست بنایا سو وہ لوگ
ابراہیم پاس آوینگے تو ابراہیم کہینگے کہ مین اس مقام کے لائق نہین اور یاد کرینگے اپنے خطا کو
جو اُنسی ہوئی تو شرما دینگے اپنے رب سے اسکے سبب سے ولیکن تم جاو موسی پاس جس سے
خدا نی بلا واسطہ کلام کیا اور اسکو توریت دی سو وہ لوگ موسی پاس آوین گے تو موسے
کہیگا کہ مین اس مقام کے لائق نہین اور یاد کریگا اپنی خطا کو جو اُسسے ہوئی سو شرما ویگا
اپنے رب سے اُسکے سبب سے ولیکن تم جاو عیسی روح اللہ پاس جو خدا کے کلام سی پیدا ہوا
یعنی صرف بلفظ کن موجود ہوا کوئی اُسکا باپ نہ تھا سو وہ لوگ عیسی روح اللہ پاس
آوینگے تو عیسی کہیگا کہ مین اس مقام کے لائق نہین ولیکن تم جاو محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے
پاس جو خدا کا خاص پیارا ہے مقرر اُسکی اگلی پچھلی بھول چوک سب معاف ہوگئی
سو وہ سب لوگ میری پاس آوینگے سو مین اپنے رب سے اجازت مانگونگا تو مجکو اجازت ملیگی
سو مین جب کہ اسکو دیکھونگا تو سجدہ مین گر پڑونگا سو مجکو خدا سجدہ مین رہنے دیگا
جتنا کہ وہ چاہے گا پھر حکم ہوگا ای محمد اپنا سر اٹھا لے کہہ سنا جا دیگا مانگ تجھکو
دیا جا دیگا سفارش کر تیری سفارش قبول ہوگی تو مین اپنا سر اُٹھاونگا تو مین
تعریف کرونگا اپنے رب کی ویسی تعریف کہ میرا رب مجھکو سکھلا دیگا پھر مین سفارش

کرونگا

کرونگا سو میری واسطے ایک انداز اور مقدار ٹہرائی جاویگی یعنی اتنے لوگون کی مغفرت ہوئی تو
مین اُتنے لوگون کو دوزخ سے نکالون گا اور بہشت مین داخل کرونگا پہر مین پلٹ
آونگا اور سجدہ مین گرونگا سو مجھکو خدا سجدہ مین رہنے دیگا جتنا چاہے گا پہر حکم ہوگا مجھکو
کہ اپنا سر اُٹہالے ای محمد اور بول تیرا کہا سُنا جاویگا اور مانگ تجھکو دیا جاویگا اور شفا
کر تیری سفارش مقبول ہوگی تو مین اپنا سر اُٹہاونگا سو تعریف شروع کرونگا جیسی تعریف
کہ مجھکو میرا رب سکہلاویگا پہر مین سفارش کرونگا سو میرے واسطے ایک حد مقرر کی جاویگی
تو مین اُتنے لوگون کو دوزخ سے نکالونگا اور بہشت مین داخل کرونگا راوی کہتا ہے
کہ مین نہین جانتا کہ تیسری بار یا چوتہی بار مین حضرت نے فرمایا کہ مین کہونگا ای میری رب
اب تو دوزخ مین کوئی باقی نہین رہا مگر وہی شخص جسکو قرآن نے بند کیا یعنی جسکی مغفرت
قرآن مین حکم نہین یعنی مشرکین اور کافرین اور ایک روایت مین یون ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ پہر مین چوتہی بار اپنے رب پاس آونگا یا یون فرمایا کہ چوتہی بار پہرونگا اور موسیٰ کا
ذکر جو آگے ہو چکا سو بخاری کی بعضی روایات مین ہے **ف** معلوم ہوا کہ حشر مین
سب پیغمبر جواب دینگے اور اپنی اپنی بہول چوک یاد کرکے شرما دینگے آخر کو ہمارے
حضرت دستگیر خلائق ہونگے اور ہم کنہ کارون کو اُس فکر کے مقام سے بچا دینگے اسوقت
سوکت محمدی تمام عالم پر ظاہر ہوگی اسی مقام کو مقام محمود اور شفاعت کبریٰ کہتے ہین

ہماری حضرت کو خاص ہے دوسرے پیغمبر کو اُسمین کچھ دخل نہین پہلے حضرت سے
اسواسطے شفاعت نہ شروع ہوئی تاکہ تمام خلق کو پیغمبرونکی زبان سے ثابت
ہو جاوی کہ سوای حضرت کی کسی کو یہ رتبہ نہین ہر چند انبیا اور اولیا اور علما کی بہی
شفاعت ثابت ہے لیکن وہ شفاعت جزی ہے شفاعت کلی نہین اول اس میدان مین
سوای ہمارے حضرت کے کوئی قدم نہ رکھہ سکیگا پہر جب شفاعت کا دروازہ کہلا
اور قہر ایزدی بسبب ملاحظہ محمدی کے فرو ہوا تو اور پیغمبر اور امام بہی بقدر اپنے اپنے مرتبے کے
شفاعت پر مستعد ہونگے شعر اس ماہ رو کا سب سے نرالا ہی طور ہے دلبر سبہی ہین
پر مرا دلبر کچھ اور ہے اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى عَبْدِكَ وَحَبِيْبِكَ سَيِّدِ
الْمُرْسَلِيْنَ وَشَفِيْعِ الْمُذْنِبِيْنَ ۱۵۹۹ م اَبُوْمُوْسٰى يَحْيٰى يَوْمَ الْقِيٰمَةِ
نَاسٌ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ بِذُنُوْبٍ اَمْثَالِ الْجِبَالِ يَغْفِرُهَا اللّٰهُ لَهُمْ وَ
يَضَعُهَا عَلَى الْيَهُوْدِ وَالنَّصَارٰى فِيْمَا اَحْسِبُ قَالَ اَبُوْمُوْسٰى لَا اَدْرِيْ
مِمَّنِ الشَّكُّ مسلم مین ابو موسی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ لاوین کے کچھ
مسلمان لوگ اپنے گناہ پہاڑون کے برابر عذاب گناہون کو اُسنے معاف کردیگا اور اُن
گناہون کو یہود اور نصاری پر رکھہ دیویگا راوی کہتا ہے کہ میری دانست مین یون ہے
ابو روح نے کہا کہ مین نہین جانتا کہ یہہ شک کس کی طرف سے ہے یعنی ابو موسی کو شک ہوئی

اس حدیث کی یا دین یا کسی اور کو ف اس حدیث میں وہ مسلمان مراد ہیں جن کو یہود اور نصاریٰ سے سخت تکلیفات
پہنچیں اور انہوں نے صبر کیا واللہ اعلم ف ابن عباس یحرم من الرضاعۃ ما یحرم من النسب
بخاری اور مسلم میں عبداللہ بن عباس سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ نکاح حرام ہو جاتا ہے دودھ سے جس
سے کہ حرام ہے رشتہ داری سے ف یعنی جیسی کسی کی ماں اور بہن اور خالہ اور پھوپھی نکاح نہیں درست ہے ویسی ہی دودھ کے رشتہ
سے نکاح نہیں درست باقی تفصیل فقہ میں دیکھنا چاہئے ف ابو ھریرۃ یخرب الکعبۃ ذو
السویقتین من الحبشۃ بخاری اور مسلم میں ابوہریرہ رضی سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ڈھا دیگا
کعبہ کو ایک حبشی چھوٹی پنڈلیوں والا ف قیامت کے قریب جب کہ عابد نہ رہیں گے تو ایسے ناپاک ضعیف
الخلقت کے ہاتھ سے کعبہ شریف خراب ہوگا اسکی حکمت خدا ہی خوب جانتا ہے کہ کیا ہے خ جابر یخرج
قوم من النار بالشفاعۃ بخاری میں جابر رضی سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ نکلینگے ایک قوم دوزخ سے
شفاعت کے سبب سے ف مراد اس قوم سے کہ کہتے ہیں مسلمان ہیں جو گناہوں کے سبب سے دوزخ میں پڑینگے پھر ایمان کے
سبب سے بوسطہ انبیاء اور شہداء اور علماء کی شفاعت سے آخر کو بہشت میں داخل ہونگے ق اذن یخرج من النار من قال
لا الہ الا اللہ وکان فی قلبہ من الخیر ما یزن شعیرۃ ثم یخرج من النار من قال لا
الہ الا اللہ وکان فی قلبہ من الخیر ما یزن برۃ ثم یخرج من النار من قال لا
الہ الا اللہ وکان فی قلبہ من الخیر ما یزن ذرۃ زاد البخاری فی روایۃ
قتادۃ عن انس من ایمان مکان خیر بخاری اور مسلم میں انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے

ق ۱۰۹۱

ق ۱۰۹۲

۱۰۹۳ ح

ق ۱۰۹۴

فرمایا کہ نکلے گا دوزخ سے جسنے لا الہ الا اللہ کہا اور ہو کی اسکے دل مین ایک جو کے
برابر نیکی پھر نکلے گا دوزخ سے جسنے لا الہ الا اللہ کہا اور ہو کی اسکی دل مین ایک گیہون کے
برابر نیکی پھر نکلے گا دوزخ سے جسنے لا الہ الا اللہ کہا اور ہو کی اسکے دل مین ایک ذرہ
برابر نیکی بخاری فی قتادہ کی روایت مین انس سے بجای نیکی کے ایمان کی لفظ روایت
کی ہے یعنی جسنے لا الہ الا اللہ کہا اور اسکے دل مین ایک جو کے برابر یا گیہون کے برابر یا ذرہ بہی
ایمان ہو گا وہ دوزخ سے اخر کو نجات پاویگا ف نیکی سے مراد صفات حمیدہ ہین جیسے
للہ محبت اور للہ بغض اور ذکر الہی کی محبت اور علم کی محبت اور شہید ہونیکی اور برادر پروری
اور ترک حسد اور ترک غرور وغیرذلک خ ابوسعید یخلص المؤمنون ۱۰۹۵ خ
من النار فیحبسون علی قنطرۃ بین الجنۃ والنار فیقتص لبعضہم
من بعض مظالم کانت بینہم فی الدنیا حتی اذا ہذبوا ونقوا اذن
لہم فی دخول الجنۃ والذی نفس محمد بیدہ لاحدہم اہدی بمنزلہ
فی الجنۃ منہ بمنزلہ کان فی الدنیا بخاری مین ابوسعید رض سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ خلاصی پاوینگے ایماندار دوزخ سے تو پھر روکے جاوینگے اس پل پر
جو دوزخ اور بہشت کی درمیان ہے تو وہان بدلا لیا جاویگا بعضون کا بعضون سے اُن حق تلفی
اور ظلمون کا جو انکے درمیان دنیا مین ہوئے تہے یہان تک کہ جب وہ پاک صاف

ہو جاوین کے تو انکو حکم ہو کا بہشت مین داخل ہونے کا سو اسکی قسم جسکے قابو مین محمد کی
جان ہے کہ انمین سے ہر ایک شخص اپنے بہشت کی مکان کو اپنے دنیا کے مقام سے زیادہ تر
واقف اور شناسا ہو کا ف اس حدیث مین وہ ایماندار مراد ہین جنکو دوزخ مین انہین
پڑے اور حق العباد کے سبب سے درمیان مین روکے گئے پھر جب عذاب اور عتاب سے حق تلفی اور
ظلمون کا بدلا پاوین گے اور حق دار راضی ہونگے تب وہ بہشتین داخل ہونگے
م ابو ہریرہ یَدْخُلُ الْجَنَّةَ اَقْوَامٌ اَفْئِدَتُهُمْ مِثْلُ اَفْئِدَةِ الطَّيْرِ
مسلم مین ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ داخل ہونگے بہشتین وہ لوگ جنکے
دل چڑیون کے سے دل ہین ف مراد خوفناک نرم دل لوگ ہین جو خدا سے ڈرنے
ہین جیسے چڑیان آدمیون سے ڈرتے رہتے ہین کہ صرف آواز اور ہاتھ کے اشارے سے
بھاگ جاتی ہین ق اَبُوْ هُرَيْرَةَ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مِنْ اُمَّتِيْ زُمْرَةٌ هُمْ
سَبْعُوْنَ اَلْفًا تُضِيْئُ وُجُوْهُهُمْ اِضَاءَةَ الْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ بخاری اور
مسلم مین ابو ہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ داخل ہونگے بہشت مین میری امت سے
ایک گروہ کہ وہ ستر ہزار ہونگے روشن ہونگے انکے منہ جیسے چاند روشن
ہوتا ہے چودھوین رات کو م اَبُوْ هُرَيْرَةَ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مِنْ اُمَّتِيْ سَبْعُوْنَ
اَلْفًا زُمْرَةً وَاحِدَةً مِنْهُمْ عَلٰى صُوْرَةِ الْقَمَرِ مسلم مین ابو ہریرہ رض سے

روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ داخل ہونگے بہشتین میری اُمت سے ستر ہزار وہ ایک ہی
گروہ ہین میری اُمت سی چاند کی صورت پر ف متقی اور منتخل لوگ مُراد ہین جو ہر حال مین
خدا پر نظر رکھتی ہین اسباب ظاہر یکی کرفتار نہین چنانچہ اور حدیث مین یہہ مضمون صاف آیا ہے
ق ابن عمر یدخل اللہ اھل الجنۃ الجنۃ واھل النار النار ثم ۱۵۹۹
یقوم مؤذن بینھم فیقول یا اھل الجنۃ لا موت ویا اھل النار
لا موت کل خالد فیما ھو فیہ بخاری اور مسلم مین عبداللہ بن عمر سی روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ داخل کریگا خدا بہشتیون کو بہشت مین اور دوزخیون کو دوزخ مین
پھر اُٹھیگا ایک پکارنیوالا انکے درمیان مین پھر پکاریگا ای بہشتیو اب نکو موت نہین
اور ای دوزخیو اب نکو موت نہین ہر ایک شخص ہمیشہ رہنے والا ہے جس مکان مین کہ ہے
ف اس حدیث سی معلوم ہوا کہ بہشتیون اور دوزخیونکی کبھی فنا نہین جو جہان رہا سو
رہا لیکن یہہ آواز بعد مسلمان گنہگارونکے دوزخ سے نکلنے کی ہوگی تاکہ بہشتی بے کہٹکے
چین مین رہین اور دوزخی اپنی اُس تورطین الٰہی تیری غضب سی پناہ ۱۶۰۰ ف
ر ابوھریرۃ یدخل من امتی الجنۃ سبعون الفا بغیر حساب مسلم مین ابوہریرہ رض سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ داخل ہون گے بہشتین میری امت سی ستر ہزار بدون
حساب کے ف یعنے اُنکے نامہ اعمال صرف انکو دکھلا دئے جاوینگے زیادہ کفت وشنید نہوگی

١٦٠١ ح ح ابن عباس رضی اللہ عنہ رحم اللہ أم اسمٰعیل لو ترکت زمزم او قال لو لم تغرف من زمزم لکانت زمزم عینا معینا بخاری میں عبداللہ بن عباس سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ خدا رحم کرے اسمٰعیل کی ماں پر یعنی ہاجر پر اگر چھوڑتی زمزم کو یا یوں فرمایا کہ اگر نہ چلّو بھرتی زمزم سے تو زمزم ایک جاری چشمہ ہو جاتا ف حضرت ابراہیم علیہ السلام حضرت ہاجر اور حضرت اسمٰعیل کو خدا کے مرضی سے کعبہ پاس چھوڑ گئے وہاں نہ کچھ آبادی تھی نہ دانہ پانی حضرت جبرئیل نے وہاں زمین پر اپنا پر مارا زمزم کا پانی زمین سے پھوٹ نکلا حضرت ہاجر نے اُس پانی کے گرد پتھروں کی مینڈ بنائی تاکہ پانی نہ بہ جاوے اور چلّو بھر بھر لینا شروع کیا سو حضرت نے فرمایا کہ اگر اسمٰعیل کی ماں سکوزر و کیتے تو زمزم ایک

١٦٠٢ ق دریا ہو جاتا اسواسطے کہ خزانہ غیبی سے جاری ہوا تھا ق ابن مسعود رضی اللہ عنہ رحم اللہ موسیٰ لقد اُوذِیَ باکثر من ھذا فصبر قال حین سمع رجلا قال یوم حنین واللہ ان ھذہ لقسمۃ ما عدل فیھا وما اُرید بھا وجہ اللہ بخاری اور مسلم میں عبداللہ بن مسعود سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ خدا رحمت کرے موسیٰ پر البتہ وہ تو اس سے بھی زیادہ ترا ایذا دیا گیا تھا پر اُنہوں نے صبر کیا یہ حضرت نے اسوقت فرمایا جب ایک مرد کو سنا کہ جنگ حنین کے دن کہتا تھا کہ قسم خدا کی اس تقسیم میں کچھ انصاف نہوا اور نہ اس سے کچھ خدا کی رضامندی مقصود ہوئی ف

جنگ حنین میں بہت مال غنیمت میں آیا تھا حضرت نے مکے کے نو مسلمون کو بہت سا
مال دیا تاکہ دنیا لیکر ایمان کی قدر سمجھیں تو ایک مرد بنی دین نے جسکا ذی الخویصرہ لقب تھا
حضرت پر طعن کی تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی حضرت موسی پر تہمت ہوئی تھی کہ
انہون نے اپنے بھائی ہارون کو مار ڈالا رحمی کرکے سو خدا نے فرشتون کو حکم کیا کہ
ہارون کی لاش کو انکو دکھلا دیوین آخر کو بے زخم لاش دیکھ کر وہ ناپاک شرمندہ
ہوئے خدا لعنت کرے بدکارون پر پیغمبرون کو تہمت سے چھوڑتے ہین نہ انکے آل اور
اصحاب کو ق عَائِشَةَ يَرْحَمُهُ اللّٰهُ لَقَدْ اَذْكَرَانِيْ كَذَا وَكَذَا ق ١٦٠٣
اٰيَةً كُنْتُ اُنْسِيْتُهَا وَيُرْوٰى اَسْقَطَتْهَا مِنْ سُوْرَةِ كَذَا وَكَذَا قَالَ حِيْنَ سَمِعَ
عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ يَزِيْدَ الْخَطْمِيَّ الْاَنْصَارِيَّ يَقْرَاُ فِيْ اللَّيْلِ بخاری اور
مسلم میں عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ خدا اسپر رحمت کرے البتہ
سنے تو مجھکو فلانی اور فلانی آیت یاد دلادی جو مجھسے بھلائی گئی تھی اور دوسری
روایت یون ہے کہ جس آیت کو مین نے فلانی اور فلانی سورت سے نسیان کے سبب
ساقط کر ڈالا تھا یہہ حضرت نے اسوقت فرمایا جب کہ عبد اللہ بن یزید انصاری کو سنا
کہ وہ رات کو قرآن پڑھتا تھا ق اَبُوْ هُرَيْرَةَ يُسَلِّمُ الرَّاكِبُ عَلَى الْمَاشِيْ وَالْمَاشِيْ ق ١٦٠٤
عَلَى الْقَاعِدِ وَالْقَلِيْلُ عَلَى الْكَثِيْرِ بخاری اور مسلم میں ابوہریرہ سے روایت ہے

کہ چھوٹے

کہ حضرت نے فرمایا کہ سلام کرے سوار پیادہ کو اور چلنے والا بیٹھے شخص کو اور
تھوڑی جماعت بڑی جماعت کو ھ ابوذر یصبح علی کل سلامی من احدکم
صدقۃ فکل تسبیحۃ صدقۃ و کل تحمیدۃ صدقۃ و کل تھلیلۃ
صدقۃ و کل تکبیرۃ صدقۃ و امر بالمعروف صدقۃ و نھی
عن المنکر صدقۃ و تجزی من ذلک رکعتان یرکعھما من الضحیٰ
مسلم میں ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ہر ایک آدمی کی
ہڈی ہڈی پر ہر صبح کو صدقہ اور خیرات واجب ہے سو ہر بار سبحان اللہ کہنا صدقہ ہے
اور ہر بار الحمد للہ کہنا صدقہ ہے اور ہر بار لا الہ الا اللہ کہنا صدقہ ہے اور لوگوں کو
نیک بات بتلانا صدقہ ہے اور خلاف شرع کام سے روکنا صدقہ ہے اور ان
سب کے عوض دو رکعتیں پیر دن چڑھے کفایت کرتی ہیں ف یعنی صحیح سالم رکھنا
ہر روز خدا کی تازہ نعمت ہے تو آدمی پر اسکی شکرگذاری بھی ضرور ہے پھر فرمایا
کہ خیرات کرنا صرف مال ہی خرچ کرنے میں منحصر نہیں بلکہ ذکر الٰہی کا بھی ثواب خیرات کے
برابر ہے اور چاشت کی دو رکعتیں تو اس شکرگذاری میں کفایت کرتی ہیں خ
ابوھریرۃ یصلون لکم فان اصابوا فلکم وان اخطاوا فلکم علیھم
بخاری میں ابوہریرہ رضی سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تمہارے امام تمہارے واسطے

نماز پڑھتے ہین سو اگر اُنہون نی ٹھیک نماز پڑھی تو تمکو نماز کا پورا ثواب ملا اور اگر اُنہون نے
کچھہ خطا کی تو تمکو اقتدا کا ثواب ہے اور اُنپر بی التقانی کا عذاب ہے ف یعنی جماعت کا
ترک کرنا کسی طرح نہین درست اِس واسطے کہ اگر امام نی نماز کے سب شرائط اور ارکان ادا
کئے تو تمہاری نماز پوری ہوگئی اور اگر اُنہون نی نماز کی کسی شرط اور رکن کو ترک کیا تو تمکو
ثواب ہے اسواسطے کہ تمکو اسکی خبر نہین مگر اُنپر عذاب ہے اِس حدیث سے معلوم ہوا کہ اگر امام
ناپاک یا بی وضو نماز پڑھادی اور مقتدیون کو اسکی خبر نہو تو اُنکی نماز ہوگئی لیکن امام پر
اسکا وبال پڑیگا ق اِبْنُ عُمَرَ یَطْوِی اللّٰہُ السَّمٰوٰتِ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ ثُمَّ ۱۶۰۷ ق
یَاْخُذُ بِیَدِہِ الْیُمْنٰی ثُمَّ یَقُوْلُ اَنَا الْمَلِکُ اَیْنَ الْجَبَّارُوْنَ اَیْنَ الْمُتَکَبِّرُوْنَ
ثُمَّ یَطْوِی الْاَرَضِیْنَ بِشِمَالِہٖ ثُمَّ یَقُوْلُ اَنَا الْمَلِکُ اَیْنَ الْجَبَّارُوْنَ وَاَیْنَ
الْمُتَکَبِّرُوْنَ بخاری اور مسلم مین عبداللہ بن عمر رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ خدا لپیٹ دیگا
آسمانون کو قیامت کی دن پھر اُنکو اپنے داہنے ہاتھہ مین لیویگا پھر فرماویگا مین ہون بادشاہ
حقیقی کدہگئے بادشاہان گردن کش کہان ہین گھمنڈ کرنیوالے پھر زمینون کو لپیٹ کر اپنے
بائین ہاتھہ مین لیکا پھر فرماویگا کہ مین ہون بادشاہ کدھر گئے بادشاہ گردن کش کہان ہین
گھمنڈ کرنیوالے ف حق تعالیٰ داہنے اور بائین ہاتھہ سے پاک ہے یہہ اُسکی قدرت کی
تمثیل ہے اس حدیث مین اشارہ ہے کہ سردار اور بادشاہون کو غرور کرنا لازم

نہین کہا کہنڈ کرسے وہ بیچارہ جسکو اپنے ہونے جینے مین اختیار نہین بکرا ور کہنڈ خدا ہی کی
شان ہے ق ۱۶۰۸ ابو ہریرہ یعرق الناس یوم القیامۃ حتی یذہب عرقہم
ق ۲ فی الارض سبعین ذراعا ویلجمہم حتی یبلغ اذانہم بخاری اور مسلم مین
ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ سب نکلیکا لوگون کے قیامت کی دن یہان تک کہ
انکا پسینہ زمین مین ستر گز گہس جاویگا اور لوگون کے منہہ مین داخل ہوگا یہان تک کہ انکے
کانون تک پہنچیگا ف آفتاب قیامت مین بہت پاس آجاویگا کوس پہر ہی گرمی کی شدت سے
بقدر اعمال کی بعضون کے ٹخنے تک اور بعضون کے گہٹنون تک اور بعضون کے منہہ تک
ق ۱۶۰۹ پسینہ پہنچیگا ق عمران بن حصین بعض احدکم یدا خیہ کما یعض الفحل
لا دیۃ لک بخاری اور مسلم مین عمران بن حصین سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تم مین سے
کوئی چبالیتا ہے اپنے بہائی کا ہاتہہ جیسے اونٹ چبالیتا ہے تجکو خون بہا نہ ملے گا
ایک شخص دوسرے شخص کا ہاتہہ کاٹ کہایا اسنی اپنا ہاتہہ اُسکے منہہ سے کہینچ لیا تو کاٹنے
والیکا دانت گر پڑا اسنی اپنے دانت گرانی کی حضرت سے فریاد کی اور خون بہا چاہا تب حضرت نے
یہہ حدیث فرمائی حضرت نے اسکو ارام دیا کہ ایک تو اسکا ہاتہہ چباڈالا اونٹ کی طرح پہر
اُس سے خون بہا چاہتا ہے اسنے اپنے بچاؤ کے واسطے اپنا ہاتہہ کہینچا اگر تیرا دانت گر پڑا
ق ۱۶۱۰ تو وہ کیا کرے اور یہی مذہب ہے سب امامون کا کہ ایسی صورت مین کچھہ بدلا نہین ق

أَبُوهُرَيْرَةَ يَعْمِدُ أَحَدُكُمْ إِلَى جَمْرَةٍ مِنْ نَارٍ فَيَجْعَلُهَا فِي يَدِهِ فَجِيءَ رَأَى
خَاتَمًا مِنْ ذَهَبٍ فِي يَدِ رَجُلٍ فَنَزَعَهُ فَطَرَحَهُ فَقِيلَ لِلرَّجُلِ بَعْدَ
مَا ذَهَبَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خُذْ خَاتَمَكَ انْتَفِعْ بِهِ فَقَالَ لَا
وَاللهِ لَا آخُذُهُ أَبَدًا وَقَدْ طَرَحَهُ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تم سے کوئی ارادہ کرتا ہے
آگ کی چنگاری کا پھر اسکو اپنے ہاتھ مین رکھتا ہے یہ حضرت نے اسوقت فرمایا جب کہ سونے کی
انگوٹھی ایک مرد کے ہاتھ مین دیکھی پھر حضرت نے اسکو اُتار لیا اور اسکو پھینک دیا
جب حضرت تشریف لے گئے تو لوگون نے کہا کہ اپنی انگوٹھی لے اور اسکو بیچ کے اپنا
کام چلا تو اُسنے کہا خدا کی قسم مین اسکو کبھی نہ لونگا اور حالانکہ حضرت نے اسکو پھینک
دیا ہے ف معلوم ہوا کہ سونا پہننا مرد کو حرام ہے اور ثابت ہوا کہ حاکم اور جسکو
قدرت ہو وہ خلاف شرع کام کو اپنے ہاتھ سے مٹا ڈالے ق عَائِشَةُ يَغْزُو جَيْشٌ ۱۶۱۱ ق
الْكَعْبَةَ فَإِذَا كَانُوا بِبَيْدَاءَ مِنَ الْأَرْضِ يُخْسَفُ بِأَوَّلِهِمْ وَآخِرِهِمْ وَيَعُوذُونَ
عَلَى بَيْضَاتِهِمْ بخاری اور مسلم مین عائشہ سے جو روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ لڑنے آویگا
ایک لشکر کعبہ سے سو وہ جب کہ زمین کے بیدان مین ہونگے تو خدا انکے اگلے پچھلون کو
زمین مین دھسا دیگا اور قیامت مین اُٹھینگے اپنی اپنی نیت پر ف حضرت نے خبر دی

کہ آخر زمانی مین ایک لشکر کلیہہ حال ہو گا حضرت عائشہ نے پوچھا کہ یا حضرت لشکر مین تو
بازاری لوگ بہی ہونگے انکا کیا تصور جو وہ بہی عذاب مین شریک ہونگے تب حضرت نی
یہہ حدیث فرمائی معلوم ہوا کہ بدون کے ساتہہ مین نیکون پر بہی دنیا دی عذاب ہوتا ہے
لیکن آخرت مین جیسی نیت ہوگی ویسا عوض ملیگا ق ۱۶۱۲ ق اَبُوْهُرَيْرَةَ يَقْبِضُ اللّٰهُ
الْاَرْضَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَيَطْوِى السَّمَآءَ بِيَمِيْنِهٖ ثُمَّ يَقُوْلُ اَنَا الْمَلِكُ اَيْنَ
مُلُوْكُ الْاَرْضِ بخاری اور مسلم مین ابو ہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ قبضی مین
کریگا خدا زمین کو قیامت کے دن اور لپیٹ لیگا آسمان کو اپنے داہنے ہاتہہ مین پہر کہیگا مین
بادشاہ ہون کہان ہین زمین کے بادشاہ ۔ م ۱۶۱۳ م اَبُوْهُرَيْرَةَ يَقْطَعُ الصَّلٰوةَ الْكَلْبُ
وَالْمَرْاَةُ وَالْحِمَارُ وَيَقِيْ مِنْ ذٰلِكَ مِثْلُ مُؤَخَّرَةِ الرَّحْلِ مسلم مین ابو ہریرہ رض سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ قطع کرتے ہین نماز کو کتا اور عورت اور گدہا اور بچاتی ہے اُسے
کجاوہ کی پچھلی لکڑی کے برابر ف یعنی اگر نماز کے سامنے کتا اور عورت اور گدہا آجاوی تو نماز
جاتی رہتی ہے اور اگر ایسا تہہ بہر لکڑی آگے گہڑی ہو تو انکے آگے آنے سی نماز مین کچہہ
کچہہ خلل نہین پڑتا علما کہتی ہین کہ یہہ حدیث منسوخ ہے اسواسطے کہ اور حدیث مین حضرت
عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت نماز پڑہتے تہے اور مین حضرت کے آگے چارپائی پر لیٹی
رہتی تہی تو معلوم ہوا کہ عورت کے آگے ہونے سے نماز نہین جاتی م ۱۶۱۴ م عَبْدُ اللّٰهِ

بن الشخير يقول ابن آدم مالي مالي وهل لك من مالك الا ما اكلت
فافنيت او لبست فابليت او تصدقت فامضيت مسلم بن عبد الله بن
شخیر سے روایت ہے کہ حضرت نبی نے فرمایا کہ آدمی کہتا ہے کہ میرا مال ہے یہ میرا مال ہے اور تجھکو
اپنے مال سے کیا فائدہ مگر جتنا کہ تو نے کھایا سو مٹایا یا کہ تو نے پہنا سو گلایا یا کہ تو نے راہ
خدا مین خیرات کیا سو بچایا یعنی آخرت کا ذخیرہ کیا وہی کام آویگا ف یعنی تیرا مال حقیقت
مین وہی ہے جو تیری کام آوی خواہ دنیا مین خواہ آخرت مین مگر جو مال کہ دنیا کے کھانے
پہنے مین خرچ ہوا وہ تو فنا ہوا صرف خیرات کو بقا ہے جو آخرت مین کام آوی کا تو
عاقل کو لازم ہے کہ خیرات کو مقدم جانے دنیا مین مال جمع کرنیکی نیت نہ رکھے کہ اسکو خدا راہ مین
ہ ١٦١٥ ابو هريرة يقول العبد مالي مالي وانما له من ماله ثلث
ما اكل فافنى او لبس فابلى او اعطى فاقتنى وما سوى ذلك فهو
ذاهب وتاركه للناس مسلم مین ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نبی نے فرمایا کہ بندہ کہتا ہے
کہ یہ میرا مال ہے یہ میرا مال ہے اسکو تو اپنے مال مین تین ہی فائدے ہین جو کھایا سو مٹایا
یا کہ پہنا سو گلایا یا کہ راہ خدا مین دیا سو آخرت کا ذخیرہ کیا اور اسکے سوای تو وہ جانے والا ہے
اور لوگون کے واسطے چھوڑنے والا ہے یعنی باقی رہے مال سے اسکو کچھ فائدہ نہین ہ ١٦١٦ ابو ذر
يقول الله عز وجل من جاء بالحسنة فله عشر امثالها او ازيد ومن

وَمَنْ جَاءَ بِالسَّيِّئَةِ فَجَزَاءُ سَيِّئَةٍ مِثْلُهَا أَوْ أَغْفِرُ وَمَنْ تَقَرَّبَ مِنِّي
شِبْرًا تَقَرَّبْتُ مِنْهُ ذِرَاعًا وَمَنْ تَقَرَّبَ مِنِّي ذِرَاعًا تَقَرَّبْتُ مِنْهُ بَاعًا
وَمَنْ أَتَانِي يَمْشِي أَتَيْتُهُ هَرْوَلَةً وَمَنْ لَقِيَنِي بِقُرَابِ الْأَرْضِ خَطِيئَةً
لَا يُشْرِكُ بِي شَيْئًا لَقِيتُهُ بِمِثْلِهَا مَغْفِرَةً مسلم ابو ذر سے روایت ہے کہ حضرت
فرمایا کہ اللہ عزوجل فرماتا ہے جو ایک نیکی لاویگا تو اسکو اسکا دس گنا ثواب ہے
یا چاہون تو اُسسے بھی بڑہاون اور جو ایک بدی لاویگا تو بدی کا بدلا ایک ہی بدی
اسی کے برابر یا چاہون تو بے بدلا لئی بخشدون اور جو مجھسی نزدیکی چاہے گا ایک
بالشت برابر تو مین اسکا قرب ہاتھ بھر ہو چاہونگا اور جو میرا قرب ہاتھ برابر چاہے گا
تو مین اُسسے دو ہاتھ کے لمبا برابر قریب ہو جاونگا اور جو میرے پاس قدم چلتا آویگا
تو اسکی طرف مین جھپٹتا آونگا اور جو مجھسے ملیگا تمام زمین کے برابر گناہ لیکر بشرطیکہ اسنے
میرے ساتھ کسی چیز کا شرک نہ لگایا ہو تو مین اُسسے ملونگا اُسکے گناہ کے برابر مغفرت
اور بخشش لیکر ف اس حدیث مین کمال رحمت کا بیان ہے جسکا کچھ بیان نہیں ہو سکتا

ق ۱۲ ۱۶

وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ يَقُولُ اللّٰهُ يَا آدَمُ فَيَقُولُ لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ وَ
الْخَيْرُ فِي يَدَيْكَ فَيَقُولُ أَخْرِجْ بَعْثَ النَّارِ قَالَ وَمَا بَعْثُ النَّارِ قَالَ
وَمَا بَعْثُ النَّارِ قَالَ مِنْ كُلِّ أَلْفٍ تِسْعَمِائَةٍ وَتِسْعَةً وَتِسْعِينَ

قَالَ فَذٰلِكَ حِيْنَ يَشِيْبُ الصَّغِيْرُ وَتَضَعُ كُلُّ ذَاتِ حَمْلٍ حَمْلَهَا وَتَرَى النَّاسَ
سُكَارٰى وَمَا هُمْ بِسُكَارٰى وَلٰكِنَّ عَذَابَ اللّٰهِ شَدِيْدٌ قَالَ
فَاشْتَدَّ ذٰلِكَ عَلَيْهِمْ فَقَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ أَيُّنَا ذٰلِكَ الرَّجُلُ فَقَالَ
أَبْشِرُوْا فَإِنَّ مِنْ يَأْجُوْجَ وَمَأْجُوْجَ أَلْفًا وَمِنْكُمْ رَجُلٌ ثُمَّ قَالَ وَالَّذِيْ
نَفْسِيْ بِيَدِهٖ إِنِّيْ لَأَرْجُوْ أَنْ تَكُوْنُوْا رُبُعَ أَهْلِ الْجَنَّةِ قَالَ فَحَمِدْنَا اللّٰهَ
وَكَبَّرْنَا ثُمَّ قَالَ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ إِنِّيْ لَأَرْجُوْ أَنْ تَكُوْنُوْا ثُلُثَ أَهْلِ
الْجَنَّةِ فَحَمِدْنَا اللّٰهَ وَكَبَّرْنَا ثُمَّ قَالَ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ إِنِّيْ لَأَرْجُوْ أَنْ
تَكُوْنُوْا شَطْرَ أَهْلِ الْجَنَّةِ إِنَّ مَثَلَكُمْ فِي الْأُمَمِ كَمَثَلِ الشَّعْرَةِ الْبَيْضَاءِ
فِيْ جِلْدِ الثَّوْرِ الْأَسْوَدِ أَوْ كَالرَّقْمَةِ فِيْ ذِرَاعِ الْحِمَارِ بخاری اور مسلم مین ابوسعید سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ خدا فرماویگا اے آدم تو وہ کہیگا حاضر ہون تیری خدمت
اور اطاعت مین اور سب بہتری تیرے ہی ہاتھون مین ہے سو خدا فرماویگا کہ نکال دوزخ کا
قصہ یعنی جو دوزخین ڈالے جاوین گے انکو جدا کر آدم کہینگے الٰہی کس قدر ہے دوزخ کا حصہ
خدا فرماویگا ہر ایک ہزار سی نو سو ننانوی یعنی ہزار آدمی مین ایک بہشتی اور باقی دوزخی
حضرت نے فرمایا سو یہہ اُسوقت ہوگا جب کہ بڈھا ہو جاویگا لڑکا اور ہر ایک پیٹ والی
اپنے پیٹ کا بچہ گرا دیویگی اور تو دیکھیگا لوگون کو بیہوش اور دیوانے اور حالانکہ وے

دیوانے نہین ولیکن خدا کا عذاب سخت ہو کا راوی نے کہا صو یہہ بات اصحاب پر نہایت
سخت گذری تو اصحاب نے کہا یا رسول اللہ ہم مین سے کیا بہشتی مرد کون ہو گا یعنی جب ہزار مین
ایک ہی شخص بہشتی ٹہرا تو ہمکو نجات پانے کی کیا امید باقی رہی حضرت نے فرمایا کہ تم خاط
جمع رکھو خوش رہو اس واسطے کہ یاجوج اور ماجوج سے ہزار دوزخی ہونگے اور تم مین سے ایک مرد
بہشتی ہو گا یعنی دوزخ کی بہرتی کے واسطے یاجوج ماجوج کیا کم ہین جو تم کہبراتے ہو
پہر حضرت نے فرمایا اسکی قسم جسکے قابو مین میری جان ہے کہ البتہ مین اسکی امید رکہتا ہون کہ
تم لوگ بہشتیونکی چوتہائی ہوگے راوی نے کہا تو ہم اصحاب نے الحمد للہ اور اللہ اکبر کہا پہر
حضرت نے فرمایا اسکی قسم جسکے قابو مین میری جان ہے کہ البتہ مین اسکی امید رکہتا ہون کہ تم بہشتیونکے
تہائی ہوگے راوی نے کہا تو ہم نے الحمد للہ اور اللہ اکبر کہا پہر حضرت نے فرمایا اسکی قسم
جسکے قابو مین میری جان ہے کہ تم آدہے ہوگے تمام اہل بہشت کے البتہ تمہاری مثل
اور امتون مین جیسے سفید بال کے مثل سیاہ بیل کی کہال مین یا کہ جیسی داغ کے مثل کدہے
تہہ مین ف یعنی امت محمدی بہ نسبت اگلی امتون کے نہایت کم ہے دوزخ کے واسطے
یاجوج ماجوج اور اگلی امتونکے کافر بہت کم نہین معلوم ہوا کہ بہشتیونمین آدہی یہہ
امت مرحومہ ہوگی اور آدہی اور پیغمبرون کی امت کے لوگ ہونگے اتنا کرم اس امت پر
محض اس نبی کریم کے بدولت ہے اللہم صل وسلم علیہ اس حدیث کا اول

مضمون جگر ٹکڑے کرتا ہے اور پچھلا مضمون یقین بجواتا ہے ایمان کے دو پر ہین
خوف اور رجا نہ اخوف ہی بہتر کہ رحمت سے نا امید کر ڈالے نہ بی دھڑکا امید ہی رکھنا
چاہیے کہ خلاف شرع اور بی قید بنا ڈالے ق اِبْنُ عُمَرَ یَقُوْمُ النَّاسُ لِرَبِّ ۱۶۱۸ ق
الْعَالَمِیْنَ حَتّٰی یَغِیْبَ اَحَدُھُمْ فِیْ رَشْحِہٖ اِلٰی اَنْصَافِ اُذُنَیْہِ بخاری
اور مسلم ہین عبداللہ بن عمر سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ کھڑے ہونگے لوگ رب
العالمین کے واسطے یہان تک کہ ڈوب جاویگا بعضا آدمی اپنے پسینے ہین اپنے
آدھے کانوتک ق جَابِرُ ابْنُ سَمُرَۃَ یَکُوْنُ بَعْدِیْ اِثْنَا عَشَرَ اَمِیْرًا ۱۶۱۹ ق
قَالَ جَابِرٌ فَقَالَ کَلِمَۃً لَمْ اَسْمَعْھَا فَقَالَ اَبِیْ اِنَّہٗ قَالَ کُلُّھُمْ مِنْ قُرَیْشٍ
بخاری اور مسلم ہین جابر بن سمرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ہونگے میرے بعد بارہ سردار
پھر حضرت نے کوئی لفظ کہی کہ مین نی نہ سنی تو میری باپ یعنے سمرہ نی کہا کہ حضرت نے یہ لفظ
فرمائی کہ وہ سب سردار قریش کے قوم سے ہونگے ف ہر چند حضرت کے بعد بہت سردار
ہوئے لیکن مراد یہ ہے کہ بارہ سردار نہایت دیندار ہونگے سنت محمدی پر چلینگے چنانچہ
حضرت کے چارون خلیفہ اور امام حسن اور عمر بن عبدالعزیز اور امام مہدی باقی تفصیل
خدا ہی کو خوب معلوم ہے اور یہہ جو شیعہ کہتی ہین کہ بارہ امام مراد ہین سو بی دلیل ہات
ہے ہوا سطے کہ امیر سردار حاکم کو کہتی ہین سو سوای علی مرتضی اور امام حسن کے کسی امام کو

ف حدیث ورود سرکش بعد ہر حاکم خورہ نسخہ بعد

ملک کے

ملک کی حکومت حاصل نہیں ہوئی کمال اور بزرگی اور چیز ہے لیکن یہاں حکومت کا
بیان ہے ۱۶۳۰ ھ ابن عمر یکون کنز احدکم یوم القیمۃ شجاعا اقرع مسلم میں
عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تم میں سے ہر ایک شخص کا مال اور خزانہ قیامت کے
دن گنجا اژدہا ہو جاویگا ف وہ مال مراد ہے جسکی زکوۃ نہیں ادا ہوئی ۱۶۳۱ م جابر یکون فی امتی خلیفۃ یحثی المال حثیا لا یعدہ عدا مسلم میں جابرؓ سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ہوگا میری امت میں ایک خلیفہ جو مال کو لپ لپ بھر کے
دیویگا اسکو نہ گننے کا شمار کرکے ف اس حدیث میں فتح اسلام اور کثرت مال کی خبر ہے
یا کہ عمر فاروق مراد ہیں کہ جب ایران کا خزانہ آیا تو انہوں نے ہاتھوں سے لپ بھر بھر
بے شمار بانٹا یا کہ امام مہدی رض مراد ہوں واللہ اعلم ۱۶۳۲ ق عبداللہ بن سلام
یموت عبداللہ بن سلام ودوا خذ بالعروۃ الوثقی بخاری اور مسلم میں
عبداللہ بن سلام سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مریگا عبداللہ بن سلام اس
حالت پر کہ اسلام کی مضبوط رسی پکڑے ہوگا ف یعنی مسلمان مریگا یہ حضرت نے عبداللہ
بن سلام کی خواب کی تعبیر کہی باقی خواب کا قصہ آگے ہو چکا ۱۶۳۳ م ابو ھریرۃ ینادی
منادی ان لکم ان تصحوا فلا تسقموا ابدا وان لکم ان تحیوا
فلا تموتوا ابدا وان لکم ان تشبوا فلا تھرموا ابدا وان لکم

اَنْ تَنْعَمُوْا فَلَا تَبْتَئِسُوْا اَبَدًا اِنَّ لَكَ قَوْلُهٗ وَنُوْدُوْا اَنْ تِلْكُمُوا
الْجَنَّةُ اُوْرِثْتُمُوْهَا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ مسلم مین ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ پکاریگا پکارنیوالا کہ مقرر تمہاری واسطے یہہ ٹہہر چکا کہ تم چنگے رہوگے
سو کبھی بیمار نہ پڑوگے اور مقرر تم زندہ رہوگے سو کبھی نہ مروگے اور مقرر تم جوان ہی رہوگے
سو کبھی بڈھے نہوگے اور مقرر تم عیش اور چین مین رہوگے سو تم کو کبھی غم اور محتاجی
نہوگی سو یہی مطلب ہے اس خدا کی قول کا کہ اہل بہشت پکارے جاوینگے کہ یہہ تمہاری
بہشت ہے جسکے تم وارث ہوئے اس سبب سے کہ تم نیک کام کیا کئے ف فرشتہ بہشت مین
یہہ پکارکے بہشتیون کو سنا دیویگا کہ بی دغدغہ ہوجاوین ق حُذَيْفَةَ يَنَامُ الرَّجُلُ ۱۶۲۴ ق
النَّوْمَةَ فَتُقْبَضُ الْاَمَانَةُ مِنْ قَلْبِهٖ فَيَظَلُّ اَثَرُهَا مِثْلَ الْوَكْتِ ثُمَّ
يَنَامُ النَّوْمَةَ فَتُقْبَضُ الْاَمَانَةُ مِنْ قَلْبِهٖ فَيَظَلُّ اَثَرُهَا مِثْلَ الْمَجْلِ
كَجَمْرٍ دَحْرَجْتَهٗ عَلٰى رِجْلِكَ فَنَفِطَ فَتَرَاهُ مُنْتَبِرًا وَلَيْسَ فِيْهِ شَيْءٌ فَيُصْبِحُ
النَّاسُ يَتَبَايَعُوْنَ لَا يَكَادُ اَحَدٌ يُؤَدِّي الْاَمَانَةَ حَتّٰى يُقَالَ اِنَّ فِيْ بَنِيْ
فُلَانٍ رَجُلًا اَمِيْنًا حَتّٰى يُقَالَ لِلرَّجُلِ مَا اَجْلَدَهٗ مَا اَظْرَفَهٗ مَا اَعْقَلَهٗ
وَمَا فِيْ قَلْبِهٖ مِثْقَالُ حَبَّةِ خَرْدَلٍ مِنْ اِيْمَانٍ بخاری اور مسلم مین
حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ سوویگا مرد ایک نیند سو اٹہا لیجاویگی

فتح ہات وردی
وکھدر دیا ہتی

امانت اور دیانت اسکے دل سی تو ہو جاویگا اسکا نشان جیسی آنکھہ کا آبلا یعنی
مدہم داغ پھر سو ویکا ایک بیند تو اٹھا لیجاویگی امانت اور دیانت اسکے دل سی تو
ہو جاویگا اسکا نشان آبلے کی طرح جیسی تو چنگاری کو اپنے پاون پر دھلکاوی سو
اسپر آبلہ پڑ جاوی سو وہ تجھکو پھولا دیکھہ پڑیگا حالانکہ اُسمین کچھہ نہین پھر لوگ خرید
فروخت کرینگے یہہ نہین لگتا کہ کوئی بھی امانت کو ادا کری یہان تک کہ کہا جاویگا کہ
فلانی کی اولاد مین ایکیا امانت دار مرد ہے یہان تک نوبت پہنچیگی کہ کہا جاویگا آدمی کے
حق مین کہ فلانا شخص کیا خوب دلاور ہے کیا لطیف و ظریف ہے کیا خوب عقلمند
ہے اور حالانکہ اُسکے دل مین ایک رائی کے دانے برابر بھی ایمان نہین یعنی امانت داری
نہین ف خلاصہ مطلب حدیث کا یہہ ہے کہ امانت داری دمبدم کم ہو جاویگی
آخر کو یہہ حال ہو جاویگا کہ نامی اور مشہور لوگ جنکی لوک تعریفین کرینگے اُنکی بھی
نیت بدل جاویگی کچھہ امانت داری اُنکے دل مین نرہیگی خذیفہ سی روایت ہے کہ حضرت سے
مین نی دو باتین سنین سو ایک تو مین دیکھہ چکا اور دوسری بات کا منتظر ہون
پہلے بات تو یہہ ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ امانت داری مردونکے دلونکے اندر اتری سو
اُنہون نی قرآن اور حدیث سے علم سیکھا یعنی ظاہر اور باطن سے امانت دار اور دیندار
ہو گئے اور دوسری بات حضرت نی ہم سے امانت کے جاتے رہنے کی کہی پھر یہہ حدیث

فرمائی ف ابو ہریرۃ ینزل ربنا کل لیلۃ الی السماء الدنیا حین یبقی
ثلث اللیل الاخیر یقول من یدعونی فاستجیب لہ من یسئلنی
فاعطیہ من یستغفرنی فاغفر لہ بخاری اور مسلم مین ابو ہریرہ رض سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ اُترتا ہے ہمارا رب ہر رات کو پہلے آسمان تک جب کہ پچھلی تہائی
رات باقی رہتی ہے تو فرماتا ہے کہ کون مجھسے دعا مانگتا ہے تاکہ مین اسکی دعا قبول کرون
کون مجھسے سوال کرتا ہے تاکہ مین اسکو دون کون مجھسی گناہ بخشوانا ہے کہ مین اسکے
گناہ بخشون ف خدا کے نزول سے مُراد اسکی رحمت کا نزول ہے اِس حدیث سی
صاف معلوم ہوا کہ یہہ وقت نہایت مقبول ہے اُسوقت کی دعا مستجاب ہے پر افسوس کہ
ہمارا عمدہ وقت خواب غفلت مین کٹتا ہے شعر ہر شبی از بہر تو ای بوالفضول
میکند از اوج جباری نزول تو ز جائی خود جو مردی با ادب بزنگیری کام بی روزو
۱۶۲۶ ق شب ق ابو ہریرۃ یوشک الفرات ان یحسر عن کنز من ذھب
فمن حضرہ فلا یاخذ منہ شیئا بخاری اور مسلم مین ابو ہریرہ رض سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ عنقریب ہے کہ دریای فرات سونے کے گنج سے کہل جاویگا سو جو کہ وہان
حاضر ہو سو اُسمین سے کچھہ نہ لیوی ف یعنے قیامت کے قریب سونیکا خزانہ دریای
فرات سی ظاہر ہوگا اسکے لینے سی اِس واسطے منع فرمایا کہ وہ قیامت کی نشانی ہے

۱۶۲۷ م

اسوقت مین مسلمان کو اپنی عاقبت کی فکر لازم ہے دنیا لیکر کیا کریگا م ابوھریرۃ یوشک
ان طالت بک مدۃ ان ترٰی قوما فی ایدیھم مثل اذناب البقر یغدون
فی غضب اللہ ویروحون فی سخط اللہ مسلم مین ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
کہ عنقریب ہے اگر تیری عمر کی مدت نے طول کی تو دیکھیگا ایک قوم کو کہ انکے ہاتھون مین کوڑے
ہون گے جیسے بیلونکی دم صبح کرین گے خدا کے غضب مین اور شام کرین گے خدا کے قہر مین ف

۱۶۲۸ ح

مراد کوڑے والے اور چوبدار ہین جو حاکم کے پاس مظلوم کو ہین جانے دیتے اور مارتے ہین خ ابوسعید
یوشک ان یکون خیر مال المسلم غنم یتبع بھا شعف الجبال ومواقع القطر
یفر بدینہ من الفتن بخاری مین ابوسعید سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ یہ عنقریب ہے کہ
مسلمان کا بہتر مال بکریان ہونگی جنکے پیچھے پھریگا چرانے کو پہاڑون کی چوٹیون پر اور پانی
برسنے کے مقامون پر اپنا دین لیکر بھاگے گا فسادون کے سبب ف یعنی فساد کی وقت مین
گوشہ گیری بہتر ہے کہ لوگون کے ملنے سے ایسی وقت ایمان سلامت نہین رہتا تو بکریان چرانا

۱۶۲۹ ق

بہتر ق لا یزال قلب الکبیر شابا من حبتین حب الدنیا وطول الامل
الحرص علی العمر بخاری اور مسلم مین انس سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ بڈھا ہوتا ہے
آدمی اور جوان ہوتی ہین اسمین دو خصلتین ایک تو مال پر حرص دوسرے عمر پر حرص ف

۱۶۳۰ ق

یعنی پیری کی حالت مین مال اور زندگی کی نہایت حرص بڑھ جاتی ہے ق ابوھریرۃ یھلک

النَّاسَ هٰذَا الْحَيَّ مِنْ قُرَيْشٍ قَالُوا فَمَا تَأْمُرُنَا قَالَ لَوْ أَنَّ النَّاسَ اعْتَزَلُوهُمْ
قَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ لَوْ شِئْتُ أَنْ أُسَمِّيَهُمْ بَنِي فُلَانٍ وَبَنِي فُلَانٍ بخاری اور مسلم میں
ابوہریرہ رض روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ہلاک کریگا لوگوں کو یہ قریش کا قوم اصحاب نے
کہا کہ پھر ہمکو کیا ارشاد ہوتا ہے حضرت نے فرمایا کہ اگر لوگ اُن سے کوشہ گیری کریں تو بہتر ہے
ابوہریرہ نے کہا کہ اگر چاہوں تو اُنکے نام لے دوں کہ وہ لوگ فلانی کی اولاد اور فلانے کی
اولاد ہیں ف اس حدیث میں حکومت بنی امیہ کی فساد و بدی کی خبر ہے چنانچہ امام حسین کی
شہادت کے بعد سیکڑوں اصحاب مدینہ میں یزید کے لشکر نے شہید کئے ق ۱۶۳۱ ق ابْنُ عُمَرَ يُهِلُّ
أَهْلُ الْمَدِينَةِ مِنْ ذِي الْحُلَيْفَةِ وَيُهِلُّ أَهْلُ الشَّامِ مِنَ الْجُحْفَةِ وَيُهِلُّ
أَهْلُ نَجْدٍ مِنْ قَرْنٍ بخاری اور مسلم میں عبداللہ بن عمر رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
کہ احرام باندھیں مدینہ والے ذی الحلیفہ سے اور شام والے جحفہ سے اور نجد والے قرن سے
ف یعنی جب حج اور عمرہ کی نیت سے ان تینوں مقام پر پہنچے تو وہاں سے احرام باندھے

## وَمِمَّا لَمْ يُسَمَّ فَاعِلُهُ

اور اسمیں وہ حدیثیں ہیں جنکے سر پر مضارع مجہول ہے

ق ۱۶۳۲ ق ابْنُ عُمَرَ رَأَى فِي الْمَنَامِ أَنَّهُ يَسْتَاكُ بِسِوَاكٍ فَجَاءَنِي رَجُلَانِ أَحَدُهُمَا أَكْبَرُ
مِنَ الْآخَرِ فَنَاوَلْتُهُ الْأَصْغَرَ مِنْهُمَا فَقِيلَ لِي كَبِّرْ فَدَفَعْتُهُ إِلَى الْأَكْبَرِ

مِنْهُمَا بخاری اور مسلم مین عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مجھکو خواب مین معلوم ہوا کہ مین ایک مسواک کر تا ہون پھر دو شخص آئے ایک اُنمین دوسرے سے بڑا ہے سو مین نے وہ مسواک چھوٹے کو دی تو مجھسے کہا گیا کہ بڑے کو دے تو مین نے وہ مسواک بڑے کو دی ف اس حدیث سے بڑے عمر والے کی تعظیم اور تقدیم ثابت ہوئی ق وَابْنُ عُمَرَ رَأَى أَنِّي لَيْلَةً عِنْدَ الْكَعْبَةِ فَرَأَيْتُ رَجُلًا آدَمَ كَأَحْسَنِ مَا أَنْتَ رَاءٍ مِنْ أُدْمِ الرِّجَالِ لَهُ لِمَّةٌ كَأَحْسَنِ مَا أَنْتَ رَاءٍ مِنَ اللِّمَمِ قَدْ رَجَّلَهَا فَهِيَ تَقْطُرُ مَاءً مُتَّكِئًا عَلَى رَجُلَيْنِ أَوْ عَلَى عَوَاتِقِ رَجُلَيْنِ يَطُوفُ بِالْبَيْتِ فَسَأَلْتُ مَنْ هٰذَا فَقِيلَ هٰذَا الْمَسِيحُ بْنُ مَرْيَمَ ثُمَّ إِذَا أَنَا بِرَجُلٍ جَعْدٍ قَطَطٍ أَعْوَرِ الْعَيْنِ الْيُمْنٰى كَأَنَّهَا عِنَبَةٌ طَافِيَةٌ فَسَأَلْتُ مَنْ هٰذَا فَقِيلَ هٰذَا الْمَسِيحُ الدَّجَّالُ

بخاری اور مسلم مین عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مجھکو خواب مین ایک رات معلوم ہوا کہ کعبے کے پاس ہون تو مین نے ایک مرد دیکھا گیہوان رنگ جیسے کہ تو نے بہت اچھے گیہوان رنگ مرد دیکھے ہون اسکے کندھون تک بال ہین جیسے کہ تو نے بہت اچھے کندھون تک بال دیکھی ہون سو اُس مرد کی ان بالون مین کنگھی کی ہے تو اُنسے پانی ٹپکتا ہے دو مردون پر تکیہ کئے یا یون فرمایا کہ دو مردون کے کندھون پر تکیہ دئے وہی شخص طواف کرتا ہے بیت اللہ کا سو مین نے پوچھا کہ یہہ کون شخص ہے تو

ق (۶۳۳)

کسی نی کہا کہ یہہ مسیح مریم کا بیٹا ہہر مین نے یکایک ادر مرد دیکہا نہایت کہنگر والے
بال والا داہنی آنکہہ کا کانا اسکی کانی آنکہہ عیسی ہہو لا انگور سو مین نے پوچہا کہ یہہ
کون شخص ہے کسینی کہا کہ یہہ مسیح دجال ہے ف حضرت عیسی کا لقب اسواسطے
مسیح ہوا کہ انہون نی گہر نہین بنایا اکثر جنگل مین پہرا کرتے تہے اور انکے پانہ لگانے
سے بیمار چنگے ہوتے تہے اور دجال کا لقب اس واسطی مسیح ہوا کہ وہ چالیس دنہین
تمام عالم کو پہر ڈالیگا عیسی علیہ السلام اور دجال قیامت کے قریب آوینگے حضرت نے ان
دونون مسیحون کی نشانیان بتلادین کہ مسلمان پہچان لیوین دہو کہا نکھاوین م
۱۶۳۴ ثنیا
الْمِقْدَادُ تُدْنَى الشَّمْسُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مِنَ الْخَلْقِ حَتّٰى تَكُوْنَ مِنْهُمْ كَمِقْدَارِ
مِيْلٍ فَيَكُوْنُ النَّاسُ عَلٰى قَدْرِ اَعْمَالِهِمْ فِى الْعَرَقِ فَمِنْهُمْ مَنْ يَكُوْنُ اِلٰى كَعْبَيْهِ
وَمِنْهُمْ مَنْ يَكُوْنُ اِلٰى رُكْبَتَيْهِ وَمِنْهُمْ مَنْ يَكُوْنُ اِلٰى حَقْوَيْهِ وَمِنْهُمْ
مَنْ يُلْجِمُهُ الْعَرَقُ اِلْجَامًا مسلم مین مقداد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ
منصل کیا جاویگا آفتاب قیامت کے دن خلق سے یہان تک کہ اُنسے میل برابر ہوجاویگا
تو لوگ بقدر اپنے اعمال کے پسینے مین ہونگے سو اُنمین سی بعضا شخص ایسا ہوگا کہ اسکے دونو
ٹخنون تک پسینہ ہوگا اور اُنمین سے بعضی کے دونو گہٹنون تک ہوگا اور اُنمین سے
بعضے کی کمر تک ہوگا اور اُنمین سے بعضے لوگون کو پسینہ لگام دیویگا یعنی منہہ مین گس جاویگا

ف حذیفہ سے مراد یا کوئی اور ہے یا سہو ناسخ کی سلائی ف خُذَيْفَةُ تُعْرَضُ الْفِتَنُ
عَلَى الْقُلُوبِ كَالْحَصِيرِ عُودًا عُودًا فَأَيُّ قَلْبٍ أُشْرِبَهَا نُكِتَ فِيهِ نُكْتَةٌ سَوْدَاءُ
وَأَيُّ قَلْبٍ أَنْكَرَهَا نُكِتَ فِيهِ نُكْتَةٌ بَيْضَاءُ حَتَّى تَصِيرَ عَلَى قَلْبَيْنِ أَبْيَضَ
مِثْلِ الصَّفَا فَلَا تَضُرُّهُ فِتْنَةٌ مَا دَامَتِ السَّمَوَاتُ وَالْأَرْضُ وَالْآخَرُ
أَسْوَدُ مُرْبَادًّا كَالْكُوزِ مُجَخِّيًا لَا يَعْرِفُ مَعْرُوفًا وَلَا يُنْكِرُ مُنْكَرًا إِلَّا مَا
أُشْرِبَ مِنْ هَوَاهُ الْحَدِيثُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَالسِّيَاقُ لِمُسْلِمٍ مسلم مین حذیفہ رضہ سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ سامنے آتے ہین فتنے دلون پر جیسے چٹائی بنانے کے وقت
ایک ایک لکڑی پے در پے سامنے آتی ہے سو جو دل کہ اُن فتنون کو پلایا گیا تو اُسمین ایک
سیاہ نکتہ ڈالا گیا اور جسنے اُن فتنونکی انکار کی تو اُسمین ایک سفید نکتہ ڈالا جاتا ہے
تو دو قسم کے دل ہو گئی ایک دل سفید ہو گیا جیسے سنگ مرمر اسکو کیسطرح کا فتنہ ضرر نہین
کرتا جبتک آسمان اور زمین کو قیام ہے اور دوسرا دل کالا خاکستری رنگ ہے جیسے
اوندھا کوزہ نہ نیکی کو پہچانے نہ بدی سے انکار کرے سوا اپنی خواہش نفسانی کے وہ
کچھ نہین جانتا یہہ حدیث متفق علیہ ہے یعنی بخاری اور مسلم دونون مین موجود ہے لیکن یہہ
خاص روایت مسلم کی ہے ف یعنی فاسد اعتقاد اور باطل خطرات کا دلون پر ہجوم
رہتا ہے سو جس دل مین واہیات جم گیا سو سیاہ ہو گیا اسکو نیک بد کی تمیز نہین رہتی

جیسے اوندھے برتنین پانی نہین ٹہرتا اور جس دل نے انکا کچھ دھیان نہ کیا اور آپکو
خطرات واہیات سے بچایا وہ دل روشن ہوجاتا ہے اسکو نیک بدکی تمیز ہوتی ہے وہ
گناہ سے بچتا رہتا ہے م ابوہریرۃ تفتح ابواب الجنۃ یوم الاثنین ۶۴۳۶ م
ویوم الخمیس فیغفر لکل عبد لا یشرک باللہ شیئا الا رجلا کانت
بینہ وبین اخیہ شحناء فیقال انظروا ھذین حتی یصطلحا اسلم
ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ کہے جاتے ہین بہشت کے دروازے دوشنبہ
اور پنجشنبہ کے دن تو گناہ معاف ہوتے ہین ہر ایک بندے کے جو خدا کے ساتھہ شرک نہین
کرتا مگر اسکے گناہ نہین معاف ہوتے جسکے درمیان اور اسکے مسلمان بہائی کے درمیان
عداوت اور کینہ ہوتا ہے سو حکم ہوتا ہے کہ مہلت دو ان دونون کو یہان تک کہ آپس مین
صلح کرلیوین ف معلوم ہوا کہ بغض اور کینہ مسلمان سے رکھنا ایسا سخت گناہ ہے کہ مغفرت کو ف ۶۴۳۷
روکتا ہے تین دن سے زیادہ مسلمان سے رنج رکھنا درست نہین ق سفیان ابن ابی زہیر
الازدی تفتح الیمن فیاتی قوم یبسون فیتحملون باھلیھم ومن
اطاعھم والمدینۃ خیرھم لو کانوا یعلمون وتفتح الشام فیاتی
قوم یبسون فیتحملون باھلیھم ومن اطاعھم والمدینۃ خیرھم
لو کانوا یعلمون وتفتح العراق فیاتی قوم یبسون فیتحملون باھلیھم

رَمَنْ اَطَاعَهُمْ وَالْمَدِيْنَةُ خَيْرٌ لَّهُمْ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ بخاری اور مسلم بن سفیان
بن ابی زہیر رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ فتح ہو کا یمن کا ملک تو اوسکے ایک قوم
جلدی کرتے سو اُٹھا لیجاویگے اپنے گھر والون کو اور جو انکی اطاعت کریگا اور حالانکہ
مدینہ کا رہنا اُنکے حق مین بہتر ہے اگر انکو کچھ دانست ہوتی اور فتح ہو کا شام کا ملک
تو اوسکے لوگ جلدی کرتے سو اُٹھا لیجاویگے اپنے گھر والون کو اور جو انکی اطاعت
کریگا اور حالانکہ مدینے کا رہنا انکے حق مین بہتر ہے اگر انکو کچھ دانست ہو اور فتح ہو کا
عراق کا ملک تو اوسکے لوگ جلدی کرتے سو اُٹھا لیجاویگے اپنے گھر والون کو
اور جو انکی اطاعت کریگا اور حالانکہ مدینے کا رہنا اُنکے حق مین بہتر ہے اگر انکو کچھ دانست
ہوتی ف یعنی بعد فتح اسلام کے لوگ مدینے کا رہنا چھوڑکے یمن اور شام اور عراق
مین معہ اپنے گھر بار کے جا بسینگے حالانکہ حضرت کا جوار چھوڑنا اور مدینے کی برکات سے
محروم رہنا انکے حق مین بہتر نہین ق اَبُوْ هُرَيْرَةَ تُنْكَحُ الْمَرْاَةُ لِاَرْبَعٍ لِمَالِهَا ق ۴۳۸
وَلِحَسَبِهَا وَلِجَمَالِهَا وَلِدِيْنِهَا فَاظْفَرْ بِذَاتِ الدِّيْنِ تَرِبَتْ يَدَاكَ بخاری
اور مسلم بن ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ نکاح کیا جاتا ہے عورت کا چار
سبب سے اوسکے مال کے سبب سے اور اوسکے حسب نسب کے اور اوسکی خوبصورتی کے سبب سے
اور اوسکی دینداری کے سبب سے سو تو دین دار عورت کو طلب کر تیرے ہاتھون مین خاک اگر

تونے دیندار کو چھوڑا ف یعنے دستور ہے کہ عورت کے نکاح کی رغبت انہین چار چیزون کے
سبب ہوتی ہے سو فرمایا کہ تو دیندار نیکبخت عورت کو سب پر مقدم رکھیو کہ زندگی آرام سے
بسر ہوگی اور مال اور حسب نسب اور خوبصورتی پر نظر کرنا کہ اکثر وہ کہا ہوتا ہے اور
اسکی بدخوئی کے سبب سے زندگی تلخ ہو جاتی ہے اور اگر دیندار بھی ساتھہ مال اور نسب
اور جمال بھی ہو تو سبحان اللہ نور علی نور ق اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ يُؤْتَى بِالرَّجُلِ ۱۶۳۹ ق
يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَيُلْقٰى فِي النَّارِ فَتَنْدَلِقُ اَقْتَابُ بَطْنِهٖ فَيَدُوْرُ بِهَا كَمَا
يَدُوْرُ الْحِمَارُ بِالرَّحٰى فَيَجْتَمِعُ اِلَيْهِ اَهْلُ النَّارِ فَيَقُوْلُوْنَ يَا فُلَانُ مَا لَكَ اَلَمْ
تَكُنْ تَاْمُرُ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهٰى عَنِ الْمُنْكَرِ فَيَقُوْلُ بَلٰى كُنْتُ اٰمُرُ بِالْمَعْرُوْفِ
وَلَا اٰتِيْهِ وَاَنْهٰى عَنِ الْمُنْكَرِ وَاٰتِيْهِ بخاری اور مسلم مین اسامہ بن زید سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ لایا جاویگا مرد قیامت کے دن سو ڈالا ویگا دوزخ مین سو اسکے
پیٹ سی انتڑیان نکل پڑینگی سو انکو لئے پھرتا ہوگا یکایک جیسے کدھا پن پیسنے کے گرد گھومتا ہے
تو جمع ہون کے اسکی طرف دوزخی لوگ سو کہینگے ای فلانے تجھکو کیا ہوا کیا تو نیک باتین
نہ بتلاتا تہا اور بد کامون سے نہ منع کرتا تہا تو وہ کہیگا کہ کیون نہین مین نیک کام
لوگون کو بتلاتا تہا اور خود اسکو نہ کرتا تہا اور بد کام سے منع کرتا تہا لیکن خود کرتا تہا
ف اس حدیث مین واعظ بے عمل کی سزا مذکور ہے ق اَنَسٌ يُؤْتَى بِاَنْعَمِ ۱۶۴۰ ق

اَهْلَ

اَهْلِ الدُّنْيَا مِنْ اَهْلِ النَّارِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَيُصْبَغُ فِي النَّارِ صَبْغَةً
ثُمَّ يُقَالُ يَا بْنَ اٰدَمَ هَلْ رَاَيْتَ خَيْرًا قَطُّ هَلْ مَرَّ بِكَ نَعِيْمٌ قَطُّ فَيَقُوْلُ
لَا وَاللّٰهِ يَا رَبِّ وَيُؤْتٰى بِاَشَدِّ النَّاسِ بُؤْسًا فِي الدُّنْيَا مِنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ
فَيُقَالُ لَهٗ يَا بْنَ اٰدَمَ هَلْ رَاَيْتَ بُؤْسًا قَطُّ هَلْ مَرَّ بِكَ شِدَّةٌ
قَطُّ فَيَقُوْلُ لَا وَاللّٰهِ مَا مَرَّ بِيْ بُؤْسٌ قَطُّ وَلَا رَاَيْتُ شِدَّةً قَطُّ مسلم

انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ لایا جاویگا قیامت کے دن اہل دوزخ سے
جو دنیا داروں مین آسودہ تر اور خوش عیش تر تہا سو دوزخ مین ایک بار غوطہ دیا جاویگا
پہر اُسسے پوچہا جاویگا کہ ای آدم کے بیٹے کہا تو نے کبہی آرام دنیا مین دیکہا تہا کہا تجہپر کبہی
چین بہی گذرا تہا تو وہ کہیگا قسم خدا کی کبہی نہین ای میری رب اور اہل جنت سی لایا جاویگا
جو دنیا مین سب لوگون سے سخت تر تکلیف مین رہا تہا اُسسے پوچہا جاویگا ای آدم کے
بیٹے تو نے کبہی تکلیف بہی دیکہی ہے کہا تجہپر کبہی شدت اور رنج بہی گذرا تہا تو وہ
کہیگا خدا کی قسم مجہپر تو کبہی تکلیف نہین گذری اور مین نے تو کبہی شدت اور سختی
نہین دیکہی ف یعنی دوزخ کی شدت کے روبرو دنیا کے آرام بالکل بہول جاوینگے
اگرچہ دنیا مین اُسنی سلطنت کی ہو اور بہشت کے چین وآرام کی روبرو دنیا کی تکلیف
ہرگز زیادہ پڑیگی اگرچہ تمام عمر بیماری اور فاقہ کشی مین گذری ہو ع ابن مسعود

ف ۱۲۴۰

يُؤْتَى بِجَهَنَّمَ يَوْمَئِذٍ لَهَا سَبْعُونَ أَلْفَ زِمَامٍ مَعَ كُلِّ زِمَامٍ
سَبْعُونَ أَلْفَ مَلَكٍ يَجُرُّونَهَا مسلم میں عبداللہ بن مسعود رضی سے روایت ہے حضرت نے
فرمایا کہ لائے جاویگی دوزخ اُس دن یعنی قیامت کو اسکے ستر ہزار باگیں ہونگی ہر باگ
کے ساتھ ستر ہزار فرشتے اُسکو کھینچینگے گف اس حساب سے سب فرشتے دوزخ کے کھینچنے والے
تو سے کروڑ اور چار ارب ہوئے باقی کار خانجات کے فرشتوں کا شمار اسکے شمار سے
باہر ہے وَمَا يَعْلَمُ جُنُودَ رَبِّكَ إِلَّا هُوَ م جابر یُبْعَثُ كُلُّ عَبْدٍ عَلَى ۱۶۴۱
مَا مَاتَ عَلَيْهِ مسلم میں جابر رضی سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا حشر میں اٹھایا جاویگا
ہر ایک بندہ جس حال پر کہ مرگیا گف یعنے کفر یا ایمان پر اخلاص یا نفاق پر ق انس ۱۶۴۲ ق
يُجَاءُ بِالْكَافِرِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَيُقَالُ لَهُ أَرَأَيْتَ لَوْ كَانَ لَكَ مِلْءُ الْأَرْضِ
ذَهَبًا أَكُنْتَ تَفْدِي بِهِ فَيَقُولُ نَعَمْ فَيُقَالُ لَهُ قَدْ كُنْتَ سُئِلْتَ مَا
هُوَ أَيْسَرُ مِنْ ذَلِكَ بخاری اور مسلم میں انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ لایا
جاویگا کافر قیامت کے دن تو اُسے کہا جاویگا بھلا بتلا تو کہ اگر تیری ملکیت میں زمین کے
برابر سونا ہوتا کیا تو عذاب کے عوض دیتا تو وہ کہیگا ہاں تو اس سے کہا جاویگا تجھسے تو اُسے
بھی آسان تر مانگا گیا تھا گف یعنی دنیا میں تجھسے تو صرف ایمان کی خواہش اور شرک
نکرنے کی فرمایش تھی تجھسے اتنا بھی نہو سکا آج دنیا بھر سونا دینے کو طیار ہے ق ابوھریرۃ

يُحْشَرُ النَّاسُ عَلَى ثَلٰثِ طَرَائِقَ رَاغِبِيْنَ وَرَاهِبِيْنَ وَاثْنَانِ عَلٰى بَعِيْرٍ وَثَلٰثَةٌ
عَلٰى بَعِيْرٍ وَاَرْبَعَةٌ عَلٰى بَعِيْرٍ وَعَشَرَةٌ عَلٰى بَعِيْرٍ وَتَحْشُرُ بَقِيَّتَهُمُ النَّارُ تَقِيْلُ
مَعَهُمْ حَيْثُ قَالُوْا وَتَبِيْتُ مَعَهُمْ حَيْثُ بَاتُوْا وَتُصْبِحُ مَعَهُمْ حَيْثُ
اَصْبَحُوْا وَتُمْسِيْ مَعَهُمْ حَيْثُ اَمْسَوْا بخاری اور مسلم میں ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ حشر ہوگا لوگوں کا تین طرح پر ایک قسم امیدوار لوگ ہونگے یعنے
حساب اور ثواب کی امیدوار اپنے نیک اعمال کے سبب سے دوسری قسم خوفناک لوگ
یعنی مسلمان تقصیروار دو شخص ایک اونٹ پر اور تین اور چار ایک اونٹ پر اور دس
ایک اونٹ پر اور باقی ماندوں کو آگ ہانک لے چلے گی یعنے یہ تیسری قسم کے لوگ ہیں دوپہر کو
آگ اُنکے ساتھ ٹھہر جاویگی جہاں وہ ٹھہرینگے اور رات بسر کریگی اُنکے ساتھ جہاں وہ
رات بسر کرینگے اور صبح کریگی اُنکے ساتھ جہاں وہ صبح کرینگے اور شام کریگی اُنکے
ساتھ جہاں وہ شام کرینگے ف یہ حشر قیامت سے پہلے ہوگا کہ تمام ملکوں کے زندہ لوگوں کو
شام کے ملک میں آگ ہانک لاویگی لیکن مسلمان سوار ہونگے اور کافر پیادہ پا اور قیامت کا
حشر قبروں سے ہوگا ق سَهْلُ بْنُ سَعْدٍ يُحْشَرُ النَّاسُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَلٰى ق ۱۶۴۵
اَرْضٍ بَيْضَاءَ عَفْرَاءَ كَقُرْصَةِ النَّقِيِّ لَيْسَ فِيْهَا عَلَمٌ لِاَحَدٍ وَقِيْلَ لَيْسَ فِيْهَا
عَلَمٌ مِنْ حَدِيْثِ سَهْلٍ وَغَيْرِهٖ. بخاری اور مسلم میں سہل بن سعد سے روایت ہے کہ حضرت نے

فرمایا کہ حشر ہوگا لوگون کا قیامت کے دن سفید زمین پر جو سرخی مارتی ہوگی جیسے
میدے کی روٹی اُسمین کسی کا نشان نہ باقی رہے گا یعنی کوئی مکان اور مینار نہ ہیگا
چٹیل میدان ہو جاویگا اور بعضون نے کہا ہے کہ نشان نہ رہے گا یہ مضمون حضرت کی
حدیث مین نہین بلکہ سہل بن سعد کا یہ قول ہے اُنکے سوای یا کسی اور شخص کا ھ انس ۱۶۴۶
یُخْرَجُ مِنَ النَّارِ اَرْبَعَۃٌ فَیُعْرَضُوْنَ عَلَی اللّٰہِ فَیَلْتَفِتُ اَحَدُھُمْ فَیَقُوْلُ
اَیْ رَبِّ اَخْرَجْتَنِیْ مِنْھَا فَلَا تُعِیْدَنِّیْ فِیْھَا فَیُنَجِّیْہِ اللّٰہُ مِنْھَا سلم مین
انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ نکالے جاوینگے دوزخ سے چار شخص تو سامنے
لائے جاوینگے خدا کے سو اُنمین سے ایک شخص مُنہ پھیر کے کہیگا ای میرے رب جب کہ تو نے مجھکو
دوزخ سے نکالا تو اب مجھکو اُسمین پھر نہ ڈالیو تو خدا اسکو نجات دیگا ح ابو سعید ۱۶۴۷
یُدْعٰی نُوْحٌ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ فَیَقُوْلُ لَبَّیْکَ وَسَعْدَیْکَ یَا رَبِّ فَیَقُوْلُ
ھَلْ بَلَّغْتَ فَیَقُوْلُ نَعَمْ فَیُقَالُ لِاُمَّتِہٖ ھَلْ بَلَّغَکُمْ فَیَقُوْلُوْنَ مَا اَتَانَا مِنْ
نَذِیْرٍ فَیَقُوْلُ مَنْ یَشْھَدُ لَکَ فَیَقُوْلُ مُحَمَّدٌ وَاُمَّتُہٗ فَتَشْھَدُوْنَ اَنَّہٗ قَدْ
بَلَّغَ فَذٰلِکَ قَوْلُہٗ وَکَذٰلِکَ جَعَلْنٰکُمْ اُمَّۃً وَّسَطًا لِّتَکُوْنُوْا شُھَدَآءَ
عَلَی النَّاسِ وَیَکُوْنَ الرَّسُوْلُ عَلَیْکُمْ شَھِیْدًا بخاری مین ابو سعید رض سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ بلایا جاویگا نوح قیامت کے دن تو کہیگا ای میرے رب مین حاضر ہون تیری

سورہ بقر
صحبی بر
دعوی نوح
علیہ السلام

خدمت اور اطاعت مین تو خدا فرما دیگا کہ کیا تونے اپنی امت کو پیغام پہنچایا تہا یعنی عذاب سے
ڈرایا تہا تو نوح کہیگا کہ ہان مین نے پیغام سنا دیا ہے تو اسکی امت سے کہا جا دیگا کہ کیا
نوح نے تمکو پیغام پہنچایا تہا تو اسکی امت کے لوگ کہینگے کہ ہمارے پاس تو کوئی ڈرانے والا نہین
آیا تو خدا نوح سے فرما دیگا کہ تیرے دعوی کا کون گواہ ہے جو تیری گواہی دے تو نوح کہیگا
کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور انکی امت میرے گواہ ہین سو تم لوگ گواہی دو گے کہ مقرر نوح نے انکو
پیغام پہنچایا تہا سو یہی مطلب ہے خدا کے اس قول کا اور اسی طرح ہم نے بنایا تمکو عادل اور افضل
امت تاکہ تم گواہ ہو لوگون پر اور رسول تمپر گواہ ہو ف اس حدیث اور اس آیت سے
امت محمدی کی فضیلت سب امتون پر خوب ثابت ہوئی اس واسطے کہ گواہی کی لیاقت ہر ایک
شخص کو نہین ہوتی گواہی کے واسطے عدالت اور صداقت شرط ہے بعضی روایت مین
آیا ہے کہ نوح کی امت کہیگی کہ امت محمدی ہمارے وقتین کہان موجود تہی بن دیکہے انکی
گواہی کیونکر سند ہوگی تو امت محمدی جواب دیگی کہ ہرچند ہم تمہاری وقت مین نہ تہے
لیکن ہمکو یہہ حال قرآن شریف سے معلوم ہوا ہے خدا کی کلام سے زیادہ تر کسی کے کلام کی سند نہوگی

ق ابوھریرۃ یستجاب لاحدکم ما لم یعجل یقول قد دعوت
ربی فلم یستجب لی۔ بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تم مین
ہر ایک آدمی کی دعا اسوقت تک قبول ہوگی جبتک کہ وہ اس طرح سے جلدی نکرے

ہنین قبول ہوئی
۱۶۴۷

ف کہ مین نے اپنے رب سے دعا کی تہی سو اُسنے میری دعا قبول نکی دعا مین اس طرح مشتابی کرنا
ایسی بی ادبی ہے کہ اسکا ثمرہ محرومی ہے آدمی کو خدائی کے کارخانے کا بھید کیا معلوم ہے
جو جلدی کرتا ہے خدا ہی خوب جانتا ہے کہ جلد نہ دعا قبول ہونے مین کیا حکمت ہے اور حدیث
مین ایا ہے کہ مسلمان کی دعا نامقبول نہین ہوتی خواہ دنیا مین اُسکا اثر ظاہر ہوتا ہے
خواہ آخرت مین بہت چیزونکی تمنا آدمی دنیا مین کرتا ہے حالانکہ اُسکے حق مین بہتر نہین
اسواسطے خدا اُسکے عوض آخرت مین ثواب دیگا اسواسطے کہ اپنے دروازے سے کریم کسی کو محروم
نہین پھیرتا ۱۶۴۸ ق مَنْ عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ عَمْرٍو یُغْفَرُ لِلشَّهِيْدِ كُلُّ ذَنْبٍ اِلَّا الدَّيْنَ
مسلم مین عبداللہ بن عمرو سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ شہید کے سب گناہ معاف ہوجاتے
ہین سوائے قرض کے ف یعنی قرض کا مواخذہ شہید سے بھی باقی رہتا ہے اس حدیث مین
اشارہ ہے کہ قرض ادا کرنے مین سستی نکرے علمانی کہا ہے کہ قرض سے مراد جمیع
حقوق العباد ہین یعنی شہید سے خدا کے گناہ سب معاف ہوجاتے ہین مگر بندونکے گناہ کا مواخذہ
رہتا ہے ۱۶۴۹ خ اَبُوْ هُرَيْرَةَ يُقَالُ لِاَهْلِ الْجَنَّةِ خُلُوْدٌ لَا مَوْتَ وَلِاَهْلِ النَّارِ يَا اَهْلَ
النَّارِ خُلُوْدٌ لَا مَوْتَ بخاری مین ابوہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ بہشت والونسے
کہا جاویگا کہ تمکو ہمیشکی ہے اور کبھی موت نہین اور دوزخ والونسے کہا جاویگا کہ اے دوزخیو
تمکو ہمیشکی ہے اور کبھی موت نہین ف معلوم ہوا کہ بہشت اور دوزخ کو فنا نہین

الباب

# اَلْبَابُ التَّاسِعُ

نوین باب مین پانچ فصلین ہین پہلی فصل مین وہ حدیثین ہین جنکے سرے پر فصل مامی ہے

خ ۱۶۵۰ حُ عُمْرَةً اَتَانِیْ اللَّیْلَةَ اٰتٍ مِنْ رَبِّیْ فَقَالَ صَلِّ فِیْ هٰذَا الْوَادِی الْمُبَارَكِ وَقُلْ عُمْرَةٌ فِیْ حَجَّةٍ بخاری مین عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ آیا میرے پاس ایک آنیوالا میرے رب کی طرف سے سو اُسنے کہا کہ نماز پڑھ اس مبارک نالے مین اور کہہ عمرہ داخل ہوا حج مین ف نوین سال حضرت حج کو چلے مدینے سے جب اُس نالے مین پہنچے جسکا عقیق نام ہے تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنی حج اور عمرہ ساتھہ ہی ایک احرام سے ادا کر اسکو قران کہتے ہین یہہ حدیث امام اعظم کی دلیل ہے کہ قران افضل ہے نرے حج اور تمتع سے تمتع یہہ کہ عمرہ کرکے احرام اُتارے پھر حج کے

ق ۱۶۵۱ موسم مین دوسرا احرام باندہ کے حج ادا کرے ق اَبُوْذَرٍّ اَتَانِیْ جِبْرَئِیْلُ فَبَشَّرَنِیْ اَنَّهٗ مَنْ مَاتَ مِنْ اُمَّتِكَ لَا یُشْرِكُ بِاللّٰهِ شَیْئًا دَخَلَ الْجَنَّةَ قُلْتُ وَاِنْ زَنٰی وَاِنْ سَرَقَ قَالَ وَاِنْ زَنٰی وَاِنْ سَرَقَ بخاری اور مسلم مین ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ میرے پاس جبرئیل آیا سو اُسنے مجھکو بشارت دی کہ جو مریگا تیری اُمت سے اس حالت پر کہ شرک نکرتا ہو اللہ سے کسی چیز کا تو وہ بہشت مین داخل ہوگا ابوذر نے کہا مین نے کہا کہ اگرچہ وہ زنا کرے اور چوری کرے تو وہی بہشت مین داخل ہوگا

حضرت نی فرمایا کہ اگرچہ وہ زنا اور چوری کرے ف یعنی ایمان بہشتین انجام کو
لیجاویگا اگرچہ گناہوں کے سبب سے سزا پاوی یا بدون سزا مغفرت ہو جاوی ق
ق ۱۶۵۲
اَبُوْهُرَيْرَةَ اَحْتَجَّ اٰدَمُ وَمُوْسٰى فَقَالَ مُوْسٰى يَا اٰدَمُ اَنْتَ اَبُوْنَا خَيَّبْتَنَا
وَاَخْرَجْتَنَا مِنَ الْجَنَّةِ فَقَالَ لَهٗ اٰدَمُ اَنْتَ مُوْسَى اصْطَفَاكَ اللّٰهُ
بِكَلَامِهٖ وَخَطَّ لَكَ التَّوْرٰىةَ بِيَدِهٖ اَتَلُوْمُنِيْ عَلٰى اَمْرٍ قَدَّرَهُ اللّٰهُ
عَلَيَّ قَبْلَ اَنْ يَّخْلُقَنِيْ بِاَرْبَعِيْنَ سَنَةً فَحَجَّ اٰدَمُ مُوْسٰى بخاری اور مسلم مین
ابوہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ بحث کی آدم اور موسی نے سو کہا موسی نے اے آدم
تو ہمارا باپ ہے تونے ہمکو بے نصیب کیا اور ہمکو تو نے بہشت سے نکالا یعنی اگر تم گیہون نہ کہاتے
تو بہشت سے تم اور تمہارے فرزند نہ نکالے جاتے تو آدم نی موسی سے کہا تو موسے کہ تجھکو خدا نے
اپنے کلام سے برگزیدہ کیا اور تجھکو توریت اپنے دست قدرت سے لکھ دی کیا مجھکو ملامت
کرتا ہے اور الزام دیتا ہے اس کام پر جو خدا نی میری تقدیر مین لکھا تھا چالیس برس
میرے پیدا کرنے سے پہلے تو حجت کئے آدم موسی سے ف پوری روایت مصابیح مین یون
ہے کہ کفتگو کی آدم اور موسی نی اپنے رب کے پاس تو غالب ہوئے آدم موسی پر کہا موسی نی
کہ تو ہی آدم ہے کہ تجھکو خدا نے اپنے دست قدرت سے بنایا اور اپنی روح پہونکی تھی اور
فرشتون سے تجھکو سجدہ کرایا اور تجھکو اپنے بہشت مین رکھا پھر تو نے اپنے گناہ سے

لوگون کو زمین پر گرایا تو آدم نے کہا تو ہی موسیٰ ہے کہ تجھکو خدا نے اپنی پیغمبری اور اپنے
کلام سے برگزیدہ کیا اور تجھکو توریت دی جسمین ہر چیز کا مفصل بیان ہے اور تجھکو مناجات کے
واسطے اپنے نزدیک کر لیا سو بتلا تو کہ خدا نے توریت کو میرے پیدا کرنے سے پہلے کئی برس کے
لکھا تھا موسیٰ نے کہا چالیس برس آدم نے کہا کیا تو نے یہ مطلب ہی دیکھا کہ آدم نے نافرمانی
کی موسیٰ نے کہا کہ ہان آدم نے کہا پھر کیون مجھکو تو ملامت کرتا ہے اس کام کے کرنے پر جو
میری تقدیر مین چالیس برس میری پیدایش سے آگے ٹھہر چکا تھا حضرت نے فرمایا سو جیت کیا
آدم موسیٰ سے **ف** یہہ کہنا کو حضرت موسیٰ کے انتقال کے بعد عالم ارواح مین ہوئی اور
جب تک حضرت آدم اس عالم مین زندہ رہے قصور کو اپنی طرف نسبت کرتے رہے اس
حدیث سے یہہ ثابت نہین ہوتا کہ آدمی اپنے گناہون کو تقدیر کے طرف حوالہ کرکے آپکو بی قصور
سمجھے اسواسطے کہ عالم اجسام کا قیاس عالم ارواح پر صحیح نہین شیطان نے اپنا گناہ اس
عالم مین تقدیر کی طرف نسبت کیا اور آپ کو بی قصور جانا اسی سبب سے ملعون اور مردود ہوا
اور حضرت آدم نے قصور کو اپنی طرف نسبت کیا اسی سبب سے مقبول اور محبوب ہوئے آدمیت
اور بندہ کی ادب کا نام ہے اور بے ادبی شیطانی کام ہے **شعر** بندہ کی بود بجز عجز و ادب
بی ادب محروم شد از فضل رب ۱۶۵ **م** **حدیث** ابن عباس احسنتم واجملتم کذا فاصنعوا
**قصہ** لبنی عبد المطلب حین سقوہ النبیذ علی زمزم مین عبد اللہ

بن عباس سی روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ تم نی یہہ بہت اچھا کیا اور نہایت خوب کیا سو
کیا کر و حضرت نے عبد المطلب کی اولاد سی یہہ فرمایا جب کہ انہون نی حضرت کو زمزم پر کھجور کو
پانی مین کہول کے پلایا ف روایت ہے عبد اللہ بن عباس سے کہ فرمایا حجۃ الوداع مین زمزم پاس
اونٹ سوار آئے اور حضرت کے پیچھے اسامہ بن زید سوار تھے ہم سی حضرت نے پانی مانگا ہم نی
حضرت کو کھجور کا بھیگا ہوا پانی پلایا حضرت نے خود پیا اور باقی اسامہ کو دیا پھر حضرت نے یہہ حدیث
فرمائی معلوم ہوا کہ نیک کام کی تعریف کرنا اور اسپر ترغیب دلانا مستحب ہے ق ابو ھریرہ رضی اللہ عنہ
اِخْتَتَنَ اِبْرَاهِيْمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْقَدُوْمِ بخاری اور مسلم مین
ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اپنا ختنہ کیا ابراہیم صلی اللہ علیہ وسلم نے قدوم مین
ف قدوم ایک مکان کا نام ہے شام کے ملک مین اور یہہ جو مشہور ہے کہ حضرت ابراہیم نے
اپنا ختنہ بسولے سی کیا سو غلط ہے قدوم سے مراد بسولہ نہین بلکہ مکان مراد ہے روایت ہے
کہ حضرت ابراہیم نی ستانوی برس کی عمر مین اپنا ختنہ کیا تھا اور یہہ سنت اول انہین سے جاری
ہوئی توریت کی کتاب الخلقت مین فصل کے اندر مرقوم ہے کہ خدا نی ابراہیم علیہ السلام سے
فرمایا کہ میرے عہد کو تو یاد رکھا اور تیری نسل یاد رکھی ہمیشہ قیامت تک یعنی ہر مرد کا ختنہ
ہوا کرے یہی نشان ہے میرے عہد کا تمہارے بدنون مین عہد دائمی ابدی جو ختنہ نکریگا وہ
قوم ابراہیمی سے جدا ہو گیا اسنی خدا کا عہد توڑا فقط بارے الحمد للہ کہ اہل اسلام اس عہد پر قائم

ق ۱۶۵۵ بیان کرنے ختنہ کے بیان مین

ہین اور نصاری فی فتنہ کرنا بالکل موقوف کر دیا حالانکہ توریت کو حق جانتے ہین اور منسوخ
ہونیکے قائل نہین چنانچہ متی کی انجیل مین عیسی علیہ السلام فی صاف فرمایا کہ مین توریت کے
احکام منسوخ کرنے نہین آیا بلکہ خود عیسی علیہ السلام کا بھی فتنہ ہوا تہا تو بموجب حکم
توریت کے صاف ثابت ہوا کہ نصاری قوم ابراہیمی سے بالکل جدا ہوگئے اُنہون فی دائمی
عہد خدا کا توڑ ڈالا ح اَنَسٌ اَخَذَ الرَّایَۃَ زَیْدٌ فَاُصِیْبَ ثُمَّ اَخَذَہَا
جَعْفَرٌ فَاُصِیْبَ ثُمَّ اَخَذَہَا عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ رَوَاحَۃَ فَاُصِیْبَ ثُمَّ اَخَذَہَا خَالِدُ
بْنُ الْوَلِیْدِ مِنْ غَیْرِ اِمْرَۃٍ فَفُتِحَ بخاری مین انس رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ لیا علم کو
زید فی سو وہ شہید ہوگیا پہر علم لیا جعفر فی سو وہ بہی شہید ہوگیا پہر علم لیا عبداللہ بن
رواحہ نے سو وہ بہی شہید ہوا پہر علم لیا خالد بن ولید فی بدون سرداری کے سو خدا فی اسکو
فتح نصیب کی ف حضرت فی جنگ موتہ مین لشکر بہیجا اُسکے تین سردار مقرر کئے
اور فرمایا کہ اگر زید شہید ہو تو جعفر طیار سردار ہے اور اگر جعفر بہی شہید ہو تو عبداللہ
بن رواحہ سردار ہے چنانچہ جب جنگ ہوئی تو یہہ تینون سردار شہید ہوگئے
پہر اصحاب نے صلاح مشورہ کرکے خالد بن ولید کو اپنا سردار بنایا تو فتح ہوئی حضرت کو
وہ کی خبر اُسی دن بطریق وحی کے معلوم ہوئی مدینہ مین لوگون سے فرمائے پہر اُسی کے
موافق خبر بہی آئی اور یہہ جو فرمایا کہ خالد فی بے سرداری فتح کی یعنی حضرت نے انکو سردار

۱۶۵۶
ح
شہید ہونا زید و جعفر و عبداللہ
و فتح پانا خالد کا

نہیں بنایا تھا بلکہ اصحاب نے انکو بنایا تھا معلوم ہوا کہ اجماع اصحاب حجت ہے صدیق اکبر کی
بھی خلافت اصحاب کے اجماع سے ہوئی تو بے شک درست ہوئی ق ابو ہریرہؓ اذنب
عبدا ذنبا فقال اللھم اغفرلی ذنبی فقال تبارک وتعالی اذنب عبدی
ذنبا علم ان لہ ربا یغفر الذنب ویاخذ بالذنب ثم عاد فاذنب
فقال ای رب اغفرلی ذنبی فقال تبارک وتعالی عبدی اذنب ذنبا
فعلم ان لہ ربا یغفر الذنب ویاخذ بالذنب ثم عاد فاذنب فقال
ای رب اغفرلی ذنبی فقال تبارک وتعالی اذنب عبدی ذنبا فعلم
ان لہ ربا یغفر الذنوب ویاخذ بالذنب اعمل ما شئت فقد غفرت
لک قال عبد الاعلی احد رواۃ ھذا الحدیث لا ادری اقال فی الثالثۃ
او الرابعۃ اعمل ما شئت بخاری اور مسلم میں ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ گناہ
کیا کسی بندے نے کوئی گناہ کیون نہو پھر اسنی کہا کہ الٰہی میری گناہ کو معاف کر تو حق تعالی
فرماتا ہے کہ میرے بندے نے گناہ کیا اور اسنی جانا کہ اسکا رب ہے کہ گناہ کو معاف کرتا ہے
اور گناہ پر پکڑتا ہے پھر اسنی توبہ توڑی سو گناہ کیا تو اسنی کہا ای میرے رب میرا گناہ معاف
کر تو حق تعالی فرماتا ہے کہ میرے بندی نی گناہ کیا سو اسنی جانا کہ اسکا رب ہے کہ گناہ کو معاف
کرتا ہے اور گناہ پر پکڑتا ہے پھر اسنی توبہ توڑی سو اسنی گناہ کیا تو اسنی کہا ای میرے

رب میرا گناہ بخشدے سو حق تعالی فرماتا ہے گناہ کیا میری بندے نے تو اُسنی جانا کہ اُسکا
ایک رب ہے کہ گناہ بخشتا ہے اور گناہ پر پکڑتا ہے کر جو تیرا جی چاہے سو مقرر مین نے
تجھکو بخشا عبدالاعلی اس حدیث کی ایک راوی نی کہا کہ مین نہین جانتا کہ حضرت نی تیسری
بار یا چوتھی بار فرمایا کر جو تیرا جی چاہے **ف** یعنی جے بار گناہ کرکے آدمی توبہ کریگا اُسکی
توبہ مقبول ہوگی آدمی کا قصور اگر کیجئی تو دو تین بار مین تنگ ہو جاتا ہے یہان کریمی کی
شان ہے تنکی کا کیا امکان ہے **نظم** بازآ بازآ ہر آنچہ ہستی بازآ گر کافر و گبر و بت
پرستی بازآ این درگہ ما درگہ نومیدی نیست صد بار اگر توبہ شکستی بازآ لیکن شرط
یہہ ہے کہ توبہ کے وقت ندامت ہو اور اُس گناہ کے کرنے کا قصد نہو اور اگر اس گناہ کے کرنیکا
قصد دل مین موجود ہو تو صرف زبان سے توبہ کرنا مسخراپن کرنا ہے اور یہہ جو فرمایا کہ تو کر جو تیرا جی چاہے
یعنی جس گناہ کے بعد توبہ بھی ہو تو ایسے گناہ مغفرت کو نہین روکتا اور یہہ مطلب نہین کہ
توبہ کے بعد آدمی بی قید ہو جا دی جو جی چاہے سو کرے **م** عَمْرُو بْنُ عَبَسَةَ اَرْسَلَنِی ۱۶۵
بِصِلَةِ الْاَرْحَامِ وَکَسْرِ الْاَوْثَانِ اَنْ نُوَحِّدَ اللّٰهَ وَلَا نُشْرِکَ بِهٖ شَیْئًا لَهٗ
حِیْنَ سَلَّمَهٗ بِاَیِّ شَیْءٍ اَرْسَلَکَ یَعْنِی اللّٰهَ مسلم مین عمرو بن عبسے سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ خدا نی مجھکو بھیجا ہے برادر پروری بتلانے کو اور بتون کے توڑنے کو اور اس واسطے کہ
ہم سب لوگ خدا کو اکیلا مالک جانین اور اسکے کسی چیز کو شریک نہ سمجھین یہہ حضرت نی

عَمرو بن عبسہ سے فرمایا جب کہ اُسنی پوچھا حضرت سی کہ خدا نی تمکو کسواسطے بھیجا ہے **ف**
ابتدا اسلام مین جب کہ اسلام بہت ضعیف تہا یہہ شخص یعنی عمرو بن عبسہ مکے مین آیا حضرت سے
اُسنی پوچھا کہ تم کون ہو حضرت نی فرمایا مین پیغمبر ہون اُسنی کہا پیغمبر کیا حضرت نی فرمایا
خدا نی مجھکو بھیجا ہے اُسنی کہا کسواسطے بھیجا ہے حضرت نے یہہ حدیث فرمائی پہر اُسنی کہا کسنے
کسنی تمہارا ساتہہ دیا ہے حضرت نی فرمایا ایک آزاد اور ایک غلام نی یعنی ابو بکر صدیق
اور بلال نی پہر اُسنی کہا مین بہی تمہارا ساتہہ دیتا ہون حضرت نے فرمایا ابہی تو میرا
ساتہہ نہ دیسکیگا تو نہین دیکہتا میری ناتوانی اور کافرون کا غلبہ اب تو اپنے گہر پلٹ جا
جب تو ہماری فتح سنیو تو ہو **ق** حَكِيمُ بْنُ حِزَامٍ أَسْلَمْتَ عَلَى مَا سَلَفَ لَكَ مِنْ ۱۶۵۰
خَيْرٍ لَهُ بخاری اور مسلم مین حکیم بن خوام سی روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ تو مسلمان ہوا
اس نیکی پر جو تجھسے آگے ہوئی **ف** حکیم بن خرام سی روایت ہے کہ مین نی مسلمان ہونیکے وقت
عرض کی یا رسول اللہ حالت کفر مین جو مین نی نیکیان کی ہین جیسے برادر پروری اور گردن
آزاد کرنا سو اُسکا بہی ثواب مجھکو ملیگا تب حضرت نی یہہ حدیث فرمائی یعنی اسلام کی
برکت سے اگلی نیکی کا ثواب ضائع نہو گا **ق** أَلَبَرْأَبْنُ عَازِبٍ أَشْبَهْتَ خَلْقِي وَخُلُقِي ۱۶۶۰
**لم** لِجَعْفَرِ بْنِ أَبِي طَالِبٍ بخاری اور مسلم مین براہن عازب سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ تو میری صورت اور سیرت مین مشابہ ہے یہہ حضرت نے جعفر بن ابی طالب سے فرمایا

ف اس حدیث سی بڑی فضیلت جعفر طیار کی ثابت ہوئی حضرت کے ظاہر و باطن کے مشابہ ہونا نہایت عمدہ کمال ہے ق ۱۶۶۱ ق اَبُوْ هُرَيْرَةَ اِشْتَدَّ غَضَبُ اللّٰهِ عَلٰى قَوْمٍ فَعَلُوْا بِنَبِيِّهٖ يُشِيْرُ اِلٰى رُبَاعِيَتِهٖ اِشْتَدَّ غَضَبُ اللّٰهِ عَلٰى رَجُلٍ يَقْتُلُهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بخاری اور مسلم مین ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ سخت غضب ہوا خدا کا اس قوم پر جنہون نی خدا کے پیغمبر سے ایسا کیا حضرت اشارہ کرتے تہے اپنی دندان مبارک کے شہید ہونے پر نہایت غضب ہے خدا کا اس مرد پر جسکو رسول اللہ قتل کرے راہ خدا مین ف جنگ اُحد مین کافرون نی پتھر مارے جسسے حضرت کا دانت شہید ہوا اور چہرہ شریف پر کہود نیچا لگا اور ہونٹہ پر زخم آیا علی مرتضی پانی سے حضرت کا خون دہوتے تہے تب حضرت نی یہہ حدیث فرمائی اسی لڑائی مین حضرت نے ابی بن خلف کو برچھی سے زخمی کیا چنانچہ وہ ملعون مکے مین جاکر اسی زخم کے صدمے سے مرگیا ق ۱۶۶۲ ق اَبُوْ هُرَيْرَةَ اِشْتَرٰى رَجُلٌ مِنْ رَجُلٍ عَقَارًا فَوَجَدَ الرَّجُلُ الَّذِىْ اشْتَرَى الْعَقَارَ فِىْ عَقَارِهٖ جَرَّةً فِيْهَا ذَهَبٌ فَقَالَ لَهُ الَّذِىْ اشْتَرَى الْعَقَارَ خُذْ ذَهَبَكَ مِنِّىْ اِنَّمَا اشْتَرَيْتُ مِنْكَ الْاَرْضَ وَلَمْ اَبْتَعْ مِنْكَ الذَّهَبَ فَقَالَ لِلَّذِىْ اشْتَرَى الْاَرْضَ اِنَّمَا بِعْتُكَ الْاَرْضَ وَمَا فِيْهَا فَتَحَاكَمَا اِلٰى رَجُلٍ فَقَالَ الَّذِىْ تَحَاكَمَا اِلَيْهِ اَلَكُمَا وَلَدٌ فَقَالَ اَحَدُهُمَا لِىْ غُلَامٌ

وَقَالَ الْاٰخَرُ لِیْ جَارِیَۃٌ فَقَالَ اَنْکِحَا الْغُلَامَ الْجَارِیَۃَ وَاَنْفِقَا عَلٰی
اَنْفُسِکُمَا مِنْہُ وَتَصَدَّقَا بخاری اور مسلم میں ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ مول لی ایک مرد نے دوسرے مرد کی زمین سونے میں کے مول لینے والے کی زمین میں
ایک کھڑا پایا جسمیں سونا تھا تو بیچنے والے اسی زمین کے مول لینی والی نی کہا آپنا سونا مجھسے لے
میں نی تو تجھسی زمین مول لی تہی اور تجھسے میں نے سونا نہیں مول لیا تو بیچنے والے نے زمین کے مول لینے
والے سے کہا کہ میں نے تجھسے زمین اور جو اسکے اندر تہا سب بیچ ڈالا یعنی وہ تیرا حق ہے میرا
حق نہیں سو وہ دونوں اپنا جھگڑا فیصل کروانے گئے ایک اور مرد کے پاس سو جسکے پاس فیصلہ
کروانے کو گئے اسنے کہا کہ تم دونوں کے اولاد بہی ہے تو ایک نے کہا کہ میرے ایک لڑکا ہے
دوسرے نے کہا کہ میری ایک لڑکی ہے تو اسنی کہا تم دونو اس لڑکی کا لڑکے کے ساتہ
نکاح کردو اور اس مال کو اُن دونو پر خرچ کرو اور اپنر خیرات کردو ف اس حدیث میں
خوشنیتی اور دیانت داری کا بیان ہے اور حاکم نی جب کہ انکو خوش نیت دیکہا تو نہیں
رشتہ داری مناسب جانی اور اس مال کے خرچ کرنے کا کیا خوب طریقہ نکالا ق ۱۶۶۳
عَبَّاسٍ اَصَبْتَ بَعْضًا وَاَخْطَاْتَ بَعْضًا قَالَ لِاَبِیْ بَکْرٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ
بخاری اور مسلم میں عبداللہ بن عباس رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تو نی بعضی جگہہ
ٹہیک تعبیر کہی اور بعضی مقام پر تو چوک گیا یہہ حضرت نے ابی بکر رضی اللہ عنہ سے فرمایا ف

ایک شخص حضرت کے پاس آیا اسنی کہا یا رسول اللہ مین نی خواب مین دیکھا کہ بدلی سے گھی اور شہد ٹپکتا ہے تو لوگ اسکو اپنے انجلون مین بہرتے ہین بعضا زیادہ لیتا ہے اور بعضا کم اور مین نے آسمان سے ایک رسی لٹکی دیکھی سو حضرت اسکو پکڑکے چڑھ گئے پہر حضرت کے بعد ایک اور مرد اسکو پکڑکے چڑھ گیا پہر ایک اور سر دچڑھ گیا پہر ایک اور مرد نے اسکو پکڑا سو رسی ٹوٹ گئی پہر جوڑی گئی سو وہ بہی چڑھ گیا تو صدیق اکبر نے کہا میرے ماں باپ حضرت پر قربان اگر اجازت ہو تو مین اس خواب کی تعبیر کہون حضرت نے فرمایا تو ہی اسکی تعبیر کہہ صدیق اکبر نی کہا کہ وہ بدلی تو اسلام کی بدلی ہے اور گہی اور شہد جو ٹپکتا ہے سو قرآن ہے اور اسکی شیرینی اور جو لوگ انجلون مین لیتے ہین سو قرآن خوان ہین کسی بہت قرآن یاد ہے اور کسیکو کم اور وہ رسی جو آسمان سے لٹکی ہے سو وہ دین حق ہے جسپر تو قائم ہے سو خدا تجھکو اسی کے سبب سے اپنی طرف چڑہا لیگا پہر آپ کے بعد آپ کا خلیفہ اسی طرح چڑہ جاویگا پہر دوسرا خلیفہ چڑہ جاویگا پہر تیسرا خلیفہ چڑھنے کا ارادہ کریگا تو کچہہ خلل پڑ جاویگا آخر کو وہ خلل مٹ جاویگا سو وہ بہی چڑہ جاویگا حضرت سب فرمائے کہ مین نے ٹھیک تعبیر کہی یا کہین مین چوک گیا تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی

ف بعضی علمانی کہا کہ ہر چند تعبیر ٹھیک تہی لیکن خطا یہہ ہوئی کہ حضرت سے تعبیر کی اجازت مانگی اگر صدیق اکبر صبر کرتے اور حضرت خود تعبیر کہتے تو خوب ہوتا اور بعضی

عالم یون کہتے ہین کہ بعضی عبارت کی تعبیر مین خطا ہوئی شہد کی تعبیر تو قرآن کی خوب
ہوئی لیکن گہی کی تعبیر حدیث کو کہنا تہا واللہ اعلم ۱۶۶۴ ف ابو ہریرہ اضل اللہ عن
الجمعۃ من کان قبلنا فکان لیہود یوم السبت و کان للنصاری یوم
الاحد فجاء اللہ بنا فہدانا اللہ لیوم الجمعۃ فجعل الجمعۃ والسبت
والاحد وکذلک ہم تبع لنا یوم القیمۃ نحن الاخرون من اہل
الدنیا والاولون یوم القیمۃ المقضی لہم ویروی بینہم قبل الخلائق
مسلم مین ابو ہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ بہکا دیا خدا نے جمعہ سے انکو جو ہم سے
پہلے تہے تو یہودیون کے واسطے ہفتہ کا دن ہوا اور نصاری کے واسطے یکشنبہ کا دن ہوا
پہر خدا ہم کو لایا سو خدا نے ہمارے واسطے جمعہ کا دن بتلایا سو خدا نے جمعہ اور ہفتہ اور یکشنبہ
بنایا یعنی جمعہ کو مقدم کیا ہفتہ اور یکشنبہ پر اور اسیطرح وہ لوگ ہماری پس رو ہونگے
قیامت کی دن ہم دنیا مین تو پچہلے ہین اور قیامت مین پہلے ہین جنکا اول فیصلہ ہوگا
سب خلق سے پہلے اور ایک روایت یون ہے کہ ہم اُن لوگون مین مقدم ہین جنکا فیصلہ سب خلق سے
اول ہوگا ف انسان کے واسطے خدا کے نزدیک جمعہ کا دن تعظیم اور عبادت کے لائق نہایت
مناسب تہا اس واسطے کہ حضرت آدم اسی دن پیدا ہوئے اور قیامت بہی اسی دن ہوگی
تو انسان سے اسی دن کو خوب مناسبت ٹہری لیکن یہود اور نصاری کے فہم مین یہہ

۱۶۶۴ ف تفصیل دلیل ترجیح ہی بابت عیدی موسوی و نصیحت و ترغیب از حدیث

بات نہ آئی یہودی ہفتہ کی تعظیم کی اس خیال سی کہ خدا نی اسی دن ہمیشہ آرام فراغت کی اور نصاری نی یکشنبہ کی تعظیم کی اس تصور سی کہ عیسی علیہ السلام انکے گمان مین سولی پانی کے بعد قبر سے اسی دن نکلے اور آسمان پر گئے حضرت نی فرمایا کہ جیسے ہمارا دن انکے دن سے پہلے ہے اسی طرح قیامت مین امت محمد انپر مقدم ہوگی کہ اول یہی امت حساب کتاب سے فراغت پا جاویگی چنانچہ اسی کے مطابق متی کی انجیل بیسوین باب مین امت محمدی کی صفت موجود ہے کہ پچھلی امت اگلی ہو جاوے گی اور اگلی امتین پچھلی ہو جاوینگی ق جابرؓ و انسؓ اِهْتَزَّ عَرْشُ الرَّحْمٰنِ لِمَوْتِ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ بخاری اور مسلم مین جابر رضہ سے اور مسلم مین انس رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ جنبش کی خدا کے عرش نی سعد بن معاذ کی موت سے ف سعد بن معاذ مدینی کے سردار تھے جنگ احد مین شہید ہوئے انکی فضیلت مین حضرت نی یہ حدیث فرمائی عرش کو جنبش سعد کی روح کے سبب سے ہوئی اس واسطے کہ کاملین کی روحین موت کے بعد عرش کے نیچے جاکر ٹھہرتے ہین ق انسؓ بَارَكَ اللّٰهُ فِي لَيْلَتِكُمَا وَدَعَا بِهٖ لِاَبِي طَلْحَةَ وَاُمِّ سُلَيْمٍ بخاری اور مسلم مین انس سے روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ خدا برکت دے تم دونو کی رات مین یہہ دعا حضرت نے ابو طلحہ اور ام سلیم کے حق مین کی ف ام سلیم ابو طلحہ کی بی بی کا نام تھا سو ابو طلحہ کا لڑکا کام کیا تھا ابو طلحہ گھر مین نہ تھے جب ابو طلحہ گھر مین آئے تو ام سلیم نے لڑکے کے مرنیکی خبر نکی ابو طلحہ کے آگے کھانا رکھا

ق ۱۶۶۵

ق ۱۶۶۶

اُنھوں نی بخوبی کھانا کھایا اور پانی پیا پھر صحبت کی فجر کے قریب ام سلیم نے کہا ای ابو
طلحہ اگر ایک قوم دوسری قوم سی کوئی چیز عاریت لیکن پھر وہ لوگ اپنی چیز طلب
کرین تو دیوین یا نہ دیوین ابو طلحہ نی کہا کہ بگانی چیز دینی مین کچھہ عذر نچاہیے ام سلیم نے
کہا تمہارا بیٹا مرگیا صبر کرو تاکہ ثواب پاؤ ابو طلحہ نی یہہ قصہ حضرت سے کہا تب حضرت نے
انکے حق مین یہہ دعا کی یعنے خدا تمکو اولاد دے بعضی روایت مین آیا ہے کہ اُسی رات
ام سلیم کو حمل رہا پھر لڑکا پیدا ہوا حضرت نے اسکا عبداللہ نام رکھا حضرت کو ام سلیم کی
مضبوطی اور ایسے غم مین خاوند کے آرام رسانی پسند آئی ق ابو ہریرہ تحاجت ۱۶۶۷ ق
وَیُرْوٰی احْتَجَّتِ النَّارُ وَالْجَنَّةُ فَقَالَتْ هٰذِهٖ یَدْخُلُنِی الْجَبَّارُوْنَ
وَالْمُتَکَبِّرُوْنَ وَقَالَتْ هٰذِهٖ یَدْخُلُنِی الضُّعَفَاءُ وَالْمَسَاکِیْنُ فَقَالَ اللّٰهُ لِهٰذِهٖ
اَنْتِ عَذَابِیْ اُعَذِّبُ بِكِ مَنْ اَشَاءُ وَقَالَ لِهٰذِهٖ اَنْتِ رَحْمَتِیْ اَرْحَمُ بِكِ
مَنْ اَشَاءُ وَلِكُلٍّ وَاحِدَةٍ مِنْكُمَا مِلْؤُهَا بخاری اور مسلم مین ابو ہریرہ سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ آپس مین حجت کی دوزخ اور بہشت نی تو دوزخ نی کہا کہ مجھہ مین
گردنکش اور معزز لوگ داخل ہونگے اور بہشت نے کہا کہ مجھہ مین غریب اور مسکین لوگ
داخل ہونگے تو حق تعالی نی دوزخ سے فرمایا تو میرا عذاب ہے تیری سبب سے عذاب دونگا جسکو چاہونگا اور
بہشت سے فرمایا کہ تو میری رحمت ہے رحم کرونگا تیرے سبب سے جسپر کہ چاہونگا اور

تم دونون مین ہر ایک کے واسطے بہتر ہے ف دوزخ اور بہشت مین افضلیت کی بحث ہوئی دوزخ نے آپ کو بہشت سے افضل جانا اس دلیل سے کہ خدا کے نافرمانون کو وہی سزا دیویگا اور بہشت نے آپ کو افضل سمجھا اس دلیل سے کہ خدا کے مطیع اور تابعدارون کو وہی ثواب اور جزا دیویگا حق تعالی نے فیصلہ کردیا کہ تم دونون برابر ہو دوزخ مظہر قہر الٰہی ہے اور

ف ۱۲۶۲ بہشت مظہر رحمت الٰہی ہے ع ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تیرے کیا ہے خاک مین ملین کہا تو اسکی گواہی دیتا ہے کہ مین خدا کا رسول ہون یہہ حضرت نے ابن صیاد سے فرمایا ف اسکا قصہ ہو چکا کہ ابن صیاد مدینے مین یہودی کا لڑکا تھا جنون سی اسکو کچھ حال معلوم ہو جاتا تھا جب حضرت نے اُسسے یہہ حدیث فرمائی اسنے کہا کہ مین جانتا ہون کہ تم جو کے رسول ہو ع ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ منہ کے بل گر پڑا اشرفی کا بندہ

فتح ۱۲۶۲ بخاری

اور روپے کا بندہ اور سیاہ مخمل دھاریدار کا بندہ اگر اسکو دیجئی تو راضی رہے
اور اگر نہ دیجئی تو ناخوش ہوا دندہ گرا اور الٹا ہوگیا اور اگر اسکے کانٹا چبھے تو
نہ نکال سکے خوشی ہو صیاش بندی کو جو اپنے گھوڑے کی باگ راہ خدا مین تھامنے ہے
اسکے سر کے بال بکھرے اور اسکے دو نو قدم گرد مین بھرے اگر اسکو چوکیداری مین رکھئے
تو چوکیداری مین رہے اور اگر اسکو لشکر کے پیچھے حفاظت کے واسطے مقرر کیجئی تو
وہین رہے اگر وہ سردار پاس آنیکی اجازت لینگے تو اسکو اجازت نہ ملے اگر کسی کی
سفارش کری تو نہ قبول ہو ف اس حدیث مین لالچی کی نہایت مذمت اور کمال
غازیکی کمال فضیلت کا بیان ہے لالچی کو بندہ دینار اور بندہ درہم اور بندہ پوشاک
اس واسطے فرمایا کہ لالچ کے سبب سے اسسے دینداری اور خدا کی بندگی نہین ہو سکتی
شب و روز اسکی عمر دنیا حاصل کرنے مین بسر ہوتی ہے تو حقیقت مین وہ خدا کا بندہ
نرہا دنیا کا بندہ ہوگیا عرب لوگ سیاہ مخمل دھاری دار کو بہت پسند کرتے تھے
اسواسطے حضرت نے اسکو ذکر کیا لیکن مراد ہر قسم کا عمدہ لباس ہے اس حدیث سے معلوم
ہوا کہ دینداری کے ساتھ گمنامی اور لوگون مین بی قدری خدا کو نہایت پسند ہے

خ ابو ہریرۃ تکفل اللہ لمن جاھد فی سبیلہ لا یخرجہ من بیتہ ۱۲۷۰ خ
الا الجھاد فی سبیلہ و تصدیق کلماتہ ان یدخلہ الجنۃ

اَوْ يَرُدَّهُ اِلٰى مَسْكَنِهٖ بِمَا نَالَ مِنْ اَجْرٍ اَوْ غَنِيْمَةٍ بخاری مین ابوہریرہ رضہ سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ضامن ہو گیا ہے خدا اسکا جسنے اسکی راہ مین جہاد کیا نہ
نکالا ہو اسکو اپنے گھر سے مگر راہ خدا مین جہاد کے نیت نی اور آیات اور احادیث کی
تصدیق نے خدا اس بات کا ضامن ہوا ہے کہ یا اسکو بہشت مین داخل کریگا یا اسکو اسکے
وطنین ثواب یا مال غنیمت کے ساتھ پہرا دیگا ف یعنی خالص نیت والے غازی کا خدا ضامن ہے کہ اگر وہ
شہید ہوا تو بہشت مین گیا اور اگر زندہ رہا تو ثواب یا مال غنیمت کا لیکر اپنی گہر مین آیا دونو صورتین اسکی بھلی ہے

ق ۱۲۷۱ قَالَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ جَاءَ مَلَكُ الْمَوْتِ اِلٰى مُوْسٰى فَقَالَ اَجِبْ رَبَّكَ فَلَطَمَ مُوْسٰى عَيْنَ مَلَكِ الْمَوْتِ فَفَقَأَهَا
فَرَجَعَ الْمَلَكُ اِلَى اللّٰهِ فَقَالَ اِنَّكَ اَرْسَلْتَنِيْ اِلٰى عَبْدٍ لَكَ لَا يُرِيْدُ الْمَوْتَ وَقَدْ
فَقَأَ عَيْنِيْ فَرَدَّ اللّٰهُ اِلَيْهِ عَيْنَهُ وَقَالَ ارْجِعْ اِلٰى عَبْدِيْ فَقُلِ الْحَيٰوةَ
تُرِيْدُ فَاِنْ كُنْتَ تُرِيْدُ الْحَيٰوةَ فَضَعْ يَدَكَ عَلٰى مَتْنِ ثَوْرٍ فَمَا وَارَتْ يَدُكَ
مِنْ شَعْرَةٍ فَاِنَّكَ تَعِيْشُ بِهَا سَنَةً قَالَ ثُمَّ مَهْ قَالَ ثُمَّ الْمَوْتُ قَالَ فَالْاٰنَ
مِنْ قَرِيْبٍ رَبِّ اَدْنِنِيْ مِنَ الْاَرْضِ الْمُقَدَّسَةِ رَمْيَةً بِحَجَرٍ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاللّٰهِ لَوْ اَنِّيْ عِنْدَهٗ لَاَرَيْتُكُمْ قَبْرَهٗ اِلٰى جَنْبِ الطَّرِيْقِ
عِنْدَ الْكَثِيْبِ الْاَحْمَرِ بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
کہ ملک الموت موسے پاس آیا تو اوسنے کہا اپنے رب کا حکم مان یعنی موت قبول کر

تو موسی نے ملک الموت کی آنکھ پر طمانچہ مارا تو اُس آنکھ کو پھوڑ ڈالا تو فرشتہ خدا کی طرف
پلٹ گیا سو اسنے کہا الٰہی تو نے مجھکو اپنے ایسے بندے پاس بھیجا جو موت کو نہین چاہتا
اور اسنی تو میری آنکھ پھوڑ ڈالی سو خدا نی اسکی آنکھ بنا دی اور فرمایا کہ پلٹ جا میرے بندے کے
پاس اور یہہ کہہ کہ تو زندگی چاہتا ہے سو اگر تو زندگی چاہتا ہو تو اپنا ہاتھ بیل کی پیٹ پر رکھہ
سو جسقدر تیرا ہاتھ بالون کو ڈھانک لیگا تو جتنے بال ہونگے اُتنے برس زندہ رہے گا موسے نے
کہا پھر کیا ہوگا فرشتے نے کہا پھر آخر کو موت ہے موسی نے کہا اگر یہی حال ہے تو ابھی سہی
اے میرے رب مجھکو قریب کردے پاک زمین سے یعنے بیت المقدس سے پتھر پھینک مارنے کی
مسافت کی برابر پیغمبر خدا نی فرمایا کہ خدا کی قسم اگر میں اُس مکان پاس ہوتا تو تمکو دکھلا
دیتا موسی کی قبر جو راہ سی کنارے کی طرف سے سرخ ٹیلے کے پاس ف اس حدیث میں بی
دین لوگ طعنہ کرتی ہین کہ فرشتے کی آنکھ پھوڑنا آدمی سی نہین ہوسکتا اور ملک الموت تو
بموجب حکم الٰہی کے آیا تہا موسی نے کیون مارا اطاعت کیون کی تو معلوم ہوا کہ موسی کو
دنیا کی زیست بہت پیاری تہی اُسکا جواب یہہ ہے کہ فرشتہ آدمی کی صورت پر آیا تہا تو
آدمی کے خواص اسپر ظاہر ہوا چاہین تو اس صورت سے آنکھ کا پھوٹنا کچھ تعجب نہین اور
حضرت موسے نے ملک الموت کو نہ پہچانا تہا بلکہ جانا تہا کہ یہہ کوئی آدمی ہے روح نکالنی کا
جھوٹا دعوی کرتا ہے کیونکہ روح نکالنا سوای فرشتے کے آدمی کا کام نہین اسواسطے اسکو

اپنے پاس سے ڈھکیلا اتفاقاً آنکھ پر لگا تھا پر گیا آنکھ پھوٹ گئی اور یہہ گمان غلط ہے کہ حضرت
موسے کو موت کی بہت پیاری تھی اس واسطے کہ دوسری بار خدا نے زیادتی عمر کا پیغام دیا
اور حضرت موسی نے نہ قبول کیا ق ابو ہریرہ جعل اللہ الرحمۃ مائۃ
جزء فامسک عندہ تسعۃ وتسعین وانزل فی الارض جزءا واحدا فمن
ذلک الجزء یتراحم الخلائق حتی تنفع الدابۃ حافرھا عن ولدھا خشیۃ
ان تصیبہ بخاری اور مسلم مین ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ خدا نے رحمت کے
سو حصے کئے سو اپنے پاس تانوے حصے رکھے اور ایک حصہ زمین مین اتارا سو اسی
ایک حصے کے سبب سے مخلوقات آپسمین رحمت کرتی ہین اور ایک دوسری پر ترس کھاتی ہین
یہان تک کہ جانور اپنا کھر اٹھا لیتا ہے اپنے بچے پر سے اس خوف سی کہ کہین اسکے
نہ لگ جاوی ف اس حدیث سی معلوم ہوا کہ رحمت الہی بندون پر بیحساب ہے
اسی سبب سے کافرون کو جلد نہین پکڑتا اور آخرت مین ہماری حضرت کی شفاعت سے ہم گنہگارون کی
مغفرت ہوگی بلکہ حضرت کو جو اپنی امت پر بے حد رحمت ہے سو بھی حقیقت مین ارحم الراحمین کی
رحمت کا اثر ہے خ ابو ہریرۃ جف القلم بما انت لاق وتمامہ فاختصر
علی ذلک او ذر بخاری مین ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ خشک ہو چکا
قلم اس پر جسکا تو ملنے والا ہے اور اس حدیث کی تمامی یہہ ہے سو مختصر بن اس بات پر یا

ق ۱۶۷۲

خ ۱۶۷۳

چھوڑدے خصّی ہونی کو ف ابو ہریرہ نی کہا کہ یا حضرت مین جوان ہون اور مجرد اگر
اجازت ہو تو فوطی کاٹ کر خصّی ہو جاؤن تاکہ زنا اور حرام سے بچون تب حضرت نی یہہ حدیث
فرمائی یعنی جو تیری قسمت مین ہونا ہے سو قلم تقدیر اسکو لکھہ چکا یہہ تیرا خیال بیفائدہ
ہے تقدیر کے آگے کچھہ تدبیر نہین چلتی ۱۶۷۴ ر ابو قتادہ حَفِظَكَ اللّٰهُ بِمَا حَفِظْتَ
بِهٖ نَبِيَّهٗ وَقَالَ سَهَرُ لَيْلَةِ التَّعْرِيسِ حِينَ ذَعَّمَ ثَالِثَةً مسلم مین ابو قتادہ رض سے
روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ خدا تیری محافظت کری اسکے بدلے کہ تو نی خدا کے پیغمبر کی
محافظت کی یہہ حضرت نی ابو قتادہ سی فرمایا لیلۃ التعریس کی صبح کو جب کہ ابو قتادہ نے
تیسری بار حضرت کو ٹیک دیکر سنبھالا ف حضرت نی خیبر کو فتح کرکے رات کو کوچ کیا
صبح کی قریب حضرت پر نیند کا غلبہ ہوا حضرت سواری پر نیند کے سبب سے جھک جھک پڑتے تھے
اور ابو قتادہ انصاری حضرت کو تھام لیتے تھے تیسرے بار حضرت چونکے معلوم ہوا کہ ابو
قتادہ تھامتے آتے ہین تب حضرت نی اُنکے حق مین یہہ دعا کی ۱۶۷۵ ق ابو ہریرۃ خَلَقَ
اللّٰهُ اٰدَمَ وَطُولُهٗ سِتُّونَ ذِرَاعًا ثُمَّ قَالَ اذْهَبْ فَسَلِّمْ عَلٰى اُولٰئِكَ مِنَ
الْمَلٰئِكَةِ فَاسْتَمِعْ مَا يُحَيُّونَكَ فَاِنَّهَا تَحِيَّتُكَ وَتَحِيَّةُ ذُرِّيَّتِكَ
فَقَالَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ فَقَالُوا اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَزَادُوهُ وَ
رَحْمَةُ اللّٰهِ وَكُلُّ مَنْ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ عَلٰى صُورَةِ اٰدَمَ قَالَ فَلَمْ يَزَلِ

الخلق

الخلق ینقص حتی الان بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نبی فرمایا کہ
پیدا کیا خدا نی آدم کو اور اسکا قد ساٹھ ہاتھہ کا تہا پہر خدا نی کہا آدم سے کہ جاسوان فرشتونکو
سلام کر پہر سن کہ تجھکو سلام کا کیا جواب دیتی ہین سو وہی سلام اور جواب تیرا اور تیری
اولاد کا ہے تو آدم نی فرشتون سی کہا کہ السلام علیکم سو فرشتون نی کہا السلام علیک
ورحمۃ اللہ اور فرشتون نی آدم کے سلام کے جواب مین رحمۃ اللہ کی لفظ زیادہ کی سو جو
بہشتیون داخل ہوگا آدم کی صورت پر ہوگا یعنی ساٹھ ہاتھہ کا قد ہوگا حضرت نبی
فرمایا سو ہمیشہ لوگون کے قد گہٹتے گئے اب تک ف حضرت آدم سی جنہون زمانہ لمبا ہوتا
گیا آدمیون کے قد بہی گہٹتے گئے بہشت مین سب برابر ہو جاوینگے ہر چند ساٹھ ہاتھہ کا قد
اسوقت مین خوشنما نہین معلوم ہوتا ہے اسواسطی کہ ہمارے قد چہوٹے چہوٹے ہین لیکن بہشتیون
خوشنما معلوم ہوگا اس واسطی کہ سب برابر ہو جاوینگے اس حدیث سے معلوم ہوا کہ السلام
علیک کرنا اور جواب مین وعلیک السلام ورحمۃ اللہ کہنا حضرت آدم کی سنت ہے جو سلام
علیک چہوڑکے بندگی یا مجرا یا آداب یا کورنش کری وہ حقیقت مین نا خلف ہے کہ اسنے
اپنی قدیمی خاندانکی راہ چہوڑی بلکہ جنسی آدم کا طریقہ چہوڑا سو آدمی نہین م ۱۶۷۶

ابوھریرۃ خلق اللہ التربۃ یوم السبت وخلق فیھا الجبال یوم الاحد
وخلق الشجر یوم الاثنین وخلق المکروہ یوم الثلثاء وخلق النور یوم

الْاَرْبِعَاءِ وَبَثَّ فِيهَا الدَّوَابَّ يَوْمَ الْخَمِيسِ وَخَلَقَ آدَمَ بَعْدَ الْعَصْرِ مِنْ
يَوْمِ الْجُمُعَةِ فِي آخِرِ الْخَلْقِ فِي آخِرِ سَاعَةٍ مِنَ النَّهَارِ فِيمَا بَيْنَ الْعَصْرِ
اِلَى اللَّيْلِ مسلم مین ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ خدا نے پیدا کیا زمین کو ہفتے کے
دن اور پیدا کیا اسمین پہاڑون کو یکشنبہ کے دن اور پیدا کیا درختون کو دوشنبہ کے دن
اور پیدا کیا رنج اور مصیبت کو سہ شنبہ کے دن اور پیدا کیا روشنی کو چہارشنبہ کے دن
اور زمین پر جانور پھیلائے پنجشنبہ کے دن اور آدم کو پیدا کیا عصر کے بعد جمعہ کے دن پچھلی پیدائش
مین وہ پچھلی ساعت ہین مابین عصر کے رات تک ف اس حدیث سے معلوم ہوا کہ انسان
اشرف المخلوقات ہے اسواسطے کہ سب مخلوقات کے بعد پیدا ہوا اور دستور ہے کہ اول خیمہ اور فرش
اور نوکر چاکر حاضر ہوجاتے ہین پیچھے بادشاہ کی سواری آتی ہے اور جمعہ کی پچھلی ساعت
جسمین حضرت آدم پیدا ہوئے خدا کو ایسی محبوب ہے کہ اسوقت جو دعا کرتی سو مقبول ہوتی ہے
چنانچہ یہہ مضمون اور احادیث مین ثابت ہے ۱۶۲۲ ف
عن العباس بن عبد المطلب ذاق طعم الایمان من رضی بالله ربا وبالاسلام دینا وبمحمد رسولا
مسلم مین عباس بن عبد المطلب سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اسنے ایمان کا مزہ چکھا
جو راضی ہوگیا خدا کی خدائی پر اور اسلام کے دین پر اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی پیغمبری پر
ف خدا کے خدائی پر راضی ہونے کی یہہ نشانی ہے کہ اسکی قضا اور قدر پر راضی رہے

حدیث ذوقہ ایمانی

رنج اور تکلیف

رنج اور تکلیف اور مصیبت مین اُسکا کلمہ شکوہ نکری اور دین اسلام پر راضی ہو یہ نکی یہ
علامت ہے کہ اسلام کے احکام پر مضبوط ہو جاوے کفر کے رسومات کے گردنہ پھیکے اور حضرت کی پیغمبری پر
راضی ہو یہ نکی یہ پہچان ہے کہ حضرت کی سنت پر چلے اور بدعت سے عداوت رکھے اور جسکو یہہ بات
حاصل نہین اُسکو ایمانکے مرنے سے خبر نہین خ اَنَسٍ ذَهَبَ الْمُفْطِرُوْنَ الْيَوْمَ بِالْاَجْرِ بخاری مین ۱۶۷۸ خ
انس رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ آج روزہ کہولنے والے ثواب کو لے گئے ف مصابیح مین
انس سے روایت ہے کہ ہم حضرت کی ساتھ سفر مین تھے سو بعضی اصحاب روزہ دار تھے اور بعضی بے روزہ
تھے موسم تہا گرمی کا جب منزل پر پہنچے تو روزہ دار لوگ گر پڑے اور بے روزہ لوگون نے
خیمے قائم کئے اور اونٹون کو پانی پلایا تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنی خدمتگار ثواب
آج صرف بے روزہ دارون کو نصیب ہوا ق اَبُوْهُرَيْرَةَ رَاَى عِيْسَى بْنَ مَرْيَمَ ۱۶۷۹ ق
رَجُلًا يَسْرِقُ فَقَالَ لَهٗ اَسَرَقْتَ فَقَالَ كَلَّا وَالَّذِىْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ
فَقَالَ عِيْسٰى اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ وَكَذَّبْتُ عَيْنِىْ بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے
کہ حضرت نی فرمایا کہ دیکہا عیسی بن مریم نی ایک مرد کو چوری کرتے تو اُسسے کہا کیا تو نی چوری کی
سو اُسنی کہا نہین صاحب مین قسم کہاتا ہون اُسکی جسکے سوای کوئی معبود نہین تو عیسی نے
کہا کہ مین اللہ کا ایمان لایا اور اپنی آنکہ کو مین نی جہوٹہا جانا ف یعنی واقعی ایماندار
چوری نہین کرتا میری آنکہ نی خطا کی سبحان اللہ حسن ظن کے یہہ معنی ہین ایک وہ لوگ ہین

جو بد دن دیکھے تہمت لگاتے ہین اور غل مچاتے ہین اور ایک یہہ پاک لوک ہین کہ آنکھ سے
دیکھہ کر بہی بدگمان نہین ہوتے جب سنی خدا کی قسم کہا کہ چوری انکار کی تو حضرت عیسی علیہ
السلام یہہ سمجھے ہونگے کہ شاید اس مال مین اسکا کچھہ حق ہو گا یا بطور خوش طبعی کے اسنے
لیا ہے آخر کو یہہ مال مالک کو دیویگا یا نیت قرض لیا ہو گا قرض کو ادا کریگا غرض کہ حسن
ظن کے واسطے بہت احتمالات ممکن ہین اور اسی طرح بدگمانی کے واسطی بہی مسلمان کو یہی مناسب ہے
کہ حسن ظن کیا کری اور بدگمانی سے بچی ح اَبُوْ هُرَيْرَةَ رَغِمَ اَنْفُ ثُمَّ رَغِمَ اَنْفُ ثُمَّ رَغِمَ اَنْفُ ۱۶۷۰ م
مَنْ اَدْرَكَ اَبَوَيْهِ عِنْدَ الْكِبَرِ اَحَدَهُمَا اَوْ كِلَيْهِمَا فَلَمْ يَدْخُلِ الْجَنَّةَ مسلم
ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نبی فرمایا کہ خاک مین ملا پہر خاک مین ملا پہر خاک مین
ملا جسنی اپنے ماباپ کو ضعیفی اور بڑہاپے مین پایا ایک کو یا دونون کو سو بہشت مین نہ
داخل ہوا ف یعنی وہ شخص بڑا بی نصیب ہے جو ضعیف ماباپ کی خدمت کرکے بہشت
نہ حاصل کری اس حدیث سی معلوم ہوا کہ ماباپ کی خدمت بہشت کا عمدہ وسیلہ ہے
اور انکو تکلیف رسانی اور بی خدمتی دوزخ کا سبب ہے ح اَبُوْ بَكْرَةَ زَادَكَ اللّٰهُ ۱۶۹۱ ع
حِرْصًا وَلَا تَعُدْ قَالَهُ بخاری عن ابوبکرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ خدا تیری حرص کو
زیادہ کرے اور یہہ کام پہر نکرنا یہہ حضرت نے ابوبکرہ سے فرمایا ف حضرت رکوع مین تہے
ابوبکرہ اس خیال سے کہ رکوع کا ثواب جاتا رہے جلدی سے صف کی پیچھے نیت کرکے رکوع مین

شریک ہوگئے جب حضرت کو یہہ حال معلوم ہوا تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنی عبادت
حسن عمدہ بات ہے زیادہ کرے لیکن پہر ایسی جلدی نکرے کہ صف مین ملنا فضل
ہے اور صف کی پیچھی کہڑے ہونا مکروہ ہے اور یہی مذہب ہے امام اعظم اور شافعی اور مالک کا
کہ صف کی پیچھی نماز پڑھنا مکروہ ہے لیکن نماز نہین باطل ہوتی اور اگر نماز باطل ہوتی تو
حضرت پہر پڑھنے کو فرماتے ۱۶۸۳ م عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ سَمِعْتُمْ بِمَدِیْنَةٍ جَانِبٌ مِنْهَا
فِی الْبَرِّ وَجَانِبٌ مِنْهَا فِی الْبَحْرِ قَالُوْا نَعَمْ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ لَا تَقُوْمُ
السَّاعَةُ حَتّٰی یَغْزُوْهَا سَبْعُوْنَ اَلْفًا مِنْ بَنِیْ اِسْحَاقَ فَاِذَا جَاءُوْهَا
نَزَلُوْا فَلَمْ یُقَاتِلُوْا بِسِلَاحٍ وَلَمْ یَرْمُوْا بِسَهْمٍ قَالُوْا لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ
اَکْبَرُ فَیَسْقُطُ اَحَدُ جَانِبَیْهَا الَّذِیْ فِی الْبَحْرِ ثُمَّ یَقُوْلُوْنَ الثَّانِیَةَ لَا
اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَکْبَرُ فَیَسْقُطُ جَانِبُهَا الْاٰخَرُ ثُمَّ یَقُوْلُوْنَ الثَّالِثَةَ لَا اِلٰهَ
اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَکْبَرُ فَیُفْرَجُ لَهُمْ فَیَدْخُلُوْنَهَا فَیَغْنَمُوْنَ فَبَیْنَمَا هُمْ یَقْتَسِمُوْنَ
الْمَغَانِمَ اِذْ جَاءَهُمُ الصَّرِیْخُ فَقَالَ اِنَّ الدَّجَّالَ قَدْ خَرَجَ فَیَتْرُکُوْنَ کُلَّ
شَیْءٍ وَیَرْجِعُوْنَ مسلم مین ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا تم نے سنا ہے
ایسا شہر جسکے ایک جانب خشکی ہے اور ایک جانب سمندر ہے صحابہ نے کہا ہان یا رسول
اللہ ہم نے سنا ہے یعنی قسطنطنیہ ہے حضرت نے فرمایا کہ قیامت نہ قائم ہوگی یہان تک کہ لڑینگے

اس شہر کے ستر ہزار حضرت سخی کی اولاد سو جب اُس شہر کے پاس آوینگے تو اُتر پڑینگے
سو ہتھیار سی نہ لڑینگے اور تیر ماریںگے لا الہ الا اللہ واللہ اکبر کہینگے تو اسکی ایک طرف
جو دریا مین ہے گر پڑیگی پھر دوسری بار لا الہ الا اللہ واللہ اکبر کہینگے تو اسکی دوسری
طرف گر پڑیگی پھر تیسری بار لا الہ الا اللہ واللہ اکبر کہینگے تو ہر طرف سے کھل جاویگا سو
اس شہر مین کھس پڑینگے تو لوٹینگے سوجب کہ لوٹ کے مالدنکو بانٹ رہے ہونگے
کہ اچانک ایک چیخنیوالا آویگا سو کہیگا کہ البتہ دجال تو نکلا سو وہ لوگ ہر چیز کو
چھوڑ دوینگے اور دجال کی طرف پلٹ کھڑے ہونگے ف اس حدیث مین قسطنطنیہ کی
فتح کی خبر ہے کہ قیامت کی قریب امام مہدی کے وقت مین ہوگی اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے
کہ بدون ہتھیار چلے صرف کلمہ کی برکت سی فتح ہوگی اور تیسرے باب مین حدیث گذری
کہ ہتھیار رہی وہان چلے گا تو مطلب یہہ کہ اول کچھ ہتھیار چلے گا لیکن آخر کو فتح کلمہ کی
برکت سی ہوگی ف عَلِیٌّ شَغَلُونَا عَنِ الصَّلٰوۃِ الْوُسْطٰی صَلٰوۃِ الْعَصْرِ مَلَأَ ۱۶۸۳
اللّٰہُ قُبُوْرَھُمْ وَبُیُوْتَھُمْ نَارًا ف یَوْمَ الْخَنْدَقِ بخاری اور مسلم مین علی
مرتضی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ ہمکو بازر کھا بیچ والی نماز سے یعنی عصر کی نماز سے
خدا انکی قبرون اور گہرون کو آگ سی بھر دیوے یہہ حضرت نی جنگ خندق کی دن فرمایا ف
جنگ خندق مین کافرون نی نہایت ہجوم کیا بڑی دھوم کی لڑائی ہوئی حضرت نی فرصت

نہائی عصر کی نماز قضا ہو گئی تب حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے یہہ حدیث فرمائی
اس حدیث سے معلوم ہوا کہ صلوٰۃ وسطیٰ جسکی محافظت کی قرآن شریف مین بڑی تاکید
ہے عصر کی نماز ہے اسواسطے کہ وہ فجر اور ظہر اور مغرب اور عشا کے بیچ مین پڑی ہے

۱۶۹۴ ح ح ابو سعید صدق ابن مسعود زوجک ولدک احق من تصدق تیم
علیہم ۔ بخاری مین ابو سعید رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ سچا ہے عبداللہ بن مسعود رضہ
تیرا خاوند اور تیرا بیٹا زیادہ تر حقدار ہے اور محتاجون سے جن پر تو خیرات کرے ف
زینب عبداللہ بن مسعود کی بی بی نے حضرت سے کہا کہ یا حضرت آج آپنے خیرات کرنیکو
فرمایا مومین نے چاہا کہ اپنا زیور محتاجون کو خیرات کردون سو عبداللہ بن مسعود یون کہتا ہے
کہ مین اور میرا بیٹا اور محتاجون سے زیادہ تر حقدار ہون تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی اس
حدیث سے معلوم ہوا کہ اگر جورو مالدار ہو اور خاوند محتاج تو خاوند ہی کو خیرات دینا افضل

۱۶۹۵ ق ق ابو سعید صدق اللہ وکذب بطن اخیک ۔ بخاری اور مسلم مین
ابو سعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ خدا نے سچ فرمایا ہے تیرے بھائی کا پیٹ
جھوٹا ہے ف ایک شخص حضرت کے پاس آیا اسنے کہا کہ میری بھائی کا پیٹ چلتا ہے
حضرت نے فرمایا اسکو شہد پلا اسنے شہد پلایا پیٹ نہ بند ہوا پھر اسنے اسہال کا
شکوہ کیا حضرت نے پھر شہد پلانے کو فرمایا اسی طرح تین بار فرمایا چوتھے بار اسنے کہا کہ یا حضرت

شہد سی اور زیادہ دست آتے ہین تب حضرت نی یہہ حدیث فرمائی اور چوتھی بار یہی
شہد پلانی کو فرمایا چنانچہ چوتھی بار مین پیٹ بند ہوگیا یہہ جو فرمایا کہ خدا سچا ہے یعنی
خدا نی جو قرآن مین خبر دی ہے کہ شہد مین صحت اور شفا ہے سو سچ ہے یا اس شخص کی
شفا شہد سی حضرت کو وحی سے معلوم ہوئی ہوگی اس شخص کا اسہال مواد کی کثرت
سے ہوگا اسواسطی حضرت نے شہد تجویز کیا تاکہ مواد کو نکال دیوی جب مواد نکل گیا تو پیٹ
بند ہوگیا اس حکمت کو اسکا بھائی سمجھتا تہا دست آنی سے گھبراتا تہا ق عَائِشَةُ ق ۱۲۸۶
صَدَقَتَا اِنَّهُمْ لَيُعَذَّبُونَ عَذَابًا تَسْمَعُهُ الْبَهَائِمُ كُلُّهَا يَعْنِي
عَجُوزَيْنِ مِنْ عَجُزِ يَهُودِ الْمَدِينَةِ دَخَلَتَا عَلَى عَائِشَةَ فَقَالَتَا اِنَّ اَهْلَ
الْقُبُورِ يُعَذَّبُونَ فِي قُبُورِهِمْ بخاری اور مسلم مین عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ دونون عورتون نی سچ کہا کہ مقرر مردون پر ایسی مار پڑتی ہے کہ اسکو سب
جانور سنتے ہین یہود مدینے والونکی دو بڈہیان مراد ہین حضرت عائشہ پاس آئین
سو انہون نی کہا کہ قبر والون انکی قبرون مین عذاب ہوتا ہے ف حضرت عائشہ سے
روایت ہے کہ میری پاس یہود کی دو بڈہیان آئین انہون نی مجھکو عذاب قبر کی خبر دی
مین نی انکی بات نمانی جب وہ چلی گئین تب مین نی یہہ حال حضرت سے کہا تب حضرت نے
یہہ حدیث فرمائی اور حضرت ایسی کوئی نماز نہ پڑہتے تہے کہ جسمین عذاب قبر سے

خ ۱۶۸۷

پناہ نہ مانگتے ہون خ ابو ہریرہؓ عجب اللہ من قوم یدخلون الجنۃ فی السلاسل بخاری مین ابو ہریرہ رضؓ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ عجب معاملہ کیا خدا نے اُن لوگون سے جو بہشت کو جاوینگے زنجیرون مین ف یعنے اکثر کافر بندی مین گرفتار ہوتے ہین پہر اسلام کی ہدایت پاکر بہشت مین داخل ہونگے اور بعضی کہتی ہین کشش الٰہی کی زنجیر مراد ہے یعنی جسکو خدا نے اپنی طرف کھینچ کیا بہشتین داخل ہوا ق

ق ۱۶۸۸

ابن ابن عازب عمل هذا یسیرا ویروی قلیلا واجر کثیرا اتانی فی رجل من بنی النبیت قال اشهد ان لا الٰه الا الله وانک عبده ورسوله ثم تقدم فقاتل حتی قتل بخاری اور مسلم مین براء ابن عازب سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اسنے احسان عمل کیا اور دوسری روایت یون ہے کہ اسنے تہوڑا عمل کیا اور بہت ثواب پایا یہہ حضرت نے اس مرد کے حق مین فرمایا جو بنی نبیت کی قوم سے تہا اُسنے کہا کہ مین گواہی دیتا ہون کہ سوای خدا کے کوئی لائق عبادت کے نہین اور بیشک تو اسکا بندہ اور اسکا رسول ہے پہر لگے بڑہ گیا اور لڑنے لگا یہان تک کہ مارا گیا ف بنی نبیت نصاری کی ایک قوم ہے اس قوم کا ایک آدمی حضرت پاس آیا اُسنی کہا کہ مین اول کافرون سے لڑونگا پہر مسلمان ہون یا جو حکم حضرت نے فرمایا کہ اول مسلمان ہولے پہر قتال کر سو وہ شخص مسلمان ہوکر لڑنے لگا آخر کو شہید ہوا

تب حضرت نی یہہ حدیث فرمائی یعنی بعد اسلام کے نماز روزہ حج زکوۃ کچھہ نہین کیا گھڑی
بھر کے جہاد سے بہشتین داخل ہوا اس حدیث سی معلوم ہوا کہ اسلام سب عبادتون پر
مقدم ہے بدون اسلام کے کوئی عبادت اور نیکی قبول نہین خ اَنَسٌ غَارَتْ ۱۲۸۹ ح
اُمُّکُمْ بخاری مین انس رض سے روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ رشک کیا یعنی جہل کی تمہاری
مانے ف حضرت اپنے کسی بی بی کے گھر مین تھے دوسری بی بی نے ایک پیالے مین
کھانا بھیجا کہر والی بی بی نے اپنا ہاتھہ مارا پیالہ گر پڑا اور ٹوٹ گیا حضرت اس کھانے کو
پیالے مین سمیٹ کر رکھتے جاتے تھے اور یہہ حدیث فرماتے تھے پھر حضرت نے اسکے عوض مین
دوسرا ثابت پیالہ بعضی روایت مین آیا ہے کہ حضرت عائشہ کے گھر مین حضرت تھے اور
حضرت زینب نی حضرت کو کھانا بھیجا رشک کرنا عورتون مین پیدائشی چیز ہے خصوصا
سوتون مین شرع مین اسپر پکڑ نہین اسیواسطے حضرت نے بھی اُنپر کچھہ غصہ نکیا ف اَبُوْ هُرَيْرَةَ ۱۲۹۰ ق
غَزَا نَبِيٌّ مِنَ الْاَنْبِيَاءِ فَقَالَ لِقَوْمِهٖ لَا يَتْبَعْنِيْ رَجُلٌ قَدْ مَلَكَ بُضْعَ
اِمْرَاَةٍ وَهُوَ يُرِيْدُ اَنْ يَبْنِيَ بِهَا وَلَمَّا يَبْنِ بِهَا وَلَا اَحَدٌ قَدْ بَنٰى بُيُوْتًا
وَلَمَّا يَرْفَعْ سُقُفَهَا وَلَا اَحَدٌ قَدِ اشْتَرٰى غَنَمًا اَوْ خَلِفَاتٍ وَهُوَ يَنْتَظِرُ
وِلَادَهَا فَغَزَا فَدَنَا مِنَ الْقَرْيَةِ حِيْنَ صَلٰوةَ الْعَصْرِ اَوْ قَرِيْبًا مِنْ ذٰلِكَ
فَقَالَ لِلشَّمْسِ اِنَّكِ مَاْمُوْرَةٌ وَاَنَا مَاْمُوْرٌ اَللّٰهُمَّ احْبِسْهَا عَلَيَّ شَيْئًا

فَحُبِسَتْ عَلَيْهِ حَتّٰى فَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْهِ قَالَ فَجَمَعُوْا مَا غَنِمُوْا فَاَقْبَلَتِ
النَّارُ لِتَاْكُلَهُ فَاَبَتْ اَنْ تَطْعَمَهُ فَقَالَ فِيْكُمْ غُلُوْلٌ فَلْيُبَايِعْنِيْ مِنْ كُلِّ
قَبِيْلَةٍ رَجُلٌ فَبَايَعُوْهُ فَلَصِقَتْ يَدُ رَجُلٍ بِيَدِهٖ فَقَالَ فِيْكُمُ الْغُلُوْلُ
فَلْتُبَايِعْنِيْ قَبِيْلَتُكَ فَبَايَعَتْهُ فَلَصِقَتْ يَدُ رَجُلَيْنِ اَوْ ثَلٰثَةٍ
فَقَالَ فِيْكُمُ الْغُلُوْلُ اَنْتُمْ غَلَلْتُمْ فَاَخْرَجُوْا لَهٗ مِثْلَ رَاْسِ بَقَرَةٍ مِنْ
ذَهَبٍ فَوَضَعُوْهُ فِي الْمَالِ وَهُوَ بِالصَّعِيْدِ فَاَقْبَلَتِ النَّارُ فَاَكَلَتْهُ
فَلَمْ تَحِلَّ الْغَنَائِمُ لِاَحَدٍ مِّنْ قَبْلِنَا ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ رَاٰى ضَعْفَنَا وَعَجْزَنَا
فَطَيَّبَهَا لَنَا بخاری اور مسلم میں ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جہاد کیا پیغمبروں
میں سے ایک پیغمبر نے تو اپنے لوگوں سے کہا کہ میرے ساتھ وہ مرد نہ چلے جنے نکاح کیا اور وہ
چاہتا ہو کہ اپنی عورت سے صحبت کری اور ہنوز اُسنی صحبت نہیں کی اور نہ دوسرا
شخص میرے ساتھ چلے جسنے مکان بنایا ہو اور ہنوز اسکی چھت بلند نہ کی ہو اور نہ وہ شخص
میرے ساتھ چلے جسنے بکریاں اور گابھن اونٹنیاں مول لیں ہوں اور وہ انکے جننے کا امیدوار
ہو پھر وہ پیغمبر جہاد کو چلا تو عصر کے وقت یا قریب عصر کی اُس گانوں میں پہنچا تو پیغمبر نے
سورج سے کہا تو بھی حکم بردار ہے اور میں بھی حکم بردار ہوں الٰہی سورج کو میرے اوپر تھوڑا سا
روک رکھہ تو سورج ڈوبنے سے رک گیا یہاں تک کہ لڑائی فتح ہو گئی حضرت نے فرمایا

تو لوگون نی جمع کی جو غنیمت پائی تہی پہر اگ متوجہ ہوئی کہ غنیمت کے مال کو جلاوی تو اُسنے
نہ جلایا تو پیغمبر نی کہا کہ تم لوگون مین چوری ہے تو چاہئے کہ مجھسے بیعت کری ہر گروہ کا ایک
ایک آدمی سو اُن لوگون نی بیعت کی تو چمٹ گیا ایک مرد کا ہاتھ پیغمبر کے ہاتھ سے پیغمبر نے
کہا کہ تمہاری گروہ مین چوری ہے تو چاہئے کہ تیرا تمام گروہ مجھسے بیعت کری سو اُس گروہ نے
بیعت کی تو پیغمبر کا ہاتھ دو یا تین مردون کے ہاتھ سے چمٹ گیا سو پیغمبر نے کہا تم لوگون مین
چوری ہے تم نی چرایا ہے سو اُنہون نی بیل کے سر کے برابر سونا نکالا تو اُسکو غنیمت کے مال
مین رکھا اور وہ مال زمین پر رکھا تہا تو اگ متوجہ ہوئی اور اُسکو جلا گئی سو غنیمت کسی کو
ہم سی پہلے حلال نہ تہی اور ہمکو اِس واسطے حلال ہوئی کہ خدا نی ہماری ضعیفی اور عاجزی
دیکہی تو غنیمت کو ہمارے واسطے پاک اور حلال کر دیا ف یہہ پیغمبر حضرت یوشع بن نون تہے
حضرت موسی کے خلیفہ شام کی ملک مین اریحا شہر مین لڑائی ہوئی جمعہ کے دن خدا نی اُنکی
دعا سے آفتاب کو لڑائی کے فتح ہونی تک روک رکہا تہا حضرت یوشع نی نئی شادی والے کو
اور تازہ مکان بنانے والے کو بیاہنی والے جانورون کے مالکون کو اس واسطے تہہ نہ لیا کہ
انکا دل لگا رہیگا تو اِنسی جہاد بخوبی نہو سکیگا معلوم ہوا کہ جہاد کرنا فارغ البال بی تعلق
لوگون سے خوب ہو سکتا ہے اگلے اُمتون مین معلوم تہا کہ قربانی اور غنیمت کے مال کو آسمانی
اگ جلا دیتی تہی اور یہی نشانی تہی قبول ہونی کی غنیمت کا مال لینا اُنکو حلال نہ تہا

۱۶۹۱

امت محمدی کو حلال ہوگیا م جابر قاتل اللہ الیھود اتخذوا قبور انبیائھم مساجد مسلم مین جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ خدا لعنت کرے یہود کو انہون نے پیغمبرون کی قبرون کو سجدہ کا مونہا ح ابن عباس قاتلھم اللہ اما واللہ قد علموا انھما لم یستقسما بھا قط بخاری مین عبداللہ بن عباس سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ خدا لعنت کرے مشرکین مکہ پر خبردار ہو خدا کی قسم البتہ انکو معلوم تہا کہ مقرر ابراہیم اور اسمعیل نے کبھی تیرون سے فال نہین لی ف مشرکین مکہ پاس تین تیر تہے ایک پر لکہا تہا کہ خدا نے اجازت دی دوسرے پر لکہا تہا کہ خدا نے منع کیا تیسرا تیر خالی تہا سو جب انکو کوئی کام درپیش ہوتا جیسے سفر یا نکاح تو ان تیرون سے فال لیتے اگر اجازت کا تیر اول تہا مین آتا تو وہ کام کرتے اور اور اگر منع کا تیر نکلتا تو اس کام سے باز رہتے اور اگر خالی تیر نکلتا تو چند روز ٹہر جاتے پہر اسی طرح فال دیکہتے جب مکہ فتح ہوا تو حضرت نے دیکہا کہ حضرت ابراہیم اور حضرت اسمعیل کی دو تصویرین ہین اور انکے ہاتہ مین بہی فال کے تیر ہین تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنی باوجودکہ مشرکین کو خوب معلوم ہے کہ وہ بزرگ یہہ کام ہرگز نہین کرتے تہے لیکن پہر بہی یہہ لوگ اپنے کفر اور افترا سے نہ باز آئے اسی طرح اس امت کے جاہل لوگ علی مرتضی کی تصویر بدون داڑہی کے بناتے ہین اور امام قاسم کی ساچق اور غوث الاعظم کی مینہدی نکالتے ہین حالانکہ انکو خوب معلوم ہے کہ یہہ صریح افترا ہے وہ بزرگ ان

ق ۱۶۹۳

خرافاتون سی پاک ہے ف ابو ہریرۃ قال رجل لاتصدقن اللیلۃ بصدقۃ
فخرج بصدقتہ فوضعہا فی ید زانیۃ فاصبحوا یتحدثون
تصدق اللیلۃ علی زانیۃ فقال اللہم لک الحمد علی زانیۃ لاتصدقن
بصدقۃ فخرج بصدقتہ فوضعہا فی ید غنی فاصبحوا یتحدثون
تصدق علی غنی فقال اللہم لک الحمد علی غنی لاتصدقن بصدقۃ
فخرج بصدقتہ فوضعہا فی ید سارق فاصبحوا یتحدثون تصدق
علی سارق فقال اللہم لک الحمد علی زانیۃ وعلی غنی وعلی سارق
فاتی فقیل لہ اما صدقتک فقد قبلت امّا الزانیۃ فلعلہا
تستعف بہا عن زناہا ولعل الغنی یعتبر فینفق مما اعطاہ اللہ
ولعل السارق یستعف بہا عن سرقتہ بخاری اور مسلم مین ابو ہریرہ رضہ سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ایک مرد نے کہا کہ مین آج کی رات خیرات دونگا سو اپنی
خیرات لے کر نکلا سو اسکو حرام کار عورت کی ہاتہہ مین رکہہ آیا تو فجر لوگ کہنکو کرنے لگے
کہ رات کو حرام کار عورت کو خیرات ملی سو اس مرد نے کہا الہی تیرا شکر ہے حرام کار کی خیرات پر مقرر
اب اور خیرات کرونگا سو وہ اپنی خیرات لیکر نکلا سو اسکو مالدار کی ہاتہہ مین رکہہ آیا تو فجر لوگ
باتین کرنے لگے کہ مالدار کو صدقہ ملا سو اس مرد نے کہا الہی تیرا شکر ہے مالدار کی خیرات پر مقرر

اب اور صدقہ دونکا سوا اپنا صدقہ لیکر نکلا تو اسکو چوٹے کے ہاتہہ مین رکہہ آیا تو فجر کو لوگ
ذکر کرنے لگے کہ چوٹے کو صدقہ ملا تو اس مردنی کہا الہی شکر ترا ہے حرام کار اور مالدار اور
چوٹے کی خیرات پر تو اس سے خواب مین کہا گیا کہ تیری خیرات قبول ہوئی کسی حرام کار کی خیرات
تو اس واسطے قبول ہوئی کہ شاید وہ خیرات کا مال پاکر اپنی حرام کاری سے باز رہے اور شاید کہ
مالدار سمجہے اور شرماے سو وہ بہی خیرات کرے اس مال سے خدا نے دیا ہے اور شاید کہ چوٹا اسکے
سبب سے چوری سے باز رہے ف معلوم ہوا کہ خیرات اور صدقہ کا ثواب کسیطرح ضائع نہین ہوتا
اگرچہ نادانستگی سے بی موقع خرچ ہو نیت خالص چاہیے ق ابو ہریرۃ قال رجل
لم یعمل حسنۃ قط لاہلہ اذا مات فحرقوہ ثم اذروا نصفہ فی
البر ونصفہ فی البحر فواللہ لئن قدر اللہ علیہ لیعذبنہ عذابا لا یعذب
احدا من العالمین فلما مات الرجل فعلوا ما امرہم فامر اللہ البر فجمع
ما فیہ وامر البحر فجمع ما فیہ ثم قال لم فعلت ہذا قال من خشیتک
یا رب وانت اعلم فغفر اللہ لہ بخاری اور مسلم مین ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ ایک مردنی کبہی کوئی نیک کام نہ کیا تہا اپنے لوگون سے کہا کہ جب وہ شخص مرجاوے تو
اسکو جلا ڈالیو پہر اسکی آدہی راکہ خشکی مین بکہیر یو اور آدہی دریا مین سو قسم خدا کی
اگر خدا نے اسکو تنگ کیا اور عذاب مقدر کیا تو البتہ اسپر ایسی مار مارےگا کہ تمام عالم مین

ق ۱۶۹

کسی پر ویسا عذاب نہو کا پھر وہ مرد جب مرگیا تو اسکے لوگون نی وہی کیا جو اُسنے
کہا تہا سو خدا نی خشک جنگل سے حکم کیا تو جتنی اُسمین خاک تہی اُسنی جمع کردی اور دریا سے
حکم کیا اُسنی بہی جمع کردی پھر خدا نی اس شخص سی فرمایا کہ تو نی یہہ کام کیون کیا تہا اُسنی
کہا ای رب تیری خوف سے اور تو زیادہ تر دانا ہے سو خدا نی اسکو بخش دیا ف اس حدیث سے
معلوم ہوا کہ خوف الہی اور اپنی قصور کا اقرار مغفرت کا سبب ہے ف ابو ہریرۃ قال سلیمان
بن داؤد لاطوفن اللیلۃ بمائۃ امرأۃ تلد کل امرأۃ منہن غلاما
یقاتل فی سبیل اللہ فقال لہ الملک قل ان شاء اللہ فلم یقل ونسی
فاطاف بہن ولم تلد منہن الا امرأۃ نصف انسان لو قال ان شاء اللہ
لم یحنث وکان ارجی لحاجتہ ویروی تسعین ویروی سبعین بخاری
اور مسلم مین ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ سلیمان بن داؤد نی کہا کہ آج کی رات
سو عورتون پر کہومونگا یعنی اُن سے صحبت کرونگا کہ اُنمین سے ہر ایک عورت لڑکا جنے گی جو
راہ خدا مین جہاد کریگا تو فرشتے نی اُسے کہا کہ کہہ لے کہ اگر اللہ چاہے گا سو انشاء اللہ کہا
اور کہنا بہول گیا پہر اُن سو عورتون پر گہوما سو اُنمین سے کوئی نہ جنی مگر ایک عورت آدہا آدمی
جنی اگر سلیمان انشاء اللہ کہتا تو اسکی بات پوری ہوتی اور اپنے مطلب کا امیدوار تر ہوتا
اور ایک روایت مین سو عورت کے بدلے نوّے عورت کا ذکر ہے اور دوسری روایت مین

ف ۱۱۶۵

ستر جب لوگون نی جہاد مین سستی کی تب حضرت اسمٰعیل نی کثرت اولاد کی آرزو کی
کہ جہاد مین غیرونکی حاجت نرہے مگر انشاء اللہ کہنا بھول گئے مراد نہ پوری ہوئی معلوم
ہوا کہ جب کسی کام کا ارادہ کرے تو انشاء اللہ ضرور کہے کیونکہ اس واسطے کہ بدون خدا کی مدد کے
آدمی سے کوئی کام نہین ہوسکتا پیغمبر ہو یا ولی ہو یا حکیم ہو یا بادشاہ ق ابوھریرہ ؓ ق ۱۷۹۶
قتل سبعۃ ثم تتلوہ ھذا منی فانا منہ ھذا منی وانا منہ
یعنی جلیبیبا بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ جلیبیب نے
قتل کیا سات کافرون کو پھر کافرون نی اسکو قتل کیا یہہ میرا ہے مین اسکا یہہ میرا ہے مین
اسکا ف جلیبیب ایک صحابی کا نام تھا حضرت نے کسی لڑائی مین دیکھا کہ کافرونکی سات
لاشون کے پاس اُنکی لاش پڑی ہے تب حضرت نی اُنکی فضیلت مین یہہ حدیث فرمائی
پھر حضرت نے کمال مہربانی سے اُنکے سر کو اپنے کو دین رکھا بعد اسکے قبر مین دفن کیا ق ۱۷۹۷
ابوھریرۃ قرصت نملۃ نبیا من الانبیاء فامر بقریۃ النمل فاحرقت
فاوحی اللہ الیہ ان قرصتک نملۃ احرقت امۃ من الامم تسبح بخاری
اور مسلم مین ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا ایک چیونٹی نے کسی پیغمبر کو کاٹا تو اُسنے
حکم کیا سو چیونٹیون کا مکان جلا دیا گیا تو خدا نی اس پیغمبر سے فرمایا کہ تجھکو ایک چیونٹی نے
کاٹا تو نے مخلوقات کی ایک کروہ کو جلا دیا جو تسبیح کرتا تھا ف حضرت موسیٰ نی جناب الٰہی

بین عرض کی کہ الٰہی تو کنہ کار دنکی بستیون کو ہلاک کرتا ہے حالانکہ اُنمین نیک لوگ
بھی ہوتے ہین خدا نی حضرت موسے کی تفہیم چاہی تو حضرت موسے کو گرمی بہت معلوم ہوئی
ایک درخت کے سائے مین جاکر لیٹے وہان ایک چیونٹی نے انکو کاٹا حضرت موسے نے اُسکو
مکان جلوا دیا تب خدا نی فرمایا کہ تونے ایک چیونٹی کے قصور مین سب چیونٹیون کو
جو یاد خدا کرتی تہین کیون جلوا دیا ح عمران بن حصین کان اللہ ولم یکن شیئ غیرہ
وکان عرشہ علی الماء وکتب فی الذکر کل شیئ ثم خلق السموات
والارض بخاری مین عمران بن حصین سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ خدا ہی تہا اور اسکے سوا
کوئی چیز نہ تہی اور اسکا عرش پانی پر تہا اور خدا نی لکہا لوح محفوظ مین ہر چیز کو بعد اسکے
اسمانون اور زمین کو پیدا کیا ف عمران بن حصین سے روایت ہے کہ مین حضرت کے پاس تہا اتنے مین
یمن کے لوگ آئے سو انہون نی کہا کہ یا حضرت ہم دین کو پوچہنے آئے ہین اور ہم یہہ بات پوچہنے
ہین کہ اس عالم سے پہلے کیا تہا تب حضرت نی یہہ حدیث فرمائی اتنے مین کسی نے مجہسے کہا
کہ تیرا اونٹ چہوٹ گیا ہین اونٹ کے پیچہے گیا وہ مجلس ہو گئی اگر مین وہین رہتا تو اُس سے
زیادہ تر حال معلوم ہوتا اس حدیث سے معلوم ہوا کہ ایک وقت ایسا تہا کہ سوا ذات
پاک کے کوئی چیز نتہی نہ عرش نہ پانی نہ لوح محفوظ نہ آسمان نہ زمین بعد اسکے خدا نی عرش کو
پانی پر رکہا اور لوح محفوظ مین جو جو کہ اس عالم مین کرنا منظور تہا سو لکہا اسکے بعد آسمان

(۶۹۸) ح نبیان نبیان حکم نزد غیب

اور زمین

اور زمین کو بنایا اس حدیث سے صاف معلوم ہوا کہ یہ جو یونانی حکیم کہتے ہین کہ آسمان اور
زمین قدیم ہین سو غلط بات ہے آدمی کی عقل ناقص اسکو نہین سمجھ سکتی نبی معصوم کے فرمانے پر
اعتقاد کرنا چاہیے ق ابوہریرہؓ کانت امرأتان معہما ابناہما جاء الذئب فذہب
بابن احدہما فقالت لصاحبتہا انما ذہب بابنک وقالت الاخری انما ذہب
بابنک فتحاکمتا الی داؤد فقضی بہ للکبری فخرجتا علی سلیمان بن داؤد
فاخبرتاہ فقال ائتونی بالسکین اشقہ بینہما فقالت الصغری لا تفعل
رحمک اللہ ہو ابنہا فقضی بہ للصغری بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ
حضرت نے فرمایا کہ دو عورتین تہین انکے ساتہہ انکے دو بیٹے تہے بہیڑیا آیا سو ایک عورت کے بیٹے کو لیگیا
تو وہ عورت اپنے ساتہی عورت سے کہنے لگی کہ تیرے ہی بیٹے کو بہیڑیا لیگیا اور دوسری عورت نے کہا
کہ تیرے ہی بیٹے کو بہیڑیا لیگیا سو وہ دونو داود کے پاس قصہ فیصل کروانے کو آئین سو انہون نے
وہ لڑکا بڑی عورت کو دلوایا سو وہ دونو نکلین سلیمان بن داود پاس آئین اور انسے یہہ حال
کہا تو سلیمان نے کہا کہ چہری مجکو دو تاکہ مین اس لڑکے کو آدہا آدہا کاٹ کر ان دونو
عورتون کو دون تو چہوٹی عورت نے کہا خدا تجہپر رحم کرے یہہ کر وہ لڑکا اس بڑی عورت کا
ہے یعنی اب مین دعوی نہین کرتی دوسری کو دیجیئ تب سلیمان نے وہ لڑکا چہوٹی عورت کو
دلایا ف حضرت سلیمان نے چہوٹی عدت کو سہوٹے دلایا کہ اسکو درد آیا اسنے لڑکے کا کاٹنا گوارا

ق (۷۹)

کیا تو معلوم ہوا کہ لڑکا اُسیکا تہا اور اگر بڑی عورت کا لڑکا ہوتا تو وہ اُسکے کاٹنے پر
راضی نہوتی اِس حدیث سے معلوم ہوا کہ جب گواہ نہون تو حاکم کو لازم ہے کہ قرائن اور قیاس پر
عمل کرے ۱۷۰۰ م ھ ابو سعید کانت امرأۃ من بنی اسرائیل تصدر تمشی مع امرأتین
طویلتین فاتخذت رجلین من خشب وخاتما من ذھب مطبقا ثم حشتہ
مسکا وھو طیب الطیب فمرت بین المرأتین فلم یعرفوھا فقالت بیدھا
ھکذا ونقض شعبۃ یدہ مسلم میں ابو سعید رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ بنی اسرائیل کی
قوم مین ایک بہکی عورت تہی چلا کرتی تہی دو لمبی عورتون کے ساتہہ سو اُنسے لکڑی کے دو کہڑاون
بنا کر پہنی اور سونے کی خول دار انکوٹہی بنائی پہر اُسکو مشک سے بہرا اور وہ تو بڑی عمدہ خوشبو
سو چلی دو عورتون کے درمیان تو لوگون نی اُسکو نہ پہچانا سو اُسنی اپنے ہاتہہ سے یون اشارہ
کیا اِس حدیث کے ایک راوی نے جسکا شعبہ نام اُسنے اپنا ہاتہہ چہاڑا یعنی اُس عورت کے اشارہ
کرنیکی مثال دی ف عورت نی کہڑاون اسواسطے پہنی تاکہ لمبی معلوم ہو اور مشک کو
اِس واسطے لوگونکی طرف چہاڑا تاکہ خوشبو سے لوگ اُسکی طرف متوجہ ہون اِس حدیث مین اشارہ ہے ۱۷۱۰ ع
کہ جب باطن خراب ہو تو ظاہر کی بناوٹ کچہہ حقیقت نہین خ ابو ھریرۃ کانت بنو
اسرائیل تسوسھم الانبیاء کلما ھلک نبی خلفہ نبی وانہ لا نبی بعدی
وسیکون خلفاء فیکثرون قالوا فما تامرنا قال فوا بیعۃ الاول فالاول

اَعْطُوْهُمْ حَقَّهُمْ فَاِنَّ اللّٰهَ سَائِلُهُمْ عَمَّا اسْتَرْعَاهُمْ بخاری مین ابوہریرہ رضہ سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تھے بنی اسرائیل کی اُنمین حکومت اور ریاست کرتے تھے پیغمبر جب کہ
ایک پیغمبر وفات پاتا تھا دوسرا پیغمبر اسکے مقام پر قائم ہوتا تھا اور میرے بعد تو کوئی پیغمبر نہین اور
عنقریب خلیفے اور پادشاہ ہونگے تو بہت ہونگے اصحاب نے کہا سو ہم کو آپ کیا حکم کرتے ہین حضرت نے
فرمایا کہ قول پورا کرو اول حاکم سے پھر دوسرے سے اُنکا حق ادا کرو سو مقرر خدا اُنسے پوچھنے والا ہے
اُنکے رعیت کے حال سے ف یعنے انتظام اور اصلاح عالم بدون حاکم کے نہین ہوسکتی اگلی اُمتون مین
تو پیغمبرون سے انتظام ہوتا اس امت مین خلیفون سے ہوگا اسیواسطے اُنکی اطاعت سب مسلمانون پر واجب
ہوئی اگر حاکم کچھ رعیت کے حق مین قصور کریگا تو اُسکے خدا سمجھ لیگا ق اَبُوْهُرَيْرَةَ كَانَتْ ق ۱۷۲
بَنُوْ اِسْرَائِيْلَ يَغْتَسِلُوْنَ عُرَاةً يَنْظُرُ بَعْضُهُمْ اِلٰى سَوْاٰةِ بَعْضٍ وَكَانَ مُوْسٰى
يَغْتَسِلُ وَحْدَهٗ فَقَالُوْا وَاللّٰهِ مَا يَمْنَعُ مُوْسٰى اَنْ يَغْتَسِلَ مَعَنَا اِلَّا اَنَّهٗ
اٰدُرُ قَالَ فَذَهَبَ مَرَّةً يَغْتَسِلُ فَوَضَعَ ثَوْبَهٗ عَلَى الْحَجَرِ فَفَرَّ الْحَجَرُ بِثَوْبِهٖ فَقَالَ
فَجَمَعَ مُوْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ بِاَثَرِهٖ يَقُوْلُ ثَوْبِيْ حَجَرُ ثَوْبِيْ حَجَرُ حَتّٰى نَظَرَتْ
بَنُوْ اِسْرَائِيْلَ اِلٰى سَوْاٰةِ مُوْسٰى فَقَالُوْا وَاللّٰهِ مَا بِمُوْسٰى مِنْ بَاْسٍ فَقَامَ
الْحَجَرُ حَتّٰى نَظَرَ اِلَيْهِ قَالَ فَاَخَذَ ثَوْبَهٗ فَطَفِقَ بِالْحَجَرِ ضَرْبًا بخاری اور مسلم مین
ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تھے بنی اسرائیل کہ ننگے نہاتے تھے ایک دوسرے کی

شرمگاہ کو دیکھتا نہاتا اور موسے تنہا نہاتے تھے تو بنی اسرائیل نے کہا کہ موسی ہمارے ساتھ
اسواسطے نہیں نہاتا ہے کہ اسکو بادخائی کی بیماری ہے حضرت نے فرمایا تو موسی ایک بار نہانے کو
گئے تو اپنے کپڑے پتھر پر رکھے تو لے بھاگا پتھر انکے کپڑے کو تو موسی علیہ السلام اسکے
پیچھے دوڑے کہتے ہوئے میرے کپڑے چھوڑ اے پتھر میرے کپڑے چھوڑ اے پتھر یہاں تک بنی
اسرائیل نے موسے کی شرمگاہ کو دیکھ لیا تو کہنے لگے کہ موسی کو تو کوئی عیب اور بیماری
نہیں پھر پتھر کھڑا ہو گیا یہاں تک کہ موسی کی طرف خوب نظر کر چکے حضرت نے فرمایا کہ پھر موسے نے
اپنا کپڑا لیا پھر پتھر کو مارنے لگے ف اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جو اہل حق پر تہمت باندھتا ہے
خدا اسکو شرمندہ کرتا ہے اور معلوم ہوا کہ ننگے نہانا علیحدہ درست ہے ف ابوھریرۃ کان ۷۳ ف

جُرَيْجٌ رَجُلًا عَابِدًا فَاتَّخَذَ صَوْمَعَةً فَكَانَ فِيهَا فَأَتَتْهُ أُمُّهُ وَهُوَ
يُصَلِّي فَقَالَتْ يَا جُرَيْجُ فَقَالَ يَا رَبِّ أُمِّي وَصَلَاتِي فَاقْبَلْ عَلَى صَلَاتِهِ
فَانْصَرَفَتْ فَلَمَّا كَانَ مِنَ الْغَدِ أَتَتْهُ وَهُوَ يُصَلِّي فَقَالَتْ يَا جُرَيْجُ فَقَالَ
يَا رَبِّ أُمِّي وَصَلَاتِي فَاقْبَلْ عَلَى صَلَاتِهِ فَانْصَرَفَتْ فَلَمَّا كَانَ مِنَ الْغَدِ
أَتَتْهُ فَقَالَتْ يَا جُرَيْجُ فَقَالَ يَا رَبِّ أُمِّي وَصَلَاتِي فَاقْبَلْ عَلَى صَلَاتِهِ فَقَالَتْ
اللَّهُمَّ لَا تُمِتْهُ حَتَّى يَنْظُرَ إِلَى وُجُوهِ الْمُومِسَاتِ فَتَذَاكَرَ بَنُو إِسْرَائِيلَ جُرَيْجًا
وَعِبَادَتَهُ وَكَانَتِ امْرَأَةٌ بَغِيٌّ يُتَمَثَّلُ بِحُسْنِهَا فَقَالَتْ إِنْ شِئْتُمْ لَأَفْتِنَنَّ

لکم

لكم قال فتعرضت له فلم يلتفت اليها فاتت راعيا كان يأوي الى صومعته
فامكنته من نفسها فوقع عليها فحملت فلما ولدت قالت هو من
جريج فاتوه فاستنزلوه وهدموا صومعته وجعلوا يضربونه
فقال ما شأنكم فقالوا زنيت بهذه البغي فولدت منك فقال اين
الصبي فجاؤا به فقال دعوني حتى أصلي فصلى فلما انصرف اتى
الصبي فطعن في بطنه وقال يا غلام من ابوك قال فلان الراعي قال
فاقبلوا على جريج فجعلوا يقبلونه ويتمسحون به وقالوا نبني لك
صومعتك من ذهب قال لا اعيدوها من طين كما كانت ففعلوا
وبينا صبي يرضع من امه فمر رجل راكب على دابة فارهة وشارة
حسنة فقالت امه اللهم اجعل ابني مثل هذا فترك الثدي و
اقبل اليه فنظر اليه فقال اللهم لا تجعلني مثله ثم اقبل على
ثديه فجعل يرتضع قال فكاني انظر الى رسول الله صلى الله عليه
وسلم وهو يحكي ارتضاعه باصبعه السبابة في فمه فجعل يمصها
قال ومروا بجارية وهم يضربونها ويقولون زنيت سرقت
وهي تقول حسبي الله ونعم الوكيل فقالت امه لا تجعل ابني مثلها

فَتَرَكَ الرَّضَاعَ وَنَظَرَ إِلَيْهَا فَقَالَ اللّٰهُمَّ اجْعَلْنِي مِثْلَهَا فَهُنَالِكَ
تَرَاجَعَا الْحَدِيثَ فَقَالَتْ أُمُّهُ حَلَقَ مَرَّ بِرَجُلٍ حَسَنِ الْهَيْئَةِ فَقُلْتُ
اللّٰهُمَّ اجْعَلِ ابْنِي مِثْلَهُ فَقُلْتَ اللّٰهُمَّ لَا تَجْعَلْنِي مِثْلَهُ وَمَرَّ وَالِهِذِهِ الْأَمَةِ
وَهُمْ يَضْرِبُونَهَا وَيَقُولُونَ زَنَيْتِ سَرَقْتِ فَقُلْتُ اللّٰهُمَّ لَا تَجْعَلِ ابْنِي
مِثْلَهَا فَقُلْتَ اللّٰهُمَّ اجْعَلْنِي مِثْلَهَا قَالَ إِنَّ ذَاكَ الرَّجُلَ كَانَ جَبَّارًا
فَقُلْتُ اللّٰهُمَّ لَا تَجْعَلْنِي مِثْلَهُ وَإِنَّ هٰذِهِ يَقُولُونَ لَهَا زَنَيْتِ وَلَمْ تَزْنِ
وَسَرَقْتِ وَلَمْ تَسْرِقْ فَقُلْتَ اللّٰهُمَّ اجْعَلْنِي مِثْلَهَا بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جریج ایک عابد مرد تہا سو اسنے ایک عبادتخانہ بنایا اسی
مین رہتا تہا سو اسکے پاس اسکی ما آئی اور وہ نماز پڑہ رہا تہا سو اسکی مانی پکارا کہ ای جریج
تو اسنے کہا کہ ای رب میرے مان پکارتی ہے اور مین نماز مین ہون سو وہ اپنی نماز ہی مین متوجہ
رہا تو اسکی ما پہر گئی جب دوسرا دن ہوا تو اسکی ما اسکے پاس آئی اور وہ نماز مین تہا
سو اسنے پکارا کہ ای جریج تو اسنے کہا ای رب میرے مان پکارتی ہے اور مین نماز مین ہون سو
وہ نماز ہی مین متوجہ رہا تو اسکی ما پلٹ آئی جب تیسرا دن ہوا تو اسکے پاس پہر آئی سو اسنے
پکارا کہ ای جریج تو اسنے کہا کہ ای رب میرے ما پکارتی ہے اور مین نماز مین ہون سو وہ اپنی
نماز ہی مین متوجہ رہا تو اسکی ما نے یون کہا کہ الٰہی اسکو مت مار یو جب تک کہ یہہ بدکار

عورتون کا منہہ نہ دیکہہ لیوی سو بنی اسرائیل جریج کے اور اسکی عبادت کی آپسمین ذکر کرنے
لگے اور ایک بدکار عورت تہی جسکی خوبصورتی ضرب المثل تہی سو اسنی بنی اسرائیل سے
کہا کہ اگر تم چاہو تو مین جریج کو بلا مین تمہاری خاطر سے گرفتار کردون سو وہ عورت اسکے
سامنے آئی تو جریج نی اسکیطرف کچھہ التفات نکیا تو وہ چرانیوالے پاس آئی اور وہ اسکے
عبادتخانہ پاس ٹہرتا تہا سو اس عورت نی اسکو اپنی ذات پر قادر کیا سو اُس نی صحبت کی
تو اسکے پیٹ رہ گیا سو جب وہ جنی تو اس عورت نی کہا کہ یہہ لڑکا جریج کا ہے تو لوگ اسکے
پاس آئے اور اسکو اسکے عبادتخانے سے اُتارا اور اسکا عبادتخانہ ڈہا دیا اور اسکو
مارنے لگے سو جریج نی کہا کہ کیا حال ہے تمہارا یعنی کیون مجھی مارتے ہو سو اُنہون نے
کہا کہ تو نی اس بدکار سی زنا کیا سو وہ تیری نطفے سی لڑکا جنی ہے تو اُسنے کہا کہ وہ لڑکا
کہان ہے سو اسکو وہ لے آئے تو جریج نی کہا مجھی چہوڑو تاکہ مین نماز پڑھہ لون پہر جب وہ
نماز پڑہ چکا وہی لڑکا سامنے لایا گیا سو جریج نی اسکے پیٹ مین ٹہوکا دیا اور کہا ای لڑکے
تیرا کون باپ ہے لڑکے نی کہا کہ فلانا چرانیوالا میرا باپ ہے حضرت نے فرمایا پہر تو لوگ جریج پر
جہکے تو اسکو چومنی چاٹنے لگے اور کہا کہ ہم تیری واسطے تیرا عبادتخانہ سونے سے بنا دینگے جریج نی کہا
کہ نہین اسیطرح کا مٹی سے بنا دو جیسے آگے تہا سو اُنہون نی بنا دیا اور کسی زمانے مین ایک لڑکا
اپنی گا دودہ پیتا تہا تو ایک مرد نکلا عمدہ سواری پر سنہری پوشاک والا سو اسکی ماں نے کہا کہ

الٰہی میرے بیٹے کو اس مرد کے برابر کر دیجیو تو لڑکی نے چھاتی چھوڑ دی اور اس مرد کی طرف متوجہ
ہوا سو اسکو دیکھا تو یون کہا کہ الٰہی مجھکو ایسا نکیجیو پھر اپنی ماں کی چھاتی پر جھکا سو دودھ پینے لگا
ابوہریرہ نی کہا کہ گویا مین حضرت کو دیکھ رہا ہون اور حضرت اس لڑکے کے دودھ پینی کی
نقل کرتے تھے اس طرح پر کہ کلے کی انگلی اپنے مُنہ مین ڈالکے چوستے تھے حضرت نی فرمایا
اور لوگ ایک لونڈی کو لیکر نکلے اور اسکو مارتے تھے اور کہتے تھے تونے حرام کیا تونے چوری
کی اور وہ کہتی تھی کہ مجھکو اللہ کفایت کرتا ہے اور وہی اچھا وکیل ہے تو اس لڑکے کی ماں نے
کہا الٰہی میرے بیٹے کو اس لونڈی کے برابر نکیجیو سو اس لڑکے نے دودھ پینا چھوڑا اور اس لونڈی کی
طرف دیکھا تو کہا الٰہی مجھکو ایسا ہی کیجیو تو اسی جگہ ماں اور بیٹے مین گفتگو ہوئی تو اسکی
مونڈی ماں نی کہا کہ اچھی صورت کا ایک مرد نکلا سو مین نے کہا کہ الٰہی میرے بیٹے کو ایسا کر دے
سو تونے کہا کہ الٰہی مجھکو ایسا نکرنا اور لوگ ایک لونڈی کو لیکر نکلے اور وہ اسکو مارتے
تھے اور کہتے تھے کہ تونے حرام کیا اور چوری کی تو مین نے کہا کہ الٰہی میرے بیٹے کو ایسا کیجیو
سو تونے کہا کہ الٰہی مجھکو ایسا ہی کیجیو لڑکے نی کہا کہ مقرر وہ مرد ظالم تھا سو مین نی کہا کہ الٰہی
مجھکو ویسا نکرنا اور البتہ اس لونڈی کو کہتی ہین کہ تونے حرام کیا اور حالانکہ اسنے حرام
نہین کیا اور کہتے ہین کہ تونے چوری کی اور حالانکہ اسنے چوری نہین کی تو اسوسطے مین نے
کہا کہ الٰہی مجھکو ایسا ہی کر ف ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ سوائے تین لڑکون کے

کوئی

کو فی لڑکا گود مین نہین بولا ایک عیسی بن مریم پھر یہہ حدیث فرمائی اور دو لڑکو نکا
ذکر فرمایا تینون لڑکون کا بولنا ثابت ہوا ۱۷۰۴ م سَلَمَةُ بْنُ الْاَكْوَعِ كَانَ خَيْرَ فُرْسَانِنَا
اَلْيَوْمَ اَبُوْ قَتَادَةَ وَخَيْرَ رَجَّالَتِنَا سَلَمَةُ قَالَ ثُمَّ مَنَصَرَفَهُ مِنْ ذِيْ قَرَدٍ مسلم بن
سلمہ بن الاکوع سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ہمارے سوارون مین بہتر سوار آج ابو قتادہ ہے اور ہمارے
پیادون مین بہتر پیادہ سلمہ ہے یہہ حضرت نے ذی قرد سے پلٹتے ہوئے فرمایا ف
ذی قرد ایک چشمہ ہے یا گانو کا نام ہے ابو قتادہ اور سلمہ انصاری صحابی ہین حضرت نے
انکی شہسواری اور پیادگی کی تعریف فرمائی ۱۷۰۵ ق ق اَبُوْ هُرَيْرَةَ كَانَ رَجُلٌ يُدَايِنُ
النَّاسَ فَكَانَ يَقُوْلُ لِفَتَاهُ اِذَا اَتَيْتَ مُعْسِرًا فَتَجَاوَزْ عَنْهُ لَعَلَّ اللّٰهَ
يَتَجَاوَزُ عَنَّا قَالَ فَلَقِيَ اللّٰهَ فَتَجَاوَزَ عَنْهُ بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ ایک مرد تہا کہ لوگون کو قرض دیا کرتا تہا تو اپنے غلام سی یون کہا کرتا تہا
کہ جب تو محتاج پاس جانا تو اُسے درگذر کرنا یعنی سختی سے تقاضا نکرنا شاید کہ خدا ہم سے بہی درگذر
کرے حضرت نے فرمایا پھر وہ مرد خدا سے ملا تو خدا نے اُسکی درگذر کی ف یعنی بعد موت کے
اُسپر عذاب نکیا اِس حدیث سے معلوم ہوا کہ جو خلقت کو تنگ نہین کرتا خدا اُسکو تنگ
نہین کرتا ۱۷۰۶ م اَبُوْ هُرَيْرَةَ كَانَ زَكَرِيَّا نَجَّارًا ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
کہ زکریا بڑہئی کا کام کرتے تہے ف اس حدیث سے معلوم ہوا کہ کسب اور پیشہ کرنا کچھ

عیب کی بات نہین بلکہ پیشہ وری مرد کے حق مین مہنر ہے تاکہ اپنے اہل وعیال کی خبر گیری
کرے اور سوال کی ذلت سے بچے ق عَائِشَةُ كَانَ غَذَا يَبْعَثُهُ اللهُ عَلَى مَنْ
يَشَاءُ مِنْ عِبَادِهِ فَجَعَلَهُ اللهُ رَحْمَةً لِلْمُؤْمِنِينَ مَا مِنْ عَبْدٍ يَكُونُ ق ۱۷۷
فِي بَلَدَةٍ يَكُونُ فِيهِ وَيَمْكُثُ فِيهِ لَا يَخْرُجُ مِنَ الْبَلَدَةِ صَابِرًا مُحْتَسِبًا يَعْلَمُ
أَنَّهُ لَا يُصِيبُهُ إِلَّا مَا كَتَبَ اللهُ لَهُ إِلَّا كَانَ لَهُ مِثْلُ أَجْرِ شَهِيدٍ ق لِعَائِشَةَ
حِينَ سَأَلَتْهُ عَنِ الطَّاعُونِ بخاری اور مسلم مین حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ وبا عذاب تہا کہ خدا اسکو بھیجتا تہا جسپر کہ چاہتا تہا اپنے بندون سے سو خدا نے اس وبا کو
ایمانداروں کے واسطے رحمت کر ڈالا جو بندہ کسی شہر مین ہو اور اسمین وبا پڑی ہو اور وہ وہین
ٹہرا رہے نہ نکلے شہر سی مضبوط رہے ثواب کی امید رکہے جانتا ہو کہ وبا کا صدمہ بدون تقدیر
الہی کے اسکو نہین پہنچیگا تو اسکو شہید کے برابر ثواب ملیگا حضرت نبی سے یہ حدیث حضرت
عائشہ نے فرمائی جب کہ انہون نے حضرت سے وبا کا حال پوچہا ف یعنی اگلی امت پر وبا عذاب
تہی اور امت محمدی پر رحمت ہے جو کوئی وبا مین صبر کرے شہر سے نہ نکلے تقدیر کا اعتقاد
رکہے اور وبا کے صدمے سے وہ مرجاوے تو وہ شخص شہیدون مین لکہا جاویگا جس شہر مین وبا
پڑے وہان کے لوگون کو وہان سے نکلنا درست نہین اور غیر شہر والون کو اس شہر مین
آنا چاہیے ق جُنْدُبُ بْنُ عَبْدِ اللهِ كَانَ فِيمَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ رَجُلٌ بِهِ جُرْحٌ ق ۱۷۸

فجزع فاخذ سكينا فحز بها يده فما رقأ الدم حتى مات قال الله
تعالى بادرني عبدي بنفسه فحرمت عليه الجنة بخاری اور مسلم
میں جندب بن عبداللہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تم سے اگلی امت میں ایک مرد تھا اسکے
ایک زخم تھا سو وہ نہ سہ سکا تو چھری کو لیا اور اس سے اپنا ہاتھ کاٹ ڈالا تو خون نہ بند
ہوا یہاں تک کہ مر گیا حق تعالیٰ نے فرمایا کہ میرے بندے نے اپنی جان دینے میں مجھ پر جلدی کی سو
میں نے اس پر بہشت حرام کی ق ابو سعید کان فیمن کان قبلکم رجل
قتل تسعة وتسعين نفسا فسال عن اعلم اهل الارض فدل على
راهب فاتاه فقال انه قتل تسعة وتسعين نفسا فهل له من
توبة فقال لا فقتله فكمل به مائة ثم سال عن اعلم الارض فدل على رجل
عالم فقال انه قتل مائة نفس فهل له من توبة فقال نعم ومن يحول بينه
وبين التوبة انطلق الى ارض كذا وكذا فان بها اناسا يعبدون الله
فاعبد الله معهم ولا ترجع الى ارضك فانها ارض سوء فانطلق حتى اذا
نصف الطريق اتاه الموت فاختصمت فيه ملائكة الرحمة وملائكة
العذاب فقالت ملائكة الرحمة جاء تائبا مقبلا بقلبه الى الله و
قالت ملائكة العذاب انه لم يعمل خيرا قط فاتاهم ملك في صورة

ق ۱۸۷۹

اَدْنٰی فَجَعَلُوْهُ بَیْنَهُمْ فَقَالَ قِیْسُوْا مَا بَیْنَ الْاَرْضَیْنِ فَاِلٰی اَیَّتِهِمَا کَانَ
اَدْنٰی فَهُوَ لَهُ فَقَاسُوْهُ فَوَجَدُوْهُ اَدْنٰی اِلَی الْاَرْضِ الَّتِیْ اَرَادَ فَقَبَضَتْهُ
مَلٰٓئِکَةُ الرَّحْمَةِ وَفِیْ رِوَایَةٍ فَاَوْحَی اللّٰهُ اِلٰی هٰذِهٖ اَنْ تَبَاعَدِیْ وَاِلٰی
هٰذِهٖ اَنْ تَقَرَّبِیْ وَقَالَ الْبُخَارِیُّ فَنَاءَ بِصَدْرِهٖ نَحْوَهَا بخاری اور مسلم میں
ابو سعید سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تم سے اگلی اُمت میں ایک مرد تہا کہ اُسنے ننانوے
جان کو قتل کیا تہا تو اُسنے لوگوں سے پوچہا کہ روی زمین پر بہت بڑا عالم کون ہے سو اُسکو
درویش بتلایا گیا یعنی لوگوں نے کہا کہ فلانا درویش بڑا عالم ہے تو اُسکے پاس گیا سو اُسنے
کہا کہ اس شخص نے ننانوے جان کو قتل کیا ہے کیا اُسکی توبہ قبول ہو گی تو اُس درویش نے
کہا کہ تیری توبہ مقبول نہیں تو اُسنے اس درویش کو قتل کیا سو اُسنے اُسکو قتل کرکے سو کو
پورا کیا پہر اُس شخص نے لوگوں سے پوچہا کہ جہان میں بڑا عالم کون ہے تو اُسکو ایک عالم مرد
بتایا گیا یعنی لوگوں نے کہا کہ فلانا مرد بڑا عالم ہے سو اُسنے کہا کہ اس شخص نے سو جان کو مارا ہے
سو کیا اُسکی توبہ مقبول ہو سکتی ہے تو اُس عالم نے کہا کہ ہاں اور کون شخص کہنگار اور توبہ کے
درمیان حائل ہو سکتا ہے یعنی توبہ کا کوئی مانع نہیں تو فلانی فلانی زمین کی طرف جا
مقرر وہاں چند لوگ ہیں کہ خدا کی عبادت کرتے ہیں سو تو بہی خدا کی عبادت کرانکے
ساتہ اور نہ پلٹیو اپنی زمین کی طرف اسواسطے کہ وہ بری زمین ہے سو وہ شخص اُس طرف کو

چلا یہان تک کہ جب آدھی راہ چل گیا تو اسکو موت نے لیا تو جھگڑنے لگے اسمین رحمت کے
فرشتے اور عذاب کے فرشتے سو رحمت کے فرشتے کہنے لگے کہ یہ شخص توبہ کرکے آیا ہے اپنے
دل سے خدا کی طرف متوجہ ہوکر اور عذاب کے فرشتون نے کہا کہ اسنے کبھی ایک نیک کام ہی
نہین کیا تو انکے پاس ایک فرشتہ آدمی کی صورت پر آیا تو فرشتون نے کہا اسکو اپنے درمیان
پنچ مقرر کیا تو اسنے کہا کہ دونون زمینون کی مسافت کو ناپو سو یہ شخص جس زمین کی طرف
زیادہ تر نزدیک ہو سو اسیکے لائق ہے تو فرشتون نے ناپا تو اسکو اسی زمین کی طرف
نزدیکتر پایا جدہر کا اسنے ارادہ کیا تھا تو اسکو رحمت کے فرشتون نے لیا اور دوسرے
روایت یون ہے کہ خدا نے گناہ کی زمین کی طرف حکم بھیجا کہ تو دور ہو جا اور عبادت کی زمین کو حکم
ہوا کہ تو قریب ہو جا اور بخاری نے روایت کی ہے کہ وہ شخص اپنی چھاتی کے بل توبہ کی
زمین کی طرف جھکا یعنی مرنے کی وقت دونو زمین کی بیچ مین برابر تھا چھاتی سے جھک کے
اُدھر قریب ہو گیا ف اس حدیث سے کئی عمدہ فائدے ثابت ہوئے ایک تو یہ کہ گناہ کبیرہ سے توبہ کرنا
مقبول ہے دوسرے یہہ کہ جہان گناہ کیا ہو اُس سے ہجرت کرنا مستحب ہے تاکہ بدیار دنیا کی
صحبت اسکو پھر جا مین نہ ڈالے تیسرے یہہ کہ فرشتون کو علم غیب نہین اگر انکو علم غیب
ہوتا تو عذاب کے فرشتے نہ بحث کرتے چوتھے کہ مدعی اور مدعا علیہ کو پنچایت کرنا درست ہے
پانچوین یہہ کہ رحمت الٰہی کی کچھہ حد نہین ادھر بندے نے خالص دل سے توبہ کی اُدھر دریا رحمت اور مغفرت

١٧٠٩ م

جوش بن آیہ م صُهَيْبٌ كَانَ لِمَلِكٍ فِيمَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ وَكَانَ لَهُ سَاحِرٌ فَلَمَّا
كَبِرَ قَالَ لِلْمَلِكِ إِنِّي قَدْ كَبِرْتُ فَابْعَثْ إِلَيَّ غُلَامًا أُعَلِّمْهُ السِّحْرَ فَبَعَثَ
إِلَيْهِ غُلَامًا يُعَلِّمُهُ فَكَانَ فِي طَرِيقِهِ إِذَا سَلَكَ رَاهِبٌ فَقَعَدَ إِلَيْهِ وَسَمِعَ
كَلَامَهُ فَأَعْجَبَهُ فَكَانَ إِذَا أَتَى السَّاحِرَ مَرَّ بِالرَّاهِبِ وَقَعَدَ إِلَيْهِ فَإِذَا أَتَى
السَّاحِرَ ضَرَبَهُ فَشَكَى ذَلِكَ إِلَى الرَّاهِبِ فَقَالَ إِذَا خَشِيتَ السَّاحِرَ فَقُلْ
حَبَسَنِي أَهْلِي وَإِذَا خَشِيتَ أَهْلَكَ فَقُلْ حَبَسَنِي السَّاحِرُ فَبَيْنَمَا هُوَ كَذَلِكَ
إِذْ أَتَى عَلَى دَابَّةٍ عَظِيمَةٍ قَدْ حَبَسَتِ النَّاسَ فَقَالَ الْيَوْمَ أَعْلَمُ السَّاحِرُ أَفْضَلُ
أَمِ الرَّاهِبُ أَفْضَلُ فَأَخَذَ حَجَرًا وَقَالَ اللَّهُمَّ إِنْ كَانَ أَمْرُ الرَّاهِبِ أَحَبَّ
إِلَيْكَ مِنْ أَمْرِ السَّاحِرِ فَاقْتُلْ هَذِهِ الدَّابَّةَ حَتَّى يَمْضِيَ النَّاسُ فَرَمَاهَا فَقَتَلَهَا
وَمَضَى النَّاسُ فَأَتَى الرَّاهِبَ فَأَخْبَرَهُ فَقَالَ لَهُ الرَّاهِبُ أَيْ بُنَيَّ أَنْتَ الْيَوْمَ
أَفْضَلُ مِنِّي قَدْ بَلَغَ مِنْ أَمْرِكَ مَا أَرَى وَإِنَّكَ سَتُبْتَلَى فَإِنِ ابْتُلِيتَ فَلَا
تَدُلَّ عَلَيَّ وَكَانَ الْغُلَامُ يُبْرِئُ الْأَكْمَهَ وَالْأَبْرَصَ وَيُدَاوِي النَّاسَ سَائِرَ
الْأَدْوَاءِ فَسَمِعَ جَلِيسٌ لِلْمَلِكِ كَانَ قَدْ عَمِيَ فَأَتَاهُ بِهَدَايَا كَثِيرَةٍ فَقَالَ مَا
هَاهُنَا لَكَ أَجْمَعُ إِنْ أَنْتَ شَفَيْتَنِي قَالَ إِنِّي لَا أَشْفِي أَحَدًا إِنَّمَا يَشْفِي اللَّهُ فَإِنْ
آمَنْتَ بِاللَّهِ دَعَوْتُ اللَّهَ فَشَفَاكَ فَآمَنَ بِاللَّهِ فَشَفَاهُ اللَّهُ فَأَتَى الْمَلِكَ

فجلس

فجلس اليه كما كان يجلس فقال له الملك من رد عليك بصرك قال
ربي قال ولك رب غيري قال ربي وربك الله فاخذه فلم يزل يعذبه
حتى دل على الغلام فجيئ بالغلام فقال له الملك اي بني قد بلغ من سحرك
ما تبرئ الاكمه والابرص وتفعل وتفعل قال فقال اني لا اشفي احدا
انما يشفي الله فاخذه فلم يزل يعذبه حتى دل على الراهب فجيئ بالراهب
فقيل له ارجع عن دينك فابى فدعى بالمنشار فوضع المنشار في مفرق
راسه فشقه به حتى وقع شقاه ثم جيئ بجليس الملك فقيل له ارجع عن
دينك فابى فوضع المنشار في مفرق راسه فشقه به حتى وقع شقاه
ثم جيئ بالغلام فقيل له ارجع عن دينك فابى فدفعه الى نفر من اصحابه
فقال اذهبوا به الى جبل كذا وكذا فاصعدوا به الجبل فاذا بلغتم
ذروته فان رجع عن دينه والا فاطرحوه فذهبوا به فصعدوا به الجبل
فقال اللهم اكفنيهم بما شئت فرجف بهم الجبل فسقطوا وجاء يمشي
الى الملك فقال له الملك ما فعل اصحابك قال كفانيهم الله فدفعه
الى نفر من اصحابه فقال اذهبوا به فاحملوه في قرقور فتوسطوا به
البحر فان رجع عن دينه والا فاقذفوه فذهبوا به فقال اللهم اكفنيهم

بِمَشِيْتِ فَانْكَفَتْ بِهِمُ السَّفِيْنَةُ فَغَرِقُوْا وَجَاءَ اِلَى الْمَلِكِ فَقَالَ لَهُ الْمَلِكُ
مَا فَعَلَ اَصْحَابُكَ قَالَ كَفَانِيْهِمُ اللّٰهُ فَقَالَ لِلْمَلِكِ اِنَّكَ لَسْتَ بِقَاتِلِيْ حَتّٰى
تَفْعَلَ مَا اُمِرْتَ بِهٖ قَالَ وَمَا هُوَ قَالَ تَجْمَعُ النَّاسَ فِيْ صَعِيْدٍ وَاحِدٍ
وَتَصْلُبُنِيْ عَلٰى جِذْعٍ ثُمَّ خُذْ سَهْمًا مِنْ كِنَانَتِيْ ثُمَّ ضَعِ السَّهْمَ فِيْ كَبِدِ الْقَوْسِ
ثُمَّ قُلْ بِسْمِ اللّٰهِ رَبِّ الْغُلَامِ ثُمَّ ارْمِنِيْ فَاِنَّكَ اِنْ فَعَلْتَ ذٰلِكَ قَتَلْتَنِيْ فَجَمَعَ
النَّاسَ فِيْ صَعِيْدٍ وَاحِدٍ وَصَلَبَهٗ عَلٰى جِذْعٍ ثُمَّ اَخَذَ سَهْمًا مِنْ كِنَانَتِهٖ ثُمَّ وَضَعَ
السَّهْمَ فِيْ كَبِدِ الْقَوْسِ ثُمَّ قَالَ بِسْمِ اللّٰهِ رَبِّ الْغُلَامِ ثُمَّ رَمَاهُ فَوَضَعَ السَّهْمَ
فِيْ صُدْغِهٖ فَوَضَعَ يَدَهٗ فِيْ صُدْغِهٖ فِيْ مَوْضِعِ السَّهْمِ فَمَاتَ فَقَالَ النَّاسُ
اٰمَنَّا بِرَبِّ الْغُلَامِ اٰمَنَّا بِرَبِّ الْغُلَامِ اٰمَنَّا بِرَبِّ الْغُلَامِ فَاُتِيَ الْمَلِكُ فَقِيْلَ لَهٗ
اَرَاَيْتَ مَا كُنْتَ تَحْذَرُ قَدْ وَاللّٰهِ نَزَلَ بِكَ حَذَرُكَ قَدْ اٰمَنَ النَّاسُ
فَاَمَرَ بِالْاُخْدُوْدِ وَدِيْرَ فِيْ اَفْوَاهِ السِّكَكِ فَخُدَّتْ وَاَضْرَمَ النِّيْرَانَ وَقَالَ مَنْ
لَمْ يَرْجِعْ عَنْ دِيْنِهٖ فَاقْحِمُوْهُ فِيْهَا اَوْ قِيْلَ لَهُ اقْتَحِمْ فَفَعَلُوْا حَتّٰى جَاءَتِ
امْرَاَةٌ وَمَعَهَا صَبِيٌّ لَهَا فَتَقَاعَسَتْ اَنْ تَقَعَ فِيْهَا فَقَالَ لَهَا الْغُلَامُ يَا اُمَّهْ
اصْبِرِيْ فَاِنَّكِ عَلَى الْحَقِّ

مسلم ابن صہیب سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تم سے اگلے
ایک بادشاہ تھا اور اسکا ایک جادوگر تھا سو جب وہ بڈھا ہو گیا اُس بادشاہ سے

کہا کہ

کہا کہ مین بڈھا ہوگیا ہون سو میری پاس ایک لڑکا بھیج کہ اسکو مین جادو سکھلا دون تو بادشاہ نے
اسکے پاس ایک لڑکا بھیجا کہ اسکو وہ جادو سکھلاتا تہا تو اس لڑکے کی آمد و رفت کی راہ مین حضرت
عیسیٰ کے دین کا ایک درویش تہا تو وہ لڑکا اسکے پاس بیٹھا اور اسکا کلام سنتا سو اسکو بہلا
معلوم ہوتا سو جب جادوگر پاس جاتا تو درویش کے طرف کو نکلتا اور اسکے پاس بیٹھتا
پہر جب جادوگر پاس جاتا تو جادوگر اسکو مارتا سو لڑکے نی جادوگر کے مارنی کا درویش سے
کہا کیا تو درویش نی کہا کہ جب تو جادوگر سی خوف کہاوی تو کہا کر کہ میرے گہر والون نی مجہکو
روکا تہا اور جب تو اپنے گہر والون سی ڈری تو کہا کر کہ جادوگر نی مجہکو روکا سو اسی حال مین
وہ رہا کرتا تہا کہ ناگاہ وہ ایک بڑی قد اور جانور پر گذرا کہ اسنے لوگون کو آمد و رفت سے
روکا تہا سو لڑکے نی کہا کہ آج مین دریافت کرتا ہون کہ جادوگر افضل ہے یا درویش افضل ہے
سو اس نی ایک پتھر لیا اور کہا کہ الٰہی اگر درویش کا طریقہ تیری نزدیک پسندیدہ ہو جادوگر کے
طریقے سی تو اس جانور کو قتل کرتا کہ لوگ چلین پہرین پہر اسکو مارا سو اسکو قتل کیا اور لوگ
چلنے پہرنے لگے پہر وہ لڑکا درویش پاس آیا اور اسکو یہہ حال تبلایا تو درویش نے اسکی
کہا ای بیٹا تو مجہسی افضل ہے مقرر تیرا مرتبہ یہان تک پہنچا کہ مجہکو نظر پڑا اور مقرر عنقریب
تو آزمایا جاویگا سو اگر تو آزمایا جاوے تو مجہکو نہ تبلائیو اور اس لڑکے کا یہہ حال تہا کہ اندہے
اور کوڑہی کو چنگا کرتا تہا اور لوگونکے علاج کرتا تہا ہر قسم کی بیماری سے تو یہہ حال بادشاہ کے

ایک مصاحب نی سنا اور وہ اندھا ہو گیا تہا تو اسکے پاس بہت سے تحفے لایا اور کہا کہ جو مال کہ یہان ہے وہ سب تیری واسطے ہے اگر تو مجھکو چنگا کر دیوی لڑکے نی کہا کہ مین کسی کو چنگا نہین کرتا چنگا کرنا تو خدا ہی کا کام ہے سو اگر تو خدا کا ایمان لاوی تو مین خدا سی دعا کرون تو وہ تجھکو چنگا کر دیوی سو وہ مصاحب خدا کا ایمان لایا تو خدا نی اسکو چنگا کر دیا پہر وہ مصاحب پادشاہ پاس گیا اور اسکے پاس بیٹھا جیب کہ بیٹھا کرتا تہا تو اسی پادشاہ نی کہا کہ کسنی تیری آنکہہ روشن کر دی مصاحب نی کہا کہ میری مالک نی پادشاہ نی کہا کہ میری سوای ہی کوئی تیرا مالک ہے مصاحب نی کہا کہ میرا مالک اور تیرا مالک خدا ہے سو پادشاہ نی اسکو پکڑا سو ہمیشہ اسکو مارا کرتا تہا یہان تک کہ اسنی لڑکے کو بتلا دیا سو وہ لڑکا بلایا گیا تو پادشاہ نی اس سی کہا ای بیٹا تیری جادو کا یہہ مرتبہ پہنچا کہ تو اندہے اور کوڑہی کو چنگا کرنے لگا اور تو ایسا کرتا ہے اور ویسا کرتا ہے حضرت نے فرمایا تو اس لڑکے نی کہا کہ مین کسیکو چنگا نہین کرتا چنگا تو خدا ہی کرتا ہے سو پادشاہ نی اس لڑکیکو پکڑا اور ہمیشہ اسکو مارا کرتا تہا یہانتک کہ اسنی درویش کو بتلا دیا سو وہ درویش پکڑا آیا اور اس سے کہا گیا کہ تو پلٹ جا اپنے دین سے سو اسنی انکار کیا سو پادشاہ نی ایک آرہ منگوایا اور درویش کے چاند پر رکہا اور اسکو چیرڈالا یہانتک کہ دو ٹکڑے ہو کر گر پڑا پہر پادشاہ کا مصاحب بلایا گیا اس سی کہا کہ اپنے دین سے پلٹ جا اسنی نمانا سو اوسکے چاند پر آرہ رکہا اور اسکو چیرڈالا یہانتک کہ دو ٹکڑی ہو کر گر پڑا پہر وہ لڑکا بلایا گیا تو اس سے کہا کہ اپنے دین سے پلٹ جا سو اسنے نمانا سو پادشاہ نی اسکو اپنے چند مصاحبون کو دیا اور کہا کہ اسکو فلانے فلانے پہاڑ کی طرف

لیجاؤ اور اسکو پہاڑ پر چڑہاؤ پہر جب تم پہاڑ کی چوٹی پر پہنچو سو اگر یہہ لڑکا اپنے دین سے
پہر جاوے تو بہتہرے اور نہین تو اسکو ڈھکیل دو سو وہ اسکو لے گئے اور پہاڑ پر اسکو چڑہایا
تو لڑکے نی کہا کہ الہی مجھکو انکے شر سے بچا جسطرح سی کہ تو چاہے سو پہاڑنی اسکو خوب ہلایا اور وہ
لوگ گر پڑے اور وہ لڑکا پادشاہ پاس چلا آیا سو پادشاہ نی اُسسی کہا کہ کیا حال ہوا
تیرے ساتہیون کا اُسنی کہا خدا نی مجھکو انکے شر سے بچایا سو پادشاہ نی اسکو اپنے اور
چند مصاحبون کے حوالہ کیا اور کہا اسکو لیجاؤ اور اسکو پہاڑ پر چڑہاؤ اور اسکو دریا کے اندر لیجاؤ سو
اگر یہہ اپنے دین سے پہر جاوی تو خوب ہے اور نہین تو اسکو دریا مین ڈال دو سو وہ لوگ اسکو
لے گئے سو لڑکے نی کہا کہ الہی مجھکو انکے شر سے بچا جسطرح کہ تو چاہے سو انکو لیکر ناؤن اوندھی
ہوگئی تو وہ لوگ ڈوب گئی اور وہ لڑکا پادشاہ پاس چلا آیا تو پادشاہ نی اُس سے
کہا کہ تیرے ساتہیون کا کیا حال ہوا اُسنی کہا کہ خدا نی مجھکو انکے شر سے بچایا پہر لڑکے نے
پادشاہ سی کہا کہ تو مجھکو نہ مار سکیگا یہان تک کہ تو وہ کام کری جو مین تجھکو بتلاؤن پادشاہ نے
کہا وہ کیا چیز ہے اُسنی کہا کہ تو سب لوگون کو ایک میدان مین جمع کر اور ایک کھنبے پر
مجھکو سولی دے پہر میری ترکش سے ایک تیر لے پہر تیر کو کمان کے اندر رکہہ پہر کہہ کہ خدا کی نام سے
جو اس لڑکے کا مالک ہے مارتا ہون پہر مجھکو تیر مار سوا کر تو یہہ کام کریگا تو مجھکو قتل کر سکیگا
سو پادشاہ نی سب لوگون کو ایک میدان مین جمع کیا اور اس لڑکے کو ایک کھنبے پر سولی دی

پھر اُسنے اپنے ترکش سے تیر لیا پھر تیر کو کمان کے اندر رکھا پھر کہا خدا کے نام سے جو اس لڑکے کا مالک ہے
مین مارتا ہون پھر اسکو تیر مارا سو اسکی کنپٹی پر تیر لگا یا سو لڑکے نے اپنا ہاتھ اپنی کنپٹی پر تیر کے
مقام پر رکھا سو مر گیا تو لوگون نے کہا کہ ہم لڑکے کے مالک کا ایمان لائے ہم لڑکے کے مالک کا
ایمان لائے ہم لڑکے کے رب کا ایمان لائے پھر خواب مین بادشاہ سے کسنے کہا کہ تو نے دیکھا
جسکا تجھکو ڈر تھا خدا کی قسم مقرر تجھپر تیرا پر پہنچا اور تیرا ڈر کر پڑا البتہ لوگ تو ایمان
لا چکے سو بادشاہ نے خندق کھودنی کھار اہون کے ناکون پر حکم کیا سو خندق کھودی گئین اور
اُسنے انکے اندر خوب آگ پھر کائی اور کہا کہ جو شخص اپنے دین سے نہ پھرے سو اسکو خندق مین ڈالدو
دو یا کہ یون کہا جاوی کہ اسمین کر پڑو سو لوگون نے ویسا ہی کیا یہان تک کہ ایک عورت
آئی اور اسکے ساتھ اسکا ایک لڑکا تھا سو وہ عورت پیچھے ہٹی تاکہ خندق مین نہ گری
تو لڑکے نے اُس سے کہا ای اما تو صبر کر کہ تو حق دین پر ہے ف اس حدیث مین اہل حق اور اہل باطل
اور اہل صبر کی فضیلت اور ہدایت الٰہی کا بیان ہے چنانچہ اس قصی کو حق تعالی نے سورہ والسماء
ذات البروج مین مجمل بیان فرمایا ہے حضرت نے اسکو مفصل بیان کیا ھ مُعَاوِيَةُ
بْنُ الْحَكَمِ السُّلَمِيُّ كَانَ نَبِيٌّ مِنَ الْأَنْبِيَاءِ يَخُطُّ فَمَنْ وَافَقَ خَطَّهُ فَذَاكَ السلم
مین معاویہ بن حکم سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ پیغمبرون مین ایک پیغمبر تھے کہ لکیرین
بناتے تھے سو جسکی لکیر انکی لکیر سے موافق پڑے سو وہی ٹھیک ہے ف معاویہ بن حکم سے

۱۷۸۰ ھ

روایت ہے

روایت ہے کہ مین نے حضرت سے پوچھا کہ ہم کفر کی حالت مین علم غیب بتانیوالون کے پاس جاتے
حضرت نے فرمایا کہ انکے پاس مت جایا کرو پھر مین نے کہا کہ بعضی لوگ لکیرین کھینچ کے
کچھ حال بتلاتے ہین تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی عبداللہ بن عباس سے روایت ہے کہ
کفار عرب کا دستور تھا کہ جب کچھ کام کرنا منظور ہوتا تو جلد جلد بہت لکیرین بیشمار کھینچتے
پھر دو دو لکیرین ملا کر کاٹتے جاتے آخر کو اگر دو لکیرین رہ جاتین تو اس کام کو نیک جانتے
اور اگر ایک لکیر رہتی تو اسکو بد جانتے علماء حدیث نے کہا ہے کہ اس حدیث سے ثابت ہوا کہ خط کشی
درست نہین اس واسطے کہ خط کشی اس پیغمبر کا معجزہ تھا تو اسکی موافقی اور لوگون سی ہونا محال ہے
بعضی نادان اس حدیث کو علم رمل کی دلیل جانتے ہین سو غلط بات ہے اسواسطے کہ اس پیغمبر کی
خط کشی بالیقین معلوم نہین ہو سکتی تاکہ اس خط اس خط کی موافقت اور عدم موافقت معلوم
ہوا اور بہت آیات اور احادیث سے ثابت ہے کہ آیندہ کی بات بالیقین کوئی نہین جان سکتا اور اسکے
دریافت کا کوئی قاعدہ مقرر نہین فرمایا تو صاف معلوم ہوا کہ علم رمل اور جفر اور نجوم شرع
مین ہرگز درست نہین ۱۲ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو كَتَبَ اللّٰهُ مَقَادِيرَ الْخَلَائِقِ
قَبْلَ أَنْ يَخْلُقَ السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضَ بِخَمْسِينَ أَلْفَ سَنَةٍ قَالَ وَعَرْشُهُ
عَلَى الْمَاءِ مسلم مین عبداللہ بن عمر سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ حق تعالی نے مخلوقات کی
تقدیرین اور اندازے لکھے آسمانون اور زمین کے پیدا کرنے سے پچاس ہزار برس آگے فرمایا کہ عرش

خدا کا پانی پر تھا ف جو کچھ خدا کو کرنا منظور تھا اسکو اول لوح محفوظ مین لکھا پھر اسکے
موافق عالم کو بنایا اور معلوم ہوا کہ پانی کا وجود آسمان زمین سے مقدم ہے م جابر کذبت ۱۲۱۳ م
لا یدخلها فانه قد شهد بدرا والحدیبیة قال لعبد لحاطب
بن ابی بلتعة حین جاءه یشکوه حاطبا فقال یا رسول الله لیدخلن
حاطب النار مسلم مین جابر رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تو جھوٹا ہے حاطب دوزخ مین
نجاویگا اسواسطے کہ وہ جنگ بدر اور حدیبیہ مین حاضر تھا یہہ حضرت نی حاطب بن ابی بلتعہ کے
غلام سی فرمایا جب وہ غلام حضرت کی پاس حاطب کا شکوہ کرتا آیا سو اسنی کہا کہ یا رسول
اللہ مقرر حاطب دوزخ مین جاویگا ف اس حدیث سے صاف ثابت ہوا کہ جو حضرت کی
اصحاب جنگ بدر مین اور جنگ حدیبیہ مین موجود تھے پہر دوزخ حرام ہے وہ مقرر بہشتی ہین
جنگ بدر مین تین سو تیرہ ۳۱۳ اصحاب تھے اور جنگ حدیبیہ مین پندرہ ۱۵ سو تھے خ عمرو بن ۱۵۱۴ خ
الزبیر کذب سعد ولکن هذا یوم یعظم الله فیه الکعبة ویوم
تکسی فیه الکعبة یعنی سعد بن عبادة لما قال لابی سفیان
الیوم یوم الملحمة الیوم تستحل الکعبة فاخبر ابو سفیان بذلک
رسول الله صلی الله علیه وسلم کذا وقع مرسلا وهو من حدیث
عائشة عن النبی صلی الله علیه وسلم بخاری مین عروہ بن زبیر رض سے

روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ غلط کہا سعد نے ولیکن یہہ دن تو وہ ہے جسمین خدا کعبہ کی
تعظیم کروا دیگا اور اس دن مین کعبہ پر غلاف چڑہایا جاویگا یعنی سعد بن عبادہ نے ابو
سفیان سے کہا کہ آج قتل کا دن ہے آج کعبہ مین لڑنا حلال ہوگا سوا ابوسفیان نے یہہ خبر
حضرت سے کی یہہ حدیث مرسل ہے یعنی تابعی نے صحابی کا نام روایت مین نہین ذکر کیا
اور اس حدیث کی سند حضرت عائشہ سے ہے وہ حضرت سے روایت کرتی ہین **ف**
بخاری مین پورا قصہ یون ہے کہ جب حضرت نے فتح مکہ کے واسطے مدینے سے کوچ کیا تو
یہہ خبر قریش کو پہنچی تو ابوسفیان اور حکیم اور بدیل حضرت کی خبر دریافت کرنیکو نکلے حضرت کے
جاسوس انکو پکڑ لے گئے ابوسفیان مسلمان ہوا جب حضرت نے کوچ کیا تو عباس سے
فرمایا کہ تم ابوسفیان کو ایک جگہ لیکر کہڑے ہو تاکہ وہ مسلمانونکی فوج کو دیکھے تو عباس
اسکو لیکر کہڑے ہوئے اور حضرت کا لشکر نکلنے لگا ابوسفیان ہر ایک گروہ کا نام پوچھتا
جاتا تہا حضرت عباس بتلاتے جاتے تہے ابوسفیان کہتا تہا مجھکو ان لوگون سے
کیا کام جب ایک بڑا جہنڈا آیا ابوسفیان نے پوچھا یہہ کون لوگ ہین عباس نے
کہا یہہ انصاری لوگ ہین انکے سردار اور علمدار سعد بن عبادہ تہے ابوسفیان سے کہا کہ
آج خوب خونریزی کا دن ہے آج کعبہ مین لڑنا حلال ہوگا پہر حضرت کا جہنڈا آیا
اور حضرت کا علم زبیر کی پاس تہا ابوسفیان نے حضرت سے کہا کہ آپ نے سعد کا قول

نہین سنا حضرت نے فرمایا کیا اسنے کہا ابو سفیان نے وہ قول بیان کیا تب حضرت نے
یہہ حدیث فرمائی اور تو مسلم لوگون کو دلاسا فرماتا ق سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ كَذَبَ مَنْ ۱۷۱۵ ق
قَالَهُ إِلَّا مَرَّتَيْنِ وَجَمَعَ بَيْنَ إِصْبَعَيْهِ إِنَّهُ لَجَاهَدَ مُجَاهِدٌ قَلَّ عَرَبِيٌّ مَشَى
بِهَا مِثْلَهُ يَعْنِي عَامِرَ بْنَ الْأَكْوَعِ أَخَا سَلَمَةَ وَقَدْ صَابَ رُكْبَتَهُ ذُبَابُ سَيْفِهِ
فَمَاتَ مِنْهُ بخاری اور مسلم ہین سلمہ بن اکوع سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ غلط کہا جسنے
وہ قول کہا مقرر اسکے درمیان تو دو ثواب ہین اور حضرت نے اپنے دو انگلیون کو ملایا مقرر
وہ غازی تہا اور محنت کش عرب کا آدمی کمتہ اسکے برابر لڑائی مین چلا پہر حضرت نے یہہ
حدیث عامر بن اکوع سلمہ کے بہائی کے حق مین فرمائی اور انکی تلوار کا پیپلا انکے زانو پر
لگ گیا تہا سو وہ اسی صدمے سے مرگئے ف جنگ خیبر مین عامر نے کسی کافر پر ۱۷۱۶ م
تلوار ماری سو اس تلوار کا پیپلا انہین کے زانو پر پڑا اسی صدمے سے وہ مرگئے بعضی لوگون نے
کہا کہ عامر حرام موت اپنے کو تہ سی مرا انکو جہاد کا ثواب نہ ملیگا جب حضرت نے یہہ کلام
سنا تب یہہ حدیث فرمائی عامر کو دو ثواب فرمائے یعنی ایک جہاد کا ثواب دوسرے
زخم کی تکلیف کا ثواب اس حدیث سے معلوم ہوا اگر بیقصد اپنے کو تہ سے اپنے بدن پر
زخم لگ جاوے اور اسسے آدمی مر جاوے تو اسکی موت حرام نہین م اَبُوْ هُرَيْرَةَ كَفَى
بِالْمَرْءِ كَذِبًا أَنْ يُحَدِّثَ بِكُلِّ مَا سَمِعَ وَفِي رِوَايَةٍ الْقَضَاءِ إِثْمًا

ابو ہریرہ سے مسلم ہین

مسلم مین ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مرد کو اتنا جھوٹھ کفایت کرتا ہے کہ جو سنے اسکو ذکر کرے اور تقاضی کی روایت مین یون ہے کہ آدمی کو اتنا گناہ کفایت کرتا ہے کہ جو سنے اسکو بیان کرے **ف** یعنی اکثر اخبار اور حکایات جھوٹھ سی خالی نہین ہوتے تو اگر ہر بات کو بیان کرنا لیگا تو یہ شخص ہی مقرر دروغگو ٹھہرا یعنی دروغ کا مددگار ہوا اس حدیث سی صاف معلوم ہوا کہ جب تک بات کو خوب تحقیق نہ کرلیوی ہرگز زبان پر نہ لاوی **ق** ۱۷۱۷

ابو موسی کمل من الرجال کثیر ولم یکمل من النساء غیر مریم بنت عمران وآسیة امرأة فرعون. بخاری اور مسلم مین ابو موسی رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مردون سے بہت لوگ کمال کو پہنچے اور عورتون سی مریم عمران کی بیٹی اور آسیہ فرعون کی جورو کے سوای کوئی باکمال نہین ہوئی **ف** یعنی اگلی امت مین یہی دو عورتین باکمال ہوئین اسواسطے کہ امت محمدیہ مین حضرت خدیجہ اور حضرت فاطمہ زہرا اور حضرت عایشہ رضی اللہ عنہن کا کمال بہت احادیث سی ثابت ہے **ف** ابو ہریرة منعت العراق درهمها وقفیزها ومنعت الشام مدیها ودینارها ومنعت مصر اردبها ودینارها وعدتم من حیث بدأتم وعدتم من حیث بدأتم وعدتم من حیث بدأتم ثم قال ابو هریرة شهد علی ذلک لحمی ابی هریرة ودمه. مسلم مین ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ عراق کا ملک اپنے درم اور قفیز کو روکیگا اور شام کا ملک

۱۷۱۸

اپنے مدے اور دینار کوردکیگا اور مصر کا ملک اپنی اردب اور دینار کوردکیگا اور
ہوجاؤگے تم جیسے کہتے تھے اور ہوجاؤگے تم جیسے کہتے تھے اور ہوجاؤگے تم جیسے کہتے تھے
پھر ابوہریرہ نے کہا کہ اس حدیث پر گواہی دیتا ہے ابوہریرہ کا کوشت اور خون یعنی نہیں
کچھ شک ہیں ف قفیز اور مدی پیمانے کا نام ہے جسمیں اناج کو ناپتے ہیں اور اردب چوسٹھ ۶۴
سیر کا ہوتا ہے اس حدیث میں آخر زمانے کے فتنے اور فساد کی خبر ہے کہ ان ملکوں کا
محصول انکو نہ ملیگا رعیت سردار کی اطاعت نہ کریگی جیسے اسلام سے پہلے بی سردار ملک تھا
ویسا ہی ہوجاویگا ۱۷۱۹ ھ وَاِنْ نَزَلَتْ عَلَيَّ اٰنِفًا سُوْرَةٌ فَقَرَأَ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ
الرَّحِيْمِ اِنَّا اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ
ثُمَّ قَالَ تَدْرُوْنَ مَا الْكَوْثَرُ قُلْنَا اَللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ قَالَ فَاِنَّهٗ نَهْرٌ
وَعَدَنِيْهِ رَبِّيْ عَلَيْهِ خَيْرٌ كَثِيْرٌ هُوَ حَوْضٌ يَرِدُ عَلَيْهِ اُمَّتِيْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ
اٰنِيَتُهٗ عَدَدُ النُّجُوْمِ فَيُخْتَلَجُ الْعَبْدُ مِنْهُمْ فَاَقُوْلُ رَبِّ اِنَّهٗ مِنْ اُمَّتِيْ
فَيُقَالُ مَا تَدْرِيْ مَا اَحْدَثَتْ بَعْدَكَ مسلم مین انس سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ ابھی مجھپر ایک سورت اتری پھر حضرت نے انا اعطینا کی سورت پڑھی یعنی ای
محمد ہم نے تجھکو کوثر دیا تو نماز پڑھ اپنے رب کی اور قربانی کر مقرر تیرا دشمن بے نام و نشان
ہے پھر حضرت نے فرمایا کہ تم جانتے ہو کہ کوثر کیا چیز ہے سو ہمنے کہا کہ خدا اور رسول ہی خوب

جانتا ہے حضرت نے فرمایا کہ کوثر نہر ہے کہ میری رب نے اسکا مجھسے وعدہ کیا ہے اسپر
بہت خیر ہے کوثر حوض ہے جسپر میری اُمت کدری کی اسکے برتن جتنے آسمان کے تارے
تو ایک بندہ میری امت کا حوض سے روکا جاویگا تو میں کہونگا ای رب یہہ تو میری امت سے
ہے تو حکم ہوگا کہ تو نہیں جانتا کہ تیری بعد اسنے کیا نئی راہ نکالی یعنے مرتد ہو گیا **ف**
عرب کی چند گروہ حضرت کی بعد مرتد ہوگئے صدیق اکبر رضی انکو مارا وہ لوگ حوض کوثر سے
بے نصیب ہیں **ق** ابو مسعود عقبہ بن عمرو الانصاری نزل جبرئیل **ق** ۱۷۳۰
فامّنی فصلیت معہ ثم صلیت معہ ثم صلیت معہ ثم صلیت
معہ ثم صلیت معہ بخاری اور مسلم میں ابو مسعود رضی سے جنکا عقبہ بن عامر انصاری نام ہے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جبرئیل اُترا سو اسنے میری امامت کی تو میں نے اسکے ساتھ نماز
پڑھی پھر میں نے اسکے ساتھ نماز پڑھی پھر میں نے اسکے ساتھ نماز پڑھی پھر میں نے اسکے
ساتھ نماز پڑھی پھر میں نے اسکے ساتھ نماز پڑھی **ف** یعنی پانچ وقت کی فرض نماز
تعلیم کی واسطے جبرئیل نے حضرت کو پڑھائی تاکہ امت کو اسی طرح تعلیم کریں **ع** بریدۃ بن
الحصیب وجب اجرک وردّھا علیک المیراث **ق** لامرأۃ قالت
انی تصدقت علی امّی بجاریۃ وانّھا ماتت مسلم میں بریدہ بن
حصیب سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تیرا ثواب ثابت ہو گیا اور وارث نے وہ لونڈی تجھکو **ع** ۱۷۳۱

پھر ملی یہہ حضرت نبی اُس عورت سی فرمایا جسنی کہا تہا کہ مین نبی اپنی ماکو لونڈی دی تہی
اور میری ما مرگئی یعنی تجھکو دو فائدے ہوئے ایک تو دینے کا ثواب دوسرے لونڈی کی
ف ۱۲۲۲۰ ملکیت وراثت کے سبب سے ف اِبْنُ مَسْعُوْدٍ وَقَاهَا اللّٰهُ شَرَّكُمْ كَمَا وَقَاكُمْ
شَرَّهَا یعنی حَيَّةً خَرَجَتْ عَلَيْهِمْ بِمِنًى بخاری اور مسلم مین عبد اللہ بن
مسعود رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ خدا نے اسکو تمہارے شر سے بچایا جیسا کہ تمکو اسکے
شر سے بچایا یعنی وہ سانپ جو اصحاب پر منیٰ کے مقام پر نکلا تہا ف عبد اللہ بن مسعود رضہ سے
روایت ہے کہ ہم منار کے غار مین تہے حضرت پر وہان سورۂ مرسلات اُتری ہم اسکو یاد کرتے
تہے اتنے مین وہان ایک سانپ نکلا حضرت نبی فرمایا کہ اسکو مارڈالو ہم اسکے مارنیکو
دوڑے سانپ اپنی بل مین گہس گیا تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی اس حدیث سی معلوم ہوا
کہ سانپکا مارنا درست ہے

## فَصْلٌ فِيمَا لَمْ يُسَمَّ فَاعِلُهُ

اس فصل مین وہ حدیثین ہین جنکے کرنیوالے کا فعل ماضی مجہول ہے

ق ۱۲۲۳۰ ق عَائِشَةُ أُرِيتُكِ فِي الْمَنَامِ ثَلٰثَ لَيَالٍ جَاءَنِي بِكِ الْمَلَكُ فِي سَرَقَةٍ
مِنْ حَرِيرٍ فَيَقُولُ هٰذِهِ امْرَأَتُكَ فَأَكْشِفُ عَنْ وَجْهِكِ فَإِذَا أَنْتِ هِيَ
فَأَقُولُ إِنْ يَكُ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ يُمْضِهِ بخاری اور مسلم مین حضرت عائشہ رضہ سے روایت ہے
کہ حضرت نے مجھے فرمایا کہ مجھکو تو خواب مین دکہلائی گئی تین رات تجھکو میرے پاس فرشتہ لے آتا تہا

ریشمی کپڑے مین سویون کہتا تہا کہ تیری عورت ہے مین نی تیرا چہرا کہولا تو کیا دیکہتا ہون
کہ وہ صورت تیری ہی ہے تو مین کہتا تہا کہ اگر یہہ خواب خدا کی طرف سے ہے تو خدا یون ہی
کریگا یعنی تو میرے نکاح مین آویگی ف یہہ جو حضرت نی فرمایا کہ اگر یہہ خواب خدا کی طرف سے
ہے یعنی اُس خواب کی اگر کوئی تعبیر ہوئی تو مقرر نکاح ہوگا اس واسطے کہ پیغمبر کے خواب مین
کچہہ شک اور تردد نہین ہوتا م ۱۷۲۴ ابو ہریرہ اُرِیتُ لَیْلَةَ الْقَدْرِ ثُمَّ اُیْقِظْتُ فَنَسِیتُهَا
اَهْلِی فَنَسِیتُهَا وَیُرْوٰی فَنَسِیتُهَا فَالْتَمِسُوهَا فِی الْعَشْرِ الْاَوَاخِرِ مسلم مین
ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ شب قدر مجہکو خواب مین معلوم ہوئی پہر میرے بعضے
اہلبیت نی مجہکو جگا دیا تو مین اُسکو بہول گیا اور دوسری روایت یون ہے کہ مین
شب قدر کو بہول گیا تو اسکی رمضان کی اخیر دس راتون مین تلاش کرو ف یعنی طاق راتون مین
ق ۱۷۲۵ جابر اُعْطِیتُ خَمْسًا لَمْ یُعْطَهُنَّ اَحَدٌ مِنَ الْاَنْبِیَاءِ قَبْلِی نُصِرْتُ
بِالرُّعْبِ مَسِیرَةَ شَهْرٍ وَجُعِلَتْ لِیَ الْاَرْضُ مَسْجِدًا وَطَهُورًا
فَاَیُّمَا رَجُلٍ مِنْ اُمَّتِی اَدْرَکَتْهُ الصَّلٰوةُ فَلْیُصَلِّ وَاُحِلَّتْ لِیَ الْغَنَائِمُ
وَلَمْ تَحِلَّ لِاَحَدٍ قَبْلِی وَاُعْطِیتُ الشَّفَاعَةَ وَکَانَ النَّبِیُّ یُبْعَثُ
اِلٰی قَوْمِهِ خَاصَّةً وَبُعِثْتُ اِلَی النَّاسِ عَامَّةً بخاری اور مسلم مین جابر رض سے
روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ مجہکو پانچ نعمتین ملین کہ مجہسے پہلے کسی پیغمبر کو نہین ملین مجکو

فتح نصیب ہوئی دھاک سی مہینے بھر کی راہ تک اور ساری زمین میرے واسطے سجدہ گاہ
اور پاک کرنیوالی مقرر ہوئی یعنی ہر جگہ نماز اور تیمم درست ہے سو جس مرد کو میرا بہت سے
جہان نماز کا وقت ملے وہاں نماز پڑھ لیوے اور حلال ہوئی میرے واسطے غنیمت کے مال
اور مجھسے پہلے کسی کو حلال نہ تھی اور مجھکو شفاعت کا رتبہ عنایت ہوا اور پیغمبر فقط
اپنی قوم پر بھیجا جاتا تھا اور میں تمام عالم کے لوگوں پر بھیجا گیا ف یعنے ان پانچ چیزوں سے
حضرت سب پیغمبروں سے افضل ہوئے حضرت کا رعب یہہ تھا کہ بادشاہ روم خوف کھاتا تھا
یہود و نصاری کو سوا عبادتخانے کے اور جگہ نماز پڑھنا درست نہ تھا اور تیمم کا حکم نہ تھا
امت محمدی کو تمام زمین پر نماز اور تیمم کا حکم ہوا اور غنیمت کا مال بھی اسی امت کو درست
ہوا اور قیامت میں اول حضرت کے سوا کوئی پیغمبر شفاعت نہ کر سکیگا اور ہفت اقلیم کی
نبوت کا رتبہ کسیکو حاصل نہیں ہوا بجز حضرت کے ق ابْنُ عَبَّاسٍ أُمِرْتُ أَنْ أَسْجُدَ ق ۷۲۶
عَلَى سَبْعَةِ أَعْظُمٍ عَلَى الْجَبْهَةِ وَالْيَدَيْنِ وَالرُّكْبَتَيْنِ وَأَطْرَافِ الْقَدَمَيْنِ
وَلَا نَكْفِتَ الثِّيَابَ وَلَا الشَّعْرَ بخاری اور مسلم میں عبداللہ بن عباس سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ مجھکو حکم ہوا ہے سجدہ کرنیکا سات ہڈیوں پر ماتھے پر اور دونوں ہاتھوں پر اور دونوں
گھٹنوں پر اور دونوں قدموں کے سرے پر اور یہہ حکم ہوا ہے کہ نماز میں کپڑے اور بالوں کو
نہ سمیٹوں ف نماز میں بالوں کا جوڑا باندھنا اور کپڑے کو خاک سے بچانا مکروہ ہے

قولہ کردہ

ق ۱۷۲۷ ابوبکر و عمر و جابر امرت ان اقاتل الناس حتی یقولوا لا الٰہ الا اللہ فمن قال لا الٰہ الا اللہ عصم منی مالہ و نفسہ الا بحقہ و حسابہ علی اللہ بخاری اور مسلم مین حضرت ابوبکر اور عمر اور جابر رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مجھکو لوگون سے لڑنے کا حکم ہوا یہان تک کہ وہ لا الہ الا اللہ کہین سو جسنے لا الہ الا اللہ کہا اسنے اپنا مال اور جان بچایا مگر دین کی حق تلفی کا بدلا ہے اور اسکا حساب خدا کے ذمے پر ق یعنی جب آدمی مسلمان ہوا اور کلمہ پڑھا تو اسکا جان اور مال لینا حرام ہے لیکن اگر حق خون کریکا تو مارا جاویگا مال ضامن ہوکا تو اس سے مال دلایا جاویگا اور اگر وہ خوف سے ظاہر مین مسلمان ہوا اور دل مین کافر رہا تو اسسے خدا آپ

ق ۱۷۲۸ کر لیگا دلون کے حال دریافت کرنے کا حاکم اور قاضی کو حکم نہین ق ابوہریرہ امرت بقریۃ تاکل القری یقولون یثرب و ھی المدینۃ تنفی الناس کما ینفی الکیر خبث الحدید بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مجھکو اس بستی مین رہنے کا حکم ہوا جو سب بستیونکو کہا ویگی یعنی فتح اسلام ہوگی سب شہر بسنے کے تابع ہونگے لوگ اسکو یثرب کہتی ہین اور اسکا عدہ نام تو مدینہ ہے برے لوگون کو مدینہ نکال دیتا ہے جیسے بھٹی لوہے کا میل نکال ڈالتی

ق ۱۷۲۹ ہے ف مدینے کا نام اول یثرب تہا حضرت نے نام بدل ڈالا ق انس و سہل

ابن سعد الساعدی بعثت انا والساعۃ کھاتین یعنی اصبعیہ السبابۃ
والوسطی بخاری اور مسلم مین انس اور سہل بن سعد رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
کہ مین اور قیامت متصل ہوا جیسے یہ دونون حضرت نی اپنی دونو انگلیون کی طرف اشارہ
کیا یعنی کلمی کی انگلی اور بیچ کی انگلی ف حضرت خاتم النبیین ہین حضرت کی بعد کوئی پیغمبر نہین
قیامت تک حضرت کا دین قائم رہے گا تو حضرت مین اور قیامت مین کوئی حائل نہین ٹھہرا

ق ۱۷۳۱ ق ابو ھریرۃ بعثت من خیر قرون بنی ادم قرنا فقرنا حتی کنت من
القرن الذی کنت منہ بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ مین پیدا ہوا بنی آدم کی عمدہ زمانے والون سے ایک زمانے والون کی بعد دوسرے
زمانے والون سے یہان تک کہ مین ان زمانیوالون سے ہوا جنسی ہوا ف یعنی حضرت آدم کے
زمانے سے حضرت کی زمانے تک حضرت کی باپ دادے شریف اور عمدہ خاندان تھے اور یہ مطلب نہین

ق ۱۷۳۱ م کہ سب مسلمان ہی م جابر بعثت ھذہ الریح لموت منافق مسلم مین جابر رض سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ یہہ آندھی چلائی گئی منافق کی مرنے سے ف مصابیح مین
جابر رض سے روایت ہے کہ حضرت سفر مین گئے تھے جب مدینے کی قریب پہنچے تو آندھی چلی
تب حضرت نی یہہ حدیث فرمائی جب مدینے مین آئے تو معلوم ہوا کہ ایک بڑا منافق مر گیا

ق ۱۷۳۲ یہہ حدیث معجزہ ہے کہ آیندہ کی خبر دی ق ابن عمر بنی الاسلام علی خمس علی

اَنْ یُّوَحَّدَ اللّٰہُ وَاِقَامِ الصَّلٰوۃِ وَاِیْتَاءِ الزَّکٰوۃِ وَصِیَامِ رَمَضَانَ وَالْحَجِّ
فَقَالَ رَجُلٌ لِابْنِ عُمَرَ الْحَجِّ وَصِیَامِ رَمَضَانَ قَالَ لَا صِیَامِ رَمَضَانَ وَ
الْحَجِّ هٰکَذَا سَمِعْتُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ وَفِیْ رِوَایَۃٍ
شَہَادَۃِ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ وَاِقَامِ الصَّلٰوۃِ
وَاِیْتَاءِ الزَّکٰوۃِ وَحَجِّ الْبَیْتِ وَصَوْمِ رَمَضَانَ۔ بخاری اور مسلم میں عبداللہ بن عمر
رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اسلام کی بنیاد پانچ چیز پر ہے خدا کو ایک
جاننے پر اور نماز قائم کرنے پر اور زکوۃ دینے پر اور رمضان کے روزی پر اور حج پر سو ایک
مرد نے عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے کہا حج اور رمضان کے روزے پر عبداللہ نے کہا
نہیں رمضان کے روزے اور حج پر یوں ہی میں نے حضرت سے سنا ہے یعنی اول روزہ بعد اسکے حج
اور دوسری روایت یوں ہے کہ اسلام کی بنیاد پانچ چیز پر ہے اسکی گواہی کہ سوائے خدا کے
کوئی معبود برحق نہیں اور محمد اسکا بندہ اور اسکا رسول ہے اور نماز کا قائم کرنا اور زکوۃ
دینا اور بیت اللہ کا حج کرنا اور رمضان کے روزے رکھنا ق ابوہریرہ حُجِبَتِ الْجَنَّۃُ ق ۱۲۳۳
بِالْمَکَارِہِ وَحُجِبَتِ النَّارُ بِالشَّہَوَاتِ وَفِیْ رِوَایَۃٍ اَلْقَضَاءِ حُفَّتْ۔ بخاری اور
مسلم میں ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ روکی گئی اور ڈھکی گئی بہشت مشقتوں اور
تکلیفوں سے اور دوزخ خواہش نفسانی اور لذات سے ف یعنی بہشت بدون عبادت

اور پرہیزگاری کے میسر نہیں اور عبادت اور تقوی مشقت اور تکلیف سے خالی نہیں اور
معصیت اور دنیا کے چین کا دوزخ انجام ہے ق عائشہ حُرِّمَتِ التِّجَارَةُ فِي ۱۷۳۴ ق
الْخَمْرِ بخاری اور مسلم حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ شراب کا بیوپار حرام ہوا
ف شراب کی خرید فروخت مسلمان کو ہرگز درست نہیں خ ابو هريرة حَرَّمَ مَا ۱۷۳۵ خ
بَيْنَ لَابَتَيِ الْمَدِينَةِ عَلَى لِسَانِي بخاری سے ہے ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
کہ حرام ہوگیا میری زبان پر مدینے کے دو سنگستانوں کے اندر ف بعضے علماء کے نزدیک جیسے
کہ حرم ویسے ہی مدینہ یہ حدیث انکی دلیل ہے م ابو مسعود عُقْبَةُ ابْنُ عَامِرٍ الْأَنْصَارِيُّ ۱۷۳۶ م
حُوسِبَ رَجُلٌ مِمَّنْ كَانَ قَبْلَكُمْ فَلَمْ يُوجَدْ لَهُ مِنَ الْخَيْرِ شَيْءٌ إِلَّا أَنَّهُ كَانَ
يُخَالِطُ النَّاسَ وَكَانَ مُوسِرًا وَكَانَ يَأْمُرُ غِلْمَانَهُ أَنْ يَتَجَاوَزُوا عَنِ الْمُعْسِرِ
قَالَ اللَّهُ نَحْنُ أَحَقُّ بِذَلِكَ مِنْهُ فَتَجَاوَزُوا عَنْهُ مسلمین ابو مسعود سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ تمسی اگلی امت میں سے ایک مرد کا حساب ہوا تو اسکی نیکی کچھ نہیں پائی گئی
مگر وہ لوگوں سے ملا جلا کرتا تھا اور مالدار تھا اور اپنے غلاموں سے حکم کرتا تھا کہ محتاج سے
قرض مانگنے میں سختی نہ کریں خدا نے فرمایا کہ ہم اسکے نسبت زیادہ ترکرم اور احسان کے سزاوار
ہیں سو ای فرشتو اس سے درگذر کرو خ ابو هريرة خُفِّفَ عَلَى دَاوُدَ الْقُرْآنُ ۱۷۳۷ خ
فَكَانَ يَأْمُرُ بِدَوَابِّهِ فَتُسْرَجُ فَيَقْرَأُ الْقُرْآنَ قَبْلَ أَنْ تُسْرَجَ دوابہ

لَا یَاْکُلُ اِلَّا مِنْ عَمَلِ یَدِہٖ بخاری میں ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ہلکا
اور سہج ہو گیا تھا داؤد پر قرآن سو وہ اپنے سواریوں کے کسنے کا حکم کرتے تھے تو قرآن کو زین
کسنے سے پہلے پڑھ چکتے تھے اور نہ کھاتے تھے مگر اپنے ہاتھ کے کیے سے ف قرآن سے
مراد زبور ہے کیسی جلدی زبور کا تمام کرنا حضرت داؤد کا معجزہ تھا اور باوجودیکہ بادشاہ تھے
لیکن اپنے کسب اور محنت سی کھاتے تھے م عَائِشَۃُ خُلِقَتِ الْمَلٰٓئِکَۃُ مِنْ ۱۷۳۸ م
نُوْرٍ وَخُلِقَ الْجَانُّ مِنْ مَارِجٍ مِنْ نَارٍ وَخُلِقَ اٰدَمُ مِمَّا وُصِفَ لَکُمْ مسلم
میں عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ پیدا کیے گئے فرشتے نور سے اور جن آگ کی
لو سے اور آدم پیدا ہوئے اس سے جس کا تم سے قرآن میں بیان ہوا یعنی مٹی سے خ ۱۷۳۹ خ
اَنَسٌ رُفِعَتْ اِلَی السِّدْرَۃِ فَاِذَا اَرْبَعَۃُ اَنْھَارٍ نَھْرَانِ ظَاھِرَانِ وَنَھْرَانِ
بَاطِنَانِ فَاَمَّا الظَّاھِرَانِ فَالنِّیْلُ وَالْفُرَاتُ وَاَمَّا الْبَاطِنَانِ فَنَھْرَانِ
فِی الْجَنَّۃِ وَاُتِیْتُ بِثَلٰثَۃِ اَقْدَاحٍ قَدَحٍ فِیْہِ لَبَنٌ وَقَدَحٍ فِیْہِ عَسَلٌ
وَقَدَحٍ فِیْہِ خَمْرٌ فَاَخَذْتُ الَّذِیْ فِیْہِ اللَّبَنُ فَقِیْلَ اَصَبْتَ الْفِطْرَۃَ
بخاری میں انس رضی سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ میں سدرۃ المنتہی کی طرف کیا تو
وہاں چار نہریں ہیں دو نہریں ظاہر اور دو باطن ظاہر نہریں تو نیل اور فرات اور باطن
نہریں بہشت میں جاری ہیں اور میرے سامنے تین پیالے آئے ایک پیالے میں دودھ اور ایک

پہلے مین شہد اور ایک پیالے مین شراب تو مین نے دودہ کا پیا لیا تو مجھکو حکم ہوا کہ تو نے
پیدا کشی دین پایا ف معراج کی حدیث مین اسکا مفصل بیان ہو چکا م ابو ہریرہ
عُذِّبَتِ امْرَأَةٌ فِي هِرَّةٍ رَبَطَتْهَا لَا هِيَ أَطْعَمَتْهَا وَلَا سَقَتْهَا وَلَا تَرَكَتْهَا
تَأْكُلُ مِنْ خَشَاشِ الْأَرْضِ مسلم مین ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ عذاب ہوا ایک عورت پر بلی کے مقدمے مین اسنے بلی کو باندھ رکھا تہا نہ اسکو
کہلایا نہ پلایا اور نہ اسکو چہوڑا کہ زمین کے جانور کہائے م ابو ذر عُرِضَتْ عَلَيَّ
أَعْمَالُ أُمَّتِي حَسَنُهَا وَسَيِّئُهَا فَوَجَدْتُ فِي مَحَاسِنِ أَعْمَالِهَا الْأَذَى يُمَاطُ
عَنِ الطَّرِيقِ وَوَجَدْتُ فِي مَسَاوِئِ أَعْمَالِهَا النُّخَاعَةَ تَكُونُ فِي الْمَسْجِدِ
لَا تُدْفَنُ مسلم مین ابو ذر رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ میری امت کے اعمال میرے سامنے
لائے گئے نیک بہی اور بد بہی تو مین نے امت کی نیک اعمال مین پایا تکلیف کی چیز کو جو راہ سے
علیحدہ ڈالی جاوے اور امت کی بد اعمال مین مین نے پایا کہنکہار کو جو مسجد مین ہو اور زمین
مین نہ دبائی جاوے راہ مین تکلیف کی چیز جیسے کانٹا اور ق ابن عباس عُرِضَتْ
عَلَيَّ الْأُمَمُ فَأَخَذَ النَّبِيُّ يَمُرُّ مَعَهُ الْأُمَّةُ وَالنَّبِيُّ يَمُرُّ مَعَهُ النَّفَرُ وَالنَّبِيُّ يَمُرُّ
مَعَهُ الْعَشَرَةُ وَالنَّبِيُّ يَمُرُّ مَعَهُ الْخَمْسَةُ وَالنَّبِيُّ يَمُرُّ وَحْدَهُ فَنَظَرْتُ
فَإِذَا سَوَادٌ كَثِيرٌ فَقُلْتُ يَا جِبْرَئِيلُ هَؤُلَاءِ أُمَّتِي قَالَ لَا وَلَكِنْ

انظر الی الاتی

۱۷۴۰ م

۱۷۴۱ ق

انظر الی الافق فنظرت فاذا سواد کبیر فقال ھؤلاء امتک وھؤلاء
سبعون الفا قدامھم لا حساب علیھم ولا عذاب قلت ولم قال کانوا
لا یکتوون ولا یسترقون ولا یتطیرون وعلی ربھم یتوکلون الحدیث متفق
والسیاق للبخاری اور مسلم مین عبداللہ بن عباس سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
کہ میرے سامنے کی گئین اگلی امتین تو ایک پیغمبر چلا اور اسکے ساتھ ایک گروہ تہا اور بعضا پیغمبر
چلا اور اسکے ساتھ بارہ تیرہ لوگ تہے اور بعضا پیغمبر چلا اور اسکے ساتھ دس آدمی تہے
اور بعضا پیغمبر چلا اور اسکے ساتھ پانچ آدمی تہے اور بعضا پیغمبر اکیلا ہی چلا پہر مین نے
دیکہا تو ایک بڑی جماعت ہے سو مین نے کہا ای جبرئیل یہہ لوگ میری امت ہین جبریل نی کہا
نہین دیکہو تو آسمانکی کنارے کی طرف دیکہہ سو مین نی دیکہا تو بڑا جہنڈ ہے جبریل نی کہا کہ
یہہ لوگ تیری امت ہین اور یہہ ستر ہزار آگے ہین نہ اوپر حساب ہے نہ عذاب مین نے
کہا اسکا کیا سبب ہے جبریل نی کہا نہ بیماری مین داغتی تہے نہ جہاڑ پہونک کرتے
تہے اور نہ شگون لیتے تہے اور اپنے رب پر بہروسا اور توکل کرتے تہے یہہ حدیث
بخاری اور مسلم دونون مین ہے لیکن یہہ خاص روایت بخاری کی ہے ف جتنے لوگ جس پیغمبر کا
ایمان لائے ہونگے وہی قیامت مین اسکے ساتہہ ہونگے اور بعضی پیغمبر کا کوئی ایمان نہ لایا
ہوگا اسکے ساتہہ کوئی نہوگا معلوم ہوا کہ ہماری حضرت کی امت سب سے زیادہ ہوگی ترک دوا

توکل ہی نہیں اسوا سکے کہ حضرت نے اگر دوا کی ہے بلکہ داغ اور جھاڑ پھونک اور مشکون لینا
توکل کے مخالف ہے لیکن جب کوئی علاج داغنے کے سوا باقی نہ رہے تو اسوقت میں
داغنا ہی درست ہے ۱۲۴۳ ف جابر عُرِضَ عَلَيَّ الْأَنْبِيَاءُ فَإِذَا مُوسَى ضَرْبٌ مِنَ الرِّجَالِ
كَأَنَّهُ مِنْ رِجَالِ شَنُوءَةَ وَرَأَيْتُ عِيسَى ابْنَ مَرْيَمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَإِذَا أَقْرَبُ
مَنْ رَأَيْتُ بِهِ شَبَهًا عُرْوَةُ بْنُ مَسْعُودٍ وَرَأَيْتُ إِبْرَاهِيمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَإِذَا أَقْرَبُ
مَنْ رَأَيْتُ بِهِ شَبَهًا صَاحِبُكُمْ يَعْنِي نَفْسَهُ وَرَأَيْتُ جِبْرِيلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَإِذَا
أَقْرَبُ مَنْ رَأَيْتُ بِهِ شَبَهًا دِحْيَةُ بْنُ خَلِيفَةَ مسلم میں جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے
کہ حضرت نبی فرمایا کہ میرے سامنے کئے گئے پیغمبر سو میں تو دبلا پتلا مرد جیسی قوم شنوءۃ کے مرد
اور دیکھا میں نے عیسی بن مریم علیہ السلام کو تو میرے دیکھے لوگوں میں عیسی سے زیادہ تر مشابہ
عروہ بن مسعود ہے اور میں نے ابراہیم علیہ السلام کو دیکھا تو میرے دیکھے لوگوں میں ابراہیم علیہ السلام سے
زیادہ تر مشابہ تمہارا صاحب ہے یعنی خود حضرت اور میں نے جبرئیل علیہ السلام کو دیکھا تو میری دیکھے
لوگوں میں جبرئیل سے زیادہ تر مشابہ دحیہ بن خلیفہ ہے ۱۲۴۴ ف ابو ہریرۃ فُضِّلْتُ عَلَى الْأَنْبِيَاءِ
بِسِتَّةٍ أُعْطِيتُ جَوَامِعَ الْكَلِمِ وَنُصِرْتُ بِالرُّعْبِ وَأُحِلَّتْ لِيَ الْمَغَانِمُ
وَجُعِلَتْ لِيَ الْأَرْضُ طَهُورًا وَمَسْجِدًا وَأُرْسِلْتُ إِلَى الْخَلْقِ كَافَّةً وَخُتِمَ
بِيَ النَّبِيُّونَ مسلم میں ابو ہریرہ رضی سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مجکو فضیلت حاصل ہوئی

اور پیغمبرون پر چھہ چیزون کے سبب سے مجھکو جوامع الکلم عطا ہوئی اور مجکو رعب سے فتح ملی اور
میرے واسطے غنیمت کی مال حلال ہوئے اور میرے واسطے تمام زمین پاک کرنے والی اور سجدہ کا
مقرر ہوئی اور مین تمام عالم کا پیغمبر ہوا اور مین خاتم النبین ہوا ف جوامع الکلم اسکو کہتی
ہین جسمین تھوڑے لفظ اور مطلب بہت ہون جوامع الکلم سے مراد قرآن اور احادیث
ہین جنکے معانی اور مطالب کی کچھہ حد نہین جتنا غور کیجئے اتنے مطالب کہلتے ہین باقی مفصل
مضمون اس حدیث کا بارہوین حدیث مین گذرا لیکن اسمین جو چیز کو فرمایا اور اسمین پانچ
چیز سونے کا سبب یہ ہے کہ اول حضرت کو پانچ چیز کا حال معلوم ہوا پھر چھٹی چیز بھی عنایت ہوئی ق ۱۷۴۵
ق أَبُو هُرَيْرَةَ فَقَدَتْ أُمَّةٌ مِنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ لَا يُدْرَى مَا فَعَلَتْ وَإِنِّي لَا أُرَاهَا إِلَّا الْفَأْرَ
إِذَا وُضِعَ لَهَا أَلْبَانُ الْإِبِلِ لَمْ تَشْرَبْ وَإِذَا وُضِعَ لَهَا أَلْبَانُ الشَّاءِ شَرِبَتْ بخاری اور مسلم
مین ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ بنی اسرائیل کا ایک کردہ مسخ ہوگیا نہین معلوم
کون صورت ہوگئی اور مقرر سوای چوہے کے کوئی میرے خیال مین نہین آتا جب چوہے کے
آگے اونٹ کا دودہ رکھئے تو نہ پیئے اور جب اسکے آگے بکریون کا دودہ رکھے تو پیجاوے
ف یعنی بنی اسرائیل اونٹ کا دودہ نہ پیتے تھے تو اس قرینے سے فرمایا کہ وہ لوگ جو ہے گی
صورت پر مسخ ہوگئے سو اسطی کہ چوہا بھی اونٹ کا دودہ نہین پیتا ق أَبُو هُرَيْرَةَ قِيلَ ۱۷۴۶ ق
لِبَنِي إِسْرَائِيلَ ادْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا وَقُولُوا حِطَّةٌ نَغْفِرْ لَكُمْ فَبَدَّلُوا نہ

فَدَخَلُوا الْبَابَ يَزْحَفُونَ عَلَى أَسْتَاهِهِمْ وَقَالُوا حَبَّةٌ فِي شَعْرَةٍ بخاری و مسلم

میں ابوہریرہ رضی سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ بنی اسرائیل کو حکم ہوا کہ بیٹھو دروازہ میں سجدہ کرتے اور کہو مغفرت ہم چاہتے ہیں تاکہ ہم تمکو بخشیں سو انہوں نے حکم بدل ڈالا لڑھکتے دروازہ میں داخل ہوئے چوتڑوں کو کھسکتے اور کہا دانا بال میں بہتر ہے ف بیت المقدس یا اریحا کے دروازہ میں داخل ہونیکا حکم ہوا تھا سو وہ لوگ ایسی بیادبی کرتے تھے کہ مسخراپن کرنے لگے سجدہ بدلے چوتڑوں سی گھسے اور مغفرت کے بدلے اناج مانگنے لگے اسواسطے غضب الٰہی میں گرفتار ہوئے

ف ۱۷۴۷ ف ابْنُ عَبَّاسٍ نُصِرْتُ بِالصَّبَا وَأُهْلِكَتْ عَادٌ بِالدَّبُورِ بخاری اور مسلم میں عبداللہ بن عباس سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مجھکو فتح صبا سے نصیب ہوئی پوربی ہوا سے اور ہلاک ہوئی عاد کی قوم پچھم کی ہوا سے

ف ۱۷۴۸ ف أَنَسٌ وُلِدَ لِي اللَّيْلَةَ غُلَامٌ فَسَمَّيْتُهُ بِاسْمِ أَبِي إِبْرَاهِيمَ مسلم میں انس سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ رات کو میرا لڑکا پیدا ہوا تو میں نے اسکا نام اپنے باپ ابراہیم کے نام پر رکھا ف ہجری اٹھوین سال ماریہ قبطیہ سے صاحبزادہ پیدا ہوا حضرت نے انکا ابراہیم نام رکھا سترہ مہینے کے بعد انکا انتقال ہوا

## فَصْلٌ فِي الْحِكَايَةِ عَنْ نَفْسِ الْمُتَكَلِّمِ

اس فصل میں وہ حدیثیں ہیں جنکے سر پر ماضی متکلم کی لفظ ہے

ف ۱۷۴۹ ف أَنَاخَ عَلَى بَعِيرٍ حَافِلَةٍ فَبَاتَ اللَّوْلُوَ الْمَجُوفَ فَقُلْتُ مَا

هٰذَا یَا جِبْرَئِیْلُ قَالَ اَلْکَوْثَرُ بخاری اور مسلم مین انس رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ مین ایک نہر پر گیا اسکے دونون کناروں پر پولے موتیون کے خیمے ہین تو مین نے
جبرئیل سے کہا کہ یہ کیا ہے جبریل نے کہا کہ یہ حوض کوثر ہے ۵۰ م ۱۷ وَاَبُوْ هُرَیْرَةَ اِسْتَاْذَنْتُ
رَبِّیْ اَنْ اَسْتَغْفِرَ لِاُمِّیْ فَلَمْ یَاْذَنْ لِیْ وَاسْتَاْذَنْتُهٗ اَنْ اَزُوْرَ قَبْرَهَا فَاَذِنَ
لِیْ مسلم مین ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مین نے اپنے رب سے اجازت مانگی کہ (اپنی)
مانگی مغفرت مانگون سو مجھکو اجازت نہ دی اور مین نے اجازت مانگی کہ اسکی قبر کی زیارت کرون
سو مجھکو زیارت کی اجازت دی ف حضرت نے جب اپنی ماں کی قبر کی زیارت کی تو حضرت رو
اور ساتھ والے رو دئے اور فرمایا کہ زیارت کیا کرو قبر دنکی کہ اس سے موت یاد پڑتی ہے اگر کوئی
کہے کہ قرآن مین مشرکون کے واسطے مغفرت سے مانگنا منع ہے پھر حضرت نے اپنی ماں کی مغفرت
مانگنے کا کیون ارادہ کیا اسکا جواب یہ ہے کہ حضرت کو اپنے اختصاص کی امید ہو کی یعنی
ہر چند اورون کو مشرکون کے واسطے مغفرت مانگنا درست نہین مگر شاید مجھکو درست ہو
علی الخصوص کہ حضرت کے سبب سے ابوطالب کے عذاب مین تخفیف ہوئی تھی یا کہ یہ اجازت مانگنا
منع ہونے سے قبل ہے ابو ۵۰ ف ۱۷ ابن عباس اِطَّلَعْتُ فِی الْجَنَّةِ فَرَاَیْتُ اَکْثَرَ
اَهْلِهَا الْفُقَرَاءَ وَاطَّلَعْتُ فِی النَّارِ فَرَاَیْتُ اَکْثَرَ اَهْلِهَا النِّسَاءَ بخاری
اور مسلم مین عبداللہ بن عباس رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مین بہشت مین جھانکا تو مین نے

اکثر لوگ اسکے محتاج دیکھے اور ہین دوزخ ہین جھانکا تو اسکے اکثر لوگ عورتین دیکھین
ف محتاج ایماندار اکثر تکلیفات ہین رہتے ہین تو صبر کرتے ہین اس سبب بہشت ۱۷۵۲
پاتے ہین اور عورتین اکثر بدخو اور بداعتقاد ہوتی ہین اس سبب دوزخی ہوتی ہین خ
اَنسؓ اَکثَرتُ عَلَیکُم فِی السِّوَاکِ بخاری ہین انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ مین نے تم سے مسواک کرنیکی خوبی بارہا کہی ف غرض یہ کہ مسواک مین غفلت اور
سستی نکرو مسواک کی عادت ڈالو ق جَابِرٌ جَاوَرتُ بِحِرَاءٍ شَهرًا فَلَمَّا قَضَیتُ ۱۷۵۳
جِوَارِی نَزَلتُ فَاستَبطَنتُ بَطنَ الوَادِی فَنُودِیتُ فَنَظَرتُ اَمَامِی
وَخَلفِی وَعَن شِمَالِی فَلَم اَرَ اَحَدًا ثُمَّ نُودِیتُ فَنَظَرتُ فَلَم
اَرَ اَحَدًا ثُمَّ نُودِیتُ فَرَفَعتُ رَاسِی فَاِذَا هُوَ عَلَی العَرشِ فِی
الهَوَاءِ یَعنِی جِبرَئِیلَ فَاَخَذَتنِی رَجفَةٌ شَدِیدَةٌ فَاَتَیتُ خَدِیجَةَ فَقُلتُ
دَثِّرُونِی فَدَثَّرُونِی فَصَبُّوا عَلَیَّ مَاءً فَاَنزَلَ اللّٰهُ یَا اَیُّهَا المُدَّثِّرُ قُم
فَاَنذِر رَوَاہُ البخاری و مسلم ہین جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ حرا کے پہاڑ مین مین نے
ایک مہینہ کا اعتکاف کیا جب میرا اعتکاف پورا کر چکا تو مین نیچے کے اندر اترا تو
مجھکو کسی نے پکارا تو مین نے اپنے آگے اور پیچھے داہنے اور بائین دیکھا تو مین نے کسیکو
نہ پایا پھر مجھکو کسی نے پکارا تو مین نے دیکھنے لگا سو مین نے کسی کو نہ دیکھا پھر مجھکو کسی نے پکارا

تو مین نی اپنا سر اٹھایا تو وہی فرشتہ یعنی جبرئیل ہوا مین تخت پر بیٹھا ہے سو مجھکو سخت
کپ کپی نے لیا تو مین خدیجہ پاس آیا سو مین نی کہا مجھکو اڑھاؤ، و تو اُنھون نی مجھکو اڑھایا اور مجھپر
پانی چھڑکا پھر خدا نی سورہ مدثر اُتارا یعنی ای چھپر مٹا رنیوالے اُٹھہ اور لوگون کو خدا کے الہی
خوف دلا ف حضرت پراول اقرا کی سورت اُتری پھر تین برس وحی بندھی اُسکے بعد سورہ مدثر اُتری
ق ۱۷۵۴ ق اَلْمِسْوَرُ بْنُ مَخْرَمَةَ خَبَأْتُ هٰذَا لَكَ خَبَأْتُ هٰذَا لَكَ قَالَ لَهُ النَّبِيُّ ﷺ يَعْنِي
قَبَاءً مِنْ دِيبَاجٍ مُزَرَّرًا بِالذَّهَبِ بخاری اور مسلم مین مسور بن مخرمہ سے روایت ہے
کہ حضرت نی فرمایا کہ یہ قبا مین نے تیرے واسطے چھپا رکھی یہ قبا مین نے تیری واسطے چھپا رکھی یہ حضرت نی
مسور کی باپ مخرمہ سی فرمایا مراد ریشمی قبا ہے جسمین سونے کا کمہ لگا تھا ف جب حضرت نے
یہہ حدیث فرمائی اور قبا دی اُسوقت تک ریشمی کپڑا حرام نہوا تہا یا اسواسطے دیا کہ اسکو بیچ
م ۱۷۵۵ م لیوین اَنَسٌ دَخَلْتُ الْجَنَّةَ فَسَمِعْتُ خَشْفَةً قُلْتُ مَنْ هٰذَا قَالُوا هٰذِهِ
الْغُمَيْصَاءُ بِنْتُ مِلْحَانَ اُمُّ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ مسلم مین انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے
کہ حضرت نی فرمایا کہ مین بہشت مین داخل ہوا تو مین نی جوتے کی چپ سنی مین نے پوچھا یہہ کون
فرشتون نی کہا یہہ غمیصا ہے ملحان کی بیٹی انس بن مالک کی ح سَمُرَةُ رَاَيْتُ
ح ۱۷۵۶ اللَّيْلَةَ رَجُلَيْنِ اَتَيَانِي فَصَعِدَا بِي الشَّجَرَةَ فَاَدْخَلَانِي دَارًا هِيَ اَحْسَنُ
وَاَفْضَلُ لَمْ اَرَ قَطُّ اَحْسَنَ مِنْهَا قَالَا اَمَّا هٰذِهِ الدَّارُ فَدَارُ الشُّهَدَاءِ بخاری مین

اور سمرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مین نے آج کی رات دو مردون کو دیکھا وہ دونو
میرے پاس آئے سو وہ مجھکو ایک درخت پر چڑھانے لگے پھر مجھکو اُنہون نے ایک گھر مین داخل
کیا کہ بہت اچھا اور بہتر تھا مین نے اس سے بہتر کبھی نہین دیکھا اُن دونو مردون نے کہا کہ یہہ گھر
تو شہیدون کا گھر ہے ف یہہ حضرت نے خواب مین دیکھا خ ابن عمر رأیت امرأة ۱۷۵۷
سوداء ثائرة الرأس خرجت من المدینة حتی نزلت مهیعة فاولتها
ان وباء المدینة نقل الی مهیعة بخاری مین عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ مین نے خواب مین دیکھا کہ ایک سیاہ عورت جسکے سر کے بال پریشان ہین
مدینے سے نکلی یہان تک کہ مہیعہ مین جاکر اُتری سو مین نے اسکی یہہ تعبیر کہی کہ مدینے کی وبا مہیعہ مین
ڈالی گئی مہیعہ جحفہ کا نام جو مدینے سے چھ کوس ہے وہان یہود رہتے تھے مدینے مین اکثر وبا
رہتی تھی جب سے کہ حضرت نے دعا کی اور یہہ خواب دیکھا تو وہان سے وبا جاتی رہی اور جحفہ مین
جا پڑی ح عائشة رأیت جهنم یحطم بعضها بعضا ورأیت عمرا یجر ۱۷۷۸
قصبه وهو اول من سیب السوائب بخاری مین حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ
حضرت نے فرمایا کہ مین نے دوزخ کو دیکھا کہ اسکا بعضا بعضے ٹکڑے کو کچلے ڈالتا تھا
اور مین نے عمرو کو کہ اپنی انتڑیان گھسیٹے پھرتا تھا اور اسی نے اول سانڈ چھوڑنیکی رسم نکالی
ف عمرو بن عامر حضرت سے تین سو برس آگے تھا بتون کے نام پر سانڈ چھوڑنیکی اسی نے

۱۷۵۹ نکالی تھی اس واسطے ایسی سخت عذاب مین گرفتار ہوا ع انس رایت ذات لیلۃ
فیما یری النائم کانا فی دار عقبۃ بن رافع فاتینا برطب من رطب
ابن طاب فاولت الرفعۃ لنا فی الدنیا والعاقبۃ فی الاخرۃ وان
دیننا قد طاب مسلم مین انس رضی سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مین نے ایک رات کو
دیکھا جس حالت مین کہ سوتا آدمی دیکھتا ہے جیسے کہ ہم عقبہ بن رافع کی گھر مین ہین سو ہمارے
آگے تر چہارے لائے گئی اس قسم کے جس قسم کا ابن طاب نام ہے تو مین نے اسکی تعبیر کی کہ
رفعت یعنے بلندی ہمکو دنیا مین اور نیک انجام ہے آخرت مین اور البتہ ہمارا دین بہتر اور عمدہ ہے
ف حضرت نے یہہ تعبیر لفظ رطب سے نکالی رفعت رافع سے اور عاقبت عقبہ سے اور بہتری طاب سے
معلوم ہوا کہ تعبیر کا یہہ بھی ایک طریقہ ہے کہ حرف لفظون سے بطور فال کے مطلب سمجھے

ق ۱۷۶۰ ابو ہریرہ رایت عمرو بن عامر الخزاعی یجر قصبہ فی النار کان
کان اول من سیب السوائب بخاری اور مسلم مین ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
کہ مین نے عمرو بن عامر خزاعی کو دیکھا کہ اپنی انتڑیان گھسٹتا پھرتا ہے دوزخ مین اسنے

ق ۱۷۶۱ سانڈون کا چھوڑنا اول کالا تھا ق ابو موسی رایت فی المنام انی اھاجر
من مکۃ الی ارض بھا نخل فذھب وھلی الی انھا الیمامۃ او ھجر
فاذا ھی المدینۃ یثرب ورایت فی رویا ھذہ انی ھززت سیفا

فَانْقَطَعَ صَدْرُهُ فَاِذَا هُوَ مَا اُصِيبَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ يَوْمَ اُحُدٍ ثُمَّ
هَزَزْتُ اُخْرٰى فَعَادَ فَاَحْسَنَ مَا كَانَ فَاِذَا هُوَ مَا جَاءَ اللّٰهُ بِهٖ مِنَ الْفَتْحِ
وَاجْتِمَاعُ الْمُؤْمِنِينَ اَسْنَدَهُ مُسْلِمٌ وَعَلَّقَهُ الْبُخَارِيُّ بخاری اور مسلم مین
ابوموسی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مین نے خواب مین دیکھا کہ مین ہجرت کرتا ہون
مکہ سے اس زمین کی طرف جہان کھجور کی درخت ہین تو میرا گمان یمامہ اور ہجر کی طرف
گیا سو حقیقت مین ہجرت کا مقام تو مدینہ نکلا جسکا یثرب بھی نام ہے اور مین نے اپنے
ہی خواب مین دیکھا کہ مین نے تلوار کو ہلایا تو وہ اوپر سے توٹ گئی تو اسکا انجام مسلمانونکی
شہادت ہوئی جنگ احد مین پھر مین نے تلوار کو دوسری بار ہلایا تو ویسی ہی ثابت ہوگئی
اگلے سے اچھی تو اسکا انجام یہہ تہا کہ خدا نے فتح نصیب کی اور مسلمانونکی جماعت
قائم ہوئی یعنی جنگ احد کے بعد خیبر اور مکہ فتح ہوا اور اسلام کے لشکر نے زور پکڑا اس
حدیث کی مسلم نے پوری سند بیان کی اور بخاری نے سند حذف کی ف یمامہ اور ہجر
عرب مین دو ملک ہین وہان کھجور کے درخت بہت ہین اس حدیث سے معلوم ہوا کہ پیغمبرونکے
خواب سچ ہوتے ہین لیکن بتعبیر مین کبھی چوک پڑ جاتی ہے ہجرت کا مقام تو حقیقت مین
مدینہ تہا لیکن حضرت کا خیال اور طرف گیا اسی طرح اولیا کے خواب اور کشف اکثر صحیح ہوتے ہے
لیکن تعین مین بہول چوک ہو جاتی ہے ع اِبْنُ عُمَرَ رَاَيْتُ عِيسٰى وَمُوسٰى وَاِبْرَاهِيمَ

خ ۱۷۶۲

فاما

فَاَمَّا عِيسٰى فَاَحْمَرُ جَعْدٌ عَرِيضُ الصَّدْرِ وَاَمَّا مُوسٰى فَاٰدَمُ
جَسِيمٌ سَبِطٌ كَاَنَّهٗ مِنْ رِجَالِ الزُّطِّ بخاری مین عبداللہ بن عمر رضی سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ مین نے عیسیٰ اور ابراہیم کو دیکھا سو عیسیٰ تو سرخ رنگ گھنگرالے بالا والا ہے سینہ کشادہ
اور موسیٰ تو گندم گون اور جسیم سیدھے بال والا جیسے زط کی قوم کے مرد حضرت نے
ان بزرگون کو معراج مین دیکھا یا خواب مین ق ثُمَّ اُتِيتُ بِالْجَنَّةِ فَاِذَا
بِالرُّمَيْصَاءِ امْرَاَةِ اَبِي طَلْحَةَ وَسَمِعْتُ خَشْفَةً فَقُلْتُ مَنْ هٰذَا فَقَالَ
هٰذَا بِلَالٌ وَرَاَيْتُ قَصْرًا بِفِنَائِهٖ جَارِيَةٌ فَقُلْتُ لِمَنْ هٰذَا فَقَالُوا
لِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ فَاَرَدْتُ اَنْ اَدْخُلَهٗ فَاَنْظُرَ اِلَيْهِ فَذَكَرْتُ غَيْرَتَكَ فَوَلَّيْتُ
مُدْبِرًا فَبَكٰى عُمَرُ وَقَالَ اَعَلَيْكَ اَغَارُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ بخاری اور مسلم مین
جابر رضی سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مین نے اپنے تئین دیکھا کہ مین بہشت مین داخل ہوا تو
ناگاہ وہان رمیصا ابوطلحہ کی جورو نظر پڑی اور مین نے جوتے کی چپ سنی تو مین نے کہا
یہہ کون ہے تو فرشتے نے کہا کہ یہہ بلال ہے اور مین نے ایک محل دیکھا کہ اسکے صحن
مین ایک عورت ہے تو مین نے کہا کہ یہہ کسکا محل ہے فرشتون نے کہا یہہ محل عمر بن خطاب کا ہے
سو مین نے چاہا کہ اسکے اندر جاون تو اسکو دیکھون پھر مجھکو تیرا رشک یاد پڑا ای عمر سو مین
پھرا یہ سنکر تو عمر فاروق رو دئے اور عرض کی یارسول اللہ مین کیا آپ پر رشک کرتا

ق ۱۱۷۶۳

اس حدیث میں ام سلیم جنکا رمیصا اور غمیصا لقب ہے اور بلال اور عمر فاروق کو بہشت کی
بشارت ہے ۱۷۶۴ م سَعْدُ بْنُ اَبِیْ وَقَّاصٍ سَاَلْتُ رَبِّیْ ثَلٰثًا فَاَعْطَانِیْ ثِنْتَیْنِ
وَمَنَعَنِیْ وَاحِدَۃً سَاَلْتُ رَبِّیْ اَلَّا یُهْلِكَ اُمَّتِیْ بِالسَّنَۃِ فَاَعْطَانِیْهَا وَ
وَسَاَلْتُهٗ اَلَّا یُهْلِكَ اُمَّتِیْ بِالْغَرَقِ فَاَعْطَانِیْهَا وَسَاَلْتُهٗ اَلَّا یَجْعَلَ
بَاْسَهُمْ بَیْنَهُمْ فَمَنَعَنِیْهَا مسلم میں سعد بن ابی وقاص ہی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
کہ میں نے اپنے رب سے تین چیز کا سوال کیا سو دو سوال تو میرے قبول ہوئے اور ایک سے مجھکو
منع کیا ایک سوال تو میں نے اپنے رب سے یہہ کیا کہ میری امت کو قحط سے نہ ہلاک کرے
سو اسکو قبول کیا اور دوسرا سوال میں نے یہہ کیا کہ میری امت کو نہ ڈبا دیوے سو اسکو بھی
قبول کیا اور تیسرا سوال میں نے یہہ کیا کہ انکے آپس میں لڑائی اور خونریزی نہ دلوے سو اسکے
سوال سے مجھکو منع کیا ف قحط اور غرق امت محمدی میں برابر ہوتے رہے اور نہ ہوگا کہ تمام
امت یکبار کی ہلاک ہو جاوے جیسے اگلی امتیں ہلاک ہوگئیں لیکن جنگ اور قتال مقدر ہے
ہمیشہ رہا ہے اور رہے گا ۱۷۶۵ م اِبْنُ عُمَرَ عَجِبْتُ لَهَا فُتِحَتْ لَهَا اَبْوَابُ السَّمَآءِ
یَعْنِیْ قَوْلَ رَجُلٍ دَخَلَ مَعَهُمْ فِی الصَّلٰوۃِ فَقَالَ اَللّٰهُ اَكْبَرُ كَبِیْرًا وَ
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ كَثِیْرًا وَسُبْحَانَ اللّٰهِ بُكْرَۃً وَّاَصِیْلًا قَالَ اِبْنُ عُمَرَ فَمَا تَرَكْتُهُنَّ
مُنْذُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ ذٰلِكَ مسلم میں

عبد اللہ بن عمر رضی سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مجھکو اس سے تعجب آیا کہ اسکے واسطے
آسمان کے دروازے کھولے گئے اس مرد کا قول مراد ہے جو اصحاب کے ساتھ نماز میں داخل
ہوا پھر اسنے اللہ اکبر کبیرا والحمد للہ کثیرا وسبحان اللہ بکرۃ واصیلا کہا ابن عمر نے
کہا کہ میں نے ان کلمات کو کبھی نہیں چھوڑا جب سے کہ میں نے حضرت سے کہتے سنا ف
یعنے یہہ کلام خدا کو ایسا پسند آیا جسکے واسطے آسمان کے دروازے کھولے گئے ق ۱۷۶۶
سَعْدُ بْنُ أَبِي وَقَّاصٍ عَجِبْتُ مِنْ هٰؤُلَاءِ اللَّاتِي كُنَّ عِنْدِي فَلَمَّا سَمِعْنَ
صَوْتَكَ ابْتَدَرْنَ الْحِجَابَ قَالَتْ لَعُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

بخاری اور مسلم میں سعد بن ابی وقاص سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مجھکو تعجب
آیا ان عورتوں سے جو میرے پاس تھیں سو انہوں نے جب تیری آواز سنی تو پردے میں ہوگئیں یہہ حضرت نے
عمر فاروق سے فرمایا ف اسکا مفصل قصہ آٹھویں باب میں گذرا کہ چند عورتیں حضرت کے پاس
باتیں کر رہی تھیں جب عمر فاروق آئے تو انکے خوف سے چپ ہوگئیں تب حضرت نے یہہ حدیث
فرمائی ق اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ قُمْتُ عَلَى بَابِ الْجَنَّةِ فَكَانَ عَامَّةَ مَنْ ق ۱۷۶۷
دَخَلَهَا الْمَسَاكِينُ وَأَصْحَابُ الْجَدِّ مَحْبُوسُونَ غَيْرَ أَنَّ أَصْحَابَ النَّارِ قَدْ
أُمِرَ بِهِمْ إِلَى النَّارِ وَقُمْتُ عَلَى بَابِ النَّارِ فَإِذَا عَامَّةُ مَنْ دَخَلَهَا النِّسَاءُ

اور مسلم میں اسامہ بن زید سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ میں کھڑا ہوا بہشت کے دروازے پر

سو اسکے اکثر داخل ہونیوالے محتاج لوگ نہی اور دولتمند عیش والے بہشت داخل ہونیسے
رہ گئے ہین مگر دوزخ کو لوگون کو دوزخ کے طرف جانے کا حکم ہوا اور ہین دوزخ کی دروازہ پر
کہڑا ہوا تو اکثر اسکی داخل ہونیوالین عورتین تہین ف دولتمند اگرچہ ایماندار ہون لیکن
محتاجون کے مانند بہشتین داخل ہونیکے حساب کے واسطے بہشت کے دروازے پر روکے جاوینگے ق عائشہ

كُنْتُ لَكِ كَأَبِي زَرْعٍ لِأُمِّ زَرْعٍ قَالَتْ لَهَا وَخَبَرِ أَبِي زَرْعٍ مَا حَكَتْ عَائِشَةُ
رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا فَقَالَتْ جَلَسَ إِحْدَى عَشْرَةَ امْرَأَةً فَتَعَاهَدْنَ وَتَعَاقَدْنَ
أَنْ لَا يَكْتُمْنَ مِنْ أَخْبَارِ أَزْوَاجِهِنَّ شَيْئًا قَالَتِ الْأُولَى زَوْجِي لَحْمُ جَمَلٍ غَثٍّ
عَلَى رَأْسِ جَبَلٍ لَا سَهْلٍ فَيُرْتَقَى وَلَا سَمِينٍ فَيُنْتَقَلُ قَالَتِ الثَّانِيَةُ
زَوْجِي لَا أَبُثُّ خَبَرَهُ إِنِّي أَخَافُ أَنْ لَا أَذَرَهُ إِنْ أَذْكُرْهُ أَذْكُرْ عُجَرَهُ وَبُجَرَهُ
قَالَتِ الثَّالِثَةُ زَوْجِي الْعَشَنَّقُ إِنْ أَنْطِقْ أُطَلَّقْ وَإِنْ أَسْكُتْ أُعَلَّقْ
قَالَتِ الرَّابِعَةُ زَوْجِي كَلَيْلِ تِهَامَةَ لَا حَرٌّ وَلَا قُرٌّ وَلَا مَخَافَةٌ وَلَا سَآمَةٌ
قَالَتِ الْخَامِسَةُ زَوْجِي إِنْ دَخَلَ فَهِدَ وَإِنْ خَرَجَ أَسِدَ وَلَا يَسْأَلُ عَمَّا
عَهِدَ قَالَتِ السَّادِسَةُ زَوْجِي إِنْ أَكَلَ لَفَّ وَإِنْ شَرِبَ اشْتَفَّ
وَإِنِ اضْطَجَعَ الْتَفَّ وَلَا يُولِجُ الْكَفَّ لِيَعْلَمَ الْبَثَّ قَالَتِ السَّابِعَةُ
زَوْجِي عَيَايَاءُ أَوْ عَيَايَاءُ طِبَاقَاءُ كُلُّ دَاءٍ لَهُ دَاءٌ شَجَّكِ أَوْ فَلَّكِ أَوْ

ع

جمع كلا لك قالت الثامنة زوجي المس مس ارنب والريح ريح زرنب
قالت التاسعة زوجي رفيع العماد طويل النجاد عظيم الرماد قريب
البيت من الناد قالت العاشرة زوجي مالك وما مالك خير من ذلك
له ابل كثيرات المبارك قليلات المسارح اذا سمعن صوت المزهر
ايقنّ انهنّ هوالك قالت الحادية عشرة زوجي ابو زرع فما ابو زرع
اناس من حلي اذني وملأ من شحم عضدي وبجحني فبجحت الى نفسي
ووجدني في اهل غنيمة بشق فجعلني في اهل صهيل و
اطيط ودائس ومنق فعندهُ اقول فلا اقبح وارقد فاتصبح و
اشرب فاتقنح ويروى اتقمح امّ ابي زرع فما امّ ابي زرع عكومها
رداح وبيتها فساح ابن ابي زرع فما ابن ابي زرع مضجعهُ كمسل شطبة و
تشبعهُ ذراع الجفرة بنت ابي زرع فما بنت ابي زرع طوع ابيها
وطوع امها وملء كسائها وغيظ جارتها جارية ابي زرع فما
جارية ابي زرع لا تبث حديثنا تبثيثا ولا تنقث ميرتنا تنقيثا
ولا تملأ بيتنا تعشيشا خرج ابو زرع والاوطاب تمخض فلقي امرأة
معها ولدان لها كالفهدين يلعبان من تحت خصرها برمانتين

فطلقني ونكحها فنكحت بعده رجلا سريا ركب شريا واخذ
خطيا واراح علي نعما ثريا واعطاني من كل رائحة زوجا وقال كلي
ام زرع وميري اهلك قالت فلو جمعت كل شيء اعطانيه ما بلغ
اصغر انية ابي زرع بخاري اور مسلم مين حضرت عائشہ سے روايت ہے کہ حضرت نے
فرمايا کہ مين تيرے حق مين ايسا ہون جيسے ابو زرع تمام زرع کے حق مين يہہ حضرت نے
حضرت عائشہ سے فرمايا اور حکايت ابو زرع کی حضرت عائشہ کی روايت سے يون ہے کہ گيارہ
عورتين بيٹھين انہون نے آپس مين اسکا قول قرار کيا اپنے خاوند کی خبرين کچھ نہ
نہ چھپاوين پہلی عورت نے کہا کہ ميرا خاوند جيسے دبلا کوشت اونٹ کا پہاڑ پر نہ زمين
برابر ہے کہ چڑھا جائے نہ موٹا کوشت ہے کہ کھولے آئے يعنی نالايق اور بی حقيقت دوسرے
عورت نے کہا کہ مين اپنے خاوند کی خبر نہ ظاہر کرونگی مين ڈرتی ہون خبر کے چھوٹے
رہنے سے يعنے بڑا قصہ ہے مجھسے بيان نہو سکيگا اگر بيان کرون تو اسکے ظاہر باطن
سب عيب بيان کرون تيسری عورت نے کہا کہ ميرا خاوند لنبا دبلا ہے اگر بولون تو
طلاق پاون اور اگر چپ رہون تو ادھر مين ڈالی جاون نہ روٹی ديوی نہ کپڑا
چوتھی عورت نے کہا کہ ميرا خاوند جيسے تہامہ ملک کی رات نہ گرمی نہ سردی نہ خوف
نہ اداسی تہامہ عرب مين اس زمين کا نام ہے جسمين مکہ ہے وہ رات مشہور ہے

پانچوین عورت نی کہا کہ میرا خاوند اگر کہر ہین اوی تو چیتے کی طرح سورے اور اگر باہر نکلے تو شیر
بن جاوی اور نہ پوچھی عہد شکنی سے یعنی حلیم اور کریم ہے عہد شکنی کا موا خذہ نہین
کرتا چھٹی عورت نی کہا میرا خاوند اگر کہاوے تو سب سمیٹ جاوی اور اگر پیئے تو بالکل بیجاوے
اور اگر لپیٹے تو اپنا بدن لپیٹ ڈالے اور نہ میرے لحاف کی اندر ہ تہہ ڈالے کہ میرے درد دکہہ کو
جانے یعنی بیل کی طرح سوای کہانے اور پینے اور سونے کے کچہہ خبر نہین ہوتا عورت کی بات نہین
پوچہتا ساتوین عورت نی کہا کہ میرا خاوند نامرد ہے یا شریر نہایت احمق ہے کہ کلام نہین
کرجانتا سب جہان کی ہر کے عیب اُسمین موجود ہین ایسا ظالم ہے کہ تیرا پہوڑیا پہنسی توڑے
یا سر اور ہاتہہ دونون مروڑے آٹہون عورت نی کہا کہ میرا خاوند چھونے مین نرم جیسے خرگوش
اور اسکی خوشبو جیسے زرنب کی خوشبو زرنب ایک خوشبودار گہاس کا نام ہے یعنی میرا خاوند
ظاہر کا بہی اچہا اور باطن کا بہی اچہا نوین عورت نے کہا کہ میرا خاوند اونچی محل والا ہے
پہتلے والا یعنی قد اور بڑی راکہہ والا یعنی سخی ہے اسکا باورچی خانہ ہمیشہ گرم رہتا
تو راکہہ بہت نکلتی ہے اسکا گہر نزدیک ہے مجلس اور مہمانخانے سی یعنی سردار
اور سخی ہے اسکا لنگر جاری ہے دسوین عورت نے کہا کہ میری خاوند کا نام مالک ہے اور کیا
خوب مالک ہے مالک افضل ہے میری اس تعریف سے اسکے اونٹون کے بہت سے
خانے ہین اور کمتر چوگا ہین ہین یعنے ضیافت ہین اُسکے یہان بہت اونٹ ذبح

ہوا کرتے ہین اس سبب سے بسترخانون سے جنگل مین کم چرنیکو جاتے ہین جب کہ اونٹ باجے کی
آواز سنتے ہین اپنے ذبح ہونے کا یقین کرلیتے ہین ضیافت مین راگ اور باجے کا معمول تہا
اس سبب سے باجی کی آواز سنکے اونٹون کو اپنے ذبح ہونے کا یقین ہو جاتا تہا گیارہون عورت نے
کہا کہ میرے خاوند کا نام ابوزرع ہے سو واہ کیا خوب ابوزرع ہے اسنے زیور سے میرے کان چھدائے اور چوبی سی میرے
دونو بازو بہر یعنی مجھکو موٹا کیا اور مجھکو بہت خوش کیا سو میری جان بہت چین مین
رہی مجھکو اسنے بہیڑ بکری والون مین پایا جو پہاڑ کے کنارے رہتے تہے سو اسنے مجھکو
کہوڑے اور اونٹ اور کہیت اور خرمن کا مالک کر دیا یعنی مین نہایت ذلیل اور محتاج
تہی اسنے مجھکو باعزت اور مالدار کر دیا سو اسکے پاس مین بات کرتی ہون تو مجھکو بدنہین کہتا
اور سوتی ہون تو فجر کر دیتی ہون یعنی کچھہ کام نہین کرنا پڑتا اور پیتی ہون تو سیراب
ہو جاتی ہون ماں ابوزرع کی سو کیا خوب ہے ماں ابوزرع کی اسکی بڑی بڑی گٹھریان اور
گشادہ گہر بیٹا ابوزرع کا سو کیا خوب ہے بیٹا ابوزرع کا اسکی خوابگہ جیسے تلوار کا میان
یعنے نازنین بدن ہے اسکو آسودہ کر دیتا ہے حلوان کا ٹہنہ یعنی کمخور ہے بیٹی ابوزرع کی
سو کیا خوب ہے بیٹی ابوزرع کی اپنے ماں باپ کی تابعدار اپنے لباس کی بہرنوالی یعنی جسیم ہے
اور اپنے سوت کی رشک یعنی اپنے خاوند کی پیاری ہے اسواسطے اسکی سوت اس سے
جلتی ہے لونڈی ابوزرع کی کیا خوب ہے لونڈی ابوزرع کی ہماری بات مشہور نہین کرتی

ظاہر کرکے اور ہمارا کہنا نہین لیجاتی اُٹھا کر اور ہمارا گھر آلودہ نہین رکھتی کوڑے ابو زرع
باہر نکلا جب کہ مشکون مین دودھ متہا جاتا تہا کہی نکالنے کے واسطے سو وہ ملا ایک عورت سی
جسکے ساتہ اُسکے دو لڑکے تہے جیسے دو چیتے اُسکی کودمین دو انارون سے کہیلتے تہے سو ابو
زرع نی مجہکو طلاق دیا اور اس عورت سے نکاح کیا پہر مین نے اسکے بعد ایک سردار مرد سے
نکاح کیا عمدہ کہوڑے کا سوار اور تیرہ باز اُسنی مجہکو چوپائے جانور بہت دئے اور اُسنے
ہر ایک موا شی سی جوڑا جوڑا دیا اور اُسنی مجہسی کہا کہ کہا اے ام زرع اور کہلا اُسنے لوگون کو
ام زرع نی کہا سو اگر مین جمع کرون جو دوسرے خاوند نی دیا تو ابو زرع کے چہوٹے برتن برابر
بہی نہین یعنی دوسرے خاوند کا احسان پہلے خاوند کے احسان نہایت کمتر ہے ف
جب حضرت عائشہ نی یہ عورتون کا یہہ قصہ حضرت کے روبرو کہا تب حضرت نے یہہ فرمایا کہ
اے عائشہ مین بہی تیرا ایسا محسن ہون جیسے ابو زرع اُم زرع کا محسن تہا ق
ابو موسی لستُ انا حملتکم ولکن اللہ حملکم قال لفظہ من الاشعریین بخاری
اور مسلم مین ابو موسی سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مین نی تمکو سواری نہین دی لیکن تمکو خدا نے
سواری دی یہہ حضرت نے قوم اشعریون کے چند لوگون سے فرمایا ف ابو موسی اشعری سے روایت ہے
کہ ہم لوگون نے جہاد کے واسطے سواری مانگی حضرت نے فرمایا کہ واللہ مین تمکو سواری نہ دونگا
اور میرے پاس سواری بہی نہین بعد چند روز کے حضرت کے پاس اونٹ غنیمت مین آئے حضرت نے

ق ۱۲۶۹

پانچ اونٹ ہمکو بلا کر دئے ہماری قوم کی بعضی لوگون نی عرض کی کہ یا حضرت آپنے
ہماری سواری نہ دینے کی قسم کہائی تہی کہا آپ بہول گئے جو ہمکو سواری عنایت ہوئی حضرت نے
فرمایا کہ اگر مین کسی چیز پر قسم کہاتا ہون پہر جسکے خلاف کو بہتر جانتا ہون تو کفارہ دیکر
قسم توڑ ڈالتا ہون چلو مین نی تمکو سواری نہین دی خدا نے تمکو سواری دی ق ابن
عمر کنت باکلہ ولا احرمہ یعنی الضب بخاری اور مسلم مین عبداللہ بن عمر رض سے روایت ہے
کہ حضرت نی فرمایا کہ مین سوسمار کا کہانیوالا نہین اور نہ اسکا حرام کرنیوالا ف پختہ سوسمار
یعنے کوہ خضرت کے سمنے آئی حضرت نے اسکو کہلایا لوگون نی پوچہا کہ کیا یہہ حرام ہے حضرت
نہین کہتے تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنی ہر چند حرام نہین لیکن ہماری طبیعت کو پسند
نہین امام اعظم کے نزدیک یہی حلال ہے نہین مکروہ ہے امام شافعی کے نزدیک حلال ہے م انس
مررت علی موسی لیلۃ اسری بی عند الکثیب الاحمر وہو قائم یصلی
فی قبرہ مسلم مین انس رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مین موسے پاس سرخ ٹیلے کے
نزدیک ہوکر نکلا جس رات کہ مجہکو معراج ہوئی اور موسے اپنی قبر مین نماز پڑھ رہے تہے
ف سرخ ٹیلا بیت المقدس سے ایک منزل ہے اس حدیث سے معلوم ہوا کہ پیغمبر اپنی
قبر مین زندہ ہین جیسے شہید م بریدۃ نہیتکم عن زیارۃ القبور فزوروہا
ونہیتکم عن لحوم الاضاحی فوق ثلث فامسکوا ما بدا لکم و

ق ۱۲۷۶ سرسبز طبعی خضر دیکھکر سوسمار یعنی کوہ

م ۱۲۷۷ قبور جواز زیارت بعد اغنا غش

نَهَيْتُكُمْ عَنِ النَّبِيذِ إِلَّا فِي سِقَاءٍ فَاشْرَبُوا فِي الْأَسْقِيَةِ كُلِّهَا وَلَا تَشْرَبُوا
مُسْكِرًا اسلم مین بریدہ رضی سے روایت ہے حضرت نبی فرمایا کہ مین نے تمکو منع کیا تہا قبرون کی
زیارت سے سو اب زیارت کیا کرو اور منع کیا تہا مین نے تمکو تین روز سے زیادہ قربانی کے گوشت
رکہنے کو سو اب رکہو جتنا تمہارا جی چاہے اور منع کیا تہا مین نے تمکو چمڑے کے مشیرہ پینی سی کمر چھوٹے
برتن مین سو اب سب برتنون مین پیو اور مت پیو نشے والے چیز کو اب ابتدا اسلام مین لوگ
بت پرستی چہوڑکے مسلمان ہوئے تہے اسواسطے حضرت نے زیارت قبور سے منع کیا کہ مبادا
شرک مین پہرکر گرفتار ہو جاوین جب لوگون کی دلون مین اسلام اور توحید کا عقیدہ
مضبوط ہو گیا تو اجازت دی اور بعضی حدیث مین زیارت قبور کا فائدہ بتلایا کہ اس سے
دنیا سرد ہوتی ہے موت اور آخرت یاد پڑتی ہے حضرت نبی یہہ فائدہ اسواسطے بتلا دیا کہ تا
لوگ اہل قبور سے اپنی حاجت روائی نچاہین اور شرک مین گرفتار نہون اور جب شراب
حرام ہوئی تو شراب کے برتنون کا استعمال کرنا بہی منع ہوا تا کہ شراب نہ یاد پڑے جب کہ
اسکی برائی دلون مین بیٹھ گئی اور عادت بالکل چہوٹ گئی تو اون برتنون کی استعمال کی
اجازت دی ۱۲۷۳ م هر ابو هريرة وَدِدْتُ أَنَّا قَدْ رَأَيْنَا إِخْوَانَنَا قَالُوا يَا رَسُولَ اللَّهِ
أَلَسْنَا إِخْوَانَكَ قَالَ أَنْتُمْ أَصْحَابِي وَإِخْوَانُنَا الَّذِينَ لَمْ يَأْتُوا بَعْدُ فَقَالُوا
كَيْفَ تَعْرِفُ مَنْ لَمْ يَأْتِ بَعْدُ مِنْ أُمَّتِكَ يَا رَسُولَ اللَّهِ فَقَالَ أَرَأَيْتَ

لوان رجلا له خيل غر محجلة بين ظهري خيل دهم بهم الا يعرف
خيله قالوا بلى يا رسول الله قال فانهم يأتون غرا محجلين من
الوضوء وانا فرطهم على الحوض سلم مین ابو ہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نی
فرمایا کہ ہمکو یہہ تمنا ہے کہ ہم اپنے بہائیون کو دیکھتے اصحاب نی کہا یا رسول اللہ کیا ہم
آپکے بہائی نہین حضرت نی فرمایا کہ تم تو میرے اصحاب ہو یعنی ہم صحبت اور رفیق ہو تمہارے
برابر کون ہو سکتا ہے اور ہمارے بہائی وہ لوگ ہین جو ابھی نہین آئے یعنے اس زمانے
مین موجود نہین تو اصحابنے کہا کہ یا رسول اللہ آپ قیامت مین شفاعت کے واسطے کیونکر
پہچانین گے اُن لوگون کو جو ہنوز موجود نہین سو حضرتنے فرمایا کہ بھلا بتلاؤ تو کہ اگر ایک
مرد کی پنج کلیان کھوڑے ہون یکرنگ مشکی کھوڑون کے اندر کیا وہ اپنے کھوڑون کو نہ پہچان
لیوینگا اصحابنے کہا یا رسول اللہ کیون نہ پہچانے گا حضرتنے فرمایا تو وہ لوگ بھی قیامت
مین آوینگے منہہ اور ہاتھہ پاؤن روشن کرکے وضو کے اثر سے اور مین حوض
کوثر پر اُونکا پیشوا ہونگا سو تم سامان تیار کرنیوالے ف اس حدیث مین حضرتنے اپنے محبوبان
دیدار کو اپنا اشتیاق اظہار کرکے دلاسا دیا اور حوض کوثر کا وعدہ کیا مسلمانون کو
اس سے زیادہ تر کون فخر ہو گا کہ حضرت نی اُنکو اپنا بہائی فرمایا مصرع

معشوق کہ عشاق نواز است ہمین است

# فصل فی ھل

اس فصل مین وہ حدیثین ہین جنکے سر لے پر ھل ہے

ق ۱۷۷۴ ق جریر ھل انت مرنجی من ذی الخلصۃ ای الکعبۃ الیمانیۃ الشامیۃ بخاری اور مسلم مین جریر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ بھلا تو مجھکو راحت دینے والا ہے ذی الخلصہ کے ڈھانے سے یعنی یمن کے کعبہ سے ف جریر سے روایت ہے کہ یمن مین ایک بتخانہ تھا ذی الخلصہ اسکو کہتے تھے حضرت نے مجھکو اسکے ڈھانیکا حکم دیا اور یہہ حدیث فرمائی مین ڈیڑھ سو سوار لیکر وہان گیا اور اسکو ڈھایا اور اسکے پاس جن کافرون کو پایا مارا پھر اکر اسکی حضرت سے خبر کی حضرت نے ہمارے واسطے دعا خیر کی م انس ۱۷۷۵ م ھل تدرون مما اضحک قلنا اللہ ورسولہ اعلم قال من مخاطبۃ العبد ربہ یقول یا رب الم تجرنی من الظلم قال یقول بلی قال فیقول فانی لا اجیز علی نفسی الا شاھدا منی فیقول کفی بنفسک الیوم شھیدا وبالکرام الکاتبین علیک شھودا قال فیختم علی فیہ فیقال لارکانہ انطقی قال فتنطق باعمالہ ثم یخلی بینہ وبین الکلام فیقول بعدا لکن وسحقا فعنکن کنت اناضل مسلم مین انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تم جانتے ہو کہ مین کس واسطے ہنستا ہون ہم نے کہا اللہ اور اسکا

ہی خوب جانتا ہے حضرت نی فرمایا کہ بندیکی گفتگو سی جو اپنی رب سے کریگا مجھکو ہنسی آتی
بندہ کہیگا کہ ای میرے رب کیا تو مجھکو پناہ نہین دیگا ظلم سے یعنی تو نے وعدہ کیا ہے کہ ظلم نکرونگا
حضرت نے فرمایا خدا جواب دیگا کہ ہان ہم ظلم نہین کرتے حضرت نے فرمایا پہر بندہ کہیگا کہ مین
اجازت نہین دیتا اپنی جان پر مگر اپنے ذات کے گواہ سے یعنی مجھپر اُسوقت الزام ثابت
ہوگا کہ جب میری ذات مین کوئی قصور کی دلیل ظاہر ہو اور گواہی دینے کی کو اہی دینے کا
مجھکو اعتماد نہین تو حق تعالی فرمادیگا کہ تیری ذات ہی تجھپر گواہ ہونے مین کفایت کرتی ہے
اور تجھپر کرام کاتبین کا کواہ ہونا کافی ہے حضرت نے فرمایا پہر مُہر ہوگی اُسکے مُنہہ پر
پہر حکم ہوگا اسکے ہاتہہ پانون سے کہ بولو حضرت نے فرمایا تو اُسکے بدکامون کو ظاہر
کرینگے پہر بندیکو کلام کی اجازت ہوگی تو بندہ اپنے ہاتہہ پانون سے کہیگا کہ تم پر خدا کی مار پڑے
مین تو تمہارے ہی طرف سے جہگڑا کرتا تہا یعنی تمہارا ہی بچانا دوزخ سے مجھکو منظور تہا سو تم آپ ہی
گناہ کا اقرار کرکے دوزخ مین گرتے ہو ق اُسامۃ بن زید ھل ترک لنا ۱۷۷۶ ق
عقیل منزلا بخاری اور مسلم مین اُسامہ بن زید رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ کہا
ہمارے واسطے عقیل نے گہر چہوڑا ہے ق اسامہ بن زید سے روایت ہے کہ جب حضرت حجۃ
الوداع مین مکہ کے قریب پہنچے تو مین نی عرض کی کہ اپنے مکانات سے کس مکان مین حضرت
اتریگے اپنے مکان مین یا عقیل رض کے یا جعفر طیار کے تب حضرت نی یہہ حدیث فرمائی ابوطالب کے

چار بیٹے تھے عقیل اور طالب اور جعفر طیار اور علی مرتضی جب حضرت نی مکہ سے مدینے مین
ہجرت کی تو علی مرتضی اور جعفر طیار نی حضرت کا ساتھ دیا اسواسطے کہ مسلمان ہوچکے تھے
اور عقیل اسوقت تک ایمان نہ لائے تھے اس سبب سے کہ مین رہ گئے اور اپنے باپ کے وارث ہوئے
اور مکانات بیچ ڈالے امام اعظم کی نزدیک کے کی مکانات کا بیچنا درست ہے اور یہ حدیث
انکی دلیل ہے ۱۷۷۷ م هَلْ تَرَوْنَ قِبْلَتِي هٰهُنَا وَاللّٰهِ مَا يَخْفٰى عَلَيَّ
رُكُوعُكُمْ وَلَا خُشُوعُكُمْ وَإِنِّي لَأَرَاكُمْ مِنْ وَرَاءِ ظَهْرِي مسلم مین ابوہریرہ سے
روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ کیا تم دیکھتے ہو کہ میرا سامنا ادہر ہی ہے خدا کی قسم
مجھپر تمہارا رکوع اور خشوع چھپا نہین رہتا اور مقرر مین تمکو دیکھتا ہون اپنے پس پشت سے
ف جماعت مین بعضی نو مسلم ادب سے نماز پڑھنے رکوع اور سجود اور صف مین برابر کھڑے
ہونے سے غفلت کرتے تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی تاکہ اس حرکت سے باز رہین اس حدیث سے
معلوم ہوا کہ حضرت جیسی سامنے سے دیکھتے تھے ویسی ہی پس پشت سے یہہ معجزہ تھا نہ
حضرت کا ق ۱۷۷۸ أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ هَلْ تَرَوْنَ مَا أَرَى قَالُوا لَا قَالَ فَإِنِّي
لَأَرَى مَوَاقِعَ الْفِتَنِ خِلَالَ بُيُوتِكُمْ كَمَوَاقِعِ الْقَطْرِ لَمَّا أَشْرَفَ عَلَى أُطُمٍ مِنْ
آطَامِ الْمَدِينَةِ بخاری اور مسلم مین اسامہ بن زید سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ کیا
دیکھتے ہو جو مین دیکھتا ہون لوگون نی کہا کہ نہین حضرت نے فرمایا کہ مین دیکھتا ہون تمہارے

کہر دن کے اندر فتنہ فساد کے مقامات کو جیسے مینہ گرنے کے مقامات معلوم ہوتے ہیں یہ حضرت
اسوقت فرمایا جب مدینہ کی کسی قلعہ سی جھانکا تھا **ف** اس حدیث میں اُن فسادوں کی
خبر ہے جو مدینہ میں حضرت کی بعد ہوئے جیسی حضرت عثمان کی شہادت اور یزید کی ۱۲۷۹
**ع** قال **ع** اَبُوْهُرَيْرَةَ هَلْ تَسْتَطِيْعُ اِذَا خَرَجَ الْمُجَاهِدُ اَنْ تَدْخُلَ مَسْجِدَكَ فَتَقُوْمَ وَلَا تَفْتُرَ وَتَصُوْمَ وَلَا تُفْطِرَ قَالَ وَمَنْ يَسْتَطِيْعُ ذٰلِكَ قَالَ لَهُ دُلَّنِيْ عَلٰى عَمَلٍ يَعْدِلُ الْجِهَادَ بخاری میں ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ کیا تجھسے ہوسکتا ہے جب غازی جہاد کو نکلے کہ تو اپنی مسجد میں داخل ہو سو نماز میں کھڑا رہے اور کسی دم نماز نہ چھوڑے اور روزہ رکھی اور کبھی نہ توڑے یہ حضرت نے اس مرد سے فرمایا جسنے حضرت سے کہا کہ مجھکو وہ عمل بتلائے جو جہاد کی برابر ہو **ف** یعنی اگر تو ہر وقت شب و روز نماز پڑھا کری اور ہمیشہ بلا ناغہ روزہ رکھا کری تو البتہ جہاد کی برابر ثواب پاوی لیکن آدمی سے یہ نہیں ہوسکتا تو جہاد کی برابر کوئی عبادت نہیں ممکن **م** اَبُوْهُرَيْرَةَ ۱۲۸۰
هَلْ تَسْمَعُ النِّدَاءَ بِالصَّلٰوةِ قَالَ نَعَمْ قَالَ فَاَجِبْ فَاَقْبَلَ رَجُلٌ اَعْمٰى حِيْنَ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ لَيْسَ لِيْ قَائِدٌ يَقُوْدُنِيْ اِلَى الْمَسْجِدِ فَسَاَلَهُ اَنْ يُّرَخِّصَ لَهُ فَيُصَلِّيَ فِيْ بَيْتِهٖ فَرَخَّصَ لَهُ فَلَمَّا وَلّٰى دَعَاهُ فَقَالَ مسلم میں ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ کیا تو نماز کی اذان سنتا ہے سائل نے کہا کہ ہاں

وفضیلت جہاد

حضرت

حضرت نے فرمایا تو مسجد میں حاضر ہوا کر یہ حضرت نے اندھے مرد سے کہا جب کہ اُسنے کہا
یا رسول اللہ میرے پاس کوئی لانیوالا آدمی نہیں جو مجھکو مسجد میں لے آوی اور اُسنے چاہا
کہ حضرت اُسکو اجازت دیں تو اپنے گھر میں نماز پڑھ لیا کری تو حضرت نے اُسکو اجازت
دی جب وہ پھر چلا تو حضرت نے اُسکو بُلایا پھر یہہ حدیث فرمائی ف اِس حدیث سے
معلوم ہوتا ہے کہ جماعت واجب ہے جب اندھے کو باوجود عذر کے ترک جماعت کی اجازت
نہ ہوئی تو صحیح سالم کو کیونکر ہوگی امام اعظم کی نزدیک جماعت سنت موکدہ ہے
یعنی واجب کے قریب اور امام شافعی کی نزدیک فرض کفایہ ہے م ۱۷۸۱ اَبُوْ هُرَيْرَةَ وَ
اَبُوْ سَعِيْدٍ هَلْ تُضَارُّوْنَ فِي الْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ قَالُوْا لَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ
قَالَ هَلْ تُضَارُّوْنَ فِي الشَّمْسِ لَيْسَ دُوْنَهَا سَحَابٌ قَالُوْا لَا قَالَ فَاِنَّكُمْ
تَرَوْنَهٗ كَذٰلِكَ يَجْمَعُ اللّٰهُ النَّاسَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَيَقُوْلُ مَنْ كَانَ يَعْبُدُ شَيْئًا
فَلْيَتْبَعْهُ فَيَتْبَعُ مَنْ كَانَ يَعْبُدُ الشَّمْسَ الشَّمْسَ وَيَتْبَعُ مَنْ كَانَ يَعْبُدُ الْقَمَرَ
الْقَمَرَ وَيَتْبَعُ مَنْ كَانَ يَعْبُدُ الطَّوَاغِيْتَ الطَّوَاغِيْتَ وَتَبْقٰى هٰذِهِ
الْاُمَّةُ فِيْهَا مُنَافِقُوْهَا فَيَاْتِيْهِمُ اللّٰهُ فِيْ صُوْرَةٍ غَيْرِ صُوْرَتِهِ الَّتِيْ يَعْرِفُوْنَ
فَيَقُوْلُ اَنَا رَبُّكُمْ فَيَقُوْلُوْنَ نَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْكَ هٰذَا مَكَانُنَا حَتّٰى يَاْتِيَنَا
رَبُّنَا فَاِذَا جَاءَ رَبُّنَا عَرَفْنَاهُ فَيَاْتِيْهِمُ اللّٰهُ فِيْ صُوْرَتِهِ الَّتِيْ يَعْرِفُوْنَ

فيقول انا ربكم فيقولون انت ربنا فيتبعونه ويضرب الصراط بين ظهري
جهنم فاكون انا وامتي اول من يجيز ولا يتكلم يومئذ الا الرسل ودعوى
الرسل يومئذ اللهم سلم سلم وفي جهنم كلاليب مثل شوك السعدان
هل رايتم شوك السعدان قالوا نعم يا رسول الله قال فانها مثل
شوك السعدان غير انه لا يعلم ما قدر عظمها الا الله يخطف الناس
باعمالهم فمنهم الموبق بعمله ومنهم المخردل حتى ينجى حتى اذا فرغ الله من
القضاء بين العباد واراد ان يخرج برحمته من اراد من اهل النار امر
الملائكة ان يخرجوا من النار من كان لا يشرك بالله شيئا ممن اراد
الله ان يرحمه ممن يقول لا اله الا الله فيعرفونهم في النار يعرفونهم
باثر السجود تاكل النار من ابن ادم الا اثر السجود حرم الله على النار
ان تاكل اثر السجود فيخرجون من النار قد امتحشوا فيصب عليهم
ماء الحيوان فينبتون منه كما تنبت الحبة في حميل السيل ثم يفرغ الله من
القضاء بين العباد ويبقى رجل مقبل بوجهه على النار وهو آخر اهل
الجنة دخولا الجنة فيقول اي رب اصرف وجهي عن النار فانه قد
قشبني ريحها واحرقني ذكاؤها فيدعو الله ما شاء الله ان يدعو

ثم يقول الله هل عسيت ان فعلت ذلك بك ان تسأل غيره فيقول
لا اسألك غيره فيعطي ربه من عهود ومواثيق ما شاء فيصرف الله
وجهه عن النار فاذا اقبل على الجنة ورآها سكت ما شاء الله ان يسكت
ثم يقول اي رب قدمني الى باب الجنة فيقول الله له اليس قد اعطيت
عهودك ومواثيقك لا تسألني غير الذي اعطيتك ويلك يا ابن آدم
ما اغدرك فيقول اي رب يدعو الله حتى يقول له هل عسيت
ان اعطيتك ذلك ان تسأل غيره فيقول لا وعزتك فيعطي ربه ما شاء
الله من عهود ومواثيق فيقدمه الى باب الجنة فاذا قام على باب الجنة
انفهقت له الجنة فرأى ما فيها من الخبرة والسرور فيسكت ما شاء
الله ان يسكت ثم يقول اي رب ادخلني الجنة فيقول الله له اليس قد
اعطيت عهودك ومواثيقك لا تسأل غير ما اعطيت ويلك
يا ابن آدم ما اغدرك فيقول اي رب لا اكونن اشقى خلقك فلا
يزال يدعو الله حتى يضحك الله منه فاذا ضحك الله منه قال
ادخل الجنة فاذا دخلها قال الله له تمنه فيسأل ربه ويتمنى
حتى ان الله ليذكره فيقول من كذا وكذا حتى اذا انقطعت به

الا ما شئت قال الله لك ذلك ومثله معه بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ اور
ابوسعید سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ کیا تمکو شک پڑتا ہے چودھوین رات کے چاند دیکھنے
مین اصحاب نے کہا کہ نہین یارسول اللہ فرمایا بھلا تمکو کچھ تردد اور اختلاف اور ازدحام ہوتا ہے
سورج کے دیکھنے مین جسوقت کہ آسمان صاف ہو اور بدلی نہو اصحاب نے کہا کہ نہین
فرمایا سو مقرر تم خدا کو بھی اسی طرح دیکھوگے حق تعالی لوگون کو قیامت کے دن جمع کریگا
تو فرماویگا کہ جو جس چیز کی بندگی کر رہا ہو تو اسکا ساتھ دیو یعنی اپنے معبودون کے ساتھ
دوزخ مین جاوی سو جو شخص کہ آفتاب کو پوجتا ہوگا تو آفتاب کے ساتھ جاویگا اور جو چاند کو
پوجتا ہوگا سو چاند کا ساتھ دیویگا اور جو بتون اور دیوبہوت کو پوجتا ہوگا وہ انکے ساتھ
جاویگا اور یہہ امت محمدی باقی رہ جاویگی اسمین منافق لوگ بھی ہونگے تو حق تعالی مسلمانون پر
ظاہر ہوگا اس صفت مین جو انکے اعتقاد کے مخالف ہے سو فرماویگا کہ مین تمہارا رب ہون
تو مسلمان کہینگے کہ نعوذ باللہ خدا ہمکو تجھسی پناہ مین رہکے ہم اس مکان مین منتظر ہین
یہان تک کہ ہمارا رب ہمپر ظاہر ہو سو جب ظاہر ہوگا ہم اپنے رب کو پہچان جاوینگے
پھر حق تعالی اس صفت مین ظاہر ہوگا جو انکے اعتقاد کی موافق ہے سو فرماویگا کہ مین تمہارا
رب ہون تو مسلمان کہینگے ہان تو ہمارا رب ہے سو اسکا اتباع کرینگے اور دوزخ کی
پشت پر پل صراط رکھا جاویگا تو مین اور میری امت سب سے پہلے عبور کرین گے اور سوائے
پیغمبرون کے

پیغمبرون کے سوا کوئی بول نہ سکیگا اور پیغمبرون کا قول اُس دن یہہ ہوگا کہ الٰہی پناہ پناہ
اور دوزخ مین انکڑے ہین جیسے سعدان کے کانٹے سعدان ایک جھاڑ کا نام ہے اُسکے
کانٹے سرکج ہوتے ہین حضرت نے فرمایا کیا تمنے سعدان کے کانٹے دیکھے ہین اصحاب نے کہا
ہان یارسول اللہ حضرت نے فرمایا تو وہ دوزخ کی انکڑے ہی سعدان کے کانٹون کی
طرح ہین مگر یہہ کہ سوای خدا کے کوئی نہین جانتا کہ کتنے کتنے بڑے ہین فرشتے اُن انکڑون سے
لوگون کو دوزخ کے اندر بلصراط سی کھینچ لینگے اُنکے بداعمال کی سبب سے سو بعضا آدمی
تو اپنے عمل سی ہلاک ہوجاویگا اور بعضا آدھ موا نجات پائیگا یہان تک کہ جب حق
تعالی بندون کے فیصلے سی فراغت کریگا اور چاہے گا کہ نکالے دوزخ والون مین سی
اپنی رحمت سے جسکو کہ چاہے تو فرشتون کو حکم کریگا کہ دوزخ سی اُسکو نکالین جسنے
خدا کی ساتھہ کچھہ شرک نکیا ہو جسپر خدائی رحمت کا ارادہ کیا ہو جو کہ لاالہ الا اللہ کہتا
ہو تو فرشتے اُنکو دوزخ مین پہچان لینگے انکو سجدے کے نشان سے پہچانینگے اگ
آدمی کو جلا ڈالی گی مگر سجدے کی نشان کو خدا نی دوزخ پر سجدے کا مکان جلانا حرام کیا
تو دوزخ سی نکالے جاوینگے جلے بھنے پہر اُنپر آب حیات چھڑکا جاویگا تو اُسسے وہ جم
اُٹھینگے جیسے پانے کے بہاو کے کوڑے یا خودرو دانہ جم اُٹھتا ہے پہر حق تعالی بندون کا
فیصلہ کرچکے گا اور ایک مرد باقی رہ جاویگا دوزخ کا سامنا کئی ہوئے اور وہ اہل بہشت مین

سب سے پیچھے بہشتین داخل ہو گا تو وہ کہیگا ای میری رب میرا منہ دوزخ کی طرف سے
پھیر دے کہ اسکی بدبو نے مجھکو تنگ کر دیا اور اسکی لپیٹ نے مجھکو جلا ڈالا سو خدا سے دعا کیا
کریگا جہان تک کہ خدا اُسکا دعا کرنا چاہے گا پھر حق تعالیٰ فرماویگا کہ اگر مین یہہ تیرا سوال
پورا کرون تو اُسکے سوای تو کچھہ اور بھی سوال کریگا سو وہ شخص کہیگا کہ مین اسکے
سوای کچھہ نہ مانگون کا سوار نے سے نہ ملنے کے قول قرار کریگا جس طرح کہ خدا چاہیگا
تو خدا اُسکے مُنہہ کو دوزخ کی طرف سی پھیر دیگا سو جب کہ بہشت کا سامنا کریگا
اور اُسکو دیکھیگا جتنا کہ خدا چاہیگا پھر کہیگا ای میرے رب مجھکو آگے بڑھا دے بہشت کے
دروازے تک تو حق تعالیٰ اُس سی فرماویگا کیا تو قول قرار نہین کر چکا ہے پہلے سوال کے
سوای مجھسی اور سوال نکریگا تیرا بُرا ہو ای آدمی تو کیا ہی دغاباز ہے تو وہ مرد کہیگا
ای میرے رب اور خدا سی دعا مانگیگا یہان تک کہ حق تعالیٰ اُسے فرماویگا اگر مین تیرا
مطلب پورا کرون تو اسکے سوای تو اور کچھہ بھی مانگیگا تو وہ کہیگا تیری عزت کی
قسم ہے کہ نامگون کا سوار نے سے نہ ملنے کے قول قرار کریگا تو خدا اسکو بہشت دروازے پر
کر دیگا سو جب بہشت کی دروازے پر کھڑا ہو گا تو تمام بہشت اُسپر نمودہ ہو جاویگی سو
اُسکو نظر آویگا جو کچھہ اُسمین نعمت اور فرحت ہے تو چپ رہیگا جتنا کہ خدا چاہیگا
پھر کہیگا ای رب میری اب مجھکو بہشتین داخل کر تو حق تعالیٰ اُس سی فرماویگا کہ کیا

تو قول قرار

تو قول قرار نہین کریگا ہے کہ اب مین نہ مانگونگا تیرا بُرا ہوا ای آدمی کیا ہی تو دغا باز ہے
تو وہ کہیگا ای میرے رب مین تیرے خلق مین بدبخت بی نصیب نہین ہونیکا سو ہمیشہ
دعا کیا کریگا یہان تک کہ خدا اُسی راضی ہو جاویگا سو جب کہ خدا راضی ہو گا تو فرماویگا کہ جا بہشت
مین سو جب وہ بہشت مین جاویگا تو حق تعالی اُسسے فرماویگا کہ کسی چیز کی آرزو کر تو وہ
مانگے گا اپنے رب سے اور تمنا ظاہر کریگا یہان تک اسپر کرم ہو گا کہ حق تعالی اسکو یاد دلاویگا
تو کہیگا کہ فلانی چیز اور فلانی چیز مانگ یہان تک کہ جب اُسکی سب ہوس اور خواہشین
ہو چکین گی حق تعالی فرماویگا تیرے یہہ سب سوال پورے ہوئے اور اسکے ساتہہ اتنا اور بہی

**ف** اس حدیث سے بتفصیل تمام رویت الہی قیامت مین ثابت ہوئی اور یہی مذہب اہل سنت
وجماعت کا جن لوگونکی قسمت مین نعمت دیدار نہین وہ اسکا انکار کرتے ہین لیکن یہہ
اعتقاد کرنا ضرور ہے کہ حق تعالی شکل اور جسم سے پاک ہے اسکے دیدار کی کیفیت ہمکو نہین
معلوم جسطرح حق سبحانہ ہمکو دیکہتا ہے اور جہت کا مقید نہین اسی طرح اپنی جہت دکہلانے پر بہی
قادر ہے ہرچند آدمی کی عقل یہان حیران ہے لیکن اسکی قدرت سی سب آسان ہے

۱۷۸۲ **م** أَبُو هُرَيْرَةَ هَلْ تُضَارُّونَ فِي رُؤْيَةِ الشَّمْسِ فِي الظَّهِيرَةِ لَيْسَتْ فِي
سَحَابَةٍ قَالُوا لَا قَالَ فَهَلْ تُضَارُّونَ فِي رُؤْيَةِ الْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ لَيْسَ
فِي سَحَابَةٍ قَالُوا لَا قَالَ فَوَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَا تُضَارُّونَ فِي رُؤْيَةِ

رَبُّكُمُ الْآ كَمَا تُضَارُّوْنَ فِيْ رُؤْيَةِ اَحَدِهِمَا فَيُلْقَى الْعَبْدَ فَيَقُوْلُ اَيْ فُلُ اَلَمْ
اُكْرِمْكَ وَاُسَوِّدْكَ وَاُزَوِّجْكَ وَاُسَخِّرْ لَكَ الْخَيْلَ وَالْاِبِلَ وَاَذَرْكَ
تَرْئَسُ وَتَرْبَعُ فَيَقُوْلُ بَلٰى قَالَ فَيَقُوْلُ اَفَظَنَنْتَ اَنَّكَ مُلَاقِيَّ فَيَقُوْلُ لَا فَيَقُوْلُ
فَاِنِّيْ قَدْ اَنْسَاكَ كَمَا نَسِيْتَنِيْ ثُمَّ يَلْقَى الثَّانِيَ فَيَقُوْلُ اَيْ فُلُ اَلَمْ اُكْرِمْكَ
وَاُسَوِّدْكَ وَاُزَوِّجْكَ وَاُسَخِّرْ لَكَ الْخَيْلَ وَالْاِبِلَ وَاَذَرْكَ تَرْئَسُ وَتَرْبَعُ
فَيَقُوْلُ بَلٰى اَيْ رَبِّ فَيَقُوْلُ اَفَظَنَنْتَ اَنَّكَ مُلَاقِيَّ فَيَقُوْلُ لَا فَيَقُوْلُ فَاِنِّيْ
اَنْسَاكَ كَمَا نَسِيْتَنِيْ ثُمَّ يَلْقَى الثَّالِثَ فَيَقُوْلُ لَهٗ مِثْلَ ذٰلِكَ فَيَقُوْلُ يَا
رَبِّ اٰمَنْتُ بِكَ وَبِكِتَابِكَ وَبِرُسُلِكَ وَصَلَّيْتُ وَصُمْتُ وَتَصَدَّقْتُ
وَيُثْنِيْ بِخَيْرٍ مَا اسْتَطَاعَ فَيَقُوْلُ هٰهُنَا اِذًا قَالَ ثُمَّ يُقَالُ اَلْاٰنَ نَبْعَثُ شَاهِدَنَا
عَلَيْكَ وَيَتَفَكَّرُ فِيْ نَفْسِهٖ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْهَدُ عَلَيَّ فَيُخْتَمُ عَلٰى فِيْهِ فَيُقَالُ
لِفَخِذِهٖ اُنْطِقِيْ فَتَنْطِقُ فَخِذُهٗ وَلَحْمُهٗ وَعِظَامُهٗ بِعَمَلِهٖ وَذٰلِكَ لِيُعْذِرَ مِنْ نَفْسِهٖ وَذٰلِكَ الْمُنَافِقُ
وَذٰلِكَ الَّذِيْ يَسْخَطُ اللّٰهُ عَلَيْهِ سلم مین ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضرت نے فرمایا کہ کیا تمکو شک ہے
پر تا ہے آفتاب کے دیکھنی مین ٹھیک دوپہر کو جبکہ بدلی نہو اصحاب نے کہا کہ نہین حضرت نے فرمایا کیا تمکو تردد ہو
چاند کی دیکھنی مین چودھوین رات کو جب کہ بدلی نہو اصحاب نے کہا کہ نہیں حضرت نے فرمایا سو قسم ہے اسکی
جسکے قبضے مین میری جان ہے کہ تمکو اپنے رب کے دیدار مین شبہ اور خلاف نہوگا مگر جیسے سورج

یا چاند کے دیکھنے مین یعنی جیسی خواہ سورج کے رویت مین اشتباہ نہین ویسی ہی خدا کی رویت مین
اشتباہ نہو گا پھر حق تعالی حساب کریگا بندی سے سو کہیگا کہ اے فلانے بندے مین نے تجھکو کیا
افضل المخلوقات نہین کیا اور تجھکو سردار نہین بنایا اور تجھکو تیراجوڑا نہین دیا اور گھوڑون
اور انٹون کو تیرا تابع نہین کیا اور تجھکو چھوڑا کہ تو اپنی قوم کی ریاست کرتا تہا اور چوتہہ
لیتا تہا تو بندہ کہیگا کہ سچ ہے حضرت نے فرمایا تو حق تعالی فرماویگا بہلا تجھکو معلوم
تہا کہ تو مجھسے ملیگا سو بندہ کہیگا کہ نہین تو حق تعالی فرماویگا کہ اب ہم ہی تجھکو بہولتے ہین جیسے
تو مجھکو بہولا پھر خدا دوسرے بندی سے حساب کریگا تو کہیگا کہ ای فلانے بہلا مین نے تجھکو افضل المخلوقات
نہین کیا اور تجھکو سردار نہین بنایا اور تجھکو تیراجوڑا نہین دیا اور گھوڑون اور انٹون کو تیرا
تابع نہین کیا اور تجھکو چھوڑا کہ تو اپنی قوم کی ریاست کرتا تہا اور چوتہہ لیتا تہا تو بندہ کہیگا
کہ سچ ہے ای میرے رب پھر خدا فرماویگا بہلا تجھکو معلوم تہا کہ تو مجھسی ملیگا تو بندہ کہیگا کہ نہین
پھر خدا فرماویگا سو آج مین اب تجھکو بہولتا ہون جیسے تو مجھکو بہولا پھر تیسرے بندی سی حساب
کریگا تو اُسسے بھی اسیطرح کہیگا سو بندہ کہیگا ای رب مین تیرا ایمان لایا اور تیری کتاب کا
اور تیرے پیغمبرون کا اور مین نے نماز پڑہی اور روزہ رکہا اور زکوۃ اور صدقہ دیا اسی طرح
اور نیک اعمال کو اپنی طرف نسبت کریگا جتنا کہ اُسسے ہوسکیگا تو حق تعالی فرماویگا دیکہہ
یہین تیرا جہوٹہ ظاہر ہوا جاتا ہے حضرت نے فرمایا پھر حکم ہوگا کہ اب ہم تیرے اوپر گواہ کہڑے

کرتے ہین بندہ اپنی جی مین سوچیگا کہ کون مجہپر گواہی دیگا پہر اُسکے مُنہہ پر مُہر ہو گی اور حکم ہوگا
اسکی ران سے کہ بول تو اُسکی ران اور اسکا گوشت اور اسکی ہڈیان اسکے عمل پر بولین گی اور یہہ گواہی
اسواسطے ہو گی تاکہ اسکا عذر باقی نرہے اُسی کی ذات کی گواہی سے اور یہہ شخص منافق یعنی جہوٹہا
مسلمان ہوگا اور اسی پر خدا زیادہ تر غضب کریگا **ف** اس حدیث مین اول دیدار خدا کا
ذکر کیا پہر دو کافرون کا جو قیامت کے حساب کتاب کے منکر ہین پہر منافق کا جو زبان سے
اسلام کا اقرار کری اور دل سے انکار یا شک رکہی **ق** اَبُوْهُرَيْرَةَ هَلْ تَفْقِدُوْنَ ق ۱۷۸۳
مِنْ اَحَدٍ قَالُوْا نَعَمْ فُلَانًا وَّ فُلَانًا وَّ فُلَانًا وَّ فُلَانًا اَرْبَعَةً ثُمَّ قَالَ وَ
هَلْ تَفْقِدُوْنَ مِنْ اَحَدٍ قَالُوْا نَعَمْ فُلَانًا وَّ فُلَانًا وَّ فُلَانًا وَّ فُلَانًا ثُمَّ قَالَ
وَهَلْ تَفْقِدُوْنَ مِنْ اَحَدٍ قَالُوْا لَا قَالَ لٰكِنِّيْ اَفْقِدُ جُلَيْبِيْبًا فَاطْلُبُوْهُ
بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ کیا تم کسیکو تلاش کرتے ہو اصحاب نے
کہا کہ ہان ہم فلانے اور فلانے اور فلانے اور فلانے چار شخصون کو تلاش کرتے ہین پہر
حضرت نے فرمایا کہ کیا تم کسی کو تلاش کرتے ہو اصحاب نے کہا کہ ہان ہم فلانے اور فلانے
اور فلانے اور فلانے کو تلاش کرتے ہین پہر حضرت نے فرمایا کہ کیا تم اور کو بہی تلاش کرتے ہو
اصحاب نے کہا کہ انکے سوای ہم کسی کو تلاش نہین کرتے حضرت نے فرمایا ولیکن مین تو جلیبیب کو
تلاش کرتا ہون سو تم بہی اسکو تلاش کرو **ف** کسی جنگین لڑائی کے بعد اصحاب اپنے عزیز اور

دشمنوں کی لاشیں تلاش کرتے تھے تب حضرت نے یہ حدیث فرمائی پھر جب حبیب کی
لاش ملی تو حضرت نے انکا سر اپنی ران پر رکھا اور فرمایا کہ یہ میرا من اسکاخ سعد
ح ۱۷۸۴ بن ابی وقاص ھل تنصرون وترزقون الا بضعفائکم بخاری میں سعد بن ابی
وقاص سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تمکو فتح اور روزی نہیں ملتی مگر اپنے ناچار اور غریبوں کے
سبب سے یعنی اپنی قوت اور تدبیر پر نہ گھمنڈ کرو تمکو فتح اور روزی غریبوں ہی کی برکت سے
ملتی ہے تو انکی خدمت اور خاطر داری اپنے حق میں غنیمت سمجھو انکو ناچیز اور ذلیل مت جانو
ق ۷۸۵ سمرۃ بن جندب ھل رای منکم احد رویا قلنا لا قال لکنی
رایت اللیلۃ رجلین اتیانی فاخذا بیدی فاخرجانی الی ارض مقدسۃ
فاذا رجل جالس ورجل قائم بیدہ کلوب من حدید یدخلہ فی
شدقہ حتی یبلغ قفاہ ثم یفعل بشدقہ الاخر مثل ذلک ویلتئم
شدقہ فیعود فیصنع مثل ما ھذا قالا انطلق فانطلقنا حتی اتینا علی رجل
مضطجع علی قفاہ ورجل قائم علی رأسہ بفہر او بصخرۃ فیشدخ بہ راسہ فاذا
ضربہ تدھدہ الحجر فانطلق الیہ لیاخذہ فلا یرجع الی ھذا حتی
یلتئم راسہ وعاد راسہ کما ھو فعاد الیہ فضربہ قلت ما ھذا قالا
انطلق فانطلقنا الی ثقب مثل التنور اعلاہ ضیق واسفلہ واسع

يتوقد تحته نارا فاذا اوقدت ارتفعوا حتى كادوا يخرجون
فاذا خمدت رجعوا فيها وفيها رجال ونساء عراة فقلت ما هذا
قالا انطلق فانطلقنا حتى اتينا على نهر من دم فيه رجل قائم وعلى شط
النهر رجل بين يديه حجارة فاقبل الرجل الذى فى النهر فاذا اراد
ان يخرج رمى الرجل بحجر فى فيه فرده حيث كان فجعل كلما جاء ليخرج رمى فى فيه
بحجر فيرجع كما كان فقلت ما هذا قالا انطلق فانطلقنا حتى انتهينا
الى روضة خضراء فيها شجرة عظيمة وفى اصلها شيخ وصبيان
واذا رجل قريب من الشجرة بين يديه نار يوقدها فصعد بى الشجرة
فادخلنى دارا لم ار قط احسن وافضل منها فيها رجال شيوخ وشباب
ونساء وصبيان ثم اخرجانى منها فصعدا بى الشجرة فادخلانى
دارا هى احسن وافضل لم ار قط احسن وافضل فيها شيوخ وشباب
فقلت لهما انكما قد طوفتما بى الليلة فاخبرانى عما رايت فقالا نعم اما الرجل
الذى رايته يشق شدقه فكذاب يحدث بالكذبة فتحمل عنه حتى
تبلغ الافاق فيصنع به الى يوم القيمة والذى رايته يشدخ
راسه فرجل علمه الله القرآن فنام عنه بالليل ولم يعمل فيه

بالنهار

یا النہار یفعل بہ الی یوم القیمۃ والذی رایتہ فی الثقب ھم الزنا
والذی رایتہ فی النھر اکل الربوا والشیخ الذی رایت فی اصل الشجرۃ
ابراھیم والصبیان حولہ فاولاد الناس والذی یوقد النار مالک خازن
النار والدار الاولی التی دخلت دار عامۃ المومنین واما ھذہ الدار
فدار الشھداء وانا جبرئیل وھذا میکائیل فارفع راسک فرفعت
راسی فاذا فوقی مثل السحاب قالوا ذاک منزلک قلت دعانی ادخل منزلی قالا انہ بقی لک عمر لم تستکملہ
فلو استکملتہ اتیت منزلک بخاری اور مسلم میں سمرہ بن جندب سے روایت
ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ کیا تم سے کسی نے خواب دیکھا ہے ہم نے کہا نہیں حضرت نے فرمایا مگر میں نے
تو آج کی رات خواب میں دیکھا دو مردوں کو کہ میرے پاس آئے سو انہوں نے میرے دونو ہاتھ پکڑ
سو مجھکو پاک زمین کی طرف لیگئے تو وہاں ایک مرد تو بیٹھا ہے اور ایک مرد کھڑا ہے اسکے ہاتھ
میں لوہے کا آنکڑا ہے اسکو بیٹھے مرد کے کل پہڑ میں ڈالتا ہے کہ اسکی کدی تک پہنچ جاتا ہے
پھر اسکے دوسرے کل پہڑی سے اسیطرح کرتا ہے یعنی جبڑے تک دوسرا کل پہڑ کو
چیرتا ہے پہلا کل پہڑ اچھا ہو جاتا ہے پھر دوبارہ اسی طرح کرتا ہے تو میں نے کہا کہ یہ کیا ہے
ان دونو مردوں نے کہا آگے چل سو ہم لگے چلے یہاں تک کہ چت لیٹے مرد کے پاس آئے

اور ایک مرد اسکے سر پر پتھر لئے کھڑا ہے سو اُس اسکے سر کو کچلتا ہے تو اُسکو جب مارتا ہے
پتھر ڈھلک جاتا ہے تو اسکی طرف وہ چلا جاتا ہے کہ لے آوے سو یہان تک پلٹ کر نہین پہنچتا
ہے کہ اسکا سر جڑ جاتا ہے اور درست ہو جاتا ہے جیسا کہ تھا سو وہ مرد اسکی طرف پلٹتا ہے
اور مارتا ہے سو مین نے کہا کہ یہ کیا ہے اُنہون نے کہا کہ آگے چل سو ہم چلے تو ایک گڑھے پر جو
مثل تنور تھا پہنچے اُسکا منہ تنگ اور اندر کشادہ ہے اُسکے نیچے آگ جل رہی ہے سو جب کہ آگ بھڑکتی
ہے تو اسکے اندر کی لوگ اونچے ہوتے ہے یہان تک کہ قریب ہے کہ نکل پڑین پھر جب بجھتی ہے تو اسکے
اندر ہو جاتے تھے اور اُسمین ننگے مرد اور عورتین تھین سو مین نے کہا کہ یہ کیا ہے اُنہون نے کہا کہ آگے
چل تو ہم چلے یہان تک کہ خونکی نہر تک پہنچے اُسمین ایک مرد کھڑا ہے اور نہر کے کنارے پر
ایک مرد اسکے دونون ہاتھون مین پتھر ہین سو وہ مرد نکلنے چلا جو نہر مین تھا سو جب کہ اُسنے
چاہا کہ نکلے کنارے والے مرد نے اسکے منہ مین پتھر مارا سو اُسکو ہٹایا جہان کہ وہ تھا سو جب وہ نکلنے
لگتا ہے اُسکے منہ مین پتھر مارتا ہے سو وہ پلٹ جاتا ہے اپنے مقام پر سو مین نے کہا کہ یہ کیا ہے
اُنہون نے کہا کہ آگے چل تو ہم چلے یہان تک کہ ایک سبز باغ تک پہنچے اُسمین ایک بڑا درخت
تھا اور اُسکی جڑ مین ایک پیر مرد اور لڑکے ہین اور درخت کے قریب ایک مرد ہے اُسکے آگے آگ ہے
وہ اسکو بھڑکا رہا ہے سو میرے ساتھی دونون مرد مجھکو اس درخت پر چڑھا لیگئے اور ایک کہہ مین
مجھکو داخل کیا کہ مین نے کبھی اُس سے بہتر اور افضل کہر نہین دیکھا اُسمین مرد مین بڈھے اور جوان

اور عورتین

اور عورتین اور لڑکے پھر مجھکو اُنھون نی اُس سے نکالا تو درخت پر مجھکو چڑھا لیکے سوا ایک
گھر مین مجھکو داخل کیا کہ نہایت بہتر اور فضل تہا مین نے کبھی اُس سے افضل اور بہتر نہین دیکھا
اُسمین بڈھے اور جوان ہین سو مین نی اُن سی کہا کہ تم دونو نی مجھکو رات بھر گھمایا تو اب بتلاؤ مجھکو
جو کہ مین نی دیکھا ہے اُنھون نی کہا کہ ہان ہم بتلاتی ہین اُس مرد کو جو تو نی دیکھا تہا جسکے گل پھڑے
چیرے جاتے تہے سو جھوٹہا آدمی تہا کہ جھوٹی باتین بنا کر لوگون سی کہتا تہا لوگ اُس سے سیکھکر
اور دون سے نقل کرتے تہے یہان تک کہ ساری جہان مین جھوٹہ مشہور ہو جاتا تہا تو اُسپر
یہہ عذاب ہوا کریگا روز قیامت تک اور جسکو تو نے دیکھا تہا کہ اُسکا سر کچلا جاتا تہا
سو وہ مرد ہے جسکو خدا نی قرآن سکھلایا سو قرآن سی غافل ہو کر رات کو سوتا یعنی تہجد مین
قرآن نہ پڑھا اور نہ کو اُسپر عمل کیا یہی عذاب اُسپر ہوا کریگا روز قیامت تک اور جسکو تو نے
گڑھے مین دیکھا وہ حرام کار لوگ ہین اور جسکو تو نے نہر مین دیکھا وہ سود خور ہے اور جس
پیر مرد کو کہ تو نی درخت کی جڑ کے پاس دیکھا وہ ابراہیم علیہ السلام ہین اور یہہ جو لڑکے کہ
اُنکے گرد ہین سو لوگ کی اولاد ہین اور جو کہ آگ بھڑکاتا ہے سو مالک ہے دوزخ کا دارو غہ
اور پہلا گہر جسمین تو داخل ہوا تہا وہ عوام ایمانداروں کا مقام ہے اور یہہ گہر تو شہیدونکا
گہر ہے اور مین جبرئیل ہون اور یہہ میکائیل ہے اب اپنے سر کو تو اُٹھا سو مین نے اپنے
سر کو اُٹھایا تو کیا دیکھتا ہون کہ میرے اوپر بدلے ہے اور دوسری روایت یون کہ میرا اوپر تہ بتہ

سفید بدلی کی طرح کوئی چیز ہے اُنہون نی کہا کہ تیرا مقام ہے تو مین نے کہا کہ مجھی چھوڑ دو
کہ مین اپنے مکان مین جاؤن اُنہون نی کہا کہ ابھی تیری عمر باقی ہے کہ تو نے ابھی اُسکو
پورا نہین کیا سو جب تو عمر کو پورا کر چکیگا تو اپنے مکان مین آویگا ف اِس حدیث مین
جھوٹھا اور قرآنکی غافلی اور سود خوریکی سزا کا بیان ہے حفظ قرآن کا حق ہے کہ اسکو ادب سے
تلاوت کیا کرے خصوصاً رات کو تہجد مین اور اُسکے احکام پر عمل کرے اور معلوم ہوا کہ
مسلمانون کے لڑکے بعد مرنے کے حضرت ابراہیمؑ کو سپرد ہوتے ہین اور ثابت ہوا کہ حضرتؐ کے
سوا ہی شہیدون کا رتبہ اور مسلمانون سی نہایت افضل ہے خ اَنَسٌ هَلْ فِيكُمْ ۷۸۶ خ
مِنْ اَحَدٍ لَمْ يُقَارِفِ اللَّيْلَةَ يَعْنِي الذَّنْبَ فَقَالَ اَبُو طَلْحَةَ اَنَا قَالَ فَانْزِلْ
فِي قَبْرِهَا يَعْنِي قَبْرَ بِنْتِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بخاری مین انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے
کہ حضرتؐ نے فرمایا کوئی تم مین ایسا شخص ہے جسنے آج رات کو گناہ نکیا ہو سو ابوطلحہ نی کہا کہ مین
ہون حضرتؐ نے فرمایا تو اسکی قبر مین اُتر یعنی حضرت کی بیٹی کی قبر مین ف انس سے روایت ہے
کہ ہم حضرتؐ کی بیٹی کے جنازے پر حاضر ہوئے اور حضرتؐ قبر پر بیٹھے تھے اور آنسو جاری تھے
تب حضرتؐ نے یہہ حدیث فرمائی یہہ جو حضرتؐ نے فرمایا کہ جسنے رات کو حرکت نکی ہو یعنی عورت سے
صحبت نکی ہو معلوم ہوا کہ قبر مین داخل ہونا اُسکا افضل ہے جسنے اس رات کو صحبت نکی ہو
ق سَهْلُ بْنُ سَعْدٍ هَلْ مَعَكَ شَيْءٌ مِنَ الْقُرْاٰنِ قَالَ لِرَجُلٍ اَرَادَ اَنْ يَتَزَوَّجَ ۷۸۷ ق

المرأة

اَلْمَرْاَةُ الَّتِیْ عَرَضَتْ نَفْسَهَا عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ بخاری اور مسلم
مین سہل بن سعد سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ کیا تجھکو کچھ قرآن یاد ہے یہہ حضرت نے اس
مرد سے فرمایا جس نے اس عورت سے نکاح کا ارادہ کیا تھا جسنے چاہا تھا کہ حضرت کے پاس رہے اسکا
قصہ مفصل ہو چکا کہ حضرت نے اس عورت کو نہ قبول کیا پھر اسکا نکاح دوسرے شخص سے کردیا
اور مہر یہہ مقرر کیا کہ مرد عورت کو قرآن سکھلا دیوی ۱۷۸۸ ۵ عَنِ الشَّرِیْدِ بْنِ سُوَیْدٍ الثَّقَفِیِّ هَلْ مَعَكَ مِنْ شِعْرِ
اُمَیَّةَ بْنِ اَبِی الصَّلْتِ قَالَ نَعَمْ شرید بن سوید سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ کیا تجھکو کچھ امیہ بن ابی الصلت کے
شعر یاد ہین یہہ حضرت نے شرید بن سوید سے فرمایا ف مصابیح مین شرید سے روایت ہے کہ مین ایکدن حضرت کے پیچھے سوار
تھا حضرت نے فرمایا کہ تجھکو امیہ کا شعر یاد ہے مینے کہا ہان یاد ہے مینے ایک شعر پڑھا حضرت نے فرمایا اور پڑھ مینے
دوسرا شعر پڑھا فرمایا اور پڑھ مینے تیسرا شعر پڑھا اسی طرح سو شعر پڑھے معلوم کیا چاہیے کہ امیہ زمانہ کفر
مین ایک شاعر تھا اسکے شعر مین حمد الٰہی اور مذمت دنیا کا مضمون تھا اس واسطے حضرت نے انکو سنا پھر فرمایا کہ اسکی
زبان ایمان لائی اور دل کافر رہا یعنی زبان سے مضمون تو اچھے نکلے لیکن دل سے کفر اور جب
اور جب دنیا نہ گئی اور یہی حال ہے اکثر شاعرون کا کہ اشعار مین بعضے مضمون تو نہایت
خوب اور راست زبان سے نکلتے ہین لیکن دل سیاہ شعر گو زبان تیری درافشان ہوئی
ہی پر دل کی سیاہی نہ گئی عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ هَلْ نَظَرْتَ اِلَیْهَا فَاِنَّ فِیْ اَعْیُنِ
الْاَنْصَارِ شَیْئًا قَالَ لِرَجُلٍ خَبَرُهٗ اَنْ تَزَوَّجَ اِمْرَاَةً مِنَ الْاَنْصَارِ فَقَالَ قَدْ نَظَرْتُ

إِلَيْهَا قَالَ لَهُ عَلَى كَمْ تَزَوَّجْتَهَا قَالَ عَلَى أَرْبَعِ أَوَاقٍ فَقَالَ لَهُ عَلَى أَرْبَعِ أَوَاقٍ
كَأَنَّمَا تَنْحِتُونَ الْفِضَّةَ مِنْ عُرْضِ هَذَا الْجَبَلِ مَا عِنْدَنَا مَا نُعْطِيكَ وَلَكِنْ
عَسَى أَنْ نَبْعَثَكَ فِي بَعْثٍ تُصِيبُ مِنْهُ قَالَ فَبَعَثَ بَعْثًا إِلَى بَنِي عَبْسٍ وَبَعَثَ
ذَلِكَ الرَّجُلَ فِيهِمْ مسلم میں ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ تو نے اسکو دیکھہ
لیا ہے سو اسلئے کہ انصار کی آنکھوں میں کچھہ ہے یعنی چھوٹی یا کنجی آنکھہ ہوتی ہے یہہ حضرت نے اُس
مرد سے کہا کہ جسنے حضرت کو خبر دی کہ میں نے ایک انصاری عورت سے نکاح کیا تو اُسنے کہا میں اُس عورت کو
دیکھہ چکا ہوں حضرت نے فرمایا کہ کتنے مہر پر تو نے اُس سے نکاح کیا اُسنے کہا ایک سو ساٹھہ درم پر
تو حضرت نے فرمایا کہ ایک سو ساٹھہ درم پر مہر باندھا گویا کہ تم لوگ اس پہاڑ کی طرف سے چاندی کھود لیتے
ہو ہمارے پاس تو نہیں جو ہم تجھکو دیویں ولیکن عنقریب ہے کہ تجھکو ہم کسی دورہ میں بھیجیں گے وہاں
تجھکو فائدہ ہو کاراوی نے کہا پھر حضرت نے بنی عبس کی قوم پر دوڑ بھیجی اور اس مرد کو اُسمیں
بھیجا **ف** معلوم ہوا کہ جس عورت سے نکاح کا ارادہ کرے اسکو دیکھہ لیوی تاکہ آخر کو افسوس
نکرنا پڑے اور طلاق کی نوبت نہ پہنچے اور اسی سبب سے نقصان بیان کر دینا بھی درست ہے اور
معلوم ہوا کہ آدمی اپنے مقدور سے زیادہ مہر نہ باندھے اسیواسطے حضرت نے اسپر عتاب کیا لیکن
ازراہ کرم پھر اُسکا بناہ کر دیا **ق** اِبْنُ عُمَرَ هَلْ وَجَدْتُمْ مَا وَعَدَ رَبُّكُمْ حَقًّا ثُمَّ
قَالَ إِنَّهُمُ الْآنَ يَسْمَعُونَ مَا أَقُولُ **ق** لَمَّا وَقَفَ عَلَى قَلِيبِ بَدْرٍ بخاری اور

**ق** ۱۲۷۹

مسلم مین عبداللہ بن عمر رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ بھلا تم نے سچ پایا جو تمسے تمہارے
رب نے وعدہ کیا پھر حضرت نے فرمایا کہ وہ لوگ ابھی سنتے ہین جو مین کہتا ہون یہ حضرت نے اُس وقت فرمایا
جب بدر کے کنوین پر کھڑے ہوئے ف جب جنگ بدر مین اسلام کی فتح ہوئی تو ستر کافر
گرفتار ہوئے اور ستر مارے گئے حضرت نے انکی لاشون کو کنوئین مین ڈلوا دیا پھر یہہ حدیث فرمائی
اس فصل مین وہ حدیثین ہین فصل فی فعل الامر جنکے سر پر فعل امر کا ہے
ع ابو سعید ائتمونی ولیاتم بکم من بعدکم بخاری مین ابو سعید سے رضہ روایت ہے ۱۷۹۱ خ
کہ حضرت نے فرمایا کہ تم میری اقتدا کرو اور چاہئے کہ تمہاری اقتدا کرین جو تمہارے بعد ہین ف بعضے اصحاب
صف سی پیچھی کھڑے تھے حضرت نے فرمایا آگے بڑھو پھر یہہ حدیث فرمائی یعنی اول صف کے
لوگ نماز مین میری پیروی کرین اور دوسرے صف والے پہلی صف والون کی اقتدا کرین اسی
طرح آخر تک حضرت کا معمول تھا کہ ہوشیار اور دانا اصحاب کو صف اول مین کھڑے کرتے تھے
تاکہ حضرت سے آداب نماز کے سیکھین اور غیرون کو سکھلا دین ق علی ائتوا روضۃ خاخ ۱۷۹۲ ق
فان بها ظعینة معها کتاب فخذوه منها فاتوا به علیا والزبیر والمقداد
ویروی انطلقوا حتی تاتوا روضة خاخ فاتوا به علیا وابا مرثد الغنوی
والزبیر بخاری اور مسلم مین علی مرتضی رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جاؤ شقالو کے
باغ مین سوا بستہ وہان ایک عورت شتر سوار ہے اسکے پاس خط ہے سو اُس سے

اس خط کو لے لو یہہ حضرت نے علی مرتضی اور زبیر اور مقداد سے فرمایا اور دوسری روایت یون ہے
کہ حضرت نے علی مرتضی اور ابو مرثد اور زبیر سے فرمایا چلو یہان تک کہ شقالہ کے باغ مین
جاؤ ف یہہ عورت جاسوسی کا خط حاطب نے سی کہ لے جاتی تہی حضرت کو وحی سے معلوم ہوا اسواسطے
اصحاب کو بھیجکر خط چھنوا لیا باقی قصہ مفصل ہو چکا ق ابن عباس سے اِئْتُونِي بِكِتَابٍ
أَكْتُبْ لَكُمْ كِتَابًا لَا تَضِلُّوا بَعْدَهُ أَبَدًا قالہ فی مرضہ بخاری اور مسلم مین عبداللہ
بن عباس سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ میری پاس کاغذ لاؤ کہ مین تمہاری واسطے نوشتہ لکھہ دون
تاکہ اس تحریر کے بعد تم کبھی نہ بھٹکو یہہ حضرت نی اپنے مرض الموت مین فرمایا ف بخاری مین
عبداللہ بن عباس سے روایت ہے کہ پنجشنبہ کی دن حضرت کی بیماری سخت ہوئی اور درد غالب
ہوا تو حضرت نے فرمایا لاؤ مین تمکو کاغذ لکھہ دون کہ اسکے بعد تم ہرگز مختلف و حیران نہو تو
اصحاب نے کاغذ لانے نلانے مین کھٹکو کی پہر اصحاب نے کہا کہ حضرت کا کیا حال ہے درد سے زبان کیا
بے قابو ہو گئی ہے اسکو حضرت سے تحقیق کرو پہر حضرت سے اس بات کو تحقیق کرنے لگے تو حضرت نے فرمایا
اب مجھکو نہ چھیڑو جسمین اب مین مشغول ہون اس سے بہتر ہے جسکو تم پوچھتے ہو اور حضرت نے انکو تین
چیز کی وصیت کی ایک تو یہہ کہ مشرکین کو عرب کے باہر سے نکال دیجیو اور دوسرے یہہ کہ
ایلچیون سے سلوک کرنا جیسے مین کرتا تہا راوی نی کہا تیسری چیز مجھکو یاد نہین رہی بعضے علمانے
کہا ہے کہ تیسری بات یہہ تہی کہ اسامہ کا لشکر تیار کرکے شام مین بھیجو اور بخاری مین ابن

۱۷۹۳ ق

عباس سے

عباس سے دوسری روایت یون ہے کہ جب حضرت نبی کاغذ مانگا تو بعضی اصحاب نے کہا کہ
حضرت پر درد کی شدت ہے اور ہمارے پاس قرآن موجود ہے ہمکو خدا کی کتاب کفایت کرتی ہے
یعنی لکھنا چنداں ضرور نہین اور بعضون نے کہا کہ کاغذ لاؤ شیعہ اس مقام پر عمر فاروق
رضی اللہ تعالی عنہ پر طعنہ کرتے ہین کہ اُنہون نے کاغذ حضرت کو نہ لکھنے دیا نا فرمانی کی اور کہا
کہ ہمکو قرآن کفایت ہے اسکا یہہ جواب ہے کہ تمہارے فہم کا قصور ہے عمر فاروق پر کوئی مقام
طعن کا نہین سوا اسکے کہ اسوقت حضرت کی کوٹھری مین اکثر اصحاب موجود تھے علی مرتضی بھی اُنمین
شامل تھے اور حضرت نے سب حاضرین سے کاغذ مانگا تھا اگر عمر ہی کاغذ لائے تھے تو علی
مرتضی کا کیا تھا کس نے پکڑا تھا حضرت کے یہان سوای قرآن کے اور کسی چیز کے لکھنے کا دستور
نہ تھا اور قرآن سب پورا ہو چکا تھا سوا اسکے اصحاب کو تامل ہوا تھا اور بعد گفتگو کے
حضرت سے پوچھا تھا لیکن حضرت نبی نہ فرمایا اس سے صاف معلوم ہوتا ہے کوئی امر واجب نہ تھا
اگر واجب ہوتا تو حضرت سکوت نکرتے سوا اسکے کہ تبلیغ احکام کی حضرت پر واجب تھی
علاوہ اسکے حضرت بعد اس گفتگو کے پانچ دن زندہ رہے اگر لکھنا واجب ہوتا تو دوسرے
وقت اسکو ضرور لکھوا دیتے بلکہ صاف معلوم ہوتا ہے جن تین چیزون کی حضرت نبی
وصیت کی اُنہین کو لکھواتے اور یہہ جو عمر فاروق نبی کہا کہ ہمکو قرآن کفایت کرتا ہے
اسکا یہہ مطلب نہین کہ سوای قرآن کے حضرت کی ہدایت کی حاجت نہین بلکہ اسکا یہہ مطلب ہے

کہ اسکے بعد قرآن مین اَکْمَلْتُ لَکُمْ دِیْنَکُمْ کی آیت اُتری یعنی تمہارے دین کو پورا کرچکا
یعنی اب کوئی تازہ حکم دین کا باقی نرہا قرآن اور حدیث مین دین کی تفصیل ہوچکی اسواسطے
عمر فاروق نے حضرت کو عین شدت بیماری مین لکھوانے کی تکلیف دینا مناسب نہ دیکھا
اسکو نافرمانی نہین کہتے بلکہ یہہ عین محبت اور خیرخواہی ہے اسواسطے کہ دستور ہے کہ بیمار مین
اپنے بزرگ اور عزیز کو مشقت سی بچاتے ہین چنانچہ اگر استاد بیمار ہو اور شاگرد کو
سبق پڑہانے کیواسطے بلاوے تو شاگرد بخیال اسکی تکلیف کی سبق سی انکار کرتا ہے
یہہ نافرمانی نہین یہہ سراسر محبت اور دل سوزی ہے **شعر** چشم بد اندیش کہ برکندہ باد
عیب نماید ہنرش در نظر **ف** عَائِشَۃُ ائْذَنُوْا لَہٗ فَلَبِئْسَ ابْنُ الْعَشِیْرَۃِ
اَوْ بِئْسَ رَجُلُ الْعَشِیْرَۃِ وَیُرْوٰی بِئْسَ اَخُ الْقَوْمِ وَابْنُ الْعَشِیْرَۃِ یعنی رَجُلٌ
اِسْتَأْذَنَ عَلَیْہِ بخاری اور مسلم مین حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ ایک مرد نے حضرت
پاس آنیکی اجازت مانگی حضرت نے فرمایا اسکو آنے دو سو برا بیٹا ہے اپنی قوم کا یعنے
اپنی قوم مین برا آدمی ہے یا یون فرمایا کہ اپنی قوم مین برا مرد ہے اور دوسری روایت
یون ہے کہ اپنی قوم کا برا بہائی اور برا بیٹا ہے **ف** حضرت عائشہ سے پوری روایت
یون ہے ایک شخص نے خدمت مین حاضر ہونے کی اجازت مانگی حضرت نے
اسکو اجازت دی اور فرمایا کہ برا آدمی ہے جب وہ حضرت پاس بیٹھا تو حضرت نے اسسے خوش خلقی کی اور گشادہ

پیشانی سی کلام کیا مین نی کہا کہ یا حضرت آپنے تو اسکو بُرا کہا تہا پہر جب وہ آیا تب حضرت نے اس سے
اخلاق کے تو حضرت نے فرمایا کہ اے عائشہ مجکو تو نے بدخلق اور فحش کو کب پایا تہا بدترین خلق سے خدا کے نزدیک
وہ شخص ہے قیامت کے دن جسکی لوگ تعظیم تو ضع کرین اُسکی بدی اور فحش کوئی لکی ڈر سے اس حدیث سے معلوم
ہوا کہ بدذات آدمی کی عزت اور توقیر کرنا اپنی حفظ آبرو کے واسطے درست ہے اور فاسق کی جو بے پردہ
فسق کرتا ہو غیبت کرنا درست ہے تاکہ اور لوگ اسکا حال سنکر عبرت پکڑین ق عَائِشَةُ ۱۷۶ ق
أَذِنِي لَهُ فَإِنَّهُ عَمُّكِ تَرِبَتْ يَمِينُكِ يَعْنِي أَفْلَحَ أَخَا أَبِي الْقُعَيْسِ بخاری
اور مسلم مین عایشہ رضہ سے روایت ہے کہ افلح ابوقعیس کے بہائی کے حق مین مجھسی حضرت نے
فرمایا کہ اسکو آنے دے اسواسطے کہ وہ تیرا شیر نوشی کی رشتی سے چچا ہے تیرا داہنا ہاتہہ خاک
آلودہ ہوا گر تو حکم نمانے ف حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ مین نے ابوقعیس کی جورو کا دودہ
پیا تہا جب عورتون کو پردہ کا حکم ہوا تو افلح ابوقعیس کا بہائی میرے دروازے آیا اور اسنے
گہر مین آنیکی اجازت لی مین نے کہا واللہ مین اسکو اجازت نہ دونگی جب تک کہ حضرت نہ اجازت
دینگے اسواسطے کہ مجھکو ابوقعیس نے دودہ نہین پلایا بلکہ اسکی جورو نی پلایا جب حضرت گہر
مین تشریف لائے مین نے یہہ حال حضرت سے عرض کیا اسوقت حضرت نے یہہ حدیث فرمائی
اسیواسطے حضرت عائشہ فرماتی ہین کہ جو نسب سے حرام ہے وہ شیر خوار کی سی ہی حرام ہے معلوم ہوا
کہ دایہ کے خاوند اور اسکے بہائی اور دایہ کی اولاد سی عورت کو پردہ کرنا ضرور نہین کہ وہ محرم

ہوگئے ق ابو ہریرہؓ ابدأ بمن تعول بخاری اور مسلم میں ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ اول اپنے اہل و عیال سے شروع کر ف یعنی اہل و عیال کا دینا فرض ہے اور غیر کو دینا
نفل اور فرض نفل سے مقدم ہے چنانچہ کلی حدیث میں اسکی تفصیل موجود ہے م جابر ابدأ ۱۷۹۶
بنفسك فتصدق عليها فإن فضل شيئ فلأهلك فإن فضل عن
أهلك شيئ فلذي قرابتك فإن فضل عن ذي قرابتك هكذا وهكذا فبين يديك وعن يمينك وشمالك
الأنصاري حين أعتق غلاما عن دبر يقال ليعقوب مسلم میں جابر سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ اول اپنی ذات سے شروع کر سو اسپر خرچ کر پھر اگر کچھ بچے تو اپنے
اہل و عیال کو دے پھر اگر تیرے اہل عیال سے بچے تو اپنے رشتہ داروں کو دے سو اگر تیرے
رشتہ داروں سے بھی بچے تو اسطرح اور اس طرح یعنی داہنے اور بائیں ہر ایک محتاج کو دے
یہہ حضرت نے ابو مذکور انصاری سے فرمایا جب کہ اُسنے اپنے یعقوب غلام کو آزاد کیا اپنے مرنیکے
بعد لیعنے اُسنے یوں کہا تھا کہ جب میں مر جاؤں تو میرا غلام آزاد ہے ایسے غلام کو مدبر
کہتے ہیں ف مصابیح میں جابرؓ سے روایت ہے کہ ایک انصاری نے اپنے غلام کو مدبر کیا
اور اسکے پاس غلام کے سوا کچھ مال نہ تھا جب حضرت کو یہہ خبر پہنچی تو حضرت نے اُسکا آزاد
کرنا نہ درست رکھا اور فرمایا کہ اسکو کون مول لیتا ہے ایک شخص نے آٹھ سو درم کو مول
لیا پھر حضرت نے وہ درم اس انصاری کو دئے اور یہہ حدیث فرمائی معلوم ہوا کہ محتاجی

ق ۱۷۶۷ خیرات کرنے سے اپنے اہل و عیال کا دینا مقدم ہے اول خویش بعدہ درویش ق
أُمُّ عَطِيَّةَ ابْدَأْنَ بِمَيَامِنِهَا وَمَوَاضِعِ الْوُضُوءِ مِنْهَا ق لِلنِّسَاءِ اللَّاتِي
غَسَّلْنَ ابْنَتَهُ وَهِيَ زَيْنَبُ زَوْجَةُ أَبِي الْعَاصِ بْنِ الرَّبِيعِ وَكَانَتْ أَكْبَرَ
بناتہ بخاری اور مسلم میں ام عطیہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اسکے داہنے طرفوں سے
اور وضو کے مقاموں سے غسل دینا شروع کرو یہ حضرت نے ان عورتوں سے فرمایا جو حضرت کی بیٹی کو
غسل میت دیتی تھیں انکا نام زینب تھا ابو العاص بن ربیع کی بی بی حضرت کی بیٹیوں میں
یہی سب سے بڑی تھیں ف معلوم ہوا کہ میت کا داہنے طرف سے غسل شروع کرنا سنت ہے
اور داہنی طرف میں وضو کے مقاموں کو یعنی منہ اور ہاتھ کو مقدم کرے ق ۱۷۶۸ ق أَبُو ذَرٍّ
أَبْرِدْ أَبْرِدْ أَوْ قَالَ انْتَظِرْ انْتَظِرْ ق لِلْمُؤَذِّنِ بِالظُّهْرِ بخاری اور مسلم میں ابو ذر سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ٹھنڈا ہونے دے ٹھنڈا ہونے دے یا کہ یوں فرمایا کہ انتظار
کر انتظار کر یہ حضرت نے ظہر کی اذان دینے والے سے فرمایا ف یعنی گرمی کے موسم میں ٹھنڈی وقت
اذان دینا اور نماز پڑھنا مستحب ہے ح ۱۷۶۹ ح أَبُو هُرَيْرَةَ أَبْرِدُوا بِالصَّلَاةِ فَإِنَّ شِدَّةَ
الْحَرِّ مِنْ فَيْحِ جَهَنَّمَ بخاری میں ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ٹھنڈے وقت نماز پڑھا کرو
اسواسطے کہ گرمی کی شدت دوزخ کے جوش سے ہے ف یعنی گرمی کے موسم میں ظہر کی نماز میں
تاخیر مستحب ہے تاکہ جماعت زیادہ ہو اور یہ دونوں حدیثیں امام اعظم کے مذہب کی کامل دلیلیں

ق

ہین ق کعب بن مالک ابشر بخیر یوم مر علیک منذ ولدتک امک
قال کہ بخاری اور مسلم ہین کعب بن مالک سی روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ خوش ہو
افضل دن سے جو تجہپر گذرا جیسی کہ تجھکو تیری ماجنایہ حضرت نے کعب سے فرمایا ف کعب جب
تبوک ہین حضرت کے ساتھ نکلے تھے خدا اور رسول کا پنہ پچاس دن عتاب رہا جب انکی
توبہ قبول ہوئی تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی معلوم ہوا کہ مسلمان کے حق ہین بہتر
دن وہی ہے جسدن اس سے خدا راضی ہو ق عمرو بن عوف ابشروا وامّلوا
ما یسرکم فوالله ما الفقر اخشی علیکم ولکنی اخشی علیکم ان تبسط
الدنیا علیکم کما بسطت علی من کان قبلکم فتنافسوها کما تنافسوها
وتهلککم کما اهلکتهم ویروی وتلهیکم کما الهتهم بخاری اور مسلم ہین
عمرو بن عوف سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ خوش ہو اور امید رکھو اسکی جو تمکو خوش کرے
یعنے فتح اسلام کی سو قسم خدا کی مجکو محتاجی کا تمپر ڈر نہین ولیکن ہین تمپر خوف کہتا ہون
دنیا کی کشایش اور بہتایت سے جیسے اگلی امتون پر کشایش ہوئی سو تم دنیا ہین حرص اور
حسد کرو جیسے اونہون نی کیا اور تمکو حب دنیا ہلاک کری جیسے انکو ہلاک کیا اور دوسری
روایت ہے کہ دنیا تمکو غفلت ہین ڈالے جیسا انکو غفلت ہین ڈالا ف بحرین کے
ملک سے حضرت کے پاس مال آیا اسکو سنکے انصار ٹوک صبح کی نماز پڑہکے حضرت کے

سامنے

سامنے ہوئے حضرت سکرائے اور فرمایا شاید کہ تم مال کی خبر سنکے آئے ہو انصاریوں نے
کہا ہاں تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی اور فتح اسلام اور کثرت مال کی بشارت
دی پھر کثرت مال کا فخر فرمایا ق عَائِشَةُ أَبْشِرِي يَا عَائِشَةُ أَمَا اللَّهُ ۱۸۰۳ ق
فَقَدْ بَرَّأَكِ بخاری اور مسلم مین عایشہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ خوش ہو اے عایشہ
خدا نے تو یہ بی بی کہ امنی بیان کردی ف جب کہ حضرت عائشہ پر تہمت ہوئی اور انکی پاکدامنی
مین قرآن اترا تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی ح أَبُو هُرَيْرَةَ أَبْغِنِي أَحْجَارًا أَسْتَفْضِ ۱۸۰۴ ح
بِهَا وَلَا تَأْتِنِي بِعَظْمٍ وَلَا رَوْثٍ بخاری مین ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تلاش
کر لاؤ میرے واسطے پتھر کہ مین اُس سے استنجا کرون اور ہڈی پاس نہ ہو اور گوبر کو ف
معلوم ہوا کہ ڈھیلے سے پاک کرنا پاخانے کے بعد سنت ہے اور ہڈی اور گوبر سے استنجا کرنا درست
نہیں اور اسی طرح کوئلے م انْظُرْ أَبْصَرُوهَا فَإِنْ جَاءَتْ بِهِ أَبْيَضَ سَبْطًا ۱۸۰۵ م
قَضِيَّ الْعَيْنَيْنِ فَهُوَ لِهِلَالِ بْنِ أُمَيَّةَ وَإِنْ جَاءَتْ بِهِ أَكْحَلَ جَعْدًا
أَحْمَشَ السَّاقَيْنِ فَهُوَ لِشَرِيكِ بْنِ سَحْمَاءَ مسلم مین اُس سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ دیکھتے
رہو اُس عورت کو کہ اگر وہ جنے سفید رنگ لڑکا سیدھے بال معیوب آنکھون والا تو ہلال بن اُمیہ کا
لڑکا ہے اور اگر وہ جنے عورت جنے سیاہ چشم لڑکا گھنگرالے بال پتلی پنڈلیون والا تو وہ لڑکا شریک
بن سحما کا ہے ف ہلال بن امیہ نے اپنی جورو کو شریک بن سحما سے عیب لگایا چنانچہ حضرت نے

اُن دونون مین جدائی کر دادی اُسکی جورو حاملہ تہی اِس واسطے حضرت نے اصحاب سے یہہ حدیث
فرمائی جب اُسکے لڑکا پیدا ہوا تو حضرت کو خبر ہوئی کہ شریک بن سحماء ہے یہہ حضرت نے فرمایا
کہ اگر قرآن کا حکم اُسپر جاری ہو گیا ہوتا تو مین اُس عورت پر کچھ حکم کرتا یعنی سزا دیتا
اِس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ شباہت بہی حجت ہے اور یہی مذہب ہے امام شافعی کا لیکن
امام اعظم کے نزدیک قیافہ اور شباہت حجت نہین اور حضرت کو یہہ حال وحی سے معلوم ہوا ہوگا

خ ۱۸۰۶ اُمّ خالد بنت سعید بن العاص وقیل بنت خالد بن سعید ابلی واخلقی ثم ابلی
واخلقی ثم ابلی واخلقی بخاری مین ام خالد سعید بن عاص یا خالد بن سعید کی بیٹی رضہ سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ خدا کرے تو پہن پہاڑے پہر خدا کرے تو پہن پہاڑے پہر خدا کرے تو پہن
پہاڑے ف ام خالد سے روایت ہے کہ حضرت کے پاس بہت کپڑے آئے اُنمین ایک چہوٹی سیاہ
لوئی تہی حضرت نے فرمایا تم جانتے ہو کہ یہہ مین کسکو پہناؤن گا اصحاب چپ رہے پہر حضرت نے

ق ۱۸۰۷ مجہکو بلا کر اپنے ہاتہ سے پہنائی پہر بہہ دعا دی ع عبد اللہ بن عمرو اتقوا
الشح فان الشح اہلک من کان قبلکم مسلم مین عبد اللہ بن عمرو سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ بچو بخیلی سے اسواسطے کہ بخیلی نے تم سے اگلے لوگون کو ہلاک کیا ف آدمی پر
بخل غالب ہوا تو زکوۃ ہی نہ دے سکیگا تو فرض کو ترک کیا اسواسطے لایق عذاب کے ہوا ق
عائشۃ اتقوا النار ولو بشق تمرۃ بخاری اور مسلم مین حضرت عائشہ سے روایت ہے

کہ حضرت

کہ حضرت نے فرمایا کہ بچو دوزخ سے کھجور کی پیالک ہی دیکر سہی ف یعنی کمتر خیرات بھی
دوزخ سے بچاتی ہے م ابوھریرۃ اتقوا اللاعنین قالوا وما اللاعنان
قال الذی یتخلی فی طریق الناس او فی ظلھم مسلم میں ابوہریرہ سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ بچو دو لعنت کرنیوالے کاموں سے اصحاب نے عرض کیا وہ کام لعنت کرنیوالے کون
ہیں حضرت نے فرمایا جو آدمی کہ لوگوں کی راہ میں جا ضرور پھرے یا انکے سائے کے مقام میں ف
راہ اور سایہ دار درخت کی نیچی جا ضرور پھرنا رنج رسانی کا سبب ہے اس واسطے اس دو کام پر لعنت کرتے
ہیں اور بد کہتی ہیں ح انس ائتموا الرکوع والسجود فوالذی نفسی بیدہ انی
لاریکم من بعد ظھری اذا رکعتم واذا سجدتم بخاری میں انس رض سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ پورا رکوع اور سجدہ کیا کرو قسم ہے اس ذات پاک کی جسکے قبضہ
میں میری جان ہے کہ البتہ میں اپنے پس پشت سے دیکھتا ہوں تمکو جب رکوع کرتے ہو اور سجدہ
کرتے ہو ف بعضی دیہات کے لوگ نو مسلم رکوع اور سجدہ میں جلدی کرتے تھے تب حضرت نے
یہہ حدیث فرمائی ح انس اثبت احد فانما علیک نبی وصدیق وشھیدان
ویروی فما علیک الا نبی او صدیق او شھید وکان علیہ النبی
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وابوبکر وعمر وعثمان رضی اللہ عنھم بخاری
میں انس رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تم جا الی احد تجھپر تو پیغمبر ہی ہے اور صدیق

۱۸۰۹ م

خ ۱۸۱۰

خ ۱۸۱۱

اور دو شہید اور دوسری روایت میں یوں ہے بجز تو سوای پیغمبر یا صدیق یا شہید کے
کوئی نہیں اور اُحد کے پہاڑ پر حضرت تھے اور ابوبکر صدیق اور عمر اور عثمان رضی اللہ عنہم ف حضرت
اصحاب کے ساتھ اُحد کے پہاڑ پر تھے سو اسکو جنبش ہوئی تب حضرت نے یہ حدیث فرمائی
چنانچہ پہاڑ تھم گیا یہ معجزہ ہے کہ جیسا حضرت نے فرمایا ویسا ہی ہوا کہ حضرت عمر اور حضرت
عثمان رضہ شہید ہوئے چنانچہ مشہور ہے کہ جنبش پہاڑ کی ازراہ افتخار تھی کہ ایسے بزرگوار نے

۱۸۱۲ ق اسکو متشرف کیا ق اَبُوْھُرَیْرَۃَ اَجِبْ عَنِّیْ اَللّٰھُمَّ اَیِّدْہُ بِرُوْحِ الْقُدُسِ
لِحَسَّانَ بْنِ ثَابِتٍ بخاری اور مسلم میں ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جواب
دے میری طرف سے الٰہی اسکی جبریل سے مدد کر یہ حضرت نے حسان بن ثابت سے فرمایا ف

۱۸۱۳ ق کفار قریش نے حضرت کی ہجو کی تھی تب حضرت نے اسکا جواب حسان سے دلوایا ق اَبُوْھُرَیْرَۃَ
اِجْتَنِبُوا السَّبْعَ الْمُوْبِقَاتِ قَالُوْا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ وَمَا ھُنَّ قَالَ اَلشِّرْکُ
بِاللّٰہِ وَالسِّحْرُ وَقَتْلُ النَّفْسِ الَّتِیْ حَرَّمَ اللّٰہُ اِلَّا بِالْحَقِّ وَاَکْلُ الرِّبٰوا وَاَکْلُ
مَالِ الْیَتِیْمِ وَالتَّوَلِّیْ یَوْمَ الزَّحْفِ وَقَذْفُ الْمُحْصَنَاتِ الْمُؤْمِنَاتِ الْغَافِلَاتِ
بخاری اور مسلم میں ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ سات کبیرہ گناہوں سے
جو ایمان کو ہلاک کر ڈالتی ہیں اصحاب نے کہا یا رسول اللہ وہ کون گناہ ہیں فرمایا کہ خدا کے
ساتھ شرک کرنا اور جادو اور اُس جان کو مارنا جسکا مارنا خدا نے حرام کیا ہے لیکن

حق پر مارنا

خنزیر مارنا درست ہے اور رواج کہانا آدر یتیم کا یعنی بے باپ کے لڑکے کا مال کہانا اور لڑائی کے
دن کافرون سے منہ سے بہاگنا اور خاوند والی ایماندار عورت کو جو بدکاری سے واقف
نہین انکو عیب لگانا ف اگرچہ اس حدیث مین گناہ کبیرہ ہی فرمائے لیکن اور حدیثون مین
زیادہ بھی ثابت ہین اسوقت اتنے ہی گناہون کا ذکر کرنا مصلحت ہوگا ف ۱۸۱۴ ابن
عمر اجعلوا اٰخر صلوتکم باللیل وتر بخاری اور مسلم مین عبداللہ بن
عمر سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اپنی رات کی نماز مین پچھلی نماز وتر کو کرو ف یعنی تہجد کے
بعد وتر چاہئے اور جو شخص کہ کبھی رات کو اٹھتا ہو اور کبھی سو جاتا ہو اسکو لازم ہے
کہ وتر کو عشا کی وقت پڑہ لیا کرے لیکن حضرت کے فعل سے ثابت ہے کہ وتر کے بعد بیٹھکر
دو رکعت پڑھتے تھے ف ۱۸۱۵ ابن عمر اجیبوا ھذا الداعی اذا دعیتم لھا
بخاری اور مسلم مین عبداللہ بن عمر سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اس دعوت کو قبول کیا کرو
جبکہ اسکے واسطے بلائے جاؤ ف یعنی شادی کا کہانا قبول کرنا ضرور ہے خ ۱۸۱۶ عروۃ بن الزبیر
احبس ابا سفیان عند حطم الجبل حتی ینظر الی المسلمین للعباس
بن عبد المطلب یوم الفتح کذا وقع مرسلا وھو من حدیث عائشۃ
عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم بخاری مین عروہ بن زبیر سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
کہ روکے رکھا ابوسفیان کو پہاڑ کے ٹکڑے پاس یا گہوڑون کے ازدحام پاس تاکہ مسلمانون کے

لشکر کو دیکھے یہہ حضرت نی عباس بن عبد المطلب سے فرمایا فتح مکے کے دن یہہ روایت
تو اسی طرح مرسل یعنی عروہ تابعی نی بدون تابعی کے نام سے حدیث روایت کی لیکن
حقیقت مین یہہ روایت حضرت عائشہ سے ہے **ف** باقی قصہ اس حدیث کا اسی
۱۸۱۷ **م** باب مین ہو چکا **م** اَلْمِقْدَادُ اُحْثُوْا فِیْ وُجُوْہِ الْمَدَّاحِیْنَ التُّرَابَ مسلم مین
مقداد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تعریف کرنیوالون کے مونہون مین خاک جھونکو
یعنی کچھہ نہ دو **ف** یعنی مدح اور تعریف اکثر جھوٹہ اور مبالغہ سی خالی نہین ہوتی تو انکو
کچھہ مت دو تاکہ دوبارہ جھوٹہ بولنے کا قصد کرین اور تاکہ تم اپنی مدح سنکر مغرور نہو
اگر کوئی کہے کہ حضرت نے تو اپنے مداحون کو انعام دیا ہے اسکا جواب یہہ ہے کہ حضرت کی جو
مدح تھی سو سب سچ تھی اور اسمین ثواب تھا بخلاف اور دنکی مدح کے کہ ہرگز مبالغہ سے
خالی نہین اس حدیث مین اس مداح کی مذمت ہے جسنے مداحی کو اپنی روزی کا پیشہ مقرر کیا
اور اگر کوئی شخص کسی دیندار شخص کی سچی مدح بے طمع دنیا کے کرے تو درست ہے تاکہ اور لوگ
۱۸۱۸ **م** ممدوح کے نیک عمل مین اقتدا کرین غرض کہ وہی مدح درست نہین جسمین طمع دنیا ہو یا جھوٹہ
**م** اَبُوْھُرَیْرَۃَ اِحْشُدُوْا فَاِنِّیْ سَاَقْرَءُ عَلَیْکُمْ ثُلُثَ الْقُرْاٰنِ فَحَشَدَ مَنْ
حَشَدَ ثُمَّ خَرَجَ فَقَرَاَ قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ مسلم مین ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ تم لوگ ایک جا ہو کہ مین اب قرآنکی تہائی پڑھونگا سو جمع ہوئے جسکو جمع ہونا تھا

۱۸۱۹ م

پہر حضرت کہر سی نکلے پہر قبل ہوا اللہ اصد پڑھا م ابو قتادہ احفظ علیک میضاتک
فسیکون لھا نبأ فالہ سحر لیلۃ التعریس سلم مین ابو قتادہ سی روایت ہے کہ حضرت نے
مجھسے فرمایا کہ تہا تنے زہ اپنے وضو کے برتن کو اسکا کچھ حال ظاہر ہونا ہے یہہ حضرت نے
اس رات کی صبح کی وقت فرمایا جس رات کی پچھلے وقت مقام ہوا تہا ف صبح کو حضرت نے
یہہ فرمایا اور ذکو پیاس غالب ہوئی اور پانی نہ تہا اسی برتن سی پانی لینے لگا ابو قتادہ پلانے
لگے یہان تک کہ تمام لشکر آسودہ ہو گیا اس حدیث سے دو معجزے ثابت ہوا ایک تو پانی کا
جوش کرنا دوسرے آیندہ کی خبر دینا غ جابرا اخبرذلک ابن الخطاب فالہ لجابر لما ۱۸۲۰ ع
اخبرہ بقضاء دینہ بخاری مین جابر رضہ سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اسکی خبر دے خطاب کے
بیٹے یعنی عمر فاروق کو یہہ حضرت نے جابر رضہ سے فرمایا جب کہ جابر نی اپنے قرض ادا ہونیکی حضرت کو
خبر دی ف جابر کے باپ جنگ اُحد مین شہید ہوے اُنپر بہت قرض تہا جتنا خرما انکے
باغ مین ہوا اُنہون نی چاہا کہ قرض خواہون کو دین قرض بہت تہا اور خرما کم اُنہون نے
قبول نہ کیا جابر نے حضرت سے سفارش کروائی قرضخواہ یہودی تہے اُنہون نے نمانا حضرت نے
جابر سے فرمایا کہ تو ہر قسم کے خرمون کو علیحدہ علیحدہ ڈہیر کر جب جابر نے ڈہیر لگائے تو حضرت
ایک بڑے ڈہیر کے گرد گہومے اور اُسکے اوپر جا کر بیٹھے پہر جابر سے فرمایا کہ قرضخواہون کو
تول تول کے دینا شروع کر جابر نے دینا شروع کیا یہان تک کہ سب قرض ادا ہو گیا جابر سے

روایت ہے کہ باوجودی کہ سب قرض ادا ہوا لیکن وہ ڈھیر سب اسی طرح پر تھا کچھ کمی اسمین
نہوئی جابر نے کہا یا حضرت سب قرض ادا ہو چکا تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنی عمر فاروق
اس حال کی خبر کردے اسواسطی کہ عمر فاروق کو جابر کے قرض ادا ہونیکی بڑی فکر تہی جب
جابر نے عمر فاروق کو خبر دی انہون نے کہا کہ جب حضرت تشریف لے گئے تہے اسوقت
ق ۱۲۲۱ مین جان گیا تہا کہ اب ضرور برکت ہوگی ق عَائِشَةُ اُدْعِي لِي اَبَا بَكْرٍ اَبَاكِ وَ
اَخَاكِ حَتّٰى اَكْتُبَ كِتَابًا فَاِنِّي اَخَافُ اَنْ يَّتَمَنّٰى مُتَمَنٍّ وَيَقُوْلُ قَائِلٌ اَنَا اَوْلٰى
وَيَاْبَى اللّٰهُ وَالْمُؤْمِنُوْنَ اِلَّا اَبَا بَكْرٍ بخاری اور مسلم مین حضرت عائشہ سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ بلا لاے میرے پاس اپنے باپ ابوبکر اور اپنے بہائی کو تاکہ مین انکو نوشتہ لکہہ دون
یعنی خلافت نامہ اسواسطی کہ مین خوف کرتا ہون کہ آرزو کری کوئی آرزو کرنیوالا یا کہے
کوئی کہنے والا کہ مین لایق تر ہون خلافت کا اور نہ مانے گا خدا اور مسلمان لوگ مگر ابوبکر کو
ف اول حضرت نے چاہا تہا کہ صدیق اکبر کو خلافت نامہ لکہہ دین تاکہ دوسرے کو دعوی نہ ہے
پہر تقدیر اور اجماع مومنین پر چہوڑا یعنی تقدیر مین تو یہی ہے کہ صدیق اکبر خلیفہ ہون گے
اور اجماع مومنین بہی انہین کی خلافت پر ہوگا پہر لکہنا کیا ضرور ہے اس حدیث سے صاف
ق ۱۲۲۳ معلوم ہوا کہ سواے صدیق اکبر رض کے کسی کی خلافت حضرت کو منظور نہ تہی ق عَائِشَةُ
اُذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ وَكُلُوْا بخاری اور مسلم مین حضرت عائشہ سے روایت ہے

کہ حضرت نے

کہ حضرت نے فرمایا کہ تم ذکر کر لیا کرو خدا کے نام کو اور کہا یا کرو ف حضرت عائشہ نے کہا یا رسول
اللہ چند قوم ہیں کہ تازہ ایمان لائے ہیں ہمارے پاس گوشت لاتے ہیں ہم نہیں جانتے کہ ذبح کے وقت
خدا کا نام لیتے ہیں یا نہیں تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنے اہل اسلام پر خیر گمان کیا
چاہئے وہ لوگ خدا کے نام کو ذبح کیوقت نہ ترک کرتے ہونگے تم اپنے رفع شبہ کے واسطے خدا کا
نام لے لیا کرو اور یہہ مطلب نہیں کہ اگرچہ انہوں نے ذبح کیوقت خدا کا نام نہ لیا ہو تو بھی تمہاری
بسم اللہ کہنی سی پاک ہو جاویگا اسواسطے کہ بسم اللہ کہنا ذبح کے وقت شرط ہے ق ۱۸۲۳
اَنْ اُذْکُرُوا اسْمَ اللّٰہِ وَلْیَاْکُلْ کُلُّ رَجُلٍ مِمَّا یَلِیْہِ بخاری اور مسلم
میں انس سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ کھانے کے وقت بسم اللہ کہا کرو اور چاہئے کہ ہر ایک
شخص اپنے قریب سے کھایا کرے ف یعنے رکابی کے بیچ سے نکھاوے اور نہ دوسری طرف سے
بلکہ اپنی طرف سی ق عَائِشَۃُ اذْھَبْ فَاحْثُ فِیْ اَفْوَاھِھِنَّ مِنَ التُّرَابِ یعنی لِنِسَاءِ
جَعْفَرِ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ حِیْنَ اَکْثَرْنَ الْبُکَاءَ عَلَیْہِ قَالَ لِرَجُلٍ قَالَ لَقَدْ غَلَبْتَنَا
یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ بخاری اور مسلم میں حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جا
اور انکے منہہ میں خاک جھونکدی یعنی جعفر بن ابی طالب کے عورتوں کے جب کہ انہوں نے بکثرت
زور زور سی جعفر پر رونا شروع کیا یہہ حضرت نے اس مرد سے فرمایا جسنے کہا تھا یا رسول اللہ عورتیں
ہمپر غالب ہوگئیں یعنی کہنا نہیں مانتیں اور رونے سی باز نہیں رہتی ہیں ف جعفر ظہار کو

ق ۱۸۲۴ بحوالہ شرح حسنت

حضرت نی لڑائی پر بھیجا تہا جب اُنکی شہادت کی خبر آئی تو حضرت کو بہت غم ہوا اور جعفر کے
گہر کی عورتین نوحہ کرکے رونے لیکن ایک شخص نے حضرت کو اس حال کی خبر دی حضرت نے فرمایا
کہ اُنکو جاکر باز رکہہ اُسنے جاکر منع کیا عورتون نی نمانا اُس نی پہر حضرت سے عرض کی کہ نہین مانتی
ہین حضرت نی فرمایا کہ پہر جا اور منع کر اسی طرح تین بار حضرت نے اُسکو بھیجا اُس نے کہا کہ یا حضرت
عورتین نہین مانتی ہین اور ہمپر غلبہ کرتی ہین تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی اور عورتون پر
غصہ کیا اِس حدیث سے نوحہ کری اور چلّا کر رونیکی حرمت بتاکید تمام ثابت ہوئی ق ابو ہریرہ ۱۸۲۵
اِذْهَبْ فَاطْعِمْهُ اَهْلَكَ يَعْنِي عَرَقًا فِيهِ تَمْرٌ فَالرَّجُلُ الَّذِي اَصَابَ اَهْلَهُ فِي
رمضان بخاری اور مسلم مین ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جا اور اپنے گہر والونکو
کہلا یعنی اُن کھجورون جو ٹوکرے مین تہین یہہ حضرت نے اُس مرد سے فرمایا جسنے اپنے جورو سے
رمضان مین صحبت کی تہی ف ایک مرد آیا اُسنی کہا کہ یا حضرت مین ملاک ہوا حضرت نے
فرمایا کہا ہوا اُسنی کہا کہ مین نے رمضان مین اپنی عورت سے صحبت کی اور مین روزہ دار
تہا حضرت نے فرمایا غلام آزاد کر اُسنے کہا مجہکو مقدور نہین حضرت نے فرمایا تو دو مہینے
برابر روزے رکہہ اُسنی کہا مجہکو طاقت نہین حضرت نے فرمایا تو ساٹہ محتاجون کو کہانا دے
اُسنے کہا کہ مجہکو مقدور نہین حضرت نے فرمایا تو بیٹہہ جا تہوڑی دیر کے بعد حضرت کے پاس ٹوکرا
بہر کے کہجورین آئین حضرت نے اُسسے فرمایا اِسکو لیجا اور محتاجون کو دے اُسنے کہا کہ یا حضرت

مدینے مین مجھسے زیادہ ترکوئی محتاج نہین حضرت نے تبسم کیا پھر یہہ حدیث فرمائی کفارہ
غیرکو دینا چاہیے خود کھانا درست نہین اسواسطے بعضی علمانی کہا ہے کہ یہہ حدیث منسوخ ہے
اور بعضون نی کہا ہے کہ اسی شخص کو یہہ حکم خاص ہے اور بعضون نی کہا کہ حضرت نے اسکی محتاجی
دیکھکر اسکو بطور قرض دیا تھا یعنی جب مقدور ہو تو کفارہ ادا کرنا چاہیے ق سَهْلُ
بْنُ سَعْدٍ اِذْهَبْ فَقَدْ مَلَّكْتُهَا بِمَا مَعَكَ مِنَ الْقُرْاٰنِ بخاری اور مسلم مین
سہل بن سعد سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جا مین نے تجھکو اس عورت کا مالک کر دیا قرآن یاد
کروانیکے بدلے پر ف یعنی عورت کو قرآن یاد کروا دینا ہی اسکا مہر ہے باقی قصہ مفصل ہو چکا

ق عَائِشَةُ اِذْهَبُوْا بِخَمِيْصَتِيْ هٰذِهٖ اِلٰى اَبِيْ جَهْمٍ وَاْتُوْنِيْ بِاَنْبِجَانِيَّتِهٖ اِلَيَّ فَاِنَّهَا اَلْهَتْنِيْ اٰنِفًا عَنْ صَلٰوتِيْ بخاری اور مسلم مین حضرت عائشہ سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ میری اس سیاہ لوئی دھاری دار کو ابوجہم پاس لیجاؤ اور میرے پاس ابوجہم کی
موٹی کملی لے آؤ اسواسطے کہ اسنے مجھکو ابھی نماز مین غافل مین کر دیا ف ابوجہم نے
باریک سیاہ کملی جو کھونٹی جسکے دونون کنارون پر دھاریان تھین حضرت کو بھیجدین
حضرت نی اسکو اوڑھ کی نماز پڑھی پھر نماز کے بعد یہہ حدیث فرمائی یعنی اسکی عمدگی اور
نقش کاری نی خشوع اور خشوع خلل ڈالا اسواسطے حضرت نے اسکو پھیر دیا اور اسکے عوض موٹی
کملی منگوائی تاکہ انکی خاطر شکنی نہو معلوم ہوا کہ جو لباس کہ نماز مین خلل ڈالے اور دھیان

ف ۱۲۲۶

ق ۱۲۲۶

بٹاوے اسکا پہنا کروہ ہے اور اسی طرح مسجد اور جانماز کی نقشکاری مکروہ ہے کہ مقر

۱۸۲۹ ق دعیان بٹاتا ہے ق عِمْرَانُ بْنُ حُصَيْنٍ اذْهَبِي فَاطْعِمِي هٰذَا عِيَالَكِ وَاعْلَمِي
معجزہ زیادتی آب. اَنَّا لَمْ نَرْزَاْ مِنْ مَاءِكِ زَادَ الْبُخَارِيُّ شَيْئًا وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَسْقَانَا قَالَهُ صَحَاءَ لَيْلَةَ
التَّعْرِيْسِ لِذَاتِ الْمَزَادَتَيْنِ بخاری اور مسلم بن عمران بن حصین سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
کہ جا اور اس طعام کو اپنے گھر والون کو کھلا اور دریافت کرلے کہ ہم نے تیرا پانی کچھ بھی نہین
کم کیا ولیکن خدا تعالی نے ہمکو پانی پلایا یہہ حضرت نے لیلۃ التعریس کے پہر دن چڑھے دو پہیال
والی عورت سے فرمایا ف حضرت کسی سفر مین تھے گرمی کی شدت ہوئی اور پیاس لوگون پر
غالب ہوئی پانی کہین نہ تہا اصحاب نے یہہ حال حضرت سے کہا حضرت نے دو شخص کو پانی تلاش
کرنیکے واسطے بہیجا اُنہون نے دیکہا کہ یہہ عورت شتر سوار پانی کی پہیال لادے چلی جاتی ہے
اسکو حضرت پاس لائے حضرت نے پہیال سے پانی لیکر لوگون کو پلانا شروع کیا یہان تک کہ
لوگ سیر ہو گئے اور وہ پہیالین اسی طرح پانی سے لبریز تہین پہر حضرت نے فرمایا کہ اس
عورت کو کچہ دو کسی نے کہجور کسینے آٹا کسی نے ستو اسکو دیئے تب حضرت نے اس عورت سے

۱۸۳۰ م یہہ حدیث فرمائی م اَلْمِسْوَرُ بْنُ مَخْرَمَةَ ارْجِعْ اِلٰى ثَوْبِكَ فَخُذْهُ وَلَا تَمْشُوا
عُرَاةً ق لَهُ مسلم بن مسور بن مخرمہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ لپٹ جا اپنے
کپڑے کی طرف سو اسکو لے اور نہ چلا کرو ننگے یہہ حضرت نے مسور سے فرمایا ف مسور سے

روایت ہے

روایت ہے کہ میں بیماری پتھر اٹھائے لئے جاتا تھا میرا تہبند کھل پڑا میں اسکو باندھ سکا
اور برہنہ اسکو لے گیا تب حضرت نے یہ حدیث فرمائی اس حدیث سے ثابت ہوا کہ ستہ
۱۸۳۰ م عورت فرض ہی ہے **م** عُمَرُ ارْجِعْ فَاَحْسِنْ وُضُوْءَكَ **قا** لِرَجُلٍ تَوَضَّاَ فَتَرَكَ
مَوْضِعَ ظُفُرٍ عَلٰى قَدَمِهٖ فَرَجَعَ فَتَوَضَّاَ ثُمَّ صَلّٰى سلم میں عمر فاروق سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ پلٹ جا سو اچھی طرح سے اپنا وضو کر یہ حضرت نے اس مرد سے کہا
جسنے وضو کیا اور ایک ناخن برابر اپنے قدم کو خشک چھوڑا پھر وہ شخص پلٹا سو اسنے
وضو کیا پھر نماز پڑھی **ف** معلوم ہوا کہ بعضا وضو کی اندک خشکی بھی وضو کو باطل
کرتی ہے **ق** اِبْنُ عَبَّاسٍ ارْجِعْ فَحُجَّ مَعَ امْرَاَتِكَ **قا** لِرَجُلٍ قَالَ اِنِّیْ كُتِبْتُ
۱۸۳۱ ق وَيُرْوٰى اكْتُتِبْتُ فِیْ غَزْوَةِ كَذَا وَكَذَا وَامْرَاَتِیْ حَاجَّةٌ بخاری اور مسلم میں
عبداللہ بن عباس سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ پلٹ جا اور اپنی جورو کے ساتھ حج کر
یہ حضرت نے اس مرد سے کہا جسنے کہا تھا کہ یا حضرت میرا نام فلانی اور فلانی لڑائی میں لکھا
گیا اور میری جورو حج کو جاتی ہے **ف** اس حدیث سے معلوم ہوا کہ عورت کو بدون اپنے
خاوند یا محرم کے حج کرنا درست نہیں **ق** اَبُوْ هُرَيْرَةَ ارْجِعْ فَصَلِّ فَاِنَّكَ لَمْ تُصَلِّ
۱۸۳۲ ق بخاری اور مسلم میں ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ پلٹ جا پھر نماز پڑھ اسواسطے
کہ تیری نماز نہیں ہوئی **ف** حضرت مسجد میں تھے ایک شخص نماز پڑھ کے چلا حضرت کو

سلام کیا حضرت نی سلام کا جواب دیا اور فرمایا کہ تو اپنی نماز پھر پڑھ تیری نماز نہین ہوئی
اس شخص نی پھر جلدی جلدی نماز پڑھی اور سلام کہ کے چلا حضرت نی فرمایا کہ پھر نماز
پڑھ تیری نماز نہین ہوئی اسیطرح تین بار اُسنے نماز پڑھی پھر اُسنے کہا خدا کی قسم مجھکو
اِسسے زیادہ بہتر نہین پڑھ آتی تب حضرت نی فرمایا کہ جب نماز کے واسطے کھڑا ہوا کر تو اللہ
اکبر کہا کر پھر پڑھ کر جو کچھ کہ تجھکو قرآن سی یاد ہو پھر رکوع کیا کر آرام اور تسکین سے پھر سر
اُٹھایا کر یہان تک کہ خوب سیدھا کھڑا ہو جاوے پھر سجدہ کیا کر اطمینان پھر سر اُٹھایا کر
اطمینان سے پھر بیٹھا کر پھر اسی طرح ہر رکعت مین کیا کر اس حدیث سے معلوم ہوا کہ تین ارکان
نماز مین واجب کہ نہایت جلدی کرنے سی نماز باطل ہو جاتی ہے یا کراہت ہے

ف ۱۲۲ عَائِشَةُ أَرْضِعِيهِ تَحْرُمِي عَلَيْهِ وَيَدُهُ مَعَ الَّذِي فِي نَفْسِ أَبِي حُذَيْفَةَ قَالَ لِسَهْلَةَ بِنْتِ سُهَيْلٍ وَهِيَ امْرَأَةُ أَبِي حُذَيْفَةَ قَالَتْ يَا رَسُولَ اللهِ إِنِّي أَرَى فِي وَجْهِ أَبِي حُذَيْفَةَ مِنْ دُخُولِ سَالِمٍ فَقَالَ أَرْضِعِيهِ قَالَتْ وَكَيْفَ أُرْضِعُهُ وَهُوَ رَجُلٌ كَبِيرٌ فَتَبَسَّمَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ قَدْ عَلِمْتُ أَنَّهُ رَجُلٌ كَبِيرٌ بخاری اور مسلم مین حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ تو اپنا دودھ پلا دے سالم کو تاکہ تو اُسپر حرام اور نا جائز ہو جاوے اور وہ کھٹکا بھی جاتا
رہے گا جو ابو حذیفہ کے جی مین آتا ہے یہ حضرت نے سہلہ مسہیل بن عمر کی بیٹی سے فرمایا

جب کہ سنے کہا کہ یارسول اللہ مین ابو حذیفہ کے منہہ پر کچھہ کراہت سے دیکھتی ہون سالم کے
اندر آنے سے تب حضرت نے فرمایا تو اسکو اپنا دودہ پلا دے سنے کہا اور کیونکر اسکو پلاؤن
اور حالانکہ وہ بڑا مرد ہے یعنی اپنی چھاتی سے جوان مرد کو کیونکر پلاؤن تو حضرت نے
تبسم کیا اور فرمایا البتہ مین نے جانا ہے کہ وہ جوان مرد ہے یعنی چھاتی سے پلانا ضرور نہین جو
انجھکو حیرانی ہے کسی طرح مین کرکے پلا دے ف ابو حذیفہ کا سالم آزاد غلام تہا انکو اسکے
اندر لیجانے کا ان بانتہا سو اسلئے حضرت نے یہہ تدبیر بتلائی شیر خوارگی سی حرمت طفلی مین
ثابت ہوتی ہے جوانی مین نہین چنانچہ اور احادیث مین ظاہر ہے تو اس حدیث کا حکم سالم کو
خاص ہے یا کہ یہہ حکم منسوخ ہے م ۱۸۳۳ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ صلعم ایاکم والشیم فان اللہ عنی
عنک وعن نذرک سلم مین ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ سوار ہوا سے بڈھے
اسواسطے کہ خدا تجھسے اور تیری نذر سے بے پروا ہے ف حضرت نے ایک بڈھے کو دیکھا
کہ پیدل جاتا ہے اور دو طرف اسکے دو بیٹے ٹیکتے ہلتے جاتے ہین حضرت نے پوچھا اسکا
کیا سبب ہے لوگون نے کہا کہ اسنے پیادہ چلنے کی بیت اللہ کو نذر کی ہے تب حضرت نے
یہہ حدیث فرمائی یعنی کیون اپنے تئین مصیبت مین ڈالتا ہے خدا کو اسکی کچھہ پروا نہین
معلوم ہوا کہ جب طاقت نہو تو نذر کا ادا کرنا واجب نہین م ۱۸۳۴ جابر رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ صلعم
اذا دخلت لیلا فلا تاتین اہلک حتی تستحد المغیبۃ وتمتشط الشعثۃ ل عن سعید عن

رکوب الهدی مسلم مین جابر رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ سوار ہو کے قربانی کے
اونٹ پر دستور سے یعنی حاجت سے زیادہ اسکو تکلیف مت دے سوار ہونا اسوقت
درست ہے کہ جب تو مضطر ہو اسکی طرف یہانتک کہ تجھکو دوسرا سواری ملے یہ حضرت نے
اسوقت فرمایا کہ جب کسی بیت اسے جانے والے نے قربانی کا مسئلہ پوچھا ق ام سلمۃ استروا
لها فارتها النظرة ق لما حين رأى جارية في بيت ام سلمة في وجهها
سفعة بخاری اور مسلم مین حضرت ام سلمہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اسکے واسطے
جہاڑ پہونک کراؤ کہ اسکی نظر لگی ہے یہ حضرت نے اسوقت فرمایا جب کہ حضرت ام سلمہ کے
گہر مین ایک لڑکی کے منہ پر زردی دیکھی ف اس حدیث سے معلوم ہوا کہ نظر کی تاثیر درست ہے
اور قرآن اور اسماء الٰہی سے جہاڑ پہونک کرنا جائز ہے لیکن جسمین شرک کا مضمون ہو
اسکے معنے غیر معلوم ہون تو ہرگز درست نہین م جابر استكثروا من العيال
فان الرجل لا يزال راكبا ما انتعل مسلم مین جابر رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
کہ جوتیان پہننے کی زیادہ تر عادت کرو اسواسطے کہ آدمی جب تک جوتا پہنے رہتا ہے سوار
بنا رہتا ہے ف عرب مین دیہات کے لوگون کو جوتا پہننے کی کم عادت تھی اسواسطے حضرت نے
انکو پہننے کی خصوصا انکو جہاد اور سفر اکثر رہتا تھا تو اس سبب سے زیادہ تر حاجت تھی کہ جوتا
پہن کے آدمی سوار کی طرح چلنے پھرنے مین مضبوط ہو جاتا ہے ق ابو هريرة استوصوا

بالنساء فان المراۃ خلقت من ضلع وان اعوج ما فی الضلع اعلاہ فان
ذھبت تقیمہ کسرتہ وان ترکتہ لم یزل اعوج فاستوصوا بالنساء بخاری
اور مسلم مین ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ میری وصیت قبول کرو عورتونکے مقدمہ مین
اسواسطے کہ عورت پیدا ہوئی ہے پسلی سے اور مقررپسلی مین زیادہ تر کجی اوپر کی طرف مین ہے
سو اگر تو اسکا سیدہا کرنا چاہے گا توڑ دیگا اور اگر اسکو چھوڑ دیگا تو ہمیشہ کج بنی رہے گی
سو میری نصیحت مانو عورتونکے مقدمہ مین ف حضرت حوا حضرت آدم کی پسلی سے پیدا ہوئین
تو عورت کی اصل پسلی ٹہری اور پسلی کا بالکل سیدہا ہونا ممکن نہین تو عورت کا بالکل راستہ ہونا اور
اسکی سب عادتین بدلنا محال ہے اسیواسطے حضرت نے اپنے حقین اپنی امت کو وصیت کی کہ مرد عاقل کو
لازم ہے کہ عورت سے اپنا مطلب نکالے اور اسکی بدمزاجی پر صبر کری اور ٹال جایا کرے حکمت کی
چال چلے نہ اُسسے بالکل غافل ہو جاوی کہ ناہموار بنی رہے نہ ہر بات مین مواخذہ کری کہ زندگی
تلخ ہو اور آخر کو طلاق کی نوبت پہنچے خلاصہ یہہ کہ مقدمات خانہ داری مین عورتکی رعایت رکھے
لیکن شرک اور کفر اور ترک فرائض مین اور کبیرہ گناہون مین اسکی رعایت ہرگز نچاہئے ق
ابوھریرۃ اسرعوا بالجنازۃ فان کانت صالحۃ قربتموھا الی الخیر وان
انکانت غیر ذلک کان شرا تضعونہ عن رقابکم بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ رضہ سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جلد لیجایا کرو جنازے کو سواسطے کہ اگر مردہ نیک ہے تو اسکو

ق ۱۳۸

نمنے پہنچی سے نزدیک کردیا یعنی قبر مین جاکر ثواب پاویگا اور اگر نیک نہین تو تم نی اپنی گردن سے
شر کو اُتارا ف اس حدیث سے معلوم ہوا کہ کفن اور دفن مین جلدی کرنا مستحب ہے ق الزبیر ۱۳۹
اِسْقِ یَا زُبَیْرُ ثُمَّ اَرْسِلِ الْمَاءَ اِلٰی جَارِکَ بخاری اور مسلم مین زبیر رضی سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ اے زبیر تو اپنے کھیت کو سینچ لے پھر چھوڑ دے پانی کو اپنے ہمسایہ کی طرف ف
خلاصہ یہ کہ جسکا کھیت پانی کے قریب ہو وہ پہلے اپنا کھیت سینچے اسکے بعد جو اسکے پاس ہو وہ سینچے
م ابوھریرۃ اُسْکُنْ حِرَاءُ مَا عَلَیْکَ اِلَّا نَبِیٌّ اَوْ صِدِّیْقٌ اَوْ شَھِیْدٌ وَعَلَیْہِ النَّبِیُّ ۱۸۴
صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ وَاَبُوْبَکْرٍ وَعُمَرُ وَعُثْمَانُ وَطَلْحَۃُ وَالزُّبَیْرُ وَ
سَعْدُ بْنُ اَبِیْ وَقَّاصٍ وَرُوِیَ اِھْدَأْ وَعَلَیْہِ اَبُوْبَکْرٍ وَعُمَرُ وَعُثْمَانُ وَعَلِیٌّ
وَطَلْحَۃُ وَالزُّبَیْرُ جسمین ابوہریرہ رضی سے روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ ٹھہر جا ای حرا سو تجھپر تو
سوای نبی اور صدیق اور شہید کے کوئی نہین اور اُس پہاڑ یعنی حرا پر حضرت تھے اور ابوبکر اور عمر اور عثمان
اور طلحہ اور زبیر اور سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہم تھے اور دوسری روایت یون ہے کہ حضرت نے فرمایا
کہ تھم جا اور ہٹ ابوبکر اور عمر اور عثمان اور علی اور طلحہ اور زبیر رضی اللہ عنہم تھے ف ابوبکر کا لیق
ہونا عالم پر ظاہر ہے باقی نبر گوار شہید ہین سوای سعد بن ابی وقاص کے کہ وہ اسمہال کی
بیماری سی مرے تو وہ بھی شہیدون مین داخل ہوئے چنانچہ اور حدیث مین آیا ہے کہ
م ابوھریرۃ اِسْمَعُوْا اِلٰی مَا یَقُوْلُ سَیِّدُکُمْ کہ جو اسہال سے مرے وہ بھی شہید ہے ۱۸۴۱

انہ لغیور

اِنَّهٗ لَغَیُوْرٌ وَاَنَا اَغْیَرُ مِنْهُ وَاللّٰهُ اَغْیَرُ مِنِّیْ یعنے بسیّد کم سعد بن عبادہ

مسلم مین ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نبی فرمایا کہ سنو اپنے سردار کے قول کو مقررہ غیرت دار

ہے اور مین اُس سے زیادہ تر غیرت دار ہون اور خدا مجھسے بھی زیادہ تر غیرت دار ہے

سردار سے مراد سعد بن عبادہ ہے ف سعد بن عبادہ انصاریون کے سردار تھے اُنہون نے حضرت سے کہا

یارسول اللہ اگر مین اپنی جورو کے پاس اجنبی مرد کو پاؤن تو اُسکو چھوڑکے چار گواہ تلاش کرلاؤن

حضرت نے فرمایا کہ ہان یعنی زنا کا دعوی اُسیوقت ثابت ہوگا جب چار گواہ ہون سعد نے

کہا یہہ کہنکر ہرگز قسم کہاتا ہون اس ذات پاک کی جسنے تجھکو دین حق پر بھیجا کہ اگر اُس حالت مین

مین ہون تو تلوار ہی مارون تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنے قول غیرت کے سبب سے ہے

اور غیرت خدا اور رسول کو پسند ہے اِس حدیث سے معلوم ہوا کہ بدکاری کے وقت قتل کرنے سے

خدا سے گناہ نہین لیکن اگر گواہ نہون گے تو حاکم قصاص لیویگا ۱۸۴۳ م وَائِلُ بْنُ حُجْرٍ

اِسْمَعُوْا وَاَطِیْعُوْا فَاِنَّمَا عَلَیْهِمْ مَا حُمِّلُوْا وَعَلَیْکُمْ مَا حُمِّلْتُمْ ۱۸۴۴ م لِسَلَمَةَ

بْنِ یَزِیْدَ الْجُعْفِیِّ سلم مین وائل بن حجر سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ کہنا سنو اور اطاعت

کرو اپنے بادشاہون کی اسواسطے کہ اُنپر فرض ہے جسکا بوجھ اُنپر ہے اور تمپر فرض ہے جسکا

بوجھ تمپر ہے یہہ حضرت نے سلمہ بن یزیدسی فرمایا ف سلمہ نے کہا کہ یا حضرت اگر ہمارے ایسی سردار

ہون کہ ہم سے اپنی اطاعت لیوین اور ہمارا حق نہ دیوین تو اسوقت مین ہم کیا کرین تب حضرت نے

یہہ حدیث فرمائی یعنی اگرچہ وہ ظلم کرین تو بہی تمپر اطاعت واجب ہے اگر وہ عدالت کرینگے
تو خدا اُسی سمجھ لیگا ف ۸۴۴ اُمُّ الْحُصَیْنِ اسْمَعُوا وَاَطِیْعُوا وَاِنِ اسْتُعْمِلَ عَلَیْکُمْ
عَبْدٌ حَبَشِیٌّ کَاَنَّ رَاْسَہٗ زَبِیْبَۃٌ بخاری اور مسلم مین ام الحصین سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
کہ کہنا مانو اور اطاعت کرو اگرچہ حبشی غلام تمپر سردار ہووے گویا کہ اسکا سر اسکا سیاہ منقی ہے
ف غلام حبشی کا خلیفہ اور بادشاہ ہونا درست نہین تو اس حدیث مین ریاست جزی مراد
ہے یعنی اگر حبشی تمہارا جمعدار یا صوبہ دار ہو تو اسکی بہی اطاعت ضرور ہے اگرچہ بد ظاہر اور
کم لیاقت ہو اسواسطے کہ اسکی اطاعت درحقیقت خلیفہ کی اطاعت ہے جسنے اسکو سردار بنایا
ف ۸۴۵ عَائِشَۃُ اِشْتَرِیْہَا فَاَعْتِقِیْہَا فَاِنَّمَا الْوَلَاءُ لِمَنْ اَعْتَقَ بخاری اور مسلم مین
حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تو اس لونڈی کو مول لے پہر اسکو آزاد کردے اسواسطے
کہ آزاد لونڈی غلام کے مال کا وہی وارث ہوتا ہے جو آزاد کرے ف ایک لونڈی کو
حضرت عائشہ نے چاہا کہ مول لیوین اور آزاد کرین اسکے مالکون نے کہا کہ ہم اس شرط پر بیچتے ہین
کہ اسکی وراثت کا حق ہمکو ملے تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنے وراثت کا حق آزاد کرنیوالے کو
ف ۸۴۶ چاہئے اسکے مالک احق شرط کرتے ہین ف اَبُوْ مُوْسٰی اَشَرْنَا مِنْہُ وَاَفْرَغَ عَلٰی
وُجُوْہِکُمَا وَنُحُوْرِکُمَا وَاَبْشِرَا یَعْنِیْ مِمَّا اجْتَمَعَ مِنْ وَضُوْئِہٖ بَعْدَ مَا مَجَّ
فِیْہِ قَالَ لِاَبِیْ مُوْسٰی وَبِلَالٍ بخاری اور مسلم مین ابو موسیٰ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا

کہ تم دونوں اس پانی کو پیو اور اپنے مُنہہ اور سینوں پر ڈالو اور خوش ہو یعنی اُس پیالے کا
پانی جسمیں حضرت نے ہاتھہ دھوئے اور کلی ڈالی تھی یہہ حضرت نے ابو موسیٰ اور بلال سے فرمایا حضرت کے
لعاب سے پانی متبرک ہو گیا پس یہی قسمت ابو موسیٰ اور بلال کی جنکے پیٹ میں گیا **خ** ابو موسیٰ
**اِشْفَعُوا تُؤْجَرُوا** بخاری میں ابو موسیٰ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ سفارش کیا کرو
لوگو تم ثواب پاؤ گے **ف** یعنی سفارش سے اہل حاجت کا کام نکال دینا ثواب کا موجب ہے
**قو** ابن عمر ابن مسعود **اِشْهَدُوا اِشْهَدُوا وَيْرَوْنِي اَللّٰهُمَّ اشْهَدْ قالہ**
**عِنْدَ اِنْشِقَاقِ الْقَمَرِ** بخاری اور مسلم میں عبد اللہ بن عمر اور عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہم سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا لوگو تم گواہ رہنا گواہ رہنا اور دوسری روایت یوں ہے کہ الٰہی
تو گواہ رہیو یہہ حضرت نے چاند کے پھٹنے کی وقت فرمایا **ف** عبد اللہ بن مسعود سے روایت ہے
کہ ہم منا میں تھے کہ چاند دو ٹکڑے ہو گیا ایک ٹکڑا جبل کے پہاڑ پر تھا اور دوسرا پہاڑ کے نیچے
تب حضرت نے ہم سے فرمایا کہ دیکھو اور شاہد رہو اور بخاری میں انس سے روایت ہے کہ کفار مکہ نے حضرت سے
معجزہ مانگا تو حضرت نے انکو شق قمر دکھلایا قاضی عیاض کی شفا میں ابن مسعود سے روایت ہے کہ کفار قریش نے
کہا کہ ہمپر محمد نے جادو کیا جو ہمکو چاند دو ٹکڑے دکھلائی دیتا ہے ایک شخص نے کہا کہ اگر تمکو سحر کیا
ہے تو ساری جہان کو تو نہیں سحر کیا ہو گا پھر ہر طرف کے مسافروں سے دریافت کیا سب نے گواہی
دی اور ابو جہل نے ہر طرف آدمی تحقیق کے واسطے بھیجے سو ہر طرف سے یہی ثابت ہوا تو قریش نے کہا

یہہ سحر مستمر ہے شق قمر کی حدیث نہایت مشہور ہے بہت صحابہ سے اسکی روایت ثابت ہے
چنانچہ عبداللہ بن مسعود اور عبداللہ بن عمر اور علی مرتضی اور حذیفہ اور عبداللہ بن عباس اور انس
اور جبیر بن مطعم وغیرہ سی حدیث کی کتابون مین بکثرت روایت ہے اور قرآنمین بھی اسکی خبر ہے
چنانچہ سورۂ قمر مین حق تعالی نی فرمایا اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ وَاِنْ يَّرَوْا
اٰيَةً يُّعْرِضُوْا وَيَقُوْلُوْا سِحْرٌ مُّسْتَمِرٌّ یعنی پاس آگئی قیامت اور دو ٹکڑے ہوگیا چاند اور
اگر دیکھین کفار کہ معجزہ تو ٹال جاوین اور کہین یہہ مضبوط دایمی جادو ہے حق تعالی نے
شق القمر کی خبر بلفظ ماضی دی یعنی یہہ امر ہو چکا اگر آیندہ حال کی خبر ہوتی تو کفار اسکو جادو
کہتے چنانچہ جمہور مفسرین کا اسپر اتفاق ہے بعضی جاہل بیدین اور نصاری اعتراض
کرتے ہین کہ اگر شق القمر ہوا ہوتا تو اکثر اہل زمین پر مخفی نرہتا اسواسطے کہ ہمنے حال سب کے
پیش نظر ہو جاتا ہے اور نقل عجائبات انسانکی جبلی چیز ہے اسکا جواب یہہ ہے کہ اہل زمین سے
یہہ بھی منقول نہین کہ اس رات کو سب لوک بتامل دیکھتے رہے اور کسنے نہ دیکھا اور اگر یہہ
امر منقول بھی ہوتا تو بھی معتبر نہوتا اسواسطے کہ تمام زمین پر قمر کا حال یکسان نہین بعضی ملک
مین قبل طلوع ہوتا ہے اور بعضی ملک مین گہڑیکے بعد اسواسطے کہ سطح زمین برابر نہین بلکہ
کروی شکل ہے یعنی گول صورت ہے سب روی زمین پر ایک وقت مین طلوع غروب کیونکر ہو سکے
اور یہہ بھی ہوتا ہے کہ بعضی وقت بعضی ملک مین ابر اور پہاڑ حائل ہو جاتا ہے انہین وجہون سے

کسوف

کسوف اور خسوف مختلف محسوس ہوتے ہین کسی ملک مین کسوف جزی معلوم ہوتا ہے
کسی ملک مین کلی اور کہین مطلق نہین پھر جب قمر اور اہل زمین کا یہہ حال ہو تو اگر اُپر
شق القمر مخفی رہا ہو تو کچھ تعجب نہین حالانکہ کسوف اور خسوف مقرری چیزین ہین اور اہل
ہیئت اور اہل نجوم کے نزدیک انکے وقت ٹھہرے ہوئے ہین بخلاف شق القمر کے کہ اسکا
کوئی قاعدے سے معین نہ تھا جسکے لوگ منتظر رہتے اور دیکھا کرتے اور چونکہ شق القمر خارق
عادات اور نرالا امر تھا کہ نہ کبھی کسیسے دیکھا نہ سُنا اگر اُس رات کو کسی ملک مین کسی
شخص نے اتفاقاً دیکھا بھی ہو گا تو اپنے غلط الحس اور خطای بصری سمجھ کر اسکے کہنے اور لکھنے کو
نامناسب سمجھا ہو گا علاوہ اسکے شق القمر رات کو واقع ہوا تھا اور تھوڑی دیر رہا تھا اور رات
سونے اور آرام کا وقت ہے اکثر لوگ مکانون کے اندر رہتے ہین ایسے وقت مین آسمانی
حال قلیل المکث سے غافل رہنا کچھ بعید نہین اور اکثر یہہ ہوتا ہے کہ معتمد لوگ عجائب آسمانی امور
بعضے وقت دیکھتے ہین جیسے ظہور انوار اور شہاب ثاقب وغیرہ کائنات الجو اور حالانکہ
اکثر عالم اُسسے غافل رہتے ہین غرض شق القمر ہمارے حضرت کا معجزہ عظیم الشان ہے قرآن اور
حدیث اور اُن لوگون کی روایت سے جو اسوقت مین حاضر تھے اور بچشم خود دیکھ چکے تھے
بتواتر ثابت ہے عاقل کو ہرگز محل شک اور تردد نہین بعضی خام حکیم کہتے ہین کہ چاند کا دو
ٹکڑے ہونا ہماری عقل مین نہین آتا اسکا جواب یہہ ہے کہ تم کیا اور تمہاری عقل کیا

**مصرع** ایا توچہ مرغی و کدامت پر و بال است تمام انبیا کے معجزات کا یہی حال ہے
کہ عقل ناقص سی باہر ہین عصا کا اژدہا ہو جانا مردیکا زندہ ہونا پہاڑ سے اونٹنی کا نکلنا
کب تمہاری عقل خام مین آتا ہے جو شق القمر مین متردد ہو بلکہ حقیقت مین معجزہ اسکا نام ہے
جہان عقل حیران ہے مولانا رفیع الدین دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے شق القمر اور دفع شبہات
منکرین مین عجیب رسالہ لکھا ہے جسکو اس سے زیادہ تحقیق کا شوق ہو وہ اسکو تلاش کرکے
دیکھے خ الْمِسْوَرُ بْنُ مَخْرَمَةَ وَمَرْوَانُ بْنُ الْحَكَمِ اشِيرُوا أَيُّهَا النَّاسُ عَلَيَّ أَتُرِدُونَ ۹۴۴ خ
أَنْ أَمِيلَ إِلَى عِيَالِهِمْ وَذَرَارِيِّهِمْ هَؤُلَاءِ الَّذِينَ يُرِيدُونَ أَنْ يَصُدُّونَا عَنِ
الْبَيْتِ فَإِنْ يَأْتُونَا كَانَ اللَّهُ قَدْ قَطَعَ عُنُقًا مِنَ الْمُشْرِكِينَ وَإِلَّا تَرَكْنَاهُمْ مَحْرُوبِينَ
بخاری مین مسور بن مخرمہ اور مروان بن حکم سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مجھکو صلاح دو ای لوگو
بہلا یہ تم تبلاتے ہو کہ مین انکے اہل و عیال کی طرف جھک پڑون اور ان لوگون کے لڑکے
بالون کو گرفتار کرون جو کہ ہم کو خانہ خدا سی روکتے ہین پہر اگر وہ ہم سے لڑنے آوین گے تو حق
تعالی نی مشرکین کی جماعت کو توڑ دیا اور نہین تو ہم انکو مفلس کرکے چھوڑ دینگے یعنی دونو
صورت مین انکا نقصان ہے ف حضرت جنگ حدیبیہ مین پندرہ سو آدمی سے احرام
باندہ کے عمرہ کرنے چلے اور جاسوس خبر کی واسطے بھیجے جاسوسون نی حضرت کو خبر دی کہ کفار
قریش نے بڑا جماؤ کیا ہے حضرت سے لڑین گے اور حضرت کو خانہ خدا مین عمرہ کرنے نہ جانے

دینے کے تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی اور صحابہ سے مشورہ پوچھا ابوبکر صدیق نے کہا کہ یا رسول اللہ
آپ تو بیت اللہ کا قصد کر کے نکلے ہیں لڑنیکا حضرت کو قصد نہ تھا سو آپ بیت اللہ کی طرف چلئے
اگر کفار روکیں گے تو ہم انکو ماریں گے حضرت نے فرمایا تو بسم اللہ چلو چنانچہ کافروں نے حضرت کو
روکا حضرت اُنسے صلح کر کے پلٹ آئے دوسرے سال عمرہ قضا کیا **م** ۱۸۵۰ **اَنْ اَصْنَعُوْا کُلَّ شَیْءٍ**
**اِلَّا النِّکَاحَ یَعْنِیْ بِالْحَائِضِ** مسلم میں انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے حیض والی عورت کے
حق میں فرمایا کہ صحبت کے سوای سب کچھ کرو **ف** یعنی حیض کی حالت میں صحبت حرام ہے بوسہ اور
مساس درست ہے **ق** ۱۸۵۱ **اَنْ اعْتَدِلُوْا فِیْ سُجُوْدِکُمْ وَلَا یَبْسُطُ اَحَدُکُمْ ذِرَاعَیْہِ**
**اِنْبِسَاطَ الْکَلْبِ** بخاری اور مسلم میں انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ درست
اور ٹھیک ہو جایا کرو اپنے سجدہ میں اور تم میں سے کوئی اپنے دونوں ہتھوں کو بچھایا کرے کتے کی طرح
**ف** سجدہ میں کہنیوں کو زمین سے اور پیٹ کو رانوں سے ملانا مکروہ ہے علیحدہ رہنے **ق** ۱۸۵۲ **اَبُوْ ھُرَیْرَۃَ**
**اَعْتِقْھَا فَاِنَّھَا مِنْ وُلْدِ اِسْمٰعِیْلَ** **لِعَائِشَۃَ فِیْ سَبِیَّۃٍ مِنْ بَنِیْ تَمِیْمٍ**
بخاری اور مسلم میں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اے عائشہ اس لونڈی کو آزاد کر دے
اسواسطے کہ وہ حضرت اسمٰعیل کی اولاد سے ہے حضرت نے قوم بنی تمیم کے قیدی عورتوں کے حق میں فرمایا
**خ** ۱۸۵۳ **عَوْفُ بْنُ مَالِکٍ الْاَشْجَعِیُّ اُعْدُدْ سِتًّا بَیْنَ یَدَیِ السَّاعَۃِ مَوْتِیْ ثُمَّ**
**فَتْحُ بَیْتِ الْمَقْدِسِ ثُمَّ مُوْتَانٌ یَاْخُذُ فِیْکُمْ کَقُعَاصِ الْغَنَمِ ثُمَّ اسْتِفَاضَۃُ الْمَالِ**

حتی یعطی الرجل مائۃ دینار فیظل ساخطا ثم فتنۃ لا یبقی بیت من
العرب الا دخلتہ ثم ھدنۃ تکون بینکم وبین الاصفر فیغدرون
فیاتونکم تحت ثمانین غایۃ تحت کل غایۃ اثنا عشر الفا بخاری میں موف
بن مالک سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا گن رکھو چھ چیزون کو قیامت سے پہلے اول تو میری موت
پھر بیت المقدس کا فتح ہونا پھر تم مین مری کا پڑنا جیسے بھیڑ بکریون مین مری پڑتی ہے پھر مال کی ریل
پیل ہونی یہان تک کہ ایک مرد کو سو اشرفیان دی جاوین گی پھر ہی وہ ناخوش رہے گا
یعنی کم سمجھکر پھر فساد ہوگا کہ عرب کا کوئی گھر نہ رہے گا جسمین وہ داخل نہو گا پھر تمہارے اور
روم والون کے درمیان صلح کا ہونا سو وہ دغا کرینگے تو وہ تم سی لڑنے آوینگے اسی علم کے نیچے
ہر علم کے نیچے بارہ ہزار آدمی ہونگے یعنی نو لاکھ ساٹھ ہزار کا لشکر ہوگا **ف** عمر فاروق کی
خلافت مین بیت المقدس فتح ہوا اور دمشق شام مین پڑی کہ ستر ہزار آدمی تین دن مین مر گئے
اور مال کی کثرت حضرت عثمان کی خلافت مین ہوئی اور زیادہ تر امام مہدی کے وقت ہوگی اور عرب مین
فساد حضرت عثمان کی شہادت سے شروع ہوا اور رومیون یعنی نصاری سے صلح اور جنگ قیامت کے قریب
ہوگی یہہ حدیث معجزہ ہے کہ جیسا حضرت نے فرمایا تھا ویسا ہی ہوا **ف** النعمان بن بشیر اعدلوا
فی اولادکم وفی روایۃ الا قلیشی بین ابنائکم بخاری اور مسلم مین نعمان بن بشیر سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ برابری کیا کرو اپنی اولاد مین اور اقلیشی کی روایت یون ہے کہ برابری کرو اپنے لڑکون مین

ف ۱۵

سبکو دیے برابر

۱۸۵۵ م

ف یعنے برابر سبکو دیا کرو بعضون کو زیادہ اور بعضون کو کم دینا شفقت پدری کے مناسب نہین و
عَوْفُ بْنُ مَالِكٍ اَلَا تُبَايِعُوْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَهَا ثَلَاثًا وَكُنَّا حَدِيْثِيْ عَهْدٍ بِبَيْعَةٍ فَقُلْنَا قَدْ بَايَعْنَاكَ
فَعَلَامَ نُبَايِعُكَ قَالَ عَلٰى اَنْ تَعْبُدُوا اللّٰهَ وَلَا تُشْرِكُوْا بِهٖ شَيْئًا وَالصَّلَوَاتِ الْخَمْسِ وَتُطِيْعُوْا
وَاَسَرَّ كَلِمَةً خَفِيَّةً لَا تَسْاَلُوا النَّاسَ شَيْئًا قَالَ فَلَقَدْ رَاَيْتُ بَعْضَ اُولٰئِكَ النَّفَرِ يَسْقُطُ سَوْطُ اَحَدِهِمْ
فَمَا يَسْاَلُ اَحَدًا اَنْ يُنَاوِلَهٗ اِيَّاهُ رواہ مسلم عوف بن مالک سے روایت ہے کہ حضرت نے کہ تم اپنے منتر میرے آگے ظاہر کرو کچھ
مضائقہ نہین منتر مین جب تک کہ اُسمین شرک کا مضمون نہو ف مالک نے کہا ہم نے حضرت سے عرض کی
کہ ہم زمانہ کفر مین جھاڑ پھونک کیا کرتے تھے اب کیا حکم ہوتا ہے تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی
معلوم ہوا کہ ہندی منتر اکثر حرام ہین بلکہ صاف کفر ہین کہ اُنمین شرک کا مضمون ہوتا ہے
جیسے کلوا بیرا اور لونا چماری اور پاسکہ دیوا اور ہنومان کی دُہائی ہوتی ہے اور اسیطرح وہ منتر بھی

ق ۱۸۵۶ حرام ہین جنکے معانی نہ معلوم ہون کہ شاید اُنمین بھی شرک ہو ق زَيْدُ بْنُ خَالِدٍ اِعْرِفْ
عِفَاصَهَا وَوِكَائَهَا ثُمَّ عَرِّفْهَا سَنَةً فَاِنْ لَمْ تُعْرَفْ فَاسْتَنْفِقْهَا وَلْتَكُنْ
وَدِيْعَةً عِنْدَكَ فَاِنْ جَاءَ طَالِبُهَا يَوْمًا مِنَ الدَّهْرِ فَاَدِّهَا اِلَيْهِ يَعْنِيْ لُقَطَةَ
الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ بخاری اور مسلم مین زید بن خالد سے روایت ہے کہ حضرت نے لقیطہ یعنے پڑا ہوا روپیہ اور چاندی
کے متعلق مین فرمایا کہ اسکی تھیلی اور باندھنے کے تاگے کو مشہور کر پھر اسکو ایک برس شہرت دے سو اگر کوئی
اسکو نہ پہچانے تو اپنے خرچ مین لا اور چاہئے کہ وہ مال تیرے پاس امانت کے طور پر رہے سو اگر عمر بھر مین
کبھی کسی دن اسکا مالک طلب کرتا آوے تو اسکو دیدے ق یعنی جو شخص روپیہ یا اشرفی پاوے
تو اسکی تھیلی اور تاگے کو پہچنوا لیا کرے اگر مالک ملے تو اسکو حوالے کرے اور نہین تو سال بھر کے

۱۸۵۷ م ثواب نفع رسانی مسلمین بکرہ

بعد اپنے خرچ مین لادی لیکن اسکو قرض جانے جب اک سانکے تو دیوی م ابو برزۃ الاسلمی
اعزل الاذی عن طریق المسلمین ق حین قال یا نبی اللہ علمنی شیئا انتفع بہ
مسلم مین ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تکلیف دینے والی چیز کو مسلمانونکی راہ سے ہٹا دیا
کر یہہ حضرت نے ابو ہریرہ سے فرمایا جب کہ اسنے کہا کہ یا حضرت مجھکو کچھ بتلا دیجئے جس سے مجھکو فائدہ ہو
ف یعنی کانٹا اور پتھر اور نجاست راہ سے دور کر دیا کرنا کہ مسلمانونکو آرام ہو تجکو ثواب ہو کا معلوم

۱۸۵۸ م ہوا کہ نفع رسانی مسلمین نجات کا عمدہ وسیلہ ہے م جابر اعزل عنہا ان شئت فانہ
سیاتی ما قدر لہا مسلم مین جابر سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اگر تیرا جی چاہے تو انزال کے
وقت اپنی لونڈی سے علیحدہ ہو جایا کر سو بات تو یہہ ہے کہ جو اسکے مقدر مین ہے سو ہوتا ہے یعنے
اگر اُسے اولاد ہونی ہے تو ضرور ہوگی یہہ تدبیر کچھ کام نہ آویگی ف ایک شخص نے عرض کی کہ
میرے پاس ایک لونڈی ہے مین نہین چاہتا ہون کہ اُسسے اولاد ہو اگر اجازت ہو تو انزال کے وقت اسسے

۱۸۵۹ ح علیحدہ ہو جایا کرون تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی بعد اسکے وہ شخص پھر آیا اور اسنے کہا کہ یا حضرت
اسکو تو حمل رہ گیا حضرت نے فرمایا مین نے تو یہہ بھی کہہ دیا ح جبیر بن مطعم اعطونی مرداتی
فلو کان لی عدد ہذہ العضاۃ نعما لقسمتہ بینکم ثم لا تجدونی
بخیلا ولا کذابا ولا جبانا ق مقفل من حنین بخاری مین جبیر بن مطعم سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا مجھکو میری چادر دو سو اگر میرے پاس اس ببکل کے درختون کے شمار کے برابر

اونٹ ہوتے

اونٹ ہوتے تو سب مین تمکو بانٹ دیتا پھر تم مجھکو بخیل اور جھوٹا اور نامرد بناتے یہ حضرت نے
حنین سے پلٹتے فرمایا ف حنین کی لڑائی مین ہزارون اونٹ اور کھوڑے اور بھیڑ بکریان
حضرت کو ملین حضرت نے سب تقسیم کردین جب حضرت وہان سے پلٹتے تو راہ مین کنوار لوک حضرت کو
لپٹے اور مانگنے لگے یہان تک کہ حضرت کی چادر اتار لی تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی اس
حدیث سے کمال سخاوت اور نہایت حلم حضرت کا ثابت ہوا کہ سوای نبی کے بشر سے ممکن نہین ہے م ۶۱ ۱۶ م

عُقْبَةَ بْنَ عَمْرٍو الْاَنْصَارِیَّ اِعْلَمْ اَبَا مَسْعُوْدٍ اِعْلَمْ اَبَا مَسْعُوْدٍ اِعْلَمْ اَبَا مَسْعُوْدٍ
اِنَّ اللّٰهَ اَقْدَرُ عَلَيْكَ مِنْكَ عَلٰى هٰذَا الْغُلَامِ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هُوَ
حُرٌّ لِوَجْهِ اللّٰهِ فَقَالَ لَوْ لَمْ تَفْعَلْ لَلَفَحَتْكَ النَّارُ اَوْ لَمَسَّتْكَ النَّارُ مسلم

ہین عقبہ بن عمرو سے روایت ہے کہ حضرت نے مجھے فرمایا کہ ای ابو مسعود دریافت کر ای ابو مسعود دریافت کر
ای ابو مسعود دریافت کر کہ جتنا تو اپنے اس غلام پر قادر ہے اس سے زیادہ تر خدا تجھپر قادر ہے
تو مین نے کہا یا رسول اللہ یہہ غلام آزاد ہے رضای الہی کے واسطے تو حضرت نے فرمایا کہ اگر تو آزاد
نکرتا تو مقرر تجھکو دوزخ کی آگ جلاتی ف ابو مسعود سے روایت ہے کہ مین اپنے غلام کو کوڑے مارتا
تہا مین نے اپنے پیچھے سے آواز سنی کہ کوئی کہتا ہے ای ابو مسعود دریافت کر مین نے غصہ کے
سبب سے خیال نکیا پھر حضرت نے قریب آکے فرمایا کہ ای ابو مسعود دریافت کر تو کیا دیکھتا ہون کہ حضرت ہین
مین نے اپنے ہاتھ سے کوڑا ڈال دیا تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنی تو ہی خدا کا کہنکار غلام ہے

اور خدا کو عذاب کرنیکی تجھسے زیادہ قدرت ہے اس حدیث مین ارشاد ہے کہ لونڈی غلام کو

۱۸۶۱ ق حد سے زیادہ نمارے کہ اسکا انجام دوزخ ہے ق ابو ہریرۃ اعلموا ان الارض للہ و

لرسولہ و انی اریدان اجلیکم فمن وجد منکم بمالہ شیئا فلیبعہ

والا فاعلموا انما الارض للہ ولرسولہ فقط لیہود بخاری اور مسلم مین ابو ہریرہ سے

روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا یہود سے کہ جان لو کہ تمہاری زمین اللہ اور اسکے رسول کی ہے اور مین چاہتا ہون

کہ تمکو وطن سی نکالون سو جو شخص کہ تم لوگون مین سی اپنا مال پاوی سو بیچ ڈالے اور نہین تو جان

رکھو کہ زمین تو خدا اور اسکے رسول کی ہی ف یہود بنی نضیر بنی کے قریب رہتے تھے انہون نے حضرت سے

دغا کا ارادہ کیا حضرت نے انکو چھ روز تک کہیرا پھر یہہ حدیث فرمائی یعنی اٹھنے کا اسباب

اٹھا لیجا و زمین اور باغات کے تم مالک نہین رہے چنانچہ وہ لوگ شام کی ملک مین نکل گئے

۱۸۶۲ خ اور انکے مکانات اور باغات حضرت کے تصرف مین آئے خ ابن عباس اعلموا فانکم

علی عمل صالح لولا ان تغلبوا لنزلت حتی اضع الحبل علی ھذا یعنی

عاتقہ بخاری مین عبداللہ ابن عباس سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جاؤ اسواسطے کہ تم نیک عمل پر ہو

اگر تمہارے مغلوب ہونیکا ڈر نہوتا تو مین بھی اترتا یہان تک کہ رسی کو اپنے کندھے پر رکھتا ف

حضرت عباس زمزم کی سبیل پر حاجیونکو پانی پلاتے تھے حضرت نے انکی تعریف کی اور فرمایا کہ پانی

نکالنے مین تم بھی تمہارا شریک ہوتا لیکن مجکو یہہ ڈر ہے کہ اگر مین یہہ کام کرونگا تو مجھکو دیکھکر

۱۶۶۳ م سب لوگ اُسپر ہجوم کرینگے پھر تمکو پانی پلانا مشکل پڑیگا م سَعْدُ بْنُ اَبِیْ وَقَّاصٍ
اِعْمَلُوْا فَکُلٌّ مُیَسَّرٌ لِمَا خُلِقَ لَہٗ مسلم مین سعد بن ابی وقاص سی روایت ہے کہ حضرتنے فرمایا
کہ عمل کئے جاؤ کہ ہر ایک شخص پر وہی آسان ہوگا جسکے واسطے وہ پیدا ہوا ف اصحابنے کہا
کہ یا حضرت جب ہر چیز مقدر ٹھہری تو عمل اور عبادت کیا ضرور تب حضرتنے یہہ حدیث فرمائی
۱۶۶۴ خ یعنی عمل کو تقدیر کے مخالف نسمجھو بلکہ تمہارا یہہ نیک عمل بھی اثر ہے تقدیر کا خ اَنْ اَعِیْدُوْا
سُمْنَکُمْ فِیْ سِقَائِہٖ وَتَمْرَکُمْ فِیْ وِعَائِہٖ فَاِنِّیْ صَائِمٌ قال حین دخل علی اُمِّ سُلَیْمٍ
فَاَتَتْہُ بِتَمْرٍ وَسَمْنٍ بخاری مین اس سے روایت ہے کہ حضرتنے فرمایا کہ پھیر ڈالدو اپنی گھی کو اسکے برتن مین
اور کھجور کو اسکے برتن مین اسواسطے کہ مین روزہ دار ہون یہہ حضرتنے فرمایا اسوقت جب کہ ام سلیم کے گھر مین
گئے تو وہ حضرت کے آگے خرما اور گھی لائین ف معلوم ہوا کہ نفل روزہ دار کو دعوت مین روزہ
افطار کرنا ضرور نہین لیکن اگر افطار کرے تو درست ہے پر اسکی قضا لازم ہے ق جَابِرٌ اِغْتَسِلِیْ
۱۶۶۵ ق وَاسْتَثْفِرِیْ بِثَوْبٍ وَاَحْرِمِیْ قالت لِاَسْمَاءَ بِنْتِ عُمَیْسٍ حِیْنَ وَلَدَتْ مُحَمَّدَ بْنَ اَبِیْ
بَکْرٍ فِیْ حَجَّۃِ الْوَدَاعِ بِذِی الْحُلَیْفَۃِ بخاری اور مسلم مین جابر رض سے روایت ہے کہ حضرتنے فرمایا
کہ غسل کرو اور کپڑے کا لنگوٹ باندھو اور احرام کرو یہہ حضرتنے اسماء بنت عمیس سے فرمایا جب کہ وہ محمد
بن ابی بکر کو حجۃ الوداع مین ذوالحلیفہ کی منزل پر ف معلوم ہوا کہ نفاس اور حیض مین احرام
باندھنا درست ہے اور وقوف عرفہ بھی جائز ہے لیکن بیت اللہ کا طواف بدون پاک ہوئے جائز نہین

١٩٦٦ م

م بُرَيْدَةُ بْنُ الْحُصَيْبِ اُغْزُوا بِاسْمِ اللّٰهِ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ قَاتِلُوا مَنْ كَفَرَ بِاللّٰهِ
اُغْزُوا فَلَا تَغُلُّوا وَلَا تَغْدِرُوا وَلَا تَمْثُلُوا وَلَا تَقْتُلُوا وَلِيدًا وَإِذَا لَقِيتَ
عَدُوَّكَ مِنَ الْمُشْرِكِينَ فَادْعُهُمْ إِلَى ثَلَاثِ خِصَالٍ أَوْ خِلَالٍ فَأَيَّتُهُنَّ مَا أَجَابُوكَ
فَاقْبَلْ مِنْهُمْ وَكُفَّ عَنْهُمْ ثُمَّ ادْعُهُمْ إِلَى الْإِسْلَامِ فَإِنْ أَجَابُوكَ فَاقْبَلْ مِنْهُمْ
وَكُفَّ عَنْهُمْ ثُمَّ ادْعُهُمْ إِلَى التَّحَوُّلِ مِنْ دَارِهِمْ إِلَى دَارِ الْمُهَاجِرِينَ وَأَخْبِرْهُمْ أَنَّهُمْ
إِنْ فَعَلُوا ذٰلِكَ فَلَهُمْ مَا لِلْمُهَاجِرِينَ وَعَلَيْهِمْ مَا عَلَى الْمُهَاجِرِينَ فَإِنْ أَبَوْا
أَنْ يَتَحَوَّلُوا مِنْهَا فَأَخْبِرْهُمْ أَنَّهُمْ يَكُونُونَ كَأَعْرَابِ الْمُسْلِمِينَ يَجْرِي عَلَيْهِمْ حُكْمُ اللّٰهِ
الَّذِي يَجْرِي عَلَى الْمُؤْمِنِينَ وَلَا يَكُونُ لَهُمْ فِي الْغَنِيمَةِ وَالْفَيْءِ شَيْءٌ إِلَّا أَنْ
يُجَاهِدُوا مَعَ الْمُسْلِمِينَ فَإِنْ هُمْ أَبَوْا فَسَلْهُمُ الْجِزْيَةَ فَإِنْ هُمْ أَجَابُوكَ فَاقْبَلْ
وَكُفَّ عَنْهُمْ فَإِنْ هُمْ أَبَوْا فَاسْتَعِنْ بِاللّٰهِ وَقَاتِلْهُمْ وَإِذَا حَاصَرْتَ أَهْلَ
حِصْنٍ فَأَرَادُوكَ أَنْ تَجْعَلَ لَهُمْ ذِمَّةَ اللّٰهِ وَذِمَّةَ نَبِيِّهِ فَلَا تَجْعَلْ لَهُمْ ذِمَّةَ
اللّٰهِ وَلَا ذِمَّةَ نَبِيِّهِ وَلٰكِنِ اجْعَلْ لَهُمْ ذِمَّتَكَ وَذِمَّةَ أَصْحَابِكَ فَإِنَّكُمْ أَنْ
تُخْفِرُوا ذِمَمَكُمْ وَذِمَّةَ أَصْحَابِكُمْ أَهْوَنُ مِنْ أَنْ تُخْفِرُوا ذِمَّةَ اللّٰهِ وَذِمَّةَ
رَسُولِهِ وَإِذَا حَاصَرْتَ أَهْلَ حِصْنٍ فَأَرَادُوكَ أَنْ تُنْزِلَهُمْ عَلَى حُكْمِ اللّٰهِ
فَلَا تُنْزِلْهُمْ عَلَى حُكْمِ اللّٰهِ وَلٰكِنْ أَنْزِلْهُمْ عَلَى حُكْمِكَ فَإِنَّكَ لَا تَدْرِي أَتُصِيبُ

حكم الله

حکم اللہ فیہم اور مسلم مین بریدہ بن حصیب سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ بسم اللہ لڑو خدا کی
راہ مین اور مارو جو خدا کو نمانے لڑیو تو غنیمت مین چوری نکیجیو اور قول نہ توڑیو اور ناک کان
نکاٹیو اور لڑکے کو نہ ماریو اور جب کہ تو اپنے مشرک دشمن سے ملے تو اُنسے تین چیز کی درخواست
کر سو انمین سے جس بات کو مانین تو اُنسی قبول کر اور انکے قتال سے باز رہ ایک تو یہہ کہ اُنسے
اسلام کی درخواست کر اگر وہ مانین تو اُنسی قبول کر اور انکے قتال سے باز رہ پھر اُنسے درخواست
کر اپنے وطن کو چھوڑ کر مہاجرین کے مقام یعنی مدینہ مین آرہین اور اُنسے خبر کر دے کہ اگر وہ یہہ
کام کرین گے تو انکو ملیگا جو مہاجرین کو ملتا ہے یعنی ثواب اور غنیمت اور اُنپر واجب ہوگا جو
مہاجرین پر واجب ہے یعنی جہاد سو اگر وہ لوگ ایمان لاکر وطن چھوڑنا قبول نکرین تو اُنسے خبر کر دے
کہ وہ جنگلی مسلمانونکی طرح ہونگے اُنپر حکم خدا جاری ہوگا جیسی مومنین پر جاری ہوتا ہے اور
انکو غنیمت اور صلح کے مال سے کچھ حصہ نہ ملیگا مگر اُسی صورت مین کہ مسلمانونکے ساتھہ ہوکر جہاد
کرین سو اگر وہ لوگ مسلمان ہونے سے انکار کرین تو اُنسے جزیہ مانگ سو اگر وہ مانین تو اُنسے قبول کر
اور انکے قتال سے باز رہ اور اگر وہ جزیہ دینا بھی نہ قبول کرین تو خدا سے مدد مانگ اور انکو قتل
کر اور جب کہ تو قلعہ والون کو گھیرلے اور وہ تجھسے چاہین کہ تو اُنسے خدا کا اور اُسکے رسول کا
عہد کرے تو اُنسے خدا کا اور خدا کے رسول کا عہد نکر ولیکن اُنسے اپنا قول اور اپنے ساتھی
لشکر والون کا قول قرار کر سو اسلئے کہ اگر تم سے اپنی اور اپنی ساتھیونکی عہد شکنی ہو جاوے تو خدا

اور خدا کے رسول کی عہد شکنی سی گناہ ہین کمتر اور آسان تر ہے اور جب تو کسی قلعہ والونکو گھیرے
سو وہ یہ چاہین کہ تو انکو خدا کے حکم پر اُتارے تو انکو خدا کے حکم پر نہ اُتار ولیکن تو اپنے حکم پر
اُتار اسواسطے کہ تو نہین جانتا کہ اُنکے مقدر مین تو خدا کی مرضی جان سکیگا یا نہین ف حضرت کا
دستور تہا کہ جب لشکر کو کہین روانہ کرتے تو اسکے سردار سے یہہ حدیث فرماتے اور جہاد کے احکام
تعلیم کرتے ہرچند عہد شکنی ہر صورت سے درست نہین لیکن اپنی عہد شکنی کا گناہ خدا کی عہد شکنی سی کمتر ہے
اسواسطے حضرت نے خدا کی طرف سے عہد کرنا منع کیا اور صلح کرنا بھی اپنی مرضی پر کہا کہ خدا کی مرضی نہین معلوم

ق ۱۲۶۶ ہوسکتی ق اُمِّ عَطِیَّةَ وَاسْمُهَا نُسَيْبَةُ بِنْتُ كَعْبٍ اغْسِلْنَهَا ثَلٰثًا اَوْ خَمْسًا
اَوْ اَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ اِنْ رَاَيْتُنَّ ذٰلِكَ وَاجْعَلْنَ فِي الْاٰخِرَةِ كَافُوْرًا اَوْ شَيْئًا مِنْ
كَافُوْرٍ فَاِذَا فَرَغْتُنَّ فَاٰذِنَّنِي بخاری اور مسلم مین ام عطیہ سے جسکا اسمہ نسیبہ بنت کعب تہا ہے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ اسکو غسل دو تین بار یا پانچ بار یا اس سے بھی زیادہ اگر تم اسکو بہتر دیکھو اور اخیر غسل
مین کافور ڈالو یا حضرت نے یون فرمایا کہ تہوڑا سا کافور ڈالو پھر جب تم غسل دینے سے فرغت پاؤ
تو مجھکو خبر کرو ف حضرت کی بیٹی کا انتقال ہوا تہا عورتین انکو غسل دیتی تہین تب حضرت نے
یہہ حدیث فرمائی معلوم ہوا کہ غسل تین بار پر موقوف نہین جہانتک کہ طہارت اور صفائی حاصل

ق ۱۲۶۸ ہو غسل وینا درست ہے اور اخیر مین کافور ڈالنا سنت ہے ق اِبْنُ عَبَّاسٍ اغْسِلُوْهُ بِمَاءٍ
وَسِدْرٍ وَكَفِّنُوْهُ فِي ثَوْبَيْنِ وَلَا تُحَنِّطُوْهُ وَلَا تُخَمِّرُوْا رَاْسَهُ فَاِنَّ اللّٰهَ يَبْعَثُ

یَوْمَ الْقِیٰمَةِ مُلَبِّیًا بخاری اور مسلم مین عبداللہ بن عباس سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ غسل
دو اسکو پانی اور بیر کے پتون سے اور اسکو دو کپڑون مین کفن دو اور اسکے خوشبو نہ لگاؤ اور اسکے
سر کو نہ اڑھاؤ اسواسطے کہ خدا اسکو قیامت مین اٹھاویگا لبیک لبیک پکارتے ہوئے ف ایکمرد
حضرت کی ساتھ حج مین تھا احرام باندھے مرگیا تب حضرت نے یہ حدیث فرمائی امام شافعی کے
نزدیک محرم اگر مرجاوے تو اسکے خوشبو لگانا اور اسکا سر چھپانا درست نہین اور یہی حدیث انکی
دلیل ہے لیکن امام اعظم اور امام مالک کے نزدیک محرم اور غیر محرم سب برابر ہین خ ابْنُ ۱۸۶۹
عَبَّاسٍ اَقْبِلِ الْحَدِیْقَةَ وَطَلِّقْهَا تَطْلِیْقَةً قا لِثَابِتِ بْنِ قَیْسِ بْنِ شَمَّاسٍ
بخاری مین عبداللہ بن عباس سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ قبول کرلے باغ کو اور اسکو چھوڑ دے
طلاق دیکر یہہ حضرت نے ثابت ابن قیس بن شماس سے ف ثابت بن قیس کی جورو نے کہا کہ یا حضرت
مین ثابت کی دینداری اور خوش خلقی کی بدکوئی نہین کرتی لیکن مین اسلام مین خاوند کو تکلیف دینا
بُرا جانتی ہون یعنی میرے اور اسکے موافقت نہین ہوسکتی حضرت نے فرمایا کہ جو باغ اسنے تیرے مہر مین
دیا ہے اسکو پھیر دیگی اسنے کہا ہان تب حضرت نے ثابت بن قیس سے یہہ حدیث فرمائی اس حدیث سے
معلوم ہوا کہ خلع درست ہے یعنی عورت سے طلاق دینے کے عوض مین مال لینا ص ابْنُ عُمَرَ ۱۸۷۰
اُقْتُلُوا الْحَیَّاتِ وَالْکِلَابَ وَاقْتُلُوا ذَا الطُّفْیَتَیْنِ وَالْاَبْتَرَ فَاِنَّهُمَا یَلْتَمِسَانِ
الْبَصَرَ وَیُسْقِطَانِ الْجَبَالِیْ مسلم مین عبداللہ بن عمر سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مار ڈالو

سانپون کو اور کنوئن کو اور مار ڈالو دولکیرو والے سانپ کو اور دُم بریدہ سانپ کو کہ وہ
دونون آنکھہ پھوڑ ڈالتے ہین اور حاملہ عورتونکے پیٹ گرا دیتے ہین ف یعنی اُن دونون
سانپون مین یہہ خاصیت ہے کہ جب اُنکی آنکھہ آدمی کے آنکھہ پر پڑے اور مقابل ہو تو آنکھہ کی روشنی
جاتی رہتی ہے اور حمل ساقط ہو جاوی تو ایسے موذیون کو مارنا ہی چاہیے ق ابن مسعود ۱۸۷۱
اِقْرَأْ عَلَيَّ الْقُرْآنَ قَالَهُ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَقْرَأُ عَلَيْكَ وَعَلَيْكَ
أُنْزِلَ قَالَ إِنِّي أُحِبُّ أَنْ أَسْمَعَهُ مِنْ غَيْرِي فَقَرَأْتُ النِّسَاءَ حَتّٰى إِذَا بَلَغْتُ
فَكَيْفَ إِذَا جِئْنَا مِنْ كُلِّ أُمَّةٍ بِشَهِيدٍ وَجِئْنَا بِكَ عَلٰى هٰؤُلَاءِ شَهِيدًا
رَفَعْتُ رَأْسِي أَوْ غَمَزَنِي رَجُلٌ إِلٰى جَنْبِي فَرَفَعْتُ رَأْسِي فَرَأَيْتُ دُمُوعَهُ
تَسِيلُ بخاری اور مسلم مین عبداللہ بن مسعود سے روایت ہے کہ حضرت نے مجھسے فرمایا کہ میرے آگے قرآن پڑھ
مین نے کہا کہ یا رسول اللہ آپکے آگے قرآن پڑھون اور حالانکہ قرآن آپ پر اُترا ہے حضرت نے فرمایا
کہ مجھکو یہہ بھلا معلوم ہوتا ہے کہ قرآن کو غیر آدمی سے سُنون تو مین نے سورۂ نسا پڑھی
یہان تک کہ مین جب اس آیت پر پہنچا کہ کیا حال ہوگا اُسوقت جب کہ ہم ہر اُمت کے گواہ یعنی پیغمبر کو
لاوین گے اور تجھکو اِس اُمت پر گواہ لاوین گے تو مین نے اپنا سر اُٹھایا یا یون کہا کہ ایک مرد نے
میرے پہلو مین ٹہوکا دیا تو مین نے اپنا سر اُٹھایا سو مین نے دیکھا کہ حضرت کے آنسو جاری ہین
ف حضرت اِس آیت سے قیامت کی شدت یاد کرکے روئے اور مزید شفقت سے اپنی اُمت پر

ہوئے کہ انکے افعال کا بین کیا بیان کرو نکا اس حدیث سے معلوم ہوا کہ غیر سی قرآن سننا اور
مطلب کو غور کر کے رونا مستحب ہے اور ثابت ہوا کہ اپنے پڑھنے سی غیر کے سننے مین تاثیر زیادہ
ہوتی ہے ۱۸۷۲ عن ابو امامۃ اقرءوا القرآن فانہ یاتی یوم القیمۃ شفیعا
لاصحابہ اقرءوا الزہراوین البقرۃ وسورۃ ال عمران فانہما یاتیان
یوم القیمۃ کانہما غمامتان او کانہما غیایتان او کانہما فرقان من
طیر صواف تحاجان عن اصحابہما اقرءوا سورۃ البقرۃ فان اخذہا
برکۃ وترکہا حسرۃ ولا یستطیعہا البطلۃ مسلم مین ابو امامہ سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ پڑھو قرآن کو کہ یہ بخشا دیگا اپنے پڑھنے والون کو قیامت کے دن پڑھو نورانی
دو سورتون کو یعنی سورۂ بقر اور سورۂ آل عمران کو وہ دونون سورتین قیامت مین آوینگی جیسے
دو ابر یا جیسے دو سائبان یا جیسے دو قطارین صف بستہ چڑیونکی عذاب کو ہٹاوین گی
اپنے پڑھنے والون سے پڑھا کرو سورۂ بقر کو اسواسطے کہ اسکا لینا برکت ہے اور اسکا چھوڑنا پشیمانی ہے
اور اسپر قابو نہین چلتا جادوگرونکا یعنی اسکی برکت سے جادو اثر نہین کرتا ۱۸۷۳ عن جندب
بن عبد اللہ اقرءوا القرآن ما ائتلفت قلوبکم فاذا اختلفتم
فقوموا عنہ بخاری اور مسلم مین جندب بن عبد اللہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ پڑھو
قرآن کو جب تک تمہارے دل زبان سے موافقت کرین اور جب تمہارے دل اور زبان مین

اختلاف پڑے تو اُس سے اُٹھ کھڑے ہو ف یعنی قرأت قرآن حضور دل سے چاہیے
اور جب دل پریشان ہو تو صرف زبان سے پڑھنا بے لطف ہے بلکہ عجب نہیں کہ کثرت خیالات سے
۱۸۷۴ م کچھ کا کچھ پڑھ جاوے م اَبُوْھُرَیْرَۃَ اَقِیْمُوا الصَّفَّ فِی الصَّلٰوۃِ فَاِنَّ اِقَامَۃَ
الصَّفِّ مِنْ حُسْنِ الصَّلٰوۃِ مسلم میں ابوہریرہ رض سے ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ سیدھا کرو صف کو
نماز میں اسواسطے کہ سیدھا کرنا صف کا نماز کی خوب صورتی ہے ف یعنی صف کی یہ کہ
۱۸۷۵ ح برابر لوگ کھڑے ہوں اور درمیان میں فرق نہو خ حُذَیْفَۃُ اُکْتُبُوْا لِیْ مَنْ یَلْفِظُ
بِالْاِسْلَامِ م وَرُوِیَ اَحْصُوْا لِیْ کَمْ یَلْفِظُ الْاِسْلَامَ فَکَانُوْا خَمْسَمِائَۃٍ وَرُوِیَ مَا بَیْنَ سَبْعَمِائَۃٍ
اِلٰی سَبْعَمِائَۃٍ وَرُوِیَ اَلْفًا وَخَمْسَمِائَۃٍ بخاری میں حذیفہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا لکھ لاؤ میرے واسطے کہ جو اسلام کا
کلمہ پڑھتے ہیں اور دوسری روایت یوں ہے کہ شمار کرو کتنے لوگ اسلام کا کلمہ کہتے ہیں تو پانچ سو ہوئے اور ایک
روایت یوں ہے کہ چھ سو اور سات سو کے اندر تھے اور ایک روایت یوں ہے
۱۸۷۶ ق کہ پندرہ سو ہیں ق اَنَسٌ اِلْتَمِسْ لَنَا غُلَامًا مِنْ غِلْمَانِکُمْ یَخْدُمُنِیْ فَبَلَغَ لِاَبِیْ طَلْحَۃَ
بخاری اور مسلم میں انس سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تلاش کر لا ایک لڑکے کو اپنے لڑکوں میں
سے تاکہ میری خدمت کیا کرے یہ حضرت نے ابوطلحہ سے فرمایا ف مکے سے مدینے میں آکر یا خیبر کے
۱۸۷۷ ق جانیکے وقت یہ حدیث فرمائی ق اَبْنُ عَبَّاسٍ اَلْحِقُوا الْفَرَائِضَ بِاَھْلِھَا فَمَا بَقِیَ
فَھُوَ لِاَوْلٰی رَجُلٍ ذَکَرٍ بخاری اور مسلم میں عبداللہ بن عباس سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا

کہ ماا و فرائض کو فرائض والون سے پہر جو مال کہ باقی رہے سو قریب تر رشتہ دار مرد کا ہے ف فرائض
مقرری حصہ کو کہتے ہین جو قران مین مفصل مذکور ہین جیسے ادھا حصہ لڑکی کا اور چھٹا حصہ ماں کا
اور آٹھوان حصہ جورو کا پھر فرمایا کہ میت کے مال سے اول فرائض والون کو دیجیے اور انکو دیکر
اگر کچھ مال باقی رہے اسکو عصبہ پاویگا چنانچہ اسکی تفصیل علم فرائض مین موجود ہے ۱۸۷۸ خ مَیمُونَہ
اَلقُوھَا وَمَا حَولَھَا وَکُلُوا سَمنَکُم بخاری مین حضرت میمونہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
کہ چوہے کے پینگنی کے برابر دو چوہے کو اور اسکے پاس کے گھی کو اور اپنے باقی گھی کو کھاؤ ف چوہا
گھی مین گر پڑا اور مر گیا حضرت سے مسئلہ پوچھا تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یہہ اُس صورت
مین ہے کہ گھی جما ہو اور اگر گھی پتلا ہو تو تمام گھی ناپاک ہو گیا ۱۸۷۹ ق کَعبُ بنُ مَالِکٍ
اَمسِک عَلَیکَ بَعضَ مَالِکَ فَھُوَ خَیرٌ لَّکَ وَلِلہ کہ بخاری اور مسلم مین کعب بن مالک سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ رکھ لے اپنے تہوڑے مال کو یہہ تیرے حق مین بہتر ہے یہہ حضرت نے
کعب سے فرمایا ف کعب جنگ تبوک مین حضرت کے ساتھ نہ گئے تھے خدا اور رسول کا اُنپر
پچاس روز نہایت عتاب رہا جب اُنکی توبہ قبول ہوئی تو خوشی کے مارے اُنہون نے چاہا کہ اپنا
تمام مال خیرات کر دین تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی ۱۸۸۰ ع اَنَرَ اَمِیطِی عَنَّا قِرَامَکِ
فَاِنَّہُ لَا تَزَالُ تَصَاوِیرُہُ تَعرِضُ فِی صَلٰوتِی بخاری مین انس سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ دور کر اپنے نقش دار پردہ کو ہمارے سامنے سے اسواسطے کہ اسکی تصویریں ہمیشہ میرے

سامنے آیا کرتی ہیں ف حضرت عایشہ نے رنگین پردہ جس میں تصویریں تھیں گھر میں لٹکایا تھا

۱۶۸۱ م تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی م ابْنُ عَبَّاسٍ انْحَرْهَا ثُمَّ اصْبُغْ نَعْلَيْهَا فِي دَمِهَا ثُمَّ اجْعَلْهُ عَلَى صَفْحَتِهَا وَلَا تَأْكُلْ مِنْهَا أَنْتَ وَلَا أَحَدٌ مِنْ أَهْلِ رُفْقَتِكَ یعنی ما ابدع من البدن سلم ابن عباس سے مروی ہے کہ قربانی کا اونٹ راہ میں تھک جاوے اور بیت اللہ تک نہ سکے اسکے حق میں حضرت نے فرمایا کہ اسکو ذبح کر پھر اسکے خون میں جوتیوں کو رنگ پھر اسکے اونٹ کے کوہان پر رکھدے اور تو اسکا گوشت مت کھا اور نہ کوئی تیرے ساتھیوں سے کھاوے ف حضرت جب حج کو چلے سولہ اونٹ قربانی کے ایک شخص کو حوالہ کئے کہ ہانکے چلے اسنے کہا کہ یا حضرت اگر کوئی اونٹ راہ میں ماندہ ہو جاوے اور نہ چل سکے تو میں کیا کروں تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یہہ تدبیر حضرت نے اسواسطے

۱۶۸۲ م بتلائی کہ اہل دار لوگ اسکو قربانی جان کے نکھاویں اور محتاج لوگ کہاویں م جَابِرٌ أَنْزِعُوا بَنِي عَبْدِ الْمُطَّلِبِ فَلَوْلَا أَنْ يَغْلِبَكُمُ النَّاسُ عَلَى سِقَايَتِكُمْ لَنَزَعْتُ مَعَكُمْ مسلم میں جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ پانی کھینچو ای عبد المطلب کی اولاد سو اگر مجھکو یہہ خوف نہ ہوتا کہ لوگ تمہاری آب کشی پر غلبہ اور ہجوم کرینگے تو میں بھی تمہارے ساتھہ پانی نکالتا ف یہہ حضرت نے زمزم کی سبیل پر حضرت عباس سے

۱۶۸۳ ع فرمایا ع انْصُرْ أَخَاكَ ظَالِمًا أَوْ مَظْلُومًا فَقَالَ رَجُلٌ يَا رَسُولَ اللَّهِ

انصرہ

انصرہ اذا کان مظلوما افرایت ان کان ظالما کیف انصرہ قال
تحجزہ او تمنعہ من الظلم فان ذلک نصرہ بخاری مین انس سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ مدد کرو اپنے بھائی مسلمان کی ظالم ہو یا مظلوم تو ایک مرد نے کہا یا رسول
اللہ اسکی مدد کرونگا جب کہ وہ مظلوم ہو گا بھلا یہہ تو بتلائے کہ اگر وہ ظالم ہو تو کیونکر اسکی
مدد کرون حضرت نے فرمایا کہ اسکو ظلم سے روک یہی اسکی مدد کرنی ہے م حذیفہ انصرفا ۱۸۸۴
انفی لہم بعہدہم و نستعین اللہ علیہم فالکہ ولابیہ مسلم مین حذیفہ سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تم دونو پلٹ جاؤ ہم اُن کافرون سے قول کو پورا کرینگے اور اُنپر
فتح پانیکی خدا سے مدد مانگینگے یہہ حضرت نے حذیفہ اور اُنکے باپ سے فرمایا ف
حذیفہ سے روایت ہے کہ کفار قریش اور حضرت سے دس برس کی صلح ہوئی تھی اسی مدت مین
مین اور میرا باپ مکہ سے مدینہ کو چلا کافرون نے ہمکو پکڑا اور پوچھا کہ تم کہان جاتے ہو ہم نے کہا کہ ہم نے
جانتے ہین کافرون نے کہا کہ تم ہماری صلح کو توڑنا چاہتے ہو تم ہم سے خدا کا قول
کرو کہ ہم مدینے جاکر پلٹ آوینگے اور پیغمبر کے ساتھ ہو کر لڑینگے ہمنے اُن سے
اسی طرح عہد کیا اور حضرت سے اسکی خبر کی تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی معلوم ہوا
کہ قول پورا کرنا ضرور ہے اگرچہ کافرون سے کیا ہو ف ابو ہریرۃ انظروا ۱۸۸۵
الی من ہو اسفل منکم ولا تنظروا الی من ہو فوقکم فانہ اجدر

اَنْ لَا تَزْدَرُوا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ بخاری اور مسلم بن ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ نظر کیا کرو انکو جو تم سے کمتر ہین اور نہ دیکھا کرو انکو جو تم سی اونچے ہین اسواسطے کہ تمہارے
حق مین بہتر ہے کہ نہ حقیر جانو گے خدا کی نعمت کو جو تمپر ہے ف یعنی جو لوگ تم سے مال اور
صورت اور تندرستی اور ریاست مین کمتر ہون انکو خیال کرو تاکہ خدا کا شکر تمہارے دل سے
نکلے اور جو لوگ دنیا مین تم سی افضل ہون انکو نہ دیکھا کرو نہین تو ناشکری زبان سے نکلیگی اور ناحق

ق ۱۸۸۶ رنج ہوگا ق سَهْلُ بْنُ سَعْدٍ اُنْفُذْ عَلٰى رِسْلِكَ حَتّٰى تَنْزِلَ بِسَاحَتِهِمْ
ثُمَّ اُدْعُهُمْ اِلَى الْاِسْلَامِ وَاَخْبِرْهُمْ بِمَا يَجِبُ عَلَيْهِمْ مِنْ حَقِّ اللّٰهِ فِيْهِ بخاری اور
مسلم مین سہل بن سعد سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ چلا جا اپنے طور پر یہان تک کہ جب تو انکے
ڈاندے پر پہنچے پھر انسے اسلام کی درخواست کر اور بتلا انکو جو اوپر خدا کا حق واجب ہے دین اسلام
مین یعنی کلمہ اور شریعت کے احکام ف جب حضرت نے علی مرتضی کو خیبر کی فتح کے واسطے بھیجا

ق ۱۸۸۷ تب یہہ حدیث فرمائی ق عُمَرُ اَوْفٰى بِنَذْرِكَ فَاَتَاهُ حِيْنَ قَالَ يَا رَسُوْلَ
اللّٰهِ اِنِّيْ كُنْتُ نَذَرْتُ فِي الْجَاهِلِيَّةِ اَنْ اَعْتَكِفَ لَيْلَةً وَفِيْ رِوَايَةٍ
فِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ بخاری اور مسلم مین حضرت عمر فاروق سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اپنی
نذر کو پورا کر یہہ حضرت نے عمر فاروق سے فرمایا جب کہ انہون نے کہا کہ یا رسول اللہ مین نے کفر
مین نذر مانی تہی کہ مین ایک رات اعتکاف کرونگا اور دوسری روایت یون ہے کہ مسجد الحرام

یعنی مسجد اللہ

یعنی بیت اللہ مین اعتکاف کرو نکاف معلوم ہوا کہ حالت کفر کی نذر کو ادا کرنا واجب ہے ۱۸۸۸ ق

بشرطیکہ خلاف شرع نہو ق اَنَسٌ اَوْلِمْ وَلَوْ بِشَاۃٍ بخاری اور مسلم مین انس رض سے

روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ شادی کا کھانا کرایک ہی بکری کا سہی ف عبدالرحمن بن عوف کے

زردی لگی تھی حضرت نی پوچھا کہ یہہ کیا ہے اُنہون نی کہا کہ مین نے نکاح کیا ہے تب حضرت نے

یہہ حدیث فرمائی یعنی اگر ولیمہ نہو تو ایک ہی بکری مین ولیمہ ہوسکتا ہے ۱۸۸۹ م عَائِشَۃُ اُهْجُوا

قُرَيْشًا فَاِنَّهٗ اَشَدُّ عَلَيْهَا مِنْ مَرْشِقِ النَّبْلِ مسلم مین حضرت عائشہ سے روایت ہے

کہ حضرت نے فرمایا کہ کفار قریش کی ہجو کرو اسواسطے کہ قریش پر ہجو تیر مارنے سے بھی سخت تر ہے ق

یہہ حضرت نے شاعر صحابی سے فرمایا جیسے حسان اور عبداللہ بن رواحہ ق اَلْبَرَاءُ بْنُ عَازِبٍ ۱۸۹۰ ق

اُهْجُهُمْ اَوْ هَاجِهِمْ وَجِبْرِيْلُ مَعَكَ قَالَ لِحَسَّانِ بْنِ ثَابِتٍ بخاری اور مسلم مین

براء بن عازب سے روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ ہجو کر کفار قریش کی اور جبرئیل تیری ساتھہ ہے

یعنی اسکی طرف سے مضمون کا فیضان ہوگا یہہ حضرت نی حسان بن ثابت سے فرمایا م اِبْنُ ۱۸۹۱ م

عُمَرَ بَارِدُوا الصُّبْحَ بِالْوِتْرِ مسلم مین عبداللہ بن عمر سے روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ فجر

آگے وتر پڑھ لیا کرو ف یعنی صبح صادق سے پہلے اور جب صبح نمودار ہوئی تو وتر کا وقت

نرہا لیکن فضیلت پڑھنا درست ہے م اَبُوْهُرَيْرَةَ بَادِرُوْا بِالْاَعْمَالِ فِتَنًا كَقِطَعِ ۱۸۹۲ م

اللَّيْلِ الْمُظْلِمِ يُصْبِحُ الرَّجُلُ مُؤْمِنًا وَيُمْسِي كَافِرًا وَيُمْسِي مُؤْمِنًا وَيُصْبِحُ

کافرا ویبیع دینہ بعرض من الدنیا مسلم ہین ابوہریرہ رضسے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ نیک اعمال کو شتابی کرلو فسادون سے پہلے ایسی فساد ہونگے جیسے اندھیری رات کی
اخیر تاریکی یعنی اذا دہندز مانہ ہو جاویگا حق باطل کی تمیز نہ رہے گی صبح کے وقت مرد مسلمان
ہوگا اور شام کو کافر ہو جاویگا اور شام کو مومن ہوگا اور صبح کیوقت کافر ہو جاویگا اپنے
دین کو بیچے گا دنیا کے مال سے ف اس حدیث ہین ان فسادو کی خبر ہے جو یزید اور سلطنت
مروانیہ ہین واقع ہوئی اس حدیث ہین ارشاد ہے کہ فرصت کو آدمی غنیمت جانے اور تشانی سے
پہلے جو نیک عمل ہو سکین سو کرلیوے م ابوہریرۃ بادروا العمل سبعا الدجال
والدخان ودابۃ الارض وطلوع الشمس من مغربہا وامر العامۃ وخویصۃ
احدکم مسلم ہین ابوہریرہ رضسے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جلدی کرلو نیک عمل کو چھ چیز سے
پہلے ایک دجال دوسرے دھوان تیسرے زمین کا جانور چوتھے آفتاب کا پچھم سے نکلنا پانچوین
قیامت جو سارے عالم کو گھیرنے کی چھٹی اپنی موت جو اپنی ذات کو خاص ہے ف یعنے آثار قیامت
اور اپنی موت سے پہلے جو کرنا ہو سو کرلو قیامت سے پہلے سارے عالم ہین دھوان ظاہر ہوگا
اور زمین سے ایک عجیب شکل کا جانور نکلے گا خ ابوذر تبشر الکافر بنور یکبی فی وجہہ
یخرج من جنوبہم ویکبی من اقفائہم یخرج من جباہہم ق ویودی بشر
الکافر بضربۃ یخط علیہ فی نار جہنم فیوضع علی حملۃ تذری

۱۸۹۳ م
۱۸۹۴ خ ق

اَحَدِهِمْ حَتّٰی یَخْرُجَ مِنْ بَعْضِ کَتِفَیْهِ وَیُوْضَعُ عَلٰی بَعْضِ کَتِفَیْهِ حَتّٰی یَخْرُجَ
مِنْ جَمْلَةِ ثَدْیَیْهِ یَتَزَلْزَلُ مسلم میں ابوذر سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ بشارت
دے مال جمع کر رکھنے والونکو داغنی کی انکی پیٹھون مین داغا جاویگا پستیون سے نکلے گا
اور انکی گدیونکی طرف سے داغا جاویگا اونکے ماتھون سی نکلیگا بخاری اور مسلم مین دوسری
روایت یون ہے کہ بشارت دے مال جمع کر رکھنے والون کو گرم پتھر کی جو دوزخ کی آگ مین
خوب گرم کیا جاویگا پھر مالدار کی چھاتی کی نوک پر رکھا جاویگا یہان تک کہ مونڈھے کی اوپری
ہڈی سے نکل جاویگا اور مالدار کے مونڈھے کے اوپر والی ہڈی پر رکھا جاویگا یہان تک کہ
اسکی دونو چھاتیونکی نوک سی نکل جاویگا اونجیل تہر تہرا دیگا ف یہہ عذاب مالدار بخیل
زکوة نہ دینے والے پر ہوگا ح عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو بَلِّغُوْا عَنِّیْ وَلَوْ اٰیَةً وَحَدِّثُوْا ۱۲۹۵ ج
عَنْ بَنِیْ اِسْرَآئِیْلَ وَلَا حَرَجَ بخاری مین عبداللہ بن عمرو سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
کہ پہنچاؤ لوگون کو میری طرف سے اگرچہ ایک ہی آیت ہو اور بنی اسرائیل سے باتین سنکر نقل
کرو اسمین کچھ مضائقہ نہین ف یعنی لوگون کو شریعت محمدی سکھلانا واجب ہے اگر کچھ یا نہو
تو ایک قرآنکی آیت ہی تعلیم کرے ابتدای اسلام مین بنی اسرائیل کی کتابون کے دیکھنے سی
حضرت نے منع کیا تھا اسواسطی کہ انکی روایات پر اعتقاد نہین مبادا نومسلمون کے اعتقاد بگڑ جاوین
پھر جب دلون مین اسلام کا عقیدہ مضبوط ہوگیا اور دین حق پر یقین کامل حاصل ہوچکا

تو بنی اسرائیل کی روایات نقل کرنے کی اجازت دی کو یا حق بات کی اور تائید ہوئی لیکن یہہ بات ضرور ہے کہ جو روایات بنی اسرائیل کے عقائد اسلام کے مخالف ہوں انکو خرافات جانا چاہیے

۱۹۶ م ابن عمر تحروا لیلۃ القدر فی السبع الاواخر مسلم میں عبداللہ بن عمر سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تلاش کرو شب قدر کو پچھلی سات راتوں میں ف یعنے رمضان کے

۱۹۷ م عشرہ اخیرہ میں م عائشۃ تحروا لیلۃ القدر فی العشر الاواخر من رمضان مسلم میں حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تلاش کرو شب قدر کو پچھلی دس راتوں میں رمضان کے ف یعنے طاق راتوں میں

۱۹۸ م ابن عمر تحینوا لیلۃ القدر فی العشر الاواخر او قال فی السبع الاواخر مسلم میں عبداللہ بن عمر سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ طلب کرو شب قدر کو پچھلی دس راتوں میں یا یوں فرمایا کہ پچھلی سات راتوں میں

۱۹۹ ق ابن مسعود تسحروا فان فی السحور برکۃ بخاری اور مسلم میں عبداللہ بن مسعود سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ سحری کھایا کرو اسواسطے کہ سحر کھانے میں برکت ہے یعنے ثواب اور قوت صوم

۱۹۰۰ ق حارثۃ بن وھب الخزاعی تصدقوا فیوشک الرجل یمشی بصدقتہ فیقول الذی اعطیتھا لو جئتنا بھا بالامس قبلتھا فاما الان فلا حاجۃ لی بھا فلا یجد من یقبلھا بخاری اور مسلم میں حارثہ بن وہب سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ صدقہ دو اور خیرات کرو قریب ہے کہ مرد اپنا صدقہ لیجا دیکھا تو فقیر کہیگا کہ اگر تو سکو کل لاتا تو میں سکو

قبول کرتا اور اب تو مجھکو اسکی حاجت نہین تو پنا دیکا کسی کو جو صدقہ قبول کرسے ف
امام مہدی کے وقت مین مال کی کثرت ہوگی سب لوگ مالدار ہو جاوینگے کوئی محتاج نہ ملیگا
جو صدقہ لیوی سو فرمایا کہ اِسوقت کو غنیمت جانو جو دینا ہو سو محتاجون کو دو ق ۱۹۰۱ ق ابو موسیٰ
تَعَاهَدُوا هٰذَا الْقُرْاٰنَ فَوَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهٖ لَهُوَ اَشَدُّ تَفَلُّتًا مِنَ
الْاِبِلِ فِي عُقُلِهَا بخاری اور مسلم مین ابو موسیٰ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ہمیشہ پڑھا کرو
قرآن کو سو قسم ہے اسکی جسکے قابو مین محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی جان ہے البتہ قرآن زیادہ چھوٹ بہاگنے والا
ہے اُن اونٹون سے جو اپنی رسیون مین بستہ نہین ف اونٹ جہان اپنی رسی سے چھوٹا بہاگا
اِسی طرح جب حافظ قرآن کی دور چھوڑا ہوا اسواسطے حضرت نے تاکید فرمائی کہ ہمیشہ دور چلا
جاوے تاکہ قابو مین بنا رہے ق ۱۹۰۲ ق ابو ھریرۃ تَعَوَّذُوْا بِاللّٰهِ مِنْ جَهْدِ الْبَلَاءِ وَ
دَرْكِ الشَّقَاءِ وَسُوْءِ الْقَضَاءِ وَشَمَاتَةِ الْاَعْدَاءِ بخاری اور مسلم مین ابو ہریرہ رضہ سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ خدا کی پناہ مانگو بلا کی مشقت سے اور بدبختی کے ملنے سے
اور تقدیر کی بُرائی سے اور دشمنونکی خوشنودی سے ف بلا کی مشقت یہہ کہ مال تھوڑا ہو اور
اولاد بہت م ۱۹۰۳ م ابو موسیٰ تُوْبُوْا اِلَى اللّٰهِ فَاِنِّيْ اَتُوْبُ اِلَى اللّٰهِ فِي الْيَوْمِ مِائَةَ
مَرَّةٍ مسلم مین ابو موسیٰ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ توبہ کیا کرو خدا کی جناب مین اسواسطے کہ مین خدا کی
جناب مین توبہ کرتا ہون ہر روز سو بار ف یعنی جب پیغمبر معصوم ہر روز سو بار توبہ کرے

۱۹۰۴ ف تو اور دن کو زیادہ تر توبہ کرنا لازم ہے ف ابن عمر توضأ واغسل ذکرک
ثم نم بخاری اور مسلم بن عبداللہ بن عمر سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ وضو کرا اور اپنی
آلت کو دھو ڈال پھر سو رہ کر ف عمر فاروق نے کہا کہ رات کو غسل کی حاجت ہو تو کیا
کرے تب حضرت نے یہ حدیث فرمائی یعنی اگر اسوقت غسل نہ ہو سکے تو نجاست کو دھو کر وضو
۱۹۰۵ م کرکے سو رہے تاکہ روح کو صفائی حاصل ہو جاوے م ابوھریرۃ وعائشۃ توضؤا
مما مست النار مسلم بن ابوہریرہ اور حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت نے کہ وضو کرو آگ کی
پکی چیز سے ف یہ حدیث منسوخ ہے اول یہی حکم تھا اب اسپر حکم نہیں اسواسطے کہ عبداللہ
بن عباس سے روایت ہے کہ حضرت نے بکری کا پختہ گوشت کھایا اور پہلے وضو سے نماز پڑھی بعد
۱۹۰۶ م کھانے کے وضو کیا م ابوھریرۃ جزوا الشوارب واعفوا اللحی مسلم بن ابوہریرہ سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ خوب کترا مونچھوں کو اور رکھو داڑھیوں کو ف مونچھ کترانا
اور داڑھی رکھنا واجب ہے اور مونچھ نہ کترانا اور داڑھی منڈھانا یا نہایت کترانا کبیرہ گناہ ہے
۱۹۰۷ خ مسلمانوں کو خدا توفیق اور غیرت دے خ ابن عباس جہنی عنہا ارأیت لو کان
علی امک دین اکنت قاضیتہ قالت نعم قال اقضوا اللہ فاللہ احق
بالقضاء بخاری میں عبداللہ بن عباس سے روایت ہے کہ حضرت سے ایک عورت نے فرمایا کہ حج کر
اپنی ماں کی طرف سے بھلا بتلا تو کہ اگر تیری ماں پر قرض ہوتا تو ادا کرتی اسنے کہا ہاں حضرت نے

فرمایا

فرمایا کہ خدا کا قرض ادا کرو اسواسطے کہ خدا کا قرض زیادہ تر ادا کرنیکے لایق ہے
ف ایک عورت نے کہا کہ یا حضرت میری ماں نے حج کی نذر مانی تھی سو وہ بدون حج کی مرگئی
تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی ف امام اعظم کے نزدیک اگر میت کا مال ہو اور
اُسنے حج کی وصیت کی ہو تو وارث پر حج کرانا اُسکی طرف سے واجب ہے اور اگر مال نہ ہو تا
میت نے وصیت نکی ہو تو مستحب ہے ق عَائِشَةُ حُجِّي وَاشْتَرِطِي وَقُولِي اللّٰهُمَّ ق
مَحِلِّي حَيْثُ حَبَسْتَنِي فَاِنَّ لِضُبَاعَةَ بِنْتِ الزُّبَيْرِ لَمَّا اَرَادَتْ اَنْ تَحُجَّ وَ
كَانَتْ وَجِعَةً بخاری اور مسلم میں حضرت عائشہ رضی سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ حج کر اور شرط کرلے اور یوں کہہ کہ الٰہی جہاں تو مجھکو روک دیویگا یعنی جہاں
بیماری غالب ہو جاویگی وہیں میں احرام اُتار دونگی یہہ حضرت نے ضباعہ زبیر کی بیٹی سے
فرمایا جب کہ اُسنے حج کرنے کا ارادہ کیا اور وہ بھی بیمار تھی ف جب احرام باندھ کے
حج کو جاوی اور راہ میں بیمار ہو جاوی یا دشمن کے خوف سے نہ جا سکے تو احرام اُتار دے
اور دوسرے سال حج کو قضا کری ق عَائِشَةُ حَوِّلِي هٰذَا فَاِنِّي كُلَّمَا ۱۹۰۹ ق
دَخَلْتُ فَرَاَيْتُهُ ذَكَرْتُ الدُّنْيَا يَعْنِي سِتْرًا كَانَ فِيهِ تَمَاثِيلُ طَائِرٍ
فَكُلَّمَا مسلم میں حضرت عائشہ رضی سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ یہہ پردہ اُتار ڈال اسواسطے
کہ جب میں اندر آتا ہوں اور اسکو دیکھتا ہوں تو دُنیا یاد پڑتی ہے مُراد وہ پردہ ہے

جسمین چڑیونکی تصویرین تہین یہہ حضرت نے حضرت عائشہ سے فرمایا ف یہہ پردہ اسوقتمین
تہا جب تصویر رکہنا حرام نہ تہا ق عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ عَمْرٍو خُذُوا الْقُرْاٰنَ ۱۹۱۱ ق
مِنْ اَرْبَعَۃٍ مِنْ عَبْدِ اللّٰہِ وَسَالِمٍ وَمُعَاذٍ وَاُبَیِّ بْنِ کَعْبٍ سَالِمٌ ھُوَ مَوْلَی
اَبِی حُذَیْفَۃَ بخاری اور مسلم مین عبداللہ بن عمرو سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ لو قرآنکو
یعنی چار شخصون سی سیکہو عبداللہ بن مسعود سے اور سالم سے اور معاذ سی اور ابی بن کعب سی سالم وہ جو
ابوحذیفہ کے ازاد غلام اور متبنی تہے ف حضرت کے وقت مین یہ چار اصحاب قرآنکے
بڑے واقف تہے اسواسطے حضرت نے انکی استادی سند کردی تاکہ لوگ ان سے سیکہین
عُبَادَۃُ بْنُ الصَّامِتِ خُذُوا عَنِّیْ خُذُوا عَنِّیْ فَقَدْ جَعَلَ اللّٰہُ ۱۹۱۲ م
لَھُنَّ سَبِیْلًا اَلْبِکْرُ بِالْبِکْرِ جَلْدُ مِائَۃٍ وَنَفْیُ سَنَۃٍ وَالثَّیِّبُ بِالثَّیِّبِ جَلْدُ
مِائَۃٍ وَالرَّجْمُ مسلم مین عبادہ بن صامت سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ سیکہو مجہسے
سیکہو مجہسے مقرر خدا نے اُن عورتونکی راہ کردی کواری کو کواری کے ساتہہ سو کوڑے
اور برس بہر شہر بدر کرنا اور نکاح والی کو نکاح والے کے ساتہہ سو کوڑے اور سنگسار
ف قرآن مین اول یہہ حکم تہا کہ بدکار عورتون کو قید کردیہان تک کہ مرجاوین
یا انکے مقدمی مین خدا کچہہ راہ نکالے پہر خدا نے یہہ راہ نکالی جو حضرت نے فرمائی امام
شافعی کے اور امام احمد کے مذہب مین یہی ہے کہ اگر کوار امرد یا کواری عورت

حرام کاری کرے تو اسکی حد ہے کہ کوڑے ہی مارے اور شہر بدر بھی کیجئے اور امام اعظم کے
نزدیک کنواری کی حد صرف سو کوڑے اور نکاح والیکی حد صرف سنگساری ہے
کوڑوں کے ساتھ شہر بدر کرنا اور سنگسار کی ساتھ کوڑے مارنا درست نہیں
جمع کرنا دونوں کا انکے نزدیک یہ حدیث منسوخ ہے اسواسطے کہ حضرت نے کئی شخصوں کو
سنگسار کیا اور حالانکہ انکو کوڑے نہیں مارے م عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ خُذُوا مَا عَلَيْهَا ۱۹۱۲ م
وَدَعُوهَا فَإِنَّهَا مَلْعُونَةٌ مسلم میں عمران بن حصین سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ
اُتارلو جو کہ اُس اونٹنی پر ہو اور اسکو چھوڑ دو اسواسطے کہ وہ لعنتی ہے ف حضرت سے فرمانے
تیہے لعنت کی لفظ سُنی پوچھا کہ یہ کیا ہے لوگوں نے کہا کہ فلانی عورت نے اپنی اونٹنی کو لعنتی
کہا تب حضرت نے یہ حدیث فرمائی یعنی جب وہ لعنتی ٹھہری تو اُسپر چڑھنا کیا ضرور اُسپر
اسکا اسباب اُتارلو اور اسکو چھوڑ دو اس کلام سے حضرت نے اُس عورت کو جھڑکی دی تاکہ دوسرے
بار پھر ایسے حرکت نکرے معلوم ہوا کہ جانور پر لعنت کرنا درست نہیں م اَبُو سَعِيدٍ لَا تَصْحَبْنَا ۱۹۱۳ م
مَا وَجَدْتُمْ وَلَيْسَ لَكُمُ الْإِدَاكَ يَعْنِي مَا تَصَدَّقَ بِهِ عَلَى مُصَابٍ فِي ثِمَارٍ
ابْتَاعَهَا فَلَمْ يَبْلُغْ ذٰلِكَ وَفَاءَ دَيْنِهِ فَالْبَالِغُ مَا بَلَغَ مسلم میں ابوسعید سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ ملے جو تم نے پایا اور اسکے سوا کچھ تمکو نہ ملیکاف ایک شخص نے اپنے
باغ کے پھل لوگوں سے بیچے اور قیمت لی پھر پھلوں پر کوئی آفت پڑی کہ نکمے ہو گئے سول لینے والے

اپنے مال کا دعوی کیا حضرت نے اصحاب سے کہا کہ اسکو خیرات دو کہ اپنا قرض ادا کرے اصحاب نے
خیرات دی لیکن اتنی خیرات نہ تھی جس سے تمام قرض ادا ہوتا تب حضرت نی قرض خواہون سے
یہہ حدیث فرمائی اس حدیث سے معلوم ہوا کہ حاکم کو درست ہے کہ مفلس قرض دار کی طرف سے
کچھہ قرض دلوا کے باقی قرض کو معاف کرا دیوی ق عَائِشَةُ خُذُوا مِنَ الْاَعْمَالِ ۱۹۱۳ ق
مَا تُطِيقُونَ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يَمَلُّ حَتّٰى تَمَلُّوا بخاری اور مسلم مین عائشہ رضہ سے
روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ نیک عمل اُتنے کرو جتنے تم سے ہوسکین اسواسطے کہ خدا ثواب
دینے سے اُداس نہین ہوتا جبتک تم عمل کرنی سے نہ اداس ہو ف یعنی عبادت وہی
بہتر جو ہمیشہ ہوسکے جس سے دل نہ اداس ہو ق زَيْدُ بْنُ خَالِدٍ خُذْهَا فَاِنَّمَا ۱۹۱۴ ق
هِيَ لَكَ اَوْ لِاَخِيكَ اَوْ لِلذِّئْبِ يعنی ضَالَّةُ الْغَنَمِ بخاری اور مسلم مین زید بن
خالد سے روایت ہے کہ حضرت سے بھولے بھٹکے بکری کے حق مین فرمایا کہ لے اسکو سو وہ تیرے
واسطے ہے یا کسی اور تیری بھائی کے واسطے ہے یا بھیڑیئے کے واسطے ہے ف
یعنے اگر تو اسکو نہ پکڑے گا تو اور کوئی آدمی لیوے گا اور اگر کوئی نہ لیوے گا تو بھیڑیا کہا جاویگا
ق جَابِرِ خُذْ يَا جَابِرُ مَنْضَبَ عَلَيْكَ وَقُلْ بِسْمِ اللّٰهِ يعنی مَا كَانَ فِي ۱۹۱۵ ق
عَزَلَاءِ الْاَنْصَارِيِّ بخاری اور مسلم مین جابر رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ لے اے
جابر اور پانی ڈال مجھہ پر اور بسم اللہ کہہ مراد وہ پانی ہے جو انصاری کی چھوٹی مشک مین

ق ۱۹۱۷ تہاق عَائِشَةُ خُذِي فِرْصَةً مِنْ مِسْكٍ وَيُرْوَى مُمَسَّكَةً فَتَطَهَّرِي بِهَا
بخاری اور مسلم مین حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ لے ٹکڑا کپڑے کا مشک سے
آلودہ پھر اُسسے پاکی حاصل کر ف ایک عورت نی پوچھا کہ یا حضرت مین حیض کے بعد کس
طرح طہارت کیا کرون حضرت نی فرمایا کہ غسل کے بعد لتنے مین مشک لگا کر رکھ لیا کر تاکہ
خونکی بدبو دفع ہو ق ۱۹۱۸ عَائِشَةُ خُذِي مِنْ مَالِهِ بِالْمَعْرُوفِ مَا يَكْفِيكِ وَيَكْفِي
وَلَدَكِ وَيُرْوَى خُذِي مَا يَكْفِيكِ وَوَلَدَكِ بِالْمَعْرُوفِ ف لِهِنْدِ
بِنْتِ عُتْبَةَ امْرَأَةِ أَبِي سُفْيَانَ بخاری اور مسلم مین حضرت عائشہ سے روایت ہے
کہ حضرت نی فرمایا لے کر خاوند کی مال سے موافق دستور کے جتنا تجھکو اور تیری اولاد کو
کفایت کرے یہہ حضرت نی ہند عتبہ کی بیٹی ابوسفیان کی جورو سے کہا ف ہند نی کہا کہ یا حضرت
ابوسفیان مرد بخیل ہے اتنا خرچ نہین دیتا جو مجھکو اور میری اولاد کو کفایت کرے کر یہہ
ہو سکتا ہے کہ اسکی نا دانستگی مین بقدر حاجت کے لون یعنی اس طرح لینا درست ہے یا نہین
تب حضرت نی یہہ حدیث فرمائی معلوم ہوا کہ عورت خاوند کی مال سی اگر بقدر حاجت ضروری کے
بدون اسکی اجازت لیوی تو درست ہے اسواسطے کہ اسکا حق خاوند پر فرض ہے ق ۱۹۱۹ ابْنُ عَبَّاسٍ
دَعُونِي فَالَّذِي أَنَا فِيهِ خَيْرٌ وَأَوْصِيكُمْ بِثَلَاثٍ أَخْرِجُوا الْمُشْرِكِينَ مِنْ
جَزِيرَةِ الْعَرَبِ وَأَجِيزُوا الْوَفْدَ بِنَحْوِ مَا كُنْتُ أُجِيزُهُمْ قَالَ وَسَكَتَ عَنِ

الثالثة اوفاها فانبئتها هذا من قول سليمان بن ابی مسلم بخاری
اور مسلم مین عبداللہ بن عباس سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ نہ چھیڑو مجھکو جسمین کہ مین ہون بہتر
اور مین تمکو تین چیز کی وصیت کرتا ہون کہ نکال دیجیو مشرکین کو عرب کے ٹاپو سے اور انعام
دیا کرنا ایلچیون کو جسطرح مین انکو انعام دیتا تہا راوی نے کہا کہ تیسری چیز سے حضرت نے سکوت
کیا یا کہا سکو فرمایا مکر مین بہول گیا یہ قول ہے سلیمان بن ابی مسلم کا جو اس حدیث کا راوی ہے

ف اسکا پورا قصہ حدیث قرطاس مین اسی باب کے درمیان ہو چکا ع ابو ہریرہ رضی دعو ۱۹۲۰

ع

ما ترکتم انما اهلک من کان قبلکم سوالهم واختلافهم علی انبیائهم
فاذا نهیتکم عن شیئ فاجتنبوه واذا امرتکم بامر فاتوا منه ما
استطعتم بخاری مین ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مجھسے سوال کرنا چھوڑو جب
تک کہ تمکو چھوڑون اور نہ تبلاون تم سے اگلی اُمتون کو تو انکے سوال اور اختلاف ہی نے
غارت کیا کہ اپنے پیغمبرون پر اختلاف کرتے تہے سو جب کہ مین تمکو کسی چیز سے منع کرون
تو اُس سے بچا کرو اور جب کہ مین کسی چیز کرنے کا حکم کرون تو اسکو کیا کرو جتنا کہ تم سے
ہو سکے ف حضرت نے خطبہ پڑہا اور فرمایا کہ اے لوگو تمپر حج فرض ہوا سو تم حج کرو تو ایک
شخص نے کہا کہ یا حضرت کیا ہر سال حج فرض ہے حضرت چپ رہے یہان تک کہ اسنے
تین بار پوچھا پہر حضرت نے فرمایا کہ اگر مین ہان کہتا تو تم پر ہر سال حج کرنا فرض ہو جاتا اور

تسی کبھی نہو سکتا پھر یہہ حدیث فرمائی یعنی بیہودہ سوال نکیا کرو جو تمہاری حق مین
بہتر ہے اسکو مین خود بیان کر دیتا ہون تمکو اتنی کاوش کرنا کیا ضرور ہے ق
جابر دعوھا فانھا منتنۃ یعنی دعوے الجاھلیۃ ای قول الانصاری حین کسع
المھاجری یا للانصار بخاری اور مسلم مین جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ
چھوڑو اس بات کو کہ وہ بات تو گندی ہے یعنی کفر کی بات کہ وہ گہار بلانا انصاری کا جب کہ ایک
مہاجرنی اسکی چوتڑ پر لات ماری وہ چیخا کہ ای انصاریو دوڑو ف حضرت سفر مین تھے
ایک انصاری اور مہاجرین کھنکو ہوگئی مہاجرنی انصاری کی چوتڑ پر لات ماری انصاری نے
چیخ ماری کہ ای انصاریو دوڑو اور مہاجرنی اسی طرح مہاجرین کو بلایا دونو طرف کے لوگ جمع ہو گئے
حضرت نے یہہ شور سنکر فرمایا کہ یہہ کفر کا قول یعنی گہار بلانا کسواسطے ہوا اصحاب نے ان دونو ۱۹۲۲
شخصون کا حال عرض کیا تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی ع ابوھریرۃ دعوہ و
ارزقوا علی بولہ سجلا من ماء او ذنوبا من ماء فانما بعثتم میسرین ولم تبعثوا
معسرین بخاری مین ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ چھوڑ دو اسکو اور اسکے پیشاب پر
ایک ڈول پانی کا یا بڑا ڈول پانی کا بہا دو اسواسطے کہ تم تو بھیجے گئے ہو آسانی کرنیوالے اور نہین بھیجے گئے سختی
کرنیوالے ف ایک کنوارنی حضرت کی مسجد مین پیشاب کر دیا اصحاب نے اسکو للکارا تب
حضرت نے یہہ حدیث فرمائی پھر حضرت نے اسکو بلا کر کہا کہ مسجد عبادت کا مقام ہے یہان ۱۹۲۱ ق

پیشاب کرنا مناسب نہیں معلوم ہوا کہ ناداں کی تصویر پر سختی کرنا پسند ہے اور ثابت ہوا کہ زمین کی

۱۹۲۳ ق نجاست اپنی ڈالنی سے اور خشک ہونی سے دور ہو جاتی ہے ق ابن عمر رضی عنہ

قال الحیاء من الایمان قال لرجل کان یعظ اخاہ فی الحیاء بخاری اور

مسلم میں عبداللہ بن عمر سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اسکو چھوڑ اسوا سکے کہ شرم تو ایمانی

نشانی ہے یہ حضرت نے اس مرد سے فرمایا جو اپنے بھائی سے نصیحت کرتا تھا کہ زیادہ شرم

۱۹۲۴ ق نہ کیا کر یعنی حیا صفت ایمانی ہے ہر حالت میں بہتر اور بیحیائی ہر طرح معیوب ہے ق ابو سعید رضی عنہ قال

انہ اصحابا یجتہدون صلوتہم مع صلوتہم وصیامہ مع صیامہم یقرؤن القرآن لا یجاوز

تراقیہم یمرقون من الاسلام کما یمرق السہم من الرمیۃ ینظر الی نصلہ فلا یوجد فیہ شیئ

ثم ینظر الی رصافہ فلا یوجد فیہ شیئ ثم ینظر الی نضیہ فلا یوجد فیہ شیئ ثم ینظر الی قذذہ

فلا یوجد فیہ شیئ سبق الفرث والدم ایتہم رجل اسود احدی

عضدیہ مثل ثدی المرأۃ او مثل البضعۃ تدردر یخرجون علی حین فرقۃ

من الناس یروی علی حین فرقۃ بخاری اور مسلم میں ابو سعید سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا

کہ اسکو چھوڑ اور دور کر یہ مقرر ہے کے چند ساتھی ہوں گے کہ تم میں سے ہر ایک آدمی اپنی نماز کو

انکے نماز کے ساتھ حقیر جانے گا اور اپنے روزے کو انکے روزے کے ساتھ ناچیز سمجھیگا وہ

لوگ قرآن پڑھیگے انکے گلے کی ہنسلیوں سے نیچے نہ اتریگا یعنی دل میں قرآن کا کچھ اثر نہ ہوگا

وہ لوگ اسلام سی نکل جائینگے جیسے جانور کے تیر پار ہو جاتا ہے اسکی کانسی کو دیکھے تو کچھہ خون کا
اثر نپاوی پھر اسکی پاڑہ کو دیکھے تو کچھہ اثر نپاوی پھر اُس تیر کی لکڑی کو دیکھے تو کچھہ اثر نپاوے
پھر تیر کے پر کو دیکھے تو کچھہ اثر نہ پاوے تیر پار نکل گیا پیٹ کی گوبر اور خون سی یعنی جیسی پار
ہوئے تیر مین جانور کا کچھہ اثر نہین لگا رہتا اسی طرح اُس قوم مین اسلام کا کچھہ اثر باقی نرہیگا اُس
قوم کی پہچان یہہ ہے کہ اُنمین ایک سیاہ مرد ہوگا جسکا ایک بازو جیسی عورت کی چھاتی جیسے
گوشت کا لوتھڑا کہ جنبش کیا کریگا آدمیونکے عمدہ ترگروہ پر خروج کرینگے یعنے علی مرتضی رضہ سے
باغی ہونگے اور دوسری روایت یون ہے کہ وہ لوگ اختلاف اور پھوٹ کے زمانی مین ظاہر ہونگے
ق حضرت نے کچھہ مال تقسیم کیا ایک شخص جسکا ذوالخویصرہ نام تہا اُس حضرت سے کہا کہ انصاف سے
تقسیم کرو عمر فاروق نے کہا کہ یا حضرت اگر حکم ہو تو مین اس کا فرکو مار ڈالون تب حضرت نے یہہ
حدیث فرمائی اور خارجی قوم کی خبر دی علی مرتضی نے اُس قوم کو قتل اِس حدیث مین جس
نشانی کا مرد حضرت نے فرمایا تہا اُسی نشان کا آدمی اُس قوم مین موجود تہا باقی قصہ
اس حدیث کا دوسرے باب مین ہو چکا ق جابر رضہ عنہ لا یتحدث الناس ان محمدا یقتل
اصحابہ فالعہم حین قال دعنی اضرب عنق ھذا المنافق یعنے عبد
اللہ بن ابی بخاری اور مسلم مین جابر رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ چھوڑ اسکو اور مت
مارو کہ لوگ یہہ گفتگو نکرین کہ محمد اپنے ساتہیون کو قتل کرتا ہے یہہ حضرت نے عمر فاروق رضہ سے

ق ۱۹۲۵

فرمایا جب کہ حضرت عمر نی حضرت سی کہا کہ مجھکو حکم ہو تو مین اس منافق کی گردن مارون یعنی
عبداللہ بن ابی کی **ف** مدینی مین عبداللہ بن ابی بڑا منافق تہا اُس نے حضرت کی خدمت مین
بی ادبی کی عمر فاروق نی اسکے قتل کی اجازت مانگی تب حضرت نی یہہ حدیث فرمائی یعنے
لوک حقیقت حال نہ سمجھین گے مجھکو سفاک اور خونریز جان کر مسلمان ہونے سے وحشت کرینگے

**ق** ۱۹۲۶ سبحان اللہ حضرت مین کیا حکمت اور حلم تہا **ق** المغیرۃ بن شعبۃ دعہما فانی ادخلتہما
طاہرتین یعنی الخفین **ق** کہا بخاری اور مسلم مین مغیرہ بن شعبہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ اُنکو رہنے دے اور مت اُتار اسواسطے کہ مین نی پاک پہنے ہین یعنے دونو موزون کو
یہہ حضرت نی مغیرہ سے فرمایا **ف** مغیرہ سی روایت ہے کہ مین سفر مین حضرت کے ساتہہ تہا حضرت نے
فرمایا کہ تیرے پاس پانی ہے مین نی کہا کہ ہان پہر حضرت سواری سے اُترے مین نے پانی ڈالا حضرت نے
وضو کیا مُنہہ اور ہاتہہ دہوئے اور سر پر مسح کیا حضرت نے موزے پہنے تہے مین جہکا کہ موزے اُتارون
تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنے اُتارنیکی کچہہ حاجت نہین مین نے وضو کرکے اُنکو پہنا تہا

**ر** ۱۹۳۲ **ر** عائشۃ دعیہا وہل یکون الشبہ الا من قبل ذلک واذا علا ماء الرجل ماء ہا اشبہ
ہما ماء الرجل اشبہ الرجل اخوالہ واذا علا ماء الرجل ماءہا اشبہ
اعمامہ مسلم مین حضرت عائشہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اُس سے کرامت کر اور
مشابہت نہین ہوتی مگر اُسکے سبب سے اور جب غالب ہوئی عورت کی منی مرد کی منی پر تو لڑکا

اپنے ماموں کے مشابہ ہوتا ہے اور اگر مرد کی منی غالب ہوئی عورت کی منی پر تو لڑکا مشابہ
ہوتا ہے اپنے چچوں سے ف حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ ایک عورت نبی سے پوچھا کہ اگر عورت کو
احتلام ہو اور منی کا پانی دیکھے تو غسل کرے حضرت نے فرمایا کہ ہاں غسل کرے حضرت
عائشہ نے اس عورت سے کہا کہ تیرا برا ہو کیا عورت کو بھی احتلام ہوتا ہے تب حضرت نبی یہ حدیث

۱۲۲۸ خ فرمائی یعنی اگر عورت کی منی نہ ہوتی تو لڑکا ماموں کی صورت سے کس طرح مشابہ ہوتا خ سَلَمَۃُ بْنُ الْاَکْوَعِ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ
اِرْمُوْا بَنِیْ اِسْمٰعِیْلَ فَاِنَّ اَبَاکُمْ کَانَ رَامِیًا بخاری اور سلمہ بن اکوع سے روایت ہے کہ حضرت نبی فرمایا کہ تیراندازی
سیکھو اے اسمٰعیل کی اولاد ہو اسلئے کہ تمہارا باپ تیرانداز تھا ف چند انصار تیراندازی کرتے تھے تب حضرت نے
یہ حدیث فرمائی اور فرمایا کہ ہم فلانی قوم کے ساتھ ہیں تو دوسری قوم نبی تیراندازی موقوف کی حضرت نے
فرمایا کہ تم کیوں نہیں تیراندازی کرتے انہوں نبی کہا کہ یا رسول اللہ ہم کیونکر تیر لگا دیں اور آپ تو اس قوم کے
ساتھ ہیں اور ہمارے ساتھ نہیں حضرت نے فرمایا کہ تیر لگاؤ میں تم سب کے ساتھ ہوں اس حدیث سے معلوم ہوا
کہ انصار حضرت اسمٰعیل کی اولاد میں تیراندازی کی اسواسطے تاکید فرمائی کہ جہاد کا وسیلہ ہے ف جَابِرٌ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

۱۲۲۹ ق اَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ فَاکْنُنِیْ بخاری اور مسلم میں جابر سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اپنے بیٹے کا عبدالرحمن نام رکھ
ف جابر سے روایت ہے کہ ہماری قوم میں ایک شخص کے بیٹا پیدا ہوا اسنے قاسم نام رکھا
۱۲۳۰ ق پھر اسنی حضرت کو خبر دی تب حضرت نبی یہ حدیث فرمائی ق عُمَرُ بْنُ اَبِیْ سَلَمَۃَ رَضِیَ
اللّٰہُ عَنْہُ کُلْ بِیَمِیْنِکَ وَکُلْ مِمَّا یَلِیْکَ بخاری اور مسلم میں عمر بن ابی سلمہ سے روایت ہے

کہ حضرت نے فرمایا کہ بسم اللہ کہا اور اپنے داہنے ہاتھ سے کہا اور اس طرف سے کہا جو تیرے
قریب ہو ف عمر بن ابی سلمہ سے روایت ہے کہ میں لڑکا تھا اور رکابی کے ہر طرف سے کھاتا تھا
تب حضرت نے یہ حدیث فرمائی اس حدیث سے معلوم ہوا کہ لڑکوں کو ادب سکھلانا سنت ہے
ق تَسَمَّوْا بِاسْمِی وَلَا تَکْتَنُوْا بِکُنْیَتِی بخاری اور مسلم میں انس رض سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ نام رکھا کرو میرے نام پر اور نہ کنیت رکھو میری کنیت کف کُنیت اسکو کہتے ہیں جس پر
اَب کی لفظ ہو جیسی ابو القاسم اور ابو الحسن حضرت کی کنیت ابو القاسم تھی سو فرمایا کہ اپنی اولاد کا
محمد نام رکھو ابو القاسم انکو نہ کہو مصابیح میں روایت ہے کہ حضرت بازار میں تھے ایک شخص نے پکارا
یا ابا القاسم حضرت اسکی طرف متوجہ ہوئے سنی کہا کہ یا حضرت میں نے آپ کو نہیں پکارا فلانے
شخص کو پکارا تب حضرت نے یہ حدیث فرمائی حضرت کے نام اور کنیت رکھنے میں علما کے بہت
قول ہیں لیکن صحیح قول یہی ہے کہ حضرت کا نام رکھنا تو درست ہے لیکن ابو القاسم کہنا بہتر نہیں
چنانچہ اسکا مفصل بیان سفر السعادت میں موجود ہے ق اَنْسَوُّوْا صُفُوْفَکُمْ فَاِنَّ تَسْوِیَۃَ الصُّفُوْفِ
مِنْ تَمَامِ الصَّلٰوۃِ بخاری اور مسلم میں انس رض سے کہ حضرت نے فرمایا کہ برابر کیا کرو اپنی صفوں کو
اسواسطے کہ صفوں کو برابر کرنا نماز کا کمال ہے ھ اَبُوْ ھُرَیْرَۃَ سَیْرُوْا ھٰذَا جُمْدَانُ
سَبَقَ الْمُفَرِّدُوْنَ قَالُوْا وَمَا الْمُفَرِّدُوْنَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ قَالَ اَلذَّاکِرُوْنَ اللّٰہَ کَثِیْرًا
وَالذَّاکِرَاتُ مسلم میں ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ چلو جمدان پہاڑ سے بڑھ گئے

ق ۱۹۳۱

ق ۱۹۳۲

ھ ۱۹۳۳

اگے

اِنکے اصحاب نے کہا کہ یا حضرت اِنکے کون ہین حضرت نے فرمایا کہ خدا کے بہت یاد کرنے والے
مرد اور عورتین **ف** حضرت کے کی راہ مین چلے جاتے تہے وہان ایک پہاڑ نمود ہوا
جسکا جُدا نام ہے تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی اس پہاڑ کے پاس کوئی پہاڑ نہین یعنے جیسے
یہہ پہاڑ تنہا ہے اسی طرح خدا کی یاد کرنیوالے بھی اسکی یاد مین تنہائی دوست اور گوشہ گیر
رہتے ہین ترمذی مین روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اِنکے لوگ وہ ہین جو خدا کی یاد پر حریص اور خدا
ہین یاد الٰہی انکے گناہون کے بوجہ کو اُتار ڈالیگی سو وہ لوگ قیامت مین ہلکے ہوکے آوینگے

۱۹۳۴ م **م** عَلِيٌّ شَقَّقَهُ خُمُرًا بَيْنَ الْفَوَاطِمِ يَعْنِي ثَوْبَ حَرِيرٍ أَهْدَاهُ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ أَكَيْدِرُ دُومَةَ فَقَالَ لَهُ وَالْفَوَاطِمُ إِحْدَاهُنَّ فَاطِمَةُ
الزَّهْرَاءُ وَالثَّانِيَةُ فَاطِمَةُ بِنْتُ أَسَدٍ أُمُّ عَلِيٍّ وَالثَّالِثَةُ فَاطِمَةُ بِنْتُ حَمْزَةَ مسلم عن
علی مرتضی سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اس ریشمی کپڑے کو پہاڑ اور اوڑھنیان بناکر ان
عورتون مین تقسیم کر جنکے نام فاطمہ ہین مراد وہ ریشمی کپڑا ہے جو اکیدر دومہ کے بادشاہ نے
حضرت کو تحفہ بہیجا تہا یہہ حضرت نے علی مرتضی سے فرمایا اور فاطمہ کے نام کی تین عورتین یہہ ہین
ایک تو فاطمہ زہرا اور دوسری فاطمہ بنت اسد علی مرتضی کی مانیسری فاطمہ امیر حمزہ کی بیٹی

**ف** ہر چند ریشمی کپڑا مرد کو حرام ہے لیکن اگر کوئی تحفہ دے تو قبول کرے اور عورتون کے
حوالے کرے کہ اُنکو حلال ہے

۱۹۳۵ م **م** عَمْرُو بْنُ عَبَسَةَ صَلِّ صَلَاةَ الصُّبْحِ ثُمَّ اقْصِرْ عَنِ

الصلوٰۃ حین تطلع الشمس حتی ترتفع فانہا تطلع حین تطلع بین قرنی
شیطان وحینئذ یسجد لہا الکفار ثم صل فان الصلوٰۃ مشہودۃ محضورۃ
حتی یستقل الظل بالرمح ثم اقصر عن الصلوٰۃ فانہ حینئذ تسجر جہنم
فاذا اقبل الفی فصل فان الصلوٰۃ مشہودۃ محضورۃ حتی تصلی العصر
ثم اقصر عن الصلوٰۃ حتی تغرب الشمس فانہا تغرب بین قرنی الشیطان
وحینئذ یسجد لہا الکفار مسلم عن عمرو بن عبسہ سے روایت ہے کہ حضرت نبی فرمایا کہ صبح کی
نماز پڑہ پہر نماز کو موقوف کر جب تک کہ آفتاب نکلے کہ اونچا ہو جاوے اسواسطے کہ آفتاب جب
نکلتا ہے تو شیطان کے دونو سینگوں کے اندر نکلتا ہے اور اسوقت کافر آفتاب کو سجدہ کرتے
ہین پہر جب آفتاب بلند ہو تو نماز پڑہ اسواسطے کہ اسوقت نماز مین عبادت والے موجود اور حاضر
ہوتے ہین یہان تک کہ سایہ نیزہ کے ساتہہ قائم ہو جاوی یعنی دوپہر ہو اور زمین پر سایہ نہ ہے
پہر اسوقت نماز موقوف کر اسواسطے کہ دوزخ بہڑکائی جاتی ہے پہر جب سایہ دوپہر کا پہٹے
اور بڑہ چلے تو نماز پڑہ اسواسطے کہ اسوقت عبادت والے نماز مین موجود اور حاضر ہوتے ہین یہان
تک کہ عصر کی نماز سے تو فراغت پاوی پہر نماز کو موقوف کر یہان تک کہ آفتاب ڈوب جاوے
اسواسطے کہ آفتاب شیطان کے دونون سینگون کے اندر ڈوبتا ہے اور اسوقت آفتاب کو کافر
سجدہ کرتے ہین ف عمرو بن عبسہ سے روایت ہے کہ حضرت مدینہ مین تشریف لائے تو مین نے حضرت سے

نماز کے

نماز کے وقت پوچھے تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنی ہر وقت نماز پڑھنا درست ہے لیکن تین وقت
درست نہیں طلوع غروب کے وقت تو اسواسطے منع ہے کہ اسوقت آفتاب کو کافر سجدہ کرتے ہیں تو
مسلمانوں کو انکی مشابہت نچاہیے اور دوپہر کو دوزخ بھڑکائی جاتی ہے جلال کا وقت ہے
خ عمران بن حصین صل قائما فان لم تستطع فقاعدا فان لم تستطع ۱۹۳۶ ح
فعلی جنب ق له بخاری میں عمران ابن حصین سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ نماز پڑھ
کھڑے ہو کر اور اگر تجھسے نہ ہو سکے تو بیٹھ کے پڑھ سو اگر بیٹھ کے بھی نہ ہو سکے تو لیٹ کے پڑھ
یہہ حضرت نے عمران سے فرمایا ف عمران ہی سے روایت ہے کہ مجھکو بواسیر کی بیماری تھی میں نے حضرت سے
اسکا مسئلہ پوچھا تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنے بیمار کو ہر طرح نماز پڑھنا
درست ہے خواہ کھڑے خواہ بیٹھے خواہ لیٹے ق عبد الله بن مغفل ۱۹۳۷
ق صلوا قبل صلوة المغرب صلوا قبل صلوة المغرب
قال في الثالثة لمن شاء كراهية ان يتخذها الناس سنة بخاری
اور مسلم میں عبد اللہ بن مغفل رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا نماز
پڑھو مغرب سے پہلے نماز پڑھو مغرب سے پہلے حضرت نے تیسری بار میں فرمایا کہ جو چاہے سو نماز پڑھے یہہ اس خوف سے
فرمایا کہ لوگ اسکو سنت موکدہ نجانیں ف لوگوں نے پوچھا کہ مغرب کے پہلے نماز درست ہے یا نہیں
تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی ہر چند مغرب سے پہلے نماز درست ہے لیکن تاکید اور التزام نچاہیے

۱۹۳۸ ق ادا واجب فرض میں تاخیر ہوگی ق خَبَّابُ بْنُ الْاَرَتِّ صَعُوْهَا ثُمَّ اِلٰی رَاْسِہٖ وَاجْعَلُوْا عَلٰی رِجْلَیْہِ مِنَ الْاِذْخِرِ یعنی مُصْعَبُ بْنُ عُمَیْرٍ حِیْنَ اسْتُشْہِدَ بِاُحُدٍ بخاری اور مسلم میں خباب بن ارت سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اس کملی کو اسکے سر کی طرف ڈالو اور اسکے دونوں پانوں پر گھاس رکھو یعنی مصعب بن عمیر کے جب کہ وہ جنگ اُحد میں شہید ہوئے ف جب مصعب شہید ہوئے تو سوای ایک کملی کے کفن میسر نہ آیا اور کملی بھی ایسی چھوٹی تھی کہ اگر سر پر ڈالتے تھے تو پاؤں کھلتے تھے اور اگر پانوں پر ڈالتے تھے تو سر کھلتا تھا تب حضرت نے یہ حدیث فرمائی معلوم ہوا کہ جب کچھ میسر نہ آوی تو کفن میں ایک ہی کپڑا کفایت کرتا ہے

۱۹۳۹ م سَعْدُ بْنُ اَبِیْ وَقَّاصٍ ضَعْہُ مِنْ حَیْثُ اَخَذْتَہٗ وَفِیْ لَہٗ یعنی سَیْفًا اسْتَوْہَبَہٗ مِنَ الْغَنَائِمِ مسلم میں سعد بن ابی وقاص سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اسکو رکھدے جہاں سے تونے اسکو لیا ہے ف غنیمت کے مال سی سعد بن ابی وقاص نے ایک تلوار اٹھائی اور حضرت سے مانگی تب حضرت نے یہ حدیث فرمائی یعنی غنیمت کے مال میں سب غازیوں کا حق ہے

۱۹۴۰ م عُثْمَانُ بْنُ اَبِی الْعَاصِ ضَعْ یَدَکَ عَلَی الَّذِیْ یَاْلَمُ مِنْ جَسَدِکَ وَقُلْ بِسْمِ اللّٰہِ ثَلٰثًا وَقُلْ سَبْعَ مَرَّاتٍ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ وَقُدْرَتِہٖ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ وَاُحَاذِرُ وَفِیْ لَہٗ مسلم میں عثمان بن ابی العاص سے روایت ہے کہ حضرت نے مجھسے فرمایا کہ وہاں اپنا ہاتھ رکھ جہاں تیرے بدن میں درد ہوتا ہے اور بسم اللہ تین بار کہہ اور

سات بار

سات بار کہہ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ وَقُدْرَتِہٖ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ وَاُحَاذِرُ یعنی مین پناہ مانگتا
ہون خدا کی اور اسکی قدرت کی اُس چیز کے شر سے جسکا مجھکو غم اور خوف ہے ف مصابیح مین
عثمان بن ابی العاص سے روایت ہے کہ مین نے اپنے درد اور بیماری کی حضرت سی شکایت کی تب حضرت نے
یہہ دعا فرمائی مین نے اُسپر عمل کیا مجھکو شفا حاصل ہوئی ق اُمّ سلمۃ طُوْفِیْ مِنْ وَرَاءِ
النَّاسِ وَاَنْتِ رَاکِبَۃٌ ل لَھَا لَمَّا قَالَتْ اِنِّیْ اَشْتَکِیْ بخاری اور مسلم مین ام سلمہ سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ تو طواف کر لوگون کے پیچھے سوار ہو کر یہہ حضرت نے ام سلمہ سے فرمایا جب کہ انہون نے
کہا تھا کہ مین بیمار ہون ف معلوم ہوا کہ حج مین بیمار کو سوار ہو کر طواف کرنا درست ہے
م اَبُوْھُرَیْرَۃَ عُوْذُوْا بِاللّٰہِ مِنْ عَذَابِ اللّٰہِ عُوْذُوْا بِاللّٰہِ مِنْ عَذَابِ
الْقَبْرِ عُوْذُوْا بِاللّٰہِ مِنْ فِتْنَۃِ الْمَسِیْحِ الدَّجَّالِ عُوْذُوْا بِاللّٰہِ مِنْ فِتْنَۃِ
الْمَحْیَا وَالْمَمَاتِ مسلم مین ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا پناہ مانگو خدا کی خدا کے عذاب سے
پناہ مانگو خدا کی قبر کے عذاب سے پناہ مانگو خدا کی دجال کے فتنے سے پناہ مانگو خدا کی زندگی اور
موت کے فتنے اور فساد سے م جَابِرٍ عَطُّوا الْاِنَاءَ وَاَوْکُوا السِّقَاءَ فَاِنَّ فِی السَّنَۃِ
لَیْلَۃً یَنْزِلُ فِیْھَا وَبَاءٌ لَا یَمُرُّ بِاِنَاءٍ لَیْسَ عَلَیْہِ غِطَاءٌ اَوْ سِقَاءٍ لَیْسَ عَلَیْہِ وِکَاءٌ
اِلَّا نَزَلَ فِیْہِ مِنْ ذٰلِکَ الْوَبَاءِ قَالَ اللَّیْثُ بْنُ سَعْدٍ فَالْاَعَاجِمُ عِنْدَنَا
یَتَّقُوْنَ ذٰلِکَ فِیْ کَانُوْنِ الْاَوَّلِ مسلم مین جابر سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ بند رکھا برتن کو

۱۹۴۱ ق

۱۹۴۲ م

۱۹۴۳ م

اور دعا نہ بند ہا کرو مشک کا اسواسطے کہ تمام سال مین ایک ایسی رات ہے کہ اُسمین وبا اُترتی ہے جس برتن اور مشک کو کھلا پاتی ہے اسکے اندر وبا کھس جاتی ہے لیث بن سعد مصر کے محدث کہ جو عجم کے لوک ہمارے پاس ہین کانون اول مین اسکا بچاو کرتے ہین **ف** کانون اول رومی مہینہ حریف کی آخر فصل مین ہوتا ہے خلاصہ مطلب یہہ کہ حدیث مین اس رات کو معین نہین فرمایا کہ کب ہوتی ہے لیکن عجم کے لوک کانون اول مین جانتے ہین شاید یونہین ہو کہ اس فصل مین ہوا بگڑ جاتی ہے لیکن اسپر یقین نہین تو ہر تنونکو ہر رات بند رکھنا چاہئے **ق** جابر عَطُّوا الْاِنَاءَ وَاَوْكُوا الْاَسْقِيَةَ وَاَغْلِقُوا الْبَابَ وَاَطْفِئُوا السِّرَاجَ فَاِنَّ الشَّيْطَانَ لَا يَحُلُّ سِقَاءً وَلَا يَفْتَحُ بَابًا وَلَا يَكْشِفُ اِنَاءً فَاِنْ لَمْ يَجِدْ اَحَدُكُمْ اِلَّا اَنْ يَعْرُضَ عَلَى اِنَائِهٖ عُوْدًا وَيَذْكُرَ اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهِ فَلْيَفْعَلْ فَاِنَّ الْفُوَيْسِقَةَ تُضْرِمُ عَلٰى اَهْلِ الْبَيْتِ بَيْتَهُمْ بخاری اور مسلم مین جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ بند رکھو برتن کو اور منہ باندھو مشکون کا اور بند کرو دروازہ کو اور گل کیا کرو چراغ کو اسواسطے کہ شیطان مشک اور دروازہ اور برتن کو نہین کھولتا اور اگر کوئی برتن ڈھانکنے کو کچھ نہ پاوے تو لکڑی کو برتن پر آڑا کر کہہ دیوی اور بسم اللہ کہے مقرر ہے گھر والون کو جلا دیتا ہے یعنے اگر سوتے وقت چراغ روشن رہے تو چوہے بتی لیجاتا ہے تو گھر مین اکثر آگ لگ جاتی ہے **ف** حضرت نے اس حدیث مین ادب سکھلائے کہ بسم اللہ کہہ کے رات کو نیہہ کام کرنا چاہئے

**ق** ۱۲۴۴

۱۹۴۵ م اسمین بڑی فائدے ہین م جابر غَيِّرُوا هٰذَا بِشَيْءٍ وَاجْتَنِبُوا السَّوَادَ مسلم مین
جابر رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نبی فرمایا کہ رنگ بدل ڈالو اسکا کسی چیز سے اور بچو سیاہی سے
ف فتح مکہ مین ابو قحافہ صدیق اکبر کے باپ مسلمان ہوئے انکے داڑھی اور سر کے بال نہایت
سفید تھے تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی معلوم ہوا کہ خضاب کرنا درست ہے لیکن سیاہ خضاب
کرنا مکروہ ہے فقہا کہتے ہین کہ وسمہ کا خضاب درست ہے اسواسطے کہ بعضی صحابہ کرتے تھے وسمہ کے

۱۹۴۶ ح سوا ہی اور خضاب سیاہ رنگ درست نہین واللہ اعلم خ اَبُوْهُرَيْرَةَ مِنَ الْمَجْذُوْمِ
كَمَا تَفِرُّ مِنَ الْاَسَدِ لَمْ يَصِلْ سَنَدُهٗ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ بخاری مین ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے
کہ حضرت نبی فرمایا کہ بھاگ کوڑھی سے جیسی تو شیر سے بھاگتا ہے بخاری نبی اس حدیث کی پوری
سند نہین بیان کی ف اس بیماری سے آدمی کو نفرت آتی ہے تو بیمار کو زیادہ تر رنج آتا ہے

۱۹۴۷ ح اسواسطے اسکی صحبت سے منع فرمایا خ اَبُوْمُوْسٰى فُكُّوا الْعَانِيَ وَاَطْعِمُوا الْجَائِعَ وَ
عُوْدُوا الْمَرِيْضَ بخاری مین ابوموسی رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نبی فرمایا کہ چھوڑاؤ قیدی کو اور کھانا کھلاؤ
بھوکے کو اور خبر و عافیت پوچھو بیمار کی ف دشمن سے مظلوم کو چھڑانا قادر پر فرض ہے اور

۱۹۴۸ م اطعام اور عیادت فرض کفایہ ہے م اَبُوْهُرَيْرَةَ قَاتِلْهُمْ حَتّٰى يَشْهَدُوْا اَنْ
لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ فَاِذَا فَعَلُوْا ذٰلِكَ فَقَدْ مَنَعُوْا
مِنْكَ دِمَاءَهُمْ وَاَمْوَالَهُمْ اِلَّا بِحَقِّهَا وَحِسَابُهُمْ عَلَى اللّٰهِ فَلَعَلِّيْ يَوْمًا

خیبر مسلم بین ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ قتل کرو انکو یہان تک کہ وہ
گواہی دین کہ خدا کے سوای کوئی معبود برحق نہین اور محمد خدا کا رسول ہے پھر جب اُنہون نے
یہہ کیا تو تجھسے اپنے خون اور مال بچائے مگر حق بات پر اور حساب اُنکا خدا پر ہے یہہ حضرت نے
علی مرتضی سے فرمایا جنگ خیبر کے دن ف یعنی جب کافر نے کلمہ پڑھا تو اسکی جان مارنا
اور مال لوٹنا درست نہین لیکن خون کے بدلے خون ہوگا اور اگر مال ہوگا زکوۃ لی جاویگی اور
اگر وہ اپنی جان اور مال بچانیکے واسطے کلمہ پڑھ لیوین گے اور دل سے کافر رہین گے تو خدا اُنسے
حساب کریگا ہمکو ظاہر کا حکم ہے م ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ میانہ روی اختیار کرو اور راہ راست پر چلو ف یعنے
عبادت بلکہ ہر چیز مین افراط اور تفریط سے بچو نہ عبادت مین ایسی کوشش کرو جو افسردہ اور
ملول کر ڈالے نہ ایسی قلت اچھی کہ دل اُسکے کچھ تاثیر نہو م جویریہ زوج النبی
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قریبہ فقد بلغت محلھا یعنی عطاء من
شاۃ اُعطیتہ مولاتھا من الصدقۃ مسلم مین جویریہ حضرت کی بی بی سی روایت
ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اس گوشت کو میرے پاس لا اسواسطے کہ زکوۃ یا خیرات اپنے مقام کو پہنچ گئی ف
حضرت نے کہا نا مانکا حضرت جویریہ نے کہا کہ یا حضرت اُسوقت کچھ حاضر نہین لیکن میری آزاد
لونڈی کو خیرات کا گوشت بلا وہ حاضر ہے تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنی ہر چند زکوۃ اور

۱۹۴۹ م

۱۹۵۰ م

خیرات

خیرات ہمکو درست نہ تہی لیکن اول جب محتاج کو ملے اور محتاج تی دوسرے شخص کو دی تو اُسکو
درست ہوگئی ۱۹۵۱ م طارق بن اشیم قل اللّٰھم اغفرلی وارحمنی وعافنی وارزقنی
فان ھؤلاء یجمع لک دنیاک واٰخرتک قال لرجل قال یارسول اللّٰہ کیف
اقول حین اسأل ربی مسلم مین طارق بن اشیم رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا یہہ دعا پڑہ
کہ اللّٰھم اغفرلی وارحمنی وعافنی وارزقنی یعنے الٰہی مجھکو بخش اور مجھپر رحم کر اور
مجھکو عافیت اور چین مین رکہہ اور مجھکو روزی دے سو مقرر بے لفظین تیری دین اور دنیا کی بہتری کی
جامع ہین یہہ حضرت نے اُس مرد سے فرمایا جسنے کہا کہ یارسول اللہ مین کیونکر کہا کرون جب کہ اپنے
رب سے سوال کیا کرون ۱۹۵۲ م سعد بن ابی وقاص قل لا الٰہ الا اللّٰہ وحدہ
لا شریک لہ اللّٰہ اکبر کبیرا والحمد للّٰہ کثیرا سبحان اللّٰہ رب العٰلمین لا حول
ولا قوۃ الا باللّٰہ العزیز الحکیم قال فھؤلاء لربی فمالی قال قل اللّٰھم
اغفرلی وارحمنی واھدنی وارزقنی وعافنی شک الراوی فی عافنی
قال اعرابی جاءہ فقال یانبی اللّٰہ علمنی کلاما اقولہ مسلم مین سعد بن
ابی وقاص سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ یون کہا کر کہ سوای خدا کے کوئی پرستش کے لائق
نہین وہ اکیلا مالک ہے اسکا کوئی شریک نہین خدا سے بزرگتر بڑائی والا اور سب تعریفین اسی
خوبیان خدا ہی کے واسطے ہین پاک ہے خدا جہان کا مالک نہ گناہ سے بچاو نہ بندگی کی طاقت

۱۹۵۱ م دعا جامع مطالب دارین

۱۹۵۲ م دعا کلمات تعظیم و تمجید توحید

بدون خدا کی مدد کے جو سب غالب حکمت والا ہے اُس جنگلی آدمی نے کہا کہ یہہ تو خدا کی تعریفین
ہوئین پہر مجھکو کیا یعنی میرے فائدہ کی چیز کچھہ فرمائے حضرت نی فرمایا یون کہا کر کہ الٰہی مجھکو
بخش اور مجھہ پر رحم کر اور مجھکو ٹھیک راہ پر چلا اور مجھکو روزی دے اور مجھکو عافیت مین رکھہ
راوی کو شک ہے کہ حضرت نے عافیت کی لفظ فرمائی یا نہین یہہ حضرت نے اُس جنگلی آدمی سے
فرمایا جو حضرت پاس آیا تو اُسنی کہا ای خدا کے پیغمبر مجھکو کوئی ایسا کلام سکہلائے جسکو
مین کہا کرون م حُذَیفَۃُ قُمْ یَا حُذَیفَۃُ فَاْتِنَا بِخَبَرِ الْقَوْمِ قَالَ لَیْلَۃَ الْاَحْزَاب ۱۹۵۳ م

مسلم مین حذیفہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اُٹھہ ای حذیفہ اس قوم کی ہمارے پاس خبر لے آیہہ
حضرت نی جنگ خندق کی رات فرمایا م حُذَیفَۃُ قُمْ یَا نَوْمَانُ قَالَ لَہٗ صَیْحَۃَ لَیْلَۃِ الْاَحْزَاب ۱۹۵۴ م

مسلم مین حذیفہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا اُٹھہ اُو سو وُ یہہ حضرت نے حذیفہ سے فرمایا
جنگ خندق کے فجر کو جنگ خندق مین کفار نے کئی دن تک مدینہ گہیرا ایک رات نہایت
سرد ہوا چلی لوک بدحواس ہوگئے تب حضرت نے حذیفہ کو خبر کے واسطے بہیجا پہر حذیفہ کو اپنا کمل
اڑہایا انکو خوب نیند غفلت کی آگئی تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی باقی مفصل قصہ چوتہے ۱۹۵۵ خ

باب مین گذرا خ اَبُوْ سَعِیْدٍ قُوْلُوا اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ وَرَسُوْلِکَ
کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَبَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَاٰلِ
اِبْرَاھِیْمَ بخاری مین ابوسعید سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ یون درود پڑہو کہ الٰہی اپنی مہر کر

محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر جو تیرا بندہ اور تیرا پیغمبر ہے جیسے تو نے ابراہیم پر مہر کی اور برکت کر
محمد پر اور محمد کی ال پر جیسے تو نے برکت کی ابراہیم پر اور ابراہیم کی آل پر ق ابو حمید ن
الساعدی قولوا اللّٰھم صل علی محمد وعلی ازواجہ وذریتہ کما صلیت
علی ابراھیم وبارک علی محمد وعلی ازواجہ وذریتہ کما بارکت علی ال ابراھیم انک
حمید مجید بخاری اور مسلم میں ابو حمید رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ درود کیوں کہا کرو
کہ الٰہی اپنی مہر کر محمد ص پر اور اسکی بیبیوں پر اور اسکی اولاد پر جیسے تو نے مہر کی اولاد ابراہیم پر اور
برکت کر محمد پر اور اسکی بیبیوں پر اور اسکی اولاد پر جیسے تو نے برکت کی اولاد ابراہیم پر بیشک
تو سب خوبیوں سراہا بڑائی والا ہے م ام سلمۃ قولی اللّٰھم اغفر لی ولہ واعقبنی
منہ عقبی حسنۃ فقالھا حین مات ابو سلمۃ مسلم میں ابو سلمہ سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ یوں کہہ الٰہی مجھکو بخش اور اسکو یعنی خاوند کو اور اسکے بعد مجھکو اسکا نیک بدلا دے
یہ حضرت نے حضرت ام سلمہ سے فرمایا جب کہ ابو سلمہ کا انتقال ہوا ف حضرت ام سلمہ کے
خاوند یعنی ابو سلمہ کا جب انتقال ہوا تب حضرت نے انکو یہ تعلیم کی حق تعالیٰ نے دعا قبول کی
حضرت سے انکا نکاح ہوا ق ابو سعید قوموا الی سیدکم او الی خیرکم یعنی
سعد بن معاذ فقعد عند النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال ان ھؤلاء
نزلوا علی حکمک بخاری اور مسلم میں ابو سعید رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ

ق ۱۹۵۴

م ۱۹۵۵

ف ۱۹۵۶

ق ۱۹۵۶

اُٹھو اپنے سردار کی طرف یا یون فرمایا کہ اپنے سے افضل اور بہتر کی طرف یعنے سعد
بن معاذ کی طرف پھر سعد حضرت پاس بیٹھے تو حضرت نے فرمایا کہ البتہ یہہ یہود ی تیری تجویز پر
راضی ہو کر اُترے ہین ف بنی قریضہ ایک قوم تہی یہود کی حضرت سے انہون نی عہد شکنی
کی تہی حضرت نے انکا قلعہ گہیرا تہا وہ لوگ اس بات پر راضی ہوئے کہ سعد بن معاذ جو ہمارے حق مین
تجویز کرین سو ہمکو قبول ہے سعد زخمی تہے حضرت نے اُنکو مدینے سے بلایا جب وہ آئے تب حضرت نے
انصار سے یہہ حدیث فرمائی سعد نے اُنکے قتل کرنے کا حکم دیا چنانچہ اُس قوم کے مرد قتل ہوئے اور
عورتین اور لڑکے لونڈی غلام ہوئے بعضی علمانی کہا کہ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ سردار اور علما کی
تعظیم کے واسطے قیام کرنا درست ہے اور بعضون نی جواب دیا ہے کہ یہہ قیام تعظیم کے واسطے نہ تہا
بلکہ سعد زخمی تہے اُنکے سہانے کے واسطے حضرت نے قیام کا حکم کیا تہا چنانچہ دوسری حدیث مین
آیا ہے کہ ایک دوسرے کے واسطے قیام نکیا کرو جیسے عجم کے لوگ کرتے ہین اور بعضی علمانی فرماتے
ہے کہ قیام افراط تعظیم کے واسطے مکروہ ہے اور اہل علم اور دین کی تکریم کے واسطے درست ہے

۱۹۵۹ م وَاَنَسٌ قُوْمُوْا اِلٰی جَنَّةٍ عَرْضُهَا السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ قَالَهٗ حِیْنَ دَنَا
الْمُشْرِكُوْنَ یَوْمَ بَدْرٍ مسلم مین انس سے روایت ہے کہ حضرت نے کہ اُٹھو اُس بہشت کی طرف
جسکا پہیلاو آسمان اور زمین کے برابر ہے یہہ حضرت نے اسوقت فرمایا جسوقت جنگ بدر
مین مشرک نزدیک آگئے ف یعنی اُنکو قتل کرو اسواسطے کہ اُنکا قتل کرنا شہید ہونا ہر طرح

بہتر ہے

ق ۱۹۶۰

بہتر ہے کہ اسکا عوض بہشت ہے ق ابن عباس ان قوموا عنی ولا ینبغی عند نبی التنازع ویروی عند نبی تنازع بخاری اور مسلم مین عبداللہ بن عباس سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اٹھو میرے پاس سے اور لائق نہین میری پاس جھگڑا کرنا اور دوسری روایت یون ہے کہ پیغمبر پاس جھگڑا مناسب نہین ف حضرت نی مرض الموت مین دوات قلم مانگا بعضون نی کہا لاؤ بعضون نی کہا کچھ ضرور نہین کہ حضرت کو لکھانی مین تکلیف ہوگی نبی حضرت نی

ق ۱۹۶۱

یہہ حدیث فرمائی باقی قصہ اسکا اسی باب مین مفصل ہو چکا ق ابو ہریرۃ کخ کخ ارم بہا اما علمت انا لا ناکل الصدقۃ ویروی لا تحل لنا الصدقۃ ق علی رضی اللہ عنہما حین اخذ تمرۃ من تمر الصدقۃ فجعلہا فی فیہ بخاری اور مسلم مین ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ کچھی چی اسکو پھینک دے کیا تو نہین جانتا کہ ہم لوگ زکوۃ نہین کہاتے اور دوسری روایت یون ہے کہ ہمکو زکوۃ حلال نہین یہہ حضرت نے امام حسن سے فرمایا کہ انہون نی زکوۃ کی کھجورون سے ایک کھجور اٹھالی اور اپنے منہ مین رکھہ لی ف حضرت امام حسن اسوقت مین لڑکے تھے اس حدیث سے ثابت ہوا کہ سادات کو

ق ۱۹۶۲

زکوۃ کا مال حرام ہے ق جابر کل وفا نی ناجی من لا مناجی یعنی النوم المطبوح عذر لرجل من اصحابہ بخاری اور مسلم مین جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تو کہہ اسواسطے کہ مین کانا پہوسی کرتا ہون اُسسے جس سے تو کانا پہوسی نہین کرتا ف حضرت کے روبرو

پکا ساگ آیا اُسمین لہسن کی بو آئی حضرت نے اسکو نہ کہایا کسی صحابی سے فرمایا کہ تو کہا صحابی نے دیکھا کہ حضرت نہین کہاتے تو اُسنی بہی نا تہہ کہینچا تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنی پکا لہسن کہانا ہرچند حلال ہے مگر مین اس خدسے نہین کہاتا کہ مجھسے اور جبریل سے کلام ہوا کرتا ہے اور

ق ۱۹۶۳ اُنکو اسکی بو سی نفرت ہے ق اِبْنُ عُمَرَ كُلُوا فَاِنَّهُ حَلَالٌ وَلٰكِنَّهُ لَيْسَ مِنْ طَعَامِي يَعْنِي الضَّبَّ بخاری اور مسلم مین عبداللہ بن عمر سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ کہاؤ اسواسطے کہ سوسمار یعنی گوہ حلال ہے ولیکن وہ میری خوراک نہین ف حضرت ایک مجلس مین تہے سوسمار کا گوشت پختہ آیا کسی نے کہا کہ یا حضرت یہہ سوسمار کا گوشت ہے تب حضرت نے تہہ حدیث فرمائی یعنے ہرچند یہہ حلال ہے لیکن قریشی لوگ اسکو نہین کہاتے یعنی شرعی کراہت نہین طبیعی کراہت ہے امام شافعی اور امام مالک کی نزدیک سوسمار حلال ہے اور یہی حدیث انکی دلیل ہے اور امام اعظم کے

ق ۱۹۶۴ نزدیک حلال نہین اُنکے نزدیک یہہ حکم ابتداء اسلام مین تہا ق اِبْنُ عُمَرَ كُلُوا مِنَ الْاَضَاحِيِّ ثَلٰثًا هٰذَا حَدِيْثٌ مَنْسُوْخٌ بِمَا ذَكَرْنَا مِنْ قَبْلُ بخاری اور مسلم مین عبداللہ بن عمر سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ قربانی کا گوشت تین دن تک کہاؤ اِس کتاب کے مصنف نے کہا

ق ۱۹۶۵ کہ یہہ حدیث منسوخ ہے چنانچہ اسکا ذکر ہم آگے کر چکے ہین ق اِبْنُ عُمَرَ كُنْ فِي الدُّنْيَا كَاَنَّكَ غَرِيْبٌ اَوْ كَاَنَّكَ عَابِرُ سَبِيْلٍ وَعُدَّ نَفْسَكَ فِي اَصْحَابِ الْقُبُوْرِ بخاری اور مسلم مین عبداللہ بن عمر سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ دنیا مین رہ مسافر کی طرح یا کہ جیسے

راہ چلتا اور اپنی جان کو قبر والے مردون مین گن رکھے ف عبد اللہ بن عمر سے روایت ہے
کہ حضرت نبی میرے دونو مونڈھون کو پکڑ کر یہہ حدیث فرمائی اور عبد اللہ بن عمر یون کہا کرتے
تہے کہ جب تو صبح کرے تو شام کا منتظر مت رہ اور جب شام ہو تو صبح کی توقع مت رکھ اور
صحت کی حالت مین بیماری کی خیال سے جو عمل کرتا ہو سو کر لے یعنی صحت کو غنیمت جان بیماری
کچھ نہین ہو سکتا اور زندگی مین موت کا سامان کر حدیث مین یہہ جو فرمایا کہ مسافر اور راہ
چلنے والی کی طرح گذران کر یعنی جیسے مسافر سفر مین زیادہ کھیڑا نہین کرتا اور ہر دم اپنا وطن یاد کر کے
زاد راہ کی فکر مین رہتا ہے اسی طرح مومن کو لازم ہے کہ دنیا کو سرا جان کے بیہودہ حرص کو مار
کر اپنے اصلی وطن سے غافل نہو ہر دم وہان کا سامان کرتا رہے اور یہہ جو فرمایا کہ آپ کو مردون مین
شمار کر یعنی پریشانی اور تشویش دنیا کا سبب موت کی غفلت ہے اور جب موت یاد رکھی تو سب
مشکل آسان ہے شعر چو آہنگ رفتن کند جان پاک چہ بر تخت مردن چہ بر روی خاک
یہہ حدیث زہد اور درویشی کی جڑ ہے اللہ ہماری آنکھین کھولے اور اسپر عمل نصیب کرے

۱۹۶۶ آمین خ ابو ایوب کیلوا طعامکم یبارک لکم فیہ بجایین ابو ایوب سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ تولا کرو اپنے ناج کو تمہارے لیے اسمین برکت ہوگی ف یعنے مول لیکر تولنا چاہئے کہ اگر
کم ہو تو طلب کیجئے اور اگر زیادہ ہو تو غیر کا حق پہیر دیجئے اور ہر روز تول کر مین خرچ کرنا بھی
حکمت سے خالی نہین کہ جب سے خرچ ہو ضرورت سے نہ زیادہ نہ کم

۱۹۶۷ م ابو سعید لقنوا موتاکم

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مسلم مین ابو سعید رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ سکھلاؤ اپنے مردون کو

لا الہ الا اللہ ف یعنے مرنیکے وقت لا الہ الا اللہ پکارکے کہو تاکہ مرنیوالا بھی سنکے کہے اور یون

۱۹۶۸ م اُسے نہ کہنا چاہیے کہ لا الہ الا اللہ کہہ کہ شاید بدحواسی سے انکار کر بیٹھے م اَبُوْھُرَیْرَۃَ لَیْلَۃَ

کُلُّ رَجُلٍ بِرَاْسِ رَاحِلَتِہٖ فَاِنَّ ھٰذَا مَنْزِلٌ حَضَرَنَا فِیْہِ الشَّیْطَانُ فَکَمْنَدَاۃَ

لَیْلَۃِ التَّعْرِیْسِ مسلم مین ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا چاہیے کہ پکڑے رہے ہر ایک مرد اپنے

اونٹ کے سر کو سو مقرر یہہ منزل ہے کہ اسمین ہمارے پاس شیطان آیا یہہ حضرت نے لیلۃ التعریس کی فجر کو فرمایا

ف جبتک خیبر سے پلٹے آخر شب حضرت اور تمام سو گئے فجر کی نماز قضا ہو گئی تب حضرت نے یہہ

یہہ حدیث فرمائی یعنے یہہ مکان ہے شیطان کا ایسا نہو کہ شیطان کسی کے اونٹ کو

۱۹۶۹ ق بہکا دیوی تو ہوشیاری کرنا چاہیے ق عَائِشَۃَ لِیُصَلِّ اَحَدُکُمْ نَشَاطَہٗ فَاِذَا

کَسِلَ اَوْ فَتَرَ قَعَدَ وَیُرْوٰی فَلْیَقْعُدْ بخاری اور مسلم مین حضرت عائشہ رضہ سے روایت ہے

کہ حضرت نے فرمایا چاہیے کہ نماز پڑھا کرے ہر ایک شخص جبتک خوش دل اور چست رہے یہہ جب

کاہل یا سست ہو تو بیٹھ رہے اور دوسری روایت یون ہے کہ اسکو بیٹھ رہنا چاہیے ف

انس رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے مسجد مین رسی لٹکی دیکھی پوچھا یہہ کیا ہے لوگون نے کہا کہ حضرت

زینب کا دستور ہے کہ جب تہجد کی نماز مین سست ہو جاتی ہین تو اسکو تھامے رہتی ہین

۱۹۷۰ م تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنے سستی مین نفل نماز پڑھنا بے لطف ہے م جابر

لِیُصَلِّ

لیصل من شاء منکم فی رحلته قال فی یوم مطیر فی سفر سلم میں جابر سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا چاہئے کہ نماز پڑھ لیوے جو شخص کہ تم میں سے چاہے اپنے بستر
پر یہہ حضرت نے مینہہ برسنے کے دن سفر میں فرمایا **ف** معلوم ہوا کہ مینہہ کے عذر سے جماعت میں
۱۹۷۱ م حاضر ہونا درست ہے **م** ابن مسعود لیلنی منکم اولوا الاحلام والنهی ثم الذین
یلونهم ثم الذین یلونهم وایاکم وهیشات الاسواق سلم میں عبداللہ
بن مسعود سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا چاہئے کہ تم میں سے ہوشیار اور عقلمند لوگ میرے قریب
ہوا کریں پھر اُنکے بعد وہ لوگ ہوا کریں پھر اُنکے بعد وہ لوگ ہوا کریں جو اُن سے میل رکھتے
ہیں پھر اُنکے بعد وہ لوگ ہوا کریں جو اُن سے میل رکھتے ہیں اور تم بچو بازاروں کی بک بک سے
یعنے مسجد اور جماعت میں بازار کی طرح شور اور ہجوم کرو **ف** عبداللہ بن مسعود سے روایت ہے
کہ حضرت کا دستور تھا کہ جماعت کی وقت ہمارے مونڈھوں کو ملاتے تھے اور فرماتے تھے
کہ برابر ہو جاؤ اور قیام میں مختلف نہو نہیں تو تمہاری دلوں میں اختلاف پڑ جاویگا
پھر حضرت یہہ حدیث فرماتے تھے اِس حدیث سے معلوم ہوا کہ امام کے قریب اہل علم اور عقل
کھڑے ہوں تاکہ مسائل کو سیکھیں اور اگر امام کو سہو واقع ہو تو اُسکو خبردار کریں اور
علما کے بعد درجہ بدرجہ لوگ صف میں کھڑے ہوں ابوبکر صدیق رضہ کا دستور تھا کہ نماز میں
۱۹۷۲ م حضرت کے پیچھے برابر کھڑے ہوتے تھے اِس جگہ دوسرا شخص نہیں کھڑا ہوتا تھا **م** ابوسعید

لِيَنْبَعِثْ مِنْ كُلِّ رَجُلَيْنِ اَحَدُهُمَا وَالْاَجْرُ بَيْنَهُمَا يَعْنِي فِي الْجِهَادِ

**ق** وَلِبَنِي لِحْيَانَ حِيْنَ بَعَثَ اِلَيْهِمْ بَعْثًا مسلم میں ابو سعید رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا چاہیے کہ دو آدمیوں میں سے ایک آدمی جہاد کو جاوی اور ثواب دونوں میں برابر ہے
یہہ حضرت نے اُسوقت فرمایا جب قوم بنی لحیان پر لشکر بھیجا **ف** یعنے ہر قوم سے آدھے آدمی
جہاد کو جاویں اور آدھے مجاہدین کی جورو لڑکوں کی خبر گیری کریں گے ثواب دونوں کو برابر ملیگا **ق** ۱۰۷۳

عَائِشَةَ مُرُوا اَبَا بَكْرٍ يُصَلِّ بِالنَّاسِ بخاری اور مسلم میں حضرت عائشہ رضہ سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہو ابو بکر رضہ سے کہ لوگوں کو نماز پڑھاوی **ف** حضرت نے مرض الموت میں
یہہ حدیث فرمائی اور پانچ دن اُنسے امامت کروائی چنانچہ اسکا مفصل قصہ دوسرے
باب میں گذرا جو عہدہ حضرت کو خاص تھا یعنے امامت کا سو اپنی حیات میں ابو بکر صدیق کو
دیا اسمیں صاف اشارہ ہے خلافت کا گویا حضرت نے انکو اپنا ولی عہد کیا **خ** ابن عباس

مُرْهُ فَلْيَتَكَلَّمْ وَلْيَسْتَظِلَّ وَلْيَقْعُدْ وَلْيُتِمَّ صَوْمَهُ يَعْنِي اَبَا اِسْرَائِيلَ
بخاری میں عبداللہ بن عباس رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اُس سے کہدے کہ بولے
اور اپنے اوپر سایہ کرے اور بیٹھے اور اپنا روزہ تمام کرے **ف** حضرت نے ایک شخص کو دیکھا
کہ دھوپ میں چپکا کھڑا ہے اسکا سبب پوچھا لوگوں نے کہا کہ یہہ ابو اسرائیل ہے اسنے
نذر مانی ہے کہ روزہ رکھکے دھوپ میں کھڑا رہے اور کسیسے کلام نکرے تب حضرت نے یہہ

حدیث فرمائی روزہ عبادت تنہا اُسکی اجازت دی اور نہ بولنا اور دھوپ مین کھڑا ہونا عبادت
نہ تنہا اسواسطے منع فرمایا معلوم ہوا کہ غیر مشروع نذر کا ادا کرنا نچاہیے م ابن عمر مرۃ فلیراجعہا ۱۹۷۵
ثم لیدعہا حتی تطہر ثم تحیض حیضۃ اخری فاذا طہرت فلیطلقہا
قبل ان یجامعہا او یمسہا فانہا العدۃ التی امر اللہ ان تطلق لہا
النساء و مسلم مین عبد اللہ بن عمر سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اُس سے کہدے کہ اپنی جورو سے
رجعت کرے یعنی طلاق کو باطل کرکے پہر اُسکو اپنی جورو بنا وی پہر اُسکو حیض سے پاک
ہونے پہر دوسرا حیض اُسکو آوی پہر جب دوسرے حیض سے پاک ہو تو صحبت کرنے سی سے
پہلے چاہے اُسکو طلاق دیوی اور چاہے اُپنے گہر مین رکہے سو یہی عدت ہے جسکا خدا نے
حکم کیا ہے کہ عورتون کے طلاق مین ہوا کرے ف عبد اللہ بن عمر رض سے روایت ہے کہ مین نے اپنی
جورو کو حیض مین طلاق دی عمر فاروق رض نے یہہ حال حضرت سے کہا حضرت خفا ہوئے پہر یہہ
حدیث فرمائی اِس حدیث سے معلوم ہوا کہ حیض مین طلاق دینا بشدت مکروہ ہے اِسکو فقہ مین

ف ایک انصاری عورت کا رومی غلام بڑہی کا کام کرتا تہا حضرت نے اُسسے منبر کی فرمایش
کی چنانچہ اُسنے بنایا تہا حضرت ہر جمعہ پر خطبہ پڑہا کرتے تہے اور جب منبر نہ تہا تو زمین پر
ستون کو ٹیک دیکر خطبہ پڑہتے تہے حضرت کو اُسمین تکلیف ہوتی تہی ایک صحابی نے
جنکا نام تمیم تہا عرض کی کیا منبر بنوائے جیسا شام کے ملک مین ہوتا ہے تب حضرت نے
۱۹۷۷ م منبر بنوایا م عَائِشَةَ نَا وَلِينِي الْخُمْرَةَ مِنَ الْمَسْجِدِ فَقَالَ لَهَا مسلم مین حضرت
عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت نے مجسے فرمایا کہ چٹائی لاؤ تو مسجد سے ف گہر مین ایک مکان
تہا وہان عورتین نماز پڑہتی تہین اسکو مسجد فرمایا اس حدیث مین حضرت کی مسجد مراد
نہین اسواسطے کہ حضرت عائشہ اُسوقت حائض تہین اور حائض کو مسجد مین جانا درست نہین
اور یا یہہ مطلب کہ حائض عورت کا تہہ بڑہا کر مسجد سے اگر کوئی چیز اٹہا لیوی تو درست ہے
۱۹۷۸ خ حائض کو مسجد کے اندر جانا منع ہے خ عَائِشَةُ هَرِيقُوا عَلَيَّ مِنْ سَبْعِ قِرَبٍ لَمْ
تُحْلَلْ أَوْكِيَتُهُنَّ لَعَلِّي أَعْهَدُ إِلَى النَّاسِ فَأَقْعَدْنَاهُ فِي مِخْضَبٍ
الَّذِي مَاتَ فِيهِ بخاری مین حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اُنڈیلو
میرے اوپر سات مشکین جنکے دہانے نہ کہلے ہون تاکہ مین لوگونکو وصیت کرون یہہ حضرت نے اُسوقت
فرمایا جب کہ حضرت کو درد کی شدت ہوئی اس بیمار مین جسمین حضرت کا انتقال ہوا ف
حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ جب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی تو ہم نے حضرت کو ایک

تعاز مین بٹھلایا اور اُن مشکین سی پانی ڈالنا شروع کیا یہان تک کہ حضرت نے اشارہ
کیا کہ بس پھر حضرت باہر نکلے اور نماز پڑھائی اور خطبہ پڑھا معلوم ہوا کہ حضرت کو بیمار مین
گرمی کی کمال شدت تھی یہہ زہر کا اثر تھا جو خیبر کی یہودی عورت نے دیا تھا ق اَنْ یَسِّرُوْا
وَلَا تُعَسِّرُوْا وَسَکِّنُوْا وَلَا تُنَفِّرُوْا بخاری اور مسلم مین انس رضی سے روایت ہی
کہ حضرت نے فرمایا کہ لوگون سی نرمی اور آسانی کرو اور سختی نہ پکڑو اور تسکین اور دلاسا
دو اور نہ بھرکاؤ یعنے نرمی چاہیے تاکہ لوگ دین سیکھین بدخلقی اور سختی لازم نہین کہ لوگ وحشت کرین

## الباب العاشر

یہہ دسوان باب ہے اسکے اول مین وہ حدیثین ہین جنکے سر پر لام تاکید ہے

۱۹۸۰ ق عُمَرُ لَاُخْرِجَنَّ الْیَھُوْدَ وَالنَّصَارٰی مِنْ جَزِیْرَۃِ الْعَرَبِ حَتّٰی لَا اَدَعَ فِیْھَا
اِلَّا مُسْلِمًا مسلم مین عمر فاروق رضی سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مین مقرر نکال دونگا
یہود اور نصارا کو عرب کے ٹاپو سی یہان تک کہ سوای مسلمان کے اسمین کسی کو نہچھوڑونگا ف
عرب مبدأ اسلام ہی تو حکمت یہی تھی کہ سوے مسلمانون کے وہان کوئی نرہے چنانچہ فاروق
اعظم نی بموجب اس حدیث کے یہود کو خیبر وغیرہ سی نکالا اور شام مین رکھا ق سَھْلُ بْنُ
سَعْدٍ لَاُعْطِیَنَّ الرَّایَۃَ غَدًا رَجُلًا یَفْتَحُ اللّٰہُ عَلٰی یَدَیْہِ یُحِبُّ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ وَ
یُحِبُّہُ اللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ یعنے علیا رضی اللہ عنہ قال یوم خیبر بخاری اور مسلم مین

۱۹۷۹ ق

۱۹۸۱ ق فضیلت حضرت علی رضی اللہ عنہ

سہل بن سعد سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرر مین کل علم دونگا اُس مرد کو جسکے ہاتہون پر خدا
فتح کریگا وہ خدا اور رسول کو چاہتا ہے اور خدا اور رسول اسکو چاہتے ہین یعنے علی مرتضی کو یہہ
حضرت نے جنگ خیبر کے دن فرمایا ف جنگ خیبر مین حضرت نے جب یہہ فرمایا تو رات کو اصحاب
چرچا کرتے رہے کہ دیکھئے یہہ دولت کسکو نصیب ہو صبح کے وقت حضرت کی خدمت مین اصحاب
حاضر ہوئے ہر ایک شخص اسکا امیدوار تھا سو حضرت نے فرمایا کہ علی مرتضی کہان ہین لوگون نے کہا
کہ یا حضرت انکی آنکہین آئی ہین حضرت نے انکو بلایا اور لب مبارک انکی آنکہہ پر لگایا اسیوقت صحت ہوگئی
پھر حضرت نے انکو علم دیا خدا نے انکے ہاتہہ پر فتح نصیب کی اس حدیث سے علی مرتضی کی بڑی عمدہ فضیلت
ثابت ہوئی خ ابو سعید بن المعلی لاعلمنک سورۃ ہی اعظم السور فی ۱۹۸۲ خ
القرآن ق کہ مسجد مین ابو سعید بن معلی سے روایت ہے کہ حضرت نے مجھسے فرمایا کہ البتہ مین تجھکو ایک سورت
سکھلا دونگا جو قرآنکی سب سورتون سے بزرگ اور افضل ہے ف مراد سورۂ فاتحہ ہے
چنانچہ ساتوین باب مین مذکور ہو چکا م ابو ہریرۃ لان اقول سبحان اللہ و ۱۹۸۳ م
الحمد للہ ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر احب الی مما طلعت علیہ الشمس
مسلم مین ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ سبحان اللہ اور الحمد للہ اور لا الہ کا کہنا
میرے نزدیک ساری دنیا سے زیادہ پیارا ہے جسپر آفتاب کی چمک پڑتی ہے م ۱۹۸۴ م
الزبیر لان یاخذ احدکم احبلہ ثم یاتی الجبل فیاتی بحزمۃ من حطب علی

ظَهْرِهٖ فَيَبِيْعَهَا لِيَكُفَّ اللّٰهُ بِهَا وَجْهَهٗ وَفِیْ رِوَایَةٍ فَيَسْتَعِيْنَ بِثَمَنِهَا خَيْرٌ لَّهٗ
مِنْ اَنْ يَّسْاَلَ النَّاسَ اَعْطَوْهُ اَوْ مَنَعُوْهُ مسلم مین زبیر سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ اگر کوئی اپنی رسیان لیوی پھر پہاڑ مین جاوی سو اپنی پیٹھ پر لکڑیون کا گٹھہ لاوے
پھر اسکو بیچے تاکہ خدا اس سبب سے اسکی آبرو رکھے اور دوسری روایت ہے کہ اسکی قیمت سے
اپنا کام چلاوی تو یہہ اسکے حق مین لوگون کے سوال کرنے سے بہتر ہے اسکو دیون یا ندیون ف
یعنے لکڑیان بیچ کہانا سوال سے بہتر ہے اسواسطے کہ سوال مین ایک تو ذلت ہے اور
دوسرے حصول مطلب کا یقین نہین ملے یا نہ ملے ۱۹۸۵ م اَبُوْهُرَيْرَةَ لَاَنْ يَّجْلِسَ اَحَدُكُمْ
عَلٰى جَمْرَةٍ فَتُحْرِقَ ثِيَابَهٗ فَتَخْلُصَ اِلٰى جِلْدِهٖ خَيْرٌ لَّهٗ مِنْ اَنْ يَّجْلِسَ عَلٰى قَبْرٍ مسلم مین
ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ البتہ آدمی کا بیٹھنا چنگاری پر کہ اسکا کپڑا جلا کر
کھال کو لگے یہہ بہتر ہے اسکے حق مین قبر پر بیٹھنے سے ف اس حدیث سے معلوم ہوا کہ قبر پر بیٹھنا
یا قبرون پر چلنا سخت گناہ ہے ۱۹۸۶ م اَبُوْهُرَيْرَةَ وَسَعْدُ بْنُ اَبِیْ وَقَّاصٍ لَاَنْ
يَّمْتَلِئَ جَوْفُ اَحَدِكُمْ قَيْحًا حَتّٰى يَرِيَهٗ خَيْرٌ لَّهٗ مِنْ اَنْ يَّمْتَلِئَ شِعْرًا مسلم مین ابو ہریرہ
اور سعد بن ابی وقاص سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ البتہ آدمی کا پیٹ بھرنا پیپ سے یہان تک
کہ اسکے پھیپڑے تک پہنچے یہہ اسکے حق مین بہتر ہے اپنے پیٹ کو شعر کے بھرنے سے ف
یعنے شعر گوئی اور شعر خوانی کا شغل غالب رکھنا اور قرآن اور علوم شرعی پر کم متوجہ ہونا

سخت قبیح ہے اسواسطے کہ اکثر اشعار مدح بیہودہ اور ہجو مذموم اور مبالغہ سے خالی نہیں
تو شعر کوئی اور شعر خوانی گویا کذب و افترا پر دازی کی ورزش ہے اور پریشان خاطری تو
نقد وقت ہی کی تلاش مضمون تازہ میں شاعروں کو کیا کیا کنویں جھانکنے پڑتے ہیں لیکن
اگر کاہ کاہ شعر سخن سے دل لگا دی مگر اکثر اوقات علوم دینیہ میں صرف کرے تو منع نہیں
کہ حضرت نبی بھی کاہ کاہ اشعار سنتے ہیں لیکن حق مضمون کے ق ۱۹۸۷ ابن عباس لان یمتلئ
الرجل قاحا او مرضا خیر لہ من ان یمتلئ شعرا مگلوما بخاری
اور مسلم میں عبداللہ بن عباس رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مفت دینا مردکا اپنی
زمین اپنے بھائی مسلمان کو بہتر ہے اسکے حق میں اسپر معین محصول لینے سے ف
باب اول میں ۱۹۸۸ خ کے محصول لینے کا مسئلہ مذکور ہو چکا خ سھل بن سعد لان
یھدی اللہ بک رجلا واحدا خیر لک من ان تکون لک حمر النعم بخاری میں
سہل بن سعد سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ خدا کا ہدایت کرنا ایک مرد کو تیرے سبب سے
تیرے واسطے بہتر ہے تجکو سرخ اونٹ ملنی سے ف عرب کے نزدیک سرخ اونٹ عمدہ مال ہے
یعنے تیرے سبب سے اگر ایک آدمی مسلمان ہوے تو یہہ دنیا کے مال سی بہتر ہے اسواسطے کہ ثواب کو
بقا اور دنیا کو فنا ہے یہہ حضرت نے علی مرتضی سے فرمایا جب کہ انکو جنگ خیبر میں علمدار
کیا م ۱۹۸۹ ابوھریرۃ لتؤدن الحقوق الی اھلھا یوم القیمۃ حتی یقاد

لِلشَّاةِ الْجَلْحَاءِ مِنَ الشَّاةِ الْقَرْنَاءِ مسلم مین ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ
مقرر حق داروں کو حق دلائے جاوینگے قیامت کی دن یہان تک کہ بدلا لیا جاویگا منڈی بکری کا
سینگدار بکری سے یعنے ظلم اور حق تلفی سے بچکہ قیامتین انصاف ہوگا آدمی تو ایکطرف جانورونکی بہی زیادتی کا
عوض ہوگا کہ اگر سینگدار بکری نے منڈی بکری کو مارلیا ہوگا تو منڈی کو حکم ہوگا کہ سینگدار کو مارلیوی ق ابوسعید
لَتَتْبَعُنَّ سَنَنَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ شِبْرًا بِشِبْرٍ وَذِرَاعًا بِذِرَاعٍ حَتَّى لَوْ دَخَلُوا
جُحْرَ ضَبٍّ لَتَبِعْتُمُوهُ قُلْنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ الْيَهُودُ وَالنَّصَارٰى قَالَ فَمَنْ بخاری
اور مسلم مین ابوسعید رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ البتہ تم چلوگے اگلے لوگونکی چالون پر بالشت
بالشت بھر اور ہاتھ ہاتھ بھر یہان تک کہ وہ سوسمار کے سوراخ مین گھسے ہون گے تو تم بہی انکی
پیروی کروگے ہم نے کہا یارسول اللہ کہ کیا یہود اور نصاری کی چال پر چلنے کی حضرت نے فرمایا کہ
اگر بہی نہین تو پہر کون یعنی یہود و نصاری ہی مراد ہین انہین کی چال پر چلوگے ف فی الحقیقت
جیسا حضرت نے فرمایا ویسا ہی ہوا کہ اس امت کے عوام خلقت مین شرک اور بدعت نہایت
رائج ہوگئی قبر پرستی اور پیر پرستی اور بد اعتقادی علی العموم ظاہر ہے یہود اور نصاری کے
قدم بقدم ہوگئے بلکہ تعزیے داروں اور پیر پرستون نے ایسے اختراعات نکالے ہین
کہ یہود اور نصاری کو بہی ہرگز نہین سوجہے ق النعمان بن بشیر لَتُسَوُّنَّ صُفُوفَكُمْ
أَوْ لَيُخَالِفَنَّ اللّٰهُ بَيْنَ قُلُوبِكُمْ بخاری اور مسلم مین نعمان بن بشیر سے روایت ہے کہ حضرت نے

ق ۱۹۹۱

فرمایا کہ برابر کرو اپنی صفون کو نہین تو خدا پھوٹ ڈال دیگا تمہارے دلون مین ق یعنے
جماعت کے صف برابر نہونیکا یہہ اثر ہے کہ آپسمین اختلاف پڑجاویگا اور تکرار ہوگی تو
ق ۱۹۹۲ رنج ہوگا ق ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرح بتوبۃ عبدہ المؤمن من رجل نزل
فی ارض دویۃ مھلکۃ معہ راحلتہ علیھا طعامہ وشرابہ فوضع
راسہ فنام نومۃ واستیقظ وقد ذھبت راحلتہ فطلبھا حتی
اذا اشتد علیہ الحر والعطش او ما شاء اللہ قال ارجع الی مکانی الذی کنت
فیہ فانام حتی اموت فوضع راسہ علی صاعدہ لیموت فاستیقظ فاذا
راحلتہ عندہ علیھا زادہ وشرابہ فللہ اشد فرحا بتوبۃ العبد
المؤمن من ھذا براحلتہ وزادہ بخاری اور مسلم مین عبداللہ بن مسعود سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ حق تعالی اپنے ایماندار بندیکی توبہ کرنیسے اس مرد سے بھی زیادہ فرحت ناک ہوتا ہے جو چٹیل
میدان ہلاکی مکان مین اترا اسکے سواری تھی اسپر اسکا کھانا اور پانی تھا سو اس مرد نے اپنے سر کو
زمین مین رکھا پھر ایک نیند سو کر اس حال مین جگا کہ اسکی سواری جا چکی تھی سو اسنے اسکی
تلاش کی یہان تک کہ جب اسپر گرمی اور پیاس کی شدت ہوئی اسنے کہا ایدل پلٹ چل
اسی مکان مین جہان مین تھا سو وہین سوجاؤن تا اینکہ مرجاؤن سو اسنے اپنا سر اپنی کلائی پر
رکھا تاکہ مرجاوے پھر جاگ پڑا تو کیا دیکھتا ہے کہ اسکی سواری موجود ہے اسپر اسکا زاد راہ اور

ا در پانی

اور پانی سے توفیق تعالیٰ اپنے مومن بندے کی توبہ کی سبب اس مرد سے بھی زیادہ تر خوش ہوتا ہو
اپنی سواری اور زاد راہ پاکر خوش ہوگیا ف یعنی مومن کی توبہ سے کمال رضای الٰہی حاصل
ہوتی ہے اسواسطے کہ توبہ سے گناہ مٹ جاتے ہین بندہ عذاب سے بچ جاتا ہے غ ابوھریرہ
لَیَاْتِیَنَّ عَلَی النَّاسِ زَمَانٌ لَا یُبَالِی الْمَرْءُ مَا اَخَذَ الْمَالَ اَمِنْ حَلَالٍ اَمْ مِنْ حَرَامٍ
بخاری مین ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرر لوگون پر ایسا زمانہ آویگا کہ آدمی کچھ
پرواہ نکریگا کہ اسنے کہان سے مال کو لیا حلال سے یا حرام سے ف یعنی بے دینی رائج ہوگی مال حاصل
کرنے مین شدت حرص اور ضعف ایمان کے سبب سے حلال اور حرام کی کچھ تمیز باقی نرہیگی
خواہ رشوت سے ملے خواہ چوری سے خواہ خرچی خواہ سودخوری خواہ ظلم خواہ دغابازی سے چنانچہ اس
زمانے کا حال کہ اسطرح پاتے ہین جیتے ہین گویا موت اور قیامت سے خبر نہین ھ ابوھریرہ
لَیَاْتِیَنَّ عَلَی النَّاسِ زَمَانٌ لَا یَدْرِی الْقَاتِلُ فِیْ اَیِّ شَیْءٍ قَتَلَ وَلَا الْمَقْتُوْلُ
عَلٰی اَیِّ شَیْءٍ قُتِلَ مسلم مین ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرر لوگون پر ایک زمانہ
آویگا کہ نہ جانے گا قاتل کہ کس بات مین اسنے قتل کیا اور نہ مقتول جانے گا کہ کس بات پر مارا گیا ف
یعنی ایسا زمانہ بگڑیگا کہ بلا سبب اور بے جہت خونریزی ہوگی ایسا بڑا گناہ لوگون کو آسان
معلوم ہوگا چنانچہ خانہ جنگی اکثر بے سبب ہوجاتی ہے دہلی اور لکھنو کے بانکون نہین صرف
آنکھ ملانے پر تلوار چلتی ہے آدمی کی جان کو چیونٹی برابر بھی نہین جانتے گویا ہی انسان کو

۱۹۹۵ خ بنتے ہین جو ناحق حلال کر ڈالتے ہین خ ابو سعید لیحجن البیت ولیعتمرن
بعد خروج یاجوج و ماجوج بخاری مین ابو سعید سے مرفوعاً روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرر
کعبے کا حج اور عمرہ ہوا کریگا یاجوج و ماجوج کے نکلنے کے بعد ف معلوم ہوا کہ یاجوج ماجوج کی ہلاکی
بعد اسلام قائم رہے گا حج اور عمرہ ادا ہوگا بعضی علمانی کہا ہے کہ انکے ہلاک ہونیکے بعد بیس
۱۹۹۶ ق برس تک آدمیون کا قیام رہے گا واللہ اعلم ق سھل بن سعد لیدخلن الجنۃ
من امتی سبعون الفا او سبع مائۃ الف لا شک من ابی حازم منھا سکون
اخذ بعضھم بعضا لا یدخل اولھم حتی یدخل اٰخرھم وجوھھم علی
صورۃ القمر لیلۃ البدر بخاری اور مسلم مین سہل بن سعد سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ
مقرر بہشت مین داخل ہونگے میری امت سے ستر ہزار یا یون فرمایا کہ سات لاکھ بہ شک
ابو حازم تابعی کو پڑی جو اس حدیث کا ایک راوی ہے حضرت نے فرمایا وہ لوگ بہشت مین جاوینگے
ملے ہوئے ایک دوسرے کو تھامے ہوئے انکے اگلے نہ داخل ہونگے جبتک کہ انکے پچھلے نہ داخل
ہون گے یعنی ایک قطار ہوکر برابر یکبارگی اندر جاوینگی انکے چہرے چودہوین رات کے چاند کے صورت پر
۱۹۹۷ ق ہون گے ق ابن مسعود یرفعہ الی رجال منکم حتی اذا اھویت الیھم لاناولھم
اختلجوا دونی فاقول ای رب اصحابی فیقال انک لا تدری ما احدثوا
بعدک بخاری اور مسلم مین عبداللہ بن مسعود رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ میرے سامنے

لائے جاوینگے

لائے جائینگے تم مین سی چند لوگ یہان تک کہ جب مین انکی طرف جھکون گا کہ حوض کوثر کا پانی
انکو دون تو وہ لوگ میرے پاس سے ہٹا دئے جاوین گے تو مین کہون گا کہ ای میرے رب یہہ تو میرے
ساتھی ہین تو حکم ہوگا کہ تو نہین جانتا کہ انہون نے تیرے بعد کیا بدعتین نکالین ف عرب کے
چند گروہ نو مسلم حضرت کے بعد مرتد ہوگئے تھے جنکو صدیق اکبر نے قتل کیا وہ لوگ اس حدیث مین
مراد ہین خ اَنَسٌ لَیُصِیْبَنَّ اَقْوَامًا سَفْعٌ مِنَ النَّارِ بِذُنُوْبٍ اَصَابُوْهَا عُقُوْبَةً ۱۹۹۸ خ
ثُمَّ یُدْخِلُهُمُ اللّٰهُ الْجَنَّةَ بِفَضْلِ رَحْمَتِهٖ فَیُقَالُ لَهُمُ الْجَهَنَّمِیُّوْنَ بخاری مین
انس رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا چند لوگون کو سوختگی دوزخ کا اثر لگ جاویگا گناہون کے
سبب سے جو اُن سے ہوگئے یہہ عذاب ہوگا بدکاری کا بدلا پھر خدا انکو بہشتین داخل کریگا اپنی
مزید رحمت سے سو انکا لقب جہنمی ہوگا ف نوادر الاصول مین روایت ہے کہ یہہ لوگ جناب
الٰہی مین عرض کرینگے کہ الٰہی جیسے تو نے اپنے کرم سے ہمکو دوزخ سے نکالا ویسی ہی یہہ لقب بھی
دور کرمے تو حق تعالیٰ ایک فرشتے کو بھیجیگا وہ اُنکے ہاتھون سے اس لقب کو مٹا دیگا اس
حدیث سے معلوم ہوا کہ مسلمان بدکار ہمیشہ دوزخ مین نہین رہینگے ایمان کی برکت سے آخر کو نجات
پاوینگے م اَبُوْهُرَیْرَةَ لَیَنْتَهِیَنَّ اَقْوَامٌ عَنْ رَفْعِهِمْ اَبْصَارَهُمْ عِنْدَ الدُّعَاءِ ۱۹۹۹ م
فِی الصَّلٰوةِ اِلَی السَّمَاءِ اَوْ لَتُخْطَفَنَّ اَبْصَارُهُمْ مسلم مین ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا مقرر باز رہین لوگ اپنی آنکھ اُٹھانے سے نماز مین دعا کے وقت آسمان کیطرف

نہیں تو انکی نظریں پہچان لی جاوینگی ف نماز میں دعا کی وقت آسمان کی طرف انکھ اٹھانا درست

نہیں اسواسطے کہ حق تعالے مکان سے پاک ہے ح ابوہریرۃ لینتہین اقوام عن ودعہم

الجمعات اولیختمن اللہ علی قلوبہم ثم لیکونن من الغافلین مسلم میں

ابوہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ضرور باز رہیں لوگ جمعہ چھوڑنے سے نہیں تو خدا انکے

دلوں پر مہر کردیگا پھر بیشک وہ غافلوں میں ہو جاوینگے ف یعنے جمعہ چھوڑنیکی یہ سزا ہے

کہ دل پر غفلت کی مہر ہو جاتی ہے اور جب غفلت ہوئی تو رحمت الٰہی سے دور پڑا اس حدیث سے

معلوم ہوا کہ جمعہ کی نماز فرض ہے بدون شرعی عذر کے اسکا ترک کرنا ہرگز درست نہیں

ح ابوہریرۃ لیہلن ابن مریم بفج الروحاء حاجا او معتمرا او لیثنیہما

مسلم میں ابوہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مقرر لبیک کہیگا عیسی بن مریم روحا کی راہ میں

خواہ حج کرتے خواہ عمرہ کرتے یا عمرہ اور حج ساتھ کریگا ف اس حدیث سے معلوم ہوا

کہ قیامت کی قریب جب حضرت عیسی علیہ السلام آسمان سے اتریں گے تو شریعت محمدی پر عمل

کرینگے اور کعبے کا حج یا عمرہ کرین گے روحا ایک مقام کا نام ہے مدینے اور مکے کے درمیان

## فصل فی ذکر انواع شتی

اس فصل میں بہت سی حدیثیں ہیں

ق ابوہریرۃ ایۃ المنافق ثلث اذا حدث کذب واذا وعد اخلف

واذا اؤتمن خان بخاری اور مسلم میں ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ منافق کی تین نشانی

ہین کہ جب بات کہے تو جھوٹ بولے اور جب وعدہ کرے تو خلاف کرے اور جب اسکے پاس امانت
رکھے تو چرا وے ق اَنَسُ بْنُ اُخْتِ الْقَوْمِ مِنْهُمْ بخاری اور مسلم مین انس رض سے روایت ہے کہ
حضرت نے فرمایا کہ ہر قوم کا بھانجا بھی قوم مین داخل ہے ف یعنے جب کوئی قریب وارث نہ باقی
رہے تو بھانجا اپنے ماموں کا وارث ہے اور ماموں بھانجے کا وارث ہے ق اِبْنُ مَسْعُوْدٍ
اَجَلْ اِنِّیْ اُوْعَكُ كَمَا يُوْعَكُ رَجُلَانِ مِنْكُمْ قَالَ فِیْ مَرَضِهٖ حِيْنَ قَالَ ابْنُ
مَسْعُوْدٍ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّكَ لَتُوْعَكُ وَعْكًا شَدِيْدًا بخاری اور مسلم مین
عبداللہ بن مسعود سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ہان مجھکو تپ کی شدت ہوتی ہے جیسے
کہ تم مین سے دو مردونکو ہوتی ہے یہہ حضرت نے اپنی بیماری مین فرمایا جب کہ عبداللہ بن مسعود نے
کہا کہ یا رسول اللہ آپ کو تپ مین نہایت تڑپ اور سخت بیتابی ہوتی ہے ف یعنی جتنی
تکلیف دو مردونکو ہوتی ہے اتنی مجھپر ہوتی ہے تو زیادہ بیقراری ہوا چاہیے حضرت کو
زیادتی تکلیف کا یہہ سبب ہے کہ ثواب زیادہ ہو اسواسطے کہ جتنی تکلیف زیادہ اتنا ثواب زیادہ
ق اَبُوْ هُرَيْرَةَ اُحُدٌ جَبَلٌ يُحِبُّنَا وَنُحِبُّهٗ بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ سے روایت
ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اُحد ایسا پہاڑ ہے کہ ہم سے محبت رکھتا ہے اور ہم اُسسے محبت
رکھتے ہین ق عَائِشَةُ اِحْيَانًا يَاْتِيْنِیْ مِثْلَ صَلْصَلَةِ الْجَرَسِ وَهُوَ
اَشَدُّهٗ عَلَیَّ فَيُفْصَمُ عَنِّیْ وَقَدْ وَعَيْتُ مَا قَالَ وَاَحْيَانًا يَتَمَثَّلُ لِیَ

ق ۳۰۰۳۰
ق ۳۰۰۴
ق ۳۰۰۵
ق ۳۰۰۶

الملک رجلا فیکلمنی فاعی ما یقول **ق** حین سالہ الحارث بن ہشام
کیف یاتیک الوحی بخاری ہین اور مسلم ہین عایشہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ کبھی مجھکو
وحی آتی ہے جیسے گھنٹے کی جھنکار اور وہ مجھپر نہایت سخت گذرتی ہے پھر موقوف ہو جاتی
ہے جب کہ مین یاد کر چکتا ہون اور کبھی میرے پاس فرشتہ مرد کی صورت بن کر آتا ہے سو مجھسے
کلام کرتا ہے تو مین یاد کر لیتا ہون جو کہ مجھسے کہتا ہے یہ حضرت نے اسوقت فرمایا جب کہ حارث
بن ہشام نے حضرت سے پوچھا کہ آپ کو وحی کس طرح آتی ہے **ف** بخاری ہین حضرت عایشہ سے
روایت ہے کہ مین نے حضرت کو دیکھا کہ ٹھٹھر کر اونٹنی جاڑے ہین اوپر وحی آتی کہ حضرت کی پیشانی سے پسینہ
پھوٹ نکلتا **ق** ابن مسعود اذنک علی ان ترفع الحجاب وتسمع سوادی ۲۰۰۷ ق
حتی انہاک **ق** مسلم ہین عبداللہ بن مسعود سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تجھکو اجازت
ہے میرے پاس آنیکی بھی ہے کہ تو پردہ اٹھاوی اور میرے بھید کی بات سنے جبتک کہ مین تجھکو منع نکرون
یہ حضرت نے عبداللہ بن مسعود سے فرمایا **ف** عبداللہ بن مسعود حضرت کے خادم تھے جب قرآن مین
یہ حکم ہوا کہ حضرت کی گھر مین لوگ بے اجازت نہ آوین تب حضرت نے عبداللہ سے یہ حدیث
فرمائی یعنے تجھکو بار بار اجازت مانگنی کی حاجت نہین کہ کام خدمت مین حرج ہو گا تیرا
اندر آنا اور میرا منع نکرنا یہی دلیل ہے اجازت کی اور جب کہ مین تجھکو منع کرون اسوقت
آنا درست نہین **خ** ابو ایوب ارب ما لہ **ق** تعبد اللہ ولا تشرک بہ شیئا ۲۰۰۸ ۲۰۰۹ خ

وتقیم الصلوٰۃ وتؤتی الزکوٰۃ وتصل الرحم دع الناقۃ فلما ادبر قال ان اخذ
بخطام ناقتہ فقال یا رسول اللہ دلنی علی عمل یدنینی من الجنۃ
ویباعدنی من النار صرف بخاری مین ابو ایوب سے اتنی روایت ہے کہ حضرت نے جنگلی آدمی کو
فرمایا کہ مراد ہو جیو کہا اسکو ہونے اور بخاری اور مسلم دونون مین متفق یون روایت ہے کہ تو عبادت
خدا کی اور اسکے ساتھ کسی کو شریک نہ کرے اور نماز کو قائم کرے اور زکوٰۃ دیوی اور برادری کا
حق ادا کرے چھوڑ دی میری اونٹنی کو یہ حضرت نے اس جنگلی آدمی سے فرمایا جب حضرت کی
اونٹنی کی مہار پکڑے کہا کہ یا رسول اللہ مجھکو وہ عمل بتلائے جو بہشت سی مجھکو قریب کر دیوی اور
دوزخ سے مجھکو دور ٹالے ف حضرت کو اسکے سوال سے تعجب آیا کہ احکام اسلام ظاہر ہو چکے
صریح بات کو اس دلیری سے کیون پوچھتا ہے پھر فرمایا کہ توحید اور نماز اور زکوٰۃ اور برادر پروری سے
بہشت کا قرب اور دوزخ سی دوری حاصل ہوتی ہے م ابو ہریرۃ اسلم سالمہا اللہ ۲۰ م
وغفار غفر اللہ لہا اما انی لم اقلہا ولکن اللہ قالہا وفی روایۃ خفاف
بن ایماء غفار غفر اللہ لہا واسلم سالمہا وعصیۃ عصت اللہ ورسولہ
اللہم العن بنی لحیان والعن رعلا وذکوان مسلم مین ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ اسلم سے خدا راضی ہوا اور غفار کو خدا نے بخشا خبردار ہو کہ مین نے یہ کلام نہین کہا ولیکن
خدا نے یہ کہا ہے یعنی بحکم خدا مین نے کہا اور خفاف بن ایما کی روایت مین ہے کہ غفار کو خدا نے

بخشا اور سلم سی خدا راضی ہوا اور عصیہ نی خدا اور رسول کی نافرمانی کی الٰہی لعنت کر بنی لحیان پر
اور لعنت کر رعل اور ذکوان پر ف اسلم اور غفار دو قوم تھے بے لڑے ایمان لائے حضرت نے
اُنکے واسطے بشارت دی عادی اور عصیہ اور بنی لحیان اور رعل اور ذکوان چار قوم تھے انہوں نے
حضرت کی اصحاب کو دغا سی قتل کیا اسواسطے حضرت نی انکو بد دعا دی م ابو ہریرہ وکل
کُلِّ ذِی نَابٍ مِنَ السِّبَاعِ حَرَامٌ مسلم مین ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ سب نکیلے
دانت والے درندے جانورون کا کہنا حرام ہے ف یعنی جس جانور کے نوکدار دانت ہون اور وہ
درندہ بھی ہو یعنی دوسرے جانور کو چیر پھاڑ کے کھاتا ہو سو حرام ہے جیسے شیر اور چیتا اور
بھیڑیا اور کتا اور بلی اور لومڑی اور کیدڑ وغیرہ اور یہی مذہب ہے امام اعظم اور امام شافعی اور امام
احمد کا لیکن امام مالک کی مذہب مین دو روایتین ہین ایک حرمت کی دوسرے کراہت کی اور جسکے
نوکدار دانت ہون لیکن درندہ نہو جیسے اونٹ سو حلال ہے م عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ زَمْعَةَ
لَا يَجْلِدُ اَحَدُكُمْ اِمْرَاَتَهٗ جَلْدَ الْعَبْدِ وَلَعَلَّهٗ يُضَاجِعُهَا مِنْ اٰخِرِ يَوْمِهَا
مسلم مین عبد اللہ بن زمعہ سی روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ کوئی شخص اپنی جورو کو غلام کی طرح کب
تک اور کسواسطے کوڑے ماریگا اور شاید کہ وہی شخص اُسی دن کے اخیر مین اُسکو اپنے پاس
سُلاویگا ف یعنے شرعًا اور عقلًا مناسب نہین کہ جب کو اپنے پاس لٹانے اُسکو ایسی سخت مار
مارنے صبح کو مارنا اور شام کو پاس لٹانا آدمیت سے بعید ہے م عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ

م حرمت اکل درندگان

ف ۳

ف ۳۱۳

زمعہ

زَمْعَةَ اَلَا یَضْحَکُ اَحَدُکُمْ مِمَّا یَفْعَلُ مسلم مین عبداللہ بن زمعہ سے روایت ہے کہ
حضرت نے فرمایا کہ اس سے کب ہنستا ہے گا آدمی جس چیز کو خود کرتا ہے ف ایک شخص نے
گوزکیا دوسرا ہنسا تب حضرت نی یہ حدیث فرمائی یعنے جو خود کیجئے اُسپر کیا ہنسئے معلوم
ہوا کہ گوز پر ہنسنا درست نہین کہ بی ادبی ہے اور دوسرے کو شرمندہ کرنا ہے ف ۲۰۱۳ ف اَبُوْ حُمَیْدٍ
السَّاعِدِیُّ اَلَا اَخْمَرْتَہٗ وَلَوْ اَنْ تَعْرُضَ عَلَیْہِ عُوْدًا لَہٗ حِیْنَ اَتَاہُ بِقَدَحِ
لبن کبین مسلم مین ابو حمید سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تو نی اسکو کیون نہ ڈھک دیا اگرچہ اوپر
ایک اڑنی لکڑی ہی رکھدیتا یہہ حضرت نے ابو حمید سے فرمایا جب کہ وہ حضرت پاس دودہ کا پیالہ
لایا ف حضرت نی یہہ ادب سکھلایا کہ برتن کو کھلا رکھنا نہ چاہئے تاکہ کوئی چیز اسمین نگرے
اگرچہ کچھہ نہ ملے تو اوپر لکڑی کو رکھہ دیوی ق ۲۰۱۴ ق اَبُوْ ھُرَیْرَۃَ اُمَّتِیْ اَلْغُرُّ الْمُحَجَّلُوْنَ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ
مِنْ اٰثَارِ الْوُضُوْءِ بخاری اور مسلم مین ابو ہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ میری امت کے
منہہ اور ہاتہہ پانون روشن ہونگے قیامت کے دن وضو کے اثر سے ف یعنی جس جس مقام پر
وضو کا پانی لگتا ہے سو قیامت مین روشن ہوجاویگا ق ۲۰۱۵ ق اَلْبَرَاءُ بْنُ عَازِبٍ اَنْتَ اَخُوْنَا
وَمَوْلَانَا قَالَ لِزَیْدِ بْنِ حَارِثَۃَ بخاری اور مسلم مین براء بن عازب سے روایت ہے کہ حضرت نے
زید بن حارثہ سی فرمایا کہ تو ہمارا بہائی اور ہمارا آزاد کردہ ہے خ ۲۰۱۶ خ عُرْوَۃُ بْنُ الزُّبَیْرِ
اَنْتَ اَخِیْ فِیْ دِیْنِ اللّٰہِ وَکِتَابِہٖ وَھِیَ لِیْ حَلَالٌ قَالَ لِاَبِیْ بَکْرٍ لَمَّا خَطَبَ عَائِشَۃَ

فَقَالَ لَهُ اَبُوْ بَكْرٍ اِنَّمَا اَحُوْكَ كَذَا وَقَعَ مُرْسَلًا وَهُوَ مِنْ حَدِيْثِ عَائِشَةَ
عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ بخاری میں عروہ بن زبیر سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ تو میرا بھائی ہے خدا کے دین اور خدا کی کتاب میں اور وہ یعنی عائشہ مجھکو حلال ہے یہ
حضرت نے ابوبکر صدیق سے فرمایا جب کہ اپنے ساتھ حضرت عائشہ کے نکاح کا پیغام دیا تو ابی بکر
صدیق نے کہا کہ یا حضرت میں تو آپ کا بھائی ہوں یہ حدیث اسی طرح مرسل آئی ہے یعنے
عروہ تابعی نے صحابی کا نام نہیں ذکر کیا اور حقیقت میں یہ حدیث حضرت عائشہ کی روایت
ہے وہ حضرت سے نقل کرتے ہیں ف ابوبکر صدیق نے حضرت عائشہ کی منگنی کے وقت
یہ عذر کیا کہ حضرت مجھکو بھائی فرمایا کرتے ہیں سو بھائی کی بیٹی سے نکاح کیونکر درست
ہوگا حضرت نے جواب دیا کہ ہمارے اور تیرے دینی برادری ہے اس سے حرمت نہیں ثابت ہوتی
حرمت کا سبب تو نسبی برادری ہے ق جَابِرًا اَنْتُمُ الْيَوْمَ خَيْرُ اَهْلِ الْاَرْضِ قَالَ يَوْمَ
الْحُدَيْبِيَةِ وَكَانُوْا اَلْفًا وَاَرْبَعَ مِائَةٍ بخاری اور مسلم میں جابر رضہ سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ تم آج افضل ہو تمام اہل زمین سے یہ حضرت نے جنگ حدیبیہ کے دن فرمایا
اور اس دن اصحاب ایکہزار چار سو تھے ف اس روز اصحاب نے موت پر بیعت کی تھی یعنے میدان
میں ڈٹے ہو جاوینگے مگر قدم نہ ہٹاوینگے تب حضرت نے انکو یہ بشارت دی اور بعضی روایتوں
سے آیا ہے کہ پندرہ سو اصحاب تھے ق اَنْتَ مَعَ مَنْ اَحْبَبْتَ بخاری اور مسلم میں انس

۲۰۱۷ ق

بحث خدا ورسول عمدہ وسیلہ نجات ف ۲۰۱۸

روایت ہے

روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تو اُنکے ساتھ ہوگا جنسے تو محبت رکھتا ہے ف انس سے روایت ہے کہ
ایک مرد نے پوچھا کہ یارسول اللہ قیامت کب ہوگی حضرت فرمایا کہ تو نے قیامت کا کیا سامان کیا ہے
جو پوچھتا ہے انس نے کہا کچھ سامان نہیں نہ زیادہ نماز ہے نہ روزہ لیکن میں خدا اور اُسکے
رسول سے محبت رکھتا ہوں تب حضرت نے یہ حدیث فرمائی یعنے قیامت میں تو محبت کے سبب سے ہمارے
ساتھ ہوگا انس حدیث کے راوی یعنی انس یوں کہا کرتے تھے کہ قیامت میں میرا وسیلہ حضرت کی
محبت اور صدیق اور فاروق کی محبت ہے معلوم ہوا کہ انبیا اور اولیا کی صادق محبت نجات کا عمدہ
وسیلہ ہے اور یہ بھی اس حدیث سے ثابت ہوتا ہے کہ کفار اور فجار کی محبت شامت کی علامت ہے
اس واسطے کہ ہر شخص حشر اپنے دوست کے ساتھ ہوگا ق ۳۰۱۹ البراء بن عازب سے روایت ہے
وَاَنَا مِنْكَ قيل لِعَلِيٍّ مَرْضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بخاری اور مسلم میں براء بن عازب سے روایت ہے کہ
حضرت نے فرمایا علی مرتضی سے کہ تو میرا ہے اور میں تیرا ہوں ف یعنی کمال اتحاد اور بے تکلفی ہے
اس حدیث سے کمال قرب اور فضیلت مرتضوی ثابت ہوتی ہے ۲۰۲۰ م اَنَسٌ اَنْتَ هٰهُنَا لَقَدْ
كَبِرَتْ لَا كَبِرَتْ سِنُّكَ قال لِيَتِيْمَةٍ كَانَتْ عِنْدَ اُمِّ سُلَيْمٍ اُمِّ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ
مسلم میں انس سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تو وہی ہے البتہ تو بڑی ہوگئی تو عمر دراز ہو جیو
یہ حضرت نے اس یتیم لڑکی سے فرمایا جو ام سلیم انس رض کی ماں کے پاس رہتی تھی ف یہ حضرت نے
خوش طبعی سے فرمایا یہ دعا دینا منظور نہ تھا چنانچہ اسکا مفصل بیان پانچویں باب میں ہو چکا

۲۰۲۱ م

م ابن مسعود اول ما یقضی بین الناس یوم القیمۃ فی الدماء رواہ مسلم

عبداللہ بن مسعود سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اول فیصلہ آدمیوں کی درمیان قیامت کی دن خونون مین ہوگا ف معلوم ہوا کہ ناحق خون کرنا خدا کو نہایت ناپسند ہے اور ایسا سخت گناہ ہے کہ قیامتہین پہلے خونریزی کے مقدمات رجوع ہوکر فیصلہ ہونگے عبادات مین اول نماز سے سوال

۲۰۲۲ ق

ہوگا اور معاملات مین خون کا فیصلہ ہوگا ق ابو سعید اقل عن الربوا الا تفعل ولکن اذا اردت ان تشتری التمر فبعہ ببیع اخر ثم اشتر بہ ق لبلال جاء ہ بتمر ردی وکان عندنا تمر ردی فبعت منہ صاعین بصاع لمطعم النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وفی روایۃ البخاری اوہ اوہ عین الربوا

بخاری اور مسلم مین ابو سعید سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ واہ یہ تو عین سود ہے ایسا نکیا کرو لیکن جب تو عمدہ خرمہ خرید کرنا چاہے تو ناکارے خرمون کو بیچ کے دوسرے بیع سے پہر اسکی قیمت سے عمدہ خرما مول لیا کر یہہ حضرت نے بلال سے فرمایا جب کہ وہ حضرت کے پاس عمدہ قسم کا خرمہ لائے جسکو عرب برنی کہتے ہین اور بلال نے کہا کہ ہمارے پاس ناکارے خرمے تھے سو مین نے انکے دو صاع ایک صاع سے بیچے حضرت کے کھانیکے واسطے اور بخاری کی روایت مین یون ہے کہ حضرت نے دو بار واہ واہ فرمایا ف یعنے ایک جنس کو زیادہ اونکم کرکے بیچنا اور بدلنا اسی کا نام سود ہے بلکہ ناکاری چیز کو عمدہ چیز سے بدلا چاہے تو اسکی تدبیر یہہ ہے کہ ناکاری کو بیچ ڈالے پہر اسکی قیمت سی عمدہ چیز کو مول لیوی کہ یہہ بیع ہین

۲۰۲۳ م

اس واسطے کہ جنس بدل گئی اس صورت مین زیادتی کمی کا کچھ مضائقہ نہین م بُنَیْشَۃُ الْھُذَلِیِّ
اَیَّامُ التَّشْرِیْقِ اَیَّامُ اَکْلٍ وَشُرْبٍ وَذِکْرِ اللّٰہِ مسلم مین بنیشہ رضی سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا ایام تشریق کے کہنے کھانے پینے اور یاد الٰہی کے دن ہین ف عید قربانی کے بعد تین دن کو
یعنی گیارہوین بارہوین تیرہوین کو ایام تشریق کہتے ہین یعنی کھانے پینے کے دن ہین اسی روزہ
روزہ رکھنا درست نہین سال مین پانچ دن روزہ رکھنا حرام ہے عید الفطر اور عید الضحی
اور ایام تشریق ہین

۲۰۲۴ ق

ف عَائِشَۃُ اَنَّ اَبَا بَکْرٍ اَتَی وَاَنَا عَدَّ اَیَّامَ التَّشْرِیْقِ فَقَالَ فِیْ مَرَضِہِ الَّذِیْ تُوُفِّیَ
فِیْہِ بخاری اور مسلم مین حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مین کل کہان ہونگا مین کل
کہان ہونگا یہ حضرت نے اس بیماری مین فرمایا جس مین انتقال ہوا حضرت کا دستور
تہا کہ ایک ایک دن سب بی بیون کے گہر رہتے تہے لیکن حضرت عائشہ کو سب سے زیادہ چاہتے
تہے جب مرض الموت مین بیمار ہوئے تب یہ حدیث فرمائی یعنے کل کس بی بی کی باری
ہوگی اس کلام سی بی بیان سمجہین کہ حضرت کا دل یہی چاہتا ہے کہ حضرت عائشہ کے گہر مین رہین
سب نے خوشی سی اجازت دی کہ آپ عائشہ کے گہر مین رہین ہم نی اپنی باری معاف کی حضرت
نہایت خوش ہوگئے پہر وہین رہے اور وہین انتقال کیا اور وہین دفن ہوئے اس حدیث سے
بڑی فضیلت حضرت عائشہ کی ثابت ہوئی

۲۰۲۵ م

م اَبُوْ قَتَادَۃَ بُوْسَ ابْنِ سُمَیْتَۃَ ✦
تَقْتُلُکَ فِئَۃٌ بَاغِیَۃٌ مسلم مین ابو قتادہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اے سمیہ کے بیٹے تجھکو

بڑی سختی ہو ناہے تجھکو باغی کروہ قتل کریگا ف عمار کی ما کا نام سمیہ تہا عمار علی مرتضی کے رفیق
تہے جب معاویہ اور علی مرتضی سے لڑائی ہوئی تب عمار شہید ہوئے اس حدیث سے ثابت ہوا کہ امام
۲۰۲۶ ھ بحق علی مرتضی تہے اور معاویہ کا لشکر باغی تہا ھ ابن مسعود یحسب المؤمن الکذب
ان یحدث بکل ما سمع مسلم مین عبداللہ بن مسعود سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ایماندار
اتنا جھوٹہ کفایت کرتا ہے کہ جو بات سنی اسکو کہنے لگے ف یعنے جھوٹہ صرف اسی چیز کا نام
نہین کہ اپنی طرف سے بات بنا دی اور جھوٹہ باندھے بلکہ یہہ بھی جھوٹہ مین داخل ہے کہ جو خبر سنی
بدون تحقیق کے اسکو کہنے لگے اور اسلئے کہ اکثر اخبار جھوٹہ مشہور ہو جاتے ہین تو مومن عاقل کو
اسکی تحقیق لازم ہے بی تحقیق کسی بات کو زبان سے نہ نکالے اسیواسطے علماء اہل حدیث نے حدیث کی
تحقیق مین بڑی محنت کی ہے اور چھانٹ پچھوڑ کر کے صحیح حدیث کو ضعیف اور موضوع سے
جدا کر دیا ہے حق تعالی انکے درجے بلند کرے تو عاقل مسلمان کو لازم ہے کہ جو کسی سے حدیث
سنی یا کسی کتاب مین دیکھے تو اسکو نمانے جبتک کہ علم حدیث کی معتبر کتابون مین اسکی
۲۰۲۷ ق سند نہ پاوی ق انس مج ذلک مال رابح مج ذلک مال رابح وقد سمعت ما
قلت ولکنی اری ان تجعل فالاقربین للوالدین لابی طلحۃ بخاری اور مسلم مین انس رضہ سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ شاباش یہہ مال تو فائدہ دینے والا ہے شاباش یہہ مال تو فائدہ
دینے والا ہے اور مین نے سنا جو تو نے کہا اور مجھکو یہہ بہتر معلوم ہوتا ہے کہ تو اسکو

اپنے قرابت والوں مین تقسیم کردے یہہ حضرت نے ابو طلحہ سے فرمایا قرآن مین جب اس مضمون کی
آیت اُتری کہ نیکوکاری نہ حاصل کرسکوگے جبتک اپنے پسندیدہ اور محبوب مال کو راہ خدا مین
نہ خرچ کروگے تو ابو طلحہ انصاری نے کہا کہ خدا یون فرماتا ہے اور میرے سب قسم کی مال سے مجھکو وہ
باغ بہت پیارا ہے جسکا بیرحا نام ہے اسکو مین نے خدا کی راہ مین دیا سو یا حضرت اُسکو جو
چاہئے سو کیجئے اور جسکو مناسب دیکھئے اُسکو دیجئے تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی حضرت نہایت
خوش ہوئے اُنکی تعریف کی اور اس باغ کو ابو طلحہ کے رشتہ داروں کو دلایا معلوم ہوا کہ خیرات
دینے مین غیرونکی نسبت برادری کے لوگ مقدم ہین یہہ باغ مدینے مین نہایت عمدہ
تھا حضرت کی مسجد کے سامنے تھا اُسکا پانی نہایت شیرین تھا حضرت اکثر اُسمین تشریف لیجاتے
تھے اور اُسکا پانی پیتے تھے ایمان کامل کی یہی علامت ہے کہ اپنی نہایت پیاری چیز کو
راہ خدا مین نثار کرے ۲۰۲۸ ف جابر بلی فجدی نخلک فانک عسی ان تصدق فی
او تفعل معروفا فقال لخالة جابر قد طلقت فاردت ان تجد نخلها
فزجرها رجل ان تخرج مسلم مین جابر رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کیون نہین سو
توڑلے اپنے خرمون کو شاید کہ تو خیرات کرے یا اور کوئی نیک بات کرے یہہ حضرت نے جابر کی
خالہ سے فرمایا اور اُسکو طلاق ملی تھی سو اُسنے چاہا کہ اپنے خرمون کو درخت سے توڑے
تو ایک مرد نے باہر نکلنے سے ڈانٹا ف امام شافعی کا یہی مذہب ہے کہ عورت کو بضرورت

۲۰۲۹ م عدت مین گھر سے باہر نکلنا درست ہے م عَائِشَةَ بَيْتٌ لَا تَمْرَ فِيهِ جِيَاعٌ أَهْلُهُ
مسلم مین حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جس گھر مین خرما نہین اسکے لوگ بھوکے
ہین اُنکو آسودگی نہین ف یہ حضرت نے اہل مدینے کے حق مین فرمایا اسواسطے کہ انکی غذا
۲۰۳۰ اکثر خرما ہا م جَابِرٍ بَيْنَ الْعَبْدِ وَبَيْنَ الْكُفْرِ تَرْكُ الصَّلٰوةِ مسلم مین جابر رضہ سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ بندے اور کفر کے درمیان نماز ترک کرنے سے کچھ فرق باقی نہین رہتا
ف یعنے ایمانکی علامت نماز ہے جب آدمی نے عمدا نماز چھوڑی تو کفر مین اور اُسمین کچھ فاصلہ
نرہا کافر ہوگیا اور یہی مذہب امام احمد اور اسحاق اور عبداللہ بن مبارک کا اور امام مالک
اور شافعی کے مذہب مین کافر نہین ہوا لیکن واجب القتل ہوگیا اور زہری اور امام اعظم کے مذہب
عمدا ترک نماز سے نہ کافر ہے نہ واجب القتل بلکہ جب تک کہ نماز نہ پڑھے اُسکو مارنا اور قید
کرنا چاہئے تو امام اعظم کے نزدیک اس حدیث کا یہ مطلب ہے کہ اگر انکار سے نماز ترک کرے تو
کافر ہے بہرصورت ترک نماز کفر ہے یا مشابہ کفر کے ہے مسلمان کو لازم ہے کہ اسکو آسان
۲۰۳۱ نہ سمجھے فرصت کو غنیمت جانکے جلد توبہ کرے اور نماز پر مستعد ہوجاوے م عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ
مُغَفَّلٍ بَيْنَ كُلِّ أَذَانَيْنِ صَلٰوةٌ بَيْنَ كُلِّ أَذَانَيْنِ صَلٰوةٌ ثُمَّ قَالَ فِي الثَّالِثَةِ
لِمَنْ شَاءَ مسلم مین عبداللہ بن مغفل سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا ہر اذان اور اقامت کے درمیان
نماز ہے ہر اذان اور اقامت کے درمیان نماز ہے پھر حضرت نے تیسری بار فرمایا جو چاہے سو پڑھے جب نہین

ف عبداللہ بن مغفل

۲۰۳۲ ق عبد اللہ بن سلام تلک الروضۃ روضۃ الاسلام وذلک العمود عمود الاسلام وتلک العروۃ العروۃ الوثقی وانت علی الاسلام حتی تموت ق لہ حین قص رؤیاہ علیہ بخاری اور مسلم میں عبد اللہ بن سلام سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا وہ باغ تو اسلام کا باغ ہے اور وہ ستون اسلام کا ستون ہے اور حلقہ مضبوط حلقہ دین کا ہے اور تو اسلام پر قائم رہے گا مرتے دم تک یہ حضرت نے عبد اللہ بن سلام سے فرمایا جب کہ انہوں نے اپنا خواب حضرت سے بیان کیا ف خواب میں باغ اور ستون اور حلقہ دیکھا تھا حضرت نے اسکی تعبیر کہی چنانچہ اسکا مفصل بیان ساتویں باب میں ہو چکا ق البراء بن عازب تلک الملائکۃ کانت تستمع لک ولو قرأت لاصبحت یراہا الناس ما تستتر منہم ق لاسید بن حضیر حین قرأ سورۃ الکہف باللیل وعندہ فرس مربوط بشطنین فتغشتہ سحابۃ فجعلت تدنو وتدنو وجعل فرسہ ینفر منہا بخاری اور مسلم میں براء بن عازب سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ وہ فرشتے تھے تیرا قرآن پڑھنا سنتے تھے اور اگر تو پڑھے جاتا تو صبح کو لوگ فرشتوں کو دیکھتے فرشتے انسے نہ چھپتے پھر حضرت نے اسید بن حضیر سے فرمایا جب کہ وہ سورہ کہف پڑھتے تھے اور انکے پاس کھوڑا دو رسیوں سے بندھا تھا تو اسید کو ایک بدلی نے چھپا لیا اور اسمیں چراغ روشن تھے تو وہ بدلی قریب ہوتی جاتی تھی اور انکا گھوڑا اسسے بدکنے لگا تھا ف بخاری میں پورا قصہ یوں ہے کہ اسید بن

۲۰۳۳ ق

خضیر کا لڑکا انکے پاس سوتا تہا گھوڑے کے پہڑکنے سے ڈرے کہ کہین لڑکا نہ کچل جاوے
قرآن پڑہنا موقوف کیا بدلی بہی غائب ہوگئی صبح کو یہہ حال عرض کیا آپ حضرت نے
یہہ حدیث فرمائی معلوم ہوا کہ قرآن کے سننے کو فرشتے حاضر ہوتے ہین ہر کسی کو نظر نہین
آتے ۞ عَائِشَةُ تِلْكَ الْكَلِمَةُ الَّتِي يَخْطَفُهَا الْجِنِّيُّ فَيَقْذِفُهَا فِي أُذُنِ ۞ ۳۰۳۴
وَلِيِّهِ فَيَزِيدُ فِيهَا مِائَةَ كَذْبَةٍ فَقَالَ هَا هُنَا حِينَ قَالَتْ إِنَّ الْكُهَّانَ كَانُوا
يُحَدِّثُونَنَا بِالشَّيْءِ فَنَجِدُهُ حَقًّا مسلم مین حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ اس سچ بات کو فرشتون سے جن لے بہاگتا ہے سو اسکو اپنے دوست کے کان مین
ڈال دیتا ہے تو وہ اسمین اور سو جہوٹہ زیادہ کرتا ہے یہہ حضرت نے حضرت عائشہ سے
کہا جب کہ انہون نے کہا کہ کاہن لوگ ہمکو کسی چیز کی خبر دیتے تہے تو ہمکو ہم سچ پاتے
تہے ف عرب مین چند لوگ تہے جنون سے راہ رہکتے تہے انسے دریافت کرکے آیندہ
خبرین لوگون کو بتلاتے تہے دین اسلام مین حکم ہوا کہ سوای خدا کے غیب کوئی نہین جانتا
کاہن جہوٹے اور بی حقیقت ہین اُن سے حال دریافت کرنا درست نہین حضرت عائشہ نے
پوچہا کہ یا حضرت اگر کاہن جہوٹے ہین تو اسکا کیا سبب ہے کہ انکی بات سچ ہی ہوتی تہی
تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنے جو اس عالم مین ہوتا ہے اسکا حکم فرشتون کو ہوتا ہے
فرشتے اول آسمان پر آپسمین اسکی گفتگو کرتے ہین شیطان اور جن وہان جاکر سُن آتے ہین

اور زمین

اور اپنے پوچھنے والے دوستوں کو بتلاتے ہین وہ لوگ ایک سچ کے ساتھ سو جھوٹھ ملا
لوگون سے کہتے ہین وہی ایک بات تو سچ ہوتی ہے اور باقی واہیات نادان لوگ اسی
ایک سچ بات کو دلیل پکڑنے کے معتقد ہوتے ہین اور انکی اکثر جھوٹی باتون کو اپنی نادانی اور
حماقت سی یاد نہین رکھتے **م** ابن مسعود تلک محض الایمان یعنی الوسوسة
**ف** الذی سئل عنها وهی ما یجد الانسان فی نفسه ما یتعاظم ان یتکلم
به ویروی ذلک صریح الایمان رواه ابوهریرة تفرد به مسلم ایضا
مسلم مین عبداللہ بن مسعود رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ وسوسہ کو بد جاننا تو محض ایمان ہے
یہہ حضرت نی اسوقت فرمایا جب کہ وسوسہ کا حضرت سے سوال ہوا وسوسہ اسکو کہتے ہین جسکا
خیال آدمی اپنے دل مین پاتا ہے اور اسکے کہنے کو برا جانتا ہے اور دوسری روایت ابوہریرہ سے
یون ہے کہ یہہ تو صریح ایمان ہے اس حدیث کو یہی صرف مسلم نی روایت کیا **ف** مشکوة مین
ابوہریرہ سے روایت ہے کہ چند صحابہ نے حضرت کے پاس آکر پوچھا کہ یا حضرت ہمارے دلون مین نہایت
برے برے خیال آتے ہین کہ ہم انکو زبان پر لانا بڑا گناہ جانتے ہین تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی
یعنے برے خیال کو برا جاننا اور زبان پر نہ لانا ایمانکی نشانی ہے اگر دل مین ایمان نہوتا
تو کون روکتا اور یہہ مطلب نہین کہ برے خیالات آنا صریح ایمان ہے چنانچہ ابوداود مین عبداللہ
بن عباس سے روایت ہے کہ ایکمرتبہ حضرت سے کہا کہ یا رسول اللہ دل مین بعضا ایسا برا خیال آتا ہے کہ اگر مین

۲۰۳۵

جس کے کو ملا ہو جاوں تو بھی زبان سی نہ نکالوں حضرت نے فرمایا شکر خدا کو جسنے شیطان کا
کام وسوسہ ہی پر ٹالا یعنی شیطان کا فرون سی تو شرک اور بت پرستی کرواتا ہے لیکن مومن پر
سوا برے خیال ڈالنے کے اسکا کچھ زور نہین چلتا وسوسہ کا علاج یہہ ہے کہ اسکی طرف دہیان
نہ کرے اور التجا کرے پناہ مانگے لاحول پڑھے اور لا الہ الا اللہ کی کثرت کرے کہ اکسیر ہے

۲۰۳۶ م مَرَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ ثَمَنُ الْكَلْبِ خَبِيثٌ وَمَهْرُ الْبَغِيِّ خَبِيثٌ وَكَسْبُ الْحَجَّامِ
خَبِيثٌ مسلم مین رافع بن خدیج رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ قیمت کتے کی حرام ہے اور خرچی
حرام کار عورت کی حرام ہے اوپچہنے لگانیوالیکا کسب پلید ہے ف امام شافعی کے نزدیک
بموجب اس حدیث کے کتے کی قیمت حلال ہین اور امام اعظم کے نزدیک حلال ہے تو انکے نزدیک حدیث کا
یہہ مطلب ہے کہ اگر کتا شکار اور حفاظت کے واسطے نہو تو اسکی قیمت حرام ہے اور خرچی بالاتفاق حرام ہے
اور پچہنے لگانے کا کسب بموجب اس حدیث کے امام احمد کے نزدیک حرام اور امامون کے نزدیک

۲۰۳۷ ح حرام نہین مکروہ ہے کہ نجاست سی خالی نہین خ اَنَسٍ حُبُّكَ اِيَّاهَا اَدْخَلَكَ الْجَنَّةَ يَعْنِي
سُوْرَةَ الْاِخْلَاصِ بخاری مین انس سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ سورہ اخلاص کی محبت تجھکو
بہشت مین داخل کریگی ف ایک شخص نے حضرت سے کہا کہ یا حضرت مین سورہ اخلاص یعنے قل ہو اللہ سے

م بہت محبت رکھتا ہون تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی م بُرَيْدَةَ بْنِ الْحُصَيْبِ حُرْمَةُ
نِسَاءِ الْمُجَاهِدِيْنَ عَلَى الْقَاعِدِيْنَ كَحُرْمَةِ اُمَّهَاتِهِمْ وَمَا مِنْ رَجُلٍ مِنَ الْقَاعِدِيْنَ

يخلف رجلا من المجاهدين في اهله فيخونه فيهم الا وقف له يوم القيمة
فيأخذ من عمله ما شاء ثم التفت الينا رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم
فقال فما ظنكم بمن برية بن حصيب سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ غازیون کی بی بیونکی حرمت
خانہ نشین لوگون پر ایسی ہے جیسے انکی ماؤن کی حرمت ہے اور جو خانہ نشین مرد مجاہدین مرد کے
گھر بارکے کام خدمتین رہے پھر انہین خیانت کرے تو قیامت کے دن کھڑا کیا جاویگا پھر مجاہد
اسکے نیک عمل سے جو چاہے گا سو لیگا پھر حضرت ہم اصحاب کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا
کہ تمہارا کیا گمان ہے ف یعنے اسکو حق جانتے ہو یا کچھ تردد ہے ق ابن عمر
حسابكما على الله احدكما كاذب لا سبيل لك عليها قال للملاعنين
بخاری اور مسلم مین عبداللہ بن عمر سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تم دونون کا حساب خدا
ہے تم دونون مین ایک تو جھوٹا ہے پھر کہا اس عورت پر کچھ قابو نہین ف ایک شخص نے
اپنی جورو کو بدکاری کا عیب لگایا اسنے انکار کی دونو پر تین قسم کہا جھوٹے کو بددعا
کرکے جدا ہو گئے تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنی دو مین ایک مقرر جھوٹا ہے اگرچہ شرع
مین کسی پر جھوٹا ثابت نہو لیکن قیامت مین خدا حساب کریگا پھر مرد نے اپنا مال مانگا جو
جورو کو دیا تھا حضرت نے فرمایا تجھکو اب اسکے دئے مال پر قابو اور اختیار نہین اگر تو سچا ہے
تو مال صحبت داری کے بدلے گیا اور اگر عورت سچی ہے تو مال کا لینا آدمیت سے بعید ہے

ق ۲۰۳۹

ق ۲۰۴۰ ق ابو ہریرہ رض حق المسلم علی المسلم خمس رد السلام وعیادۃ المریض
واتباع الجنائز واجابۃ الدعوۃ وتشمیت العاطس بخاری اور مسلم مین ابو
ہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مسلمان کے حق دوسرے مسلمان پر پانچ ہین سلام کا جواب
دینا اور بیمار کو پوچھنا اور جنازون کے پیچھے چلنا اور دعوت کو قبول کرنا اور چھینکنے والے کو
۲۰۴۱ م دعا دینا یعنی یرحمکاسہ کہنا م ابو ہریرہ رض حق المسلم علی المسلم ست قیل و
ما ھن یا رسول اللہ قال اذا لقیتہ فسلم علیہ واذا دعاک فاجبہ
واذا استنصحک فانصح لہ واذا عطس فحمد اللہ فشمتہ واذا مرض
فعدہ واذا مات فاتبعہ مسلم مین ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ حق
مسلمان کے مسلمان پر چھہ ہین لوگون نی پوچھا کہ وہ حق کون ہین یارسول اللہ حضرت نے فرمایا
کہ جب تو اُس سے ملے تو اسکو سلام کر اور جب تجھکو وہ بلاوی اور دعوت کرے تو قبول کر اور
جب تجھسے کسی کام مین نصیحت چاہے تو اسکو نیک نصیحت دے اور جب کہ وہ چھینکے اور الحمد للہ
کہے تو اسکا جواب دے یعنے یرحمکاسہ کہہ اور جب کہ وہ بیمار پڑے تو اسکو جاکر پوچھہ اور
جب کہ مرجاوی تو اسکے جنازے کے ساتھہ چل ف پہلی حدیث مین پانچ حق فرمائے اور اس
حدیث مین چھہ تو مطلب یہہ ہے کہ پانچ یا چھہ مین منحصر نہین بلکہ اسکے سوا حق بہت ہین مگر جسکی
۲۰۴۲ ح زیادہ ضرورت دیکھی اسکو فرمادیا کبھی پانچ کبھی چھہ کبھی کم وزیادہ خ ابو ہریرہ رض

حَقٌّ اللّٰهِ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ اَنْ يَغْتَسِلَ فِىْ كُلِّ سَبْعَةِ اَيَّامٍ يَغْسِلُ رَاْسَهٗ
وَجَسَدَهٗ وَيُرْوٰى لِلّٰهِ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ حَقٌّ اَنْ يَغْتَسِلَ فِىْ كُلِّ سَبْعَةِ اَيَّامٍ
يَوْمًا بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ خدا کا حق ہر مسلمان پر ہے
کہ ہر ہفتہ مین غسل کرے اپنے سر اور بدن کو دھووے اور دوسری روایت یون ہے کہ ہر مسلمان پر
خدا کا حق ہے کہ ہر ہفتہ مین غسل کرے ایکدن یعنی جمعہ کے دن غسل کرنا مستحب ہے ف ۲۰۴۲
وَجَابِرٍ حَمَلْنَا
عَلَى الْمَاءِ وَاِعَارَةُ دَلْوِهَا وَاِعَارَةُ فَحْلِهَا وَمَنِيْحَتُهَا وَحَمْلٌ عَلَيْهَا فِىْ
سَبِيْلِ اللّٰهِ ق لِرَجُلٍ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا حَقُّ الْاِبِلِ مسلم مین جابر رضہ سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اونٹنیون کا دودہ دوہنا پانی پر اور انکے ڈول کو مانگے دینا
اور نر اونٹ کو آعارہ دینا یعنی اونٹنی کا بہن کر نیکے واسطے اور محتاجون کو اونٹ دینا
دودہ پینے کے واسطے اور اونٹون پر بوجھ رکھنا ہدیہ دینا یعنی غازی کو سوار کرنا یا اسباب
لادنا یہہ حضرت نے اس مرد سے فرمایا جسنے کہا یا رسول اللہ اونٹ رکھنے کا کیا حق اور کون
کون چیز مالک کو مناسب ہے ق عرب کا دستور تہا کہ جب تالاب یا کوئے پر اونٹون کو
پانی پلاتے تو دودہ دوہتے اور محتاجون کو دیتے ق ۳۰۴۳
عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ
حَوْضِىْ مَسِيْرَةُ شَهْرٍ مَاؤُهٗ اَبْيَضُ مِنَ اللَّبَنِ وَرِيْحُهٗ اَطْيَبُ مِنَ الْمِسْكِ
وَكِيْزَانُهٗ كَنُجُوْمِ السَّمَاءِ مَنْ شَرِبَ مِنْهُ فَلَا يَظْمَاُ اَبَدًا بخاری اور مسلم مین

عبداللہ بن عمرسی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ میرا حوض کوثر مہینہ بھر کی راہ ہے پانی اسکا
زیادہ تر سفید دودھ سے اور اسکی بو مشک سی زیادہ تر خشبودار ہے اور اسکے کوزے اور آبخورے
جیسے آسمان کے تارے یعنی بے شمار جو اس حوض سے پانی پیے کبھی اسکو پیاس نہ لگے
ف ہر چند پیاس تو ایک بار کے پینے میں جاتی رہے گی لیکن اہل جنت اسکو
لذت کے واسطے پیا کرینگے م ام الدرداء دعوۃ المرأ المسلم لأخیہ بظہر الغیب
مستجابۃ عند راسہ ملک موکل کلما دعا لأخیہ بخیر قال الملک
الموکل بہ امین ولک بمثل مسلم میں ام الدرداء سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
کہ مسلمان مرد کی دعا اپنے بھائی مسلمان کے واسطے پس پشت مقبول ہے اسکے سر کے پاس ایک فرشتہ
مقرر رہتا ہے کہ جب وہ اپنے بھائی مسلمان کے واسطے نیک دعا کرے تو فرشتہ کہتا ہے کہ آمین
اور تجھکو بھی اس دعا کے برابر فائدہ ہے یعنی جو تو نے نیک چیز اسکے واسطے مانگی اسکو بھی ملیگی
اور تجھکو بھی ملیگی م ابو ہریرۃ دینار انفقتہ فی سبیل اللہ دینار انفقتہ
فی رقبۃ ودینار تصدقت بہ علی مسکین ودینار انفقتہ علی اہلک
اعظمہا اجرا الذی انفقت علی اہلک مسلم میں ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ ایک دینار تو نے جہاد میں خرچ کیا اور ایک دینار تو نے گردن چھڑانے میں یعنے
بردہ آزاد کرنے میں خرچ کیا اور ایک دینار تو نے محتاج کو خیرات دیا اور ایک دینار تو نے

۳۰۴۴ م دعا برائے مسلمان غائب

۳۰۴۵ م نفقہ بر اہل و عیال نفقہ در راہ خدا و عتق و صدقہ افضل است

گھر والون پر خرچ کیا اُن سبمین بڑا ثواب اُسمین ہے جو تونے اپنے گھر والون پر
کیا ف جہاد اور آزادی اور خیرات سے اہل و عیال کا خرچ اسواسطے افضل ہوا کہ یہ فرض
ہے نے فرض کا ثواب نفل وغیرہ سے زیادہ ہوا چاہئے اپنے اہل و عیال پر ہر شخص خرچ
ہے لیکن اگر اُسکو خدا کا حکم جان کر خرچ کرے تو نیت کے سبب سے زیادہ تر ثواب پاوے
۲۰۴۶ م عثمان بن ابی العاص الثقفی ذاک شیطان یقال له خنزب فاذا
حسّه فتعوذ بالله منه واتفل علی یسارک ثلثا قال له حین قال
لشیطان قد حال بینی وبین صلوتی وقرأتی یلبسها علیّ مسلم بن
ن بن ابی العاص سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ وہ شیطان ہے اسکو خنزب کہتے ہین سو جب
کا کھٹکا پاوی تو خدا کی پناہ مانگ اُسکے شر سے اور اپنے بائین طرف تین بار تھک تھکا
ے یہ حضرت نے عثمان بن ابی العاص سے فرمایا جب اُسنے کہا کہ شیطان حائل ہوتا ہے
ور میری نماز اور قرأت کے اندر مجھکو قرآن کے پڑھنے مین شبہ ڈال دیتا ہے ف
و شیطان کہ نماز مین شبہ ڈالتا ہے اُسکا خنزب لقب ہے پھر اُسکے علاج بتلائے
۲۰۴۷ خ یث مین آیا ہے کہ جو شیطان وضو مین شبہ ڈالتا ہے اُسکا ولہان لقب ہے خ
شة ذاک کو کان وانا حی فاستغفر لک وادعو لک بخاری مین حضرت
شہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ یون ہی ہوگا اگر میرا انتقال ہوا اور مین زندہ رہا تو تیرے

واسطی مغفرت مانگوں کا اور تیرے حق میں دعا کرونگا ف حضرت عائشہ نے عرض کی کہ یا حضرت
میرے انتقال کے بعد میرے واسطے دعا کیجئے گا تب حضرت نے یہ حدیث فرمائی ق ابوہریرہؓ ۲۰۴۸ ق
رأس الکفر نحو المشرق والفخر والخیلاء فی اھل الخیل والابل والفدادین
اھل الوبر والسکینۃ فی اھل الغنم بخاری اور مسلم میں ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ چوٹی کفر کی مشرق کی طرف سے اور بڑائی مارنا اور کہنڈ کرنا گھوڑے والے اور اونٹ والوں
میں ہے اور فخر کرنا والوں میں جو اونٹ والے ہیں اور عزیبی اور منحواری بکری والوں میں ہے
ف الکثر فساد مشرق کی طرف سے ہوئے اور دجال بھی اسی طرف سے نکلیگا پھر فرمایا کہ جانوروں کی
صحبت کی یہی تاثیر ہوتی ہے سائیس اور شتربان اکثر بدخلق ہوتے ہیں اور بکری چرانیوالے
بیشتر مسکین ہوتے ہیں اسی واسطے پیغمبروں نے بکریوں کو چرایا ۲۰۴۹ م ابوہریرہؓ رب اشعث
مدفوع بالابواب لو اقسم علی اللہ لابرہ مسلم میں ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
کہ بہت لوگ پریشان موغبار آلودہ دروازوں سے پرے دھکیلے ہوئے اگر خدا کے اعتماد کسی کی
قسم کھا بیٹھیں تو خدا انکی قسم کو سچا کر دیوی ف یعنے بعضے بندگان خدا ظاہر کے
تو ایسی بُرے کہ کوئی دروازہ پر نہ کھڑا ہونے دیوی اور باطن کے ایسے صاف کہ خدا کو انکی
خاطرداری منظور رہتی ہے اس حدیث سے دو فائدہ معلوم ہوئے اول یہ کہ کسی مسلمان بد
ظاہر کو حقیر نہ جانے شعر خاکساران جہان را بحقارت منگر توچہ دانی کہ دریں گرد سوارے

باشد مکروہ ہی نہ چاہئے کہ خلاف شرع فقیرون کو ولی اور قطب عوام کی طرح اعتقاد
کرے اسواسطے کہ حضرت نے اس حدیث مین بعضی پریشان ہوخاکسارون کو مقبول
فرمایا اور یہہ نہین فرمایا کہ شراب خوار درڑھی منڈھے ہی ایسے ہوتے ہین دوسرا فائدہ
یہہ کہ ایمان کے کب تہ خاکساری اور گمنامی حق تعالی کو پسند ہے ع سَهْلُ بْنُ سَعْدٍ ۲۰۵۱ ع
رِبَاطُ يَوْمٍ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا عَلَيْهَا وَمَوْضِعُ سَوْطِ
اَحَدِكُمْ مِنَ الْجَنَّةِ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا عَلَيْهَا وَالرَّوْحَةُ يَرُوحُهَا الْعَبْدُ فِي سَبِيلِ
اللّٰهِ اَوِ الْغَدْوَةُ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا عَلَيْهَا بخاری مین سہل بن سعد سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ راہ خدا مین دار الاسلام کے سرحد پر چوکیداری کرنا بہتر ہے تمام دنیا اور دنیا کی
ارائش سے اور بہشت مین تمہارے کوڑے رکھنے کا مکان بہتر ہے تمام دنیا اور دنیا کی ارائش سے
اور جہاد مین اول روز یا آخر روز بندیکا کوشش کرنا بہتر ہے تمام دنیا اور دنیا کی آرائش سے
ف آخرت کا ثواب اور آخرت کا کمترمکان تمام دنیا سی اسواسطے بہتر ہوا کہ دنیا فانی ہے
اور آخرت عمدہ اور باقی م سَلْمَانُ رِبَاطُ يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ خَيْرٌ مِنْ صِيَامِ شَهْرٍ وَ ۲۰۵۲ م
قِيَامِهِ وَاِنْ مَاتَ جَرَى عَلَيْهِ عَمَلُهُ الَّذِي كَانَ يَعْمَلُهُ وَاُجْرِيَ عَلَيْهِ
رِزْقُهُ وَاَمِنَ الْفَتَّانَ مسلم مین سلمان سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ سرحد اسلام پر
ایک رات اور ایک دن کی چوکی دنیا سے بہتر ہے ایک مہینے کے روزے اور شب بیداری سے

اور اگر مرگیا تو جو نیک عمل کہ کیا کرتا تھا اُسکا ثواب ہمیشہ جاری رہے گا اور اُسکی روزی اُسپر
جاری رہیگی اور منکر نکیر کے خوف سے نڈر ہوجاویگا ف موت سے شہید کا رزق اور عمل کا
۲۰۵۳ ثواب موقوف نہیں ہوتا اور قبر کے سوال وجواب کا کچھ کھٹکا نہیں رہتا م عَائِشَةَ رَكْعَتَا
الْفَجْرِ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا مسلم میں حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ دو
رکعتیں فجر کی بہتر ہیں تمام دنیا سے اور جو چیز کہ دنیا میں ہے نماز فجر سے کمتر ہے ف یہ سنت
فجر کی فضیلت سے حضرت کا دستور تھا کہ تمام سنت اور نفل سے فجر کی سنت کو نہایت مقدم
م جانتے تھے اور کمال رعایت رکھتے تھے م الْمُغِيرَةُ بْنُ شُعْبَةَ سَاقِي الْقَوْمِ آخِرُهُمْ
شُرْبًا مسلم میں مغیرہ بن شعبہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ قوم کا پانی پلانیوالا اُنکا پیچھلا ہے
پانی پینے میں ف یعنے ساقی کو لازم ہے کہ اول اور پیاسے مسلمانوں کو پلادی پھر سب کے
بعد آپ پیئے اسی طرح ہر حاکم اور رئیس اور داروغہ کو لازم ہے کہ جبین اختیار رکھتا ہو اول
۲۰۵۴ اور مسلمان کو مقدم رکھے سرداری اسکا نام ہے ق ابْنُ مَسْعُودٍ سِبَابُ
الْمُسْلِمِ فُسُوقٌ وَقِتَالُهُ كُفْرٌ بخاری اور مسلم میں حضرت عبداللہ بن مسعود سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ مسلمان کو گالی دینا گناہ ہے اور اسکو ناحق قتل کرنا نامنصافی اور ناشکری ہے
۲۰۵۶ قتل
م ف اگر حلال جان کر مسلمان کو قتل کرے تو صریح کافر ہے اور نہیں تو کبیرہ گناہ ہے م اَنَسٌ
سُبْحَانَ اللّٰهِ لَا يُطِيقُهُ اَوْ لَا تَسْتَطِيعُهُ وَيُرْوَى لَا طَاقَةَ لَكَ بِعَذَابِ

اللّٰہِ اَفَلَا قُلْتَ اَللّٰھُمَّ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّفِی الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً وَّقِنَا
عَذَابَ النَّارِ فَاِنَّ لِرَجُلٍ عَادَہٗ فَدَعَا اللّٰہَ بِہٖ فَشَفَاہُ وسلم میں انس سے ۲۰۵۷ م
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا سبحان اللہ تو عذاب الٰہی کو نہ اٹھا سکے گا اور دوسری روایت
یوں ہے کہ تجھکو عذاب خدا کی طاقت نہیں تو نے یوں کیوں نہ کہا کہ الٰہی ہمکو دنیا میں بھلائی
دے اور آخرت میں بھی بھلائی اور ہم کو بچالے دوزخ کے عذاب سے یہہ حضرت نے اس مرد سے فرمایا جسکی
بیمار پرسی کو تشریف لے گئے تھے پھر اسنے یہی دعا مانگی سو خدا نے اسکو شفا بخشی ف
حضرت ایک مسلمان کی بیمار پرسی کو تشریف لے گئے وہ نہایت ناتوان ہو گیا تھا جیسے مرغی کا
چوزہ سو حضرت نے اس سے فرمایا کہ تو نے کچھ دعا تو نہیں کی ہے اسنے کہا ہاں میں صحت میں
یہہ دعا کیا کرتا تھا کہ الٰہی جو تجھکو آخرت میں میرے اوپر عذاب کرنا ہو سو دنیا میں جلد مجھپر کرلے
تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنی آدمی کو عذاب الٰہی کی طاقت نہیں نہ دنیا میں طاقت ہے
نہ آخرت میں دنیا کی تکلیف تو نے اپنے منہ سے کیوں مانگی پھر اسکو دین اور دنیا کی خیریت ۲۰۵۸
دعا تعلیم کی چنانچہ اسکو یہی دعا سے صحت ہو گئی خ اُمِّ سَلَمَۃَ سُبْحَانَ اللّٰہِ مَاذَا
اُنْزِلَ اللَّیْلَۃَ مِنَ الْخَزَائِنِ مَاذَا اُنْزِلَ اللَّیْلَۃَ مِنَ الْفِتَنِ مَنْ یُوقِظُ
صَوَاحِبَ الْحُجَرِ رُبَّ کَاسِیَۃٍ فِی الدُّنْیَا عَارِیَۃٍ فِی الْاٰخِرَۃِ بخاری میں حضرت
ام سلمہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ سبحان اللہ آج کی رات کیا ہی رحمت کے گنج کے گنج

اتری ہین اور آج کی رات کیا ہے فتنہ اور فساد نازل ہوئے ہین کوئی ہے کہ کوٹھریون والی
عورتون کو جگادے یعنے تاکہ تہجد پڑھین بہت عورتین دنیا مین پوشاک دار ہین اور آخرت مین
برہنہ ہین یعنی دنیا مین باعزت اور آخرت مین گناہ سی فضیحت **ف** حضرت ام سلمہ سے روایت ہے
کہ حضرت ایک رات سو کر جاگے پھر یہہ حدیث فرمائی فتوح اسلام اور اس امت کے فساد ہونیوالے
حضرت کو خواب مین نمود ہوئے **ق** ابو ہریرہ سیحان وجیحان والفرات والنیل ۲۰۵۸ ق
کل من انہار الجنۃ بخاری اور مسلم مین ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ سیحون اور
جیحون اور فرات اور نیل ہر ایک بہشت کی نہرین ہین **ف** سیحون اور جیحون ترکستان مین
ہین اور فرات عراق مین اور نیل مصر مین یعنی ان نہرونکا پانی بہشت کے پانی سے مشابہ ہے
یا کہ ان نہرون کی امداد وہان سے ہوتی ہو **خ** شداد بن اوس سید الاستغفار ۲۰۵۹ خ
ان یقول العبد اللہم انت ربی لا الہ الا انت خلقتنی وانا عبدک
وانا علی عہدک ما استطعت اعوذ بک من شر ما صنعت ابوء لک بنعمتک
علی وابوء لک بذنبی فاغفر لی فانہ لا یغفر الذنوب الا انت من قالہا
فی النہار موقنا بہا فمات من یومہ قبل ان یمسی فہو من اہل الجنۃ
ومن قالہا من اللیل وہو موقن بہا فمات قبل ان یصبح فہو من اہل
الجنۃ بخاری مین شداد بن اوس سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ سید الاستغفار یہہ ہے کہ بندہ یون

سید الاستغفار

کہے کہ الٰہی تو میرا مالک ہے کوئی لائق بندگی کے نہیں سوای تیرے تو نے مجھکو پیدا کیا اور مین تیرا
بندہ ہون اور مین تیرے قول اور تیرے وعدہ پر ہون اپنے مقدور کے موافق مین تیری پناہ مانگتا
ہون اپنے کرتب کی برائی سے مین تجھسی اقرار کرتا ہون تیرے احسان کا جو مجھپر ہے اور اپنے
گناہ کا تجھسے اقرار کرتا ہون سو مجھکو بخش دے مقرر ہی ہے کہ کوئی گناہ بخش نہین سکتا
سوے تیرے جو یقین سی اسکو دن مین کہے پھر اُسی دن شام سی پہلے مرجاے تو وہ شخص بہشتی ہے
اور جو اسکو رات مین کہے یقین کرکے پھر مرجاے فجر سے پہلے تو وہ شخص بہشتی ہے ف
اللہم سے الا انت تک صبح شام پڑھا کرے رات اور دن دونو آگئے رات یا دن مین جب
مرگیا اس عمدہ بشارتین داخل ہے اس دعا کو سید الاستغفار کہتے ہین ق ابوبکرۃ شہرا ۳۰۶۰ ق
عید لا ینقصان رمضان وذو الحجۃ بخاری اور مسلم مین ابوبکرہ رض سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ دو مہینے عید کے کم نہین ہوتے رمضان اور ذی الحج ف امام احمد نے اس حدیث کا
مطلب یون کہا کہ ایک سال مین یہ دو مہینے ساتھی کم نہین ہوتے اگر ایک انتیس دن کا
ہوگا تو دوسرا تیس دن کا ہوگا اور اسحٰق نے کہا کہ ان دونو مہینے کا ثواب کم نہین ہوتا
پورا ملتا ہے اگرچہ دونو شمار مین کم ہون اور یہی قول ٹھیک ہے واللہ اعلم ع عمر صدقۃ ۳۰۶۱ م
تصدق اللہ بہا علیکم فاقبلوا صدقتہ یعنی القصر فی السفر مع الامن
مسلم مین عمر فاروق رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ نماز کا قصر صدقہ ہے کہ خدا نے تمپر

تصدق کیا ہے سو اسکے صدقے کو قبول کرو یعنی امن کی حالت میں بھی نماز کا قصر سفر میں چاہیے

ف سفر میں چار رکعت نماز کو دو رکعت پڑھنے کا حکم ہے یہہ خدا کی طرف سے تخفیف اور رخصت ہے تو مناسب نہیں کہ خدا کی رخصت کو نہ مانیے اور پوری پڑھیے اور یہی مذہب ہے

امام اعظم کا کہ سفر میں پوری نماز پڑھنا درست نہیں م زَيْدُ بْنُ أَرْقَمَ صَلٰوةُ الْأَوَّابِينَ ۲۰۶۲

إِذَا رَمَضَتِ الْفِصَالُ مسلم میں زید بن ارقم سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ صلوۃ الاوابین اسوقت ہے جب کہ اونٹ کے بچوں کے تلوے جلنے لگیں ف یعنی چاشت کے وقت ریتیل گرم ہوتی ہے بچوں کے تلوے جلنے لگتے ہیں وہ ہر طرف سے بھاگ کے اونٹوں کے گرد ہو جاتے ہیں مشایخ لوک مغرب کے بعد چھ رکعت نماز کو صلوۃ الاوابین کہتے ہیں اس حدیث سے معلوم ہوا کہ صلوۃ الضحی اور نماز چاشت کا نام صلوۃ الاوابین ہے اوابین ان عابدوں کو کہتے ہیں جنکا دل عبادت الٰہی کی طرف جھکا رہتا ہے

م أَبُوْ هُرَيْرَةَ صَلٰوةُ الْجَمَاعَةِ ۲۰۶۳

أَفْضَلُ مِنْ صَلٰوةِ أَحَدِكُمْ وَحْدَهُ بِخَمْسٍ وَعِشْرِيْنَ جُزْءًا مسلم میں ابوہریرہ سے

روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جماعت کی نماز تنہا کی نماز سے پچیس حصے افضل ہے ۲۰۶۴

غ ابْنُ عُمَرَ وَأَبُوْ سَعِيْدٍ صَلٰوةُ الْجَمَاعَةِ تَفْضُلُ صَلٰوةَ الْفَذِّ بِخَمْسٍ وَعِشْرِيْنَ دَرَجَةً هٰذِهٖ رِوَايَةُ أَبِيْ سَعِيْدٍ وَفِيْ رِوَايَةِ ابْنِ عُمَرَ بِسَبْعٍ وَعِشْرِيْنَ بخاری میں

عبداللہ بن عمر اور ابوسعید سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جماعت کی نماز تنہا آدمی کی نماز سے

پچیس حصے افضل ہے یہہ ابو سعید کی روایت ہے اور عبد اللہ بن عمر کی روایت مین ستائیس درجے کا

ق ۶۵ ذکر ہے ق ابو ہریرہؓ صلوٰۃ الرجل فی جماعۃ تزید علی صلوتہ فی بیتہ

وصلوتہ فی سوقہ بضعا وعشرین درجۃ وذلک ان احدھم اذا توضاء

فاحسن الوضوء ثم اتی المسجد لا ینھزہ الا الصلوٰۃ لم یخط خطوۃ الا رفعہ

اللہ بھا درجۃ وحط عنہ بھا خطیئۃ حتی یدخل المسجد فاذا دخل

المسجد کان فی الصلوٰۃ ما کانت الصلوٰۃ تحبسہ والملائکۃ یصلون

علی احدکم ما دام فی مجلسہ الذی صلی فیہ یقولون اللھم ارحمہ اللھم

اغفر لہ اللھم تب علیہ ما لم یؤذ فیہ ما لم یحدث فیہ بخاری اور مسلم مین

ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مرد کی نماز جماعت مین اسکے گھر اور بازار کی نماز سے

بیس اور چند درجے زیادہ ہے یعنی پچیس ستائیس اور اسکا سبب یہہ ہے کہ جب آدمی نے

وضو کیا بخوبی پھر مسجد مین آیا اس حالت سی کہ سوای نماز کے اسکی جنبش کا کوئی سبب نہو

تو جب شخص کوئی ڈگ نہ چلے گا مگر کہ خدا اس ڈگ کی سبب سے اسکا درجہ ایک بلند

کریگا اور اسکی جہت سے اسکا گناہ دور کریگا یہان تک کہ مسجد مین آوی پھر جب مسجد مین آیا

تو نماز مین داخل ہوا جب تک اسکو نماز روکے رہے یعنے جو مدت نماز کی انتظار مین گذرتی ہے

وہ نماز مین شمار ہوگی نماز پڑھنے کے برابر انتظار کا ثواب ملیگا اور فرشتے اسکو دعا کرتے

جب تک کہ اس مکان مین بیٹھا رہے گا جسمین نماز پڑہ چکا فرشتے کہتی ہین الٰہی اسپر
رحم کر الٰہی اسکی مغفرت کر الٰہی اسکی توبہ قبول کر اسپر رحمت متوجہ ہو یہہ وعدہ اس شرط پر
ہے کہ جبتک کہ مسجد مین کسی کو تکلیف نہ دیوی جب تک مسجد مین دنیا کی بات نہ کہے یا وضو
نہ ٹوٹے ان تینون حدیثون سی معلوم ہوا کہ جماعت کی نماز تنہا کی نماز سی پچیس درجے افضل اور
ثواب مین زیادہ ہے اور اگر نیت زیادہ خالص ہو تو ستائیس درجے تک ہی نوبت پہنچتی
ہے پہر حضرت نے اسکا سبب ارشاد کیا کہ کامل وضو کرنا اور مسجد مین صرف نماز ہی کے واسطے
جانا مسجد تک ہر قدم پر ثواب پانا اور مسجد کا توقف اور انتظار نماز مین داخل ہونا اور
فرشتون کا دعا دینا اور مسجد مین طہارت اور باادب رہنا فضول کلام اور تکلیف امور سے
بچنا اس سی فضیلت اور ترقی کا سبب ہے تنہا نماز پڑھنے مین یہہ امور حاصل نہین ق ابن
عمر صلوۃ اللیل مثنی مثنی فاذا خفت الصبح فاوتر بواحدۃ بخاری
اور مسلم مین عبداللہ بن عمر سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ رات کی نماز دو دو رکعتین ہین پہر
جب تو فجر ہونے سے ڈرے تو ایک رکعت کی وتر ک امام شافعی اور ابو یوسف اور
محمد کے نزدیک تہجد کی نماز دو دو رکعت افضل ہے اور یہی حدیث انکی دلیل ہے م
ابوھریرۃ صیاح المولود حین یقع نزغۃ من الشیطان مسلم مین ابوہریرہ سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ چیخنا لڑکے کا جب کہ پیدا ہوتا ہے اور زمین پر گرتا ہے شیطان کے

ق ۲۰۶۶

م ۲۰۶۷

ہونے کے سبب سے ہے م ابو ہریرۃ ضرس الکافر مثل احد وغلظ جلدہ ۲۰۶۹ م
مسیرۃ ثلث مسلم مین ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ کافر کا دانت اُحد کے پہاڑ
برابر ہوگا اور اسکے کہال کی دبازت اور کند کی تین دن کی راہ کے برابر ہوگی ف یعنی دوزخ مین
کافر کا قد نہایت لمبا چوڑا ہوگا کہ عذاب زیادہ ہو اور اک بدن پر بہت سی پیٹے م
جابر طعام الواحد یکفی اثنین وطعام اثنین یکفی الاربعۃ وطعام الاربعۃ
یکفی الثمانیۃ مسلم مین جابر رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ایک شخص کا کہانا دو کو کفایت
کرتا ہے اور دو کا کہانا چار کو کفایت کرتا ہے اور چار کا کہانا آٹھ کو کفایت کرتا ہے ف
یعنی مومن کو حرص نچاہیے اپنے کہانے مین دوسرے ہوکے بھائی مسلمان کو شریک کرلے ایک
روز آسودگی نہ سہی بقدر ضرورت پر کفایت کرے انصاف بعید ہے کہ اپنا تو پیٹ بھر لیوی
اور دوسرا مسلمان بھوکا رہے اور دیکھا کرے م صہیب بن سنان عجبا لامر ۲۰۷۰ م
المؤمن ان امرہ کلہ لہ خیر ولیس ذلک لاحد الا للمؤمن ان اصابتہ
سراء شکر فکان خیرا لہ وان اصابتہ ضراء صبر فکان خیرا لہ مسلم صہیب
بن سنان سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ طرفہ ماجرا ہے مومن کا مقرر اسکا ہر حال اسکے واسطے
بہتر ہے اور یہہ بات کسی کو حاصل نہین سوای مومن کے اگر اسکو خوشی ہو شکر کری تو شکر گذاری
اسکے حق مین بہتر ہو اور اگر اسکو رنج اور تکلیف ہو صبر کرے تو بھی اسکے حق مین بہتر ہو

ف یعنی مومن کا کسی طرح نقصان نہیں خوشی میں شکرگذاری سے نعمت زیادہ ملے اور
ثواب پاوی اور غم میں صبر کے سبب خدا کا معقبول ہو اور بیحساب ثواب ملے اور کافر کو یہ
بات حاصل نہیں نہ خوشی میں اسکی خدا کی طرف نظر ہوتی ہے نہ غم میں ۲۰۷۱ م جَابِرُ بْنُ سَمُرَةَ
عَلَى مَا تُؤْمِنُونَ بِأَيْدِيكُمْ كَأَنَّهَا أَذْنَابُ خَيْلٍ شُمْسٍ وَإِنَّمَا يَكْفِي أَحَدَكُمْ
أَنْ يَضَعَ يَدَهُ عَلَى فَخِذِهِ ثُمَّ يُسَلِّمُ عَلَى أَخِيهِ مَنْ عَلَى يَمِينِهِ وَشِمَالِهِ مسلم میں
جابر بن سمرہ سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کس پر اشارہ کرتے ہو اپنے ہاتھوں سے گویا کہ
تمہارے ہاتھ چنچل گھوڑوں کی دمیں ہیں یعنی جیسے شریر گھوڑا ہر دم اپنی دم ادہر ادھر ہلاتا ہے
ویسے تم ہلاتے ہو اور آدمی کو تو اتنا کفایت کرتا ہے کہ اپنے ہاتھوں کو ران پر رکھے رہے
پھر اپنے مسلمان بھائی کو سلام کرے جو اسکے داہنے اور بائیں پر ہوں ف نماز کے اخیر میں
بعضے لوگ ہاتھ اٹھا کر داہنے بائیں کے لوگوں کو سلام کرتے تب حضرت نے یہ حدیث فرمائی
اور نماز میں سلام کے وقت ہاتھ اٹھانا منع کیا ۲۰۷۲ ق أُمُّ قَيْسٍ بِنْتُ مِحْصَنٍ عَلَامَ تَدْغَرْنَ
أَوْلَادَكُنَّ بِهَذَا الْعِلَاقِ عَلَيْكُنَّ بِهَذَا الْعُودِ الْهِنْدِيِّ فَإِنَّ فِيهِ سَبْعَةَ
أَشْفِيَةٍ مِنْهَا ذَاتُ الْجَنْبِ يُسْعَطُ مِنَ الْعُذْرَةِ وَيُلَدُّ مِنْ ذَاتِ الْجَنْبِ
بخاری اور مسلم میں ام قیس بنت محصن سے روایت ہے کہ عورتوں سے حضرت نے فرمایا کہ کیوں تالو اور حلق ملتے ہو
اپنی اولاد کا اس گھناٹے سی تم لازم پکڑو اس کوٹ کو اس واسطے کہ اسمیں سات بیماریکی

شفا ہے

شفا ہے اسمین سے ایک ذات الجنب ہے یعنی پانجر کا درد حلق کے ورم مین ناک مین ڈالے اور
ذات الجنب مین حلق کے اندر ڈالے ف عرب کی عورتین ورم حلق مین جو اپنے لڑکون کو
گھانٹی دیتی تہین حضرت نے اس سی منع کیا اور فرمایا کہ کوٹ کی گھانٹی دیا کرو پھر فرمایا کہ کوٹ مین
سات بیمارون کی شفا ہے دو کو بیان کیا یعنی ورم حلق اور ذات الجنب کو پانچ بیمارون کو نہین
مذکور کیا ہے لیکن معلوم کیا چاہئے کہ کوٹ گرم خشک ہے حیض اور پیشاب کو جاری کرتا ہے اور
زہر کو دفع کرتا ہے اور جماع کی قوت زیادہ کرتا ہے اور پیٹ کے کیڑون کو قتل کرتا ہے
جب کہ شہد کے ساتھ پیجئے اور جگر اور معدہ کے ضعف کو دفع کرتا ہے اور بخاری کے بخار کو
شفا ہے لڑکون کو اکثر سردی کا خلل ہوتا ہے اس واسطے حضرت نے یہہ دوا تجویز کی اہل حدیث
عود ہندی کو قسط یعنی کوٹ کہتے ہین لیکن اطبا عود ہندی کو اگر کہتے ہین اگر یہی گرم و خشک
ہے دماغ اور دل اور معدہ اور جگر کو قوت دیتا ہے اور بلغم کو تحلیل کرتا ہے اور کھانسی
اور زکام اور غشی اور سر دخفقان کو اور اسہال اور استسقا کو دور کرتا ہے ق ۲۰۷۳

ق عَنْ عُمَرَ عَلَى الْمَرْءِ الْمُسْلِمِ السَّمْعُ وَالطَّاعَةُ فِيمَا أَحَبَّ وَكَرِهَ إِلَّا أَنْ يُؤْمَرَ
بِمَعْصِيَةٍ فَإِذَا أُمِرَ بِمَعْصِيَةٍ فَلَا سَمْعَ وَلَا طَاعَةَ بخاری اور مسلم مین ابن دارد
عبد اللہ بن عمر سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مرد مسلمان پر امام کی اطاعت اور فرمان
واجب ہے خواہ اسکو اچھا لگے یا برا مگر اس صورت مین کہ جب گناہ کا نامور ہو پھر جب گناہ

اور خلاف شرع کا اسکو حکم ہو تو اسوقت مین اطاعت اور فرمان برداری نچاہے ف خوشی اور
۲۰۷۴ ق ناخوشی مین حاکم کی اطاعت واجب ہے لیکن خلاف شرع کام مین نہین ق اَبُوْهُرَيْرَةَ عَلٰى
اَنْقَابِ الْمَدِيْنَةِ مَلٰٓئِكَةٌ لَا يَدْخُلُهَا الطَّاعُوْنُ وَلَا الدَّجَّالُ بخاری
اور مسلم مین ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مدینے کی راہون پر فرشتے مقرر ہین اسمین
۲۰۷۵ ع وبا اور دجال نہ داخل ہو گا ع اَبُوْهُرَيْرَةَ عَمْرُو بْنُ لُحَيِّ بْنِ قَمْعَةَ بْنِ خِنْدِفٍ
اَبُوْ خُزَاعَةَ بخاری مین ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ عمر لحی کا بیٹا قمعہ کا پوتا خندف کا
پڑپوتا خزاعہ کا باپ ہے ف یعنی خزاعہ کی قوم عمرو بن لحی کی اولاد ہین یہہ لوگ یمنی نہین مضر کے
گروہ مین داخل ہین خزاعہ کی قوم مین کچھہ اختلاف تہا حضرت نے اسکو بیان کر دیا عرب مین
۲۰۷۶ ه بت پرستی اور سانڈ چہوڑنا عمرو بن لحی سے شروع ہوا ه اَبُوْ اَيُّوْبَ غَدْوَةٌ فِيْ
سَبِيْلِ اللّٰهِ اَوْ رَوْحَةٌ خَيْرٌ مِّمَّا طَلَعَتْ عَلَيْهِ الشَّمْسُ وَغَرَبَتْ مسلم مین
ابو ایوب سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ راہ خدا یعنی جہاد مین صبح یا شام کو کوشش کرنا
بہتر ہے اسسے جسپر آفتاب نے طلوع اور غروب کیا یعنی تمام دنیا سے افضل ہے کہ اسکا
۲۰۷۷ ه ثواب باقی ہے اور دنیا فانی ه جَاءَ غِلَظُ الْقُلُوْبِ فِيْ اَهْلِ الْمَشْرِقِ وَالْاِيْمَانُ
فِيْ اَهْلِ الْحِجَازِ مسلم مین جابر رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ دلونکی سختی مشرقی لوگون مین
ہے اور ایمان حجاز کے لوگون مین ہے ف مدینے کی جانب مشرق مضر کی قوم رہتے

٢٠٧٨ م

تھے نہایت سخت لوگ تھے عرب ان حجاز اس ملک کا نام ہے جسمیں مکہ اور مدینہ ہے م
النواس بن سمعان غیر الدجال احوفنی علیکم ان یخرج وانا فیکم
فانا حجیجہ دونکم وان یخرج ولست فیکم فامرء حجیج نفسہ واللہ
خلیفتی علی کل مسلم انہ شاب قطط عینہ طافیۃ کانی اشبہہ
بعبد العزی بن قطن فمن ادرکہ منکم فلیقرأ علیہ فواتح سورۃ الکہف
انہ خارج خلۃ بین الشام والعراق فعاث یمینا وعاث شمالا یا عباد
اللہ فاثبتوا قلنا یا رسول اللہ وما لبثہ فی الارض قال اربعون یوما
یوم کسنۃ ویوم کشہر ویوم کجمعۃ وسائر ایامہ کایامکم قلنا یا
رسول اللہ فذلک الیوم الذی کسنۃ اتکفینا فیہ صلوۃ یوم
قال لا اقدروا لہ قدرہ قلنا یا رسول اللہ وما اسراعہ فی الارض قال
کالغیث استدبرتہ الریح فیاتی علی القوم فیدعوہم فیومنون بہ
ویستجیبون لہ فیامر السماء فتمطر والارض فتنبت فتروح علیہم
سارحتہم اطول ما کانت ذری واسبغہ ضروعا وامدہ خواصر
ثم یاتی القوم فیدعوہم فیردون علیہ قولہ فینصرف عنہم فیصبحون
ممحلین لیس بایدیہم شیء من اموالہم ویمر بالخربۃ فیقول لہا اخرجی

كنوزك فتتبعه كنوزها كيعاسيب النحل ثم يدعو رجلا ممتلئا
شبابا فيضربه بالسيف فيقطعه جزلتين رميه الغرض ثم يدعوه
فيقبل يتهلل وجهه ويضحك فبينما هو كذلك اذ بعث الله
المسيح بن مريم فينزل عند المنارة البيضاء شرقي دمشق بين جهرودتين
واضعا كفيه على اجنحة ملكين اذا طأطأ رأسه قطر واذا رفعه
تحدر منه جمان كاللؤلؤ فلا يحل لكافر يجد ريح نفسه الا مات
ونفسه ينتهي حيث ينتهي طرفه فيطلبه حتى يدركه بباب لد فيقتله
ثم يأتي عيسى بن مريم قوم قد عصمهم الله منه فيمسح عن وجوههم
ويحدثهم بدرجاتهم في الجنة فبينما هو كذلك اذ اوحى الله الى
عيسى اني قد اخرجت عبادا لي لا يدان لاحد بقتالهم فحرز عبادي الى
الطور ويبعث الله يأجوج ومأجوج وهم من كل حدب ينسلون فيمر
اوائلهم على بحيرة طبرية فيشربون ما فيها ويمر آخرهم فيقول لقد كان
بهذه مرة ماء ثم يسيرون حتى ينتهوا الى جبل الخمر وهو جبل بيت المقدس
فيقولون لقد قتلنا من في الارض هلم فلنقتل من في السماء فيرمون
بنشابهم الى السماء فيردها الله نشابهم مخضوبة ويحصر نبي الله عيسى

واصحابه

وَاَصْحَابُهُ حَتّٰى يَكُوْنَ رَاْسُ الثَّوْرِ لِاَحَدِهِمْ خَيْرًا مِنْ مِائَةِ دِيْنَارٍ لِاَحَدِكُمُ
الْيَوْمَ فَيَرْغَبُ نَبِيُّ اللّٰهِ عِيْسٰى وَاَصْحَابُهُ فَيُرْسِلُ اللّٰهُ عَلَيْهِمُ النَّغَفَ
فِيْ رِقَابِهِمْ فَيُصْبِحُوْنَ فَرْسٰى كَمَوْتِ نَفْسٍ وَاحِدَةٍ ثُمَّ يَهْبِطُ نَبِيُّ اللّٰهِ عِيْسٰى وَ
اَصْحَابُهُ اِلَى الْاَرْضِ فَلَا يَجِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ مَوْضِعَ شِبْرٍ اِلَّا مَلَاَهُ زَهَمُهُمْ وَ
نَتْنُهُمْ فَيَرْغَبُ نَبِيُّ اللّٰهِ عِيْسٰى وَاَصْحَابُهُ اِلَى اللّٰهِ فَيُرْسِلُ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ طَيْرًا
كَاَعْنَاقِ الْبُخْتِ فَتَحْمِلُهُمْ فَتَطْرَحُهُمْ حَيْثُ شَاءَ اللّٰهُ ثُمَّ يُرْسِلُ اللّٰهُ مَطَرًا
لَا يُكِنُّ مِنْهُ بَيْتُ مَدَرٍ وَلَا وَبَرٍ فَيَغْسِلُ الْاَرْضَ حَتّٰى يَتْرُكَهَا كَالزَّلَفَةِ
ثُمَّ يُقَالُ لِلْاَرْضِ اَنْبِتِيْ ثَمَرَتَكِ وَرُدِّيْ بَرَكَتَكِ فَيَوْمَئِذٍ تَاْكُلُ الْعِصَابَةُ
مِنَ الرُّمَّانَةِ وَيَسْتَظِلُّوْنَ بِقِحْفِهَا وَيُبَارَكُ فِي الرِّسْلِ حَتّٰى اِنَّ اللِّقْحَةَ مِنَ
الْاِبِلِ لَتَكْفِي الْفِئَامَ مِنَ النَّاسِ وَاللِّقْحَةَ مِنَ الْبَقَرِ لَتَكْفِي الْقَبِيْلَةَ مِنَ النَّاسِ
وَاللِّقْحَةَ مِنَ الْغَنَمِ لَتَكْفِي الْفَخِذَ مِنَ النَّاسِ فَبَيْنَمَا هُمْ كَذٰلِكَ اِذْ بَعَثَ
اللّٰهُ رِيْحًا طَيِّبَةً فَتَاْخُذُهُمْ تَحْتَ اٰبَاطِهِمْ فَتَقْبِضُ رُوْحَ كُلِّ مُؤْمِنٍ
وَكُلِّ مُسْلِمٍ وَتَبْقٰى شِرَارُ النَّاسِ يَتَهَارَجُوْنَ فِيْهَا تَهَارُجَ الْحُمُرِ فَعَلَيْهِمْ تَقُوْمُ
السَّاعَةُ مسلم میں نواس بن سمعان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تمہارے اوپر دجال کے
سوا ئی نے مجھکو ڈرایا ہے یعنی دجال کے سوا ئی مجھکو تمہارے حق میں اور فادون کا خوف

اگر دجال نکلا اور مین تم لوگون مین موجود ہوا تو تم سے پہلے مین اُسکو الزام دونگا اور تم کو
اُسکے شر سے بچا دونگا اور اگر وہ نکلا اور مین تم لوگون مین موجود نہوا تو ہر مرد مسلمان اپنی
طرف سی اُسکو الزام دیگا اور حق تعالیٰ میرا خلیفہ اور نگہبان ہے ہر مسلمان پر بلبتہ دجال
نوجوان کہنکرالے بالون والا ہے اُسکی آنکھ مین ٹہنیٹ ہے گویا کہ اُسکی مشابہت دیتا ہون عبد
العزی بن قطن کے ساتھہ عبد العزی ایک کافر تہا سو جو شخص کہ تم مین سی اُسکو پاوی تو چاہیے
کہ سورہ کہف کی سر کی آیتین اُسپر پڑہے مقرر وہ نکلیگا شام اور عراق کے درمیان کی راہ سے
تو خرابی ڈالیگا داہنے اور نا دُہاویگا باین اے خدا کے بندو ایمان پر ثابت رہیو اصحاب
بولے یا رسول اللہ اور کس قدر اُسکو زمین پر درنگی اور اقامت ہوگی حضرت نے فرمایا چالیس
دن اُن مین سے ایک دن تو سال کے برابر اور دوسرا دن جیسے مہینا اور تیسرا دن جیسے ہفتہ
اور باقی دن جیسے کہ یہ تمہارے دن ہین اصحاب بولے یا رسول اللہ سو وہ دن جو سال کے برابر
ہوگا کیا ہم کو ایک ہی دن کی نماز کفایت کریگی حضرت نے فرمایا کہ نہین تم اندازہ کر لینا اُس
دن مین بقدر اُسکے یعنے جتنی دیر کے بعد ان دنون مین نماز پڑہتے ہو اُس طرح اُس دن بہی
اٹکل کر کے پڑہیو اصحاب بولے یا رسول اللہ اور اُسکے شتاب روی زمین مین کیونکر ہوگی حضرت نے
فرمایا جیسے وہ مینہہ جسکو ہوا پیچھے سے اوڑاتی ہے سو وہ ایک قوم پاس آویگا تو اُنکو
کفر کی طرف بلاویگا سو وہ اُسکا ایمان لاوینگے اور اُسکی بات مانینگے تو آسمان کو

حکم

حکم کریگا سو وہ پانی برسا دیگا اور زمین کو حکم کریگا سو وہ کہاس اور اناج جما دی گی تو شام کو
اُنکے مویشی آوین کے بہ نسبت سابق کے دراز کوہان ہو کر اور کشادہ تہن ہو کر اور کوکہین
خوب تن کر یعنی موٹے تازے ہو جاوینگے پہر دجال دوسری قوم پاس آویگا تو اُنکو کفر کی
طرف بُلاویگا تو وہ اُسکے قول کو اُسپر رد کرین گے یعنی اُسکی بات نہ مانین گے تو اُنکی طرف سے
ہٹ جاویگا تو اُنپر قحط اور خشکی پڑیگی اُن کے ہاتون مین اُنکے مالون مین سے کچھ نہ باقی رہے گا
اور دجال ویران زمین پر نکلے گا تو اُس سے کہیگا کہ ای زمین اپنے خزانے نکال تو وہ اُن کے
مال اور خزانے ظاہر ہو کر اُسکے پاس جمع ہو جاوینگے جیسے شہد کی مکہیان بڑے مکہے کے
گرد ہجوم کرتی ہین پہر دجال ایک جوانمرد کو بلاویگا تو اُسکو تلوار سی مار یگا سو اُسکے قتل کر کے
دو ٹکڑے کر ڈالیگا جیسے نشانہ دو ٹوک ہو جاتا ہے پہر اُسکو زندہ کر کے بلاویگا سو وہ جوان
سامنے آویگا چہرہ دیکہتا ہوا اور ہنستا ہوا دجال اُسی حال مین ہو گا کہ ناگاہ حق تعالی عیسی بن
مریم کو بہیجیگا تو عیسی اُترینگے سفید مینار پاس شہر دمشق کے مشرق کی طرف زرد رنگین
جوڑا پہنے اپنے دونو ہاتہ دو فرشتون کے پرون پر رکہے ہوئے تو جب کہ عیسی اپنا سر جھکاوین گے
تو پسینا ٹپکے گا اور جب کہ اپنا سر اُٹہاوینگے تو موتی سے بوند بہین گے موجب کافر پاوے
عیسی اُترینگے اور اُسکو اُنکے دم کی باس پہونچے گی سو وہ مر جاویگا اور اُنکا دم پہونچیگا جہان تک
اُنکی نظر پہونچیگی پہر عیسی دجال کو تلاش کرین گے یہانتک کہ اُسکو باب لد پاس پاوینگے

لدشام مین ایک پہاڑ کا نام ہے سو اُسکو قتل کرینگے پھر عیسی بن مریم اُن لوگون کے پاس
آوین گے جنکو خدا نے دجال سے بچایا سو شفقت سی اُنکے چہرون کو سہلاوین گے اور اُنکو اُنکے بہشت کے
درجات کی خبر دینگے سو اِسی حال مین ہون گے کہ ناگاہ حق تعالی عیسی کو حکم کریگا کہ مین نے
اپنے ایسے بندے نکالے ہین کہ کسیکو اُنسے لڑنے کی طاقت نہین سو پناہ مین لیجا میرے مسلمان بندونکو
طور کی طرف اور خدا بھیجیگا یاجوج اور ماجوج کو اور وہ ہر ایک بلندی سے نکل پڑین گے تو
اُنکے پہلے لوگ طبرستان کے دریا پر گذرین گے تو پی جاوین گے جتنا پانی کہ اسمین ہوگا اور اُنکے
پچھلے لوگ جب وہان آوین گے تو کہینگے کبھی اس دریا مین ہی پانی تھا پھر چلینگے یہان تک کہ
اُس پہاڑ تک پہنچین گے جہان درختونکی کثرت ہے یعنے بیت المقدس کا پہاڑ تو وہ کہین گے
البتہ ہم زمین والون کو تو قتل کر چکے اور اب آسمان والون کو قتل کرین گے تو اپنے تیرون کو آسمان پر
ماریں گے تو خدا اُنکے تیرون کو خون آلودہ کرکے ڈالے گا اور خدا کا پیغمبر عیسی اور اُنکے اصحاب
گھرے رہین گے یہان تک اُنکے نزدیک بیل کا سر افضل ہوگا سو اشرفی سے آج تمہارے نزدیک
یعنی کہانیکی نہایت تنگی ہوگی پھر خدا کا رسول عیسی اور اُسکے اصحاب دعا کرین گے سو خدا اُن یاجوج
ماجوج پر عذاب بھیجیگا اُنکی گردنون مین کیڑا پیدا ہوگا تو صبح تک سب مر جاوین گے ایک جان کا
سا پھر خدا کا رسول عیسی اور اُسکے اصحاب زمین پر اُتر ینگے تو زمین مین ایک بالشت پر ایسا
جگہہ اُنکی سڑانہد اور کندگی سے خالی نہ پاوین گے یعنے تمام زمین پر اُنکی سڑی لاشین پڑی

ن کی پھر خدا کا رسول عیسیٰ اور اسکے اصحاب خدا سے دعا کرینگے تو حق تعالیٰ یاجوج ماجوج
چڑیان بھیجیگا جیسے بڑے اونٹوں کی گردنین سو وہ انکو اٹھا لیجاوینگے اور انکو پھینک دیونگے
جہان خدا کو منظور ہوگا پھر خدا ایسا پانی برسا دیگا کہ کوئی گھر مٹی کا اور انکا اس پانی سے
باقی نہ رہے گا سو خدا زمین کو دھو ڈالیگا یہان تک کہ زمین کو مثل حوض یا باغ یا صاف
آئینہ کے طرح کر دیگا پھر زمین کو حکم ہوگا کہ اپنے پھل جما اور اپنی برکت پھیر دے تو اس دن ایک
انار کو ایک گروہ کھاویگا اور اسکے چھلکے کو بنکلہ سا بنا کر اسکے سایہ مین مین بیٹھینگے گے
اور دودھ مین برکت ہوگی یہان تک کہ دودھ والی اونٹنی آدمیون کے بڑے گروہ کو کفایت کریگی
اور دودھ والی گائے ایک برادری کے لوگون کو کفایت کریگی اور دودھ والی بکری ایک جدی لوگون کو کفایت
کریگی سو اسی حالت مین لوگ ہونگے کہ یکایک حق تعالیٰ ایک پاک ہوا بھیجیگا کہ انکے بغلونکے
نیچے لگے گی اور اثر کر جاویگی تو ہر مومن اور ہر مسلم کی روح کو قبض کریگی اور برے بدذات
لوگ باقی رہ جاوینگے اسپر بیٹھینگے گدھونکی طرح سو اوپر قیامت قائم ہوگی **ف**
ایک روز حضرت نے دجال کا بہت ذکر کیا اصحاب کو اسکا بہت خوف غالب ہوا حضرت کو
یہہ حال معلوم ہوا تب یہہ حدیث فرمائی اصحاب کو تسکین دی کہ اگر میری زندگی مین دجال
آیا تو مین کفایت کرتا ہون اور نہین تو خدا میرا خلیفہ ہے اہل ایمان کو بچا دیگا پھر اسکی
نشانیان بتلائین اور سورۂ کہف کا پڑھنا ارشاد کیا سورۂ کہف کے شروع کی دس آیتین

دفع شر دجال کی تاثیر ہے پھر دجال کا تمام قصہ اور حضرت عیسیٰ کا نزول اور اسکا
حضرت عیسیٰ کے ہتھی قتل ہونا اسکے بعد یاجوج ماجوج کا نکلنا اور انکی کثرت اور شوکت
پھر انکا مارجانا اور بعد چند کفار بدذات کی وقتیں قیامت کا قائم ہونا ارشاد کیا دجال
اور یاجوج ماجوج کو خدا اتنی طاقت دیگا اہل ایمان کے امتحان کے واسطے کہ کون اسکے داؤں
آتا ہے اور کون ایمان پر ثابت رہتا ہے اہل ایمان کو لازم ہے کہ جب کسی کافر یا خلاف شرع
فقیر سے خرق عادت دیکھے تو اسکا ہرگز اعتقاد نکرے اسکو دجال کا نائب جانے
ایمان اور تقوی پر نظر رکھے شعبدہ بازی پر خیال نکرے کرامات اسکا نام ہے جو ولی یعنی
متقی مومن سے ہو اور جو کافر اور بے دین فاسق سے ہو اسکو استدراج کہتے ہیں ق حُذَيْفَةُ ۲۰۷۹ ق
فِتْنَةُ الرَّجُلِ فِي أَهْلِهِ وَمَالِهِ وَنَفْسِهِ وَوَلَدِهِ وَجَارِهِ يُكَفِّرُهَا الصِّيَامُ
وَالصَّلٰوةُ وَالصَّدَقَةُ فَالْأَمْرُ بِالْمَعْرُوفِ وَالنَّهْيُ عَنِ الْمُنْكَرِ بخاری اور مسلم
میں حذیفہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ قصور مرد کا اسکے گھر والوں کے حق میں اور اسکے
مال اور جان اور لڑکے اور ہمسایہ میں اسکو روزہ اور نماز اور صدقہ اور نیکی بات بتلانے اور برائی سے
روکنا دور کردیتا ہے ف یعنے اگر آدمی سے جان مال جورو لڑکے ہمسایہ کے حق میں کچھ قصور ف
یا اسطافی ہوجاوے تو ان عبادتوں سے معاف ہوجاویگی ه عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو ۲۰۸۰ ه
فِرَاشٌ لِلرَّجُلِ وَفِرَاشٌ لِامْرَأَتِهِ وَالثَّالِثُ لِلضَّيْفِ وَالرَّابِعُ لِلشَّيْطَانِ

مسلم مین عبداللہ بن عمر سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ایک بچھونا مرد کا اور دوسرا
بچھونا اسکی جورو کا اور تیسرا بچھونا مہمان کا اور چوتھا بچھونا شیطان کا ف یعنی
حاجت سے زیادہ فرش رکھنا نام اور فخر کو شیطانی کام ہے اور اگر مہمانون کے واسطے چار پایا سے
زیادہ فرش رکھے تو درست ہے منع وہی ہے جو بی حاجت ہو ۲۰۸۱ م ابو موسیٰ و انس فضل
عائشۃ علی النساء کفضل الثرید علی سائر الطعام سلم مین ابو موسیٰ اور انس سے
روایت ہے کہ حضرت نے کہ عائشہ کی فضیلت عورتون پر جیسے ثرید کی فضیلت باقی کھانون پر
ف ثرید اُس کھانے کو کہتی ہین کہ روٹیکو شوربے مین بھگوا یا ہو عرب کو یہہ کھانا نہایت پسند تھا
سب کھانون سے زیادہ حضرت عائشہ نے علم و ادب حضرت سے بسبب اور عورتون کے زیادہ
سیکھے تھے اِس واسطے اُنکی فضیلت حضرت نے بیان فرمائی ۲۰۸۲ م جابر فکلکم مغفور
الا صاحب الجمل الاحمر فاتہ علی ثنیۃ المراد سلم مین جابر سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
سوائے مین سے ہر ایک شخص بخشا گیا مگر سرخ اونٹ والا یہہ حضرت نے ثنیۃ المراد پر فرمایا ف ثنیۃ المراد
ایک ٹیلا تھا حضرت نے فرمایا جو سر پر چڑھ جاوی اسکا گناہ بخشا جاوی سب اصحاب سر پر چڑھ گئے
ایک گنوار نہ چڑھا اپنا سرخ اونٹ تلاش کیا کیا اور اُسنی کہا کہ اونٹ کا ملنا میرے نزدیک مغفرت سے
زیادہ پیارا ہے تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی معلوم ہوا کہ دنیا کی محبت آخرت کو بگاڑتی ہے
ق ابو ھریرۃ فی الحبۃ السوداء شفاء من کل داء الا السام بخاری اور مسلم مین ۲۰۸۳

ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ کلونجی مین ہر بیماری کی دوا ہے سوای موت کے ف
یعنی سب سرد بیماریون کی کلونجی دوا ہے باقی اسکی تفصیل ساتوین باب مین گذری ق ابو ہریرہ ۲۰۸۴ ق
فِیْ کُلِّ کَبِدٍ حَرَّی اَجْرٌ بخاری اور مسلم مین ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ہر تشنہ
جگر کے پانی پلانے مین ثواب ہے ف سراقہ بن مالک نے پوچھا کہ یا حضرت اگر کسی کا بیولا جانور
میرے حوض پر آوے اور مین اسکو پانی پلاؤن مجھکو اسمین ثواب ہوگا تب حضرت نے یہ حدیث فرمائی
معلوم ہوا کہ ہر جاندار کے احسان مین ثواب ہے آدمی ہو یا جانور مسلمان ہو یا کافر م جابر ۲۰۸۵ م
فِیْ کُلِّ سَائِمَۃٍ اَلْاَرْبَعِیْنَ اَلْعَیْمُ اَلْعُشُوْرُ وَفِیْمَا سُقِیَ بِالسَّانِیَۃِ نِصْفُ اَلْعُشْرِ مسلم مین
جابر رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جس کھیت کو دریا اور بدلی سینچے اسمین دسوان حصہ زکوۃ ہے
اور جو کھیت اونٹون پر پانی لاد کر سینچا جاوے اسمین بیسوان حصہ زکوۃ ہے ف جسمین کم محنت
تھی اسکی زکوۃ زیادہ مقرر ہوئی اور جسمین محنت زیادہ تھی اسکی کم زکوۃ مقرر ہوئی حکمت اسکا نام ہے
م جابر قَاتَلَ اللّٰہُ الْیَھُوْدَ اتَّخَذُوْا قُبُوْرَ اَنْبِیَاءِھِمْ مَسَاجِدَ مسلم مین جابر رضہ سے ۲۰۸۶ م
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ لعنت کرے خدا یہود یون پر انہون نے اپنے پیغمبرون کی قبرون کو مسجد
ٹھہرایا ف اسمین اشارہ ہے کہ امت محمدی ایسا نکرے ق اَنَسٌ قَدْ رُحْتُ حَوْضِیْ کَمَا بَیْنَ
اَیْلَۃَ وَصَنْعَاءَ مِنَ الْیَمَنِ وَاِنَّ فِیْہِ مِنَ الْاَبَارِیْقِ کَعَدَدِ نُجُوْمِ السَّمَاءِ بخاری اور
مسلم مین انس رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ میرے حوض کوثر کا اندازہ اتنا ہے جتنا فرق ہے

ایلہ اور یمن کے صنعا ہیں اور بالبتہ اُسمیں آنجورے ہیں اسکے تاروں کے شمار برابر ف ایلہ شام
ہیں ایک بستی کا نام ہے اور صنعا یمن کا بڑا مشہور شہر ہے ق ابوھریرۃ قریش والانصار ق ۳۰۸۷
وجھینۃ ومزینۃ واسلم واشجع وغفار موالی لیس لھم مولی دون اللہ ورسولہ
بخاری اور مسلم ہیں ابوہریرہ رضی سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ قریش اور انصار اور
جہینہ اور مزینہ اور اسلم اور غفار میرے دوست ہیں اور مددگار ہیں انکا کوئی مددگار نہیں سوای خدا
اور رسول کے ف یہہ قوم حضرت کا ایمان لائے اور حضرت پر جان نثار رہے اسواسطے حضرت نے
انکی فضیلت بیان کی خ ابن عباس کانی بہ اسود افج یقلعھا حجرا حجرا بخاری ہیں ۳۰۸۸
عبداللہ بن عباس سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ گویا کہ میں اُس کعبہ ڈھانے والے سیاہ پنڈلے کو دیکھتا ہوں ح
کہ اسکے پتھر پتھر کو اکھاڑتا ہے ف قیامت کی قریب ایک حبشی کے ہاتھ سے کعبہ منہدم ہوگا ۳۰۸۹
عقبۃ بن عامر کفارۃ النذر کفارۃ الیمین مسلم ہیں عقبہ بن عامر سے روایت ہے کہ حضرت نے م
فرمایا کہ نذر کا کفارہ وہی ہے جو قسم کا کفارہ ہے ف یعنے اگر نذر ادا کی ہو تو قسم کا کفارہ
دیوی قسم کا کفارہ یہہ ہے کہ دس محتاجوں کو دونوں وقت کھانا کھلا دی یا لباس دیوی یا
غلام آزاد کری اور اگر مقدور نہو تو تین روزے رکھے ق عبدالرحمن بن عوف کلاھما ق ۳۰۹۰
قتلہ یعنی ابا جھل لمعاذ بن عمرو بن الجموح ومعاذ بن عفراء بخاری اور
مسلم ہیں عبدالرحمن بن عوف سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تم دونوں نے اسکو قتل کیا

یعنی ابوجہل کو یہ حضرت نے معاذ بن عمرو بن جموح اور معاذ بن عفرا سے فرمایا **ف** ان
دونون نی حضرت کو خبر دی کہ ہمنی ابوجہل کو مارا حضرت نے دونونکی تلوارین کو خون آلودہ دیکھکر
یہ حدیث فرمائی **ق** ابوھریرۃ کلا والذی نفس محمد بیدہ ان الشملۃ
لتلتہب علیہ نارا اخذھا من الغنائم یوم خیبر لم تصبھا المقاسم
**ق** لعبد لہ اسمہ رفاعۃ ویقال لہ مدعم قتل بوادی القری
مقفلہ من خیبر بخاری اور مسلم بن ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ یون نہین اسکی
قسم جسکے قابو مین محمد کی جان ہے کہ مقرر کملی تو اسکے بدن پر بھڑک رہی ہے آگ سے اسنے
کملی کو جنگ خیبر مین تقسیم ہونے سے پہلے لے لیا تہا یہ حضرت نی اپنے غلام کے حقین فرمایا
جسکا رفاعہ نام تہا اور لقب اسکا مدعم تہا وہ قتل ہوا تہا وادی القری مین خیبر سے پلٹتے
وادی القری یہود یونکی ایک بستی کا نام تہا جب خیبر فتح کرکے حضرت کا لشکر وہان پہنچا
تو حضرت کے غلام یعنی مدعم کے تیر لگا وہ مرگیا اصحاب نے اسکی تعریف کی کہ اسکو شہادت نصیب ہوئی
تب حضرت نے یہ حدیث فرمائی یعنی شہادت کہان وہ غنیمت کی چوڑی سے دوزخ مین جل
رہی ہے جب لوگون نی یہ سنا تو بہت گہبرائے ایکدن نے چمڑے کا تسمہ لیا تہا وہ حضرت کے
پاس لایا حضرت نے فرمایا آگ کا تسمہ ہے یعنی اگر تو نہ دیتا تو آگ ہوکر یہ تسمہ تجھکو جلاتا **م** جابر
بن سمرۃ کم من غدق معلق او مدلی ویروی مذلل فی الجنۃ لابی

اللہ حداج مسلم مین جابر سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ بہتیرے خرمی کے گچھے لٹک رہے ہا
جھک رہے ہین ابو حداج کے واسطے اور دوسری روایت یون ہے کہ بہشتین گچھے ایسے جھک رہے ہین
کہ انکا توڑنا نہایت آسان ہے ف ایک یتیم اور ابولبابہ ایک خرمیکے درخت مین جھگڑا اٹھا یتیم
رونے لگا حضرت نی ابولبابہ سی فرمایا اگر تو اسکو درخت دیدے تو بہشتین اسکے عوض خرمیکے گچھے پاوے
ابولبابہ نی درخت نہ دیا ابو حداج نی وہ درخت ابولبابہ سے مول لیکر اس یتیم کو دیا جب ابو حداج
مرگئے حضرت نی انکے جنازہ کی نماز پڑہی کے یہہ حدیث فرمائی اس حدیث مین اشارہ ہے کہ یتیم سے
سلوک اور احسان کرنا خدا کو نہایت پسند ہے خ ابوذر کیف انت اذا کانت علیک
امراء یمیتون الصلوٰۃ او قال یؤخرون الصلوٰۃ عن وقتها قلت فما تامرنی
قال صل الصلوٰۃ لوقتها فان ادرکتها معهم فصل فانها لک نافلۃ لہ
بخاری مین ابوذر سی روایت ہے کہ حضرت نی مجھسے فرمایا کہ تو کیا کریگا اسوقت جب کہ تجھپر ایسے
حاکم ہونگے جو نماز کو مار ڈالینگے یا یون فرمایا کہ نماز کو مستحب وقت سے تاخیر کرینگے یعنے مکروہ وقتمین
پڑہینگے مین نی کہا اسوقت مین مجھکو آپ کیا حکم کرتے ہین حضرت نی فرمایا تو نماز کو مستحب وقت مین
پڑہ لیا لیجو پہر اگر تو جماعت کی نماز انکے ساتہ پاوی تو انکے ساتہ بہی پڑہ لیجو کہ یہہ دوسری نماز
تیری حق مین نفل ہو جاویگی یہہ حضرت نی ابوذر سے فرمایا ف اسلام مین نماز کی سنتی اول
سلطنت مروانیہ سے شروع ہوئی خ او ابن عمر عبداللہ بن عمر وکیف انت یا عبداللہ

۲۰۹۴ ع

۲۰۹۵ خ

بْنُ عَمْرٍو اِذَا بَقِيَتْ فِي حُثَالَةٍ مِنَ النَّاسِ قَدْ مَرِجَتْ عُهُودُهُمْ وَاَمَانَاتُهُمْ
وَاخْتَلَفُوا فَصَارُوا هٰكَذَا وَشَبَّكَ اَصَابِعَهُ قَالَ فَكَيْفَ اَصْنَعُ يَا رَسُولَ
اللّٰهِ قَالَ تَاْخُذُ مَا تَعْرِفُ وَتَدَعُ مَا تُنْكِرُ وَتُقْبِلُ عَلٰى خَاصَّتِكَ وَتَذَرُ عَوَامَّهُمْ
عَوَامَّهُمْ بخاری میں عبداللہ بن عمر یا عبداللہ بن عمرو سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اے
عبداللہ بن عمرو تو کیا کریگا جب کہ تو باقی رہ جاویگا کوڑا ناقص لوگوں میں جنکے عہد و پیمان اور
امانت داریاں بگڑ جاوینگی اور اُنمیں پھوٹ پڑ جاویگی تو وہ لوگ اِس طرح ہو جاوینگے اور حضرت نے
اُنکے اختلاف کی مثال دی اپنے دونو ہاتھوں کی انگلیاں قینچی کرکے عبداللہ بن عمرو نے کہا سو اسوقت
میں یا رسول اللہ میں کیا کروں حضرت نے فرمایا جو تیری ذات میں اچھی بات ہو اُسکو لیجیو اور بری کو چھوڑ دیجیو
اور خاص اپنے حال پر متوجہ ہونا اور لوگوں کو اُنکے حالات پر چھوڑنا ف یعنی جب زمانہ بگڑ جاوے اور بیدینی کے
سبب لوگوں میں اختلاف پڑے اور ہر شخص اپنی عقل پر مغرور ہو تو ایسی وقت میں دیندار کو لازم ہے
کہ اپنی اصلاح اور درستی پر کمر باندھے اور عوام سے جدا رہے ۲۰۹۶ ف عُمَرُ كَيْفَ بِكَ اِذَا اُخْرِجْتَ مِنْ
خَيْبَرَ بَعْدَ وُبَيْكَ فَلُوصُكَ لَيْلَةً بَعْدَ لَيْلَةٍ فَاَلَمَّ اَحَدٌ بَنِي اَبِي الْحُقَيْقِ مِنْ يَهُودِ
خَيْبَرَ فَاَجْلَاهُمْ عُمَرُ اِلٰى تَيْمَاءَ وَاَرِيحَاءَ مسلم میں عمر فاروق رضی سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ کیسا
تیرا حال ہوگا جسوقت تو خیبر سے نکالا جاویگا تجھکو لے ڈوریکی تیری اونٹنی راتوں کو یعنی سوار
ہو کر سفر کریگا یہ حضرت نے از حقیق یہود کے کسی بیٹے سے فرمایا پھر عمر فاروق نے اُنکو تیما اور اریحا کی

ف

طرف نکال دیا ف خیبر مین یہود ی رہتے تھے جب خیبر فتح ہوا تو حضرت نی وہان کے
یہودیون کو بطریق محنت مزدوری کے رہنے دیا عمر فاروق نی اپنی خلافت مین چاہا کہ انکو خیبر سے بدر کرین
یہودیون نی کہا تم ہمکو کیون کر نکالوگے حالانکہ تمہارے پیغمبر نے ہمکو یہان قائم رکھا تب عمر فاروق نی
یہہ حدیث پڑھی یعنی حضرت نے اس حدیث مین تمہارے نکالنے کا اشارہ کیا ہے یہود نی کہا کہ ابوالقاسم
نی یہہ کلام ٹھٹھے کی راہ سے کہا فاروق نی کہا ای دشمن خدا کے تو جھوٹا ہے یعنی ٹھٹھا کرنا پیغمبرون کی
شان نہین پھر انکو شام کی طرف نکال دیا اُن بستیون مین جاکر بسے جنکا تیما اور اریحا نام ہے م ۳۰۹۷ م
عُقْبَةُ بْنُ الْحَارِثِ كَيْفَ وَقَدْ زَعَمَتْ اَنْ قَدْ اَرْضَعَتْكُمَا وَرُوِيَ كَيْفَ وَقَدْ
قِيلَ دَعْهَا عَنْكَ قَالَ لَهُ حِينَ تَزَوَّجَ اُمَّ يَحْيَى بِنْتَ اَبِي اِهَابِ بْنِ عَزِيزٍ فَجَاءَتِ
اِمْرَاَةٌ سَوْدَاءُ فَقَالَتْ قَدْ اَرْضَعْتُكُمَا ہم مین عقبہ بن حارث سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ یہہ
کیون کر ہوگا اور حالانکہ وہ کہتی ہے کہ مین نی تم دونون کو دودہ پلایا اور دوسری روایت یون ہے
کہ یہہ کیونکر ہوگا اور حالانکہ شیر خوار کی کی گفتگو ہوئی اس عورت کو اپنے نکاح سے چھوڑ دی یہہ حضرت نے
عقبہ سے فرمایا جب کہ اسنی ام یحیی ابی اہاب بن عزیز کی بیٹی سے نکاح کیا پھر ایک سیاہ عورت آئی
اُسنے کہا کہ مین نی تم دونون جورو خاوند کو دودہ پلایا تھا ف جب اُس عورت نی یہہ کہا تو عقبہ نے
کہا کہ مجکو معلوم نہین کہ مین نے تیرا دودہ پیا ہو پھر اپنی جورو کے لوگون سے پوچھا اُنہون نی بھی انکار کی
پھر عقبہ نی حضرت سے کہا تب حضرت نی یہہ حدیث فرمائی امام مالک کا یہی مذہب ہے کہ فقط ایک

عورت کے قول سے رضاعت یعنی شیر خوار کی ثابت ہو جاتی ہے لیکن اور امامون کے مذہب مین
ایک عورت کے قول کا کچھ اعتبار نہین یا دو مرد کہین یا ایک مرد اور دو عورتین تو انکے نزدیک
ق ۲۰۹۸ اس حدیث کا یہ مطلب ہے کہ حضرت نے یہ حکم ازراہ احتیاط اور تقوی فرمایا نہ ازراہ فتوی ق اَنَسٌ
کَیْفَ یُفْلِحُ قَوْمٌ شَجُّوْا نَبِیَّھُمْ وَکَسَرُوْا رَبَاعِیَتَہٗ وَھُوَ یَدْعُوْھُمْ قل یَوْمَ اُحُدٍ
عَلَّقَہُ الْبُخَارِیُّ وَاَسْنَدَہٗ مُسْلِمٌ بخاری اور مسلم مین انس سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کیونکر
بھلا ہو گا اُس قوم کا جنہون نے اپنے پیغمبر کا سر زخمی کیا اور دانت توڑا ا وحالانکہ وہ اُنکو ٹھیک
راہ پر بلاتا ہے یہ حضرت نے جنگ احد مین فرمایا بخاری نے اس حدیث کی سند نہین مذکور کی اور مسلم نے
ق ۲۰۹۹ پوری سند بیان کی ق اِبْنُ مَسْعُوْدٍ وَاَنَسٌ لِکُلِّ غَادِرٍ لِوَاءٌ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ بِقَدْرِ
غَدْرِہٖ بخاری اور مسلم عبداللہ بن مسعود اور انس سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ قیامت کے دن
ہر عہد شکن دغاباز کا ایک جھنڈا ہو گا بقدر اُسکی دغابازی کے ف یہ ہوسکتا ہے کہ وہ فضیحت
م ہو م اِبْنُ عَبَّاسٍ اِذَا الصَّلٰوۃُ وَیُرْوٰی اِذَا صَلَّیْتُ فَاَتَوَضَّاَ وَیُرْوٰی اُرِیْدُ اَنْ اُصَلِّیَ
فَاَتَوَضَّاَ قل فَاِنِّیْ حِیْنَ خَرَجْتُ مِنَ الْخَلَاءِ فَاُتِیْتُ بِطَعَامٍ فَقِیْلَ اَلَا تَتَوَضَّاُ مسلم بن عبداللہ
بن عباس سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ کیون وضو کرون کہا نماز کے واسطے اور ایک روایت
کہون واسطے کہا مجھکو نماز پڑھنا ہے جو وضو کرون اور دوسری روایت یون ہے کہ کہا مین نماز کا ارادہ
کرتا ہون جو وضو کرون یہ حضرت نے اُس وقت فرمایا کہ آپ پاخانے سے نکلے تو آپ کے آگے کھانا

رکھا

رکھا گیا سو لوگوں نے کہا کہ آپ وضو نہیں کرتے ف پورا قصہ یوں ہے کہ پھر حضرت نے کہا یا اور
ہانڈی میں پانی نہ لکایا اس حدیث سے معلوم ہوا کہ وضو کرنا نماز کے واسطے واجب ہے کہا نیکے واسطے واجب
نہیں ہر چند کہنے سننے پینے کا پانی وضو ہونا مستحب ہے لیکن حضرت نے اس واسطے پانی نہ ہونے تاکہ لوگوں کو
معلوم ہو جاوے کہ اگر پانی پاک ہوں تو وضو واجب نہیں ق ۲۱۰۱ ابن عباس لم یکن لھم یوم مدین
حب ولو کان لھم لدعالھم فیہ یعنی لاھل مکۃ حین دعالھم ابراھیم علیہ السلام
بخاری اور مسلم میں عبداللہ بن عباس سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مکہ والوں پاس اس زمانہ میں اناج
نہ تھا اور اگر اناج ہوتا تو ابراہیم نے انکے واسطے اناج میں بھی دعا مانگتے ف حضرت ابراہیم نے مکہ والوں
واسطے کثرت میوہ جات کی دعا کی اسوقت وہاں زراعت نہ تھی اگر ہوتی تو اسکی بھی دعا کرتے
ق ۲۱۰۲ عائشۃ لیت رجلا صالحا من اصحابی یحرسنی اللیلۃ بخاری اور مسلم میں حضرت
عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ کاش کوئی نیکدل میرے اصحاب سے آج کی رات میری نگہبانی کرے
ف پھر حضرت نے لیلۃ التعریس میں فرمایا پھر سعد بن ابی وقاص ہتھیار باندھکے آئے حضرت نے پوچھا
تو کون آیا ہے سعد نے کہا کہ یارسول اللہ میں آپکے محافظت کی واسطے آیا ہوں پھر حضرت نے انکے حق میں
دعا خیر کی معلوم ہوا کہ محافظت اور نگہبانی کرنا توکل کے مخالف نہیں م ۲۱۰۳ ابو قتادۃ متی
کان ھذا مسیرک منی قال لا بی قتادۃ سحر لیلۃ التعریس حین دعمر ثالثۃ مسلم میں
ابو قتادہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ کب سے یہ تیری چال میری ساتھ ہے حضرت نے ابو قتادہ سے لیلۃ التعریس

فجر کو فرمایا جب کہ اُسنے تیسرے بار حضرت کو تہام لیا ف حضرت رات بہر کی منزل اُنکے غلبے سے
جھپکنے لگے ابو قتادہ نی تین بار حضرت کو تہام لیا تیسری بار حضرت جاگ پڑے تب یہہ حدیث فرمائی
جب کہ ابو قتادہ سی یہہ حال معلوم ہوا تو حضرتنے ابو قتادہ کے حق مین یون دعا کی کہ خدا تیری محافظت
کرے جیسی تونے اپنے پیغمبر کی محافظت کی ق ابْنُ عَبَّاسٍ مَرْحَبًا بِالْقَوْمِ اَوْ بِالْوَفْدِ ۲۱۰۴ ق
غَيْرَ خَزَايَا وَلَا نَدَامَى ق ق وَفْدِ عَبْدِ الْقَيْسِ حِيْنَ قَالَ لَهُمْ مِنَ الْقَوْمُ اَوْ مِنَ
الْوَفْدُ قَالُوْا رَبِيْعَةُ بخاری اور مسلمین عبداللہ بن عباس سے روایت ہے کہ حضرتنے فرمایا کہ خوشا بحال قوم یا یون فرمایا
خوشا بحال ایلچیان نہ ذلیل ہوئین نہ شرمندہ یہہ حضرتنے عبدالقیس کے ایلچیون سے فرمایا جب کہ اُنسے
پوچھا کہ تم کون قوم یا کون ایلچی ہو تو اُنہون نی جواب دیا کہ ہم ربیعہ کے قوم سے ہین ف عبدالقیس
ربیعہ کی قوم سے گروہ کا نام ہے جب وہ حضرت کی خدمت مین مسلمان ہونے کو آئے تب حضرتنے
یہہ حدیث سنا کر اُنکی توقیر کی ق ابُوْ قَتَادَةَ الْحَارِثُ بْنُ رِبْعِيٍّ مُسْتَرِيْحٌ وَمُسْتَرَاحٌ ۱۰۵ ق
مِنْهُ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا الْمُسْتَرِيْحُ وَالْمُسْتَرَاحُ مِنْهُ فَقَالَ الْعَبْدُ الْمُؤْمِنُ ،،
يَسْتَرِيْحُ مِنْ نَصَبِ الدُّنْيَا وَالْعَبْدُ الْفَاجِرُ يَسْتَرِيْحُ مِنْهُ الْعِبَادُ وَالْبِلَادُ وَالشَّجَرُ
وَالدَّوَابُّ بخاری اور مسلم مین ابو قتادہ سے جنکا حارث بن ربعی نام ہے روایت ہے کہ حضرتنے
فرمایا کہ یہہ مردہ آرام پانے والا ہے یا آرام دینے والا اصحابنے کہا یا رسول اللہ آرام پانیوالا اور آرام
دینے والا کیسا تو حضرتنے فرمایا کہ ایماندار بندہ دنیا کے رنج اور مصیبت سے آرام پاتا ہے اور ظالم فاسق

نبد ویسے آدمی اور بستیاں اور درخت اور جانور آرام پاتے ہین ف حضرت کے سامنی ایک
جنازہ نکلا تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنی مومن متقی کے حق مین دُنیا قید خانہ ہے جہان وہ
مرگیا عذاب سے چھوٹا انجان اور عبادت کی برکت سے قبر ہی سے بہشت کی لذت کا نمونہ پانے لگا
اور ظالم فاسق بے قید ہوتا ہے ہر ایک مخلوق کو ناحق تکلیف دیتا ہے تو اسکے موت سے عالم کو
آرام ہے ق ۲۱۰۶ ابُوْهُرَيْرَةَ مَطْلُ الْغَنِيِّ ظُلْمٌ وَاِذَا اُتْبِعَ اَحَدُكُمْ عَلٰى مَلِئٍ فَلْيَتْبَعْ
بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ مالدار کا ٹالنا ستم ہے اور جب قرضدار
تمہارا قرض کو کسی مالدار پر اُتارے تو مان لینا چاہئے ف یعنی مالدار ہو کر قرض نہ ادا کرے اور ٹالے
تو بڑا ستم ہے اور اگر محتاج قرضدار کسے مالدار سے اپنا قرض ادا دی تو لازم ہے کہ مان لیوی
زیادہ تنگ نہ کری م ۲۱۰۷ جَابِرٍ مُعَاذَ اللّٰهِ اَنْ يَتَحَدَّثَ النَّاسُ اَنِّيْ اَقْتُلُ اَصْحَابِيْ اِنَّ هٰذَا
وَاَصْحَابَهُ يَقْرَءُوْنَ الْقُرْاٰنَ لَا يُجَاوِزُ حَنَاجِرَهُمْ يَمْرُقُوْنَ مِنَ الدِّيْنِ كَمَا يَمْرُقُ السَّهْمُ
مِنَ الرَّمِيَّةِ مسلم مین جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ خدا کی پناہ مانگتا ہون اِسسے
کہ لوگ یہہ چرچا کرین کہ مین اپنے ساتھیون کو قتل کرتا ہون البتہ یہہ شخص اور اسکے ساتھی قرآن
پڑھتے ہین کہ انکے نرخروں سے نیچے نہین اُترتا یعنی قرآن کی دل مین تاثیر نہین ہوتی یہہ لوگ دین سے
نکلے جیسے تیر جانور سے پار ہو جاتا ہے ف ذی الخویصرہ ایک منافق تھا اُسنے حضرت سے کہا کہ آپ
انصاف سے نہین تقسیم کرتے حضرت نے فرمایا کہ اگر مین نہ انصاف سے کرونگا تو کون کریگا عمر فاروق نے

کہا یا حضرت اگر حکم ہو تو بین اس منافق کو مار ڈالون تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنے
ہرچند یہہ بے دین لائق قتل کے ہے لیکن اسمین بدنامی ہوگی کہ پیغمبر اپنے ساتھیون کو قتل کرتا ہے
تو لوگ ملاقات سے وحشت کرینگے اسلام سے محروم رہینگے معلوم ہوا کہ حاکم کو مصلحت کا لحاظ
ہی ضرور ہے بعضے جگہہ ٹال جانا چاہئے م سَلْمَانُ بْنُ عَامِرِنِ الضَّبِّيُّ مَعَ الْغُلَامِ عَقِيقَتُهُ ۲۱۰۸ م
فَاهْرِيقُوا عَنْهُ دَمًا وَامِيطُوا عَنْهُ الْأَذَى مسلم مین سلمان بن عامر سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ لڑکا پیدا ہو نیکے ساتھہ اسکا عقیقہ سنت ہے تو بہاؤ اسکے عوض خون اور دور
کر اس لڑکے سے تکلیف اور نجاست کو یعنی سر کے بال مونڈو اور غسل و ف جب لڑکا پیدا
ہو تو ساتوین دن عقیقہ کرے لڑکا ہو تو دو بکریان اور لڑکی ہو تو ایک بکری ذبح کرے
م كَعْبُ بْنُ عُجْرَةَ مُعَقِّبَاتٌ لَا يَخِيبُ قَائِلُهُنَّ أَوْ فَاعِلُهُنَّ دُبُرَ كُلِّ صَلٰوةٍ ۲۱۰۹ م
ثَلٰثٌ وَثَلٰثُونَ تَسْبِيحَةً وَثَلٰثٌ وَثَلٰثُونَ تَحْمِيدَةً وَأَرْبَعٌ وَثَلٰثُونَ تَكْبِيرَةً
مسلم مین کعب بن عجرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ذکر کے چند الفاظ ہین کہ ہر نماز کے بعد
آتے ہین انکا کہنے والا یا کرنیوالا نقصان نہین پاتا وہ الفاظ یہہ ہین تینتیس ۳۳ بار سبحان اللہ
اور تینتیس ۳۳ بار الحمد للہ اور چونتیس ۳۴ بار اللہ اکبر خ الْمِسْوَرُ بْنُ مَخْرَمَةَ مَعِي مَنْ تَرَوْنَ وَأَحَبُّ ۲۱۱۰ خ
الْحَدِيثِ إِلَيَّ أَصْدَقُهُ فَاخْتَارُوا إِحْدَى الطَّائِفَتَيْنِ إِمَّا الْمَالَ وَإِمَّا السَّبْيَ
وَقَدْ كُنْتُ اسْتَأْنَيْتُ بِهِمْ ق وَكَانَ وَفْدُ هَوَازِنَ حِينَ جَاءُوهُ مُسْلِمِينَ فَسَأَلُوهُ أَنْ

یرد الیھم اموالھم وسبیھم بخاری مین مسور بن مخرمہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ میرے
ساتھہ کے لشکر تم دیکھتے ہو اور میری نزدیک سچی بات پسند ہے سو تم دو باتون سی ایک بات اختیار کرو
یا مال لو یا جورو لڑکے اور مین نے تمہاری انتظاری کی تھی یہہ حضرت نے ہوازن کے ایلچیون سے فرمایا جب کہ
وہ حضرت پاس مسلمان ہو کر آئے پھر انہون نے یہہ سوال کیا کہ حضرت ہمارے مال اور جورو لڑکے پھیر
دین ف جنگ حنین مین ہوازن کی قوم پر فتح ہوئی انکے جورو لڑکے گرفتار ہوئے اول حضرت نے
انکی انتظار کی کہ اگر مسلمان ہو دین تو انکے مال اور آدمیون کو پھیر دیون جب انکے آنے مین دیر ہوئی
تب حضرت نے انکے مال اور آدمی اور لشکر کو تقسیم کر دئے بعد اسکے وہ لوگ مسلمان ہو کر آئے اور اپنے
مال اور آدمی مانگنے لگے تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی پھر انہون نے مال چھوڑا اپنے آدمی لینا اختیار
کیا حضرت نے لشکر کو راضی کر کے انکے جورو لڑکے پھیر دئے خ ابن عمر مفاتیح الغیب
خمس لا یعلمھا الا اللہ لا یعلم احد ما یکون فی غد الا اللہ ولا یعلم احد
ما یکون فی الارحام ولا تعلم نفس ماذا تکسب غدا وما تدری نفس بای
ارض تموت وما یدری احد متی یجیئ المطر بخاری مین عبداللہ بن عمر سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ کنجیان غیب کی پانچ ہین انکو کوئی نہین جانتا سوائے خدا کے کوئی نہین جانتا
کہ کل کیا ہوگا سوائے خدا کے اور کوئی نہین جانتا کہ عورت کے پیٹ مین کیا ہے لڑکی یا لڑکا اور کوئی جی
نہین جانتا کہ کل کیا کریگا اور کوئی جی نہین جانتا کہ کس زمین پر مرے گا اور کوئی نہین جانتا کہ مینہ

خ ۱۱۱۳

علم غیب خاص خدا کے ساتھ ہے اور دعوے شیطان کے

ف یعنی غیب کی بات بالیقین سوائے خدا کے کوئی نہیں جانتا غیب کا دروازہ سارے عالم بند ہے اسکی کنجی کسی کے پاس نہیں کہ کھولے جب ہے جبلئے تردد دریافت کرے پیغمبروں کو وحی سے اور اولیا کو الہام سے علم حاصل ہوتا ہے لیکن یہہ غیب دانی نہیں خدا کے بتلانے سے معلوم ہوتا ہے علاوہ اسکے وحی اور الہام ہر وقت قابو میں نہیں کہ جب چاہیں دریافت کرلیں نجوم اور رمل اور جفر میں یقین نہیں حاصل ہوتا صرف حساب اور اٹکل ہے ہزار بار مخالف ہوتا ہے کبھی موافق بھی پڑجاتا ہے اور ہر چند علم طب میں حاملہ عورت کی علامات لکھیں ہیں کہ پیٹ میں لڑکی ہے یا لڑکا پھر جب علامات اور قرائن پر مدار ٹھہرا تو غیب دانی نہ ہوئی علاوہ اسکے اکثر خطا بھی ہوتی ہے اور یہہ تو کبھی نہیں معلوم ہوتا کہ لڑکا گورا ہے یا کالا اسکے سب اعضا درست ہیں یا ناقص خلاصہ یہہ کہ علم غیب خدا کو مخصوص ہے بالیقین بے تردد کسی کو نہیں معلوم ہوسکتا اور یہی عقیدہ ہے اہل اسلام کا جسکے اس اعتقاد میں خلل ہے بالیقین اسکے ایمان میں خلل ہے م ۲۱۱۲ اَبُوْ هُرَيْرَةَ مِنْ اَشَدِّ اُمَّتِيْ لِيْ حُبًّا نَاسٌ يَكُوْنُوْنَ بَعْدِيْ يَوَدُّ اَحَدُهُمْ لَوْ رَاٰنِيْ بِاَهْلِهٖ وَمَالِهٖ مسلم میں ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ میری امت سے زیادہ تر میری محبت میں وہ لوگ ہیں جو میرے بعد ہوں گے کوئی ان میں سے چاہیگا کہ کاش مجھکو دیکھتا اپنے اہل و عیال اور مال کے بدلے یعنی حضرت کی تمنای دیدار میں اپنے اہل و عیال اور مال فدا کرنے کا آرزومند ہوگا شعر جب احمد سے سراپا ایمان جان و مال اسکے جملک پر قربان ق ۲۱۱۳ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ وَمِنَ الْكَبَائِرِ شَتْمُ الرَّجُلِ وَالِدَيْهِ

قالوا

قَالُوا يَا رَسُولَ اللّٰهِ وَهَلْ يَشْتِمُ الرَّجُلُ وَالِدَيْهِ قَالَ نَعَمْ يَسُبُّ أَبَا الرَّجُلِ
فَيَسُبُّ أَبَاهُ وَيَسُبُّ أُمَّهُ فَيَسُبُّ أُمَّهُ بخاری اور مسلم مین عبداللہ بن عمرو سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا ماں باپ کو گالی دینا بڑے گناہون سے یہہ گناہ ہے صحابی نے کہا یا رسول اللہ کوئی مرد اپنے ماں باپ کو بھی
گالی دیتا ہے حضرت نے فرمایا ہان یہہ گالی دیتا ہے کسی اور مرد کے باپ کو تو وہ اسکے باپ کو گالی دیتا ہے اور
یہہ اور کسیکی ماں کو گالی دیتا ہے تو وہ اسکی ماں کو گالی دیتا ہے ف یعنے جب کسی کے ماں باپ کو گالی دی
تو وہ بھی اسکے ماں باپ کو گالی دیگا تو حقیقت مین اپنے ماں باپ کے گالی دلانے کا بھی باعث ہوا م ٢١١٤

م أَبُو هُرَيْرَةَ مِنْ خَيْرِ مَعَاشِ النَّاسِ لَهُمْ رَجُلٌ مُمْسِكٌ عِنَانَ فَرَسِهِ فِي سَبِيلِ
اللّٰهِ يَطِيرُ عَلَى مَتْنِهِ كُلَّمَا سَمِعَ هَيْعَةً أَوْ فَزْعَةً طَارَ عَلَيْهِ يَبْتَغِي الْقَتْلَ
وَالْمَوْتَ مَظَانَّهُ أَوْ رَجُلٌ فِي غُنَيْمَةٍ فِي رَأْسِ شَعَفَةٍ مِنْ هٰذِهِ الشَّعَفِ
أَوْ بَطْنِ وَادٍ مِنْ هٰذِهِ الْأَوْدِيَةِ يُقِيمُ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتِي الزَّكٰوةَ وَيَعْبُدُ رَبَّهُ حَتّٰى يَأْتِيَهُ الْيَقِينُ
لَيْسَ مِنَ النَّاسِ إِلَّا فِي خَيْرٍ مسلم مین ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ سب لوگون کی زندگانی سے اس مرد کی زندگانی
بہتر ہے جو جہاد مین اپنے گھوڑے کی باگ تھامے ہوئے دوڑتا پھرتا ہے اسکی پیٹھ پر جبکہ شور یا گھبراہٹ سنتا ہے
دوڑ پڑتا ہے قتل ہونے اور موت کو موت کے مقامون مین تلاش کرتا پھرتا ہے یا اس مرد کی زندگانی
بہتر ہے جو کہ ان لیکر کسی پہاڑ کی چوٹی پر انہین پہاڑون کی چوٹیون یا پہاڑ کے کسی نالے مین انہین نالون مین سے
کسی نالے مین رہتا ہے نماز کو قائم رکھتا ہے اور زکوٰۃ دیتا ہے اور اپنے رب کی عبادت کرتا ہے مرتے دم تک

ادمیون سے کوئی شخص خیر مین نہین سوائے اسکے ف حضرت نبی اس حدیث مین دو شخصون کو سب سے افضل
فرمایا ایک مجاہد جان نثار کو دوسرے گوشہ گیر عابد کو گوشہ گیری مین ہزارون فائدے ہین غیبت اور
حسد اور حق تلفی اور شر و فساد سے پناہ ہے فراغت سی عبادت ہوسکتی ہے لیکن گوشہ گیری
اسوقت مین بہتر ہے کہ اسلام ضعیف ہو جاوی عالم مین شر و فساد پھیلے درستی کی
توقع باقی نرہے اور اگر ایسا نہو تو لوگون کے اندر رہنا افضل ہے چنانچہ اور حدیث مین آیا ہے
کہ لوگون مین رہنا اور انکی زیادتیان سہنا گوشہ گیری سے افضل ہے ق ابن عباس رض من
محمد رسول اللہ الی ھرقل عظیم الروم سلام علی من اتبع الھدی اما بعد
فانی ادعوک بدعایۃ الاسلام ویروی بداعیۃ الاسلام اسلم تسلم واسلم
یؤتک اللہ اجرک مرتین وان تولیت فان علیک اثم الاریسیین ویا اھل
الکتاب تعالوا الی کلمۃ سواء بیننا وبینکم ان لا نعبد الا اللہ ولا نشرک
بہ شیئا الی قولہ فقولوا اشھدوا بانا مسلمون کتبہ الی قیصر بخاری
اور مسلم مین عبد اللہ بن عباس سے روایت ہے کہ حضرت نے روم کے بادشاہ کو اس مضمون کا خط لکھا
کہ یہ خط ہے محمد کے رسول کا ہرقل کی طرف جو روم کا سردار ہے اسپر سلام ہے جو راہ
راست پر چلا بعد اسکے مین تجھکو بلاتا ہون اسلام کی دعوت سے قبول کرنا کہ تو دین دنیا مین سلامت
رہے اور تو مسلمان ہو جا خدا تجھکو دوہرا ثواب دیگا یعنے ایک ثواب عیسوی دین قبول کرنیکا

ق ۲۱۱۵

اور ۱۲

اور دوسرا ثواب محمدی ہونے کا اور اگر تو نے اسلام نہ قبول کیا تو تیرے اوپر رعیت اور
تابعداروں کا گناہ پڑیگا یعنی جب تو مسلمان نہوا تو رعیت بھی مسلمان نہوگی تو انکی
گمراہی کا عذاب تجھپر ہوگا اور ای کتاب والو جاؤ اسبات پر جو ہمارے اور تمہارے درمیان برابر ہے
وہ بات یہہ ہے کہ ہم اور تم سوای خدا کی کیسکی عبادت اور پرستش نکریں اور کسی چیز کو اسکے ساتھ
شریک نہ ٹہراوین اور ہم مین سے بعضی آدمی بعضون کو خدا کے سوای اپنا رب اور مالک نہ بناوین سو اگر اہل
کتاب توحید سے منہہ موڑین تو اُن سے کہہ دو کہ تم گواہ رہو کہ ہم تو مسلمان ہین حکم الٰہی کے مطیع
ہین ف صحیح بخاری مین عبداللہ بن عباس سے روایت ہے کہ ابوسفیان نے مجھسے قصہ نقل کیا کہ جب
ہم سے اور حضرت سے حدیبیہ مین صلح ہوئی تو مین شام کے ملک مین گیا اُسی زمانے مین حضرت نے دحیہ کلبی کے
ہاتھہ روم کے بادشاہ کو خط بھیجا سو دحیہ کلبی نے شام کے سردار کو خط دیا اُسنے روم کے بادشاہ کو
حوالہ کیا ہرقل یعنی روم کا بادشاہ اُسوقت مین آیا تھا ہرقل نے کہا کہ اگر اس شخص کا جو آپ کو
پیغمبر جانتا ہے کوئی اہل قوم ہو تو بلاؤ سو میری طلبی ہوئی معہ چند قریش کے ہرقل نے پوچھا کہ لوگون
مین سے اس پیغمبر کا رشتے مین کون شخص زیادہ تر قریب ہے مین نے کہا کہ مین تو مجھکو لوگون نے
بادشاہ کے سامنے بٹھلایا اور میرے ساتھی میرے پیچھے بیٹھے پھر مترجم یعنی دوبھاشیا طلب ہوا
بادشاہ نے کہا میرے ساتھیون سے کہ مین اس شخص سے کچھ پوچھتا ہون اگر یہہ جھوٹھہ بولے تو تم اسکو
جھٹلا دیو ابوسفیان نے کہا کہ قسم خدا کی اگر دروغ گو مشہور ہونے کا خوف نہوتا تو مین حضرت کے حال مین

کچھہ جھوٹھہ بولتا پادشاہ نی پوچھا کہ اس پیغمبر کا حسب اور نسب کیسا ہے مین نے کہا ہم لوگون مین
وہ نہایت شریف اور عمدہ خاندان ہے پادشاہ نی پوچھا کہ اسکے باپ دادے مین کوئی پادشاہ بھی
تھا مین نی کہا کہ نہین پادشاہ نی پوچھا کہ نبوت کے دعوی سے پہلے کبھی جھوٹھہ بولنی کی تہمت بھی
اسکو لگی ہے مین نی کہا نہین پادشاہ نی کہا کہ سردار لوگ اسکے تابع ہوئے ہین یا غریب لوگ
مین نی کہا غریب اسکے تابع ہوئے ہین پادشاہ نی کہا اسکے ساتھی بڑھتے جاتے ہین یا گھٹتے ہین مین نے
کہا نہین بلکہ بڑھتے جاتے ہین پادشاہ نی کہا کہ کوئی اُنمین سے اُسکے دین سے پھر بھی جاتا ہے
ناخوش ہوکر مین نے کہا کہ نہین پادشاہ نی کہا کہ تم سے اور اُس سے لڑائی بھی ہوئی ہے مین نے
کہا ہان پادشاہ نی لڑائی کا حال پوچھا کہ کہلے مین نے کہا کبھی وہ ہمپر غالب ہوتا ہے
کبھی ہم اُسپر غالب ہوتے پادشاہ نی کہا کبھی قول کرکے دغا بھی کرتا ہے مین نے کہا کہ نہین لیکن
اب ہم سے اور اُس سے صلح ہوئی ہے ہمکو نہین معلوم کہ اب کیا کرنیوالا ہے ابوسفیان نے کہا واللہ
اتنی بات کے سوا کوئی اور بات کو مین نہ ملا سکا پادشاہ نی کہا کہ تم لوگون مین اس طرح نبوت کا
دعوی کسی نے آگے بھی کیا ہے یا نہین مین نے کہا کہ نہین پھر پادشاہ نے دوبھاشیے سی کہا کہ مین نے
کہ مین نے اسکا حسب نسب پوچھا تو نے کہا کہ شریف اور عالی خاندان ہے سو پیغمبر لوگ
اسی طرح اپنی قوم مین شریف اور نجیب اور عمدہ خاندان ہوتے آئے ہین مین نے پوچھا کہ
اسکے باپ دادے مین کوئی پادشاہ تہا تو نے کہا نہین سو اگر کوئی پادشاہ ہوا ہوتا تو مین

کہتا

کہتا کہ یہہ شخص نبوت کے پردہ مین اپنے باپ دادیکی سلطنت چاہتا ہے اور مین نے اُسکے
تابعدارون کا حال پوچھا کہ سردار ہین یا غریب تونے کہا غریب ہین سو یہی حال پیغمبرونکا
کہ انکی اول غریب لوگ اطاعت کرتے ہین یعنی بڑے آدمی غرور سی بی منصیب رہتے ہین اور
مین نے پوچھا کہ نبوت سی قبل کبھی اُسکی دروغگوئی بھی ثابت ہوئی ہے تونے کہا کہ نہین تو
مین نے جانا کہ جو آدمی آدمیون پر جھوٹھ نہ باندھے کا بھلا وہ خدا پر کیونکر جھوٹھ باندھے گا اور
مین نی تجھسے پوچھا کہ اُسکے لوگ دین سے ناخوش ہوکر پھر بھی جاتے ہین تونے کہا کہ نہین سو یہی حال
ایمان کی نور کا جب دل مین رچ گیا یعنی ایمانکی یہی خاصیت ہے کہ اسکو تغیر نہین ہوتا اور مین نے
تجھسے پوچھا کہ اسکے لوگ زیادہ ہوتے جاتے ہین یا کم تونے کہا زیادہ ہوتے ہین سو یہی حال ایمان کا
ہے کہ اُسکو ترقی ہوتی ہے یہان تک کہ کمال کو پہنچتا ہے اور مین نی کہا کہ اُسکی لڑائی کا
کیا حال ہے تونے کہا کہ کبھی وہ غالب ہوتا ہے اور کبھی ہم سو یہی سنت ہے پیغمبرونکی کہ اول ایمان
والونکی آزمائش ہوتی ہے پھر انجام کو فتح نصیب ہوتی ہے اور مین نے پوچھا کہ وہ دغا بھی
کرتا ہے تونے کہا کہ نہین سو یہی عادت ہوتی ہے پیغمبرونکی کہ وہ ہرگز دغا نہین کرتے اور مین نے
پوچھا کہ ایسا دعوی اُسکی قوم مین کسی اور شخص نے بھی کیا تھا تونے کہا کہ نہین سوا گر ایسا کسی نے
دعوی کیا ہوتا تو مین یون جانتا کہ یہہ شخص بھی اپنی قوم کی راہ پر چلا اگلونکی طرح اسکو بھی موت نے
لیا پھر بادشاہ نی کہا کہ کیا چیز تمکو بتلاتے ہے مین نے کہا کہ ہمکو نماز اور زکوۃ اور برادر پروری

اور پیر ہنیر کاری سکھلاتا ہے پادشاہ نی کہا کہ اگر یہہ سب باتین سچین ہین تو بے شک وہ
شخص پیغمبر ہے اور مین آگے سے جانتا تہا کہ اسوقت مین پیغمبر ظاہر ہوا چاہتا ہے لیکن یہہ میرا
گمان نہ تہا کہ تم عرب لوگونمین ہوگا اور اگر مین یہہ جانتا کہ مین اُس تک پہنچ سکونگا
تو مین اُسکے دیدار کا عاشق ہوتا اور اگر مین اُسکے پاس ہوتا تو مین اُسکے قدم دہوتا اور البتہ
اُسکی سلطنت اور حکومت میرے قدم پہنچی تک پہنچیگی پیر پادشاہ نی حضرت کا یہہ خط مانگا
اور پڑہا جب وہ خط پڑہ چکا تو اہل دربار مین بہت کھلبلی اور نہایت غل اور شور ہوا پیر
ہم بموجب حکم کے دربار سے نکالے گئے ابوسفیان نی کہا کہ جب ہمارا اخراج ہوا تو مین نے اپنے
ساتہیون سے کہا کہ محمدؐ کا یہہ رتبہ پہنچا کہ پادشاہ روم اُس سے ڈرتا ہے سو جیسے مجکو یقین
ہوگیا تہا کہ حضرت سب پر غالب ہونگے یہان تک کہ خدا نی مجہکو اسلام مین داخل کیا راوی نے
کہا کہ پیر ہرقل نے روم کے سردار اپنے ایک مکان مین جمع کئے اور دروازونمین قفل دئے
پیر اُنسے کہا کہ ای روم کے لوگو اگر قیامت تک اپنی ہدایت اور بہتری چاہتے ہو اور اپنی سلطنت کا
قیام چاہتے ہو تو اس پیغمبر کا ایمان لاؤ سو روم کے سردار بھڑکے اور گورخرون کی طرح بدکے
اور گئے لیکن دروازے بند پائے پیر پادشاہ نی اُنکو بلایا اور کہا کہ مین نے تمہارے دین کی مضبوطی
آزمائی تہی شاباش جو بات مجہکو پسند تہی وہی تم نے کی پیر تو اُن لوگون نے پادشاہ کو سجدہ
کیا اور خوش ہوگئے ف ہرقل روم کا پادشاہ نصرانی تہا اپنے دین کا بڑا عالم تہا

اُسپر حضرت

اُسپر حضرت کی نبوت کی حقیقت ثابت ہوگئی تھی لیکن اپنے قوم کے خوف سے مسلمان نہوسکا
ہجری چھٹے سال حضرت نے بادشاہون کو خط لکھکے اسلام کی دعوت کی سب بادشاہون مین سے
تین بادشاہ بدون لڑائی کے اسلام کو حق جان کر مسلمان ہوے ایک حبش کا بادشاہ نصرانی
دوسرا یمن کا بادشاہ تیسرا عمان کا بادشاہ اور مقوقس اسکندریہ اور مصر کے بادشاہ نے
جسکا دین عیسوی تھا حضرت کے خط کا یون جواب لکھا کہ تمہارا دین خوب دین ہے تم توحید الٰہی کی
دعوت کرتے ہو اور بت پرستی چھڑاتے ہو بلاشک ایک پیغمبر عیسی کے بعد ہونیوالا ہے میرا
گمان یہہ تھا کہ شاید یہ کہین اور ہوگا اور اُسنی کچھ سونا اور ایک خچر جسکا دُلدل نام تھا اور دو
عورتین یعنے ماریہ قبطیہ اور شیرین حضرت کو تحفہ بھیجا لکاوٹ کی لیکن مسلمان نہین ہوا اور
ایران کے بادشاہ نی غروری حضرت کا نامہ پھاڑ ڈالا حضرت کی یہ دعا سے اُسکے بیٹے نی اُسکا پیٹ پھاڑ
عمر فاروق اور حضرت عثمان کی خلافت مین سب ملک فتح ہوئے کسی بادشاہ کا زور نرہا اسلام ہوگیا
ہندوستان مین نصاری کہتے ہین کہ عیسی کے بعد کسی پیغمبر کے ہونیکے خبر نہین سو غلط کہتے ہین اسواسطے کہ خود
انجیل مین خبر موجود ہے کہ عیسی کے بعد فارقلیط یعنی ہمارے حضرت آوینگے دوسری دلیل یہہ کہ
حضرت کے وقت کی نصرانی بادشاہون نی عیسی کے بعد نبی کے ہونے کا اقرار کیا چنانچہ ہرقل
اور مقوقس کے کلام سے اضاف ثابت ہوا اور حبش کا بادشاہ تو کھل کر مسلمان ہوا اور کسی
بادشاہ نی حضرت سے یہہ نہین کہا کہ عیسی کے بعد کسی پیغمبر کا وجود نہین تم کیون پیغمبری کا دعوے

کرتے ہو تو صاف ثابت ہوا کہ عیسی کے بعد پیغمبر کا انکار کرنا صریح کا حق پوشی اور ناانصافی ہے

م ۲۱۱۶ حُذَيْفَةُ مِنْهُنَّ ثَلٰثٌ لَا يَكَدْنَ يَذَرْنَ شَيْئًا وَمِنْهُنَّ فِتَنٌ كَرِيَاحِ الصَّيْفِ مِنْهَا صِغَارٌ وَمِنْهَا كِبَارٌ یعنی الفتن مسلم میں حذیفہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فسادوں اور فتنوں کے ذکر میں فرمایا کہ انہیں سے تین فتنے ایسے ہیں کہ ہیں لگتا کچھ بھی چھوڑیں اور انہیں سے ایسے فتنے جیسے گرمی کی آندھیاں کہ بعضے انہیں چھوٹی ہیں اور بعضے بڑی ف یعنی تین فساد تو عالمگیر ہوں گے اور باقی مختلف کوئی کم کوئی زیادہ معلوم نہیں کہ تین فسادوں سے کون فساد مراد ہیں بعضے کہتے ہیں کہ ایک فساد تو قوم ترک کی خونریزی یعنی چنگیز خان اور ہلاکو کے وقت کا قتل عام

ق ۲۱۱۷ دوسرے دجال کا نکلنا یعنی یاجوج ماجوج کا ظاہر ہونا واللہ اعلم ق اَبُوْهُرَيْرَةَ نَارُكُمْ جُزْءٌ مِنْ سَبْعِيْنَ جُزْءًا مِنْ نَارِ جَهَنَّمَ قَالُوْا وَاللّٰهِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنْ كَانَتْ لَكَافِيَةً قَالَ فَاِنَّهَا فُضِّلَتْ عَلَيْهِنَّ بِتِسْعَةٍ وَسِتِّيْنَ جُزْءًا كُلُّهَا مِثْلُ حَرِّهَا رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ نَارُكُمْ هٰذِهِ الَّتِيْ يُوْقِدُ بَنُوْ اٰدَمَ بخاری اور مسلم میں ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تمہاری آگ ایک حصہ ہے دوزخ کی آگ کے ستر حصے اصحاب نے کہا قسم خدا کی یارسول اللہ جانے کو تو یہی آگ کفایت کرتی تھی حضرت نے فرمایا البتہ دوزخ کی آگ دنیا کی آگوں سے انہتر حصے زیادتی رکھتے ہے ہر ایک حصے کی گرمی اس آگ کی گرمی کے برابر ہے بخاری نے اتنی روایت زیادہ کی کہ یہی تمہاری آگ جسکو آدمی جلاتا ہے ایک حصہ ہے

دوزخ کی آگ کے ستر حصے سی ف یعنی دوزخ کی آگ کے روبرو دنیا کی آگ کی گرمی نہایت
کمتر ہے پھر جب اس آگ کی گرمی کی آدمی کو تاب نہیں تو دوزخ کا کیا حال ہو گا خدا کی پناہ ق ۲۱۱۸
اُمِّ حَرَامٍ بِنْتُ مِلْحَانَ نَاسٌ مِنْ اُمَّتِیْ عُرِضُوْا عَلَیَّ غُزَاةً فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ یَرْکَبُوْنَ
ثَبَجَ هٰذَا الْبَحْرِ مُلُوْکًا عَلَی الْاَسِرَّةِ اَوْ مِثْلَ الْمُلُوْکِ عَلَی الْاَسِرَّةِ بخاری اور مسلم میں
ام حرام بنت ملحان سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ چند لوگ میری امت کے میرے سامنے کئے گئے لڑتے
خدا کی راہ میں اس سمندر کے اندر سوار بادشاہ تختوں پر یا جیسے بادشاہ تختوں پر ف
ام حرام سے روایت ہے کہ حضرت میرے گھر میں سو کر ہنستے جاگے میں نے کہا یا رسول اللہ آپ کیوں
ہنستے ہیں تب حضرت نے یہ حدیث فرمائی خدا نے خواب میں دکھلا دیا کہ تیری امت کی ایسی
ترقی ہو گی کہ جہازوں پر سوار ہو کر جہاد کرینگے بادشاہوں کی طرح ام حرام نے کہا یا حضرت
میرے واسطے دعا کیجئے کہ خدا مجھکو بھی ان غازیوں میں شریک کرے حضرت نے دعا کی چنانچہ
معاویہ کے زمانہ میں جہاز پر سوار ہو کر جہاد کیا ام حرام بھی غازیوں میں داخل تھیں پھر جہاز سے
سواری سے گر پڑیں اور مر گئیں ق ۲۱۱۹ ق
اَبُوْ هُرَیْرَةَ نَحْنُ اَحَقُّ بِالشَّکِّ مِنْ اِبْرَاهِیْمَ اِذْ
قَالَ رَبِّ اَرِنِیْ کَیْفَ تُحْیِ الْمَوْتٰی قَالَ اَوَلَمْ تُؤْمِنْ قَالَ بَلٰی وَلٰکِنْ لِّیَطْمَئِنَّ
قَلْبِیْ وَیَرْحَمُ اللّٰهُ لُوْطًا لَقَدْ کَانَ یَاْوِیْ اِلٰی رُکْنٍ شَدِیْدٍ وَلَوْ لَبِثْتُ فِی السِّجْنِ
طُوْلَ لَبْثِ یُوْسُفَ لَاَجَبْتُ الدَّاعِیَ بخاری اور مسلم میں ابو ہریرہ سے روایت ہے

کہ حضرت نی فرمایا کہ ابراہیم سی زیادہ تر ہم شک کرنیکے لائق ہین جب کہ ابراہیم نی کہا کہ
ای رب مجھکو دکہلا دی کہ تو مردون کو کیون کر زندہ کرتا ہے خدا نی فرمایا کیا تجھکو اسکا
یقین نہین ابراہیم نی کہا یقین کیون نہین ولیکن یہہ تمنا اسواسطے ہے کہ میرے دل کو اطمینان ہوجاے
اور خدا رحم کرے لوط پر اُسنی آرزو کی تھی کہ مضبوط مکان مین پناہ پکڑے: ور اگر مجھکو
قید خانے مین دیر لگتی بقدر درازی درنکی یوسف کے تو مین بلانے والیکی بات مان لیتا یعنے
تکرار نکرتا اُسکے ساتہہ چلا جاتا ق حضرت نے حضرت ابراہیم کا ذکر کرکے ایک شبہ
دفع کیا یعنی اگر کوئی کہے کہ حضرت ابراہیم کو مردہ جلانے مین شک تہی اسواسطے دیکہنے کی
درخواست کی اور ہمارے نبی نی کبہی ایسی درخواست نہین کی سو حضرت نے یہہ شبہ اس طرح دفع
کیا کہ مجھکو تو مردہ زندہ ہونی مین کچھہ تردد اور شک نہین تو ابراہیم کو بطریق اولی نہ تہی
اور اگر اُنکو شک ہوتی تو تہکو بھی البتہ ہوتی اور حضرت لوط کا قصہ یہہ ہے کہ جب کافرون نے
حضرت لوط کے مہمانون کی بے عزتی چاہی تو حضرت لوط نہایت غمگین ہوئے اور گہبرائے
اور یہہ تمنا اسوقت کی کہ کاش مجھکو دفع کفار کا زور ہوتا یا پناہ کے واسطے کوئی محفوظ
مکان ملتا حضرت نی اس قصہ کی طرف اشارہ کیا کہ خدا لوط پر رحم کرے کہ غیر خدا پر اعتماد
کرنا یعنے محفوظ مکان کی تمنا کرنا شان نبوت کے مناسب نہ تہا اور حضرت یوسف کا قصہ
یہہ ہے کہ جب زلیخا کی مطلب براری حضرت یوسف سی نہوئی تو اُسنے اُنکو قید

کروایا تہمت لگاکر چودہ برس قید رہے جب بادشاہ کے نزدیک حضرت یوسف کا کمال
خواب کی تعبیر کہنے سے معلوم ہوا تو بادشاہ نے انکو بلایا حضرت یوسف نے بلانے والے کے ساتھ نہ گئے
چاہا کہ اول بی قصوری ثابت ہو جب قید خانے سے نکلیں چنانچہ بعد تحقیق عصمت اور پاکدامنی
بادشاہ پاس گئے حضرت نے اس حدیث میں حضرت یوسف کے تامل اور صبر کی تعریف کی کہ باوجود طول
حبس کے بدون تحقیق قید خانے سے نہ نکلے میں اتنا توقف نکلنے میں نکرتا بلانے والے کے ساتھ چلا جاتا

۲۱۲۰ م ابوذر نور انی رأیتہ حین سألہ ھل رأیت ربک سلم میں ابوذر
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ خداوند ہے میں اسکو کیون کر دیکھتا یہ حضرت نے اسوقت فرمایا
جب کہ ابوذر نے پوچھا کہ حضرت نے کیا اپنے رب کو دیکھا تھا ف یعنی اسکی ذات پاک پر نور جلال کے
پردہ ہین دنیا مین آنکھ کو دیکھنے کی طاقت کہان ۲۱۲۱ خ ابوسعید ویح عمار یدعوھم
الی الجنۃ ویدعونہ الی النار بخاری مین ابوسعید سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ افسوس
ہے عمار پر وہ تو انکو بہشت کی طرف بلاویگا اور وہ لوگ اسکو دوزخ کی طرف بلاوینگے
ق جب علی مرتضی اور معاویہ سے لڑائی ہوئی تب عمار شہید ہوئے معلوم ہوا کہ امام برحق کی
اطاعت دخول جنت کا سبب ہے اور بغاوت اور نافرمانی دخول دوزخ کا سبب ہے ۲۱۲۲ ق ابو
سعید ویحک ان الھجرۃ شانھا شدید فھل لک من ابل قال نعم قال
فتعطی صدقتھا قال نعم قال ھل تمنح منھا قال نعم قال فتحلبھا یوم

وِرْدِهَا قَالَ نَعَمْ قَالَ فَاعْمَلْ مِنْ وَرَاءِ الْبِحَارِ فَإِنَّ اللّٰهَ لَنْ يَتْرُكَ مِنْ عَمَلِكَ
شَيْئًا **ف** لِاَعْرَابِيٍّ سَأَلَهُ عَنِ الْهِجْرَةِ بخاری اور مسلم مین ابوسعید سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
کہ وای بحال تو البتہ ہجرت کا امر تو نہایت سخت ہے کیا تیرے پاس اونٹ ہین اُسنے کہا ہان
حضرت نے فرمایا تو انکی زکوۃ دیا کرتا ہے اُسنی کہا ہان حضرت نے فرمایا بہلا انکو دودہ پینے کے
واسطے عاریت بھی دیتا ہے اُسنی کہا ہان حضرت نے فرمایا پانی پلانیکے دن انکا دودہ دوہتا ہے
یعنی محتاجون کو دیتا ہے اُسنی کہا ہان حضرت نے فرمایا تو اسیطرح کیا کر اپنے دیہات مین
جو شہرون سے پرے ہے سو بیشک خدا تیرے عمل سے کچھ نہ گھٹاویگا یہ حضرت نے ایک دیہاتی
عرب سے فرمایا جب کہ اُسنی ہجرت کا حال پوچھا **ف** قرآن حدیث مین مہاجرین کی فضیلت
بہت مذکور ہے اُسکو بھی ہجرت کا شوق ہوا حضرت نے اُسکی استعداد نپائی کہ وطن چھوڑ کے
ہجرت کی تکلیفین اُٹھا سکے گا اسواسطے ہجرت سے منع کیا اور فرمایا کہ اپنے وطن مین زکوۃ اور خیرات
دیا کر حضرت نے نماز روزہ کا اُسسے ذکر نہین کیا اسواسطے کہ جو شخص زکوۃ اور خیرات دیتا ہے
نماز روزہ کہ اُسمین کچھ مال نہین خرچ ہوتا ہے بطریق اولی کرتا ہوگا **ق** اَبُوْ بَكْرَةَ وَيْحَكَ قَ ۲۱۲۳
قَطَعْتَ عُنُقَ صَاحِبِكَ وَيْحَكَ قَطَعْتَ عُنُقَ صَاحِبِكَ **ق** مِرَارًا بخاری
اور مسلم مین ابوبکرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ہلے تو نے اپنے بہائی کے گردن کاٹی
ہلے تو نے اپنی بہائی کی گردن کاٹی یہ حضرت نے کئی بار فرمایا **ف** ایک شخص نے دوسرے

شخص سے

شخص کے سامنے تعریف کی تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنے تعریف آدمی کے حق مین زہر
کہ وہ غرور مین آجاتا ہے کہ مین ایسا ہون اور جب غرور آیا تو کمالات حاصل کرنے سے
بے نصیب رہا ق ۲۱۲۴ اَلْمِسْوَرُ بْنُ مَخْرَمَةَ وَمَرْوَانُ بْنُ الْحَكَمِ وَيْلٌ اُمِّهٖ مُسْعِرُ
حَرْبٍ لَوْكَانَ لَهٗ اَحَدٌ يَعْنِيْ اَبَا بَصِيْرٍ بخاری اور مسلم مین مسور بن مخرمہ اور مروان بن حکم سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اسکی ماں کی کمبختی وہ تو لڑائی کی آگ بھڑکانیوالا ہے کاش
اسکا کوئی مددگار ہوتا یعنے ابو بصیر کا ف حضرت اور قریش مین یہہ صلح ہوئی تھی کہ
قریش کا آدمی اگر حضرت پاس جاوے تو حضرت اسکو حوالہ کردین اور اگر حضرت کا آدمی قریش پاس
جاوی تو وہ نہ دیوین چنانچہ اس صلح کے بعد ابو بصیر قریش کی قوم سے بھاگ کر حضرت
پاس مدینے مین آئے تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنی یہہ شخص صلح تڑایا چاہتا ہے اور جنگ
۲۱۲۵ کرایا چاہتا ہے باقی قصہ ابو بصیر کا چھٹے باب مین گذرا ہ جَابِرٌ وَيْلَكَ مَنْ يَعْدِلُ
اِذَا لَمْ اَكُنْ اَعْدِلُ لَقَدْ خِبْتَ وَخَسِرْتَ اِنْ لَمْ اَعْدِلْ مسلم مین جابر سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ تجھپر خرابی پڑے کون انصاف کریگا جب کہ مین نے نہ انصاف کیا البتہ
تجھپر نقصان اور ٹوٹا پڑا اگر مین منصف نہوا ف ایک منافق نے بی ادبی سے کہا کہ یا
حضرت آپ تقسیم انصاف سے نہین کرتے تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی اسکا قصہ کئی بار
اس کتاب مین ہو چکا ق ۲۱۲۶ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو وَيْلٌ لِّلْاَعْقَابِ مِنَ النَّارِ بخاری

اور مسلم مین عبداللہ بن عمرو سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ خرابی ہے ایڑیونکو دوزخ سی
ف حضرت نے چند لوگون کو دیکھا کہ انہون نے وضو کیا اور انکی ایڑیان خشک رہ گئین تھین
وہان پانی نہ لگا تھا تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی اور فرمایا وضو کیا کرو کہین خشک
ق ۲۱۲۷ نرہنے پاوے ق ابوھریرۃ ویل للعراقیب من النار بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ خرابی ہے کوچون کو دوزخ سے یعنی اگر وضو مین کوچین خشک
رہین گے تو دوزخ مین جلین گے ف ان دونون حدیثون سی صاف معلوم ہوا کہ تمام قدم کا
دہونا وضو مین فرض ہے تھوڑا بھی خشک رکھنا ایسا گناہ ہے کہ اسکا انجام دوزخ ہے
ان دونون حدیثون سے معلوم ہوا کہ وضو کی آیت سی شیعہ جو قدم کا مسح سمجھتے ہین سو
ق ۲۱۲۸ غلط ہے قرآن کا مطلب حضرت سے بہتر کون سمجھ سکتا ہے ق زینب بنت جحش ویل
للعرب من شر قد اقترب فتح الیوم من ردم یاجوج وماجوج مثل ھذہ
وحلق بإصبعیہ الإبھام والتی تلیھا فقالت زینب بنت جحش قلت
یارسول اللہ انھلک وفینا الصالحون قال نعم اذا کثر الخبث بخاری اور
مسلم مین حضرت زینب بنت جحش سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا خرابی ہے عرب کو اس
بلا سے جو نزدیک ہو چلے یاجوج ماجوج کی دیوار سے آج کھل گیا اسکے برابر اور حضرت نے اپنے
انگوٹھے اور کلمے کی انگلی کا حلقہ بنایا یعنی اس حلقے کے برابر اس دیوار مین سوراخ ہو گیا تو

زینب حضرت

حضرت زینب نے کہا کہ یا حضرت کیا ہم مٹ جاوینگے اور حالانکہ ہم میں نیک لوگ ہونگے
حضرت نے فرمایا ہاں جب کہ بدکاری غالب ہوجاویگی یعنی جب گناہ اور بدکاری عالم میں کثرت سے
ہوئے اور نیک لوگ کم ہوگئے تو نیک اور بدسب ہلاک ہوجاتے ہیں ف حضرت زینب سی زوجہ
کہ حضرت نیند سے جاگ پڑے چہرہ مبارک خوف سے سرخ تھا فرماتے تھے لا الہ الا اللہ ہیہات
حدیث فرمائی حضرت کے وقت سی اس دیوار میں سوراخ پڑا روز بروز اسکی ترقی ہے یہاں تک
کہ قیامت کے قریب راہ ہوجاویگی یاجوج ماجوج نکل کر سارے عالم کو تباہ کرینگے ہرچند وہ بلا عالم
ہے لیکن حضرت نے عرب کا نام خاص اس واسطے لیا کہ عرب سے یاجوج ماجوج کو حضرت کے سبب سے زیادہ
ترعداوت ہوگی م ۲۱۲۹ اَبُوْسَعِیْدٍ هٰذَا اَعْظَمُ النَّاسِ شَهَادَةً عِنْدَ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ
یَعْنِی الرَّجُلَ الَّذِیْ یُجَادِلُ الدَّجَّالَ مسلم میں ابوسعید رضی سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
کہ یہ شخص سب لوگوں سے بڑا شہید ہے رب العالمین کے نزدیک یعنی وہ شخص جو دجال سے
جھگڑے گا ف صحیح مسلم میں روایت ہے کہ جب دجال ظاہر ہوگا تو ایک مرد ایماندار اسکے
پاس آویگا اور لوگوں سے کہیگا کہ یہ تو دجال ہے جسکا ذکر حضرت کرچکے ہیں مسعود دجال اس
مومن کو خوب زدوکوب کرواکے بلاویگا اور کہیگا اب ہی تو میرا ایمان نہ لاویگا مومن کہیگا
تو مسیح کذاب ہے پھر دجال اسکے سر پر آرہ رکھوا کر چروا ڈالیگا بعد اسکے زندہ کریگا پھر کہیگا
کہ تو میرا ایمان لا مومن کہیگا اب تو مجکو زیادہ تر یقین ہوگیا تیرے کذب اور کفر کا یعنی اسکی ہی

حضرت خبر دے گئے ہین کہ دجال ایک شخص کو مار کے زندہ کریگا سو معلوم ہوا کہ وہ شخص ہین ہوں
پھر مومن کہیگا کہ ای لوگو اب میرے بعد اسکو کیسے مارنے جلانیکی طاقت نہو کی پھر دجال اسکو
پکڑیگا کہ ذبح کرے سو نہ ذبح کرسکیگا پھر اسکو آگ مین ڈال دیگا لوگ جانینگے کہ وہ آگ مین ہے
اور حالانکہ وہ باغ مین ہو گا پھر حضرت نے یہہ حدیث فرمائی یعنی خدا کے نزدیک اس مومن کی شہادت
نہایت عمدہ ہے خ ابن مسعود ہٰذا الانسان وہٰذا اجلہ محیط بہ او
قد احاط بہ وہٰذا الذی ہو خارج املہ وہٰذہ الخطط الصغار الاعراض
فان اخطاہ ہٰذا نہشہ ہٰذا وان اخطاہ نہشہ ہٰذا فانہ حین خط
خطا مربعا وخط خطا فی الوسط خارجا منہ وخط خططا صغارا الی ہٰذا
الذی فی الوسط بخاری عبداللہ بن مسعود رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ یہہ آدمی ہے
اور یہہ اسکی موت ہے جو اسکو گھیرے ہے اور یہہ خط جو باہر نکلا ہے سو آدمی کی امید و تمنا ہے اور
یہہ چھوٹی چھوٹی لکیرین مصیبت اور آفات ہین سو اگر یہہ آفت چوکی تو اس آفت نے آدمی کو کاٹا
اور اگر وہ چوکے تو اسنے کاٹا یہہ حضرت نے اسوقت فرمایا جب کہ چوکھنٹی لکیر کھینچی اور ایک لکیر
اسکے اندر ایسی کھینچی کہ مربع سے باہر نکل گئی اور بیچ والی لکیر سے ملا کر چھوٹی چھوٹی لکیرین کھینچین اس



طرح سے ف اس حدیث مین حضرت نے آدمی کی حرص اور حماقت بیان کی کہ باوجودیکہ موت تو ہر طرف سے
گھیرے ہے اور صدہا آفات اور مصائب درپیش ہین اگر ایک بلا سے بچا تو دوسرے سے نہین بچ سکتا

۲۱ سو

خ

پھر ہی ترک دُنیا اور قناعت نہیں کرتا حرص کا یہہ عالم ہے کہ پچاس برس کی عمر نہیں لیکن صدہا برس کا
سامان کرتا ہے آدمی کمال غافل اور نہایت ناعاقبت اندیش ہے ق عَائِشَةُ هٰذَا الْحِمَالُ ق ۲۱۳۱
لَاحِمَالَ خَيْبَرَ هٰذَا اَبَرُّ رَبَّنَا وَاَطْهَرُ كَانَ يَتَمَثَّلُ بِهٖ عِنْدَ نَقْلِهِ اللَّبِنَ فِيْ بُنْيَانِ
مَسْجِدِهٖ بخاری اور مسلم میں حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ کہ یہہ بوجھ اُٹھانا افضل
نہ کہ خیبر کا بوجھ ای ہمارے رب یہہ نیک تر اور پاک تر ہے حضرت یہہ فرماتے تھے مسجد کی تعمیر میں اینٹیں
لانیکے وقت ف مدینے کے لوگ خیبر سے خُرمے لاد لائے تھے سو فرمایا کہ مسجد کے واسطے اینٹیں لادنا
خیبر کے خرمے لادنے سے بہتر اور افضل ہے کہ یہہ دینا کی فلاح ہے اور یہہ آخرت کی خ عَائِشَةُ خ ۲۱۳۲
هٰذَا اِنْ شَاءَ اللّٰهُ الْمَنْزِلُ قَالَ حِيْنَ تَرَكَتْ نَاقَتُهٗ عِنْدَ مَوْضِعِ مَسْجِدِهٖ بخاری میں
حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اگر خدا نے چاہا تو یہی رہنے کا مکان ہوگا یہہ حضرت نے
اُسوقت فرمایا جب کہ آپ کی اونٹنی مسجد کے جگہ پاس بیٹھ گئی ف حضرت نے جب مکے سے ہجرت
کی اور مدینے میں تشریف لائے تو مدینے کے ہر ایک رئیس نے درخواست کی کہ حضرت ہمارے مکانوں میں
تشریف رکھیں حضرت نے فرمایا مجکو اسمیں اختیار نہیں جہاں خدا کی مرضی ہوگی وہیں یہہ اونٹنی
بیٹھ جاویگی سو جہاں حضرت کی اب مسجد ہے وہیں اونٹنی بیٹھ گئی تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی
ابو ایوب انصاری کا گھر وہاں سے قریب تھا حضرت وہاں چند مدت رہے پھر مسجد کی تعمیر کی
اور وہیں قیام مبارک ہوا خ ابْنُ عَبَّاسٍ هٰذَا جِبْرَئِيْلُ اٰخِذٌ بِرَاْسِ فَرَسِهٖ عَلَيْهِ خ ۲۱۳۳

اَدَاۃُ الْحَرْبِ بخاری مین عبداللہ بن عباس سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ یہہ جبریل ہے
اپنے گھوڑے پر کاسہ تہانبے ہے اُسپر لڑائی کے ہتہیار ہین ف حضرت نی جنگ خندق کے
بعد جب کہ بنی قریظہ پر چڑہائی کی تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی باقی اسکا قصہ تیسرے باب مین
کذا ۲۱۳۴ م عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ هٰذَا حِيْنَ حَمِيَ الْوَطِيْسُ قَالَهُ يَوْمَ حُنَيْنٍ
مسلم بن حضرت عباس بن عبد المطلب سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ یہہ وقت ہے کہ تنور بہڑکا
یعنی تنور جنگ خوب گرم ہوا بہت کہمسان کی لڑائی ہوئی یہہ حضرت نے جنگ حنین کے دن فرمایا
ف پہر حضرت نے چند سنکریزہ کفار کی طرف پہینکے اور فرمایا کہ کفار بہاگے کعبی کی رب کی
قسم پہر کفار کی شکست ہوئی ۲۱۳۵ ق وَعَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ وَمَرْوَانَ بْنِ الْحَكَمِ هٰذَا
فُلَانٌ وَهُوَ مِنْ قَوْمٍ يُعَظِّمُوْنَ الْبُدْنَ فَابْعَثُوْهَا لَهُ يَعْنِي رَجُلًا مِنْ كِنَانَةَ
قَالَ يَوْمَ الْحُدَيْبِيَةِ لِكُفَّارِ قُرَيْشٍ دَعُوْنِي اٰتِهِ يَعْنِي النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَلَمَّا اَشْرَفَ عَلَيْهِ قَالَ فَلَمَّا اَشْرَفَ مِكْرَزُ بْنُ حَفْصٍ قَالَ هٰذَا
مِكْرَزُ بْنُ حَفْصٍ وَهُوَ رَجُلٌ فَاجِرٌ وَكَانَ قَالَ اَيْضًا كُمْ دَعُوْنِي اٰتِهِ بخاری
اور مسلم مین مسور بن مخرمہ اور مروان بن حکم سے روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا کہ یہہ فلانا شخص ہے
اور یہہ اس قوم سے ہے جو قربانی کے جانورونکی تعظیم اور عزت کرتے ہین سو قربانی کے اونٹون کو
اُسکے سامنے کرو یعنی قوم کنانہ کا وہ مرد جسنی حدیبیہ کے دن کفار قریش سے کہا کہ مجہکو جانے دو

تو مین اسکے پاس جاؤن یعنی حضرت کے پاس پھر جب کہ وہ شخص نمود ہوا تب حضرت نے یہہ حدیث
فرمائی پھر جب دوسری بار مکرز بن حفص نمود ہوا حضرت نے فرمایا یہہ مکرز بن حفص ہے اور یہہ شنیدہ
بذات مرد آدمی مکرز نے بھی کفار قریش سے کہا تہا کہ مجھکو جانے دو تو مین اسکے پاس جاؤن
اپنے حضرت کے پاس ف ہجری چھٹے سال حضرت عمرہ کرنے کو مدینے سی چلے کفار قریش سے لڑنے کا
ارادہ نہ تہا قربانی کے اونٹ حضرت کے ساتہ تہے اصحاب احرام باندہے تہے جب کہ مکے کے قریب حدیبیہ کے
مقام مین پہنچے تو کفار قریش نے حضرت کو مکے مین داخل ہونے سی روکا کفار ڈرے کہ شاید حضرت
عمرہ کے بہانے سی ہمکو مارنے آئے ہون تب کنانہ کی قوم کے ایک شخص نے کفار سے کہا کہ مین حضرت
پاس خبر لینے کو جاتا ہون جب وہ سامنے آیا تب حضرت نے قربانی کے اونٹ اسکے روبرو کروائے
تاکہ اسکو یقین ہو کہ سوای عمرے کے اور کچہ ارادہ نہین پھر جب کہ یہہ شخص پلٹ کیا تو انہون سے
کہا کہ یہہ لوگ تو زیارت ہی کرنیکو آئے ہین قربانیان اسکے ساتہ ہین پھر کفار قریش نے مکرز بن حفص کو
خبر تحقیق کرنیکے واسطے بھیجا باقی اسکا قصہ کئی بار مذکور ہو چکا ق معاویہ بن ابی سفیان

ق ۲۰۳۶

هٰذَا يَوْمُ عَاشُورَاءَ وَلَمْ يَكْتُبِ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ صِيَامَهُ وَأَنَا صَائِمٌ فَمَنْ أَحَبَّ
مِنْكُمْ أَنْ يَصُومَ فَلْيَصُمْ وَمَنْ أَحَبَّ مِنْكُمْ أَنْ يُفْطِرَ فَلْيُفْطِرْ بخاری اور مسلم مین
معاویہ بن ابی سفیان رضہ سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ یہہ عاشورے کا دن ہے اور خدا نے اسکا
روزہ تم پر فرض نہین کیا اور مین روزہ دار ہون سو جو شخص کہ تم مین سے روزہ رکہنا چاہے سو رکہے

اور جو شخص کہ تم مین سے روزہ رکھا چاہے سو رکھے ف عاشورا محرم کی دسوین تاریخ کا نام ہے
اسکا روزہ فرض نہین سنت ہے حضرت نے اسکے روزہ رکھنے نہ رکھنے کا اختیار دیا تاکہ معلوم
ہو کہ سنت موکدہ نہین ق ۲۱۳۷ اَبُوْهُرَيْرَةَ هٰذِهٖ صَدَقَاتُ قَوْمِيْ يَعْنِيْ بَنِيْ تَمِيْمٍ بخاری اور
مسلم مین ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ یہہ صدقے میری قوم کے ہین یعنے بنی تمیم کے ف جب قوم
بنی تمیم کی زکوۃ کے مال آئے تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی بنی تمیم کو حضرت نے اپنا قوم اسواسطے
فرمایا کہ وہ مضر کی اولاد ہین اور مضر حضرت کے اجداد ہین اور بعضے کہتے ہین کہ حضرت کے ننہال سے
بنی تمیم کو قرابت ہے خ ۲۱۳۸ اِبْنُ عَبَّاسٍ هٰذَا وَهٰذَا سَوَآءٌ يَعْنِي الْخِنْصَرَ وَالْاِبْهَامَ بخاری مین
عبداللہ بن عباس سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ یہہ اور یہہ برابر ہے یعنے چھنگلی اور انگوٹھا خون بہی
مین برابر ہے ف آدمی کا پورا خون بہا ہزار دینار یا دس ہزار درم یا سو اونٹ اور انگلی کا خون بہا
دسوان حصہ پوری دیت کا یعنی سو دینار یا ہزار درم یا دس اونٹ خلاصہ یہہ کہ دیت سب
انگلیون کے برابر ہے چھوٹے ہون یا بڑی ق ۲۱۳۹ اِبْنُ عَبَّاسٍ هَلَّا اَخَذْتُمْ اِهَابَهَا فَدَبَغْتُمُوْهُ
فَانْتَفَعْتُمْ بِهٖ يَعْنِيْ شَاةً لِمَيْمُوْنَةَ مَيْتَةً بخاری اور مسلم مین عبداللہ بن عباس سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ تم نے اسکی کہال کیون نہ لی سو اسکو تم پاک صاف کرتے پہر اسکو اپنے کام مین
لاتے یعنے میمونہ کی مردہ بکری ف حضرت میمونہ کی بکری مرگئی اسکو کہوڑے پر ڈال دیا تب حضرت نے
یہہ حدیث فرمائی یعنی مردہ جانور کی کہال صاف کرنیکے بعد کام روائی کے لائق ہے موت سے کہال

۲۱۴۰ خ حرام نہین ہوتی خ ابوہریرہؓ ھلاک امتی یرویٰ ھلکۃ امتی علی یدی غلمۃ من
قریش بخاری مین ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ میری امت کی ہلاکی قریش کے لونڈون کے
ہاتھ سے ہوگی ف صحیح بخاری مین روایت ہے کہ مدینے مین حضرتؐ مسجد کے اندر مروانکی روبرو ابوہریرہ نے
یہہ حدیث بیان کی مروان نے کہا خدا اُنپر لعنت کری بکا وہ لونڈے ہونگے ابوہریرہ نے کہا کہ اگر مین
چاہون تو اُنکے نام بھی لیدون کہ فلانا اور فلانا ف یعنی قریش کے قوم سی چند نوجوان خدا ناترس
بے عقل حاکم ہون گے مسلمانونکی بیعزتی اور خونریزی ناحق کرینگے جیسے یزید پلید اور اکثر مروانکی
اولاد اور بعضی عباسی پادشاہ یہہ حدیث معجزہ سے کہ جیسا حضرت نے فرمایا ویسا ہی ہوا چنانچہ
۲۱۴۱ ق اسکا مفصل حال تاریخ مین مذکور ہے ق ابوھریرۃ ھم اشد امتی علی الدجال یعنی
بنی تمیم بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ میری امت مین وہ نہایت سخت ہین
۲۱۴۲ ق دجال پر یعنی بنی تمیم یعنے جب کہ دجال نکلیگا تو بنی تمیم کے قوم پر اسکا قابو نہ چلیگا ق ابو
ذر رھم الاحمرون ورب الکعبۃ فقلت یا رسول اللہ فداک ابی وامی من
ھم قال ھم الاکثرون اموالا الا من قال ھکذا وھکذا وھکذا من بین یدیہ و
من خلفہ وعن یمینہ وعن شمالہ وقلیل ما ھم ما من صاحب ابل ولا
بقر ولا غنم لا یودی زکوتھا الا جاءت یوم القیمۃ اعظم ما کانت واسمنہ
تنطحہ بقرونھا وتطوہ باظلافھا کلما نفدت اخراھا عادت علیہ اولاھا

حتی یقضی بین الناس بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ سے روایت ہے حضرت نے فرمایا کہ وہ نہایت زیانکار
اور بڑے ٹوٹے والے ہین قسم ہے رب کعبہ کی تو مین نے کہا یارسول اللہ آپ پر میرا باپ قربان وہ زیانکار
کون ہین حضرت نے فرمایا وہ بڑے مالدار مگر وہ زیانکار نہین جو دیوی اس طرح اور اسطرح اور اسطرح
اپنے آگے سے اور پیچھے سے اور اپنے داہنے سے اور بائین سے اڑا دیتے ہین ایسے لوگ تو کم ہین جو اونٹ اور
گائی اور بکریکا مالک انکی زکوۃ نہ دیگا تو قیامت مین وہ جانور دنیا سے بہت بڑے اور نہایت موٹے ہوکر آوینگے
اسکو کونچینگے اپنے سینگون سے اور اسکو روندینگے اپنے پیرون سے جب پچھلے جانور گذر چکینگے
تو پہلے جانور پھر پلٹ آوینگے اس طرح کو پیچھا روندا کرینگے یہان تک کہ آدمیون مین فیصلہ ہوچکیگا

ف ابوذر سے روایت ہے کہ حضرت کعبے کے سایہ مین بیٹھے تھے تو جب مجھکو حضرت نے دیکھا تب یہہ حدیث ۳۴۲
فرمائی یعنے سخی مالدار تو کم ہین اکثر بخیل ہوتے ہین نہ زکوۃ دیون نہ محتاجونکی خبر لیوین جب قیامت کے
عذاب مین گرفتار ہونگے تب انکی زیانکاری ثابت ہوگی ح ابوھریرۃ ھامن طعام الجنۃ
الجنۃ اتانی وفد جن نصیبین ونعم الجن فسالونی الزاد فدعوت اللہ لھم
الا یمروا بعظم ولا بروثۃ الا وجدوا علیھا طعاما قال لہ حین قال لہ لا تاتینی
بعظم ولا بروثۃ فقال ما بال العظم والروثۃ بخاری مین ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ وہ دونون یعنی ہڈی اور لید جسکا کہا ہے اور اسکا حال تو یون ہے کہ میرے پاس شہر نصیبین کے
جنون کے ایلچی آئے اور وہ خوب جن ہین سو انہون نے مجھسے کہا نا مانگا تو مین نے انکے واسطے خدا سے

دعا نکی کہ وہ جس ہڈی اور لید پر ہو نکلین اسپر اپنی خوراک پاوین یہہ حضرت نے ابو ہریرہ سے
فرمایا جب حضرت نے اُن سی فرمایا کہ میری پاس ہڈی اور لید نہ لانا تو ابو ہریرہ نی کہا کہ ہڈی اور لید
نہ لانے کا کیا سبب ہے **ف** ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نی مجھسے فرمایا کہ میری واسطے ڈھیلے لانا کہ
مین طہارت کرون اور ہڈی اور لید مت لانا تب مین نی اسکا سبب پوچھا تب حضرت نے یہہ
فرمائی نصیبین ایک شہر کا نام ہے وہان کے جن مسلمان ہوئے تہے اسواسطے حضرت نے انکی تعریف کی
اور دعا کی حضرت کی دعا سے ہڈی پر گوشت جم جاتا ہے اسکو جن کہاتے ہین اور لید کہیں ہو جاتی ہے
اسکو انکے جانور کہاتے ہین تو اس لئے ہڈی اور لید سی استنجا منع ہوا **م** ابو عبیدۃ بن الجراح ۲۱۴۴ **و**
هو زيد في آخر جه الله لكم فهل معكم من لحمه شيء فتطعمونا قال ابو عبيدة
فارسلنا الى رسول الله صلى الله عليه وسلم منه فاكل **قلت** في حوت
ميت رماه البحر **قال الصغاني** مؤلف هذا الكتاب حقق الله بسلطانه امانه
وصدق برهانه اقوله اخذت مضجعي ليلة الاحد الحادية عشرة من شهر
الربيع الاول سنة اثنتين وعشرين وستمائة وقلت اللهم ارني في الليلة
نبيك محمدا صلى الله عليه وسلم في المنام فانك تعلم اشتياقي اليه فرايت
بعد هجعة من الليل كاني والنبي صلى الله عليه وسلم في مشربة ونفر من
اصحابي اسفل منا عند درج المشربة فقلت يا رسول الله ما تقول في

حُوتٍ مَيِّتٍ رَمَاهُ الْبَحْرُ حَلَالٌ هُوَ فَقَالَ وَهُوَ يَبْتَسِمُ إِلَيَّ نَعَمْ فَقُلْتُ وَأَنَا أَشِيرُ
إِلَى مَنْ بِأَسْفَلِ الدَّرَجِ فَقُلْ لِأَصْحَابِي فَإِنَّهُمْ لَا يُصَدِّقُونَنِي فَقَالَ لَقَدْ شَتَمْتَنِي
وَعَابُونِي فَقُلْتُ كَيْفَ يَا رَسُولَ اللهِ فَقَالَ كَلَّا مَا لَيْسَ يَحْضُرُنِي لَفْظُهُ
وَإِنَّمَا مَعْنَاهُ عَرَضْتُ قَوْلِي عَلَى مَنْ لَا يَقْبَلُهُ ثُمَّ أَقْبَلَ عَلَيْهِمْ يَلُومُهُمْ وَيَعِظُهُمْ
فَقُلْتُ صَبِيحَةَ تِلْكَ اللَّيْلَةِ وَأَنَا أَعُوذُ بِاللهِ مِنْ أَنْ أَعْرِضَ حَدِيثَهُ بَعْدَ
لَيْلَتِي هَذِهِ الْأَعْلَى الَّذِينَ يُحَكِّمُونَهُ فِيمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ لَا يَجِدُونَ فِي أَنْفُسِهِمْ
حَرَجًا مِمَّا قَضَى وَيُسَلِّمُونَ تَسْلِيمًا مسلم میں ابو عبیدہ بن جراح سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
کہ وہ مُردہ مچھلی روزی ہے کہ خدا نے تمہارے واسطے نکالی سو کچھ تمہارے پاس اسکے گوشت سے کچھ باقی
ہے تو ہمکو کھلاؤ ابو عبیدہ نے کہا ہمنے حضرت کے پاس کچھ اسکا گوشت بھیجا سو حضرت نے کھایا یہ حضرت نے
اُس مُردہ مچھلی کے حق میں فرمایا جسکو سمندر نے باہر خشکی میں ڈال دیا تھا ف جابر سے روایت ہے
کہ حضرت نے ہم کو لڑائی پر بھیجا اور ابو عبیدہ کو ہم پر حاکم کیا ہمارے توشہ کا کھانا ہو چکا اور ہم بھوک سے عاجز
ہوئے تو سمندر نے ایک مُردہ مچھلی باہر ڈال دی ویسی بڑی مچھلی ہم نے کبھی نہ دیکھی تھی اسکی پسلی سے
گھوڑے کا سوار گذر جاتا تھا اول اُسکے حلال ہونے میں تردد ہوا بعد اسکے اضطرار کے سبب سے اسکو کھانا
شروع کیا ہم تین سو آدمی مہینا بھر وہاں رہے اور رکھا یا کئے جب ہم مدینے میں آئے تو حضرت سے یہ قصہ
نقل کیا آپ حضرت نے یہ حدیث فرمائی امام اعظم کے مذہب میں اگر مچھلی بے سبب مرجاوی اور پانی

تر آدمی تو حلال نہین اور اگر کسی صدمے اور سبب سے مرجاوی تو حلال ہے ف حسن صفانی اس کتاب کے
مصنف نے کہا کہ خدا اسکی اُمیدون کو اپنے قدرت سے برلاوی اور اپنی حجت اور دلیل سے قولون کو سچا کرے
کہ مین اپنے فرش پر لیٹا اتوار کی رات شہر ربیع الاول کی گیارھوین تاریخ ۶۲۲ سنہ چھ سو بائیس ہجریین اور
مین نے کہا کہ الٰہی مجھکو آج کی رات اپنے پیغمبر محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خواب مین دکھلادے کہ اُسکے دیدار کو
میرا اشتیاق تو جانتا ہے تو رات کو ایک نیند کے بعد مین نے دیکھا کہ گویا مین اور حضرت ایک بالا خانے
پر ہون اور چند لوگ میرے ساتھ کے ہم ہی نیچے بالا خانے کے سیڑھی پاس موجود ہین تو مین نے کہا یا
رسول اللہ آپ کیا فرماتے ہین مردہ مچھلی کے حق مین جسکو سمندر نے باہر ڈالا کیا وہ حلال ہے تو
حضرت نے مسکراتے فرمایا کہ ہان حلال ہے تو مین نے عرض کی اور جو لوگ کہ سیڑھی کے نیچے ہین انکی
طرف اشارہ کیا کہ میرے ان ساتھیون سے فرما دیجئی کہ یے لوگ مجھکو سچا نہین جانتے تو حضرت نے
فرمایا کہ تو نے مجھکو گالی دی اور ان لوگون نے مجھکو عیب لگایا تو مین نے عرض کی کہ یا رسول اللہ
یہ کیونکر ہے تو حضرت نے کچھ کلام کیا کہ اسکے لفظین مجھکو یاد نہین رہین ولیکن اسکا مطلب تو
یہی تھا کہ تو نے میری حدیث اُن لوگون سے بیان کی جو اسکو قبول نہین کرتے یعنے نااہلون کے
سامنے حضرت کی حدیث نقل کرنا کمال بی ادبی سے گالی دینے کے برابر ہے حضرت اُن لوگون کی طرف
متوجہ ہوئے انکو ملامت و نصیحت کرنے لگے پھر مین نے اُس رات کی فجر کو کہا کہ مین خدا کی پناہ
مانگتا ہون اُس سے کہ اُس رات کے بعد مین حضرت کی حدیث کو کسی سے بیان کرون گمراہ نہین

لوگون سی کہون گا جو اپنی اختلافات مین حضرت ہی کو حکم اور فیصلہ کرنیوالا جانتے ہین پھر اپنے دلون
مین حضرت کے حکم اور فیصلہ سی کچھہ تنگی اور اداسی نہین پاتے اور اپنا کاروبار سب حضرت ہی کو
سونپتے ہین دل سے ۔ ف مصنف کی خواب سی بھی معلوم ہوا کہ ایسی مہملی حلال ہے
اور ثابت ہوا کہ حضرت کی حدیث نااہلون کے روبرو بیان کرنا بے ادبی ہے متدین دیندار سے
کہنے نااہل کے روبرو ضائع نکرے ۔ ق ۲۱۴۵ اَلْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ هُوَ فِي ضَحْضَاحٍ
مِنَ النَّارِ وَلَوْلَا أَنَا لَكَانَ فِي الدَّرْكِ الْأَسْفَلِ مِنَ النَّارِ يَعْنِي أَبَا طَالِبٍ بخاری اور مسلم مین
عباس بن عبدالمطلب سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ وہ یعنی ابو طالب دوزخ کی پایاب یعنے
چھچھلی آگ مین ہے اور اگر مین نہوتا تو دوزخ کے نیچی تہ مین ہوتا ۔ ف ابو طالب نی حضرت کو پرورش
ق ۲۱۴۶ کیا اور ہمیشہ حضرت کے حامی اور مددگار رہے اسواسطے دوزخ مین اُنپر کمتر ہلکا عذاب ہوگا ۔ ق أَنَسٌ
هُوَ لَهَا صَدَقَةٌ وَلَنَا هَدِيَّةٌ يَعْنِي لَحْمًا تُصُدِّقَ بِهِ عَلَى بَرِيرَةَ بخاری اور مسلم مین
انس رضہ سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ وہ گوشت اسکے حق مین صدقہ ہے اور ہمارے واسطی تحفہ ہے
یعنے وہ گوشت جو بریرہ کو صدقہ ملا تہا ۔ ف بریرہ حضرت عائشہ کی خادمہ تہی اسکو زکوۃ کا
گوشت ملا تہا حضرت نی اسکو کہایا اور یہہ فرمایا یعنی جب زکوۃ کا اول محتاج مالک ہوا پھر
ق ۲۱۴۷ اُسنی غنی یا ہاشمی کو دیا درست ہے ۔ م حَمْزَةُ بْنُ عَمْرٍو الْأَسْلَمِيُّ يَا رَسُولَ اللَّهِ رُخْصَةٌ مِنَ اللَّهِ فَمَنْ أَخَذَ
بِهَا فَحَسَنٌ وَمَنْ أَحَبَّ أَنْ يَصُومَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ فَقَالَ حِينَ قَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ

أَجِدُنِي قُوَّةً عَلَى الصِّيَامِ فِي السَّفَرِ فَهَلْ عَلَيَّ جُنَاحٌ مسلم بن حمزہ بن عمر ہی روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ سفر میں افطار کرنا رخصت ہے خدا کی طرف سے سو جو اس رخصت کو لیوی تو اچھا ہے
اور جو کہ روزہ رکھا چاہے تو اسپر کچھ گناہ نہیں یہ حضرت نے حمزہ سے کہا جب کہ اسنے کہا تھا
کہ یا رسول اللہ میں اپنے اندر سفر میں روزہ رکھنے کی قوت پاتا ہوں سو کیا مجھپر گناہ ہے روزہ
رکھنے میں **ف** یعنے تخفیف اور آسانی کے واسطے خدا نے روزہ کا رکھنا سفر میں اجازت دی ہے
یہ حکم فرض نہیں سفر میں روزہ رکھنے نہ رکھنے میں آدمی کو اختیار ہے **م** ابو موسیٰ ۲۱۴۸ م
مَا بَيْنَ أَنْ يَجْلِسَ الْإِمَامُ إِلَى أَنْ تُقْضَى الصَّلَوٰةُ يَعْنِي سَاعَةَ الْجُمُعَةِ مسلم بن
ابو موسیٰ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جمعہ کی مقبول ساعت امام کے بیٹھنے سے نماز کے ادا
ہونے تک ہے **ش** بہت احادیث میں ثابت ہے کہ جمعہ میں ایک ایسی ساعت ہے کہ اسمیں مسلمان
جو دعا کرے سو قبول ہوتی ہے لیکن اسمیں اختلاف ہے کہ وہ ساعت کون ہے سو دو قول اسمیں نہایت
صحیح ہیں ایک تو یہ کہ وہ ساعت اسوقت سے ہے کہ امام منبر پر بیٹھے یہاں تک کہ نماز ہو چکے
اس قول کی سند بھی حدیث ہے دوسرا قول یہ ہے کہ وہ ساعت جمعہ کی اخیر ساعت ہے جب
آفتاب ڈوبنے لگے چنانچہ عبداللہ بن سلام سے اس مضمون کی حدیث منقول ہے اکثر علما کے نزدیک
دوسرا قول نہایت قوی ہے چنانچہ اسکی تفصیل صراط المستقیم سفر السعادت کی شرح میں
موجود ہے جسکو تحقیق کا شوق ہو اسکو دیکھے **ح** ابو ہریرہ ۲۱۴۹ ح
عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ مَلَائِكَةٌ لَا تَقْبِضُ

نَفَقَةُ سَحَّاءُ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ أَرَأَيْتُمْ مَا أَنْفَقَ مُنْذُ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ
فَإِنَّهُ لَمْ يَغِضْ مَا فِي يَمِينِهِ وَعَرْشُهُ عَلَى الْمَاءِ وَبِيَدِهِ الْأُخْرَى الْقَبْضُ أَوِ
الْفَيْضُ يَرْفَعُ وَيَخْفِضُ بخاری میں ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ خدا کی قدرت کا داہنا
ہاتھ ہے پر خرچ کرنا اُسکو کم نہیں کرتا دست قدرت شب و روز اُمڈ بہنے والا ہے یعنی ہر دم فیض کا
ریلہ جاری ہے بھلا دیکھو تو کہ جو خدا نے خرچ کیا جیسے کہ آسمان اور زمین کو بنایا کہ اتنے خرچ نی تو اُسکے
داہنے ہاتھ میں سے کچھ کم نہیں کیا اور حالانکہ یہہ فیض اُسوقت سی ہے کہ عرش خدا پانی پر تھا یعنے ازل سے
اور خدا کے دوسرے ہاتھ میں روک ہے یا یوں فرمایا کہ فیض ہے کسی کو اُٹھاتا ہے اور کسی کو جھکاتا
ہے ف یعنے کشایش اور تنگی دونوں خدا کی صفتیں ہیں ق أَبُو هُرَيْرَةَ يَمِينُكَ عَلَى ق ۲۱۵۰
مَا يُصَدِّقُكَ بِهِ صَاحِبُكَ وَفِي رِوَايَةٍ يُصَدِّقُكَ عَلَيْهِ صَاحِبُكَ مسلم
میں ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ تیری قسم کا اعتبار تیرے ساتھی کے تصدیق پر ہے
اور دوسری روایت یوں ہے کہ تیری قسم وہی معتبر ہے جس پر تیرا ساتھی تصدیق کرے
یعنے مدعی کی مراد پر قسم کھاوے تب معتبر ہے چنانچہ اُسکا بیان ساتویں باب میں گذرا

## الباب السابع عشر

فِي الْكَلِمَاتِ الْقُدْسِيَّةِ الَّتِي أَخْبَرَ بِهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ

وسلم عن ربہ جل جلالہ کہا رہون اب مین قدسی حدیثین ہین جنکی حضرت نے اپنے رب کی
طرف سے روایت کی اس باب مین مصنف صرف قدسی حدیثین لایا ہے قدسی حدیث اسکو
کہتے ہین کہ حضرت یون کہین کہ خدا نی یون فرمایا قرآن اور قدسی حدیث مین یہہ فرق ہے کہ قرآنکا
مضمون اور لفظ دونون خدا کی طرف سے ہین اور حدیث قدسی مین مضمون خدا کا اور لفظ حضرت کے
خدا نی ایک مطلب بطور الہام کے حضرت کے دل مین ڈالا حضرت نے اسکو اپنی عبارت سے بیان کیا
قرآن کا چونا بی وضو درست نہین اور حدیث قدسی کا چونا درست ہے خ ۲۱۵۱ خ اَنَسٍ اِذَا ابْتَلَیْتُ
عَبْدِیْ بِحَبِیْبَتَیْہِ ثُمَّ صَبَرَ عَوَّضْتُہٗ مِنْھُمَا الْجَنَّۃَ بخاری مین انس رض سے کہ حضرت نے
فرمایا کہ خدا فرماتا ہے کہ جب مین نی اپنے بندے کو اسکی دو پیاری چیزون مین مبتلا کیا یعنے دونو
آنکھین اسکی جاتی رہین پھر اسنے صبر کیا تو اسکے عوض اسکو مین بہشت دونگا ف دونون
آنکھین آدمی کو بہت پیاری ہین انکا پھوٹنا یا انکی روشنی کا گم ہونا اسپر نہایت شاق ہے
جب اسنی ایسی سخت مصیبت پر صبر کیا اپنے مالک کا شکوہ نیکیا تو اسواسطے اسکا بدلا بہشت کو
مقرر کیا خ ۲۱۵۲ خ اَبُوْھُرَیْرَۃَ اِذَا اَحَبَّ الْعَبْدُ لِقَآئِیْ اَحْبَبْتُ لِقَآئَہٗ وَاِذَا کَرِہَ لِقَآئِیْ
کَرِھْتُ لِقَآئَہٗ بخاری مین ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ خدا فرماتا ہے کہ جب بندے
نے میرا ملنا دوست رکھا تو مین بھی اسکا ملنا دوست رکھتا ہون اور جب اسکو میرا ملنا برا لگا
تو مجھکو بھی اسکا ملنا برا لگتا ہے ف یعنی ایماندار کو مرتے وقت مغفرت کی بشارت

ہوتی ہے تو وہ موت کا اور خدا کے حضوری کا مشتاق ہوتا ہے اور کافر کو مرتے وقت عذاب
نظر آتا ہے تو وہ موت سے اور خدا کے حضوری سے گھبراتا ہے خ ۲۱۵۳ خ اَبُوْھُرَیْرَۃَ اِذَا تَلَقَّانِیْ
عَبْدِیْ بِشِبْرٍ تَلَقَّیْتُہٗ بِذِرَاعٍ وَاِذَا تَلَقَّانِیْ بِذِرَاعٍ تَلَقَّیْتُہٗ بِبَاعٍ وَاِذَا
تَلَقَّانِیْ بِبَاعٍ جِئْتُہٗ بِاَسْرَعَ بخاری میں ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا خدا فرماتا ہے
کہ جب میرا بندہ میرے آگے بالشت بھر بڑھتا ہے تو میں اسکے آگے ہاتھ بھر بڑھتا ہوں اور جب
وہ میرے آگے ہاتھ بھر بڑھتا ہے تو میں اسکے آگے دونوں ہاتھوں کے پھیلاؤ برابر بڑھتا ہوں اور جب
وہ میرے آگے دونوں ہاتھوں کے پھیلاؤ برابر بڑھتا ہے تو میں اسکے پاس اس سے بھی زیادہ جلدی
بڑھتا ہوں ف یعنی جتنا بندہ خدا کی طرف متوجہ ہوتا ہے اسکا دوناچوکنا خدا بندے پر متوجہ
ہوتا ہے اسکا مددگار ہو کر دین کے مشکل کام آسان کر دیتا ہے اس حدیث میں نیک
کاموں کی ترغیب ہے جسسے خدا کی نزدیکی حاصل ہوتی ہے م ۲۱۵۴ م اَبُوْھُرَیْرَۃَ اِذَا ھَمَّ عَبْدِیْ
بِسَیِّئَۃٍ فَلَا تَکْتُبُوْھَا عَلَیْہِ فَاِنْ عَمِلَھَا فَاکْتُبُوْھَا سَیِّئَۃً وَاِذَا ھَمَّ بِحَسَنَۃٍ
فَلَمْ یَعْمَلْھَا فَاکْتُبُوْھَا حَسَنَۃً فَاِنْ عَمِلَھَا فَاکْتُبُوْھَا عَشْرًا مسلم میں ابوہریرہ سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ خدا فرشتوں سے فرماتا ہے کہ جب میرا بندہ بدی کا قصد کرے تو اسکو سیئت
لکھو اور اگر اسنے اس بدکام کو کیا تو ایک بدی لکھو اور جب اسنی نیکی کا قصد کیا اور اسپر عمل
نکیا تو ایک نیکی لکھو اور اگر اسنی نیک کام کیا تو دس نیکیاں لکھو ق سبحان اللہ

کیا اسکی رحمت اپنے بندون پر بیحساب ہے کہ بد کام کے قصد کو نہ لکھا وی اور نیک کام کے قصد کو
بدون کئے لکھا وی اور بدی کو ایک ہی رکھے اور نیکی کو دس گنا کر ڈالے لیکن اسکو دریافت کیا
چاہیے کہ بدی کا قصد البتہ نہین لکھا جاتا لیکن اگر بدی کے قصد پر عزم مصمم ہو گیا یعنی اسکا کرنا
بے نزدیک سا دل مین ٹھن گیا ہو تو اسکی دو صورتین ہین ایک تو یہ کہ بعد عزم مصمم ہونے کے اس
بد کام کو خوف الٰہی سے عمل مین نہ لایا اور پشیمان ہوا تو ایک نیکی لکھی جاویگی بسبب اسکے کہ
اسنے خدا کے واسطے اپنی خواہش نفسانی کو مارا دوسری صورت یہ کہ بدی کا عزم مصمم سوای خوف
الٰہی کے کسی اور سبب سے ظاہر نہونے پایا تو بے شک ایک گناہ لکھا جاویگا جیسے کسی نے رات کو
اپنے دل مین یہ عزم مصمم کیا کہ مین کل فلانے کو قتل کرونگا یا فلانی عورت سے حرام کرونگا اور اسی رات کو
وہ مر گیا یا وہ عورت مر گئی تو اسپر قصد قتل اور حرام کا گناہ ثابت ہوا چنانچہ یہ مطلب
اور حدیثون مین صاف مذکور ہے ق ابو ہریرہ کہ اعددت لعبادی الصالحین ما
لا عین رأت ولا اذن سمعت ولا خطر علی قلب بشر بخاری اور مسلم مین ابو ہریرہ سے روایت
ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ خدا فرماتا ہے کہ مین نے تیار کر رکھا ہے اپنے نیک بندون کے لئے جو کسی
آنکھ نے نہ دیکھا اور نہ کسی کان نے سنا اور نہ کسی آدمی کے دل مین خیال گذرا ف یعنی بہشتین نیکون کے
واسطے ایسی عمدہ نعمتین ہین کہ انکے مانند دنیا مین کوئی چیز نہین جسکو مثال دیجئے مصع چہ نسبت
خاک را با عالم پاک م ابو ہریرہ کہ انا اغنی الشرکاء عن الشرک من عمل عملا اشرک

ق ۱۲۵۶

م ۲۱۵۶

فِیْهِ مَعِیَ غَیْرِیْ تَرَکْتُهٗ وَشِرْکَهٗ مسلم مین ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ خدا
فرماتا ہے کہ مین بہ نسبت اور شریکون کے نہایت بے پرواہون ساجھی سے جسنے کوئی ایسا
عمل کیا جسمین میرے ساتھ میرے غیر کو ملایا اور ساجھی کیا تو مین اسکو اور اسکے ساجھی کے کام کو چھوڑ دیتا ہون
ف یعنی جو عبادت اور عمل دکھانے اور شہرت کے واسطے ہو وہ خدا کے نزدیک مقبول نہین مردود
ہے خدا اُسی عبادت اور عمل کو مقبول کرتا ہے جو خدا ہی کے واسطے خالص ہو دوسرے کا اُسمین
کچھ بھی لگاؤ نہو ق ۲۱۵۷ ابوھریرۃ انا عند ظن عبدی بی وانا مع عبدی اذا ذکرنی بخاری
اور مسلم مین ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ خدا فرماتا ہے کہ مین اپنے بندے کے گمان اور اسکے
پاس ہون جیسا گمان کہ میرے ساتھ رکھے اور مین اپنے بندے کے ساتھ ہوتا ہون جبدم کہ مجھکو یاد
کرتا ہے ف پوری روایت یون ہے کہ اگر بندہ مجھکو اپنے جی مین یاد کرتا ہے تو مین بھی اسکو
اپنے جی مین یاد کرتا ہون اور اگر مجھکو مجمع مین یاد کرتا ہے تو مین اسکو اُس مجمع مین یاد کرتا ہون جو
اُسکے مجمع سے بہتر یعنی اسکا ذکر فرشتون اور ارواح انبیا مین کرتا ہون اس حدیث مین ذکر کی
فضیلت اور نیک عمل کی ترغیب ہے جس سے حسن ظن خدا سے حاصل ہو اور نہین کہ گناہون پر
تواڑ جاوی اور یون کہے کہ خدا مجھکو ضرور بخشیگا اس واسطے کہ اسکا نام رجا اور حسن ظن نہین
بلکہ یہ باطل آرزو اور شیطانی وسواس ہے جیسے کوئی بدون جوتے بوئے خرمن کے آرزو رکھے تو سودائی
اور دیوانہ گنا جاویگا ق ۲۱۵۸ ابوھریرۃ ان الصوم لی وانا اجزی بہ بخاری اور مسلم مین

ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ خدا فرماتا ہے کہ روزہ میرے ہی واسطے ہے اور مین
اسکا بدلا دونگا یعنی اسکا فرشتون سی بدلا نہ دلاؤنگا خود دونگا ف روزے کو خدا نی اپنی
طرف اسواسطے نسبت کیا کہ اور عبادت مین جیسے نماز زکوۃ حج مین ریا اور نمود اری کو دخل ہے
لیکن روزی مین دخل نہین کہ اگر روزہ دار ظاہر کرے تو اسکو کوئی نہین جان سکتا اور دوسرا
سبب یہہ کہ ہر عبادت مین فرشتے آدمی کے شریک ہین مگر روزہ مین شریک نہین اسواسطے کہ انکو
بہوکہہ پیاس نہین جسکو روکین م ۲۱۵۹ مَا نَسْرَانَّ اُمَّتَكَ لَا يَزَالُوْنَ يَقُوْلُوْنَ مَا كَذَا مَا كَذَا
حَتّٰى يَقُوْلُوْا هٰذَا اللّٰهُ خَلَقَ الْخَلْقَ فَمَنْ خَلَقَ اللّٰهَ سلم مین اس سے روایت ہے کہ
حضرت نے فرمایا خدا فرماتا ہے کہ تیرے امت کے لوک ہمیشہ کہتے رہینگے ایسا کیا ہے ایسا
کیا ہے یہان تک کہ کہین گے یہہ تو خدا ہے جسنی خلق پیدا کیا سو خدا کو کسنی پیدا کیا یعنے اس ف
امت مین بعضی نادان بیہودہ سوالات کرتے ذکر کرتے یہان تک نوبت پہنچاوین گے کہ خدا مین
تردد کرین گے حالانکہ اسکے برابر کوئی حماقت نہین اسواسطے کہ خالق کا وہ محتاج ہے جو اول اسکا
وجود نہو بعد عدم کے ظاہر ہوا ور جسکے وجود کی نہ ابتدا ہو نہ انتہا وہ کیونکر غیر کا محتاج ہو یہہ
وہی سوال ایسا ہے جیسے کوئی کہے کہ ہر چیز تو آفتاب کی روشنی سے ظاہر ہے اور آفتاب
کس کی روشنی سے ظاہر ہے ع مصرع آفتاب آمد دلیل آفتاب حدیثین آیا ہے جسکو پیاسو
آدمی وہ اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم پڑھے م ۲۱۶۰ اَبُوْهُرَيْرَةَ اِنَّ لِلصَّائِمِ فَرْحَتَيْنِ

اِذَا اَفْطَرَ فَرِحَ وَاِذَا لَقِیَ اللّٰہَ فَرِحَ مسلم مین ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ خدا
فرماتا ہے کہ روزہ دار کو دو خوشی ہین جب کہ اُسنے روزہ کھولا خوش ہوگیا اور جب خدا سے
ملیگا تو خوش ہوگا **ف** روزہ کھولنے کے وقت تو یہہ خوشی ہے کہ روزہ پورا ہوا اور ۲۱۶۱
بھوکہ پیاس کا غلبہ گیا اور خدا سی ملکر ثواب روزیکا پاویگا تو خوش ہوگا **خ** اَبُوْذَرٍّ
اِنِّیْ حَرَّمْتُ الظُّلْمَ عَلٰی نَفْسِیْ وَعَلٰی عِبَادِیْ اَلَا فَلَا تَظَالَمُوْا بخاری مین ابوہریرہ سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا خدا فرماتا ہے کہ مین نی ظلم اپنے اوپر اور اپنے بندون کے پر حرام کیا خبردار
ہو جاؤ ایک دوسرے پر ظلم نکیا کرو **ف** یعنے خدا ظلم سی پاک ہے اُسکی صفت عادل ہے
اِسلیے بندون مین بھی عدل کو پسند رکھتا ہے **م** اَبُوْھُرَیْرَۃَ اَیْنَ الْمُتَحَابُّوْنَ بِجَلَالِیْ ۲۱۶۲
اَلْیَوْمَ اُظِلُّھُمْ فِیْ ظِلِّیْ یَوْمَ لَا ظِلَّ اِلَّا ظِلِّیْ مسلم مین ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ خدا فرماویگا کہان ہین وہ لوگ جو آپسمین محبت رکھتے تھے میری عظمت اور جلال کے
سبب سے آج اُنکو اپنے سایے مین رکھون گا اپنے سایے مین جسدن کوئی سایہ نہین میرے سایے کے سوا
**ف** یعنی جو آپسمین لہ محبت رکھتے ہین اُنکی محبت صرف خداہی کے واسطے رہا اور
طمع دنیا اور خواہش نفسانی سے اُنکی محبت پاک ہے وہ قیامت کو ایسا عمدہ درجہ ۲۱۶۳
پاوین گے کہ خدا کی حمایت اور عرش کے سایہ مین ہون گے **خ** اَبُوْھُرَیْرَۃَ ثَلٰثَۃٌ اَنَا
خَصْمُھُمْ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ رَجُلٌ اَعْطٰی بِیْ ثُمَّ غَدَرَ وَرَجُلٌ بَاعَ حُرًّا فَاَکَلَ

ثَمَنَهُ وَرَجُلٌ اسْتَأْجَرَ اَجِيرًا فَاسْتَوْفَى مِنْهُ وَلَمْ يُعْطِ اَجْرَهُ بخاری مین ابوہریرہ سے
روایت ہے کہ حضرت نبی نے فرمایا کہ خدا فرماتا ہے کہ تین شخص کا مین مدعی دشمن ہو جاونگا قیامت کے
دن ایک تو وہ مرد جسنے میرا درمیان دیا پھر دغا کی اور دوسرا مرد وہ جسنے آزاد آدمی کو
بیچا سو اُسکی قیمت کھائی اور تیسرا مرد وہ جسنے کسی مزدور کو مزدوری لگایا پھر اس سے پورا
کام کروالیا اور اُسکی مزدوری نہ دی ف خدا کو درمیان دیا یعنے کسی سے قول قسم کی خدا کو
درمیان دیکر یا کسی سی قرض لیا خدا کو ضامن دیکر م اَبُوْهُرَيْرَةَ قَسَمْتُ الصَّلٰوةَ بَيْنِيْ ۲۱۶۴ م
وَبَيْنَ عَبْدِيْ نِصْفَيْنِ وَلِعَبْدِيْ مَا سَاَلَ مسلم مین ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نبی نے فرمایا
خدا فرماتا ہی کہ مین نے نماز کو بانٹا اپنے اور اپنے بندے کے درمیان آدھون آدھ اور میرے بندے کے لیے
ہے جو مانگے ف پوری روایت یون ہے کہ جب بندہ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ کہتا ہے خدا
فرماتا ہی میرے بندے نے میری تعریف کی اور جب الرحمن الرحیم کہتا ہے خدا فرماتا ہے میرے بندے نے
میری ثنا اور صفت کی اور جب مالک یوم الدین کہتا ہے خدا فرماتا ہے میرے بندے نے میری بڑائی بیان
کی اور جب ایاک نعبد وایاک نستعین کہتا ہے تو خدا فرماتا ہے کہ یہ آیت میرے اور میرے بندے کے
درمیان ہے یعنے عبادت خدا کو اور مدد کا فائدہ بندے کو اور جب اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ
صراط الذین انعمت علیہم غیر المغضوب علیہم ولا الضالین کہتا ہے خدا فرماتا ہی یہ
میرے بندے کے واسطے ہے یعنے سورۂ فاتحہ مین دو مطلب ہین ایک حمد و ثنا دوسرے دعا

توحید و ثنا خدا کے واسطے ہی اور دعا بندے کے واسطے ہے سو اسی واسطے فرمایا کہ نماز لیعنے سورۂ
فاتحہ میرے اور میرے بندے کے درمیان آدھوں آدھ ہے خ ابو ہریرۃ کذب بنی ابن ادم
ولم یکن لہ ذلک وشتمنی ولم یکن لہ ذلک فاما تکذیبہ ایای فقولہ
لن یعیدنی کما بدانی ولیس اول الخلق باھون علی من اعادتہ واما شتمہ
ایای فقولہ اتخذ اللہ ولدا وانا الاحد الصمد الذی لم یلد ولم یولد
ولم یکن لی کفوا احد بخاری مین ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ خدا فرماتا ہے کہ آدم کے
بیٹے نے مجھکو جھٹلایا اور اسکو یہہ لازم نہ تھا اور مجھکو گالی دی اور اسکو یہہ لایق نتھا سو میرا جھٹلانا
تو اسکے اس قول مین ہے کہ کہتا ہے کہ خدا مجھکو کبھی دوسری بار نہ بناویگا جیسے اسنے اول بار مجھکو بنایا
اور حالانکہ اول بار کا بنانا مجھپر بہت آسان نہین دوسری بار کے بنانے سے لیعنے دونون بار کا
بنانا مجھکو برابر ہے اور یہہ نہین کہ اول بار کا بنانا تو آسان ہو اور دوسری بار کا مشکل
اور مجھکو گالی دینا تو اس قول مین ہی کہ بندہ کہتا ہے کہ خدا نے بیٹا لیا اور حالانکہ مین تو ویسا
اکیلا پاک ہون جو نہ کسی کو جنا نہ کسی سے جنا اور نہ اسکے جوڑ کا کوئی ف خدا نے قرآن مین
خبر دی کہ قیامت ہوگی مردے دوسری بار پیدا ہون گے اور عرب کے کافر اسکا انکار کرتے
تھے تو اسواسطے اسکو تکذیب کیا اور گالی سے مراد عیب گوئی ہے نصارا کہتے ہین جیسی
خدا کا بیٹا ہے اور یہود عزیر کو بیٹا کہتے ہین اور عرب کے کافر فرشتون کو خدا کی بیٹیان کہتے

خ ۲۱۶۵

۲۱۶۶ م

فہ عیاض بن حمار کل مال نحلتہ عبدا حلال وانی خلقت عبادی حنفاء کلہم وانہم اتتھم الشیاطین فاجتالتہم عن دینہم وحرمت علیہم ما احللت لہم وامرتہم ان یشرکوا بی ما لم انزل بہ سلطانا

مسلم میں عیاض بن حمار سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا خدا فرماتا ہے کہ جو مال کہ میں نے بندیکو دیا سو حلال ہے اور میں نے اپنے سب بندوں کو حنفی پیدا کیا جو باطل دین پر نہ جھکے اور البتہ اُنکے پاس شیطان آئے سو اُنکو اُنکی پیدا ایشی دین سے پھیر ڈالا اور اُن پر حرام کیا جو میں نے اُنپر حلال کر دیا تھا اور شیطانوں نے اُنکو بتلایا کہ میرے ساتھ اس چیز کو شریک ٹھہراؤ جسپر میں نے کوئی دلیل نہیں اُتاری ف یعنے اگر شیطان اور کسی کو نہ بہکاتے تو ہر آدمی اپنے پیدا ایشی دین پر رہتا یعنے شرک نکرتا اور حلال چیز کو بدون حکم الٰہی کے حرام نہ جانتا کھار عرب کا معمول تھا کہ بتوں کے نام پر سانڈ چھوڑتے اور اسکا کھانا حرام جانتے سو فرمایا کہ یہ شیطانی بات ہے کہ حلال کو حرام کہتے ہیں اس حدیث سے معلوم ہوا کہ نذر نیاز کے کھانے کو جسکو عورتیں اچھا نا کہتے ہیں بدون فاتحہ ہوئے نہ کھانا یا حضرت فاطمہ کی فاتحہ کے کھانے کو مردوں کو نہ دینا ہرگز درست نہیں یہ بھی شیطانی بات ہے کہ شرع میں اسکا کچھ حکم نہیں

۲۱۶۷ م

ہ ابوہریرۃ لا ینبغی لعبد لی ویروی لعبدی ان یقول انا خیر من یونس بن متی

مسلم میں ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا خدا فرماتا ہے کہ میرے بندیکو

لایق نہین یون کہنا کہ مین یونس بن متی سے بہتر ہون ف حضرت یونس بدون حکم خدا
اپنی قوم سے نکل گئے تھے سو اگر کوئی انکو بے صبر جان کر اپنے تئین بہتر کہے تو ہرگز درست
نہین اسواسطے کہ پیغمبرون سے کوئی بہتر نہین ہوسکتا ح ابوہریرۃ ما انعمت علی ۲۱۶۸
عبادی من نعمۃ الا اصبح فریق منھم بھا کافرین یقولون الکوکب بالکوکب
مسلم مین ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا خدا فرماتا ہے مین اپنے بندون پر کوئی ایسی
نعمت نہین دیتا جسکے بیقطے منکر نہین ہوتے ہین کہتے ہین فلانے ستارے نے پانی برسایا
اور فلانے تارے کے سبب سے پانی برساف یعنے مینہہ تو خدا برساتا ہے
اور نادان لوگ اسکو تارے اور نکہت کی تاثیر سے جان کر خدا کا شکر نہین کرتے ۲۱۶۹
ع ابوہریرۃ ما زال عبدی یتقرب الی بالنوافل حتی احببتہ
فکنت سمعہ الذی یسمع بہ وبصرہ الذی یبصر بہ ویدہ التی یبطش
بھا ورجلہ التی یمشی بھا ولئن سألنی لاعطینہ ولان استعاذنی
لاعیذنہ بخاری مین ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا خدا فرماتا
ہے کہ میرا بندہ ہمیشہ میری نزدیکی نفل عبادتون کے واسطے سے چاہا کرتا
ہے یہان تک کہ مین اسکو چاہنے لگتا ہون تو مین اسکا کان ہوجاتا ہون
جس سے سنتا ہے اور اسکی آنکھ ہوجاتا ہون جس سے دیکھتا ہے

اور اسکا ہاتھ ہو جاتا ہون جس سے پکڑتا ہے اور اسکا پاؤن ہو جاتا ہون جس سے
چلتا ہے اور اگر مجھسے وہ کچھہ مانگے تو مقرر مین اسکو دون اور اگر مجھسے پناہ مانگے تو البتہ
اسکو پناہ مین رکھون **ف** اس حدیث مین اس مقام کا بیان ہے جسکو علم سلوک
مین فنا فی اللہ اور بقا باللہ کہتے ہین اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جب بندہ کثرت عبادت سے
مقبول ہوا تو خدا اسکے دل اور جوارح کا یعنے آنکھہ کان ہاتھہ پاؤن کا حافظ ہو جاتا ہے
گناہون سی اُنکو روکتا ہے اور بعضے کہتے ہین کہ خدا اپنے بندے مقبول کی حاجت روائی مین
اسکے کان اور آنکھہ اور پاؤن سی بھی زیادہ متوجہ ہوتا ہی لیکن تحقیق مطلب یہ ہے
کہ جب محبت الہی نے بندے پر سایہ ڈالا تو اُسکو سوای خدا کے کسی چیز سے تعلق
اور دلبستگی نہین رہتی اور بجز رضای الہی کے کوئی ارادہ اور تمنا اُسکے دل مین نہین
دخل پائی تو کوئی کام جسمین خدا کی مرضی نہو اُس سے نہین ہو سکتا آنکھہ کان ہاتھہ
پاؤن مرضی خدا کے تابع ہو جاتے ہین بے اُسکے مرضی نکسی چیز کو دیکھے نہ کوئی بات کو
سُنے سو ایسے عمدہ درجے حاصل کرنے کا طریقہ اس حدیث مین اشارہ فرمایا کہ دوام
نوافل سے حاصل ہوتا ہے یعنے جب بندے نے جانا کہ قرب الہی اور خدا کے نزدیکی کا
بدون عبادت کے کوئی طریق نہین تو اس واسطے وہ عبادت پر کمر باندھتا ہی اور عبادت
دو قسم ہے فرض اور نفل مگر فرض عبادت تو ہر وقت میسر نہین ہوتی کہ اسکے وقت

مقرر ہین تو مشتاق بندے سے اُن وقتون مین جو فرض سے خالی ہین بے شغل اور خالی
نہین رہا جاتا اسواسطے اُن خالی وقتون کو نفل عبادت سے معمور رکھتا ہے جب چند مدت
کمال شوق اور خلوص سے اسی طرح نوافل پر مستعد رہا تو بموجب وعدہ کے مقبول درگاہ
صمدی اور محبوب الٰہی ہوکر اسکا یہہ حال ہو جاتا ہی کہ شعر ہمہ کوشیم تا چہ فرمائی
ہمہ چشیم تا نظر آئی اس حدیث سے صاف ثابت ہوا کہ ایسا عمدہ کمال بدون
کثرت نوافل کے نہین میسر ہوتا ہی تو معلوم ہوا کہ یہہ جو بعضے جاہل خلاف شرع
بے نمازی فقیرون کو ایسا کمال ثابت کرتے ہین سو انکا غلط گمان ہے اسواسطے کہ
نفل کا بکاذ کرے وہ لوگ تو فرض کو بھی چٹ کر ڈالتے ہین ع ابوہریرۃ ما ۲۱۷
لعبدی المؤمن عندی جزاء اذا قبضت صفیہ من اھل الدنیا
ثم احتسبہ الا الجنۃ. بخاری مین ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا خدا فرماتا
ہے کہ بہشت کے سوای ایماندار میرے بندے کا کوئی بدلا نہین جب کہ مین نے اسکا اہل دنیا
پیارا لے لیا پھر اُسنے ثواب کے واسطے صبر کیا یعنے جب مومن کا دوست جیسے
ماں باپ یا جورو یا بیٹا یا بھائی یا استاد مرگیا اور اُسنے صبر کیا تو اسکا بدلا ۲۱۸
خدا نے بہشت مقرر کیا ع انس وابوہریرۃ من اھان لی ولیا فقد بارزنی بالمحاربۃ وما ترددت فی شیء انا

فاعلہ

فَاعِلُ مَا رَدَدْتُ فِي قَبْضِ نَفْسِ عَبْدِي الْمُؤْمِنِ يَكْرَهُ الْمَوْتَ وَاَكْرَهُ مَسَاءَتَهُ
وَلَا بُدَّ لَهُ مِنْهُ وَمَا تَقَرَّبَ اِلَيَّ عَبْدِي الْمُؤْمِنُ بِمِثْلِ الزُّهْدِ فِي الدُّنْيَا
وَلَا تَعَبَّدَ بِمِثْلِ اَدَاءِ مَا افْتَرَضْتُهُ عَلَيْهِ بخاری عن انس اور ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا خدا فرماتا ہے کہ جو میرے ولی کی حقارت اور ذلت کرے اور دوسری روایت یوں ہے کہ جو
میرے ولی سے عداوت کرے تو اسنے البتہ میرے ساتھ لڑائی پر کمر باندھی اور کسی چیز میں
جسکا میں کرنے والا ہوں مجھکو تردد نہیں ہوتا جیسے اپنے بندے ایماندار کی روح قبض کرنے میں
تردد ہوتا ہے وہ تو موت کو مکروہ جانتا ہے اور میں اسکے ملول ہونے کو مکروہ جانتا ہوں
اور حالانکہ اسکو موت سے کوئی چارہ نہیں یعنے اسکو مرنا ضرور ہے اور میرے بندے ایماندار
میری نزدیکی نہیں چاہتے ترک دنیا کے برابر اور نہ میری بندگی کے فرض ادا کرنے کے برابر ف
ولی سے مراد متقی مومن ہے چنانچہ قرآن میں خدا نے فرمایا ہے کہ اولیاء اللہ پر کچھ خوف اور غم نہیں
اولیاء اللہ وہ ہیں جو ایمان لائے اور پرہیزگاری کرتے رہے اور یہ جو فرمایا کہ جیسا مجھکو
ایماندار کی موت میں تردد ہوتا ہے کسی چیز میں ویسا تردد نہیں ہوتا چند خدا تردد سے
پاک ہے لیکن اس میں مزید رحمت کا بیان ہے یعنے ایمان کی برکت سے اور جوش رحمت سے
مومن کے تردد کو خدا نے اپنی طرف نسبت کیا جیسے چوتھی حدیث میں بیماری اور بھوکھ اور
پیاس کو اپنی ذات پاک پر نسبت فرمایا پھر فرمایا کہ قرب الٰہی کا کوئی طریقہ ترک دنیا سے بہتر نہیں

اور کوئی عبادت اداء فرض سے افضل نہین یعنے جو اولیاء اسکی ایسی عزت سنکر انکے
برابر ہونیکا مشتاق ہو اسکو لازم ہے کہ اول دُنیا سی بی تعلق ہوجاوی پھر عبادت پر
کمر باندھے اور نفل کی نسبت فرض عبادت پر زیادہ تر کوشش کرے اور یہہ نہین کہ فرض
نماز ہین تو مرغی کی طرح زمین پر جلدی جلدی چونچین مارین اور پیر کے وظیفے بتلانے لوو دو پہر پر ہین

۲۱۷۲ م جُنْدُبُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَتَاَلّٰی عَلَیَّ اَنْ لَا اَغْفِرَ لِفُلَانٍ
اِنِّیْ قَدْ غَفَرْتُ لَهٗ وَاَحْبَطْتُ عَمَلَكَ مسلم مین جندب بن عبداللہ سی روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ خدا فرماتا ہے وہ کون ہے جو مجھپر قسم کھاتا ہو کہ فلانے کو نہ بخشونگا
مقرر اسکو تو مین نے بخشا اور تیرا عمل اکارت کیا فلانے یون کہا کہ قسم خدا کی
کہ فلانے شخص کو خدا ہرگز نہ بخشیگا اُس نے گویا خدا پر حکومت کی اس واسطے اُسکے نیک
عمل کو خدا برباد کر ڈالتا ہے اور جسپر اُس نے قسم کھائی اُسکو اپنی رحمت سے بخش دیتا ہے
سعادت اور شقاوت اور خاتمہ کے حال سوا خدا کے کسی کا کسی کو معلوم نہین
کیسا ہی سخت کافر ہو اور کیسا ہی گنہگار مسلمان ہو بالیقین اسکو دوزخی جاننا یا
کہنا درست نہین اس واسطے کہ شاید اُسکا خاتمہ بخیر ہو اور مرنے کے وقت توبہ کرے

۲۱۷۳ م اَبُوْ هُرَیْرَةَ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ ذَهَبَ یَخْلُقُ خَلْقًا كَخَلْقِیْ فَلْیَخْلُقُوْا
ذَرَّةً اَوْ لِیَخْلُقُوْا حَبَّةً اَوْ لِیَخْلُقُوْا شَعِیْرَةً مسلم مین ابوہریرہ سے رضہ روایت ہے

کہ حضرت نے

کہ حضرت نے فرمایا خدا فرماتا ہے کہ اُس سے بڑا ظالم کون ہے جو گیا کہ بناوے تصویر کو
میری طرح تو بنائے کہ ایک ذرہ بناوین یا ایک دانہ پیدا کرین یا ایک جو بناوین ف یعنے
جاندار کی صورت بنانے والے پیدا کرنے مین خدا کے ساتھ مشابہت کرتے ہین حالانکہ
ایسے عاجز ہین کہ جاندار تو ایک طرف ہے ذرہ یا جو برابر بیجان حقیر چیز کو بھی نہین بنا سکتے

۲۱۷۴ م ابو ہریرہؓ یابن ادم انفق انفق علیک مسلم مین ابو ہریرہؓ سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا خدا فرماتا ہے کہ ای آدم کے بیٹے مال کو خرچ کیا کر تو مین بھی تجھکو دیا کرونگا
ف اس حدیث مین سخی کو خدا کی کشائش مال کا وعدہ کیا ہے یہی سبب ہے کہ سخی کو محتاج
نہین دیکھا لیکن اسکو دریافت کیا چاہئے کہ سخاوت خدا کو پسند اور اسراف ناپسند ہے
سخاوت یہہ کہ شرع کے موافق نیک کامون مین خرچ کرنا اور اسراف یہہ کہ خلاف شرع

۲۱۷۵ م بیجا کامون مین مال کو اڑانا جیسے ناچ رنگ مین یا نمود کے مقام مین م ابو ہریرہؓ
یابن ادم مرضت فلم تعدنی قال یارب کیف اعودک وانت رب
العالمین قال اما علمت ان عبدی فلانا مرض فلم تعدہ اما علمت
انک لو عدتہ لوجدتنی عندہ یابن ادم استطعمتک فلم تطعمنی
قال یارب کیف اطعمک وانت رب العالمین قال اما علمت انہ استطعمک
عبدی فلان فلم تطعمہ اما علمت انک لو اطعمتہ لوجدت ذلک

عِنْدِیْ یَا ابْنَ اٰدَمَ اسْتَسْقَیْتُکَ فَلَمْ تَسْقِنِیْ قَالَ یَا رَبِّ کَیْفَ اَسْقِیْکَ
وَاَنْتَ رَبُّ الْعَالَمِیْنَ قَالَ اسْتَسْقَاکَ عَبْدِیْ فُلَانٌ فَلَمْ تَسْقِہٖ اَمَا اِنَّکَ لَوْ
سَقَیْتَہٗ لَوَجَدْتَّ ذٰلِکَ عِنْدِیْ مسلم میں ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
خدا فرماویگا قیامت میں کہ اے آدم کے بیٹے میں بیمار ہوا تھا سو تو نے مجھکو نہ پوچھا بندہ کہیگا
اے میرے رب میں کیونکر تجھکو پوچھتا اور تو تو سارے جہان کا مالک پالنے والا ہے یعنے بیمار
ہونا مخلوق کی شان ہے خالق سی اور بیماری سی کیا نسبت خدا فرماویگا کہ کیا تجھکو معلوم
نہیں کہ میرا فلانا بندہ بیمار ہوا تھا سو تو نے اسکی بیمار پرسی نکی کیا تجھکو معلوم نہیں کہ اگر
تو اسکی بیمار پرسی کرتا تو مجھکو اسکے پاس پاتا یعنے میری رحمت اور ثواب کو پاتا اے آدم کے
بیٹے میں نے تجھسے کھانا مانگا تھا سو تو نے مجھکو نہ کھلایا بندہ کہیگا اے رب میں کیونکر
تجھکو کھانا کھلاتا اور تو تو سارے جہان کا پالنے والا مالک ہے خدا فرماویگا کہ کیا تجھکو نہ
معلوم نہیں کہ فلانے میرے بندے نے تجھسے کھانا مانگا تھا سو تو نے اسکو نہ کھلایا تجھکو
معلوم نہ تھا کہ اگر تو اسکو کھانا کھلاتا تو اسکا ثواب میرے پاس پاتا اے آدم کے بیٹے تجھسے
میں نے پانی مانگا تھا سو تو نے مجھکو نہ پلایا بندہ کہیگا اے رب میرے میں تجھکو کیونکر پانی پلاتا
اور تو تو سارے جہان کا پالنے والا ہے خدا فرماویگا کہ میرے فلانے بندے نے تجھسے پانی مانگا
تھا سو تو نے نہ پلایا تھا جان رکھ اگر تو اسکو پانی پلاتا تو اسکا ثواب میرے پاس پاتا

ف اہل ایمان کی خدا کے نزدیک اتنی بڑی عزت ہی کہ انکی احتیاج اور ضرورت کو اپنی
ذات پاک کی طرف نسبت کیا حالانکہ وہ مقدس ذات سب احتیاجوں سی پاک ہے
اس حدیث میں اداء حقوق مسلمین اور انکی ترغیب ہے م ۲۱۷۵ م ابوذر یا عبادی کلکم
ضال الا من ھدیتہ فاستھدونی اھدکم یا عبادی کلکم جائع
الا من اطعمتہ فاستطعمونی اطعمکم یا عبادی کلکم عار الا من کسوتہ
فاستکسونی اکسکم یا عبادی انکم تخطئون باللیل والنھار وانا اغفر
الذنوب جمیعا فاستغفرونی اغفرلکم یا عبادی انکم لن تبلغوا ضری
فتضرونی ولن تبلغوا نفعی فتنفعونی یا عبادی لو ان اولکم واخرکم
وانسکم وجنکم کانوا علی اتقی قلب رجل واحد منکم ما زاد ذلک فی ملکی
شیئا یا عبادی لو ان اولکم واخرکم وانسکم وجنکم کانوا علی افجر قلب رجل
واحد منکم ما نقص ذلک من ملکی شیئا یا عبادی لو ان اولکم واخرکم و
انسکم وجنکم قاموا فی صعید واحد فسالونی فاعطیت کل انسان
مسالتہ ما نقص ذلک مما عندی الا کما ینقص المخیط اذا ادخل البحر
یا عبادی انما ھی اعمالکم احصیھا لکم ثم اوفیکم ایاھا فمن وجد خیرا فلیحمد
اللہ ومن وجد غیر ذلک فلا یلومن الا نفسہ مسلم میں ابوذر رضہ سے روایت ہے

کہ حضرت نی فرمایا کہ خدا فرماتا ہے کہ اے میرے بندو تم سب بے راہ ہو مگر جسکو مین نے راہ
بتلائی تو مجھسے ہدایت مانگو کہ تمکو نیک راہ لگاؤن اے میرے بندو تم سب بھوکے ہو مگر جسکو
مین نی کھلایا تو مجھسے کہنا مانگو کہ تمکو کھلاؤن اے میرے بندو تم سب ننگے ہو مگر جسکو مین نے
پہنایا تو مجھسے لباس مانگو کہ تمکو پہناؤن اے میرے بندو تم گناہ کیا کرتے ہو دن رات
اور مین سب گناہون کے بخشنے پر قادر ہون تو مجھسے مغفرت مانگو کہ تمکو بخشون اے
میرے بندو تم کبھی ضرر نہین پہنچا سکتے کہ میرا کچھہ ضرر کرو اور کبھی مجھکو فائدہ نہین پہنچا سکتے
کہ مجکو کچھہ فائدہ پہنچاؤ اے میرے بندو اگر تمہارے اگلے اور پچھلے اور تمہارے آدمی اور جن
تم مین سی ایک مرد بڑے متقی پرہیزگار دل کے برابر ہو جاوین تو یہہ سبکا تقوی اور
پرہیزگاری میری سلطنت مین کچھہ نہ بڑھا دی اے میرے بندو اگر تمہارے اگلے اور پچھلے
اور تمہارے آدمی اور جن تم مین سی ایک مرد کے نہایت بڑے کنہکار دل کے برابر ہو
جاوین تو یہہ سب کا فسق اور کنہکاری میری پادشاہی سی کچھہ نہ گھٹا دی اے میرے
بندو اگر تمہارے اگلے اور پچھلے اور تمہارے آدمی اور جن ایک میدان مین کھڑے ہون
اور مجھسے اپنے اپنے سوال کرین اور مین ہر ایک آدمی کو اسکی مانگی چیز کو دون تو یہا
دینا اُس سے کچھہ نہ گھٹا دی جو میرے پاس ہے مگر جیسی سوئی گھٹاتی ہے جب کہ اسکو
سمندر مین ڈالے یعنے ایسی عطا سی بھی میری قدرت کے خزانے مین کمی نہین پڑتی ہے

اے میرے بندو یہہ تمہارے ہی اعمال ہین جن کو تمہارے لئے شمار کرتا رہتا ہون پھر تمکو اُن اعمال کا
پورا بدلا دونگا سو جو شخص بہتر بدلا پاوی تو چاہیے کہ خدا کا شکر کرے کہ اسکی بھلائی کو ضائع
نکیا اور جو اُسکے سوای بُرا بدلا پاوی تو وہ اپنی جان کے سوای کسی کو اُلاہنا نہ دیوے کہ اُسنے
جیسا کیا ویسا ہی پایا ف اِس حدیث مین تمام بندونکی محتاجی اور عاجزی اور خدا کی
شوکت اور شاہنشاہی اور بے پروائی اور کریمی اور عدالت کا بیان ہے یعنے
بدون میرے التجا کے تمہارا کوئی کام چل نہین سکتا نہ دنیا مین راہ پانی اور طعام اور لباس
تکمل مل سکتا ہے نہ آخرت مین گناہونکی مغفرت بدون میرے ہو سکتی ہے تو تمکو میرے آگے گڑگڑانا
اور دعا کرنا ہر حال مین لازم ہوا اور میری بے پروائی کا تو یہہ حال ہے کہ اگر تم سب کے
سب پیغمبر کے برابر متقی ہو جاؤ تو اِس میری سلطنت کی کچھہ رونق موقوف نہین اور
اگر تمام جہان ابوجہل اور فرعون کے برابر ہو جاوے تو میرا کچھہ نقصان نہین پھر اپنی عطا بحساب کی
مثال دی کہ اگر تمام جہان کے طرح طرح کے سوال پورے کیجئے تو بھی یہان کچھہ کمی کا
حرف نہین پھر اپنی عدالت بیان فرمائی کہ آخرت کا ثواب اور عذاب کا سبب تمہارے
اعمال ہین ہماری طرف سے کچھہ ظلم نہین ق ابوھریرۃ یا محمد انی اذا قضیت
قضاء فانہ لا یرد وانی اعطیتک لامتک ان لا اھلکھم بسنۃ
بعامۃ ولا اسلط علیھم عدوا من سوی انفسھم یستبیح بیضتھم

ق ۲۱۷۲

وَلَوِ اجْتَمَعَ عَلَيْهِمْ مَنْ بِأَقْطَارِهَا أَوْ قَالَ مَنْ بَيْنَ أَقْطَارِهَا حَتَّى يَكُونَ بَعْضُهُمْ يُهْلِكُ بَعْضًا وَبَعْضُهُمْ يَسْبِي بَعْضًا بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا خدا فرماتا ہے کہ ای محمد مین جب کسی چیز کا حکم کرتا ہون تو اسکو کوئی نہین پھیر سکتا اور البتہ مین نے تجھکو دیا یعنی تیری امت کے واسطے یہہ تجھپر احسان کیا کہ انکو مین عالمگیر قحط سی نہ مار ڈالون گا اور انکے سوا اور کسی دشمن کو اُنپر نہ غالب کرونگا اس طرح پر کہ انکی جڑ پیڑ کو اُکھاڑ ڈالے اگرچہ انپر تمام دنیا کے اطراف جوانب کے کافر جمع کرین کافرون کا غلبہ اسواسطے نہوگا تاکہ اس اُمت کے بعضے لوگ بعضون کو ہلاک کرین اور بعضے انکے بعضون کو قید کرین ف یعنے قضا و قدر مین یہہ ٹہن چکا ہے کہ اُمت محمدی قیامت تک قائم رہے گی نہ ایسا قحط پڑیگا جسمین سب کے سب مرجاوینگے نہ ایسے کافرون پر غالب ہونگے کہ بالکل انکو نیست و نابود کر ڈالین ہرچند چنگیز خان اور ہلاکو کے وقت مین لاکہون بلکہ کروڑون مسلمان قتل ہوئے لیکن بالکل نیست و نابود نہین ہوگئے ہان یہہ البتہ ہی کہ اس اُمت مین آپس کا اختلاف و شر و فساد اور غارت گری اور قتل موقوف نہوگا چنانچہ تاریخ کی کتابون مین یہہ حال ظاہر ہے

# اَلْبَابُ الثَّانِي عَشَرَ فِي جَوَامِعِ الْأَدْعِيَةِ

بارہویں باب مین حضرت کی دعائین ہین جو ہر یک مطلب کی جامع ہین افضل
یہی ہے کہ حضرتکی دعائین یاد کرکے عمل مین لاوی اسواسطے کہ اول تو یہہ کہ کونسا مطلب دینی
یا دنیاوی نہین جسکی حضرت نے مجمل یا مفصل دعا نکی ہو دوسرے یہہ کہ جو دعا حضرتکی
زبان مبارک پر گذرے بلاشک با برکت اور مقبول ہے تو ہوتے حضرت کی دعاؤنکے
کیا ضرور کہ اور دعاؤن کو سیکھے ق عَائِشَۃُ اَذْھِبِ الْبَاْسَ رَبَّ النَّاسِ ق ۲۱۷۸
وَاشْفِ اَنْتَ الشَّافِیْ لَا شِفَاءَ اِلَّا شِفَاءُکَ شِفَاءً لَا یُغَادِرُ سَقَمًا کَانَ
اِذَا اشْتَکَی اِنْسَانٌ مَسَحَہٗ بِیَمِیْنِہٖ ثُمَّ قَالَ بخاری اور مسلم مین حضرت
عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ سختی کو لیجا اے آدمیون کے پالنے والے اور صحت دے
تو ہی شافی ہے صحت نہین بدون تیری صحت کے ایسی شفا دے جو بیماری کو نہ چھوڑے
حضرت کا معمول تھا کہ جب کوئی آدمی بیمار ہوتا اُسکو اپنے داہنے ہاتھ سے سہلاتے
پھر یہہ دعا اذہب سے شفا مانگ فرماتے خ اَنَسٌ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَنْقَذَہٗ خ
مِنَ النَّارِ قَالَہٗ عِنْدَ اِسْلَامِ غُلَامٍ یَھُوْدِیٍّ عِنْدَ مَوْتِہٖ وَکَانَ یَخْدِمُہٗ
بخاری مین انس سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ شکر خدا کو جسنے اسکو دوزخ سے
بچایا یہہ حضرت نے یہودی لڑکے کے وقت مرگ مسلمان ہوتے فرمایا اور وہ لڑکا حضرتکی
خدمت کیا کرتا تھا ف ایک یہودی کا لڑکا خادم تھا جب وہ بیمار ہوا تو حضرت اسکے

دیکھنے کو گئے اور اسکے سرہانے بیٹھے اور فرمایا کہ مسلمان ہو جا اسنے اپنے باپکی طرف
دیکھا اسکے باپ نے کہا ابو القاسم کہا مان پھر وہ مسلمان ہو گیا تب حضرت نے اس طرح
شکر کیا اس حدیث سے معلوم ہوا کہ کافر سے خدمت لینا درست ہے اور کافر کی عیادت
جائز ہے اور مرض الموت میں مسلمان ہونا مقبول ہے بشرطیکہ آخرت کا عذاب سامنے
نہ آگیا ہو ح ابو امامہ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ کَثِیْرًا طَیِّبًا مُبَارَکًا فِیْہِ غَیْرَ مَکْفِیٍّ وَلَا ۱۸۰ ع
مُوَدَّعٍ وَلَا مُسْتَغْنًی عَنْہُ رَبَّنَا کَانَ یَقُوْلُہٗ اِذَا رَفَعَ مَائِدَتَہٗ بخاری
ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ خدا کو شکر ہے بہت سا ستھرا بابرکت
شکر نہ ایسا کہ جو ایکبار کفایت کرے اور چھوڑ دیا جاوے اور اسکے کچھ حاجت نہ رہے
اے ہمارے رب تو ہی حمد کے لائق ہے یہ حضرت دعا کرتے تھے جب دسترخوان اٹھاتے
تھے ف یعنے کھانے کے بعد یہ دعا سنت ہے م اِبْنُ عُمَرَ اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ ۲۱۸ م
اَکْبَرُ سُبْحَانَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا ھٰذَا وَمَا کُنَّا لَہٗ مُقْرِنِیْنَ وَاِنَّا اِلٰی رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ
اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْئَلُکَ فِیْ سَفَرِنَا ھٰذَا الْبِرَّ وَالتَّقْوٰی وَمِنَ الْعَمَلِ مَا تَرْضٰی
اَللّٰھُمَّ ھَوِّنْ عَلَیْنَا سَفَرَنَا ھٰذَا وَاطْوِ عَنَّا بُعْدَہٗ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الصَّاحِبُ
فِی السَّفَرِ وَالْخَلِیْفَۃُ فِی الْاَھْلِ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ وَعْثَاءِ السَّفَرِ
وَکَآبَۃِ الْمَنْظَرِ وَسُوْءِ الْمُنْقَلَبِ فِی الْمَالِ وَالْاَھْلِ وَرَوَاہُ عَبْدُ اللّٰہِ

ابن سرجس ایضاً وزاد الحور بعد الکور ودعوۃ المظلوم مسلم مین عبداللہ بن عمر سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ خدا سب سے بڑا خدا سب سے بڑا خدا سب سے بڑا پاک ذات ہے
جسنے اس سواری کو ہمارا تابعدار کر دیا اور ہم اسکو قابو مین نکر سکتے اور ہم ہر حال مین اپنے
رب ہی کی طرف رجوع لانے والے ہین الٰہی ہم اپنے اس سفر مین نیکوکاری اور پرہیزگاری تجھسے
مانگتے ہین اور وہ کام چاہتے ہین جسمین راضی ہو جاوی الٰہی ہمپر اس سفر کو آسان کر دے
اور اس سفر کی دوری اور درازی کو ہمپر سے لپیٹ ڈال یعنی جلدی سے سفر کٹ جاوے
الٰہی تو سفر مین توساتھی ہے اور گھر بار کا خلیفہ ہے یعنے نگہبان الٰہی مین تیری پناہ مانگتا ہون
سفر کی سختی اور بدشکلی سے اور مال اور گھر بار کی بری الٹ پلٹ سے اور عبداللہ بن سرجس نے
بھی ایسی ہی روایت کی اور اتنی زیادہ روایت کی ہے کہ الٰہی تیری پناہ ٹوٹے سے جو
فائدہ کے بعد ہو اور مظلوم کی بددعا سے **ف** وہ دعا حضرت سفر کرتے وقت فرماتے **ق**

ق ۲۱۸۲

ابن عمر واذا رجع قالهن وزاد فيهن ائبون تائبون عابدون ساجدون
لربنا حامدون صدق الله وعده ونصر عبده وهزم الاحزاب
وحده بخاری اور مسلم مین عبداللہ بن عمر سے روایت ہے اور جب حضرت سفر سے پلٹتے
تو ہم اگلے سفر کی دعا کو پڑھتے اور یہی دعا مین اتنا اور بڑھاتے کہ ہم سفر سے پھرے
توبہ بندگی سجدہ کرنے والے ہم اپنے رب کے شکر گذار ہین خدا نے اپنا وعدہ سچا کیا

اور اپنے بندے کی یعنے حضرت کی مدد کی اور کفار کے گروہون کو بہکایا وہ اکیلا ہے اسکا
کوئی شریک نہین ف اسمین اشارہ ہے جنگ خندق کے قصہ کی طرف کہ عرب کے کفار نے
۲۰۸۳ مدینہ گھیر لیا تہا پھر بے مطلب بھاگ گئے تھے ق اَنَسٍ اَللّٰهُمَّ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا
ق حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ کَانَ هٰذَا اَکْثَرَ دُعَائِهٖ
بخاری اور مسلم مین انس رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی ہمکو دنیا مین بہتری دے اور آخرت مین بہتری
اور بہلائی اور بچا ہمکو دوزخ کے عذاب سے اس دعا کو حضرت اکثر کیا کرتے تھے ف
دُنیا کی بہتری صحت اور بقدر حاجت کے روزی اور ایمان اور نیک عمل کی توفیق اور سب
مکروہات سے پناہ اور آخرت کی بہتری ثواب اور ترقی درجات اور دیدار الٰہی علی مرتضی سے
روایت ہے کہ دنیا کی بہتری نیک بخت عورت اور آخرت کی بہتری حور ہے اور دوزخ کے
عذاب سے مراد کمبخت عورت ہے اس دعا مین دین اور دنیا کے سب مطلب داخل ہین اس
۲۱۸۴ م واسطے حضرت اس دعا کو اکثر اوقات پڑھا کرتے تھے م اَبُوْ هُرَیْرَةَ اَللّٰهُمَّ اٰتِ
نَفْسِیْ تَقْوٰهَا وَزَکِّهَا اَنْتَ خَیْرُ مَنْ زَکَّاهَا اَنْتَ وَلِیُّهَا وَمَوْلَاهَا
مسلم مین ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی دے میری جان کو اسکی پرہیزگاری
اور اسکو گناہ اور بدخوئی سے پاک صاف کر ڈال تو ہی اسکا بہتر پاک کرنیوالا ہے
اور تو ہی اسکا کارساز اور مددگار ہے ف جو چیز آخرت مین ضرر کرے اس سے بچنے کا

نام تقوی اور پرہیزگاری ہے باطنی صفائی بے تقوی ممکن نہیں اسواسطے حضرت نے اول تقوی کی دعا کی پھر صفائی کی

ح ۲۱۸۴ زید بن ارقم اللّٰھم اجعل اتباعھم منھم یعنی الانصار بخاری میں زید بن ارقم سے روایت ہے کہ حضرت نے انصار کے حق میں دعا کی کہ الٰہی انکے ابدار ون کو انہیں میں کردے ف انصار نے کہا یا حضرت دعا کیجئے کہ ہمارے ابدار لوگ بھی ہم سے مسلمان ہوجاویں تب حضرت نے یہہ دعا کی ابدار سے مراد جورو لڑکے اور لونڈی غلام یا آشنا دوست

ف ۲۱۸۵ انس اللّٰھم اجعل بالمدینۃ ضعفی ما جعلت بمکۃ من البرکۃ بخاری اور مسلم میں انس سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی مدینے میں برکت کر اسکی دونی جو تو نے کہ میں کی ہے ف حضرت ابراہیم نے مکہ کے واسطے دعا کی اور حضرت نے

ف ۲۱۸۶ ابوھریرۃ اللّٰھم اجعل رزق آل محمد قوتا بخاری اور مسلم میں ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی محمد کے اہلبیت کی روزی بقدر زیست ک ف یعنے اتنی روزی ہو جسمیں جیتا کی رمق باقی رہے مال کی بہتات نہو اس واسطے کہ کشایش رزق میں اکثر غفلت ہوتی ہے اور صبر کا مرتبہ حاصل نہیں ہوتا چنانچہ حضرت کی حیات میں ایسا ہی حال رہا اور حضرت کی بعد حضرت کی بی بیان اور حضرت کی اولاد بھی اختیاری فقر کو لئے رہے شمائل ترمذی میں حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت کے انتقال تک حضرت کے اہلبیت کا جو کی روٹی سے دو روز برابر پیٹ نہیں بھرا اور اسی کتاب میں عبداللہ بن عباس سے روایت ہے کہ حضرت اور حضرت کی بی بیان دو دو تین تین رات سوتے تھے رات کا کھانا میسر نہوتا تھا

اور اسی کتاب مین حضرت عایشہ سے روایت ہے کہ حضرت نے زندگی بھر ایک دن مین دونون وقت
روٹی نہ کھائی اور نہ کبھی دونون وقت گوشت کھایا خ ابن عباس اللھم اجعل ۲۱۸۷ خ
فی قلبی نورا و فی سمعی نورا و فی بصری نورا و عن یمینی نورا و عن
شمالی نورا و امامی نورا و خلفی نورا و فوقی نورا و تحتی نورا و اجعلنی
نورا بخاری مین عبداللہ بن عباس سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی میرے دل مین روشنی کر
اور میرے کان مین روشنی اور میری آنکھ مین روشنی اور میرے دہنے سی روشنی اور میرے بائین سے
روشنی اور میرے آگے روشنی اور میرے پیچھے روشنی اور میرے اوپر روشنی اور میرے نیچے روشنی
اور کر ڈال مجھکو سراپا نور ف روشنی سی مراد حق بات ہے جیسے تاریکی سے باطل بات
مراد ہوتی ہے تو مطلب یہ ہے کہ میرے دل اور اعضا کو حق مین مصروف رکھ بلکہ تمام جہت سے ۲۱۹۸ ح
تجھکو حق سے گھیر لے تا باطل کسی طرف سے دخل نہ پاوی خ عایشۃ اللھم ارحم
عبادا یعنی عباد بن بشر قال حین تھجد فی بیت عایشۃ فرفع صوتہ
یصلی فی المسجد بخاری مین حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا الٰہی عباد پر رحم کر
یعنے عباد بن بشر پر یہہ حضرت نے فرمایا جب کہ حضرت عائشہ کے گھر مین تہجد پڑھا
تو عباد بن بشر نے اپنی آواز بلند کی اور مسجد مین نماز پڑھی ف اس حدیث مین ترغیب ۱۲۸۹ ف
تہجد کی معلوم ہوا کہ مسجد مین تہجد بلند آواز سے پڑھنا درست ہے ف البراء بن عازب

اللھم

اَللّٰھُمَّ اَسْلَمْتُ نَفْسِیْ اِلَیْکَ وَوَجَّھْتُ وَجْھِیْ اِلَیْکَ وَفَوَّضْتُ اَمْرِیْ اِلَیْکَ
وَاَلْجَاْتُ ظَھْرِیْ اِلَیْکَ رَغْبَۃً وَرَھْبَۃً اِلَیْکَ لَا مَلْجَاَ وَلَا مَنْجَا مِنْکَ
اِلَّا اِلَیْکَ اَللّٰھُمَّ اٰمَنْتُ بِکِتَابِکَ الَّذِیْ اَنْزَلْتَ وَبِنَبِیِّکَ الَّذِیْ اَرْسَلْتَ

بخاری اور مسلم مین براء بن عازب سی روایت ہے کہ حضرت نی فرمایا الٰہی مین نے اپنی جان تجھکو
سونپی اور مُنہہ کو تیرے سامنے کیا اور اپنا سب کام تیرے حوالے کیا اور اپنی پیٹھ تیری طرف
جائی تیرے شوق اور تیرے خوف سی تجھسے نہ کوئی بھاگنے کی جگہہ ہے نہ بچاؤ کا مکان ہے
مگر تیری ہی طرف الٰہی مین تیری کتاب کا ایمان لایا جو تونے اُتاری اور تیرے پیغمبر کا
ایمان لایا جسکو تونے بھیجا **ف** حضرت نے کسی شخص سے فرمایا کہ جب تو سویا کرے تو یہہ
دعا پڑھا کر اسواسطے کہ اگر تو اسی رات مین مرگیا تو ایمان پر مرا اور اگر زندہ رہا تو اچھی

۲۱۹۱ **م** سَعْدُ بْنُ اَبِیْ وَقَّاصٍ اَللّٰھُمَّ اشْفِ سَعْدًا اَللّٰھُمَّ اشْفِ سَعْدًا
اَللّٰھُمَّ اشْفِ سَعْدًا اسم ہین سعد بن ابی وقاص سی روایت ہے کہ حضرت نے میرے واسطے دعا کی الٰہی
سعد کو شفا دے الٰہی سعد کو شفا دے الٰہی سعد کو شفا دے **ف** سعد نہایت بیمار ہے

۲۱۹۲ **م** حضرت انکو عیادت کو تشریف لے گئے تب یہہ دعا کی پھر انکو صحت حاصل ہوئی
اَبُوْھُرَیْرَۃَ اَللّٰھُمَّ اَصْلِحْ لِیْ دِیْنِیَ الَّذِیْ ھُوَ عِصْمَۃُ اَمْرِیْ وَاَصْلِحْ لِیْ
دُنْیَایَ الَّتِیْ فِیْھَا مَعَاشِیْ وَاَصْلِحْ لِیْ اٰخِرَتِیَ الَّتِیْ فِیْھَا مَعَادِیْ وَاجْعَلِ

اَلْحَيٰوةَ زِيَادَةً لِّيْ فِيْ كُلِّ خَيْرٍ وَاجْعَلِ الْمَوْتَ رَاحَةً لِّيْ مِنْ كُلِّ شَرٍّ

مسلم میں ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی میرے دین کو سنوار دے جو میرے آخرت کے
کام کا حافظ اور نگہبان اور سنوار دے میری دنیا کو جسمیں میری روزی اور زندگی ہے اور سنوار
میری آخرت کو جسمیں میری بازگشت ہے اور کردے زندگی کو میرے واسطے ہر بہتری میں
زیادتی کا سبب اور کردے موت کو میرے واسطے ہر ایک برائی سے راحت کا سبب ف

۲۱۹۳ م یہ دعا ہر مطلب کی جامع ہے م اَلْمِقْدَادُ اَللّٰهُمَّ اَطْعِمْ مَنْ اَطْعَمَنِيْ وَاسْقِ مَنْ سَقَانِيْ

مسلم میں مقدادسی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی کھلا اسکو جو مجھکو کھلاوے اور پلا اسکو
۲۱۹۴ ق جو مجھکو پلاوے ق جب کسی کی دعوت کھاوے تو یہ دعا کرے ق اِبْنُ مَسْعُوْدٍ
اَللّٰهُمَّ اَعِنِّيْ عَلَيْهِمْ بِسَبْعٍ كَسَبْعِ يُوْسُفَ بخاری اور مسلم میں عبداللہ بن مسعود سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی میرے اوپر مدد کر سات برس کا قحط ڈال کر یوسف کا سا قحط سات
برس کا ف جب کفار قریش اور قوم مضر نے حضرت کی ایذا پر نہایت کمر باندھی تب حضرت نے
یہ دعا کی یعنے جیسا حضرت یوسف کے وقت میں قحط پڑا تھا ویسا انپر پڑے تاکہ اپنی
شامت اور گمراہی سے خبردار ہوں اور ایمان لاویں چنانچہ ایسا قحط پڑا کہ انہوں نے ہڈی
اور مردار کو کھایا آخر کو حضرت سے التجا کی حضرت نے کمال رحمت سے دعا کی تو وہ بلا دفع ہو گئی

۲۱۹۵ م م عَلِيٌّ وَعَائِشَةُ اَللّٰهُمَّ اَعُوْذُ بِرِضَاكَ مِنْ سَخَطِكَ وَبِمُعَافَاتِكَ مِنْ

عُقُوبَتِكَ وَاَعُوذُ بِكَ مِنْكَ لَا اُحْصِي ثَنَاءً عَلَيْكَ كَمَا اَثْنَيْتَ عَلَى نَفْسِكَ مسلم مین علی مرتضی اور حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا الٰہی مین پناہ مانگتا ہون تیری رضامندی کے سبب تیرے غصے سی اور تیری بخشش کے سبب تیرے عذاب سے اور تیری پناہ مانگتا ہون تجھسے یعنی تیرے قہر سی مین تیری ثنا اور تعریف کو گھیر نہین سکتا تو ویسا ہی ہے جیسی تو نے اپنی ذاتکی خود تعریف کی **ف** مصابیح مین حضرت عائشہ سے روایت ہے ایک رات مین نبی حضرت کو بستر پر نپایا سو مین تلاش کرنے لگی تو میرا ہاتھ حضرت کے تلوون پر پڑا اور حضرت سجدہ مین یہہ دعا کرتے تھے **م** ابن عباس اَللّٰهُمَّ اَعُوذُ بِعِزَّتِكَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اَنْ تُضِلَّنِي اَنْتَ الْحَيُّ الَّذِي لَا يَمُوتُ وَالْجِنُّ وَالْاِنْسُ يَمُوتُونَ ۲۱۹۶ م

مسلم مین عبداللہ بن عباس سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا الٰہی مین پناہ مانگتا ہون بواسطہ تیری عزت کے کوئی معبود برحق نہین سوائے تیرے اس سی پناہ مانگتا ہون کہ تو مجکو گمراہ اور ضائع کر ڈالے تو ویسا زندہ ہے جسکو کبھی موت نہین اور جن اور آدمی مرجاوین گے **ق** اَنَسٌ اَللّٰهُمَّ اَغِثْنَا اَللّٰهُمَّ اَغِثْنَا اَللّٰهُمَّ اَغِثْنَا قَالَ فِي الْاِسْتِسْقَاءِ بخاری اور مسلم مین انس سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا الٰہی ہماری فریاد سن ہمپر مینہہ کو برسا الٰہی ہمپر مینہہ کو برسا الٰہی ہم کو پانی دے یہہ حضرت نے پانی کی طلب مین دعا کی **ف** ایک بار حضرت کے وقت مین قحط پڑا حضرت منبر پر جمعہ کا خطبہ پڑھتے تھے کہ ایک گنوار آیا اُسنے کہا یا رسول اللہ جانور مرگئے ۱۲۲۰ ق

اور لڑکے بالے ہو کون مرتے ہین دعا کیجئے خدا پانی برسا دی تب حضرت نی ہاتھہ اٹھا کر
یہہ دعا کی تین بار اور آسمان پر کہین بدلی کا نشان نہ تھا تو کایک پہاڑ کے نیچے سی بادل اٹھا
اور سارے آسمان پر پھیل گیا اور سات دن لگاتار پانی برسا کہ آفتاب نظر نہ پڑا احضرت
دوسرے جمعہ کا خطبہ پڑھتے تھے کہ وہی گنوار پھر آیا اسنی کہا یا رسول اللہ جانور پانی کی کثرت سے
ہلاک ہوئے اور راہین بند ہو گئین دعا کیجئے کہ خدا اینہہ کو روکے تو حضرت نی ہاتھہ اٹھائے
اور یون دعا کی کہ الٰہی ہمارے آس پاس پانی برسے ہمپر اب نہ برسی الٰہی ٹیلون اور
پہاڑیون پر اور نالون مین اور جنگل کے درختون مین مینہہ برسے تو مدینے کے اوپر سے بادل
ٹل گیا ڈھال کی طرح مدینہ خالی ہو گیا آس پاس برسا کیا یہہ معجزہ تہا حضرت کا م ۲۱۹۸ ۵
اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِاَبِیْ سَلَمَۃَ وَارْفَعْ دَرَجَتَہٗ فِی الْمَھْدِیِّیْنَ وَاخْلُفْ فِیْ
عَقِبِہٖ فِی الْغَابِرِیْنَ وَاغْفِرْ لَنَا وَلَہٗ یَا رَبَّ الْعَالَمِیْنَ وَافْسَحْ لَہٗ فِیْ قَبْرِہٖ وَنَوِّرْ
لَہٗ فِیْہِ سلم مین حضرت ام سلمہ سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا الٰہی بخش دے ابی سلمہ کو
اور اسکا ہدایت والون مین درجہ بلند کر اور اسکے بعد باقی رہے لوگون مین تو خلیفہ بن
یعنے انکا حافظ اور نگہبان رہ اور بخش دے ہمکو اور اسکو ای رب العالمین اور اسکی قبر کو کشادہ
کر اور اسمین روشنی کر دے ف ابو سلمہ حضرت ام سلمہ کے پہلے خاوند تھے جب وہ مر گئے
تو غسل اور کفن سے پہلے حضرت نے انکے واسطے یہہ دعا کی م ۲۱۹۹ عَائِشَۃَ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ

لِاَهْلِ الْبَقِيْعِ الْغَرْقَدِ مسلم مین حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی
بقیع الغرقد والے مُردون کو بخش ف بقیع الغرقد مدینے کی قبرستان کا نام ہے اِس ۲۲۰۰۰
دعا مین بشارت ہے مغفرت کی اُنکو جو تدفین مین مرے اور وہان گڑے ق ابو موسیٰ اَللّٰهُمَّ ق
اغْفِرْ لِعُبَيْدٍ اَبِيْ عَامِرٍ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَوْقَ كَثِيْرٍ مِّنْ خَلْقِكَ
اَوْ مِنَ النَّاسِ قَالَ اَبُوْ مُوْسٰى فَقُلْتُ وَلِيْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اسْتَغْفِرْ فَقَالَ اَللّٰهُمَّ
اغْفِرْ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قَيْسٍ ذَنْبَهٗ وَاَدْخِلْهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مُدْخَلًا كَرِيْمًا بخاری
اور مسلم مین ابو موسیٰ سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا الٰہی بخش دے ابی عامر کو جسکا عبید
نام ہے الٰہی قیامت کے دن اُسکو اپنے اکثر خلق سے یا یون فرمایا کہ اکثر لوگون سی اور بخاری کہہ
ابو موسیٰ نی کہا مین نی کہا اور میرے واسطے دعا کیجئے یا رسول اللہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی عبد اللہ
بن قیس کا گناہ بخش اور قیامت کے دن اُسکو عزت والے مقام مین داخل کر ف ابو موسیٰ سے
مروایت ہے کہ حضرت نے مجھکو ابو عامر کے ساتھ جنگ اوطاس مین بھیجا تو ابو عامر کے زانو مین تیر لگا
اسی زخم سی وہ مر گئے مین نے یہہ حال حضرت سے بیان کیا اور مین نی کہا کہ یا حضرت ابو عامر نے مجھسے
کہا تہا کہ حضرت میری مغفرت کی دعا کرین تب حضرت نے یہہ دعا کی پہر ابو موسیٰ نی اپنے واسطے
دعا کروائی ابو موسیٰ ہی کا نام عبد اللہ بن قیس ہے ق زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِلْاَنْصَارِ ۲۲۰۱۰ ق
وَلِاَبْنَاءِ الْاَنْصَارِ وَلِاَبْنَاءِ اَبْنَاءِ الْاَنْصَارِ بخاری اور مسلم مین زید بن ارقم سے

روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی مغفرت کر انصار کی اور انصار کے بیٹوں کی اور انصار کے پوتوں کی

ق ۲۳۰۲ ق اَبُوْ هُرَيْرَةَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِلْمُحَلِّقِيْنَ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَلِلْمُقَصِّرِيْنَ قَالَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِلْمُحَلِّقِيْنَ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَلِلْمُقَصِّرِيْنَ قَالَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِلْمُحَلِّقِيْنَ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَلِلْمُقَصِّرِيْنَ قَالَ وَلِلْمُقَصِّرِيْنَ بخاری اور مسلم ابوہریرہ سے

روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی مغفرت کر سر منڈانے والوں کی اصحاب نے کہا یا رسول اللہ اور بال کترانے والوں کے واسطے بھی مغفرت مانگئے حضرت نے فرمایا الٰہی مغفرت کر سر منڈانے والوں کی اصحاب نے کہا یا رسول اللہ اور کترانے والوں کے لئے بھی دعا کیجئے حضرت نے فرمایا الٰہی مغفرت کر سر منڈانے والوں کی اصحاب نے کہا یا رسول اللہ کترانے والوں کی بھی واسطے دعا کیجئے حضرت نے

فرمایا الٰہی کترانے والوں کی بھی مغفرت کر ف حجۃ الوداع میں حضرت کے ساتھ قربانی تھی اور اکثر اصحاب کے ساتھ قربانی نہ تھی جب حضرت مکے میں پہنچے تو اصحاب سے فرمایا کہ جسکے ساتھ قربانی ہو وہ اپنا احرام کھول ڈالے اور اپنا سر منڈا دے جب حج کا وقت آوے تو پھر احرام باندھ کے حج کرے اور حضرت نے خود اپنا سر بدون قربانی کئے ہوئے نہ منڈایا تو جسکے ساتھ قربانی نہ تھی اُسمیں سے بعضوں نے تو بموجب حکم کے اپنے سر منڈوالئے اور بعضوں نے اپنے سر کے تھوڑے بال کتروالئے سر نہ منڈوائے یہ سمجھے کہ بدون حج کئے کیا سر منڈوانے والوں کے واسطے حضرت کو یہ بات پسند نہ آئی کہ انہوں نے حکم بجانے میں کچھ تامل کیا اسواسطے تین بار منڈانے

واسطے دعا کی اور کترانے والون کے واسطے نکی آخرش کو تیسری بار رحمت نے جوش کیا
کترنے والون کو بھی مغفرت کی دعا مین شامل کیا معلوم ہوا کہ حج مین سر منڈانا بال
کترونے سے افضل ہے ۳۲۰۳ م عَوْفُ بْنُ مَالِكٍ الْاَشْجَعِيُّ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَهٗ وَارْحَمْهُ
وَعَافِهٖ وَاعْفُ عَنْهُ وَاَكْرِمْ نُزُلَهٗ وَوَسِّعْ مُدْخَلَهٗ وَاغْسِلْهُ بِالْمَاءِ
وَالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ وَنَقِّهٖ مِنَ الْخَطَايَا كَمَا نَقَّيْتَ الثَّوْبَ الْاَبْيَضَ مِنَ الدَّنَسِ وَ
اَبْدِلْهُ دَارًا خَيْرًا مِنْ دَارِهٖ وَاَهْلًا خَيْرًا مِنْ اَهْلِهٖ وَزَوْجًا خَيْرًا مِنْ زَوْجِهٖ وَاَدْخِلْهُ
الْجَنَّةَ وَاَعِذْهُ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ اَوْ مِنْ عَذَابِ النَّارِ قَالَ حَتّٰى تَمَنَّيْتُ اَنْ اَكُوْنَ اَنَا
ذٰلِكَ الْمَيِّتَ حِيْنَ صَلّٰى عَلٰى جَنَازَتِهٖ

مسلم مین عوف بن مالک سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا الٰہی اسکو بخش اور اسپر رحم کر اسکو
عافیت اور آرام دے اور اسکا گناہ معاف کر اور اسکی عزت سی مہمانی کر اور اسکے بیٹھنے کی مقام کو
کشادہ کر اسکے قبر کو اور اسکو دھوپانی سے اور برف سے اور اولے سے جیسے اسکو پاک کرطرح
طرح کرم سی اور اسکو صاف کر ڈال گناہون سے جیسے تو سفید کپڑے کو میل سے چھانٹتا ہے اور بدل
دے اسکو گھر اسکے گھر سے بہتر اور علاقے دار لوگ اسکے علاقے دار لوگون سی بہتر اور جورو بدل دے
اسکی جورو سے بہتر اور ڈال دے اسکو بہشت مین اور بچا اسکو قبر کے عذاب سے یا یون فرمایا کہ دوزخ
کے عذاب سے یہ حضرت نے دعا کی جب جنازہ کی نماز پڑھی ف اس حدیث کے راوی نے کہا کہ جب
حضرت نے اس میت کے واسطے اس تفصیل سی دعا کی تو مجھکو تمنا ہوئی کہ کاش مین یہ میت ہوتا

ق ۲۲۰۴ ق اَبُوْمُوْسٰی اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ خَطِیْئَتِیْ وَجَھْلِیْ وَاِسْرَافِیْ فِیْ اَمْرِیْ وَمَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِہٖ مِنِّیْ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ ھَزْلِیْ وَجِدِّیْ وَخَطِیْئَتِیْ وَعَمْدِیْ وَکُلُّ ذٰلِکَ عِنْدِیْ بخاری اور مسلم میں ابوموسیٰ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی بخش دے میری چوک اور نادانی کو اور میری زیادتی کو جو مجھسے اپنے حال میں ہوئی ہو اور بخش دے اُس چیز کو جسکو تو مجھسے زیادہ تر واقف ہے اور بخش دے میری بیہودگی اور میری گناہ کی کوشش کو اور میری بھول چوک اور میرے قصد کو اور یہ سب میری طرف سے ہے ف ہر چند حضرت گناہ سے معصوم تھے لیکن تعلیم امت کے واسطے یا نزک اولیٰ کے خیال سے ایسی دعا میں کرتے تھے جتنا قرب زیادہ اُتنا خوف زیادہ مثل مشہور ہے کہ نزدیکاں رابیش بود حیرانی بندگی کے یہی معنے ہیں کہ بندہ اپنے مالک کے روبرو لرزتا کانپتا رہے اور اپنے قصور کا خواہ ہوا ہو خواہ نہوا ہو اقرار کیا کرے م ۲۲۰۵ اَبُوْھُرَیْرَۃَ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ ذَنْبِیْ کُلَّہٗ دِقَّہٗ وَجُلَّہٗ وَاَوَّلَہٗ وَاٰخِرَہٗ وَعَلَانِیَتَہٗ وَسِرَّہٗ مسلم میں ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی بخش دے میرے سب گناہ کو خواہ چھوٹا ہو خواہ بڑا خواہ پہلا خواہ پچھلا خواہ کھلا ہو خواہ چھپا ف مصابیح میں اُنہی سے روایت ہے کہ حضرت اس دعا کو سجدہ میں پڑھتے تھے

ق ۲۲۰۶ ق عَائِشَۃُ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ وَارْحَمْنِیْ وَاَلْحِقْنِیْ بِالرَّفِیْقِ الْاَعْلٰی دَعَا بِہٖ عِنْدَ وَفَاتِہٖ بخاری اور مسلم میں حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا الٰہی بخش مجھکو

اور رحم کر مجھپر اور ملا دے مجھکو بلند رتبہ رفیقون مین یہ حضرت نے اپنے موت کے وقت دعا کی

ف رفیق اعلی سے مراد انبیا کی ارواح اور مقرب فرشتے ہین اور بعضی کہتے ہین کہ رفیق اعلی سے مراد خدا ہے ق ۲۲۰۷ ق اُمُّ سُلَیْم بِنْتُ مِلْحَانَ اَللّٰهُمَّ اَكْثِرْ مَالَهٗ وَوَلَدَهٗ وَبَارِكْ لَهٗ فِيمَا اَعْطَيْتَهٗ دُعَاءً لِاَنَسِ بْنِ مَالِكٍ بخاری اور مسلم مین ام سلیم بنت ملحان رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی نہایت دے اُسکے مال اور اسکی اولاد مین اور اُسکے برکت کر جو تو نے اسکو دیا یہ حضرت نے انس بن مالک کے واسطے دعا کی ف انس بن مالک حضرت کے خادم ہے نو برس کے تھے کہ انکی مان یعنی ام سلیم نے انکو حضرت کے خدمت مین دیا مصابیح مین روایت ہے کہ ام سلیم نے حضرت سے کہا کہ یا حضرت اپنے خادم انس کے واسطے دعا کیجئے تب حضرت نے یہ دعا کی بعضی روایت مین یون ہے کہ حضرت اپنے وضو کا برتن بھر رکھتے تھے ایک روز حضرت بھول گئے انس نے اُسکو بھر دیا جب حضرت نے اُسکو بھرا پایا تو پوچھا کہ کسنے یہ بھرا ہے معلوم ہوا کہ انس نے تو حضرت نے انکی عمر درازی اور مال اور اولاد کے کثرت کی دعا کی چنانچہ انس ایک سو بیس ۱۲۰ برس تک زندہ رہے اور ایک سو بیس انکے لڑکے پیدا ہوئے اور بصرہ مین انکے کھجور کے باغ سال مین دو بار پھلتے تھے اور انکی بہیڑ بکریکی اتنی کثرت تھی جسکا شمار نہین ۲۲۰۸ ق ق عَائِشَةُ اَللّٰهُمَّ الرَّفِيقَ الْاَعْلٰى بخاری اور مسلم مین حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی مین عالی رتبہ رفیقون کی صحبت مانگتا ہون ف حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت نے حالت

صحت مین فرماتے تھے کہ بغیر رضامندی کسی پیغمبر کو موت نہین آتی جب حضرت کو مرض
الموت مین غش سی ہوش آیا تو حضرت نے آنکھ کھول کے یہہ دعا کی اسوقت مین نی جانا کہ
حضرت نے ہمکو چھوڑا اور موت کو اختیار کیا یہہ اخیر کلام حضرت کا تھا اسکے بعد حضرت نے کوئی
کلام نکیا م عَائِشَةُ اللّٰهُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْكَ السَّلَامُ تَبَارَكْتَ يَا ذَا ۲۲۰۹ م
الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ مسلم مین حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی تجھی کو
بھی سلامتی ہے تو ہر عیب اور مکروہات سے سالم ہے اور تیری ہی طرف سے خلق کو سلامتی حاصل
حاصل ہوتی ہے تو بڑی برکت والا ہے اے جلال اور بڑائی والے ف صحیح روایت
اتنی ہی ہے اور یہہ جو مشہور ہے کہ بعد منک السلام کے والیک یرجع السلام وادخلنا دار
السلام تبارکت ربنا وتعالیت یا ذالجلال والاکرام زیادہ کرتے ہین سو اسکی حضرت سے
صحیح روایت مین کہین اصل پائی نہین م عَلِيٌّ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْمَلِكُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ ۲۲۱۰ م
اَنْتَ رَبِّي وَاَنَا عَبْدُكَ ظَلَمْتُ نَفْسِي وَاعْتَرَفْتُ بِذَنْبِي فَاغْفِرْ لِي ذُنُوْبِي
جَمِيْعًا لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ وَاهْدِنِي لِاَحْسَنِ الْاَخْلَاقِ لَا يَهْدِي لِاَحْسَنِهَا
اِلَّا اَنْتَ وَاصْرِفْ عَنِّي سَيِّئَهَا لَا يَصْرِفُ عَنِّي سَيِّئَهَا اِلَّا اَنْتَ لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ
وَالْخَيْرُ كُلُّهُ فِي يَدَيْكَ وَالشَّرُّ لَيْسَ اِلَيْكَ اَنَا بِكَ وَاِلَيْكَ تَبَارَكْتَ وَتَعَالَيْتَ
اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ كَانَ يَقُوْلُهُ بَعْدَ قَوْلِهِ وَجَّهْتُ وَجْهِيَ وَاِذَا رَكَعَ

قَالَ

قَالَ اللّٰھُمَّ رَکَعْتُ وَبِکَ اٰمَنْتُ وَلَکَ اَسْلَمْتُ خَشَعَ لَکَ سَمْعِیْ وَبَصَرِیْ وَ
مُخِّیْ وَعَظْمِیْ وَعَصَبِیْ فَاِذَا رَفَعَ رَاْسَہٗ قَالَ رَبَّنَا لَکَ الْحَمْدُ مِلْءَ السَّمٰوٰتِ وَ
الْاَرْضِ وَمَا بَیْنَھُمَا وَمِلْءَ مَا شِئْتَ مِنْ شَیْءٍ بَعْدُ فَاِذَا سَجَدَ قَالَ اَللّٰھُمَّ لَکَ
سَجَدْتُّ وَبِکَ اٰمَنْتُ وَلَکَ اَسْلَمْتُ سَجَدَ وَجْھِیْ لِلَّذِیْ خَلَقَہٗ وَصَوَّرَہٗ وَ
سَمْعَہٗ وَبَصَرَہٗ تَبَارَکَ اللّٰہُ اَحْسَنُ الْخَالِقِیْنَ ثُمَّ یَکُوْنُ مِنْ اٰخِرِ مَا یَقُوْلُ بَیْنَ
التَّشَھُّدِ وَالتَّسْلِیْمِ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ مَا قَدَّمْتُ وَمَا اَخَّرْتُ وَمَا اَسْرَرْتُ وَمَا
وَمَا اَعْلَنْتُ وَمَا اَسْرَفْتُ وَمَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِہٖ مِنِّیْ اَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَاَنْتَ الْمُؤَخِّرُ
لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ مسلم میں علی مرتضیٰ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی تو پادشاہ ہے کوئی بندگی کے لائق نہیں
سوائے تیرے تو میرا رب ہے میں تیرا بندہ ہوں میں نے زیادتی کی اپنی جان پر اور اپنے گناہ کا اقرار کیا سو میرے سب
گناہوں کو بخش دے نہیں بخشتا گناہوں کو سوائے تیرے اور ہدایت کر مجھکو بہتر خوبیوں کی نہیں ہدایت کرتا بہتر خوبیوں کو
سوائے تیرے اور ہٹا دے مجھسے بری خوؤں کو نہیں ہٹاتا بری خوؤں کو سوائے تیرے بار بار تیری خدمت میں حاضر
ہوں اور نیکی بالکل تیرے ہاتھ میں ہے اور بدی تیری طرف نہیں میں تجھسے قائم ہوں اور تیری ہی طرف آنے والا ہوں تو بڑے
برکت والا ہے اور سب سے اونچا تجھسے مغفرت مانگتا ہوں اور تیرے حضور میں توبہ کرتا ہوں اس دعا کو
حضرت بعد وجہت باجی کے پڑھتے تھے یعنے اللھم سے اتوب الیک تک اور
جب حضرت رکوع کرتے تھے تو اس دعا کو پڑھتے تھے اللھم سے عصبی تک یعنے الٰہی تیرے ہی

مین نی رکوع کیا یعنے جھکا اور تیرا مین ایمان لایا اور تیرا ہی مین تابعدار ہو گیا جھک پڑے تیرے
میرے کان اور آنکھ اور میرا گودا اور میری ہڈی اور میرا پٹھا پھر جب حضرت رکوع سے سر
اٹھاتے تھے تو اِس دعا کو ربنا سی من شیئ بعد تک پڑھتے تھے یعنے اے ہمارے رب تیرے ہی
واسطے حمد اور شکر ہے آسمانوں کے برابر اور زمین اور جو آسمان زمین کے اندر ہے اُسکے برابر اور اُسکے بعد
جو چیز تیری خواہش مین ہو اُسکے برابر جب حضرت سجدہ کرتے تھے تو اِس دعا کو اللھم لک احسن
الخالقین تک پڑھتے تھے یعنی الٰہی مین نے تیرا سجدہ کیا اور تیرا مین ایمان لایا اور تیرا مین تابعدار
ہو گیا سجدہ کیا میرے چہرے نے اُسکو جسنے اُسکو پیدا کیا اور اُسکی صورت بنائی اور اُسکے کان اور
آنکھ چیرے خدا بڑی برکت والا ہے سب بنانے والون سے بہتر پھر نماز مین اخیر دعا یہہ ہوتی تھی کہ حضرت
التحیات اور سلام پھیرنے کے درمیان اللھم لی الا انت تک فرماتے تھے یعنے الٰہی بخش دے میرے لئے
جو مین نے آگے کیا اور جو پیچھے ڈالا اور جو مین نے چھپایا اور جو مین نے کھولا اور جو مین نی زیادتی
کی اور اُسکو بخش جسکو تو مجھسے زیادہ نزدیک ہے تو آگے کرتا ہے جسکو چاہے اور پیچھے ڈالتا ہے
جسکو چاہتا ہے تیرے سوای کوئی بندگی کے لائق نہین ف یہہ جو فرمایا کہ بدی تیری طرف
نہین یعنی بد کام تیری نزدیکی حاصل نہین ہوتی یا یہہ مطلب ہر چند نیکی اور بدی کا خالق
خدا ہی ہے لیکن بندگی کا ادب یہہ ہے کہ بدی کو اُسکی طرف نسبت نہ کیا جاوے جیسے دوزخ مین یا
خالق الشر یا خالق الخنزیر والکلب نہین لاتے اور حالانکہ ان سب کا خالق وہی ہے

۲۲۱۱ م

حنفی مذہب مین یہہ دعا نین نفل نماز مین کرے نہ فرض مین م ابن عمر اللّٰھم انت خلقت
نفسی وانت توفاھا لک مماتھا ومحیاھا ان احییتھا فاحفظھا وان
امتھا فاغفرلھا اللّٰھم اسألک العافیۃ امر بہ رجلا ان یقول اذا اخذ
مضجعہ مسلم مین عبداللہ بن عمر سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا الٰہی تو نے میری جان کو پیدا
کیا اور تو ہی اسکو ماریگا تیرے ہی واسطے اسکی زندگی اور موت اگر تو نے اسکو زندہ رکھا تو اسکو اپنے
امان مین رکھ اور اگر اسکو مارا تو اسکو بخش دیجیو الٰہی مین تجھسے عافیت اور صحت مانگتا ہون
یہہ دعا حضرت نے ایک مرد کو تبلائی کہ جب لیٹا کرے تو اسکو پڑھا کرے ق ابوھریرۃ اللّٰھم ۲۲۱۲ ق
انج الولید بن الولید وسلمۃ بن ھشام وعیاش بن ابی ربیعۃ والمستضعفین
بمکۃ اللّٰھم اشدد وطأتک علی مضر اللّٰھم اجعلھا علیھم سنین کسنی
یوسف بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ نجات دے ولید بن ولید کو
اور سلمہ بن ہشام کو اور عیاش بن ربیعہ کو اور مکہ کے دبے ہوئے بے زور مسلمانون کو الٰہی
اپنا سخت عذاب ڈال مضر کی قوم پر اور ان پر سات برس کا قحط ڈال جیسے یوسف کے
وقت مین قحط پڑا تھا ف مکے مین چند عرب مسلمان تھے جیسے ولید اور عیاش اور سلمہ
اور عمار اور خباب وغیرہ کفار قریش انکو بہت ستاتے تھے سو حضرت نے انکی مخلصی کی دعا کی آخر
خدا نے انکو نجات دی اور مضر عرب مین ایک قوم تھی وہ بڑے سخت لوگ تھے اسواسطے

م ۲۲۱۳ حضرت نے بعد دعا کی م عُمَرُ اَللّٰھُمَّ اَنْجِزْلِی مَا وَعَدْتَنِی اَللّٰھُمَّ اٰیِنْ مَا وَعَدْتَنِی
اَللّٰھُمَّ اِنْ تُھْلِكْ ھٰذِہِ الْعِصَابَۃَ مِنْ اَھْلِ الْاِسْلَامِ لَا تُعْبَدْ فِی الْاَرْضِ
سلم مین عمر فاروق سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی پورا کر جو تو نے مجھسے وعدہ کیا ہے
الٰہی کہان وہ فتح جسکا تو نے مجھسے وعدہ کیا ہے الٰہی اگر تو نے اس اہل اسلام کی جماعت کو مار ڈالا
تو زمین مین تیری بندگی نہوگی ف جنگ بدر مین حضرت نے دیکھا کہ اسامان ہزار آدمی کا
کافرون کا لشکر ہے اور حضرت کا لشکر بے سامان تین سو تیرہ آدمی کا تب اضطراب سے
یہہ دعا کی سو غیبی قبول کی حضرت کی فتح ہوئی اور یہہ جو فرمایا کہ اگر اہل اسلام ہلاک
ہوئے تو تیری عبادت پھر نہوگی یعنے میرے بعد تو کوئی پیغمبر نہوگا جو لوگون کو میرے بعد ہدایت
کرے شرک چھڑاوی سو اگر مین اور میرے ساتھی مسلمان ہلاک کئے ہوتو پھر کون صورت ہے خالص عبادت
ہونیکی حضرت کو زیادہ اضطراب ہی تھا کہ کہین دین الٰہی مٹ جاوے اگر کوئی کہے کہ جب
خدا نے اس فتح کا وعدہ کیا تھا تو اتنے اضطراب کا کیا مقام تھا اسکا جواب یہہ ہے کہ حضرت
بے نیازی اور بے پروائی کی شان سے ڈرے وہ مالک ہے جو چاہے سو کر ڈالے اسکا کون ہاتھہ
پکڑنے والا ہے بندہ کی اسی کا نام ہے کہ بندہ ڈرتا رہے کبھی نڈر نہووے اور دوسرا سبب
یہہ تھا کہ تا اصحاب کو تسکین ہو اپنی بے سامانی سے نہ ڈرین آخر اسلئے کہ انکو یقین تھا کہ
حضرت کی دعا بے شک مقبول ہی خ ابن عباس اَللّٰھُمَّ اَنْشُدُكَ عَھْدَكَ وَوَعْدَكَ ح ۱۳۱۴

اللھم

اَللّٰھُمَّ اِنْ تَشَاْ لَا تُعْبَدْ بَعْدَ الْیَوْمِ قَالَہٗ یَوْمَ بَدْرٍ وَفِیْ رِوَایَۃِ اَنَسٍ
اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ اِنْ تَشَاْ لَا تُعْبَدْ فِی الْاَرْضِ قَالَہٗ یَوْمَ اُحُدٍ بخاری مین عبداللہ بن عباس سے
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی مین تیرا قول قرار تجھکو یاد دلاتا ہون یعنے کمال عاجزی سے
تیرے عہد و پیمان کے واسطے وسیلے سے سوال کرتا ہون الٰہی اگر تو چاہے تو آج کے بعد تیری بندگی
نہو یہہ حضرت نے جنگ بدر کے دن دعا کی اور انس کی روایت مین یون ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی
اگر تو نے چاہا یعنے ہمکو ہلاک کرنا تو زمین مین پھر تیری عبادت نہوگی یہہ دعا حضرت نے جنگ احد کے
دن فرمائی ف مصابیح مین عبداللہ بن عباس سے روایت ہے کہ جنگ بدر کے دن خیمہ مین دعا
کرتے تھے تو ابوبکر صدیق نے حضرت کا ہاتھ پکڑا اور کہا کہ یا حضرت اتنی دعا کفایت کرتی
ہے آپنے پنے سر کی التجا اپنے رب کی کی تو حضرت زرہ پہنے خیمہ سی نکلے اور یہہ فرماتے تھے
کہ اب کافرون کا لشکر بھاگا جاتا ہے اور پیٹھ پھیرتا ہے چنانچہ ویسا ہی ہو بلا تفاوت

۲۲۱۵ م عَائِشَۃُ اَللّٰھُمَّ اِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ فَاَیُّ الْمُسْلِمِیْنَ لَعَنْتُہٗ اَوْ سَبَبْتُہٗ فَاجْعَلْ
لَہٗ زَکٰوۃً وَّاَجْرًا مسلم مین حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی مین تو بشر ہون سو جس مسلمان کو
مین کوسون یا لعنت کرون تو اس بد دعا کو اسکے واسطے گناہون کی طہارت اور ثواب
کر دیجیو ف یعنے اگر بشریت سے کسی مسلمان کو بد دعا کرون تو اسکے حق مین
اثر نہ کرے بلکہ بد دعا مین دعا خیر ہو جاوی اس دعا سے کمال شفقت حضرت کی اپنی امت پر

۲۲۱۶ م ثابت ہوئی م اَنَسٍ اَللّٰھُمَّ اِنَّھُمْ مِنْ اَحَبِّ النَّاسِ اِلَیَّ اَللّٰھُمَّ اِنَّھُمْ مِنْ اَحَبِّ
النَّاسِ اِلَیَّ اَللّٰھُمَّ اِنَّھُمْ مِنْ اَحَبِّ النَّاسِ اِلَیَّ یَعْنِی الْاَنْصَارَ سم بن انس سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی البتہ وہ انصار میرے نزدیک اُن لوگوں میں سے ہیں جو بہت پیارے ہیں الٰہی وے
میرے نزدیک اُن لوگوں میں سے جو زیادہ تر محبوب ہیں الٰہی وے میرے نزدیک اُن آدمیوں میں سے
۲۲۱۷ ع ہیں جو نہایت پیارے ہیں یہہ حضرت نے انصار کے حق میں تین بار فرمایا خ اِبْنُ عُمَرَ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ
اَبْرَأُ اِلَیْکَ مِمَّا صَنَعَ خَالِدٌ مَرَّتَیْنِ مُنْصَرَفَ خَالِدِ بْنِ الْوَلِیْدِ مِنْ بَنِیْ خُزَیْمَۃَ
بخاری میں عبداللہ بن عمر سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی میں تیرے روبرو بیزاری ظاہر
کرتا ہوں خالد کے کرتب سے یہہ حضرت نے دو بار فرمایا جسوقت خالد بن ولید قوم بنی خزیمہ سے
پلٹے ف عبداللہ بن عمر سی روایت ہے کہ حضرت نے خالد کو بنی خزیمہ کے قوم پر بھیجا اُنکے مسلمان
کرنے کو سو خالد نی اُنکو اسلام کی دعوت کی تو وہ بخوبی یہہ بات نہ کہہ سکے کہ ہم اسلام
لائے اُنہوں نی یوں کہا کہ ہم بے دین ہوئے ہم بے دین ہوئے یعنے مسلمان ہوئے اسواسطے کہ کافر
مسلمانوں کو بے دین کہتے تھے سو خالد نی اُنکا قتل کرنا اور قید کرنا شروع کیا اور ہر ایک
مسلمان کو ایک قیدی دیا تا کہ قتل کرے تو میں نے کہا واللہ کہ میں اپنے قیدی کو نہ قتل کرونگا
اور نہ کوئی میرا ساتھی قتل کرے پھر جب ہم پلٹے یہ حال حضرت سے کہا تب حضرت نے یہہ حدیث فرمائی
یعنے خالد سے قصور ہوا کہ بے مطلب تو نے اُنکو مارا الٰہی میں اسمیں شریک نہیں معلوم ہوا

کہ نیت کا اعتبار ہے اگر خلاف مقصود غلطی ہے یا نادانی سے کوئی لفظ نکل جاوے تو اسکا
کچھ اعتبار نہین **شعر** ما درون را بنگریم و حال را نی برون را بنگریم و قال را اور عالمگیری
طرف سے یہہ عذر ممکن ہی کہ انکو حکم تھا کہ اگر وہ اسلام لاوین تو قتل کرو انہون نے صاف
نہین ظاہر کیا اور یہہ جو کہا کہ ہم بے دین ہوئے اسمین یہہ مطلب بھی ممکن ہے کہ ہم نے اپنا
دین چھوڑا ہم یہودی یا نصرانی ہوئے شاید عار کے سبب سے اسلام کی لفظ نہ کہی ہو بلکہ
یون کہا کہ ہم بے دین ہوئے فاسد امام **ق** ابو ہریرۃ اللّٰھم انی احبہ فاحبہ ۲۲۱۸ **ق**
واحب من یحبہ یعنی الحسن بن علی رضی اللّٰہ عنہما بخاری اور مسلم مین ابو
ہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی مین اسکو چاہتا ہون یعنی حسن بن علی کو سو تو بھی
اسکو چاہ اور اسکو چاہ جو اسکو چاہے **ف** حضرت نے ایک بار امام حسن کو اپنے گود مین
لیکر جو ما پدر بہہ دعا کی **ح** اسامۃ بن زید اللّٰھم انی احبھما فاحبھما و ۲۲۱۹ **ح**
یروی اللّٰھم انی ارحمھما فارحمھما یعنی الحسن والحسین رضی اللّٰہ عنہما
بخاری مین اسامہ بن زید سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی مین حسن اور حسین کو چاہتا ہون
سو تو بھی انکو چاہ اور دوسری روایت مین ہے کہ الٰہی مین مقرر ان دونون پر رحم کرتا ہون
سو تو بھی ان پر رحم کر **ف** ان دونون حدیثون مین حسنین کی بڑی عمدہ فضیلت ہے
کہ حضرت نے انکی محبت اور انکی محب کی خدا سے دعا کی خدا کی محبت سے مراد رحم

۲۲۲۰ م اور کمال رحمت سے ہو عائشۃ اللّٰھم انی اسألک خیرھا وخیر ما فیھا
وخیر ما ارسلت بہ واعوذ بک من شرھا وشر ما ارسلت بہ کان یقولہ اذا عصفت
الریح مسلمین حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ الٰہی میں تجھسے اسکی بھلائی اور اسکے اندر کی بھلائی اور جس واسطے یہہ آندھی
بھیجی گئی اسکی بھلائی مانگتا ہوں اور اسکی برائی اور اسکے اندر کی برائی اور جس واسطے یہہ آندھی بھیجی گئی ہے اسکی
۲۲۲۱ م برائی سے پناہ مانگتا ہوں یہہ دعا حضرت کرتے تھے جب سخت ہوا چلتی تھی ہو ابن مسعود
اللّٰھم انی اسألک الھدی والتقی والعفاف والغنی مسلم میں عبداللہ بن
مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی میں تجھسے ہدایت اور پرہیزگاری اور
حرام سے پاکدامنی اور دل کی بے پروائی مانگتا ہوں ف عفاف اور عفت یہہ کہ شہوت
۲۲۲۲ خ شرع اور عقل کے تابع ہو جاوے یعنے بے شرع کے اجازت کسی چیز کی خواہش غلبہ
نہ کرے تو اس سے بہت بہتر اخلاق پیدا ہوتے ہیں جیسے سخاوت اور حیا ح سعد بن
ابی وقاص اللّٰھم انی اعوذ بک من البخل واعوذ بک من الجبن واعوذ
بک ان ارد الی ارذل العمر واعوذ بک من فتنۃ الدجال واعوذ
بک من عذاب القبر بخاری میں سعد ابن ابی وقاص سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا
کہ الٰہی میں تیری پناہ مانگتا ہوں بخیلی سے اور پناہ مانگتا ہوں بزدلی اور نامردی سے اور پناہ مانگتا ہوں
بری اور نکمی زندگی سے اور پناہ مانگتا ہوں دجال کے فتنہ سے اور پناہ مانگتا ہوں قبر کے عذاب سے

ف نکمی عمر یعنے پیری سی اسواسطے پناہ مانگی کہ اُسوقت آدمی کے ہاتھ پاؤن کہے مین
ہوتے نہین نہ عقل ٹھکانے رہتی ہے تو کویا آدمی دیوانہ ہو جاتا ہے ف اَنَسٍ اَللّٰهُمَّ ۲۲۲۳ ب
اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ كَانَ يَقُوْلُ اِذَا دَخَلَ الْخَلَاءَ
بخاری اور مسلم مین انس رض سے روایت ہے کہ حضرت نے کہ الٰہی مین تیری پناہ مانگتا ہون دیو ہوت
اور ہوتنیون کے شر سے یہہ دعا حضرت پاخانے مین داخل ہوتے فرماتے ف پاخانے
مین خدا کا نام مذکور نہین ہوتا اِس واسطے شیطان وہان رہتے ہین اِس سبب سے حضرت نے
یہہ دعا کی ق اَبُوْسَعِيْدٍ وَاَنَسٍ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْهَمِّ وَالْحُزْنِ ۲۲۲۴ ق
وَالْعَجْزِ وَالْكَسَلِ وَالْبُخْلِ وَالْجُبْنِ وَضَلَعِ الدَّيْنِ وَغَلَبَةِ الرِّجَالِ بخاری
مسلم مین ابوسعید اور انس رض سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی مین تیری پناہ مانگتا ہون
تشویش اور غم سے اور جانکنی ماندگی اور بدنکی کاہلی سے اور بخیلی اور نامردی سے
اور قرض کے بوجھہ اور مردون کے غلبہ سے ف مردون کا غلبہ یہہ کہ بادشاہ ظالم
ہو یا جاہلون سے سابقہ پڑے یا کہ شہوت پرستی مردون پر غالب ہو م اِبْنُ عُمَرَ ۲۲۲۵ م
اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ زَوَالِ نِعْمَتِكَ وَتَحَوُّلِ عَافِيَتِكَ وَفُجَاءَةِ نِقْمَتِكَ
وَجَمِيْعِ سَخَطِكَ مسلم مین عبداللہ بن عمر سے روایت ہے کہ حضرت نبی فرمایا کہ
الٰہی مین تیری پناہ مانگتا ہون تیری نعمت کے زوال سے اور تیری دی عافیت

اور آرام کے پلٹنے سے اور ناگہانی تیرے عذاب سے اور سب تیرے غضب والے کاموں سے

۲۲۲۶ م عَائِشَةُ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا عَمِلْتُ وَمِنْ شَرِّ مَا لَمْ اَعْمَلْ مسلم میں
حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی میں تیری پناہ مانگتا ہوں اُس چیز کی برائی سے
جو کر چکا ہوں اور اس چیز کی برائی سے جو نہیں کیا میں نے ۲۲۲۷ م عَائِشَةُ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ
مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَسِیْحِ الدَّجَّالِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ
فِتْنَةِ الْمَحْیَا وَالْمَمَاتِ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْمَاْثَمِ وَالْمَغْرَمِ مسلم میں حضرت عائشہ سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی میں تیری مانگتا ہوں قبر کے عذاب سے اور پناہ مانگتا ہوں مسیح دجال کے
فتنہ سے اور تیری پناہ مانگتا ہوں زندگی اور موت کے فتنہ سے الٰہی میں تیری پناہ مانگتا ہوں
گناہ اور ڈانڈے سے ف زندگی کا فتنہ بیماری اور مال اور اولاد کا نقصان یا کثرت
مال کی جو خدا سے غافل کرے یا کفر اور گمراہی اور موت کا فتنہ اُسوقت کی شدت اور
دہشت یا معاذ اللہ خاتمہ بد ہونا ۲۲۲۸ م اَنَسٌ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ عِلْمٍ لَا یَنْفَعُ وَقَلْبٍ
لَا یَخْشَعُ وَدُعَاءٍ لَا یُسْمَعُ وَنَفْسٍ لَا تَشْبَعُ مسلم میں انس سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی
میں تیری پناہ مانگتا ہوں اُس علم سے جو فائدہ نہ کرے اور اس دل سے جو تیرے حضور میں
نہ جھکے اور اس دعا سے جو نہ سنی جائے یعنے قبول نہو اور اُس جی سے جسکو آسودگی نہو یعنی لالچی
ہو قلیل پر قناعت نہ کرے ف علم غیر نافع یعنے علم بے عمل اور جسکی شرع میں اجازت نہو

جیسے

جیسے سحر اور نجوم اور رمل اور جفر اور جو آخرت مین کام نہ آوی بلکہ ضرر کرے جیسے یونانی
حکمت کا علم اور علم نافع وہ ہی جو دنیا مین یا آخرت مین یا دونون مین فائدہ کرے صرف
دنیا کا فائدہ علم طب اور علم حساب مین اور صرف آخرت کا فائدہ علم معرفت اور علم سلوک
اور علم اخلاق مین اور دنیا اور آخرت کا دونون کا فائدہ شریعت کے علوم مین اور جو علم کہ نہ
نفع کرے نہ ضرر جیسے علم حساب سے زیادہ اور علم لغت مین زیادہ دخل پیدا کرنا

م ۲۲۲۸ عَائِشَةُ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ النَّارِ وَعَذَابِ النَّارِ وَفِتْنَةِ
اَلْقَبْرِ وَعَذَابِ اَلْقَبْرِ وَمِنْ شَرِّ فِتْنَةِ اَلْغِنٰى وَمِنْ شَرِّ فِتْنَةِ اَلْفَقْرِ وَاَعُوْذُ بِكَ
مِنْ شَرِّ فِتْنَةِ اَلْمَسِيْحِ اَلدَّجَّالِ مسلم مین حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی
مین پناہ مانگتا ہون دوزخ کے فتنے اور دوزخ کے عذاب سے اور قبر کے فتنے اور قبر کے عذاب سے
اور پناہ مانگتا ہون مالدار کے فتنے کی برائی سے اور محتاجی کے فتنے کی برائی سے اور تیری پناہ
مانگتا ہون مسیح دجال کے فتنے کی برائی سے ف مال داری کا فتنہ غفلت اور غرور اور
بخل اور محتاجی کا فتنہ مالداروں پر حسد کرنا اور انکے مال مین طمع کرنا اور اپنے مقسوم
پر راضی ہونا اور مال کی طلب مین حرام کامون کو اختیار کرنا ق ۲۲۲۹ اَبُوْبَكْرٍ اَللّٰهُمَّ
اِنِّیْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ ظُلْمًا كَثِيْرًا وَلَا يَغْفِرُ اَلذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ فَاغْفِرْ لِیْ مَغْفِرَةً
مِنْ عِنْدِكَ وَارْحَمْنِیْ اِنَّكَ اَنْتَ اَلْغَفُوْرُ اَلرَّحِيْمُ بخاری اور مسلم مین ابوبکر صدیق

رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی مین نے اپنی جان پر ستم کیا بہت ستم
اور گناہون کو نہین بخشتا سوا تیرے سو بخش دے مجھکو اپنے پاس کی مغفرت سے اور مجھپر
رحم کر البتہ تو ہے بڑا بخشنے والا اور نہایت مہربان ہے ف صدیق اکبر رضہ سے
روایت ہے کہ مین نے کہا یا حضرت مجھکو کوئی دعا بتلائیے جسکو مین اپنی نماز مین پڑھا کرون تب
حضرت نے مجھکو یہ دعا بتلائی التحیات اور درود کے بعد اسکو پڑھنا چاہیے ف ۲۲۳۰
البراء بن عازب اللھم انی اسئلک من احیا امرک اذا ماتوہ فاجعلنی ممن علیہ یھودی
محتم مجلود ثم امر بہ فرجم مسلم مین براء بن عازب سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ
الٰہی مین پہلا شخص ہون جنھنے تیرے حکم کو جلایا جب کہ وہ اسکو مار چکے تھے یعنے جسوقت
مین کہ یہودی سنگسار کیا حکم موقوف کر دیا تھا سو اول مجھی سے اسکی رواج ہوئی یہہ
حضرت نے اس وقت فرمایا جب کہ حضرت کے سامنے کوڑون سے مارا ہوا اور سیاہ یہودی نکلا
پھر حضرت نے اسکو حکم کیا تو سنگسار ہوا ف حضرت کے سامنے کالا منہ یہودی جسپر کوڑے کی
مار پڑی تھی نکلا حضرت نے یہودیون سے پوچھا کہ تمہاری کتاب مین حرام کاری کی یہی حد اور
یہی سزا ہے یہودیون نے کہا ہان یہی حکم ہے تب حضرت نے انکے ایک عالم کو بلایا جسکا
ابن صوریا نام تھا اور اسسے فرمایا کہ مین تجھکو اس خدا کی قسم دلاتا ہون جسنے موسی پر
توریت اتاری کیا تمہاری کتاب مین زانی کی یہی سزا ہے کہ کوڑے مارے اور کالا

منہہ کر دیجئے اُسنی کہا نہین یہہ سزا نہین اگر تو مجھکو ایسی بڑی قسم نہ دلاتا تو مین ہرگز
حقیقت نہ تبلاتا حرام کاریکی سزا توریت مین سنگساری ہے لیکن جب زنا کی ہمارے اشراف
لوگون مین کرثت ہوئی تو اول ہمارا یہہ معمول تھا کہ ہم رئیس اور شریف کو اگر حرام کاری مین
پکڑتے تو چھوڑ دیتے اور اگر غریب اور کمینے کو پکڑتے تو اُسکو سنگسار کرتے پھر ہم نے آپسمین
ایک صلاح کی کہ لاؤ ایک چیز مقرر کرلین کہ شریف اور کمینے پر برابر کیا کرین تو یہی
صلاح ٹھہری کہ سنگساری کے عوض کوڑونکی مار اور منہہ کالا کر دینا ہوا کرے پھر یہودیون نے
حضرت سے تخفیف چاہی یعنی سنگساری نہو حضرت نے اُنکی بات پر کچھہ دھیان نکیا اور اُسکو
سنگسار کروایا پھر یہہ حدیث فرمائی اور دوسری روایت یون ہی کہ جب یہودیون نے
سنگساری کے حکم کا انکار کیا تو عبداللہ بن سلام نے حضرت سے کہا کہ توریت مین سنگساری کا
حکم ہے پھر توریت منگوائی تو یہودیون نے سنگساری کی آیت پر ہاتھہ رکھہ دیا عبداللہ بن سلام نے
اُنکا ہاتھہ اٹھا کر اُس آیت کو پڑہ دیا پھر حضرت نے اُسکو سنگسار کروایا ۴۳۳۱ م حَدَّثَنَا اَبُوْ هُرَيْرَةَ
اَللّٰهُمَّ اهْدِ اُمَّ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَللّٰهُمَّ حَبِّبْ عُبَيْدَكَ هٰذَا وَاُمَّهُ اِلٰى عِبَادِكَ
الْمُؤْمِنِيْنَ وَحَبِّبْ اِلَيْهِمَا الْمُؤْمِنِيْنَ مسلم مین ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ
الٰہی ہدایت کر ابوہریرہ کی ماکو جیسے اپنے اِس بندہ کو اور اُسکی ماکو پیارا کردے اپنے
ایماندار بندونکو نزدیک اور ایماندارون کو اِن دونو کے نزدیک پیارا کردے

ف مصابیح مین ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ میری ماں شرک تھی مین اس سے کہا کرتا تھا کہ
تو مسلمان ہو جا سو اُسنی ایک بار حضرتؐ کے حق مین ایسی بے ادبی کی کہ مجھکو نہایت بُری
معلوم ہوئی سو مین حضرت کے خدمت مین روتا آیا اور مینے کہا کہ یا حضرت میری ماں کے واسطے
دعا کیجئے کہ خدا اُسکو ہدایت کرے تب حضرتؐ نے یہہ دعا کی تو مین حضرت کی اس
دعا سے خوشی ہوکر نکلا جب مین گھر کے دروازے پہنچا اور میری ماں نے میری جوتی کی چپ
سنی تو کہا ای ابو ہریرہ کھڑا رہ اور مین نے پانی کی آواز سنی سو اُسنے غسل کرکے
جلد ایسی کپڑے پہن کے دروازہ کھولا اور یون کہا کہ اے ابو ہریرہ اَشْهَدُ اَنْ لَّا
اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ تب مین خوشی کے مارے روتا ہوا
حضرت کی خدمت مین پلٹ گیا اور یہہ حال کہا تو حضرتؐ نے الحمد للہ کہکے فرمایا کہ ۲۲۳۲ ق
بہت اچھا ہوا یہہ حدیث معجزہ ہے کہ فوراً حضرت کی دعا قبول ہوگئی ق اَبُوْ
هُرَيْرَةَ اَللّٰهُمَّ اهْدِ دَوْسًا وَاْتِ بِهِمْ بخاری اور مسلم مین ابو ہریرہ سے روایت ہے
کہ حضرتؐ نے فرمایا کہ الٰہی دوس کی قوم کو ہدایت کر اور انکو میرے پاس لے آ
ف دوس ایک قوم تھی مین ابو ہریرہ اسی قوم سی تھے حضرتؐ نے ابو ہریرہ کی خاطر
یہہ دعا کی خدا نے قبول کی چنانچہ وہ قوم مسلمان ہوکر حضرت کی خدمت مین آئی
هـ عَلَى اللّٰهُمَّ اهْدِ ثَقِيْفًا وَفِيْ رِوَايَةٍ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ ۲۲۳۳ هـ

الهدیٰ

الْهُدٰی وَالسَّدَادَ وَاذْکُرْ بِالْهُدٰی هِدَایَتَکَ الطَّرِیْقَ وَبِالسَّدَادِ
سَدَادَ السَّهْمِ عَلَّمَهٗ اِیَّاهُ مسلم مین حضرت علی مرتضی سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی
مجھکو ہدایت کر اور سیدھا کر لے اور ایک روایت یون ہی کہ الٰہی مین تجھسے ہدایت اور
راستی مانگتا ہون اور اس کے وقت ہدایت سے راہ کی ہدایت اور راستی سے تیر کی راستی
دھیان کیا کر یعنے جیسے کہین جانا منظور ہوتا ہے تو سیدھے اسی طرف چلتے ہین داہنے
بائین نہین جھکتے اسی طرح خدا سے ہدایت مانگنے راہ راست کا دھیان چاہئے کہ منزل مقصود
پہنچاوے شرع پر چلا جاوے ضلالت اور بدعت کی طرف میل نہ کرے اور راستی
مانگنے کے وقت تیر کی راستی کو دھیان کرے یعنے جیسا تیر سیدھا نشانہ پر پہنچتا ہے
داہنے بائین نہین جھکتا اسی طرح اپنے علم اور عمل مین راستی کا خیال چاہئے کہ باطل
دخل نہ پاوے اور دوسرا فائدہ اس خیال کا یہہ ہے کہ دلکی غفلت دور ہو اور حضور
دل حاصل ہو جاوے ف سَعْدُ بْنُ اَبِیْ وَقَّاصٍ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لِاَهْلِ الْمَدِیْنَةِ ۲۲۳۱ ف
فِیْ مُدِّهِمْ مَنْ اَرَادَهَا بِسُوْءٍ اَذَابَهُ اللّٰهُ كَمَا یَذُوْبُ الْمِلْحُ فِی الْمَاءِ
مسلم مین سعد بن ابی وقاص سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی برکت دے مدینے کے
لوگون کو اُنکے مُد مین جو مدینے سے برائی کا ارادہ کرے ذرا اسکو گلا ڈالے جیسے نمک
پانی مین گلتا ہے ف مُد پیمانہ ہے صاع کی چوتھائی تخمینا بقدر تین پاؤ کے ف ۲۲۳۲

ابو ھریرۃ اللھم بارک لنا فی ثمرنا وبارک لنا فی مدینتنا وبارک لنا
فی صاعنا وبارک لنا فی مدنا اللھم ان ابراھیم علیہ السلام عبدک
وخلیلک ونبیک وانہ دعاک لمکۃ وانی ادعوک للمدینۃ بمثل
ما دعاک لمکۃ ومثلہ معہ کان یقولہ اذا اخذ اول الثمر ثم یدعو
اصغر ولید لہ فیعطیہ ذلک الثمر مسلم میں ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ الٰہی ہمکو برکت دے ہمارے پھل میں اور برکت دے ہم کو ہمارے مدینے میں اور برکت
دے ہمکو ہماری صاع میں اور برکت دے ہمکو ہمارے مد میں الٰہی مقرر ابراہیم علیہ السلام
تیرا بندہ اور تیرا دوست اور تیرا پیغمبر ہے اور البتہ اُس نے تجھسے مکے کے واسطے دعا کی
تھی اور میں تجھسے مدینے کے واسطے دعا کرتا ہوں مثل اُسکے جو ابراہیم نے مکے کے واسطے
دعا کی اور اُسکے برابر تہ اوسکے اور بھی یعنے مکے کی دونی برکت مدینے میں چاہتا ہوں
حضرت یہہ دعا کرتے تھے جب پہلا پھل پاتے تھے اور اپنے اہلبیت کے چھوٹے لڑکے کو
بلاتے پھر اُسکو وہ پھل دیتے **ف** صاع اور مد کی برکت سے مراد اناج کی برکت ہے
حضرت ابراہیم نے مکے کے پھلوں کی برکت کی دعا کی تھی اسواسطے وہاں اناج نہیں ہوتا تھا
اور حضرت نے مدینے کے پھل اور اناج دونوں کی دعا کی اسواسطے وہاں دونوں چیزیں ہوتی
ہیں سنت یہہ ہے کہ نیا پھل چھوٹے لڑکے کو دیوے اسواسطے کہ نئی چیز نئے شخص کو دینا

مناسب ہے

مناسب ہے خ ۲۲۳۸ اِبْنُ عُمَرَ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِي شَامِنَا اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِي
يَمَنِنَا بخاری میں عبداللہ بن عمر سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی برکت دے
ہمکو ہمارے شام میں الٰہی برکت دے ہم کو ہمارے یمن میں ف پوری روایت یوں ہے کہ
لوگوں نے کہا کہ ہمارے نجد کے واسطے برکت کی دعا کیجئے حضرت نے دو بار جواب
نہ دیا تیسری بار فرمایا کہ وہیں زلزلے اور فساد ہیں اور وہیں سے شیطان کا سینگ
یعنے سورج نکلتا ہے شام کا ملک مکے مدینے کے اُتر کی طرف ہے اور یمن دکھن کی
طرف اور نجد کا ملک پورب کی طرف ہے شام کو اپنی طرف اس واسطے نسبت کیا کہ وہ
پیغمبروں کی زمین ہے اور یمن کو اپنی طرف اس واسطے نسبت کیا کہ تہامہ کی زمین ہے
اور تہامہ یمن سے متصل ہے م ۲۲۳۹ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بُسْرٍ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَهُمْ فِيمَا رَزَقْتَهُمْ
وَاغْفِرْ لَهُمْ وَارْحَمْهُمْ وَعَالِ اَبِيهِ بُسْرٍ مسلم میں عبداللہ بن بسر سے روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا کہ الٰہی برکت کر انکے واسطے اسمیں جو تو نے انکو دیا اور بخش دے انکو اور
رحم کر اُن پر یہ دعا حضرت نے عبداللہ کے باپ کے واسطے کی جسکا نام بسر ہے ف عبداللہ
بن بسر سے روایت ہے کہ حضرت ہمارے گھر تشریف لائے اور کہنا اور کھجور کھائے
اور شربت پیا باقی شربت داہنے طرف والے آدمی کو دیا پھر حضرت سوار ہوئے تو
میرے باپ نے باگ پکڑ کے دعا طلب کی تب حضرت نے یہہ دعا کی خ ۲۲۴۰ اَلْبَرَاءُ بْنُ عَازِبٍ

اَللّٰھُمَّ بِاسْمِكَ اَحْیٰی وَبِاسْمِكَ اَمُوْتُ کَانَ یَقُوْلُہٗ اِذَا اَخَذَ مَضْجَعَہٗ
وَاِذَا اسْتَیْقَظَ قَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَحْیَانَا بَعْدَ مَا اَمَاتَنَا وَاِلَیْہِ
النُّشُوْرُ بخاری ہین براء بن عازب سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی مین تیرے
نام سے جیتا ہون اور تیرے نام پر مرونگا یہ حضرت دعا کرتے تھے جب سونیکے
واسطے لیٹتے تھے اور جب جاگتے تھے تو یہہ فرماتے تھے کہ شکر ہے خدا کو
جسنے ہمکو جلایا بعد ہماری موت کے اور اُسی کی طرف جی کر اٹھنا ہے یعنے قیامت
مین ف نیند کو موت اس واسطے فرمایا کہ جیسے موت سے عقل اور حواس نہین رہتے
ویسے ہی نیند مین بھی نہین رہتے پھر اُسکے بعد قیامت کا جی اٹھنا اسواسطے حضرت نے
ذکر کیا کہ جاگنا قیامت کی زندگی کی مثال ہے یعنے جیسے نیند کے بعد جاگتے ہین
اسی طرح موت کے بعد قیامت مین زندہ ہونگے ق اَبُوْھُرَیْرَۃَ اَللّٰھُمَّ بَاعِدْ
بَیْنِیْ وَبَیْنَ خَطَایَایَ کَمَا بَاعَدْتَ بَیْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ اَللّٰھُمَّ نَقِّنِیْ
مِنَ الْخَطَایَا کَمَا یُنَقَّی الثَّوْبُ الْاَبْیَضُ مِنَ الدَّنَسِ اَللّٰھُمَّ اغْسِلْ خَطَایَایَ
بِالْمَاءِ وَالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ
الٰہی فرق ڈال دے میرے اور میرے گناہون کے درمیان جیسے تونے فرق ڈالا ہے مشرق
اور مغرب مین الٰہی چھانٹ ڈال مجھکو گناہون سے جیسے سفید کپڑا چھانٹا جاتا ہے

ق ۴۴۴۱

میل سے الٰہی دھو ڈال میرے گناہون کو پانی اور برف اور اولے سے یعنے طرح طرح کی مغفرت
ق ۲۲۴ ق کر ق جریر کے لئے اللّٰھم ثبتہ واجعلہ ھادیا مھدیا واھد بہ اور عالہ حین شکی
الیہ انہ لا یثبت علی الخیل بخاری اور مسلم مین جریر سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ
الٰہی ٹھہرا دے اسکو گھوڑے پر اور کر دے اسکو ہدایت کرنے والا اور راہ یاب یہہ دعا
حضرت نے جریر کے لئے کی جب کہ اسنے شکایت کی کہ مین گھوڑے پر جم نہین سکتا جریر سے
روایت ہے کہ حضرت نے مجھکو ایک بتخانہ توڑنیکو بھیجا، مین نے کہا کہ مین گھوڑون پر نہین ٹھہر
ق ۲۲۵ ق سکتا تب حضرت نے میرے سینہ پر اپنا ہاتھ ملا پھر یہہ دعا کی تو شہسوار ہو گئے ق
عائشۃ اللّٰھم حبب الینا المدینۃ کحبنا مکۃ او اشد اللّٰھم صححھا
وبارک لنا فی مدھا وصاعھا وانقل حماھا فاجعلھا بالجحفۃ
بخاری اور مسلم مین حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی ہمارے نزدیک
مدینے کو پیارا کر جیسے ہمکو مکے کی محبت ہے یا اس سے بھی زیادہ الٰہی اور چنگا کر دے
مدینے کو یعنے مدینے کی آب وہوا کو درست کر دے اور برکت کر ہمارے لئے اسکے مد
اور اسکے صاع مین اور لیجا اسکے تپ کو سو ڈال دے اسکو جحفہ مین ف مصابیح مین
حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت مکے سے ہجرت کر کے مدینے مین آئے تو ابوبکر صدیق
اور بلال تپ کے مرض مین بیمار ہوئے اور بلال مکے کے جانیکے اشتیاق مین شعرین پڑھنے لگے

تو مین نے یہہ حال حضرت سے کہا حضرت نے یہہ دعا کی آب وہوا مدینے کی بہت خراب تھی اکثر وبا ہوا کرتی تھی حضرت کی دعا سے وہ بلا دفع ہوئی جحفہ مدینے سے چھہ کوس ایک مکان ہے وہان یہود رہتے تھے مدینے کی بیماری حضرت کی دعا سے وہان جاتی رہی انس اَللّٰھُمَّ حَوَالَیْنَا وَلَا عَلَیْنَا بخاری اور مسلم مین انس سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی ہمارے آس پاس مینہہ برسے ہمپر نہ برسے ف اسکا قصہ اسی باب مین ہو چکا کہ اول حضرت نے مینہہ کی دعا کی جب سات روز کی جھڑی لگی تب یہہ دعا فرمائی ھ ابوھریرۃ اَللّٰھُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ وَرَبَّ الْاَرْضِ وَرَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ رَبَّنَا وَرَبَّ کُلِّ شَیْءٍ فَالِقَ الْحَبِّ وَالنَّوٰی وَمُنْزِلَ التَّوْرٰۃِ وَالْاِنْجِیْلِ وَالْفُرْقَانِ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّ کُلِّ شَیْءٍ اَنْتَ اٰخِذٌ بِنَاصِیَتِہٖ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْاَوَّلُ فَلَیْسَ قَبْلَکَ شَیْءٌ وَاَنْتَ الْاٰخِرُ فَلَیْسَ بَعْدَکَ شَیْءٌ وَاَنْتَ الظَّاھِرُ فَلَیْسَ فَوْقَکَ شَیْءٌ وَاَنْتَ الْبَاطِنُ فَلَیْسَ دُوْنَکَ شَیْءٌ اقْضِ عَنَّا الدَّیْنَ وَاَغْنِنَا مِنَ الْفَقْرِ مسلم مین ابوہریرہ سے روایت ہے کہ حضرت نے کہا الٰہی اے آسمان کے رب اور اے زمین کے رب اے بڑے عرش کے رب ہمارے رب اور ہر چیز کے رب اُگانیوالے اور گٹھلی کے پھیرکے اور اُتارنے والے توریت اور انجیل اور قرآن کے مین تیری پناہ مانگتا ہون ہر ایک چیز کی برائی سے ہر ایک چیز کی چوٹی کو تو پکڑنے والا ہے یعنے ہر چیز تیرے قابو مین

ہے

ہے الٰہی تو ہی پہلا ہے تو کوئی چیز تجھسے پہلی نہین اور تو ہی پچھلا ہے تو کوئی چیز تیرے
بعد نہین اور تو ہی کھلا ہے تو کوئی چیز تجھسے بڑہ کے کھلی نہین اور تو ہی چھپا ہے تو
کوئی چیز تجھسے ورے پوشیدہ نہین اے کریم سی قرض کو اور بچاے دہم کو محتاجی سے ف دانہ
اور گٹھلی جمنے کے وقت اوپر اور نیچے سی پھٹ جاتی ہے اوپر کی طرف سے درخت بلند
ہوتا ہے اور نیچے سی جڑ تلے کو گہستی ہی یہہ جو فرمایا کہ اول اور آخر خدا ہے یعنے نہ
اسکی ابتدا ہے نہ انتہا اور مخلوقاتکی ابتدا بھی ہے اور انتہا بھی اول عدم تھا اور آخر فنا
خدا ظاہر ہے اپنی قدرت کے نشانیون سی کہ تمام عالم اسکا قائل ہے عالم ہو یا جاہل اور
باطن ہے اپنی ذات کی حقیقت سے کہ تمام جہان اسمین پریشان ہے جیسے نادان نہین
حیران ہے اس سے زیادہ نزدیک سرگردان ہے ۴۴۵ م عَائِشَةُ اَللّٰهُمَّ رَبَّ جِبْرَئِيلَ
وَمِيكَائِيلَ وَاِسْرَافِيلَ فَاطِرَ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ عَالِمَ الْغَيْبِ وَ
الشَّهَادَةِ اَنْتَ تَحْكُمُ بَيْنَ عِبَادِكَ فِيمَا كَانُوا فِيهِ يَخْتَلِفُونَ اِهْدِنِي
لِمَا اخْتُلِفَ فِيهِ مِنَ الْحَقِّ بِاِذْنِكَ اِنَّكَ تَهْدِي مَنْ تَشَاءُ اِلٰى صِرَاطٍ
مُسْتَقِيمٍ مسلم مین حضرت عائشہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی اے جبرئیل
اور میکائیل اور اسرافیل کے رب اے آسمانون اور زمین کے بنانے والے اے چھپے اور
کھلے کے جاننے والے تو ہی اپنے بندون مین جھگڑا فیصل کریگا جسمین وہ چھوٹ پھٹ

ڈال رہے ہین اپنے حکم سے مجکو حق دین کی ہدایت کر جسمین اختلاف پڑا ہے
ق ۲۲ ہے
مقرر تو ہی ہدایت کرتا ہے جسکو چاہتا ہے سیدھی راہ کی طرف ق ابن عباسؓ سے
اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ اَنْتَ قَيِّمُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَنْ فِيهِنَّ وَلَكَ
الْحَمْدُ اَنْتَ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَنْ فِيهِنَّ وَلَكَ الْحَمْدُ اَنْتَ مَلِكُ
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَنْ فِيهِنَّ وَلَكَ الْحَمْدُ اَنْتَ الْحَقُّ وَوَعْدُكَ
الْحَقُّ وَلِقَاؤُكَ حَقٌّ وَقَوْلُكَ حَقٌّ وَالْجَنَّةُ حَقٌّ وَالنَّارُ حَقٌّ وَالنَّبِيُّوْنَ
حَقٌّ وَمُحَمَّدٌ حَقٌّ وَالسَّاعَةُ حَقٌّ اَللّٰهُمَّ لَكَ اَسْلَمْتُ وَبِكَ اٰمَنْتُ وَ
عَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ وَاِلَيْكَ اَنَبْتُ وَبِكَ خَاصَمْتُ وَاِلَيْكَ حَاكَمْتُ
فَاغْفِرْ لِيْ مَا قَدَّمْتُ وَمَا اَخَّرْتُ وَمَا اَسْرَرْتُ وَمَا اَعْلَنْتُ وَ
يُرْوٰى بَعْدَ ذٰلِكَ وَمَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّيْ اَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَاَنْتَ الْمُؤَخِّرُ لَا
اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اَوْ لَا اِلٰهَ غَيْرُكَ كَانَ يَقُوْلُهٗ اِذَا قَامَ مِنَ اللَّيْلِ يَتَهَجَّدُ

بخاری اور مسلم مین عبداللہ بن عباسؓ سے روایت ہے کہ حضرتؐ نے فرمایا کہ الٰہی اے ہمارے رب
تجھی کو حمد ہے تو ہی آسمانون اور زمین کا تھامنے والا ہے اور جو اُنکے درمیان ہے
اور تجھی کو شکر ہے تو ہی آسمانون اور زمین اور اُنکے درمیان والونکی رونق ہے اور
تیرے ہی واسطے شکر ہے تو ہی آسمانون اور زمین اور اُنکے درمیان والون کا بادشاہ

ہے اور تیرے

ہے اور تیرے ہی واسطے شکر ہے تو سچ مچ ہے اور تیرا وعدہ سچ مچ ہے اور تیرا
ملنا سچ ہے اور تیرا قول حق ہے اور بہشت حق ہے اور دوزخ حق ہے اور پیغمبر حق ہین اور
محمد صلی اللہ علیہ وسلم حق ہے اور قیامت حق ہے یعنے یے سب چیزین سچ مچ ہین اینن
کچھ شک نہین آلہی مین تیرا تابعدار ہوا اور تیرا مین ایمان لایا اور تجھہ ہین ہی بھروسا کیا
اور تیری طرف ہین ہی رجوع کی اور تیری مدد سے مین جھگڑتا ہون اور تیری ہی طرف مین جھگڑا
رجوع کرتا ہون کہ تو فیصل کرے سو بخش دے مجھکو جو کہ مین نے آگے کیا اور جو پیچھے ڈالا
اور جسکو مین نے چھپایا اور جو ظاہر کیا اور بعد اسکے روایت ہے کہ یہہ فرماتے تھے اور اُس
گناہ کو بخش جسکو تو مجھسے زیادہ تر واقف ہے تو ہی آگے کرتا ہے جسکو چاہتا ہے اور تو ہی
پیچھے ڈالتا ہے جسکو چاہتا ہے کوئی عبادت کے لایق نہین سوائے تیرے راوی کو شک ہے
کہ حضرت نے لا الہ الا انت یا لا الہ غیرک فرمایا لیکن مطلب دونونکا ایک ہے یہہ دعا
حضرت پڑھتے تھے جب رات کو اُٹھتے تھے تہجد کی نماز پڑھنے کو ۴۴۸ م ابو سعید

اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ مِلْءَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمِلْءَ مَا شِئْتَ مِنْ
شَيْءٍ بَعْدُ اَهْلَ الثَّنَاءِ وَالْمَجْدِ اَحَقُّ مَا قَالَ الْعَبْدُ وَكُلُّنَا لَكَ عَبْدٌ
اَللّٰهُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا اَعْطَيْتَ وَلَا مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ
الْجَدُّ كان يقول اِذَا رَفَعَ رَاْسَهٗ مِنَ الرُّكُوْعِ مسلم مین ابو سعید سے روایت ہے کہ

حضرتنے فرمایا کہ الٰہی اے ہمارے رب تیرے ہی واسطے تعریف ہے آسمانون اور زمین کی
برابر اور بعد اُسکے جو چیز تیری خواہش مین ہو اُسکے برابری بڑائی اور تعریف کے لایق
جو بندے نے کہا تیری تعریف مین سو اُسکا تو لائق تر ہے اور ہم سب تیرے بندے ہین
الٰہی کوئی روکنے والا نہین تیری دی چیز کو اور کوئی دینے والا نہین تیری روکی چیز کو
اور تیرے روبرو نصیبے والے مالدار کو اُسکا نصیبہ اور مال کچھ فائدہ نہین کرتا یعنے
بدون عبادت اور عاجزی کے مالداری قیامت کو کچھ کام نہ آویگی یہہ حضرت فرماتے تھے
جب رکوع سے سر اٹھا کر کھڑے ہوتے تھے ف یہہ دعا حنفی مذہب مین نفل نماز مین پڑھے
فرض مین نہین م ابو برزۃ الاسلمی اللّٰھم صُبَّ الخیر علیہما صبًّا ولا ۲۲۴۳ م
تجعل عیشہما کدًّا او عائر لحلیبیب وامراتہ مسلم مین ابو برزہ اسلمی سے
روایت ہے کہ حضرتنے فرمایا کہ الٰہی ڈال دے اُن پر مال کو اوندیل کر اور نکر اُنکی زندگی
اور گذران کو تنگ اور سخت یہہ دعا حضرتنے حُلیبیب اور اُسکی جورو کی حق مین کی ف
یہہ جورو خاوند نہایت محتاج تھے اسواسطے حضرتنے اُنکے واسطے فراغت کی دعا کی ف ۲۲۵۰ ق
عبد اللہ بن ابی اوفی اللّٰھم صل علی ال ابی اوفی بخاری اور مسلم مین عبد اللہ
بن ابی اوفی رضہ سے روایت ہے کہ حضرتنے فرمایا کہ الٰہی رحم کر ابی اوفی کے لوگون پر ف
جب یہہ انکی کہ اے محمد لوگون کے مالون سے زکوۃ لے اور اُنکے واسطے دعا مانگ

ق ۲۳۵۱

تو عبداللہ بن ابی اوفی زکوۃ لائے تو حضرت نے اُنکے حق میں یہہ دعا کی ف اَنّٰی اللّٰھُمَّ
عَلَی الْاَکَامِ وَالظِّرَابِ وَبُطُوْنِ الْاَوْدِیَۃِ وَمَنَابِتِ الشَّجَرِ وَعَآ حِیْنَ اسْتَسْقٰی
فَقِیْلَ لَہٗ ھَلَکَتِ الْاَمْوَالُ وَانْقَطَعَتِ السُّبُلُ فَادْعُ اللّٰہَ یَمْسِکْھَا
عنّا بخاری اور مسلم میں انس رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی پانی برسے ٹیلوں پر
اور ناولوں کے اندر اور درخت جمنے کے مکانوں پر یہہ حضرت نے دعا کی جب کہ اول مینہہ مانگا
تھا پھر حضرت سے یوں کہا گیا کہ پانی کی کثرت سے جانور مر گئے اور راہیں بند ہو گئیں سو حضرت سے
دعا کیجئے کہ ہم سے مینہہ کو روکے ف اسکا پورا قصہ اسی باب میں ہو چکا ق ابن مسعود ق ۲۳۵۲
اَللّٰھُمَّ عَلَیْکَ بِقُرَیْشٍ قَالَھَا ثَلٰثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ قَالَ اَللّٰھُمَّ عَلَیْکَ بِاَبِیْ جَھْلِ
بْنِ ھِشَامٍ وَعُتْبَۃَ بْنِ رَبِیْعَۃَ وَشَیْبَۃَ بْنِ رَبِیْعَۃَ وَالْوَلِیْدِ بْنِ عُتْبَۃَ
وَاُمَیَّۃَ بْنِ خَلَفٍ وَعُقْبَۃَ بْنِ اَبِیْ مُعَیْطٍ وَذَکَرَ السَّابِعَ وَلَمْ اَحْفَظْہُ
قَالَ بْنُ مَسْعُوْدٍ فَوَالَّذِیْ بَعَثَ مُحَمَّدًا بِالْحَقِّ لَقَدْ رَاَیْتُ الَّذِیْنَ سَمّٰی
صَرْعٰی ثُمَّ سُحِبُوْا اِلَی الْقَلِیْبِ قَلِیْبِ بَدْرٍ قَالَ الصَّغَانِیُّ مُؤَلِّفُ ھٰذَا
الْکِتَابِ السَّابِعُ ھُوَ عُمَارَۃُ بْنُ الْوَلِیْدِ بخاری اور مسلم میں عبداللہ بن مسعود رضہ سے روایت
کہ حضرت نے فرمایا الٰہی پکڑ لے قریش کو یہہ حضرت نے تین بار کہا پھر فرمایا الٰہی پکڑ لے
ابی جہل بن ھشام کو اور عتبہ بن ربیعہ کو اور شیبہ بن ربیعہ کو اور ولید بن عتبہ کو اور

اُمیہ بن خلف کو اور عقبہ بن ابی معیط کو راوی کہتا ہے کہ حضرت نے ساتوین شخص کو بھی
ذکر کیا تھا پر مجھکو یاد نہین رہا عبداللہ بن مسعود نے کہا قسم ہے اسکی جسنے محمد کو سچا پیغمبر
کیا کہ جبکا حضرت نے نام لیا تھا مقررین نے انکی پڑی لاشین دیکھین پھر وہ کھینچ کر کنوئین مین
ڈالی گئیں یعنے بدر کے کنوئین مین صغانی اس کتاب کے جمع کرنے والے نے کہا کہ وہ ساتوان
شخص جسکو راوی بھول گیا عمارہ بن ولید ہے ف روایت ہے کہ حضرت کعبے مین کعبے کے سامنے
نماز پڑھتے تھے ابوجہل اور کفار قریش وہان بیٹھے تھے جب حضرت سجدہ مین گئے تو اُن
ناپاکون نے اونٹ کی اوجھڑی حضرت کی پیٹھ پر دونون شانون کے درمیان رکھ دی
اور ہنسنے لگے اور ایک دوسرے پر حوالہ کرنے لگے کہ فلانے شخص نے یہہ حرکت کی دوسرا
کہتا تھا کہ نہین فلانے نے کی اور حضرت اسی طرح سجدہ مین رہے فاطمہ زہرا نے جب یہہ
سُنا تو گھبرائی ہوئین آکر حضرت کی پیٹھ سے اسکو اتارا تب حضرت نے انکو یہہ بددعا دی
اول مجمل قریش کو ذکر کیا پھر بڑے بڑے موذیون کا مفصل نام لیا چنانچہ جنگ بدر مین
وہ لوگ مارے گئے اور کنوئین مین ڈالے گئے لیکن اُمیہ بن خلف حضرت کے ہاتھ سے زخمی ہو کر
مکے مین جاکر مرگیا اور یہہ جو مصنف نے کہا کہ ساتوان شخص عمارہ بن ولید ہے یہہ بات
خوب نہین بنتی اس واسطے کہ کہتے ہین کہ عمارہ کی موت حبش کے ملک مین ہوئی ہے واللہ اعلم

ھ ابن عباس اللھم فقھہ فی الدین زاد ابو مسعود علمہ التاویل ۲۲۵۳ م

دعا له لما وضع له وضوءه بخاری اور مسلم مین عبداللہ بن عباس سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی اسکو دین مین فہم اور بوجہ دے ابو مسعود محدث نے اتنی روایت
اور زیادہ کی اور اسکو قرآن اور حدیث کا ایسا پھیر سکھا دے یہہ دعا حضرت نے عبداللہ
بن عباس کے واسطے کی جب کہ اُنہون نے حضرت کے واسطے وضو کرنے کا پانی رکھہ دیا
ف اسی دعا کی برکت سے عبداللہ بن عباس بڑے عالم ہوئے چنانچہ قرآنکی تفسیر کی اکثر
ق ۲۵۴ اُنہین سے روایت ہے ابو مسعود اس محدث کا نام ہے جنسے مستدرک کتاب جمع کی ق
انس اللهم لا عيش إلا عيش الآخرة فاغفر للأنصار والمهاجرة
بخاری اور مسلم مین انس سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی سچی زندگی نہین مگر آخرت کی
زندگی سو بخش دے انصار اور مہاجرین کو ف جنگ خندق مین مہاجرین اور انصار
مدینے کے گرد خندق کھود تے تھے اور یہہ کہتے تھے نحن الذين بايعوا محمدا
على الجهاد ما بقينا ابدا یعنے ہم نے محمد سے بیعت کی جہاد پر ہمیشہ جب تک
ہم زندہ رہینگے تب حضرت نے اُنکے جواب مین یہہ دعا فرمائی یعنے دُنیا کی زندگی کچھہ
حقیقت نہین زندگی ہے آخرت کی تو الٰہی اُنکی مغفرت کر تو وہان کی زندگی کا لطف
ق ۲۵۵ اٹھاوین ھ عبدالله بن عمر اللهم مصرف القلوب صرف قلوبنا
على طاعتك مسلم مین عبداللہ بن عمر سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی

۲۲۵۶ ق اے دلوں کے پھیرنے والے پھیر دے ہمارے دلوں کو اپنی طاعت پر ق عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ
اَوْفٰی اَللّٰھُمَّ مُنْزِلَ الْکِتَابِ سَرِیْعَ الْحِسَابِ اِھْزِمِ الْاَحْزَابَ اَللّٰھُمَّ اھْزِمْھُمْ
وَزَلْزِلْھُمْ دُعَآءً عَلَی الْاَحْزَابِ بخاری اور مسلم میں عبد اللہ بن ابی اوفی سے روایت
ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی اُتارنے والے کتاب کے اور جلد حساب کرنے والے بھگا دے
کفار کے گروہوں کو الٰہی انکو سخت دے اور انکو ڈگا دے یہ دعا حضرت نے کفار کے گروہوں پر
کی ف جنگ خندق اور جنگ احزاب میں کفار نے مدینہ گھیر لیا تھا حضرت کی دعا سے

۲۲۵۷ م نہایت سرد ہوا چلی کفار گھبرا کے بھاگ گئے م عَائِشَۃُ اَللّٰھُمَّ مَنْ وَلِیَ مِنْ اَمْرِ
اُمَّتِیْ شَیْئًا فَشَقَّ عَلَیْھِمْ فَاشْقُقْ عَلَیْہِ وَمَنْ وَلِیَ مِنْ اَمْرِ اُمَّتِیْ شَیْئًا
فَرَفَقَ بِھِمْ فَارْفُقْ بِہٖ مسلم میں حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی
جو حاکم ہو میری اُمت پر کسی کام کا پھر اُن پر سختی ڈالے تو اُسپر تو سختی ڈال اور جو حاکم
ہو میری امت پر کسی کام سے پھر اُن سے نرمی کرے تو الٰہی تو بھی اُسپر نرمی کر ف مسلمانوں کے
حاکم کو لازم ہے کہ ظلم نکرے اور تنگ نہ پکڑے حضرت کی اس بد دعا سے ڈرے بلکہ

۲۲۵۸ م اُسکی اور نرمی کرے تو خدا اُس سے نرمی کرے م جَابِرٌ اَللّٰھُمَّ وَلِیْدٌ یَبِیْعُ
فَاغْفِرْ لِعَنِیْ رَجُلًا مِنْ دَوْسٍ ھَاجَرَ مَعَ الطُّفَیْلِ بْنِ عَمْرٍو الدَّوْسِیِّ
اِلَی الْمَدِیْنَۃِ فَاجْتَوَاھَا فَاَخَذَ مَشَاحِصَ فَقَطَعَ بِھَا بَرَاجِمَہٗ فَمَاتَ

مسلم بن جابر رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی اور اسکے دونو ہاتھون کو بھی بخش دے
یعنے اس مرد کی مغفرت ہو جو دوس کی قوم سے تھا طفیل بن عمرو دوسی کے ساتھ مدینے
مین ہجرت کر آیا تھا سو وہ بکی ہوا اسکو ناموافق پڑی تو اسنے چوڑی گانسیون سے اپنی انگلیو نکے
درمیان کے جوڑ کاٹ ڈالے سو وہ مرگیا ف مصابیح مین جابر سے روایت ہے کہ جب حضرت نے مدینے کی
طرف ہجرت کی تو طفیل کے ساتھ ایک مرد نے بھی ہجرت کی مدینے مین وہ نہایت بیمار
ہوگیا اسنے اضطراب مین اپنی انگلیون کے جوڑ کاٹ ڈالے خون نہ بند ہوا اسی صدمے سے
وہ مرگیا تو طفیل نے اسکو خواب مین دیکھا کہ سارا بدن اسکا اچھا ہے مگر ہاتھون کو
اپنے چھپائے ہے طفیل نے پوچھا کہ تیرے رب نے تیرے ساتھ کیا سلوک کیا اسنی کہا کہ ہجرت کی
برکت سے میری مغفرت کی طفیل نے کہا کہ اپنے ہاتھ تو کیون لپیٹے ہے اسنی جواب دیا کہ
یہہ حکم ہوا کہ ہم اسکو نہین سنوارتے جسکو تو نے خود بخود بگاڑا پھر یہہ خواب طفیل نے
حضرت سے کہا تب حضرت نے اسکے حق مین یہہ دعا فرمائی یعنے الٰہی جیسے تو نے اسکے سارے بدن کو
کرم کیا ہے تو اسکے دونو ہاتھون پر بھی کرم کر اس حدیث سے بڑی فضیلت ہجرت کی ثابت
ہوئی اس شخص کو اپنے مارنیکی نیت نہو گی کہ حرام موت ہوتی اضطراب سے یہہ حرکت ہوئی
ہوگی یا شاید ہلاکی نیت ہو مگر حضرت کی دعا سے اسکی مغفرت ہو گئی م سَعْدُ ابْنُ ۲۲۵۹ م
اَبِیْ وَقَّاصٍ اَللّٰھُمَّ ھٰؤُلَاءِ اَھْلِیْ یَعْنِیْ عَلِیًّا وَفَاطِمَۃَ وَالْحَسَنَ وَالْحُسَیْنَ

رضی اللہ عنہم مسلم مین سعد بن ابی وقاص سی روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی یہہ
میرے اہل بیت ہین یعنی علی مرتضی اور فاطمہ زہرا اور حسن اور حسین علیہم السلام ف جب
نجران کے نصارا نی اسلام کی حقیقت مین بہت گفتگو کی تب حضرت کو حکم ہوا کہ مباہلہ کرو یعنی
حضرت اور نصارا بد دعا کرین کہ جو باطل دین پر ہو خدا کی لعنت اسپر پڑے اور اس مضمون کی آیت اتری
کہ ای محمد کہہ دے انسے کہ آؤ ہم تم بلاوین ہم اپنے بیٹون کو تم اپنے بیٹون کو ہم اپنی عورتون کو تم اپنی
عورتون کو ہم اپنے قریبون کو پھر ہم تم خوب گڑگڑا کے دعا کرین اور جھوٹھون پر خدا کی
لعنت ڈالین جب یہہ آیت اتری تو صبح کو حضرت نکلے امام حسن کا ہاتھ پکڑے اور امام
حسین کو گود مین لئے اور فاطمہ زہرا حضرت کے پیچھے اور علی مرتضی سب کے پیچھے پھر یہہ حدیث
فرمائی جب نصارانی یہہ مبارک نورانی شکلین دیکھین تو ڈرے اور مباہلہ سی انکار
کیا اور جزیہ دینا قبول کیا اس حدیث سے بڑا کمال پنجتن پاک کا ثابت ہوا حضرت نے اپنی
بی بیون اور اصحاب کو ساتھہ نہ لیا اسواسطے کہ ایسی وقت مین انکے لینے سی نصارا پر کچھ
رعب نہ پڑتا اور کمال حقیقت ثابت نہوتی اسواسطے کہ رفیقون اور بی بیونکا نقصان
آدمی پر اتنا گران نہین ہوتا جتنا اولاد کا نقصان گران ہے اور یہہ جو شیعہ اس
آیت اور حدیث سے علی مرتضی کی حصر خلافت کی دلیل پکڑتے ہین سو محض بیجوڑ بات ہے
اس سے اور خلافت سے کیا مناسبت ہے قرابت اور محبت اور چیز ہے اور خلافت اور

چیز

چیز اگر صرف قرابت اور حضرت کی محبت خلافت کی شرط ہوتی تو فاطمہ زہرا
علی مرتضی خلیفہ ہونے میں مقدم تھیں حالانکہ یہ کسی کا مذہب نہیں خ عائشہ ۲۲۵۸ خ
اَللّٰھُمَّ ھَالَۃُ یَعْنِی ھَالَۃَ بِنْتَ خُوَیْلِدٍ اُخْتَ خَدِیْجَۃَ قَالَ لَمَّا اسْتَاْذَنَتْ
عَلَیْہِ تَعَرَّفَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِسْتِیْذَانَ خَدِیْجَۃَ تجارین
حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ الٰہی یہ ھالہ ہے اسکو بخش دے
ھالہ مراد ہے جو خویلد کی بیٹی اور حضرت خدیجہ کی بہن ہے یہ حضرت نے اسوقت فرمایا
جب ھالہ نے حضرت پاس آنیکی اجازت مانگی تو حضرت نے اسکی آواز سے حضرت خدیجہ کا
اجازت مانگنا یاد کیا اور پہچانا کہ حضرت خدیجہ کے انتقال کے بعد انکے بہن ھالہ
حضرت کی گھر آئیں اور دروازے پر کھڑے ہوکر حضرت سے اجازت گھر میں آنیکی
مانگی حضرت کی انکی آواز سے حضرت خدیجہ یاد آئیں حضرت غمناک ہوئے پھر یہ حدیث
فرمائی عن ابن مسعود امسینا وامسی الملک للہ والحمد للہ لا الٰہ الا ۲۲۵۹ م
اللہ وحدہ لا شریک لہ لہ الملک ولہ الحمد وھو علی کل شیء قدیر
اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُکَ خَیْرَ ھٰذِہِ اللَّیْلَۃِ وَخَیْرَ مَا بَعْدَھَا وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ
شَرِّ ھٰذِہِ اللَّیْلَۃِ وَشَرِّ مَا بَعْدَھَا اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْکَسَلِ
وَسُوْءِ الْکِبَرِ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ عَذَابِ النَّارِ وَعَذَابٍ فِی الْقَبْرِ کان

یقولہ اِذَا اَمْسٰی وَاِذَا اَصْبَحَ قَالَ مِثْلَ ذٰلِکَ اَیْضًا اَمْسَیْنَا وَاَصْبَحَ
اَلْمُلْکُ لِلّٰہِ سلم مین عبد اللہ بن مسعود سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ہم نی شام کی اور
خدا کے ملک نے شام کی اور خدا ہی کو شکر ہے کوئی بندگی کے لائق نہین سوا خدا کے
وہ اکیلا ہے کوئی اسکا شریک نہین اسی کا ملک ہے اور اسی کو تعریف ہی اور وہ ہر چیز کر
سکتا ہے الٰہی مین تجھسے اس رات کی خیریت اور اسکے بعد دن کی خیریت مانگتا ہون اور تیری پناہ مانگتا ہون ہر
رات کی برائی اور اس رات کے بعد دن کی برائی سی الٰہی مین تیری پناہ مانگتا ہون سستی اور بیر کی برائی سے الٰہی مین تیری
پناہ مانگتا ہون دوزخ کے عذاب سے اور قبر کے عذاب سے یہ حضرت فرماتے تھے شام کے
وقت اور جب صبح ہوتی تھی تو بھی اسی طرح فرماتے تھے مگر امسینا و امسی الملک کے
مقام پر اصبحنا و اصبح الملک للہ فرماتے تھے یعنے ہم نی صبح کی اور خدا کے ملک نے
صبح کی ھ عَائِشَۃَ بِسْمِ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ تَقَبَّلْہُ مِنْ مُحَمَّدٍ وَمِنْ اُمَّۃِ مُحَمَّدٍ قَالَہ ۲۲۶۰ ھ
عِنْدَ اَلذَّبْحِ مسلم مین حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ خدا کے نام سے
ذبح کرتا ہون الٰہی اسکو قبول کر محمد کی طرف سے اور محمد کی امت کی طرف سے یہ دعا
حضرت قربانی ذبح کرنیکے وقت فرماتے ف حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت نے
ایک مینڈھا سینگ والا جسکے منہہ اور ٤ تہ پانون سیاہ تھے منگوایا پھر فرمایا
کہ اے عائشہ چھری لا اور اسکو تیز کر پھر حضرت نے چھری لیکر اسکو ذبح کیا اور

یہہ فرمایا

ق ۲۲۶۱

یہہ فرمایا ق عَائِشَۃُ بِسْمِ اللّٰہِ تُرْبَۃُ اَرْضِنَا بِرِیْقَۃِ بَعْضِنَا تُشْفٰی بِہٖ
سَقِیْمُنَا بِاِذْنِ رَبِّنَا کَانَ اِذَا اشْتَکَی اِنْسَانٌ الشَّیْءَ مِنْہُ اَوْ کَانَتْ بِہٖ
قُرْحَۃٌ اَوْ خُرُوْحٌ قَالَ بِسَبَّابَتِہٖ ہٰکَذَا وَضَعَ سُفْیَانُ بخاری اور مسلم میں حضرت
عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا بسم اللہ یہہ مٹی ہے ہماری زمین کی لپٹی ہے
ہماری بعضے کے لعاب دہن سے چنگا کرتی ہے ہمارے بیمار کو ہمارے رب کے حکم سے حضرت کا
معمول تھا کہ جب کوئی حضرت سے بیماری کی شکایت کرتا یا اسکے ریم کا زخم ہوتا یا کہیں
گھاؤ ہوتا تو حضرت زمین پر کلمی کی انگلی لگاتے پھر اٹھا لیتے اور یہہ فرماتے ف
لعاب دہن اور خاک سی شفا ہونا صرف حضرت کی دعا کی برکت سے تھا اسیواسطے
ق ۲۲۶۲ مدینے کی مٹی کو خاک شفا کہتے ہیں ق ابْنُ عَبَّاسٍ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْعَلِیُّ
الْعَظِیْمُ الْحَلِیْمُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ رَبُّ
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْکَرِیْمِ کَانَ یَقُوْلُہٗ عِنْدَ الْکَرْبِ
بخاری اور مسلم میں عبداللہ بن عباس سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ نہیں کوئی بندگی کے
لائق سوای خدا کے جو اونچا بڑائی والا صاحب حلم ہے نہیں کوئی عبادت کے لائق
سوائے خدا کے جو بڑے عرش کا مالک ہے نہیں کوئی پرستش کے لائق سوائے خدا کے
جو آسمانوں اور زمین کا رب ہے اور عزت والے عرش کا رب ہے حضرت اسکو رنج اور کمال

ق ۲۲۶۳ سختی مین فرماتے تھے ق اَلْمُغِیْرَۃُ بْنُ شُعْبَۃَ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ
لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ اَللّٰھُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا
اَعْطَیْتَ وَلَا مُعْطِیَ لِمَا مَنَعْتَ وَلَا یَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْکَ الْجَدُّ کَانَ یَقُوْلُہٗ
فِیْ دُبُرِ کُلِّ صَلٰوۃٍ بخاری اور مسلم مین مغیرہ بن شعبہ سی روایت ہے کہ حضرت نے
فرمایا نہین کوئی معبود برحق سوائے خدا کے وہ اکیلا ہے کوئی اُسکا شریک نہین اُسی کا
ملک ہے اور اُسی کو حمد ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے الٰہی کوئی روکنے والا نہین تیری دی
چیز کو اور کوئی دینے والا نہین تیری روکی چیز کو اور تیرے روبرو نصیبے والے کو
ق ۲۲۶۴ اُسکا نصیبہ کچھ نفع نہین کرتا اس ذکر کو ہر نماز کے بعد فرماتے تھے ق جَابِرٌ
لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ وَھُوَ عَلٰی
کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ اَنْجَزَ وَعْدَہٗ وَنَصَرَ عَبْدَہٗ وَ
ھَزَمَ الْاَحْزَابَ وَحْدَہٗ وَقَالَ عَلَی الصَّفَا بخاری اور مسلم مین جابر سے روایت ہے
کہ حضرت نے فرمایا کہ کوئی بندگی کے سزاوار نہین خدا کے سوائے وہ اکیلا ہے کوئی اُسکا
شریک نہین اسیکا ملک ہے اور اُسیکو حمد اور وہ ہر چیز پر قادر ہے نہین کوئی
بندگی لائق خدا کے سوائے وہ اکیلا ہے پورا کیا اُسنے اپنے وعدے کو اور مدد کی اپنے
بندے کی یعنی حضرت کی اور تنہا اُسی نے احزاب یعنے کفار کے گروہون کو شکست

ق

دی یہ حضرت نے صفا پہاڑ پر اپنی نسخ اور مدد کا یہ شکر ادا کیا ق عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ
زُبَیْرِ بْنِ الْعَوَّامِ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ
الْحَمْدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ
وَلَا نَعْبُدُ اِلَّا اِیَّاہُ لَہُ النِّعْمَۃُ وَلَہُ الْفَضْلُ وَلَہُ الثَّنَاءُ الْحَسَنُ لَا اِلٰہَ
اِلَّا اللّٰہُ مُخْلِصِیْنَ لَہُ الدِّیْنَ وَلَوْ کَرِہَ الْکَافِرُوْنَ کَانَ یُھَلِّلُ بِھٰؤُلَاءِ فِیْ
دُبُرِ کُلِّ صَلٰوۃٍ بخاری اور مسلم میں عبداللہ بن زبیر بن عوامؓ سے روایت ہے کہ
حضرتؐ نے فرمایا کہ کوئی معبود برحق نہیں سوائے خدا کے وہ اکیلا ہے کوئی اسکا شریک
نہیں اسکا ملک ہے اور اسیکو تعریف ہے اور وہ ہر چیز کر سکتا ہے نہیں جنبش گناہ سے اور نہ طاقت بندگی
مگر خدا کی توفیق سے نہیں کوئی معبود برحق سوائے خدا کے اور ہم کسی کی بندگی نہیں کرتے سوائے اسکے اسی کی
نعمت ہے اور اسی کا فضل اور اسی کو عمدہ تعریف ہے سوائے خدا کے کوئی بندگی کے لائق نہیں ہمارا تو یہ حال ہے
کہ ہم دین کو صرف اسی کے واسطے خالص کرچکے اگرچہ کافروں کو یہ برا لگے یہ کلمہ حضرت پڑھا کرتے
تھے ہر ایک نماز کے بعد ق ابن عمر لَبَّیْکَ اَللّٰھُمَّ لَبَّیْکَ لَا شَرِیْکَ لَکَ لَبَّیْکَ
اِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَۃَ وَالْمُلْکَ لَکَ لَا شَرِیْکَ لَکَ کَانَ یُلَبِّیْ بِھٰذِہِ التَّلْبِیَۃِ فِیْ حَجِّہٖ وَعُمْرَتِہٖ
بخاری اور مسلم میں عبداللہ بن عمر سے روایت ہے کہ حضرتؐ نے فرمایا کہ بار بار حاضر ہوں
تیری خدمت میں الٰہی حاضر ہوں تیری خدمت میں کوئی تیرا شریک نہیں میں تیری ہی حمد

حاضر ہوں مقرر حمد اور لوقت اور ملک تیرے ہی واسطے خاص ہے کوئی تیرا شریک نہیں
حضرت کا معمول تھا کہ اپنے حج اور عمرے میں یہی تلبیہ فرماتے تھے **ف** تلبیہ اس ذکر کو
کہتے ہیں جو احرام باندھنے کے وقت لبیک کی لفظ ملا کر کہتے ہیں حضرت اس ذکر کو
احرام باندھنے کے بعد ہر ایک نماز کے پیچھے اور اونچے نیچے پر چڑھتے اترتے اور
لوگوں کے ملنے کے وقت فرماتے سب روایتوں میں یہ تلبیہ متفق علیہ ہے اس میں اختلاف
نہیں امام اعظم کے نزدیک اس سے کم کرنا درست نہیں اس پر اگر کچھ زیادہ کرے تو مضائقہ
نہیں لبیک عرب میں پکارنے کے جواب میں کہتے ہیں جیسے ہندی میں جی بولتے ہیں بعد
کعبہ بنانے کے حضرت ابراہیم کو حکم ہوا تھا کہ تم سب لوگوں کو قیامت تک حج کے واسطے
پکارو چنانچہ انہوں نے پکارا تھا تو حاجیوں نے لبیک کہنا اسی پکارنے کا جواب ہے
**م** **ع** انس لبیک عمرۃ وحجا مسلم میں انس سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ
حاضر ہوں تیری خدمت میں عمرے اور حج کی نیت کرتا ہوں **ف** اس حدیث سے معلوم
ہوا کہ حضرت نے حجۃ الوداع میں حج اور عمرے کی ساتھ نیت کی اسکو قران کہتے ہیں
یعنے ایک احرام سے حج اور عمرہ ادا کرنا اور یہی مذہب ہے امام اعظم کا کہ قران افضل ہے
تمتع اور افراد سے تمتع یہ کہ اول احرام عمرہ کا باندھے پھر وہ عمرہ ادا کرے احرام اتارے
پھر آٹھویں تاریخ حج کے واسطے دوسرا احرام باندھے اور افراد یہ کہ صرف حج کے واسطے

احرام

احرام باندھے عمرہ کرے بدون حج کے احرام نہ اُتارے

الحمد للہ علی الاتمام والصلوٰۃ علی رسولہ محمد وآلہ وصحبہ الکرام

## مثنوی

شکر کہ انجام کو پہنچی کتاب — علم احادیث کا لبِ لباب

جو کہ مطالب تھے براوج فلک — تیرہ سے آئے اُتر ارض تمک

یعنے کہ اردو کی پہن کر قبا — شاہد تازی ہوا جلوہ نما

گنج خفی دست بدست آ گیا — کیا ہی ہو راز نہاں بر ملا

دوستو اب اسکا ادا حق کرو — خلق کو سمجھاؤ خود اسکو پڑھو

اسکو نہ جزدان مین رکھ دیجیو — ہان کہین بیانہ ستم کیجیو

پیرو سنت ہی کا رہیو بجان — دل مین نہ بدعات کو دینا مکان

اب بھی تو بدعت مین رہا گر پھنسا — مُنہ تو محمد کو دکھاویگا کیا

نور کو لے نار کی گم کر ہوس — عاقل دیندار کو نکتہ ہی بس

یارب ان اوراق کو مقبول کر — ہند کو اس فیض سے کر بہرہ ور

خرم افسردہ کو پُر درد کر — اُلفت دنیا سی اُسے سرد کر

تیری ہی دُھن روح کو ہر دم رہے — تیرے غم عشق مین خرم رہے

یارب اس عاجز کی دعا کر قبول  خاتمہ بالخیر بحق رسول ؐ

تمام شد

الحمد سہ کہ کتاب مستطاب تحفۃ الاخیار ترجمہ مشارق انوار الجنان یہ
کی ہوئی دقائق خفی وجلی مولوی خرم علی صاحب دامت فیوضہ کی ہے
تاریخ بست و ہفتم شہر رمضان المبارک ۱۲۶۳ ہجریہ مقدسہ کو
جزیرہ معمورہ بنبی بین عاصی عبد الملک بن مولوی
محمد صادق مرحوم فی مطبع محمدی بین حلہ
اختتام کا پہنچا یا

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِبَانِیْہِ وَلِکَاتِبِہٖ وَلِوَالِدَیْھِمَا وَارْحَمْھُمْ وَاَدْخِلْھُمُ الْجَنَّۃَ
الْفِرْدَوْسَ اٰمِیْنَ یَارَبَّ الْعٰلَمِیْنَ ؕ

| صفحہ | سطر | غلط | صحیح | صفحہ | سطر | غلط | صحیح |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۵۳۳ | ۱۵ | لاتنی | لاتبی | ۶۰۷ | ۱۲ | احاج | اجاج |
| ۵۳۵ | ۶ | کپانے | کرتے | ۶۱۱ | ۱۵ | سبحانہ ربی الاعلیٰ | سبحان ربی العظیم |
| ۵۳۹ | ۱۳ | چھوڑی | چھُری | ۶۱۷ | ۵ | اسرحسان | اسپرچسان |
| ۵۴۰ | ۹ | حضرتے | حضرت | ۶۲۳ | ۷ | تیرے میرے | تیرے |
| ۵۴۴ | ۴ | کوغیرہ | وغیرہ | ۶۲۴ | ۱۸ | گی | گلی |
| ۵۵۲ | ۶ | مانیا | اپنا | ۶۲۶ | ۱۰ | جھوارے | پھہارے |
| ۵۵۵ | ۱ | آنے | نہ آنے | ۶۴۷ | ۶ | ہنوا | ہوا |
| 〃 | ۵ | ق | قانس | ۶۳۱ | ۴ | مرکے | میرے |
| ۵۶۰ | ۱ | تسومھم | قومھم | ۶۳۲ | ۲ | عرمت | عرفت |
| 〃 | ۴ | حضرتکے | مدینے کے | 〃 | ۸ | امیدسے | امید ہے |
| ۵۶۱ | ۱ | حضرتنے مجھسے | حضرتنے فرمایا مجھسے | ۶۳۳ | ۱ | رہے | ہے |
| ۶۵۲ | ۱۳ | جوالہ | حوالہ | ۶۴۷ | ۱ | حضرتنے | حضرتنے فرمایا |
| ۵۶۳ | ۶ | لی لسی لو | کی کسی کو | ۶۴۸ | ۱۴ | جوں جوں ہونگے | جوں ہونگے |
| ۵۶۴ | ۳ | پانی | پانی | ۶۵۰ | ۱۵ | نش | ین |
| ۵۷۴ | ۴ | ے | سے | ۶۵۱ | ۱۳ | سیلۃ | سیلۃ |
| ۵۷۵ | ۱۴ | نزعہ | نزغہ | ۶۵۲ | ۶ | سیلمہ | مسیلمۃ |
| ۵۸۶ | ۳ | روز | روزہ | ۶۵۳ | ۱۵ | القمری | القھقری |
| ۵۹۰ | ۱۴ | البقارۃ | البقرۃ | ۶۶۰ | ۱۲ | گم | کم |
| ۵۹۱ | ۱۱ | بنی | اپنی | 〃 | 〃 | عالم | عالم بن |

| صفحہ | سطر | غلط | صحیح | صفحہ | سطر | غلط | صحیح |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ٦٦٣ | ١٥ | رہ پڑا | پڑا | ٦٩٣ | ٩ | مری بی بی یو | میری بی بی یو |
| ٦٦٤ | ١ | پانی سے اس | اس پانی سے | ٦٩٦ | ١٤ | الی | الیٰ |
| ٦٦١ | ١٣ | ودقھا | ودقھا | ٦٩٨ | ٩ | وسیلمہ | مسیلمہ |
| ٦٦٥ | ٧ | حربت | جوبت | // | ١١ | مجکو | تجکو |
| ٦٥٥ | ١٥ | جوجت | جربت | ٧٠٨ | ١٠ | ہونا نہا | ہو رہنا |
| ٦٦١ | ١٢ | بالاخ | بالابن | ٧٠٩ | ١٥ | داخل | داخل ہون |
| ٦٠ | ١ | بحر | حجر | ٧١١ | ١٠ | شافعی | شافعی کے |
| ٦٧ | ٩ | اسنے | اپنے | ٧١٢ | ٦ | قرنے | قربانی |
| ٦٧٢ | ٩ | حجر ہین | حجر عربین | ٧١٣ | ٨ | حاحمہ | جائحۃ |
| ٦٧٥ | ١٤ | ارتظھما | اوقظھما | ٧١٨ | ٨ | ہیو | ہٹیو |
| ٦٧٧ | ٨ | پڈھے | بڈھے | ٧٢١ | ١ | عزوع | غزوع |
| ٦٢٩ | ٩ | کرہین نے ہین | نکر سوہین نے کیا ہین | ٧٢٢ | ١١ | داد | دوا |
| ٦٨٠ | ١١ | منھہ | منہ | ٧٣٠ | ٧ | ابوھریۃ | ابن مسعود |
| ٦١٦ | ٨ | اولی | ادنی | ٧٣١ | ١١ | سبکے | سبکے سب |
| // | ٩ | حقیقت | خفیف | ٧٣٣ | ٢ | اختیار | اعتبار |
| // | ١٢ | سرے | کرے | ٧٤٠ | ١٣ | لو | و |
| // | ١٠ | نرم | دس دنم | ٧٤٣ | ٩ | خافرنا ھا | خاصرتاھا |
| // | // | لراللہ | والدابہ | ٧٤٤ | ١٤ | حن ل | حال |
| ٦٨٩ | ٥ | است | ہے | ٧٤٨ | ٦ | کرنوکر | نوکر |

| صفحہ | سطر | غلط | صحیح | صفحہ | سطر | غلط | صحیح |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۷۵۱ | ۳ | پہلے | پہلے | ۸۲۴ | ۱۳ | ٹہرا | ٹھہرایا |
| 〃 | 〃 | فیہ | وفیہ | ۸۲۶ | ۲ | ہی | ہیں |
| 〃 | ۷ | ہولی | ہوگی | ۸۳۶ | ۱۱ | عسلم | عالم |
| ۷۵۲ | ۱ | خوز | توخون | ۸۵۰ | ۵ | خلیفۃ | حذیفۃ |
| 〃 | ۲ | زیزی | ریزی | ۸۵۱ | ۱۳ | جکھتی | رکھتی |
| 〃 | ۲ | کرتا | کرنا | ۸۵۲ | ۳ | داری | داری |
| ۷۹۷ | ۱ | لی | کی | ۸۵۳ | ۵ | ع فاروق | عمر فاروق |
| 〃 | ۸ | پادشاہی | پادشاہی پر | ۸۶۱ | ۶ | سرکہ کے | سرکے |
| ۸۰۲ | ۵ | مردنسے | مردسے | ۸۶۱ | ۸ | درد | درد ور |
| ۸۰۴ | ۷ | کل | گل کردیا | ۸۶۲ | ۱۳ | دسکی | دس |
| ۸۰۵ | ۱۵ | ہومن | ہون | ۸۶۵ | ۲ | حضرت | حضرتنے |
| ۸۰۶ | ۲ | پوچھے | بوجھے | ۸۶۷ | ۲ | سکو | اسکو |
| ۸۰۸ | ۹ | کشاہ | کشادہ | 〃 | ۱۱ | اعمال | اعمال کے |
| ۸۱۲ | ۱۳ | خیاب | جناب | ۸۷۲ | ۹ | طینا | اھیبا |
| ۸۱۸ | ۱۱ | فرمایکین | مشرکین | ۸۷۸ | ۴ | اید | بد |
| ۸۱۹ | ۲ | مکہ ین | مکہ یں ہیں | ۸۷۹ | ۳ | حضرتنے | حضرتنے فرمایا |
| 〃 | ۷ | القصۃ | للعصبۃ | ۸۹۰ | ۱۰ | بے | فی |
| 〃 | ۱۰ | فلھافیھا | فاذافیھا | ۸۹۲ | 〃 | وماد | اونٹنیاں |
| ۸۲۰ | ۵ | ٹاپی سپ | پاپی جب | 〃 | 〃 | اینٹون | اونٹنیوں |

| صفحہ | سطر | غلط | صحیح | صفحہ | سطر | غلط | صحیح |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۸۹۵ | ۴ | للدنیا | الدنیا | ۸۹۷ | ۸ | تونے | تونے اسکے |
| ۸۹۷ | ۹ | سچے ہے | سچی | ۹۰۴ | ۱۴ | للقرع | للاقرع |
| ۹۰۶ | ۸ | نہین تھا | نہین کیا تھا | ۹۰۷ | ۹ | چھوٹے | جھوٹے |
| ۹۰۸ | ۱۰ | یومرات | مرات | ۹۱۶ | ۱۰ | مین | مین مکان |
| ۹۱۶ | ۱۲ | صدسکی | خدانی اسکی | 〃 | 〃 | بچا | بچایا |
| ۹۲۰ | ۳ | جو | پو | 〃 | ۴ | حضرت ں | حضرت نے مین |
| ۹۲۴ | ۶ | خذیفہ | حذیفۃ | ۹۲۵ | ۵ | ازدا | اوذا |
| ۹۲۸ | ۷ | اتینون | آیتون | ۹۲۹ | ۱ | سورا | سودہ |
| ۹۳۲ | ۳ | عفکل | عکل | ۹۳۳ | ۲ | ہارے گئے | مارے گئے |
| ۹۳۸ | ۷ | دلسل | ولیدۃ | ۹۴۱ | ۱۲ | ہنن لئے جاے | لئے جاتے |
| ۹۴۲ | ۴ | گناہون | کناہون کو | ۹۴۳ | ۳ | بکلمات اللہ التامات | بکلمات اللہ التامات |
| ۹۴۴ | ۱ | اباوابیک | اماوابیک | ۹۵۰ | ۷ | اکھر سے | اکھر |
| ۹۵۳ | ۲ | ایاکم | ایاکم وایاک | ۹۵۸ | ۱۴ | واسطے کہ | واسطے |
| ۹۶۶ | ۱ | لکہون | انکہون | ۹۶۶ | ۶ | رماھا | رعاھا |
| ۹۶۷ | ۷ | حضرت کے سا | حضرت کو کوسا | ۹۸۴ | ۶ | جودرو | خودرو |
| ۹۸۵ | ۱۰ | جاتے | جاتا | ۹۸۶ | ۲ | ملنے کے | ملنے کا |
| ۹۸۶ | ۱۳ | ابلیت | اہلبیت | ۹۸۸ | ۱۰ | حضرت کے سے | حضرت سے |
| ۹۸۹ | ۷ | دورُو | ڈرو | ۹۹۹ | ۶ | لیکا | کیا |
| ۱۰۰۷ | ۱۳ | پیشاب کے | پیشاب کے بعد | ۱۰۱۷ | ۹ | بکوتوال | کوتوال ۱ |

# تصحیح الاغلاط کتاب تحفۃ الاحباب ترجمہ مشکوٰۃ الانوار

| صفحہ | سطر | غلط | صحیح | صفحہ | سطر | غلط | صحیح |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۳۰ | ۵ | بہو ہووے | ہووے | ۶۹ | ۱۴ | کہ نیز | کہ جو تیر |
| 〃 | ۱۴ | دہلوی نے | دہلوی کے | ۷۱ | ۱۵ | یونس کی قوم | یونس قوم |
| ۱۴ | ۱۰ | بلندی | بلند | ۸۰ | ۱ | دو کیتن | دو آیتیں |
| ۱۴ | ۱۵ | کر | کرو | ۸۱<br>۸۳ | ۵<br>۳ | م مسجد چھپ ق | مسجد کی چھت |
| ۱۵ | ۷ | خالدہ | خالد | ۸۴ | ۱۱ | راوی تنگ | راوی کو شک |
| ۱۶ | ۴ | قبصہ | قبضہ | ۸۴ | ۱۳ | ر صفا | صفہ |
| ۳۰ | ۶ | یہہ سنا حدیث | یہہ حدیث | ۸۵ | ۳ | واسے | واسطے |
| ۲۳ | ۶ | ق | خ | ۹۵ | ۱۳ | خوبیان | خوبیان بیان |
| 〃 | ۱۰ | اسی سکو | اسکو | ۹۷ | ۱۳ | حضرت نے | حضرت |
| ۲۸ | ۶ | ثُما | ثُما | ۹۸ | ۱۴ | پھون | پھر |
| ۳۹ | ۵ | نیک کام اور | نیک کام | ۹۳ | ۵ | ہریرہ کہ | ہریرہ سے روایت ہے کہ |
| ۴۷ | ۹ | سلیمہ | مسیلمہ | ۱۰۳ | ۱۲ | اطاہر | اطہر |
| ۵۱ | ۱۱ | ز ۷ | رہا | ۱۰۴ | ۱۵ | کہ رومہ | کہ کون ہے کہ رومہ |
| ۵۶ | ۸ | جو نماز | جو ہر نماز | ۱۰۶ | ۷ | راخدا | راہ خدا |
| ۶۱ | ۱۰ | اسکے دو بیچے | مکہ دو کے | ۱۱۰ | ۱۴ | حصین ابن | حصین رضی اللہ عنہ |
| ۶۲ | ۹ | ہووے | ہوئے | ۱۱۱ | ۱۴ | انس | انس سے روایت ہے کہ |
| ۶۵ | ۲ | بندگی | بندے | ۱۱۵ | ۱۳ | دکا | ہوگا |

| صفحہ | سطر | غلط | صحیح |
|---|---|---|---|
| ۱۱۸ | ۲ | کوک | لوگ |
| ۱۱۸ | ۳ | کریکی | کرین |
| ۱۲۱ | ۳ | مسلم عبداللہ | مسلم بن عبداللہ |
| ۱۵۰ | ۲ | مجاہد | فیصلہ |
| ۱۵۷ | ۱ | اب اسکو | اب اسکو |
| ۱۵۸ | ۹ | ساتھی | سامنے |
| ۱۶۰ | ۴ | فاذا | فاذا |
| ۱۶۵ | ۵ | جنس | حبش |
| ۱۸۴ | ۴ | علی | عن |
| ۱۹۴ | ۱۱ | سرداد | شکر |
| ۱۹۶ | ۱۰ | فلتبوا | فلیتبوء |
| ۱۹۶ | ۱۱ | باندنہایت | باندھنا نہایت |
| ۱۹۸ | ۶ | حورلی | حواریی |
| 〃 | 〃۱ | بہابی | بہائی |
| ۲۰۸ | ۱۲ | صاحب | صاف |
| ۲۰۹ | ۱۵ | انگشت | امکث |
| ۲۱۱ | ۱۴ | تمام | ناتمام |
| ۲۲۰ | ۹ | اذا | اذ |
| ۲۲۵ | ۳ | ناؤں | ناؤ |

| صفحہ | سطر | غلط | صحیح |
|---|---|---|---|
| ۲۳۶ | ۱۰ | پھر | پھیر |
| ۲۳۶ | ۷ | تمتم | نمتم |
| ۲۳۸ | ۶ | حدیثے | حدیث |
| ۲۴۱ | ۸ | ماے | مانگنے |
| ۲۴۲ | ۱۲ | انکس | انین |
| ۲۵۰ | ۱۲ | ار | اور |
| ۲۵۱ | ۱ | کڑتد | کڑتہ |
| ۲۵۸ | ۱ | سلما | مسلمان |
| ۲۵۵ | ۱۴ | اشارے | اشارے |
| ۲۵۶ | ۱۵ | چوڑ | جوڑ |
| ۲۵۸ | ۹ | ملتعبہ | ملتعبہ |
| ۲۶۱ | ۵ | عتق | عتق |
| ۲۷۱ | ۳ | کہاتا | کہانا |
| ۲۸۱ | ۳ | رحمہ | رحما |
| ۲۸۲ | ۵ | ابوسعید روس | ابوسعید |
| ۲۸۴ | ۱۳ | خفصہ | حفصہ |
| ۲۹۰ | ۳ | نے | نے فرمایا |
| ۲۹۰ | ۱ | ینفی | تنفی |
| ۳۰۰ | ۷ | یقیضین | تقیضین |

| صفحہ | سطر | غلط | صحیح | صفحہ | سطر | غلط | صحیح |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۳۰۲ | ۳ | جرج | حرج | ۳۸۳ | ۱۴ | عزب | عرب |
| ۳۰۳ | ۱۲ | دآسرا | دوسرا | ۳۸۶ | ۱۴ | نکھا | نکھایا |
| ۳۰۴ | ۱۱۰ | گذر | گدر | ۳۸۷ | ۹ | الحفین | الخفین |
| ۳۰۵ | ۳ | خائبا | غائبا | ۳۹۰ | ۲ | انی ات | نے اپنے |
| ۳۰۶ | ۱ | ابا ذھر | ادھر | ۳۹۶ | ۱۵ | والے | والے کو |
| ۳۰۸ | ۵ | محبت ہوتی ریاے | محبت ای ریا س | ۴۱۰ | ۸ | تکبیر کے | تکبیر |
| ۳۱۶ | ۴ | پیاتے | پیالے | ۴۱۵ | ۱ | فرشتوں کا آین | جسکا آیین |
| ۳۱۹ | ۵ | الرجال | الوجال الرجال | ۴۲۴ | ۶ | جھہ | وجھہ |
| ۳۲۷ | ۵ | دل | مول | ۴۲۵ | ۱۱ | ازان | اذان |
| ۳۲۸ | ۱۴ | محنث | محنت | ۴۳۲ | ۱ | بلایا | جب بلایا |
| ۳۳۲ | ۱۱ | ے وس | دوس | ۴۳۸ | ۷ | الطوق | الطوق |
| ۳۱۷ | ۴ | تکبتو | تکتبوا | ۴۴۰ | ۱۳ | زین | زین بن |
| ۳۵۱ | ۱۴ | فی اجدکہ | احدکم | ۴۴۵ | ۱۳ | امام بنے | امام بنے |
| ۳۷۰ | ۱ | نہ دوزخ | دوزخ | ۴۴۶ | ۱۳ | الامامہ | الامانۃ |
| ۳۷۱ | ۱۱ | مزد | مرد | ۴۴۷ | ۱ | امت | امانت |
| ۳۷۲ | ۷ | کیا | کہیا | ۴۴۹ | ۱۵ | دے | والے |
| ۳۷۴ | ۵ | شعیہ | شعبہ | ۴۵۴ | ۱۱ | ابن | ابن آدم |
| ۳۷۸ | ۷ | قیامت کے | قیامت کے دن | ۴۵۶ | ۱۳ | بولنے | بولنے والے |
| ۳۸۱ | ۳ | پاک | ناپاک | ۴۵۷ | | حضرت نے | حضرت نے فرمایا |

| صفحہ | سطر | غلط | صحیح |
|---|---|---|---|
| ۴۵۰ | ۵ | کرتا | کرتا |
| ۴۶۲ | ۷ | تباتا | بناتا |
| ۴۷۰ | ۱ | فلیتم | فلیتم |
| ۴۷۸ | ۵ | ڈپنگ | دبنگ |
| ۴۷۹ | ۲ | دہ | روزہ |
| ۴۸۱ | ۲ | حرارِ | حرار |
| 〃 | ۹ | کو | جو |
| ۴۸۳ | ۵ | الخمر | الخمر |
| ۴۸۵ | ۱۴ | الاخر | اخر |
| ۴۸۶ | ۱۵ | واجب ہی | واجبتین |
| ۴۸۹ | ۹ | کرسوا | کردا |
| 〃 | ۱۵ | ہے | ہمئے |
| ۴۹۰ | ۳ | خلقا | خلفا |
| ۴۹۱ | ۲ | علیٰ ذلک | علیٰ |
| ۴۹۲ | ۸ | حاجۃ | حاجۃ |
| ۴۹۸ | ۴ | فانحا | فانحا |
| ۴۹۹ | ۱۴ | جبینہ | جبینہ |
| ۵۰۱ | ۶ | خوب گرے | خوب عورکرے |
| ۵۰۶ | ۸ | رحیان | رحیان |

| صفحہ | سطر | غلط | صحیح |
|---|---|---|---|
| ۵۰۶ | ۹ | پنے | اپنے |
| 〃 | ۱۰ | عمال | اعمال |
| 〃 | ۱۱ | گو | لوگو |
| ۵۰۷ | ۴ | ہوسے | ہو |
| 〃 | ۶ | ہے ہے | ہے۔ |
| ۵۰۸ | ۶ | اور کچھ تلاش | اور کچھ |
| ۵۰۸ | ۸ | گناہون | گناہون سے |
| ۵۰۹ | ۱۰ | بازی | بارے |
| ۵۱۱ | ۱ | تکلیف | تکلیف پہنچے |
| ۵۱۷ | ۱۳ | تعالیٰ | تعالیٰ کے |
| 〃 | 〃 | ثانیثہ | ثانیۃ |
| ۲۱ | ۵ | حضرت جبرئیل | حضرت جبرئیل |
| 〃 | 〃 | روکھا | روکا |
| ۵۱۴ | ۱ | مالک کے | مالک کے نزدیک |
| ۵۲۲ | ۷ | لبسترا | لبستہ |
| ۵۲۸ | ۳ | حضرت مرے | میرے |
| ۵۳۰ | ۱۴ | مسلمان سے | مسلمان |
| ۵۳۲ | ۵ | اصلی | اصلی قائلہ |
| ۵۳۳ | ۷ | کہ حضرت | حضرت |

| صفحہ | سطر | غلط | صحیح |
|---|---|---|---|
| ۱۰۱۸ | ۱۴ | یہہ نصرت | حضرت |
| ۱۰۲۰ | ۷ | کفارس | کفارے |
| ۱۰۲۲ | ۱۴ | برحرون | نرحرون |
| ۱۰۲۷ | ۰۹ | خواہ میرے | وہ میرے |
| ۱۰۳۲ | ۱۱ | نصرانی | نصرانی |
| 〃 | ۱۴ | کیلا | کھیلا |
| ۱۰۳۷ | ۱۳ | کہر | لہر |
| ۱۰۴۰ | ۸ | ابرہیمکے | ابراہیم |
| ۱۰۴۲ | ۶ | برں | برتن |
| ۱۰۴۴ | ۲ | خذای | غذاے |
| ۱۰۴۳ | ۹ | کوئی | کوئی ہے |
| ۱۰۴۵ | ۴ | تمہارا پتا | تمہارا |
| 〃 | ۱۰ | طرکت | برکت |
| ۱۰۴۶ | ۴ | یتغو | یتغو |
| ۱۰۶۸ | ۸ | فاقتنی | فاقتنی |
| ۱۰۶۹ | ۸ | بہر ہو | بھر |
| ۱۰۸۱ | ۱۱ | جنگ | جنتک |
| ۱۰۸۴ | ۱۰ | ڈالاویگا | ڈالاجاویگا |
| ۱۰۸۹ | ۱۲ | ہوی | نہیں |

| صحیح | - | سطر | صفحہ |
|---|---|---|---|
| ہوئی | ہوتی | ۱۷ | ۱۰۹۳ |
| ادبی | ابی | ۱۳ | ۱۰۹۳ |
| الخلقت | الخلفت | ۱۱ | ۱۰۹۴ |
| کے | ے | ۵ | ۱۱۰۷ |
| مالوں کو | مالہکو | ۵ | ۱۱۱۶ |
| والوں کو | والون | ۱۲ | ۱۱۲۰ |
| لیا | کیا | ۵ | ۱۱۱۷ |
| کہکے | کہ | ۴ | ۱۱۳۳ |
| نے مجھکو | نے کہاہکو | ۴ | ۱۱۴۱ |
| جادو | جاد | ۲ | ۱۱۴۵ |
| منا | منار | ۷ | ۱۱۵۶ |
| الملک | الملک | ۱۲ | ۱۱۵۶ |
| کو | لو | ۱۴ | ۱۱۵۸ |
| حضرت | حضرت کا | ۴ | ۱۱۶۲ |
| رسم نکالی | نکالی | ۱ | ۱۱۷۳ |
| کان، | کان کان | ۱۰ | 〃 |
| بال | بالا | ۱۳ | ۱۱۷۵ |
| کے | ے | ۴ | ۱۱۷۸ |
| کوئی | کوی | ۹ | ۱۱۹۴ |

| صحیح | غلط | سطر | صفحہ | صحیح | غلط |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱۱۸۷ | ۱۵ | لکھا | اسکا رسول | ۱۱ | ۱۲۵۷ | ہنے | مدینے |
| ۱۱۹۰ | ۷ | پوچھتا | پوجتا | ۱۲ | ۱۲۵۹ | تنیاردوا | ریادروا |
| ۱۱۹۰ | ۷ | ادہ ہوا | آد مُوا | ۱۰ | ۱۲۷۳ | قتل | قتل کیا |
| ۱۱۹۶ | ۱۴ | باندہ | چاند | ۳ | ۱۲۹۷ | نے | ہین |
| ۱۱۹۹ | ۴ | انٹون | اونٹون | ۹ | ۱۳۰۳ | اسطح | جسطح |
| ۱۲۰۱ | ۵ | ہلی | ہے | ۱۱ | ۱۳۰۸ | مسعود کے | مسعود |
| ۱۲۰۳ | ۱۵ | چٹ | چت | ۴ | ۱۳۰۹ | عبات | عبادت |
| // | ۱۴ | چڑہ | جڑہ | ۳ | ۱۳۱۰ | عادی | دعادی |
| ۱۲۰۷ | ۱۲ | جب جب | حبّ | ۱۱ | ۱۳۲۹ | اعقاد | اعتماد پر |
| ۱۲۰۹ | ۱۱ | زند | زندہ | ۲ | ۱۳۳۰ | ہو | مو |
| ۱۲۲۱ | ۲ | کے | کے | ۱۱ | ۱۳۲۶ | عہدك | عہدك وعدك |
| ۱۲۲۶ | ۹ | کھجورون | کھجوروںکو | ۱۴ | ۱۳۴۰ | فانی | فانی |
| // | ۱۰ | ملاک | ہلاک | ۱۲ | ۱۳۴۸ | ال | مال |
| ۱۲۲۷ | ۱۱ | غافل ہین | غافل | ۶ | ۱۳۴۹ | خصرتنے | خصرتنے فرمایا |
| ۱۲۲۷ | ۱۴ | خضوع | خضوع ہین | ۱۵ | // | الجنة | الحبة |
| ۱۲۳۴ | ۹۰ | نجسلم | مسلم | ۷ | ۱۳۵۰ | فیرا | فیما |
| ۱۲۴۳ | ۱۱ | افتیادہ | افتادہ | ۹ | ۱۳۵۲ | رفاعہ | رفاعہ |
| ۱۲۵۱ | ۱۱ | ہین | ہون | ۱۲ | ۱۳۵۲ | چوڑی | چوری |
| ۱۲۵۶ | ۶ | لے | لے | ۱۳ | ۱۳۵۰ | لیجو | کیجو |

| صفحہ | سطر | غلط | صحیح | صفحہ | سطر | غلط | صحیح |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۳۸۴ | ۹ | بگڑا | بگڑ | ۱۴۰۴ | ۴ | تو | کو |
| 〃 | ۱۲ | فلو | فلو | ۱۴۱۶ | ۱۰ | بجھکو | مجھکو |
| ۱۳۹۷ | ۱۵ | التعریس | التعریس کی | ۱۴۱۷ | ۱۳ | انکو | نکی |
| ۱۳۵۸ | ۲۰ | جھکنے | جھکنے | ۱۴۲۷ | ۷ | اسرفت | اسرفت |
| ۱۳۶۵ | ۳ | جاو | آجاؤ | ۱۴۳۵ | ۴ | حضرت | حضرت نے فرمایا |
| ۱۳۶۹ | ۹ | لے | کے | ۱۴۳۶ | ۷ | تیری | تیری پناہ |
| 〃 | 〃 | پہا | پھاڑا | ۱۴۵۰ | ۱۵ | پہہ انتری | پہہ آیت انتری |
| 〃 | ۱۴ | ماصاف | صاف | ۱۴۵۲ | ۵ | م | ق |
| ۱۳۷۹ | ۱۴ | راہان | واہان | ۱۴۵۳ | ۱۴ | اقلوبنا | قلوبنا |
| ۱۳۸۴ | ۲ | اپ | اپ پر | ۱۴۵۴ | ۸ | د مر | امر |
| ۱۳۸۸ | ۱۵ | حناح | جناح | ۱۴۵۶ | ۶ | ہم اپنے قرابتو کو | ہم اپنے قرابتو کو تم اپنے قریبو کو |
| ۱۳۹۰ | ۱ | نفقۃ | نفقۃ | ۱۴۵۷ | ۲ | مرتضی | مرتضی پر |
| ۱۳۹۱ | ۷ | یجیبتیہ | بجیبتیہ | 〃 | ۹ | حضرت کی | حضرت کی |
| 〃 | 〃 | انس | انس سے روایت ہے | ۱۴۵۹ | ۴ | خرح | جرح |
| ۱۳۹۶ | ۶ | کے پر | کے اوپر | | | رہیہ | رہیہ |
| ۱۳۹۸ | ۱۵ | عزیز | عزیہ | | | لبائنہ | لبانیہ |
| ۴۰۰ | ۸ | ناوان | نادان | | ۸ | تمادا ہوا | غلطفہمہ |
| ۱۴۰۴ | ۴ | مرعی | مرعی | | ۶ | | |
| 〃 | 〃 | وطیفے | وظیفہ | | ۱ | | |

# خاتمۃ الطبع

الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی رسولہ محمد والہ
واصحابہ اجمعین اما بعد خیرخواہ مسلمین فقیر حقیر عبد الملک ولد مولوی محمد صادق
مرحوم سب دیندار بھائیوں کی خدمت میں عرض کرتا ہے کہ نسخہ تحفۃ الاخیار
ترجمہ مشارق الانوار تالیف کیا ہوا واقف رموز خفی وجلی مولوی خرم علی صاحب کا
ہندی زبان میں عام فہم خاص پسند اس خوبی کے ساتھ ہے کہ زبان اسکی ترتیب کے بیان میں
عاجز ہی ارشہر لکھنؤ میں دو مرتبے نواب صاحب بیا ضمان حاتم دوران نواب ذوالفقار علیخان بہادر
دام اقبالہ نے چھپوا کے مستحقوں کو مفت تقسیم کیا تھا لیکن صدہا شوقین دیندار اس فیض سے محروم
رہے اور کتاب مذکور نایاب ہوگئی تھی سو دیندار بھائیوں کے شوق کے لحاظ سے
اس عاجز نے جناب فیضمآب مصدر حسنات منبع خیرات محسن دوران
جناب ناد خدا محمد علی صاحب بن ناد خدا محمد حسین صاحب روگھے کی
تائید اور اعانت سے تیسرے مرتبے معمورۂ بمبئی کے مطبع محمدی میں
نہایت صحت کے ساتھ حلیہ طبع کا پہنایا اللہ تعالیٰ
تمام مسلمان مرد اور عورتوں کو اس سے
فیضیاب کرے وصلی اللہ تعالیٰ
علی خیر خلقہ محمد والہ
واصحابہ اجمعین
تمت